# تفسیر مدارک (اُردو)

## مَدارکُ التّنزیل وحقائق التّأویل

جلد دوم

مؤلف
الشیخ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود النسفی رحمہ اللہ

مترجم
استاذ التفسیر والحدیث مولانا شمس الدین مدظلہ

ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸-اردو بازار لاہور۔ پاکستان
فون: 37211788 , 37231788

# تفسیر مدارک النسفی اردو

## مدارک التنزیل وحقائق التاویل

جلد دوم

از پارہ 11 تا 20


تالیف:

أبی البرکات عبد اللہ بن أحمد بن محمود النسفی

(ت ۷۱۰ ھ)

حققہ وخرج احادیثہ
یوسف علی بدیوی

راجعہ وقدم لہ
محی الدین دیب مستو

مترجم
استاذ التفسیر والحدیث مولانا شمس الدین مدظلہ


فقہ حنفی کی مشہور تفسیر کا مستند اردو ترجمہ جس میں الفاظ قرآنی کی لغوی و شرعی تشریح کی گئی ہے۔ ہر آیت کے بارے میں قراء کرام کے اقوال، عربی ضرب الامثال کا ذکر، ملحدین کے اعتراضات کے جوابات اور احکام قرآنی کا فقہی استنباط اور متقدمین کے اقوال سے استدلال ہے۔


مکتبۃ العلم

۱۸۔ اردو بازار لاہور پاکستان
Ph:37211788 - 37231788

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں۔
کاپی رائٹ رجسٹریشن نمبر

نام کتاب ............ تفسیر مدارک للنسفی اُردو

تالیف: ............ الشیخ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود النسفی رحمہ اللہ

مترجم ............ اُستاذ التفسیر و الحدیث مولانا شمس الدین مد ظلہ

ناشر ............ خالد مقبول

مطبع ............ آر آر پرنٹرز

## ملنے کے پتے

❖ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 37224228

❖ مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور ☎ 37221395

❖ مکتبہ جویریہ ۱۸ - اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 37211788

## استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

# فہرست


## پارہ : ۱۱

جھوٹی معذرت والے ---------- ۲۵
وہ جان چھڑانے کے لئے قسمیں اٹھائیں گے تم ان سے اعراض کرو ---------- ۲۶
اگر تم راضی ہو بھی گئے مگر اللہ راضی نہ ہوگا ---------- "
دیہاتی کفر و نفاق میں بڑھ کر ہیں ---------- ۲۷
انفاق کو چٹی کہنے والا ٹولہ ---------- ۲۸
سابقون الاولون کا تذکرہ ---------- ۲۹
مدینہ کے گردو پیش کے منافق ---------- ۳۰
آپ ان کو نہیں جانتے، ہم جانتے ہیں ---------- "
معترفِ گناہ مؤمن ---------- ۳۱
قبولیتِ توبہ ---------- ۳۲
تکمیل توبہ کے لئے صدقہ و دُعا ---------- "
مالکِ قبولیت اللہ ہی ہے ---------- "
وعید برائے مستقبل ---------- ۳۳
مسجدِ ضرار کے بانی منافقین ---------- ۳۴
ایسی مسجد میں قیام کی ممانعت ---------- ۳۵
مسجد قباء میں قیام کا حکم اور ان کے بانیوں کی تعریف ---------- "
دونوں میں تقابلی فرق ---------- ۳۶
منافقین کے خبیث مقاصد کی نشاندہی ---------- ۳۷
نفع بخش تجارت جس میں اقالہ نہیں ---------- ۳۸
مشرکین کے لئے استغفار کی ممانعت ---------- ۴۰
استغفار ابراہیم علیہ السلام کا جواب ---------- "
گناہ کو جان بوجھ کر کرنے سے مواخذہ ہوگا ---------- ۴۱
مالک وہی ہے اس کی کارسازی کے بغیر چارہ نہیں ---------- ۴۲
تین صحابہ رضی اللہ عنہم پر بھی توجہ رحمت کا چھینٹا پڑا ---------- ۴۳
سچوں کا ساتھ دو ---------- ۴۴
اپنی جان کو عزیز سمجھ کر جہاد سے پیچھے نہ رہنا چاہئے ---------- ۴۵
اخلاص والے ہر چھوٹے بڑے عمل کا بدلہ ہے ---------- "
کچھ جہاد میں جائیں تو دوسرے دین کا فہم حاصل کریں ---------- ۴۶
کفار کے ساتھ اقرب فالاقرب کے لحاظ سے قتال کیا جائے ۴۸
منافقین کا قرآن سے استہزاء اور اس کا جواب ---------- "
منافق سال بسال آفات میں ڈالتے جاتے تاکہ توبہ کر لیں مگر کہاں ...... ---------- "
منافقین کی نظر بازیاں ---------- ۴۹
عظیم الشان رسول کی رفیع الشان صفات ---------- "

## سُوْرَۃُ یُوْنُسَ (۱۰)

آپ کی نبوت قابل تعجب کیوں ہے؟ ---------- ۵۲
قدم صدق کی مراد ---------- "
قضاء و قدر کا وہی مالک ---------- ۵۳
شرک نہ کرنے والے منصف ہیں ---------- "
نمونہ قدرت ---------- ۵۴
دوسرا نمونہ ---------- "
نمونہ نمبر ۳ ---------- ۵۵
دنیا پر خوش اور آخرت سے غافل آگ میں ---------- "
جنت ایمان سے ملی ---------- ۵۶
جنت والوں کی دعا و سلام ---------- "
جلد عذاب نہ آنے میں حکمت ---------- ۵۷

کافر کا دکھ سکھ میں حال ---------- ۵۸
مکذبین کا انجام ہلاکت ---------- ۵۹
ماضی سے عبارت پکڑو، نہ اکڑو ---------- "
اور قرآن کا مطالبہ اور اس کا جواب ---------- ۶۰
عظیم فائدہ ---------- ۶۱
اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک موجود ہی نہیں ---------- ۶۳
سب کا ایک دین ---------- "
دنیا امتحان گاہ ہے نہ کہ فیصلہ گاہ ---------- "
مُنہ مانگی نشانی کا مطالبہ ---------- "
مکہ والوں کے عداوتی منصوبے ---------- ۶۴
وقتی وصیت پر توبہ پھر سرکشی ---------- ۶۵
نو چیزیں ---------- ۶۶
دنیا کی مثال ---------- ۶۷
دارالسلام ---------- ۶۹
زیادۃ کی تفسیر دیدارِ الٰہی ---------- "
بروں کا انجام ---------- ۷۰
منظر حشر ---------- ۷۱
سب کی جانچ ---------- "
دلائل قدرت ---------- ۷۲
کفار کی ضد ---------- ۷۳
معبودانِ باطلہ کی بے بسی ---------- ۷۴
حق کی طرف راہنمائی کرنے والے اور کافر بے راہ کے
پیروکار ---------- ۷۴
قرآن من گھڑت نہیں بلکہ بلا ریب ہے ---------- ۷۵
کفار کو چیلنج ---------- ۷۶
جھٹلانا عناد کی بنیاد پر ہے ---------- "
کفار اندھے بہرے ہیں ---------- ۷۸
حشر میں کفار کا حال ---------- ۷۹
آپ کی زندگی میں ان پر عذاب لازم نہیں ---------- ۸۰
میں رسول ہوں عذاب کا اختیار نہیں رکھتا ---------- "
عذاب تو ذرا سا بھی برا ہے ---------- ۸۱
عذاب کے وقت حال ---------- ۸۲
اب تو استہزاء کرتے ہیں مگر وہاں ڈر سے مُنہ چھپائیں گے "
قرآن عظمت وشفاء ورحمت ہے ---------- ۸۴
حلال وحرام تمہارا کام نہیں ---------- ۸۵
ہم تمہارے ہر حال سے واقف ہیں ---------- ۸۶
ولی اور اس کی پہچان اور نشانی ---------- ۸۷
تسلی رسول ﷺ ---------- ۸۹
کفار گمان کے پیروکار ہیں ---------- "
قوت باری تعالیٰ ---------- ۹۰
اللہ مالک ہے اسے بیٹوں کی محتاجی نہیں ---------- "
واقعہ نوح علیہ السلام ---------- ۹۱
نتیجہ تکذیب ---------- ۹۲
واقعہ موسیٰ علیہ السلام وفرعون ---------- ۹۴
قومہ کی ضمیر کا مرجع ---------- ۹۶
بنی اسرائیل کا دلاسہ ---------- ۹۷
بنی سرائیل کو ہدایات ---------- "
شیخ ابو منصور رحمہ اللہ ---------- ۱۰۰
دعائے موسیٰ علیہ السلام ---------- "
بنی اسرائیل کی آزادی اور فرعون کا غرق ---------- ۱۰۱
جیسی توبہ ایسی نجات ---------- ۱۰۲
بنی اسرائیل کو عمدہ ٹھکانہ دیا ---------- ۱۰۳
آیات میں شک کرنے والے ---------- ۱۰۴
آیات کی تکذیب مت کرو ---------- "
قوم یونس علیہ السلام کا واقعہ اور ان کی قابل رشک حالت ---------- ۱۰۵
کمال قدرت ونفوذ مشیت ---------- ۱۰۷
آخر میں نجات ایمان والوں کی ---------- ۱۰۸
قراءت: علی وحفص نے ننجی تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے -- "

دین کی تعریف بزبانِ رسول ---------- ۱۰۹
تم مانو نہ مانو میں نے تو وحی کی اتباع کردی ---------- ۱۱۱

## پارہ : ۱۲

## سُورَۃُ هُودٍ ⑪

قرآن محکم و مفصل ---------- ۱۱۲
توحید و استغفار کا حکم ---------- ۱۱۳
نفاق وانحراف کو اللہ جانتے ہیں ---------- "
عذاب آ جائے گا تو نہ ٹلے گا ---------- ۱۱۵
عام انسانی مزاج ناشکرا و نخریلا ---------- ۱۱۶
ان کے تکبر و حماقت کو نہ دیکھیں، وحی پہنچائیں ---------- ۱۱۷
دس سورتوں سے چیلنج ---------- ۱۱۸
طالب دنیا کو آخرت میں کچھ نہ ملے گا ---------- ۱۲۰
مفتری آخرت میں دوگنا عذاب کا شکار ہوگا اور خسارہ پائیگا ۱۲۱
مؤمنوں کو جنت ملے گی ---------- ۱۲۳
مؤمن و کافر کی مثال ---------- "
دعوت نوح علیہ السلام ---------- "
دُنیا پرستوں کی رائے میں مسلمان تدبر سے خالی ہیں ---------- ۱۲۴
ان کے ایمان کی توقع نہ کریں ---------- ۱۲۹
کشتی بناؤ ---------- "
کشتی نوح، عرض وطول ---------- ۱۳۰
عذاب آن پہنچا ---------- ۱۳۱
کشتی میں سواری کی دعا ---------- ۱۳۲
بیٹے سے گفتگو ---------- ۱۳۳
ابن نوح کی ہلاکت ---------- "
بیٹے کے متعلق سوال ---------- ۱۳۶
استغفارِ نوح علیہ السلام ---------- ۱۳۸
قصہ نوح علیہ السلام من جملہ اخبارِ غیب سے ہے ---------- ۱۳۹
قوم عاد اور ہود علیہ السلام ---------- ۱۴۰
برکاتِ استغفار ---------- "
قوم کو چیلنج ---------- ۱۴۲
عذاب کی آمد اور ایمان والوں کی نجات ---------- ۱۴۳
قوم ثمود اور صالح علیہ السلام ---------- ۱۴۶
اونٹنی کا معجزہ ---------- ۱۴۷
قوم ثمود کی چیخ سے ہلاکت ---------- ۱۴۸
ابراہیم علیہ السلام اور بشارت والے فرشتے ---------- ۱۴۹
بشارت اسحٰق و یعقوب ---------- ۱۵۰
تعجب کا جواب ---------- ۱۵۱
لوط علیہ السلام اور فرشتے ---------- ۱۵۲
قوم کا کردار اور لوط علیہ السلام کا طرزِ عمل ---------- ۱۵۳
ہدایات برائے عذاب ---------- ۱۵۵
انجام قوم ---------- "
قوم شعیب علیہ السلام ---------- ۱۵۶
ایک معاشرتی مرض ---------- ۱۵۷
جواب شعیب علیہ السلام ---------- ۱۵۸
قوم کا آخری جواب ---------- ۱۶۰
نفاذِ عذاب ---------- ۱۶۲
موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا قصہ ---------- ۱۶۳
فرعونیوں کا انجام ---------- ۱۶۴
عذاب کے وقت کسی معبود نے کام نہ دیا ---------- "
تذکرۂ آخرت اور استدراج مجرم ---------- ۱۶۶
دو قسمیں، شقی و خوش نصیب اور انجام ---------- "
معتزلہ کی عبرتناک حرکت ---------- ۱۶۸
مشرکوں کو ضرور سزا ملے گی ---------- "
قول زہری رحمۃ اللہ علیہ ---------- ۱۷۰
صاحب ایجاز کا قول ---------- "
کسائی کا قول ---------- "

استقامت کا حکم ---------- "
ظالموں کی طرف جھکنے کی سزا آگ ---------- ۱۷۱
اقوالِ علماء رحمہم اللہ ---------- "
نماز کے قیام اور نیکی کرتے رہنے کا حکم ---------- ۱۷۲
اصلاح والے لوگ ضروری ہیں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا
فریضہ ادا ہو ---------- ۱۷۳
تم مانتے نہیں اب عذاب کا انتظار کرو ---------- ۱۷۵

## سورۃ یوسف ⑫

عظمتِ قرآن ---------- ۱۷۷
احسن کی وجہ ---------- "
قصہ یوسف علیہ السلام اور اس کا خواب ---------- ۱۷۸
بھائیوں کا حسد ---------- ۱۸۱
فیصلہ قتل ---------- ۱۸۲
والد سے بات چیت ---------- ۱۸۳
تسلی یوسف ---------- ۱۸۵
جھوٹا رونا ---------- "
یوسف علیہ السلام اور قافلہ ---------- ۱۸۷
مصر پہنچنا ---------- ۱۸۸
مرجیہ کا غلط طرزِ عمل ---------- ۱۸۹
باطل تفسیر ---------- ۱۹۱
تردید ---------- "
آخری بات ---------- "
برائی سے فرار اور اس میں کامیابی ---------- ۱۹۲
گھر کا گواہ اور اس کی درست بیانی ---------- ۱۹۳
شہری عورتوں کا پروپیگنڈا ---------- ۱۹۴
پروپیگنڈے کا جواب ---------- ۱۹۵
فریب کاری کا نیا جال ---------- ۱۹۶
دعائے مستجاب ---------- ۱۹۷
بے گناہ کی جیل کا فیصلہ ---------- ۱۹۸
جیل کے دونو جوانوں کے خواب ---------- "
تعبیر خواب ---------- ۲۰۲
بادشاہ کا خواب ---------- ۲۰۴
ساقی کا بیان ---------- "
تعبیر یوسف علیہ السلام ---------- ۲۰۶
بادشاہ کی طرف سے رہائی کا پروانہ اور آپ کا انکار ---------- ۲۰۸
شاہی تفتیش ---------- ۲۰۹
براءت یوسف علیہ السلام ---------- "

## پارہ : ۱۳

شاہی حکم نامہ ---------- ۲۱۲
مطالبۂ یوسف علیہ السلام ---------- ۲۱۳
انتقالِ اقتدار اور عدل و مساوات یوسف علیہ السلام ---------- "
پہلی بار بھائیوں کی مصر آمد ---------- ۲۱۵
دوسری مرتبہ سفر مصر کیلئے روانگی ---------- ۲۱۹
بنیامین کی امید برآئی ---------- ۲۲۱
قافلہ کی واپسی ---------- ۲۲۲
بھائیوں کی غصہ میں بیجا بات ---------- ۲۲۴
منت و سماجت پر اُتر آئے ---------- ۲۲۵
واپسی کا مشورہ ---------- ۲۲۷
والد کو اطلاع پر غم کی تازگی ---------- ۲۲۹
بیٹوں کی ملامت ---------- "
تیسری بار مصر کی روانگی کی ہدایات ---------- ۲۳۰
افشائے راز ---------- ۲۳۲
طلبِ معافی ---------- "
اعلانِ معافی ---------- "
اظہارِ معجزہ ---------- ۲۳۳
بصارتِ یعقوب کی واپسی ---------- ۲۳۴

بیٹوں کا معافی طلب کرنا ---------- "
تعبیر خواب کی تکمیل ---------- ۲۳۶
دعائے مستجاب ---------- ۲۳۷
نشانہائے عبرت تو بہت ہیں مگر عبرت حاصل کرنے والے کم ہیں ---------- ۲۳۹
عقیدۂ توحید کا اعلان ---------- ۲۴۰
فضائل ---------- ۲۴۲
قدرت الٰہی کے نمونے ---------- "

## سُوْرَۃُ الرَّعْد ⑬

قدرتِ الٰہی کے نمونے ---------- ۲۴۴
اگر ان سب کا خالق ہے تو اعادۂ انسان کیوں ناممکن ---------- ۲۴۵
مطالبہ عذاب کا جواب ---------- ۲۴۶
علم الٰہی بے پایاں ہے ---------- ۲۴۷
قدرتِ باری تعالیٰ کا نمونہ ---------- ۲۴۹
سچی پکار اللہ تعالیٰ کی ---------- ۲۵۱
سب اللہ کے مطیع ---------- ۲۵۲
حق و باطل کی مثال ---------- ۲۵۳
ماننے والوں اور نہ ماننے والوں کا انجام ---------- ۲۵۵
اولوالالباب کی صفات ---------- ۲۵۶
وعدہ توڑنے والوں کا انجام ---------- ۲۵۸
کفار کا اعتراض ---------- ۲۵۹
قرآن سے ناممکن کام کر دیئے جائیں تب بھی نہ مانیں ---------- ۲۶۱
تسلی رسول صلی اللہ علیہ وسلم ---------- ۲۶۳
جنت کا حال ---------- ۲۶۴
نبوتِ محمدی کا انکار اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار ہے ---------- ۲۶۵
انبیاء علیہم السلام کی اولاد و ازواج تھیں ---------- "
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اللہ گواہ کافی ہے ---------- ۲۶۸

## سُوْرَۃُ اِبْرَاهِیْم ⑭

ہر رسول اپنی قومی زبان میں اللہ کا پیغام لایا ---------- ۲۷۰
موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ ---------- ۲۷۱
ارشادِ موسیٰ علیہ السلام ---------- ۲۷۳
انبیائے علیہم السلام کا ارشاد ---------- ۲۷۶
کفار کی دھمکی ---------- ۲۷۷
اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب ---------- "
فیصلہ مانگے تو فیصلہ نافذ کر دیا جائے گا ---------- ۲۷۸
ہمیشہ کا عذاب ---------- "
کفار کے اعمال کی مثال ---------- ۲۷۹
قدرتِ الٰہی ---------- ۲۸۰
بروز کا مطلب ---------- "
ضعفاء اور متکبرین کی گفتگو ---------- "
شیطان کا خطاب ---------- ۲۸۲
قولِ معتزلہ ---------- ۲۸۳
نیکوں کا انجام ---------- "
کلمہ طیبہ کی مثال ---------- ۲۸۴
خبیث کلمے کی مثال ---------- ۲۸۵
کفارِ مکہ کو تنبیہ ---------- ۲۸۶
ایمان والوں کا شرف ---------- ۲۸۷
انعاماتِ باری تعالیٰ بے شمار ہیں ---------- ۲۸۸
ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں ---------- ۲۸۹
آپ انہیں ڈرائیں اللہ تعالیٰ ان کی حالت سے واقف ہے، وہ انہیں سمجھ لے گا ---------- ۲۹۳
کفار کے بڑے منصوبے ---------- ۲۹۵
اللہ کا وعدہ ضرور پورا ہوگا ---------- "
احوالِ قیامت ---------- ۲۹۶
قیامت جزائے اعمال کیلئے ہے ---------- ۲۹۷

## پارہ : ۱۴

## سورۃ الحجر ۱۵


عظمتِ قرآن ---------- ۲۹۹
قیامت کے دن کفار کی حسرت ---------- "
ایک وضاحت ---------- ۳۰۰
معاند سے ایمان کی طمع مت کریں ---------- "
ہر ایک کی ہلاکت کا وقت ہے ---------- "
وقت سے آگے پیچھے نہ ہوگا ---------- ۳۰۱
آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر طعنہ جنون ---------- "
گواہی والے فرشتے ساتھ ساتھ ---------- "
نزولِ ملائکہ پر مہلت ختم ہو جاتی ہے ---------- ۳۰۲
قرآن کے ہم محافظ ---------- "
نبوت کا سلسلہ پہلے سے چلا آتا ہے ---------- ۳۰۳
مجرموں میں تکذیب چلی آ رہی ہے ---------- "
مکہ والوں کی تکذیب پر وعید ---------- "
واضح ترین نشانی دیکھ کر بھی ایمان نہ لائیں گے ---------- ۳۰۴
آسمانی برج بنا کر شیاطین سے حفاظت کر دی ---------- ۳۰۵
زمین بچھا کر اس میں پہاڑ گاڑ دیئے ---------- ۳۰۶
انسانی رزق زمین میں رکھے ---------- "
ہمارے پاس ہر چیز کا خزانہ ہے ---------- "
رس بھری ہواؤں سے بارش اُتاری ---------- ۳۰۷
ہم اگلے پچھلے سب کو جانتے ہیں ---------- "
تمام کو میدانِ حشر میں جمع کریں گے ---------- "
تخلیق آدم علیہ السلام ---------- ۳۰۸
جنات کے باپ کی پیدائش ---------- ۳۰۹
فرشتوں کو حکم سجدہ ---------- "
ملائکہ کا سجود ---------- "
انکارِ ابلیس ---------- "
ابلیس سے سوال ---------- ۳۱۰
ابلیس کا شکار پر اصرار ---------- "
سزائے انکار ---------- "
طالبِ مہلت کو مہلت تا قیامت ---------- ۳۱۱
اغرائے انسانی پر قسم ---------- ۳۱۲
شیطانی پیروکاروں کی سزا وجہنم ---------- "
ذرا تفصیل جہنم ---------- ۳۱۳
جنت اور اس کے انعامات کا تذکرہ ---------- "
سینے کی کینے سے صفائی ---------- ۳۱۴
اعلانِ بخشش ---------- "
ابراہیم علیہ السلام اور ان کے مہمانانِ گرامی ---------- ۳۱۵
بڑھاپے میں بیٹے کی بشارت ---------- "
رحمت ربّ سے کافر مایوس ہیں ---------- ۳۱۶
قوم لوط کے عذاب کا واقعہ ---------- ۳۱۷
لوط علیہ السلام کے پاس فرشتوں کی آمد ---------- ۳۱۸
رات کو یہاں سے نکل چلو ---------- ۳۱۹
قوم لوط کا طرزِ عمل ---------- ۳۲۰
لوط علیہ السلام کی امکانی حفاظت ---------- "
گمراہی کے نشہ میں صحیح غلط کا امتیاز ہی نہیں رہتا ---------- ۳۲۱
نفاذِ عذاب ---------- "
آثار دیدہ عبرت ہیں ---------- "
تذکرہ قوم شعیب علیہ السلام اور ان کی ہلاکت ---------- ۳۲۲
قوم صالح کا تذکرہ ---------- "
دنیاوی حالت ---------- ۳۲۳
عذاب سے ہلاکت ---------- "
تخلیق کائنات فضول نہیں ---------- "
سورۂ فاتحہ کی عظمت ---------- ۳۲۴
قرآن کی نعمت دنیا کی نعمت سے بے نیاز کرنے والی ہے ---------- "

تمام سے سوال ہوگا ---------- ۳۲۶
حق کھول کر بتائیں کفار سے ہم نپٹ لیں گے ---------- "
تسلی رسول ---------- ۳۲۷
ازالہ غم بھی عبادت ہے ---------- "


## سُوْرَةُ النَّحْلِ ⑯


آنے والے کو آیا سمجھو ---------- ۳۲۸
وحی نبوت اللہ کا عطیہ ہے ---------- ۳۲۹
انسانی ناشکری ---------- "
بے شمار انعامات میں چوپاؤں کا تذکرہ ---------- ۳۳۰
گھوڑے، خچر کا تذکرہ ---------- ۳۳۱
استدلال امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ---------- "
سیدھا راستہ اللہ تک پہنچتا ہے ---------- ۳۳۳
پانی اور اس کے فوائد کی طرف اشارہ ---------- "
دن رات اور ستاروں کی نعمت ---------- ۳۳۴
سمندر اور اس کے فوائد ---------- "
ستاروں کی خاص راہنمائی ---------- ۳۳۵
یہ خالق کے نمونہ ہائے قدرت اوروں کو تم دکھاؤ ---------- ۳۳۶
اَن گنت انعامات ---------- "
جن کو لوگوں نے معبود بنا رکھا ہے وہ مخلوق ہیں اپنی زندگی کے بھی مالک نہیں ---------- "
معبودِ حقیقی ان کی مخفی حالت سے واقف ہے وہ کفار و متکبرین کو پسند نہیں کرتا ---------- ۳۳۷
قرآن کو کہانیاں کہنے والے کل اپنے گناہ کا بوجھ اٹھائیں گے ---------- ۳۳۸
پہلوں کی تدابیر ان پر اُلٹ دی گئیں ---------- ۳۳۹
قول جمہور ---------- "
قیامت کو خمیازہ بھگتیں گے ---------- ۳۴۰
قبض روح کے وقت کفار کی اطاعت ---------- "
متقین کا درست اقرار اور آخرت میں اچھا گھر ---------- ۳۴۱
ان کے قبض روح کا حال ---------- ۳۴۲
کفار روزِ قیامت کے منتظر نظر آگئے ہیں ---------- "
برے اعمال کا انجام ---------- "
کفار کا مقدمہ یہ شرک اللہ کو پسند ہے ---------- ۳۴۳
ہر امت کے طاغوت کی عبادت سے روکا گیا ---------- ۳۴۴
آپ اُن کی ہدایت کتنی تمنا کریں ---------- "
یہ نہ مانیں گے بلکہ باطل پر قسمیں کھاتے ہیں ---------- ۳۴۵
قدرتِ عامہ ---------- "
مہاجرین کے ساتھ وعدہ ---------- ۳۴۶
تمام انبیاء علیہم السلام انسان تھے ---------- ۳۴۷
استحقاقِ عذاب والی حرکات تو ہیں مگر تقاخر رحمت سے نہیں پکڑتے ---------- "
ہر چیز خالق کائنات کے سامنے عاجز ہے ---------- ۳۴۸
آسمان و زمین کی مخلوقات اطاعت سے سر نہیں اٹھاتیں ---------- ۳۴۹
سب نعمتیں اسی سے جس کو دن میں پکارتے ہیں تو عبادت کا بھی وہی حقدار ہے ---------- ۳۵۱
اللہ کیلئے ایسی اولاد تجویز کرتے ہیں جو خود کو ناگوار ہے ---------- ۳۵۲
کافروں کا برا حال، اللہ اعلیٰ شان والے زبردست ہیں ---------- ۳۵۳
گناہ پر فوری پکڑ نہیں بلکہ مقررہ وقت تک مہلت ہے ---------- ۳۵۴
امتوں کی طرف رسول آئے مگر لوگ شیطان کے پیچھے چلے ۳۵۵
قرآن کو رحمت بنا کر ہم نے اتارا ---------- "
قریشیوں میں نمونہ عبرت ---------- ۳۵۷
دودھ کی خصوصی نعمت ---------- "
احسان و عتاب کو جمع کیا ---------- "
شہد کی مکھی قدرت کا عظیم نمونہ ---------- ۳۵۸
عمر کا رذیل حصہ ---------- ۳۵۹
غلام و آقا میں برابری نہیں تو مخلوق کو خالق کے کیسے برابر کر لیا ---------- ۳۶۰

ازواج اور عظیم نعمت ---------- ۳۶۱
اللہ بے مثل ہے ---------- ۳۶۲
مخلوق کو اللہ کا شریک بنانے کی پہلی مثال ---------- "
دوسری مثال' اللہ نعمتوں کے فیضان والا اور دوسروں کے پاس کچھ بھی نہیں ---------- ۳۶۳
اللہ قیامت کے علم والا اور ایک لحہ میں لانے کی قدرت والا ---------- ۳۶۴
نمونہ ہائے قدرت آیت نمبر ۸۱ تک ---------- ۳۶۶
ان انعامات کو دیکھ کر تو منعم حقیقی کو پہچاننا چاہئے ---------- ۳۶۷
قیامت کے مناظر ---------- ۳۶۸
دو عذابوں کا حقدار ---------- ۳۶۹
چوتھا منظر ---------- ۳۷۰
قرآنی تبیان ہے ---------- "
جامع ترین آیت ---------- ۳۷۱
عہد پورا کرو ---------- ۳۷۲
عہد کو کچے دھاگے کی طرح مت خیال کرو ---------- "
قسم کو فساد کا ذریعہ مت بناؤ ---------- ۳۷۳
دنیا کے بدلے قسم فروخت نہ کرو ---------- ۳۷۴
حیاتِ طیبہ کیا ہے؟ ---------- ۳۷۵
قراءت سے قبل تعوذ ---------- ۳۷۶
نسخ ہماری حکمت سے ہے ---------- ۳۷۷
قرآن لانے والے جبرئیل علیہ السلام ہیں ---------- "
کفار کا الزام اور اس کا جواب ---------- ۳۷۸
دوسرا جواب ---------- "
چار تراکیب ---------- ۳۷۹
صورتِ اکراہ ---------- "
واقعہ عمار و یاسر رضی اللہ عنہما ---------- ۳۸۰
کافر یقیناً نقصان میں ہیں ---------- "
ایمان والوں کی سرخروئی ---------- ۳۸۱
قیامت میں ہر ایک اپنی طرفداری کرے گا ---------- "
نعمتیں اور اہل مکہ کی ناشکری ---------- ۳۸۲
حلال وطیب کھاؤ ---------- ۳۸۳
محرمات سے بچو جو یہ ہیں ---------- ۳۸۴
خود تحریمات مت ایجاد کرو ---------- ۳۸۵
فصیح ترین جملہ ---------- "
یہود پر تحریم سزا کے طور پر تھی ---------- "
نادانی اور کفارہ بشرطِ اصلاح معاف ہے ---------- ۳۸۶
ابراہیم علیہ السلام عظیم مقتداء تھے وہ مشرک نہ تھے ---------- "
سبت ملتِ ابراہیمی میں نہیں ---------- ۳۸۷
طریق دعوت حکمت وموعظت ---------- ۳۸۸
برابر کا بدلہ جائز ---------- ۳۸۹
تقلین صبر ---------- "
متقی اللہ کی معیت میں ---------- ۳۹۰
واقعہ اسراء ---------- "


پارہ : ۱۵

سورۃ بنی اسرآءیل ۱۷


قول جمہور ۳۹۲ "
موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کا تذکرہ ---------- ۳۹۳
سرکشی بنی اسرائیل ---------- ۳۹۴
سرکشی اوّل سزا ---------- "
دوبارہ درستگی ---------- ۳۹۵
دوسرا موقعہ سزا ---------- "
گنجائش توبہ ---------- ۳۹۶
قرآنی دوست وراہنما ---------- "
ردِاعتزال ---------- "
انسان بددعا میں جلد باز ہے ---------- ۳۹۷

قدرت کی دونشانیاں ---------------------------- ۳۹۸
ہر انسان اپنا عمل ساتھ لئے پھرتا ہے جو قیامت کو ظاہر ہوگا - "
ہدایت کے اپنے فائدے ---------------------- ۳۹۹
ہلاکت تکمیل حجت کے بعد ہے ------------------ "
پہلوں سے عبرت پکڑو -------------------------- "
دنیا چاہنے والے کو دینا ------------------------ ۴۰۰
آخرت کے لئے مؤمن کی محنت قابل قدر ہے ---------- ۴۰۱
قول بعض سلف ------------------------------ "
عطیہ رزق ہر ایک کو ---------------------------- "
دنیا میں درجے ہم نے دیئے ---------------------- "
آخرت پھر آخرت ہے ---------------------------- "
اللہ کے ساتھ اور معبود مت بناؤ یہ اللہ کا فیصلہ ہے -------- ۴۰۲
والدین کے ساتھ حسن سلوک ---------------------- "
عندک کا فائدہ ---------------------------------- ۴۰۳
قرابت دار کا حق ---------------------------------- ۴۰۵
تبذیر کی ممانعت ---------------------------------- "
بخل واسراف کی ممانعت ---------------------------- ۴۰۶
رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے -------------------------- "
قتل اولاد کی ممانعت ------------------------------ ۴۰۷
زنا کے قریب مت جاؤ ------------------------------ ۴۰۸
قتل مت کرو -------------------------------------- "
قصاص میں برابری -------------------------------- "
یتیم کا مال مت کھاؤ -------------------------------- "
ماپ تول پورا کرو ---------------------------------- ۴۰۹
جھوٹی گواہی مت دو -------------------------------- "
اکڑ کر مت چل ------------------------------------ ۴۱۰
شرک سے اکڑ تک تمام ناپسندیدہ کام ہیں ------------ "
اعتراض ------------------------------------------ ۴۱۱
شرک کی بار بار مذمت ------------------------------ "
قول ابن عباس رضی اللہ عنہما ---------------------- "
کفارِ مکہ کو خطاب ---------------------------------- "
باوجود نصیحت میں تو کمی نہیں مگر ادھر نفرت میں اضافہ ہے --- ۴۱۲
اور معبود ہوتے تو کبھی مل کر غلبے کی کوشش کرتے ---------- "
معلوم ہوا وہ ایک ہی سبحان ہے ---------------------- ۴۱۳
قرآن اور منکروں کے درمیان پردے پڑے ہیں ---------- ۴۱۴
ان کے دلوں پر بھی پردے ---------------------------- "
قرآن استہزاء وغیرہ اغراض کے لئے سنتے ہیں پھر قرآن کو سحر
ہیں ---------------------------------------------- ۴۱۵
استبعاد قیامت کے لئے کفار کا قول -------------------- ۴۱۶
کفار کا جواب -------------------------------------- "
قیامت اپنا وجود خود منوائے گی ------------------------ "
اچھی بات کئے جاؤ ---------------------------------- ۴۱۷
جس کی قسمت میں ایمان مل جائے گا ------------------ "
اللہ تمام کائنات کی اہلیت سے واقف ہے، نمونہ اہلیت ---- ۴۱۸
جن کو تم پکارتے ہو وہ خود اللہ کا قرب ڈھونڈتے ہیں ---- ۴۱۹
قیامت بستیوں کو فنا کر دے گی ------------------------ "
مطلوبہ نشانی کیوں نہیں؟ کا جواب -------------------- ۴۲۰
الرؤیا سے مراد ------------------------------------ ۴۲۱
شجرۂ ملعونہ زقوم کا درخت -------------------------- ۴۲۲
واقعہ آدم علیہ السلام وابلیس -------------------------- ۴۲۳
استفزاز کا مطلب ---------------------------------- ۴۲۴
شراکتِ اموال -------------------------------------- "
اعلانِ باری تعالیٰ ---------------------------------- ۴۲۵
سمندروں میں جہاد چلانے والا وہی تو ہے پھر اس کی پکڑ سے کیسے
بچ سکتے ہو ---------------------------------------- ۴۲۶
بنی آدم کو عزت دی ---------------------------------- ۴۲۷
قیامت کا ایک منظر ---------------------------------- ۴۲۸
دنیا میں کفر آخرت کا اندھاپن ------------------------ "

قریش کی چابکدستی اور عصمت نبوت کا ہاتھ ---------- ۴۲۹
مکہ سے قدم اکھاڑنے کی کوشش ---------- ۴۳۱
اگر مکہ سے زبردستی نکالتے تو تمام ہلاک کر دیئے جاتے ---"
تشکر الٰہی ----------"
مسلکِ جمہور ---------- ۴۳۲
استجابت حق ---------- ۴۳۳
قرآن ہی شفاء ہے ----------"
انسان کا عمومی حال ----------"
روح کا سوال ---------- ۴۳۴
جمہور کا قول ---------- ۴۳۵
انسانی علم قلیل ہے ----------"
وحی محض رحمت ہے مجادلین کے مقابلے میں صبر کریں ----- ۴۳۶
کفار کا جواب ----------"
قرآن نے ہر قسم کی مثالیں بیان کیں مگر انہوں نے کفر کی ٹھانی ہے ----------"
اعجاز قرآنی سے درماندہ ہو کر منہ مانگی نشانی پر زور ------ ۴۳۷
مطالبات کفار کا جواب ---------- ۴۳۸
لوگوں کے دلوں میں یہ شبہ پکا ہو گیا کہ بشر نبی نہیں ہو سکتا -- ۴۳۹
اس کا اصولی جواب ----------"
آپ کی سنت پر اللہ کی گواہی کافی ہے ---------- ۴۴۰
ہدایت طلب والے کو ملے گی ---------- ۴۴۱
عذاب کے دو سبب کفر اور انکار قیامت ----------"
اگر تم خزانوں کے مالک ہوتے تو یہ نبوت محمدؐ کو ملتی ------ ۴۴۲
نو معجزاتِ موسوی ---------- ۴۴۳
موسیٰ علیہ السلام کی تقریر ----------"
بنی اسرائیل کو ٹھکانہ دیا ---------- ۴۴۴
تھوڑا تھوڑا اُتارنے میں حکمت ---------- ۴۴۵
تم مانو یا نہ مانو اس کے مصدق موجود ہیں ----------"
مصدقین کے اقوال ----------"
اللہ کو اس کے اچھے نام سے پکارو ---------- ۴۴۶
اور نہ اس کو بالکل آہستہ کریں ---------- ۴۴۷
آیت العزّ ----------"


## سُوْرَةُ الْكَهْفِ ⑱


قرآن وصاحب قرآن کی عظمت ---------- ۴۴۸
قرآن قیم ہے ---------- ۴۴۹
کفار کی بات سفید جھوٹ ہے ----------"
اعراض پر غم نہ کرو ---------- ۴۵۰
دُنیا آزمائش گڑھ ہے ----------"
تمام زمینیں چٹیل میدان بن جائے گی ---------- ۴۵۱
مختصر واقعہ اصحابِ کہف ----------"
غار میں آنا ---------- ۴۵۲
سونا ----------"
نیند سے بیداری ----------"
تفصیلی واقعہ ---------- ۴۵۳
دلوں کو ایمان پر مضبوط کرنا ---------- ۴۵۴
قومی مذہب ----------"
باہمی فیصلہ ----------"
کیفیتِ غار ---------- ۴۵۵
جو اللہ کا ہوا اللہ اس کا ہو گیا ---------- ۴۵۶
سونے کی کیفیت ----------"
باہمی مکالمہ ---------- ۴۵۸
تفسیری روایات سے تفصیل ---------- ۴۶۰
تعداد میں تنازعہ ---------- ۴۶۱
اسماء اصحابِ کہف ---------- ۴۶۲
کل کا وعدہ ان شاء اللہ سے کرو ---------- ۴۶۳
زجاج کا قول ----------"
ذکر کا حکم ---------- ۴۶۴

غار میں تین سو نو سال قیام ---------- ۴۶۵
حقیقی مدت کا علم اللہ کے پاس ہے ---------- "
کفار کا جواب ---------- ۴۶۶
غیر مسلموں کا مقام ---------- "
قبولِ حق میں اختیار البتہ کافر کا انجام برا اور مؤمن کا بہت خوب ہے ---------- ۴۶۸
اچھے برے انجام کی مثال دو بھائیوں کا واقعہ ---------- ۴۷۰
امیر کا قول ---------- ۴۷۲
انکارِ قیامت ---------- "
دوسرے کا جواب ---------- "
قراءت ونحو ---------- ۴۷۴
مجھے باغِ جنت ملے گا ---------- "
تیرا باغ تباہ ہوگا ---------- "
نتیجہ کفر وشرک میں تباہی ---------- ۴۷۵
اصل مدد کا اختیار اللہ کو ---------- "
بے ثباتیٔ دنیا کی مثال ---------- ۴۷۷
مال واولاد قبر کا زادِ راہ نہیں بلکہ نیک عمل ہیں ---------- ۴۷۸
قیامت کا منظر ---------- "
پیشیٔ بارگاہ ---------- "
نامۂ عمل کا کھلنا ---------- ۴۷۹
سجدۂ ملائکہ اور سرکشی شیطان ---------- ۴۸۰
سب کو دوست مت بناؤ ---------- "
مجرم کو آگ کا یقین ہو جائے گا ---------- ۴۸۱
قرآن کے مضامین عمدہ ہیں ---------- ۴۸۳
مگر ایمان سے رکاوٹ یہ ہے کہ وہ پہلے لوگوں کی طرح منتظر عذاب ہیں ---------- "
رسول تو صرف مبشر ومنذر ہیں ---------- "
کافر حق کو مٹانے کے لئے ان سے ناحق جھگڑتے ہیں ---------- "
قرآن سے نصیحت کی جاتی ہے مگر یہ منہ موڑنے والے ہیں ---------- ۴۸۴
وقت موعود تک رحمت سے بچے ہوتے ہیں ---------- "
موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ ---------- ۴۸۵
مجمع البحرین میں پہنچنا ---------- ۴۸۶
مچھلی غائب ---------- ۴۸۷
مقام کی علامت سے نشاندہی ---------- "
ہماری تلاش ---------- "
جس چیز کا علم نہ ہو اس پر جماؤ نہیں ---------- ۴۸۹
اقرارِ موسیٰ ---------- "
شرطِ خضری ---------- "
سفر پر روانگی ---------- ۴۹۰
موسیٰ علیہ السلام کا سوال ---------- ۴۹۱


## پارہ : ۱۶


خضر علیہ السلام کی یاد دہانی ---------- ۴۹۲
یہ بھولی ہوئی اس پر مؤاخذہ نہ ہوگا ---------- "
موسیٰ تو نے انوکھا کام کر دیا ---------- "
خضر کی یاد دہانی ---------- "
موسیٰ علیہ السلام اگر اب اعتراض کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھنا ---------- "
تیسرا سفر ---------- "
ان سے کھانا طلب کیا ---------- "
موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ اس پر مزدوری لیتے ---------- ۴۹۳
خضر تیری میری جدائی ہے ---------- "
تینوں معاملات کی حقیقت کا انکشاف ---------- ۴۹۴
یہ میں نے اپنے اختیار سے نہیں کئے کرائے گئے ہیں ---------- ۴۹۶
ذوالقرنین کا واقعہ ---------- ۴۹۷
پہلا سفر مغربی جانب اور اس کے احوال ---------- ۴۹۸
دوسرا سفر مشرقی جانب اور اس کے احوال ---------- ۴۹۹
تیسرا سفر بجانب شمال اور اس کے احوال ---------- ۵۰۱
تذکرہ یاجوج ماجوج ---------- ۵۰۲

مرحلہ قیامت کی ابتداء ---------- ۵۰۴
جہنم سامنے ---------- "
بندوں کو کارساز بنانے والے کافر ہیں ---------- ۵۰۵
سب سے زیادہ گھاٹے والے کافر ہیں ---------- ۵۰۶
مؤمن اور فردوس کی ضیافت ---------- "
علم الٰہی کی انتہا نہیں ---------- ۵۰۷
میں بشر رسول ہوں میرا معبود اللہ ہے جو اللہ کی بارگاہ میں حاضری
چاہے وہ شرک نہ کرے ---------- "


## سُورَۃُ مَرْیَم (۱۹)


حضرت زکریا علیہ السلام کی بڑھاپے میں دُعا ---------- ۵۰۹
ہڈیوں کے تذکرہ کی وجہ ---------- ۵۱۰
میں کبھی نامراد نہ ہوا ---------- ۵۱۱
وارث علم کی طلب ---------- ۵۱۲
وراثتِ نبوت ---------- ۵۱۳
ایک بے مثال لڑکا ---------- "
یحیٰی علیہ السلام کی صفات ---------- ۵۱۴
پروانہ سلامتی ---------- "
حضرت مریم علیہا السلام کا تذکرہ ---------- ۵۱۵
حضرت جبریل علیہ السلام کی گفتگو ---------- ۵۱۶
حمل مریم کے متعلق ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ---------- ۵۱۷
تسلی جبرئیل علیہ السلام ---------- ۵۱۸
ندی کا جاری ہونا ---------- ۵۱۹
ہدایات ---------- "
اشارۂ مریم ---------- ۵۲۱
معجزانہ خطاب عیسیٰ علیہ السلام ---------- "
احزاب کا مراد ---------- ۵۲۳
جمہور کی رائے ---------- ۵۲۴
قول قتادہ رحمۃ اللہ علیہ ---------- "
یوم حسرت ---------- ۵۲۵
ابراہیم علیہ السلام کی والد کے ساتھ گفتگو ---------- ۵۲۶
ابراہیم علیہ السلام کا ملاطفت سے پُر جواب ---------- ۵۲۹
انعاماتِ الٰہیہ ---------- "
تذکرہ موسیٰ علیہ السلام ---------- ۵۳۰
اسماعیل علیہ السلام کی صفات کا تذکرہ ---------- ۵۳۱
ایک تحقیق ---------- ۵۳۲
مراد رفع ---------- "
اعلیٰ جماعت کا ذکر ---------- ۵۳۳
نالائق لوگ ---------- ۵۳۴
تائبین کیلئے خصوصی انعام ---------- ۵۳۵
اعمال کی میراث ---------- ۵۳۶
منکرین بعثت کو جواب ---------- ۵۳۸
بڑے سرکش ---------- ۵۳۹
خلیل رحمۃ اللہ علیہ کا قول ---------- "
جہنم پر ورود ---------- ۵۴۰
حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ وقتادہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول ---------- "
مجاہد کا قول ---------- "
مشرکین کا فقراء صحابہ رضی اللہ عنہم کو استہزاء ---------- ۵۴۲
استدراج اور اس کا طریقہ ---------- "
کافروں کے بڑے بول کا جواب ---------- ۵۴۴
معبودین کی بیزاری ---------- ۵۴۵
متقین کا اعزاز اور مجرمین کی ذلت ---------- ۵۴۷
ایک روایت ---------- ۵۴۸
اللہ تعالیٰ کا بیٹا ماننا بدترین حرکت ہے ---------- "
سب رحمٰن کے عاجز بندے ---------- ۵۴۹
رحمٰن کی حجت ---------- ۵۵۰
تخویفِ کفار ---------- ۵۵۱

## سُورَۃُ طٰہٰ ⑳


قرآن مشقت کے لئے نہیں اتارا ---------- ۵۵۲
استواء کے متعلق قول علی رضی اللہ عنہ ---------- ۵۵۳
کفار کے تقویٰ کی تردید ---------- ۵۵۴
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی واقعہ ---------- ۵۵۶
واقعہ طور اور نبوت کا ملنا ---------- "
اللہ تعالیٰ نے یہ فرما کران کا جواب مرحمت فرمایا ---------- ۵۶۲
ولادت کے وقت احسانات کا تذکرہ ---------- ۵۶۳
قبطی کا قتل اور پھر مدین جانا ---------- ۵۶۵
دو بنیادی مطالبات اور ان کے پیش کرنے کا طریقہ ---------- ۵۶۸
قرآن میں ارجیٰ آیت ---------- ۵۶۹
فرعون اور موسیٰ علیہ السلام کی گفتگو کا آغاز ---------- "
دلائل توحید ---------- "
سہولیاتِ انسانی اور زمین ---------- ۵۷۱
نشانات ---------- ۵۷۲
فرعون کا خوف اور جادوگروں کے مقابلہ کی تیاری ---------- ۵۷۳
یوم زینت کی مراد ---------- "
جادوگروں کا اختلاف اور مشورہ ---------- ۵۷۴
ان کے سوانگ کو نگل جائے گا ---------- ۵۷۷
اخفش کا قول ---------- "
ساحروں کے ایمان پر فرعونی تقریر ---------- ۵۷۸
ساحروں کا جواب ---------- ۵۷۹
شریعت سے ناواقفی بدبختی ہے ---------- ۵۸۰
موسیٰ علیہ السلام کو رات کو نکلنے کا حکم ---------- ۵۸۱
غرق فرعون ---------- ۵۸۲
ہلاکت فرعون کے بعد والے انعامات ---------- ۵۸۳
ستر افراد کے ساتھ طور ---------- ۵۸۴
آزمائش بنی اسرائیل ---------- ۵۸۵
موسیٰ علیہ السلام کی واپسی اور ان کی فہمائش ---------- "
سامری کی شرارت ---------- ۵۸۶
ہارون علیہ السلام سے باز پُرس ---------- ۵۸۸
ہارون علیہ السلام حقیقی بھائی تھے ---------- "
سامری سے باز پُرس ---------- ۵۸۹
سامری کے معبود کا حشر ---------- ۵۹۰
قرآن سے مُنہ موڑنے والے کا حکم ---------- ۵۹۱
قیامت کا ایک منظر ---------- ۵۹۲
بہائر کے متعلق سوال وجواب ---------- ۵۹۳
قصہ آدم علیہ السلام و ملائکہ و ابلیس ---------- ۵۹۷
عصیان کا معنی ---------- ۵۹۹
تنگی کا جینا ---------- ۶۰۰
ابن جبیر رحمہ اللہ کا قول ---------- ۶۰۱
دین سے اندھا پن آخرت کا اندھا پن ---------- "
صبر و نماز کی تلقین ---------- ۶۰۲
ٹھاٹھ باٹھ کو دیکھنے کی ممانعت ---------- ۶۰۳
ماتحتوں کو نماز کا حکم ---------- "


## پَارَہ : ۱۷

## سُورَۃُ الْاَنْبِیَآءِ ㉑


قربِ قیامت اور لوگوں کی غفلت ---------- ۶۰۶
معجزے کو جادو کہا ---------- ۶۰۸
قرآن کو پریشان خیال کہنا ---------- ۶۰۹
مطالباتی معجزات والے مانا نہیں کرتے ---------- "
اعتراض بشریت کی تردید ---------- ۶۱۰
قرآن مانتے ہیں تمہاری عظمت ---------- ۶۱۱
مشاہدہ عذاب کے وقت حسرت ---------- ۶۱۲
استعارہ لطیفہ ---------- ۶۱۴

| | |
|---|---|
| اللہ مالک اور کائنات اس کی مملوک ہے | " |
| توبیخ مشرکین | ۶۱۶ |
| دلیل تمانع | " |
| ام کو مزید افادہ کے لئے لائے | ۶۱۷ |
| رتق کا معنی اور مطلب | ۶۱۹ |
| قول اول | ۶۲۰ |
| دوسرا قول | " |
| تیسرا قول | " |
| ہر جاندار پانی سے | " |
| راستوں کی کیفیت | " |
| خمیر میں جلد بازی | ۶۲۴ |
| دلائل قدرت | ۶۲۶ |
| جو اپنی مدد کی قدرت نہیں رکھتا وہ تمہاری کیا کرے گا | ۶۲۷ |
| طویل مہلت | " |
| فائدہ عجیبہ | ۶۲۸ |
| میزانِ عدل رکھنا | " |
| صفات تورات | ۶۲۹ |
| ایک قول | " |
| قرآن خیر کثیر کا جامع | ۶۳۰ |
| ابراہیم علیہ السلام اور ان کی قوم | ۶۳۱ |
| یہ حقیقت یا تفریح | " |
| بتوں کا حشر | ۶۳۳ |
| قومی فیصلہ | ۶۳۶ |
| ایک قول | " |
| آگ کو حکم | " |
| قول ابن عباس رضی اللہ عنہما | ۶۳۷ |
| قوم کی ناکامی اور ابراہیم علیہ السلام کی کامیاب ہجرت | " |
| واقعہ نوح علیہ السلام | ۶۳۹ |
| بری قوم کی ہلاکت | ۶۴۰ |
| تذکرہ سلیمان اور داؤد کی ایک کھیتی کا فیصلہ | " |
| شریعتِ محمدیہ | ۶۴۱ |
| قول مجاہد رحمۃ اللہ علیہ | " |
| پہاڑوں اور پرند کی تسبیح | " |
| تسخیر ریح اور تسخیر شیاطین | ۶۴۲ |
| واقعہ ایوب علیہ السلام | ۶۴۳ |
| قبولیتِ دُعا | " |
| تذکرہ اسماعیل علیہ السلام و ادریس علیہ السلام | ۶۴۴ |
| مچھلی والا پیغمبر | ۶۴۵ |
| قول ابن عباس رضی اللہ عنہما | " |
| وقتِ مصیبت کی دعا | ۶۴۶ |
| ایک اور قول یہ ہے | " |
| زکریا علیہ السلام کا تذکرہ | ۶۴۷ |
| تذکرہ مریم علیہا السلام | " |
| واپس لوٹنا ناممکن | ۶۴۹ |
| تذکرہ یاجوج ماجوج | ۶۵۰ |
| قیامت اور اس کا منظر | " |
| اطاعت والے جہنم سے محفوظ | ۶۵۲ |
| آسمان کا لپٹنا | ۶۵۳ |
| دوسرا قول | " |
| جنت ایمان والوں کو | ۶۵۴ |
| رسولِ رحمت | ۶۵۵ |
| طلبِ فیصلہ | ۶۵۶ |


## سُوْرَۃُ الْحَجِّ (۲۲)


| | |
|---|---|
| قیامت کی ہولناکی | ۶۵۷ |
| ایک قول | ۶۵۸ |
| بنو مصطلق | ۶۵۹ |
| شیطان کے متعلق فیصلہ | " |

منکرین بعث کے خلاف دلیل ---------- ۶۶۰
بعض مجادلین ---------- ۶۶۲
دین میں مضطرب لوگ ---------- ۶۶۳
کافر جماد کا عابد ---------- ۶۶۴
کفار کا غصہ بے فائدہ ہے ---------- ۶۶۵
حقیقی فیصلہ قیامت کو ---------- ۶۶۶
ایک قول ---------- ۶۶۷
دوسرا قول ---------- "
ردِ معتزلہ ---------- "
کفار کا حال ---------- ۶۶۸
قول ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ---------- "
ایمان والوں کا حال ---------- ۶۷۰
مراد مسجد حرام ---------- ۶۷۱
تذکرہ ابراہیم علیہ السلام اور شعائر اللہ کا تذکرہ ---------- ۶۷۲
منافع حج ---------- ۶۷۳
افاضہ عرفات ---------- ۶۷۴
بیت اللہ العتیق ---------- ۶۷۵
اوّل احرام ---------- ۶۷۶
دوسرا وقوف عرفات ---------- "
تعظیم حرمات ---------- ۶۷۷
شرک ومشرک کی تشبیہ ---------- ۶۷۸
تشبیہ مفرق ---------- "
ہم نے منسک بنایا ---------- ۶۷۹
مخبت کون ---------- "
فلسفہ قربانی ---------- ۶۸۱
مدافعت کا وعدہ ---------- ۶۸۲
اجازتِ قتال اور اس کے اسباب ---------- ۶۸۳
مہاجرین کو اقتصادی خوشخبری ---------- ۶۸۴
سابقہ اقوام کے حالات سے عبرت پکڑو ---------- ۶۸۵
طعن کے لئے دوڑ دھوپ ---------- ۶۸۸
تمنی قراءت کے معنی میں ہے ---------- ۶۹۰
کفار کی ضد بازی ---------- ۶۹۱
بلامثال پیدا کرنے والا بلا ملال دے گا ---------- ۶۹۲
نمونہ ہائے قدرت ---------- ۶۹۴
قدرت کے مزید نمونے ---------- ۶۹۶
قول امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ ---------- "
ہر امت کی ایک شریعت ---------- ۶۹۷
تلاوت پر کفار کا غصہ ---------- ۶۹۹
معبودانِ باطلہ کی تحقیر ---------- ۷۰۰
عاجز عزیز کا مقابل کیسے ---------- ۷۰۱
اصطفائے الٰہی ---------- ۷۰۲
اصولِ کامیابی ---------- ۷۰۳


## پارہ : ۱۸

## سورۃ المؤمنون ۲۳


ایمان والوں کی متوقع بشارت ---------- ۷۰۵
شرع میں ایمان ---------- ۷۰۶
اضافتِ صلاۃ ---------- "
مفسر کی رائے ---------- ۷۰۷
وجہ اعادۂ صلاۃ ---------- ۷۰۸
قطرب کا قول یہ ہے ---------- "
تخلیق آدم علیہ السلام ---------- ۷۰۹
نسل کے مراحلِ تخلیق ---------- "
قولِ احناف ---------- ۷۱۰
ایک قول ---------- "
دوسرا قول ---------- "
آسمانی مہد کے تخلیقی نمونے ---------- ۷۱۱

قولِ مقاتل ---------- ۴۱۲
وجہ تخصیص ---------- "
چوپاؤں کا تذکرہ ---------- "
حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ ---------- ۴۱۴
قوم کے بڑے ---------- "
کشتی سامنے بنانے کا مطلب ---------- ۴۱۶
کشتی ---------- ۴۱۷
قوم عاد کو دعوت کا تذکرہ ---------- ۴۱۸
واؤ کو مقدم کرنے کی وجہ ---------- ۴۱۹
نبی بھی تمہاری مثل بشر ہیں ---------- "
کفار کی حمایت ---------- "
کفار کا استبعادِ قیامت ---------- ۴۲۰
وجہ عجیبہ ---------- "
پیغمبر پر دروغ گوئی کا الزام ---------- ۴۲۱
چیخ کے ہلاکت ---------- "
دیگر اقوام اور رسولوں کی آمد ---------- ۴۲۲
وجۂ اضافت ---------- ۴۲۳
ہلاکت میں نمبر لگا دیا ---------- "
بعثتِ موسیٰ و ہارون علیہما السلام ---------- "
مریم اور ابن مریم علیہ السلام کا تذکرہ اور ان کا ٹھکانہ ---------- ۴۲۴
ہر رسول کو خطاب ---------- ۴۲۵
لوگوں کا کتابوں سے سلوک ---------- ۴۲۶
استدلالِ آیت ---------- "
اولیاء کی صفات کا دوبارہ تذکرہ ---------- ۴۲۷
کفار شکارِ غفلت ---------- ۴۲۸
کفار کا انکار چہ معنی دارد وہ ذاتی غیرت کی وجہ سے نہیں
مانتے ---------- ۴۳۰
کفار کی ضد کا حال ---------- ۴۳۲
قحط سے پکڑ ---------- ۴۳۳
انعامات سے یاد دہانی ---------- "
پرانی اُڑ پر قائم ---------- ۴۳۴
اعتراض و دلائل ---------- ۴۳۵
دوسرا قول ---------- ۴۳۶
اللہ اولاد سے پاک ہے ---------- "
الموں کو عذاب دیتے وقت اپنے میں رکھنا ---------- ۴۳۷
درگزر و احسان سے کام لیں ---------- ۴۳۸
قیامت کے وقت حسرت و ندامت کا کلمہ ---------- ۴۳۹
قولِ قتادہ رحمہ اللہ ---------- "
نفخ صور اور قیامت کا منظر ---------- ۴۴۰
ایک حل ---------- "
خسارے والوں کا ذکر اور انکارِ اعتراف ---------- ۴۴۱
اہلِ تاویل کا قول ---------- ۴۴۲
آخری کلام ---------- "
نیکوں سے تمسخر کا نتیجہ ---------- "
دنیا کی قلیل مدت ---------- ۴۴۴
اپنے کو بیکار سمجھنا ---------- "
وہ جس کی مملکت کو زوال نہیں ---------- "
باطل کی سرے سے دلیل ہی نہیں ---------- ۴۴۵
آغاز و انتہائے سورت ---------- "
انجام بد سے بچانے کے لئے رحمت و مغفرت کا سوال ---------- "


## سُوْرَۃُ النُّوْر ﴿۲۴﴾


زانی کی سزا ---------- ۴۴۷
شرائطِ احصان ---------- "
سزا کے وقت لوگوں کی موجودگی ---------- ۴۴۸
شفاعت میں اضافہ کے لئے قرین مشرک بنانا ---------- "
تحریم کا معنی ---------- ۴۴۹
تہمت لگانے والوں کا حکم ---------- ۴۵۰

| | |
|---|---|
| شروط احصان القذف | " |
| بیوی پر تہمت کا حکم لعان | ۷۵۱ |
| وجہِ تخصیص | ۷۵۲ |
| الاصل | " |
| واقعۂ افک | ۷۵۴ |
| مقولۂ عمر رضی اللہ عنہ | " |
| حسن ادب | ۷۵۵ |
| فائدہ تقدیم ظرف | ۷۵۶ |
| تعجب فی التسبیح کا مطلب | ۷۵۷ |
| برائی کی اشاعت کرنے والوں کی سزا | " |
| فضل کے مستحقین پر احسان میں کمی نہ کریں | ۷۶۰ |
| پاکدامن پر تہمت لگانے والے ملعون ہیں | ۷۶۱ |
| معاملۂ افک | " |
| براءتِ عائشہ رضی اللہ عنہا قرآن سے | ۷۶۲ |
| قول ابن عباس رضی اللہ عنہما | " |
| عائشہ رضی اللہ عنہا کی نوفضیلتیں | " |
| گھروں میں داخلے کے احکامات | ۷۶۳ |
| غیر رہائشی مکانات کا حکم | " |
| غضِ بصر کا حکم | ۷۶۶ |
| غضِ بصر کا حکم عورتوں کو | ۷۶۷ |
| اظہارِ زینت کی ممانعت | " |
| ایک قول | ۷۶۸ |
| رانڈوں کے نکاح کا حکم | ۷۶۹ |
| نکاح کی توفیق نہ ہو تو پاکدامنی کو تھامے رکھیں | ۷۷۰ |
| اوامر کی عجیب ترتیب | ۷۷۱ |
| غلاموں کی اقسام | " |
| اوّل کی مثال | " |
| وقتی سبب بتا کر ڈانٹ پلائی | ۷۷۲ |
| نورِ ایمان یا نورِ وجود | ۷۷۴ |
| ایک محسوس مثال | ۷۷۵ |
| فی بیوت کا تعلق مشکاۃ سے ہے | ۷۷۶ |
| صالحین کی صفات کا تذکرہ | ۷۷۷ |
| کفار کے اعمال کی دو مثالیں | ۷۷۸ |
| حاصلِ آیت | ۷۷۹ |
| قولِ زجاج رحمہ اللہ | ۷۸۰ |
| آیات کا ربط | ۷۸۲ |
| دابہ کی مراد | " |
| طریقِ استدلال | " |
| قول بعض علماء | ۷۸۳ |
| پیٹ پر چلنے والے جاندار | " |
| ترتیبِ عجیب | " |
| تین گروہ | ۷۸۴ |
| اعراض کی تین وجوہ | ۷۸۵ |
| منافقین کا طرزِ عمل | ۷۸۷ |
| انکی طاعت سے اعراض پر آپ کا کچھ نقصان نہ ہوگا | ۷۸۸ |
| آپ کی ذمہ داری پہنچا دینا ہے | " |
| آیت تمکین فی الارض | ۷۸۹ |
| منکرینِ نعمتِ خلافت کو فاسق کہا | ۷۹۰ |
| واضح استدلال | ۷۹۱ |
| تین آیات کے درجات | ۷۹۲ |
| عدم استیذان کی علت | ۷۹۳ |
| حکم بلوغت | " |
| تین اوقات کے علاوہ بچوں کا بلا اجازت داخلہ | ۷۹۴ |
| تبرج کی حقیقت | ۷۹۵ |
| معذورین کا حکم | ۷۹۶ |
| بلا تکلف کھانے کے مقامات | " |
| عظیم جنایت | ۷۹۸ |
| مجلس کے استیذان کے ساتھ جانا | " |

آپ کا نام عظمۃ لو ---------- "

مالک عالم الغیب وہی ہے اس سے کسی کی جہالت کیسے چھپ سکتی ہے ---------- ۷۹۹

خطاب وغیبت ---------- ۸۰۰


## سُورَةُ الْفُرْقَان ۲۵


تبارک اور فرقان کا معنی ---------- ۸۰۲

ہر چیز کا ایک موجد ---------- "

عاجز بندوں کو اس کی ذات پر ترجیح دی ---------- ۸۰۳

کفار نے قرآن کو مفتری کہا ---------- "

بے سند باتیں قرار دیا ---------- "

اس کو کائنات کے راز دان نے اُتارا ---------- ۸۰۴

رسالت پر اعتراض ---------- "

اجمالِ جواب ---------- ۸۰۵

مال والے اعتراض کا جواب ---------- ۸۰۶

اصل قیامت کو جھٹلا دیا ہے ---------- ۸۰۷

مناظرِ قیامت ---------- "

اندازِ توبیخ ---------- ۸۰۸

یہ سوال تذلیل کیلئے ہوگا ---------- ۸۰۹

غیبت سے تخاطب ---------- ۸۱۰

رسالت پر اعتراض کا جواب ---------- ۸۱۱

دلاسئہ رسول ---------- "


## پارہ : ۱۹


ہمارے پاس فرشتے کیوں نہیں آتے ---------- ۸۱۲

جب فرشتے سامنے آئیں گے تو وہ ان کے غم کا دن ہوگا --- "

بادشاہ کی مخالفت کی تمثیل ---------- ۸۱۳

قیامت کا ایک منظر ---------- ۸۱۴

کفار کی حسرت وغیظ ---------- ۸۱۵

ظالم کا افسوس ---------- "

شیطان کی گمراہی ---------- ۸۱۶

شکایتِ رسول ---------- "

قرآن اکٹھا کیوں نہ اُترا ---------- ۸۱۷

حشر کی تین قسمیں ---------- ۸۲۰

موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کی فرعون کی طرف بعثت ------ "

تکذیب کی وجہ سے فرعونیوں کو ہلاک کر دیا ---------- "

قوم نوح اور دیگر ہلاک شدہ اقوام کی طرف اشارہ ------ "

استہزائے کفار ---------- ۸۲۲

یہ خواہشات کے پجاری ہیں ---------- "

تفصیل اعراض ---------- ۸۲۳

سورج سے سایہ کی پہچان ---------- ۸۲۴

نیند و بیداری موت وحیات کے مشابہ ہے ---------- ۸۲۵

ماءِ طہور کا ذکر ---------- "

تقدیم ارض کی وجہ ---------- ۸۲۶

بارش کو پھیرنے کا معنی ---------- "

ہر بستی کی بجائے ساری کائنات میں ایک ہی منذر بھیج دیا -- ۸۲۷

جامع مجاہدہ اور جامع رسول ---------- "

قدرت کا عجیب نظارہ ---------- ۸۲۸

انسانوں کی دو قسمیں ---------- "

تبلیغ پر اجرت نہیں مانگتا ---------- ۸۳۰

اجرت کے استثناء کی مثال ---------- "

رحمٰن کی صفت کا تذکرہ ---------- ۸۳۱

آسمان میں برج بنائے ---------- ۸۳۲

بروج کی وجہ تسمیہ ---------- "

رات دن کا انعام ---------- "

رحمٰن کے بندوں کی صفات ---------- ۸۳۴

عدم مشارکت ---------- "

جہنم بدترین قرارگاہ ---------- "

اسراف کی تعریف ---------- ۸۳۵
قوام جوعفو قصیر کے مابین ہو ---------- "
حق سے قتل پانچ قسم ---------- ۸۳۶
تائبین کی صفات ---------- "
آنکھوں کی ٹھنڈک اولاد ---------- ۸۳۸
دین میں مقتدا ---------- ۸۳۹
صلہ آخرت ---------- "
اگر تمہیں اسلام کی طرف دعوت دینا نہ ہوتا ---------- "
قولِ ضحاک ---------- ۸۴۰

## سُورَةُ الشُّعَرَآءِ ۲۶

ان کے ایمان لانے پر اپنے کو نہ کوسیں ---------- ۸۴۲
ان کا اعراض بڑھ گیا عنقریب ان کو معلوم ہو جائے گا ---------- "
کمالِ قدرت ---------- ۸۴۳
خطرۂ تکذیب ---------- ۸۴۴
دعویٰ گناہ کو گناہ کہا ---------- "
تسلی باری تعالیٰ ---------- ۸۴۵
استعمالِ استماع ---------- "
گویا دونوں ایک رسول تھے ---------- "
تربیت کا احسان ---------- ۸۴۶
جواب موسیٰ علیہ السلام ---------- "
تمام وزرائے فرعون مشورۂ قتل میں شریک تھے ---------- ۸۴۷
فرعون کا سوال ---------- "
جواب موسیٰ علیہ السلام ---------- ۸۴۸
فرعون کا سٹپٹانا ---------- ۸۴۹
موسیٰ علیہ السلام کی ایک اور دلیل ---------- "
فرعون کی دھمکی ---------- ۸۵۰
ظہورِ معجزہ ---------- "
فرعون کی سیاسی چال ---------- ۸۵۱
سرداروں کا فتویٰ ---------- ۸۵۲
جادوگر کے مقابلے میں ---------- "
سحر کے اثرات ---------- ۸۵۳
اژدھا سب کچھ نگل گیا ---------- ۸۵۴
فرعون کی دھمکی اور ساحروں کا مؤمنانہ جواب ---------- "
بنی اسرائیل کو رات نکلنے کا حکم ---------- ۸۵۵
فرعون کا شدید غم وغصہ ---------- ۸۵۶
فرعون کا تعاقب ---------- ۸۵۷
بنی اسرائیل کا لشکر سمندر کے درمیان ---------- "
ہلاکتِ فرعون ---------- ۸۵۸
فائدہ عظیمہ ---------- "
ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ ---------- ۸۵۹
قوم اور والد کے ساتھ پیش آنے والے حالات ---------- "
تعبیر کی خوبصورتی ---------- ۸۶۱
ثمّ اور فاء کا فرق ---------- "
دعائے ابراہیم علیہ السلام ---------- ۸۶۲
قلبِ سلیم ---------- ۸۶۳
حسن ترتیب ---------- "
متقین کا انجام ---------- ۸۶۴
غاوین کا تذکرہ ---------- "
اعترافِ جرم ---------- ۸۶۵
حکیم کا قول ---------- ۸۶۶
تذکرۂ نوح علیہ السلام ---------- ۸۶۷
علتِ اوّل ---------- ۸۶۸
علتِ دوم ---------- "
ایک قول یہ ہے ---------- "
مؤمنوں کو نکالنے کا مطالبہ ---------- ۸۶۹
طلبِ فیصلہ ---------- "
غرقابی قوم نوح علیہ السلام ---------- ۸۷۰

قوم عاد کا تذکرہ ---------- ۸۷۱
حضرت ہود علیہ السلام کی تقریر ---------- "
قوم کا جواب ---------- ۸۷۲
تعمیر وتخریب تو پہلے سے چلتی رہی ہے ---------- "
تکذیب اور اس کا نتیجہ ---------- "
قوم ثمود کا تذکرہ ---------- ۸۷۳
صالح علیہ السلام کی تقریر ---------- "
قوم کا جواب ---------- ۸۷۴
اونٹنی کو حکومت دو ---------- ۸۷۵
حکم کی خلاف ورزی ---------- "
سزا کا تسلط ---------- "
قوم لوط کا تذکرہ ---------- ۸۷۶
قوم کا جواب ---------- ۸۷۷
ان کی حرکت پر شدید نفرت ---------- "
قوم کی ہلاکت ---------- ۸۷۸
قوم شعیب علیہ السلام ---------- ۸۷۹
قولِ خلیل رحمۃ اللہ علیہ ---------- "
قولِ فیصل ---------- "
وعظ شعیب علیہ السلام ---------- ۸۸۰
خیانت کا مرض ---------- "
یوم ظلہ کا عذاب ---------- ۸۸۱
سورت ایک بلیغ وعظ ---------- ۸۸۲
عربی زبان میں اتارنے کا بیان ---------- ۸۸۳
استدلالِ مفسر ---------- ۸۸۴
نحو وقراءات ---------- "
عجمی واعجمی کا فرق ---------- "
عجمی پر اتارنے میں نہ مانتے ---------- ۸۸۵
قریش انکار پر قائم رہیں گے ---------- "
بڑا غافل، یحییٰ بن معاذ کا قول ---------- ۸۸۶
عذاب آنے پر طویل عمر کا فائدہ نہ ہوگا ---------- "
چھ تراکیب ---------- ۸۸۷
اقرب کو خاص کرنے کی وجہ ---------- ۸۸۸
تواضع کی مثال ---------- "
توکل ---------- ۸۸۹
خصوصی رحمتیں ---------- "
قولِ مقاتل رحمۃ اللہ علیہ ---------- "
عبادت کی مشقت آسان کردی ---------- ۸۹۰
قولِ دیگر ---------- ۸۹۱
جدا بیان کی حکمت ---------- "
شعراء کے پیروکار گمراہ ---------- "
قولِ ابوزید ---------- ۸۹۲
اختتام سورت ---------- ۸۹۳


## سُوْرَةُ النَّمْلِ ﴿۲۷﴾


مبین کا معنی ---------- ۸۹۴
وجہ تنکیر ---------- ۸۹۵
ایک قول ---------- "
ایک قول ---------- "
تکرارِ ضمیر کا فائدہ ---------- "
تمہیدی آیت ---------- ۸۹۶
واقعہ موسیٰ علیہ السلام مدین سے مصر واپسی ---------- ۸۹۷
ایک نکتہ ---------- ۸۹۸
لفظ اَوْ کا فائدہ ---------- "
نری برکت ---------- "
واضح آیات ---------- ۹۰۰
اعترافِ نعمت ---------- ۹۰۲
قولِ علماء ---------- "
نمونۂ گفتگو ---------- "

لشکر سلیمان علیہ السلام ---------- ۹۰۳
چیونٹی کا واقعہ ---------- ۹۰۴
دعائے سلیمانی ---------- ۹۰۵
واقعۂ ہد ہد ---------- "
ایک تذکرہ ---------- ۹۰۶
ایک اشکال ---------- ۹۰۷
بلقیس کا سلسلۂ نسب ---------- "
ہدایت سے عاری قوم ---------- ۹۱۰
خطِ سلیمانی ---------- ۹۱۱
ہد ہد کی پیغام رسانی ---------- "
کتاب کریم کا مضمون ---------- "
ملکہ کی مشاورت ---------- ۹۱۲
مشورہ جنگ ---------- "
مزاجِ شاہان ---------- ۹۱۳
ملکہ کی عاقلانہ رائے ---------- "
ہد ہد کی آگاہی کی صورت ---------- ۹۱۴
جوابِ سلیمان علیہ السلام تم دنیا پر اترانے والے ہو ---------- "
لغوی نکتہ ---------- ۹۱۵
اظہارِ معجزہ ---------- ۹۱۶
کرامت آصف خیار ---------- ۹۱۷
ایک قول یہ ہے ---------- "
شکر کا فائدہ ---------- ۹۱۸
بعض کا مقولہ ہے ---------- "
واسطی کا قول ہے ---------- "
عجیب سوال و جواب ---------- ۹۱۹
ملکہ کا اعتراف ---------- "
اسے کس چیز نے روکا ---------- ۹۲۰
قولِ محققین ---------- ۹۲۱
قوم ثمود کا ذکر ---------- ۹۲۲
تطائر کی اصل ---------- ۹۲۳
ثمود کے مفسد ---------- ۹۲۴
قول ابن درید رحمۃ اللہ علیہ ---------- "
قول حسن رحمۃ اللہ علیہ ---------- "
صالح علیہ السلام کے خلاف سازشِ قتل ---------- ۹۲۵
قوم کی ہلاکت ---------- "
مجالس میں بے حیائی ---------- ۹۲۶
ایک قول یہ ہے ---------- ۹۲۷
عمل نبوت ---------- ۹۲۸


## پارہ : ۲۰


فرمان عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ---------- ۹۳۲
ایک قول یہ ہے ---------- "
حسن بصری رحمۃ اللہ کا قول ---------- ۹۳۳
لطیف نکتہ ---------- ۹۳۵
ایک قول یہ ہے ---------- ۹۳۴


## سورۃ القصص ۲۸


وجہِ ذبحِ اطفال ---------- ۹۴۶
دو اہم باتیں ---------- ۹۴۹
بشارتیں ---------- "
ایک روایت ہے ---------- "
روایت میں ہے ---------- "
قولِ زجاج رحمۃ اللہ ---------- ۹۵۰
صاحبِ کشاف رحمۃ اللہ کا قول ---------- "
ایک قول یہ ہے ---------- ۹۵۱
قولِ دیگر ---------- "
روایت میں ہے ---------- ۹۵۲
قولِ زجاج رحمۃ اللہ ---------- ۹۵۴

قولِ ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۵۵
قولِ ابن عطاء رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۵۶
قولِ ابن عباس رضی اللہ عنہما ۔۔۔۔۔۔ ۹۵۹
روایت میں ہے ۔۔۔۔۔۔ ″
ترکِ مفعول ۔۔۔۔۔۔ ۹۶۰
شعیب علیہ السلام کا عمل ۔۔۔۔۔۔ ″
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ″
ایک احتمال ۔۔۔۔۔۔ ″
ایک قول ۔۔۔۔۔۔ ۹۶۲
قولِ ابن مسعود رضی اللہ عنہ ۔۔۔۔۔۔ ″
شرطِ وعدہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۶۳
قولِ مبرد رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ ابن عطاء رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۶۵
قولِ جعفر رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ ابن عباس رضی اللہ عنہما ۔۔۔۔۔۔ ۹۶۶
تصدیق کا مفہوم ۔۔۔۔۔۔ ۹۶۷
قولِ ابن عطاء ۔۔۔۔۔۔ ۹۷۱
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ۹۷۵
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ″
زجاج رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۷۸
ردِ معتزلہ ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ۔۔۔۔۔۔ ۹۸۱
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ۹۸۴
اہم تنبیہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۸۶
ایک اور غلطی کی تردید ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۸۸
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ۹۹۱
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ″
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ۹۹۲
قولِ سہل رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ″
ایک قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ۹۹۳
فرمانِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔۔۔۔ ″
سیبویہ کا قول ۔۔۔۔۔۔ ۹۹۶
فرمانِ علی رضی اللہ عنہ ۔۔۔۔۔۔ ۹۹۷
فرمانِ فضیل رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ″
عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ″
بعض علماء کا قول یہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ۹۹۸
فضل اللہ العظیم ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۰۰

## سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ (۲۹)

روایت ہے ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۰۲
علم باری تعالیٰ ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ ابن عطاء رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ″
بعض کا قول ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۰۳
قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۰۴
روایت میں ہے ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۰۵
نوح علیہ السلام ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۰۸
وہب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ۔۔۔۔۔۔ ″
قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔۔۔۔ ۱۰۲۳

الجزء ۱۱

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ

وہ لوگ جو آپ کے پاس عذر پیش کریں گے جب آپ ان کی طرف واپس ہوں گے' آپ فرما دیجئے عذر پیش نہ کرو ہم ہرگز تمہاری بات کو سچی نہ مانیں گے۔

قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ

اللہ نے تمہاری خبریں ہمیں بتا دی ہیں' اور عنقریب اللہ تمہارے عمل کو دیکھ لے گا اور اس کا رسول بھی۔ پھر تم اس ذات کی طرف لوٹائے جاؤ

اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

گے جو چھپی ہوئی اور ظاہری باتوں کا جاننے والا ہے' سو وہ تمہیں ان کاموں سے باخبر فرما دے گا جو تم کیا کرتے تھے' وہ عنقریب تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں

لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ز وَّمَاْوٰىهُمْ

گے جب تم ان کی طرف واپس جاؤ گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو' سو آپ ان سے اعراض کریں بے شک وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانہ

جَهَنَّمُ ج جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ج فَاِنْ تَرْضَوْا

دوزخ ہے۔ ان کو ان کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کیا کرتے تھے' وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ اگر تم ان سے

عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾

راضی ہو جاؤ سو اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں سے راضی نہیں ہوتا

## جھوٹی معذرت والے:

آیت ۹۴: يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ (یہ لوگ آپ کے سامنے پیش کریں گے) اپنے نفوس کیلئے ایک باطنی عذر بناتے ہیں۔ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ (جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے) اس سفر سے قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا (آپ کہہ دیں کہ یہ عذرمت پیش کرو) جھوٹے لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ (ہم ہرگز تم پر اعتماد نہ کریں گے) ہم ہرگز تمہاری تصدیق نہ کریں گے یہ اعتذار کی ممانعت کی علت ہے کیونکہ عذر کرنے والے کی اصلی غرض یہ ہوتی ہے کہ اس سلسلہ میں اس کی بات سچی تسلیم کر لی جائے۔ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ (اللہ تعالیٰ نے تمہاری کچھ خبریں ہمیں بتا دیں ہیں) یہ ان کی تصدیق کے قبول نہ کرنے کی علت ہے جب اللہ تعالیٰ ان کے حالات اور ضمائر کے متعلق اپنے رسول کو وحی کرتے ہیں تو مناسب نہیں کہ ان کی معذرتوں میں ان کی تصدیق کی جائے وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ (اور آئندہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول تمہاری کارگزاری دیکھ لیں گے) کیا تم اپنے کفر پر قائم رہتے ہو یا اس سے رجوع کرتے ہو۔ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ (پھر تمہیں لوٹایا جائے گا اس ذات کی طرف جو پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے) تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے وہ ہر ظاہر و باطن کا بینا ہے۔ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

(پھر وہ تم کو بتادے گا جو کچھ تم کرتے تھے) پس وہ اس کے مطابق تمہیں بدلہ دے گا۔

## وہ جان چھڑانے کے لئے قسمیں اٹھائیں لگے تم ان سے اعراض کرو:

آیت ۹۵: سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ (ہاں وہ اب تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تا کہ تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو) تا کہ تم ان کو چھوڑ دو اور توبیخ بالکل نہ کرو۔ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ (پس تم ان سے اعراض کرو) ان کی طلب پوری کردو۔ اِنَّهُمْ رِجْسٌ (وہ لوگ بالکل گندے ہیں) یہ ترک عتاب کی علت ہے یعنی عتاب ان کے لئے کوئی فائدہ مند نہیں۔ اور ان کے مناسب نہیں کیونکہ وہ پلیدی ہے جس کی تطہیر کی کوئی صورت نہیں۔ وَّمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ (اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے) ان کا انجام جہنم ہے ان کی توبیخ و عتاب کیلئے جہنم کافی ہے ان کو ڈانٹ ڈپٹ کی تکلیف نہ کرو۔ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (ان کاموں کے بدلے میں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے) ان کو ان کے کئے کا بدلہ دیا جائے گا۔

## اگر تم راضی ہو بھی گئے مگر اللہ راضی نہ ہوگا:

آیت ۹۶: يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ (وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے تا کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ) اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم اٹھانے سے ان کا مقصد صرف تمہیں راضی کرنا ہے تا کہ اس سے ان کو دنیوی فائدہ پہنچ جائے۔ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ (پس اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو اللہ تعالیٰ ایسے شریر لوگوں سے راضی نہ ہوگا) فقط تمہاری رضامندی ان کے لئے کافی نہ ہوگی جبکہ اللہ تعالیٰ ان سے ناراض ہیں اور وہ جلد ملنے والی یا بدیر آنے والی سزا کی زد میں ہیں۔

**مَسْئَلَة**: یہ اس لئے فرمادیا تا کہ معلوم ہو جائے کہ مومنین کی رضامندی میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی نہیں۔ جب ان کا عمل اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے مناسب ہو تو اس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی ہے۔

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّ نِفَاقًا وَّ اَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

دیہاتی لوگ کفر اور نفاق میں بہت سخت ہیں اور اس لائق ہیں کہ اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر جو احکام نازل فرمائے ہیں ان سے

عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ

واقف نہ ہوں اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ہے اور دیہاتیوں میں سے بعض لوگ ایسے ہیں جو اپنے خرچ کرنے کو تاوان

مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾

سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے مصیبتوں کے آنے کے منتظر رہتے ہیں۔ ان پر بری گردش ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ

اور دیہاتیوں میں وہ لوگ بھی ہیں جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کی

عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ

نزدیکی کا اور رسول ﷺ کی دعائیں لینے کا ذریعہ بناتے ہیں۔ خبردار یہ ان کے لئے نزدیکی کا سبب ہے اللہ عنقریب انہیں اپنی رحمت میں

۱۲ ع ۱ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾

داخل فرمائے گا۔ بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے۔

## دیہاتی کفرونفاق میں بڑھ کر ہیں:

آیت ۹۷: اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا (دیہاتی لوگ کفر اور نفاق میں بہت ہی سخت ہیں) شہریوں کی نسبت کیونکہ ان کی طبیعت میں سختی اور درشتی ہوتی ہے وہ علماء اور علم کی محفل سے دور ہوتے ہیں۔ وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا (اور وہ اسی لائق ہیں کہ وہ نہ جانیں) وہ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ وہ نہ جانیں حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ (ان احکام کو جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل فرمائے) یعنی احکام وشرائع جو اللہ تعالیٰ نے اتارے اور دین کی حدود۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے ان الجفاء والقسوۃ فی الفدادین۔ سختی اور جفاء ان لوگوں میں زیادہ ہوتی ہے جو کھیتوں اور مویشیوں میں آوازیں بلند کرتے ہیں۔ الفدید چیخنا اور آواز دینا۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے) ان کے حالات کو حَكِيْمٌ (بڑی حکمت والے ہیں) ان کو مہلت دینے میں حکمت والے ہیں۔

انفاق کو چٹی کہنے والا ٹولہ:

آیت ۹۸: وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ مَنۡ یَّتَّخِذُ مَا یُنۡفِقُ (اور بعض بدوایسے ہیں جو قرار دیتے ہیں اس چیز کو جو کچھ وہ خرچ کرتے ہیں) صدقہ کرتا ہے مَغۡرَمًا (جرمانا) چٹی سمجھ کر اور نقصان قرار دیکر کیونکہ وہ مسلمانوں سے تقیہ کرتے ہوئے خرچ کرتا ہے اور محض دکھانے کی خاطر کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی رضا اس کو مقصود نہیں ہوتی اور نہ ہی ثواب حاصل کرنا مطلوب ہوتا ہے۔ وَّ یَتَرَبَّصُ بِکُمُ الدَّوَآئِرَ (اور تمہارے متعلق گردشوں کے منتظر ہیں) وہ حوادث زمانہ اور تبدل احوال کے منتظر ہیں کہ تمہارا غلبہ ختم ہو جائے، صدقہ دینے سے ان کی جان چھوٹ جائے۔ عَلَیۡهِمۡ دَآئِرَةُ السَّوۡءِ (بر اوقت انہی پر پڑنے والا ہے) ان پر مصائب ولڑائیوں کے اثرات پہنچیں گے۔ جنکے پہنچنے کی وہ مسلمانوں کے متعلق توقع رکھے ہوئے ہیں۔

قراءت: مکی، ابوعمرو، نے السُّوۡءِ پڑھا۔ اس کا معنی عذاب ہے اور حفص نے فتحہ سے پڑھا ہے اس کا معنی مطلق برائی ہے مذلت ایام جیسا کہتے ہیں رجل سوء رجل صدق کے مقابلہ میں وَاللّٰهُ سَمِیۡعٌ (اور اللہ تعالیٰ سنتے ہیں) جب صدقہ کے لیے ان کو کہا جاتا ہے۔ تو جو کچھ وہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام باتوں کو سننے والے ہیں۔ عَلِیۡمٌ (جانتے ہیں) ان باتوں کو جو وہ چھپانے والے ہیں۔

آیت ۹۹: وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ مَنۡ یُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَیَتَّخِذُ مَا یُنۡفِقُ (اور بعض دیہاتی ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور قرار دیتے ہیں اس چیز کو جو وہ خرچ کرتے ہیں) جہاد و صدقات میں قُرُبٰتٍ (قرب کا ذریعہ) قربت الٰہی کے اسباب عِنۡدَ اللّٰهِ (اللہ کے ہاں) یہ یَتَّخِذُ کا دوسرا مفعول ہے۔ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوۡلِ (اور رسول کی دعاؤں کا ذریعہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں لینا مقصود ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کیلئے دعائیں فرماتے کہ اللہ تعالیٰ برکت دے۔ اور تمہارے گناہ معاف فرمائے جیسا کہ اس ارشاد میں اللّٰھم صل علی ال ابی اوفی (بخاری، ۱۴۹۷۔ مسلم ۱۰۷۸) اَلَاۤ اِنَّهَا (یاد رکھو بے شک ان کا یہ خرچ کرنا) یہ خرچ کرنا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں لینا قُرۡبَةٌ لَّهُمۡ (ان کے لئے قرب کا ذریعہ ہے)

قراءت: نافع نے قُرُبَةٌ پڑھا۔

مسئلہ: جس نے صحیح طور پر اللہ تعالیٰ کی رضامندیوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں حاصل کرنے کیلئے صدقہ کیا یہ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کی طرف سے قبولیت کی گواہی اور تصدیق ہے کہ اس کی امید بار آور ہوگی اس کو جملہ مستانفہ کے طور پر ذکر کیا اور اَلَا، حرف تنبیہ اور حرف تحقیق ساتھ ساتھ لائے تاکہ بات کی پختگی اور اس پر پورے اختیار کا اظہار کر دیا جائے کہ ان کی یہ امیدیں ضرور بار آور ہونگی) اور اسی طرح سَیُدۡخِلُهُمُ اللّٰهُ فِیۡ رَحۡمَتِهٖ (ضرور اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت میں داخل کریں گے) رحمت سے مراد جنت ہے سین کو مضارع پر وعدہ کی پختگی کیلئے داخل کیا۔

مسئلہ: اس کلام میں صدقہ کرنے والوں کیلئے کیا خوب انداز سے رضامندی کا اظہار کیا گیا اور جب صدقہ کرنے والے کی نیت مخلصانہ ہو تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کا کیا کچھ مرتبہ اور مقام ہے اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ (اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے) خلل والوں کے عیوب کو چھپانے والے رَّحِیۡمٌ (بڑی رحمت والے ہیں) قلیل محنت کرنے والے کی کوشش کو بھی قبول فرما لیتے ہیں۔

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ

اورمہاجرین اور انصار میں سے جو لوگ سبقت لے جانے والے ہیں اور وہ لوگ جنہوں نے اخلاص کے ساتھ ان کی پیروی کی

رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اللہ ان سے راضی ہوا وہ اللہ سے راضی ہوئے اور اللہ نے ان کے لئے ایسے باغ تیار کیے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں وہ ہمیشہ ہمیشہ

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ

رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور تمہارے گردو پیش جو دیہاتی ہیں ان میں منافق ہیں

وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ

اور اہل مدینہ میں بھی ایسے لوگ ہیں جو منافقت پر اڑ گئے ہیں' آپ انہیں نہیں جانتے۔ ہم انہیں جانتے ہیں'

وقف منزل
وقف منزل ع ٥

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ ۚ

ہم انہیں دو مرتبہ عذاب دیں گے' پھر وہ عذاب عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

## سابقون الاولون کا تذکرہ:

آیت ۱۰۰: وَالسّٰبِقُوْنَ (اور سبقت کرنے والے) یہ مبتداء ہے۔ الْاَوَّلُوْنَ (پہلے) یہ مبتداء کی صفت ہے مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ (جومہاجر) من بیانیہ ہے۔ نمبرا۔ اس سے مراد وہ لوگ جنہوں نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی۔ نمبر۲۔ جو بدر میں میں حاضر ہوئے۔ نمبر۳۔ بیعت رضوان میں جو موجود تھے۔ وَالْاَنْصَارِ (اور انصار ہیں) اس کا عطف المہاجرین پر ہے ای ومن الانصار یہ بیعت عقبہ اولیٰ والے ہیں جنکی تعداد سات تھی اور بیعت عقبہ ثانیہ والے جنکی تعداد ستر ۷۰ تھی۔ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ (اور جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کے پیرو ہیں) مہاجرین انصار میں سے نمبرا۔ اس سے تمام صحابہ کرام مراد ہیں۔ نمبر۲۔ اس سے قیامت تک آنے والے لوگ مراد ہیں جنہوں نے اطاعت وایمان کے ساتھ ان کی اتباع و پیروی کی رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ (اللہ ان سب سے راضی ہوگیا) یہ خبر ہے ان کے اعمال حسنہ کی وجہ سے وَرَضُوْا عَنْهُ (اور وہ سب اس سے راضی ہوگئے) ان دنیوی اور اخروی انعامات کی وجہ سے جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطاء فرمائے وَاَعَدَّ لَهُمْ (اور ان کے لئے مہیا کر دیئے) اس کا عطف رَضِیَ پر ہے۔ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ (ایسے باغات جن کے نیچے نہریں جاری ہونگی)

قراءت: مکی نے تَحْتِهَا پڑھا ہے۔ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے)

## مدینہ کے گردو پیش کے منافق :

آیت ۱۰۱: وَ مِمَّنْ حَوْلَكُمْ (اور ان لوگوں میں سے جو تمہارے گردوپیش ہیں) یعنی مدینہ کے اردگرد مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ (یعنی بدووں میں سے کچھ منافق ہیں) وہ جہینہ، اسلم، اشجع، غفار، کے منافق لوگ ہیں۔ یہی مدینہ کے اطراف میں آباد تھے۔ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ (اور مدینہ کے رہنے والوں میں سے بھی) اس کا عطف مِمَّنْ حَوْلَكُمْ پر ہے جو مبتداء کی خبر ہے۔ جبکہ تقدیر عبارت یہ مانیں ومن اهل المدينة قوم مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ (وہ نفاق کی حد کمال پر پہنچے ہوئے ہیں) اسمیں ماہر ہیں یہ اس صورت میں معنی ہے جبکہ مردوا کو محذوف کی صفت مانا جائے اور پہلی صورت میں۔ نمبر ا۔ یہ جملہ ابتدائیہ ہے نمبر ۲۔ منافقین کی صفت ہے اوران کے مابین خبر پر عطف ڈال کر فاصلہ کر دیا اوران کی مہارت پر دلالت اس قول سے ہے۔

## آپ ان کو نہیں جانتے، ہم جانتے ہیں :

لَا تَعْلَمُهُمْ (آپ ان کو نہیں جانتے) آپ کی فطانت اور ذہانت کے باوجود وہ آپ پر مخفی ہیں۔ اور فراست کاملہ کے باجود آپ ان کو نہیں پہچان سکتے کیونکہ وہ ایسے کاموں سے ہوشیاری کے ساتھ بہت محتاط رہتے ہیں جن کی وجہ سے آپ ان کے متعلق شک میں پڑیں۔ پھر فرمایا نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ (ہم ان کو جانتے ہیں) ان کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اوران کی پوشیدہ حالت پر کوئی مطلع نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ اپنے دلوں کے پردوں میں کفر چھپانے والے ہیں اور تمہارے سامنے اسی طرح ظاہر ہوتے ہیں جیسا کہ مخلص مسلمان ظاہر ہوتے ہیں۔ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ (ہم ان کو دوبار عذاب دینگے) نمبر ا۔ قتل اور عذاب قبر۔ نمبر ۲۔ ذلت و رسوائی اور عذاب قبر۔ نمبر ۳۔ اموال سے صدقات کی وصولی اور ابدان پر چھوڑے ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ (پھر ان کو بڑے عذاب کی طرف لوٹایا جائے گا) یعنی عذاب نار۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

اور کچھ لوگ ایسے ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کرلیا انہوں نے ملے جلے عمل کئے جن میں نیک عمل بھی ہیں اور برے اعمال بھی۔ عنقریب اللہ

يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ

ان کی توبہ قبول فرما لے گا۔ بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے۔ آپ ان کے اموال سے صدقہ لے لیجئے جو انہیں

وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾

پاک کرے گا اور ان کو دعا دیجئے۔ بے شک آپ کی دعا ان کے لئے باعث تسکین ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ

کیا ان لوگوں نے نہیں جانا کہ بلاشبہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات قبول فرماتا ہے اور بلاشبہ

اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ

اللہ خوب زیادہ توبہ قبول کرنے والا ہے مہربان ہے اور آپ فرما دیجئے کہ عمل کرتے رہو سو عنقریب اللہ تمہارے اعمال کو دیکھ لے گا اور اس کا رسول بھی

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ج

اور اہل ایمان بھی' اور عنقریب تم اس ذات پاک کی طرف لوٹائے جاؤ گے جسے چھپی ہوئی چیزوں کا اور کھلی ہوئی چیزوں کا علم ہے پھر وہ تمہیں جتا دے گا جو عمل تم کیا کرتے تھے

وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾

اور کچھ لوگ ایسے ہیں جن کا معاملہ اللہ کا حکم آنے تک مؤخر کیا ہوا ہے وہ انہیں عذاب دے یا ان کی توبہ قبول فرمائے اور اللہ علیم ہے حکیم ہے۔

## معترفِ گناہ مؤمن:

آیت ۱۰۲: وَاٰخَرُوْنَ (اور کچھ اور لوگ ہیں) ان مذکورہ لوگوں کے علاوہ اور لوگ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ (جو اپنی خطا کے معترف ہو گئے) اپنے پیچھے رہ جانے پر جھوٹے عذر پیش نہیں کئے بلکہ انہوں نے ندامت سے اس فعل کا اعتراف واقرار کرلیا کہ انہوں نے بہت بڑی غلطی کی ہے ان کی تعداد دس تھی۔ ان میں سے سات نے ان آیات کو سنکر جو متخلفین کے متعلق اتری تھیں اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستون سے باندھ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور عادت مبارکہ کے مطابق سب سے پہلے مسجد میں داخل ہو کر دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ آپ نے جب ان کو بندھا ہوا دیکھا تو ان سے سوال کیا انہوں نے ذکر کیا کہ ہم نے قسم اٹھائی ہے کہ اپنے آپ کو نہیں کھولیں گے بلکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم خود کھولیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں بھی قسم اٹھاتا ہوں کہ جب تک اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوگا تمہیں نہیں کھولوں گا پس یہ آیت اتری آپ نے ان کو آزاد فرما دیا۔

پھر انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ! یہ ہمارے اموال ہیں جو آپ سے پیچھے رہنے کا باعث بنے۔ آپ ان کو صدقہ کر دیں اور ہمیں پاک کریں۔ آپ نے فرمایا مجھے تمہارے اموال میں سے کسی چیز کے لینے کا حکم نہیں ہوا۔ اس وقت یہ آیت اتری۔ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً (۱۰۳التوبہ)

خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا (انہوں نے ملایا بھلے عمل کو) جہاد کی طرف جانا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا (اور کچھ برے عمل کو)۔ نمبرا۔ جہاد تبوک سے پیچھے رہ جانا۔ نمبر۲۔ توبہ اور گناہ پھر یہ اس قول کی طرح ہے بعت الشاة شاة و درهمًا ای شاة بدرهم۔ میں نے بکری کو ایک درہم کے بدلے فروخت کر دیا۔ پس واؤ بمعنی با ہے کیونکہ واؤ جمع کیلئے ہے اور باالصاق کا معنی دیتی ہے پس دونوں میں مناسبت واضح ہے۔ نمبر۳۔ مطلب یہ ہے کہ ہر ایک دوسرے سے مل گیا پس ہر ایک ان میں سے مخلوط اور مخلوط بہ ہے جیسا کہتے ہیں خلطت الماء واللبن اس سے مراد یہ ہے کہ ہر ایک کو دوسرے سے ملا دیا۔ البتہ اگر خلطت الماء باللبن کہا جائے تو اس میں پانی کو تم نے مخلوط اور دودھ کو مخلوط بہ قرار دے دیا اور جب واؤ سے کہا جائے گا تو پانی اور دودھ میں سے ہر ایک مخلوط اور مخلوط بہ ہوگا۔ گویا اس طرح کہا خلطت الماء باللبن و اللبن بالماء کہ میں نے پانی کو دودھ اور دودھ کو پانی سے ملا دیا۔ حاصل یہ ہوا کہ انکے اچھے برے اعمال گڈمڈ ہو گئے۔

## قبولیتِ توبہ:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اللہ سے امید ہے کہ وہ ان پر توجہ فرمائینگے بے شک اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں) اس میں انکی توبہ کا تذکرہ نہیں کیا کیونکہ اعتراف ذنوب کا تذکرہ پہلے کر دیا گیا تھا یہی بات انکی توبہ کی قبولیت کی دلیل ہے۔

## تکمیل توبہ کے لئے صدقہ و دُعا:

آیت ۱۰۳: خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً (آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ لے لیں) نمبرا۔ ان کے گناہوں کا کفارہ نمبر۲ بعض کے بقول زکوٰۃ مراد ہے تُطَهِّرُهُمْ (آپ ان کو پاک کر دیں گے) گناہوں سے۔ یہ صدقہ کی صفت ہے۔ اور تا۔ نمبرا۔ خطاب کی ہے۔ نمبر۲۔ واحد مؤنث غائب کا صیغہ ہے وَتُزَكِّيْهِمْ (اور ان کو صاف کر دیں گے) اس میں تا یقیناً خطاب ہی کیلئے ہے۔ بِهَا (جس کے ذریعہ) صدقہ کے ذریعہ التزکیہ، نمبرا: تطہیر و پاکیزگی میں مبالغہ اور اضافہ نمبر۲۔ مال میں برکت و نمو وَصَلِّ عَلَيْهِمْ (اور ان کے لئے دعا کریں) دعا کے ساتھ ان پر مہربانی فرما کر۔ رحم کر کے۔

مَسْئَلَہ: صدقہ لینے والے کو چاہیے کہ صدقہ دینے والے کو دعا دے۔ یہی سنت ہے۔ اِنَّ صَلٰوتَكَ (بلاشبہ آپ کی دعا)

قراءت: کوفی قراء ابوبکر کے علاوہ صَلَوٰتَكَ پڑھتے ہیں بعض نے کہا الصلاۃ، الصلوات سے زیادہ مناسب ہے کیونکہ جنس کا معنی دیتا ہے۔

سَكَنٌ لَّهُمْ (ان کیلئے سکون کا باعث ہے) ان کو سکون خاطر حاصل ہوتا ہے اور انکے دل مطمئن ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انکی توبہ کو قبول کر لیا۔ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ (اور اللہ تعالیٰ خوب سنتے) نمبرا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی دعا کو سننے والے نمبر۲۔ ان کی دعاؤں اور گناہوں کے اعتراف کو جاننے والے ہیں عَلِيْمٌ (جانتے ہیں) جو انکے دلوں میں غم، شرمندگی پائی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں جو کہ ان سے سرزد ہوا۔

## مالکِ قبولیت اللہ ہی ہے:

آیت ۱۰۴: اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا (کیا انکو یہ خبر نہیں) اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنکی توبہ قبول کی گئی یعنی کیا انکو قبول توبہ اور قبول صدقات سے قبل معلوم نہیں۔ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ (کہ اللہ تعالیٰ ہی توبہ کو قبول کرتا ہے اپنے بندوں سے) بشرطیکہ وہ صحیح

طریق سے ہو وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ (اور وہی صدقات کو قبول کرتا ہے) اور انکو قبول فرماتے ہیں جبکہ خلوص نیت سے دیئے جائیں۔ نکتہ: هُوَ، کا لفظ تخصیص کو بتلا رہا ہے کہ یہ کام رسول اللہ کے حوالے نہیں بیشک اللہ تعالیٰ ہی توبہ کو قبول کرنے والے اور مسترد کرنے والے ہیں پس توبہ میں اسی ہی کا قصد کرو اور اسی ہی کی طرف اسکی نسبت کرو۔ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ (اور بے شک اللہ ہی توبہ کو قبول کرنے والے ہیں) بہت زیادہ توبہ قبول فرمانیوالے ہیں۔ الرَّحِيْمُ (رحمت کرنے والے ہیں) اور گناہ کو معاف کر دیتے ہیں۔

## وعید برائے مستقبل:

آیت ۱۰۵: وَقُلِ (اور آپ کہہ دیں) ان توبہ کرنے والوں کو اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ (عمل کئے جاؤ پس اللہ دیکھ لیگا تمہارے عمل کو اور اسکا رسول اور مؤمنین بھی)۔ نمبر۱۔ تمہارا کوئی عمل مخفی نہیں خواہ خیر ہو یا شر اللہ تعالیٰ پر اور نہ اسکے بندوں پر جیسا کہ تم نے دیکھ لیا اور تمہارے سامنے ظاہر ہو گیا۔ نمبر۲۔ غیر تائبین کو توبہ کی ترغیب کیلئے یہ فرمایا۔ روایت میں وارد ہے جب انکی توبہ قبول کر لی گئی تو ان لوگوں نے کہا جنہوں نے توبہ نہ کی تھی کہ یہ وہ لوگ ہیں جو کل گزشتہ ہمارے ساتھ نہ کلام کرتے اور نہ بیٹھتے تھے۔ انکو کیا ہو گیا پس یہ آیت اتری اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد فسیری اللّٰه یہ انکے حق میں وعید ہے اور اصرار کے انجام سے ڈرایا گیا ہے۔ اور توبہ کے متعلق غفلت برتنے سے خوف دلایا گیا۔ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ (اور ضرور تم کو اس ذات کے پاس جانا ہے جو تمام چھپی) جو لوگوں سے پوشیدہ ہے وَالشَّهَادَةِ (اور کھلی چیزوں کو جاننے والا ہے) جس کا وہ مشاہدہ کرتے ہیں فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (پس وہ تم کو تمہارا سب کیا ہوا بتلا دے گا) یہ تنبیہ و تذکیر اور اس پر مجازات کا ذکر ہے۔

## التواء والے لوگ:

آیت ۱۰۶: وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ (اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ اللہ کے حکم آنے تک ملتوی کر دیا گیا ہے) مدنی، کوفی قراء سوائے ابوبکر نے بلا ہمزہ پڑھا ہے۔ دوسرے قراء نے مُرْجُؤُوْنَ پڑھا ہے یہ ارجیتہ ارجائۃً سے ہے۔ جب کہ اس کو مؤخر کیا جائے۔ اور اسی سے المرجنہ ہے۔ مطلب اس طرح ہے واخرون من المتخلفین موقوفون الی ان یظھر امر اللّٰه فیھم۔ متخلفین میں سے دوسرے روک دیئے گئے یہاں تک کہ ان کے متعلق اللہ تعالیٰ کا حکم ظاہر ہو۔

اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ (خواہ وہ ان کو سزا دے) اگر وہ اصرار کریں اور توبہ نہ کریں۔ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ (یا ان کی توبہ قبول کرلے) اگر وہ توبہ کرلیں ان کی تعداد تین تھی نمبر۱۔ کعب بن مالک نمبر۲۔ ہلال بن امیہ نمبر۳۔ مرارہ بن الربیع۔ یہ غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے یہی وہ لوگ ہیں جنکا تذکرہ اس آیت میں ہے وعلی الثلاثة الذین خُلّفوا۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ (اور اللہ خوب جاننے والا) ان کے مؤخر کرنے کو حَكِيْمٌ (بڑا حکمت والا ہے) اور ان کو مؤخر کرنے میں امّا کا لفظ شک و تردد کے لئے آتا ہے۔ بندوں کا لحاظ کر کے امّا کا استعمال کیا گیا یعنی ان کو عذاب کا خطرہ ہے اور مجھے ان پر رحمت کی امید ہے روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو ان کے ساتھ سلام و کلام سے منع فرما دیا ان حضرات نے اپنے آپ کو ستونوں سے بھی نہ باندھا اور نہ ہی گھبراہٹ و غم کا اظہار کیا۔ جب انہیں بائیکاٹ کا علم ہوا تو اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کیا اور اپنی نیتوں کو خالص کر لیا۔ ان کی توبہ مخلصانہ تھی ان کو اللہ تعالیٰ نے خوش کر دیا۔ (واقعہ روایت کعب سے بخاری و مسلم میں مذکور ہے)

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا

اور جن لوگوں نے اس لئے مسجد بنائی کہ ضرر پہنچا ئیں اور کفر اختیار کئے رہیں اور مومنین کے درمیان پھوٹ ڈالیں اور اس شخص کے قیام کا انتظام کریں جس

لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنٰى ۚ وَاللّٰهُ

نے اس سے پہلے اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کی اور البتہ وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے تو صرف بھلائی ہی کا ارادہ کیا تھا اور اللہ

يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكٰذِبُونَ ﴿۱۰۷﴾ لَا تَقُمْ فِيهِ أَبَدًا ۚ لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى

گواہی دیتا ہے کہ بے شک وہ جھوٹے ہیں۔ آپ اس مسجد میں کبھی بھی کھڑے نہ ہوں۔ البتہ جس مسجد کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقویٰ پر

مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُومَ فِيهِ ۚ فِيهِ رِجَالٌ يُّحِبُّونَ أَنْ يَّتَطَهَّرُوا ۚ وَاللّٰهُ

رکھی گئی ہو وہ اس لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں اس میں ایسے آدمی ہیں کہ وہ خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ

يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ﴿۱۰۸﴾ أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ

خوب پاک ہونے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ "ایسی عمارت کی بنیاد اللہ سے ڈرنے اور اللہ کی خوشنودی پر رکھی ہو" وہ بہتر ہے

أَمْ مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللّٰهُ لَا

یا وہ بہتر ہے جس کی بنیاد کسی گھاٹی کے کنارے پر رکھی گئی ہو جو گرنے والی ہے پھر وہ اسے لے کر دوزخ کی آگ میں گر پڑے؟ اور اللہ

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ﴿۱۰۹﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا

ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ انہوں نے جو عمارت بنائی وہ ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی۔ الا

أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۳ ۱۱ ۲

یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ہے۔

## مسجدِ ضرار کے بانی منافقین:

آیت ۱۰۷: وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا (اور بعض ایسے لوگ ہیں جنہوں نے مسجد بنائی) تقدیر عبارت اس طرح ہے و منھم الذین اتخذوا۔ مدنی اور شامی قراء نے والذین کو بغیر واؤ پڑھا ہے وہ مبتداء جس کی خبر محذوف ہے ای جازیناھم جن کو ہم نے بدلہ دیا۔ روایت میں ہے کہ بنی عمرو بن عوف نے مسجد قباء مکمل کر لی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پیغام بھیجا۔ آپ تشریف لائے اور انہیں دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ (اور ہجرت کے وقت آپ نے پہلا قیام قباء میں فرمایا اور ۱۴ روز قیام فرما کر اس مسجد کی بنیاد خود

دست اقدس سے رکھی اور وہاں نمازیں ادا فرمائیں) ان کے بھائی بنو غنم بن عوف کو حسد پیدا ہوا کہنے لگے ہم بھی مسجد بنائیں گے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کی اس میں دعوت دیں گے اور ابو عامر راہب جب شام سے آئے گا تو وہ بھی اس میں نماز پڑھا کرے گا یہ ابو عامر وہ شخص ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احد کے دن کہا آپ کے مقابلہ میں جو بھی لڑے گا میں اس کا ساتھ دونگا حنین تک مختلف لڑائیوں میں شریک رہا۔ چنانچہ مسجد قباء کے قریب انہوں نے ایک مسجد بنائی۔ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا ہم نے بیمار اور حاجت مند لوگوں کی خاطر ایک مسجد بنائی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ اس میں نماز پڑھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسوقت میں سفر پر جارہا ہوں۔ تبوک سے واپسی پر انشاء اللہ ہم اس میں نماز ادا کریں گے۔

جب تبوک سے آپ واپس لوٹ آئے انہوں نے مسجد میں آنے کا سوال کیا اس پر یہ آیات اتریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحشی اور معن بن عدی وغیرہ کو حکم دیا اس مسجد کی طرف جاؤ جس کے بنانے والے ظالم ہیں اور اس کو جلا دو۔ پس ایسا کر دیا گیا اس جگہ کوڑا کرکٹ مردار اور فضلات ڈالنے کا حکم فرمایا۔ ابو عامر فاسق شام میں اپنی موت مر گیا۔ ضِرَارًا (ضرر پہنچانے) یہ مفعول لہٗ ہے۔ اسی طرح اس کا مابعد بھی۔ تقدیر عبارت یہ ہے مضارة لا خوانهم اصحاب مسجد قباء مسجد قباء کے ساتھیوں کو نقصان پہنچانے کیلئے۔ وَّكُفْرًا (اور کفر کی باتیں کرنے کے لئے) منافقت کو مضبوط کرنے کیلئے وَّتَفْرِيْقًاۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (اور ایمان والوں میں تفریق ڈالنے کیلئے) کیونکہ وہ اکٹھے مسجد قباء میں نماز ادا کرتے انہوں نے چاہا کہ ان میں انتشار پیدا ہو جائے۔ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ (اور اس شخص کے قیام کا سامان کرنے کیلئے) اس شخص کے قیام کا سامان بنانے کیلئے حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (جو اللہ اور اس کے رسول کا مخالف رہا ہے) وہ ابو عامر راہب تھا جس کے نماز ادا کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر غلبہ پانے کیلئے یہ مرکز بنایا گیا تھا۔

بعض کا قول یہ ہے کہ فخر ومباہات اور ریا کاری یا شہرت کیلئے بنائی جانے والی مسجد اسی حکم میں ہے۔ یا اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے علاوہ کسی بھی غرض کیلئے بنائی جانے والی مسجد یا ناپاک مال سے بنائی جانے والی مسجد بھی مسجد ضرار کے حکم میں ہے۔ مِنْ قَبْلُ (پہلے سے) یہ حَارَبَ کے متعلق ہے یعنی اس مسجد کی تعمیر سے پہلے خندق کے دن وَلَيَحْلِفُنَّ (اور یہ ضرور قسمیں کھائیں گے) جھوٹے اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى (کہ ہم نے تو صرف بھلائی ہی کا ارادہ کیا تھا) ہم اس مسجد کی تعمیر سے اچھی غرض ہی رکھتے تھے مثلاً نماز، ذکر اللہ، نمازیوں کی آسانی وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بالکل جھوٹے ہیں) اپنے اس حلف میں۔

## ایسی مسجد میں قیام کی ممانعت:

آیت ۱۰۸: لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا (آپ اس میں کبھی کھڑے نہ ہوں) نماز کیلئے لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى۔ (البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے)

## مسجد قباء میں قیام کا حکم اور ان کے بانیوں کی تعریف:

لام ابتدائیہ ہے اُسس یہ مسجد کی صفت ہے نمبرا۔ مراد اس سے مسجد قباء ہے۔ جس کی بنیاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قباء کے زمانہ

قیام میں اپنے دست اقدس سے رکھی۔ نمبر۲۔ مسجد نبوی جو مدینہ میں ہے وہ مراد ہو۔ مِنْ اَوَّلِ یَوۡمٍ (اول دن سے) اس کی تعمیر کے پہلے دن سے۔ ایک قول یہ ہے کہ تقاضہ قیاس تو یہ ہے کہ یہاں مُذْ آتا کیونکہ وہ ابتداء غایت فی الزمان کیلئے آتا ہے اور یہاں مِنْ لائے جو کہ ابتداء غایت فی المکان کیلئے ہے۔ الجواب مِنْ کا لفظ زمان ومکان دونوں کیلئے آتا ہے۔

اَحَقُّ اَنْ تَقُوۡمَ فِیۡهِ (وہ اس لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں) نماز کیلئے فِیۡهِ رِجَالٌ یُّحِبُّوۡنَ اَنْ یَّتَطَهَّرُوۡا وَاللّٰهُ یُحِبُّ الۡمُطَّهِّرِیۡنَ (اس میں ایسے آدمی ہیں کہ وہ خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے) جب یہ آیت اتری تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین کی جماعت کے ساتھ قباء میں تشریف لائے اور مسجد قباء کے دروازے پر کھڑے ہو گئے انصار مسجد میں بیٹھے تھے۔ آپ نے آواز دیکر فرمایا۔ أمؤمنون انتم؟ کیا تم ایمان والے ہو؟ تمام خاموش رہے پھر آپ نے اس بات کو دھرایا اس پر حضرت عمرؓ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! بلاشبہ وہ مؤمن ہیں اور میں بھی ان کے ساتھ۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم فیصلے پر راضی ہو؟ انہوں کہا ہاں! فرمایا کیا تم آزمائش پر صبر کرنے والے ہو؟ انہوں نے کہا جی ہاں! فرمایا کیا تم خوشحالی میں شکر گزار رہو۔ انہوں نے جواب دیا جی ہاں حضور! آپ نے فرمایا رب کعبہ کی قسم تم مؤمن ہو۔ پھر آپ بیٹھ گئے اور فرمایا اے گروہ انصار! اللہ تعالیٰ نے تمہاری تعریف فرمائی ہے تم بوقت وضو کیا عمل کرتے ہو اور پاخانے کے وقت تمہارا کیا عمل ہے؟ انہوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ ہم پاخانہ سے فارغ ہو کر تین ڈھیلے استعمال کرتے ہیں پھر پتھروں کے استعمال کے بعد پانی استعمال کرتے ہیں آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی فیه رجال یحبون ان یتطھروا۔

دوسرا قول یہ ہے کہ تمام نجاسات سے تطہیر کیلئے یہ آیت عام ہے۔ تیسرا قول اس تطہیر سے گناہوں کی توبہ کے ذریعہ تطہیر مراد ہے یحبون ان یتطھروا میں محبت سے مراد طہارت کو ترجیح دینا اور اس کی اس طرح حرص کرنا جیسا کہ محب کسی محبوب چیز کی حرص کرتا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کی محبت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر راضی ہے اور ان پر احسان فرمانے والے ہیں جیسا محب محبوب کے ساتھ کرتا ہے۔

## دونوں میں تقابلی فرق:

آیت ۱۰۹: اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنۡیَانَهٗ (کیا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد رکھی) تعمیر کی بنیاد رکھتا ہے۔ عَلٰی تَقۡوٰی مِنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانٍ خَیۡرٌ اَمۡ مَّنْ اَسَّسَ بُنۡیَانَهٗ عَلٰی شَفَا جُرُفٍ هَارٍ (تقویٰ پر اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی پر وہ زیادہ بہتر ہے یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی کھائی کے گرنے والے کنارے پر رکھی ہو) یہ استفہام تقریری ہے اور واضح ہونے کی وجہ سے جواب ذکر نہیں کیا گیا، مطلب یہ ہے۔ جس نے اپنے دین کی بنیاد مضبوط اساس پر رکھی ہو۔ وہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اور رضا مندی ہے۔ خیر ام من جس نے اپنی عمارت کی تعمیر کمزور بنیادوں پر رکھی ہو۔ وہ بنیادیں باطل اور منافقت ہے جس کی مثال قلت ثبات اور استمساک میں، گرنے والے گڑھے کے گرنے والے کنارے کی ہے گرنے والا گڑھے کا کنارہ تقویٰ کے مقابلہ میں ذکر کیا گیا کیونکہ گرنے والے گڑھے کے کنارے کو اس چیز سے مجاز قرار دیا جو تقویٰ کے مخالف ہے۔

الشفاء کنارہ، جرف الوادی وادی کی وہ جانب جس کو پانی نے نیچے سے کھود ڈالا ہو۔ سیلاب اس کو کھود ڈالیں جس سے

وہ کمزور ہو جائے الھار گرنے والا، پھٹنے والا جو گرا چاہتا ہو۔ اس کا وزن فَعلٌ ہے جو فاعل سے قصر کر کے پڑھا جیسا کہ خلف کو خالف سے پڑھا ہے۔ اس کا الف فاعل کا الف نہیں بلکہ اصلی ہے یہ اصل ھَوَرٌ ماقبل فتحہ کی وجہ سے واؤ کو الف سے بدل دیا۔ یہ انتہائی بلیغ کلام ہے۔ جو باطل کی حقیقت واصلیت کو طشت از بام کر رہا ہے۔

قراءت: شامی، نافع، نے افمن اسس بنیانه کو اَمَّنْ اُسس بنیانه پڑھا ہے۔ شامی، حمزہ اور یحییٰ نے جُرُف کو جُرْف راء کے سکون سے پڑھا۔ ابو عمرو نے ھار کو امالہ سے پڑھا جبکہ حمزہ نے ایک روایت کے مطابق اور یحییٰ نے امالہ کیا ہے۔

فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ (پھر وہ اس کو لے کر دوزخ کی آگ میں گر پڑے) باطل اس کو لیکر جہنم میں گر پڑا۔ جب آیت میں جرف ھائر کو باطل کیلئے بطور مجاز استعمال کیا گیا تو جرف کیلئے انھار کا لفظ لائے جو اس کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ نیز یہ تصور دیا کہ باطل پرست نے اپنی تعمیر کی بنیاد جہنم کی وادی کے گرنے والے گڑھے کے کنارہ پر رکھی ہے وہ کنارہ اس کو لیکر جہنم کی گہرائی میں جا گرا ہے۔

جابر کہتے ہیں میں نے مسجد ضرار سے اس وقت دھواں نکلتا ہوا دیکھا جب وہ جہنم میں گری۔ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو سمجھ ہی نہیں دیتا) ان کو نفاق کی سزا کے طور پر خیر کی توفیق نہ دے گا۔

## منافقین کے خبیث مقاصد کی نشاندہی:

آیت ۱۱۰: لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِىْ بَنَوْا رِيْبَةً فِىْ قُلُوْبِهِمْ (یہ عمارت جوانہوں نے بنائی ہے۔ ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی) اس کا گرانا ان کے نفاق وشک میں اضافہ کا باعث بنا رہے گا کیونکہ اس سے ان کو مزید غصہ آئے گا اور وہ ان پر گراں گزرے گی۔ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ (مگر یہ کہ ان کے دل ہی فنا ہو جائیں) شامی، وحمزہ اور حفص نے تَقَطَّعَ پڑھا جو اصل میں تَتَقَطَّعَ ہے۔ دیگر قراء نے تُقَطَّعَ۔ پڑھا ہے جس کا معنی ان تُقطّع قلُوبهم قطعا و تفرق اجزاءً انکے دلوں کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر اجزاء الگ کر دیئے جائیں اس وقت ان کو تسلی ہوگی البتہ جب تک ان کے دل صحیح سالم اور اکٹھے ہیں ان میں شک باقی رہے گا اور مضبوطی سے جما رہے گا۔ پھر یہ درست ہے کہ شک کے زائل کرنے کی تصویر بٹھانے کیلئے کیا گیا ہو اور یہ بھی جائز ہے کہ حقیقۃً کٹنا مراد ہو۔ جو کہ ان کے قتل سے ممکن ہے۔ یا قبور میں پہنچ کر یا آگ میں داخل ہو کر۔

ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان کے دل توبہ وندامت سے اپنی اس زیادتی پر کٹ جائیں نڈھال ہو جائیں۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے) ان کے عزائم سے حَكِيْمٌ (بڑی حکمت والے ہیں) ان کے جرائم کی سزا میں حکمت والے ہیں۔

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ

بے شک اللہ نے مومنین سے اس بات کے عوض ان کی جانوں اور مالوں کو خرید لیا کہ ان کے لئے جنت ہے۔

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ قف وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ

وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں جس میں قتل کرتے ہیں اور قتل کر دیئے جاتے ہیں اس پر اللہ کا وعدہ ہے جو توریت

وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ

انجیل اور قرآن میں ہے' اور اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو پورا کرنے والا کون ہے۔ سو تم لوگ اپنی اس بیع پر خوش ہو جاؤ

الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ

جس کا تم نے معاملہ کیا ہے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ یہ لوگ توبہ کرنے والے ہیں۔ عبادت کرنے والے ہیں' حمد کرنے والے ہیں۔

السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ

روزہ رکھنے والے ہیں' رکوع کرنے والے ہیں۔ سجدہ کرنے والے ہیں۔ نیک باتوں کی تعلیم دینے والے ہیں' اور بری باتوں سے روکنے

الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٢﴾

والے ہیں اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں' اور آپ مومنین کو خوشخبری سنا دیجئے۔

## نفع بخش تجارت جس میں اقالہ نہیں:

آیت ١١١: اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض خرید لیا ہے۔ کہ ان کو جنت ملے گی) اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کی ثابت قدمی اور اس کی راہ میں مال خرچ کرنے کو جنت کے بدلے خریدنے سے تشبیہ دی اور روایت میں آیا ہے کہ ان سے تجارت کا معاملہ کیا مگر ثمن کو بہت مہنگا کر دیا۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہمارے نفوس کا خالق اللہ تعالیٰ ہے اور اموال عنایت کرنے والے بھی وہی ہیں۔ ایک اعرابی کا گزر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایسی حالت میں ہوا جبکہ آپ یہ تلاوت فرما رہے تھے تو وہ سن کر کہنے لگا اللہ کی قسم بڑی نفع بخش بیع ہے ہم اس میں نہ اقالہ کرتے اور نہ اقالے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ ایک غزوہ میں نکلا اور شہید ہو گیا۔ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں) سپردگی کا محل بیان فرمایا فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ (وہ جس میں قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں) یعنی کبھی وہ دشمن سے لڑتے ہیں کبھی تو دشمن ان کو قتل کر دیتا ہے۔

قراءت: فَیُقْتَلُوْنَ ویَقْتُلوْن حمزہ اورعلی نے پڑھا۔وَعْدًا عَلَیْهِ (اس پر وعدہ کیا گیا ہے ) یہ مصدر ہے یعنی وعدھم بذلک وعداً ان سے وعدہ کیا وعدہ کرنا۔حَقًّا (سچا) یہ وعدا کی صفت ہے اس میں اطلاع دی کہ مجاہدین سے کیا جانے والا وعدہ پختہ وعدہ ہے جس کو میں نے لکھ دیا ہے۔فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ (توریت میں اورانجیل میں اورقرآن میں )

مَسْئَلَہ: یہ دلیل ہے کہ ہر ملت والوں کوقتال کا حکم دیا گیا اوراس پر ان سے وعدے کئے گئے پھر فرمایاوَمَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ (اوراللہ تعالیٰ سے زیادہ کون وعدے کو پورا کرنے والا ہے ) کیونکہ وعدہ خلافی قبیح چیز ہے۔جب اس کا ارتکاب کوئی شریف آدمی نہیں کرتا تو اکرم الاکرمین کیونکر وعدہ کی خلاف ورزی فرمانے والے ہیں۔اس سے زیادہ بہتر اور بلیغ انداز میں جہاد کی ترغیب نہیں دی جاسکتی۔فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِكُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِهٖ (تم لوگ اپنی اس بیع پر جس کا معاملہ تم نے ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ)تمہیں انتہائی خوش ہونا چاہیئے کہ تم فانی دیکر باقی کا سودا کررہے ہو۔وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ(اور یہ بڑی کامیابی ہے ) صادق رحمہ اللہ کا فرمان ہے کہ تمہارے ابدان کی قیمت صرف جنت ہے۔پس ان کوصرف اسی کے بدلے میں فروخت کرو۔

آیت ۱۱۲: اَلتَّآئِبُوْنَ (وہ ایسے ہیں جوتوبہ کرنے والے ہیں ) نمبرا۔یہ مدح کی بناء پر مرفوع ہے ای ھم التائبون یعنی یہ مذکورمومنین ہی تائب ہیں یا۔نمبر۲۔یہ مبتداء ہے اوراس کی خبر العابدون ہے۔الْعٰبِدُوْنَ (عبادت کرنے والے )وہ لوگ جوفقط اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرنے والے ہیں اورعبادت اسی کے لئے خالص کرنے والے ہیں اس کا مابعد خبر کے بعد خبر ہے۔یعنی التائبون من الکفر علی الحقیقة الجامعون لھذه الخصال۔ کہ حقیقۃً کفر سے توبہ کرنے والے وہ ان خصال کے جامع ہیں۔

حضرت حسن رحمہ اللہ سے مروی ہے اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے شرک سے توبہ کی۔اورنفاق سے براءت کا اظہار کیا۔الْحٰمِدُوْنَ (حمد کرنے والے)اسلام کی نعمت پر السَّآئِحُوْنَ (روزہ رکھنے والے ) نمبرا۔روزہ رکھنے والے ہیں۔ آپ علیہ السلام کا ارشاد ہے۔سیاحة امتی الصیام (رواہ ابن جریر) نمبر۲۔طلباءعلم مراد ہیں کیونکہ وہ زمین میں سفر کرتے ہیں اور مناہل علم سے علم حاصل کرتے ہیں نمبر۳۔عبرت کیلئے زمین میں سفر کرنے والے ہیں۔الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ (اوررکوع اور سجدہ کرنے والے )نمازوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں۔الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ (اورنیک باتوں کی تعلیم کرنے والے )ایمان اورمعرفت واطاعت کے ذریعہ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (اور بری باتوں سے باز رکھنے والے ) شرک ومعاصی سے واؤ کو درمیان میں لاکر بتلایا کہ یہ سات پوری لڑی ہے جو پروئی ہوئی ہے۔نمبر۲۔امرونہی کے مابین تضاد ظاہر کرنے کے لئے واؤ لایا گیا جیسا کہ اس ارشاد میں ثیباتٍ وابکارًا (التحریم: ۵) وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ (اوراللہ تعالیٰ کی حدوں کا خیال رکھنے والے ) اللہ تعالیٰ کے اوامرونواہی۔نمبر۲۔شریعت کے نشانات وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ (اورآپ ایسے مؤمنین کوخوشخبری سنادیں )جوان صفات کے ساتھ متصف ہیں۔

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوٓا

نبی کو اور دوسرے مسلمانوں کو یہ جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے مغفرت کی دعا کریں۔ اگرچہ وہ

اُولِىْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ

رشتہ دار ہی ہوں۔ اس بات کے ظاہر ہو جانے کے بعد یہ لوگ دوزخی ہیں اور ابراہیم کا

اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ

اپنے باپ کے لئے استغفار کرنا صرف اس لئے تھا کہ انہوں نے اپنے باپ سے ایک وعدہ کر لیا تھا۔ پھر جب ابراہیم پر یہ بات واضح ہو گئی

اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے بیزار ہو گئے۔ بے شک ابراہیم بڑے رحم دل برداشت کرنے والے تھے۔

## مشرکین کے لئے استغفار کی ممانعت:

آیت ۱۱۳: آپ ﷺ نے ارادہ فرمایا کہ ابو طالب کیلئے استغفار کریں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اُتار دی: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى (پیغمبر کو اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ وہ مشرکین کیلئے مغفرت کی دعا مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی ہوں) اللہ تعالیٰ کے قانون اور حکمت کے مطابق استغفار اس کے لئے حلال نہیں مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ (اس بات کے ظاہر ہو جانے کے بعد کہ یہ لوگ دوزخی ہیں) اس بات کے ظاہر ہو چکنے کے بعد کہ ان کی موت شرک پر واقع ہوئی۔ پھر اگلی آیت میں ابراہیم علیہ السلام کا عذر ذکر فرمایا۔

## استغفار ابراہیم علیہ السلام کا جواب:

آیت ۱۱۴: وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ (اور ابراہیم کا اپنے باپ کیلئے دعائے مغفرت مانگنا وہ صرف وعدہ کے سبب سے تھا جو انہوں نے اسی سے وعدہ کر لیا تھا)۔ نمبر۱۔ ان کے والد نے ان سے وعدہ کیا کہ وہ اسلام لے آئیگا۔ نمبر۲۔ ابراہیم علیہ السلام نے والد سے وعدہ کیا کہ وہ اس کے لئے استغفار کرے گا۔ جیسا اس ارشاد میں ہے لاستغفرن لک (الممتحنہ: ۴) اس کی دلیل حسن رحمہ اللہ کی قراءت ہے۔ وعدھا اباہ۔ استغفار کا معنی مغفرت کا سوال کرنا اسلام لانے کے بعد نمبر۲۔ اللہ تعالیٰ سے ان کے اسلام لانے کی دعا کرنا جو کہ مغفرت کا سبب ہے۔ فَلَمَّا تَبَيَّنَ (پھر جب ان پر یہ بات ظاہر ہو گئی) وحی کے ذریعہ لَهٗ ابراہیم علیہ السلام کو اَنَّهٗ (کہ وہ) کہ ان کا والد عَدُوٌّ لِّلّٰهِ (اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے) کافر مرے گا تو ان کی امید منقطع ہو گئی تَبَرَّاَ مِنْهُ (تو وہ اس سے بالکل بےتعلق ہو گئے) استغفار منقطع کر دیا۔ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ (بیشک ابراہیم بڑے رحیم المزاج) وہ شفقت اور اللہ تعالیٰ کے خوف سے بہت آہیں کھینچنے والے تھے۔ مطلب یہ ہوا کہ وہ شدید رحمت و رقت سے اپنے باپ کا فر پر

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ

اور اللہ ایسا نہیں کرتا کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کردے جب تک کہ ان چیزوں کو واضح طور پر بیان نہ فرمادے جن سے وہ بچتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یُحْیٖ

بیشک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے بے شک اللہ ہی کے لئے ہے ملک آسمانوں کا اور زمین کا ' وہ زندہ کرتا ہے

وَیُمِیْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۱۶﴾

اور موت دیتا ہے اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی یار اور مددگار نہیں۔

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِیِّ وَالْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ فِیْ سَاعَةِ

بلاشبہ اللہ نے نبی پر اور مہاجرین پر اور انصار پر مہربانی فرمائی جنہوں نے اس کے بعد تنگی کے وقت میں نبی کا

الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّهٗ

ساتھ دیا جبکہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں میں تزلزل ہو چلا تھا ' پھر اللہ نے ان پر توجہ فرمائی۔ بلاشبہ اللہ

بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۱۷﴾ ۙ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ

ان پر مہربان ہے رحم فرمانے والا ہے' اور اللہ نے ان تین شخصوں کے حال پر بھی توجہ فرمائی جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا یہاں تک کہ جب زمین

عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَیْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ

اپنی فراخی کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آگئے اور انہوں نے یقین کرلیا کہ اللہ سے بچ کر کہیں پناہ نہیں مل سکتی سوائے اس کے کہ

ع ۱۴/۴ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَیْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ لِیَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۱۸﴾ ع

اس کی طرف رجوع کیا جائے۔ پھر اللہ نے ان کے حال پر توجہ فرمائی تاکہ وہ...... رجوع کریں بے شک اللہ خوب توبہ قبول فرمانے والا ہے' اور رحم کرنے والا ہے۔

مہربانی کرتے حَلِیْمٌ (حلیم الطبع تھے) تکالیف پر صبر کرنے والے۔ تکلیف پر درگزر کرنے والے تھے۔ وہ باپ کے لئے ہدایت و استغفار کے طالب تھے۔ اور باپ لا رجعت کا پیغام سناتا تھا۔

### گناہ کو جان بوجھ کر کرنے سے مواخذہ ہوگا:

آیت ۱۱۵: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى یُبَیِّنَ لَهُمْ مَّا یَتَّقُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرتا کہ کسی قوم کو اللہ تعالیٰ ہدایت کرنے کے بعد گمراہ کردے جب تک کہ ان چیزوں کو صاف صاف نہ بتلا دے جن سے وہ بچتے رہیں) جس سے

بچنے اور پرہیز کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے جیسا کہ مشرکین کیلئے استغفار وغیرہ اور دیگر منہیات اور وہ چیزیں جن کا محظور ہونا واضح کر دیا۔ اور اس پر وہ اپنے ان بندوں سے جن کی راہنمائی اسلام کی طرف کر دی مؤاخذہ بھی نہیں فرماتا۔ اور نہ رسوا کرتا ہے مگر جبکہ اس کا اقدام جان بوجھ کر کریں اور وہ جانتے ہوں کہ اس کا ماننا ضروری ہے۔ باقی وضاحت و اطلاع سے پہلے مؤاخذہ نہیں۔ دراصل اس آیت میں ان صحابہ کے عذر کا بیان ہے جن کو خدشہ ہوا کہ استغفار مشرکین کے سلسلہ میں کہیں مؤاخذہ نہ ہو جائے۔ مایتقون سے مراد وہ چیز ہے کہ ممانعت کی بناء پر جس سے بچنا ضروری ہے باقی عقل سے معلوم ہونے والی چیز کا دارومدار اس پر نہیں ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں)

## مالک وہی ہے اُس کی کارسازی کے بغیر چارہ نہیں:

آیت ۱۱۶: اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی کی سلطنت ہے۔ آسمانوں اور زمین میں اور وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور تمہارا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہ یار ہے اور نہ مددگار ہے)

آیت ۱۱۷: لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ (اللہ تعالیٰ نے پیغمبر کے حال پر توجہ فرمائی) یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر ﷺ پر منافقین کو پیچھے رہنے کی اجازت دینے پر رجوع فرمایا۔ جیسا دوسرے ارشاد میں ہے۔ عفا اللّٰه عنك لم اذنت لهم (التوبہ:۴۳) وَالْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ (اور مہاجرین وانصار کے حال پر بھی) اس میں مسلمانوں کو توبہ پر آمادہ کیا گیا۔ ہر مؤمن توبہ و استغفار کا محتاج ہے یہاں تک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مہاجرین وانصار بھی۔

الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ فِیْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ (جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا) غزوۂ تبوک کے موقع پر۔ اس کا معنی وقت العسرۃ ہے۔ الساعۃ کا لفظ مطلق وقت کے لئے استعمال ہوتا ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سواریوں کی تنگی تھی دس دس صحابہ ایک ایک اونٹ پر سوار ہوتے تھے۔ سفر کا زادِ راہ ردی قسم کی کھجور بھوسی دار جو، مہک والی چربی تھی۔ بھوک اس حد تک پہنچ گئی کہ دو دو کو ایک کھجور ملنے لگی اور بعض اوقات ایک جماعت اس ایک کھجور کو چوس کر پانی پی لیتی اور پانی کی قلت کا حال یہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کر کے ان کی اوجریاں بعض اوقات نچوڑ کر پینی پڑیں۔ ادھر موسم شدید گرمی اور تمازت والا۔ اور قحط و خشک سالی اپنے جوش میں۔

مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ مِّنْهُمْ (اس کے بعد کہ ان میں سے ایک جماعت کے دل میں کچھ تزلزل پیدا ہو چلا تھا) نمبرا۔ ایمان پر ثابت قدمی میں۔ نمبر۲۔ اس غزوہ میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ جانے میں

نحو: کاد میں ضمیر شان ہے اور اس کے بعد والا جملہ منصوب ہے یہ اسی طرح ہے جیسا کہا جاتا ہے لیس خلق اللّٰه مثله ای لیس الشان خلق اللّٰه مثله اللہ تعالیٰ نے اس جیسا بنایا نہیں۔

قراءت: حمزہ اور حفص نے یزیغُ پڑھا ہے۔

ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ (پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے حال پر توجہ فرمائی) دوبارہ تاکید کیلئے لائے۔ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان سب پر بہت ہی شفیق و مہربان ہے)

## تین صحابہ رضی اللہ عنہم پر بھی توجہ رحمت کا چھینٹا پڑا:

آیت ۱۱۸: وَّعَلَی الثَّلٰثَةِ (اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی) ای وتاب علی الثلاثة۔ اس کا عطف النبی پر ہے۔ اور تینوں پر رجوع فرمایا۔ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا (جن کا معاملہ ملتوی کر دیا گیا تھا) غزوہ سے پیچھے رہ گئے۔ حَتّٰٓی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ (یہاں تک کہ جب زمین باوجود اپنی فراخی کے ان پر تنگی کرنے لگی) مارحبت میں ما مصدر یہ ہے برحبھا۔ وسعت کے باوجود۔ دراصل یہ حیرانی کو تمثیل سے ذکر فرمایا۔ گویا وہ زمین میں کوئی جگہ ہی نہیں پا رہے تھے کہ جہاں قلق اضطراب اور گھبراہٹ سے بھاگ کر چلے جائیں۔ وَضَاقَتْ عَلَیْهِمْ اَنْفُسُهُمْ (وہ خود اپنی جان سے تنگ آ گئے)

انفس سے مراد قلوب ہیں ان کے دلوں میں انس وسرور نہ رہا گویا وہ فرط وحشت وغم سے نکل نکل گئے۔ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَیْهِ (اور انہوں نے یقین کر لیا کہ اللہ تعالیٰ سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی مگر اس کے ہاں) انہیں یقین ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی سے نکلنے کا راستہ معافی واستغفار کے علاوہ کوئی نہیں ہے۔ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ (پھر ان کے حال پر توجہ فرمائی) پچاس ایام کے بعد لِیَتُوْبُوْا (تا کہ وہ آئندہ بھی رجوع رہا کریں) تا کہ وہ بھی توابین میں شامل ہو جائیں۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ (بیشک اللہ تعالیٰ بہت توجہ فرمانے والے بڑے رحم کرنے والے ہیں) ابوبکر وراق کہتے تھے خالص توبہ یہ ہے کہ تائب کو زمین باوجود وسعت کے تنگ نظر آئے اور خود اس کا اپنا نفس بھی اس پر تنگ ہو۔ جیسا کہ یہ تین صحابہ کرام۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١١٩﴾

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ

مدینے والے اور انکے آس پاس کے رہنے والے دیہات کے لوگوں کے لئے یہ زیبا نہیں تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جانے سے

رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ

پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ بات کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر اپنی جانوں کو لے کر بیٹھ جائیں، یہ اس وجہ سے کہ انہیں جو بھی کوئی پیاس

ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔـوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ

یا تھکن یا بھوک اللہ کی راہ میں پہنچتی ہے اور وہ کسی جگہ جو قدم رکھتے ہیں جس سے کافروں کو جلن ہوتی ہے

وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

اور دشمن سے جو بھی کوئی چیز لے لیتے ہیں تو اس سب کی وجہ سے ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بلاشبہ اللہ اچھے کام کرنیوالوں کا

اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

اجر ضائع نہیں فرماتا۔ اور وہ لوگ جو بھی کوئی چھوٹا بڑا خرچہ کرتے ہیں اور جس کسی میدان کو قطع کرتے

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢١﴾

ہیں تو یہ ان کے لئے لکھ لیا جاتا ہے تا کہ اللہ ان کو انکے عمل کا اچھے سے اچھا بدلہ عطا فرمائے۔

## سچوں کا ساتھ دو:

آیت ۱۱۹: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ (اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو) نمبرا۔ ایمان والوں کے ساتھ نہ کہ منافقین کے ساتھ۔ نمبر۲۔ ان ایمان والوں کے ساتھ جو پیچھے نہیں رہے۔ نمبر۳۔ ان لوگوں کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ کے دین میں اور قول و نیت و عمل میں سچ اختیار کرنے والے ہیں۔

**مَسْئَلَه**: یہ آیت اجماع کی حجیت پر دلیل ہے کیونکہ صادقین کا ساتھ دینے کا حکم دیا گیا پس ان کا قول قبول کرنا ضروری ہوا۔

## اپنی جان کو عزیز سمجھ کر جہاد سے پیچھے نہ رہنا چاہئے:

آیت ۱۲۰: مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ (مدینہ کے رہنے والوں کو اور جو دیہاتی ان کے گردو پیش ہیں یہ مناسب نہیں تھا کہ وہ رسول اللہ کا ساتھ نہ دیں) یہاں نفی بمعنی نہی ہے ان لوگوں کو خصوصاً ذکر کیا اگرچہ تمام لوگ اس معاملے میں برابر ہیں۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ آنحضرت ﷺ کے بالکل قریب رہتے تھے۔ اور آپ کا نکلنا ان کے سامنے واضح تھا۔

وَلَا يَرْغَبُوْا (اور نہ اپنی جان کو عزیز سمجھیں) اور نہ یہ چاہیئے کہ وہ بخل کریں بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ (ان کی جان کے مقابلہ میں) جو کچھ بھی پہنچتا رہے آپ کو۔ یعنی ان کو نہ چاہیئے کہ وہ اپنے آپ کو حضور ﷺ کی ذات کے مقابلے میں ترجیح دیں بلکہ پریشانی اور تکلیف میں آپ کا ساتھ دیں اور ساتھ رہیں اور ہر سختی میں اپنے کو آپ کی خدمت میں پیش کردیں۔ ذٰلِكَ (یہ) پیچھے رہنے کی ممانعت بِاَنَّهُمْ (اس سبب سے) اس وجہ سے ہے لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ (ان کو جو پیاس لگتی ہے) پیاس وَّ لَا نَصَبٌ (اور جو تھکاوٹ پیش آتی ہے) تھکاوٹ وَّلَا مَخْمَصَةٌ (اور جو بھوک لگتی ہے) بھوک فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اللہ کی راہ میں) جہاد میں وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا (اور جو چلنا وہ چلے) اپنے گھوڑوں کے سموں سے کفار کی جس زمین کو وہ روندتے ہیں اور اپنے اونٹوں کے قدموں اور پاؤں سے لتاڑتے ہیں۔ يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ (جو کفار کیلئے غصہ کا باعث ہوا) ان کو ناراض کرے اور ان کے سینوں کو تنگ کرے۔ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا (اور انہوں نے دشمن کی جو کچھ خبر لی) ان کو قتل کی جو مصیبت پہنچتی ہے نمبر۲۔ قید و بند نمبر۳۔ زخم نمبر۴۔ ہڈی ٹوٹنا نمبر۵۔ شکست وغیرہ اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ (ان سب پر ان کے نام ایک ایک نیک عمل لکھا گیا) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہر گھبراہٹ کے بدلے ستر ہزار نیکیاں ملتی ہیں کہا جاتا ہے نال منہ جب اس کو تکلیف پہنچائے اور اس کو کم کرے۔ یہ ہر ایسی چیز کے متعلق عام ہے جو پریشانی کا باعث بنے۔

**مَسْئَلَہ**: نمبر۱۔ جو آدمی کسی کام کا قصد کرتا ہے تو اس کے لئے اس کی نقل و حرکت، قیام و قعود، کلام، مشی، رکوب وغیرہ تمام قابل بدلہ اور صلہ ہیں۔ نمبر۲۔ لڑائی ختم ہونے کے بعد مدد لشکر کے ساتھ مال غنیمت میں برابر کی شریک ہے کیونکہ کفار کے علاقوں کو روندنے سے ان کو غصہ آتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے عامر کے دونوں بیٹوں کو حصہ عنایت فرمایا۔ حالانکہ وہ دونوں لڑائی کے ختم ہونے کے بعد پہنچے تھے۔

الْمَوْطِئُ نمبر۱ یہ مورد کی طرح مصدر ہے نمبر۲۔ ظرف مکان ہے۔ اگر ظرف مکان مانیں تو پھر يَغِيْظُ الْكُفَّارَ کا معنی (اس کا روندنا کفار کو غصہ دلانے والا ہے، یہ مصدری معنی ہے) روندنے کی جگہ کفار کو غصہ دلانے والی ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (یقیناً اللہ تعالیٰ مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے) یعنی بیشک وہ مخلص ہیں اللہ تعالیٰ انکا ثواب باطل نہ کریں گے۔

## اخلاص والے ہر چھوٹے بڑے عمل کا بدلہ ہے:

آیت ۱۲۱: وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً (اور جو کچھ انہوں نے خرچ کیا) اللہ تعالیٰ کی راہ میں صَغِيْرَةً (چھوٹا) خواہ ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو وَّلَا كَبِيْرَةً (بڑا) جیسا کہ عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جیش عسرہ میں دیا۔ وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا (جتنے میدان ان کو طے کرنے

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَآفَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ

''اور مؤمنین کو یہ نہ چاہیئے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں، کیوں نہ نکلی چھوٹی جماعت بڑی جماعت میں سے

لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿۱۲۲﴾ ع ۱۵ ۴

تا کہ وہ دین میں سمجھ حاصل کریں۔ اور تا کہ یہ لوگ اپنی قوم کو ڈرائیں۔ جبکہ وہ انکے پاس واپس آجائیں۔''

پڑے) آنے جانے میں جس زمین سے ان کا گزر ہوا۔ وادی پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ۔ اور ٹیلوں کے مابین وسیع جگہ۔ جس میں ٹیلوں سے اترنے والا پانی بہتا ہو۔ یہ اصل میں فاعل ہے اصل ودی جبکہ بہنے لگے اسی سے الوادی ہے اور الودی بھی اسی سے ہے اب وادی مطلق زمین کیلئے بولا جانے لگا۔ اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ (یہ سب بھی ان کے نام لکھا گیا) وہ خرچ کرنا اور وادی عبور کرنا لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ (تا کہ اللہ تعالیٰ ان کو بدلہ دے) یہ كُتِبَ سے متعلق ہے یعنی ان کے نامہ عمل میں بدلے کیلئے لکھ دیا گیا۔ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (ان کے کاموں کا اچھے سے اچھا) یعنی ان کے ہر عمل پر بہترین جزاء عنایت فرمائیں گے اور احسن سے کم درجہ عمل کو بھی احسن کے ساتھ کثرت اجر کیلئے شامل کر لیا جائے گا۔

## کچھ جہاد میں جائیں تو دوسرے دین کا فہم حاصل کریں:

آیت ۱۲۲: وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً (مؤمنوں کو یہ نہ چاہئے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں) لام تاکید نفی کیلئے ہے تمام مسلمانوں کا طلب علم کیلئے اپنے وطنوں سے کوچ کرنا صحیح نہیں کیونکہ اس سے بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ فَلَوْلَا نَفَرَ (کیوں نہ نکلی چھوٹی جماعت) جب تمام کا کوچ نہیں تو پھر ایک گروہ کیونکر ایسا نہیں مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ (ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت) ہر بڑی جماعت میں سے چھوٹی جماعت تا کہ ان کا کوچ کرنا کفایت کر جائے۔ لِيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ (تا کہ باقی ماندہ لوگ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے رہیں) تا کہ وہ اسمیں خوب گہرائی کو بتکلف حاصل کریں اور اس کے حصول میں مشقت اٹھائیں۔

وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ (تا کہ یہ لوگ اپنی قوم کو ڈرائیں) ان کو اپنی ہمتوں کا مقصود دعوت وارشاد دین اور انذار بنانا چاہیئے۔ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ (جبکہ وہ ان کے پاس آویں) اور کوئی خسیس اغراض جیسے سرداری، صدارت حاصل کرنا اور لباس اور سواریوں میں ظالموں سے مشابہت نہ ہونی چاہیئے۔ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ (تا کہ وہ احتیاط رکھیں) جس سے بچنا ضروری ہے کہا گیا ہے کہ غزوۂ تبوک کے بعد جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی لشکر کو روانہ فرماتے جبکہ متخلفین کے بارے میں سخت عذاب کی آیات اتر چکیں تو تمام مؤمن اس لشکر میں جانے کیلئے سبقت کرتے۔ اور تفقہ فی الدین سے منقطع رہتے اس پر حکم ہوا کہ ایک گروہ کو جہاد کی طرف بھیجا جائے۔ اور باقی تمام تفقہ فی الدین میں مصروف رہیں۔ تا کہ اس جہاد اکبر سے منقطع نہ رہیں۔ اسلئے کہ قصد کرنے والوں کے ساتھ جہاد و کوشش جہاد بالنبل سے (ایک اعتبار سے) بڑھ کر ہے لیتفقھوا میں ضمیر ان باقی گروہوں کیلئے ہے جو کوچ کرنیوالوں کے بعد رہ

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

اے ایمان والو! ان کافروں سے قتال کرو جو تمہارے آس پاس ہیں اور وہ تمہارے اندر سختی محسوس

غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۱۲۳ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ

کریں، اور جان لو کہ بلاشبہ اللہ پرہیز گاروں کے ساتھ ہے، اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ان میں سے

مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس نے تم میں سے کس کے ایمان کو بڑھایا، سو جو لوگ اہل ایمان ہیں اس سورت نے ان کے ایمان کو

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۱۲۴ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

بڑھا دیا اور وہ خوش ہوتے ہیں اور جن لوگوں کے دلوں میں مرض ہے سو اس سورت نے انکی

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۱۲۵ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ

گندگی پر گندگی بڑھا دی۔ اور وہ اس حال میں مر گئے کہ وہ کافر ہیں، کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال

فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۱۲۶ وَاِذَا

ایک یا دوبار کسی نہ کسی مصیبت میں ڈالے جاتے ہیں پھر وہ رجوع نہیں کرتے اور نہ نصیحت حاصل کرتے ہیں، اور جب

مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ

کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو یہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں کہ تمہیں کوئی شخص دیکھ تو نہیں رہا، پھر

انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۱۲۷

چل دیتے ہیں، اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا، اس وجہ سے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں ہیں۔

ربع

جائیں۔ اور لینذروا قومھم تاکہ وہ باقی جماعتوں اور کوچ کرنے والوں کو جب وہ لوٹ کر آئیں وہ علوم سکھائیں جو ان کی غیر موجودگی میں حاصل کئے ہیں۔ اور پہلی صورت میں مدینہ کی طرف دین کی سمجھ حاصل کرنے کیلئے آنے والی جماعتیں مراد ہیں (کہ وہ لوٹ کر اپنے اپنے شہروں اور اقوام کو دین کی باتیں سکھائیں)۔

## کفار کے ساتھ اقرب فالاقرب کے لحاظ سے قتال کیا جائے:

آیت ۱۲۳: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِیْنَ یَلُوْنَكُمْ (اے ایمان والوان سے لڑو جوتمہارے آس پاس ہیں) تم سے جو قریب ہیں مِّنَ الْكُفَّارِ (کفار سے) قتال تمام کفار کے خلاف خواہ وہ قریب ہوں یا بعید واجب ہے لیکن وجوب اقرب فالاقرب کے لحاظ سے ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی قوم سے لڑائی کی پھر حجاز کے دیگر کفار سے۔ پھر شام۔ کیونکہ شام عراق کی نسبت مدینہ سے زیادہ قریب ہے اسی طرح ہر طرف میں لازم یہ ہے کہ قریب تر سے لڑیں۔ وَلْیَجِدُوْا فِیْكُمْ غِلْظَةً (اوران کوتمہارے اندر سختی پانی چاہئے) تم میں قتال سے قبل ان کے ساتھ بات میں سختی ودرشتی ہونی چاہئے۔ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ (اور یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ متقی لوگوں کے ساتھ ہے) نصرت وغلبہ کے ذریعہ۔

## منافقین کا قرآن سے استہزاء اوراس کا جواب:

آیت ۱۲۴: وَاِذَا مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ (اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے) ما موصولہ ہے جو تاکید کیلئے ہے فَمِنْهُمْ (تو بعض منافقین) منافقین میں سے مَّنْ یَّقُوْلُ (کہتے ہیں) ایک دوسرے کو کہتے ہیں اَیُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖۤ (اس سورت نے تم میں سے کس کے ترقی دی ہے) اس سورت نے اِیْمَانًا (ایمان میں) ایمان والوں کا استہزاء اور سورت کا انکار کرتے ہوئے اَیُّكُمْ یہ مبتداء کی وجہ سے مرفوع ہے۔ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّهُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ (سو جولوگ ایماندار ہیں اس سورت نے ان کے ایمان میں ترقی دی ہے)

آیت ۱۲۵: وَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ (اورجن کے دلوں میں بیماری ہے) شک ونفاق۔ یہ ایسا بگاڑ ہے جو بدن کی بیماری کی طرح علاج کے لائق ہے۔ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ (توان کی گندگی کے ساتھ اور گندگی بڑھادی) ایسا کفر جو ان کے کفر کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ (اور وہ حالت کفر ہی میں مر گئے) اس میں ان کے کفر پر اصرار کرنے کی اطلاع دی گئی ہے۔ (جو کہ یقیناً سچی ثابت ہوئی)

## منافق سال بسال آفات میں ڈالتے جاتے تا کہ توبہ کرلیں مگر کہاں……:

آیت ۱۲۶: اَوَلَا یَرَوْنَ (کیاان کو دکھائی نہیں دیتا) منافقین کو

قراءت: حمزہ نے تَرَوْنَ پڑھا ہے اور خطاب ایمان والوں کو ہے۔ اَنَّهُمْ یُفْتَنُوْنَ (کہ یہ آفت میں پھنستے رہتے ہیں) قحط امراض وغیرہ میں مبتلا کیے جاتے ہیں۔ فِیْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَیْنِ ثُمَّ لَا یَتُوْبُوْنَ (ہر سال میں ایک باریا دو بار پھر بھی باز نہیں آتے) اپنی منافقت سے وَلَا هُمْ یَذَّكَّرُوْنَ (اور نہ وہ کچھ سمجھتے ہیں) نمبرا۔ نہ عبرت حاصل کرتے ہیں۔ نمبر۲۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مل کر جہاد کے ذریعہ نہ تو وہ توبہ کرتے ہیں حالانکہ اسلام کا دبدبہ دیکھتے بھی ہیں۔ اور نہ صدمات سے نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ

بلاشبہ تمہارے پاس رسول آیا ہے، جو تم میں سے ہے۔ تمہیں جو تکلیف پہنچے وہ اس کے لئے نہایت گراں ہے وہ تمہارے نفع کے لئے حریص ہے۔

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

مومنین کے ساتھ بڑی شفقت اور مہربانی کا برتاؤ کرنے والا ہے۔ سو اگر لوگ روگردانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میرے لئے اللہ کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی

هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

عبادت کے لائق نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

## منافقین کی نظر بازیاں:

آیت ۱۲۷: وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ (اور جب کوئی سورت اتاری جاتی ہے تو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتے ہیں) وحی کا انکار کرتے ہوئے ایک دوسرے کو آنکھوں سے طعنے دیتے ہیں اور اسلام کا مذاق اڑانے کیلئے اور زبان سے یہ کہہ رہے ہوتے ہیں۔ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ (تم کو کوئی دیکھ نہیں رہا) مسلمانوں میں سے تاکہ ہم واپس لوٹ چلیں۔ ہم اس کو سن کر صبر نہیں کر سکتے اور نہ رک سکتے ہیں۔ ہمیں تو اتنی شدید ہنسی آرہی ہے جس کی وجہ سے ان کے درمیان ہمیں ٹھہرنے کی صورت میں رسوائی کا خدشہ ہے۔

نمبر۲۔ جب کوئی سورت منافقین کے عیوب ظاہر کرنے کیلئے اترتی ہے تو وہ ایک دوسرے کو اشارے کرتے ہیں۔ اگر تم آپ کے پاس سے اٹھے ہو تو تمہیں کسی نے اٹھتے دیکھا تو نہیں ثُمَّ انْصَرَفُوْا (پھر وہ چل دیتے ہیں) پھر رسوائی کے خطرہ کے پیش نظر آپ کے پاس سے اٹھ کر چلے جاتے ہیں۔ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ (اللہ تعالیٰ نے ان کا دل پھیر دیا ہے) قرآن کے سمجھنے سے بِاَنَّهُمْ (اس سبب سے کہ وہ) قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ (بالکل بے سمجھ لوگ ہیں) وہ تدبر ہی نہیں کرتے کہ بات کو سمجھیں۔

## عظیم الشان رسول کی رفیع الشان صفات:

آیت ۱۲۸: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ (تمہارے پاس آئے ایک عظیم الشان رسول) محمد ﷺ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ (جو تمہاری جنس سے ہیں) تمہاری جنس، تمہارے نسب سے، عربی، قرشی تمہاری طرح عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ (جن کو تمہاری مشقت والی بات نہایت ہی گراں گزرتی ہے) ان پر گراں گزرتی ہے کیونکہ وہ تمہیں میں سے ایک ہیں۔ عنتکم تمہاری تکلیف اور تمہیں ناپسند بات کا پہنچنا پس وہ تمہارے عذاب میں پڑنے اور مبتلا ہونے سے ہر وقت ڈرتے ہیں۔

حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ (تمہارے فائدے کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں) تمہارے ایمان کے متعلق بِالْمُؤْمِنِيْنَ (اور ایمان والوں کے ساتھ) جو تم میں سے ہیں یا تمہارے علاوہ میں سے ہیں۔ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (بڑے شفیق مہربان ہیں) کہا گیا ہے

کہ اللہ تعالیٰ نے اور کسی کیلئے اس کے ناموں میں دو نام ایک جگہ اکٹھے نہیں ذکر فرمائے صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے رؤف رحیم دو نام جمع کر کے ذکر فرمائے۔

آیت ۱۲۹: **فَاِنْ تَوَلَّوْا** (پھر اگر یہ روگردانی کریں) اگر آپ پر ایمان لانے سے اعراض کریں اور علیحدگی اختیار کریں۔ **فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ** (تو آپ کہہ دیں کہ میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے) پس اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرو اور اپنے اموراس کے سپرد کرو اس کی ذات ان کے تمام حملوں کی طرف سے کافی ہے وہ ذات ان کے خلاف تمہاری مدد فرمانے والی ہے۔ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ** (اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کرلیا) میں نے اپنا معاملہ اس کے سپرد کیا **وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ** (اور وہ مالک ہے عرش کا) مخلوقات میں سب سے بڑی مخلوق عرش الٰہی ہے۔ اہل سماء کے طواف کیلئے اس کو پیدا فرمایا اور ان کے لئے دعا کا قبلہ بنا دیا۔ **الْعَظِيْمِ** (بڑی عظمت والا ہے) قراءت: یہ جر کے ساتھ ہے اور مرفوع ماننے کی صورت میں رب عزوجل کی صفت ہے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ یہ آیت سب سے آخر میں نازل ہوئی۔

تمت ترجمة التوبة ليلة الخميس من شهر جمادى الاخرىٰ ۱۴۲۳ھ، ۱۲۸ اگست ۲۰۰۲ء الحمدلله اولاً وآخرا

اللّٰهم وفقنى توبة نصوحًا كما فعلت بفضلك مع اصحاب نبيك ﷺ۔

# سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّتِسْعُ اٰيَاتٍ وَّاَحَدَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ یونس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں ۱۰۹ آیات اور ۱۱ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ① اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ

الٓرٰ یہ آیات ہیں کتاب حکیم کی، کیالوگوں کواس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے انہیں میں سے ایک شخص کی طرف وحی بھیجی

اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط قَالَ الْكٰفِرُوْنَ

کہ لوگوں کو ڈرایئے اور ان لوگوں کو بشارت دیجئے جو ایمان لائے یہ کہ ان کے لئے ان کے رب کے پاس بڑا مرتبہ ہے۔ کافروں نے کہا

اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ② اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ

کہ بے شک یہ کھلا جادوگر ہے، بلاشبہ تمہارا رب اللہ تعالیٰ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن میں

اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ط مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْ بَعْدِ اِذْنِهٖ ط

پیدا فرمایا پھر وہ عرش پر مستوی ہوا، وہ ہر کام کی تدبیر فرماتا ہے اس کی اجازت کے بغیر کوئی سفارش کرنے والا نہیں،

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ط اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ③ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ط وَعْدَ اللّٰهِ

وہ اللہ تمہارا رب ہے سو تم اسکی عبادت کرو، کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے، اسی کی طرف تم سب کو لوٹ جانا ہے، اس نے سچا وعدہ

حَقًّا ط اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کررکھا ہے بلاشبہ وہی مخلوق کو ابتداءً پیدا فرماتا ہے پھر وہ اسے دوبارہ لوٹا دے گا تا کہ وہ ان لوگوں کو انصاف کیساتھ

بِالْقِسْطِ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا

بدلہ دے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے، اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ

يَكْفُرُوْنَ ④

کفر کرتے تھے۔

الٓرٰ۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ۔

## آپ کی نبوت قابل تعجب کیوں ہے؟

۱،۲: الٓرٰ اوران کی مثل ایمالہ ہے حمزہ، علی اورابوعمرو رحمہم اللہ کے نزدیک ۔ یہ حروف تحدّی کیلئے شروع سور میں لائے گئے ہیں۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ (جو اس کتاب کی آیتیں ہیں) تلك سے اشارہ ان آیات کی طرف ہے جو سورت میں پائی جاتی ہیں الکتاب سے یہ سورۃ مراد ہے۔ الْحَكِيْمِ (جو پرحکمت ہے) نمبر۱۔ حکمتوں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے کتاب کی صفت حکیم لائی گئی ہے۔ نمبر۲۔ کذب اور من گھڑت ہونے سے محفوظ ہے۔ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا (کیاان لوگوں کواس بات سے تعجب ہوا) اس میں ہمزہ استفہام انکاری تعجی ہے۔ لوگوں کے اس کے متعلق تعجب کرنے پر انکار وتعجب کا اظہار کیا گیا ہے۔

نحو: اَنْ اَوْحَيْنَآ (کہ ہم نے وحی بھیج دی) یہ کان کا اسم اور عجبًا اسکی خبر ہے اور للناس کا لام محذوف کے متعلق ہے جو کہ عجبًا کی صفت ہے جب وہ مقدم ہے تو حال بن گیا۔ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ (انہی میں سے ایک شخص کے پاس کہ سب آدمیوں کو ڈرائے)۔ نمبر۱۔ ان سے پہلے با مقدر ہے بان انذر۔ نمبر۲۔ ان مفسرہ ہے کیونکہ ایحاء میں قول کا معنی پایا جاتا ہے۔ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ (اور ایمان والوں کو خوشخبری سنائے کہ ان کو) اَنَّ سے پہلے با محذوف ہے بانّ لھم۔ للناس میں لام کا معنی یہ ہے کہ انہوں نے اس بات کو ایک عجوبہ قرار دیا جس پر وہ تعجب کرتے تھے کہ ایک انسان کی طرف وحی آئی اور وہ انسان بھی ایسا جوان کے متوسط طبقے میں سے ہے نہ کہ ان کے مالدار سرداروں میں سے۔ اسی لئے وہ کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کو رسالت کے لئے ابوطالب کے یتیم بھتیجے کے سواء اور کوئی نہ ملا۔ اور وہ آگ سے ڈراتا اور جنت کی خوشخبری سناتا ہے۔ حالانکہ ان باتوں میں سے کوئی بھی تعجب انگیز نہیں ہے کیونکہ اُمم کی طرف مبعوث رُسل انہی جیسے انسان ہوتے ہیں اور یتیم اور بے مایہ کا بھیجنا بھی تعجب خیز نہیں۔ کیونکہ نبوت کیلئے وہ منتخب کیا جاتا ہے۔ جو اسباب نبوت کا جامع ہو اور مالداری اور دنیا میں مرتبہ ودرجہ والا ہونا یہ اسباب نبوت سے قطعاً نہیں ہے اور جزاء اور سزا کیلئے دوبارہ اٹھانا یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت عظمیٰ کا تقاضہ ہے پس یہ کیونکر قابل تعجب ہوا؟ بلکہ تعجب انگیز اور قابل انکار تو صحیح عقل وفکر میں جزاء کا انکار ہے۔

## قدم صدق کی مراد:

قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ (پورا مرتبہ ملے گا ان کے رب کے ہاں) نمبر۱۔ قدم کا معنی سابقیت اور فضیلت اور بلند مرتبہ و مقام ہے۔ کیونکہ تگ ودو اور سبقت قدم سے حاصل ہوتی ہے اس لئے اچھی کوشش اور اس کے مقام اور اس میں سابقیت کو قدم سے تعبیر فرمایا گیا۔ جیسا کہ نعمت کو ید، باع کہتے ہیں کیونکہ وہ مال ہاتھ سے ادا کیا جاتا ہے اور دینے والا اپنے بازو اس کے لئے دراز کرتا ہے محاورہ میں کہتے ہیں۔ لفلان قدم فی الخیر۔ قدم کی نسبت صدق کی طرف کر کے زیادت فضل کی طرف اشارہ کر دیا۔ اور یہ بتلا دیا کہ یہ عظیم انعامات سے ہے۔ نمبر۲۔ قدم کا معنی مقام صدق ہے۔ نمبر۳۔ سعادت میں سبقت کا میسر آنا مراد ہے۔ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ (کافر کہنے لگے بلاشبہ یہ تو کھلا جادوگر ہے)

قراءت: مدنی، بصری، شامی نے لَسِحْرٌ پڑھا ہے۔ جنہوں نے لَسَاحِرٌ پڑھا ہے۔ اس سے انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی مراد لی ہے۔ اس میں دلیل ہے کہ وہ لوگ اس بات سے عاجز تھے کہ آپ کو کاذب و ساحر ثابت کر سکیں اور آپ کے سچے ہونے کے معترف تھے۔

## قضاء وقدر کا وہی مالک:

۳: اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ (بلاشبہ تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا فرمایا پھر عرش پر قائم ہوا) استوی کا معنی استیلاء وغلبہ ہے کیونکہ دیّان مکان سے پاک اور معبود حدود سے وراء الوراء ہے۔

یُدَبِّرُ (وہ تدبیر کرتا ہے) حکمت کے مطابق اندازہ کرتا اور فیصلہ فرماتا ہے۔ الْاَمْرَ (ہر کام کی) تمام مخلوقات کا معاملہ اور آسمان زمین اور عرش کا معاملہ۔ اولاً اللہ تعالیٰ کی عظمت وملکیت کا تذکرہ آسمان وزمین اور عرش کی پیدائش سے کیا۔ اور پھر یدبر الامر کا جملہ لاکر عظمت کو مزید واضح کر دیا۔ اور یہ بتلا دیا کہ اسکی شان یہ ہے کہ قضاء وقدر کا کوئی امر ان کے حکم سے باہر نہیں ہے۔ اسی طرح مَامِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ (کوئی سفارش کرنے والا نہیں بغیر اس کی اجازت کے) میں اللہ تعالیٰ کی عزت و کبریائی کی دلیل مزید دے دی ذٰلِكُمُ (ایسا) اس سے اشارہ عظمتوں کے ساتھ متصف ذات کی طرف کیا جو عظمتیں مذکور ہوئیں۔ اللّٰهُ رَبُّكُمْ (اللہ تمہارا رب ہے) وہی تو مستحق عبادت ہے فَاعْبُدُوْهُ (پس تم اسی کی عبادت کرو) اس کو وحدہٗ لاشریک جانو اور اسکی مخلوقات میں سے انسان اور فرشتوں کو بھی اس کا شریک مت بناؤ۔ چہ جائیکہ وہ جمادات بت وغیرہ جو ذرہ بھر نفع و نقصان پر بھی قدرت نہیں رکھتے اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (کیا تم پھر بھی نہیں سمجھتے) کیا تم تدبر نہیں کرتے کہ جس سے تم مصالح اور منافع کے پائے جانے سے نافع و مصلح کی ذات پر استدلال کر سکو۔

۴: اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِیْعًا (تم تمام نے اسی ہی کی بارگاہ میں لوٹنا ہے) جمیعًا حال ہے مطلب یہ ہے کہ تم بالآخر اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ پس اسکی ملاقات کی تیاری کر لو۔ نمبر۱۔ المرجع کا معنی رجوع کرنا۔ نمبر۲۔ رجوع کی جگہ وَعْدَ اللّٰهِ (اللہ نے وعدہ کر رکھا ہے) یہ الیه مرجعکم کیلئے مصدر بطور تاکید لایا گیا ہے۔ حَقًّا (سچا) یہ وعد اللہ کیلئے مصدر مؤکد ہے۔ اِنَّهٗ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ (وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا) یہ جملہ مستانفہ ہے اور اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنے کی علت بیان کرنا ہے۔

## شرک نہ کرنے والے منصف ہیں:

لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (تا کہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے وہ جزاء دے) یعنی تخلیق اور اعادہ کی حکمت یہ ہے کہ مکلفین کو ان کے اعمال کا بدلہ دیا جائے۔ بِالْقِسْطِ (انصاف کے ساتھ)

نحو: بالقسط یہ یجزی کے متعلق ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے لیجز یھم بقسطه۔ نمبر۱۔ تا کہ اپنے انصاف سے انکو بدلہ دے اور انکو انکا پورا پورا اجر عنایت کرے یا نمبر۲۔ ان کے انصاف کا بدلہ دے۔ یعنی جو انہوں نے انصاف اور عدل کیا اور ظلم نہ کیا۔

هُوَالَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ

اللہ وہ ہے جس نے سورج کو روشنی بنایا اور چاند کو نور بنایا، اور اس کے لئے منزلیں مقرر فرما دیں تا کہ تم

السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ⑤

برسوں کی گنتی جان لو اور حساب کو معلوم کرلو، یہ چیزیں اللہ نے حق ہی کے ساتھ پیدا فرمائی ہیں، وہ جاننے والوں کے لئے تفصیل کے ساتھ نشانیاں بیان فرماتا ہے

اِنَّ فِی اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

بے شک رات اور دن کے ایک دوسرے کے بعد آنے جانے میں اور جو کچھ اللہ نے آسمان اور زمین میں پیدا فرمایا ہے ان میں ان لوگوں کے لئے دلائل ہیں

یَّتَّقُوْنَ ⑥

جو ڈرتے ہیں۔

جبکہ وہ ایمان لائے اسلئے کہ شرک بڑا ظلم ہے جیسا کہ (سورۂ لقمان ۱۳) میں فرمایا ان الشرك لظلم عظیم اور یہ وجہ سب سے بہتر ہے کیونکہ اس ارشاد کے مقابلہ میں وارد ہے۔ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ وَّ عَذَابٌ اَلِیْمٌ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ (اور جن لوگوں نے کفر کیا انکو کھولتا ہوا پانی پینے کو ملے گا اور دردناک عذاب ہوگا انکے کفر کی وجہ سے) اور میرا کلام بھی ایک وجہ ہے۔

**نمونۂ قدرت:**

۵: هُوَالَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً (وہی ذات جس نے سورج کو تیز روشنی والا بنایا) یہ ضوء سے ضیاء بنا ہے۔ ضیاء میں یا اصل میں واؤ ہے ماقبل کسرہ کی وجہ سے یا بنی ہے۔ اور ہمزہ سے قبل یہ تبدیلی لائی گئی کیونکہ یا حرکت کیلئے زیادہ مناسب ہے۔

**دوسرا نمونہ:**

وَّالْقَمَرَ نُوْرًا (اور چاند کو نورانی بنایا) ضیاء، نور کی بنسبت تیز روشنی کو کہتے ہیں۔ اسی لئے چاند کے لئے نور (دھیمی روشنی) اور سورج کیلئے ضیاء (تیز روشنی) کا لفظ لایا گیا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ (اور اس کے لئے مقرر کر دیا منازل کا اندازہ) اور چاند کا اندازہ کیا یعنی اس کے چلنے کی منازل مقرر فرمائیں۔ نمبر۲۔ ذا منازل۔ اس کو منازل والا بنایا۔ جیسا کہ سورت یٰسٓ ۳۹۔ میں فرمایا و القمر قدرناہ منازل۔

لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ (تا کہ تم سالوں کی گنتی جان لو) یعنی سالوں کی تعداد اور مہینوں کی، ذکر صرف سنین کا فرمایا کیونکہ مہینے ان میں خود شامل ہیں وَالْحِسَابَ (اور حساب کو) اور مدتوں کا حساب اور مقررہ اوقات سالوں اور مہینوں کے ساتھ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ ذلك کا مشار الیہ مذکورہ چیزیں ہیں (کہ اللہ تعالیٰ نے ان مذکورہ چیزوں کو نہیں بنایا) اِلَّا بِالْحَقِّ (مگر حق کے ساتھ) اس حکمت بالغہ سے یہ متصل ہیں۔ بے کار پیدا نہیں کئے گئے۔ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ (وہ نشانات کو کھول کر بیان کرتا ہے)

إِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ

بلاشبہ جو لوگ ہمارے پاس آنے کی اُمید نہیں رکھتے اور وہ دنیاوالی زندگی پر راضی ہو گئے اور اس پر مطمئن ہو گئے اور وہ لوگ

هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۷ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۸ إِنَّ الَّذِيْنَ

جو ہماری آیات سے غافل ہیں ایسے لوگوں کا ٹھکانہ ان کے اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے ، بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ

ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کا رب انکے ایمان کی وجہ سے انہیں راہ بتا دے گا، ان کے نیچے نہریں جاری

الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۹ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ

ہوں گی ۔ نعمت کے باغوں میں ہوں گے، ان میں انکی یہ بات ہو گی کہ اے اللہ تو پاک ہے ،اور اس میں ان کا تحیہ سلام ہو گا

وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۱۰

اوران کی آخری بات الحمدللّٰہ رب العلمین ہوگی۔

قراءت: مکی، بصری، حفص نے یا سے پڑھا جبکہ دیگر قراء نے نون سے پڑھا ہے۔لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (جاننے والےلوگوں کیلئے) پس وہ ان میں غور کر کے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔

**نمونہ نمبر۳:**

۶: اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ (بیشک رات دن کے آگے پیچھے آنے میں) نمبرا۔ان میں سے ہر ایک کے دوسرے کے پیچھے آنے میں۔نمبر۲۔ان کے باہمی رنگوں کے مختلف ہونے میں۔وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اوران چیزوں میں جواللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کی ہیں) یعنی تمام مخلوقات میں لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ (بڑے دلائل ہیں ان لوگوں کیلئے جوڈرتے ہیں) ڈرنے والوں کا خاص طور پر تذکرہ فرمایا کیونکہ آخرت کا کھٹکا اور ڈرانہی لوگوں کو ہے پھر یہ ڈران کو غور وفکر کی طرف متوجہ کردیتا ہے۔

## دنیا پر خوش اور آخرت سے غافل آگ میں:

۷: اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا (جن لوگوں کو ہمارے سامنے پیش ہونے کا ڈر کھٹکا نہیں ہے) نمبرا۔ بالکل اسکی توقع ہی نہیں رکھتے۔اور نہ ہی اس کا خیال اپنے دلوں میں لاتے ہیں کیونکہ حقائق کو سمجھنے سے وہ غفلت کا شکار ہیں۔یا نمبر۲۔ ہماری بہتر ملاقات کی امید نہیں کرتے جیسا کہ سعادت مند لوگ امید کرتے ہیں۔یا نمبر۳۔ ہمارے سامنے بری حاضری سے نہیں ڈرتے۔وہ

بری ملاقات جس سے ڈرنا ضروری ہے۔
وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (اور وہ دنیا کی زندگی سے خوش ہیں) آخرت کے مقابلہ میں اورانہوں نے قلیل فانی کو کثیر باقی پر ترجیح دی ہے۔ وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا (اسی پر مطمئن ہیں) وہ اس میں اس طرح رہ رہے ہیں جیسے اس سے زائل نہ ہونگے اسی لئے انہوں نے مضبوط تعمیرات کی ہیں اور لمبی امیدیں باندھ رکھی ہیں۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ (اور جولوگ کہ ہمارے دلائل سے غفلت برتنے والے ہیں) ان میں سوچ و بچار نہیں کرتے۔
نحو: اس پر وقف نہیں کیونکہ اِنَّ کی خبر اُولٰٓئِكَ مَاْوٰهُمُ النَّارُ ہے۔
۸: اُولٰٓئِكَ مَاْوٰهُمُ النَّارُ (ایسے لوگوں کا ٹھکانہ دوزخ کی آگ ہے)
نحو: اُولٰٓئِكَ مبتداء اول، ماوھم مبتدا ثانی النار اسکی خبر اور دونوں مل کر اُولٰٓئِكَ کی خبر اور یہ ان کی خبر ہے۔ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (اس کمائی کے بدلے میں جو وہ کماتے تھے) بما کی با کا متعلق جوزا محذوف کلام اس پر دلالت کر رہا ہے۔

## جنت ایمان سے ملی:

۹: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ (بے شک جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل بھی کئے انکا رب ان کو ان کے ایمان کی وجہ سے ان کے مقصد تک پہنچائے گا) ان کے ایمان کے سبب ان کا رب ان کو ثواب تک پہنچانے والا ہے کیونکہ انہوں نے سیدھے راستہ پر استقامت اختیار کی۔ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ (اس کے نیچے نہریں جاری ہونگی) اس کا بیان اور تفسیر ہے۔ کیونکہ سعادت کے سبب کو مضبوطی سے تھام لینا یہ سعادت تک پہنچنے کی طرح ہی ہے۔ نمبر۲۔ آخرت میں جنت کے راستہ کی طرف ان کے نور ایمان کے سبب ان کی راہنمائی کرے گا۔ اور اس حدیث میں اس بات کا ذکر ہے ان المومن اذا خرج من قبره صوّرله عمله فى صورة حسنة۔ فيقول له انا عملك فيكون له نورا و قائداً الى الجنة والكافر اذاخرج من قبره صوّرله عمله فى صورة سيئة فيقول له انا عملك فينطلق به حتى يدخله النار (ابن جریر فی الطبری) کہ مومن کا عمل اچھی شکل میں جنت کا راہنما ہوگا اور کافر کا عمل بری شکل میں جہنم کا راہنما بنے گا۔
مَسْئَلَه: اس میں اس بات کا ثبوت ہے کہ مجرد ایمان نجات کا باعث ہے اسی لئے بایمانہم فرمایا گیا۔ عمل صالح کو اس کے ساتھ نہیں ملایا۔ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (نعمتوں والے باغات میں) یہ نمبر۱۔ تجری کے متعلق ہے نمبر۲۔ الانھار سے حال ہے۔

## جنت والوں کی دعا وسلام:

۱۰: دَعْوٰهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ (ان باغات میں ان کی پکار ہوگی اے اللہ تیری ذات ہر عیب سے پاک ہے) دعوٰی یہاں دعا کے معنی میں ہے کیونکہ اللّٰھم نداء ہے کہ اے اللہ ہم آپ کی تسبیح کرتے ہیں یعنی سبحانك اللّٰهم کہہ کر وہ اپنے رب کو پکاریں گے یہ ذکر الٰہی تلذذ کیلئے ہوگا عبادت کیلئے نہیں۔ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ (اور سلام آپس میں السلام علیکم ہوگا) نمبر۱۔ سلام سے وہ ایک دوسرے کو مبارک باد دیں گے۔ نمبر۲۔ فرشتے اس طرح ان کو سلام کریں گے گویا مصدر کی اضافت مفعول کی طرف ہے۔ نمبر۳۔ اللہ تعالیٰ کا ان کو سلام ہوگا۔ واٰخِرُ دَعْوٰهُمْ (اور ان کی آخری بات) اور ان کی دعا کا اختتام تسبیح ہوگی۔ اَنِ الْحَمْدُ

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ

اور اگر اللہ لوگوں پر نقصان واقع کرنے میں جلدی کرتا جیسے کہ وہ بھلائی کے لئے جلدی مچاتے ہیں تو ان کا وعدہ پورا ہو چکا ہوتا، سو جو لوگ

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ⑪ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ

ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے ہم انکی سرکشی میں انہیں سرگرداں چھوڑ دیتے ہیں، اور جب انسان کو

الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ

کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے لیٹے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور کھڑے ہوئے، پھر جب ہم اس کی تکلیف ہٹا دیتے ہیں تو وہ اس حال میں گزر جاتا ہے کہ گویا

لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑫ وَلَقَدْ

اس نے ہمیں کسی تکلیف کے پہنچ جانے پر پکارا ہی نہ تھا، اسی طرح حد سے بڑھ جانے والوں کے لئے انکے اعمال مزین کر دیئے گئے ہیں اور ہم نے

اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا

تم سے پہلے بہت سی جماعتوں کو ہلاک کیا جبکہ انہوں نے ظلم کیا اور ان کے پاس انکے رسول کھلی ہوئی دلیلیں لے کر آئے، اور وہ لوگ

كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ⑬ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى

ایمان لانے والے نہ تھے، ہم اسی طرح مجرموں کو سزا دیا کرتے ہیں، پھر ہم نے تمہیں زمین میں

الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ⑭

ان کے بعد خلیفہ بنا دیا تا کہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (کہ سب تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں) وہ کہیں گے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ یہ اَن مخففہ من المثقلہ ہے اور اصل عبارت یہ ہے انہ الحمد للہ رب العالمین ۔ یہ ہٗ ضمیر شان ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ان کے کلام کی ابتداء تسبیح اور آخر تحمید سے ہوگی پس اللہ تعالیٰ کی تعظیم و تقدیس سے ابتداء کر کے شکر و ثناء پر اختتام ہوگا۔ اور اس کے درمیان میں اپنے ارادے سے جو گفتگو چاہیں گے وہ کریں گے۔

## جلد عذاب نہ آنے میں حکمت:

۱۱: وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ (اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر برائی بھیجنے میں جلدی کیا کرتا جیسا لوگ بھلائی مانگنے میں جلدی کرتے ہیں) اصل اس طرح ہے اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو شر بھی اس طرح جلدی پہنچا دیتے جیسا وہ بھلائی میں جلدی

مانگتے ہیں۔ پس آیت میں استعجال بالخیر کو تعجیل خیر کی جگہ رکھ کر اس کے جلد قبول ہونے کی اطلاع دی ہے۔ **ھم** سے مراد اہل مکہ ہیں۔ استعجال سے ان کے قول **فامطر علینا حجارۃ من السمآء**۔ [الانفال:۳۲] کی طرف اشارہ ہے کہ اگر ہم ان کو شر بھی جلدی سے پہنچا دیں جیسا کہ ہم خیر ان کو جلدی دیتے اور اس سلسلہ میں ان کی دعا قبول کرتے ہیں۔ **لَقُضِیَ اِلَیْھِمْ اَجَلُھُمْ** (تو ان کا وقت مقررہ کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا) تو وہ مر چکے اور ہلاک ہو چکے ہوتے۔

**قراءت: لَقَضٰی اِلَیْھِمْ اَجَلَھُمْ** شامی نے معروف پڑھا۔ اور فاعل اللہ تعالیٰ کی ذات کو بنایا ہے۔

**فَنَذَرُ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَ نَا فِیْ طُغْیَانِھِمْ** (پس ان لوگوں کو جو ہمارے پاس آنے سے ڈر نہیں رکھتے ان کے حال پر چھوڑتے ہیں وہ اپنی سرکشی میں) یعنی اپنے شرک اور گمراہی میں **یَعْمَھُوْنَ** (حیران ہیں) یعنی متردد ہیں۔ ماقبل سے اس کے اتصال کی وجہ یہ ہے کہ لو یعجل اللہ کا ارشاد تعجیل کی نفی کو اپنے اندر شامل کرنے والا ہے۔ گویا تقدیر اس طرح ہے **ولا تعجل لھم الشر ولا نقضی الیھم اجلھم فنذرھم فی طغیانھم یعنی نمھلھم و نفیض علیھم النعمۃ مع طغیانھم الزاما للحجۃ علیھم**۔ نہ ہم ان کو جلد شر پہنچاتے ہیں اور نہ ہی ان کی مدت مقررہ کو ختم کرتے ہیں بلکہ ان کی سرکشی میں مہلت دیکر اور سرکشی کے باوجود انعامات دیکر ان کو چھوڑ دیتے ہیں۔ تاکہ ان پر حجت تمام ہو جائے۔

## کافر کا دکھ سکھ میں حال:

**۱۲: وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ** (جب انسان کو پہونچتی ہے) مس کا معنی پہنچنا اور انسان سے کافر انسان مراد ہے **الضُّرُّ دَعَانَا** (تکلیف تو وہ ہمیں پکارتا ہے) یعنی اللہ تعالیٰ کو پکارتا ہے تاکہ وہ اس تکلیف کا ازالہ کر دے **لِجَنْۢبِہٖٓ** (اپنے پہلو پر) یہ حال ہے کیونکہ بعد والے حال کا یہ معطوف علیہ ہے۔ **اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا** (بیٹھے یا کھڑے) یعنی لیٹے ہوئے بھی ہمیں پکارتا ہے۔ ان تینوں حالتوں کو ذکر کرنے کا فائدہ یہ ہے۔ کہ تکلیف زدہ کے بارے ظاہر کر دیا جائے کہ وہ ہمیں مسلسل پکارتا ہے۔ نہ پکارنے سے اکتاتا اور نہ منقطع کرتا ہے جب تک کہ ضرر و تکلیف اس سے دور نہیں ہو جاتی۔ وہ تمام حالتوں میں ہمیں پکارتا رہتا ہے۔ خواہ اس طرح لیٹنے کی حالت ہو کہ وہ اٹھ بھی نہ سکے یا بیٹھنے کی حالت ہو کہ قیام کی سکت نہ پاتا ہو یا قیام کی حالت ہو کہ چلنے کی مطلق قدرت نہ ہو۔

**فَلَمَّا کَشَفْنَا عَنْہُ ضُرَّہٗ** (جب ہم اسکی تکلیف کا ازالہ کر دیتے ہیں) یعنی اس تکلیف کو زائل کر دیتے ہیں جس میں وہ مبتلا ہوتا ہے۔ **مَرَّ کَاَنْ لَّمْ یَدْعُنَآ اِلٰی ضُرٍّ مَّسَّہٗ** (تو وہ ایسا گزر جاتا ہے گویا اس نے کسی تکلیف کے پہنچنے میں ہمیں کبھی بلایا ہی نہیں)۔ نمبر ا۔ یعنی وہ اپنے تکلیف پہنچنے سے پہلے والے راستہ پر چل پڑتا ہے۔ اور مشقت و تکلیف والی حالت یکسر بھلا دیتا ہے۔ یا نمبر ۲۔ گڑگڑانے اور تضرع کے مقام سے گزر جاتا ہے اور اسکی طرف لوٹ کر نہیں آتا۔ گویا کہ وہ تضرع کے مقام سے واقف بھی نہیں۔ **کان لم یدعنا** اصل میں **کانہ لم یدعنا** تھا تخفیف کی بناء پر ضمیر شان کو حذف کر دیا۔ **کَذٰلِکَ** (اسی طرح) اس تزئین کی طرح **زُیِّنَ لِلْمُسْرِفِیْنَ** (خوشنما کر دیئے جاتے ہیں حد سے بڑھنے والوں کیلئے) کفر کی طرف حدود میں تجاوز کرنے والوں کیلئے شیطان اپنے وساوس سے بُرے اعمال کو مزین کرتا ہے۔ **مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ** (ان کے ان اعمال کو جو وہ کرتے تھے) اعمال

سے یہاں اللہ تعالیٰ کی یاد سے اعراض اور اتباع کفر مراد ہے۔

## مکذبین کا انجام ہلاکت:

۱۳: وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ (بیشک ہم نے تم سے پہلے بہت سے اہل زمانہ کو ہلاک کیا) کُم سے اہل مکہ کو مخاطب فرمایا گیا ہے لَمَّا ظَلَمُوْا (جب انہوں نے ظلم کیا) ظلم سے یہاں شرک مراد ہے یہ اهلکنا کا ظرف ہے۔ وَجَآءَ تْهُمْ رُسُلُهُمْ واؤ حالیہ ہے (حالانکہ ان کے رسول ان کے پاس) مطلب یہ ہے کہ تکذیب کر کے انہوں نے ظلم کیا حالانکہ ان کے رسول ان کے پاس بِالْبَيِّنٰتِ معجزات لائے وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا (وہ نہ تھے ایسے کہ مانتے) اگر وہ باقی رہتے اور ہلاک نہ کئے جاتے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں جانتے تھے کہ وہ کفر پر اصرار کرتے رہیں گے۔

نحو: اس کا عطف ظلموا پر ہے یا یہ جملہ معترضہ ہے اور اس میں لام نفی تاکید کیلئے ہے مطلب یہ ہوا کہ ان کی ہلاکت کا اصل سبب انکار رسولوں کی تکذیب کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے علم ازلی سے جانتے ہیں کہ ان کو مہلت دینے میں کوئی فائدہ نہیں۔ کیونکہ نبوت کے ذریعہ ان پر اتمام حجت کر دی گئی ہے۔ كَذٰلِكَ (اسی طرح) ہلاکت جیسی سزا نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ (ہم سزا دیا کرتے ہیں مجرمین کو) اس میں اہل مکہ کو رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کے جرم پر ڈرایا گیا ہے (کہ باز آؤ ورنہ تمہارا انجام ان لوگوں سے مختلف نہ ہوگا)۔

## ماضی سے عبارت پکڑو نہ اکڑو:

۱۴: ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ (پھر ان قوموں کے بعد ہم نے تمہیں ان کا جانشین بنایا) یہ ان لوگوں کو خطاب ہے جنکی طرف حضرت محمد ﷺ کو براہ راست مبعوث فرمایا کہ ہلاک شدہ اقوام کے بعد ہم نے اے مخاطبین تمہیں زمین میں ان کا نائب بنایا۔ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ (تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو) یعنی تاکہ ہم دیکھیں کیا تم خیر کے اعمال بجا لاتے ہو یا شر کا ارتکاب کرتے ہو۔ پھر ہم تمہارے اعمال کے مطابق تم سے سلوک برتیں گے۔

نحو: وکیف یہ تعملون کی وجہ سے محل نصب میں ہے۔ لِنَنْظُرَ کی وجہ سے نہیں کیونکہ استفہام کا معنی اس سلسلہ میں رکاوٹ ہے اس کا عامل اس سے مقدم ہے۔ مطلب اس طرح بنا۔ تم ہماری نگاہ میں ہو۔ اب غور کر لو کہ کس طرح کے اعمال تم کر رہے ہو۔ ماضی کو نگاہ عبرت سے دیکھنے والے ہو یا اس کو نظر انداز کر کے حال کے غرور میں مبتلا ہو؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (فداہ ابی وامی) الدنیا حلوة خضرة وان اللّٰه مستخلفكم فيها فناظر كيف تعملون دنیا شیریں سرسبز ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے بعد وہ تمہیں دینے والے ہیں تاکہ آزمائیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ

اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو جو لوگ ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے یوں کہتے ہیں کہ آپ اس قرآن کے علاوہ

غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ

دوسرا قرآن لے آیئے یا اس کو بدل دیجئے، آپ فرما دیجئے کہ مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں اسے اپنے پاس سے بدل دوں، میں تو

اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۱۵

بس اسی کا اتباع کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے، بے شک میں اگر اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں،

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ

آپ فرما دیجئے کہ اگر اللہ چاہتا تو میں تم لوگوں پر اس کی تلاوت نہ کرتا اور نہ تمہیں اللہ اس کی اطلاع دیتا، سو میں تمہارے درمیان اس سے پہلے عمر کے ایک بڑے حصہ تک

قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۶ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

رہ چکا ہوں، کیا تم سمجھ نہیں رکھتے، سو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جو اللہ پر بہتان باندھے یا اس کی آیات

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۱۷

کو جھٹلائے، بے شک بات یہ ہے کہ مجرم کامیاب نہیں ہوتے۔

## اور قرآن کا مطالبہ اور اس کا جواب:

۱۵: وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ (اور جب ان کو ہماری واضح آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں) بینات، حال ہے۔ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا (وہ لوگ کہتے ہیں جن کو ہماری ملاقات کی امید نہیں) جب کہ ان کو قرآن میں بتوں کی عبادت کی مذمت اور سرکش لوگوں کے متعلق وعید پر غصہ آتا ہے۔ ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ (تو اس قرآن کے سواء اور قرآن لے آ) اس میں وہ چیزیں نہ ہوں جو ہمیں غصہ دلائیں۔ تو ہم آپ کی اتباع کر لیں گے۔ اَوْ بَدِّلْهُ (یا اسی کو بدل دے) اس طرح کہ آیت عذاب کی جگہ رحمت کی آیات اور ہمارے معبودوں کا تذکرہ اور ان کی عبادت کی مذمت نکال دو۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ملا کہ آیت عذاب کی جگہ آیت رحمت رکھ دینا اور معبودوں کی مذمت نکال دینا چونکہ انسانی قدرت کے تحت ہے۔ اس کے جواب میں اس طرح فرما دیں۔

قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ (آپ کہہ دیں مجھے حق نہیں) یعنی میرے لئے حلال نہیں۔ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ (کہ میں اس قرآن میں اپنی طرف سے کوئی ردو بدل کر سکوں) تلقاء نفسی کا معنی من قبل نفسی اپنے نفس و ذات کی جانب سے۔ اِنْ

اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰی اِلَیَّ (میں تو صرف اسی حکم کی اتباع کرتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے) یعنی میں بلاکم وکاست وحی الٰہی کی اتباع کرتا ہوں اس میں کوئی تبدیلی اپنی طرف سے نہیں لاتا کیونکہ میں یہ سب اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے لاتا ہوں۔ اپنی طرف سے نہیں کہ تبدیلی کا مجاز ہوں۔ (جب وحی میرے اختیار میں نہیں تو تبدیلی کیسے میرے اختیار میں ہو سکتی ہے) اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ (اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے اپنے رب کے عذاب کا خطرہ ہے) اپنی طرف سے اس میں تبدیلی کرنے پر یَوْمٍ عَظِیْمٍ (بڑے دن میں) یوم عظیم سے قیامت کا دن مراد ہے۔

عظیم فائدہ:

اور قرآن لانے پر کسی انسان کو قدرت وطاقت نہیں۔ ان کا عجز تو ظاہر ہو چکا تھا مگر ضد کی بناء پر اپنا عجز تسلیم نہ کرتے تھے بلکہ اس طرح کی ڈینگیں مارتے۔ لو نشاء لقلنا مثل هذا [الانفال:۳۱] (مگر چیلنج کے باوجود نہ کرنا اس بات کو واضح کر رہا تھا کہ وہ کر ہی نہیں سکتے) ائت بقرآن غیر هذا او بدله کہ اس کے علاوہ اور قرآن لے آ، یا اس کو بدل دے، کا مقصد ان کے نزدیک ہرگز یہ نہیں تھا کہ وحی کے ذریعہ اس کو بدل دے کیونکہ اس کے متعلق تو آپ فرما چکے انی اخاف ان عصیت (الایۃ) مجھے تو خود نافرمانی کی صورت میں بڑے دن کے عذاب کا خطرہ ہے۔ اب ان کی غرض ائت بقرآن سے اس کے سواء اور کوئی نہیں تھی کہ وہ آپ سے فریب کرنا چاہتے تھے اور تبدیلی قرآن والی بات میں یہ غرض بھی پنہاں تھی کہ یہ قرآن تم خود بنا کر لائے ہو۔ اور اس جیسا اور لا سکتے ہو۔ پس اس میں تبدیلی کر کے اور لے آؤ۔ یہ تبدیلی والی بات بھی آپ کی آزمائش کیلئے ایجاد کی گئی تھی کہ اگر وہ تبدیلی کر دیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کر دے گا۔ پس ہمیں ان سے نجات مل جائے گی۔ اور اگر ہلاک نہ بھی ہوئے تو مسخری کا موقع مل جائے گا۔ پس یہ تبدیلی آپ کے خلاف مستقل دلیل مل جائے گی اور مفتری ہونا (نعوذ باللہ) صحیح قرار پائے گا۔

۱۶: قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَیْكُمْ (کہہ دیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو میں تم کو یہ پڑھ کر نہ سناتا) یعنی قرآن مجید کی تلاوت فقط اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ہے اور اس کا اظہار ایک خارجی معاملہ ہے جو عادت کے اعتبار سے عجیب ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک امی آدمی جس نے کسی سے پڑھا نہ ہو۔ اور نہ علماء کی مجلس میں بیٹھا ہو مگر وہ تمہارے سامنے ایک فصیح وبلیغ کتاب پیش کرے جو ہر فصیح کلام پر غالب ہو اور ہر نثری اور شعری کلام پر فوقیت رکھے اور اصول وفروع کے علوم سے پُر ہو۔ اخبار بالغیب بھی اس میں اس طرح دیئے گئے ہوں کہ جن کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا۔

وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ (اور نہ اللہ تعالیٰ تمہیں قرآن مجید کی خبر دیتا) اللہ تعالیٰ میری زبان سے قرآن کا علم جاری نہ کرتا۔ فَقَدْ لَبِثْتُ فِیْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ (بیشک اس قرآن سے پہلے بھی میں تم میں زندگی کا ایک بڑا حصہ گزار چکا ہوں) قبل سے نزول قرآن سے قبل کا زمانہ مراد ہے۔ یعنی میں تمہارے مابین چالیس برس رہا۔ اور اس عرصہ میں اس قسم کی کسی چیز کو تم میرے بارے میں نہیں جانتے اور نہ ہی یہ میری قدرت میں ہے نہ میں علم اور بیان سے موصوف رہا ہوں۔ کہ تم مجھ پر اختراع کی تہمت لگاؤ۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے ہو) پس تم جان لو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ مجھ جیسے انسانوں کی طرف سے نہیں۔ یہ اس الزام تراشی کا جواب ہے جو ائت بقرآن [یونس:۱۵] کہہ کر انہوں نے کی تھی کہ تو افتراء کرنے والا ہے (نعوذ باللہ)

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ

اور وہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو ان کو نہ نقصان دے سکیں اور نہ نفع پہنچا سکیں، اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ

شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي

اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں، آپ فرما دیجئے کیا تم اللہ کو وہ بات بتاتے ہو جسے وہ نہیں جانتا آسمانوں اور

الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً

زمینوں میں، وہ ان لوگوں کے شرک سے پاک ہے، اور برتر ہے، اور لوگ پہلے ایک ہی امت

وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا

تھے پھر انہوں نے آپس میں اختلاف کرلیا، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے پہلے سے بات طے نہ ہوچکی ہوتی تو ان کے درمیان اس چیز میں فیصلہ ہو چکا

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ

ہوتا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، اور وہ کہتے ہیں کہ اس پر کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کی گئی، سو آپ فرما دیجئے

اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع ۲ / ۷

کہ غیب کا علم صرف اللہ ہی کو ہے، سو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں۔

۱۷: فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھے) نمبر۱۔ افتراء سے یہاں اللہ تعالیٰ کا شریکوں والا اور اولاد والا ہونا مراد ہو۔ نمبر۲۔ آپ کی طرف افتراء کی جو نسبت انہوں نے کی اس سے بچنا مقصود ہو۔ اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ (یا اسکی آیات کی تکذیب کرے) آیات سے قرآن مراد ہے۔

مَسْئَلَه: اس میں وضاحت کردی کہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنے والا اور اسکی آیات کو جھٹلانیوالا دونوں کفر میں برابر ہیں۔ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ (بلاشبہ ایسے مجرموں کو کبھی فلاح میسر نہیں آتی)

۱۸: وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ (اور وہ مشرک اللہ تعالیٰ کے سوائے ان کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کو کچھ نقصان دے سکتے ہیں) اگر وہ ان کی عبادت کو ترک کردیں۔ وَلَا يَنْفَعُهُمْ (اور نہ ان کو نفع دے سکتے ہیں) اگر وہ ان کی عبادت کریں۔ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ (اور وہ کافر اسطرح کہتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں) ھٰؤلاء سے اصنام کی طرف اشارہ ہے عند اللہ سے دنیا اور اس کے دوران زندگی مراد ہے کیونکہ وہ بعث بعد الموت کے قائل نہ تھے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے نام کی پختہ قسمیں اٹھاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرنے والوں کو بالکل نہ اٹھائے گا۔ [النحل: ۳۸] نمبر۲۔ قیامت کے دن سفارشی

ہو نگے اگر بعث ونشور ہو۔

## اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک موجود ہی نہیں:

قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ (کہہ دیں کیا تم اللہ تعالیٰ کو ایسی چیز سے مطلع کرنا چاہتے ہو جس کے آسمان وزمین میں موجود ہونے کا علم اللہ تعالیٰ کو نہیں) کیونکہ وہ شئی موجود ہی نہیں کیا تم اللہ تعالیٰ کو ان کے سفارشی ہونے کی اطلاع دیتے ہو حالانکہ وہ ایسی خبر ہے جو معلومات الٰہی میں نہیں۔ جب وہ معلومات الٰہی میں نہیں حالانکہ وہ تو تمام معلومات کا عالم و جاننے والا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ وہ موجود ہی نہیں۔فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ یہ اس نفی کی تاکید ہے۔کیونکہ جو چیز آسمانوں اور زمین پر نہیں پائی جاتی وہ معدوم ہے۔سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے پاک اور بلند و بالا ہے) اس میں اس نے اپنی ذات کو شرک سے پاک قرار دیا ہے۔

قراءت: حمزہ وعلی نے تشرکون تا سے پڑھا ہے۔اور ما موصولہ ہے یا مصدریہ ہے یعنی ان شرکاء سے جن کو وہ شریک قرار دیتے ہیں یا ان کے شریک کرنے سے پاک ہے۔

## سب کا ایک دین:

۱۹: وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّاۤ اُمَّةً وَّاحِدَةً (پہلے انسان ایک ہی جماعت تھے) سب سے کٹ کر ایک اللہ تعالیٰ کے متقی بندے ایک ملت پر قائم تھے۔ان میں کوئی اختلاف نہ تھا۔یہ آدم علیہ السلام کے زمانہ کی بات ہے جب تک کہ ہابیل کا قتل پیش نہ آیا۔نمبر۲۔ طوفان نوح علیہ السلام کے بعد جبکہ فقط مومن باقی رہ گئے کوئی کافر نہ رہا۔اس وقت لوگ ایک دین پر تھے۔

## دنیا امتحان گاہ ہے نہ کہ فیصلہ گاہ:

فَاخْتَلَفُوْا (پھر وہ الگ الگ ہو گئے) پس وہ مذاہب میں بٹ گئے۔وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ (اگر آپ کے رب کی طے شدہ بات پہلے سے نہ ہوتی) وہ بات حکم کو قیامت تک کیلئے مؤخر کرنا ہے۔لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ (تو ان کے مابین کبھی کا فیصلہ ہو چکا ہوتا) یعنی جلدی سے فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (جس چیز میں وہ اختلاف کرتے تھے) اس بات میں جس میں انہوں نے اختلاف کیا۔تاکہ حق پرست اور باطل پرست میں امتیاز ہو جائے۔اللہ تعالیٰ کی بات اس حکمت کی بناء پر پہلے سے طے ہو چکی کہ یہ دنیا دار التکلیف ہے اور اگلا جہاں ثواب وعقاب کا مقام ہے۔

## مُنہ مانگی نشانی کا مطالبہ:

۲۰: وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ (اور یہ اس طرح کہتے ہیں کہ اس پیغمبر پر اس کے رب کی طرف سے کوئی معجزہ کیوں نہیں اترا) آیت سے وہ نشانی مراد ہے جس کا وہ مطالبہ کرتے تھے۔فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ (کہہ دیں کہ بیشک غیب کی خبر تو اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے) یعنی اللہ تعالیٰ ہی کی ذات علم غیب کے ساتھ خاص ہے وہی جانتا ہے کہ مطلوبہ آیات سے کونسی چیز رکاوٹ ہے اور کوئی نہیں جانتا۔فَانْتَظِرُوْا (تم بھی انتظار کرو) اس تجویز شدہ نشانی کے اترنے کا۔ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ (میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں) جو اللہ تعالیٰ تمہارے انکار آیات اور دشمنی پر کرنے والے ہیں۔

وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِيٓ ءَايَاتِنَا ۚ قُلِ اللَّهُ

اور لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد جب ہم انہیں اپنی رحمت چکھا دیں تو اچانک ہماری آیتوں کے بارے میں مکر کرنے لگتے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ

أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ

مکر کی سزا جلد ہی دینے والا ہے، بلاشبہ ہمارے فرشتے تمہارے مکر کے کاموں کو لکھ لیتے ہیں، اللہ وہ ہے جو تمہیں سمندر اور خشکی میں چلاتا ہے

حَتَّىٰٓ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَآءَتْهَا رِيحٌ

یہاں تک کہ جب تم کشتی میں موجود ہو اور وہ کشتی اچھی ہوا کے ساتھ چلنے لگے اور جو لوگ اس میں سوار ہوں وہ اس پر خوش ہو جائیں تو اس کشتی پر ایک سخت ہوا

عَاصِفٌ وَجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوٓا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللَّهَ

آ جائے اور ہر جگہ سے ان پر موجیں آنے لگیں اور وہ یقین کر لیں کہ انہیں گھیر لیا گیا ہے تو اللہ کو پکارنے لگتے ہیں

مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّآ

اس کے لئے خالص اعتقاد کر کے اگر تو نے ہمیں اس سے نجات دے دی تو ہم ضرور ضرور شکر گزاروں میں سے ہوں گے، پھر جب

أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يَٰٓأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُم ۖ

اللہ انہیں نجات دے دیتا ہے تو اچانک وہ زمین میں ناحق بغاوت کرنے لگتے ہیں، اے لوگو تمہاری سرکشی تمہاری ہی جانوں پر ہے

مَّتَاعَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٣﴾

دنیاوی زندگی میں فائدہ اٹھا رہے ہو پھر ہماری طرف تم کو لوٹ کر آنا ہے، سو ہم تمہیں بتا دیں گے جو تم کرتے تھے۔

## مکہ والوں کے عداوتی منصوبے:

۲۱: وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ (جب ہم لوگوں کو چکھاتے ہیں) الناس سے اہل مکہ مراد ہیں۔ رَحْمَةً (مہربانی) خوشحالی و وسعت مِّنۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ (اس دکھ کے بعد جو ان کو پہنچا) ضراء یعنی قحط، بھوک إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِيٓ ءَايَاتِنَا (اسی وقت وہ ہماری آیات کے متعلق تدابیر کرنے لگتے ہیں) یعنی ان آیات کے انکار اور دفع کی تدابیر کرنے لگتے ہیں روایات میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ پر سات سال قحط کو مسلط کر دیا یہاں تک کہ ہلاکت کے قریب پہنچ گئے پھر بارش دیکر ان پر مہربانی فرمائی۔ جب مہربانی ہوئی تو اسی وقت اللہ تعالیٰ کی آیات پر طعنہ زنی شروع کر دی اور رسول اللہ ﷺ کے متعلق دشمنی اور عداوت کے منصوبے گانٹھنے لگے۔

إذا پہلا شرط کا معنی دے رہا ہے اور دوسرا اسکے جواب میں ہے۔ اور وہ مفاجات کا معنی دے رہا ہے جیسا کہ اس ارشاد میں ہے۔ وان تصبهم سيئة بما قدمت ايديهم اذا هم يقنطون [الروم: ٣٦] یعنی اگر ان کو کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو مایوس ہو جاتے ہیں اور جب ہم لوگوں کو مہربانی کا مزہ چکھاتے ہیں تو منصوبے باندھنا شروع کر دیتے ہیں۔ المَكر تدبیر کو چھپا کر رکھنا

الجاریۃ الممکورہ بداخلاق لونڈی کو کہتے ہیں۔ مَسَّتْهُمْ کا معنی یہ ہے کہ وہ تکلیف ان میں اسقدر رچ جاتی ہے کہ اس کا برا اثر ان میں محسوس نظر آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ( کہ اللہ تعالیٰ کی تدبیر تیز ہے ) مگر ان کے متعلق نہیں فرمایا کیونکہ کلمہ اذا اس بات پر دلالت کررہا ہے گویا اس طرح فرمایا جب ہم تکلیف کے بعد ان پر مہربانی کرتے ہیں تو اچانک وہ فریب کاریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور جلدی سے انکار کا ارتکاب کرتے ہیں اس سے پہلے کہ تکلیف کے بقیہ اثرات سے اپنے کو محفوظ کریں۔ اِنَّ رُسُلَنَا ( بیشک ہمارے قاصد ) حفاظتی فرشتے يَكْتُبُوْنَ مَاتَمْكُرُوْنَ ( تمہاری وہ مکاریاں لکھتے رہتے ہیں ) اس میں اس بات سے خبردار کیا گیا کہ جس کو تم مخفی سمجھتے ہو وہ اللہ تعالیٰ سے چھپایا نہیں جا سکتا۔ وہ خود ان کا بدلہ تم سے چکا لے گا۔

قراءت: یاسے وارد ہے۔

### وقتی وصیت پر توبہ پھر سرکشی:

۲۲: هُوَالَّذِیْ يُسَيِّرُكُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ( وہ اللہ تعالیٰ جو تمہیں خشکی اور سمندر میں چلاتا ہے ) اس نے تم کو پاؤں سے چلنے اور چوپاؤں اور کشتیوں کے ذریعہ مسافت طے کرنے کی ہمت بخشی ہے یا وہ چلنے کو تم میں پیدا کرتا ہے۔

قراءت: يَنشُرُكم شامی نے پڑھا ہے۔

حَتّٰٓی اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ( یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہوتے ہو ) فُلْك کشتیاں، جمع ہے۔ وَجَرَيْنَ ( وہ کشتیاں چلتی ہیں )۔ بِهِمْ ( ان کے ساتھ ) یعنی ان کو لیکر جو ان میں ہیں مبالغہ کی خاطر خطاب سے غیب کی طرف رجوع کیا بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ ( موافق ہوائیں ) آہستہ مناسب چلنے والی جو آندھی نہ ہو اور نہ بہت ہلکی ہو وَّ فَرِحُوْا بِهَا ( اور اس ہوا سے وہ لوگ بہت خوش ہیں ) نرمی کی وجہ سے اس ہوا سے وہ خوش ہیں اور مسلسل چلنے کی وجہ سے جَآءَتْهَا ( اس کشتی پر آ جاتا ہے ) اس کشتی پر یا موافق ہوا پر آ جاتا ہے۔

رِيْحٌ عَاصِفٌ ( تیز جھونکا ) تیز چلنے والی آندھی وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ ( اور ان پر موجیں بلند ہوتی ہیں ) الموج پانی پر جو بلند ہو اسکو موج کہتے ہیں۔ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ ( ہر طرف سے ) سمندر سے یا موج کے تمام امکانی مقامات سے وَّ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ( وہ سمجھ لیتے ہیں کہ ہر طرف سے ان کو گھیر لیا گیا ) وہ ہلاک ہو گئے گھیر میں آ جانے سے ہلاکت کو بطور تمثیل گھیرے میں آ جانے سے تعبیر کیا۔

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ( اس وقت خالص اللہ تعالیٰ کی عبادت اختیار کر کے اس کو پکارتے ہیں ) بغیر شریک ٹھہرانے کے کیونکہ اس وقت وہ اس کے ساتھ کسی اور کو نہیں پکارتے بلکہ کہتے ہیں۔ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ ( اے اللہ اگر تو ہمیں اس سے بچالے گا ) ہذا کا مشار الیہ اہوال ہیں یا ریح ہے لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ( تو ہم ضرور تیرے شکر گزار رہیں گے ) یعنی تیری نعمتوں پر شکر گزار اور تجھ پر یقین کرنے والے اور تیری طاعت کو مضبوطی سے تھامنے والے ہونگے۔

فَائِدَة: آیت میں اگرچہ کشتی میں سوار ہونے کو سمندر میں سفر کی غایت قرار نہیں دیا گیا۔ لیکن جملہ شرطیہ کا مضمون حتی کے مابعد تمام چیزوں کو اپنے اندر سمیٹنے والا ہے گویا اس طرح فرمایا گیا ہے وہ تمہیں چلاتا ہے یہاں تک کہ یہ حادثہ وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اور

اس طرح تیز ہوا کی آمد، تلاطم امواج، ہلاکت کا یقین نجات کی دعائیں پیش آتی ہیں۔اذا کا جواب جاءتہا ہے اور دَعَوُا یہ ظَنُّوْا کا بدل ہے کیونکہ ان کی دعائیں ہلاکت کے یقین کے لوازمات میں سے ہیں اور ان سے ملی ہوئی ہیں۔

۲۳: فَلَمَّآ اَنْجٰهُمْ اِذَاهُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ (جب اللہ تعالیٰ ان کو اس طوفان سے نجات دے دیتا ہے تو وہ زمین میں بے جا سرکشی اختیار کرتے ہیں۔) فساد مچاتے ہیں بِغَيْرِ الْحَقِّ (ناحق) باطل یعنی باطل پرستی اختیار کرنے والے ہیں۔يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ (اے لوگو! تمہاری سرکشی کا وبال تم پر پڑنے والا ہے) یعنی تمہارا ظلم تمہاری طرف لوٹ آئے گا جیسا کہ فصلت ٤٦ میں فرمایا۔من عمل صالحًا فلنفسہٖ ومن اساء فعلیھا۔ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (تم دنیا کے ساز و سامان سے فائدہ اٹھالو) یہ حفص کی قراءت کے مطابق ہے یعنی وہ نفع اٹھاتے ہیں جو نفع دنیا کی زندگی تک ہے۔

نَحو :متاع الحیٰوة الدنیا اورعلی انفسکم یہ بغیکم کی خبر ہے

دیگر قراء نے رفع کے ساتھ پڑھا اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ بغیکم کی خبر ہے اور علی انفسکم اس کا صلہ ہے جیسا کہ اس آیت میں فَبَغٰى عَلَيْهِمْ [القصص:٧٦] مطلب اس طرح ہے تمہاری سرکشی ان لوگوں پر ہے جو تمہاری طرح ہیں۔یا یہ خبر مانیں اور متاع کو دوسری خبر مانیں یا متاع مبتداء محذوف ھو کی خبر ہے۔یعنی وہ دنیا کی زندگی کا سامان ہے'' حدیث نبوی علی صاحبہا السلام میں ہے سب سے زیادہ جلد جس نیکی کا ثواب ملتا ہے وہ صلہ رحمی ہے۔اور سب سے جلد جس شر کا وبال پہنچتا ہے وہ سرکشی ہے اور دوسرے نمبر پر جھوٹی قسم ہے۔

## نو چیزیں:

روایت میں ہے کہ دو چیزیں ہیں جن کا دنیا میں جلد بدلہ ملتا ہے نمبرا۔سرکشی نمبر۲۔والدین کی نافرمانی۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اگر ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ پر سرکشی اختیار کرے تو باغی کو پیس ڈالا جائے۔محمد بن کعب سے مروی ہے کہ جس میں تین خصلتیں پائی جائیں اس میں بغاوت پائی جاتی ہے نمبرا۔سرکشی نمبر۲۔نکتہ چینی وعدہ توڑنا نمبر۳ فریب کاری۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا انما بغیکم علیٰ انفسکم [یونس:۲۳] ولا یحیق المکر السیئ الا باھلہ [فاطر:۴۳] فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ [الفتح:۱۰] ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (پھر تم نے ہماری ہی طرف واپس لوٹنا ہے، ہم تمہیں ان کاموں کی حقیقت سے مطلع کریں گے جو تم کرتے تھے) پس ہم تمہیں ان کی اطلاع دیں گے اور اس پر بدلہ دیں گے۔

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے آسمان سے ہم نے پانی اتارا، پھر اس پانی کی وجہ سے زمین سے نکلنے والی ہری بھری چیزیں جنہیں انسان اور مویشی

مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ

کھاتے ہیں خوب گنجان ہو کر نکلیں، یہاں تک کہ جب زمین نے اپنی رونق کا پورا حصہ لے لیا اور اسکی خوب زیبائش ہوگئی اور زمین والوں نے

اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا

خیال کر لیا کہ ہم اس پر صاحب قدرت ہو چکے ہیں تو رات کو یا دن کو ہمارا حکم آ گیا۔ سو ہم نے اسے ایسا بنا دیا جیسے کٹا ہوا ڈھیر ہو،

كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

گویا کہ کل اس کا وجود ہی نہ تھا، ہم اسی طرح آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے جو سوچتے ہیں۔

## دُنیا کی مثال:

۲۴: اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ (دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے آسمان سے ہم نے پانی اتارا) بادلوں سے فَاخْتَلَطَ بِهٖ (اس پانی کے ساتھ مل گیا) نَبَاتُ الْاَرْضِ (زمین کا سبزہ) یعنی اسکی وجہ سے گنجان ہو کر نکلا جو ایک دوسرے میں گھسا ہوا ہے۔ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ (جس سے لوگ کھاتے ہیں) یعنی غلہ، پھل، سبزیات وَالْاَنْعَامُ (چوپائے) یعنی گھاس وغیرہ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا (یہاں تک کہ جب زمین نے اپنی زینت لے لی) یعنی نباتات سے اس کو زینت دی جس نبات کی رنگتیں الگ الگ ہیں۔ وَازَّيَّنَتْ زمین اس سے مزین ہوئی۔ یہ اصل میں تزینت ہے تا کو زای میں زا کر کے ادغام کر دیا۔ اور یہ زیادہ فصیح ہے۔ زمین کے مزین ہونے کو تمثیل کے طور پر دلہن قرار دیا جب کہ وہ شاندار قسم کے رنگ برنگ کپڑے پہن لے اور مختلف رنگ کی زینتوں سے زینت حاصل کر لے۔ وَظَنَّ اَهْلُهَآ (اور زمین کے مالکوں نے یہ سمجھ لیا) اہل سے مراد اہل زمین ہیں۔ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ (کہ وہ اس کھیتی پر قابو پانے والے ہیں) اسکی منفعت پر پوری قدرت پانیوالے اور اس کے ثمرات کو حاصل کرنے والے ہیں۔ اور اس کا غلہ اٹھانے والے ہیں۔

اَتٰهَآ اَمْرُنَا (اچانک ہمارا امر عذاب پہنچ گیا) امر سے عذاب مراد ہے اور یہ عذاب کھیتی میں کوئی بیماری پیدا کرنے کی صورت میں ہوتا ہے جبکہ وہ اسکی سلامتی پر یقین کر چکے ہوں۔ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا (دن یا رات کو پھر ہم نے اس پیداوار کو کر دیا) اس کھیتی کو کر دیا۔ حَصِيْدًا (کٹا ہوا) اس کے کٹنے اور تباہی کو کٹی ہوئی کھیتی سے تشبیہ دی۔ كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ (گویا وہاں کل کچھ اگا نہ تھا) گویا کھیتی اگی ہی نہ تھی قائم اور ٹھہری ہی نہ تھی اس قسم کے مواقع پر مضاف محذوف مانا جاتا ہے تا کہ معنی کلام درست ہو سکے۔ بِالْاَمْسِ (کل گزشتہ) یہ قریب وقت کو بطور تمثیل ذکر کیا۔ گویا اس طرح کہا کہ گویا کبھی اب تک قائم ہی نہیں ہوئی۔ كَذٰلِكَ

نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (اسی طرح نشانیاں ان لوگوں کیلئے تفصیل سے بیان کرتے ہیں جوغور وفکر کرتے ہیں) وہ بیان امثلہ سے نفع اٹھاتے ہیں یہ تشبیہ مرکب ہے۔ دنیا کے تیزی سے زوال پذیر ہونے اور اس کے نعمتوں کے سمیٹنے کو زمین کی نباتات کے خشک ہونے اور ریزہ ریزہ ہونے سے تشبیہ دی حالانکہ وہ نبات پہلے گنجان، باہم لپٹی ہوئی۔ زمین کو اپنے سبزہ سے مزین کرنے والی، پتوں سے پُر تھیں۔

حکمت: اس تشبیہ سے اس بات پر متنبہ کیا کہ دنیا کی زندگی کا صاف حصہ بھی ملاوٹ والا ہے جبکہ گدلا تو پہلے ہی ملاوٹ سے خالی نہیں۔ جیسا کہ صاف پانی پیالے کے بالائی حصہ میں ہوتا ہے۔ شاعر نے خوب کہا عمر ایک پانی کا بچا ہوا پیالہ ہے۔ پہلا حصہ صاف اور پچھلا گدلا ہے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ مٹی کے جسم کو دنیا اور دین کی مصلحتوں سے مزین کر دیا۔ جیسا کہ مختلف رنگوں کے باوجود ملی جلی نبات۔ پس زرخیز مٹی انسانوں کے باغات کو اگاتی ہے اور ارواح کے پھول پیدا کرتی اور زھد کی کلیاں نکالتی ہے اور سخاوت کی بیلیں اور محبت الٰہی کے غلہ جات اور حقیقت کے باغیچے لہلہاتی ہے۔ جبکہ راستے کی بدبختیاں اور خباثتیں مخالفتوں کا اختلاف اور گناہوں کے پیاز، شرک کے کانٹے اور بخل کے کانٹے دار پودے اور ہلاکت کی لکڑیاں، کھیل کی ہریاول پیدا کرتے ہیں۔ پھر اسکی دشمنی پر اسی طرح اتر آتے ہیں جیسے کھیتی کہ جس کے کٹنے کا وقت قریب ہو۔ پس دھوکے کی حالت میں اسکی زندگی کو زائل کر دیتے ہیں۔ جیسا کہ کھیتی پیلی پڑ جاتی ہے۔ پس اس آدمی کا وجود قبر میں اس طرح غائب ہو جاتا ہے گویا کل وہ دنیا میں آیا ہی نہ تھا۔ اور یہ اس وقت تک رہے گا کہ بعث کی بہاری اسکو اُگا دے اور پیشی کا نشانہ اپنے مقام پر لگ جائے اور بحث وکرید کی گھڑی آن پہنچے۔ دنیا کا حال پانی کی طرح ہے کہ تھوڑا تو فائدہ دیتا ہے۔ زیادہ سیلاب سے ہلاک کر دیتا ہے پس زیادہ کا چھوڑنا ضروری ہے۔ سفر میں جس طرح زادراہ کے سواء چارہ نہیں۔ اسی طرح تھوڑے مال کے بغیر گزارہ نہیں مال کا حصول لغزش سے اسی طرح خالی نہیں جیسا کہ پانی میں گھسنے والا تری سے بچ نہیں سکتا۔ مال کا جمع کرنا مال والے کیلئے ضیاع اور اہلاک ہے۔ نصاب سے کم مال تو پایاب پانی کی طرح ہے کہ اس میں سے بے پروائی سے گزر جاتے ہیں اور نصاب کی مقدار اس دریا کی طرح ہے جو گزرنے والے کے راستے اور مقصود کے درمیان حائل ہو۔ اور کامیابی کے مقام کی طرف گزرنا پل کے بغیر ممکن نہیں۔ اور وہ پل زکوٰۃ ہے اور پل کی تعمیر عطیات ہیں۔ جب پل خراب ہو جائے گا تو جمع شدہ خزانوں کی موجیں اس کو ڈبو دیں گی۔ اسی کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا **الزكاة قنطرة الاسلام**۔ اسی طرح مال ضعیف العقل کا معاون ہے۔ بزرگوں کا نہیں جیسا کہ پانی گڑھوں میں جمع ہوتا ہے ٹیلوں پر نہیں۔ اسی طرح مال بخل کی مشقت سے اکٹھا ہوتا ہے جبکہ پانی گزرگاہ میں بند لگانے سے جمع ہوتا ہے پھر فنا اور ہلاکت کا شکار ہوتا ہے جیسا کہ چلو میں لیا ہوا پانی چلو میں باقی نہیں رہتا۔

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۟ لِلَّذِيْنَ

اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دیتا ہے جن لوگوں نے اچھائی کے کام کئے

اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

ان کے لئے خوبی ہے اوراس سے زائد بھی ہے، اور ان کے چہروں پر نہ کدورت چھائے گی اور نہ ذلت، یہ لوگ جنت

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۟ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍۭ بِمِثْلِهَا ۙ

والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور جن لوگوں نے برے کام کئے ان کی برائی کی سزا برائی کے برابر ملے گی

وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا

اور ان پر ذلت چھا جائے گی، انہیں اللہ سے کوئی بچانے والا نہ ہوگا، گویا کہ انکے چہرے اندھیری رات کے ٹکڑوں سے ڈھانک

مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۟

دیئے گئے ہیں۔ یہ لوگ دوزخ والے ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

دارالسلام:

۲۵: وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ (اوراللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے) وہ جنت ہے، السلام جنت کا نام ہے اوراسکی اضافت نام کی طرف کر کے اسکی عظمت کو بیان کیا۔ نمبر۲۔ السلام کا معنی سلامتی ہے کیونکہ اہل جنت ہر ناپسند چیز سے محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔ نمبر۳۔ ان کے مابین السلام علیکم بہت کہا جائے گا۔ اور فرشتے بھی ان کو سلام کریں گے۔ جیسا کہ الواقعہ ۲۶ میں اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ہے۔ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ (اور جس کو چاہتا ہے توفیق دیتا ہے)۔ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (سیدھے راستے کی طرف)۔ نمبر۱۔ یعنی اسلام کی طرف یا نمبر۲۔ سنت کے راستہ کی طرف۔

نکتہ: راہنمائی کے ذریعہ زبان نبوت سے دعوت کو عام کر دیا۔ مگر بھیجنے والے کی مہربانی سے عنایت وتوفیق کے ذریعہ ہدایت کو خاص کر دیا۔ مطلب آیت کا یہ ہوا کہ دارالسلام کی طرف اللہ تعالیٰ تمام بندوں کو دعوت دے رہے ہیں مگر اسمیں داخلہ ہدایت یافتہ لوگوں کو ملے گا۔

زیادۃ کی تفسیر دیدارِ الٰہی:

۲۶: لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا احسان سے اللہ تعالیٰ اوراس کے رسولوں پر ایمان لانا مراد ہے۔ الْحُسْنٰى خوبی ہے عمدہ ثواب اور وہ جنت ہے۔ وَزِيَادَةٌ (اور زائد) وہ دیدارِ الٰہی ہے حضرت ابوبکر، حذیفہ، ابن عباس، ابوموسیٰ اشعری، عبادہ بن الصامت رضی اللہ

عنہم سے اسی طرح مروی ہے۔
بعض تفاسیر میں اس بات پر مفسرین کا اتفاق نقل کیا ہے کہ زیادہ کی تفسیر اللہ تعالیٰ کا دیدار ہی ہے۔حضرت صہیب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ جب جنت والے جنت میں داخل ہو چکیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا تم ایسی چیز چاہتے ہو جو میں ان نعمتوں پر اضافہ کروں۔وہ کہیں گے کیا آپ نے ہمیں جنت میں داخل نہیں فرمایا اور آگ سے نجات نہیں دی؟ آپ نے فرمایا پھر حجاب اٹھایا جائے گا۔تمام اہل جنت اللہ تعالیٰ کا دیدار پالیں گے اس سے بڑھ کر آج تک ان کو کسی نعمت میں اتنا مزانہ آیا ہوگا۔ جتنا دیدار الٰہی میں پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔للذین احسنوا الحسنی و زیادہ ۔
(رواہ احمد و مسلم، ترمذی، ابن ماجہ)

**صاحب کشاف:** کی حالت قابل تعجب ہے کہ اس نے اس روایت کو ذکر کیا مگر ان الفاظ سے نہیں جو اوپر ذکر ہوئے اور پھر تنقید کرتے ہوئے کہہ گئے کہ یہ حدیث من گھڑت ہے۔حالانکہ یہ مرفوع روایت ہے۔اس کو صاحب مصابیح نے صحاح میں ذکر کیا۔
دوسری تفسیر الزیادۃ کی بندوں کے دلوں میں محبت سے کی گئی، تیسری تفسیر اللہ تعالیٰ کی مغفرت ورضوان سے بھی کی گئی ہے۔
**وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ** (نہ ڈھانپے گی ان کو) **قَتَرٌ** (سیاہی) ایسا غبار جس میں سیاہی ہو **وَّلَا ذِلَّةٌ** (نہ ذلت) نہ ذلت کا اثر مطلب یہ ہے کہ ان کے چہروں پر وہ چیز نہ چھائے گی جو اہل نار کے چہروں پر چھا رہی ہوگی۔**اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ** (وہ جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے)

## بروں کا انجام:

۲۷: **وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا** اسکا عطف للذین احسنوا پر ہے۔تقدیر عبارت یہ ہوگی وللذین کسبوا۔**السَّيِّاٰتِ** (رنگا رنگ کے شرک) **جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا** (برائی کا بدلہ اس کے مثل سے ہے) اس میں یا اسی طرح زائد ہے جیسا اس ارشاد میں **جزاء سیئة سیئة مثلها** [الشوریٰ:۴۰] یا تقدیر عبارت اس طرح ہو **جزاء سيئة مقدر بمثلها**۔ برائی کا بدلہ طے شدہ ہے اس کے مثل سے **وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ** ذلت ورسوائی **مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ** (انہیں اللہ سے بچانے والا) اسکی سزا سے **مِنْ عَاصِمٍ** (کوئی نہیں ہوگا) یعنی اسکی ناراضی اور سزا سے ان کو کوئی نہ بچائے گا۔**كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا** ان پر رات کی سیاہی کا پردہ لٹکا دیا گیا ہے یعنی ان کے چہرے سیاہ ہونگے۔**قطعًا** جمع **قطعة** یہ اغشیت کا مفعول ثانی ہے۔
**قراءت:** مکی، علی، نے **قِطْعًا** پڑھا ہے۔ یہ اس آیت کی طرح ہے۔**بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ** [ھود:۸۱] اس قراءت کے مطابق مظلماً یہ قطع کی صفت ہے۔اور پہلی قراءت کے مطابق یہ اللیل سے حال ہے اور اسمیں عامل اغشیت ہے کیونکہ من اللیل، قطعاً کی صفت ہے۔پس اس کا موصوف تک پہنچنا صفت تک پہنچنے کی طرح ہے یا **مِنَ الَّيْلِ** میں معنی فعل عامل ہے۔ **اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ** (وہ دوزخی ہیں۔اس میں ہمیشہ رہیں گے)۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ

اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ہم ان لوگوں سے کہیں گے جنہوں نے شرک کیا کہ تم اور تمہارے شریک اپنی جگہ پر ٹھہرے رہو،

فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾ فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا

پھر ہم ان کے آپس میں جدائی کردیں گے، اوران کے شریک کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے۔ سواللہ ہمارے تمہارے درمیان گواہ کافی ہے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ مَّا

بے شک بات یہ ہے کہ ہم تمہاری عبادت سے غافل تھے، اس موقعہ پر ہر شخص اپنے ان کاموں کو جانچ لے گا جو اس نے پہلے

أَسْلَفَتْ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾

کئے تھے، اور وہ اپنے مالک حقیقی کی طرف لوٹا دیئے جائیں گے اور جو کچھ جھوٹ تراش رکھا تھا وہ سب غائب ہوجائے گا۔

## منظر حشر:

۲۸: وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ ۔هُمْ سے کفار وغیرہ مراد ہیں۔ جَمِيعًا (تمام) یہ حال ہے۔ ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ ترجمہ: یعنی تم اپنی جگہ رک جاؤ۔ اس وقت تک یہاں سے نہ ہٹو جب تک اپنا انجام نہ دیکھ لو۔ اَنْتُمْ (تم)۔ اس سے مکانکم کی ضمیر کی تاکید کی گئی ہے۔ کیونکہ وہ الزموا کے قائم مقام استعمال ہوا۔ وَشُرَكَآؤُكُمْ (اور تمہارے شرکاء) ماقبل پر معطوف ہے۔ فَزَيَّلْنَا (ہم تفریق کردیں گے)۔ بَيْنَهُمْ (ان کے درمیان) ان کے ساتھیوں کو الگ کردیں گے۔ اور وہ تعلق کاٹ دیں گے جو دنیا میں ان کے درمیان تھا۔ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ (کہیں گے ان کے شریک) جنکی اللہ تعالیٰ کے سواء عبادت کی ہوگی اور وہ عقلاء میں سے ہونگے (جن وانس میں سے) یا بتوں کو اللہ تعالیٰ بولنے کی زبان دے گا۔

مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ (تم ہماری پوجا تو نہ کرتے تھے) تم تو شیاطین کی عبادت کرتے تھے۔ جیسا کہ انہوں نے تمہیں حکم دیا کہ اللہ تعالیٰ کے شریک بناؤ۔ پس تم نے ان کی اطاعت کی جیسا سورۂ سباء۔ ۴۰۔۴۱۔ **ویوم یحشرهم جمیعا۔ الٰی، بل کانوا یعبدون الجن** میں مذکور ہے۔

۲۹: فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ یعنی اللہ تعالیٰ کافی ہے گواہی کے لحاظ سے شهيدًا یہ تمیز ہے۔ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ اِن یہ مخففہ من المثقلہ ہے لام اسکی دلیل ہے۔

## سب کی جانچ:

۳۰: هُنَالِكَ (وہاں) اس جگہ میں یا اس وقت میں۔ اس صورت میں اسم مکان زمانہ کیلئے بطور استعارہ استعمال ہوا ہے۔ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ (آزمائے گا اور چکھے گا) ہر شخص مَّآ اَسْلَفَتْ (جو اس نے پیچھے چھوڑا) یعنی عمل ۔ پس پہچان لے گا کہ اس عمل کی کیفیت کیا۔

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ

آپ فرما دیجئے وہ کون ہے جو تمہیں آسمان سے اور زمین سے رزق دیتا ہے۔ یا وہ کون ہے جو کانوں اور آنکھوں کا مالک ہے اور وہ کون ہے جو

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ

زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام کاموں کی تدبیر فرماتا ہے، سو وہ ضرور یوں کہیں گے کہ اللہ ہی ہے

فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚۖ

تو آپ فرما دیجئے کہ پھر کیوں نہیں ڈرتے ہو، سو وہ اللہ تمہارا حقیقی رب ہے۔ سو پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا ہے؟

فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾

پھر کہاں پھرے جا رہے ہو۔

ہے اچھا یا برا نفع بخش یا نقصان دہ، مقبول یا مردود، زجاج رحمہ اللہ کہتے ہیں اسلفت کا معنی قدمت ہے جو اس نے آگے بھیجا۔

قراءت: حمزہ، علی نے تتلوا پڑھا ہے۔ یعنی وہ پیروی کرے گا اس عمل کی جو اس نے آگے بھیجا کیونکہ اسکا عمل ہی اس کو جنت و دوزخ کی راہ دکھائیگا۔ یا اپنے نامہ عمل میں وہ پڑھ لے گا جو اس نے خیر و شر کا عمل آگے بھیجا ہوگا۔ یہ اخفش کا قول ہے۔ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ان کا سچا رب جو اپنی ربوبیت میں سچا ہے کیونکہ یہ لوگ ان کی دوستی کا دم بھرتے تھے جنکی ربوبیت کی کوئی حقیقت نہیں۔ یا نمبر۲۔ وہ جو ان کے ثواب وحساب کا متولی ہے اور ایسا عادل ہے جو کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ اور ان سے وہ تمام معبود گم ہو جائیں گے جن کے متعلق ان کو دعویٰ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے شریک ہیں۔ یا نمبر۲۔ جو جھوٹ وہ گھڑا کرتے تھے وہ بے کار ہوئے کہ ان کے شفعاء اور الِهَه ان کی سفارش کر کے زبردستی چھڑا لیں گے۔

## دلائل قدرت:

۳۱: قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ (آپ فرما دیجئے وہ کون ہے جو تمہیں رزق دیتا ہے آسمان سے) بارش کے ذریعہ وَالْاَرْضِ (اور زمین سے) (نبات کے ذریعہ) اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ (یا کون مالک ہے کانوں اور آنکھوں کا) کون ان کو بنانے اور اس انداز سے فٹ کرنے کی طاقت رکھتا ہے جس طرح سے یہ فٹ ہیں یا۔ نمبر۲۔ کون ان کی ان آفات کثیرہ سے عرصہ دراز تک حفاظت کرتا ہے حالانکہ یہ دونوں بڑی لطیف ہیں ان کو معمولی چیز بھی نقصان پہنچاتی ہے۔

وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ یعنی حیوان، چوزے، کھیتی، مومن، عالم کو نطفہ، انڈا، دانہ، کافر، جاہل سے اور اس کا عکس وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ (اور کون معاملات کی تدبیر کرتا ہے) تمام عالم کے معاملات کا مدبر کون ہے پہلے خاص کا ذکر کیا اور اسکے بعد عام کو لائے۔ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ترجمہ وہ عنقریب آپ کے سوال کے جواب میں کہیں گے کہ ان تمام

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۳۳ قُلْ هَلْ

اسی طرح آپ کے رب کی یہ بات نافرمانوں کے بارے میں ثابت ہو چکی ہے کہ یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے۔ آپ فرما دیجئے کیا

مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے جو مخلوق کو پیدا فرمائے پھر اسے دوبارہ زندہ کرے؟ آپ فرما دیجئے کہ اللہ مخلوق کو ابتداءً پیدا فرماتا ہے پھر اس کو دوبارہ پیدا فرمائے گا۔

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۳۴ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ

سو تم کہاں پھرے جا رہے ہو؟ آپ فرما دیجئے کہ تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے کہ امرِ حق کا راستہ بتلاتا ہو آپ فرما دیجئے کہ اللہ ہی امرِ حق کا راستہ

لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ

بتلاتا ہے، سو جو حق کی راہ بتاتا ہو وہ زیادہ اتباع کے لائق ہے یا وہ شخص جو ہدایت نہیں پاتا مگر جبکہ اسے راہ بتائی جائے،

فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۳۵ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ

سو تمہیں کیا ہوا تم کیسی تجویزیں کرتے ہو، اور ان میں سے اکثر لوگ صرف اٹکل کے پیچھے چلتے ہیں، بلاشبہ اٹکل حق کے بارے میں ذرا بھی مفید

شَيْــــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۳۶

نہیں ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان کاموں کو جاننے والا ہے جن کاموں کو وہ کرتے ہیں۔

پر قدرت والا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ (پس کہہ دیں پھر تم کیوں ڈرتے نہیں ہو۔) عبادت میں شرک سے جبکہ تم ربوبیت کا اعتراف بھی کر چکے۔

۳۲: فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ (سو وہ اللہ تعالیٰ ہے) یعنی وہ ذات جس کی یہ قدرت ہے وہی تو اللہ تعالیٰ ہے۔ رَبُّكُمُ الْحَقُّ (تمہارا سچا رب) جس کی ربوبیت ایسی ثابت ہے جس میں اس کو کوئی شک نہیں ہو سکتا جو حقیقت کی نگاہ ڈالے۔ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ (سو پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا ہے) یعنی حق و باطل کے درمیان کوئی واسطہ نہیں جو حق راستہ سے ہٹا وہ گمراہی میں جا پڑا۔ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ (تم کدھر پھرے جا رہے ہو) حق چھوڑ کر گمراہی کی طرف اور توحید کو ترک کر کے شرک کی طرف۔

## کفار کی ضد:

۳۳: كَذٰلِكَ (اسی طرح) اس حق کی طرح حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ (تیرے رب کی بات ثابت ہوگئی۔) قراءت: شامی، مدنی نے كَلِمٰتُ پڑھا ہے یعنی جیسا کہ حق وثابت ہوا کہ حق کے بعد گمراہی ہے۔ نمبر۲۔ جیسا ثابت ہوا کہ وہ حق سے پھرے ہوئے ہیں پس اسی طرح تیرے رب کی بات سچی ہوگئی۔ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا (ان لوگوں کے متعلق جو فاسق ہیں) یعنی جو اپنے کفر میں سرکشی

تک پہنچنے والے اور اسکی انتہائی حد تک نکلنے والے ہیں۔ اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (کہ یہ ایمان نہ لائیں گے) یہ کلمۃ سے بدل ہے یعنی ایمان کی نفی ان پر ثابت ہو چکی یا نمبر۲۔ اللہ کی بات ان پر ثابت ہو چکی کہ ان کا ایمان ثابت نہ ہوگا۔ نمبر۳۔ کلمہ سے عذاب والا وعدہ مراد ہے اور انهم لايؤمنون اسکی تعلیل ہے تقدیر عبارت یہ ہوگی لانهم لايؤمنون اسلئے کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔

## معبودانِ باطلہ کی بے بسی:

۳۴: قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (آپ فرما دیجئے کہ تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے کہ امر حق کا راستہ بتلاتا ہو) ثم يعيده کو یہاں ذکر کیا حالانکہ وہ اعادہ کے قائل نہ تھے۔ کیونکہ اعادہ کے دلائل اس قدر ظاہر ہیں کہ گویا یہ مسلمہ معاملہ ہے کہ وہ اعادہ کے قائل ہیں۔ نمبر۲۔ انسانوں کے علاوہ اور چیزوں کا اعادہ مراد لیا جائے جیسے دن، رات، پانی اتارے، اور نبات اگائے۔ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (آپ فرما دیجئے کہ اللہ مخلوق کو ابتداءً پیدا فرماتا ہے پھر اس کو دوبارہ فرمائے گا) اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو حکم دیا کہ جواب میں ان کی نیابت کریں۔ مطلب یہ ہے کہ ان کو ان کا تکبر کلمۂ حق کہنے نہ دے گا۔ پس آپ ان کی طرف سے سچی بات کہہ دیں۔ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ پس کس طرح سیدھے راستہ سے پھرے جا رہے ہو؟

## حق کی طرف راہنمائی کرنے والے اور کافر بے راہ کے پیروکار:

۳۵: قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ (آپ فرما دیجئے کہ تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے کہ امر حق کا راستہ بتلاتا ہو) اسکی طرف راہنمائی کرنے قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى عربی میں هداه للحق، الى الحق دو آتے ہیں۔ یہاں دونوں لغات کو جمع کر دیا۔ اور اسی طرح هدى بنفسه بمعنی اهتدى کے آتا ہے جیسا کہ شرى بمعنی اشترى اور اسی سے۔

قراءت: حمزہ وعلی امّن لا يهدى بمعنی يهتدى ہے۔ اور لا يَهَدِّي مکی، شامی اور ورش کی قراءت میں ہے۔ جبکہ ابو عمرو نے اس ھا کے فتحہ کو اشمام سے پڑھا اور عاصم نے یحییٰ کے علاوہ ھا کے کسرہ اور یا کے فتحہ کے ساتھ پڑھا۔ اور اصل يهتدى ہے۔ اور عبداللہ کی قراءت یہی ہے۔ تا کو دال میں ادغام کیا اور ھا کا فتحہ وہی تا کو دے دیا یا التقاء ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا مگر یحییٰ نے یا اور ھا کے کسرہ اور دال کی تشدید سے پڑھا ہے مابعد کی اتباع کی وجہ سے البتہ ورش کے علاوہ مدنی قراء نے ھا کے سکون اور دال کی تشدید سے پڑھا ہے۔

مطلب یہ ہے بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی صرف حق کی طرف راہنمائی کرنے والی ہے اس طرح کہ مکلفین میں عقلیں رکھ دیں اور ان کو دلائل پر غور کی قدرت عنایت فرمائی۔ اور دلائل خود اپنی طرف سے مہیا فرمائے اور نور توفیق بخش دیا اور دلوں میں بھلائی ڈال دی اور رسولوں کو بھیج کر شرائع واحکام کی اطلاع دے دی۔ پس جن کو تم نے اللہ تعالیٰ کا شریک قرار دے رکھا ہے ان میں کوئی ایسا ہے جو اللہ تعالیٰ کی اس راہنمائی کی طرح راہنمائی کرنے والا ہو۔

پھر فرمایا تم بتلاؤ کہ جو حق کی طرف راہنمائی کرے وہ پیروی کیے جانے کا زیادہ حقدار ہے یا وہ جو بذات خود راستہ ہی نہ پا سکتا ہو۔ یا دوسرے کی راہنمائی نہ کر سکتا ہو جب تک کہ اللہ تعالیٰ اسکو ہدایت نہ دے۔ دوسرا قول یہ ہے یا وہ جو کسی دوسری جگہ کی طرف راہ نہ پا سکتا ہو۔ یعنی منتقل نہ ہو سکتا ہو جب تک کہ اس کو منتقل نہ کیا جائے۔ یا وہ راہ نہ پائے اور نہ ہی اسکا راستہ پانا درست ہو مگر

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِىْ بَيْنَ

اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے جو افتراء کیا گیا ہو اللہ کی طرف سے نہ ہو۔ بلکہ وہ ان کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے جو اس سے

يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

پہلے ہیں، اور احکام ضروریہ کی تفصیل بیان کرنے والا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ رب العالمین کی طرف سے ہے۔ کیا وہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ اس کو آپ نے اپنے پاس سے بنالیا ہے۔

قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

آپ فرما دیجئے کہ تم اس جیسی سورت لے آؤ اور اللہ کے علاوہ جن لوگوں کو بلا سکتے ہو انہیں بلا لو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ

سچے ہو۔ بلکہ بات یہ ہے کہ ان لوگوں نے اسے جھٹلایا جسے اپنے احاطۂ علمی میں نہیں لائے اور ابھی اس کا نتیجہ ان کے سامنے نہیں آیا، ایسے ہی

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

جھٹلایا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے۔ سو دیکھ لیجئے ظالموں کا کیسا انجام ہوا اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو

يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ

اس پر ایمان لائیں گے اور بعض وہ ہیں جو اس پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اور آپ کا رب فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ فرما دیجئے

لِّىْ عَمَلِىْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّاۤ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِىْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾

کہ میرے لئے میرا عمل ہے اور تمہارے لئے تمہارا عمل ہے تم اس سے بری ہو جو میں کام کرتا ہوں، اور جن کاموں کو تم کرتے ہو میں ان سے بری ہوں۔

اس صورت میں کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس حالت سے منتقل کر کے حیوان ناطق بنائے تو پھر وہ راہنمائی کر سکے۔ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ غلط فیصلہ کہ ان کو اللہ تعالیٰ کا شریک گمان کرتے ہو۔

۳۶: وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ بتوں کے متعلق اس بات میں کہ وہ معبود ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ہاں زبردستی چھڑا لیں گے۔ اکثر سے مراد تمام ہیں۔ اِلَّا ظَنًّا (مگر محض گمان) بلا دلیل وہ اپنے آباء سلف کی اتباع واقتداء ہے جو اس گمان سے کرتے تھے کہ وہ درست راستے پر تھے۔ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ وہ علم ہے۔ شَيْئًا (ذرہ بھر) یہ مصدر کی جگہ پر ہے اصل اس طرح اغناءً شیئًا اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ (اللہ تعالیٰ جاننے والے ہیں جو کچھ وہ کرتے ہیں) یعنی اتباع ظن اور ترک حق۔

## قرآن من گھڑت نہیں بلکہ بلا ریب ہے:

۳۷: وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے جو افتراء کیا گیا ہو اللہ کی طرف سے نہ ہو)

یعنی اللہ تعالیٰ کے سواء اوروں کی طرف سے گھڑنا مطلب یہ ہے کہ یہ صحیح اور درست نہیں کہ اس جیسا بلند کلام اور حد اعجاز تک پہنچا ہوا من گھڑت کلام ہو۔ وَلٰكِنْ (لیکن) یہ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ (تصدیق ہے اسکی جو اس سے پہلے ہے) جو کتابیں اس سے قبل نازل ہو چکیں۔

وتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ (اور کتاب کی تفصیل ہے) جو فرائض واحکام لازم وفرض کئے گئے ان کی تشریح ہے یہ معنی اس آیت النساء ۲۴ کتاب الله عليكم ۔کی روشنی میں ہے۔ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ (اس کے رب العالمین کی طرف سے ہونے میں شک نہیں ہے) یہ استدراک کے مواقع میں داخل ہے گویا اس طرح کہا گیا لیکن یہ ایسی تصدیق اور تفصیل ہے جو ریب سے خالی ہے اور رب العالمین کی طرف سے آئی ہے۔

دوسری تفسیر یہ مراد لینا بھی درست ہے کہ رب العالمین کی طرف سے تصدیق شدہ ہے اور اسکی طرف سے اسکی تفصیل کی گئی ہے اس بات میں کوئی اشتباہ نہیں۔ اس صورت میں من رب العالمين تصدیق وتفصیل سے متعلق ہے اور لا ريب فيه یہ جملہ معترضہ ہے جیسا تم کہو زیدٌ لاشك فيه كريمٌ۔

## کفار کو چیلنج:

۳۸: اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ (کیا وہ کہتے ہیں کہ اس کو گھڑ لیا ہے) ام یہاں بل کے معنی میں ہے کیا وہ کہتے ہیں اس کو گھڑ لیا ہے؟ قُلْ (کہہ دیں) اگر بات اسی طرح ہے جس طرح تم کہتے ہو فَاْتُوْا (تو تم لاؤ) تو تم بھی گھڑ لاؤ بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ (ایک سورت اس جیسی) یعنی جو بلاغت میں اس کے مشابہ ہو اور حسن نظم میں اس جیسی ہو تم بھی میری طرح عربیت جانتے ہو۔ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اور ان کو بلا لو جن کو اللہ تعالیٰ کے سواء بلانے کی تم میں طاقت ہے) یعنی عبارت اس طرح ادعوا من دون الله۔ من استطعتم ۔ بلاؤ اللہ تعالیٰ کے سواء جن کو بلانے کی مخلوق سے تم طاقت رکھتے ہو۔ تا کہ اسکی مثل لانے میں وہ تمہاری امداد کریں۔ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو) کہ یہ قرآن من گھڑت ہے۔

## جھٹلانا عناد کی بنیاد پر ہے:

۳۹: بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ (بلکہ ایسی چیز کی تکذیب کرنے لگے جس کے علم کا احاطہ انہوں نے نہیں کیا اور ابھی ان کو اسکی حقیقت معلوم نہیں ہوئی) بلکہ انہوں نے قرآن کی تکذیب میں جلدی کی ہے کہ جونہی اسکی آواز کانوں تک پہنچی بلا سوچے سمجھے اس کو جھٹلا دیا۔ قرآن مجید کی حقیقت کو نہ پہچانا اور نہ اسمیں تدبر کیا کہ اس کے معنی اور نتائج سمجھتے اور اسکا بڑا سبب یہ ہے کہ جو چیز ان کے دین کے مخالف ہے اس سے دور بھاگ رہے ہیں ان کو اپنے آبائی دین کا ترک کرنا گراں گزرا ہے۔

لما ياتهم تاويله میں توقع کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے سوچنے سے پہلے ہی فی البدیہ اس کا انکار کر دیا۔ اس کا معنی نہیں سوچا اور یہ آباؤ اجداد کی تقلید میں کیا۔ اور غور وتدبر کے بعد تکذیب سرکشی اور عناد وضد کی وجہ سے اختیار کی۔ پس ان آیات میں جاننے سے قبل جلد تکذیب کرنے کی مذمت فرمائی اور لما جو کلمہ توقع ہے اس کو ذکر کیا تا کہ اعلان کر دیا جائے کہ کفار نے قرآن کے علو شان اور اعجاز اچھی طرح جان لیا کیونکہ ان کو بار بار چیلنج کیا اور انہوں نے اپنی قوتوں کو خوب آزما لیا اور اسکی مثل لانے سے

اپنا عجز اظہر من الشمس ہو گیا تو ضد و حسد سے قرآن کو جھٹلا دیا۔
كَذٰلِكَ (اسی طرح) اس تکذیب کی طرح كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (ان لوگوں نے جھٹلایا جو ان سے پہلے ہوئے) یعنی امم ماضیہ کے کفار نے رسولوں کے معجزات میں غور و فکر کرنے کے بغیر عناد اور تقلید آباء کی وجہ سے ان کو جھٹلا دیا۔ دوسری تفسیر **لما یاتھم تاویلہ** کی یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ابھی تک ان کے سامنے اخبار بالغیب کی تعبیر ظاہر نہیں ہوئی۔ تعبیر سے انجام مراد ہے جس سے اسکا سچا، جھوٹا ہونا ظاہر ہو۔ مطلب یہ ہوا کہ یہ کتاب دو لحاظ سے معجز ہے نمبرا۔ نظم کا اعجاز، نمبر۲۔ اخبار غیوب کا اعجاز تم نے اس کے نظم پر غور سے قبل ہی تکذیب کر دی حالانکہ وہ حد اعجاز کو پہنچا ہوا ہے اور اسکی دی ہوئی اطلاعات کا صدق و کذب ظاہر ہونے سے پہلے ہی تم نے انکار کر ڈالا۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ (پس غور کرو کس طرح ظالموں کا انجام ہوا)

۴۰: وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ (اور بعض ان میں سے آپ پر ایمان لاتے ہیں) ہٖ کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا قرآن کی طرف راجع ہے۔ اپنے دل میں تصدیق کرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ آپ نبی برحق ہیں لیکن عناد کی وجہ سے تکذیب کرتے ہیں۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ (اور ان میں بعض وہ ہیں جو آپ پر ایمان نہیں لاتے) آپ کی تصدیق نہیں کرتے اور آپ کے بارے میں شک کرتے ہیں۔ یا اس کا معنی استقبال والا ہو۔ کہ ان میں بعض ایسے ہونگے جو عنقریب آپ پر ایمان لے آئیں گے اور بعض ایسے ہونگے جو کفر پر اصرار کریں گے۔ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ (اور آپ کا رب فساد کرنیوالوں کو خوب جاننے والا ہے) مفسدین سے معاند یا اصرار کرنے والے مراد ہیں۔

۴۱: وَاِنْ كَذَّبُوْكَ (اور اگر وہ آپ کو جھٹلا دیں) اگر وہ آپ کی تکذیب پر اتر آئیں اور تم ان کی قبولیت سے مایوس ہو جاؤ۔ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ (پس کہہ دیں کہ میرے لئے میرا عمل) مراد جزاء عمل ہے۔ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ (اور تمہارے لئے تمہارا عمل) تمہارے اعمال کا بدلہ۔ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ (تم اس سے بری جو میں کرتا ہوں اور میں اس سے بیزار جو کچھ تم کرتے ہو) پس ہر ایک سے اس کے عمل کا مؤاخذہ ہوگا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ

اور ان میں بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں، کیا آپ بہروں کو سنا دیں گے اگرچہ وہ سمجھ بھی نہ رکھتے ہوں، اور ان میں سے

مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ

بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف دیکھتے ہیں، کیا آپ اندھوں کو راہ بتا دیں گے اگرچہ وہ دیکھتے بھی نہ ہوں، بلاشبہ اللہ لوگوں پر

النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا

ذرا سا بھی ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، اور جس دن اللہ انہیں جمع فرمائے گا گویا کہ وہ دن کے حصہ میں سے

اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا

صرف ایک گھڑی ٹھہرے ہیں، وہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانتے ہوں گے، بے شک وہ لوگ خسارہ میں پڑ گئے جنہوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلایا اور وہ

كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

ہدایت پانے والے نہ تھے۔ اور اگر ہم اس میں سے کچھ حصہ آپ کو دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا ہم آپ کو وفات دے دیں تو ہماری طرف ان سب کو لوٹنا ہے

ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ

پھر اللہ اس پر گواہ ہے جو کام وہ لوگ کرتے ہیں، اور ہر امت کے لئے ایک رسول ہے سو جب ان کے پاس ان کا رسول آ جاتا ہے تو ان کے درمیان

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔ اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ

سچے ہو، آپ فرما دیجئے کہ میں اپنی جان کے لئے کسی بھی ضرر یا نفع کا مالک نہیں مگر جو اللہ چاہے۔ ہر امت کے لئے ایک وقت

اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

مقرر ہے جب ان کا وقت مقرر آ جاتا ہے تو ایک گھڑی نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں

### کفار اندھے بہرے ہیں:

۴۲: وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ (اور ان میں بعض ایسے ہیں جو آپ کی طرف کان لگا لگا بیٹھتے ہیں) بعض لوگ ان میں آپ کی قراءت پر کان دھرتے ہیں اور احکام شرائع کے وقت بھی متوجہ ہوتے ہیں۔ لیکن وہ ان باتوں کو یاد نہیں رکھتے اور نہ قبول

کرتے ہیں اسلئے وہ بہروں کی طرح ہیں اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَایَعْقِلُوْنَ (کیا آپ بہروں کو سناتے ہیں گو ان کو سمجھ بھی نہ ہو) کیا تم یہ طمع رکھتے ہو کہ بہرے کو سنانے پر تمہیں قدرت ہے جبکہ بہرہ بے عقل بھی ہو؟ کیونکہ عقلمند بہرہ تو فراست سے یا کان میں گونج کے پڑ جانے سے استدلال کر کے بات سمجھ سکتا ہے مگر کیا کیجئے جب سلب عقل اور فتور سمع دونوں جمع ہوں تو سارا کھاتہ ہی گل ہے۔

۴۳: وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّنْظُرُ اِلَیْكَ (ان میں بعض لوگ آپ کی طرف دیکھتے ہیں) اور سچائی کے دلائل کھلے بندوں معائنہ کرتے اور نبوت کے نشانات ظاہر پاتے ہیں لیکن وہ تصدیق نہیں کرتے۔ اَفَاَنْتَ تَهْدِی الْعُمْیَ وَلَوْ كَانُوْا لَا یُبْصِرُوْنَ (پھر کیا آپ اندھوں کو رستہ دکھلانا چاہتے ہیں گو ان کو بصیرت بھی نہ ہو) کیا تمہارا خیال ہے کہ آپ اندھوں کو راہ دکھلائیں گے جب بصارت کے ساتھ وہ بصیرت سے بھی محروم ہو۔ کیونکہ وہ اندھا جس کے دل میں بصیرت ہو وہ کبھی عقل سے جانچ لیتا ہے۔ باقی احمق اندھا تو نری مصیبت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قبول کرنے اور تصدیق سے ناامیدی کے مقام تک پہنچے ہوئے ہیں جیسا کہ وہ بہرے اور اندھے جن میں عقل و بصیرت نہ ہو۔

۴۴: اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ شَیْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ (یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا۔ لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ کو تباہ کرتے ہیں)

قراءت: حمزہ و علی نے ولکن الناسُ پڑھا ہے۔ یعنی استدلال کے آلات کو سلب کر کے اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ بلکہ انہوں نے استدلال کو ترک کر کے اپنے اوپر خود ظلم کیا۔ خود زندہ ہو کر جمادات کو معبود بنالیا۔

## حشر میں کفار کا حال:

۴۵: وَیَوْمَ یَحْشُرُهُمْ (اور اس دن کو یاد رکھو جب وہ ان کو جمع کرے گا)

قراءت: حفص نے یا سے پڑھا۔ جبکہ ابن عامر و ابن کثیر نے نون سے پڑھا ہے۔ كَاَنْ لَّمْ یَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ (گویا وہ نہیں ٹھہرے مگر ایک گھڑی دن کی) دنیا میں قرار کی مدت کو انہوں نے بہت چھوٹا قرار دیا یا قبور میں ٹھہرنے کی مدت کو احوال آخرت کی وجہ سے قلیل قرار دیں گے۔ یَتَعَارَفُوْنَ بَیْنَهُمْ (آپس میں پہچانیں گے) ایک دوسرے کو جانتے ہونگے گویا کہ وہ بہت تھوڑا وقت آپس میں جدا رہے اور یہ قبور سے نکلنے کے وقت ہوگا۔ پھر قیامت کے احوال کی شدت سے تعارف منقطع ہو جائے گا۔

نحو: کان لم یلبثوا یہ ھُمْ سے حال ہے یعنی ہم ان کو اس حالت میں اٹھائیں گے کہ ان کی حالت ان لوگوں کے مشابہ ہوگی جو ایک گھڑی ٹھہرے ہوں۔ کان یہ کانَّ ہے اور اس کا اسم محذوف اور لم یلبثوا خبر ہے یتعارفون بینھم یہ دوسرا حال ہے۔ یا جملہ مستانفہ ہے اور ھُمْ مبتداء محذوف کی خبر ہے۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ (تحقیق خسارہ میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو جھٹلایا) یہ یتعارفون کی ضمیر فاعلی کا مقولہ قرار دیا جائے کہ اپنے مابین تعارف یہ کہتے ہوئے کرائیں گے قد خسر الذین (الآیة) یا یہ اللہ

تعالیٰ کا مقولہ ہے جو ان کے خسران پر شہادت ہے۔ مطلب یہ کہ انہوں نے اپنی تجارت وبیع میں ایمان کو کفر کے بدلہ میں رکھ دیا۔ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ (وہ ہدایت یافتہ نہ تھے) جانتے ہوئے بھی وہ تجارت میں راہ پانے والے نہیں۔ یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اس میں تعجب کا معنی ہے گویا اس طرح فرمایا وہ کس قدر خسارہ میں ہیں؟

## آپ کی زندگی میں ان پر عذاب لازم نہیں:

۴۶: وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ (اور جس کا ان سے ہم وعدہ کر رہے ہیں اس میں سے کچھ تھوڑا سا اگر ہم آپ کو دکھلا دیں) یعنی عذاب اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ (یا آپ کو وفات دے دیں) ان کے عذاب دینے سے پہلے فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ (پس انہوں نے ہمارے پاس لوٹنا ہے) یہ نتو فینك کا جواب ہے اور نرینك کا جواب محذوف ہے یعنی و اما نرینك بعض الذی نعدهم فی الدنیا فذاك او نتو فینك قبل ان نریكه فنحن نریكه فی الآخرة اور اگر دکھا دیں بعض حصہ اس عذاب کا جس کا ہم ان سے دنیا میں وعدہ کرتے تو یہ مطلوب ہے یا اگر ہم آپ کو وفات دے دیں آپ کو انکا عذاب دکھانے سے پہلے تو ہم آپ کو آخرت میں دکھلائیں گے۔ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ (پھر اللہ تعالیٰ گواہ ہے ان کاموں پر جو وہ کرتے ہیں) یہاں ذکر تو شہادت کا ہے مگر مراد اسکا مقتضی ہے اور وہ عذاب ہے گویا اس طرح فرمایا۔ پھر اللہ تعالیٰ ان کے کرتوتوں پر ان کو سزا دینے والے ہیں۔ بعض نے کہا ثم یہاں واؤ کے معنی میں ہے۔

## میں رسول ہوں عذاب کا اختیار نہیں رکھتا:

۴۷: وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ (ہر امت کیلئے ایک رسول ہے) جس کو ان کی طرف اللہ تعالیٰ مبعوث فرماتے ہیں تا کہ وہ ان کو توحید کے بارے میں خبردار کرے اور دین حق کی طرف ان کو دعوت دے۔ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ (جب ان کا رسول آ چکتا ہے) دلائل لیکر اور وہ اس کا انکار کر دیتے ہیں اور اسکی اتباع نہیں کرتے۔ قُضِيَ بَيْنَهُمْ (ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا ہے) نبی اور اس کے جھٹلانیوالوں کے درمیان بِالْقِسْطِ (انصاف کے ساتھ) پس رسول کو نجات دی جاتی ہے اور مکذب کو عذاب دیا جاتا ہے۔

دوسری تفسیر۔ قیامت کے دن ہر امت کیلئے رسول ہوگا جس کی طرف اس امت کی نسبت کی جائے گی اور اسی کے نام سے ان کو پکارا جائے گا۔ جب رسول موقف پر ان کے متعلق کفر و ایمان کی گواہی دینے کیلئے حاضر ہو جائیں گے تو ان کے مابین انصاف سے فیصلہ کر دیا جائیگا۔ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (اور ان پر ظلم نہ ہوگا) بغیر گناہ کے کسی کو سزا نہ دی جائے گی۔

۴۸: تو فرمایا اگر ہم آپ کو بعض حصہ اس عذاب کا دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں جب کفار نے عذاب مانگنے میں جلدی کی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری۔ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ (وہ کہتے ہیں کب ہوگا یہ وعدہ) یعنی وعدۂ عذاب اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو) کہ عذاب اترنے والا ہے۔ یہ منہم کا خطاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤمنین تمام سے ہے۔

۴۹: قُلْ (کہہ دیں اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا (میں مالک نہیں ہوں اپنے نفس کیلئے ذرہ بھر نقصان) جیسے مرض یا فقر وَّلَا نَفْعًا (اور نہ نفع کا) یعنی صحت یا مالداری اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰهُ (مگر جو چاہے اللہ تعالیٰ) یہ مستثنیٰ منقطع ہے یعنی مگر جس کے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

آپ فرما دیجئے کہ تم بتاؤ اگر اللہ کا عذاب رات کے وقت آ جائے یا دن کے وقت آ جائے تو اس میں وہ کون سی چیز ہے جس کی مجرمین جلدی مچا رہے ہیں،

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

کیا پھر جب وہ واقع ہو ہی جائے تو اس پر ایمان لاؤ گے۔ اب ایمان لاتے ہو حالانکہ تم اس کے جلدی آنے کا تقاضا کرتے تھے،

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ

پھر ان لوگوں سے کہا جائے گا جنہوں نے ظلم کیا کہ ہمیشگی کا عذاب چکھ لو، تمہیں انہیں اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جن کی تم کمائی کرتے تھے۔

تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؔ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؔ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾

اور وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں کیا یہ حق ہے؟ آپ فرما دیجئے ہاں میرے رب کی قسم بلاشبہ وہ حق ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو۔

بارے میں اللہ تعالیٰ چاہے کہ وہ ہو۔ پس کس طرح میں تمہارے لئے نقصان اور عذاب کھینچ کر لا سکتا ہوں۔ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ (ہر امت کا ایک وقت مقرر ہے جب انکا وقت مقررہ آ جاتا ہے تو ایک گھڑی کیلئے وہ پیچھے نہیں ہٹ سکتے اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں) ہر امت کیلئے عذاب کا ایک وقت معلوم مقرر ہے اور وہ لوح محفوظ میں لکھا جا چکا جب ان کے عذاب کا وقت آ جاتا ہے۔ تو ایک گھڑی کیلئے آگے نہیں بڑھ سکتے اور نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں پس تم جلدی نہ مانگو۔

## عذاب تو ذرا سا بھی برا ہے:

۵۰: قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ (آپ فرما دیجئے کہ یہ تو بتلاؤ کہ اگر تم پر خدا کا عذاب آ پڑے) جس کو تم جلد مانگتے ہو۔ بَيَاتًا (رات کو) یہ ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے یعنی سونے کے وقت میں اور وہ رات ہے۔ اس حال میں کہ تم غافل بے پرواہ سوئے ہوتے ہو۔ اَوْ نَهَارًا (یا دن کو) اس حال میں کہ طلب معاش میں تم مشغول ہو۔ اور کام کر رہے ہو۔ مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ (کیا جلدی کریں گے اس سے مجرم) اس عذاب سے مطلب یہ ہے کہ عذاب تمام کا تمام برا ہے اور نفرت و بھاگنے کے قابل ہے۔ پس تم اس میں سے کونسی چیز جلد مانگتے ہو۔ اس میں تو کوئی چیز بھی جلد مانگنی ضروری نہیں۔ ماذا کا استفہام اَرَءَيْتُمْ سے متعلق ہے۔ کیونکہ مطلب یہ ہے مجھے تم بتلاؤ اس سے مجرم کونسی چیز جلدی مانگتے ہیں۔ شرط کا جواب محذوف ہے اور وہ یہ ہے تندموا علی الاستعجال یاتعرفوا الخطأ فیه۔ اس وقت تم جلد مانگنے پر شرمندہ ہو گے یا اسمیں اپنی غلطی محسوس کرو گے (مگر بے وقت بے فائدہ)

نکتہ: ماذا یستعجلون منه نہیں فرمایا کیونکہ ماذا یستعجل کہہ کر اس بات پر دلالت کی جا رہی ہے کہ ترک استعجال لازم

ہےاور وہ اجرام ہے۔ یاماذایستعجل کو جواب شرط قرار دیا جائے جیسے ان اتیتك ماذاتطعمنی؟ پھر یہ سارا جملہ اَرَءَ یْتُمْ سے متعلق ہے یااثم اذاماوقع جواب شرط ہے اور ماذا یستعجل جملہ معترضہ ہے۔

## عذاب کے وقت حال:

۵۱: اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ (کیا پھر جب وہ واقع ہو جائیگا) یعنی عذاب اٰمَنْتُمْ بِهٖ (کیا تم اس وقت ایمان لاؤ گے) یہ جواب شرط ہے اور ماذایستعجل منه المجرمون جملہ معترضہ ہے۔ مطلب یہ ہوگا اگر تمہارے پاس اسکا عذاب آجائے تو تم اسپر ایمان لاؤ گے اس عذاب کے واقع ہونے کے بعد جبکہ ایسے وقت کا ایمان مفید نہ ہوگا۔

نحو: حرف استفہام کو ثم پر لانا اسی طرح ہے جیسا کہ اس کو واو اور فا پر داخل کیا جائے۔ جیسا (اعراف: ۹۷) میں افامن اهل القری ، ۹۸ میں اوامن اهل القری۔ آٰلْئٰنَ (کیا اب ایمان لاتے ہو) اس کو قول کا مقولہ مان کر گویا ان کو کہا جائے گا جبکہ وہ عذاب آجانے کے بعد ایمان لائیں گے کیا اب تم ایمان لاتے ہو۔ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ (حالانکہ تم تو اس کو جلدی مانگا کرتے تھے) یعنی عذاب کو تکذیب اور استہزاء کے طور پر۔ آلان میں لام کے بعد والے ہمزہ کو حذف کر دیا اور اسکی حرکت لام کو دیدی۔ نافع کے نزدیک اسی طرح ہے۔

۵۲: ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (پھر ان کو کہا جائے گا جنہوں نے ظلم کیا) اس کا عطف اس قِيْلَ پر ہے جو آلْئٰنَ سے پہلے محذوف مانا گیا ہے۔ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ (تم ہمیشہ کا عذاب چکھو) ہمیشگی هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ (نہیں تمہیں جزاء دی جائے گی مگر وہ جو تم کماتے تھے) یعنی شرک، تکذیب

## اب تو استہزاء کرتے ہیں مگر وہاں ڈر سے مُنہ چھپائیں گے:

۵۳: وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ (اور وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں) آپ سے خبر پوچھتے ہوئے کہتے ہیں۔ اَحَقٌّ هُوَ (کیا وہ برحق ہے) یہ استفہام انکاری ہے بطور استہزاء کے وہ کہتے تھے ھو ضمیر کا مرجع موعودہ عذاب ہے۔ قُلْ (کہہ دیں) اے محمد ﷺ اِیْ وَرَبِّیْٓ (ہاں اور مجھے اپنے رب کی قسم ہے) اِنَّهٗ لَحَقٌّ (بلاشبہ وہ حق ہے) بیشک عذاب ہر صورت ہونے والا ہے۔ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ (اور تم عاجز کرنیوالے نہیں ہو) عذاب سے نکلنے والے نہیں ہو وہ ہر صورت میں تمہیں آلے گا۔

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِی الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ

ہر وہ شخص جس نے ظلم کیا اگر اس کے لئے وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے تو وہ اپنی جان کو عذاب سے چھڑانے کیلئے اس سب کو خرچ کر ڈالے گا۔ اور جب وہ عذاب دیکھیں گے تو پشیمانی کو

وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

پوشیدہ رکھیں گے، اور ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔ خبردار بے شک اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے

اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَاِلَیْهِ

خبردار بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے ، وہی زندہ فرماتا ہے وہی موت دیتا ہے اور اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾

لوٹائے جاؤ گے۔

۵۴: وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ (اور اگر ہر مشرک شخص کے پاس اتنا ہو کہ) اگر ظلم کا معنی کفر وشرک ہے تو یہ نفس کی صفت ہے یعنی اگر ہر ظالم نفس کو میسر آئے مَا فِی الْاَرْضِ (جو کچھ زمین میں ہے) دنیا میں آج جو اس کے خزائن و اموال موجود ہیں۔ لَافْتَدَتْ بِهٖ (تو وہ ضرور فدیہ میں دے ڈالے) وہ اپنے نفس کا اس کو فدیہ بنالے۔ محاورہ عرب ہے فداہ فافتدی اور کہا جاتا ہے افتداہ یعنی فداہ آتا ہے۔ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ (اور وہ شرمندگی کو چھپائیں گے جب وہ عذاب کو دیکھیں گے) اور وہ شرمندگی کو ظاہر کریں گے، عرب کہتے ہیں اسر الشئی اذا اظہر الشیء۔ جب وہ چیز کو ظاہر کرے نمبر۲۔ دوسری تفسیر: وہ چھپائیں گے شرمندگی کو کیونکہ وہ شدت ہول کی وجہ سے بولنے سے عاجز ہونگے۔ اسر کا لفظ اضداد میں سے ہے۔ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ (ان کے مابین انصاف سے فیصلہ کردیا جائیگا) ظالموں اور مظلوموں کے مابین۔ اس پر ظلم کے لفظ کا تذکرہ دلالت کرتا ہے۔ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ (اور ان پر ظلم نہ ہوگا)

۵۵: پھر اس خبردار کرنے کے بعد اگلی آیت میں اللہ تعالیٰ کی ملکیت تامہ کا ذکر کیا۔ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (خبردار بیشک اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے وہ سب کچھ جو آسمانوں اور زمین میں ہے) پس وہ کیوں کر فدیہ قبول کریگا جبکہ وہ سزا دینے میں برحق ہے اور اس نے جو عذاب وثواب کا وعدہ فرمایا وہ برحق ہے اس فرمان کی وجہ سے اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ (خبردار بیشک اللہ تعالیٰ کا وعدہ) ثواب وعذاب کا حَقٌّ (برحق ہے) ثابت ہونے والا ہے۔ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ (لیکن انکی اکثریت نہیں جانتی)

۵۶: هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ (وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے) زندگی بخشنے اور موت دینے پر اسے قدرت ہے اس کے علاوہ کسی کو بھی اس پر قدرت نہیں۔ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ (اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے) اسی کے حساب و جزاء کی طرف لوٹنا ہے پس اس کا خوف اور امید دونوں باندھنی چاہئیں۔

يَآيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت آ گئی ہے اور ایسی چیز آئی ہے جس میں سینوں کے لئے شفا ہے اور ہدایت ہے

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ

اور رحمت ہے مومنین کے لئے۔ آپ فرما دیجئے اللہ کے فضل اور اللہ کی رحمت سے خوش ہو جاؤ۔ سو وہ اس پر خوش ہوں، یہ اس سے بہتر ہے جو

مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾

وہ جمع کرتے ہیں۔

## قرآن عظمت وشفاء ورحمت ہے:

۵۷: يَآيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ (اے لوگو! تمہارے پاس ایک نصیحت تمہارے رب کی طرف سے آ چکی) یعنی تمہارے پاس ایسی کتاب آ چکی جو نصائح کے فوائد سے مالا مال ہے۔ اس میں توحید پر متنبہ کیا گیا۔

الموعظۃ اس چیز کو کہتے ہیں جس میں ہر مرغوب کی دعوت اور ہر مرھوب سے ڈراوا موجود ہو۔ اسلئے کہ امر مامور بہ کے حسن کا تقاضا کرتا ہے پس وہ مرغوب ہونا چاہیئے اور جس کا حکم نہ ہو وہ ممنوع ہونا چاہئے اور نہی مامور بہ کے قبح کو چاہتی ہے۔ اور نہی میں بھی اسی طرح حکم ہے۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (اور شفاء ہے اس چیز کیلئے جو سینوں میں ہے) یعنی جو تمہاری سینوں میں عقائد فاسدہ ہیں وَهُدًى (اور ہدایت ہے) گمراہی سے وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (اور مومنوں کیلئے رحمت ہے) جو تم میں سے اس پر یقین کرنے والے ہونگے۔

۵۸: قُلْ (کہہ دیں) اے محمد ﷺ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا (اللہ تعالیٰ کے فضل اور اسکی رحمت کے ساتھ پس اس کے ساتھ ان کو خوش ہونا چاہیے) اصل کلام اس طرح ہے بفضل الله و برحمته فليفرحوا بذلك اگر اللہ تعالیٰ کے فضل ورحمت کے ساتھ چاہیے کہ وہ خوش ہوں اس پر، تکریر کا مقصد تاکید اور پختگی ہے اور اس بات کو خاص کر ثابت کرنا ہے کہ فضل ورحمت ہی فرح کے لائق ہیں ان کے علاوہ فوائد دنیا لائق فرح نہیں۔ ایک فعل کو دلالت کی وجہ سے حذف کر دیا۔ اور فا کو اس لئے داخل کیا کیونکہ شرط کا مفہوم پایا جاتا ہے گویا اس طرح فرمایا۔ اگر وہ کسی چیز پر خوش ہوں تو ان کو اپنی فرح ان دو چیزوں سے مخصوص کر لینی چاہے۔ یا ان کو اللہ کے فضل اور اسکی رحمت کی طرف توجہ دینی چاہئے اور چاہیئے کہ وہ اس پر خوشی کا اظہار کریں اور یہ فضل ورحمت کتاب اللہ اور اسلام ہے۔ حدیث پاک میں ارشاد فرمایا جس کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کی طرف ہدایت دے دی پھر قرآن کا علم دے دیا۔ پھر اس نے فاقہ کی شکایت کی تو اللہ تعالیٰ فقر کو اس کے ماتھے پر ملاقات کے دن تک لکھ دیتے ہیں (درمنثور) اور آپ نے پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ (وہ اس سے بہت بہتر ہے جس کو وہ جمع کرتے ہیں) شامی نے یا سے پڑھا ہے یعقوب نے فلتفرحوا پڑھا ہے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ

آپ فرما دیجئے کہ تم بتاؤ جو رزق اللہ نے تمہارے لئے نازل فرمایا تم نے اس میں سے خود ہی بعض کو حرام اور بعض کو حلال تجویز کر لیا۔ آپ فرما دیجئے کیا اللہ نے

لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

تمہیں اس کی اجازت دی ہے یا اللہ پر افتراء کرتے ہو، اور قیامت کے دن کے بارے میں ان لوگوں کا کیا گمان ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

بلاشبہ اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے اور لیکن ان میں سے بہت لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔

## حلال وحرام تمہارا کام نہیں:

۵۹: قُلْ اَرَءَ يْتُمْ (آپ کہیے یہ تو بتلاؤ) مجھے خبر دو مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ (کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے جو کچھ رزق بھیجا تھا) یہ اَنْزَلَ کے ساتھ منصوب ہے یا اَرَاَیْتُمْ کے ساتھ یعنی تم مجھے اسکی خبر دو۔ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا (پس تم نے اس میں سے حرام وحلال بنالیا) پس تم نے اس کے حصے کر کے کہا کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے جیسا کہ سورۃ انعام: ۱۳۹ آیت میں ہے **مافی بطون هٰذه الانعام خالصة لذكورنا و محرم علی ازواجنا** ہاں زمین سے تمام ارزاق نکلتے ہیں لیکن جب اس رزق کے اسباب کو آسمان سے جوڑ دیا۔ جیسا کہ بارش جس سے نبات اگتی ہے اور سورج جس سے فصل پکتی ہے اور پھل تیار ہوتے ہیں تو اس کے اتارنے کی نسبت اسی لئے آسمان کی طرف کر دی گئی۔ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ (کہہ دیں کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں اسکی اجازت دی) یہ اَرَاَيْتُمْ سے متعلق ہے۔ قُلْ یہ تاکید کیلئے دوبارہ لائے۔ مطلب یہ ہے کہ تم مجھے بتلاؤ کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں اجازت دی کہ تحلیل وتحریم کرو۔ پس تم اسکی اجازت سے کر رہے ہو۔ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ (یا اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہو) یا تم اسکی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کر کے جھوٹ بول رہے ہو۔ یا ہمزہ انکار کیلئے اور اَمْ منقطعہ بمعنی بل ہے۔ اور **اتفترون علی اللّٰه** یہ افتراء کی پختگی کو ظاہر کرنے کیلئے لایا گیا۔

فَائِدَہ: اس آیت میں زجر ہے ان احکام کے متعلق جو کسی سے پوچھے جائیں۔ جب تک کسی چیز کے متعلق یقین نہ ہو جائے اس وقت تک اس کے جائز و ناجائز کا حکم نہ لگا دینا چاہیے۔ اور یہ آیت احتیاط کے وجوب کو ظاہر کر رہی ہے۔ اگر بتانے والا اس کا خیال نہ کرے گا تو وہ دین پر افتراء باندھنے والا شمار ہوگا۔

۶۰: وَ مَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ (اور جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء باندھتے ہیں) کذب کی نسبت اس کی طرف کرتے ہیں يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (قیامت کے دن) یہ ظن کی وجہ سے منصوب ہے اور وہ گمان اس دن میں واقع ہونے والا ہوگا۔ یعنی مفتری لوگ اس دن کے متعلق کیا گمان کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ حالانکہ وہ تو احسان و برائی پر بدلے کا دن ہے۔ اس آیت میں معاملے کو مبہم رکھ کر سخت وعید کی گئی ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ (بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ

اور آپ جس کسی حال میں بھی ہوں اور قرآن مجید کا جو بھی کوئی حصہ تلاوت کر رہے ہوں اور تم لوگ جو بھی کوئی عمل کرتے ہو ہم ضرور اس سے باخبر

شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا

ہوتے ہیں جبکہ تم اس کام میں مشغول ہوتے ہو اور زمین اور آسمان میں ذرہ کے برابر کوئی چیز ایسی نہیں جو تیرے رب کے

فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾

علم میں نہ ہو۔ اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اس سے چھوٹی ہو یا بڑی ہو جو کتاب مبین میں نہ ہو۔

کرنے والے ہیں ) اس طرح کہ ان پر عقل کا انعام کیا اور وحی کی رحمت عنایت کی اور حلال وحرام کی تعلیم دے کر مہربانی فرمائی وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ( اور لیکن اکثریت ان کی شکر گزار نہیں ) اس نعمت کا شکر اور نہ ہی وہ اس چیز کی اتباع کرتے ہیں جس کی طرف ان کی راہنمائی کی گئی۔

## ہم تمہارے ہر حال سے واقف ہیں:

۶۱ : وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ ( نہیں ہوتے آپ کسی حالت میں ) مَا نافیہ ہے اور تکون کا خطاب نبی اکرم ﷺ کو ہے۔ الشان معاملہ اور حالت وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ ( اور نہیں پڑھتے آپ اس میں سے ) ہٗ کی ضمیر قرآن مجید کی طرف ہے گویا اسطرح کہا گیا ماتتلوا من التنزیل، مِنْ قُرْاٰنٍ ( قرآن میں سے ) کیونکہ قرآن کا ہر جزء قرآن ہے۔ ذکر سے قبل ضمیر عظمت شان کیلئے لائی گئی ہے یا ہ کی ضمیر کا مرجع اللہ عز وجل کی ذات ہے۔

وَّ لَا تَعْمَلُوْنَ ( اور تم نہیں کرتے ) تم تمام مِنْ عَمَلٍ ( کوئی عمل ) جو عمل بھی ہو اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا ( مگر کہ تم پر ہم حاضر و ناظر ہوتے ہیں ) مشاہدہ کر رہے اور نگرانی کر رہے ہوتے ہیں اور ایک ایک چیز شمار کرتے ہیں۔ اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ( جبکہ تم اس میں مصروف ہوتے ہو ) مشغول ہوتے ہو۔ یہ افاض فی الامر سے ہے۔ جبکہ اس میں ہمہ تن مصروف ہو۔ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ ( نہیں غائب تیرے رب سے ) دور نہیں، غائب نہیں۔

قراءت: علی نے اس کو ہر جگہ زاء کے کسرہ سے يَعْزِبُ پڑھا ہے۔ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ ( ایک ذرّہ کی مقدار ) ذرہ چھوٹی چیونٹی کے وزن کے برابر فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ ( زمین میں اور نہ آسمان میں نہ کوئی چھوٹی چیز اور نہ اس سے بڑی چیز ) قراءت: حمزہ نے اصغر اور اکبر پر ضمہ ابتداء کی وجہ سے پڑھا اور الا فی کتاب مبین کو خبر قرار دیا ہے۔ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ( مگر کہ وہ لوح محفوظ میں ہے ) کتاب مبین سے لوح محفوظ ہی مراد ہے۔ دیگر قراء نے اَصْغَرَ اور اَكْبَرَ کو نصب کے ساتھ پڑھا اور لا کو نفی جنس کا قرار دیا ہے۔

فَائِدَة: یہاں زمین کو آسمان سے مقدم ذکر کیا۔ جبکہ سورۂ سباء میں آسمان کو پہلے لائے۔ کیونکہ عطف واؤ کے ساتھ ہے اور اس

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ

خبردار بلاشبہ جو اولیاء اللہ ہیں ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے جو ایمان لائے اور

کَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَہُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَۃِ لَا تَبْدِیْلَ

تقویٰ اختیار کرتے تھے، ان کے لئے بشارت ہے دنیاوی زندگی میں اور آخرت میں۔ اللہ کے کلمات میں کوئی

لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ذٰلِکَ ہُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۶۴﴾

تبدیلی نہیں، یہ بڑی کامیابی ہے۔

عطف کا حکم تثنیہ جیسا ہے۔

## ولی اور اس کی پہچان اور نشانی:

۶۲: اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآ ءَ اللّٰہِ (خبردار! بیشک اللہ تعالیٰ کے دوست) نمبرا۔ وہ وہی لوگ ہیں جو طاعت کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے دوستی رکھتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کرم نوازی سے ان کے ساتھ مہربانی فرمانے والے ہیں۔ نمبر۲۔ وہ وہ لوگ ہیں کہ اپنی خاص دلیل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کی طرف راہنمائی فرمائی ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق کو ادا کرنے والے اور اسکی مخلوق پر رحمت کرنیوالے ہیں۔ نمبر۳۔ وہ لوگ جنکی محض اللہ تعالیٰ کی خاطر آپس میں محبت ہے۔ حالانکہ ان کی آپس میں کوئی رشتہ داری نہیں۔ اور نہ ہی اموال کا لین دین ہے۔ نمبر۴۔ وہ متقی مومن ہیں جیسا کہ دوسری آیت میں الذین اٰمنوا و کانوا یتقون۔

لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ (ان پر خوف نہ ہوگا) جبکہ لوگ خوف زدہ ہونگے وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ (اور نہ وہ غمگین ہونگے) جبکہ لوگ محزون ہونگے۔

۶۳: الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (وہ لوگ جو ایمان لائے) یہ فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے وہ اَعِنِیْ ہے۔ نمبر۲۔ اولیاء کی صفت ہونے کی وجہ سے منصوب ہے گویا اِنَّ کا اسم ہے۔ نمبر۳۔ ھُمْ مبتداء محذوف کی خبر ہونے کی بناء پر مرفوع ہے عبارت اس طرح ہوگی۔ ھم الذین اٰمنوا، وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ (وہ تھے بچنے والے) شرک و معاصی سے

۶۴: لَہُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا (انہی کیلئے خوشخبری ہے دنیا کی زندگی میں) نمبرا۔ ان چیزوں کی جنکی خوشخبری اللہ تعالیٰ نے مومن متقی لوگوں کو قرآن مجید میں کئی مقامات پر دی ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے کہ وہ نیک خواب ہیں جو مسلمان دیکھتا ہے یا اسکو دکھائے جاتے ہیں۔ (الترمذی) نبوت ختم ہوگئی اور اچھے خواب اس میں سے باقی رہ گئے۔ [ابن ماجہ] نیک خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جز ہے۔ [الترمذی]

نکتہ: اس آخری روایت میں نکتہ یہ ہے کہ مدت وحی ۲۳ سال اور پہلے چھ ماہ میں نیند و خواب میں آپ کو انذار کے متعلق ہدایات دی جاتی تھیں۔ اور چھ مہینے تیئس سال کا چھیالیسواں حصہ بنتا ہے (یہ توجیہ تو بہت خوب ہے) نمبر۲۔ بشریٰ سے مراد لوگوں میں

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۶۵ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ

اور آپ کو ان کی بات رنجیدہ نہ کرے، بلاشبہ ساری عزت اللہ ہی کے لئے ہے۔ وہ سننے والا ہے اور جاننے والا ہے۔ خبردار اس میں شک نہیں کہ اللہ ہی کے لئے ہیں

وقف لازم

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور جو لوگ اللہ کے سوا دوسرے شرکاء کو پکار رہے ہیں وہ کس چیز کا اتباع

اللّٰهِ شُرَكَاۗءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۶۶ هُوَ الَّذِيْ

کر رہے ہیں۔ یہ لوگ صرف گمان کے پیچھے چل رہے ہیں اور صرف اٹکل پچو گمان کرتے ہیں۔ اللہ وہی ہے

جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

جس نے تمہارے لئے رات کو پیدا فرمایا تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرو اور دن کو دیکھنے کا ذریعہ بنایا۔ بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۶۷ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا

نشانیاں ہیں جو سنتے ہیں۔ ان لوگوں نے کہا کہ اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے وہ اس سے پاک ہے وہ غنی ہے، اسی کے لئے ہے جو

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۭ اَتَقُوْلُوْنَ

کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے تمہارے پاس اس بات کی کوئی دلیل نہیں ہے، کیا تم اللہ کے

عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۶۸ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کا تم علم نہیں رکھتے۔ آپ فرما دیجئے بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں

لَا يُفْلِحُوْنَ ۶۹ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ

وہ کامیاب نہیں ہوں گے۔ دنیا میں تھوڑا سا فائدہ اٹھانا ہے پھر ہماری ہی طرف ان کو لوٹنا ہے پھر ہم انہیں ان کے کفر کی وجہ سے

الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۷۰ ع

سخت عذاب چکھائیں گے۔

ع ۷ ۱۰ ۱۲

اچھا تذکرہ اور محبت نمبر۳۔ وقت نزع میں ان کو مقام جنت دکھا کر خوشخبری سنائی جاتی ہے وَفِي الْاٰخِرَةِ (اور آخرت میں) یہ آخرت کی بشری تو جنت ہے۔ نمبر۱۔ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی باتوں میں تبدیلی نہیں) اس کے اقوال میں تبدیلی نہیں اور اس کے وعدوں میں خلاف ورزی نہیں۔ ذٰلِكَ (یہ) اس کا مشار الیہ ان کا دارین میں مبشر بالجنۃ ہونا ہے۔ نمبر۲۔ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (وہ بڑی کامیابی ہے) یہ دونوں جملے معترضہ ہیں اور اس کے بعد کلام کا ہونا ضروری نہیں جیسے تم کہو فلان ینطق

بالحق و الحق ابلج اور یہ کہہ کر خاموش ہو جائے۔ اسی طرح یہاں بھی۔

## تسلی رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

۶۵ : وَلَا یَحْزُنْکَ قَوْلُھُمْ (آپ کو ان کی بات غم میں نہ ڈالے) یعنی تکذیب اور تہدید اور آپ کو ہلاک کرنے کی تدابیر اختیار کرنا اور آپ کی نبوت والے معاملے کو فیل کرنے کی کوششیں۔ اِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا (بیشک عزتیں تمام کی تمام اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں) یہ جملہ مستانفہ ہے جو تعلیل بیان کرنے کیلئے لایا گیا ہے گویا اسطرح کہا گیا ہے میں کیوں غم زدہ نہ ہوں؟ تو جواب دیا اسلئے کہ عزت یعنی غلبہ اور اقتدار حقیقی تمام مملوکہ چیزوں میں اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے۔ کسی کو اس میں سے ذرہ بھر حاصل و میسر نہیں۔ نہ ان کفار مکہ کو اور نہ کسی دوسرے کو پس وہ اللہ تعالیٰ آپ کو غالب اور ان کو مغلوب کرے گا اور ان کے خلاف آپ کی مدد فرمائے گا۔ جیسا کہ سورۃ المجادلہ:۲۱ میں ہے۔ کتب اللّٰہ لاغلبن انا و رسلی۔ سورۃ غافر:۵۱ میں انا لننصر رسلنا فرمایا گیا ہے۔

نمبر۲۔ ہر عزت والا اسی سے عزت حاصل کرتا ہے وہ آپ کو اور آپ کے دین کو اور ماننے والوں کو غلبہ دے گا۔

قراءت ونحو: قولھم پر وقف لازم ہے۔ تاکہ ان العزّۃ کفار کا مقولہ نہ بن جائے۔ جَمِیْعًا یہ ماقبل سے حال ہے ھُوَ السَّمِیْعُ (وہی سننے والا ہے) ان کے اقوال الْعَلِیْمُ (جاننے والا ہے) جو عزائم رکھتے اور تدابیر وہ اختیار کرتے ہیں وہ ان سے خود نپٹ لے گا۔

۶۶ : اَلَآ اِنَّ لِلّٰہِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ (خبردار بیشک اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے جو آسمان اور جو زمین میں ہے) مَنْ سے مراد عقلاء اور وہ فرشتے اور جن وانس ہیں۔

نکتہ: عقلاء کو خاص اس لئے کیا کہ جب یہ اسکی ملک ہیں اور اس کے مملوک ہیں اور ان میں سے کوئی ربوبیت کے لائق نہیں اور نہ ہی اس کا شریک بن سکتا ہے۔ تو اس کے بعد جو غیر عقلاء ہیں وہ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے شریک اور ساجھی نہ ہوں۔

## کفار گمان کے پیروکار ہیں:

وَمَا یَتَّبِعُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ شُرَکَآءَ (نہیں پیروی کرتے وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے سواء اوروں کو پکارتے ہیں شرکاء کی) اسمیں ما۔ نافیہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ حقیقت میں شرکاء کی اتباع نہیں کرتے۔ اگرچہ ظاہراً ان کا نام شرکاء رکھتے ہیں۔ کیونکہ حقیقت میں تو ربوبیت باری تعالیٰ میں شرکت محال ہے۔ اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ (وہ نہیں اتباع کرتے مگر صرف گمان کی) مگر صرف ان کا اپنا خیال ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے شریک ہیں۔ وَاِنْ ھُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ (وہ نہیں ہیں مگر محض اٹکل کے تیر چلاتے) نمبر۱۔ وہ اندازہ کرتے اور ان کے شرکاء ہونے کا غلط اندازہ کرتے ہیں۔ نمبر۲۔ یاما۔ استفہامیہ ہے کہ وہ کس چیز کی اتباع کرتے ہیں شُرَکَآءَ اس صورت میں یدعون کی وجہ سے منصوب ہوگا۔ اور پہلی صورت میں یتبع کی وجہ سے۔ اور حقیقت میں یہ اس طرح ہے وما یتبع الذین یدعون من دون اللّٰہ شرکاء شرکاء اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے سواء اوروں کو پکارتے

ہیں وہ شرکاء شرکاء کی اتباع نہیں کرتے۔ایک کو حذف کر دیا کیونکہ اس پر دلالت موجود ہے اور محذوف یدعون کا مفعول ہے۔
نمبر۳۔ ما۔ موصولہ ہے اور اس کا عطف مَن پر ہے۔گویا اس طرح فرمایا وللّٰہ مایتبعه الذین یدعون من دون اللّٰه شرکاء ای وله شرکاؤهم اور اللہ کی قسم کونسی وہ چیز ہے جس کی اتباع کرتے ہیں وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے سواء اور شرکاء کو پکارتے ہیں یعنی اس کے لئے انہوں نے شرکاء بنا رکھے ہیں۔پھر اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت اور تمام بندوں پر اسکی نعمت عامہ کو ذکر کر کے متنبہ کیا اس ارشاد سے وھو الذی جعل لکم الیل (الایة)

## قوتِ باری تعالیٰ:

۶۷ : هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ (وہ ذات جس نے تمہارے لئے رات کو بنایا تا کہ تم اس میں سکون لے سکو) اس نے تمہارے لئے رات کو اندھیر بنایا تا کہ اس میں دن کے ادھر اُدھر آنے جانے اور کام کاج کی تھکاوٹ سے آرام پا سکو۔ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا (دن کو روشن بنایا) تا کہ اس میں رزق کے حصول کے مقامات کو دیکھ سکو۔اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ (بیشک اس میں سننے والے لوگوں کیلئے البتہ نشانیاں ہیں) سننے سے مراد ایسا سننا جو قبولیت و عبرت کا باعث ہو۔

## اللہ مالک ہے اسے بیٹوں کی محتاجی نہیں:

۶۸ : قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ (انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے بیٹا بنالیا ہے وہ سبحان ہے) بیٹا بنانے سے اس کا پاک ہونا بیان کرنا مقصود ہے۔اور ان کے اس احمقانہ کلمہ پر تعجب کا اظہار کیا گیا۔هُوَ الْغَنِيُّ (وہ غنی ہے) یہ نفی ولد کی علت ہے لیکن لڑکے کا وہ طالب ہوتا ہے جو ضعیف ہوتا کہ لڑکے کے ذریعہ قوت حاصل کرلے یا محتاج ہوتا کہ اس سے مدد حاصل کرے یا وہ ذلیل ہوتا کہ اس سے اعلیٰ مرتبہ حاصل کرلے۔اور یہ تمام حاجت کی علامات ہیں پس جو غنی ہو وہ محتاج نہیں ہوتا۔پس لڑکا اس کے لئے ثابت نہ ہوا اور اس لئے کہ لڑکا، والد کا بعض حصہ ہوتا ہے۔پس اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ مرکب ہو اور مرکب ممکن ہے اور ہر ممکن غیر کا محتاج ہوتا ہے۔پس اس کا حدوث ظاہر ہوا۔پس قدیم کیلئے لڑکے کا ہونا محال ہوا۔لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (اسی ہی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے) بطور ملک کے اور بنوت اور ملکیت دونوں جمع نہیں ہوسکتیں۔اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ( نہیں ہے تمہارے پاس اسکی کوئی دلیل) تمہارے پاس اس بات کی کوئی (معقول) دلیل نہیں ہے۔ با کا حق یہ ہے کہ وہ ان عندکم سے متعلق ہو۔وہ اس طرح کہ قول کو سلطانا کا ظرف مکان مانا جائے جیسے کہتے ہیں۔ماعند کم بار ضکم موز (تمارے ہاں کوئی کیلا نہیں) گویا یہاں اس طرح کہا گیا ہے جو کچھ تم کہتے ہو اسکی تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔ جب ان سے دلیل کی نفی کی تو ان کو بے علم قرار دیا پس فرمایا۔اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَالَا تَعْلَمُوْنَ ( کیا تم اللہ تعالیٰ کے متعلق وہ بات کہتے ہو جو جانتے نہیں)

۶۹ : قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ( کہہ دیں بیشک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں) اسکی طرف بیٹے کی نسبت کر کے لَا يُفْلِحُوْنَ (وہ کامیاب نہ ہونگے) وہ آگ سے کبھی نجات نہ پائیں گے اور نہ جنت کی کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ

اور آپ ان کو نوح کا قصہ پڑھ کر سنایئے، جبکہ نوح نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم اگر میرا قیام کرنا اور اللہ کی آیات کی

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ

یاد دہانی کرنا تم پر بھاری ہے تو میں نے صرف اللہ پر بھروسہ کیا سو تم سب مل کر اپنے شرکاء کے ساتھ اپنی تدبیر کرلو، پھر وہ تمہاری تدبیر ڈھکی

غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝٧١ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ اَجْرِيَ

چھپی نہ رہے، پھر تم میرے بارے میں جو چاہو فیصلہ کرلو اور مجھے مہلت نہ دو۔ سو اگر تم روگردانی کرو تو میں نے تم سے کسی معاوضہ کا سوال تو کیا نہیں ہے۔ میرا اجر

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝٧٢ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ

تو صرف اللہ پر ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے رہوں۔ سو انہوں نے ان کو جھٹلایا پھر ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے

فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

نجات دے دی، اور ہم نے انہیں پہلے لوگوں کے بعد زمین کا آباد کرنے والا بنا دیا، اور ہم نے ان لوگوں کو غرق کردیا جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا، سو اے مخاطب دیکھ لے

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝٧٣

جن کو ڈرایا گیا تھا ان کا کیسا انجام ہوا۔

۷۰: مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا (دنیا میں فائدہ اٹھانا ہے) یعنی ان کا یہ افتراء دنیا کا معمولی سا نفع ہے کہ اس سے وہ کفر میں اپنی سربراہی جمائے ہوئے ہیں اور اسکی پشت پناہی کر کے حضور علیہ السلام کو تکلیف پہنچا رہے ہیں۔ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ (پھر انہوں نے ہمارے ہاں لوٹ کر آنا ہے پھر ہم ان کو سخت عذاب چکھائیں گے) ہمیشہ رہنے والا بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ (اس وجہ سے کہ وہ کفر کرتے تھے) ان کے کفر کے سبب۔

### واقعہ نوح علیہ السلام:

۷۱: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ (ان کو پڑھ کر سنائیں) نَبَاَ نُوْحٍ (نوح علیہ السلام کا واقعہ) وہ واقعہ جو قوم کے ساتھ ان کو پیش آیا۔ اس پر وقف لازم ہے۔ اگر ایسا نہ کریں تو اذ، اُتْلُ کا ظرف بن جائے گا۔ حالانکہ تقدیر عبارت یہ ہے۔ اذکر اذ قال اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ جب انہوں نے اپنی قوم کو کہا اے میری قوم اگر تمہیں گراں گزرا ہے) بھاری وگراں معلوم ہوا جیسا کہ البقرہ۔۴۵ وانها لكبيرة الا على الخاشعين۔ مَّقَامِيْ (میرا کھڑا ہونا) نمبرا۔ میرا مرتبہ یعنی میری ذات جیسا کہ اس آیت ۴۶ سورت الرحمان میں ولمن خاف مقام ربه جنتان یعنی وہ اپنے رب کی ذات سے ڈرا۔ یا نمبر۲۔ میرا ٹھہرنا اور

تمہارے درمیان قیام کرنا ساڑھے نوسو سال یا۔ نمبر۳۔ کھڑا ہونا وعظ ونصیحت کیلئے۔
وَتَذْكِيْرِىْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ (اور میرا اللہ تعالیٰ کی آیات کے ذریعہ ڈرانا) کیونکہ وہ جب ایک جماعت کو وعظ کرتے تو وہ کھڑے ہوکر ان کو نصیحت کرتے تا کہ ان کے کھڑے ہونے کی جگہ ان کے سامنے آجائے اور ان تک بات پہنچ جائے۔ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ (پس اللہ تعالیٰ ہی کی ذات پر میں نے بھروسہ کیا) یعنی میں نے اپنا معاملہ اس کے سپرد کیا۔ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ (تم اپنے معاملے کو جمع کرو) اجمع الامر کام کا عزم اور پختہ نیت کرنا۔ وَشُرَكَآءَكُمْ (اور اپنے شرکاء کو) اس میں واؤ مع کے معنی میں ہے۔ یعنی اپنے شرکاء کے ساتھ مل کر بات طے کرلو۔ قرارداد پاس کرلو۔
ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً (پھر تمہارا معاملہ تم پر مخفی بھی نہ رہے) یعنی تم پر غم ورنج کا باعث نہ ہو۔ الغم اور الغمہ دونوں کا معنی کرب وکربہ کی طرح ایک ہی ہے یا خفاء میں التباس ہو۔ الغمہ سُرَّہ کو کہتے ہیں یہ غمه اذا ستره سے ہے اور یہی معنی اس روایت میں ہیں۔ فرائض میں اخفاء نہیں (لاغمة فی فرائض الله) کوئی اخفا نہیں بلکہ انکو ظاہر کیا جائیگا۔ مطلب آیت کا یہ ہے۔ میرے ہلاک کرنے کا قصد وارادہ تم پر مخفی نہ رہے لیکن اس کو کھلے طور پر تم مجھے بتلانے والے ہو۔ ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ (پھر تم میرے بارے میں فیصلہ کرو۔) وہ بات جس کا تم ارادہ رکھتے ہو یعنی میری ہلاکت کے بارے میں جو تمہارے ہاں برحق ہے کر ڈالو۔ یہ اسی طرح ہے جیسے آدمی اپنے غریم کا حق ادا کردے۔ نمبر۲۔ جو تم سے بن پڑے وہ میرے متعلق کرلو۔ وَلَا تُنْظِرُوْنِ (اور تم مجھے مہلت نہ دو)
۷۲: فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ (پس اگر تم منہ موڑو) اگر تم میری نصیحت سے اعراض کرو۔ اور میری خیر خواہانہ باتوں سے رخ موڑو۔ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ (پس میں تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگتا) نمبر۱۔ کہ جس سے لازماً منہ موڑا جائے۔ یا نمبر۲۔ میں تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگتا کہ تمہارے منہ موڑنے سے وہ رہ جائے گی اور میں اس سے محروم رہ جاؤنگا۔ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ (میرا اجر اللہ تعالیٰ ہی کے ذمہ ہے) اور وہ میرا اجر وثواب آخرت ہے جو مجھے آخرت میں مل جائے گا۔ یعنی میں نے تمہیں یہ نصیحت فقط اللہ تعالیٰ کی خاطر کی کسی دنیاوی غرض کی بناء پر نہیں کی۔
نکتہ: اس میں دلالت ہے کہ تعلیم قرآن اور علم دین پر اجر لینا منع ہے۔ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (اور مجھے حکم ملا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں) یعنی جو اس کے حکموں کی پابندی کرتے ہیں خواہ وہ مشروعات سے ہو یا ممنوعات سے۔
قراءت: اِنْ اَجْرِىَ فتحہ کے ساتھ حفص، ابوعمرو، مدنی وشامی نے پڑھا ہے۔

## نتیجہ تکذیب:

۷۳: فَكَذَّبُوْهُ (پس انہوں نے جھٹلا دیا) انہوں نے ان کی تکذیب پر مداومت اختیار کی فَنَجَّيْنٰهُ (پس ہم نے اس کو بچالیا) ڈوبنے سے وَمَنْ مَّعَهٗ فِى الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ (اور ان کو جو کشتی میں ان کے ساتھ تھے، نائب بنایا) غرق سے ہلاک ہونے والوں کے یہ نائب بنے۔ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ (اور ڈبو دیا ان لوگوں کو جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا پس غور کرو کیسا انجام ہوا ان لوگوں کا جن کو ڈرایا گیا) اس میں کفار پر گزرنے والے معاملے کو بڑا اپنا

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا

پھر ہم نے نوح کے بعد کتنے ہی پیغمبر بھیجے جو اپنی اپنی قوموں کی طرف مبعوث ہوئے۔ سو وہ ان کے پاس کھلی ہوئی دلیلیں لے کر آئے سو وہ ایسے نہ تھے کہ

بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ

جس چیز کو پہلے جھٹلا چکے تھے اس پر ایمان لے آئیں۔ ہم اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے

بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۠ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

موسیٰ اور ہارون کو اپنی آیات کے ساتھ فرعون اور اس کی قوم کے سرداروں کی طرف بھیجا، سو ان لوگوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم

مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٦﴾ قَالَ

لوگ تھے۔ سو جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ گیا تو کہنے لگے کہ بلاشبہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ موسیٰ نے

مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿٧٧﴾ قَالُوْٓا

کہا کہ جب تمہارے پاس حق آ گیا تو کیا تم اس کے بارے میں ایسی بات کہتے ہو؟ کیا یہ جادو ہے؟ اور جادوگر نیوالے کامیاب نہیں ہوتے۔ وہ کہنے لگے

اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا

کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے کہ جس چیز پر ہم نے اپنے باپ داداوں کو پایا ہے تو ہمیں اس سے ہٹا دے۔ اور زمین میں تم دونوں کو سرداری مل جائے اور ہم

نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٨﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ

تم دونوں پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور فرعون نے کہا کہ میرے پاس ہر جادوگر کو لے آؤ جو خوب جاننے والا ہو۔ سو جب جادوگر آئے

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ

تو موسیٰ نے ان سے کہا ڈال دو تم جو کچھ ڈالنے والے ہو۔ سو جب انہوں نے ڈالا تو موسیٰ نے کہا تم جو کچھ لائے ہو

السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ

یہ جادو ہے بلاشبہ عنقریب اللہ اسے باطل کر دے گا بے شک اللہ فساد کرنے والوں کا کام نہیں بننے دیتا، اور اللہ اپنے وعدوں کے موافق حق کو ثابت

ع ٨ ١٢ ١٣ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾

فرماتا ہے اگرچہ مجرمین برا مانیں۔

کر پیش کیا گیا ہے اور کفار مکہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطب تھے ان کو ڈرایا گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی گئی۔

۷۴: ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِہٖ (پھر ہم نے ان کے بعد بھیجا) یعنی نوح علیہ السلام کے بعد رُسُلًا اِلٰی قَوْمِھِمْ (انبیاء علیہم السلام کو ان کی قوموں کی طرف) یعنی ہود، صالح، ابراہیم، لوط، شعیب علیہم الصلوٰت والسلام فَجَآءُوْھُمْ بِالْبَیِّنٰتِ (وہ ان کے پاس دلائل لائے) ایسی واضح دلیلیں جو ان کے دعویٰ کو ثابت کر رہی تھیں۔ فَمَا کَانُوْا لِیُؤْمِنُوْا (مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے اس پر) پس انہوں نے کفر پر اصرار کیا ان انبیاء علیہم السلام کی تشریف آوری کے باوجود بِمَا کَذَّبُوْا بِہٖ مِنْ قَبْلُ (جس کو انہوں نے پہلے جھٹلایا) ان کی آمد سے قبل مقصد یہ ہے کہ رسول کی آمد سے قبل اہل جاہلیت تھے حق کی تکذیب ان کا شیوہ تھا۔ مگر بعثت کے بعد ان کی حالت میں تبدیلی نہ آئی اور وہ ایسی تکذیب پر قائم رہے گویا ان کی طرف کوئی پیغمبر مبعوث ہی نہیں ہوا۔ کَذٰلِکَ نَطْبَعُ (اسی طرح ہم مہر لگاتے) اس مہر کی طرح ہم مہر لگاتے ہیں عَلٰی قُلُوْبِ الْمُعْتَدِیْنَ (حد سے تجاوز کرنے والوں کے دلوں پر) یعنی تکذیب میں جو حدود کو پھاند جاتے ہیں۔

## واقعہ موسیٰ علیہ السلام وفرعون:

۷۵: ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِھِمْ (پھر ہم نے ان کے بعد بھیجا) ان رسولوں کے بعد مُّوْسٰی وَ ھٰرُوْنَ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِہٖ بِاٰیٰتِنَا (موسیٰ و ہارون کو فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف اپنی آیات دیکر) آیات سے وہ نو آیات مراد ہیں۔ فَاسْتَکْبَرُوْا (پس انہوں نے تکبر کیا) ان آیات کو تسلیم کرنے سے اور سب سے بڑا تکبر یہ ہے کہ بندے اپنے رب کے قاصد کو ماننے میں سستی کریں جبکہ رسالت کو واضح بھی کر دیا گیا اور اس کو قبول کرنے سے بڑائی اختیار کریں۔ وَکَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ (اور وہ مجرم لوگ تھے) بڑے جرائم پیشہ کفار تھے اسی لئے انہوں نے اس کو قبول کرنے سے تکبر کیا اور اس کو مسترد کرنے کی جرأت کی۔

۷۶: فَلَمَّا جَآءَھُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا (پس جب ان کے پاس حق آچکا ہماری طرف سے) جب انہوں نے پہچان لیا کہ وہ حق ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ قَالُوْٓا (تو انہوں نے کہا) شہوت پرستی کی وجہ سے اِنَّ ھٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِیْنٌ (بیشک یہ کھلا ہوا جادو ہے) حالانکہ وہ جانتے تھے کہ جادو سے سب سے زیادہ دور چیز جو ہے وہ حق ہی ہے۔

۷۷: قَالَ مُوْسٰٓی اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَکُمْ (موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا تم حق کو کہتے ہو جبکہ وہ تمہارے پاس آچکا ہے) یہ استفہام انکاری ہے اور ان کا مقولہ محذوف ہے یعنی ہٰذا سحر کیا یہ جادو ہے پھر انکار کو دوسری مرتبہ لوٹایا اور کہا اَسِحْرٌ ھٰذَا (کیا یہ جادو ہے) یہ خبر اور مبتداء ہے۔ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ (اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتے) یعنی وہ کامیاب نہ ہونگے۔

۷۸: قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا (وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس آئے ہو تاکہ تم ہٹا دو) ہمیں پھیر دو۔ عَمَّا وَجَدْنَا عَلَیْہِ اٰبَآءَنَا (اس سے جس پر ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو پایا) یعنی بتوں کی عبادت یا فرعون کی عبادت وَتَکُوْنَ لَکُمَا الْکِبْرِیَآءُ (اور ہو جائے تم دونوں کیلئے بڑائی) یعنی بادشاہت کیونکہ بادشاہوں ہی کی صفات بڑائی عظمت، بلندی ہوتی ہیں فِی الْاَرْضِ (زمین میں) یعنی سرزمین مصر میں۔ وَمَا نَحْنُ لَکُمَا بِمُؤْمِنِیْنَ (ہم تم دونوں پر ایمان لانے والے نہیں ہیں) اس میں تصدیق کرنے والے جو کچھ تم لے کر آئے ہو۔

قراءت: حماد و یحییٰ نے یکون پڑھا ہے۔

۷۹: وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ (اورفرعون نے کہاتم میرے پاس ہر پڑھے لکھے جادوگر کو لاؤ)
قراءت: حمزہ، علی نے سحّار پڑھا ہے۔
۸۰: فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ (جب جادوگر آ گئے تو انہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم ڈالو! جوتم نے ڈالنا ہے)
۸۱: فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ (جب انہوں نے ڈال دیا تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جو کچھ تم لائے ہو وہ جادو ہے)
نحو: ما موصولہ ہے اور مبتداء ہے جئتم به اس کا صلہ ہے اور السحر خبر ہے۔تقدیر عبارت یہ ہے الذين جئتم به هو السحر جوتم لائے ہو وہ جادو ہے۔نہ کہ وہ جس کو فرعون اور اسکی قوم نے جادو قرار دیا حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں۔
قراءت: السحر پر وقف ہے ابو عمرو نے اسی طرح پڑھا ہے۔استفہام کی صورت میں۔اس قراءت کے مطابق ما استفہامیہ ہے۔تقدیر عبارت یہ ہے۔ای شیء جئتم به۔تم کونسی چیز لائے ہو کیا وہ جادو ہے؟ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ (بیشک اللہ تعالیٰ عنقریب اس کو باطل کر دیں گے) اس کا باطل ہونا کھول دیں گے۔اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ نہیں درستی کرتے مفسدوں کے عمل کی) اس کو قائم نہیں رہنے دیتے بلکہ تہس نہس کر دیتے ہیں۔
۸۲: وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ (اور اللہ تعالیٰ حق کو ثابت کر دیں گے) اور اس کو قائم و مضبوط کر دیں گے بِكَلِمٰتِهٖ (اپنے کلمات کے ذریعہ) اپنے اوامر و قضایا کے ساتھ یا اسلام کو اپنی نصرت سے غلبہ دیں گے۔وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (اگرچہ مجرموں کو ناپسند ہو یہ بات۔

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓی اِلَّا ذُرِّیَّۃٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰی خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ یَّفْتِنَهُمْ ؕ

سو موسیٰ پر ان کی قوم میں سے تھوڑے سے لوگ ایمان لائے وہ بھی فرعون اور اس کے سرداروں سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ انہیں فتنے میں نہ ڈالے،

وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِی الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۸۳﴾ وَقَالَ مُوْسٰی یٰقَوْمِ

اور بلاشبہ فرعون اس زمین میں بلندی والا تھا، اور اس میں شک نہیں کہ وہ حد سے آگے بڑھ جانے والوں میں سے تھا، اور موسیٰ نے کہا کہ اے میری قوم

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَیْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِیْنَ ﴿۸۴﴾ فَقَالُوْا عَلَی اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ

اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہوئے ہو تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم فرمانبردار ہو، انہوں نے کہا کہ ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۸۶﴾

اے ہمارے رب تو ہمیں ظالم قوم کے لئے فتنہ نہ بنا اور اپنی رحمت سے ہمیں کافر قوم سے نجات دے،

وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰی وَاَخِیْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُیُوْتًا وَّاجْعَلُوْا

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ تم اپنی قوم کے لئے مصر میں گھر برقرار رکھو اور اپنے گھروں کو

بُیُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۷﴾

نماز پڑھنے کی جگہ بنالو، اور نماز قائم کرو اور مومنین کو خوشخبری دو۔

## قومہ کی ضمیر کا مرجع:

۸۳: فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰی (پس ایمان نہ لائے موسیٰ پر) ان کے ابتداء بعثت میں اِلَّا ذُرِّیَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰی خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ (مگران کی قوم میں سے بعض اولاد، فرعون کے خطرے کے باوجود) مگر ایک جماعت جنکا تعلق اولاد بنی اسرائیل سے تھا۔ گویا تقدیر کلام یہ ہے الا اولاد من اولاد قومہ مگر کچھ اولاد ان کی قوم کی اولاد میں سے۔ اور اس کا واقعہ یہ ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان کے بڑوں کو بلایا تو انہوں نے فرعون کے خوف کی وجہ سے کوئی جواب نہ دیا۔ مگر نوجوانوں کی ایک جماعت نے فرعونی خوف کے باوجود آپ کی دعوت پر لبیک کہی (اس قومہ کا مرجع موسیٰ علیہ السلام) نمبر۲۔ قومہ کی ضمیر فرعون کی طرف لوٹائیں تو ذریۃ سے ذریت فرعون مراد ہونگے اس صورت میں مومن آل فرعون۔ آسیہ امرأۃ فرعون۔ خازن فرعون، خازن کی بیوی، فرعون کے گھر کی مشاطہ (بال سنوارنے والی)۔

وَمَلَا۟ئِهِمْ (اور اس کے سرداروں کے) ھُمْ، کی ضمیر فرعون کی طرف آل فرعون کے معنی کے لحاظ سے لوٹتی ہے جیسا کہتے ہیں ربیعہ و مضر۔ نمبر۲۔ اس طور پر کہ وہ دوست و اصحاب والا تھا۔ جو اس کا حکم چلاتے تھے۔ اس لئے ان کا لحاظ کر کے ضمیر لوٹا دی۔

نمبر۳۔ هُمْ کا مرجع ذریت ہوتو معنی یہ ہوگا۔فرعون کے خوف کے باوجوداور بنی اسرائیل کے سرداروں کے خوف کے باوجود کیونکہ وہ سرداران بنی اسرائیل اپنے اس انجام سے ڈرتے تھے۔ جوفرعون کی طرف سے متوقع تھا۔ اپنے متعلق اوران نو جوانوں کے متعلق۔ اسکی دلیل اَنْ يَّفْتِنَهُمْ کا لفظ ہے جوآگے آتا ہے (کہ کہیں وہ ان کو فتنہ میں مبتلا نہ کردے) مراداس سے فرعون کا سزا دینا ہے۔ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ (اور بیشک فرعون زمین میں غالب تھا) غالب اور زبردست تھا وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ (اور بیشک وہ البتہ حد سے نکلنے والوں میں سے تھا) ظلم وفساداور تکبر و بڑائی سے کیونکہ وہ اپنے متعلق خدائی کا دعویدار تھا۔

## بنی اسرائیل کا دلاسہ:

۸۴: وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ (اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے میری قوم اگرتم اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو) اگرتم نے سچے دل سے تصدیق کی اوراسکی آیات پر یقین کیا۔ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا (تو اس پر ہی بھروسہ کرو) فرعون سے حفاظت کیلئے اپنے معاملے کواسی ہی کے سپرد کرو۔ اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ (اگرتم فرمانبردار ہو) اسلام میں توکل کی شرط ہےاوراسلام اس بات کا نام ہے کہ وہ اپنے آپ کواللہ تعالیٰ کے سپرد کریں۔ یعنی اپنے نفوس کوسالم وخالص اللہ تعالیٰ ہی کیلئے کردیں کہ اس میں نفس و شیطان کا قطعاً حصہ نہ ہو۔ کیونکہ توکل ملاوٹ کے ہوتے ہوئے ممکن نہیں۔

۸۵: فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا (پس انہوں نے کہا ہم نے اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کیا) انہوں نے یہ کہا کیونکہ وہ لوگ اس میں مخلص تھے یقیناً باری تعالیٰ نے ان کے اس توکل کو منظور فرمایا۔اوران کی دعا کو قبول کیااوران کونجات عنایت فرمائی اوران کو ہلاک کردیا جوفرعون سے ڈرتے تھےاوران کامیاب لوگوں کواپنی زمین میں نائب بنایا۔

نکتہ: جوشخص چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پرتوکل میں درست وخالص ہواس کو چاہیے کہ وہ ملاوٹ چھوڑ دےاورایک اللہ تعالیٰ ہی کا ہو جائے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (اے ہمارے رب ہمیں ظالمین قوم کا تختۂ مشق نہ بنا) فتنہ سے پہلے مضاف محذوف ہے یعنی فتنہ کی جگہ یعنی عذاب کی جگہ نہ بنا کہ وہ ہمیں عذاب دیتے رہیں یا ہمارے دین کے متعلق وہ ہمیں فتنے میں مبتلا کر دیں یعنی گمراہی میں مبتلا کردیں۔ الفاتن حق سے گمراہی میں مبتلا کرنے والا۔

۸۶: وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (اورتو اپنی رحمت کے ساتھ کافر قوم سے نجات دے) یعنی اسکی غلامی اور ماتحتی سے۔

## بنی سرائیل کو ہدایات:

۸۷: وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا (اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام اوران کے بھائی کی طرف وحی کی کہ تم دونوں اپنی قوم کیلئے مصر میں گھر بناؤ)۔تبوّء المکان کا معنی مکان کو رہائش کیلئے مقرر کرنا جیسے کہتے ہیں۔توطنہ کا معنی وطن بنانا۔مطلب آیت کا یہ ہے کہ مصر میں ایسے مکان بناؤ جوخصوصی تمہاری قوم کی رہائش کیلئے ہوں۔اورایسے مکان بناؤ جو

عبادت کیلئے لوٹنے اور نماز ادا کرنے کیلئے ہوں۔

**وَّ اجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً** (اور بناؤ اپنے گھروں کو قبلہ رخ) یعنی مساجد جنکا رخ قبلہ یعنی کعبہ کی طرف ہو۔ موسیٰ علیہ السلام اوران کے ساتھ والے کعبہ کی طرف نماز ادا کرتے تھے۔ پہلے پہل گھروں میں کفار سے خفیہ طور پر عبادت کا حکم تھا۔ تاکہ وہ ان پر غلبہ کر کے ان کو تکلیف نہ پہنچائیں۔ اور دین کے متعلق فتنہ میں مبتلا نہ کریں۔ جیسا کہ ابتداء اسلام میں مسلمان مکہ میں نماز ادا کرتے تھے۔ **وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ** (اور نماز قائم کرو) اپنے گھروں میں نماز ادا کرلو تاکہ کفار سے مامون رہو۔ **وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ** (اور ایمان والوں کو خوشخبری سنادیں) اے موسیٰ

**نکتہ:** اولاً خطاب تثنیہ پھر جمع اور آخر میں واحد کے صیغہ سے فرمایا کیونکہ عبادت کے مقامات کا انتخاب موسیٰ و ہارون علیہم السلام کو تفویض کیا گیا تھا۔ پھر جمع لائے کیونکہ مساجد کی تعمیر اوران کی آبادی جمہور امت کا فریضہ تھا۔ پھر آخر میں موسیٰ علیہ السلام کو خطاب فرمایا۔ یہ موقعہ بشارت تھا تاکہ ان کی عظمت سب پر ظاہر ہو جائے۔ اور جنکے حق میں بشارت دی گئی ان کا مرتبہ معلوم ہو۔

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ

اور موسیٰ نے عرض کیا کہ اے ہمارے رب! بے شک آپ نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو دنیا والی زندگی میں زینت اور اموال

الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى

دیئے ہیں اے ہمارے رب! یہ اس لئے ہیں کہ وہ آپ کے راستے سے ہٹایا کریں، اے ہمارے رب! ان کے مالوں کو نیست و نابود کردیجئے اور ان کے دلوں کو

قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا

سخت کر دیجئے۔ سو وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ درد ناک عذاب کو دیکھ لیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی

فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

سو تم دونوں ثابت قدم رہو اور ان لوگوں کے راستہ کا ہرگز اتباع نہ کرو جو نہیں جانتے، اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے

الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ

گزار دیا پھر بغاوت اور زیادتی کرتے ہوئے فرعون اور اس کا لشکر ان کے پیچھے ہو لیا، یہاں تک کہ جب فرعون ڈوبنے لگا تو کہنے لگا

اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩٠﴾

کہ میں ایمان لاتا ہوں کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں،

آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٩١﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ

کیا اب ایمان لاتا ہے؟ حالانکہ اس سے پہلے نافرمانی کرتا رہا اور تو فساد کرنے والوں میں سے ہے۔ سو آج ہم تیری لاش کو نجات دیں گے

لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿٩٢﴾ ع ۹ ۱۴

تاکہ تو ان کیلئے موجب عبرت ہو جو تیرے بعد موجود ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ بہت سے آدمی ہماری نشانیوں سے غافل ہیں

۸۸: وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً (اور موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے ہمارے پروردگار! بیشک آپ نے فرعون اور اس کے سرداروں کو زینت دی ہے) زینت ہر ایسی چیز کو کہتے ہیں جس سے انسان اپنے آپ کو مزین کرتا ہے جیسے لباس زیورات، قالین، اثاث البیت وغیرہ وَّاَمْوَالًا (اور مال) یعنی نقدی، نعمتیں، زمینیں فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ (دنیا کی زندگی میں اے ہمارے پروردگار جس کا نتیجہ یہ کہ وہ لوگوں کو تیرے راستہ سے ہٹا رہے ہیں) تاکہ وہ لوگوں کو آپ کی اطاعت سے برگشتہ کریں۔

قراءت: کوفی کے نزدیک الدنیا پر وقف نہیں کیونکہ لیضلوا، اتیت کے متعلق ہے۔ ربنا کو دوسری مرتبہ تضرع میں الحاح و اصرار کیلئے لائے۔

**شیخ ابو منصور رحمہ اللہ:**

فرماتے ہیں جب اللہ تعالیٰ نے جانا کہ وہ لوگوں کو گمراہ کریں گے تو ان کو وہ سب کچھ دیا تا کہ وہ گمراہی میں زور لگا لیں اور یہ اسی طرح ہے جیسے آل عمران ۱۷۸ میں فرمایا انما نملی لھم لیزدادوا اثما۔ پس یہ آیت معتزلہ کے خلاف قوی حجت ہے۔

**دعائے موسیٰ علیہ السلام:**

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ (اے ہمارے پروردگار ان کے اموال کو مٹا دے) یعنی اموال کو ہلاک و تباہ کر دے اور اس کے آثار کو زائل کر دے۔ کیونکہ یہ تیری نعمتوں سے تیری معصیت پر معاونت حاصل کر رہے ہیں۔ الطمس کا معنی مٹانا اور ہلاک کرنا ہے۔ ایک قول یہ ہے نمبر ا۔ ان کے دراہم و دنانیر پر نقش نگار تو وہی تھا مگر وہ پتھروں میں بدل گئے۔ نمبر ۲۔ دوسرا قول تمام اموال اسی طرح بن گئے۔ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (اور ان کے قلوب کو سخت کر دے) ان کے دلوں پر مہر لگا دے اور ان کو سخت کر دے۔ فَلَا يُؤْمِنُوْا (پس وہ ایمان نہ لائیں) یہ اشدد کا جواب ہے۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا وہ ایمان نہ لائیں گے حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ (یہاں تک کہ دردناک عذاب کو نہ دیکھ لیں) یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ لیں گے اور یہ اسی طرح ہوا چنانچہ فرعونی ڈوبنے تک ایمان نہیں لائے۔ اور ایسے وقت اگر وہ ایمان لاتے بھی تو قابل قبول نہ تھا کیونکہ یہ ایمان یاس تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان کے متعلق یہ بددعا اس وقت فرمائی جب ان کے ایمان سے مایوس ہو گئے اور وحی سے ان کو معلوم ہو گیا کہ یہ ایمان نہ لائیں گے وحی سے علم کے بغیر تو ان کو یہ دعا کرنے کا حق نہیں کہ وہ ایمان نہ لائیں گے کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کو ان کی طرف دعوت ایمان دیکر ہی تو مبعوث کیا گیا تھا۔

نکتہ: یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ کسی کیلئے کفر پر موت کی بددعا کفر نہیں ہے۔

۸۹: قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا (اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی) کہا گیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام دعا فرما رہے تھے اور ہارون علیہ السلام آمین کہنے والے تھے۔ نکتہ: اس سے یہ ثابت ہوا کہ آمین دعا ہے پس اس کا مخفی کہنا اولیٰ ہے۔ مطلب آیت کا یہ ہے کہ تمہاری دعا مستجاب ہے۔ اور جو تم نے طلب کیا وہ ہو کر رہے گا۔ لیکن اس کا ایک وقت ہے۔ فَاسْتَقِيْمَا پس تم دونوں استقامت اختیار کرو) تم دونوں دعوت و تبلیغ کے فریضہ پر مستقیم رہو۔ وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (تم دونوں بے علموں کے راستہ پر مت چلو) جاہلوں کے راستہ کی اتباع نہ کرو جو قبولیت دعا کی سچائی اور حکمت امہال سے واقف نہیں ہیں۔ دعا اور قبولیت میں چالیس سال کا فاصلہ تھا۔

نحو و قراءت: لا تتبعان۔ نون کی تخفیف اور کسرہ کے ساتھ کیونکہ نون تثنیہ کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے التقاء ساکنین ہوا۔ یہ شامی کا قول ہے۔ دیگر قراء نے ان کو غلطی پر قرار دیا کیونکہ نون خفیفہ کا سکون خود واجب ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ نہی نہیں بلکہ مضارع منفی ہے۔ یا حال ہے اور تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ فاستقیما غیر متبعین۔

## بنی اسرائیل کی آزادی اور فرعون کا غرق:

۹۰: وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ (ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار گزار دیا) نکتہ: یہ اہل سنت کی دلیل ہے کہ افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ (پس ان کا پیچھا فرعون اور اس کے لشکر نے کیا) پس ان کو جالیا۔ کہا جاتا ہے تبعته، حتی اتبعته۔ میں نے اس کا پیچھا کیا یہاں تک کہ میں اس کو جاملا۔ بَغْیًا (سرکشی کے طور پر) وَّعَدْوًا (دشمنی کے طور پر) ظلم کے طور پر

نحو: یہ دونوں حال ہونے کی بناء پر منصوب ہیں۔ یا مفعول لہٗ ہیں۔ حَتّٰٓی اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ (یہاں تک کہ جب وہ ڈوبنے لگا) اس پر وقف نہیں کیونکہ قَالَ اٰمَنْتُ، اِذا کا جواب ہے قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ (اس نے کہا میں ایمان لایا تحقیق شان یہ ہے)۔ یہ اذا کا جواب ہے۔

قراءت: حمزہ وعلی نے اِنَّهٗ پڑھا اور اس کو جملہ مستانفہ قرار دیا۔ اور اٰمَنْت کا بدل بنایا ہے۔ دوسرے قراء نے اَنَّهٗ پڑھا ہے۔ اور ایمان کے صلہ باکو حذف مانا ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (اس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی کہ جس پر بنو اسرائیل ایمان لائے اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں)

نکتہ: اس میں دلیل ہے کہ ایمان اور اسلام دونوں ایک چیز ہیں اسلئے کہ اس نے کہا امنت پھر کہا وانا من المسلمین۔ فرعون نے ایک معنی کو تین مرتبہ تین عبارتوں میں دھرایا۔ تاکہ قبولیت ہو جائے۔ پھر بھی قبولیت نہیں ہوئی کیونکہ اس کا وقت گزر چکا تھا۔ ورنہ حالت اختیاری میں تو ایک مرتبہ بھی کافی تھا۔

۹۱: آٰلْـٰٔنَ (کیا اب) تو اضطرار کی گھڑی میں ایمان لاتا ہے۔ جبکہ تو غرق ہو رہا ہے۔ اور اپنے بچنے کی امید ٹوٹ چکی ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ جب پانی نے اس کو ڈبونے کی لگام چڑھائی تو یہ کہہ اٹھا۔ نحو: آٰلْـٰٔنَ کا عامل اَتُؤْمِنُ محذوف ہے۔ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ (حالانکہ تو نے اس سے قبل نافرمانی کی اور تو مفسدین میں سے تھا) ان گمراہوں میں سے تھا جو ایمان سے برگشتہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ روایت میں ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نے اس سے ایک استفتاء طلب کیا۔ **ماقول الا میر فی عبدلرجل نشأ فی ماله و نعمته فکفر نعمته و جحد حقه وادعی السیادة دونه۔** امیر کیا کہتے ہیں ایسے غلام کے متعلق جو ایسے آدمی کا ہو جس کے مال و نعمت میں اس نے پرورش پائی ہو مگر وہ غلام اپنے آقا کی نعمتوں کی ناشکری کرے اور اس کے حقوق کا منکر ہو جائے اور خود آقا کی جگہ سرداری کا دعوے دار بن بیٹھے۔

پس اس نے اس سوال کا جواب یہ لکھا: یقول ابو العباس الولید بن مصعب۔ **جزاء العبد الخارج علی سیده، الکافر نعماء ه ان یغرق فی البحر۔** ابو العباس الولید بن مصعب کہتا ہے کہ ایسے غلام کی سزا کہ جو اپنے آقا کے خلاف خروج کرنے والا اور اسکی نعمتوں کی ناشکری کرنے والا ہو۔ اس کو سمندر میں ڈبو دیا جائے۔ چنانچہ جب وہ ڈوبنے لگا تو جبرئیل علیہ السلام نے اسکی اپنی تحریر اس کے ہاتھ میں تھما دی اس نے پہچان لی۔

## جیسی توبہ ایسی نجات:

۹۲: فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ (آج ہم تمہیں نجات دیتے ہیں) تمہیں اونچی زمین پر ڈالتے ہیں اس کو پانی نے اسطرح ساحل پر پھینکا جیسا کہ وہ بیل ہے۔ بِبَدَنِكَ (تمہارے بدن کو) یہ حال ہے تقدیر عبارت اس طرح ہوگی فی الحال التی لا روح فيك و انما انت بدن۔ ایسی حالت میں کہ تجھ میں روح نہ ہوگی۔ بیشک تو فقط ایک بدن ہوگا۔ یا نمبر۲۔ اپنے بدن کے ساتھ کامل درست ہوگا اس میں سے کچھ بھی کم نہ ہوگا۔ اور نہ متغیر ہوگا۔ نمبر۳۔ ننگا بلا لباس ایک بدن ہوگا۔ نمبر۴۔ اپنی درع سمیت ہوگا اسکی سونے کی بنی ہوئی ایک زرہ تھی۔ جس سے وہ پہچانا جاتا تھا۔

قراءت: ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے بِاَبْدَانِكَ پڑھا ہے اور یہ اس طرح جیسا کہ عرب کہتے ہیں باجرامہ مطلب یہ ہوا اپنے تمام بدن کے ساتھ اسمیں کسی جزو کی کمی نہ ہوگی۔ یا اپنی زرہوں کے ساتھ کیونکہ وہ ان کے ذریعہ ظاہر ہونے والا تھا۔ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً (تاکہ تو بعد والوں کیلئے ایک نشانی بن جائے) پیچھے آنے والے لوگوں کیلئے علامت ہو۔ مَن سے مراد بنی اسرائیل تھے۔ ان کے دلوں میں یہ بات تھی کہ فرعون اس سے بڑھ کر حالت والا تھا کہ سمندر میں ڈوبے ایک قول یہ ہے کہ ان کو موسیٰ علیہ السلام نے اسکی ہلاکت کی اطلاع دی مگر انہوں نے تصدیق نہ کی اللہ تعالیٰ نے اس کا بدن ساحل پر ڈال دیا۔ جس کو انہوں نے آنکھوں سے دیکھ لیا۔ ایک قول یہ بھی ہے من خلفک سے مراد جو تیرے بعد اہل زمانہ ہونگے اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے اسکی غلامی ظاہر ہو جائے اور اس کا ناحق دعویٰ خدائی وہ محالات سے ہے۔ عظیم سلطنت کے باوجود نافرمانی کی وجہ سے اس کا انجام کیا ہوگا۔ اور اس کا دعوی ربوبیت ناممکنات میں سے ہے۔ اور اسکی اتنی بڑی سلطنت کے باوجود نافرمانی کی وجہ سے اس کا انجام وہ ہوا جو تم نے دیکھا پس اور کسی کے متعلق کیا خیال ہے؟ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ (بیشک بہت لوگ ہماری آیات سے البتہ غفلت برتنے والے ہیں)

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا

اور ہم نے بنی اسرائیل کو رہنے کا اچھا ٹھکانا دیا اور انہیں پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں، سوانہوں نے اختلاف نہیں کیا

حَتّٰی جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ

یہاں تک کہ ان کے پاس علم پہنچ گیا۔ بلاشبہ آپ کا رب قیامت کے دن ان چیزوں میں ان کے درمیان فیصلے فرمائے گا جن میں وہ

یَخْتَلِفُوْنَ ۝۹۳ فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ مِّمَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِیْنَ یَقْرَءُوْنَ

اختلاف کرتے تھے۔ سو اگر آپ کو اس میں شک ہے جو ہم نے آپ کی طرف اتارا تو آپ ان لوگوں سے دریافت کر لیجئے جو آپ سے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ۝۹۴

پہلے کتاب پڑھتے ہیں۔ بلاشبہ آپ کے رب کے پاس سے آپ کے پاس حق آ گیا ہے۔ سو آپ ہرگز شک کرنیوالوں میں سے نہ ہوں،

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝۹۵ اِنَّ

اور ان لوگوں میں سے ہرگز نہ ہو جایئے جنہوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلایا ورنہ آپ تباہ کاروں میں سے ہو جائیں گے، بے شک

الَّذِیْنَ حَقَّتْ عَلَیْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝۹۶ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰیَةٍ

جن لوگوں پر آپ کے رب کی بات ثابت ہو چکی ہے وہ ایمان نہ لائیں گے۔ اگرچہ انکے پاس تمام دلیلیں آ جائیں۔

حَتّٰی یَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ ۝۹۷

جب تک کہ وہ دردناک عذاب کو نہ دیکھ لیں۔

## بنی اسرائیل کو عمدہ ٹھکانہ دیا:

۹۳: وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ (تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانہ دیا) عمدہ پسندیدہ رہنے کی جگہ اور وہ مصر اور شام تھی۔ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ فَمَا اخْتَلَفُوْا (ہم نے ان کو پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا پس انہوں نے اختلاف نہ کیا) اپنے دین میں حَتّٰی جَآءَهُمُ الْعِلْمُ (یہاں تک کہ ان کے پاس علم آ چکا) یعنی تورات اور انہوں نے اسکی تعبیر میں اختلاف کیا۔ جس طرح امت محمد ﷺ نے قرآن مجید کی آیات کی تعبیر میں اختلاف کیا۔ یا نمبر۲۔ مراد حضرت محمد ﷺ کے متعلق علم ہے اور اختلاف بنی اسرائیل حالانکہ وہ اہل کتاب تھے۔ آپ کی صفات میں اختلاف کیا کہ آیا آپ وہی نبی آخر الزمان ہیں یا نہیں ہیں۔ اس کے بعد کہ ان کے پاس علم آ چکا کہ آپ وہی نبی آخر الزمان ہیں۔ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (بیشک آپ کا رب ان کے درمیان قیامت کے دن ان چیزوں میں فیصلہ کرے گا جسمیں وہ اختلاف کرتے تھے) اور سچے اور جھوٹے کو الگ کرے گا اور ہر ایک کو اس کا بدلہ دیگا۔

## آیات میں شک کرنے والے:

۹۴: فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ (اگر تمہیں شک ہے اس چیز میں جو ہم نے آپ کی طرف اتاری تو ان لوگوں سے پوچھ لو جو کتاب آپ سے پہلے پڑھتے ہیں) جب بنی اسرائیل کا پہلے تذکرہ ہوا۔ اور وہ کتاب کو پڑھنے والے تھے۔ بنی اسرائیل کے متعلق بتلایا کہ علم ان کے پاس آ چکا کیونکہ رسول ﷺ کا معاملہ تورات و انجیل میں لکھا ہوا ہے اور وہ آپ کو اس طرح پہچانتے ہیں۔ جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ تو ان کے علم کی تاکید صحت قرآن اور صحت نبوت ﷺ سے کر دی اور اس میں مبالغہ کیا اور فرمایا اگر بالفرض والتقدیر آپ کو شک واقع ہو۔ اور جس کو کوئی شبہ گزرے تو اس کے حل کا طریق کار یہی ہے۔ کہ اس کے حل کی طرف جلدی کی جائے اور اصول دین کی طرف رجوع کیا جائے۔ اور اس کے دلائل سے راہنمائی لی جائے۔ یا علماء سے بات چیت کی جائے۔ پس آپ علماء اہل کتاب سے پوچھیں وہ قرآن مجید کی صحت کو پوری طرح جاننے والے ہیں۔ اس طور پر کہ اور تو اور رہے آپ جیسی شخصیت بھی ان کیطرف اس سلسلہ میں مراجعت کر سکتی ہے۔

پس اس سے مقصود قرآن مجید کی صحت کے متعلق احبار کے رسوخ علم کا بیان ہے۔ یہ مطلب نہیں کہ (نعوذ باللہ) رسول اللہ ﷺ کو قرآن مجید کے متعلق کوئی شک ہے۔ پھر فرمایا لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ (تحقیق تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آ چکا) یعنی واضح آیات سے تیرے ہاں ثابت ہو چکا اور چمکدار براہین سے روشن ہو گیا۔ کہ آپ کو جو ملا ہے وہ برحق ہے جس میں شک کی کوئی مجال نہیں۔ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (پس تم ہرگز نہ بنو شک کرنے والوں میں سے) ممترین کا معنی شک کرنے والے۔ اور اسپر وقف نہیں کیونکہ و لا تکونن کا اسپر عطف ہے۔

## آیات کی تکذیب مت کرو:

۹۵: وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (اور ہرگز نہ ہو ان لوگوں میں سے جنہوں نے آیات اللہ کو جھٹلایا پس ہو جاؤ گے نقصان کرنے والوں میں سے) پس ثابت قدم رہ اور اپنے سے شک کی نفی میں مداومت کر و اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کی آیات کی تکذیب کی نفی میں ہمیشگی اختیار کرو۔ یا نمبر ۲۔ اس انداز سے آپ کو جوش دلانا اور بھڑکانا مقصود ہو جیسا کہ سورۃ القصص کی آیت ۸۶ فلا تکونن ظهیرًا للکافرین اور القصص آیت ۸۷ و لا یصدنك عن آیات الله بعد اذ انزلت الیك۔ اور ثابت قدمی اور عصمت میں اضافہ کیلئے فرمایا گیا اسی لئے آپ علیہ السلام نے اس آیت کے نزول کے وقت فرمایا۔ لا اشك و لا اسأل، بل اشهد انه الحق۔ (ابن جریر فی تفسیرہ) میں نہ شک کرتا ہوں اور نہ ہی کسی سے پوچھتا ہوں۔ بلکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ برحق ہے۔ یا نمبر ۳۔ خطاب آنحضرت ﷺ کو فرمایا مگر مراد آپ کی امت ہے تقدیر اس طرح ہوگی ان کنتم فی شك مما انزلنا الیکم (اگر تمہیں شک ہے اس میں جو ہم نے تمہاری طرف اتارا ہے) یہ سورت النساء ۱۷۴ کی طرح ہے و انزلنا الیکم نورًا مبینًا نمبر ۴۔ خطاب ہر سامع کو ہے اور اس کے متعلق شک جائز و درست ہے جیسے عرب کہتے ہیں۔

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ

سو کوئی بستی ایمان نہ لائی جس کا ایمان لانا اسے نفع دیتا مگر یونس کی قوم کہ جب وہ لوگ ایمان لائے تو ہم نے رسوائی والا عذاب

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾

دنیاوالی زندگی میں ان سے ہٹادیا۔اورانہیں ہم نے ایک وقت تک فائدہ پہنچایا۔

اذا اخوك فهن۔

نمبر۵۔ان نافیہ ہے یعنی آپ شک میں نہیں کہ سوال کریں۔ مطلب یہ ہے کہ ہم آپ کوسوال کا اسلئے حکم نہیں دے رہے کہ آپ شک کرنے والے ہیں۔لیکن سوال کا حکم اسلئے ہے تاکہ آپ کے یقین میں اضافہ ہوجیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کواحیاءموتی کا معائنہ کر کے اطمینان ہوا۔

سوال : اِن نافیہ تواس مقام پرآتا ہے جہاں اس کے بعد اِلَّا ہوجیسا کہ سورت الملک آیت ۲۰ میں ان الكافرون الافی غرور

جواب : یہ لازم نہیں قرآن مجید سورۂ فاطر آیت ۴۱ میں ہے ان امسکهما من احد من بعده یہاں ان نافیہ ہےاوراس کے بعد اِلَّا نہیں ہے۔

۹۶ :اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ (بیشک وہ لوگ جن پر تیرے رب کی بات ثابت ہوچکی ) ان پر وہ بات ثابت ہو چکی جولوح محفوظ میں ہے اوراسکی خبر ملائکہ کودے دی گئی کہ ان کی موت کفر پر ہوگی یا نمبر۲۔ کلمة ربك سے سورۂ اعراف ۱۸ لاملئن جهنّم مراد ہے۔لَا يُؤْمِنُوْنَ۔(وہ ایمان نہیں لانے کے ) اس پر وقف نہیں ہے کیونکہ ان کا ماقبل سے تعلق ہے۔

۹۷ : وَلَوْجَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ (اوراگر ہرنشانی ان کے پاس آجائے یہاں تک کہ عذاب دردناک کو نہ دیکھ لیں ) یعنی ناامیدی کے وقت پس وہ ایمان لائیں اوران کووہ ایمان نفع نہ دے گا۔نمبر۲۔قیامت میں اس وقت کسی کا ایمان قابل قبول نہ ہوگا۔

## قوم یونس علیہ السلام کا واقعہ اوران کی قابل رشک حالت :

۹۸ : فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ ( کیوں نہ کوئی ایسی بستی ہوئی جوایمان لاتی ) کیونکہ ان بستیوں میں سے جوکفر پر قائم رہیں اورہم نے ان کو ہلاک کر دیا۔کوئی بستی ایسی نہ ہوئی جومعاینہ سے قبل مخلصانہ ایمان لاتی اوراس کواس طرح مؤخر نہ کیا جاتا جیسا کہ فرعون کو گلاگھونٹنے تک مؤخر کیا گیا۔

فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ (پس ان کوان کا ایمان فائدہ دیتا) اس طرح کہ وقت اختیار میں ایمان لانے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کے ایمان کوقبول کرلیا۔اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ (مگرقوم یونس علیہ السلام ) نمبر۱۔یہ مستثنیٰ منقطع ہے۔یعنی لیکن قوم یونس (ایمان لائی اور اس کواس کے ایمان نے فائدہ دیا) یانمبر۲۔مستثنیٰ متصل ہے۔اور جملہ نفی کے معنی میں ہے گویا کلام اس طرح تھا۔ماامنت قرية

**من القرى الهالكة الاقوم يونس**۔ ہلاک شدہ بستیوں میں سے کسی بستی والوں سے سوائے قوم یونس علیہ السلام کے ایمان کو قبول نہیں کیا۔ یہ مستثنیٰ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ **لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ** (جب وہ ایمان لائے تو ہم نے ان سے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب کھول دیا اور ان کو ایک وقت تک فائدہ دیا) ان کی مقررہ مدت تک۔ روایت میں ہے کہ یونس علیہ السلام کو نینوی کی طرف مبعوث فرمایا گیا جو سرزمین موصل میں واقع ہے انہوں نے جھٹلا دیا پس ناراض ہو کر آپ ان کے ہاں سے چل دیے۔ جب آپ کو نہ پایا تو انہیں عذاب کے اترنے کا خطرہ ہوا۔ ان تمام نے ٹاٹ کا لباس پہنا اور چالیس راتیں اپنی آوازوں کو بلند کیا تمام ایک میدان میں جمع ہوئے بچے، عورتیں جانور بھی ساتھ تھے۔ اور ماؤں نے اپنے بچوں کو اپنے سے الگ کر دیا اور چوپایوں کی اولاد کو ان سے جدا کر دیا۔ وہ ایک دوسرے کی طرف شوق مند ہوئے اور مخلصانہ ایمان اور توبہ کا اظہار کیا۔

اللہ تعالیٰ نے ان پر رحم کیا اور ان سے عذاب کو دور کر دیا۔ یہ جمعہ اور دس محرم کا دن تھا۔ انہوں نے ایک دوسرے کے حقوق تک لوٹا دیے یہاں تک کہ اگر کسی کی ایک اینٹ اپنی بنیاد میں لگائی تھی تو وہ بھی اکھاڑ کر واپس کر دی۔ یہ کہا گیا کہ جب ان پر عذاب اترنے لگا تو وہ اپنے علماء میں ایک شیخ کے پاس گئے جو زندہ تھے۔ شیخ نے فرمایا تم اس طرح کہو: **یا حی حین لا حی و یاحی محیی الموتی ویاحی لا اله الا انت**۔ جب انہوں نے کہا تو اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب کو کھول دیا۔ حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا انہوں نے اسطرح کہا **اللّٰھم ان ذنوبنا قد عظمت و جلّت ، وانت اعظم منها واجلّ ، افعل بنا ماانت اهله ولا تفعل بنا مانحن اهله**۔

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِیْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰی

اور اگر آپ کا رب چاہتا تو زمین میں جتنے بھی لوگ ہیں سارے کے سارے ایمان لے آتے، کیا آپ لوگوں پر زبردستی کریں گے تاکہ

یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۹۹﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَیَجْعَلُ الرِّجْسَ

وہ مومن ہو جائیں، اور کسی شخص سے یہ نہیں ہو سکتا کہ اللہ کے حکم کے بغیر ایمان لے آئے، اور اللہ ان لوگوں پر گندگی واقع

عَلَی الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِی

فرماتا ہے جو سمجھ نہیں رکھتے ا آپ فرما دیجئے دیکھو آسمانوں میں اور زمین میں کیا چیزیں ہیں اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے انہیں

الْاٰیٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَهَلْ یَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَیَّامِ الَّذِیْنَ

دلائل اور ڈرانے والی چیزیں نفع نہیں دیتیں، سو کیا وہ یہ انتظار کر رہے ہیں کہ ان کے پاس انہیں لوگوں کے واقعات آ جائیں جو ان سے پہلے

خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ نُنَجِّیْ رُسُلَنَا

گزر چکے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ تم انتظار کرلو میں تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں، پھر ہم اپنے رسولوں کو نجات دیتے ہیں

ع ۱۱ ۱۵ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَیْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع

اور اسی طرح ان لوگوں کو جو ایمان لائے، ہمارے ذمہ ہے کہ ہم ایمان والوں کو نجات دیں گے۔

## کمال قدرت ونفوذ مشیت :

۹۹: وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ كُلُّهُمْ (اور اگر آپ کا رب چاہتا تو ضرور ایمان لے آتے اہل زمین) جس میں سے کوئی شخص وفرد باہر نہ رہتا۔ جَمِیْعًا (تمام) یہ حال ہے اس حال میں کہ وہ اجتماع کرنے والے ہوتے ایمان پر اور اس پر اکٹھے ہوتے اختلاف نہ کرتے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی کمال قدرت اور نفوذ مشیّت کی خبر دی۔ کہ اگر وہ چاہتا تو تمام اہل زمین ایمان لاتے۔ مگر اس نے چاہا کہ لوگ اختیاری ایمان لائیں اور اس کیلئے کفر کو چاہا جس کے متعلق اپنے علم سے جانا کہ وہ ایمان نہ لائیں گے بلکہ کفر کا چناؤ کریں گے۔

معتزلہ کہتے ہیں کہ مشیّت سے مراد قہر والجاء کی مشیت ہے یعنی اگر ان میں جبراً ایمان پیدا کرتا تو وہ ایمان لاتے۔ لیکن اسنے چاہا کہ وہ اختیاری ایمان لائیں۔ مگر وہ ایمان نہ لائے اسکی دلیل میں یہ آیت پیش کی افانت تکرہ الناس حتّٰی یکونوا مؤمنین۔ یعنی آپ کو ایمان میں جبر واکراہ کی مشیّت حاصل نہیں یہ میرے پاس ہے۔

**جواب**: یہ خیال فاسد ہے کیونکہ ایمان بندے کا فعل ہے اور بندے کا فعل وہی ہوسکتا ہے جو اسکی اپنی قدرت وطاقت سے حاصل

ہو۔اور یہ بلا اختیار ثابت ہی نہیں ہوسکتا۔ باقی آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مہربانیاں ہیں۔اگر اپنی مہربانی ان کو دے دیتا تو وہ اپنے اختیار سے ایمان لے آتے۔لیکن اللہ تعالیٰ نے جانا کہ وہ ایمان نہ لائیں گے تو ان کو توفیق نہ دی۔ اَفَاَنْتَ میں استفہام نفی کے معنی میں ہے مطلب اس طرح ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ مالک نہیں کہ ان کو ایمان پر مجبور کریں کیونکہ ایمان تصدیق واقرار سے ہوتا ہے اور تصدیق پر اکراہ ممکن نہیں۔ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (سو کیا آپ لوگوں پر زبردستی کر سکتے ہیں جس میں وہ ایمان ہی لے آویں)

۱۰۰: وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ (کسی نفس کیلئے مناسب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر وہ ایمان لائے) اذن سے یہاں۔نمبرا۔مشیت مراد ہے یا نمبر۲۔قضاء وقدر مراد ہے۔یا نمبر۳ توفیق وتسہیل مراد ہے۔یا نمبر۴۔علم مراد ہے۔ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ (اور عذاب کو مقرر کرے) یعنی عذاب یا ناراضی یا شیطان یعنی شیطان کو مسلط کر دے۔ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ (ان لوگوں پر جو بے عقل ہیں) اپنی عقلوں سے فائدہ حاصل نہیں کرتے۔

قراءت: حماد و یحییٰ نے نَجْعَلُ پڑھا ہے۔

۱۰۱: قُلِ انْظُرُوْا (کہہ دیں تم دیکھو) استدلالی نگاہ سے اور عبرت کی نظر سے مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (کہ آسمان و زمین میں کیا ہے) آیات اور عبر جو دن رات کے اختلاف سے ظاہر ہوتی ہیں اور کھیتوں اور پھلوں کے ظہور سے سامنے آتی ہیں۔ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ (اور آیات فائدہ نہیں دیتیں) مَا نافیہ ہے۔وَالنُّذُرُ (اور ڈرانے والے) انبیاء جو ڈراتے رہے۔یا ڈراوے عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ (ایمان نہ لانے والی قوم کو) جنکے ایمان کی توقع نہیں۔وہی تو بے عقل ہیں۔

۱۰۲: فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ (پس وہ انتظار نہیں کر رہے مگر ان لوگوں کے دنوں جیسے جو ان سے پہلے ہوئے) یعنی جن میں بڑے بڑے واقعات پیش آئے جیسا کہا جاتا ہے۔ایام العرب لوقائعها۔ قُلْ فَانْتَظِرُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ (کہہ دو پس تم انتظار کرو بیشک میں تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں)

## آخر میں نجات ایمان والوں کی:

۱۰۳: ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا (پھر ہم نجات دیتے ہیں اپنے رسولوں کو) اسکا عطف کلام محذوف پر ہے۔جس پر الامثل ایام الذین خلوا من قبلهم دلالت کر رہا ہے۔گویا اس طرح کہا گیا نهلك الامم، ثم ننجی رسلنا ہم امتوں کو ہلاک کر دیتے ہیں۔پھر اپنے رسولوں کو نجات دیتے ہیں۔احوال ماضیہ کی حکایت کے طور پر یہ فرمایا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (ان لوگوں کو جو ایمان لائے) اور جو ان انبیاء علیہم السلام پر ایمان لائے۔ كَذٰلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ (اسی طرح ہم پر ایمان والوں کی نجات لازم ہے) یعنی اس نجات دینے کی طرح ہم تم میں سے جو ایمان والے ہیں ان کو نجات دیں گے اور مشرکین کو ہلاک کریں گے۔ اور حقا علینا یہ جملہ معترضہ ہے یہ لازم ہے ہم پر لازم ہونا۔

قراءت: علی وحفص نے نُنْجِيْ تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ

آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو! اگر تم میرے دین کی طرف سے شک میں ہو سو میں ان لوگوں کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖۚ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو لیکن میں اسکی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں موت دیتا ہے، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ایمان والوں میں سے

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠٤ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝١٠٥

ہوجاؤں، اور یہ بھی حکم ہوا ہے کہ اپنی ذات کو اس دین کی طرف اس طرح سے متوجہ رکھوں کہ دوسرے سب طریقوں سے علیحدہ رہوں اور یہ کہ ہرگز مشرکوں میں سے مت ہوجانا،

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا

اور تو اللہ کے سوا کسی کو مت پکار جو تجھے نفع نہ دے سکے اور نہ ضرر دے سکے، سو اگر تو نے ایسا کیا تو بلاشبہ تو ظالموں

مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝١٠٦ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ

میں سے ہو جائیگا، اور اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچا دے تو اللہ کے سوا اسے کوئی دور کرنے والا نہیں اور اگر

يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۗ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۗ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝١٠٧

وہ تیرے ساتھ خیر کا ارادہ فرمائے تو اس کے فضل کو کوئی بھی ہٹانے والا نہیں، وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اپنے فضل سے نواز دے۔ اور وہ غفور ہے رحیم ہے۔

## دین کی تعریف بزبانِ رسول:

۱۰۴: قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ (کہہ دواے لوگو) یعنی اے اہل مکہ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ (اگر تمہیں میرے دین میں شک ہے) میرے دین کے صحیح اور درست ہونے کے متعلق۔ پس یہ میرا دین ہے جس کی تعریف تم سن لو۔ اب آگے دین کی تعریف بیان فرمائی۔ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (میں ان کی عبادت نہیں کرتا جنکی تم اللہ تعالیٰ کے سواء عبادت کرتے ہو) یعنی اصنام وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ (اور لیکن میں تو اس اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں جس کے قبضہ میں تمہاری موت ہے) وہ تمہیں موت دے گا۔ موت کو توفی سے تعبیر کیا تا کہ ان کو بتلا دیا جائے کہ اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ڈرنے اور تقوی کے لائق ہے۔ اور عبادت کی حقدار ہے نہ وہ جو کہ کسی چیز کی قدرت نہیں رکھتے۔ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (اور مجھے حکم ملا ہے کہ میں مومنین میں سے ہوجاؤں) ان اکون سے پہلے با محذوف ہے مطلب اس طرح ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے اس بات کا حکم دیا بسبب اس کے کہ اس نے مجھ میں عقل رکھ دی اور اس سبب سے کہ اس نے اپنی کتاب میں میری طرف وحی فرمائی۔

۱۰۵: وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ (اور یہ کہ تو سیدھا کر اپنا چہرہ دین کیلئے) یعنی مجھے یہ بھی وحی کی کہ تو سیدھا کر اپنا چہرہ (الآیۃ)

امورت کے ہم شکل کرنے کیلئے ان اقم فرمایا نمبر ا۔ مطلب یہ ہے تو پورے طور پر اس پر متوجہ ہو کر جو اللہ تعالیٰ نے تجھے حکم دیا تو استقامت اختیار کر۔ نمبر ۲۔ اسکی طرف سیدھا رخ کر دائیں بائیں مت رخ پھیر۔ حَنِيفًا ( یکسو ہو کر )۔ یہ للدین سے حال ہے یا الوجه سے حال ہے۔ وَلَاتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (اور ہرگز تم مشرکین میں سے مت بنو)

۱۰۶: وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَالَا يَنْفَعُكَ (اور نہ تم پکارو اللہ تعالیٰ کے سواء ان کو جو تمہیں نفع نہیں پہنچا سکتے ) اگر تم ان کو پکارو۔ وَلَا يَضُرُّكَ (اور نہ نقصان دے سکتے ہیں ) اگر تم ان کو چھوڑو۔ فَاِنْ فَعَلْتَ (اگر تم نے ایسا کیا ) یعنی اگر تم نے ان کو اللہ تعالیٰ کے سواء پکارا جو تمہیں نہ نفع دے سکتے اور نہ نقصان دے سکتے ہیں۔ پکارنے کو بطور اختصار فعل سے تعبیر کیا۔ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ (پس بیشک اس وقت ہو جاؤ گے ظالموں میں سے ) اذا یہ جزاء ہے شرط اسکی محذوف ہے۔ یہ سوال مقدر کا جواب ہے۔ گویا کہ سائل کہہ رہا ہے کہ بتوں کی عبادت کا انجام کیا ہے اور اس کو ظالمین میں سے قرار دیا کیونکہ شرک سے بڑا کوئی ظلم نہیں۔

۱۰۷: وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ (اگر اللہ تعالیٰ تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے ) پہنچائیں مرض وغیرہ۔ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ (اس کا کوئی دور کرنے والا نہیں ) یعنی اس تکلیف کا اِلَّا هُوَ (مگر وہی ) یعنی اللہ تعالیٰ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ (اور اگر وہ تم کو کوئی راحت پہنچانا چاہے ) خیر سے عافیت مراد ہے فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ (اس کے فضل کو کوئی رد کرنے والا نہیں ) اسکی مراد کو کوئی رد نہیں کر سکتا يُصِيْبُ بِهٖ (وہ پہنچاتا ہے اس کو ) یعنی خیر کو مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (جن کو وہ چاہے گا اپنے بندوں میں سے ) اس آیت سے قطعی طور پر ثابت ہوا کہ طریق رغبت و رہبت اسی ہی کی طرف ہے اور اعتماد بھی اسی ہی پر ہے۔ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (وہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ) مصیبت سے گناہ مٹانے والا اور عطاء سے معافی دینے والا۔

نکتہ: عبادت اوثان کا ذکر کرنے کے بعد نہی لائے اور ان بتوں کے متعلق ذکر کیا کہ وہ نہ نقصان دے سکتے ہیں اور نہ نفع اور اللہ تعالیٰ ہی نافع وضار ہیں۔ وہ ایسی ذات ہے کہ اگر وہ تمہیں تکلیف دے تو اس کے ازالہ پر سوائے اس کے کسی کو قدرت نہیں ہے۔ تو سوچو! بے شعورہ جماد کو کیونکر قدرت ہو سکتی ہے۔ اور اسی طرح اگر وہ خیر کا ارادہ فرمائیں۔ خواہ ساری کائنات نہ چاہتی ہو وہ ضرور فضل واحسان پہنچا کر رہتے ہیں۔ جب دوسرے سارے انسان اس خیر کو روک نہیں سکتے تو بت کیا روکیں گے۔ پس وہی اس بات کے لائق ہے کہ عبادت میں اس کو کعبہ توجہ بنایا جائے۔ یہ طرز اس آیت سے زیادہ بلیغ ہے جو سورۃ الزمر ۳۸ میں ہے اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ اس آیت میں ارادہ کا ذکر ایک میں اور مس کا دوسرے میں گویا یوں معلوم ہوتا ہے کہ دو امور کے ذکر کرنے کا ارادہ ہے۔ نمبر ا۔ ارادہ نمبر ۲۔ خیر وشر میں سے ہر ایک میں پہنچنا اور یہ کہ ان میں سے جس کا وہ ارادہ کرے اسکو کوئی واپس نہیں کر سکتا۔ اور جو وہ پہنچائے اس کو زائل کرنے کی کسی میں طاقت نہیں پس مختصر کرتے ہوئے مس کا ذکر کیا اور دونوں میں سے کسی ایک کے پہنچنے کو کہتے ہیں۔ اور دوسرے میں ارادہ کا ذکر کیا تا کہ مذکور سے محذوف پر دلالت ہو سکے۔ اس کے باوجود کہ اصابہ کو خیر سے موصوف کر کے يصيب به من يشاء من عباده میں ذکر فرمایا گیا ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ

آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق آ گیا ہے سو جو شخص ہدایت پائے وہ اپنی ہی جان کے لئے

لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۱۰۸ؕ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

ہدایت پاتا ہے اور جو شخص گمراہی میں رہے تو اس کی گمراہی اسی کے نفس پر پڑنے والی ہے۔ اور میں تم پر مسلط نہیں کیا گیا، اور آپ اس کا اتباع کیجئے،

اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚۖ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۱۰۹

جس کی آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے، اور صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے اور وہ فیصلہ کرنے والوں میں سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

## تم مانو نہ مانو میں نے تو وحی کی اتباع کر دی:

۱۰۸: قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ (کہہ دیں اے لوگو) اے اہل مکہ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ (تحقیق تمہارے پاس حق آچکا) یعنی قرآن یا رسول مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى (تمہارے رب کی طرف سے پس جس نے ہدایت کو اختیار کیا) ہدایت کو چنا اور حق کی اتباع کی فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ (بیشک اس نے ہدایت کو اپنے فائدے کیلئے اختیار کیا) اس چناؤ سے اس نے اپنے نفس کو فائدہ پہنچایا۔ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا (اور جو شخص گمراہ ہوا پس اسکی گمراہی کا وبال اس پر ہے) گمراہی کے آثار سے نقصان اسی کی ذات کو ہوگا اس میں علیٰ، ضرر اور لام انتفاع کا معنی دے رہے ہیں۔ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ (اور میں تم پر کوئی داروغہ نہیں ہوں) حفاظتی کہ جس کے سپرد تمہارا معاملہ ہو بلکہ میں فقط بشیر و نذیر ہوں۔

۱۰۹: وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ (تم اتباع کرو اسکی جو تمہاری طرف وحی کی جاتی ہے اور صبر کرو) ان کی تکذیب اور ایذاء پر حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ (یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ فیصلہ کر دے) تمہارے حق میں ان کے خلاف مدد و غلبہ کا وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ (اور وہ سب سے بہتر حاکم ہے) کیونکہ وہ سرائر سے بھی خبردار ہے۔ اس کو کسی دلیل و گواہ کی حاجت نہیں۔

بحمدالله تمت ترجمة سورة يونس ليلة الجمعة ١٥ رجب، ١٤٢٣ھ

سُوْرَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَثَلٰثٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ ہود مکہ میں نازل ہوئی اس میں ۱۲۳ آیات اور ۱۰ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝۱ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا

الٓرٰ یہ کتاب ہے جس کی آیات محکم کی گئیں پھر واضح طور پر بیان کی گئی ہیں حکمت والے باخبر کی طرف سے ہے، یہ کہ

اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝۲ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ

تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو بیشک میں تمہیں اللہ کی طرف سے ڈرانے والا ہوں اور بشارت دینے والا ہوں، اور یہ بات کہ تم اپنے رب سے مغفرت طلب کرو پھر اس کے

مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ

حضور میں توبہ کرو، وہ تمہیں مقرر کردہ اجل تک خوش عیش زندگی دے گا اور ہر زیادہ عمل کرنے والے کو اس کا ثواب عنایت فرمائے گا اور اگر تم اعراض کرو تو میں

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝۳ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴

تم پر بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں، تم کو اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے،

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ

خبردار وہ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تا کہ وہ اس سے چھپالیں خبردار جب وہ اپنے کپڑوں کو اوڑھ لیتے ہیں وہ اس وقت سب باتیں

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵

جانتا ہے جو پوشیدہ طور پر کرتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں، بلاشبہ وہ سینوں کے اندر کی چیزوں کو جانتا ہے۔

## قرآن محکم و مفصل:

۱: الٓرٰ كِتٰبٌ (یعنی یہ کتاب ہے) کتاب خبر ہے اور مبتداء ہذا محذوف ہے۔ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ (اسکی آیات محکم ہیں) یہ کتاب کی صفت ہے۔ یعنی مضبوط و محکم لڑی میں پرو دیا گیا اس میں کوئی کمی و خلل واقع نہیں ہوسکتا ہے جیسا کہ مضبوط عمارت ثُمَّ فُصِّلَتْ (پھر اسکی تفصیل کردی گئی) جیسا یکتا روزگار موتیوں سے ہار جدا کئے جاتے ہیں۔ یعنی دلائل توحید اور احکام، مواعظ، قصص سبھی پر

مشتمل ہے۔
یا نمبر۲: ایک ایک سورت سے اسکی فصلیں بنا دیں اور ایک ایک آیت الگ کر دی یا نمبر۳۔ اکٹھا نہیں اتارا تھوڑا تھوڑا متفرق طور پر اتارا یا نمبر۴۔ جن چیزوں کی بندوں کو ضرورت پڑتی ہے وہ اس میں تفصیل سے بیان کر دیا اور ان کا نچوڑ نکال دیا۔ ثم کا لفظ تراخی فی الوقت کیلئے نہیں ہے بلکہ تراخی فی الحال کیلئے ہے۔ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ (حکمت والی خبردار ذات کی طرف سے ہے) نمبر۱۔ یہ کتاب کی صفت دوم ہے یا نمبر۲۔ دوسری خبر ہے یا نمبر۳۔ احکمت اور فصلت کا صلہ ہے مطلب اسطرح ہے کہ اسی ہی کی طرف سے اس کے احکام اور تفصیل ہے۔

## توحید و استغفار کا حکم:

۲: اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ (یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کے سواء کسی کی عبادت نہ کرو) نمبر۱۔ یہ مفعول لہٗ ہے یعنی لئلا تعبدوا تا کہ تم عبادت نہ کرو۔ نمبر۲۔ ان مفسرہ ہے کیونکہ تفصیل آیات میں قول کا معنی پایا جاتا ہے گویا کلام اس طرح ہے قال لا تعبدوا الا اللہ اس نے فرمایا کہ نہ عبادت کرو مگر اللہ تعالیٰ ہی کی۔ نمبر۳۔ امر کم الاتعبدو االا اللہ اس نے تمہیں حکم دیا کہ تم اللہ تعالیٰ کے سواء کسی کی عبادت نہ کرو۔ اِنَّنِیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ (بیشک میں تمہارے لئے اسکی طرف سے ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔

۳: وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ (اور یہ کہ تم اپنے رب سے استغفار کرو) یعنی اس نے تمہیں توحید و استغفار کا حکم دیا۔ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ (پھر اسی ہی کی طرف رجوع کرو) یعنی شرک سے استغفار کرو اور پھر طاعت سے اس کی طرف رجوع کرو یُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا (وہ تمہیں اچھا نفع دے گا) دنیا میں عمدہ پسندیدہ منافع سے تمہارے نفع کو طویل کر دے گا۔ اور مسلسل نعمتیں عنایت کرے گا اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّى (ایک مقررہ مدت تک) یہاں تک کہ تمہیں وفات دے وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِیْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ (اور ہر فضل والے کو اس کا زائد عنایت فرمائے گا) آخرت میں ہر ایسے انسان کو جو عمل میں بڑھنے والا ہوگا اس کے اضافہ عمل کا ثواب عنایت فرمائے گا اور اس میں سے کچھ بھی کم نہ کرے گا۔ وَاِنْ تَوَلَّوْا (اور اگر تم منہ موڑلو) اور اگر تم بے رخی اختیار کرو۔ فَاِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ (مجھے تمہارے متعلق بڑے دن کے عذاب کا خدشہ ہے) بڑے دن سے قیامت کا دن مراد ہے۔

۴: اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ (اللہ تعالیٰ ہی کی طرف تم نے لوٹنا ہے) مرجع بمعنی لوٹنا (مصدر میمی) وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (وہ ہر چیز پر قدرت والے ہیں) اس کو تمہارے دوبارہ لوٹانے پر بھی قدرت ہے۔

## نفاق و انحراف کو اللہ جانتے ہیں:

۵: اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ (خبردار وہ اپنے سینوں کو دہرا کرتے ہیں) حق سے مڑتے اور منحرف ہوتے ہیں۔ کیونکہ جو آدمی کسی شئی کی طرف متوجہ ہو تو وہ سینے سے اس چیز کا سامنا کرتا ہے اور جو کسی چیز سے مڑتا ہے تو اپنے سینے کو اس چیز کی طرف کرنے سے پھیر لیتا ہے اور اعراض کرتا ہے۔ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ (تا کہ وہ اس سے چھپ سکیں) تا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے چھپ جائیں اللہ کے رسول اور مومنوں کو اسکی اطلاع نہ ہو کہ وہ منحرف ہو گئے ہیں۔

الجزء ۱۲

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ

اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں ہے جس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو اور وہ ہر ایک کے ٹھکانہ کو جانتا ہے وہ ٹھکانہ زیادہ عرصہ رہنے کا ہو یا چند دن رہنے کا ہو،

كُلٌّ فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۞٦ وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ

سب کچھ کتاب مبین میں ہے اور وہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ ۶ دن میں پیدا فرمایا

وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ

اور اس کا عرش پانی پر تھا تا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں اچھا عمل کرنے والا کون ہے اور اگر آپ ان سے کہیں کہ بیشک تم موت کے بعد

مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞٧ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا

اٹھائے جاؤ گے تو کافر لوگ ضرور یوں کہیں گے کہ بس یہ تو کھلا ہوا جادو ہے، اور اگر ہم تھوڑی سی مدت تک

عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ

ان سے عذاب کو مؤخر کر دیں تو وہ ضرور یوں کہیں گے کہ عذاب کو کون سی چیز روک رہی ہے، خبردار جس دن انکے پاس

ع ۸

مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۞٨ ع

عذاب آجائے گا تو وہ ان سے ہٹایا نہ جائے گا اور جس کا وہ مذاق بنایا کرتے تھے وہ ان کو گھیر لے گا۔

اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ (خبردار! جبکہ وہ اپنے کپڑوں کو اپنے اوپر لپیٹتے ہیں) ان کپڑوں سے اپنے آپ کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا کلام سننے سے نفرت کرتے ہوئے اپنے اوپر کپڑے ڈال لیتے ہیں کہ کہیں وہ کلام ان کے کان میں پڑ نہ جائے جیسا کہ نوح علیہ السلام کا ارشاد سورۂ نوح: ۷ جعلوا اصابعهم فی اٰذانهم واستغشوا ثیابهم۔ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ (وہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں) یعنی اس کے علم میں ان کے اسرار و اعلان کا کوئی فرق نہیں ان کو ان چیزوں کا سہارا لینے سے کیا فرق پڑتا ہے جن سے اپنے آپ کو وہ چھپانا چاہتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ ان کے سینوں کے دھرا کرنے اور کپڑوں میں لپٹنے کو جانتا ہے ان کا نفاق اس کے ہاں کوئی فائدہ مند نہیں۔ نمبر۲۔ کہا گیا ہے کہ یہ منافقین کے متعلق اتری اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (بیشک وہ سینے کی باتوں سے واقف ہے) جو کچھ ان کے سینوں میں ہے۔

۶: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (کوئی جاندار زمین میں ایسا نہیں مگر کہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ اس کا رزق ہے) محض فضل کے طور پر نہ کہ وجوب کے طور پر وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا (وہ اس کا مستقر جانتے ہیں) زمین میں اس کے ٹھہرنے کا مقام اور مسکن وَمُسْتَوْدَعَهَا (اور اسکی امانت کی جگہ) جہاں وہ بطور امانت رکھا گیا تھا اس سے قبل کہ صلب میں قرار پکڑتا یا نمبر۲۔ رحم

مادر نمبر۳۔ بیضہ، پدر کُلٌّ فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ (ہر چیز واضح کتاب میں ہے) ہر جاندار اور اس کا رزق، اس کا مستقر اور مستودع لوح محفوظ میں واضح طور پر مندرج ہے۔

۷: وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (وہی ذات جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا) اور جو کچھ ان کے مابین ہے فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ (چھ دنوں میں) اتوار سے جمعہ تک مخلوق کو معاملات میں ترتیب سکھانے کیلئے وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ (اور اس کا عرش پانی پر تھا یعنی پانی کے اوپر) آسمان و زمین کی پیدائش سے پہلے عرش کے نیچے کوئی مخلوق نہ تھی سوائے پانی کے۔

فَائِدَہ: اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ عرش و پانی دونوں کی پیدائش آسمان و زمین کی پیدائش سے پہلے ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ ابتداء میں اللہ تعالیٰ نے اس کو سبز یاقوت بنایا پھر ہیبت کی تجلی اس پر ڈالی تو وہ پانی بن گیا۔ پھر ہوا کو پیدا کیا پانی کو اسکی پشت پر ٹھہرا دیا۔ پھر اپنے عرش کو پانی پر قائم فرمایا۔ عرش کے پانی پر ٹھہراؤ میں اہل فکر کے لئے عبرت کا بہت بڑا سامان ہے۔ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا (تا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون اچھے عمل کرنے والا ہے) یعنی تا کہ وہ تمہارے ساتھ وہ سلوک کرے جو تمہیں تمہارے حالات میں مبتلا کرتا ہے کہ تم کیسے اعمال کرتے ہو۔ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ (اور اگر تم کہو بیشک تمہیں اٹھایا جائیگا۔ موت کے بعد۔ کافر ضرور کہہ اٹھیں گے۔ یہ تو کھلا جادو ہے) اس میں انہوں نے قرآن کی طرف اشارہ کیا کیونکہ قرآن ہی بعث بعد الموت کی بات کہنے والا ہے۔ جب اس کو سحر کہا تو جس میں بعث کا ذکر ہوا اسکا انکار خود اسمیں آ گیا۔

قراءت: حمزہ، علی نے ساحر پڑھا ہے۔ مراد اس سے ان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور الساحر باطل پرست جھوٹے کو بھی کہتے ہیں۔

## عذاب آ جائے گا تو نہ ٹلے گا:

۸: وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ (اور اگر ہم ان سے عذاب کو مؤخر کر لیں) عذاب سے آخرت کا عذاب مراد ہے یا یوم بدر کا عذاب اِلٰۤى اُمَّةٍ (ایک وقت) اوقات میں سے ایک مجموعہ وقت تک مَّعْدُوْدَةٍ (مقررہ تک) معلوم یا قلیل مطلب یہ ہے معلوم گھڑی تک لَّیَقُوْلُنَّ مَا یَحْبِسُهٗ (ضرور وہ کہیں گے کونسی چیز اس کو روکے ہوئے ہے) اَلَا یَوْمَ یَاْتِیْهِمْ (خبردار جس دن وہ ان پر آن پہنچے گا) یعنی عذاب لَیْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ (وہ ان سے پھیرا نہ جائے گا) عذاب ان سے موڑا نہ جائے گا۔

**نحو** :یوم، مصروفًا کی وجہ سے منصوب ہے، تقدیر عبارت یہ ہے لیس العذاب مصروفا عنهم یوم یاتیهم جس دن ان پر عذاب اتر پڑے گا تو ٹالے سے بھی نہ ٹلے گا۔ وَحَاقَ بِهِمْ (اور ان کو گھیر لے گا) مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ (جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے) وہ عذاب جس کو وہ جلد مانگتے تھے۔

نکتہ: یہاں یستهزء ون کو یستعجلون کی جگہ لایا گیا کیونکہ وہ جلدی آمد کا مطالبہ بطور استهزاء ہی کرتے تھے۔

وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹ وَلَئِنْ

اور اگر ہم انسان کو اپنی رحمت چکھا دیں، پھر ہم اسے اس سے چھین لیں تو وہ ناامید ناشکرا ہو جاتا ہے اور اگر

اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ

کسی تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی تھی ہم اسے نعمت چکھا دیں تو وہ کہتا ہے کہ میری ساری بدحالیاں دفع ہوگئیں بے شک وہ اترانے لگتا ہے

فَخُوْرٌ ۝۱۰ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۱۱

شیخی بگھارتا ہے، سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے صبر کو اختیار کیا اور نیک کام کرتے رہے یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے مغفرت ہے اور بڑا اجر ہے۔

## عام انسانی مزاج ناشکرا و نخریلا:

۹: وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ (اور اگر ہم انسان کو چکھائیں) انسان سے جنس انسان مراد ہے۔ مِنَّا رَحْمَةً (اپنی طرف سے رحمت) نعمت جو صحت و امن و مال کی قسم سے ہو۔ لئن میں لام تمہید قسم کیلئے ہے۔ ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ (پھر وہ اس سے کھینچ لیں) پھر وہ نعمت سلب کرلیں اور اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ جواب قسم ہے۔ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ (بیشک وہ ناامید) وہ اس سے سخت مایوس ہو جاتا ہے کہ اس سلب کی ہوئی نعمت کی طرح نعمت اسکو ملے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور وسعت رحمت سے اپنی امیدیں توڑنے والا بنکر بے صبرا ہو جاتا ہے اور قضاء کو تسلیم نہیں کرتا۔ كَفُوْرٌ (بہت ناشکرا ہے) گزشتہ وقت میں اللہ تعالیٰ کی جس نعمت سے نفع اٹھاتا رہا اسکی سخت ناشکری کرنے والا اور اس کو بالکل بھلانے والا ہے۔

۱۰: وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ (اگر ہم اسے نعمتیں چکھائیں اس تکلیف کے بعد جس نے اس کو چھولیا) فقر موجود کے بعد نعمت میں وسعت کردیں۔ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ (تو ضرور کہنے لگے گا مجھ سے برائیاں دور ہوگئیں) سیئات سے وہ مصائب مراد ہیں جنہوں نے میری حالت کو بگاڑ دیا تھا۔ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ (بیشک وہ اترانے لگتا ہے) تکبر و شیخی فَخُوْرٌ (فخر کرنے والا) ان نعمتوں پر جو اللہ تعالیٰ نے اس کو دی ہیں مگر اس کو فرح اور فخر شکر کرنے سے باز رکھتا ہے۔

۱۱: اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا (مگر وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا) مشقت و مصیبت میں وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (اور نیک عمل کرتے رہے) نعمتوں اور خوشحالی میں شکریہ ادا کیا۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ (ان لوگوں کے لئے مغفرت ہے) ان کے گناہوں سے وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ (اور بڑا اجر ہے) یعنی جنت

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ

سوایسا ہونے والا تو نہیں ہے کہ آپ ان احکام میں سے بعض احکام کو چھوڑ دیں جو آپ کے پاس وحی کے ذریعہ بھیجے جاتے ہیں اور اس بات سے آپ کا دل تنگ ہو رہا ہے کہ وہ

اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

یوں کہہ رہے ہیں کہ ان پر کوئی خزانہ کیوں نازل نہیں کیا گیا یا ان کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا، آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کا اختیار

شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا

رکھنے والا ہے، کیا وہ یوں کہتے ہیں کہ اس نے خود سے بنالیا ہے، آپ فرما دیجئے کہ تم اس جیسی دس سورتیں لے آؤ جو بنائی ہوئی ہوں اور اللہ کے سوا

مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا

جس کو بھی بلا سکتے ہو بلا لو اگر تم سچے ہو، سو اگر وہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو یقین کر لو

اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

کہ یہ اللہ کے علم کے مطابق اتارا گیا ہے اور یہ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، تو کیا تم اسلام قبول کرنے والے ہو۔

۱۲: کفار آپ سے آیات کا سوال کرتے مگر ہدایت کیلئے نہیں بلکہ ضد کی وجہ سے کیونکہ اگر وہ رشد و ہدایت کے طالب ہوتے تو لائی جانے والی آیات میں سے ایک بھی راہنمائی کے لئے کافی تھی۔ ان کے بے جا مطالبات میں سے ایک یہ تھا کہ اس کے پاس خزانہ کیوں نہیں یا اسکے ساتھ فرشتہ کیوں نہیں وہ قرآن مجید کو کچھ نہیں سمجھتے تھے۔ اس کے متعلق بتکلف سستی کا اظہار کرتے۔ رسول اللہ ﷺ کا سینہ مبارک اس بات سے تنگی محسوس کرتا آپ پر وہ چیز ڈالی جارہی ہے جس کو وہ قبول نہیں کرتے بلکہ اس سے ہنستے ہیں اس آیت میں آپ کو فریضہ رسالت کی ادائیگی پر آمادہ کیا گیا اور ان کے قرآن مجید کو مسترد کرنے کی بالکل پرواہ نہ کرنے کا حکم فرمایا۔ آپ ان کے مطالبات جدیدہ اور استہزاء کو خاطر میں نہ لائیے۔

## ان کے تکبر وحماقت کو نہ دیکھیں، وحی پہنچائیں:

**فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ** (شاید کہ آپ چھوڑ بیٹھنے والے ہیں ان بعض چیزوں کو جو آپ کی طرف وحی کی جاتی ہیں) یعنی شاید کہ آپ چھوڑ بیٹھیں ان کی طرف ڈالنا اور پہنچانا ان آیات کا جو آپ پر اتاری جاتی ہیں اس خطرے کے پیش نظر کہ وہ تردید کریں اور اس کے قبول کرنے میں سستی کر رہے ہیں۔ **وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ** (اور آپ کے سینے میں اس سے تنگی ہوتی ہے) کہ وہ آیات ان کو پڑھ کر سنائیں۔

نکتہ: اللہ تعالیٰ نے لعل فرمایا اور ضیق نہیں فرمایا بلکہ ضائق فرمایا۔ تاکہ معلوم ہو جائے کہ یہ تنگی ایک عارضہ ہے جو قائم رہنے والا نہیں؟ آپ ﷺ سینہ کے اعتبار سے سب سے زیادہ وسیع تھے مگر یہ چھوڑنے جیسا معاملہ تھا اس لئے مشاکلت کیلئے تارک کا لفظ

بول دیا گیا۔ اَنْ يَّقُوْلُوْا (کہیں وہ یہ نہ کہیں) اس خطرے کے پیش نظر کہ وہ کہنے لگیں۔ لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ (کہ وہ یوں کہہ رہے ہیں کہ ان پر کوئی خزانہ کیوں نازل نہیں کیا گیا) اس پر خزانہ کیوں نہ اترا جس کا ہم نے مطالبہ کیا تا کہ ہم خرچ کریں اور فرشتے ساتھ کیوں نہیں جو اسکی تصدیق کریں اس پر وہ قرآن کیوں اُتارا جا رہا ہے جس کو ہم چاہتے نہیں اور نہ ہی ہم مطالبہ کرتے ہیں۔

اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ (بیشک آپ تو نذیر ہیں) یعنی آپ کے ذمہ کوئی الزام نہیں اگر وہ قرآن مجید کو رد کردیں یا اس کے ماننے میں سستی دکھائیں۔ آپ کے ذمہ صرف ہماری وحی کو پہنچانا ہے۔ اور اس پیغام کو دینا ہے جس کے دینے کا آپ کو حکم دیا گیا۔ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ (اللہ تعالیٰ ہر چیز پر نگہبان ہے) وہ ان کے اقوال کو محفوظ کرنے والا ہے اور اس کے مناسب ان سے سلوک کرے گا۔ آپ اسی پر بھروسہ کریں اور اپنا معاملہ اس کے حوالہ کردیں۔ آپ کی ذمہ داری کھلے دل سے وسیع سینے کے ساتھ وحی کو پہنچانا ہے ان کے تکبر کی طرف قطعاً متوجہ نہ ہوں اور نہ حماقت واستہزاء کی پرواہ کریں۔

## دس سورتوں سے چیلنج:

۱۳: اَمْ يَقُوْلُوْنَ (کیا وہ یہ کہتے ہیں) اَمْ منقطعہ ہے۔ افْتَرٰىهُ (اس کو بنالیا ہے) ہٗ کی ضمیر وحی کی طرف جا رہی ہے۔ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ (ان کو کہہ دو تم دس سورتیں لے آؤ) پہلے دس سورتوں سے ان کو چیلنج دیا پھر ایک سورت سے جیسا خط میں مقابلہ کرنے والا اپنے مقابل کو کہے دس سطر اس طرح کی لکھو جیسی میں نے لکھی ہیں۔ جب اس کا عجز معلوم ہو جاتا ہے تو پھر اسکو کہتا ہے میں تیرے متعلق ایک سطر پر اکتفاء کرتا ہوں کہ وہ تو لکھ کر دکھا دے۔ دس نہ سہی۔

مِّثْلِهٖ (جو اسکی مثل ہو) حسن وخوبی میں اور مثلہ کا معنی امثالہ ہے ان میں سے ہر ایک مماثلت کی طرف بہت زیادہ جانے والی ہو۔ یعنی بہت مماثل ہو مُفْتَرَيٰتٍ (بنائی ہوئی) یہ عشر سور کی صفت ہے جب کفار نے یہ الزام لگایا کہ تم نے قرآن خود بنایا ہے اور اپنے ہاں سے گھڑ لیا ہے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کی لگام ڈھیلی کردی اور فرمایا فرض کرلو کہ میں نے اس کو اپنی طرف سے گھڑا ہے تو تم بھی اس جیسا کلام اپنی طرف سے گھڑ کر لے آؤ۔ تم بھی تو میرے جیسے فصیح عرب ہو۔ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اور ان کو بلاؤ اللہ تعالیٰ کے سواء جن کو بلانے کی طاقت رکھتے ہو) تا کہ وہ معارضہ میں تمہاری معاونت کرسکیں۔ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو) کہ وہ من گھڑت ہے۔

۱۴: فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (اگر وہ آپ کا چیلنج قبول نہ کریں تو یقین کرلو بیشک آپ پر اللہ تعالیٰ کے علم سے اتاری جا رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کے سواء کوئی معبود نہیں۔) یعنی وہ ایسی چیزوں کے ساتھ اتارا گیا جنکا علم سوائے باری تعالیٰ کے اور کسی کو نہیں جیسے مخلوق کو عاجز کرنے والے الفاظ، غیب کی اطلاعات جنکی طرف معلومات کا بندوں کے پاس کوئی راستہ نہیں۔ اس وقت جان لو کہ اس کے سواء کوئی معبود حقیقی نہیں اور اس کو وحدہٗ لاشریک ماننا ضروری ہے۔ اور اس کے ساتھ دوسروں کو شریک ٹھہرانا ظلم عظیم ہے۔

نکتہ: اولاً خطاب انفرادی کیا اور پھر جمع لائے۔ وہ لکم، اعلموا اور شروع میں قل، درحقیقت جمع کے صیغہ عظمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا

جو شخص دنیا کو اور اسکی زینت کو چاہتا ہے ہم اس کے اعمال کا بدلہ دنیا ہی میں پورا پورا دے دیں گے۔ اور اس میں

لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا

ان پر ظلم نہ ہوگا۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آگ کے علاوہ کچھ نہیں ہے اور دنیا میں انہوں نے جو کچھ کیا ہے

صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ

وہ سب برباد ہوگیا۔ اور جو کچھ کرتے تھے وہ سب باطل ہوگیا۔ جو شخص قرآن پر قائم ہے جو اس کے رب کے پاس سے آیا ہے اور اس کے ساتھ

شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ

اسی میں سے گواہ بھی ہے اور اس ۔ سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کی کتاب پیشوا اور رحمت تھی، کیا منکر آدمی اس کے برابر ہوسکتا ہے۔ یہ لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور

يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۤ اِنَّهُ الْحَقُّ

جماعتوں میں سے جو شخص اس کا منکر ہو سو دوزخ اسکی جگہ ہے، جس میں اس کے بھیجنے کا وعدہ ہے۔ سوائے مخاطب تو اس کے بارے میں شک میں نہ پڑ، بے شک وہ

مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾

تیرے رب کی طرف سے حق ہے، اور لیکن بہت سے لوگ ایمان نہیں لاتے۔

کو ظاہر کرنے کیلئے یا رسول اللہ ﷺ اور ایمان والے ان کو بیان کرتے ہیں یا خطاب مشرکین کو ہے۔ ضمیر **لم یستجیبوا** اور **استطعتم** جمع ہیں تو ان کی مناسبت سے دوسری ضمائر جمع لائی گئی ہیں۔ مطلب اس کا اس طرح ہوا کہ جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سواء مدد کیلئے اور اپنی پشت پناہی کیلئے پکارتے ہو وہ اس مقابلہ میں مدد کیلئے تمہاری دعوت قبول نہ کریں کیونکہ ان کو اپنا عجز بخوبی معلوم ہے تو تم بھی جان لو کہ یہ قرآن اللہ تعالیٰ کے علم سے اتارا گیا ہے۔ اور علم سے یہاں اذن یا امر مراد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم و اذن سے اتارا گیا ہے۔

**فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ** (پھر تم کیوں مسلمان نہیں ہوتے ہو) اس قطعی دلیل کے بعد اسلام کی اتباع کیوں نہیں کرتے۔ جنہوں نے اس کا مخاطب مسلمانوں کو بنایا۔ تو ان کے ہاں معنی یہ ہوگا اے مسلمانو! تم اس علم پر قائم رہو۔ جس پر تم ہو اور اپنے یقین میں مزید اضافہ کرلو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتارا گیا ہے۔ اور توحید پر اور یقین پختہ کرو۔ اور **فھل انتم مسلمون** کا معنی یہ ہوگا کہ تم اخلاص کیوں اختیار نہیں کرتے یعنی پورا اخلاص اختیار کرو۔

## طالب دنیا کو آخرت میں کچھ نہ ملے گا:

۱۵: مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ (جس شخص نے دنیا کی زندگی اور اسکی زینت کا ارادہ رکھا ہو ہم ان کو ان کے اعمال اس دنیا میں پورے دے دیں گے اور ان کے حق میں کمی نہ کی جائے گی) ہم ان کو ان کے اعمال کا اجر کامل و مکمل بلا کم و کاست دنیا میں دے دیں گے۔ یہ بدلہ صحت، رزق کی شکل میں ہے اور یہ کفار یا منافقین ہیں (جن کا بدلہ دنیا میں ہی چکا دیا جاتا ہے)

۱۶: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا (یہ وہ لوگ ہیں جنکے لئے آخرت میں آگ ہی ہے اور جو انہوں نے دنیا میں کیا وہ ضائع ہو گیا) جو انہوں نے کیا وہ آخرت میں ضائع ہو گیا یا ان کا عمل ضائع ہو گیا۔ یعنی ان کے عمل کا ثواب نہ ہوگا۔ کیونکہ انہوں نے آخرت کا ارادہ ہی نہیں کیا۔ بلاشبہ انہوں نے دنیا ہی کا ارادہ کیا اور وہ ان کو پورا پورا دے دیا گیا۔ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (اور باطل ہوا وہ جو وہ کرتے رہے) یعنی ان کا عمل ذات کے لحاظ سے ہی باطل تھا کیونکہ اسکی غرض صحیح نہ تھی اور باطل عمل کا کوئی ثواب نہیں۔

۱۷: اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ (کیا آیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہو) کیا وہ جو دنیا کا ارادہ رکھتا ہو پھر وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہو۔ یہ دونوں مرتبہ میں برابر تو کیا قریب بھی نہیں ہو سکتے۔ یعنی ان دونوں کے درمیان واضح فرق ہے۔ اَفَمَنْ سے وہ لوگ مراد ہیں جو یہود میں سے اسلام لائے۔ جیسا عبداللہ بن سلام وغیرہ وہ اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہے اس میں وضاحت ہے کہ دین اسلام برحق ہے اور رب کی طرف سے ہے اور یہ عقلی دلیل ہے۔ وَيَتْلُوْهُ (اور اس برہان کی اتباع کرتا اور پیچھے آتا ہے۔ شَاهِدٌ (ایک گواہ) جو اسکی صحت کا گواہ ہے اور یہ شاہد قرآن ہے۔ مِّنْهُ (اسکی طرف سے) اللہ تعالیٰ کی طرف سے یا قرآن کی طرف سے (جس کو اوپر ذکر کیا) وَمِنْ قَبْلِهٖ (اور اس سے قبل) یعنی قرآن سے پہلے كِتٰبُ مُوْسٰى (موسیٰ علیہ السلام کی کتاب) ہے۔ وہ تورات ہے اور اس برہان کے پیچھے ہے قرآن مجید سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کی کتاب اِمَامًا (مقتداء) جو دین میں قابل اقتداء اور نمونہ ہے۔ وَّرَحْمَةً (اور رحمت ہے) جنکی طرف اتارا گیا ان کے لئے عظیم نعمت ہے۔

نَحْو: یہ دونوں حال ہیں۔ اُولٰٓئِكَ (وہ) یعنی وہ جو بینہ و دلیل پر ہوں۔ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ (وہ اس پر ایمان لانے والے ہیں) یعنی قرآن مجید پر۔ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ (اور جو آدمی انکار کرے اس کا) یعنی قرآن کا۔ مِنَ الْاَحْزَابِ (ان گروہوں میں سے) یعنی اہل مکہ اور جو ان کے ساتھ مل کر رسول اللہ ﷺ کے خلاف محاذ بنانے والے ہیں۔ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ (پس آگ اس کے وعدہ کی جگہ ہے) انجام، گھاٹ ہے۔ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ (پس تم مت پڑو شک میں) مریہ شک کو کہتے ہیں۔ مِّنْهُ (اس کے متعلق) اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ (بے شک وہ برحق ہے تیرے رب کی طرف سے لیکن اکثر لوگ یقین نہیں کرتے)

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا ؕ اُولٰٓئِکَ یُعْرَضُوْنَ عَلٰی رَبِّهِمْ وَیَقُوْلُ

اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا، یہ لوگ اپنے رب پر پیش کئے جائیں گے اور گواہی

الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِیْنَ کَذَبُوْا عَلٰی رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۸﴾

دینے والے کہیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی طرف نسبت کر کے جھوٹ بولا، خبردار ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے

الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَیَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

جو اللہ کی راہ سے روکتے رہے اور اس میں کجی تلاش کرتے رہے اور یہ لوگ آخرت کے

کٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِکَ لَمْ یَکُوْنُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ وَمَا کَانَ لَهُمْ مِّنْ

منکر ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو زمین میں عاجز کرنیوالے نہ تھے اور اللہ کے سوا ان کا

دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ اَوْلِیَآءَ ۘ یُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا کَانُوْا یَسْتَطِیْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا

وقف لازم

کوئی مدد گار نہیں ہے۔ ان کو دوہرا عذاب کر دیا جائے گا، یہ لوگ سننے کی طاقت نہیں رکھتے تھے اور نہ

کَانُوْا یُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا کَانُوْا

دیکھتے تھے، یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی جانوں کو برباد کر بیٹھے اور جو کچھ انہوں نے جھوٹ بنایا تھا وہ سب

یَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

غائب ہو گیا، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ لوگ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ میں ہوں گے، بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰی رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ

کئے اور اپنے رب کی طرف جھکے یہ لوگ جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ دونوں فریق کی

ع ۲

الْفَرِیْقَیْنِ کَالْاَعْمٰی وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِیْرِ وَالسَّمِیْعِ ؕ هَلْ یَسْتَوِیٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

مثال ایسی ہے جیسا اندھا ہو اور بہرا ہو، اور دیکھنے والا ہو اور سننے والا ہو، کیا دونوں حالت کے اعتبار سے برابر ہوں گے؟ کیا تم نہیں سمجھتے!

## مفتری آخرت میں دوگنا عذاب کا شکار ہوگا اور خسارہ پائے گا:

۱۸: وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اُولٰٓئِکَ یُعْرَضُوْنَ عَلٰی رَبِّهِمْ (اور کون بڑا ظالم ہے اس سے جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا ان لوگوں کو اپنے رب کے ہاں پیش کیا جائے گا) موقف میں ان کو روک لیا جائے گا اور ان کے اعمال

پیش کیے جائیں گے۔ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ (گواہ کہیں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا) ان پر گواہ ملائکہ اور انبیاء علیہم السلام گواہی دیں گے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنے والے ہیں کہ اس کے متعلق کہتے رہے کہ اس نے بیٹا اور شریک بنالیا ہے۔ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (خبردار اللہ تعالیٰ کی ظالموں پر لعنت ہو) جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنے والے ہیں۔ الاشھاد جمع شاہد ہے جیسے اصحاب جمع صاحب یا شہید و اشہاد شریف و اشراف۔

۱۹: اَلَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے رہے) لوگوں کو اس کے دین سے پھیرتے رہے۔ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا (اور اس میں ٹیڑھ تلاش کرتے رہے) نمبرا۔ اس کو ٹیڑھا بتلاتے رہے حالانکہ وہ سیدھا راستہ ہے یا۔ نمبر۲۔ اس راستے پر چلنے والوں کے متعلق ارتداد کی کوشش کرتے رہے۔ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ (اور وہ آخرت کا انکار کرنے والے تھے) دوسرا هم تاکید کیلئے لائے تاکہ ان کا آخرت کے متعلق انکار اور خاص طور پر اس عقیدے کا انکار خوب ثابت ہو جائے۔

۲۰: اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا (یہ لوگ نہیں ہیں) یعنی نہیں تھے۔ مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ (زمین میں عاجز کرنے والے نہ تھے) دنیا میں اللہ کو عاجز کرنے والے نہ تھے کہ اگر وہ ان کو سزا دینا چاہے تو سزا دے (اور یہ اس سے بھاگ جائیں)۔ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ (اور نہیں تھا ان کے لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی کارساز) جو ان کی دوستی اختیار کر کے اللہ تعالیٰ سے ان کا بدلہ لے۔ اور اسکی پکڑ سے ان کو محفوظ کر لے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو مہلت دینا چاہی اور اس دن تک عذاب کو مؤخر کر دیا۔ یہ گواہوں کا کلام ہے۔ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ (ان کو دوگنا عذاب دیا جائے گا) کیونکہ انہوں نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے دین سے گمراہ کیا۔

قراءت: مکی وشامی نے يُضَعَّفُ پڑھا ہے۔ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ (وہ سننے کی طاقت نہ رکھتے تھے۔) یعنی حق بات سننے کی وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ (اور نہ وہ دیکھتے تھے) حق کو۔

۲۱: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (ان لوگوں نے اپنے آپ کو نقصان میں ڈالا) اس طرح کہ غیر اللہ کی عبادت کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے مقابلہ میں خریدلیا۔ وَضَلَّ عَنْهُمْ (اور ان سے گم ہو گئے) باطل ہو گئے اور ضائع ہو گیا وہ جس کو انہوں نے خریدا اور وہ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ (وہ چیز ہے جس کو وہ باندھا کرتے تھے) یعنی معبود اور ان کی شفاعت

۲۲: لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ (یقیناً وہ آخرت میں وہی نقصان اٹھانے والے ہیں) روکنے اور رکنے کی وجہ سے۔ لاجرم میں کئی اقوال ہیں نمبرا۔ لَا سابقہ کلام کی تردید کیلئے ہے۔ مطلب یہ ہے **لیس الامر کما زعموا۔** معاملہ اس طرح نہیں جیسا انہوں نے گمان کیا اور جَرَمَ کا معنی کسب ہے (کمایا) اس کا فاعل ضمیر ہے اور **انهم** یہ محل نصب میں ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے ان کے قول کی کمائی آخرت کا خسارہ ہے۔ نمبر۲۔ لا جرم یہ مرکب ہے۔ اس کا معنی حقًّا ہے۔ **انهم** میں اَنّ محل رفع میں حق کا فاعل ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے۔ **حق خسر انهم**۔ ان کا خسارہ ثابت ہے۔ نمبر۳۔ لا جرم کا معنی بہر صورت اور بہر طور ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ

اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا انہوں نے کہا کہ میں تمہیں واضح طور پر ڈرانے والا ہوں کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو،

اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

بلاشبہ میں تمہارے بارے میں ایک بڑے تکلیف دینے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں، اسپر سرداروں نے کہا جو کافر تھے

مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِىَ

کہ ہم تمہیں اپنے ہی جیسا آدمی دیکھ رہے ہیں اور جو لوگ تمہارا اتباع کرنے والے ہیں ہم دیکھ رہے ہیں کہ وہ ہم میں رذیل ترین لوگ ہیں جو سرسری رائے میں

الرَّاْىِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾

تمہارے ساتھ ہوئے ہیں۔ اور ہم اپنے اوپر تمہاری کوئی فضیلت نہیں دیکھتے بلکہ ہم تمہیں جھوٹا سمجھتے ہیں،

## مؤمنوں کو جنت ملے گی:

۲۳: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ (بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور اعمال صالحہ کیئے اور رجوع کیا اپنے رب کی طرف) اخبتوا کا معنی اسکی طرف مطمئن ہوا اور اسکی عبادت خشوع و تواضع کے ساتھ یکسوئی سے کی۔ یہ الخبت سے لیا گیا اور وہ نرم پست زمین کو کہتے ہیں۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (وہ جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں)

## مؤمن و کافر کی مثال:

۲۴: مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ (دونوں گروہوں کی مثال اندھے اور بہرے اور دیکھنے اور سننے والے جیسی ہے) کافروں کو اعمیٰ اور اصم سے تشبیہ دی۔ جبکہ ایمان والے فریق کو سمیع اور بصیر سے۔ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ (کیا یہ دونوں برابر ہیں) یہ فریقین مَثَلًا (مثال و حالت میں) مشابہت میں۔

نحو: یہ تمیز کی وجہ سے منصوب ہے۔ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے) کہ مثال بیان کرنے سے فائدہ اٹھاتے۔

## دعوت نوح علیہ السلام:

۲۵: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (تحقیق ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا (انہوں نے قوم کو خطاب کر کے فرمایا) بیشک میں تمہارے لئے کھلا ڈرانے والا ہوں) اِنِّیْ اصل میں بِاَنِّیْ ہے اسلئے کہ مطلب اس

طرح ہوا۔ہم نے ان کو بھیجا کہ وہ کہہ رہے تھے۔ انی لکم نذیر مبین۔اِنِّیْ یہ کسرہ کے ساتھ ہے۔جب حرف جار اس کے ساتھ مل گیا تو کانّ کی طرح اَنّ کو مفتوح پڑھیں گے اَنِّیْ۔

قراءت: شامی، نافع اور عاصم،حمزہ وعلی نے کسرہ کے ساتھ پڑھا۔قال کا قول قرار دیکر۔

۲۶: اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ (تم نہ عبادت کرو مگر اللہ تعالیٰ ہی کی) اَنْ مفسرہ ہے۔اور نمبرا۔ارسلنا کے متعلق ہے۔نمبر۲۔نذیر کے متعلق ہے۔اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ (مجھے ڈر ہے تمہارے متعلق دردناک دن کے عذاب کا) یوم کی صفت الیم لائی گئی اس میں اسناد مجازی ہے۔کیونکہ دکھ اس دن میں واقع ہوا۔

۲۷: فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ (پس ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا) ملاء سے مراد سرداران قوم ہیں کیونکہ ان کی ہیبت سے دل بھر جاتے اور مجالس پر ہو جاتیں۔نمبر۲۔ان کو ملاء۔اس لئے کہا کیونکہ وہ خیالات سے بھرے ہوتے تھے۔درست آراء سے مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا (ہم تمہیں اپنے جیسا انسان خیال کرتے ہیں) انکا مقصد یہ تھا کہ پیغمبر کے لئے مناسب یہ ہے کہ وہ فرشتہ ہو یا بادشاہ ہو۔وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا (اور ہم نہیں دیکھتے تجھے مگر کہ تیری اتباع ان لوگوں نے کی ہے جو ہم سے رذیل ہیں) کم درجہ حقیر جمع ارذل۔

## دُنیاپرستوں کی رائے میں مسلمان تدبر سے خالی ہیں:

بَادِیَ الرَّاْیِ (ظاہر رائے والے) بادی کو ابوعمرو نے ہمزہ سے پڑھا الرای کو بلا ہمزہ پڑھا۔مطلب یہ ہے نمبرا۔تیری اتباع ظاہر رائے والوں نے کی۔نمبر۲۔ابتدائی رائے والوں نے کی یہ بادی بدا،یبدو،اذا ظهر سے لیا جائے۔یا بدء یبدء جب کہ کسی چیز کو ابتداء سے کیا جائے۔

نحو: یہ ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے۔اسکی اصل یہ ہے وقت حدوث ظاہر رایہم۔ان کی ظاہری رائے کے سامنے آنے کے وقت یا ان کی پہلی رائے۔پس مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام رکھ دیا۔مقصد اس بات کا یہ تھا کہ تیری اتباع انہوں نے بلا سوچے سمجھے اور غور و تدبر کئے سرسری طور پر کرلی ہے۔اگر وہ سوچتے تو تیری اتباع نہ کرتے۔درحقیقت انہوں نے ایمان والوں کو اسلئے رذیل قرار دیا کیونکہ وہ غریب اور اسباب دنیویہ میں ان سے کم تھے۔کفار اپنی جہالت کی وجہ سے دنیا کو اپنا قبلہ مقصود سمجھتے تھے۔ان کے نزدیک معزز وہ تھا جس کے پاس مال ہو،جیسا کہ اس دور میں اسلام میں اشتباہ رکھنے والے لوگ خیال کرتے ہیں حالانکہ ان کو غلطی لگی کیونکہ دنیا میں ترقی کسی کو اللہ تعالیٰ کے قریب نہیں کرسکتی۔بلکہ دور کرتی ہے۔بلند نہیں کرتی بلکہ گراتی ہے۔

وَمَا نَرٰی لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍ (ہم نہیں دیکھتے تم میں اپنے اوپر کوئی بزرگی) مال میں اور رائے میں کُمْ سے نوح علیہ السلام اور ان کے متبعین مراد ہیں۔بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ (بلکہ ہم تمہیں جھوٹا گمان کرتے ہیں) یعنی نوح علیہ السلام کو دعوت میں۔اور ان کے متبعین کو تصدیق میں۔یعنی تم نے دعوت واجابت میں ایک دوسرے کی موافقت حکومت حاصل کرنے کیلئے کی ہے۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّىْ وَاٰتٰىنِىْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ

انہوں نے جوا میں کہا کہ اے میری قوم بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلیل رہوں اور اس نے مجھے اپنے پاس سے رحمت عطا فرمائی ہو پھر وہ تم کو دکھائی

عَلَيْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ

نہ دیتی ہو تو کیا ہم اسے تم پر چپکا دیں گے حالانکہ تم اس سے نفرت کرنے والے ہو حالانکہ تم اسے برا جان رہے ہو۔ اور اے میری قوم میں تم سے اس پر کوئی مال طلب نہیں کرتا

اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّىْۤ

میرا اجر صرف اللہ ہی پر ہے اور جو لوگ ایمان لے آئے ہیں میں انکو ہٹانے والا نہیں ہوں۔ بیشک وہ اپنے رب سے ملاقات کرنے والے ہیں، لیکن میں

اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِىْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا

تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ تم جہالت کر رہے ہو اور اے میری قوم اگر میں ان کو ہٹادوں تو مجھے اللہ کے مؤاخذہ سے کون بچائے گا۔ کیا تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِىْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَاۤ اَقُوْلُ اِنِّىْ

نہیں سمجھتے ہو؟ اور میں یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور میں غیب کو نہیں جانتا میں یہ نہیں کہتا کہ میں

مَلَكٌ وَّلَاۤ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِىْۤ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

فرشتہ ہوں اور جن لوگوں کو تمہاری آنکھیں حقارت کے ساتھ دیکھ رہی ہیں میں ان کے بارے میں یہ نہیں کہتا کہ اللہ ہرگز انہیں خیر عطانہ فرمائے گا جو کچھ ان کے دلوں میں

بِمَا فِىْۤ اَنْفُسِهِمْ ۖۚ اِنِّىْۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

ہے۔ اللہ خوب جاننے والا ہے اگر میں ایسا کروں تو میں بیشک ظالموں میں سے ہو جاؤں گا۔

۲۸: قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ (کہا اے میری قوم تم مجھے بتلاؤ) خبر دو اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ (اگر میں ہوں دلیل پر) مِّنْ رَّبِّىْ (اپنے رب کی طرف سے) اور اسکی طرف سے ایک گواہ بھی اسکی شہادت دیتا ہے کہ میں اپنے دعویٰ میں سچا ہوں۔ وَاٰتٰىنِىْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ (اور اس نے مجھے اپنی طرف سے رحمت دی ہے۔) اور رحمت سے مراد نبوت ہے۔ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ (پس وہ تم پر مخفی کر دی گئی) یعنی مخفی رہے تم پر۔

قراءت: حمزہ، علی وحفص کی قراءت یہ ہے اور عَمِيَتْ، نافع، ابن کثیر ابن عامر کی قراءت میں ہے۔

مطلب یہ ہے تم پر دلیل مخفی ہوگئی اور اس دلیل نے تمہاری راہنمائی نہیں کی۔ جیسا کہ اگر قوم کا راہنما چھپ جائے تو وہ جنگل میں بغیر ہادی کے پڑے رہتے ہیں۔ اسکی حقیقت یہ ہے کہ دلیل جسطرح دیکھی جانیوالی اور سامنے کی چیز ہے۔ اسی طرح اندھی اور پوشیدہ بھی ہے۔ کیونکہ اندھا راہ پا نہیں سکتا اور نہ غیر کی راہنمائی کرسکتا ہے۔ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ (کیا وہ تمہارے

سر تھوپ دیں اس حال میں کہ تم اس کو ناپسند کرتے ہو) ھا سے مراد رحمت ہے۔ کارھون کا معنی تم چاہتے نہیں ہو۔ اس میں واؤ میم کی تکمیل کیلئے لائی گئی ہے۔

**قراءت:** ابوعمرو نے سکون میم سے پڑھا ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ حرکت اختلاس وتخفیف کے طور پر ہوتی ہے۔ مگر راوی نے اس کو سکون خیال کیا۔ حالانکہ سکون کی صورت میں یہ لحن بن جاتی ہے۔ کیونکہ حرکت اعرابیہ ضرورت شعری میں ڈالی جاتی ہے۔

**۲۹: وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ** (اور اے میری قوم میں تم سے اس پر نہیں مانگتا) تبلیغ رسالت پر۔ کیونکہ انی لکم نذیر کا مدلول یہی ہے۔ **مَالًا** (مال) یعنی بدلہ جس کی ادائیگی تم پر گراں ہو رہی ہو۔ اگر تم ادا کرو یا مجھ پر اگر تم انکار کرو۔ **اِنْ اَجْرِيَ** (نہیں ہے میری مزدوری)

**قراءت:** مدنی، شامی، ابوعمرو، حفص نے نصب یا سے پڑھا ہے۔

**اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا** (مگر اللہ تعالیٰ پر اور میں ان لوگوں کو ہٹانے والا نہیں ہوں جو ایمان لائے ہیں) یہ کفار کے اس مطالبے کا جواب ہے کہ ان غرباء کے ساتھ ہم نہیں بیٹھ سکتے ان کو نکال دو تو تب تمہارے پاس بیٹھیں گے تو ان کے جواب میں فرمایا مَآ اَنَا (الآیة) **وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ** (لیکن میں تمہیں جاہل قوم خیال کرتا ہوں) تم مسلمانوں پر بیوقوفی کا الزام دھرتے اور ان کو رذیل کہہ کر پکارتے ہو یا تم اپنے رب کی ملاقات سے جاہل و بے خبر ہو۔ یا اس سے تم جاہل ہو کہ وہ تم سے بہت بہتر ہیں۔

**۳۰: وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ** (اے میری قوم کون میری مدد کرے گا اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچانے کیلئے) یعنی اس کے انتقام سے کون بچائے گا۔ **اِنْ طَرَدْتُّهُمْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ** (اگر میں نے ان کو اپنے ہاں سے نکال دیا کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے ہو) تذکرہ کا معنی وعظ ونصیحت حاصل کرنا۔

**۳۱: وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ** (اور نہ میں کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں) کہ مالداری کی وجہ سے تم پر مالداری کا دعویٰ کروں یہاں تک کہ تم یہ کہہ کر میری فضیلت کا انکار کرو۔ **مانری لکم علینا من فضل** (ہود۔۲۷) (ہم تم میں اپنے سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں دیکھتے) **وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ** (اور نہ میں غیب جانتا ہوں) یہاں تک کہ مجھے اطلاع ہو جائے دلوں کے اندر اور نفوس میں جو میری اتباع ہے۔ (تمہارے ظاہر کرنے سے معلوم ہو گی) اس کا عطف **عندی خزائن اللّٰه** پر ہے۔ ای **لا اقول عندی خزائن اللّٰه ولا اقول انا اعلم الغیب**، **وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ** (نہ میں کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں) یہاں تک کہ تمہیں کہنا پڑے کہ تو تو ہمارے جیسا انسان ہے **ماانت الا بشر مثلنا** [الشعراء:۱۵۴] **وَلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ** (اور نہ میں کہتا ہوں ان لوگوں کو جن کو تمہاری آنکھیں حقیر قرار دیتی ہیں) میں حکم نہیں لگاتا ان ایمان والوں پر جن کو تم فقر کی وجہ سے حقیر قرار دیتے ہو **لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا** (کہ ہرگز اللہ تعالیٰ ان کو کوئی بھلائی نہ دے گا) دنیا اور آخرت میں اس کے ہاں ذلیل ہونے کی وجہ سے اور تمہاری معاونت اور تمہاری خواہشات کی مطابقت کرتے ہوئے۔ **اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ** (اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو ان کے دلوں میں ہے) سچا اعتقاد، بیشک میرے ذمہ تو ظاہری اقرار کو قبول کرنا ہے کیونکہ میں

قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾

وہ کہنے لگے کہ اے نوح تم ہم سے جھگڑے اور تم نے ہم سے زیادہ جھگڑا کرلیا۔ لہٰذا ہمارے پاس وہ لے آؤ جس کی تم ہمیں دھمکی دیتے ہو اگر تم سچے ہو۔

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ

نوح نے جواب دیا کہ اس چیز کو تمہارے پاس اللہ ہی لائے گا اگر وہ چاہے، اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور میری خیر خواہی تمہیں فائدہ نہیں دے سکتی

اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَاِلَيْهِ

اگر میں تمہاری خیر خواہی کا ارادہ کروں اگر اللہ کا یہ ارادہ ہو کہ وہ تمہیں گمراہ کرے، وہ تمہارا رب ہے اور تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ؕ

لوٹائے جاؤ گے۔

ان کے مخفی اسرار کی اطلاع نہیں پا سکتا۔ اِنِّیْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِیْنَ (بیشک میں اس وقت ہو جاؤں گا ظالموں میں سے) اگر میں ان میں سے کوئی چیز اپنے متعلق کہوں۔ الازدراء یہ زری علیہ سے باب افتعال ہے اس کے معنی عیب لگانا ہے اور اس کا اصل تزتری ہے تا کو دال سے بدل دیا گیا ہے۔

۳۲: قَالُوْا یٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا (انہوں نے کہا اے نوح تو نے ہم سے مجادلہ کیا) ہم سے مخاصمت کی فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ (تو نے ہم سے بہت جھگڑا کیا پس تو لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے) یعنی عذاب اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (اگر تو سچا ہے) اپنے وعدے میں۔

۳۳: قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ (کہا بیشک وہ اللہ تعالیٰ تم پر لائیں گے اگر وہ چاہیں گے) عذاب لانا میرے اختیار میں نہیں۔ وہ اس کے اختیار میں ہے جس کا تم انکار کرتے ہو۔ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ (اور تم اسکو عاجز کرنے والے نہیں ہو) یعنی تم اس سے کہیں بھاگ نہیں سکتے۔

۳۴: وَ لَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ (اور تمہیں میری نصیحت فائدہ نہ دے گی) اس میں گمراہی کے مقام کی نشاندہی کی گئی تا کہ اس سے بچا جائے اور رشد کی راہنمائی کی گئی تا کہ اسکی پیروی کی جائے

قراءت: ابو عمرو اور مدنی نے ولکنّیَ ، اِنیَ نُصْحِیَ پڑھا ہے۔

اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ۔ (اگر چہ میں تمہاری خیر خواہی کا ارادہ کروں اگر اللہ تعالیٰ کا ارادہ تمہارے گمراہ کرنے کا ہو) یغویکم کا معنی گمراہ کرنا ہے۔

یہ شرط شرط پر داخل ہے۔ پس دوسری شرط حکم میں مقدم ہوگی جیسا کہ معروف و معلوم ہے تقدیر عبارت یہ ہے ان کان یرید

ع ۱۱/۳ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تُجْرِمُونَ ﴿٣٥﴾

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے قرآن کو اپنے پاس سے بنالیا۔ آپ فرما دیجئے اگر میں نے اس کو اپنے پاس سے بنالیا ہے تو مجھ ہی پر اسکا جرم ہے اور میں اس سے بری ہوں جو جرم تم کرتے ہو۔

**ان يغويكم لاينفعكم نصحى ان اردت ان انصح لكم**۔ اگر اللہ تعالیٰ تمہیں گمراہ کرنا چاہیں تو میری نصیحت تمہارے کچھ کام نہیں آسکتی خواہ میں تمہاری خیر خواہی کا ارادہ کروں (کیونکہ **و الله غالب على امره ،لا معقب لحكمه**)

**نکتہ**: ارادہ معاصی کے متعلق یہ ہماری واضح دلیل ہے۔

**هُوَ رَبُّكُمْ** (وہ تمہارا رب ہے) پس وہ تم میں اپنے ارادہ کے فیصلہ کے مطابق تصرف کرتے ہیں **وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ** (اور اسی کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا) پس وہ تمہارے اعمال پر تمہیں بدلہ دے گا۔

**۳۵**: **اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰهُ** (کیا وہ کہتے ہیں اس کو گھڑ لیا ہے) **اَمْ** ،**هَلْ** کے معنی میں ہے ہمزہ استفہام کا محذوف ہے، بلکہ کیا وہ کہتے ہیں اس کو گھڑ لیا ہے۔ **قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ** (کہہ دیں اگر میں نے اس کو گھڑا ہے تو مجھ پر میرا جرم) یعنی اگر صحیح ہے کہ میں نے افتراء کیا ہے تو مجھ پر میرے جرم کی سزا ہے یعنی افتراء کی۔ کہا جاتا ہے: **اجرم الرجل، اذا اذنب** ۔ جب وہ گناہ کرے۔ **وَاَنَا بَرِيْۤءٌ** (اور میں بری ہوں) یعنی یہ بات ثابت نہیں اور میں اس سے بریٔ الذمہ ہوں **مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ** تمہارے اس جرم سے کہ میری طرف افتراء کی نسبت کرتے ہو۔ پس تمہاری دشمنی اور اعراض کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔

وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا

اور نوح کی طرف وحی کی گئی کہ بلاشبہ تمہاری قوم میں سے جو لوگ ایمان لا چکے ہیں ان کے علاوہ اور کوئی شخص ہرگز ایمان نہ لائے گا سو یہ لوگ جو کام کرتے تھے آپ انکی

كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ

وجہ سے رنجیدہ نہ ہوں، اور ہمارے حکم سے کشتی بنا لیجئے اور ظالموں کے بارے میں مجھ سے خطاب

ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا

نہ کرنا، بلاشبہ یہ لوگ غرق کئے جانے والے ہیں اور وہ کشتی بنا رہے تھے اور جب انکی قوم کے سردار ان پر گزرتے تھے تو ان سے ہنسی کرتے

مِنْهُ ۭ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ؕ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ

تھے، وہ جواب دیتے تھے کہ اگر تم ہم پر ہنس رہے ہو تو بلاشبہ ہم تم پر ہنسیں گے جیسا کہ تم ہنسی کر رہے ہو، سو عنقریب تم جان لو گے

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٩﴾

کہ کس کے پاس عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کردے گا اور اس پر دائمی عذاب نازل ہوگا۔

## ان کے ایمان کی توقع نہ کریں:

۳۶: وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ (اور نوح علیہ السلام کی طرف وحی کی گئی کہ ہرگز تمہاری قوم میں سے کوئی ایمان نہیں لائے گا) ان کے ایمان سے ناامیدی کا اظہار کیا گیا اور اس بات کا بھی کہ ان کے ایمان کی توقع چھوڑ دیں۔

نکتہ: اس میں دلیل ہے کہ ایمان کیلئے تجدد کا حکم ہے۔ گویا اس طرح فرمایا۔ بیشک جو ایمان لایا ہے وہ ایمان لاتا ہے نئے وقت میں اور ایمان بالقرآن میں جس اضافہ کا ذکر ہے اسکا مطلب بھی تجدید ایمان اور پختگی ایمان لیا جائے گا۔ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ (پس تو رنجیدہ نہ ہو جو کچھ وہ کر رہے ہیں) تو غمزدہ پریشان کی طرح غمزدہ نہ ہو۔ الابتیاس یہ البؤس سے افتعال ہے۔ اس کا معنی غم وفقر ہے۔ اب آیت کا یہ مطلب ہوا۔ انہوں نے تیری جو تکذیب کی ہے اس پر غمزدہ نہ ہو اور جو تمہیں تکلیف پہنچائی اس پر رنجیدہ نہ ہو، تیرے دشمنوں سے انتقام لے گا۔

## کشتی بناؤ:

۳۷: وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا (تو ہماری نگرانی میں کشتی بنا) یہ موضع حال میں ہے۔ یعنی اس کو بنا اس حال میں کہ وہ محفوظ ہو۔ اور حقیقۃً یہ ملتبسا باعیننا ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے ساتھ نگران مقرر تھے جو اس بات کی نگرانی کرتے تھے کہ اس

کی بناوٹ میں کوئی خرابی پیدا نہ ہونے پائے۔ وَوَحْيِنَا (اور ہماری وحی سے) پس ہم تیری طرف وحی کو الہام کرتے ہیں کہ تم نے کس طرح اس کام کو انجام دینا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہیں کشتی کی صنعت معلوم نہ تھی۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ پرندے کے سینے کی طرح۔

وَلَا تُخَاطِبْنِىْ فِى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (اور مت مجھے خطاب کرنا ان لوگوں کے متعلق جو ظالم ہیں) اپنی قوم کی حالت کے متعلق تم مجھے نہ پکارنا اور نہ عذاب کے دور کرنے کی شفاعت کرنا۔ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ (بیشک ان کو ہم ڈبوئیں گے) ان پر غرق کا حکم لگ چکا اور فیصلہ ہو چکا۔ قلم خشک ہو چکے اب اس کے رکنے کا کوئی راستہ نہیں۔

۳۸: وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ (وہ کشتی بنا رہے تھے) ماضی کی حالت کو بیان کیا گیا ہے۔ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ (جب بھی ان کے پاس سے ان کی قوم کے سردار گزرتے تو ان سے وہ تمسخر کرتے) کشتی بنانے پر وہ پانی سے دور جنگل میں بنا رہے تھے۔ پس وہ ان پر ہنستے اور کہتے اے نوح! تو پیغمبر بننے کے بعد بڑھئی بن گیا ہے۔ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ (نوح علیہ السلام کہتے ہیں اگر تم ہم سے مذاق کرتے ہو تو ہم بھی تم سے مذاق کریں گے) جب تمہاری ہلاکت کو دیکھیں گے كَمَا تَسْخَرُوْنَ (جیسا تم مذاق اڑاتے ہو) ہمارا کشتی بنانا دیکھ کر۔

## کشتی نوح، عرض وطول:

روایت میں ہے کہ نوح علیہ السلام نے ساج کی لکڑی سے دوسال میں کشتی تیار کی۔ اسکی لمبائی تین سو ہاتھ تھی یا ۱۲۰۰ ہاتھ اسکی چوڑائی ۵۰ ہاتھ یا ۶۰۰ ہاتھ۔ بلندی ۳۰ ہاتھ، اس کے تین طبقات بنائے۔ سب سے نچلے حصے میں وحشی جانور، درندے، حشرات الارض۔ درمیانے طبقے میں چوپائے، پالتو جانور، تیسری بالائی منزل میں نوح علیہ السلام بمع ایمان والوں کے اور زادراہ سمیت سوار ہوئے اور آدم علیہ السلام کا جسد بھی ساتھ لیا اور اس کو مردوں اور عورتوں کے درمیان روک بنا دیا۔

۳۹: فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ (اور عنقریب تم جان لو گے کہ جس کے پاس عذاب آئیگا) تعلمون کی وجہ سے من یاتیہ محل نصب میں ہے۔ ای فسوف تعلمون الذی یا تیہ۔ عنقریب تم جان لو گے اس کو جس پر عذاب آئے گا۔ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ عذاب اس کو رسواء کر دے گا۔ یعنی ان کو عذاب غرق سے دنیا میں رسوا کر دے گا۔ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ (اور اس پر اتر پڑے گا) نازل ہوگا۔ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ (قائم رہنے والا عذاب) اور وہ عذاب آخرت ہے۔

حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِیْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ وَاَهْلَكَ

یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور سے پانی ابلنے لگا تو ہم نے کہا اس کشتی میں ایک ایک نر ایک ایک مادہ (یعنی ہر جنس سے دو عدد) سوار کر دو اور اپنے گھر والوں کو بھی سوار کر دو

اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَیْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَاۤ اٰمَنَ مَعَهٗۤ اِلَّا قَلِیْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا

سوائے اس کے جس کے بارے پہلے سے فیصلہ ہو چکا ہے، اور ان لوگوں کو بھی سوار کر لو جو ایمان لائے ہیں اور انکے ساتھ کم آدمی ایمان لائے، اور نوح نے کہا کہ آمیں

فِیْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِیَ تَجْرِیْ بِهِمْ

سوار ہو جاؤ۔ اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا، بلاشبہ میرا رب بالیقین بخشنے والا ہے۔ مہربان ہے۔ اور وہ کشتی ان کو لے کر پہاڑوں جیسی

قرء حفص بفتح الميم وامالة الراء

فِیْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰی نُوْحُ ۨابْنَهٗ وَكَانَ فِیْ مَعْزِلٍ یّٰبُنَیَّ ارْكَبْ مَّعَنَا

موجوں میں چلنے لگی اور نوح نے اپنے بیٹے کو آواز دی اور وہ انسے ہٹا ہوا تھا کہ اے میرے چھوٹے سے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ

وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِیْۤ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا

اور کافروں کے ساتھ مت ہو، وہ کہنے لگا کہ میں عنقریب کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھے پانی سے بچا لے گا، نوح نے جواب دیا کہ آج

عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ﴿۴۳﴾

اللہ کے حکم سے کوئی بچانے والا نہیں مگر وہی جس پر وہی رحم فرمائے اور ان دونوں کے درمیان موج حائل ہوگئی۔ سو وہ غرق کیے جانے والوں میں سے ہوگیا۔

۴۰: حَتّٰی (یہاں تک کہ) نحو : یہ ابتداء کلام میں آتا ہے۔ یہ شرط و جزاء والے جملے پر داخل ہوتا ہے۔ یصنع الفلك کی غایت ہے یعنی وہ کشتی بناتے رہے یہاں تک کہ وہ وعدہ کا وقت آ گیا۔ درمیان والا کلام یصنع سے حال ہے یعنی یصنعها والحال انه كلما مر عليه ملاء من قومه سخروا منه آپ کشتی بنا رہے تھے حالت یہ تھی کہ جب بھی آپ کی قوم کے سردار آپ کے پاس سے گزرتے تو وہ آپ سے مذاق کرتے۔ اور کلما کا جواب سخروا ہے اور قال یہ جملہ مستانفہ ہے اس کو سوال مقدر کے جواب میں لایا گیا ہے۔ یا قال سخروا کے جواب میں ہے۔ اور سخروا یہ مَرَّ کا بدل ہے یا ملاء کی صفت ہے۔

## عذاب آن پہنچا:

اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا (جب ہمارا حکم آ گیا) امر سے عذاب مراد ہے۔ وَفَارَ التَّنُّوْرُ (اور تنور نے جوش مارا) یہ معاملے کی سختی اور صعوبت سے کنایہ ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ روٹی کے تنور سے پانی نے جوش مارا۔ یہ پتھروں کا تنور تھا جس کو حواء نے بنایا تھا۔ اس زمانہ سے نوح علیہ السلام تک پہنچا تھا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ تنور، سطح زمین کو کہتے ہیں۔ قُلْنَا احْمِلْ فِیْهَا (ہم نے کہا اس میں سوار کرو) یعنی کشتی میں مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ (ہر جوڑے میں سے دو دو) اسکی تفسیر سورۃ المومنون میں ہے۔

وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ (اور اپنے اہل کو مگر وہ جنکے بارے میں بات پہلے کہی جا چکی) اس کا عطف اثنین پر ہے اور اسی طرح ومن امن کا بھی وَمَنْ اٰمَنَ (اور وہ جو ایمان لائے)۔ یعنی سوار کرو تم اپنے اہل کو اور غیر میں سے ایمان والوں کو اہل سے من سبق علیہ القول کو مستثنیٰ کر دیا۔ اس لئے کہ وہ اہل نار میں سے ہے اور اس کے متعلق بات پہلے اس لئے کہہ دی کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کے متعلق جانتے ہیں کہ وہ کفر کو اپنے ارادہ و تقدیر سے اختیار کریں گے اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بلند و بالا ہے۔ کہ کائنات میں اس کے ارادہ کے خلاف کوئی چیز وقوع پذیر ہو۔

وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ (اور ان پر ایمان نہ لائے مگر بہت قلیل) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان کی تعداد آٹھ تھی۔ نوح اور ان کے گھر والے، ان کے تین بیٹے اور ان کی بیویاں (یہ روایت مرفوعا ثابت نہیں ہے۔ ابن حجر) ایک قول یہ ہے وہ دس تھے پانچ مرد اور پانچ عورتیں۔ نمبر۳۔ ایک قول بہتر مرد اور عورتیں اور اولاد نوح علیہ السلام سام حام، یافث اور ان کی بیویاں اس طرح کل تعداد ۷۸ ہوگئی آدھے مرد اور آدھی عورتیں۔

## کشتی میں سواری کی دعا:

۴۱: وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا (کہا تم اس پر سوار ہو جاؤ اللہ تعالیٰ کے نام سے اس کا چلنا اور رکنا ہے) بسم اللہ، ارکبوا سے متصل ہے۔ واؤ سے حال ہے۔ یعنی تم اس میں سوار ہو جاؤ اس حال میں کہ اللہ تعالیٰ کا نام لینے والے ہو۔ یا اس حال میں کہ اس کے چلانے اور ٹھہرانے کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لینے والے ہو۔ اس وجہ سے کہ المجری، المرسی اسماء ظروف ہیں اور وقت کا معنی دیتے ہیں یا اس لئے کہ یہ دونوں مصدر میمی ہیں جیسا اجراء وارساء اور ان کا مضاف وقت کا لفظ حذف کر دیا جیسا کہتے ہیں: خفوق النجم ای وقت خفوق النجم۔

یہ بھی درست ہے کہ بسم اللّٰہ مجرٖھا و مرسٰھا بذات خود جملہ ہو ماقبل سے متعلق نہ ہو بلکہ مبتداء خبر ہو۔ مطلب یہ ہے کہ نوح علیہ السلام نے ان کو سوار ہونے کا حکم دیا پھر ان کو بتلایا کہ ان کا چلنا اور رکنا اللہ تعالیٰ کا نام لینے سے ہے۔ ای بسم اللہ اجراء ھا وارساؤھا چنانچہ جب کشتی چلاتے تو کہتے باسم اللہ کشتی چل پڑتی اور کھڑا کرنا چاہتے تو باسم اللہ کہتے کشتی لنگر انداز ہو جاتی۔

قراءت: مجرٖھا میم مفتوح اور راء مکسور ہے یہ جری سے ہے یا مصدر ہے یا وقت محذوف ہے یہ حمزہ، علی، حفص نے پڑھا ہے۔

اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (بیشک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے) ان کے لئے جو مخلصانہ ایمان لانے والے ہیں۔

۴۲: وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ (وہ کشتی ان کو لیکر چل رہی تھی) یہ فعل محذوف سے متصل ہے۔ اس پر ارکبوا فیھا باسم اللّٰہ دلالت کر رہا ہے۔ گویا عبارت اس طرح ہے۔ فرکبوا فیھا یقولون بسم اللّٰہ وھی تجری بھم ای السفینۃ وھم فیھا۔ پس وہ اس میں بسم اللہ کہتے ہوئے سوار ہو گئے وہ کشتی ان کو لیکر چل پڑی اس حال میں کہ وہ کشتی میں تھے۔

فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (ایسی موجوں میں جو پہاڑوں جیسی تھیں) اس سے مراد طوفان کی موجیں ہیں۔ موج جمع موجہ ہے جیسا تمر جمع تمرۃ۔ موج اس پانی کو کہتے ہیں جو تیز ہواؤں کے پانی کے اندر داخل ہونے سے اضطراب کے وقت بلند ہو۔ بلندی اور

تہہ تہہ مل جانے کی وجہ سے ہر موج کو پہاڑ سے تشبیہ دی ہے۔

## بیٹے سے گفتگو:

وَنَادٰی نُوْحُ ۨابْنَهٗ (اورنوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو آواز دی) کنعان بعض نے کہا یام۔ جمہور کے ہاں یہ آپ کا صلبی بیٹا تھا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ان کی بیوی کا سابقہ خاوند سے بیٹا تھا۔ وَكَانَ فِیْ مَعْزِلٍ (وہ الگ تھلگ مقام میں تھا) اپنے والد اور کشتی سے۔ معزل یہ مفعل کا وزن ہے۔ یہ عزله عنه سے جبکہ دور کر دیا جائے اور ہٹا دیا جائے یا اپنے والد کے دین سے الگ تھلگ تھا۔ یٰبُنَیَّ (اے میرے بیٹے)

قراءت: یٰ کے فتحہ سے عاصم نے پڑھا ہے۔ یا اضافت سے الف مبدلہ پر اکتفاء کرتے ہوئے جیسے یابنیاً دیگر قراء نے کسرہ یا سے یا، یٰ اضافت سے اس پر اکتفاء کرتے ہوئے ارْكَبْ مَّعَنَا (تو ہمارے ساتھ سوار ہو جا) کشتی میں یعنی اسلام لا اور کشتی میں بیٹھ وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ (اور تو کافروں کے ساتھ مت ہو)

۴۳: قَالَ سَاٰوِیْۤ (کہا اس نے میں پناہ لونگا) اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ (پہاڑ پر جو مجھے پانی سے بچائے گا) ڈوبنے سے محفوظ کر دے گا۔ قَالَ لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ (کہا آج کوئی پناہ دینے والا نہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے مگر جس پر وہ رحم کرے) مگر رحم کرنے والا بچا سکتا ہے، اور وہ اللہ تعالیٰ ہے یا آج کوئی طوفان سے بچنے والا نہیں۔ مگر جس پر اللہ تعالیٰ رحم کرے اور وہ مومنین ہیں۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ جب اس نے پہاڑ کو طوفان سے بچانے والا بتایا تو آپ نے اس کو فرمایا آج تمہیں کوئی بچنے کی جگہ بچا نہ سکے گی خواہ پہاڑ وغیرہ ہی کیوں نہ ہو۔ سوائے ایک بچنے کی جگہ کے اور وہ جگہ ان لوگوں کا مقام ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے نجات دی اور ان پر رحم فرمایا وہ مقام کشتی ہے یا یہ استثناء منقطع ہے۔ گویا اس طرح فرمایا۔ لکن من رحم اللّٰه فهو المعصوم۔ لیکن وہ کہ جس پر اللہ تعالیٰ نے رحم کیا وہ بچا ہوا ہے یہ اس طرح ہے جیسے فرمایا: مالهم به من علم الا اتباع الظن۔ [النساء:۱۵۷]

## ابن نوح کی ہلاکت:

وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ (اور حائل ہوگئی ان کے درمیان موج) بیٹے اور پہاڑ کے درمیان یا نوح علیہ السلام اور بیٹے کے درمیان فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ (پس وہ ہو گیا ڈوبے ہوؤں میں سے) کان یہاں صار کے معنی میں ہے یا کان اپنے معنی میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ڈوبنے والوں میں سے تھا۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ

اور حکم ہوا کہ اے زمین اپنے پانی کو نگل لے اور اے آسمان تھم جا،اور پانی کم ہو گیا اور فیصلہ کر دیا گیا

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ

اور کشتی جودی پر ٹھہر گئی،اور کہہ دیا گیا کہ کافروں کے لئے دوری ہے، اور (نوح علیہ السلام) نے اپنے رب کو پکارا

فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾

اور عرض کیا اے میرے رب بے شک میرا بیٹا میرے اہل سے ہے اور بیشک تیرا وعدہ سچا ہے اور تو احکم الحاکمین ہے،

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے نوح بلاشبہ وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے۔ بیشک اس کا عمل درست نہیں سو تو مجھ سے اس چیز کا سوال نہ کر جس کا تجھے

لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

علم نہیں،میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ نادانوں میں شامل نہ ہوتا، نوح نے عرض کیا کہ اے میرے رب بیشک میں اس بات کی آپ سے پناہ چاہتا ہوں

اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾

کہ میں آپ سے وہ سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں اور اگر آپ نے میری بخشش نہ فرمائی تو میں خسارہ والوں میں سے ہو جاؤں گا،

قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ

حکم ہوا کہ اے نوح تم اتر جاؤ سلامتی کے ساتھ جو ہماری طرف سے ہے اور برکتوں کے ساتھ جو تم پر اوران جماعتوں پر ہیں جو تمہارے ساتھ ہیں اور بہت سی جماعتیں ایسی ہیں جنہیں

ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾

ہم نفع پہنچائیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔

۴۴: وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ (اور کہا گیا اے زمین تو نگل اپنے پانی کو) تو پھٹ جا اور پانی پی جا۔ البلع کا معنی چوسنا اور جذب کرنا۔ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ (اور اے آسمان تھم جا) پانی برسانا روک لے۔ وَغِيْضَ الْمَآءُ (اور پانی کم کر دیا گیا) غیض کا معنی کم ہونا اور کرنا۔ یہ غاض بمعنی نقص سے ہے۔ یہاں متعدی آیا ہے۔ وَقُضِيَ الْاَمْرُ (اور کام تمام کر دیا گیا) اور اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کے ساتھ قوم کی ہلاکت کا جو وعدہ فرمایا تھا وہ پورا کر دیا۔ وَاسْتَوَتْ (اور کشتی ٹھہری) چھ ماہ تمام زمین کا چکر کاٹنے کے بعد کشتی ٹھہر گئی۔ عَلَى الْجُوْدِيِّ (جودی پہاڑ پر) یہ موصل کا ایک پہاڑ ہے۔ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (اور کہا گیا کہ ظالم قوم کیلئے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دوری ہے) دور ہو قوم نوح جن کو ڈبویا گیا کہا جاتا ہے کہ بعد بُعْدَ و بَعْدًا جبکہ انتہائی دور

کرنے کا ارادہ ہو جیسے ہلاکت وموت اسی لئے یہ لفظ بددعا کیلئے خاص ہے۔

**فائدہ جلیلہ:** اس آیت کو چار اطراف سے دیکھو کہ علم بیان کا کتنا شاندار مرقع ہے اس میں مجاز، استعارہ اور کنایہ اور اس کے متعلقات ہم عرض کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جب چاہا کہ اس مطلب کو بیان کیا جائے۔ ہم نے زمین سے پھوٹے ہوئے پانی کو لوٹانے کا ارادہ کیا کہ جو نکلا ہے وہ واپس تہہ زمین میں چلا جائے۔ اور آسمان سے طوفان کو منقطع کرنا چاہا وہ منقطع ہو گیا۔ اترنے والے پانی کو سوکھانا چاہا تو وہ جذب ہو کر خشک ہو گیا۔ اور نوح علیہ السلام کے معاملے کا فیصلہ کر دیں اور وہ قوم کے غرق والے فیصلہ کو نافذ کرنا تھا۔ وہ بھی کر دیا گیا کشتی کو روکنا چاہا وہ جودی پر رک گئی ظالموں کو غرق کر دیا۔

تو کلام کی بنیاد اس پر رکھی کہ مراد کو ایسے امور سے تشبیہ دی جس سے نافرمانی ہو ہی نہیں سکتی ( کیونکہ اللہ تعالیٰ ہیبت ورعب میں کامل ہے ) اور تکوین مراد کو ایسے امر قطعی سے تشبیہ دی جو مقصود کے بننے میں بطور تصویر کے نافذ العمل ہے کیونکہ وہ ذات عظیم اقتدار والی ہے۔ اور آسمان زمین میں جو چاہے کرے وہ اس کی تکوین کے مطیع ہیں۔ اس کے ارادے کو کسی تغیر وتبدل سے روکنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ گویا کہ وہ عقلاء ہیں اور امتیاز کرنے والے ہیں اسکی پہچان کا جو حق ہے اسی طرح اس کو پہچانتے ہیں اور اس کے حکم کی اطاعت میں جو چیز ان پر لازم ہے اس کو بخوبی جاننے والے ہیں اور اس کے حکموں پر یقین کرنے والے ہیں۔ اور اسکی مراد کے حصول میں اپنی پوری ہمت صرف کرنے والے ہیں۔ پھر نظم کلام کی بنیاد اسی تشبیہ پر رکھی چنانچہ فرمایا و قیل ارادہ سے بطور مجاز استعمال کیا کیونکہ قائل کا قول اسی سے واقع ہوتا ہے۔ مجاز کیلئے قرینہ جماد کو خطاب یا ارض اور یا سماء کو بنایا۔ پھر ان کو خطاب کر کے یا ارض اور یا سماء کہہ کر اس تشبیہ سے استعارہ کر دیا۔

پھر زمین میں پانی کی گہرائی کیلئے بطور استعارہ ابلعی کا استعمال فرمایا بلع کھائی ہوئی چیز سے پانی کا چوسنا۔ تو پانی بھی مخفی ٹھکانے میں پہنچ گیا۔ تو اس مناسبت سے بلع کو ذکر کر دیا۔ پھر الماء کو استعارۃً غذا کیلئے استعمال کیا کیونکہ دونوں کے مابین قوت کی مشابہت پائی جاتی ہے زمین بھی پانی سے طاقت پاتی ہے۔ جیسا کھانے والا طعام سے قوت پاتا ہے۔ پھر فرمایا۔

مَآءَ كِ پانی کی نسبت زمین کی طرف فرمائی بطور مجاز کیونکہ پانی زمین سے متصل ہوتا ہے جیسے ملک مالک سے متصل ہوتی ہے۔ پھر احتباس بارش کیلئے اقلاع کا لفظ اختیار کیا۔ اقلاع ترک فعل کو کہتے ہیں کیونکہ عدم تاخیر کی مشابہت دونوں میں پائی جاتی ہے۔ پھر فرمایا **وغیض الماء وقضی الامر واستوت علی الجودی وقیل بعداً** اس میں تصریح نہیں فرمائی کہ کس نے پانی کو خشک کیا اور نہ اس کا جس نے حکم کو نافذ کیا اور کشتی کو ٹھہرایا آخر میں فرمایا بُعْدًا دور کرنے والے کی تصریح نہیں کی جب کہ یا ارض، یا سماء میں قائل کی تصریح نہیں کی۔ ان میں کنایہ کا راستہ اپنایا کہ یہ تمام امور عظیمہ کسی فاعل قادر، مکون قاہر کی تکوین سے ہی ممکن ہیں اور ان کا کرنے والا اکیلا ہے اس کے حکم میں کسی دوسرے کی شرکت نہیں ہے۔

وہم وخیال کا کوئی گوشہ یہ نہیں کہتا کہ کوئی دوسرا یہ آرڈر دے سکتا ہو یا رض **ابلعی ماء ك و یاسماء اقلعی** ۔ اور نہ یہ خیال میں آسکتا ہے کہ غائض، القاضی، المسوی اس کے سواء کوئی اور ہو۔ پھر کلام کو تعریض سے ختم کیا تا کہ ان مکذبین کو خبردار کر دیا جائے جو انبیاء علیہم السلام کی تکذیب کرنے والے ہیں وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہیں اور یہ سخت عذاب ان کے اپنے ظلم ہی کا نتیجہ تھا۔

نمبر۲۔علم معانی کے اعتبار سے۔ ہر کلمہ کا فائدہ اور تقدیم و تاخیر جملوں پر غور کریں۔ نمبرا۔یا حروف نداء میں سے لایا گیا کیونکہ وہ کثیر الاستعمال ہے اور منادیٰ کے بُعد پر بھی دلالت کر رہا ہے۔اور یہاں اس سے اظہار عظمت اور ملکوت ابداء عزت و جبروت کا مقصد حاصل کیا گیا اور وہ منادیٰ کے دور ہونے سے ہی حاصل ہوسکتا ہے جس کے معمولی ہونے کو ظاہر کیا گیا اور یَا اَرْضِیْ نہیں کہا کیونکہ اس میں تہاون بڑھتا ہے کیونکہ اضافت قرب کو چاہتی ہے۔یاایتھا الارض نہیں کہا تا کہ اختصار ہو۔اور لفظ ارض اور سماء کے استعمال لئے کیونکہ خفیف اور عام مستعمل ہیں۔ابلعی کو اختیار کیا ابتلعی نہیں کہا تا کہ اختصار ہو۔دوسرا اقلعی اور اس کے درمیان صفت تجانس ہے۔اور اقلعی کہا عن المطر ساتھ نہیں کہا۔اسی طرح یاارض ابلعی ماءک فبلعت اور یا سماء اقلعی فاقلعت نہیں کہا بطور اختصار نتائج ذکر نہیں فرمائے۔غیض الماء کو غیض کی بجائے لائے اور الماء کہا ماء الطوفان نہیں کہا۔الامر کہا اور امر نوح وقومہ نہیں کہا۔یہ بطور اختصار فرمایا اور الف لام عہدی نے ضرورت پوری کر دی۔

اسی طرح سویت علی الجودی نہیں فرمایا جیسا کہ پہلے قیل،غیض مجہول کے صیغے تھے ھی تجری معروف کی رعایت سے استوت فرمایا گیا۔تا کہ مطابقت ہو جائے پھر بعدًا فرمایا بعدًا للقوم یا یبعد القوم نہیں فرمایا تا کہ اختصار و تاکید دونوں مقصود حاصل ہوں۔نمبر۳۔جملوں کا تسلسل: یہ تو کلمات کی ترکیب کو دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے۔اگر جملوں کی ترتیب پر غور کریں نمبرا۔امر سے نداء کو مقدم کیا یاارض ابلعی و یا سماء اقلعی۔اسی طرح ابلعی یاارض،اقلعی یا سماء نہیں فرمایا۔تا کہ جن کو اصل خطاب کیا ہے وہ مقدم ہوں تا کہ امر وارد منادی کے نفس میں خوب جاگزین ہو جائے۔

نمبر۲: پھر زمین کو آسمان سے پہلے لائے۔کیونکہ طوفان زمین سے شروع ہوا۔پھر پیچھے وغیض الماء کو لائے۔تا کہ قصہ ماء سے یہ متصل ہو اور اپنے مقام پر پہنچ جائے۔نمبر۳۔واقعہ کا مقصد آخر میں لائے۔جو قضی الامر ہے کہ نوح علیہ السلام سے ہلاکت کفار کا جو وعدہ تھا وہ پورا کر دیا گیا اور وہ ہلاکت کفار اور نجات نوح علیہ السلام اور مومنین تھی پس اس سے عبرت حاصل کرو۔

نمبر۴: فصاحت لفظیہ پر غور کرو تمام الفاظ فصیح،سہل الاستعمال تنافر سے دور، بشاعت سے دور، انتہائی لذیذ و شیریں،عمدہ چلاؤ پانی جیسا بہاؤ،شہد جیسی حلاوت،نسیم سحری جیسی رقت۔

اعجاز قرآنی: اسی لئے تو معاندین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اس جیسی آیات لانے سے طاقت بشر قاصر ہے۔قرآن مجید کی کیا عجیب شان ہے۔جب کوئی عالم اسکی کسی آیت میں غور کرے گا تو وہ ایسے بے شمار لطائف پائے گا۔جن کو شمار میں نہیں لایا جا سکتا۔جو کچھ ہم نے لکھا وہ تو اس سے بہت کم ہے جو اس آیت میں لطائف ہیں یہ بحر ذخار ہے جس کی تہہ نہیں کلام الملوك، ملوك الكلام۔

## بیٹے کے متعلق سوال:

۴۵: وَ نَادٰی نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ (نوح علیہ السلام نے پکارا اپنے رب کو اور کہا اے میرے رب) اس میں نوح علیہ السلام کی دعا و نداء کا ذکر فرمایا جو ان الفاظ سے تھی۔رب اے میرے رب اپنے اہل کے متعلق وعدہ پورا کرنے کا تقاضا ہے کہ آپ میرے اہل کو نجات دیں گے۔اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ (بیشک میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے) یعنی اہل میں سے کیونکہ وہ آپ کا

صلبی بیٹا یا ربیب تھا۔ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ (اور آپ کا وعدہ بلاشبہ سچا ہے) آپ جو وعدہ فرماتے ہیں وہ برحق و ثابت ہے جس کے پورا ہونے میں کوئی شبہ نہیں، اور پورا کرنے میں اور آپ نے میرے اہل کو نجات دینے کا وعدہ فرمایا پس میرے بیٹے کا کیا معاملہ ہے؟ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ (حالانکہ آپ تو سب سے بڑے حاکم ہیں) آپ تمام حکام سے زیادہ علم والے اور زیادہ عدل والے ہیں۔ کیونکہ حاکم کو دوسرے حاکم پر علم و عدل ہی کی وجہ سے فضیلت حاصل ہوتی ہے۔ آج کے زمانہ میں بہت سے حکام اعلیٰ حکام کہلانے والے جہل و ظلم کا مجسمہ ہیں اور احکم الحاکمین کا یہی معنی ہے۔ پس تم کو اس حال سے عبرت حاصل کرنی چاہئے اور آنسو بہانے چاہئیں۔

۴۶: قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ (فرمایا اے نوح وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے) پھر اہل میں نہ ہونے کی تعلیل بیان فرمائی۔ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ (اس کے عمل درست نہیں ہیں)

**مَسْئَلَه**: اس میں اعلان کر دیا کہ قرابت دینی قرابت نسبی کو ڈھانپنے والی ہے۔ تیرا اہم نسب وہ جو تیرے دین میں متفق ہے۔ اگرچہ وہ حبشی اور تو قریشی اور جو تیرے دین پر نہ ہو۔ اگرچہ وہ تیرا اقریبی رحم کا رشتہ دار ہو۔ وہ تجھ سے بہت ہی دور ہے۔ نمبرا۔ اس آیت میں خود اس لڑکے کا عمل غیر صالح قرار دیا تا کہ مذمت میں مبالغہ ہو جائے۔ جیسا شاعر کا قول ہے۔

ع فانما هی اقبال و ادبار

کہ زمانہ تو دوران کا نام ہے۔

نمبر۲: تقدیر عبارت یہ ہو۔ ذو عمل۔ اس میں اشارہ کر دیا کہ تیرے اہل میں سے جن کو نجات دی گئی وہ ان کی صلاح و بھلائی کی وجہ سے دی گئی اس بناء پر نہیں کہ وہ تیرے رشتہ دار ہیں۔ اور اس وجہ سے جب اس میں صلاح نہیں پائی جاتی تو ابوت اس کے لئے چنداں نفع رساں نہیں۔

قراءت: عَمِلَ غَيْرُ صَالح علی نے پڑھا ہے

شیخ ابو منصور رحمہ اللہ نے فرمایا، نوح علیہ السلام کے ہاں یہ بات تھی کہ وہ آپ کے دین پر ہے۔ کیونکہ وہ منافقت کرنے والا تھا۔ ورنہ نوح علیہ السلام سے سوال نجات کا احتمال بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ سوال کی ممانعت تو پہلے کی جا چکی تھی۔

منافقت کی وجہ سے اس کو اھل میں شمار کر کے نجات کا سوال کر دیا پس اس قسم کی ممانعت **و لا تخاطبنی فی الذین ظلموا انهم مغرقون** [ھود:۳۷] کے بعد آپ کا سوال اس کے اس ظاہر کے لحاظ سے تھا۔ جو آپ کو اس کے متعلق معلوم تھا۔ جیسا کہ بہت سے منافقین نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ظاہری موافقت کا اظہار کرتے رہے اور باطنی طور پر مخالفت کرتے رہے۔ اور آپ کو ان کے متعلق معلوم نہ ہوا یہاں تک اللہ تعالیٰ نے آپ کو مطلع کر دیا۔ اور ارشاد الٰہی لیس من اہلک کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں میں سے نہیں ہے جنکے متعلق نجات کا وعدہ کیا تھا اور وہ وہی لوگ ہیں جو ظاہر و باطن میں مؤمن ہیں۔

فَلَا تَسْئَلْنِ (پس تو مجھ سے سوال نہ کر) قراءت: کوفی نے فلا تَسْئَلْنِ یا کی بجائے کسرہ، بصری نے تسألنِیْ پڑھا جبکہ مدنی نے تسألنِیَ پڑھا۔ اور شامی نے تَسْئَلَنَّ حذف یاء و نون تاکید کے ساتھ پڑھا مکی نے تَسْئَلَنَّ پڑھا ہے۔ مَا

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ (اس بات کا جس کا تجھے علم نہیں) اس کے متعلق سوال کے جواز کا۔اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (بیشک میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ نادانوں میں سے مت ہو جاؤ) یہ اسی طرح ہے جیسا کہ ہمارے رسول ﷺ کو اس قول میں فرمایا فلا تکونن من الجاهلين [ الانعام:۳۵]

## استغفارِ نوح علیہ السلام:

۴۷: قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ (کہا اے میرے رب بیشک میں وہ چیز جس کا مجھے علم نہ ہو اس کے متعلق سوال کرنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں) یعنی کہ مستقبل میں میں وہ چیز طلب کروں جس کے صحیح ہونے کا مجھے علم نہیں تیرے ادب کا پاس کرتے ہوئے اور تیری نصیحت کو قبول کرتے ہوئے وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ (اور اگر تو نے مجھے نہ بخشا) جو سبقت مجھ سے ہو گئی وَتَرْحَمْنِيْٓ (اور مجھ پر رحم نہ فرمایا) اس جیسی بات کی طرف لوٹنے سے بچا کر اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ (تو میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤں گا)

۴۸: قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا (اے نوح کشتی سے اترو ہماری طرف سے سلامتی لیکر) ہمارے تحفوں اور سلاموں کے ساتھ غرق سے سلامت رہنے کے سبب وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ (اور برکات لیکر جو تم پر اتریں گی) برکات ان بھلائیوں کو کہا جاتا ہے جو بڑھنے والی ہوں ان کے حق میں وہ کثرت اولاد اور کثرت تبعین ۔ اللہ تعالیٰ نے اکثر انبیاء علیہم السلام کو ان کی نسل سے پیدا فرمایا اور دین کی تکمیل ان کی باقی نسل میں فرمائی ۔ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ (اور ان امتوں پر جو تمہارے ساتھ ہیں) من بیانیہ ہے امم سے وہ مراد ہیں جو ان کے ساتھ کشتی میں تھیں کیونکہ وہ جماعتیں تھیں ۔ نمبر۲۔ ان کو امم اس لئے کہا گیا کیونکہ ساری امتیں ان سے پھوٹیں ۔ نمبر۳۔ من ابتداء غایت کیلئے ہے یعنی ان امتوں پر جو ان لوگوں سے پیدا ہونگی جو تیرے ساتھ ہیں یہ آخری زمانہ تک امتیں ہیں اور یہ سب سے بہتر قول ہے ۔ وَاُمَمٌ یہ مبتداء کی وجہ سے مرفوع ہے ۔ سَنُمَتِّعُهُمْ (اور کچھ جماعتوں کو ہم دنیا میں فائدہ دیں گے) دنیا میں وسعت رزق اور زندگی کی سہولیات ۔

نحو : یہ صفت ہے خبر محذوف ہے ۔ تقدیر عبارت یہ ہے وممن معك امم سنمتعهم حذف اسلئے کیا کیونکہ ممن معك اس پر دلالت کرتا ہے ۔ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ (پھر ان کو ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا) یعنی آخرت میں مطلب یہ ہے کہ سلام ہماری طرف اور برکات تجھ پر اور ان مومنوں پر جو ان کی نسل سے ہونگے جو تمہارے ساتھ ہیں ان کی نسل میں کچھ جماعتیں دنیا میں نفع اٹھائیں گی پھر آگ کی طرف منتقل کر دی جائیں گی ۔

حضرت نوح علیہ السلام ابوالانبیاء ہیں اور طوفان کے بعد والی ساری مخلوق ان کی نسل سے ہے ۔ اور ان کی نسل سے ہے جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے ۔ محمد بن کعب کہتے ہیں ۔ اس سلام میں قیامت تک آنے والا ہر مومن و مومنہ داخل ہے اور جو اس کے بعد تمتع دنیا اور عذاب آخرت ہے اس میں قیامت تک آنے والے کافر شامل و داخل ہیں ۔

تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَاۤ اَنْتَ وَلَا

یہ قصہ غیب کی خبروں میں سے ہے۔ آپ کی طرف وحی بھیجتے ہیں۔ اس سے پہلے آپ ان کو نہیں جانتے تھے اور نہ

قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛؕ فَاصْبِرْ ۛؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِلٰی عَادٍ

آپ کی قوم مانتی تھی، سو آپ صبر کیجئے، بلاشبہ انجام کار متقیوں ہی کے لئے ہے۔ اور قوم عاد کی طرف

اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ

ہم نے انکے بھائی ہود کو بھیجا انھوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں تم صرف

اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ یٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ

جھوٹ بولتے ہو، اے میری قوم میں تم سے اس پر کوئی مزدوری طلب نہیں کرتا۔ میرا اجر صرف اللہ پر ہے جس نے مجھے پیدا فرمایا

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَیٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ

کیا تم سمجھ نہیں رکھتے، اور اے میری قوم تم اپنے رب سے مغفرت طلب کرو اور اس کے حضور میں توبہ کرو وہ تم پر خوب بارشیں

مِّدْرَارًا وَّیَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰی قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا یٰهُوْدُ

بھیج دے گا اور تمہیں جو قوت حاصل ہے اس سے زیادہ قوت عطا فرمائے گا اور تم مجرم بن کر روگردانی کرنے والے نہ بنو، وہ کہنے لگے کہ اے ہود

مَا جِئْتَنَا بِبَیِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِیْۤ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ

تم ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں لائے اور ہم تمہارے کہنے کی وجہ سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اور ہم تم پر ایمان

بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّیْۤ اُشْهِدُ اللّٰهَ

لانے والے نہیں، ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے تمہیں کوئی خرابی پہنچادی ہے۔ ہود نے کہا کہ بیشک میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں

وَاشْهَدُوْۤا اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾

اور تم گواہ ہو جاؤ کہ بیشک میں ان چیزوں سے بری ہوں جنہیں تم اللہ کے علاوہ شریک قرار دیتے ہو، سو تم سب مل کر میرے بارے میں تدبیریں کرلو پھر مجھے مہلت نہ دو

## قصہ نوح علیہ السلام من جملہ اخبارِ غیب سے ہے:

۴۹: تِلْكَ (یہ) مقصد نوح علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے۔ یہ ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہے اور وہ جملے جو اس کے بعد ہیں۔ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَاۤ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ (غیب کی خبریں ہیں جو ہم وحی کر رہے ہیں آپ کی طرف۔

نہ آپ ان کو جانتے تھے اور نہ ہی آپ کی قوم ) خبریں یعنی یہ قصہ غیب کے خبروں میں سے کچھ ہے جو آپ کی طرف وحی کیا گیا۔ تمہیں معلوم نہ تھا اور نہ ہی تیری قوم کو۔ مِنْ قَبْلِ ھٰذَا (اس سے پہلے ) اس وقت سے پہلے یا میرے وحی بھیجنے سے پہلے اور اسکی اطلاع دینے سے پہلے فَاصْبِرْ (پس تم صبر کرو) تبلیغ رسالت کے سلسلہ میں ان ایذاؤں پر جو آپ کو آپ کی قوم کی طرف سے آتی ہیں۔ جیسا کہ نوح علیہ السلام نے صبر کیا۔ اور مکذبین کے متعلق اسی طرح کے انجام کی توقع رکھو جو قوم نوح کے ساتھ پیش آیا۔ اور اپنے متعلق اسی طرح کے نتیجہ کی جو نوح علیہ السلام کے سامنے آیا۔ اِنَّ الْعَاقِبَۃَ (بیشک انجام ) کامیابی ونصرت وغلبہ میں ۔ لِلْمُتَّقِیْنَ (متقین کیلئے ہے ) جو شرک سے بچنے والے ہیں۔

## قوم عاد اور ہود علیہ السلام:

۵۰: وَاِلٰی عَادٍ اَخَاھُمْ ھُوْدًا (اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود (علیہ السلام ) کو بھیجا ) اخاھم سے مراد ان کی قوم میں سے ایک۔

نحو: اخاھم کا نصب ارسلنا نوحًا پر عطف کی وجہ سے ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے وارسلنا الی عاد اخاھم ھودًا یہ عطف بیان ہے اخاھم کا قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ ( کہا اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو) اس کو اکیلا مانو۔ مَالَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ ( تمہارے لئے اس کے سواء کوئی معبود نہیں )

قراءت: نافع نے مرفوع پڑھا جار و مجرور کے محل پر عطف قرار دیکر۔ مگر علی نے لفظ کے لحاظ سے مکسور غَیْرِہٖ پڑھا۔ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ (تم تو افتراء کرنے والے ہو) تم اللہ تعالیٰ پر افتراء کرتے ہو اس طرح کہ تم نے اوثان کو اس کا شریک بنالیا۔

۵۱: یٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا ط اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی الَّذِیْ فَطَرَنِیْ (اے میری قوم میں اس پر تم سے اجر نہیں مانگتا میری مزدوری تو اس اللہ پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا ) جتنے بھی انبیاء علیہم السلام گزرے تمام کو ان کی قوموں نے اسی قسم کی بات کہی۔ کیونکہ وہ نصیحت کرنے آئے تھے۔ نصیحت مخلصانہ وہی کرسکتا ہے جو مطامع کو مٹانیوالا ہو۔ اور جب تک ان میں سے کسی چیز کی طمع رکھتا ہے کامیابی نہیں ہوتی۔ اور نہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ( کیا تم سمجھتے نہیں ہو ) جبکہ تم اس شخص کی نصیحت مسترد کررہے ہو جو اس پر تم سے کسی بدلے کا طالب نہیں وہ تو صرف خدائے ذوالجلال سے بدلہ چاہنے والا ہے۔ اور وہ بدلہ ثواب آخرت ہی ہے۔ اور تہمت کو دور کرنے کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔

## برکاتِ استغفار:

۵۲: وَیٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ (اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو ) اس پر ایمان لاؤ۔ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْہِ (پھر اسکی بارگاہ میں توبہ کرو) غیر اللہ کی عبادت سے یُرْسِلِ السَّمَآءَ (وہ آسمان کو مقرر کردے گا) بارش کیلئے عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا (تم پر مسلسل ) یہ مدرارًا حال ہے اس حال میں کہ وہ کثرت سے کوٹنے والی ہو۔ وَیَزِدْکُمْ قُوَّۃً اِلٰی قُوَّتِکُمْ (وہ تمہاری قوت میں مزید ترقی دے گا ) انہوں نے کثرت امطار سے ان کو ایمان کی طرف مائل کرنا چاہا۔ اور اس طرح اضافی قوت سے بھی کیونکہ ان لوگوں کو اپنے کھیتوں اور باغات کیلئے پانی کی سخت ضرورت تھی۔ ان کو اپنی قوت وزور پر ناز تھا۔

نمبر۲۔ دوسرا قول یہ ہے کہ قوت سے مال مراد ہے۔ یا نکاح کی قوت نمبر۳۔ ان سے بارش تین سال سے رکی ہوئی تھی اور عورتیں بانجھ پن کا شکار ہو چکی تھیں پس ہود علیہ السلام نے ان سے بارش اور اولاد کا وعدہ استغفار کی شرط پر فرمایا۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاں گئے جب وہ وہاں سے نکلے تو ان کو بعض حاجیوں نے کہا کہ میں مالدار ہوں مگر اولاد نہیں، مجھے کوئی چیز بتلا دیں شاید اللہ تعالیٰ مجھے بیٹا دے دیں۔ اس پر حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا استغفار کو لازم پکڑو۔ چنانچہ وہ کثرت سے استغفار کرنے لگا۔ یہاں تک کہ ایک دن میں سات سات سو مرتبہ وہ استغفار کر ڈالتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو دس بیٹے عنایت فرمائے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ بات پہنچی تو انہوں نے کہا تو نے ان سے دریافت کیوں نہ کر لیا۔ جنہوں نے یہ بتلایا؟ حضرت حسن رضی اللہ عنہ دوسری مرتبہ تشریف لائے تو اس آدمی نے سوال کیا۔ اس پر آپ نے فرمایا کیا تم نے ہود علیہ السلام کا قول نہیں سنا ویزدکم قوۃ الی قوتکم اور نوح علیہ السلام کا قول و یمددکم باموال و بنین [ نوح :۱۲] وَلَا تَتَوَلَّوْا (اور تم منہ نہ موڑو) اعراض نہ کرو اس سے جس کی طرف میں بلاتا ہوں مُجْرِمِيْنَ (مجرم بنکر) اپنے جرائم اور گناہوں پر اصرار کرنیوالے نہ بنو۔

۵۳: قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ (انہوں نے کہا اے ہود تو ہمارے لئے کوئی دلیل لیکر نہیں آیا) یہ کذب وجحود کی وجہ سے انہوں نے کہا جیسا کہ قریش مکہ نے رسول اللہ ﷺ کو کہا اور لولا انزل علیہ ایۃ من ربہ [الرعد: ۷] ان آیات کو فوت کرنے کی وجہ سے (جو ہم مطالبہ کرتے ہیں) وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ (ہم تیری بات سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں ہیں) یہ تارکی الھتنا کی ضمیر سے حال ہے۔ گویا تقدیر عبارت یہ ہے وما نترك الھتنا صادرین عن قولك۔ ہم اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اس حال میں کہ تیری بات سے واپس لوٹنے والے ہیں۔ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ (اور نہ ہی ہم تجھ پر ایمان لانے والے ہیں) ہمارے لئے یہ درست نہیں کہ تیرے جیسے آدمی کی تصدیق کریں اس بات میں جس کی طرف وہ دعوت دیتا ہے۔ اس سے مقصود آپ کو ایمان سے ناامید کرنا ہے۔

۵۴: اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ (ہم تو یہی کہتے ہیں کہ تمہیں ہمارے بعض معبودوں کی مار پڑی ہے) اِنْ حرف نفی ہے ایک بات کے سواء ہر بات کی نفی کی اور وہ اعتراك پہنچ جانا بعض الھتنا بسوء سوء سے جنون و بدحواسی مراد ہے تقدیر عبارت یہ ہے۔ مانقول قولا الا ھذہ المقالۃ۔ ہم تو صرف یہ بات کہتے ہیں کہ ہمارے معبودوں نے تمہیں برائی سے چھولیا ہے۔ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ (کہا بیشک میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہوں اور تم بھی گواہ ہو جاؤ کہ میں ان سے بیزار ہوں جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو)

۵۵: مِنْ دُوْنِهٖ (اس کے سواء) تمہارے اس کے ساتھ الٰہ کو شریک ٹھہرانے سے۔ مطلب یہ ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں تمہارے معبودوں سے جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو بری ہوں اور تم گواہ ہو جاؤ کہ میں اس سے بری ہوں اور شہادت کو لفظ امر سے ذکر کیا جس طرح وہ آدمی کہتا ہے جنکے درمیان ناراضگی ہو جائے۔ مجھے تم سے محبت نہیں اسکی تذلیل اور شرمندہ کرنے کیلئے۔

إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ ۚ مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ رَبِّي

بیشک میں نے اللہ پر بھروسہ کیا جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں ہے جس کی پیشانی اسکی گرفت میں نہ ہو، بیشک میرا رب

عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٦﴾ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ ۚ وَيَسْتَخْلِفُ

صراط مستقیم پر ہے، سو اگر تم روگردانی کرو تو میں سب کچھ پہنچا چکا ہوں جو پیغام دے کر مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا ہے اور میرا رب تمہارے سوا

رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّونَهُ شَيْئًا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ﴿٥٧﴾ وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا

کسی دوسری قوم کو تمہارے قائم مقام کر دے گا، اور تم اسے کچھ بھی ضرر نہ پہنچا سکو گے، بیشک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے اور جب ہمارا حکم آ پہنچا

نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنَاهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ

تو ہم نے اپنی رحمت سے ہود کو اور ان لوگوں کو نجات دے دی جو ایمان لا کر ان کے ساتھ تھے اور ہم نے انہیں سخت عذاب سے نجات دے دی اور یہ تھے

عَادٌ ۖ جَحَدُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهُ وَاتَّبَعُوا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ﴿٥٩﴾ وَأُتْبِعُوا فِي

قوم عاد کے لوگ جنھوں نے اپنے رب کی آیات کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر سرکش ضدی کی بات کا اتباع کیا اس دنیا میں ان کے

هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ عَادًا كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُودٍ ﴿٦٠﴾ ع ۵

پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن بھی، خبردار بلاشبہ قوم عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا خبردار عاد کے لئے دوری ہے جو ہود کی قوم ہے۔

## قوم کو چیلنج:

فَكِيدُونِي جَمِيعًا (پس تم تمام میرے خلاف تدبیر کرلو) تم اور تمہارے معبود ثُمَّ لَا تُنْظِرُونِ (پھر تم مجھے مہلت بھی نہ دو) نہ مہلت دو۔ مجھے تمہاری اور تمہاری تدبیر کی کوئی پرواہ نہیں اور نہ ہی تمہارے چڑھ دوڑنے کا خطرہ ہے خواہ تم میرے خلاف ایک دوسرے سے تعاون کرو۔ تمہارے معبود مجھے کیسے نقصان دے سکتے ہیں۔ جبکہ وہ جماد ہیں نہ نقصان دے سکتے ہیں نہ نفع اور کس طرح وہ مجھ سے انتقام لے سکتے ہیں جبکہ میں ان کے متعلق یہ باتیں مخالفت میں کہہ رہا ہوں اور ان کی عبادت سے ہٹا اور رکا ہوا ہوں کہ وہ مجھے انتقاماً پاگل کر دیں۔ یا عقل دور کر دیں۔

۵۶: إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا (بیشک میں نے اللہ تعالیٰ پر توکل کیا جو میرا اور تمہارا رب ہے کوئی جاندار ایسا نہیں مگر وہ اسکی پیشانی کے بالوں سے پکڑنے والا ہے) اس کا مالک ہے جب ہود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ پر اپنے توکل اور اسکی حفاظت پر یقین اور ان کے مکر سے حفاظت کا ذکر کیا تو اللہ تعالیٰ کی ایسی صفات کا ذکر لائے جو اسکی

ذات پر توکل کو لازم کرتا ہے جیسے اسکی ربوبیت جو اس پر اور ان کو شامل ہے اور ہر جاندار پر اسکا قبضہ اور ملک اور اسکی قوت قاہرہ اور سلطانی کے سامنے ہر ایک کی مغلوبیت الاخذ بالناصیۃ یہ درحقیقت ایک تمثیل ہے۔ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (بیشک میرا رب سیدھی راہ پر ہے) میرا رب حق پر ہے اس سے عدول نہیں کرتا۔ یا میرا رب صراط مستقیم کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

۵۷: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِہٖٓ اِلَیْکُمْ (اگر تم منہ پھیرو تو وہ پیغام پہنچا چکا جو میں تمہاری طرف دیکر بھیجا گیا ہوں) وہ اس حیثیت میں ہے کہ جس سے تم پر حجت قائم ہوگئی وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ (اور میرا رب تمہارے علاوہ دوسری قوم کو تمہارا نائب بنائے گا) یہ جملہ مستانفہ ہے یعنی وہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کر دے گا اور دوسری قوم کو لے آئے گا جو تمہارے شہروں میں تمہاری جگہ ہونگے اور تمہارے اموال میں بھی۔ وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ (تم اس کو نقصان نہ پہنچا سکو گے) تمہارے اعراض کر دینے کی وجہ سے شَیْئًا (ذرہ بھر) بالکل ذرا سا نقصان اس لئے کہ مضار اس کو پہنچایا جا ہی نہیں سکتا۔ بلکہ تم اپنے آپ کو نقصان پہنچاؤ گے۔

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ (بیشک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے) رقیب و نگہبان ہے۔ تمہارے اعمال اس سے مخفی نہیں رہ سکتے اور وہ تمہارے مؤاخذہ سے بے خبر نہیں۔ یا جو ذات تمام چیزوں پر نگران ہو وہ ان کا محافظ ہوتا ہے اور تمام چیزیں نقصان سے بچنے کیلئے اسکی حفاظت کی محتاج ہوتی ہیں تم جیسے ایسی ذات کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

## عذاب کی آمد اور ایمان والوں کی نجات:

۵۸: وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا ہُوْدًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ (جب ہمارا عذاب والا حکم آ گیا تو ہم نے ہود (علیہ السلام) اور وہ لوگ جو ان پر ایمان لائے تھے نجات دی) ان کی تعداد چار ہزار تھی۔ بِرَحْمَۃٍ مِّنَّا (اپنی مہربانی سے) نہ کہ ان کے علم کے سبب یا نمبر۲۔ ایمان کے ذریعہ ہم نے ان پر انعام کیا وَنَجَّیْنٰہُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ (ہم نے ان کو سخت عذاب سے نجات دی) نجینا کو دوبارہ تاکید کیلئے لائے۔ نمبر۲۔ آخرت کے عذاب سے اور آخرت کے عذاب سے زیادہ کوئی عذاب سخت نہیں۔

۵۹: وَتِلْکَ عَادٌ (یہ قوم عاد) ان کی قبور و آثار کی طرف اشارہ فرمایا گویا کہنے والا کہہ رہا ہے تم زمین میں چلو اور ان کی طرف عبرت کی نگاہ سے دیکھو۔ پھر ان کے حالات کے بیان کو دھرایا اور فرمایا جَحَدُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّہِمْ وَعَصَوْا رُسُلَہٗ (انہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی) کیونکہ جب انہوں نے اپنی طرف مبعوث رسول کی نافرمانی کی تو گویا تمام رسل اللہ کی نافرمانی کر دی۔ ارشاد الٰہی ہے لا نفرق بین احد من رسلہ [البقرہ: ۲۸۵] وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ (ہر ظالم ہر سرکش کے حکم کی اتباع کی) مراد اس سے رؤساء اور تکذیب رسل کی طرف بلانے والے داعی ہیں کیونکہ یہی لوگ تو لوگوں کو مختلف کاموں پر ظلم سے مجبور کرتے اور اپنے رب سے عناد رکھتے ہیں۔ اتباع امر سے ان کی اطاعت مراد ہے۔

۶۰: وَاُتْبِعُوْا فِیْ ہٰذِہِ الدُّنْیَا لَعْنَۃً وَّیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ (اور ان کے پیچھے اس دنیا کی زندگی میں لعنت اور قیامت کے دن لعنت لگا دی گئی) جب وہ رسولوں کے علاوہ دوسروں کی اطاعت کرنے والے تھے تو لعنت کو دونوں جہانوں میں ان کا تابع بنا دیا۔ اَلَآ

اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَ لَا بُعْدًا لِّعَادٍ (خبردار عاد نے اپنے رب کا انکار کیا خبردار دوری ہو قوم عاد کیلئے) آلَا کو دومرتبہ لائے تا کہ ان کے معاملے کی خوفنا کی ظاہر ہو نیز ان کے کفر کا اعلان اور ان کے متعلق بددعا۔ان سے عبرت حاصل کرنے پر آمادہ کیا گیا اور ان کی حالت سے بچنے پر آمادہ کیا گیا۔ ہلاکت کے بعد ان کی دوری کی بددعا کی گئی حالانکہ یہ تو دعائے ہلاکت ہے۔اس پر دلالت یہ ہے کہ وہ اس کے مستحق واہل تھے۔

قَوْمِ هُوْدٍ (ہود کی قوم) یہ عاد کا عطف بیان ہے۔اس میں ایک اور فائدہ پیش نظر ہے کیونکہ قوم عاد دو ہیں۔عاد اولی۔قدیم عاد یہ حضرت ہود علیہ السلام کی قوم ہے۔اور یہ انہی کا واقعہ ہے۔نمبر۲ عاد ارم اس کو عاد ثانیہ کہتے ہیں۔آئندہ آیات انہی کے واقعہ سے متعلق ہیں)۔

وقف لازم

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ

اور ہم نے قوم ثمود کی طرف انکے بھائی صالح کو بھیجا، انھوں نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں، اس نے

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ

تمہیں زمین سے پیدا فرمایا اور تمہیں اس میں آباد فرمایا سو تم اس سے مغفرت طلب کرو پھر اس کے حضور میں توبہ کرو۔ بیشک میرا رب

قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝٦١ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ

قریب ہے قبول کرنے والا ہے۔ وہ کہنے لگے کہ اے صالح اس سے پہلے تو ہمیں تم سے بڑی امیدیں وابستہ تھیں کیا تم ہمیں ان چیزوں کی عبادت کرنے سے روکتے ہو جن کی عبادت

اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝٦٢ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى

ہمارے باپ دادا کیا کرتے تھے اور بلاشبہ ہم اس بات کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں جس کی تم ہمیں دعوت دیتے ہو جو شک تردد میں ڈالنے والا ہے۔ صالح نے کہا کہ اے میری قوم تم بتاؤ

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۣ فَمَا

اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنی طرف سے رحمت عطا فرمائی ہے، پھر وہ کون ہے جو مجھے اللہ سے بچالے گا اگر میں اس کی نافرمانی کروں؟ سو تم

تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ۝٦٣ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ

میرے لئے نقصان ہی کو بڑھا رہے ہو اور اے میری قوم یہ اللہ کی اونٹنی ہے یہ بطور نشانی کے ہے سو تم اسے چھوڑے رکھو اللہ کی زمین میں کھاتی

اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ۝٦٤ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ

پھرے اور اسے برائی کے ساتھ ہاتھ نہ لگانا پھر تمہیں جلد آنے والا عذاب پکڑ لے گا۔ سو انھوں نے اس کو مار ڈالا، اس پر صالح نے کہا کہ تم تین دن اپنے

دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ۝٦٥ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ

گھروں میں بسر کر لو یہ ایسا وعدہ ہے جو جھوٹا ہونے والا نہیں ہے پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے صالح کو اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ اہل ایمان تھے

اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝٦٦ وَاَخَذَ

اپنی رحمت سے نجات دے دی اور اس دن کی رسوائی سے نجات دی، بیشک تیرا رب قوت والا ہے اور زبردست ہے اور جن لوگوں نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝٦٧ ۙ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ

ظلم کیا انہیں چیخ نے پکڑ لیا۔ سو وہ اپنے گھروں میں اوندھے منہ پڑے ہوئے رہ گئے جیسا کہ ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے، خبردار

ع ٢/٨

ثَمُوْدَا۠ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝٦٨ ع

قوم ثمود نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا خبردار دوری ہے ثمود کے لئے۔

## قوم ثمود اور صالح علیہ السلام:

۶۱: وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَالَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ هُوَاَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ (اور ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو بھیجا انہوں نے کہا اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا) نہیں پیدا کیا اس زمین سے مگر اسی نے اَنْشَاَ سے مراد آدم علیہ السلام کی مٹی سے تخلیق کی طرف اشارہ ہے۔ پھر آدم علیہ السلام کی نسل سے ان کو پیدا کیا۔ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا (اور تمہیں زمین میں آباد کیا) یعنی زمین کو آباد کرنے والا بنایا۔ اور تمہارے ذریعہ اس کو آباد کروایا۔ یا نمبر۲۔ استعمر یہ عمر سے لیا گیا تمہیں طویل عمریں عنایت کیں۔ ان کی عمر تین سو سے ایک ہزار سال تک ہوتی تھی وہ فارس کے بادشاہ تھے انہوں نے بہت نہریں نکالیں درخت بوئے اور طویل عمریں گزاریں مگر اس کے ساتھ ساتھ ان میں ظلم پایا جاتا تھا۔ ان کے زمانہ کے ایک پیغمبر (علیہ السلام) نے ان کی تعمیر کی وجہ دریافت کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی کہ انہوں نے میرے ملکوں کو آباد کیا پس میرے بندے اسمیں زندگی گزار رہے ہیں۔ فَاسْتَغْفِرُوْهُ (پس اسی ہی سے معافی طلب کرو) ایمان لاکر اسکی بخشش طلب کرو ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ (پھر اسکی طرف رجوع کرو بیشک میرا رب قریب ہے) قریب رحمت والا ہے۔ مُّجِيْبٌ (جواب دینے والا ہے) جو اس کو پکارے۔

۶۲: قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا (کہنے لگے اے صالح تو ہم میں ہونہار معلوم ہوتا تھا) ہمارے درمیان مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ (تم پر امیدیں تھیں) نمبر۱۔ سرداری اور معاملات میں مشورہ کی یا نمبر۲۔ ہم امید کرتے تھے کہ تو ہمارے دین میں داخل ہو جائے گا اور اس میں ہماری موافقت کرے گا۔

اَتَنْهٰنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَايَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا (کیا تم منع کرتے ہو ان معبودوں کی پوجا سے جنکی پوجا ہمارے آباؤ اجداد کرتے تھے) یہ ماضی کی حکایت حال ہے۔ وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ (اور ہمیں قطعی طور پر شک ہے اسمیں جس کی طرف تم ہمیں دعوت دیتے ہو) یعنی توحید باری تعالیٰ مُرِيْبٍ (تردد میں ڈالنے والا) اشتباہ میں ڈالنے والا یہ ارابہ سے لیا گیا جس کا معنی شک میں مبتلا کرنا ہے۔ ریب اضطراب نفس کو کہتے ہیں جس میں طمانیت اٹھ جائے۔

۶۳: قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً (آپ نے فرمایا اے میری قوم اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلائل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنی خاص رحمت سے نوازا ہے) رحمت سے یہاں نبوت مراد ہے۔ اِن جو شک کا لفظ ہے اس سے ذکر کیا حالانکہ یقینی طور پر وہ دلیل پر تھے۔

جواب: آپ شدید منکرین کو خطاب فرماتے ہیں گویا اس طرح فرمایا فرض کرو کہ میں اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہوں اور واقعتاً میں نبی برحق ہوں تو غور کرو اگر اس صورت میں میں تمہاری اتباع کروں اور اپنے رب کے حکموں کی نافرمانی کروں تو فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ (تو کون میری مدد کرے گا اللہ تعالیٰ کے عذاب سے) پھر مجھے کون بچائے گا اِنْ عَصَيْتُهٗ (اگر میں اسکی نافرمانی کروں) تبلیغ رسالت کے سلسلہ میں اور بتوں کی عبادت سے تمہیں منع کرنے میں) فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ (پس تم نہیں بڑھاؤ گے) اپنی اس بات سے کہ اتنھانا ان نعبدما یعبد اباؤنا۔ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ (سوائے نقصان کے اور کوئی چیز) کہ میری

نسبت خسارے کی طرف کرر ہے ہو، یا میں تمہاری نسبت خسارے کی طرف کروں۔

## اونٹنی کا معجزہ:

۶۴: وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً (اے میری قوم یہ اللہ تعالیٰ کی اونٹنی ہے جو تمہارے لئے ایک معجزہ ہے)
نحو: اٰيَةً یہ حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اسمیں معنی فعل عامل ہے اسم اشارہ اس پر دلالت کر رہا ہے۔ لکم یہ آیۃً حال مقدم کے متعلق ہے اگر اسکو مؤخر کر دیتے تو صفت بن جاتا جب مقدم کیا تو حال کی وجہ سے منصوب ہوگیا۔ فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِیْٓ اَرْضِ اللّٰهِ (اس کو چھوڑ دو (گھومتی پھرتی) اللہ تعالیٰ کی زمین میں چرتی پھرے) تمہارے ذمہ اس کے لئے چارہ نہیں۔ اس کے باوجود کہ تمہارا اس میں فائدہ ہے۔ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ (اسکو برائی سے ہاتھ مت لگاؤ) ذبح کرنا یا کونچیں کاٹنا فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ (تمہیں قریبی عذاب آئے گا) قریب کا معنی جلد ملنے والا۔
۶۵: فَعَقَرُوْهَا (پس انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں) بدھ کے دن فَقَالَ (پس صالح علیہ السلام نے کہا) تَمَتَّعُوْا (زندگی سے نفع اٹھاؤ) فِیْ دَارِكُمْ (اپنے گھروں میں) شہروں میں بلاد کو دیار فرمایا کیونکہ اسی میں گھوما آیا جایا جاتا ہے یعنی اپنی مرضی سے تصرف کیا جاتا ہے۔ یا دنیا کے گھروں میں ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ (تین دن) پھر تمہیں ہلاک کر دیا جائے گا پس وہ ہفتے والے دن ہلاک ہوئے۔ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ (یہ ایسا وعدہ ہے جسمیں جھوٹ نہیں) اسمیں جھوٹ نہیں حرف کو حذف کر کے ظرف میں وسعت پیدا کر دی اور مفعول بہ کے قائم مقام لائے یا وعدہ جھوٹ بولنا نہیں اس طرح کہ مکذوب مصدر ہے جیسا معقول۔
۶۶: فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا (جب ہمارا حکم آیا) عذاب والا یا ہمارا عذاب آیا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا (ہم نے بچایا صالح (علیہ السلام) اور ان لوگوں کو جو ان پر ایمان لائے اپنی مہربانی سے) شیخ رحمہ اللہ نے فرمایا یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ جن کو نجات ملی وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ملی نہ کہ اپنے عمل سے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لا یدخل احد الجنة الا برحمة اللّٰه۔ کوئی آدمی جنت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کے بغیر داخل نہ ہوگا۔ وَمِنْ خِزْیِ يَوْمِئِذٍ (اور اس دن کی رسوائی سے) اس رسوائی کی نسبت یوم کی طرف کی اور یوم اضافت سے مجرور ہے)
قراءت: مدنی و علی نے یوم کو فتحہ سے پڑھا ہے۔ کیونکہ یہ اذ کی طرف مضاف ہے اور وہ مبنی ہے ظرف زمان کی اضافت جب اسمائے مبہمہ کی طرف اور افعال ماضیہ کی طرف کر دی جائے تو مبنی بن جاتے ہیں اور مضاف الیہ سے بناء حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسا نابغہ کا شعر، علی حین عاتبت المشیب علی الصبا واؤ عاطفہ ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے ونجیناہ من خزی یومئذ یعنی ذلت و رسوائی سے بچالیا اور اس سے بڑی رسوائی اور کیا ہوگی کہ غضب الٰہی کا شکار بن جائے اور انتقام خداوندی کا نشانہ بنے۔ يَوْمِئِذٍ سے قیامت کا دن بھی مراد ہوسکتا ہے جیسا کہ عذاب غلیظ کی تفسیر عذاب آخرت سے کی گئی اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِیُّ (بیشک آپ کا رب ہی طاقت ور ہے) اپنے اولیاء کو نجات دینے کی قدرت رکھتا ہے۔ الْعَزِيْزُ (زبردست ہے) اپنے دشمنوں کو ہلاک کر نے میں غلبہ پانے والا ہے۔

## قوم ثمود کی چیخ سے ہلاکت:

٦٧: وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ (اورظالموں کو چیخ نے آلیا) جبرئیل علیہ السلام کی چیخ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ (وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں) اپنے منازل میں ہی جٰثِمِيْنَ (اوندھے منہ) مردہ ہوگئے مرے کے مرے رہ گئے۔

٦٨: كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا (گویا گھروں میں رہتے ہی نہ تھے) ان میں اقامت ہی اختیار نہ کی۔ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَاْ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ (خبردار! قوم ثمود نے اپنے رب کی نافرمانی اختیار کی)

قراءت: حمزہ حفص نے ثمود بغیر الف پڑھا ہے۔ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ (خوب سن لو قوم ثمود کیلئے دوری ہے)۔

قراءت: علی نے لثمودٍ پڑھا ہے۔ ثمود کو منصرف قبیلہ کی طرف نسبت کرنے یا بڑے جد کی طرف نسبت سے پڑھا گیا ہے اور غیر منصرف خاندان کی نسبت ماننے کی وجہ سے ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ

اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ابراہیم کے پاس بشارت لے کر آئے، انھوں نے سلام کے الفاظ بولے، ابراہیم نے سلام کا جواب دیا پھر دیر نہ لگائی کہ ایک

بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا

تلا ہوا بچھڑا لے آئے۔ سو جب ابراہیم نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ اسکی طرف نہیں پہنچ رہے ہیں تو ان کی طرف سے خوفزدہ ہو گئے انھوں نے کہا

لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿۷۰﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ

آپ ڈریں نہیں بیشک ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں اور اسکی بیوی کھڑی ہوئی تھی سو وہ ہنس پڑی سو ہم نے اسے اسحاق کی

وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰۤى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ

اور اسحاق کے پیچھے یعقوب کے پیدا ہونے کی خوشخبری سنائی وہ کہنے لگی ہائے خاک پڑے، میں بچہ جنوں گی حالانکہ میں بڑھیا ہوں، اور یہ میرے شوہر

شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ

بڑے میاں ہیں، بیشک یہ تو ایک عجیب چیز ہے۔ وہ کہنے لگے کیا تو اللہ کے حکم سے تعجب کرتی ہے اے اہل بیت تم پر اللہ کی رحمت ہو

وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ

اور اسکی برکتیں ہوں، بلاشبہ اللہ مستحق حمد ہے بڑائی والا ہے، پھر جب ابراہیم کا خوف جاتا رہا

وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿۷۴﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾

اور اس کے پاس خوشخبری آ گئی تو ہم سے قوم لوط کے بارے میں جدال شروع کر دیا بیشک ابراہیم بردبار رحمدل، رجوع کرنے والے تھے،

يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾

اے ابراہیم اس بات سے اعراض کرو، بیشک تمہارے رب کا حکم آ چکا ہے اور بیشک ان پر عذاب آنے والا ہے جو واپس نہ ہوگا۔

## ابراہیم علیہ السلام اور بشارت والے فرشتے:

۶۹ : وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ (تحقیق ہمارے قاصد آئے) جبرئیل، میکائیل، اسرافیل علیہ السلام یا نمبر۲۔ جبرئیل گیارہ فرشتوں کے ساتھ (علیہم السلام) اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى (ابراہیم علیہ السلام کے پاس خوشخبری لیکر) لڑکے کی بشارت یا قوم لوط کی ہلاکت کی بشارت مگر اول قول راجح ہے۔ قَالُوْا سَلٰمًا (فرشتوں نے کہا ہم آپ کو سلام کرتے ہیں) ہم آپ کو سلام کرتے ہیں، سلام کرنا۔

قَالَ سَلٰمٌ (آپ نے کہا تم پر سلام ہو) تمہارا کام سلامتی ہے۔
قراءت: حمزہ وعلی نے سِلْمٌ پڑھا معنی اس کا بھی سلام ہے۔ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ (وہ زیادہ دیر نہ ٹھہرے کہ ان کے پاس بچھڑا لائے) لانے میں دیر نہ کی بلکہ جلدی کی یا ان کی آمد نہ رکی۔ اَلْعِجْلُ بچھڑا، ابراہیم علیہ السلام کا مال گائیں تھیں۔ حَنِیْذٍ (بھنا ہوا)۔ گرم پتھروں کے ذریعہ بھنا ہوا۔

۷۰: فَلَمَّا رَآٰ اَیْدِیَهُمْ لَاتَصِلُ اِلَیْهِ نَكِرَهُمْ (جب دیکھا ان کے ہاتھوں کو کہ وہ نہیں پہنچ رہے کھانے کو تو اوپرا محسوس کیا ان کو) نکر وانکر کا معنی ناگوار ہونا۔ ان کی عادت یہ تھی کہ جب کوئی مہمان ان کا کھانا چھو لیتا تو اس سے مطمئن ہو جاتے ورنہ خطرہ محسوس کرتے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ انہوں نے محسوس کیا کہ وہ ملائکہ ہیں اور اوپرا اس لئے محسوس کیا کیونکہ ان کو خطرہ ہوا کہ ان کا نزول کسی ایسے معاملے کی وجہ سے ہوا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے ناپسند کیا ہے۔ یا میری قوم کو عذاب دینے کیلئے اسکی دلیل ان کا یہ قول ہے وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً ان کے متعلق خوف دل میں چھپایا۔ قَالُوْا لَاتَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰی قَوْمِ لُوْطٍ (انہوں نے کہا ڈرو نہیں بیشک ہم تو قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں) عذاب دینے کیلئے اور یہ ان کو کہا جاتا ہے جن کو پہچان تو لیا جائے مگر ان کے آنے کا مقصد معلوم نہ ہو۔ فرشتوں نے لاتخف کہا کیونکہ خوف کے آثار اور تغیر ان کے چہرے پر محسوس کیا۔

۷۱: وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ (ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کھڑی ہوئی تھی) پردے کے پیچھے جو ان کی گفتگو کو سن رہی تھی یا ان کے سروں پر کھڑی خدمت کر رہی تھی۔ فَضَحِكَتْ (پس وہ ہنس دی) زوال خوف پر خوش ہو کر یا اہل خبائث کی ہلاکت پر یا قرب عذاب کے باوجود قوم لوط کی غفلت پر یا ان کو اسی وقت حیض آ گیا (جیسا **ضحکت الارنب**۔ خرگوش کو حیض آیا)

## بشارت اسحٰق ویعقوب:

فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ (ہم نے ان کو اسحاق کی خوشخبری دی) سارہ کو بشارت کے ساتھ خاص اس لئے کیا کیونکہ عورتیں لڑکے کی بشارت پر بہت خوش ہوتی ہیں اور اس وجہ سے بھی کہ اس کے ہاں لڑکا نہ تھا۔ ابراہیم علیہ السلام کا دوسرا لڑکا اسماعیل دوسری بیوی سے تھا۔ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ یَعْقُوْبَ (اور اسحاق کے بعد یعقوب کی)
قراءت: یعقوب منصوب، شامی، حمزہ، حفص نے فعل مضمر کی وجہ سے پڑھا۔ جس پر دلالت موجود ہے۔ **فبشرنٰها باسحاق** ای **فبشرنا ها باسحاق ووهبنا لها یعقوب من وراء اسحاق** ہم نے اس کو اسحاق کی خوشخبری دی اور یعقوب عنایت کیا اسحاق کے بعد۔ دوسرے قراء نے ابتداء کی وجہ سے مرفوع پڑھا ہے۔ اور ظرف **من ورآء** جو اس سے پہلے ہے اس کو خبر مانا ہے۔ جیسا کہتے ہیں **فی الدار زیدٌ**۔

۷۲: قَالَتْ یٰوَیْلَتٰۤی (اس نے کہا کیا خوب بھلا) الف یا اضافت سے تبدیل ہو کر بنی ہے۔
قراءت: حسن نے یٰوَیْلَتِیَ اصل پر یا کو پڑھا ہے۔ ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ (کیا میں بڑھیا بچے جنوں گی) ان کی عمر نوے سال تھی۔ وَّهٰذَا بَعْلِیْ شَیْخًا (اور یہ میرے خاوند بوڑھے ہیں) ان کی عمر ۱۲۰ سال تھی۔
نَحْو: هٰذا مبتداء اور بعلی اسکی خبر ہے۔ شیخًا حال ہے۔ اس میں عامل معنی اشارہ ہے۔ جس پر ذا دلالت کر رہا ہے۔ یا تنبیہ کا معنی

عامل ہے جس پر ھٰذا دلالت کرتا ہے۔ اِنَّ ھٰذَا لَشَیْءٌ عَجِیْبٌ (بیشک یہ عجیب بات ہے) کہ دو بوڑھوں سے اولاد ہو۔ یہ عادت کے لحاظ سے استبعاد کا اظہار ہے

## تعجب کا جواب:

۷۳: قَالُوْٓا اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ (انہوں نے کہا کیا تم تعجب کرتی ہو اللہ تعالیٰ کے حکم سے) امر سے حکمت وقدرت مراد ہے فرشتوں نے سارہ کے تعجب کو عجیب خیال کیا۔ کیونکہ وہ ایسے گھر میں تھیں جس میں آیات قدرت اور معجزات ظاہر ہوتے رہتے تھے۔ فارق عادت امور کا وہ مہبط تھا۔ پس ان کو مناسب تھا کہ وہ توقیر کرتیں اور اس میں دیگر عورتوں کی طرح اظہار تعجب نہ کرتیں جو کہ بیت نبوت میں نہیں رہتیں اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتمجید کرتیں بجائے اس کے تعجب کرنے لگیں۔ اسی طرف فرشتوں نے یہ کہہ کر اشارہ کیا۔ رَحْمَتُ اللّٰہِ وَبَرَکٰتُہٗ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الْبَیْتِ (اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں تم پر اے گھر والو!) ان کا مقصد یہ تھا کہ یہ اور اسکی نوازشات ایسی چیزیں ہیں کہ جن سے اللہ تعالیٰ تمہیں معزز فرماتے رہتے ہیں۔ اور اس کا انعام کرنے میں اے اہل بیت نبوت تمہیں خاص کرتے ہیں پس یہ تعجب کا مقام نہیں۔ یہ جملہ مستانفہ جو انکار تعجب کا سبب بیان کر رہا ہے۔ گویا اس طرح کہا گیا ایاك والتعجب فانّ امثال ھذہ الرحمة والبرکة متکاثرة من اللّٰہ علیکم تو اپنے آپ کو تعجب سے محفوظ کرو۔ اس رحمت و برکت کی مثالیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت زیادہ ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ رحمت سے نبوت اور البرکات سے اسباط بنی اسرائیل مراد ہیں۔ کیونکہ انبیاء علیہم السلام ان میں سے ہوئے اور تمام اولاد ابراہیم علیہ السلام سے تھے اور اھل البیت نداء کی وجہ سے منصوب ہے یا فعل تخصیص مقدر کی وجہ سے منصوب ہے۔ اِنَّہٗ حَمِیْدٌ (بیشک وہ تعریفوں والا ہے) تعریف کیا ہوا شان والا جلد انعامات کی وجہ سے مَّجِیْدٌ (مستحق ستائش ہے) ظاہری کرم والا ہے جلد انتقام کے سبب۔

۷۴: فَلَمَّا ذَھَبَ عَنْ اِبْرٰھِیْمَ الرَّوْعُ (جب ابراہیم علیہ السلام کے دل سے خوف جاتا رہا اور گھبراہٹ دور ہوگئی) الروع وہ گھبراہٹ جو اس خوف کی وجہ سے پیدا ہوئی جب مہمانوں کو اوپرا خیال کیا۔ وَجَآءَتْہُ الْبُشْرٰی (اور خوشخبری ان کے پاس آ گئی) لڑکے کی یُجَادِلُنَا فِیْ قَوْمِ لُوْطٍ (وہ قوم لوط کے متعلق ہم سے جھگڑنے لگے) جب انکا دل مطمئن ہوگیا اور خوف رفع ہوگیا۔ اور بشارت کی وجہ سے دل خوشی سے لبریز ہوگیا تو مجادلہ کیلئے فارغ ہوئے۔

نحو: لَمَّا کا جواب محذوف ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے اقبل یجادل لنا۔ لگے ہم سے جھگڑنے یا خود یجادلنا، لما کا جواب ہے۔ حکایت حال کیلئے مضارع لایا گیا ہے۔ مطلب یہ ہوگا وہ ہمارے قاصدوں سے جھگڑنے لگے۔ ان کا مجادلہ ان سے اس بات میں تھا کہ انہوں نے کہا انا مھلکوا اھل ھذہ القریة ہم ان بستی والوں کو ہلاک کرنے والے ہیں تو ابراہیم علیہ السلام نے کہا کیا خیال ہے تمہارا اگر اس میں پچاس ایمان والے ہوں تو تب بھی ہلاک کرو گے انہوں نے جواب میں کہا۔ نہیں ابراہیم نے کہا چالیس۔ انہوں نے کہا نہیں ابراہیم نے کہا تیس۔ انہوں نے نفی میں جواب دیا۔ یہاں تک کہ دس تک پہنچے تو انہوں نے نفی میں جواب دیا۔ اس وقت ابراہیم کہنے لگے۔ قال ان فیھا لوطا قالوا نحن اعلم بمن فیھا لننجینه واھله [العنکبوت:۳۲]

۷۵: اِنَّ اِبْرٰھِیْمَ لَحَلِیْمٌ (بیشک ابراہیم بڑے حلیم الطبع) جو سوء ادب سے پیش آتا اس کے ساتھ جلد بازی کرنے والے نہ تھے

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ ۝۷۷

اور جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط کے پاس آئے تو وہ انکی وجہ سے رنجیدہ ہوئے۔اوران کی وجہ سے تنگ دل ہوئے۔اور کہنے لگے آج کا دن مصیبت کا دن ہے

وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ یُهْرَعُوْنَ اِلَیْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ ؕ قَالَ یٰقَوْمِ

اور انکی قوم کے لوگ ان کے پاس جلدی جلدی دوڑتے ہوئے آگئے،اور وہ اس سے پہلے برے کام کیا کرتے تھے،لوط نے کہا اے میری قوم

هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِیْ ضَیْفِیْ ؕ اَلَیْسَ مِنْكُمْ

یہ میری بیٹیاں ہیں وہ تمہارے لئے پاکیزہ ہیں سو تم اللہ سے ڈرو اور مجھے میرے مہمانوں میں رسوانہ کرو۔ کیا تم میں کوئی بھی

رَجُلٌ رَّشِیْدٌ ۝۷۸ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِیْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ

بھلا مانس نہیں ہے، کہنے لگے کہ تمہیں تو معلوم ہے کہ ہمیں تمہاری بیٹیوں سے کوئی سروکار نہیں ہے اور تم تو جانتے ہو

مَا نُرِیْدُ ۝۷۹ قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُكْنٍ شَدِیْدٍ ۝۸۰

ہمارا کیا مطلب ہے لوط نے کہا کاش میرا تم پر زور چلتا ہوتا یا میں کسی مضبوط پائے کی پناہ لے لیتا۔

یا ایذاء کو بہت برداشت کرنے والے تھے۔ نافرمانوں کو بہت معاف کرنے والے تھے۔ اَوَّاهٌ (رحیم المزاج) اللہ تعالیٰ کے خوف سے بہت آہ بھرنے والے تھے۔ مُّنِیْبٌ (رجوع کرنے والے) توبہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والے یہ تمام صفات رقت قلبی پر دلالت کرتی ہیں۔اور رافت ورحمت کا منبع ہیں۔

**حاصل:** اس سے یہ واضح ہوا کہ یہ وہ صفات تھیں جنہوں نے ان کو مجادلہ پر آمادہ کیا اس امید سے کہ ان سے عذاب کو اٹھا لیا جائے۔اور ان کو مہلت مل جائے کہ شاید وہ تائب ہو جائیں۔جیسا کہ اسی چیز نے ان کو باپ کیلئے استغفار پر آمادہ کیا۔فرشتوں نے یہ سن کر کہا۔

۷۶: یٰٓاِبْرٰهِیْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا (اے ابراہیم اس بات کو چھوڑیے) یعنی یہ جھگڑا، اگرچہ مہربانی آپ کی عادت وطبیعت ہے۔ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ (بیشک تیرے رب کا فیصلہ آچکا) اس کا فیصلہ اور حکم وَاِنَّهُمْ اٰتِیْهِمْ عَذَابٌ غَیْرُ مَرْدُوْدٍ (بیشک ان پر ایسا عذاب آنے والا ہے جو لوٹایا نہیں جاسکتا) جھگڑے سے لوٹایا نہ جائے گا۔ عذابٌ یہ اسم فاعل کی وجہ سے مرفوع ہے۔اور وہ اتیھم ہے تقدیر عبارت یہ ہے وانھم یا تیھم بیشک وہ عذاب ان پر آئے گا۔

**لوط علیہ السلام اور فرشتے:**

۷۷: پھر وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے نکل کر قوم لوط کی طرف متوجہ ہوئے، ابراہیم علیہ السلام اور قوم لوط کے مابین چار فرسخ

کا فاصلہ تھا۔وَلَمَّا جَآءَ تْ رُسُلُنَا لُوْطًا (اور جب ہمارے قاصد لوط علیہ السلام کے پاس آئے) ان کے پاس آئے اور آپ نے ان کی ہیئت اور خوبصورتی کو دیکھا۔سِیْٓءَ بِهِمْ (تو ان کو ناگوار ہوا) ان کو غمزدہ کر دیا، کیونکہ انہوں نے گمان کیا کہ وہ انسان ہیں۔ پس ان کے متعلق اپنی قوم کی خباثت کا خطرہ محسوس کیا اور اس وجہ سے بھی کہ وہ ان کی مدافعت اور قوم کے مقابلے سے عاجز تھے۔وَ ضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا (ان کا دل تنگ ہوا) ذرعًا یہ تمیز ہے۔یعنی ان کی آمد سے آپ کا دل تنگ ہوا۔ وَّ قَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ (اور کہنے لگے یہ دن بڑا سخت ہے)۔روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کو ہلاک نہ کرو جب تک لوط چار مرتبہ گواہی نہ دیں۔ چنانچہ ان کو گھر لیکر چلے تو انہیں فرمایا کیا تمہیں اس شہر والوں کا رویہ معلوم نہیں۔انہوں نے کہا ان کا معاملہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ سطح زمین پر عمل کے لحاظ سے یہ بدترین بستی ہے۔آپ نے یہ بات چار مرتبہ دہرائی۔فرشتوں کے ساتھ مکان میں داخل ہوئے اور کسی کو کان وکان خبر تک نہ ہوئی۔لوط علیہ السلام کی بیوی نکلی اور اپنی قوم کو ان کی اطلاع دی۔

## قوم کا کردار اور لوط علیہ السلام کا طرزِ عمل:

۷۸:وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ (اور لوط علیہ السلام کے پاس ان کی قوم تیز تیز آئی) تیزی کرتے ہوئے گویا ان کو کوئی پیچھے سے دھکیل کر لا رہا ہے۔وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ (اس سے پہلے وہ برے کام کرتے تھے) اسوقت سے پہلے وہ بے حیائی کے کام کرتے تھے۔ یہاں تک وہ اس کے عادی ہو چکے اور اسکی برائی ان کے ہاں سے اڑ چکی۔اسی لئے سر عام دوڑتے ہوئے آئے ان کو حیاء مانع نہ ہوا۔قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ (کہا اے میری قوم یہ میری بیٹیاں ہیں) پس تم ان سے نکاح کر لو انہوں نے اپنے مہمانوں کو اپنی بیٹیوں کے ذریعہ بچانا چاہا اور یہ انتہائی مہربانی کی بات ہے۔مسلمان عورتوں کا نکاح اس وقت کفار کے ساتھ جائز تھا۔جس طرح کہ ابتدائے اسلام میں اس امت میں بھی جائز تھا۔رسول اللہ ﷺ نے اپنی دونوں بیٹیوں کا نکاح عتبہ بن ابی لہب اور ابوالعاص سے کر دیا تھا حالانکہ وہ دونوں کافر تھے۔

ایک قول یہ ہے کہ ان کے دو بڑے سردار تھے آپ نے چاہا کہ اپنی دونوں بیٹیوں کا نکاح ان سے کروالیں۔هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ (وہ زیادہ پاک ہیں تمہارے لیئے) میں حلال کر دیتا ہوں۔

نحو: هٰٓؤُلَآءِ مبتداء اور بَنَاتِيْ اس کا عطف بیان۔هنّ ضمیر فصل اور اطھر خبر ہے۔یا نمبر۲۔بناتی خبر ہے۔اور هنّ مبتداء اور اطھر اسکی خبر۔فَاتَّقُوا اللّٰهَ (تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو) ان کے نکاح کو ان پر ترجیح دیکر وَلَا تُخْزُوْنِ (اور تم مجھے رسوا نہ کرو) میری توہین نہ کرو اور نہ رسوا کرو۔یہ الخزی سے بنا ہے۔نمبر۲۔مجھے شرمندہ نہ کرو۔یہ الخزایۃ سے ہے۔جس کا معنی الحیاء ہے۔

قراءت: ابو عمرو نے وصل میں یا سے پڑھا۔فِيْ ضَيْفِيْ (میرے مہمانوں کے حق میں) کیونکہ جب کسی کا مہمان رسوا ہو جائے یا اس کا پڑوسی تو وہ رسوا ہو جاتا ہے اور یہ شرفاء کا طرزِ عمل ہے۔اور اصل جواں مردی ہے۔اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ (کیا تم میں کوئی سمجھدار آدمی نہیں) یعنی کوئی ایک ایسا آدمی جو سیدھا راستہ بتائے اور اچھے کام سکھائے اور برائی سے روکے۔

۷۹: قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ (انہوں نے کہا تو جانتا ہے کہ ہمیں تمہاری بیٹیوں میں کوئی حق نہیں) حق کا معنی حاجت ہے کیونکہ عورتوں سے نکاح کرنا یہ ہمارے مذہب سے خارج ہے۔ہمارا مذہب تو مذکروں سے بدفعلی ہے۔وَاِنَّكَ

قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ

فرشتوں نے کہا اے لوط بیشک ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں ۔ یہ لوگ ہرگز تم تک نہیں پہنچ سکیں گے ۔ سو تم رات کے کسی حصے میں اپنے گھر والوں کو لے کر نکل جاؤ

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ

اور تم میں سے کوئی شخص پیچھے پھر کر نہ دیکھے مگر اپنی بیوی کو ساتھ نہ لے جانا بیشک اسے وہی عذاب پہنچنے والا ہے جو قوم کے سب لوگوں کو پہنچے گا ، بیشک

مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا

صبح کا وقت ان کے عذاب کے لئے مقرر ہے کیا صبح قریب نہیں ہے ۔ سو جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے زمین کے اوپر کے تختے کو

سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ

نیچے کر دیا اور ہم نے اس زمین پر کھنگر کے پتھر برسا دیئے جو لگاتار گر رہے تھے جن پر آپ کے رب کے پاس سے نشان لگائے

رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾ ع

ہوئے تھے اور یہ بستیاں ان ظالموں سے دور نہیں ۔

لَتَعْلَمُ مَانُرِیْدُ (اور تم ہمارا ارادہ جانتے ہو) مراد انہوں نے مذکروں سے بدفعلی لی ۔ حالانکہ ان کیلئے اس میں کوئی شہوت نہ تھی ۔

۸۰: قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ (کہا اگر میرے اندر تمہیں دفع کرنے کی قوت ہوتی (تو تمہیں دفع کر دیتا) یا میں مضبوط رکن کی طرف سہارا لیتا) لَوْ کا جواب محذوف ہے ۔ یعنی تو میں ایسا کر گزرتا اور ضرور کرتا ۔ مطلب یہ ہے اگر میں ذاتی طور پر تمہارے خلاف طاقت پاتا یا ایسے مضبوط کی پناہ لیتا جس سے میں اپنی پشت کو سہارا دیتا اور اس کے ذریعہ تمہیں روکتا ۔ وہ اپنے دست و بازو کے ساتھ تم سے حفاظت کرتا طاقتور زبردست کو پہاڑ کے ستون سے مضبوطی میں تشبیہ دی اور حفاظت میں مشابہت دی ۔

۸۱: روایت میں ہے کہ جب وہ مہمان آئے تو آپ نے دروازہ بند کر لیا اور کفار کو لوٹانے کی کوشش کرنے لگے ۔ جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور ان سے جھگڑ رہے تھے کہ وہ دیوار پھاند کر اندر آ گئے ۔ جب ملائکہ نے لوط علیہ السلام کی تکلیف دیکھی تو انہوں نے کہا قَالُوْا یٰلُوْطُ (کہا اے لوط) بیشک تمہارا ستون تو بڑا مضبوط ہے ۔ اِنَّا رُسُلُ رَبِّکَ (بیشک ہم تیرے رب کے قاصد ہیں) پس دروازہ کھول دیں ۔ اور ان سے ہم نپٹ لیں گے ۔ آپ نے دروازہ کھولا جوں ہی وہ داخل ہوئے ۔ جبرئیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے ان کی سزا کی اجازت چاہی اللہ تعالیٰ نے اجازت دے دی ۔ آپ نے اپنا پر ان کے مونہوں پر مارا جس سے ان کی آنکھوں کا نشان مٹ گیا ۔ اور وہ اندھے ہو گئے جیسا فرمایا فطمسنا اعینھم [القمر:۳۷] اب ان کو بھاگنے کا راستہ نظر ہی نہ آتا تھا ۔ یہ ہجوم یہ کہتے ہوئے نکلا کہ بچاؤ بچاؤ ! لوط کے گھر میں جادوگر رہتے ہیں ۔ لَنْ یَّصِلُوْٓا اِلَیْکَ (وہ ہرگز آپ تک پہنچ نہیں سکتے) ۔

نحو : یہ جملہ موضحہ ہے جو ماقبل کی وضاحت کر رہا ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے قاصد ہیں اس لئے یہ ہرگز آپ تک پہنچ نہیں سکتے۔اور نہ آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

## ہدایات برائے عذاب:

فَاَسْرِ (پس تم رات کو لے چلو)

قراءت: حجازی نے وصل کے ساتھ پڑھا ہے۔یہ سَرٰی سے ہے۔بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ (اپنے اہل کے ساتھ رات کے حصے میں) کچھ رات گزرنے پر یا نصف رات ہونے پر وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ (اور تم میں سے کوئی مڑ کر نہ دیکھے) پیچھے کی طرف پلٹ کر۔یا نمبر۲۔وہ اس چیز کی طرف نہ دیکھے جو اس کے پیچھے ہے۔نمبر۳۔تم میں سے کوئی پیچھے نہ رہے۔اِلَّا امْرَاَتَكَ (مگر تمہاری بیوی) یہ فاسر باهلك سے مستثنٰی ہے۔

قراءت: مکی،ابوعمرو نے احد کا بدل قرار دے کر مرفوع پڑھا ہے۔

بیوی کے آپ کے اہل کے ساتھ نکالنے کی دو روایتیں ہیں۔نمبر۱۔اپنے ساتھ اس کو نکالا اور حکم دیا کہ کوئی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے مگر وہ۔جب اس نے اس عذاب کا سنا تو مڑ کر پیچھے دیکھا اور کہہ اٹھی ہائے۔میری قوم!ایک پتھر اس کے آلگا جس سے وہ ہلاک ہوگئی۔نمبر۲۔اس کو حکم دیا کہ وہ اپنی قوم کے ساتھ پیچھے رہے۔ان کی محبت اس کے دل میں تھی اس کو رات ساتھ لیکر نہ چلے۔ قراءتوں کا اختلاف دونوں روایتوں کے اختلاف کی وجہ سے ہے۔اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ (اس عورت پر وہ عذاب آئے گا جو ان پر آئے گا) یعنی بیشک معاملہ یہ ہے روایت میں ہے کہ حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو کہا متی موعد هلاكهم۔ان کی ہلاکت کا وعدہ کب ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا۔اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ (بیشک ان کے وعدہ کا وقت صبح ہے) حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا میں اس سے جلد چاہتا ہوں۔تو فرشتوں نے کہا اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ (کیا صبح قریب نہیں)

## انجام قوم:

۸۲: فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا (جب ہمارا حکم آیا تو ہم نے ان کے اوپر کو نیچے کر دیا) جبرئیل علیہ السلام نے اپنے پر کو اس کے نیچے رکھا پھر آسمان کی طرف اٹھا کر بلند کیا یہاں تک کہ آسمان والوں نے کتوں کے بھونکنے اور مرغوں کی بانگ کو سنا۔پھر اس کو الٹ دیا اور اوپر سے پتھروں کی بارش کی اور اس کا تذکرہ اس ارشاد میں ہے۔وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ (ہم نے ان پر کھنگر کے پتھر برسائے) سجیل کا لفظ معرب ہے (سنگ گل) سے دوسرے مقام میں اس طرح فرمایا حجارة من طين [الذاریات:۳۳] مَّنْضُوْدٍ (مسلسل) یہ سجیل کی صفت ہے نمبر۱۔پے در پے نمبر۲۔جمع شدہ جو عذاب کیلئے تیار کئے گئے تھے۔

۸۳: مُّسَوَّمَةً (نشان زدہ) یہ حجارۃ کی صفت ہے یعنی عذاب کیلئے ان پر نشان کیا گیا تھا۔ایک قول یہ ہے کہ ہر ایک پر اس ظالم کا نام لکھا تھا۔عِنْدَ رَبِّكَ (تمہارے رب کی طرف سے) نمبر۱۔اس کے خزانوں سے نمبر۲۔ اس کے حکم سے وَمَاهِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ (اور وہ بستیاں ان ظالموں سے کچھ دور نہیں) نمبر۱۔کوئی بعید چیز نہیں۔اسمیں اہل مکہ کو وعید ہے۔جبرئیل علیہ

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا انہوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

اور ناپ اور تول میں کمی نہ کرو بیشک میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ آسودہ حال ہو بیشک میں تم پر ایک ایسے دن کے عذاب کا اندیشہ

عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۝۸۴ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا

کرتا ہوں جو گھیر لینے والا ہوگا۔ اور اے میری قوم انصاف کے ساتھ ناپ تول کو پورا کرو اور لوگوں کو

تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝۸۵ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ

چیزیں گھٹا کر نہ دو اور زمین میں فساد مچانے والے نہ بنو۔ اللہ کا دیا ہوا جو کچھ بچ جائے وہ تمہارے لئے بہتر ہے

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ڬ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝۸۶ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ

اگر تم مومن ہو اور میں تم پر پہرہ دینے والا نہیں ہوں۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اے شعیب کیا تمہاری نماز تمہیں یہ بتاتی ہے

اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰۗؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ

کہ ہم ان چیزوں کو چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے رہے ہیں یا یہ کہ ہم اپنے مالوں میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف کرنا چھوڑ دیں، بیشک تم تو

الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝۸۷

بڑے بردبار ہو نیک چلن ہو۔

السلام نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا آپ کی امت کے ظالم ان میں کوئی ظالم ایسا نہیں جو پتھر کے نشانے پر نہ ہو۔ اور وہ کسی بھی گھڑی اس پر گرسکتا ہے۔ نمبر۲۔ ضمیر کا مرجع بستیوں والوں کی طرف ہے۔ کہ یہ بستیاں مکہ کے ظالموں سے کچھ دور نہیں اپنے سفروں میں ان کا آتے جاتے ان پر گزر رہتا ہے۔

**قوم شعیب علیہ السلام:**

۸۴: وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا (مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا) مدین ان کے شہر کا نام ہے یا ان کے جد امجد مدین بن ابراہیم کا نام ہے۔ مطلب یہ ہے ہم نے شعیب علیہ السلام کو ساکنین مدین کی طرف بھیجا یا مدین کی اولاد کی طرف بھیجا۔ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ (کہا اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی

عبادت کرو۔تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور ماپ تول میں کمی نہ کرو) مکیلی چیز مکیال کے ساتھ موزونی چیز میزان کے ساتھ اِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ (میں تمہیں مالدار پاتا ہوں) دولت ووسعت والا جو ماپ تول میں کمی سے تمہیں بے نیاز کرنے والی ہے یا میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں نعمتوں سے نوازا ہے۔ان کا حق یہ ہے کہ تم وہ کام نہ کرو۔جو تم کر رہے ہو۔وَّ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ مُّحِیْطٍ (مجھے تمہارے متعلق گھیراؤ کرنے والے عذاب کا خطرہ ہے) محیط کا معنی مہلک جیسا دوسری آیات میں ہے واحيط بثمره [الکہف:۴۲] اور اصل میں یہ احاطة العدو سے بنا ہے مراد اس سے ایسا عذاب ہے جو دنیا میں تہس نہس کردے یا آخرت کا عذاب۔

## ایک معاشرتی مرض:

۸۵: وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ (اے میری قوم تم ماپ تول اوروزن کو پورا کرو) پورا کر کے دو بِالْقِسْطِ (انصاف سے) عدل کے ساتھ

نکتہ: پہلے انہیں اس قباحت سے بچنے کا حکم دیا جس میں وہ مبتلا تھے۔ماپ تول میں ڈنڈی مارنا پھر اس کو جو عقل میں بھی خوب ہے پورا کرنے کا حکم دیا۔تاکہ اسکی طرف ان کی رغبت بڑھے اسی لئے بالقسط کے لفظ کا اضافہ کیا کہ تمہیں انصاف کے ساتھ برابر تول، ماپ کر دینا چاہیئے کہ نہ کمی رہے نہ زیادتی ہو۔

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ (لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے نہ دو) البخس۔کمی کو کہتے ہیں۔وہ جو چیزیں خریدتے ان کی چیزوں میں کمی کرتے۔پس اس سے ان کو روک دیا گیا۔وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ (اور زمین میں فساد مچاتے مت پھرو) العثی اور العیث سخت قسم کے فساد کو کہتے ہیں، مثلاً سرقہ، لوٹ مار ڈاکہ زنی وغیرہ اور یہ بھی درست ہے کہ البخس و تطفیف کو العثی (شدید فساد) ان کے حق میں قرار دیا ہو۔

۸۶: بَقِیَّتُ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا جو بچ جائے) جو حلال مال حرام سے پرہیز کے بعد بچ جائے۔خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ (وہ تمہارے لیئے بہت بہتر ہے۔اگر تم مومن ہو) اس شرط پر کہ تم ایمان لاؤ۔اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا بہت بہتر ہے کفار کیلئے بھی کیونکہ وہ اسکی وجہ اسلام لا کر بخس و تطفیف کی مصیبت سے چھوٹ جائیں گے۔البتہ ایمان کے ساتھ تو اس کا فائدہ حصول ثواب، عقاب سے نجات کی صورت میں ظاہر ہوگا۔ایمان کے بغیر یہ فائدہ ظاہر نہ ہوگا۔کیونکہ وہ مالدار اس صورت میں کفر کے گہرے پانی میں ڈبکیاں کھا رہا ہے۔اس میں ایمان کی عظمت ذکر کر دی اور اللہ تعالیٰ کی جلالت شان کے متعلق خبردار کر دیا۔یا نمبر۲۔مطلب یہ ہے اگر تم میری باتوں میں میری تصدیق کرو اس حال میں کہ میں مخلصانہ نصیحتیں تمہیں کر رہا ہوں۔وَمَآ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ (میں تم پر پہرہ دار نہیں ہوں) اسکی ان نعمتوں کے سلسلہ میں جو اس نے تم پر کر رکھی ہیں پس تم خود ان کی حفاظت ماپ تول کی کمی کو ترک کر کے کرو۔

۸۷: قَالُوْا یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُكَ (کہنے لگے اے شعیب کیا تمہاری نماز) تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْۤ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا (تمہیں حکم دیتی ہے کہ چھوڑ دیں ان معبودوں کو جنکی پوجا ہمارے آباء واجداد کرتے تھے۔یا ہم اپنے اموال میں

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّىْ وَرَزَقَنِىْ مِنْهُ رِزْقًا

شعیب نے کہا کہ اے میری قوم تم بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنی طرف سے ایک بڑی دولت عطا فرمادی ہے تو میں تمہیں حق کی دعوت دینا

حَسَنًا ؕ وَمَاۤ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَاۤ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ

کیسے چھوڑ دوں اور میں یہ نہیں چاہتا کہ میں اسطرح تمہاری مخالفت کروں کہ جن کاموں سے روکتا ہوں انہیں خود کرنے لگوں میں تو صرف اصلاح چاہتا ہوں

مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِىْۤ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾

جہاں تک مجھ سے ہو سکے، اور جو کچھ مجھے توفیق ہے وہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہے میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور میں اسی کی طرف رجوع ہوتا ہوں

وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِىْۤ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَاۤ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ

اور اے میری قوم تمہیں میری مخالفت اس پر آمادہ نہ کر دے کہ تمہیں اس طرح کا عذاب پہنچ جائے جو قوم نوحؑ یا قوم

هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا

ہودؑ یا قوم صالحؑ کو پہنچا، اور قوم لوط تم سے دور نہیں ہے اور تم اپنے رب سے استغفار کرو پھر اسکے حضور میں

اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّىْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾

توبہ کرو بیشک میرا رب رحم فرمانے والا ہے بڑی محبت فرمانے والا ہے۔

جو ہم کرتے ہیں وہ چھوڑ دیں) حضرت شعیب علیہ السلام بہت زیادہ نفلی نماز پڑھتے تھے۔ ان کی قوم ان کو کہتی اس نماز کا کیا فائدہ آپ جواب میں فرماتے نماز محاسن وخوبیوں کا حکم دیتی ہے اور قبائح سے باز رکھتی ہے۔ اس پر بطور تمسخر کہنے لگے۔ اصلوتك تامرك کیا تمہاری نماز تمہیں حکم دیتی ہے کہ تو ہمیں ان کی عبادت کے ترک کا حکم دیتا ہے۔ مَايَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ (جن کی پوجا ہمارے آباؤ اجداد کرتے تھے یا ہم کرنا چھوڑ دیں) ہم وسعت وپھیلاؤ کرنا۔ فی اموالنا مانشوا (اپنے اموال میں اپنی مرضی استعمال کرنا) پورا دینا اور کم کرنا یا یہ بھی درست ہے کہ نمازوں کو مجازاً امر بنایا جائے جیسا اللہ تعالیٰ نے مجازاً ان کو ناہی قرار دیا ہے۔ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ (بیشک تو حوصلے والا سمجھدار بنا پھرتا ہے) یعنی تو بیوقوف وگمراہ ہے۔ یہ استہزاء الٹ نام انہوں نے استعمال کیا۔ نمبر۲۔ تو ہمارے نزدیک حوصلہ مند سمجھدار ہے۔ مگر تو ہمارے ساتھ وہ سلوک نہیں کر رہا جو تیرے حال کے مناسب ہے۔

## جواب شعیب علیہ السلام:

۸۸: قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّىْ وَرَزَقَنِىْ مِنْهُ (کہا اے میری قوم! دیکھو تو! اگر میں اپنے رب کی

طرف سے دلیل پر قائم ہوں اور اس نے مجھے اپنی طرف سے اچھا رزق عنایت فرمایا ہے۔ رِزْقًا حَسَنًا (اچھا رزق) یعنی نبوت و رسالت یا حلال مال بغیر بخس وتطفیف کے اَرَءَیْتُمْ کا جواب محذوف ہے۔ یعنی تم مجھے بتلاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں۔ اور حقیقت میں اسکا سچا پیغمبر ہوں۔ کیا میرے لئے یہ صحیح نہیں کہ بتوں کی عبادت کے چھوڑنے اور گناہوں سے رکنے کا تمہیں حکم دوں۔ جبکہ انبیاء علیہم السلام کی بعثت ہی اسی مقصد کیلئے ہوتی ہے۔ محاورہ میں کہا جاتا ہے خالفنی فلان الی کذا جب وہ قصد کرے اور تم اس سے منہ موڑنے والے ہو۔ اور خالفنی عنہ کہتے ہیں وہ منہ موڑنے والا اور تم اس چیز کا قصد کرنے والے ہو۔

مثلاً تمہیں کوئی آدمی پانی کے گھاٹ سے لوٹتے ہوئے ملے اور تم اس سے اس کے دوست کے متعلق دریافت کرو کہ وہ کہاں ہے وہ جواب میں کہے خالفنی الی الماء تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ پانی کی طرف جاتے ہوئے تو میرے ساتھ تھا۔ اور اب میں گھاٹ سے لوٹ کر جا رہا ہوں (اسکو وہیں چھوڑ کر) حضرت شعیب علیہ السلام کا قول اسی قسم میں سے ہے۔ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰكُمْ عَنْهُ (یعنی میرا یہ ہرگز مقصود نہیں کہ تمہاری خواہشات و شہوات کی طرف تم سے سبقت کروں جن شہوات سے میں تمہیں منع کرتا ہوں۔) تاکہ تمہاری بجائے میں خود ان پر قبضہ جمالوں اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ (بلکہ میرا مقصود فقط اصلاح ہے) میں اپنے وعظ و نصیحت سے تمہاری اصلاح کرنا چاہتا ہوں۔ میرے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا بھی مقصود یہی ہے۔ مَا اسْتَطَعْتُ (جتنی میں طاقت رکھتا ہوں) یہ ظرف ہے اصلاح کیلئے میری طاقت و امکان کی مدت تک یعنی جب تک میری استطاعت ہے اصلاح کو چھوڑ نہیں سکتا۔ اور اس کے لئے کوشش میں کوئی کمی نہ کرونگا۔

وَمَا تَوْفِيْقِىْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ (اور عمل صالح کی توفیق مجھے اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ملی ہے۔ جو کچھ میں کرتا اور چھوڑتا ہوں وہ اسکی اعانت و تائید سے ہے۔ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ (اسی ہی پر میں نے توکل کیا) اعتماد کیا وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ (اسی ہی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں) میں خوشحالی اور تنگدستی میں اسی ہی کیطرف رجوع کرتا ہوں۔

۸۹: وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِىْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ (اے میری قوم میری مخالفت تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے۔ کہ کہیں تمہیں پہنچ جائے) میری مخالفت اس نتیجہ پر نہ پہنچا دے کہ تم عذاب تک پہنچ جاؤ۔ جرم کا لفظ یہ کسب کی طرح ایک اور دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ (جو عذاب پہنچا قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح کو) غرق، آندھی اور زلزلے کے عذاب بالترتیب ان اقوام پر آئے۔ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ (اور قوم لوط تم سے دور نہیں) ان کا زمانہ قریب ہے۔ نمبر۱۔ وہ ہلاک شدہ لوگوں میں زمانہ کے لحاظ سے قریب تر ہیں۔ نمبر۲۔ یا جگہ کے لحاظ سے نزدیک ہیں ان کے تباہ شدہ مکانات تمہارے قریب ہیں۔ نمبر۳۔ جن اعمال سے وہ ہلاکت کے مستحق ہوئے۔ کفر، گناہ۔ ان میں تمہارے اور ان کے درمیان کوئی خاص فرق نہیں۔

نحو: قریب اور بعید اسی طرح قلیل و کثیر میں مذکر و مؤنث کا فرق نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ایسے مصادر کے اوزان پر ہیں جن میں تذکیر و تانیث میں برابری ہے مثلاً الصهيل النهيق وغیرہ۔

۹۰: وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ اِنَّ رَبِّىْ رَحِيْمٌ (تم اپنے رب سے شرک و معاصی کی معافی مانگو پھر اسکی طرف رجوع

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا

وہ لوگ کہنے لگے کہ اے شعیب تم جو کچھ کہتے ہو اس میں سے بہت سی باتیں ہم نہیں سمجھتے، اور بلاشبہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ تم ہمارے درمیان کمزور ہو اور اگر

رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۖ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ

تمہارا خاندان نہ ہوتا تو ہم تمہیں سنگسار کردیتے، اور ہمارے نزدیک تم کچھ عزت والے نہیں ہو، شعیب نے کہا کہ اے میری قوم کیا میرا خاندان تمہارے نزدیک عزت میں

مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَيٰقَوْمِ

بڑھ کر اللہ سے زیادہ ہے اور تم نے اسے پس پشت ڈال دیا، بلاشبہ میرا رب ان کاموں کا احاطہ کئے ہوئے ہے جنہیں تم کرتے ہو، اور اے میری قوم

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ

تم اپنی جگہ پر کام کرتے رہو میں بھی عمل کر رہا ہوں، تم عنقریب جان لوگے کہ کس کے پاس عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کردے گا،

وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا

اور یہ بھی جان لوگے وہ کون شخص ہے جو جھوٹا ہے۔ انتظار کرو بیشک میں تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں، اور جب ہمارا حکم آپہنچا تو ہم نے اپنی رحمت سے شعیب کو

وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

اور ان لوگوں کو نجات دیدی جو انکے ساتھ ایمان لائے اور جن لوگوں نے ظلم کیا انہیں سخت آواز نے پکڑ لیا سو وہ اپنے گھروں میں اوندھے

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾

گرے ہوئے رہ گئے گویا کہ وہ ان میں رہے ہی نہ تھے خبردار مدین کے لئے دوری ہے جیسا کہ ثمود دور ہوئے

کرو بیشک میرا رب مہربان ہے) رحیم ہے کہ اہل جفاء کو ایمان والوں میں سے بخش دیتا ہے وَّدُوْدٌ (محبت کرنے والا ہے) اہل وفاء صالحین سے محبت کرتا ہے۔

### قوم کا آخری جواب:

۹۱: قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ (کہنے لگے اے شعیب ہماری سمجھ میں تیری بہت باتیں نہیں آتیں) ہم تیرے اقوال کی صحت کو نہیں سمجھتے ذرا غور تو کرو کس طرح وہ ان کے کلام کو نہ سمجھتے ہونگے حالانکہ وہ تو خطیب الانبیاء تھے؟ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا (اور بیشک ہم تمہیں اپنے میں کمزور پاتے ہیں) ہمارے درمیان نہ تمہاری عزت ہے اور نہ قوت اور اگر ہم تمہیں نقصان پہنچانا چاہیں تو تو اس کو روکنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ وَلَوْ لَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ (اگر تیرا گروہ نہ ہوتا تو ہم تمہیں سنگسار کردیتے)

اگر تیرا خاندان نہ ہوتو ہم سنگساری سے تمہیں ہلاک کر دیتے اور یہ بدترین قسم کاقتل ہے۔ آپ کے خاندان والے ان کے ہم مذہب تھے اسی لئے انہوں نے ان کی طرف میلان ظاہر کیا اوران کا اکرام کیا۔ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ (تو ہمارے ہاں معزز نہیں ہے) تو ہم پر زبردست نہیں اور نہ ہی قابل اکرام ہے کہ قتل سے تمہیں بچا سکے اور نہ ہی بلند ہو کہ ہم سنگباری سے بالاتر خیال کریں البتہ تیرا خاندان ہماری نگاہ میں معزز ہے۔ کیونکہ وہ ہمارے دین والے ہیں۔ حرف نفی کو ضمیر پر داخل کر کے بتلایا کہ کلام فاعل میں واقع ہورہا ہے فعل میں نہیں گویا اسطرح کہا گیا۔ وما انت علينا بعزيز بل رهطك هم الاعزة علينا اسی لئے ان کے جواب میں آپ نے فرمایا۔

۹۲: قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ (اے میری قوم کیا میرا خاندان وہ اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں تمہارے ہاں زیادہ عزت والا ہے) اگر ماعززت علينا کہا جاتا تو یہ جواب صحیح نہ بنتا۔ بلکہ اس طرح فرمایا ارهطی اعز عليكم من الله اور کلام ان کے اور خاندان کے متعلق کیا جارہا ہے۔ کہ وہ خاندان ان کے ہاں معزز ہے نہ کہ شعیب، ان کا شعیب علیہ السلام کی توہین کرنا حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نبی تھے۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی توہین تھی اور جب ان کے ہاں ان کا خاندان زیادہ عزت والا تھا نہ کہ شعیب تو گویا انکا گروہ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ سے زیادہ عزت والا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد پر نظر ڈالیں تو یہ بات بخوبی ذہن نشین ہو جائے گی من يطع الرسول فقداطاع الله [النساء ۸۰] وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا (تم نے اس کو پس پشت ڈال دیا) اوراس کو بھلا دیا اور تم نے اس کو پشت پیچھے ڈالی ہوئی چیز کی طرح نسیاً منسیا کر دیا کہ اسکی ذرہ بھر پرواہ نہیں کرتے۔

نحو: الظهری یہ الظهر سے اسم منسوب ہے اور کسرہ اسم منسوب کی وجہ سے ہے۔ جیسا کہ امس سے امسی اسم منسوب میں تغیرات بہت ہیں۔ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ (بے شک میرا رب تمہارے اعمال کا احاطہ کرنے والا ہے) وہ علم کے اعتبار سے تمہارے اعمال کا احاطہ کرنے والا ہے اس پر کائنات کی کوئی چیز مخفی نہیں۔

۹۳: وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ (اے میری قوم تم اپنی جگہ کام کرو)

نحو: یہ مکانة بمعنی مکان ہے۔ کہا جاتا ہے۔ مکان و مکانة و مقام و مقامة ۔ یا نمبر۲۔ مکن کا مصدر ہے فهو مكين جب کسی چیز پر قابو پالے۔ مطلب یہ ہوگا تم کام کرو۔ اس حال میں کہ تم اپنی جانب سے ٹھہرنے اور جمنے والے ہو اس جانب جو کہ شرک اور میری دشمنی والی ہے۔ نمبر۳۔ اپنی طاقت بھر میری عداوت ودشمنی کرلو۔

اِنِّيْ عَامِلٌ (بیشک میں کام کرنے والا ہوں) اس کے مطابق جو اللہ تعالیٰ مجھے نصرت وتائید عنایت فرماتے ہیں اور مجھے ٹھکانہ دینے والے ہیں۔ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ (جلدی تمہیں معلوم ہوجائے گا کہ کون ہے۔ جس پر ایسا عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور وہ کون شخص ہے جو جھوٹا ہے)۔

نحو: من استفہامیہ ہے اور فعل علم سے معلق ہے۔

گویا اس طرح کہا گیا سوف تعلمون اينا يأتيه عذاب يخزيه (رسوا کرتا ہے) وانيا هو كاذب ۔ تم عنقریب جان لوگے کہ ہم میں سے کون ہے جس پر عذاب اتر کر اس کو رسوا کرتا ہے۔ اور ہم میں سے کون جھوٹا ہے میں یا تم۔ یاء موصولہ ہے گویا

اسطرح کلام ہے۔سوف تعلمون الشقی الذی یأتیه عذاب یخزیه والذی هو کاذب فی زعمکم ودعواکم ۔تم عنقریب اس بدبخت کو جان لوگے جس پر وہ عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا۔اور وہ جو کہ تمہارے خیال اور دعوے میں جھوٹا ہے۔فا کو سوف پر داخل کیا تاکہ ایسے حرف سے وصل ظاہر ہو جو وصل کیلئے بنایا گیا ہے اور فا کو ہٹانے کی صورت میں وصل تقدیری ہے اور جملہ مستانفہ ہے اور سوال مقدر کا جواب ہے گویا اس طرح کہا گیا پھر کیا ہوگا اگر ہم اسی کیفیت سے کام کرتے رہیں اور تم اپنا کام کرتے رہے؟ تو جواب دیا۔سوف تعلمون، تفنن فی البلاغة کیلئے تو دونوں صورتیں درست ہیں مگر جملہ مستانفہ زیادہ بلیغ ہے۔وَارْتَقِبُوْا (تم انتظار کرو) تم انجام کا انتظار کرو۔اور میں نہیں کہتا اِنِّیْ مَعَکُمْ رَقِیْبٌ (بیشک میں تمہارے ساتھ منتظر ہوں) الرقیب الراقب کے معنی میں ہے (نگران) یہ رقبہ سے نکلا ہے جیسے ضریب بمعنی الضارب۔نمبر۲۔رقیب بمعنی مراقب (ایک دوسرے کا نگران) جیسا عشیر بمعنی معاشر نمبر۳۔رقیب بمعنی مرتقب جیسے رفیع بمعنی مرتفع (منتظر)

## نفاذِ عذاب:

۹۴: وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ (جب ہمارا عذاب والا حکم آیا تو ہم نے بچالیا شعیب کو اور ان کے ساتھ والے مومنوں کو اپنی رحمت سے اور ظالموں کو پکڑ لیا ایک چیخ نے۔) جبرئیل علیہ السلام نے چیخ ماری تو وہ تمام ہلاک ہو گئے۔یہ عاد اور مدین کے واقعہ کے آخر میں مذکور ہوا ہے۔

نکتہ: ثمود و لوط کے واقعہ کے آخر میں لما جاء فرمایا جبکہ آیت ۶۶ میں فلما جاء فرمایا گیا اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں واقعات اس موعد کے بعد ذکر ہوئے جو ان موعد هم الصبح [ہود:۸۱] ذلك وعد غیر مکذوب [ہود:۶۵] پس فا لائے جو سببیت کو ظاہر کرتی ہے جیسا تم کہو وعد ته فلماجاء المیعاد کان کیت و کیت اور دوسرے دونوں واقعات ابتدائی طور پر لائے گئے۔اس لئے ان کا حق یہ تھا کہ واؤ جمع لا کر ماقبل پر عطف کیا جاتا جیسا ایک قصہ دوسرے پر عطف کیا جاتا ہے۔فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ (وہ اپنے گھروں میں مرے کے مرے رہ گئے) الجاثم اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنی جگہ کو لازم پکڑے اور ادھر ادھر نہ سرکے۔جبرئیل علیہ السلام نے زور سے چیخ ماری۔اس اچانک چیخ سے تمام کی روحیں قبض ہو گئیں اور وہ اپنی جگہوں پر مر گئے (اعاذنا الله من عاقبتهم)

۹۵: کَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا (گویا وہ گھروں میں بستے ہی نہ تھے) گویا زندگی میں انہوں نے ان گھروں میں رہائش اختیار ہی نہیں کی نہ تو پورے اختیار سے اور نہ آتے جاتے۔اَلَا بُعْدًا لِّمَدْیَنَ (خبردار مدین والوں کیلئے دوری ہو) البُعد۔البَعَد کے معنی میں ہے۔اور اس کا معنی ہلاکت ہے۔جیسے الرُّشد بمعنی الرَّشَد ہے کیا قرآن مجید کی اس آیت کی طرف نہیں دیکھتے۔کَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ (جیسے قوم ثمود دور ہوئی)۔

نحو، قراءت: بَعِدَت کو بَعُدتْ پڑھا گیا ہے معنی ہر دو صورت میں ایک ہے۔یہ قرب کی ضد ہے۔مگر انہوں نے بُعْد بمعنی ہلاکت) کے درمیان اور دوسرے کے درمیان فرق کیا پس بناء کو بدل دیا جیسا کہ خیر و شر کے زمانوں میں تفریق کرتے ہوئے کہتے ہیں وعد و اَوْعَد پہلا وعدہ کرنا اور دوسرا ڈرانا۔

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ ۹۶ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوۡۤا اَمۡرَ

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو اپنی آیات اور روشن دلیل کے ساتھ فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا سو ان لوگوں نے فرعون کی بات کا

فِرۡعَوۡنَ‌ۚ وَمَاۤ اَمۡرُ فِرۡعَوۡنَ بِرَشِيۡدٍ ۹۷ يَقۡدُمُ قَوۡمَهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فَاَوۡرَدَهُمُ النَّارَ‌ؕ

اتباع کیا اور فرعون کی بات صحیح نہ تھی، قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا پھر وہ ان کو دوزخ میں اتار دے گا

وَبِئۡسَ الۡوِرۡدُ الۡمَوۡرُوۡدُ ۹۸ وَاُتۡبِعُوۡا فِىۡ هٰذِهٖ لَعۡنَةً وَّيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ‌ؕ بِئۡسَ الرِّفۡدُ الۡمَرۡفُوۡدُ ۹۹

اور وہ بری جگہ ہے جس میں ان لوگوں کا اترنا ہوگا اور ان کے پیچھے اس دنیا میں لعنت لگادی گئی اور قیامت کے دن بھی ان پر لعنت ہوگی۔ برا انعام ہے جو انہیں دیا گیا۔

ذٰلِكَ مِنۡ اَنۡۢبَآءِ الۡقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيۡكَ‌ مِنۡهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيۡدٌ ۱۰۰ وَمَا ظَلَمۡنٰهُمۡ وَلٰـكِنۡ

یہ بستیوں کی خبریں ہیں جن کو ہم آپ سے بیان کرتے ہیں ان میں سے بعض بستیاں قائم ہیں اور بعض بالکل ختم ہوگئیں، اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن

ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ‌ فَمَاۤ اَغۡنَتۡ عَنۡهُمۡ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِىۡ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ

ان لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، ان کے معبودوں نے جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے کچھ بھی فائدہ

شَىۡءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمۡرُ رَبِّكَ‌ؕ وَمَا زَادُوۡهُمۡ غَيۡرَ تَتۡبِيۡبٍ ۱۰۱

نہ دیا۔ جب آپکے رب کا حکم آگیا اور انھوں نے ہلاکت کے علاوہ کسی چیز میں اضافہ نہیں کیا

### موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا قصہ:

۹۶: وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ (تحقیق ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی آیات دے کر اور واضح دلائل کے ساتھ بھیجا) مراد سلطان مبین سے عصا ہے کیونکہ یہ تمام سے زیادہ واضح ترین نشانی تھی۔

۹۷: اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوۡۤا (فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف پس انہوں نے اتباع کی) سرداروں نے اتباع کی اَمۡرَ فِرۡعَوۡنَ وَمَاۤ اَمۡرُ فِرۡعَوۡنَ بِرَشِيۡدٍ (فرعون کے حکم کی اور فرعون کا حکم صحیح نہ تھا) اس میں متبعین فرعون کی جہالت ظاہر کی گئی ہے کہ انہوں نے فرعون کا کھلا گمراہ کن عمل قبول کر لیا اور وہ یہ تھا کہ اس نے الوہیت کا دعویٰ کیا تھا حالانکہ وہ ان جیسا انسان تھا۔ اور سرعام ظلم و شرارت پھیلانے والا تھا جو کہ شیطان ہی کا کارنامہ ہوسکتا ہے۔ چہ جائیکہ اس کو الوہیت کے منصب پر بٹھا دیا جائے۔ (نعوذ باللہ من الحمقاء و الحماقة) اور اس میں یہ بتلایا کہ قبطیوں نے ان آیات کا معائنہ کیا اور سلطان مبین بھی دیکھی اور ان کو یقین ہوگیا کہ موسیٰ علیہ السلام ہدایت و حق پر ہیں۔ پھر بھی ان کی اتباع سے اعراض کر کے اسکی اتباع کی جس کی اتباع میں رشد و ہدایت کا نشان تک نہ تھا۔ نمبر۲۔ یا مراد یہ ہے کہ اس کا کام نیک نہ تھا۔ اچھے انجام والا نہ تھا۔

۹۸: يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا) وہ مقتداء ہوگا اور وہ اس کے پیچھے ہونگے۔ یہ ماقبل کی تفسیر وایضاح ہے۔ کہ اس کا کام رشد وہدایت والا کس طرح ہوسکتا ہے۔ جس کا انجام یہ ہو؟ الرشد کا لفظ ہر اس چیز میں استعمال ہوتا ہے جو پسندیدہ اور قابل تعریف ہو جیسا کہ الغی کا لفظ ہر قابل مذمت چیز پر بولا جاتا ہے۔ اور قدمہ بمعنی تقدمہ کے ہے آگے آگے ہونا۔ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ پس ان کو آگ میں داخل کرے گا۔ یہ لفظ ماضی لایا گیا کیونکہ ماضی امر موجود پر دلالت کرتا ہے اور قطعیت ظاہر کرتا ہے گویا اس طرح کہا گیا یقدمھم فیوردھم النار لا محالۃ وہ ان سے آگے ہوگا اور ان کو بہر صورت آگ میں داخل کرے گا۔ یعنی جس طرح وہ گمراہی میں نمونہ تھا۔ اس طرح آگ کی طرف بھی ان کے آگے جائیگا اور وہ اس کے پیچھے ہوں گے۔ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ (بہت برا ہے وہ گھاٹ جس پر وہ وارد ہوئے) الورد بمعنی مورد ہے۔ المورود جس پر وہ وارد ہوئے۔ اس میں اس کو فارط (سابق) سے تشبیہ دی جو کہ وارد سے پہلے گھاٹ پر پہنچتا ہے اور اس کے متبعین کو واردہ سے تشبیہ دی پھر فرمایا یہ بدترین گھاٹ ہے۔ جس پر وہ اترے ہیں یعنی جہنم کی آگ کیونکہ گھاٹ پر پیاس کی تسکین کیلئے جاتے ہیں اور وہ آگ میں اترے ہیں جو پانی کی ضد ہے۔

## فرعونیوں کا انجام:

۹۹: وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ (ان کے پیچھے لگادی گئی اس دنیا کی زندگی میں) هٰذِهٖ سے دنیا مراد ہے۔ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ (لعنت کو اور قیامت کے دن) ان پر دنیا میں بھی لعنت کی جائے گی اور آخرت میں بھی ملعون ہونگے۔ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ (بہت برا انعام ہے جو ان کو دیا گیا) یعنی بدترین مدد اور بدترین وہ جن کو یہ امداد ملی۔ نمبر۲۔ جس کو یہ عطا ملی بدترین عطاء ملی۔

۱۰۰: ذٰلِكَ (یہ) یہ مبتداء۔ ہے مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى (بستیوں والے کے واقعات وخبریں ہیں) یہ خبر ہے۔ نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ (جو ہم تمہیں بیان کررہے ہیں) یہ دوسری خبر ہے یعنی یہ خبر ان بعض اخبار میں سے ہے۔ جو ہلاک شدہ شہروں کی ہم نے بیان کیں۔ مِنْهَا (ان میں سے) ان بستیوں میں سے قَآئِمٌ وَّ حَصِيْدٌ (بعض کھڑی اور بعض کٹ کر فنا کے گھاٹ اتر چکیں) یعنی بعض کے آثار باقی ہیں۔ اور بعض کے نشانات بھی مٹ چکے جیسا کہ وہ کھیتی جو اپنی پوری پر کھڑی ہو اور وہ کھیتی جو کٹ کر ریزہ ریزہ ہوجائے۔

نحو: یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اس کا کوئی محل اعراب نہیں۔

## عذاب کے وقت کسی معبود نے کام نہ دیا:

۱۰۱: وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ (اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا) ان کو ہلاک کر کے وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (لیکن انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا) ان چیزوں کا ارتکاب کر کے جنکی وجہ سے ہلاک کئے گئے۔ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ (ان کو کچھ فائدہ نہ دیا ان کے معبودوں نے) اللہ تعالیٰ کی پکڑ کو ان سے ہٹا نہ سکے۔ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ (وہ معبود جن کو وہ پکارتے تھے) ان کی عبادت کرتے تھے گزشتہ حالت کی حکایت ہے۔ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ (اللہ تعالیٰ کے سواء جبکہ تیرے رب کا عذاب والا حکم آیا) امر سے عذاب مراد ہے۔

نحو: لَمَّا یہ مااغنت کی وجہ سے منصوب ہے۔ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ (اور نہ اضافہ کیا سوائے بربادی کے اور کسی چیز کا)

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِىَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾

اور آپ کے رب کا پکڑنا اسی طرح ہے جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے جبکہ وہ ظالم ہوں، بیشک اسکا پکڑنا درد ناک ہے سخت ہے۔

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ

بلاشبہ اس میں اس شخص کے لئے عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہو۔ یہ ایسا دن ہوگا جس میں تمام آدمی جمع کئے جائیں گے

وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ ؕ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ

اور یہ وہ دن ہوگا جو سب کی حاضری کا دن ہے اور ہم اسے مؤخر نہیں کر رہے ہیں مگر تھوڑی سی مدت کے لئے جس وقت وہ دن آئے گا کوئی شخص اللہ کی اجازت کے

نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِىٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِى النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا

بغیر بات نہ کر سکے گا سو ان میں شقی ہوں گے اور سعید ہوں گے، سو جو لوگ شقی ہوں گے وہ دوزخ میں ہوں گے اس میں انکی

زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ

چیخ و پکار ہوگی وہ اس میں ہمیشہ ٹھہرے رہیں گے جب تک کہ آسمان اور زمین قائم رہیں الّا یہ کہ آپ کے رب کی مشیت ہو،

اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِى الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ

بے شک آپ کا رب جو کچھ چاہے پورے طور سے کر سکتا ہے اور لیکن وہ لوگ جو سعید ہوں گے وہ جنت میں ہوں گے اس میں ہمیشہ رہیں

فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾

گے جبتک آسمان و زمین قائم رہیں الّا یہ کہ آپ کے رب کی مشیت ہو، یہ بخشش کبھی منقطع نہ ہوگی،

فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ

سواے مخاطب جس چیز کی یہ لوگ عبادت کرتے ہیں تو اس کے بارے میں شک میں نہ پڑنا یہ لوگ اسی طرح عبادت کر رہے ہیں جیسا کہ پہلے انکے باپ

٩ ع ١٤ ٩ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع

دادا عبادت کرتے تھے۔ اور ہم ان کو ان کا پورا پورا حصہ دے دیں گے جس میں کچھ بھی کمی نہ ہوگی۔

نقصان کہا جاتا ہے تبّ جبکہ وہ نقصان میں پڑے۔ اور تببه غیرہ جبکہ کسی دوسرے کو نقصان میں ڈالے یعنی غیر اللہ کی عبادت نے ان کو کوئی فائدہ نہ دیا بلکہ ان کو ہلاک کیا۔

۱۰۲: وَكَذٰلِكَ (اور اسی طرح) کاف محلاً مرفوع ہے ای مثل ذلك الاخذ اس جیسا پکڑنا۔ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى

(تیرے رب کا پکڑنا ہے جبکہ اس نے بستیوں والوں کو پکڑا) القرٰی سے اہل القرٰی مراد ہیں۔ وَهِيَ ظَالِمَةٌ (جبکہ وہ ظالم تھے) یہ القریٰ سے حال ہے۔ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ (بیشک اسکی پکڑ بڑی سخت دردناک ہوتی ہے) الیم مولم کے معنی میں ہے دردناک اور شدید۔ پکڑے ہوئے پر سخت ہوتی ہے۔ یہ ہر ظالم بستی کیلئے ڈراوا ہے خواہ مکہ والے ہوں یا کوئی اور۔ ظالم کو چاہئے کہ وہ جلد توبہ کرے اور مہلت کے دھوکے میں مبتلا نہ ہو۔

## تذکرۂ آخرت اور استدراج مجرم:

۱۰۳: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ (بیشک اس میں) جو کچھ کہ ہلاک ہونے والی امتوں کے متعلق بیان کیا لَاٰيَةً (البتہ عبرت ہے) لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ (اس کے لئے جو ڈرا آخرت کے عذاب سے) یعنی اس عذاب کے وجود اور صحیح ہونے کا اعتقاد رکھا۔ ذٰلِكَ (یہ) کا مشار الیہ یوم القیامۃ ہے کیونکہ عذاب آخرت اس پر دلالت کر رہا ہے۔ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ (جس دن میں لوگ جمع کئے جائیں گے) الناس یہ مرفوع ہے مجموع کی وجہ سے جیسا کہ اس کا فعل رفع دیتا ہے یہاں فعل کے بجائے اسم مفعول کو اس لئے ترجیح دی گئی تاکہ جمع کا معنی اس دن کیلئے اچھی طرح ثابت ہو جائے اور جمع کی نسبت لوگوں کی طرف کر کے اس بات کو مزید پختہ کر دیا کہ لوگ اس سے جدا نہ ہونگے بلکہ حساب وکتاب کیلئے اکٹھے ہونگے اور ثواب وعقاب کو پائیں گے۔

وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ (اور یہ ایسا دن ہے کہ جس دن شہادت دینے والے شہادت دیں گے) یعنی اس دن میں حاضر ہونگے۔ مفعول بہٖ کی جمع ظرف لائے تاکہ وسعت پیدا ہو۔ مطلب اس طرح ہوا کہ تمام مخلوق موقف حساب میں حاضر ہوگی ان میں سے کوئی غائب نہ ہوگا۔

۱۰۴: وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ (اور ہم نہیں اس کو مؤخر کر رہے) یعنی مذکورہ دن کو، الاجل، تمام مہلت کی مدت پر بولا جاتا ہے اور اسکی انتہاء کو بھی کہتے ہیں اور گننا اور شمار کرنا تو اسکی مدت کو بیان کرنے کیلئے غایت ومنتہا کیلئے نہیں۔ پس اس ارشاد کا معنی اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ (مگر ایک مقررہ مدت کیلئے) نمبر ا۔ مگر اس لئے کہ گنی ہوئی مدت پوری ہو جائے۔ مضاف مدۃ حذف کر دیا یا نمبر ۲۔ ہم اس دن کو مؤخر نہیں کر رہے مگر اسلئے تاکہ وہ مدت ختم ہو جائے جو ہم نے بقائے دنیا کیلئے مقرر کی ہے۔

۱۰۵: يَوْمَ يَاْتِ (جس دن آئے گا) قراءت: مکی نے یا سے پڑھا اور ابو عمرو، نافع، علی نے وصل میں اسکی موافقت کی ہے۔ اور اصل یا کا اثبات ہے کیونکہ حذف کی کوئی وجہ نہیں یا کا حذف اور کسرہ پر اکتفاء لغت ہذیل میں کثرت سے ملتا ہے اور اسکی مثال ماكنا نبغ [الکہف: ۶۴] اور یأت کا فاعل ضمیر ہے جو اس قول کی طرف لوٹ رہی ہے۔ یوم مجموع له الناس - [ھود: ۱۰۳] اس یوم کی طرف جو یأت سے پہلے آرہا ہے یوم یہ اذکر کی وجہ سے منصوب ہے۔ یالَا تَكَلَّمُ کی وجہ سے یہ لاتتکلم ہے (نہ کلام کرے گا)۔ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ (کوئی نفس مگر اس کے حکم سے) یعنی کسی کی کوئی سفارش نہ کر سکے گا مگر اللہ تعالیٰ کی اجازت سے جیسا فرمایا من ذا الذی یشفع عندہٗ الا باذنہ [البقرہ: ۲۵۵]

## دو قسمیں، شقی وخوش نصیب اور انجام:

فَمِنْهُمْ (پس ان میں سے) ہم کی ضمیر اہل موقف کی طرف راجع ہے کیونکہ لا تکلم نفس اس پر دلالت کر رہا ہے اور لوگوں کا

تذکرہ مجموع له الناس میں گزرا ہے[ھود:۱۰۳] شَقِیٌّ (بدبخت) معذب وَّسَعِیْدٌ (خوش نصیب) اوران میں خوش نصیب ہونگے نعمتوں والے۔

۱۰۶: فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَهُمْ فِیْهَا زَفِیْرٌ وَّ شَهِیْقٌ (پس پھر وہ لوگ جو بدبخت ہوئے وہ آگ میں جائیں گے ان کے لئے اس میں چیخیں اور پکاریں ہونگی)۔زفیر گدھے کی آواز کی ابتدائی کیفیت اور شہیق۔گدھے کی آواز کی انتہاء نمبر۲۔سانس کا نکالنا اور لوٹانا۔ یہ جملہ حال ہے اور اسمیں عامل استقرار ہے جو نار میں ہے۔

۱۰۷: خٰلِدِیْنَ فِیْهَا (وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہونگے) یہ حال مقدرہ ہے۔مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ جب تک رہیں آسمان اور زمین) یہ موضع نصب میں ہے یعنی مدۃ دوام السموت والارض۔آسمانوں وزمین کے دوام کی مدت اور آسمان و زمین سے آخرت کے آسمان وزمین مراد ہیں۔وہ دوامی ہونگے اور ابد کیلئے بنائے جائیں گے۔اور آخرت میں آسمان وزمین کے وجود کیلئے یہ آیت دلیل ہے۔یوم تبدل الارض غیر الارض والسٰمٰوت [ابراہیم:۴۸] نمبر۲۔جب تک فوق وتحت باقی ہے کیونکہ آخرت والوں کیلئے ایسی چیز ہوگی جو ان کو اٹھائے اور ان پر سایہ کرے گی خواہ سایہ کرنے والا آسمان ہو یا عرش اور ہر چیز جو سایہ کرے وہ سماء ہے۔نمبر۳۔یہ ہمیشگی کی تعبیر ہے اور انقطاع کی نفی ہے جیسے کہتے ہیں مالاح کوکب وغیرہ تابید کے کلمات بولے جاتے ہیں۔اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ (مگر جو چاہے تیرا رب) نمبرا۔یہ خلود فی النار سے استثناء ہے۔اور اسکی وجہ یہ ہے کہ اہل نار عذاب نار میں اکیلے ہمیشہ نہ رہیں گے بلکہ ان کو زمھریر (شدید سردی) اور کئی اقسام کے عذابوں سے جو آگ کے علاوہ ہونگے سزادی جائے گی۔نمبر۲۔ماشاء کا معنی من شاء ہے اور اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردیا جائے گا ان کو الجھنمیین کہا جائیگا۔یہ اہل جنت سے الگ بیان کئے کیونکہ عرصہ دراز تک اہل جنت سے جدا رہے۔اور یہ بدبخت کامل طور پر نہیں کیونکہ (تابید فی النار) آگ میں ہمیشگی سے بچالئے گئے اور ابتداءً سعادت مند نہ بنے کہ بغیر آگ کے چھونے کے جنت میں پہنچ جاتے۔(انتہاءً سعادت مند بن گئے کیونکہ آگ سے نکل گئے) یہ تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ضحاک وقتادہ رحمہما اللہ سے مروی ہے۔اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ (بیشک آپ کا رب کر گزرنے والا ہے جو وہ ارادہ کرتا ہے) شقی اور سعید کے متعلق۔

۱۰۸: وَاَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا (اور پھر جو لوگ خوش نصیب ہونگے) قراءت: حمزہ، علی، حفص نے سُعِدُوْا پڑھا ہے۔سَعِدَ لازم ہے۔اور سَعَدَ یَسْعَدُ متعدی ہے۔فَفِی الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ (پس وہ جنت میں جائیں گے اسمیں ہمیشہ رہنے والے ہونگے جب تک رہیں آسمان وزمین مگر جو چاہے تمہارا رب) نمبرا۔یہ خلود فی الجنۃ سے استثناء ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ جنت کے علاوہ ان کو جنت سے بڑی چیزیں بھی دی جائیں گی۔اور وہ رؤیت باری تعالیٰ اور اسکی رضامندی ہے۔نمبر۲۔اسکا معنی یہ ہے کہ ما بمعنی من ہو کہ جس کو اللہ تعالیٰ چاہے کہ اس کو جنت میں داخلے سے پہلے عذاب دے۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ استثناء دونوں آیات میں اہل جنت کیلئے ہے۔(رواہ ابن مردویہ الدرالمنثور) اس کا معنی وہی ہے جو ہم نے ذکر کردیا کہ گناہ گار مومن کیلئے خلود فی النار نہیں ہے کیونکہ اس کو بالآخر نکال لیا جائے گا اور اس کا جنت میں خلود نہ ہوا کیونکہ وہ ابتداء میں جنت میں داخل نہ ہوا۔

## معتزلہ کی عبرتناک حرکت :

جب انہوں نے دیکھا کہ اس آیت سے گناہ گاروں کے خلود فی النار والا مسئلہ باطل ہوتا ہے تو ان تمام احادیث کا انکار کر دیا جو اس سلسلہ میں وارد ہیں۔ اور یہ بدترین گناہ ہے۔

عَطَآءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ (ایسا عطیہ جو منقطع نہ ہوگا) غیر منقطع مگر ایسے زمانہ تک جائیگا جس کی انتہا نہیں جیسا کہ فرمایا لھم اجر غیر ممنون [فصلت:۸] یہ عَطَآءً یہ اعطو امحذوف کا مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہے ای اعطوا عطاءً۔

نکتہ: فرقہ جہمیہ نے چار آیات کا انکار کیا۔ نمبر۱۔ عَطَآءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ۔ ھود نمبر۲۔ اکلھا دائمٌ [الرعد:۳۵] نمبر۳۔ وما عند اللّٰہ باق [النحل:۹۶] نمبر۴۔ لا مقطوعة ولا ممنوعة [الواقعہ:۳۳]

## مشرکوں کو ضرور سزا ملے گی :

۱۰۹: جب اللہ تعالیٰ نے بتوں کے پجاریوں کے واقعات کو بیان کیا اور ان پر اترنے والے عذاب کو ذکر فرمادیا تو جو عذاب تیار شدہ ہے اس کا ذکر فرمایا۔ فَلَا تَكُ فِیْ مِرْیَةٍ مِّمَّا یَعْبُدُ هٰۤؤُلَآءِ (پس تم اے مخاطب! جس چیز کی یہ عبادت کرتے ہیں اس کے متعلق شک میں نہ پڑو) یعنی تم ہرگز شک نہ کرو اس کے بعد کہ تمہاری طرف یہ واقعات اتار دیئے کہ غیر اللہ کی عبادت کا برا انجام ہوگا جیسا کہ ان کے ہم مثلوں کو ان سے پہلے پہنچا۔

اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی اور کفار سے انتقام کا وعدہ فرمایا۔ اور کفار کو خبردار کیا۔ پھر فرمایا مَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ (یہ عبادت نہیں کرتے مگر کہ جس طرح ان کے آباؤ اجداد اس سے پہلے ان بتوں کی عبادت کرتے تھے) مقصد یہ ہے کہ شرک میں ان کی حالت اپنے آباؤ اجداد سے مختلف نہیں ہے۔ اور آپ کو بتلا دیا کہ ان کے آباء کا حشر کیا ہوا پس ان پر بھی اسی طرح کا عذاب اترے گا۔

نحو : یہ جملہ مستانفہ ہے اس کا مقصد شک کے متعلق نہی کی علت بیان کرنا ہے۔ ان کی عبادت ویسی مشرکانہ ہے جیسی ان کی تھی مِمَّا میں مَآ اور کَمَا میں ما مصدر یہ ہے۔ یہ ان کی پوجا کرتے ہیں جن کے ان کے اسلاف کرتے تھے۔ نمبر۲۔ موصولہ ہے۔ اس صورت میں من عبادتھم کعبادتھم جن کی عبادت ان کی عبادت کی طرح معنی ہوگا۔ نمبر۳۔ جن بتوں کی وہ عبادت کرتے اور اسی کی مثل جنکی وہ عبادت ان میں سے کرتے تھے۔ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِیْبَهُمْ (ہم ان کو ان کا حصہ پورا پورا دیں گے) عذاب کا حصہ جیسا کہ ان کے آباء کو ہم نے پورا پورا دیا۔ غَیْرَ مَنْقُوْصٍ (بغیر کمی کے) یہ نصیبھم سے حال ہے یعنی پورا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی سو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر اللہ کی طرف سے ایک بات طے شدہ نہ ہوتی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ

تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا گیا ہوتا، اور بلاشبہ وہ لوگ شک میں پڑے ہوئے ہیں جو تردد میں ڈالنے والا ہے۔ اور بیشک جتنے لوگ ہیں آپ کا رب انہیں

رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ

ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیدیگا بے شک وہ انکے اعمال سے باخبر ہے، سو آپ استقامت پر رہیئے جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے اور جو لوگ توبہ کر کے آپ

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

کے ساتھی ہیں وہ بھی استقامت پر رہیں، اور حد سے آگے نہ بڑھو بیشک وہ تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے اور ان لوگوں کی طرف مت جھکو جنہوں نے ظلم کیا

فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

ایسا کرو گے تو تمہیں آگ پکڑ لے گی اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں، پھر تمہاری مدد نہ کی جائے گی،

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ

اور دن کے دونوں طرفوں میں اور رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم کیجئے بیشک نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں،

ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے اور آپ صبر کیجئے کیونکہ اس میں شک نہیں کہ اللہ اچھے کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں فرماتا۔

۱۱۰: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (اور تحقیق ہم نے دی موسیٰ علیہ السلام کو کتاب) یعنی تورات فَاخْتُلِفَ فِيْهِ (پھر اس میں اختلاف ڈالا گیا) بعض لوگ ایمان لائے اور ایک قوم نے انکار کر دیا۔ جیسا کہ قرآن میں اختلاف کر رہے ہیں اس میں رسول اللہ ﷺ کو تسلی دی۔ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ (اگر ایک بات آپ کے رب کی طرف سے نہ ہو چکی ہوتی) کہ وہ ان کو جلدی سزا نہ دے گا۔ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ (تو ان کا قطعی فیصلہ ہو چکا ہوتا) نمبر۱۔ قوم موسیٰ علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے درمیان نمبر۲۔ آپ کا اور آپ کی قوم کا ایسے عذاب سے جو ان کو جڑ سے اکھاڑ دیتا۔ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ (اور بلاشبہ وہ اس کے متعلق شک میں مبتلا ہیں) نمبر۱۔ قرآن کے متعلق۔ نمبر۲۔ عذاب کے متعلق مُرِيْبٍ (جو ان کو متردد کرنے والا ہے) یہ اراب الرجل سے ہے جبکہ وہ شک والا ہو۔ یہ اسناد مجازی ہے۔

۱۱۱: وَاِنَّ كُلًّا (اور بالیقین تمام کے تمام) كُلًّا کی تنوین مضاف الیہ کے عوض ہے۔ یعنی اِنَّ كُلَّهُمْ یعنی بیشک تمام اختلاف

کرنے والے ہیں اس میں۔

لَمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ۔ (آپ کا رب انہیں ان کے اعمال کا بدلہ پورا پورا دے گا)

قراءت: اِنَّ مشددہ اور لَمَّا تخفیف کے ساتھ بصری، علی نے پڑھا۔ اور ما زائدہ ہے اِنَّ اور لَيُوَفِّيَنَّهُمْ کی لام میں فاصلہ کیلئے لایا گیا ہے۔ لَيُوَ فِّيَنَّهُمْ یہ قسم محذوف کا جواب ہے۔ لَمَّا میں لام قسم کی تمہید کیلئے لائی گئی ہے۔ مطلب اس طرح ہے۔ وان جميعهم والله ليوفينهم ربك اعمالهم بیشک تمام کو اللہ تعالیٰ کی قسم ضرور تیرا رب ان کے اعمال کا بدلہ دے گا یعنی ان کے اعمال خواہ ایمان ہو یا انکار و کفر حسن ہو یا قبیح۔

قراءت: ابوبکر نے پہلے کے برعکس اِنْ کو مخففہ پڑھا ہے اور مکی و نافع نے مخففہ ماننے کے باوجود ثقیلہ والا عمل اصل کا لحاظ کر کے دیا کیونکہ اصل ثقیل ہے۔ کیونکہ اِنَّ ثقیلہ فعل کے مشابہ ہے۔ اور فعل حذف سے پہلے اور بعد یکساں عمل کرتا ہے۔ جیسے لم یکن اور لم یك بالکل اسی طرح مشبہ بہ بھی۔ باقی قراء نے دونوں کو مشدد پڑھا ہے مگر یہ مشکل ہے اس میں سب سے بہتر قول یہ ہے کہ لممت الشئ سے لیا جائے ای جمعتہٗ لمّا پھر وقف کیا تو لمَّا بن گیا۔ پھر وقف کی بجائے اس پر وصل کو لائے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ الدعوٰی اور الشروٰی کی طرح ہو اور جن مصادر میں الف تانیث ہو۔

## قول زہری رحمۃ اللہ علیہ:

وانَّ كُلًّا لَمًّا تنوین کے ساتھ پڑھا ہے جیسا کہ اس آیت میں اَكْلاً لَمًّا [الفجر:۱۹] اور یہ اس کی تائید کرتا ہے جو ہم نے کہا ہے مطلب یہ ہوگا۔ ان كلًا ملمومين ای مجموعين گویا اسطرح فرمایا اِنَّ كلاًّ جميعًا۔ (بیشک تمام نے جمع ہونا ہے) جیسا کہ اس ارشاد میں فسجد الملائكة كلهم اجمعون [الحجر:۳۰]

## صاحب ایجاز کا قول:

لَمَّا میں ظرفیت کا معنی ہے اور کلام میں اختصار ہے۔ گویا اس طرح فرمایا وان كلا لما بعثوا ليوفينهم رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ۔ جب ہر شخص کو قیامت کے دن اٹھایا جائے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے اعمال کا ضرور بدلہ دے گا۔

## کسائی کا قول:

لَمَّا کی تشدید میرے علم میں نہیں ہے۔

اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (بیشک وہ جو عمل کرتے ہیں ان سے خبردار ہے)

## استقامت کا حکم:

۱۱۲: فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ (پس جو حکم آپ کو دیا گیا ہے اس پر قائم رہو) تم اس طرح قائم رہو۔ جس طرح استقامت کا آپ کو حکم ہوا۔ اس سے عدول کرنے والے نہ ہو۔ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ (اور وہ لوگ جو آپ کے ساتھ ایمان لانے والے ہیں) اسکا عطف مستتر پر ہے۔ جو استقم میں ہے اور فصل کیلئے ایسا جائز ہے۔ تقدیر اس طرح ہے۔ فاستقم انت وليستقم من تاب

عن الکفر ورجع الی اللّٰہ مخلصًا پس تم استقامت اختیار کرو اور وہ بھی استقامت اختیار کریں جو آپ کے ساتھ ایمان لائے اور اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کیطرف رجوع کیا۔ وَلَا تَطْغَوْا (اور تجاوز نہ کرو ( حدود شرع سے ) یعنی اللہ تعالیٰ کی حدود سے نہ نکلو اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (وہ تمہارے تمام کاموں کے دیکھنے والے ہیں ) وہ تمہیں بدلہ دے گا پس اس سے ڈرو۔ کہا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس سے زیادہ اشق آیت کوئی نازل نہیں ہوئی اسی لئے آپ نے فرمایا۔ شَيَّبَتْنِيْ هُوْد ( ترمذی ) مجھے سورۂ ہود نے بوڑھا کر دیا۔

## ظالموں کی طرف جھکنے کی سزا آگ :

۱۱۳: وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (اور ظالموں کی طرف مت جھکو) نہ مائل ہو۔ بقول شیخ رحمہ اللہ! یہ کافر سرداروں کے متعلق خطاب ہے کہ کفار قائدین اور سرداروں کی طرف ان کے ظلم میں ذرا بھر بھی جھکاؤ مت اختیار کریں۔ اور ان باتوں میں جن میں وہ تمہیں اپنی طرف بلاتے ہیں۔ فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (پس تمہیں عذاب چھولے گا) ایک قول یہ ہے کہ الرکون الیھم سے مراد ان کے کفر پر رضا ہے۔ قتادہ نے کہا مشرکین سے مت ملو۔

نکتہ: موفق کہتے ہیں کہ میں نے امام کے پیچھے نماز پڑھی۔ جب اس نے یہ آیت پڑھی تو اس پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔ جب افاقہ ہوا تو ان سے پوچھا، کیا ہوا تو اس نے کہا یہ تو ان لوگوں کے بارے میں ہے جو ظالموں کی طرف جھکنے والے ہیں۔ ظالم کا کیا حال ہوگا ؟

## اقوالِ علماء رحمۃ اللہ علیہم :

حضرت حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے دین کو دو۔ لا میں بند کر دیا۔ نمبر ا۔ لاتطغوا۔ نمبر ۲۔ لاترکنوا ( خوب نکتہ بنی ہے ) حضرت سفیان رحمہ اللہ نے کہا جہنم میں ایک وادی ہے جس میں وہ قراء جو بادشاہوں کی زیارت کیلئے جانے والے ہیں وہ رکھے جائیں گے۔ قول حضرت اوزاعی رحمہ اللہ! اللہ تعالیٰ کو سب سے ناپسند یہ بات ہے کہ کوئی عالم کسی عامل ( وزیر، امیر ) کے پاس جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ظالم کے متعلق دعا کی کہ وہ باقی رہے تو اس نے گویا پسند کیا کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اسکی زمین میں ہوتی رہے۔ ( بیہقی فی شعب الایمان ) سفیان رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا کہ اگر ظالم جنگل میں قریب المرگ ہو۔ کیا اسکو پانی کا گھونٹ دیا جائے گا۔ آپ نے فرمایا نہیں آپ سے سوال کیا گیا وہ مر جائیگا۔ تو فرمایا۔ اس کو موت کے حوالہ کر دو۔

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ (اور تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں کوئی دوست نہ ہوگا) یہ فتمسکم النار سے حال ہے تقدیر عبارت یہ ہے فتمسکم النار وانتم علی ھذہ الحالۃ۔ پس تمہیں آگ چھولے گی اس حال میں کہ تم اس حالت میں ہو گے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں تمہارا کوئی کارساز نہ ہوگا جو اس کے عذاب سے بچا سکے اور نہ ہی اس کے سواء کوئی تم سے اس کے عذاب کو روک سکے گا۔ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ( پھر تمہاری امداد نہ کی جائیگی ) پھر وہ اللہ تعالیٰ تو تمہاری امداد نہ کرے گا کیونکہ تمہیں سزا کا خود اس نے حکم دیا۔ ثم استبعاد کیلئے ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسے آدمی کی مدد بہت ہی بعید ہے۔

(یعنی بالکل نہ ہوگی)

## نماز کے قیام اور نیکی کرتے رہنے کا حکم:

۱۱۴: وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ (آپ نماز کو قائم کریں دن کے دو اطراف میں) صبح وشام وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ (اور رات کے کچھ حصوں میں) رات کے اوقات میں۔ زلفا یہ جمع زُلفۃ ہے یہ دن کے آخر میں رات کی قریبی گھڑیاں یہ ازلفه ای اذا قربه سے بنا ہے۔قریب کرنا۔صلاۃ الغدوۃ نماز فجر اور صلاۃ العشی ۔ظہر،عصر ہے کیونکہ زوال کے بعد والا وقت العشی ہے۔اور صلاۃ الزلف یہ مغرب وعشاء ہے۔

نَحْو: طرفی النهار کا نصب ظرفیت کی وجہ سے ہے۔ کیونکہ دونوں کی اضافت وقت کی طرف ہے۔جیسا کہتے ہیں اقمت عنده جميع النهار واتيته نصف النهار واولهٗ آخره یہ تمام منصوب ہیں کیونکہ مضاف کو مضاف الیہ کا حکم دیا ہے۔اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (بیشک نیکیاں دور کرنے والی ہیں برائیوں کو) پانچوں نمازیں گناہوں کو مٹاتی ہیں۔حدیث میں فرمایا۔ ان الصلٰوة الخمس تكفرما بينها من الذنوب بیشک پانچوں نمازیں اپنے درمیان کے گناہوں کو مٹاتی ہیں۔ نمبر۲۔طاعات مٹاتی ہیں سیئات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔غلطی کے بعد نیکی کرلو، وہ نیکی اس برائی کو مٹا دے گی۔ سبحان اللہ، الحمدللہ، لا الٰہ الا اللہ، اللہ اکبر یہ برائیوں کو مٹاتے ہیں۔ذٰلِكَ (یہ) نمبر۱۔اس کا مشارالیہ فاستقم اور اس کا مابعد کلام ہے۔نمبر۲۔قرآن مشارالیہ ہے۔

ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ (یہ نصیحت ہے۔نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے) یہ آیت عمرو بن غزیہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق نازل ہوئی۔ جو کھجور فروش تھے۔ایک عورت ان کے ہاں سودا لینے آئی تو انہوں نے عورت کو کہا گھر میں اس سے بہتر کھجور ہے۔ وہ عورت داخل ہوئی تو انہوں نے اس کا بوسہ لے لیا۔پھر شرمندہ ہوئے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں روتے ہوئے اپنا حال بیان کرتے ہوئے حاضر ہوئے۔ یہ آیت اتری آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: هل شهدت معنا العصر کیا تم عصر میں ہمارے ساتھ تھے۔اس نے کہا جی ہاں۔آپ نے فرمایا تیرے لئے وہ اس گناہ کا کفارہ ہے۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کیا یہ ان کے ساتھ مخصوص حکم ہے تو آپ نے فرمایا نہیں بلکہ تمام لوگوں کیلئے عام ہے (ترمذی)

۱۱۵: وَاصْبِرْ (اور جمے رہو) اسکو پورا کرنے میں جس کا آپ کو حکم دیا گیا اور اس سے رکے رہو جس کی ممانعت کی گئی ہے۔ جو چیز ان میں سے اسی وقت کامل ہوگی جب صبر ہوگا۔فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (پس اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے) جس نے ان تمام اوامر ونواہی کو جو فاستقم سے واصبر تک بیان فرمائے گئے جمع کر دیا وہ محسن ہے۔

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ

سو جو امتیں تم سے پہلے گزری ہیں ان میں ایسے سمجھدار لوگ کیوں نہ ہوئے جو زمین میں فساد کرنے سے روکتے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا

بجز چند آدمیوں کے جن کو ہم نے عذاب سے بچالیا، اور جن لوگوں نے ظلم کی راہ اختیار کی وہ اسی عیش و عشرت کے پیچھے پڑے رہے جس میں وہ تھے اور یہ لوگ

مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

مجرم تھے اور آپ کا رب ایسا نہیں ہے، جو بستیوں کو بطور ظلم کے ہلاک فرما دے حالانکہ ان کے رہنے والے اصلاح کرنے والے ہوں

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ

اور اگر آپ کا رب چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی جماعت بنا دیتا اور وہ برابر اختلاف میں رہیں گے مگر جس پر

رَّحِمَ رَبُّكَ ۗ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ

آپ کا رب رحم فرمائے اور اللہ نے انہیں اسی لئے پیدا فرمایا اور آپ کے رب کی بات پوری ہوگی کہ میں جہنم کو جنات سے اور انسانوں سے

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

دونوں جماعتوں سے بھر دوں گا۔

## اصلاح والے لوگ ضروری ہیں تاکہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ ادا ہو

۱۱۶: فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ (کیوں نہ ہوئے ان امتوں میں جو تم سے پہلے گزریں) لولا۔ ھَلاَّ کان کے معنی میں ہے۔ یہ تحضیض کیلئے ہے اور فعل کو خاص کر دیتا ہے۔ اُولُوْا بَقِيَّةٍ (سمجھدار) فضیلت والے اور بھلائی والے۔ آیت میں فضل وجودت کو بقیہ کے لفظ سے ذکر کیا۔ جیسے کہا جاتا ہے۔ فلان من بقية القوم کہ فلاں قوم کے افضل لوگوں میں سے ہے۔ اور عرب کا قول اسی کے متعلق ہے۔ فی الزوایا خبایا۔ وفی الرجال بقایا۔ کونوں میں چھپی چیزیں اور آدمیوں میں اعلیٰ آدمی ہوتے ہیں۔

يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ (جو زمین میں فساد سے لوگوں کو روکتے) اس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کے سامنے اس بات کو تعجب کے طور پر ذکر کیا کہ اس سورت میں جن امتوں کی ہلاکت کا ذکر کیا ان میں ایک جماعت بھی ایسی عقل منداور دیندار موجود نہ تھی جو دوسروں کو کفر و معاصی سے روکتی۔ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ (مگر تھوڑے جن کو ہم نے ان میں سے بچالیا) یہ مستثنیٰ منقطع ہے۔ مطلب یہ ہے لیکن تھوڑے ایسے تھے جن کو ہم نے ان اہل زمانہ میں سے بچالیا جنہوں نے فساد سے منع کیا بقیہ تمام نہی عن المنکر کو ترک کرنیوالے تھے۔ ممن انجینا میں مِن بیانیہ ہے تبعیض کیلئے نہیں ہے کیونکہ نجات صرف برائی

سے روکنے والوں کو ملی جیسا دوسری آیت میں ہے۔ انجینا الذین ینھون عن السوء و اخذنا الذین ظلموا [الاعراف: ۱۶۵]

وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (اور ظالموں نے اتباع کی اور پیچھے پڑے رہے) یعنی وہ نہی عن المنکر کو چھوڑ نیوالے تھے۔ اسکا عطف مضمر پر ہے۔ ای الا قلیلاً مِمَّن انجینا منھم نھوا عن الفساد واتبع الذین ظلموا شھواتھم۔ مگر تھوڑے لوگ جن کو ان میں سے بچایا انہوں نے فساد سے دوسروں کو منع کیا۔ اور ظالموں نے اپنی شہوات کی اتباع کی۔ اس کا عطف نھوا پر ہے۔ مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ (جس ناز ونعمت میں وہ پڑے تھے) انہوں نے ان چیزوں کی اتباع کی جس میں عیش پسندی اور خوشحالی دیکھی۔ الترفۃ سرداری اور دولت کو پسند کرنا اور خوشحالی کے اسباب کو تلاش کرنا۔ انہوں نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو چھوڑ دیا۔ اور اس کو پس پشت ڈال دیا۔ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ (اور وہ مجرمین تھے) یہ جملہ معترضہ ہے۔ ان کے بارے میں فیصلہ کر دیا کہ وہ مجرم لوگ ہیں۔

۱۱۷: وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى (اور آپ کا رب ہلاک کرنے والا نہیں اہل بستی کو)۔ نحو: لِيُهْلِكَ کی لام تاکید نفی کیلئے لائی گئی ہے۔ بِظُلْمٍ (ظلم کے سبب) یہ فاعل سے حال ہے یعنی یہ درست نہیں کہ اللہ تعالیٰ کسی بستی کو ظلم کے طور پر ہلاک کردے۔ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ (جبکہ بستی والے اصلاح کرنے والے ہوں) اس میں اللہ تعالیٰ کا ظلم سے منزہ اور پاک ہونا ذکر کیا۔ ایک قول یہ ہے کہ ظلم سے شرک مراد ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کسی بستی کو شرک کی وجہ سے ہلاک کرنے والے نہیں۔ جبکہ وہ لوگ اپنے باہمی معاملات میں درستگی کرنے والے ہوں۔ وہ اپنے شرک کے ساتھ کوئی دوسرا افساد نہ ملائیں۔

۱۱۸: وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً (اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سب لوگوں کو ایک گروہ بنا دیتا) سب کو ایمان و طاعات پر اپنے اختیار سے متفق کر دیتا۔ لیکن اس نے ایسا نہ چاہا۔

**قول معتزلہ:** اس مشیت سے زبردستی کی چاہت مراد ہے۔ اور اس سے ابتلاء کا کوئی معنی نہیں رہتا۔ پس یہ جائز نہیں۔ مگر: آیت تو بتلا رہی ہے کہ مشیت الگ چیز ہے اور حکم جدا چیز ہے۔ پس معتزلہ کی غلطی دونوں میں فرق نہ کرنے کی وجہ سے ہے فافہم) وَّ لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ (وہ لوگ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے) کفر و ایمان میں اختلاف کرتے رہیں گے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ وہ مختلف ہوں جب ان سے اختیار کو جانا۔

۱۱۹: اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ (سوائے ان کے جن پر آپ کا رب رحم کرے) مگر وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ نے اختلاف سے بچایا۔ پس وہ دین حق پر متفق ہوگئے۔ اس میں اختلاف کرنے والے نہ تھے۔ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ (اور اسی کیلئے ان کو پیدا کیا) جس اختلاف پر وہ ہیں۔ پس ہمارے نزدیک تقدیر یہ ہے حلقھم للذی علم انھم سیصیرون الیہ من اختلاف ان کو پیدا کیا اس اختلاف کیلئے جس کے متعلق اس نے جانا کہ وہ عنقریب پہنچ جائیں گے۔ (یہ حسن وعطاء کا قول ہے) نمبر۲۔ اتفاق کیلئے پیدا کیا اور ان کو اس کے علاوہ کسی چیز کیلئے پیدا نہیں کیا کہ جس کے بارے میں اس نے جانا کہ وہ اس تک پہنچیں گے۔

(کذا فی شرح التاویلات)

وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ (اور تیرے رب کی بات پوری ہوئی) کلمہ سے مراد وہ بات ہے جو اللہ تعالیٰ نے ملائکہ سے فرمائی

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِىْ هٰذِهِ الْحَقُّ

اور رسولوں کے قصوں میں سے یہ قصے ہم ایسے بیان کرتے ہیں جن کے ذریعے ہم آپ کے دل کوتقویت دیتے ہیں اور ان قصوں میں آپ کے پاس حق آ گیا ہے

وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ۭ

اور اہل ایمان کے لئے نصیحت ہے اور آپ ان لوگوں سے فرما دیجئے جو ایمان نہیں لاتے کہ تم اپنی جگہ پر عمل کرتے رہو

اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ

ہم بھی عمل کرنے والے ہیں۔ اور تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں، اور اللہ ہی کے لئے ہے آسمان کی اور زمین کی غیب کی چیزوں کا علم، اور اسی کی طرف

ع ۱۰ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع

تمام امور رجوع ہوں گے، سو آپ اسکی عبادت کریں اور اس پر توکل کریں اور آپ کا رب ان کاموں سے غافل نہیں جو تم کرتے ہو۔

لاملئن جهنم من الجنة و الناس اجمعين۔ اسلئے کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں یہ بات ہے کہ اکثریت باطل کو اختیار کرے گی۔ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ (کہ میں جہنم کو جنات سے اور انسانوں سے دونوں جماعتوں سے بھر دونگا)

۱۲۰: وَكُلًّا (ہر ایک) نحو: اس میں تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے۔ گویا عبارت اسطرح ہے کل نبأ۔ كُلًّا پر نصب نَقُصُّ عَلَيْكَ سے ہے اور مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ یہ کل کا بیان ہے۔ اور مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ یہ كُلًّا سے بدل ہے۔

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ (ہر ایک واقعہ جو ہم نے پیغمبروں کے واقعات میں سے بیان کیا وہ ایسا ہے کہ جس سے ہم آپ کے دل کو تقویت دیتے ہیں۔) وَجَآءَكَ فِىْ هٰذِهِ الْحَقُّ (اور آپ کے پاس اس سلسلہ میں حق آ گیا) اس سورت میں یا ان بیان کردہ واقعات میں وہ آ گیا جو سچا ہے۔ وَمَوْعِظَةٌ وَّ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ (وہ چیز آ گئی جو نصیحت اور یادداشت ہے ایمان والوں کیلئے) تثبیتِ فؤاد کا معنی اضافہ یقین ہے کیونکہ دلائل کی کثرت دل کو مضبوط کر دیتی ہے۔

## تم مانتے نہیں اب عذاب کا انتظار کرو:

۱۲۱: وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (اور کہہ دیں ان لوگوں کو جو ایمان نہیں لاتے) یعنی اہل مکہ وغیرہ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ (تم اپنی جگہ کام کرو)۔ اپنی حالت اور جانب جس پر تم قائم ہو۔ اِنَّا عٰمِلُوْنَ (بیشک ہم کام کرنے والے ہیں) اپنی جگہ

۱۲۲: وَانْتَظِرُوْا (اور تم انتظار کرو) ہمارے متعلق حوادث کا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ (ہم تمہارے بارے میں انتظار کرنے والے ہیں)۔ کہ تم پر اسی طرح کا عذاب اترے جو اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں بیان فرمایا جو تم جیسے تھے۔

۱۲۳: وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور اللہ تعالیٰ ہی کیلئے تمام پوشیدہ باتیں ہیں آسمانوں اور زمین کی) ان میں کوئی چیز

ایسی نہیں جواس پر چھپی ہو۔پس تمہارے اعمال اس سے چھپے ہوئے نہیں ۔وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ (اوراسی ہی کی طرف تمام کاموں کا لوٹنا ہے )پس ضروری ہے کہ ان کا معاملہ بھی اسی ہی کی طرف لوٹے اور آپ کا معاملہ بھی پس وہ خود آپ کی طرف سے ان سے انتقام لے گا۔

**قراءت:** نافع وحفص نے یُرجع پڑھا ہے۔فَاعْبُدْهُ وَ تَوَكَّلْ عَلَيْهِ (پس اسی ہی کی عبادت کرواوراس پر ہی بھروسہ کرو )وہ آپ کے لئے کافی ہے اور آپ کا کفیل ہے وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (اور آپ کا رب بے خبر نہیں ان کاموں سے جن کو وہ کرتے ہیں )۔

قراءت: مدنی، شامی، حفص نے تا کے ساتھ پڑھا ہے۔مطلب یہ ہوگا آپ اور وہ۔تو تعملون میں مخاطب کو غلبہ دے کر ذکر کیا۔ ایک قول یہ ہے کہ تورات کا اختتام اسی آیت سے فرمایا گیا۔حدیث میں فرمایا گیامن احب ان یکون اقوی الناس فلیتو کل علی اللّٰہ تعالٰی ۔جو آدمی یہ پسند کرے کہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ قوی بن جائے وہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے۔( حاکم )

**تمت ترجمة سورۂ هود یوم الاربعاء ٢٤ /رجب المرجب ١٤٢٣ من الهجرة والحمدللّٰه**

سُوْرَۃُ یُوْسُفَ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَۃٌ وَّاِحْدٰی عَشْرَۃَ اٰیَۃً وَّاثْنَا عَشَرَ رُکُوْعًا

سورۂ یوسف مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سوگیارہ آیات اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ﴿۱﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾

الرٰ وقف یہ کتاب مبین کی آیات ہیں بیشک ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی تا کہ تم سمجھو،

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَاۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖۗ وَاِنْ

ہم نے جو یہ قرآن آپ کے پاس بھیجا ہے اس کے ذریعہ سے ہم آپ سے سب سے اچھا قصہ بیان کرتے ہیں، اور اس سے

كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِیْنَ ﴿۳﴾ اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْهِ یٰۤاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ

پہلے آپ محض بے خبر تھے، جبکہ یوسف نے اپنے والد سے کہا کہ اے میرے ابا میں نے دیکھا کہ

اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ﴿۴﴾

گیارہ ستارے اور چاند اور سورج مجھے سجدہ کیے ہوئے ہیں

## عظمتِ قرآن:

ا: الٓرٰ۔ اللہ اعلم بمرادہٖ۔ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ (یہ واضح کتاب کی آیات ہیں) تلک سے اس سورت کی آیات کی طرف اشارہ ہے۔ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ سے سورت مراد ہے۔ یعنی یہ آیات وہ ہیں جو آپ کی طرف اس سورت میں اتاری گئیں۔ سورت کی آیات کا معاملہ اعجاز کے لحاظ سے غالب ہے۔ نمبر۲۔ یہ آیات اس پر اعجاز کو ظاہر کرتی ہیں جو ان میں غور وتدبر کرے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ انسانوں کی طرف سے نہیں نمبر۳۔ یہ ایسی واضح آیات ہیں کہ جنکے معانی اہل عرب پر مشتبہ نہیں کیونکہ یہ انہی کی زبان میں ہے۔ نمبر۴۔ ان آیات میں یہود کے اس سوال کو کھولا گیا جو انہوں نے یوسف علیہ السلام کے سلسلہ میں کیا۔ روایت میں ہے کہ علمائے یہود نے مشرکین سے کہا کہ محمد سے سوال کرو۔ آل یعقوب شام سے مصر میں کیوں منتقل ہوئی۔ اور یوسف علیہ السلام کا کیا واقعہ ہے۔

۲: اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا (ہم نے اسکو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا) یعنی اس کتاب کو جس میں یوسف علیہ السلام کا واقعہ ہے اس حال میں اتارا ہے کہ یہ قرآن عربی ہے قرآن کے بعض حصہ کو قرآن کہا کیونکہ قرآن اسم جنس ہے۔ یہ سارے قرآن پر بھی بولا

جاتا ہے اور بعض حصہ پر بھی لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ (تاکہ تم سمجھو) تاکہ تم اس کے معانی سمجھو۔ جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا
وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ [فصلت:۴۴]
۳: نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ (ہم تمہیں بہترین قصہ بیان کرتے ہیں) ہم آپ کو بہترین بیان سے وضاحت کرتے ہیں۔ القاص۔ جو واقعہ کو صحیح طور پر بیان کرے یہ زجاج کا قول ہے ایک قول یہ ہے۔ القصص مصدر ہے اور اقتصاص کے معنی میں ہے۔ جیسے تم کہو قص الحدیث یقصه قصصا اس نے بات کو بیان کیا۔ یہ فعل بمعنی مفعول ہے جیسا نفض اور الحسب بمعنی منقوص اور محسوب۔ اول صورت میں معنی نحن نقص علیك احسن اقتصاص ہم بیان کرتے ہیں تم پر بہترین بیان۔

بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ (اس سبب سے کہ ہم نے قرآن کو بذریعہ وحی آپ کی طرف بھیجا) یعنی اس سبب سے کہ ہم نے تیری طرف وحی کی ہے یہ سورۃ۔ اس طرح احسن مصدر کی وجہ سے منصوب ہے اور مصدر اس کا مضاف الیہ ہے۔ اور مقصوص محذوف ہے کیونکہ بما اوحینا الیك هذا القر ان نے اس سے مستغنی کر دیا۔ اور احسن الاقتصاص سے مراد اس کا انوکھے انداز سے اور عجیب اسلوب سے بیان کرنا ہے۔ پہلی کتابوں میں اس قسم کا انداز بیان تو کیا اس کے قریب بھی نہیں پایا جاتا اور اگر قصص سے مقصوص مراد ہو تو معنی یہ ہوگا۔ ہم تمہیں ان باتوں میں جو بیان کی جاتی ہیں بہترین واقعہ بیان کرتے ہیں۔

## احسن کی وجہ:

نمبر۱۔ عبرتوں پر مشتمل ہے۔ نمبر۲۔ حکمتوں کا مرقع نمبر۳۔ اس میں وہ عجائبات ہیں جو اوروں میں نہیں اور ظاہر یہ ہے کہ اس باب میں جتنے واقعات بیان کیے جاتے ہیں۔ یہ ان میں احسن ہے جیسا کہتے ہیں فلان اعلم الناس یعنی اپنے فن میں اور القصص کا لفظ یہ قص اثرهٗ سے مشتق ہے جبکہ اسکی اتباع کرلے کیونکہ جو بات کو بیان کرتا ہے وہ اپنی یادداشت کی آہستہ آہستہ اتباع کرتا ہے۔ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ (اگرچہ آپ اس سے پہلے) اس میں ضمیر ما اوحینا کی طرف لوٹتی ہے۔ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ (البتہ ناواقفوں میں سے تھے) اس کے متعلق۔ ان یہ مخففہ من المثقلہ ہے۔ اور لام دونوں کو ظاہر کر رہی ہے۔ نافیہ کے بعد لام نہیں آتا۔ بیشک شان اور بات یہ ہے کہ تم ہمارے وحی کرنے سے پہلے اس سے ناواقف تھے۔

## قصہ یوسف علیہ السلام اور اس کا خواب:

۴: اِذْ قَالَ (جب کہا) یہ احسن القصص سے بدل الاشتمال ہے۔ کیونکہ وقت واقعات کو اپنے اندر شامل کرنے والا ہے۔ اس لئے کہ واقعات ان اوقات میں وقوع پذیر ہوئے۔ تقدیر عبارت یہ ہے اذکر اذ قال۔ یُوْسُفُ (یوسف نے) یوسف یہ عبرانی لفظ ہے عربی نہیں۔ اگر عربی ہوتو منصرف ہوتا کیونکہ منع صرف اسباب میں صرف تعریف رہ جاتی۔ لِاَبِيْهِ (اپنے والد کو) یعنی یعقوب علیہ السلام یٰٓاَبَتِ (اے میرے ابا)

قراءت: شامی نے ابت پڑھا۔ یہ تاء تانیث ہے جو کہ یاء اضافت کے عوض میں آئی ہے۔ کیونکہ دونوں میں مناسبت پائی جاتی ہے ان میں سے ہر ایک اسم کے آخر میں بڑھائی جاتی ہیں۔ اسی لئے تو ھا میں تبدیل ہو جاتی ہیں جبکہ وقف ہو۔ تاء تانیث کو مذکر

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

ان کے والد نے کہا کہ اے میرے چھوٹے بیٹے تم اپنا خواب اپنے بھائیوں کو مت بتانا ورنہ وہ تمہارے لئے کوئی تدبیر کریں گے' بلاشبہ شیطان انسان کا

لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ

کھلا دشمن ہے، اور تمہارا رب اسی طرح تمہیں منتخب فرما لے گا، اور تمہیں خوابوں کی تعبیر کا علم دے گا اور وہ تم پر

وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ

اور یعقوب کی آل پر اپنی نعمت پوری فرما دے گا، جیسا کہ اس نے اپنی نعمت اس سے پہلے تمہارے دونوں دادوں ابراہیم اور اسحاق پر

وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ ع

پوری فرمادی، بے شک آپکا رب جاننے والا ہے حکمت والا ہے

کے آخر میں لانا بھی جائز ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں رجل ربعۃ تا کا کسرہ اس لئے ہے تا کہ یاءمحذوف پر دلالت کرے اور جنہوں نے تاءکوفتحہ دیا انہوں نے الف کو یا ابتا سے حذف کر کے فتحہ کو باقی رکھا ہے۔ جیسا کہ یا غلام میں حذف یا کے بعد کسرہ کو باقی رکھتے ہیں۔ اِنِّيْ رَاَيْتُ (بیشک میں نے دیکھا) یہ الرؤیا سے ہے۔ الرؤیۃ سے نہیں ہے۔ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا (گیارہ ستارے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان سے ان کے نام یہ ہیں جریان، الذیال، الطارق، قابس، عمودان، الفلیق، المصبح، الضروح، الفرع، وثاب، ذوالکتفین (البزاز) وَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ (اور سورج اور چاند کو) نمبرا۔ اس سے مراد باپ اور ماں نمبر۲۔ والد اور خالہ اور کواکب سے ان کے بھائی مراد ہیں۔

ایک قول یہ ہے کہ واؤ مع کے معنی میں ہے۔ ای رایت الکواکب مع الشمس و القمر اوران کوعقلاء کے قائم مقام شمار کیا گیا ہے۔ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ (میں نے ان کو اپنے سامنے سجدہ ریز دیکھا) کیونکہ انہوں نے ان کا وصف ایسا بیان کیا جو عقلاء کا کام ہے۔ مثلاً سجدہ۔ خواب کو دوبارہ ذکر کیا کیونکہ پہلا الرؤیا، ذات سے متعلق ہے۔ اور دوسرا الرؤیا حالت وصف سے متعلق ہے۔ یا نمبر۲۔ دوسرا کام متانف ہے۔ سوال کو مقدر مانکر یہ جواب لایا گیا ہے۔ گویا کہ ان کے والد نے ان کو کہا کیف رأیتھا؟ تم نے ستاروں کو کس طرح دیکھا تو انہوں نے جواب میں کہا رأیتھم لی ساجدین یعنی تواضع کی حالت میں پایا۔ اس وقت ان کی عمر بارہ سال تھی۔ اور خواب یوسفی اور بھائیوں کے اس انجام تک چالیس سال کا عرصہ ہے یا اسی سال کا۔

۵: قَالَ يٰبُنَيَّ (کہا اے میرے بیٹے) قراءت: حفص نے بنیّ کو ہر جگہ فتحہ سے ہی پڑھا ہے۔ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ (تو بیان نہ کر اپنا خواب) یہ الرؤیۃ کے معنی میں ہے مگر الرؤیا کا لفظ منام کیلئے خاص ہے بیداری کیلئے استعمال نہیں ہوتا اور صاحب بحر المحیط نے دونوں میں تا تانیث سے فرق کیا ہے جیسا کہ القربۃ اور القربی میں عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا

(اپنے بھائیوں کے سامنے پس وہ تدبیر کریں گے تمہارے متعلق خفیہ تدبیر) یہ نہی کا جواب ہے تقدیر اس طرح ہے ان قصصتها علیهم کادوك۔ اگر تم نے بیان کر دیا تو وہ تیرے خلاف تدبیر کریں گے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے پہچان لیا کہ اللہ تعالیٰ اس کو شرف نبوت سے نوازنے والے ہیں۔ اور دارین میں ان پر احسان فرمائیں گے۔ اسی لئے بھائیوں کے حسد کا خطرہ محسوس کیا۔ البتہ فیکیدوك نہیں کہا جیسا کہ فکیدونی۔ ھود: ۵۵ میں ہے لام سے متعدی کر کے فعل کے معنی کو ضمن میں ذکر کر دیا تا کہ تخویف بلیغ انداز میں ہو جائے اور اسکی مثال فیحتالوا لك ہے۔ اسی لئے تو مزید تاکید کیلئے کَیْدًا لائے ہیں۔ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ (بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے) ظاہر دشمنی کرنے والا پس وہ ان کو حسد پر آمادہ کرے گا۔ اور خفیہ تدابیر سکھائے گا۔

۶: وَكَذٰلِكَ (اور اسی طرح) اس چناؤ کی طرح جس پر تیرا خواب دلالت کر رہا ہے۔ یَجْتَبِیْكَ رَبُّكَ (تیرا رب تجھے چنے گا) تیرا انتخاب کرے گا۔ اجتباء، چناؤ، کے معنی میں آتا ہے۔ اس کا اصل جبیت الشیء جبکہ اس چیز کو اپنے لئے حاصل کرے۔ اور جبیت الماء فی الحوض کا معنی میں نے پانی حوض میں جمع کیا۔ وَیُعَلِّمُكَ (اور وہ تمہیں سکھائے گا) یہ ابتدائی جملہ ہے تشبیہ میں داخل نہیں۔ گویا اس طرح کہا گیا ھو یعلمك۔ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ (خواب کی تعبیر) نمبر۱۔ خواب کی تفسیر و وضاحت۔ حضرت یوسف علیہ السلام خواب کی سب سے زیادہ تعبیر کرنے والے تھے۔ یا نمبر۲۔ انبیاء علیہم السلام کی باتوں اور اللہ تعالیٰ کی کتابوں کی تعبیر کرنے والے۔ الاحادیث جمع حدیث ہے یہ احدوثة کی جمع نہیں ہے۔ وَیُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَعَلٰٓی اٰلِ یَعْقُوْبَ (وہ اپنی نعمت کو تم پر اور آل یعقوب پر پورا کرے گا) اس طرح کہ ان کو دنیا کی نعمت آخرت کی نعمت کے ساتھ ملا کر دے گا۔ یعنی ان کو دنیا میں نبوت، بادشاہت اور دنیا سے آخرت کے بلند درجات میں منتقل کرے گا۔ آل یعقوب سے نسل، اولاد مراد ہے۔ آل کا اصل اَھْلٌ ہے۔ اسکی دلیل یہ ہے کہ اس کی تصغیر اُھَیْل آتی ہے۔ یہ ان کے بارے میں بولا جاتا ہے۔ جن میں عظمت پائی جاتی ہو۔ مثلاً آل النبی، آل الملک یہ نہیں کہا جاتا آل حجام۔ البتہ اہل حجام کہا جاتا ہے۔

حضرت یعقوب علیہ السلام نے جان لیا کہ یوسف علیہ السلام نبی ہونگے اور ان کے بھائی انبیاء ہونگے ستارے کی روشنی سے استدلال کرتے ہوئے (مگر یعقوب علیہ السلام کا یہ سمجھنا کسی بھی صحیح روایت سے ثابت نہیں کہ ان کو انبیاء سمجھ کر بھی ان کی کوتاہیوں کی تاویلات کی جائیں۔ معلوم نہیں کہ شیخ نے یہ کہاں سے لے کر تحریر فرمایا ہے ثبوت نبوت کیلئے قطعی روایت کی ضرورت ہے جیسا کہ نبوت یوسفی کیلئے نص موجود ہے فافہم) وَعَلٰٓی اٰلِ یَعْقُوْبَ اسی لئے فرمایا كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓی اَبَوَیْكَ مِنْ قَبْلُ (جیسا اس نے انعام کو تیرے آباء پر پورا کیا اس سے پہلے) مراد جد اور ابوالجد ہے۔ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ ابویك کا عطف بیان ہے۔ اِنَّ رَبَّكَ عَلِیْمٌ (بیشک آپ کا رب علم والا) وہ جانتا ہے کہ کون اجتباء کا حقدار ہے۔ حَكِیْمٌ (حکمت والا ہے) اشیاء کو ان کے مواقع پر رکھتا ہے۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ

بلاشبہ یوسف اور اس کے بھائیوں کے قصہ میں سوال کرنے والوں کے لئے دلائل ہیں، جبکہ ان کے بھائیوں نے یوں کہا کہ یوسف اور اس کا بھائی

اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝۸ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ

ہمارے باپ کو زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم سب مل کر پوری ایک جماعت ہیں، بلاشبہ ہمارے والد کھلی غلطی پر ہیں، یوسف کو قتل کر دو

اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹

یا اسے کسی زمین میں ڈال دو، ایسا کرنے سے تمہارے والد کا رخ تمہاری طرف ہو جائے گا اور اس کے بعد تم صلاح والے بن جاؤ گے،

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ

ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو قتل نہ کرو اور اسے کسی اندھیرے کنویں میں ڈال دو تا کہ اس کو قافلہ والوں میں سے کوئی مسافر اٹھا لے،

اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰

اگر تم کو کرنا ہی ہے۔

۷: لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ (یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائیوں میں) ان کے واقعہ میں اور باتوں میں اٰيٰتٌ (نشانات) علامات اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کے دلائل ہیں۔ اور حکمت باری کے ہر چیز میں ہونے کا ثبوت ہے۔ قراءت: مکی نے واحد آیۃٌ پڑھا ہے۔ لِّلسَّآئِلِيْنَ (سوال کرنے والوں کیلئے) نمبر۱۔ جو ان کے واقعات کے متعلق دریافت کرے۔ اور ان کو پہچانے نمبر۲۔ حضرت محمد ﷺ کی نبوت کے دلائل ہیں۔ ان لوگوں کیلئے جنہوں نے یہود سے یا ان کے کہنے پر خود سوال کیا اور آپ نے کسی سے واقعہ سننے کے بغیر بتلایا اور کسی کتاب سے پڑھنے کے بغیر بیان کر دیا۔ بھائیوں کے نام یہ ہیں۔ نمبر۱۔ یہودا، نمبر۲۔ روبین نمبر۳۔ شمعون نمبر۴۔ لاوی، نمبر۵۔ زبولون نمبر۶۔ یشجر، ان کی والدہ کا نام لیا بنت لیان ہے۔ نمبر۷۔ دان۔ نمبر۸۔ نفتالی نمبر۹۔ جاد، نمبر۱۰۔ آشر، یہ دونوں لونڈیوں زلفہ اور بلہہ کے بطن سے ہیں۔ جب لیا کا انتقال ہو گیا تو آپ نے اسکی بہن راحیل سے نکاح کر لیا۔ ان کے بطن سے دو بیٹے۔ نمبر۱۔ یوسف۔ نمبر۲۔ بنیامین پیدا ہوئے۔

## بھائیوں کا حسد:

۸: اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا (جب انہوں نے کہا یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ محبوب ہے) لَیوسف کی لام ابتدائیہ ہے۔ اس میں تاکید اور تحقیق جملہ کا معنی پایا جاتا ہے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ ان سے زیادہ محبت والی بات ثابت شدہ حقیقت ہے۔ جس میں شبہ کی گنجائش نہیں۔ واخوہ انہوں نے کہا حالانکہ وہ بھی تو بھائی تھے اسکی وجہ یہ تھی ان دونوں کی والدہ ایک تھی اور ان کی اور، اَحَبُّ کا لفظ تثنیہ کیلئے بھی لاتے ہیں کیونکہ افعل التفضیل کے واحد و تثنیہ یا جمع میں کوئی

فرق نہیں ہے۔اسی طرح مذکر ومؤنث کا بھی فرق نہیں، اسی لئے لام تعریف لگا کر فرق کرنا ضروری ہوا جب اضافت کی تو دونوں مقصد حاصل ہو گئے۔وَنَحْنُ عُصْبَۃٌ (اور ہم حالانکہ جماعت ہیں) واؤ حالیہ ہے۔مطلب یہ ہے کہ وہ ان دونوں کو محبت میں ہم پر فضیلت دیتا ہے حالانکہ وہ دونوں بچے ہیں جو اپنا آپ سنبھال نہیں سکتے اور ہم دس آدمی ہیں جوان کی معاونت میں کفایت کر سکتے ہیں پس اضافہ محبت میں ان کی بہ نسبت ہمارا حق زیادہ ہے کیونکہ ہماری تعداد وقوت زیادہ ہے اور فائدہ بھی زیادہ ہے۔ اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (بیشک ہمارے والد کھلی گمراہی میں ہیں) دنیاوی تدابیر میں غلطی کرنے والا ہے۔اگر وہ ضلالت فی الدین مراد لیتے تو یہ کافر ہو جاتے۔العصبہ دس یا اس سے زیادہ پر بولا جاتا ہے۔

## فیصلہ قتل:

۹: اُقْتُلُوْا یُوْسُفَ (تم یوسف کو قتل کردو) یہ بھی منجملہ ان باتوں میں سے ہے جو اذ قَالُوْا کے بعد بیان کی گئیں گویا وہ اس بات کا متفقہ فیصلہ کر چکے تھے۔سوائے اس کے جس نے لا تقتلوا یوسف کہا تھا ایک قول یہ ہے کہ قتل کی رائے دینے والا شمعون تھا۔اور باقی اتفاق رائے کرنے والے تھے۔اس لئے تمام کو قتل کا حکم دینے والے کہا گیا۔اَوِ اطْرَحُوْہُ اَرْضًا (یا اس کو پھینک دو کسی زمین میں) ناواقف اور بیابان جگہ میں جو آبادی سے دور ہو۔اسی لئے ارضا کو نکرہ لائے اور صفت کے بغیر ذکر کیا اسی وجہ سے اس کا اعراب ظرف مبہم والا نصب دیا گیا۔

یَخْلُ لَکُمْ وَجْہُ اَبِیْکُمْ (خالص ہو جائے گی تمہارے لئے باپ کی توجہ) وہ تمہاری طرف پوری طرح متوجہ ہو جائے گا۔اور دوسرے کی طرف متوجہ نہ ہوگا۔اور مقصد اس سے یہ ہے ان کی محبت شراکت سے پاک ہو جائے گی۔وَجْہ کا لفظ توجہ کی تصویر کشی کیلئے لائے۔کیونکہ آدمی جب کسی شئی کی طرف پورا متوجہ ہوتا ہے تو چہرہ اسکی طرف کرتا ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ وجہ بول کر ذات مراد لیں۔جیسا کہ اس آیت میں ویبقی وجہ ربك [الرحمان: ۲۷] وَتَکُوْنُوْا (اور تم ہو جاؤ) یہ یخل لکم پر عطف کی وجہ سے مجزوم ہے۔مِنْۢ بَعْدِہٖ (اس کے بعد) یوسف کے بعد یعنی نمبر ۱۔اس کے قتل سے فراغت کے بعد نمبر ۲۔جلاوطن کرنے کے بعد نمبر ۳۔اس کے قتل کے بعد نمبر ۴۔پھینکنے کے بعد۔ضمیر اقتلوا کے مصدر کی طرف لوٹتی ہے یا اطرحوا کے مصدر کی طرف قَوْمًا صٰلِحِیْنَ (نیک لوگ) نمبر ۱۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس حرکت سے توبہ کرنے والے یا نمبر ۲۔تمہاری حالت والد کے ہاں درست ہو جائے گی۔

۱۰: قَالَ قَآئِلٌ مِّنْھُمْ (ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا) وہ یہودا تھا۔یہ سب سے زیادہ عمدہ رائے والا تھا۔لَا تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ (تم یوسف کو قتل مت کرو) قتل بہت بڑا گناہ ہے وَاَلْقُوْہُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ (اسکو گہرے کنویں کے گڑھے میں ڈال دو) کنوئیں کی گہرائی میں۔غیابۃ کنوئیں کا حصہ جو دیکھنے والے کی آنکھ سے اوجھل ہو

قراءت: مدنی نے غیابات اور اسی طرح اس کا مابعد پڑھا ہے۔یَلْتَقِطْہُ بَعْضُ السَّیَّارَۃِ (اس کو لے جائے کوئی مسافر) راستے پر چلنے والا کوئی آدمی اِنْ کُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ (اگر تم عمل کرنے والے ہو) اس پر کچھ۔

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ⑪ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا

کہنے لگے کہ اے ہمارے ابا کیا بات ہے آپ یوسف کے بارے میں ہم پر اطمینان نہیں کرتے حالانکہ ہم اس کے خیر خواہ ہیں، آپ اس کو کل ہمارے ساتھ بھیج دیجئے،

يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑫ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ

تاکہ وہ ہمارے ساتھ کھائے اور کھیلے اور ہم اس کی پوری حفاظت کرنے والے ہیں، یعقوب نے کہا کہ بیشک مجھے یہ بات رنجیدہ کرتی ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور میں اندیشہ کرتا ہوں

اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ⑬ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ

کہ تم اس سے غافل ہو جاؤ اور اس کو بھیڑیا کھا جائے، کہنے لگے کہ اگر اس کو بھیڑیا کھا جائے

وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ⑭

اور ہماری پوری جماعت ہے تو ہم بالکل ہی خسارہ میں پڑنے والے ہو جائیں گے

## والد سے بات چیت:

۱۱: قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ (وہ کہنے لگے اے ہمارے والد آپ ہم پر یوسف کے معاملے میں کیوں اعتماد نہیں کرتے اور بیشک ہم اس کے خیر خواہ ہیں) یعنی آپ ہم سے اس کے متعلق خائف کیوں ہیں۔ ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ اور اس پر شفقت کرنے والے ہیں۔ اس سے وہ یعقوب علیہ السلام کو ان کی رائے سے پھیرنا چاہتے تھے۔ اور حفاظت کے سلسلہ میں ان کی عادت کو بدلنا چاہتے تھے جبکہ یوسف کے متعلق فیصلہ کن کارروائی کا پختہ ارادہ ان کے باطن میں تھا۔

مَسْئَلَه: اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ یعقوب علیہ السلام نے ان کی طرف سے ایسی بات کو محسوس کر لیا تھا جس سے لازم آتا تھا کہ یوسف کے سلسلہ میں وہ ان پر اعتماد نہ کریں۔

۱۲: اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ (اس کو ہمارے ساتھ کل صبح بھیج دیں تاکہ وہ جنگل میں کھائے پیئے)

قراءت: ابو عمرو اور ابن کثیر نے نلعب اور نرتع پڑھا ہے۔ تاکہ ہم اس کو خوب پھل فروٹ کھلائیں الرَّتْعَة وسعت و کثرت کو کہتے ہیں۔

وَيَلْعَبْ (ہم کھیلیں) شکار، تیر اندازی، گھوڑ دوڑ وغیرہ جو مباح ہیں ان سے تفریح کریں۔

قراءت: مدنی، کوفی نے یا کے ساتھ پڑھا جبکہ مکی، شامی اور ابو عمرو نے نون سے پڑھا ہے۔ حجازی نے عین کے کسرہ سے پڑھا۔ ارتعی یرتعی یہ الرعی سے افتعال ہے۔ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (اور بیشک ہم اسکی ضرور حفاظت کرنے والے ہیں) اس سے کہ اس کو کوئی نامناسب چیز پہنچے۔

۱۳۔ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ (کہا بیشک مجھے غم میں ڈالے گا تمہارا اسکو اپنے ساتھ لے جانا) مجھے غمزدہ کرے گا تمہارا

فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ

پھر جب یوسف کو لے گئے اور اس پر متفق ہو گئے کہ اسے اندھیرے کنویں میں ڈال دیں اور ہم نے اس کے پاس وحی بھیج دی

لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾

کہ تم ضرور انہیں یہ بات جتلاؤ گے اور وہ نہیں جانیں گے، اور وہ لوگ شام کے وقت روتے ہوئے اپنے باپ کے پاس آئے،

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ

کہنے لگے اے اباجی بلاشبہ بات یہ ہے کہ ہم سب آپس میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کے لئے دوڑ لگانے میں مشغول ہوگئے اور یوسف کو ہم نے اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا سواسے

وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ

بھیڑیا کھا گیا، اور آپ ہماری بات کا یقین نہیں کریں گے اگرچہ ہم سچے ہوں، اور وہ اس کے کرتہ پر جھوٹا خون لے آئے، یعقوب نے کہا بلکہ بات یہ ہے کہ

بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

تمہارے نفسوں نے تمہیں ایک بات بنا کردی ہے سو میں صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا، اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس کے بارے میں اللہ ہی سے مدد طلب کرتا ہوں۔

اس کو ساتھ لے جانا۔ لَيَحْزُنُنِيْٓ میں لام ابتدائیہ ہے۔ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ (اور مجھے ڈر ہے کہ اس کو بھیڑیا کھا جائے گا اور تم اس سے غافل ہو جاؤ گے) ان کے سامنے عذر کیا کہ اس کا ساتھ لیجانا ہی مجھے غمزدہ کردے گا کیونکہ وہ اس سے ایک لمحہ صبر نہ کر سکتے تھے۔ یعقوب علیہ السلام کو بھیڑیئے کے حملے کا خطرہ تھا جبکہ وہ اپنے چرانے اور کھیل کود میں مصروف ہوں۔

۱۴: قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ (انہوں نے کہا اگر اس کو بھیڑیا کھالے) لام قسم کی تمہید کیلئے ہے اور قسم محذوف ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے واللہ لئن اکلہ الذئب۔ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ (جبکہ ہم جماعت ہیں) جتھا اور جماعت جو دفاع کی پوری قدرت رکھے عصبہ کہلاتی ہے۔ یہ واؤ حالیہ ہے۔ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ (بیشک ہم اس وقت گئے گزرے ہوئے) یہ جواب قسم ہے یہ جزائے شرط کے قائم مقام ہے یعنی اگر ہم ایک دوسرے کی حفاظت کی قدرت نہیں رکھتے تو پھر ہمارے مویشی ہلاک ہو جاتے اور ہم ان کے سلسلہ میں نقصان میں مبتلا ہو جاتے۔

لطیفہ: انہوں نے اپنے دوسرے عذر کا تو جواب دیا۔ اول کا جواب نہیں دیا کیونکہ یہ بات ان کو غصہ دلانے والی تھی۔

۱۵: فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَ اَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ (پس جب وہ (یوسف) کو لے گئے اور انہوں نے اس کو کنوئیں کے گہرے گڑھے میں ڈالنے کا فیصلہ کرلیا) کنوئیں میں ڈالنے کا پختہ ارادہ کرلیا۔ یہ کنواں یعقوب علیہ السلام کے مکان سے تین فرسخ دور تھا۔ لمّا کا جواب محذوف ہے تقدیر عبارت یہ ہے: فعلوہ بہ مافعلوا من الاذی۔ انہوں نے اس کو جو ایذاء

دی تھی وہ دی۔ روایت میں ہے کہ انہوں نے جنگل میں جا کر عداوت ودشمنی کا اظہار کیا ان کو مارا اور ہلاکت کے قریب کر دیا۔ یہودا نے ان کو اس بات سے روکا جب انہوں نے ڈالنے کا ارادہ کیا تو یوسف ان کے کپڑوں سے چمٹ گئے انہوں نے ہاتھوں سے کپڑا چھڑوالیا۔ پھر وہ کنوئیں کی دیوار سے چمٹ گئے۔ انہوں نے اس کے ہاتھ باندھ دیے اور قمیص اتاری تاکہ خون سے اس کو رنگین کر سکیں اور والد کے سامنے حیلہ بازی کر سکیں۔ انہوں نے ان کو کنوئیں میں لٹکایا۔ اس میں پانی تھا جس میں آپ جا گرے۔ پھر ایک چٹان پر چڑھے۔ اور کھڑے ہو کر رونے لگے۔ یہودا ان کے لئے کھانا لاتا رہا۔ تفسیری روایت میں ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کو جب آگ میں ڈالا گیا تو ان کے کپڑے اتار لئے گئے۔ جبرئیل علیہ السلام ان کے لئے حریر جنت کا ایک قمیص لائے اور ان کو پہنایا۔ یہ قمیص ابراہیم علیہ السلام نے اسحاق علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام نے یعقوب علیہ السلام کو دیا تھا۔ یعقوب علیہ السلام نے اس کو ایک تعویذ میں جو یوسف علیہ السلام کی گردن میں لٹکایا ہوا تھی اس کو بند کر دیا تھا۔ جبرئیل علیہ السلام نے اس کو نکال کر یوسف کو وہ قمیص پہنا دی۔ (یہ روایت اسرائیلیات کے کسی تعویذ گنڈے والے گروہ کی ایجاد کردہ معلوم ہوتی ہے **فافھم و انتبہ**

## تسلی یوسف:

وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ (اور ہم نے ان کی طرف وحی کی) ایک قول یہ ہے کہ بچپن میں ان پر وحی کی اور نبوت ملی جیسا یحیٰ وعیسیٰ علیہما السلام کو ملی نمبر۲۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ قریب البلوغ تھے جب یہ وحی ہوئی۔ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا (تم ان کو اس حرکت پر آگاہ کرو گے) تم ضرور اپنے بھائیوں کو بیان کرو گے جو کچھ انہوں نے تمہارے ساتھ کیا۔ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (اور وہ جانتے بھی نہ ہونگے) کہ تو یوسف ہے کیونکہ تیری شان بلند ہوگی سلطنت عظیم ہوگی۔ اور یہ اس وقت پیش آیا جب وہ غلہ کی خاطر ان کے پاس داخل ہوئے تو یوسف علیہ السلام نے ان کو پہچان لیا اور وہ ان کو نہ جانتے تھے آپ نے ایک برتن منگوایا اور اس کو اپنے ہاتھ پر رکھا پھر اس کو ٹھوکر لگائی تو اس سے آواز نکلی۔ تو آپ نے کہا یہ برتن مجھے بتلا رہا ہے کہ تمہارا ایک باپ سے بھائی تھا جس کو یوسف کہتے تھے۔ تم نے اس کو گہرے کنوئیں میں ڈال کر باپ کو کہہ دیا کہ اس کو بھیڑیئے نے کھا لیا ہے۔ تم نے اس کو چند ٹکے میں فروخت کر دیا۔ (مگر یہ اسرائیلی قصہ انك لانت یوسف کے خلاف نظر آتا ہے (فتدبر) نمبر۲۔ **ھم لا یشعرون** کا تعلق **اوحینا** سے ہے کہ ہم نے وحی کے ذریعہ ان کو مانوس کیا اور ان کے دل سے وحشت کو زائل کیا اور ان کو ہمارے اس وحی کرنے کی خبر بھی نہ تھی۔

## جھوٹا رونا:

۱۶: وَجَآءُوْ اَبَاهُمْ عِشَآءً (وہ شام کے اندھیرے میں اپنے باپ کے پاس آئے) تاکہ جھوٹ بولنے کے عذر پر جرأت کر سکیں اور معاملہ چھپا رہے۔ يَّبْكُوْنَ (روتے ہوئے) یہ حال ہے۔

نکتہ: حضرت اعمش کہتے تھے یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے اس رونے کے بعد ہر رونے والے کو سچا نہیں کہا جا سکتا ہے۔

۱۷: جب یعقوب علیہ السلام نے ان کی آواز سنی تو گھبرائے اور فرمایا میرے بیٹو! کیا ہوا۔ کیا تمہاری بکریوں پر کوئی آفت آ گئی۔ انہوں نے کہا نہیں۔ پھر تمہیں کیا ہوا۔ اور یوسف کہاں ہے؟

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ (کہنے لگے اے ہمارے والد! ہم آپس میں دوڑ لگاتے آگے نکل گئے) نستبق کا معنی

تسابق ہے۔ایک دوسرے کے مقابلہ میں دوڑ نا۔نمبر۲۔تیر اندازی میں مقابلہ کرتے آگے نکل گئے۔
صرف: باب افتعال اور تفاعل دونوں شراکت فعل کو ظاہر کرتے ہیں جیسے ارتماء اور الترامی وغیرہ ہے۔وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ۔ (ہم نے یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑا پس اس کو بھیڑیئے نے کھالیا۔آپ کو ہماری بات کا یقین نہیں آئے گا خواہ ہم سچ کہہ رہے ہوں) مومن لنا کا معنی تصدیق کرنا ہے۔لو کنا صادقین کا مطلب یہ ہے اگرچہ ہم تمہارے ہاں سچے اور ثقہ ہوں۔کیونکہ یوسف سے تمہیں شدید محبت ہے اور ہمارے متعلق بدگمان بھی ہیں تو پھر ہماری بات پر کیسے یقین آسکتا ہے خواہ ہم کتنے سچے ہوں۔
۱۸: وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ (وہ اسکی قمیص پر جھوٹا خون لگالائے) نمبرا۔جھوٹ والا نمبر۲۔مبالغۃً مصدر کو بطور صفت لائے۔گویا کہ وہ مجسمہ کذب ہے۔جیسا کہ کذاب کو کہتے ہیں هو الكذاب بعينه و الزور بذاته کہ وہ تو نرا جھوٹ کا پلندا ہے۔
روایت تفسیر میں ہے کہ انہوں نے ایک بھیڑ کا بچہ ذبح کیا قمیص کو اس میں لت پت کر دیا۔اور پھاڑنا بھول گئے۔روایت تفسیر میں ہے کہ یعقوب علیہ السلام نے جب یوسف علیہ السلام کے متعلق سنا تو زور سے آواز دی قمیص کہاں ہے۔اس کو لیکر اپنے چہرے پر ڈالا اور روئے یہاں تک کہ ان کا چہرہ قمیص کے خون سے خون آلودہ ہوگیا۔اور کہا اللہ تعالیٰ کی قسم؟! میں نے آج کے دن جیسا حوصلہ مند بھیڑیا نہیں دیکھا کہ جس نے میرا بیٹا تو کھالیا اور اس کا قمیص تک نہیں پھاڑا! (انبیاء علیہم السلام کیلئے رونا تو درست ہے مگر ایسا بے صبری کا رونا ان کے شایان شان نہیں۔(اللّٰہم احفظنا من الاسرائیلیات) کہا گیا ہے کہ یوسف علیہ السلام کے قمیص میں تین نشانات ظاہر ہوئے۔نمبرا۔یعقوب علیہ السلام کے لئے ان کے کذب پر دلیل بن گیا۔نمبر۲۔قمیص یوسفی کو آپ کے چہرے پر ڈالا گیا تو نظر واپس لوٹ آئی۔نمبر۳۔ قمیص کا پیچھے سے پھٹ جانا صداقت یوسفی کی دلیل بن گئی۔
نحو: عَلٰى قميصه ظرفیت کی وجہ سے محل نصب میں ہے تقدیر عبارت یہ ہے وجَآءُوْ فوق قميصه بدم
قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ (یعقوب علیہ السلام نے) (فرمایا بلکہ مزین کیا) آسان کیا یا مزین کیا لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا (تمہارے نفسوں نے ایک امر) عظیم کو آسان کر دیا اور حقیر کر کے دکھایا کہ اسکا تم نے ارتکاب کر ڈالا (یعنی گم شدگی یوسف اور قتل کو اتنا معمولی سمجھ کر غلط عذر تراش لیا) فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ (پس اچھا صبر کروں گا)
نحو: نمبرا۔یہ خبر ہے یا مبتداء کیونکہ موصوف ہے تقدیر عبارت امری صبر جميل یا صبر جميل امثل۔صبر جمیل میرے لئے مناسب ہے۔وہ ایسا صبر ہے کہ جس میں مخلوق کے ہاں شکوہ نہ ہو۔وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ (اور اللہ تعالیٰ ہی مددگار ہیں) یعنی اسی سے ہی میں مدد طلب کرونگا عَلٰى (ان مصائب کے برداشت کیلئے جو تم بیان کرتے ہو) ہلاکت یوسف اور اس سے پہنچنے والے دکھ پر صبر مَا تَصِفُوْنَ (جو تم بیان کرتے ہو۔)

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ

اور ایک قافلہ آ گیا انہوں نے اپنا آدمی پانی لانے والے کو بھیجا اس نے اپنا ڈول ڈالا وہ کہنے لگا کیا ہی خوشی کی بات ہے کہ یہ ایک لڑکا ہے،

وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ⑲ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ

اور انہوں نے اسے سامان تجارت بنا کر چھپا لیا اور اللہ خوب جاننے والا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور انہوں نے اسے معمولی سی قیمت پر بیچ دیا جو گنتی کے چند

مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ⑳ ع

درہم تھے اور یہ لوگ اس سے بے رغبت تھے۔

## یوسف علیہ السلام اور قافلہ:

۱۹: وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ (ایک قافلہ ادھر آ گزرا) یہ قافلہ مدین سے مصر جا رہا تھا۔ یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں ڈالے ہوئے تین دن بیت چکے تھے۔ قافلے والے راستہ بھول گئے اور کنوئیں کے قریب اتر پڑے یہ آبادی سے دور بیابان کنواں تھا (مگر یلتقطه بعض السيارة کا قرینہ اس کے خلاف راستہ کے کنوئیں کی نشاندہی کرتا ہے فافہم) اس کنوئیں کا پانی نمکین تھا۔ یوسف علیہ السلام کے ڈالنے سے میٹھا ہو گیا۔ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ (انہوں نے اپنے پانی لانے والے کو بھیجا) وارد وہ شخص جو قوم کا سقا ہو، اس کا نام مالک بن ذعر الخزاعی تھا۔ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ (اس نے اپنا ڈول لٹکایا) کنوئیں میں ڈول بھرنے کیلئے چھوڑا یوسف علیہ السلام ڈول کے ساتھ لٹک گئے اس نے کھینچا تو پکار اٹھا۔ قَالَ يٰبُشْرٰى (اے بشارت)

قراءت: کوفی نے کہا نادی البشری پڑھا ہے گویا اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں۔ یابشری هذا اوانک۔ اے بشارت یہ تمہارا زمانہ ہے۔ دیگر قراء نے بشرای (اپنی ذات کی طرف اضافت کے ساتھ) اے میری خوشخبری نمبر۲ یہ بشری مالک کے غلام کا نام ہے پس اس کو آواز دی اپنی ذات کی طرف نسبت کر کے۔ اس صورت میں یہ علم ہے ایک قول یہ ہے کہ وہ آپ کو لیکر گیا جب قافلہ کے قریب پہنچا تو ان کو اسکی خوشخبری دیتے ہوئے آواز دی۔ هٰذَا غُلٰمٌ (کہ یہ ایک لڑکا ہے) وَاَسَرُّوْهُ (انہوں نے چھپا لیا اسکو) اسمیں ضمیر وارد اور اس کے قافلہ والوں کی طرف ہے۔ کہ انہوں نے بقیہ قافلے سے اس کو چھپایا نمبر۲۔ ضمیر یوسف کے بھائیوں کی طرف لوٹتی ہے۔ انہوں نے قافلہ والوں سے کہا یہ ہمارا غلام بھگوڑا ہو گیا ہے اس کو ہم سے خرید لو۔ یوسف علیہ السلام خوف قتل سے خاموش رہے۔ بِضَاعَةً (مال تجارت سمجھ کر) یہ حال ہے یعنی انہوں نے سامان تجارت سمجھ کر اس کو چھپا لیا۔ البضاعة جس کو مال سے تجارت کی خاطر الگ کر لیا جائے۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ جاننے والے تھے جو کچھ وہ کر رہے تھے) یوسف کے بھائی جو اپنے باپ اور بھائی کے ساتھ یہ قبیح قسم کا سلوک کر رہے تھے۔

۲۰: وَشَرَوْهُ (اور بیچ دیا انہوں نے) فروخت کر دیا بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ (حقیر قیمت) کھوٹے ناقص قیمت ظاہر نقصان والے نمبر۲۔ کم قیمت دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ (چند گنتی کے دراہم کے بدلے) دراہم ثمن کا بدل ہے معدودہ قلیل جو شمار ہو سکتے تھے۔ ان کا وزن

وَقَالَ الَّذِی اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِیْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى اَنْ یَّنْفَعَنَاۤ

اور اہل مصر میں سے جس شخص نے یوسف علیہ السلام کو خرید اتھا اس نے اپنی عورت سے کہا اسے عزت کے ساتھ رکھنا، ممکن ہے ہمارے کام آجائے

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ز وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِیْلِ

یا ہم اسے بیٹا بنا لیں، اور اسی طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس سرزمین میں قوت دے دی اور تا کہ اسے خوابوں کی تعبیر دینا

الْاَحَادِیْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا

بتلا دیں اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے، اور جب

بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۲۲﴾

وہ اپنی جوانی کو پہنچا تو ہم نے اسے حکمت اور علم عطا کیا اور ہم اسی طرح اچھے کام کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ هُوَ فِیْ بَیْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَیْتَ لَكَ ؕ

اور وہ جس عورت کے گھر میں تھے اس نے اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے ان کو پھسلایا اور دروازے بند کر دیئے اور کہنے لگی آجاؤ میں تم ہی سے کہہ رہی ہوں،

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْۤ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

انہوں نے کہا کہ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں بے شک تیرا شوہر میرا مربی ہے اس نے میرا اچھا ٹھکانہ بنایا ہے بیشک بات یہ ہے کہ ظلم کرنے والے کامیاب نہیں ہوتے۔

نہ کیا گیا انکے ہاں رواج یہ تھا کہ چالیس سے کم دراہم کو گنتے اور چالیس یا اس سے اوپر دراہم کا وزن کرتے اور یہ بیس دراہم تھے۔
وَكَانُوْا فِیْهِ مِنَ الزّٰهِدِیْنَ (اور اس میں بے رغبت تھے) زاہد اس شخص کو کہتے ہیں جو ہاتھ میں جو موجود ہو اس کو معمولی قیمت کے بدلے دے ڈالے۔ نمبر۲۔ شَرَوْهُ کا معنی خرید لیا اسکو قافلہ والوں نے بھائیوں سے اور وہ اسکے متعلق بے رغبت تھے کیونکہ انہوں نے اس کو بھاگا ہوا غلام سمجھا اور تفسیری روایت میں یہ بھی ہے کہ یوسف کے بھائیوں نے ان کا پیچھا کیا اور کہا اس کو اس سے پختہ اعتماد لے لو کہ یہ بھاگے نہیں۔ اور فِیْهِ یہ الزاھدین کا صلہ نہیں یعنی رغبت نہ رکھنے والے کیونکہ صلہ موصول سے مقدم نہیں ہوتا بلکہ فِیْهِ یہ بیان ہے گویا اس طرح کہا گیا کس چیز میں انہوں نے بے رغبتی کی تو جواب دیا انہوں نے یوسف میں بے رغبتی کی۔

## مصر پہنچنا:

۲۱: وَقَالَ الَّذِی اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ اور کہا اس شخص نے جس نے مصر میں یوسف کو خریدا۔ اس کا نام قطفیر تھا اور یہی عزیز ہے جو کہ خزائن مصر پر نگران تھا۔ اور بادشاہ ان دنوں ریان بن ولید تھا۔ یہ یوسف علیہ السلام کے ہاتھ پر ایمان لایا اور آپ کی زندگی میں فوت ہو گیا۔ عزیز نے آپ کو آپ کے ہم وزن چاندی اور ریشم اور کستوری کے بدلے میں خریدا۔ آپ کی اس وقت سترہ سال

عمر تھی۔ آپ اس کے گھر میں تیرہ سال رہے۔ ریان بن ولید نے ۳۰ سال کی عمر میں وزیر بنالیا۔ اللہ تعالیٰ نے حکمت وعلم دیا۔ جبکہ آپ کی عمر ۳۳ سال ہوئی اور آپ کی عمر ۱۲۰ سال ہوئی جب وفات پائی۔

لِامْرَاَتِهٖٓ (اپنی بیوی کو) راعیل یا زلیخالام یہ قال سے متعلق ہے اشتراہ سے متعلق نہیں۔ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ (اس کو خاطر سے رکھنا) اس کے مرتبہ اور مقام کو ہمارے ہاں معزز بناؤ یعنی اچھا پسندیدہ اسکی دلیل دوسری آیت میں ہے اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ [یوسف: ۲۳] ضحاک کہتے ہیں مثوی کا معنی اچھا معاش عمدہ کپڑے، شاندار بستر۔ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ (امید ہے کہ یہ ہمیں فائدہ پہنچائے) شاید کہ یہ جب سیکھ جائے اور معاملات کو سمجھ جائے اور کاموں کے مقام ومحل کو جان لے گا تو ہم اس سے اپنے کاموں میں معاونت لیں گے۔ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا (یا اس کو بیٹا بنالیں گے) یا اس کو متبنّٰی لڑکے کے قائم مقام رکھیں گے۔ قطفیر کے ہاں بچہ، بچی کچھ بھی نہ تھا۔ اسلئے نجابت کے آثار دیکھ کر یہ بات کہی۔ وَكَذٰلِكَ (اور اسی طرح) ذٰلک سے اشارہ قتل سے نجات پانے اور عزیز کو مہربان بنانے کی طرف ہے اور کاف منصوب ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے۔ **مثل ذلك الانجاء والعطف** مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ (ہم نے یوسف کو جمادیا) یعنی جس طرح اس کو نجات دی اور عزیز کا دل اسپر موڑ دیا اسی طرح ہم نے اس کو ٹھکانہ دیا۔ فِي الْاَرْضِ (زمین میں) یعنی ارض مصر میں اس کو بادشاہ بنادیا جس پر وہ اپنا حکم چلاتا ہے۔ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ (اور تاکہ ہم اس کو باتوں کی تعبیر کرنا سکھائیں) وہ نجات قتل اور اقتدار اس مقصد کی خاطر تھا۔ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ (اللہ تعالیٰ غالب ہیں اپنے حکم پر) نمبرا: ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ ہو تو مطلب جو وہ چاہتا ہے اس سے کوئی اسکو روک نہیں سکتا۔ نمبر۲۔ یا یوسف مرجع ہو تو یوسف کے معاملے میں ان کے بھائی کچھ اور چاہتے تھے اور اللہ تعالیٰ اور چاہتے تھے ہوا وہی جو اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے) اس بات کو کہ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

۲۲: وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ (جب وہ اپنی بھرپور جوانی کو پہنچے) اپنی استعدادی قوت کی انتہاء کو اور وہ اٹھارہ سال ہے یا ۲۱ سال ہے۔ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا (ہم نے ان کو حکم وعلم عنایت فرمایا) نمبرا۔ حکم سے حکمت مراد ہے اور علم بمع عمل اور جہالت والی باتوں سے اجتناب۔ نمبر۲۔ لوگوں کے درمیان فیصلہ اور سمجھ بوجھ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ (اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو) اس میں متنبہ کیا کہ وہ اپنے اعمال میں مخلص تھے اور عنفوان حکومت میں متقی و پرہیزگار تھے۔

## مرجیہ کا غلط طرزِ عمل:

۲۳: وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ (اور یوسف جس عورت کے گھر میں تھے اس عورت نے اپنا مطلب حاصل کرنے کیلئے ان کو پھسلایا) یعنی یوسف سے مطالبہ کیا کہ وہ اس سے قربت کرے۔ المراودۃ یہ باب مفاعلہ ہے راد، یرود جبکہ وہ آئے اور جائے گویا مطلب اس طرح ہے۔ کہ یوسف کو دھوکا دینا چاہا ان کے نفس کے سلسلہ میں یعنی اس نے ایسی حرکت کی جو دھوکا باز اپنے ساتھی سے کوئی چیز حاصل کرنے کیلئے کرتا ہے۔ اور وہ ساتھی اس چیز کو اپنے ہاتھ سے دینا نہیں چاہتا پس یہ اس سے لینے کیلئے حیلہ بازی کرتا ہے۔ یہ اس محل اور آہستگی کی تعبیر ہے جو اس نے یوسف سے اپنا مطلب پورا کرنے کیلئے اختیار کی۔ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ (اور اس نے دروازے بند کر دیے) اور وہ دروازے سات تھے۔ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ (اور کہا آجاؤ تمہیں سے کہتی ہوں) ہیت یہ اسم ہے جو تعال اور اقبل کے معنی میں آتا ہے۔ یہ مبنی علی الفتح ہے۔

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ

اور اس عورت نے ان کے ساتھ اپنا کام نکالنے کا مضبوط ارادہ کر لیا تھا اور وہ بھی ارادہ کر لیتے اگر اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتے اسی طرح تاکہ ہم ان سے برائی کو اور بے حیائی کو

وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ (۲۴) وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ

دور رکھیں بے شک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھے اور وہ دونوں آگے پیچھے دروازے کی طرف دوڑے اور اس عورت نے پیچھے سے ان کا

مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا

کرتہ چیر دیا اور دونوں نے اس عورت کے سردار کو دروازے کے پاس پالیا وہ کہنے لگی جو شخص تیرے گھر والوں کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اس کی سزا

اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۲۵) قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ

اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ اسے جیل میں ڈال دیا جائے یا دردناک سزا دی جائے یوسف نے کہا اسی نے مجھے اپنی مطلب براری کے لئے پھسلایا اور اس کے خاندان میں سے ایک

مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (۲۶) وَاِنْ

گواہی دینے والے نے گواہی دی کہ اگر اس کا کرتہ سامنے سے پھاڑا گیا ہے تو عورت نے سچ کہا اور یہ شخص جھوٹے لوگوں میں سے ہے اور اگر

كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (۲۷) فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ

اس کا کرتہ پیچھے سے پھاڑا گیا تو اس عورت نے جھوٹ کہا اور یہ سچوں میں سے ہے۔ پھر جب اس کے کرتے کو دیکھا کہ

قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ (۲۸) يُوْسُفُ اَعْرِضْ

پیچھے سے پھاڑا گیا ہے تو کہنے لگا کہ بے شک یہ تم عورتوں کی فریب کاری میں سے ہے بے شک تمہارا فریب بڑا ہے، یوسف اس بات کو

عَنْ هٰذَا ٚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ښ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ (۲۹)

جانے دو، اور اے عورت تو اپنے گناہ کے لئے استغفار کر۔ بلاشبہ تو ہی گناہگاروں میں سے ہے۔

قراءت: مکی نے ھیتُ پڑھا ہے۔ اور اس کو مبنی علی الضم مانا ہے۔ مگر مدنی اور شامی نے ہیت پڑھا ہے۔ اور لام بیان کیلئے ہے گویا تقدیر عبارت یہ ہے لک اقول ہذا جیسا کہ تم کہو: هلمّ لك قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ (اس نے کہا میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں) اعوذ باللہ معاذا میں اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں پناہ چاہنا۔ اِنَّهٗ (تحقیق شان یہ ہے) شان اور بات یہ ہے۔ رَبِّیْٓ (وہ میرا آقا اور مالک ہے) مراد اس سے قطفیر تھا۔ اَحْسَنَ مَثْوَایَ (اس نے میرا اچھا ٹھکانہ بنایا ہے) اس نے جب تمہیں کہا اکرمی مثواہ کہ اس کو اچھا ٹھکانہ دو پس کیا سزا ہے اگر میں اس کے اہل کے سلسلہ میں خیانت کروں۔ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (تحقیق شان یہ ہے کہ وہ ظالموں کو کامیابی نہیں دیتا) ظالم سے خائن مراد ہے یا زانی یا اِنَّهٗ رَبِّیْٓ سے اللہ تعالیٰ کی ذات مراد ہے۔ کیونکہ وہ مسبب الاسباب ہے۔

۲۴: وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ (تحقیق وہ عورت ان کا ارادہ کر چکی تھی) هَمّ پختہ ارادہ وَهَمَّ بِهَا اور ان کو طبعی میلان ہوا مگر عزم سے اس کو دور کیا۔ یہ حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے۔ شیخ ابو منصور رحمہ اللہ نے کہا ھَمّ خیال کے معنی میں ہے اور دل میں آنے والے خیالات پر بندے کو اختیار نہیں اور نہ ہی ان پر مؤاخذہ ہے جب تک کہ اس کو پختہ نہ کرے۔ اگر یوسف علیہ السلام کا ھَمّ بھی عورت کے ھَمّ کی طرح ہوتا تو اللہ تعالیٰ عبادنا المخلصین کہہ کر ان کی تعریف نہ فرماتے۔

ایک قول یہ ہے کہ ارادہ کی طرف جھکاؤ اختیار کرنے والے تھے۔ عرب کہتے ہیں ھم بالامر۔ جب قصد کرے اور اس کا پختہ ارادہ کرے۔ اور لولا ان رّابرھان ربه کا جواب محذوف ہے۔ ای لکان ما کان تو ہوتا جو ہوتا۔ ایک قول یہ کہ وھمّ بھا اس کا جواب ہے مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ لولا کا جواب اس سے مقدم نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ حکم شرط میں ہے اور یہ شروع کلام میں آتا ہے۔ البرھان کا معنی حجت ہے اور جائز ہے کہ وھم بھا حکم اور ولقد ھمت به کی قسم میں داخل ہو اور یہ بھی درست ہے کہ خارج ہو۔ قاری کا حق یہ ہے جب حکم قسم سے اس کو خارج قرار دے اور اس کو مستقل کلام بنائے تو بہ پر وقف کرے اور ھم بھا سے نیا کلام شروع کرے۔ اس صورت میں دونوں ھَم کے درمیان فرق بھی ظاہر ہوتا ہے۔

## باطل تفسیر:

اور یوسف کی یہ تفسیر کہ انہوں نے ازار بند کو کھول لیا اور بیٹھ گئے جیسے مرد بوقت حاجت بیٹھتا اور البرھان کی یہ تفسیر کہ انہوں نے ایک آواز سنی ایاك و ایاھا دو مرتبہ۔ پھر تیسری مرتبہ اعرض عنھا۔ مگر انہوں نے توجہ نہ دی یہاں تک کہ یعقوب اپنے پورے کاٹتے ہوئے سامنے آئے۔

## تردید:

یہ تفسیر محض باطل ہے۔ سیاق کلام الٰہی' مرتبہ نبوت اور واضح آیات کے خلاف (فلیحذر منه اعاذنا الله من هذه الخرافة) نسفی رحمہ اللہ نے تردید کیلئے یہ نقل کی ہے۔ نقل کفر کفر نباشد) جن آیات کے یہ خلاف ہے وہ یہ ہیں نمبرا۔ ھی راودتنی عن نفسی۔ اگر ان کی طرف سے یہ اقدام ہوا ہوتا تو اپنے نفس کو بانگ دھل اس طرح بری قرار نہ دیتے نہ دے سکتے تھے (وہ عورت تردید کر دیتی) مگر وہ عورت کہہ اٹھی۔ (و لقدراودته عن نفسه فاستعصم) نمبر۲۔ کذلك لنصرف عنه السوء والفحشاء۔ اگر ایسا معاملہ ہوتا تو پھر برائی کا ان سے پھرنے کا معنی ہی نہیں رہ جاتا۔ نمبر۳۔ ذلك لیعلم انی لم اخنه بالغیب۔ اگر یہ معاملہ ہوا ہوتا تو یہ پوشیدہ خیانت تو ہوگئی تردید کا کیا معنی تھا۔ نمبر۴۔ ماعلمنا علیه من سوء اور الآن حصحص الحق انا راودته عن نفسه وانه لمن الصادقین۔

## آخری بات:

اگر یہ بات پیش آئی ہوتی تو ان کی توبہ سے استغفار کا ذکر ہوتا۔ یہ تو بہت بڑی بات ہے۔ اس کے مقابلے میں معمولی ترین مرتبہ کے نامناسب باتوں پر دوسرے انبیاء علیہم السلام کا استغفار موجود ہے۔ جیسے سورۂ ہود میں نوح علیہ السلام اور یونس وداؤد علیہما

السلام۔ اللہ تعالیٰ تو ان کو مخلصا خالص چنے ہوئے فرمارہے ہیں۔ پس قطعی طور پر یہ بات ثابت ہوگئی کہ وہ اس مقام پر ثابت قدم رہے اور اولوالعزم والا مجاہدہ کیا ان کے سامنے نبوت کی برہان سے تحرم کے دلائل روشن تھے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ثناء کے حقدار بنے۔ لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ (اگر وہ اپنے رب کی دلیل نہ دیکھے ہوتے (هم به کو لولا کا قائم مقام جواب بنایا جائے اور جواب شرط کو محذوف مانا جائے تو کلام بغیر اشکال بہت خوب بن جاتا ہے اور محاورۂ عرب کے عین مطابق ہے۔ فتدبر) كَذٰلِكَ نحو: نمبرا۔ کاف منصوب ہے ای مثل ذلک التثبیت ثبتناہ۔ ایسی ثابت قدمی سے ہم نے ان کو ثابت قدم رکھا۔ نمبر۲۔ مرفوع ہے ای الامر مثل ذلك معاملہ یونہی ہے۔ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ (تاکہ ہم برائی کو اس سے پھیر دیں) آقا کی خیانت وَالْفَحْشَآءَ (بے حیائی) زنا کو اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ (بیشک وہ ہمارے مخلص بندوں میں سے تھے)

قراءت: مدنی کوفی نے ہر جگہ مخلَصین، لام کے فتحہ سے پڑھا ہے۔ مخلَص وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت کیلئے خاص کرلیا ہو۔ دیگر قراء نے مخلِص پڑھا۔ لام کا کسرہ۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنے دین کو اللہ تعالیٰ کیلئے خالص کرلیا۔ من عبادنا کا معنی من تبعیضیہ بعض بندے وہ خاص الخاص بندے کیونکہ وہ مخلصوں میں سے مخلص ہیں۔

## برائی سے فرار اور اس میں کامیابی:

۲۵: وَاسْتَبَقَا الْبَابَ (اور دونوں نے دروازہ کی طرف سبقت کی) دونوں دروازے کی طرف دوڑے۔ عورت طلب مقصد کیلئے اور یوسف حفاظت کیلئے۔ جار کے محذوف اور ایصال فعل کے ساتھ ہے۔ جیسا دوسری آیات میں واختار موسیٰ قومہ [الاعراف ۱۵۵] نمبر۲۔ استبقا میں تضمین مانیں اور ابتداء معنی لیں۔ یوسف نے جلدی کی اور اس سے بھاگے اور دروازے کی طرف نکلنے کیلئے جلدی کی اور عورت نے جلدی کی تاکہ نکلنے سے ان کو روکے۔ الباب کو یہاں واحد لائے۔ دوسرے مقام پر غلقت الابواب فرمایا کیونکہ اس الباب سے باہر والا آخری دروازہ ہے۔ جو گھر سے نکلنے کا راستہ تھا۔ جب آپ بھاگے تو تالے کے پرزے بکھرنے اور تالے ٹوٹ ٹوٹ کر گرنے لگے۔ یہاں تک کہ آپ تمام دروازوں سے نکل گئے۔

وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ (اور چیر پھاڑ دی اس عورت نے یوسف علیہ السلام کا قمیص پیچھے سے) اس نے پیچھے سے کھینچا۔ پس وہ پھٹ گئی جبکہ وہ دروازے کی طرف بھاگے۔ وہ عورت روکنے کیلئے ان کے پیچھے بھاگی۔ وَّ اَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ (دونوں نے پایا عورت کے خاوند کو دروازے کے پاس) اس نے اپنے خاوند قطفیر کو سامنے سے آتا ہوا پایا جو کہ گھر میں داخل ہونا چاہتا تھا۔ جب اس عورت نے خاوند کو دیکھ لیا تو اپنے میلان کو شک سے صاف کرنے کیلئے اس نے کہا اور یوسف کو دھمکانے کیلئے تاکہ وہ الزام سے بچنے کیلئے اسکی مقصد براری کردے اور فریب کاری کے طور پر یہ کہا قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (اس نے کہا نہیں ہے سزا اسکی جو تیرے اہل سے برائی کا ارادہ کرے۔ مگر یہ کہ اسکو قید کیا جائے۔ اور دردناک سزا دی جائے) ما نافیہ ہے اسکی سزا صرف قید ہے۔ یا عذاب الیم، دردناک سزا یعنی کوڑے۔

نکتہ: اس نے یوسف علیہ السلام کا صراحۃً ذکر نہیں کیا کہ اس نے اس کے ساتھ برائی کا ارادہ کیا ہے۔ کیونکہ اس عورت کا مقصد عموم تھا۔ کہ ہر وہ آدمی جو تیرے اہل سے برائی کا ارادہ کرے۔ وہ قید یا عذاب کا مستحق ہے۔ یوسف علیہ السلام کو ڈرانے کیلئے یہ

انداز زیادہ بلیغ ہے۔
۲۶: جب عورت نے قید اور سزا کی تعریض کی تو یوسف علیہ السلام نے اپنی طرف سے دفاع کو ضروری سمجھا۔ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَنْ نَّفْسِي (یوسف علیہ السلام نے کہا اس نے مجھے پھسلایا تھا) اگر چالبازی نہ ہوتی تو اس کے معاملے کو چھپاتے اور اس کو اس کے خاوند کے سامنے رسوا نہ کرتے۔

## گھر کا گواہ اور اس کی درست بیانی:

وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا (اور عورت کے گھر والوں میں سے ایک نے گواہی دی) وہ عورت کا چچا زاد بھائی تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسکی زبان پر گواہی کو جاری کیا۔ جو کہ اس عورت کے خاندان کا آدمی تھا۔ تا کہ اس عورت پر پختہ دلیل بنے اور براءت یوسف کیلئے مضبوط دلیل ثابت ہو۔ نمبر۲۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ چھوٹا بچہ اور اس عورت کا ابن خال تھا۔
نکتہ: اسکی بات کو شہادت کا نام اس لئے دیا گیا کیونکہ اس نے اپنی بات یوسف علیہ السلام کی تائید اور آپ کی بات کے ثبوت میں گواہی کے مقام پر ہی پیش کی تھی۔ اور اس کو عورت کی بات کا بطلان مقصود تھا۔ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (اگر اس کا کرتہ آگے سے پھٹا ہے تو زلیخا سچی ہے اور یوسف جھوٹا ہے)
۲۷: وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (اگر کرتہ اس کا پھٹا ہے پیچھے سے تو اس عورت نے جھوٹ کہا اور یوسف سچوں میں سے ہے) تقدیر عبارت اس طرح ہے وشهد شاهد فقال ان كان قميصه الاية آگے سے قمیص کا پھٹنا دلالت کرتا ہے کہ وہ سچی ہے کیونکہ وہ جلدی سے اس عورت کو پانے کیلئے پیچھا کرے گا۔ پس وہ قمیص کے دامن میں الجھ کر گرے اور گریبان پھٹ جائے گا۔ اور اس لئے بھی کہ وہ اسکی طرف متوجہ ہوگا اور وہ دفاع نفس میں اس کا گریبان تھامے گی۔ پس قمیص سامنے سے پھٹے گی۔ قبل اور دبر میں تنوین و تنکیر کا معنی یہ ہے کہ ایسی جہت سے جس کو قُبُل کہا جاتا ہے اور ایسی جہت جس کو دُبُر کہا جاتا ہے۔ آیت میں اِنْ جو کہ مستقبل کیلئے آتا ہے۔ اس کو اور کان جو ماضی کیلئے آتا ہے جمع کر دیا تا کہ یہ معنی ہو کہ اچھی طرح جان لو کہ قمیص یوسف ہی کی پھٹی تھی۔
۲۸: فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ (جب اس نے یوسف کا کرتہ پیچھے سے پھٹا دیکھا) یہ دیکھنے والا قطفیر تھا۔ اس کو براءت یوسفی کا علم ہو گیا۔ اور ان کی سچائی واضح ہوگئی۔ جبکہ عورت کا کذب سامنے آ گیا۔ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ (اس نے کہا بیشک وہ (قول) تمہاری مکاری کی وجہ سے ہے) نمبر۱۔ ہٗ کی ضمیر کا مرجع اس کا قول ماجزاء من اراد باهلك سوءًا ہے۔ نمبر۲۔ یا یہ معاملہ کہ مردوں کو قابو کرنے کا حیلہ۔ کید کن سے اسی کو خطاب ہے اور اسکی لونڈیوں کو اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ (یقیناً تم عورتوں کا مکر بڑا ہے) لیکن ان کا مکر لطیف اور بڑے حیل پر مشتمل ہوتا ہے اسی لئے وہ مردوں پر غالب آ جاتی ہیں ان میں سے جو محلات میں رہنے والی عورتیں ہیں ان کے پاس ایسے ہلاک کن حیلے ہوتے ہیں جو دوسری عورتوں کے پاس نہیں ہوتے۔
**نکتہ**: بعض علماء کا مقولہ ہے کہ مجھے عورتوں سے شیطان کی نسبت زیادہ خطرہ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ان كيد كن عظيم جبکہ شیطان کے متعلق فرمایا ان كيد الشيطان كا ن ضعيفا [النساء:۷۶]

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ

اور چند عورتوں نے کہا جو شہر میں رہتی تھیں کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کو مطلب حاصل کرنے کے لئے پھسلاتی ہے، اس غلام کے

شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞ ۳۰ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ

عشق نے اس کے دل میں پوری طرح جگہ پکڑ لی ہے، بے شک ہم تو اس عورت کو کھلی گمراہی میں دیکھ رہے ہیں پھر جب اس نے ان عورتوں کی مکر کی باتیں سنیں تو انہیں

اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ

بلوا بھیجا اور ان کے لئے ایک مجلس تیار کی جس میں تکیہ لگا کر بیٹھیں اور ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری دے دی اور یوسف سے کہا کہ ان کے سامنے

عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ

نکل آ، سو جب ان عورتوں نے انہیں دیکھا تو حیران رہ گئیں، اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور کہنے لگیں حاشا للہ یہ شخص بشر نہیں ہے

اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۞ ۳۱ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ

یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ ہے وہ عورت کہنے لگی سو یہ وہی شخص ہے جس کے بارے میں تم نے مجھے ملامت کی اور واقعی میں نے اس سے اپنا مطلب حاصل کرنے

نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۞ ۳۲

کی خواہش کی سو وہ بچ گیا اگر اس نے وہ بات نہ مانی جس کا میں اسے حکم دے رہی ہوں تو ضرور اس کو جیل میں بھیج دیا جائے گا اور یہ ضرور بے عزت ہوگا۔

۲۹: يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا (اے یوسف اس قصہ سے درگزر کر) حرف نداء کو حذف کر دیا۔ کیونکہ قریب کو پکارا۔ بات کو آئی گئی کرنے کیلئے اس نے کہا اس معاملے کو سرے سے چھوڑ و۔ اور چھپاؤ اور کسی کے سامنے ظاہر نہ کرنا۔ (گھریلو معاملہ ہے رسوائی نہ ہو) پھر راعیل کو مخاطب ہو کر کہا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ (اور تو اپنے گناہ کی معافی مانگ یقیناً تو ہی قصور وار لوگوں میں سے ہے) یعنی اس گروہ سے جو جان بوجھ کر گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں۔ عرب کہتے ہیں۔ خطیٔ اذا أذنب متعمدًا جب جان بوجھ کر گناہ کرے۔ الخاطئین مذکر لائے مذکر کو مؤنث پر تغلیب دیکر یہ صیغہ بول دیا۔ عزیز مصر حوصلہ مند آدمی تھا غیرت کی کمی تھی۔ اس لئے سرزنش اور ڈانٹ ڈپٹ پر اکتفاء کی۔

## شہری عورتوں کا پروپیگنڈا:

۳۰: وَقَالَ نِسْوَةٌ (عورتوں نے کہا) عورتوں کی جماعت جنکی تعداد پانچ تھی۔ ساقی کی بیوی، خباز کی بیوی، جانوروں کے نگران کی بیوی، قید خانہ کے نگران اعلیٰ کی بیوی۔ دربان شاہی کی بیوی۔ النسوۃ یہ اسم مفرد ہے اور امرأۃ کی جمع ہے۔ اس میں تانیث حقیقی نہیں اسی لئے قالت نہیں کہا۔ بلکہ قال کہا گیا اس میں دو لغتیں ہیں نون کے کسرہ اور ضمہ کے ساتھ فِي الْمَدِيْنَةِ (شہر میں) مصر

میں امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ (عزیز کی بیوی) عزیز سے قطفیر مراد ہے۔عرب کے لوگ العزیز بادشاہ کیلئے بولتے ہیں۔ تُرَاوِدُ فَتٰهَا (اپنے غلام کو پھسلاتی ہے) کہا جاتا ہے فتای وفتاتی یعنی میرا غلام اور میری لونڈی عَنْ نَّفْسِهٖ (اس کے نفس کی طرف سے) تا کہ اس سے اپنی خواہش کو پورا کرے قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا (اسکی محبت اس کے دل میں گھر کر چکی ہے۔) حبًا یہ تمیز ہے یعنی اسکی محبت نے اس کے دل کے شغاف تک رسائی پائی ہے۔مطلب یہ ہے کہ اس کی محبت نے اس کے دل کے پردے کو پھاڑ کر دل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔الشغاف دل کا پردہ یا باریک کھال جس کو لسان القلب کہا جاتا ہے۔ اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (ہم اس کو کھلی گمراہی میں دیکھتی ہیں) صحیح راستے سے دور خطاء میں مبتلا پاتے ہیں۔

## پروپیگنڈے کا جواب:

۳۱: فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ (جب زلیخا نے ان کے فریب کو سنا) مکر سے ان کا غیر موجودگی میں یہ کہنا: **امراة العزيز عشقت عبدها الكنعانى** اور اس کو غصہ آیا اور غیبت کو مکر خفیہ ہونے کی بناء پر کہا جیسا کہ مکار اپنا مکر خفیہ کرتا ہے۔ایک قول یہ ہے کہ اس نے اپنا راز ان کو چھپانے کیلئے دیا مگر انہوں نے ظاہر کردیا۔ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ (اس نے ان کی طرف پیغام بھیجا) ان کو دعوت دی۔ایک قول کے مطابق دعوت تو چالیس عورتوں کو دی جن میں پانچوں مذکورہ بھی تھیں۔ وَاَعْتَدَتْ (اور اس نے تیار کیا) مہیا کرنا یہ عتاد سے باب افتعال ہے۔ لَهُنَّ مُتَّكَاً (اور ان کیلئے تکیے لگا دیے) جن پر وہ تکیہ لگا سکیں۔جیسے گاؤ تکیہ اس ہیئت کا مقصد کہ وہ ٹیک لگا کر بیٹھیں اس حال میں کہ چاقو ان کے ہاتھ میں ہوں۔تا کہ وہ دیدار یوسفی سے مدہوش ہوں اور اپنا آپ کھو بیٹھیں گی جس سے ان کے ہاتھ اپنے ہاتھوں پر پڑیں گے تو ہاتھ کٹ جائیں گے۔ کیونکہ ٹیک لگانے والا جب کسی چیز کی وجہ سے مدہوش ہوتا ہے تو اس کا ہاتھ دوسرے ہاتھ پر بلا قصد آ گرتا ہے۔ وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا (اور ان میں سے ہر عورت کو ایک چھری کاٹنے کو دے دی) اس زمانہ میں مصری لوگ چاقو سے کھاتے تھے جیسے عجمی کرتے ہیں۔ وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ (اور کہا تم ان عورتوں کے سامنے سے نکلو)

**قراءت:** بصری، عاصم اور حمزہ نے قالت میں کسرہ پڑھا۔اور باقیوں نے ضمہ پڑھا۔

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ (جب انہوں نے (یوسف) کو دیکھا تو مبہوت ہوگئیں) اس کو بہت بڑا خیال کیا۔اور اس خوشگوار حسن و رعنائی سے اور بدیع الجمال چہرے سے ڈر گئیں۔حسن میں یوسف علیہ السلام کو اسی طرح لوگوں پر فوقیت حاصل تھی۔جیسا چاند کو بدر کی رات بقیہ ستاروں پر حاصل ہوتی ہے جب وہ مصر کی گلی کوچوں میں چلتے تو ان کے چہرے کی چمک دیواروں پر نظر آتی۔وہ آدم علیہ السلام کے ساتھ مشابہت رکھتے تھے جس دن کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا فرمایا۔دوسرا قول یہ ہے کہ حسن اپنی دادی سارہ سے وراثت میں پایا تھا۔

اَكْبَرْنَ کا ایک معنی یہ بھی کیا گیا کہ ان کو حیض آ گیا۔اور ھا سکتہ کی ہے۔اس لئے کہ اس طرح بولا نہیں جاتا **النساء قد حضنه** کیونکہ یہ مفعول کی طرف متعدی نہیں ہوتا۔عرب کہتے ہیں۔ **اكبرت المراة اذا حاضت** ۔ جب اسے حیض آئے اور اکبرن کی حقیقت یہ ہے۔کبر میں داخل ہونا۔کیونکہ جب اسے حیض آتا ہے۔تو وہ حد صغر سے نکل جاتی ہے۔گویا متنبی نے اسی تفسیر

سے یہ شعر بنایا ہے۔ خف اللہ واستر ذا الجمال ببرقع ☆ فان لُحت حاضت فی الخدور العوائق
''اللہ تعالیٰ سے ڈر اور خوبصورت کو برقع سے ڈھانپ اگر تو نے ظاہر کیا تو پردوں میں پاکباز عورتوں کا حیض چھوٹ جائیگا۔''
وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ (اور انہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے) ہاتھوں کو زخمی کرلیا۔ جیسے کہتے ہیں کنت اقطع اللحم فقطعت یدی۔ میں گوشت کاٹ رہا تھا میرا ہاتھ زخمی ہوگیا۔ اب مطلب یہ ہوا انہوں نے اس کھانے کی چیز کو کاٹنے کا ارادہ کیا جو ان کے ہاتھوں میں تھی۔ وہ یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر ایسی مدہوش ہوگئیں کہ اپنے ہاتھوں کو زخمی کرلیا۔ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ (اور انہوں نے کہا پناہ بخدا) حاشا۔ یہ استثناء کے باب میں تنزیہ کا فائدہ دینے والا کلمہ ہے۔ تم کہو گے اساء القوم حاشا زید۔ قوم نے زیادتی کی سوائے زید کے۔ یہ حروف جارہ میں سے بھی ہے۔ یہاں تنزیہ و براءت کیلئے ہے۔ اب معنی اس طرح ہوگا۔ اللہ تعالیٰ پاک، بری ہے۔ (ضعف و کمزوری سے) اور ابوعمرو کی قراءت حاشا للہ ہے۔ جیسے کہیں سقیا لک گویا پہلے کہا براءۃ پھر کہا۔ اللہ تا کہ واضح ہو کہ کون بری اور منزہ ہے۔ اور قراءت حفص میں حاش للہ دوسرے الف کے حذف کے ساتھ ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پاکیزگی حاصل ہے۔ عاجزی والی صفات سے اور اسکی قدرت پر تعجب ہے کہ اس نے اس جیسا حسین پیدا کیا۔ مَا هٰذَا بَشَرًا ۖ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ (یہ بشر نہیں یہ تو بس معزز فرشتہ ہے) ان عورتوں نے یوسف علیہ السلام سے بشریت کی نفی ان کے عجیب و غریب حسن کی وجہ سے کی اور طباع میں یہ بات جمی ہوئی ہے کہ فرشتے سے بڑھ کر کوئی حسین نہیں ہے۔ اور اتنی پاکدامنی فرشتوں میں ہوسکتی ہے۔ جیسا کہ طباع میں یہ بات بیٹھی ہوئی ہے کہ شیطان سے زیادہ کوئی بدصورت نہیں۔

## فریب کاری کا نیا جال:

۳۲: قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ (اس نے کہا یہی وہ شخص ہے کہ جس کے بارے میں تم مجھے ملامت کرتی تھیں) اس نے کہا یہ وہی کنعانی غلام ہے۔ جس کی ایک صورت تم نے اپنے ذہنوں میں بنا رکھی تھی۔ اور پھر تم مجھے اس پر ملامت کرتی تھیں۔ تمہارے ذہن میں اس کا حقیقی تصور آیا ہی نہ تھا۔ ورنہ اسکی وجہ سے میرے فتنہ میں مبتلا ہونے پر تم مجھے معذور قرار دیتیں۔ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ (واقعہ میں میں نے ہی اس کو اپنی طرف میلان کیلئے پھسلایا تھا مگر وہ بچا رہا) استعصام مبالغہ کا وزن ہے۔ اور انتہائی بلیغ انداز میں باز رہنے پر دلالت کرتا ہے اور انتہائی تحفظ کو ظاہر کرتا ہے گویا کہ وہ عصمت میں پہلے ہی ہے اور اب اس میں مزید اضافے کیلئے کوشاں ہے۔ یہ کھلی ہوئی وضاحت ہے کہ یوسف علیہ السلام اس سے بالکل بری ہیں جو کہ بعض مفسرین نے (عیسائیت کے عقائد سے متاثر ہو کر تفسیر کردی کیونکہ ان کے نزدیک عصمت خاصہ نبوت نہیں) الھم اور البرھان کی تفسیر کر ماری۔

ان عورتوں نے اس موقعہ پر سفارش کی کہ تم اپنی مالکہ کی اطاعت کرو اس پر راعیل نے یہ دھمکی دی۔ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ (اور اگر اسنے نہ کیا وہ جو میں اس کو کہتی ہوں) نمبر۱۔ ضمیرہٗ کی ما موصولہ کی طرف راجع ہے مطلب یہ ہے ماامر بہ جار کو حذف کردیا جیسا اس مقولہ میں امرتک الخیر ای بالخیر نمبر۲۔ ما مصدر یہ ہے اور مرجع یوسف علیہ السلام ہیں۔ اب تقدیر اسطرح ہے ولئن لم یفعل امری ایاہ ای موجب امری ومقتضاہ اگر اس نے میرے حکم کا مقصود پورا نہ کیا۔ لَيُسْجَنَنَّ (تو ضرور قید کیا جائے گا)

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ

یوسف نے کہا کہ اے میرے رب یہ عورتیں مجھے جس کام کی دعوت دے رہی ہیں اس کے مقابلہ میں مجھے جیل جانا محبوب ہے اور اگر آپ مجھ سے ان کی چال بازی کو دفع نہ کریں گے

اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۗ اِنَّهٗ

تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا اور میں جاہلوں میں سے ہو جاؤں گا، سو ان کے رب نے ان کی دعا قبول کر لی سو عورتوں کی چال بازی کو یوسف سے ہٹا دیا، بلاشبہ وہ

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾

سننے والا ہے جاننے والا ہے۔ پھر نشانیاں دیکھنے کے بعد ان لوگوں کی سمجھ میں یہ آیا کہ ایک وقت تک یوسف کو جیل میں رکھیں۔

ضرور محبوس کیا جائے گا) وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ (اور یہ ضرور ذلیل وخوار ہوگا) لیکونا میں نون خفیفہ کو وقفی حالت میں مشابہت کی وجہ سے الف سے لکھ دیا ہے۔ جیسے لنسفعًا بالناصية میں۔ صاغرین ذلیل چور، قاتل بھگوڑے وغیرہ۔ جیسا کہ اس نے میرا دل چرایا۔ مجھ سے بھگوڑا ہوا اور جدائی سے میرا خون بہایا۔ وہاں اس کو کھانا پینا اور اچھی نیند میسر نہ ہوگی۔ جیسی اس نے میری نیند اور کھانا حرام کر رکھا ہے۔ اور جس کو تخت کی ریشم پری پسند نہیں اس کو خاک نشینی کی پستی کے سواء کچھ حاصل نہ ہوگا۔

۳۳۔ جب یوسف علیہ السلام نے اسکی یہ دھمکی سنی تو بارگاہِ الٰہی میں درخواست پیش کر دی۔

## دعائے مستجاب:

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْ اِلَيْهِ (اے میرے رب مجھے قید اسکی بنسبت محبوب ہے جس کی طرف یہ دعوت دیتی ہیں) دعوت کا اسناد تمام کی طرف اس لئے کیا کیونکہ وہ راعیل کی سفارشی بنی تھیں ماعليك لو اجبت مولا تك یا ہر ایک نے فدا ہو کر خفیہ یوسف کو اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کی۔ پس انہوں نے بارگاہ الٰہی میں التجاء کی اے باری تعالیٰ قید و بند مجھے معصیت کے ارتکاب سے زیادہ پسند ہے۔ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ (اگر آپ نے ان کے فریب کو میری طرف سے نہ ہٹایا) ان سے بچنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گڑگڑا رہے ہیں۔ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ (میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا) الصبوة خواہش کی طرف میلان اسی سے الصبا ہے انسانی نفوس صباء کی طرف اسی لئے مائل ہوتے ہیں کہ اسکی خوشبو عمدہ ہے اور وہ راحت بیز ہے۔ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ (اور نادانوں میں سے ہو جاؤں گا) ان لوگوں میں سے جو علم پر عمل پیرا نہیں ہوتے۔ جو شخص علم پر چلتا نہیں وہ اور بے علم برابر ہیں۔ نمبرا۔ جاہلین کا معنی ہے بے وقوف (اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ بعض مفسرین کی وہ تفسیر ھم محض باطل ہے)

۳۴: فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ جب یوسف علیہ السلام کی دعا میں طلب صرف کی دعا تھی تو بارگاہِ الٰہی سے جواب ملا۔ اس کے رب نے اسکی دعا کو قبول کر لیا۔ استجاب اجاب کے معنی میں ہے۔ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (پس پھیر دیا اسنے ان کے فریب کو بیشک وہی ہر بات کو سننے والا جاننے والا ہے) پناہ مانگنے والوں کی التجاؤں کو سننے والا اور یوسف علیہ السلام اور ان

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ

اور یوسف کے ساتھ دو جوان جیل میں داخل ہوئے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں خواب میں اپنے کو دیکھ رہا ہوں کہ شراب نچوڑ رہا ہوں اور دوسرے نے کہا کہ میں

اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ

خواب میں اپنے کو اس حال میں دیکھ رہا ہوں کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں جس میں سے پرندے کھا رہے ہیں آپ ہمیں اس کی تعبیر بتا دیجئے بلاشبہ ہم آپ کو

الْمُحْسِنِيْنَ ۞ ۳۶

نیک آدمیوں میں سے سمجھ رہے ہیں۔

عورتوں کے حال کو جاننے والا ہے۔

## بے گناہ کی جیل کا فیصلہ:

۳۵: ثُمَّ بَدَا لَهُمْ (پھر عزیز اور اس کے ساتھیوں کی رائے ہوئی) اس کا فاعل مضمر ہے کیونکہ لیسجننّہٗ سے اسکی تفسیر اس پر دلالت کر رہی ہے۔ مطلب یہ ہے پھر ان کی یہ رائے بنی۔ ھم کی ضمیر عزیز اور اس کے عزیز۔ مِّنْ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ (اس کے بعد کہ انہوں نے مختلف نشانیاں دیکھیں) آیات سے مراد وہ گواہیاں تھیں جو آپ کی براءت کے سلسلہ میں سامنے آئیں۔ نمبرا۔ قدّ قمیص نمبر۲۔ قطع الایدی نمبر۳۔ شھادۃ الصبی وغیرہ۔ لَيَسْجُنُنَّهٗ (ضرور اس کو قید میں ڈالا جائے) نکتہ چینی پر پردہ ڈالنے۔ موجودہ حالت کا عذر پیش کرنے کیلئے اور یہ صرف عورت کے حکم کی پیروی کی وجہ سے تھا۔ کیونکہ وہ زن مرید بے غیرت تھا۔ عورت کے ہاتھ میں اسکی نکیل تھی۔ اور نمبرا۔ اس کا خیال یہ تھا کہ قید ان کو ذلیل کر کے اس کا مطیع بنا دے گی۔ نمبر۲۔ بدنظری اور بدگمانی کے ڈر اور شرمندگی نے اس کو قید کرانے پر مجبور کیا۔ اور بدنامی کا دھبہ بھی لگ رہا تھا۔ جب اس نے دیدار اور وصال سے محرومی پائی تو پھر ساع احوال پر قناعت اختیار کرنی پڑی۔ حَتّٰى حِيْنٍ (ایک زمانہ تک) ایک وقت تک گویا اس نے اپنے ہاں فرض کر لیا کہ اس کو ایک وقت تک قید کر کے اس کے رویہ کا اندازہ کریں۔

## جیل کے دونو جوانوں کے خواب:

۳۶: وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ (اور یوسف علیہ السلام کے ساتھ قید خانہ میں دونو جوان داخل ہوئے) یہ بادشاہ کے غلام تھے۔ ایک اس کا خباز اور دوسرا ساقی۔ ان پر بادشاہ کو زہر دینے کا الزام تھا۔ وہ بھی قید خانہ میں اسی گھڑی لائے گئے جب یوسف علیہ السلام کو داخل کیا گیا کیونکہ مع کا کلمہ صحبت کو ظاہر کرتا ہے جیسا کہو خرجت مع الامیر اس سے مقصد امیر کے ساتھ مل کر جانا ہے۔ پس ان کا قید میں داخلہ آپ کے متصل ہونا ضروری ہے۔ قَالَ اَحَدُهُمَآ (ان میں سے ایک نے کہا) ساقی نے کہا اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ (بیشک میں نے اپنے بارے میں دیکھا) اَعْصِرُ خَمْرًا (کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں) یعنی انگور۔ انگور کو شراب کہا کیونکہ عموماً اس

سے وہ شراب بناتے تھے۔ نمبر۲۔ اہل عمان انگور کوالخمر کہتے ہیں۔ وَقَالَ الْاٰخَرُ (دوسرے نے کہا) خباز نے اِنِّیْ اَرٰىنِیْ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْهُ نَبِّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ (بیشک میں نے اپنے بارے میں دیکھا کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں جس سے پرندے کھا رہے ہیں تو ہمیں اسکی تعبیر بتلا) یعنی خواب کی تعبیر اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ (بیشک ہم تمہیں نیکی کرنے والا پاتے ہیں) ان لوگوں میں سے جو خواب کی اچھی تعبیر کر سکتے ہیں نمبر۲۔ قید خانہ والوں کے ساتھ احسان سے پیش آنے والوں میں سے ہیں۔ آپ مریض کا علاج، غمگین کی غم خواری۔ فقیر محتاج پر وسعت کرتے ہیں۔ پس ہمارے خواب کی تعبیر کر کے ہم پر احسان کر دو۔

ایک قول یہ ہے کہ انہوں نے یہ امتحان کیلئے بتکلف خواب بنایا تھا۔ نمبر۱۔ ساقی نے کہا میں نے دیکھا گویا میں باغ میں ہوں میں نے اچانک دیکھا کہ انگور کی جڑ پر تین گچھے انگور کے ظاہر ہوئے پس میں نے ان کو توڑ کر بادشاہ کے پیالے میں نچوڑ دیا۔ اور اس کو پلا دیا۔ نمبر۲۔ خباز نے کہا۔ میں نے دیکھا گویا میرے سر پر تین ٹوکرے ہیں جن پر قسما قسم کے کھانے سجے ہیں اچانک میں نے دیکھا کہ مردار خور پرندے ان میں سے نوچ نوچ کر کھا رہے ہیں۔

قَالَ لَا یَاْتِیْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِیْلِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّاْتِیَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا

یوسف نے کہا جو کھانا تمہیں دیا جاتا ہے اس کے آنے سے پہلے میں تمہیں خواب کی تعبیر بتا دوں گا یہ

مِمَّا عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ ؕ اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

اس علم میں ہے جو میرے رب نے مجھے سکھایا ہے، بلاشبہ میں نے ان لوگوں کے دین کو چھوڑ رکھا ہے جو اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت کے

كٰفِرُوْنَ ۳۷ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَاۤ

منکر ہیں اور میں نے اپنے باپ دادوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کے دین کا اتباع کیا ہے، یہ ہمارے لئے کسی طرح بھی درست نہیں

اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہرائیں، یہ ہم پر اور دوسرے لوگوں پر اللہ کا فضل ہے اور لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ۳۸ یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ

بہت سے لوگ شکر ادا نہیں کرتے، اے میرے جیل کے دونوں ساتھیو کیا بہت سے معبود جدا جدا بہتر ہیں یا اللہ بہتر ہے

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۳۹ؕ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَ

جو تنہا ہے زبردست ہے، تم لوگ اللہ کے سوا جن لوگوں کی عبادت کرتے ہو وہ بس چند نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے تجویز

اٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا

کر لئے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی کوئی سند نازل نہیں فرمائی، حکم بس اللہ ہی کا ہے، اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت

اِلَّاۤ اِیَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۴۰

نہ کرو یہ سیدھا راستہ ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

۳۷: قَالَ لَا یَاْتِیْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِیْلِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّاْتِیَكُمَا ؕ (کہا جو کھانا تمہارے کھانے کے لئے آتا ہے اس کے آنے سے پہلے اسکی حقیقت بتلا دیتا ہوں) اسکی ماہیت و کیفیت کیونکہ اس مشکل کی تفسیر کے مشابہ۔ قبل ان یأتیکما ہے۔ جب انہوں نے آپ سے تعبیر پوچھی اور آپ کی تعریف احسان سے کی تو آپ کی بصیرت نے اس کو بھانپ لیا۔ اور اس سے اپنے ایسے وصف تک پہنچ گئے جو علماء کے علم سے بہت بلند ہے اور وہ غیب کی اطلاع ہے اور آپ نے ان کو متنبہ کیا کہ ان کی طرف لایا جانے والا کھانا ہر روز ان کو بتلایا جاتا ہے کہ آج یہ کھانا اس طرح سے آئے گا۔ اور وہ اسی طرح ہی نکلتا ہے اور اس بات کو آپ نے

تذکرہ توحید اور ایمان سے پہلے بطور راستہ کے اختیار کیا۔ پھر خوبصورت انداز میں ایمان وتوحید کے محاسن اور شرک وکفر کے قبائح بیان کیے۔

مَسْئَلَہ: اس سے یہ ظاہر ہوا کہ جب لوگ کسی عالم کے مرتبہ سے ناواقف ہوں تو وہ ان کو اس دوران میں اپنی ذات کے متعلق وہ بات کہے جو اسکی طرف مائل کرنے والی ہو۔ اور اس کا مقصد یہ ہو کہ لوگ اس سے استفادہ کریں۔ تو یہ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ کے حکم میں شامل نہیں۔

## وعظ وتوحید:

ذٰلِكُمَا (تمہارے یہ دونوں خواب) ان کی تعبیر کی طرف اشارہ کیا۔ یہ تعبیر اخبار بالغیب کا حصہ ہے۔ مِمَّا عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ (اس میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے علم دیا) اور میری طرف وحی کی ہے میں نے کہانت اور نجوم سے نہیں کہا۔

اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ (بیشک میں نے ایسی قوم کا مذہب چھوڑ دیا جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں لاتے اور خاص طور پر وہ آخرت کا انکار کرتے ہیں) یہ ابتدائی کلام بھی ہوسکتا ہے۔ اور ماقبل کی تعلیل بھی بن سکتا ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہوگی۔ علّمنی ذلك واوحی به الیّ لانّی رفضت ملّة اولئك ۔ میرے رب نے مجھے علم دیا اور میری طرف اسلئے وحی کی کیونکہ میں نے اہل مصر اور جوان کے دین پر مفتون ہیں ان کے طریقہ کا انکار کیا۔

۳۸: وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ (اور میں نے اتباع کی اپنے باپ دادا ابراہیم واسحاق ویعقوب کے مذہب کی) وہ ملت حنیفیہ ہے۔ ہم کا لفظ تاکید مزید کیلئے لایا گیا ہے۔ اور آباء کا تذکرہ اس لئے کیا تاکہ ان کے سامنے ظاہر کریں کہ میں خانوادۂ نبوت سے تعلق رکھتا ہوں۔ تاکہ وہ دونوں پہچان لیں کہ آپ نبی مرسل ہیں اور اخبار غیب آپ کو وحی سے معلوم ہوتے ہیں تاکہ اسطرح سے ان کو اور زیادہ رغبت ہو اور آپ کی اتباع کرنا آسان ہو جائے۔ اوپر والی آیت میں ترکت کا مطلب ابتدائی ترک یعنی اختیار ہی نہ کرنا مراد ہے یہ مراد نہیں کہ پہلے کرتا تھا پھر چھوڑ دیا۔ مَا كَانَ لَنَآ (ہمارے لئے مناسب نہ تھا) ہم گروہ انبیاء علیہم السلام کے مناسب ہی نہ تھا۔

اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ (کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائیں) جو چیز بھی خواہ صنم ہو یا غیر صنم ذٰلِكَ (یہ) یہ توحید۔ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ (یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر اور لوگوں پر فضل ہے۔ لیکن لوگوں کی اکثریت شکر گزار نہیں) وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کا شکر یہ ادا نہیں کرتے بلکہ اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے اور باز نہیں آتے۔

۳۹: يٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ (اے میرے جیل کے ساتھیو) اے سکان جیل جیسا کہتے ہیں اصحاب النار [البقرہ:۸۱] دوزخی واصحاب الجنۃ [البقرہ:۸۲] جنت والے۔ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (کیا متفرق رب زیادہ بہتر ہیں یا اللہ اکیلا زبردست) تفرق سے مراد تعداد میں اختلاف وکثرت ہے یعنی کیا متفرق ارباب کا ہونا کہ ایک تم میں سے ایک خدا کو پوجے اور دوسرا دوسرے کو یہ زیادہ بہتر ہے یا ایک ہی رب جو اکیلا زبردست ہو اور وہ کسی سے مغلوب نہ ہوتا ہو اور ربوبیت میں بھی اس کے

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ

اے میرے جیل کے دونوں ساتھیو! تم میں سے ایک تو اپنے آقا کو شراب پلائے گا اور دوسرے کو سولی پر چڑھایا جائے گا

فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾

اور اس کے سر میں سے پرندے کھائیں گے جس بات کے بارے میں تم معلوم کر رہے تھے اس کا فیصلہ ہو چکا ہے

وَ قَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۫ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ

اور جن دو جوانوں نے خواب کی تعبیر دریافت کی تھی ان میں سے جس شخص کے بارے میں یوسف نے گمان کیا کہ وہ رہا ہونے والا ہے اس سے کہا کہ تو اپنے آقا کے سامنے میرا تذکرہ کر دینا پھر

ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع ۵/۱۵

اس شخص کو شیطان نے اپنے آقا سے تذکرہ کرنا بھلا دیا سو یوسف جیل میں چند سال رہے۔

ساتھ کوئی سہیم و شریک نہ ہو۔ یہ مثال ہے جو آپ نے اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کی عبادت اور بتوں کی عبادت کی بیان فرمائی۔

۴۰: مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ (نہیں تم اللہ تعالیٰ کے سواء عبادت کرتے) تعبدون سے ان دونوں اور جو مصری ان کے اہل دین تھے سب کو خطاب کیا ہے ہٖ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے۔ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ (مگر محض نام ہیں جو تم نے اور تمہارے آباؤ اجداد نے تجویز کر لیے ہیں) تم نے ان کو اٰلِھَۃ کہا جو الوہیت کے حقدار نہیں۔ پھر ستم بر ستم یہ کہ تم نے ان کی پوجا شروع کر دی گویا کہ تم محض ان ناموں کو پوجتے ہو جنکے مسمیات نہیں ہیں۔ سمیتموھا کا مطلب سمیتم بھا ہے۔ جیسے کہتے ہیں سمیتہ زیدا و سمیتہ بزید۔ دونوں کا معنی میں نے اس کا نام زید رکھا ہے۔ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا (اللہ تعالیٰ نے نہیں اتاری ان کے متعلق) ان کے نام رکھنے کے متعلق مِنْ سُلْطٰنٍ (کوئی دلیل) حجت اِنِ الْحُكْمُ (نہیں ہے حکم) عبادت اور دین کے معاملہ میں اِلَّا لِلّٰهِ (مگر اللہ تعالیٰ ہی کیلئے) پھر اللہ تعالیٰ کا وہ حکم بیان فرمایا۔ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ (اس نے حکم دیا کہ نہ تم عبادت کرو مگر اسی ہی کی یہی مضبوط دین ہے) القیم کا معنی پختہ جس پر دلائل شاہد ہیں۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے)۔

مَسْئَلَہ: اس سے یہ معلوم ہوا کہ سزا بندے پر لازم ہو جاتی ہے خواہ وہ اس بات سے ناواقف ہو جبکہ اس بات کا جاننا کسی طریقہ سے اس کے لئے ممکن ہو۔

## تعبیر خواب:

۴۱: يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا (اے میرے جیل کے ساتھیو! تم میں سے ایک) یہاں سے خواب کی تعبیر شروع فرمائی احدکما سے ساقی مراد ہے۔ فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا (وہ اپنے آقا کو شراب پلائیگا) یعنی اپنے عہدے پر واپس لوٹ جائے گا۔ وَ اَمَّا

الْاٰخَرُ (اور پھر دوسرا) یعنی نانبائی فَیُصْلَبُ فَتَاْ كُلُ الطَّیْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ (پس اس کو سولی دی جائے گی اور پرندے اس کو سر کی طرف سے کھائیں گے) روایت تفسیر میں ہے کہ آپ نے پہلے کو کہا تم نے جو انگور کی بیل اور اسکی خوبصورتی دیکھی ہے۔اس سے مراد بادشاہ ہے اور اس کے ہاں تیری اچھی حالت ہے۔ باقی تین شاخیں اس سے مراد تین دن ہیں جو تمہیں جیل میں گزارنے پڑیں گے۔ پھر تو نکل جائے گا۔ اور اپنی ذمہ داری کو دوبارہ جا کر سنبھال لے گا۔ اور دوسرے کو فرمایا تین ٹوکری یہ تین دن ہیں۔ پھر تمہیں نکال کر سولی دی جائے گی۔ جب خباز نے تعبیر سنی تو کہنے لگا میں نے کوئی خواب نہیں دیکھا (امتحاناً بات بنائی تھی) تو یوسف علیہ السلام نے فرمایا قُضِیَ الْاَمْرُ الَّذِیْ فِیْهِ تَسْتَفْتِیٰنِ (مقرر ہو چکا وہ معاملہ جس کے متعلق تم دونوں پوچھتے تھے) قطعی فیصلہ کر دیا گیا اور تکمیل پذیر ہوا وہ معاملہ جس کے متعلق تم سوال کر رہے تھے۔ یعنی ایک کی ہلاکت اور دوسرے کی نجات۔

۴۲: وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا (اور کہا اس کو جس کے بارے میں گمان کیا کہ چھوٹنے والا ہے) گمان کرنے والے یوسف علیہ السلام تھے۔ اگر اسکی تعبیر بطریق اجتہاد ہو۔ اور اگر بطریق وحی ہو تو گمان کرنے والا ساقی ہے۔ نمبر۲۔ ظن کا معنی یقین ہے۔

اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ (تو میرا تذکرہ اپنے آقا کے پاس کرنا) بادشاہ کے ہاں میری صفات کا تذکرہ کرنا اور اس کے سامنے میرا واقعہ سنانا شاید اس کو رحم آئے اور اس پریشانی سے مجھے نکالے۔ فَاَنْسٰهُ الشَّیْطٰنُ (پس اس کو شیطان نے بھلا دیا) ساقی بھول گیا ذِكْرَ رَبِّهٖ (اپنے آقا کے پاس ان کا تذکرہ کرنا) تقدیر عبارت ان یذکر لربہ ہے یا عندربہ۔ اپنے آقا کے لئے یا پاس یا یوسف علیہ السلام سے بھول ہوئی جبکہ انہوں نے اپنا معاملہ غیر کے سپرد کیا۔ حدیث میں ہے جس کو ابن حاتم اور ابن مردویہ) نے ذکر کیا رحم اللّٰہ اخی یوسف لو لم یقل اذکرنی عند ربك لما لبث فی السجن سبعًا۔ اللہ تعالیٰ میرے بھائی یوسف پر رحم فرمائے اگر وہ اذکرنی عندربک نہ کہتے تو سات سال قید میں نہ رہتے۔ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَ (پس وہ قید میں سات سال ٹھہرے) جمہور کے نزدیک سات سال۔ بضع کا لفظ تین سے نو تک بولا جاتا ہے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْٓ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ

اور بادشاہ نے کہا کہ بے شک میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ سات گائیں موٹی ہیں جنہیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں، اور سات

سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ

بالیں ہری ہیں اور ان کے علاوہ خشک بالیں ہیں اے دربار والو مجھے میری خواب کے بارے میں جواب دو اگر تم

لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ۴۳ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ۴۴

خواب کی تعبیر دیتے ہو، وہ لوگ کہنے لگے کہ یہ تو یوں ہی خیالی خواب ہیں، اور ہم خوابوں کی تعبیر دینا جانتے نہیں ہیں

وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ۴۵ یُوْسُفُ

اور وہ شخص بول اٹھا جو دو قیدیوں میں رہا ہوا تھا اور اسے ایک مدت کے بعد یاد آ گیا کہ میں تمہیں اس کی تعبیر سے باخبر کردونگا لہٰذا تم لوگ مجھے بھیج دو اے یوسف

اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ

اے سچے ہمیں ایسی سات موٹی گایوں کے بارے میں جواب دیجئے جنہیں سات دبلی گائیں کھائے جا رہی ہیں اور سات

سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْٓ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ۴۶ قَالَ

ہری بالوں اور ان کے علاوہ خشک بالوں کے بارے میں بتائیے۔ تاکہ میں ان لوگوں کی طرف واپس ہو جاؤں امید ہے کہ وہ بھی جان لیں گے یوسف نے کہا

تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا

کہ سات سال لگاتار متواتر کھیتی کرو گے پھر جو تم کھیتی کاٹ لو تو اسے اس کی بالوں میں چھوڑے رکھنا مگر تھوڑا سا جس میں سے

تَاْكُلُوْنَ ۴۷ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا

تم کھاتے رہو، پھر اس کے بعد سخت سات سال آئیں گے جو اس سب کو کھا جائیں گے جو تم نے ان کے لئے پہلے بچا کر رکھا ہوگا بجز

مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۴۸ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِیْهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ۴۹ ع ۷ ۱۲

اس کے جو تم چھوڑو گے، پھر اس کے بعد ایک ایسا سال آئے گا جس میں لوگوں کے لئے خوب بارش ہوگی اور اس میں رس نچوڑیں گے۔

## بادشاہ کا خواب:

۴۳: وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْٓ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ (اور بادشاہ نے کہا بیشک میں نے سات موٹی گائیں دیکھیں جن کو سات دبلی گائیں کھا گئیں۔ اور سات بالیں سبز اور دوسری خشک)

جب یوسف علیہ السلام کے نکلنے اور رہائی پانے کا زمانہ قریب آیا تو مصر کے بادشاہ ریان بن ولید نے ایک خوفناک عجیب خواب دیکھا۔ اس نے سات موٹی گائیں خشک دریا سے نکلتے ہوئے دیکھیں اور سات دبلی گائیں بھی۔ یہ دبلی گائیں ان موٹی کو نگل گئیں اور بادشاہ نے سات سبز بالیں دیکھیں جن پر دانے لگ چکے ہیں۔ اور سات دوسری خشک بالیں جو کٹنے کے قریب ہیں۔ وہ خشک بالیں سبز پر لپٹ گئیں۔ اور ان پر غالب آ کر ان کو خشک کر ڈالا۔ بادشاہ نے اسکی تعبیر چاہی مگر اسکی قوم میں کوئی ایسا شخص نہ ملا جو اسکی صحیح تعبیر کر سکے۔

بعض علماء کا قول یہ ہے کہ ابتلاء کی ابتداء بھی خواب اور ابتلاء کی انتہاء بھی خواب سمان جمع سمین وسمینۃ موٹی۔ العجاف۔ دبلی۔ عجف ایسے دبلے پن کو کہتے ہیں کہ جس کے بعد موٹاپا کا وجود نہ ہو۔ عجاف یہ عجفاء کی جمع ہے۔ اور افعل اور فعلاء کی جمع فعال کے وزن پر نہیں آتی۔ اب اسکی نقیض سمان پر اس کو محمول کرنا پڑے گا۔ کیونکہ اہل عرب کی عادت یہ ہے کہ نظیر کو نظیر پر محمول کرتے رہتے ہیں۔ اور اسی طرح نقیض کو نقیض پر۔ آیت میں اس بات پر دلالت ہے کہ خشک بالیں بھی سات ہیں جیسا کہ سبز کی تعداد سات تھی۔ کیونکہ سیاق کلام بقرات سمان اور عجاف کے سلسلہ میں اور سنابل خضر ویابس کے متعلق ایک جیسا ہے۔ پس لازم ہے کہ آخر کا معنی سبعًا لیا جائے۔ اور اُخر یابسات کا معنی سبعا آخر لیا جائے۔

یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ (اے سردارو!) گویا اس نے اعیان سلطنت مراد لیے جو علماء وحکماء میں سے تھے۔ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ (تم مجھے میرے خواب کے سلسلہ میں بتلاؤ اگر تم خواب کی تعبیر کرنا جانتے ہو) نمبرا۔ للرؤیا میں لام بیانیہ ہے۔ جیسا کہتے ہیں اس قول باری تعالیٰ میں و کانوا فیہ من الزاھدین میں من بیانیہ ہے۔ نمبر۲۔ مفعول یہ کو جب فعل سے مقدم کر دیں تو فعل اس پر عمل کرنے میں اتنی قوت میں نہیں رہتا جتنا کہ بعد میں لانے سے۔ پس مفعول کو لام کے ذریعہ تقویت دی جیسا تم کہو عبرت الرؤیا۔ وللرؤ یا عبرت نمبر۳۔ للرؤیا کَانَ کی خبر ہے۔ جیسا کہتے ہیں۔ کان فلان لھٰذا الامر۔ جبکہ وہ اس کام پر پورا قابو رکھتا ہو اور اس میں مستقل ہو اور تعبدون خبر دوم یا حال ہے۔ اور عبرت الرؤیا کی حقیقت خواب کے انجام کا ذکر کرنا اور اس کے آخر کا تذکرہ جیسا کہتے ہیں عبرت النھر جب تم اس کو طے کرو۔ یہاں تک کہ دوسرے کنارے پر پہنچ جائے۔ ھو عبرہ اس نے اسکی تعبیر کی اور اسی طرح اوّلت الرؤیا جب کہ تم اس کا انجام ذکر کرو۔ وہ اس کا انجام ذکر کرنے والا ہے۔ میرے نزدیک عبرت الرؤیا تخفیف کے ساتھ زیادہ قابل اعتماد ہے۔ میں نے بعض لوگوں کو عبرت الرؤیا۔ تشدید کے ساتھ انکار کرتے پایا حالانکہ التعبیر والمعبر دونوں ہی استعمال ہوتے ہیں۔

۴۴: قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ (انہوں نے کہا یہ پریشان خیالات ہیں) یعنی نمبرا: وہ خواب، رلے ملے جھوٹے خواب اور جن میں نفس کی بات ملی ہو نمبر۲۔ وسوسہ شیطانی۔ اضغاث کا اصل گھاس کا مٹھ قسم قسم کی گھاس کا گٹھا۔ اس کا واحد ضغث ہے یہاں جھوٹے خوابوں کیلئے بطور استعارہ لایا گیا ہے اور اضافت یہاں مِن کے معنی میں ہے۔ اے اضغاث من احلام۔ اس کو جمع لایا گیا حالانکہ وہ ایک ہی خواب ہے بطلان کی صورت میں حلم میں اضافہ کیلئے۔ اور ممکن ہے کہ اس نے اس خواب کے ساتھ اور خواب بھی ذکر کئے ہوں۔

وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ (اور ہم خواب کی تعبیر سے واقف نہیں ہیں) احلام سے مراد باطل خوابیں تھیں۔ اسلئے

انہوں نے کہہ دیا ہمارے پاس اسکی کوئی تعبیر نہیں کیونکہ تعبیر تو ڈھنگ کے خوابوں کی ہوا کرتی ہے۔ نمبر۲۔ انہوں نے اپنی علمی غلطیوں کا اعتراف کرلیا۔ اورانہیں خوابوں کی تعبیر کا علم نہ تھا۔

## ساقی کا بیان:

۴۵: وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا (کہا اس شخص نے جس نے نجات پائی) قتل سے مِنْھُمَا (ان دونوں میں سے) جیل والوں میں سے وَادَّکَرَ بَعْدَ اُمَّۃٍ (اوراس کوایک وقت کے بعد یاد آیا) یہ دال کے ساتھ زیادہ فصیح ہے۔ اصل میں اذتکر ہے ذال کو دال اور تا کو دال سے بدل کر دونوں کو باہمی ادغام کر دیا۔ کیونکہ ہم جنس ہیں۔ حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں۔ واذّ کر اسکی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے تا کو ذال کر کے ذال میں ادغام کیا ہے۔ یوسف کا تذکرہ اور جوان سے مشاہدہ کیا تھا۔ بعدامۃ طویل مدت کے بعد اور وہ اسطرح کہ جب بادشاہ نے خواب کی تعبیر پوچھی اور اسکی تعبیر مشکل بن گئی تو بچنے والے کو یوسف یاد آئے۔ اور اپنا خواب اور اسکی تعبیر یاد پڑی۔ اور اسی طرح اپنے ساتھی کا خواب اور اسکی تعبیر، تو بادشاہ نے اس کو طلب کیا کہ وہ اس خواب کا تذکرہ بادشاہ کے پاس کرے۔ اَنَا اُنَبِّئُکُمْ بِتَاْوِیْلِہٖ (میں اسکی تعبیر تمہیں بتاتا ہوں) میں اس سے پوچھ کر اسکی تعبیر بتلاتا ہوں جس کو اسکی تعبیر کا علم ہے۔ فَاَرْسِلُوْنِ (پس تم مجھے بھیجو)

**قراءت:** یعقوب نے یا کے ساتھ پڑھا ہے ای فابعثونی الیه لاسألهٗ مجھے اس کے پاس بھیجو تاکہ میں اس سے پوچھ آؤں۔ انہوں نے یوسف علیہ السلام کی طرف اس کو بھیجا وہ آیا اور آ کر کہا۔

## تعبیر یوسف علیہ السلام:

۴۶: یُوْسُفُ اَیُّھَا الصِّدِّیْقُ (اے سچے یوسف) یہ مجسمہ صدق اس نے یہ بات اس لیے کہی کیونکہ وہ ان کے حالات جان چکا تھا۔ اور اپنے خواب کی تعبیر میں ان کی سچائی خوب پہچان چکا تھا۔ اور اپنے ساتھی کے خواب کے متعلق بھی اسی طرح واقع ہوا جیسا انہوں نے تعبیر کی تھی۔ اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْکُلُھُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ لَّعَلِّیْ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَعْلَمُوْنَ (آپ ہمیں سات موٹی گائیں جن کو سات دبلی کھا جاتی ہیں اور سات سبز بالیں اور دوسری خشک کے متعلق تعبیر دیں شاید کہ میں لوگوں کے پاس جاؤں شاید وہ جان لیں) الناس سے بادشاہ اوراس کے پیرو مراد ہیں۔ یعلمون سے آپ کی فضیلت ومرتبہ جان کر طلب کریں اوراس مشقت سے آپ کو رہائی دلائیں۔

۴۷: قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا (فرمایا تم زراعت کرو گے سات سال متواتر) یہ خبر ہے مگر معنی امر کا ہے جیسا اس آیت میں تومنون باللّٰه ورسوله وتجاهدون [الصف:۱۱] تم اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول پر ایمان لاؤ اور جہاد کرو) اسکی دلیل یہ قول ہے فذروہ فی سنبلہ ہے۔

**نکتہ:** امر کو صورت خبر میں اسلئے ذکر کیا جاتا ہے تاکہ مامور بہ کے وجود میں مبالغہ ہو گویا اس کو موجود سمجھ کر اس کے متعلق خبر دی جاری ہے۔ دَاَبًا (مسلسل)

**قراءت:** یہ سکون ہمزہ کے ساتھ ہے اور حفص اس کو فتحہ سے پڑھتے ہیں۔ اور یہ دونوں دأب فی العمل کے مصدر ہیں۔ یہ دأبا

المأمورین سے حال ہے ای دائبین ۔ ہمیشگی کرنے والے فَمَا حَصَدْ تُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْبُلِهٖ (جوتم کاٹو اس کو اس کے بالوں میں چھوڑ دو) تاکہ اس کے گھن نہ لگے ۔ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ (مگر تھوڑا جوتم کھاؤ) یعنی جوتم نے ان سالوں میں استعمال کرنا ہو۔

۴۸: ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ (پھر اس کے بعد سات بہت سخت سال آئیں گے جو کھا جائیں گے) یہاں یَاْکُلْنَ میں کھانے کی نسبت مجازاً سالوں کی طرف کر دی ۔ مَاقَدَّمْتُمْ لَهُنَّ (جوتم نے ان کے لئے پہلے سے جمع کر رکھا ہوگا) یعنی سرسبزی والے سالوں میں اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ (مگر تھوڑا جوتم بچا کر رکھو گے) مگر تھوڑا جوتم جمع کرو گے اور چھپا کر رکھو گے۔

۴۹: ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ (پھر اس کے بعد ایک سال ہوگا) یعنی چودہ سال بعد فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ (اس میں لوگوں پر بارش برسائی جائے گی) یہ الغوث سے ہے ۔ نمبر۱ ۔ ان کے فریادیوں کی ضرورت پوری ہوگی نمبر۲ ۔ الغیث سے ہے یعنی بارش کی جائے گی جیسے کہتے ہیں غیث البلاد جبکہ بارش ہو وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ (اور اس میں لوگ نچوڑیں گے) یعنی انگور زیتون تل ، اور ان سے مشروبات بنائیں گے اور تری کیلئے بطور تیل استعمال کریں گے۔

قراءت : حمزہ وعلی نے تعصرون پڑھا ہے ۔ آپ نے بقرات سمان اور السنبلات الخضر کی تعبیر خوشحالی کے سال اور العجاف اور الیابسات کی تعبیر قحط والے سالوں سے کی اور پھر ان کو بشارت دی کہ خواب کی تعبیر تو اتنی ہے مگر مزید بات یہ ہے کہ آٹھواں سال برکت والا آئے گا ۔ اس میں کثرت سے غلہ اور بے شمار نعمتیں میسر ہونگی ۔ اور یہ تمام باتیں وحی سے بتلائیں اور اسی ہی سے ممکن ہیں۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰی رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ

اور بادشاہ نے کہا کہ اس شخص کو میرے پاس لے آؤ سو جب قاصد یوسف کے پاس آیا تو یوسف نے کہا کہ تو اپنے آقا کے پاس واپس جا پھر اس سے دریافت کر کہ ان عورتوں کا

النِّسْوَةِ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِكَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ

کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے، بے شک میرا رب ان کے فریب کو خوب جاننے والا ہے، اس نے کہا کہ اے عورتو! تمہارا کیا واقعہ ہے جبکہ تم نے

اِذْ رَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ

یوسف سے اپنی مطلب براری کی خواہش کی، انہوں نے جواب میں کہا حاشا للہ ہم اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ ہمارے علم میں ایسی کوئی بات نہیں کہ ہم یوسف کی طرف کوئی برائی

امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ؗ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۵۱﴾

منسوب کر سکیں، عزیز کی بیوی نے کہا اس وقت حق ظاہر ہو گیا میں نے اسے اپنے مطلب براری کے لئے اسے پھسلایا اور بے شک وہ سچے لوگوں میں سے ہے

ذٰلِكَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ كَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾

یہ اس لئے کہ وہ جان لے کہ میں نے اس کے پیچھے اس کی خیانت نہیں کی اور بلاشبہ اللہ خیانت کرنے والوں کے فریب کو نہیں چلنے دیتا،

## بادشاہ کی طرف سے رہائی کا پروانہ اور آپ کا انکار:

۵۰: وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ (اور کہا بادشاہ نے اس کو میرے پاس لے آؤ۔ جب بادشاہ کا قاصد آیا) تاکہ وہ قید سے رہائی دے قَالَ ارْجِعْ اِلٰی رَبِّكَ (اس نے کہا تو لوٹ جا اپنے آقا کی طرف) ربک سے یہاں بادشاہ مراد ہے۔ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ (اور اس سے پوچھو کیا حال ہے ان عورتوں کا) بال بمعنی عورتوں کی حالت ہے۔ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ (جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے) یوسف علیہ السلام ثابت قدم رہے اور بادشاہ کے جواب میں حوصلہ مندی سے کام لیا اور عورتوں کے متعلق سوال کو مقدم کیا تاکہ ان کی براءت برسر میدان ظاہر ہو جائے اور جو بہتان ان پر لگایا اور انہیں قید کیا گیا وہ کھل جائے۔ تاکہ حاسدوں کو آپ کی شان گھٹانے کی جرأت نہ ہو۔ اور تاکہ لوگوں کے منہ اس بات سے بند ہو جائیں کہ کسی بڑے جرم کی وجہ سے ان کو سات سال جیل میں ڈالا گیا۔

**مَسْئَلَہ**: تہمت کی نفی کیلئے کوشش لازم ہے اور ایسے مواقع سے بچنا ضروری ہے جو تہمت کا پیش خیمہ ہوں۔ آپ ﷺ نے یوسف علیہ السلام کی اس عظمت کو اس طرح سراہا۔ یوسف علیہ السلام کا صبر و سخاوت کتنی عظیم ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو معاف کرے۔ جب ان سے موٹی اور دبلی گائیں کے متعلق سوال کیا گیا (تو آپ نے تعبیر کے ساتھ تدبیر حسن بتلائی) اگر میں ان کی جگہ ہوتا تو تعبیر بتلانے

کی یہ شرط لگا دیتا کہ وہ مجھے جیل سے رہا کریں۔اوران کی یہ حالت بھی بڑی عجیب ہے کہ جب ان کے پاس قاصد آیا تو اسے کہا: ارجع الی ربك۔ اگر میں اسکی جگہ ہوتا اور قید میں اتنا عرصہ گزار چکا ہوتا جتنا انہوں نے گزارا تو میں ضرور داعی کی بات پر لبیک کہتا اور نکلنے کی طرف جلدی کرتا۔عذر تلاش نہ کرتا، وہ بڑے ہی حوصلے منداور بردبار تھے۔(درالمنثور)

سخاوت وحسن ادبِ یوسفی کا ایک ورق ملاحظہ ہو کہ آپ نے عزیز کی بیوی کا ذکر نہیں کیا۔حالانکہ اس نے آپ کے ساتھ کیا کچھ نہیں کیا اور قید و بند کا سبب بنی اور فقط ان عورتوں کا تذکرہ فرمایا جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے۔اِنَّ رَبِّیْ بِكَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ (بیشک میرا رب ان کے فریب کو جانتا ہے) ان کا فریب بلاشبہ بڑا ہے اس کو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں اور وہ اس پر بدلہ لینے والے ہیں۔

## شاہی تفتیش:

۵۱: جب بادشاہ کا قاصد واپس لوٹ کر آیا تو بادشاہ نے ان ہاتھ کاٹنے والی عورتوں کو بلایا۔اور عزیز کی عورت کو بھی بلایا اور کہا قَالَ مَاخَطْبُكُنَّ (تمہارا کیا معاملہ ہے)

اِذْرَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ (جب کہ تم نے یوسف کو پھسلایا) کیا تم نے اسکی طرف سے اپنے لئے ذرہ بھر میلان پایا۔قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ (تو انہوں نے کہا پناہ بخدا) اسکی قدرت جس نے ایسا پاک باز بنایا ہے۔مَاعَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ (ہم نے ان کے متعلق ذرہ بھی برائی نہیں پائی) سوء سے گناہ مراد ہے۔قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ (عزیز کی بیوی کہنے لگی اب حق واضح ہو گیا) ظاہر اور پختہ ہو گیا۔اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ (میں نے اس کو اپنے مطلب کیلئے پھسلایا تھا اور بیشک وہ سچوں میں سے ہے) اس نے یہ بالکل صحیح کہا ھی راودتنی عن نفسی ان دو گواہیوں پر کسی اضافہ کی ضرورت نہیں۔یہ گواہیاں آپ کی براءت ونزاہت کو خوب ثابت کر رہی ہیں۔عورتوں نے یہ برملا اعتراف کیا کہ یوسف علیہ السلام پر جو الزام لگایا گیا اس سے ان کا کوئی سروکار نہیں ہے۔

## براءت یوسف علیہ السلام:

۵۲: پھر قاصد یوسف علیہ السلام کے پاس لوٹ کر آیا اور عورتوں کی گفتگو کے متعلق اطلاع دی اور عزیز مصر کی بیوی کے اعتراف و اقرار کا بھی ذکر کیا۔اس پر یوسف علیہ السلام نے فرمایا۔ ذٰلِكَ (یہ) نکلنے سے انکار اور اظہار براءت پر اصرار میں نے اسلئے کیا لِیَعْلَمَ (تاکہ عزیز مصر کو معلوم ہو) اَنِّیْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ (کہ میں نے اسکی غیر موجودگی میں اسکی خیانت نہیں کی) اسکی عزت کے سلسلہ میں اس کی عدم حاضری میں۔

نَحو: بالغیب یہ فاعل سے حال ہے یا مفعول سے حال ہے۔معنی اس طرح ہوگا نمبر۱۔میں اس سے غائب ہوں۔نمبر۲۔وہ

میرے پاس موجود نہ ہو۔ نمبر۲۔ لیعلم کی ضمیر بادشاہ کی طرف لوٹائیں تاکہ بادشاہ کو معلوم ہو جائے کہ میں نے عزیز مصر کی خیانت نہیں کی۔ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ كَیْدَ الْخَآىِٕنِیْنَ (اور بیشک اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتے) ان کو سیدھا راستہ نہیں دکھاتے۔ گویا اس میں امرأۃ عزیز کے متعلق تعریض ہے کہ اسنے اپنے خاوند کی امانت میں خیانت کی۔ اور اپنی امانت کو پوری شوکت وقوت سے ظاہر فرمایا۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ

اور میں اپنے نفس کو بری نہیں بتاتا بلاشبہ نفس برائی کرنے کا خوب زیادہ حکم دیتا ہے۔ بجز اس کے جس پر میرا رب رحم فرمائے بیشک میرا رب

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۳﴾

غفور ہے رحیم ہے۔

۵۳: وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ (اور میں اپنے نفس کو بری نہیں بتاتا) پھر آپ نے بارگاہ الٰہی میں تواضع کرتے ہوئے اور اپنے نفس کو مٹاتے ہوئے تاکہ اپنے منہ مٹّھو بننے کا وہم نہ ہو۔ اور یہ بھی واضح ہو جائے کہ مجھ میں جو امانت و دیانت پائی جاتی ہے۔ یہ محض توفیق الٰہی اور اسکی عصمت سے ہے۔ چنانچہ فرمایا میں بذات خود اپنے نفس کو پاک قرار نہیں دیتا کہ وہ لغزشوں سے بچ جائے اور نہ میں بالکلیہ اسکی براءت کی گواہی دیتا ہوں۔ اور نہ عمومی افعال میں اس کو (لغزش سے) پاک قرار دیتا ہوں۔ نمبر۲۔ اس حادثہ میں جیسا کہ هَمَّ کو خطرۂ بشریہ کے معنی میں جب لیا جائے اور قصد وارادہ کا اسمیں مطلقاً دخل نہ ہو۔

اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ (بیشک نفس تو ضرور برائی کی طرف جھک جانے والا ہے) النفس سے جنس نفس مراد ہے۔ جنس نفس تو برائی کی طرف لے جانے والی ہے اور اس پر آمادہ کرتی ہے کیونکہ اسمیں شہوات پائی جاتی ہیں۔ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ (مگر جس پر میرا رب رحم کرے) نمبر۱۔ مگر وہ چیدہ لوگ جن پر میرے رب کی رحمت ہو اور عصمت سے ان کو نوازا گیا ہو۔ نمبر۲۔ یہ بھی جائز ہے کہ مَا رَحِمَ کو زمانہ کے معنی میں لیا جائے مگر میرے رب کی رحمت کے وقت۔ مطلب اس طرح ہوگا۔ نفس تو ہر وقت برائی کی طرف مائل کرنے والا ہے مگر وقت عصمت میں وہ مائل نہیں کر سکتا۔

نمبر۳۔ یہ استثناء منقطع ہے۔ یعنی میرے رب کی رحمت اس نفس کو بدی کے راستہ سے پھیر دیتی ہے۔ اس صورت میں اِلَّا کو لٰکِنَّ کے معنی میں لیا گیا ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ یہ عزیز مصر کی بیوی کا مقولہ ہے کہ یہ بات جو میں نے کہی ہے یہ اس لئے ہے تاکہ یوسف کو علم ہو جائے کہ میں نے اس کے ساتھ خیانت نہیں کی اور اس کے متعلق اسکی غیر موجودگی میں جھوٹ نہیں بولا بلکہ جو سوال کیا گیا اس کے متعلق میں نے سچی بات کہی ہے مگر اس کے باوجود بھی میں اپنے آپ کو خیانت سے بری الذمہ قرار نہیں دیتی۔ میں نے اسکی خیانت کی ہے جبکہ میں نے اس پر یہ کہہ کر بہتان تراشا مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اور قید کی دھمکی دی۔ وہ اپنے قصور کا اعتراف کر رہی ہے کہ ہر نفس برائی کی طرف جھکاؤ اختیار کرنے والا ہے۔ اس سے تو یوسف (علیہ السلام) جیسا معصوم انسان پردۂ رحمت کی برکت سے بچ سکتا ہے۔ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (بیشک میرا رب بخشنے والا رحم کرنے والا ہے) اس نے اپنے رب سے معافی طلب کی اور اسکی رحمت مانگی ان غلطیوں سے جنکا وہ ارتکاب کر چکی تھی۔ اس کو کلام یوسف علیہ السلام قرار دیا گیا۔ مگر ظاہر میں اسکی کوئی دلیل نہیں۔ کیونکہ معنی تو اسکی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ قرآن مجید کی تقدیم و تاخیر والی قسم میں سے ہے کہ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ کا اتصال و تعلق فسنله مابال

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا

اور بادشاہ نے کہا کہ اس شخص کو میرے پاس لاؤ میں اسے خالص اپنے لئے رکھوں گا پھر جب ان سے بات کی تو کہا بے شک آج تم ہمارے پاس

مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ

با عزت ہو معتبر آدمی ہو یوسف نے کہا کہ مجھے زمین کے خزانوں پر مقرر کر دو میں ان کی حفاظت کرنے والا ہوں جاننے والا ہوں، اور ہم نے

مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ

اسی طرح یوسف کو زمین میں بااختیار بنا دیا اس میں جہاں چاہے رہے ہم جسے چاہیں اپنی رحمت پہنچا دیں

وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ ع

اور ہم اچھے کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے، اور البتہ آخرت کا ثواب ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو ایمان لائے اور تقویٰ اختیار کرتے تھے۔

النسوة الّتی قطعن ایدیهن سے ہے۔

## شاہی حکم نامہ:

۵۴: وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ (بادشاہ نے کہا اس کو میرے پاس لے آؤ۔ میں اس کو خاص کرلونگا اپنی ذات کیلئے) میں اس کو مقرر کرونگا اپنی ذات کیلئے فَلَمَّا كَلَّمَهٗ (جب ان سے بادشاہ نے کلام کیا) اور اس چیز کا مشاہدہ کیا جو اس کے گمان میں بھی نہ تھی۔ تو قَالَ (کہا) بادشاہ نے یوسف علیہ السلام کو اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ (تم آج سے ہمارے نزدیک معتبر و معزز ہو) تو مرتبے اور مقام والا ہے۔ اور ہر بات میں قابل اعتماد ہے۔ روایت تفسیر میں ہے کہ جب قاصد آیا تو اس کے ساتھ ۷۰ ستر دربان اور ستر سواریاں تھیں اور شاہی جوڑا بھی ساتھ تھا اور کہا بادشاہ بلا رہا ہے۔ پس آپ قید سے نکلے اور بادشاہ اور اس کے اہل و عیال کو دعائیں دیں۔ اللّٰهم عطف علیهم قلوب الاخیار ولاتعم علیهم الاخبار فهم اعلم الناس بالاخبار فی الواقعات اور قید خانہ کے دروازہ پر لکھوایا هذهٖ منازل البلواء وقبور الا حیاء وشماتة الاعدا ء و تجربة الاصدقاء کہ مصائب کے مقامات زندوں کے قبرستان، دشمنوں کی خوشی اور دوستوں کی آزمائش ہیں پھر غسل فرمایا جیل خانہ کی میل کچیل اتاری۔ نیا لباس زیب تن کیا جب بادشاہ کے ہاں داخل ہوئے تو کہا اللّٰهم انی اسالك بخیرك من خیره واعوذ بعزّتك وقدرتك من شرّه اے اللہ تیری خیر کے ذریعہ اسکی خیر کا طالب ہوں اور تیری عزت وقدرت کی پناہ کا طالب ہوں اس کے شر سے۔ پھر سلام کر کے عبرانی زبان میں اس کے لئے دعا کی تو بادشاہ نے کہا یہ کیا زبان ہے؟ آپ نے فرمایا یہ میرے آباؤ اجداد کی زبان ہے۔ بادشاہ ستر زبانوں کو جانتا تھا۔ چنانچہ اس نے ان سب زبانوں میں گفتگو کی آپ نے انہیں سب زبانوں میں جوابات دیے۔ بادشاہ کو تعجب ہوا اور کہنے لگا اے مجسمہ صدق! میں اپنا خواب تمہارے منہ سے سننا چاہتا ہوں تو آپ

نے فرمایا تم نے گائیں دیکھیں۔ پھر ان کے رنگ اور حالات اور ان کے نکلنے کی جگہ بتلائی اور بالوں کی جو کیفیت بادشاہ نے دیکھی وہ بیان کی۔ بادشاہ کو کہا کہ تم سر دیوں میں غلہ جمع کرو۔ مخلوق اطراف سے تیرے پاس آئے گی۔ اور غلہ حاصل کرے گی اور تیرے پاس اتنے خزانے جمع ہونگے جو آج تک کسی کے پاس جمع نہیں ہوئے۔ بادشاہ نے کہا کون ان باتوں میں میرا ذمہ دار ہے؟ اور کون اس کو جمع کرے گا؟ اور کون سرانجام دے گا۔

## مطالبہ یوسف علیہ السلام:

۵۵: قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ (یوسف علیہ السلام نے فرمایا تم مجھے زمین کے خزائن پر مقرر کرو) تم سرزمین کے خزائن کا مجھے ذمہ دار بنا دو۔ اِنِّیْ حَفِیْظٌ (میں امانتدار محافظ ہوں) اور اس چیز کی حفاظت کروں گا۔ جس کی حفاظت مجھ سے چاہو گے۔ عَلِیْمٌ (جاننے والا) تصرف و خرچ کے مقامات کو جاننے والا ہوں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنی امانت و کارگزاری کو خود بیان فرمایا بادشاہوں کے ہاں جن کو عہدہ دیا جاتا ہے۔ ان میں یہی چیزیں دیکھی جاتی ہیں۔ آپ نے خود عہدہ اس لئے طلب کیا تا کہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل ہو ملک و دنیا ہرگز مقصود نہ تھی آپ چاہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام نافذ ہوں۔ حق قائم ہو، عدل پھیلے، اور بندوں کو راحت میسر ہو۔ انبیاء علیہم السلام کی بعثت اسی لیے ہوتی ہے۔ آپ جانتے تھے کہ کوئی اور یہ کام سرانجام نہیں دے سکتا۔ اس لئے خود طلب کیا۔ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے بھائی یوسف پر رحم کرے اگر وہ اجعلنی علی خزائن الارض نہ کہتے تو بادشاہ ان کو فوراً حاکم بنا دیتا۔ (مگر اس کہنے کی وجہ سے) اس نے ایک سال تک مؤخر کیا۔ بقول حافظ ابن حجر یہ روایت سنداً ساقط الاعتبار ہے)

مَسْئَلَۃٌ: اس میں علماء نے یہ مسئلہ نکالا کہ کافر و ظالم کی طرف سے کسی عہدے کو سنبھالنا جائز ہے۔ جب کہ عالم یا پیغمبر کو معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کو نافذ اسی طرح کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی راستہ نہیں اور مظلوم کی دادرسی بھی کافر و فاسق کی طرف سے عہدہ حاصل کرنے پر ہو سکتی ہو۔ تو ایسے عہدے کا ضرور سہارا لینا چاہئے۔ بہت سے اسلاف نے ظالم بادشاہوں کی طرف سے اسی غرض کی خاطر عہدے قبول کئے۔ بادشاہ آپ کی رائے سے ہٹ کر کوئی رائے نہ دیتا اور آپ کی رائے میں دخل اندازی نہ کرتا گویا احکام کے نفاذ میں بادشاہ آپ کا تابع فرمان تھا۔

## انتقالِ اقتدار اور عدل و مساوات یوسف علیہ السلام:

۵۶: وَكَذٰلِكَ (اور اسی طرح) اس ظاہر اقتدار و غلبہ کی طرح مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ (ہم نے یوسف علیہ السلام کو زمین میں اقتدار بخشا) ارض سے ارض مصر مراد ہے۔ یہ ۴۰×۴۰ فرسخ تھی (یہ اندازہ درست معلوم نہیں ہوتا) التمکین قدرت اور اختیار دینا۔ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ (آپ جس جگہ چاہیں رہیں) جس مقام کو منزل بنائیں غلبہ کی وجہ سے ان کے لئے کوئی رکاوٹ نہ تھی اور وہ سارا علاقہ آپ کی حکومت میں داخل تھا۔

قراءت: مکی نے نشاء نون سے پڑھا ہے۔ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا (ہم اپنی رحمت پہنچاتے ہیں) دنیا میں بادشاہی والا عطیہ اپنی طرف سے دیتے اور غناء میسر کر دیتے ہیں اور دیگر نعمتیں بھی۔ مَنْ نَّشَآءُ (جن کو ہم چاہتے ہیں) جنکے لئے ہماری حکمت تقاضا

کرتی ہے۔وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ (ہم مخلصوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے ) دنیا میں
۵۷: وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (البتہ آخرت کا ثواب بہت بہتر ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان لائے ) اس سے مراد یوسف علیہ السلام اور قیامت تک آنے والے اہل ایمان ہیں۔وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ (اور نافرمانی سے بچتے رہے ) شرک وفواحش سے بچتے رہے۔سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ کہتے ہیں۔مومن کو اسکی حسنات پر دنیا وآخرت میں ثواب ملتا ہے۔اور فاجر کو دنیا میں بھلائی دے دی جاتی ہے اور آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں پھر یہ آیت تلاوت کی۔روایت تفسیر میں ہے کہ بادشاہ نے یوسف علیہ السلام کو تاج پہنایا اور اپنی مہر ان کے حوالے کر دی اور تلوار ان کو عطا کی اور ان کے لئے سونے کا تخت بچھایا جس پر موتیوں اور یاقوت کا تاج لگا ہوا تھا۔آپ نے فرمایا تخت سے تیرا ملک زیادہ مضبوط ہے۔اور انگوٹھی سے تو اپنے ملک کی تدبیر و تنظیم کرو۔اور تاج یہ میرا اور میرے آباء کا لباس نہیں۔پھر آپ تخت پر تشریف فرما ہوئے سرداروں نے آپ کی اطاعت قبول کی۔بادشاہ نے اقتدار آپ کے حوالے کیا۔اور قطفیر کو معزول کر دیا۔اس کے بعد وہ مر گیا۔بادشاہ نے اسکی بیوی سے ان کا نکاح کر دیا جب یوسف اس کے پاس گئے تو کہا۔کیا یہ اس سے بہتر نہیں جو تم نے طلب کیا تھا اس کو کنواری پایا۔ان سے دولڑکے افرائیم اور میشا (یہ اسرائیلی قصہ گوئی کا حصہ ہے جن کو بلا چھان بین کے نقل کر دیا گیا۔فتدبر)

آپ نے عدل کو قائم کیا اور مصر کے مرد و عورتوں نے آپ سے محبت کی آپ کے ہاتھ پر بہت سے مصری مسلمان ہوئے۔آپ نے اہل مصر سے قحط کے سالوں میں غلہ دراہم و دنانیر سے خرید لیا۔یہاں تک کہ ان کے پاس کچھ نہ رہا۔پھر دوسرے سال زیور و جوہرات کے بدلے خرید فرمایا۔تیسرے سال چوپایوں کے بدلے چوتھے سال غلاموں اور لونڈیوں کے بدلے۔پانچویں سال زمین اور مکانات کے بدلے، چھٹے سال اولادوں کے بدلے ساتویں سال ان کی گردنوں کے بدلے جب سب غلام بن گئے تو ان کو آزاد کر دیا اور ان کے تمام اموال و املاک ان کو واپس کر دیئے۔غلہ لینے کیلئے جو لوگ آتے فی کس آپ ایک اونٹ کا بوجھ دیتے تھے۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ

اور یوسف کے بھائی آئے سو وہ ان کے پاس اندر چلے گئے سو یوسف نے انہیں پہچان لیا اور وہ انہیں نہیں پہچان رہے تھے اور جب یوسف نے انہیں سامان

بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا

تیار کر دیا تو فرمایا کہ تمھارا جو ایک باپ شریک بھائی ہے اسے میرے پاس لے آنا کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ میں پورا ناپ کر دیتا ہوں اور میں سب سے

خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا

زیادہ مہمان نوازی کرنے والا ہوں سو اگر تم اس بھائی کو میرے پاس نہ لائے تو تمھارے لئے میرے پاس کوئی غلہ نہیں ہے جو میں تمہیں ناپ کر دوں اور میرے پاس مت آنا، بھائیوں

سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ

نے کہا کہ ہم اس کے باپ سے اس کے بارے میں درخواست کریں گے اور ہمیں یہ کام ضرور کرنا ہے، اور یوسف نے اپنے خدمت گذاروں سے کہا کہ ان کی پونجی ان کے کجاووں میں رکھ دو

لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى

تاکہ جب یہ اپنے گھر والوں کے پاس پہنچ جائیں تو اسے پہچان لیں شاید وہ پھر واپس آ جائیں پھر جب وہ اپنے باپ کے پاس

اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ

آئے تو کہنے لگے کہ اے اباجان ہمیں غلہ دینے کی ممانعت کر دی گئی ہے سو آپ ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے تاکہ ہم غلہ لا سکیں اور بلاشبہ ہم اس کی

لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ

حفاظت کرنے والے ہیں ان کے والد نے کہا کیا میں اس پر تمہارا اعتبار کروں مگر جیسا اس سے پہلے اس کے بھائی پر تمھارا اعتبار کر چکا ہوں، سو اللہ

خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾

سب سے بہتر نگہبان ہے اور وہ سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے۔

## پہلی بار بھائیوں کی مصر آمد:

۵۸: مصر کی طرح سرزمین کنعان میں قحط پہنچا۔ یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو غلہ لینے کیلئے بھیجا جس کا ذکر اس ارشاد میں ہے۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ (اور یوسف علیہ السلام کے بھائی آئے۔ وہ ان کے ہاں

داخل ہوئے تو یوسف علیہ السلام نے ان کو پہچان لیا۔ اور وہ ان کو نہ پہچان سکے ) بغیر پہچان کروانے کے ان کو آپ نے پہچان لیا اور وہ یوسف علیہ السلام کو تبدیلی لباس کی وجہ سے نہ پہچان سکے اور اسلئے بھی کہ وہ پردوں کے پیچھے تھے۔ اور اسلئے کہ چالیس سال کا طویل عرصہ گزر چکا تھا۔

۵۹: وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ (اور جب ان کا سامان درست کرا دیا تو ان سے کہا ) روایت میں ہے کہ جب بھائیوں کو دیکھا تو ان سے عبرانی زبان میں بات کی اور فرمایا تم بتلاؤ کون ہو؟ اور کیا کام کرتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم شامی ہیں۔ بکریاں چرانا ہمارا پیشہ ہے۔ ہم قحط کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہوئے۔ آپ کے ہاں غلہ لینے آئے ہیں آپ نے فرمایا شاید یہاں کے حالات کی جاسوسی کیلئے آئے ہو۔ انہوں نے کہا خدا کی پناہ ہم ایک بیٹے کی گمشدگی سے غم زدہ پیغمبر باپ کی اولاد ہیں۔ اس کا وہ بیٹا اسے زیادہ محبوب تھا۔ اور ہمارے ایک ماں جائے بھائی کو اس نے انس کیلئے پاس رکھ لیا ہے۔ تو آپ نے فرمایا اگر تم سچے ہو تو اس کو بھی ساتھ لاؤ۔ جب ان کا غلہ تیار کرا دیا اور ہر ایک کو ایک بوجھ اونٹ غلہ دے دیا۔

قراءت: جَهَاز کو کسرہ جیم کے ساتھ پڑھنا شاذ ہے۔

ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ (تم میرے پاس اپنے باپ سے حقیقی بھائی کو لاؤ کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں پورا ماپ دیتا ہوں ) اُوفی پورا۔ مکمل۔ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ (اور میں بہترین میزبان ہوں ) آپ نے ان کی خوب میزبانی کی اور یہ بات کہہ کر واپسی کی ترغیب دی۔

۶۰: فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ (پس اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو تمہارے لئے میرے پاس کوئی غلہ نہیں ) میں غلہ تمہارے ہاتھ فروخت نہ کرونگا۔ وَلَا تَقْرَبُوْنِ (اور تم میرے پاس بھی نہ آنا ) اگر تم اس کو نہ لائے تو اپنے غلہ سے محروم اور تم قریب مت آنا۔

نحو: یہ حکم جزاء میں مجزوم کے تحت داخل ہے اور فلا کیل لکم کے محل پر عطف ہے نمبر۲۔ یا یہ نہی کے معنی میں ہے۔

۶۱: قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ (انہوں نے کہا ہم اس کے لئے باپ کو پھسلانے کی تدبیر کریں گے ) اس کے متعلق ضرور چال چلیں گے اور کوئی حیلہ کریں گے تاکہ ان کے ہاتھوں سے ہم لا سکیں۔ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ (اور ہم نے ضرور یہ کرنا ہے ) یہ بہرصورت ہوگا۔ اس میں کوئی کمی اور سستی نہ کریں گے یوسف علیہ السلام نے کہا ایک کو بطور رہن چھوڑ دو۔ انہوں نے شمعون کو ان کے پاس چھوڑ دیا۔ جو یوسف علیہ السلام کے متعلق سب سے بہتر رائے والا تھا۔

۶۲: وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ (آپ نے اپنے خدام سے کہا )

قراءت: کوفی نے سوائے ابوبکر کے لفتیانہ پڑھا اور دوسروں نے لفتیتہ پڑھا ہے۔ اور یہ دونوں جمع ہیں۔ جیسے اخوۃ۔ اخوان، اخ کی جمع ہے۔ فعلۃ کا وزن قلت اور فعلان کثرت کیلئے استعمال ہوتا ہے یعنی اپنے غلہ ناپنے والے خدام اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ (ان کا سامان ان کے کجاووں میں رکھ دو ) نمبرا۔ ان کے برتنوں میں اور وہ موزے تھے یا نمبر۲۔ کھالیں یا چاندی اور یہ کجاووں میں چھپانے کیلئے زیادہ مناسب ہے۔ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ (شاید وہ اس کو پہچانیں ) اسکی واپسی کا حق پہچانیں اور دونوں

بدلوں کے ذریعہ اکرام کا حق پہچانیں۔اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓی اَھْلِھِمْ (جب وہ اپنے گھر لوٹیں) اوراپنے برتنوں کو خالی کریں۔لَعَلَّھُمْ یَرْجِعُوْنَ (شاید کہ وہ لوٹ آئیں) نمبرا۔اس حق کا پہچاننا ان کو ہماری طرف لوٹائے گا۔نمبر۲۔شاید کہ وہ سامان پائیں اور اس کو واپسی کیلئے لیکر لوٹیں۔نمبر۳۔ان کی دیانت ان کو امانت واپس کرنے کیلئے لوٹائیگی نمبر۴۔انہوں نے مہربانی کی وجہ سے خیال کیا کہ اپنے بھائیوں سے قیمت لینا مناسب نہیں۔

۶۳: فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْھِمْ (جب وہ اپنے والد کی طرف لوٹ کر گئے) غلہ لیکر اوران کو بادشاہ کے فعل کی اطلاع دی۔قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْکَیْلُ (کہنے لگے!اے ہمارے ابا ہم سے غلہ روک لیا گیا) ان کی مراد منع سے یوسف علیہ السلام کا یہ ارشاد تھا فان لم تاتونی به فلا کیل لکم عندی۔کیونکہ جب ان کو غلہ روکنے کی دھمکی مل گئی تو گویا غلہ روک لیا گیا۔فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَکْتَلْ (آپ ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیج دیں تاکہ ہمیں غلہ مل جائے) تاکہ غلہ ملنے میں رکاوٹ کا ازالہ کریں اور ہم جتنا غلہ ضروری ہے لے آئیں۔

قراءت: حمزہ اور علی نے یکتل پڑھا ای یَکْتَلْ اَخُوْنا پس اس کا غلہ ہمارے غلہ کے ساتھ مل جائیگا۔وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (اور بیشک ہم اس کے محافظ ہیں) اس بات سے کہ اس کو کوئی تکلیف پہنچے۔

۶۴: قَالَ ھَلْ اٰمَنُکُمْ عَلَیْهِ اِلَّا کَمَآ اَمِنْتُکُمْ عَلٰٓی اَخِیْهِ مِنْ قَبْلُ (کیا میں اس کے بارے میں اسی طرح تم پر اعتبار کروں جیسا اس کے بھائی کے بارے میں نے اس سے پہلے کیا تھا) تم نے یوسف کے متعلق یہ کہا تھا۔ارسله معنا غدًا یرتع و یلعب و انا لهٗ لحافظون اور آج اس کے متعلق یہی کہہ رہے ہو۔پھر تم نے اپنی ضمانت میں خیانت برتی۔پس اس قسم کی بات مجھے اعتماد نہیں دلاسکتی۔پھر فرمایا فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا (اللہ تعالیٰ کی حفاظت سب سے بڑھ کر ہے)

قراءت: ابوبکر کے علاوہ کوفی قراء کی یہ قراءت ہے۔آپ نے اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے ان کے سپرد کر دیا۔

نحو: حافظًا یہ حال یا تمیز ہے۔جنہوں نے حفظًا پڑھا ہے۔ وہ فقط تمیز ہے حال نہیں بن سکتا۔وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے) پس میں امیدوار ہوں کہ وہ مجھ پر احسان فرما کر اسکی حفاظت فرمائے گا۔اور مجھ پر دو مصیبتیں جمع نہ کرے گا۔کعب کہتے ہیں کہ جب فاللہ خیر حافظاً کہا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب آیا۔وعزتی و جلالی! لا ردن علیك کلیهما مجھے میری عزت وجلال کی قسم میں دونوں کو تم پر لوٹا دونگا۔

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ

اور جب انہوں نے سامان کو کھولا تو انہوں نے اپنی پونجی کو پایا کہ ان کی طرف واپس کر دی گئی ہے کہنے لگے کہ ابا جی اور ہمیں کیا چاہیے

هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ

یہ ہماری پونجی ہے ہماری طرف لوٹا دی گئی ہے اور ہم اپنے گھر والوں کے لئے غلہ لائیں گے اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کرینگے اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ لے آئینگے،

ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ

یہ غلہ تھوڑا سا ہے، انہوں نے کہا کہ میں ہرگز اسے تمہارے ساتھ نہیں بھیجوں گا یہاں تک کہ تم مجھے اللہ کی طرف سے مضبوط عہد نہ دیدو کہ تم اسے ضرور لیکر آؤ

بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾

گے مگر یہ کہ تم کو گھیر لیا جائے سو جب انہوں نے اپنے والد کو اپنا عہد دے دیا تو والد نے کہا کہ ہم جو بات کہہ رہے ہیں اس پر اللہ نگہبان ہے۔

۶۵: وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ قَالُوْا يٰاَبَانَا مَا نَبْغِيْ (جب انہوں نے سامان کھولا تو اپنا سرمایہ پایا جو ان کو واپس کر دیا گیا تھا کہنے لگے ابا لیجئے ہم کو کیا چاہیے) مانفی کیلئے ہے۔ نمبر ۱۔ مطلب یہ ہے ہم بات میں تجاوز و بغاوت نہیں کر رہے۔ نمبر ۲۔ مانبغی شيئا وراء مافعل بنا من الاحسان۔ ہم کوئی چیز نہیں چاہتے اس سے اوپر احسان جو اس نے ہمارے ساتھ کیا نمبر ۳۔ ہم آپ سے اور سرمایہ نہیں چاہتے۔ نمبر ۴۔ ما استفہامیہ ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا چیز ہم چاہتے ہیں؟ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا (یہ ہمارا سرمایہ ہے جو ہمیں واپس کر دیا گیا)۔ یہ جملہ مستانفہ ہے جو مانبغی کو واضح کرنے والا ہے۔ اور اس کے بعد والے جملے اس پر معطوف ہیں اس طرح ان بضاعتنا ردت الينا فنستظهر بها وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا في رجوعنا الى الملك یہ ہمارا سرمایہ ہمیں واپس کر دیا گیا پس اس سے ہم اپنی پشت کو مضبوط کریں گے اور اپنے اہل کو غلہ مہیا کریں گے جبکہ بادشاہ کی طرف سے ہم لوٹیں گے یعنی ہم غلہ لائیں گے۔ میرۃ اس غلے کو کہتے ہیں جو دوسرے علاقہ سے لایا جائے۔ وَنَحْفَظُ اَخَانَا (اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے) آنے جانے میں اور اس کو ہماری طرف سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی جس کا آپ کو ڈر ہے۔ وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ (اور ہم ایک اونٹ کا بوجھ غلہ مزید حاصل کریں گے) اپنے بھائی کے حصہ کا ایک اونٹ کا بوجھ غلہ ساتھ ملالیں گے۔ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ (یہ غلہ آسان ہے) اضافی غلہ آسان اور اس کے حصول میں کوئی دشواری بھی نہیں۔

۶۶: قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ (یعقوب علیہ السلام نے کہا میں اس کو ہرگز تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا یہاں تک کہ تم نہ دو گے)

قراءت: مکی نے يُؤْتُوْنِيْ پڑھا ہے۔ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر وعدہ) مطلب یہ ہے کہ تم مجھے ایسا وعدہ دو جس کو

وَقَالَ يٰبَنِىَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ

اور یعقوب نے کہا کہ اے میرے بیٹو، تم سب ایک ہی دروازے سے داخل مت ہونا، اور مختلف دروازوں سے داخل ہونا،

وَمَآ اُغْنِىْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ

اور میں اللہ کے حکم کو تم سے ذرا بھی ٹال نہیں سکتا، حکم صرف اللہ ہی کا ہے، میں نے اسی پر بھروسہ کیا

وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ

اور چاہئے کہ بھروسہ کرنے والے اسی پر بھروسہ کریں اور جب وہ اسی طرح داخل ہوئے جیسے ان کے والد نے انہیں حکم دیا تھا

مَا كَانَ يُغْنِىْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِىْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ

تو اللہ کے حکم سے ذرا بھی انہیں کوئی چیز بچانے والی نہ تھی مگر یعقوب کے جی میں ایک حاجت تھی جسے اس نے پورا کر لیا

ع ۸ ۱۱ ۲ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

اور بلاشبہ وہ علم والے تھے اس وجہ سے کہ ہم نے انہیں سکھایا تھا اور لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔

اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر پختہ کیا گیا ہو۔ حلف کو اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم سے اسلئے پختہ کیا گیا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم سے عہد پختہ کیے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اسکی اجازت دی ہے اور اسکی طرف سے حکم ہے۔ لَتَاْتُنَّنِىْ بِهٖ (کہ تم اسکو ضرور میرے پاس لاؤ گے) یہ قسم کا جواب ہے کیونکہ مطلب اس طرح بنے گا۔ حتی تحلفوا لتأتنني به یہاں تک کہ تم قسم اٹھاؤ کہ ضرور تم اسکو لاؤ گے۔ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ (مگر یہ کہ تم مغلوب ہو جاؤ) مگر یہ کہ تم مغلوب ہو کر اسکو نہ لا سکو۔ مفعول لہٗ ہے اور لتا تننی بہٖ اگرچہ کلام مثبت ہے مگر تاویل نفی میں ہے تقدیر عبارت اسطرح ہوگی لا تمتنعوا من الاتيان به الا للا حاطة بكم مطلب یہ ہوا تم کسی بھی سبب سے اس سے باز نہ رہو مگر ایک سبب سے اور وہ یہ ہے کہ تمہارا احاطہ کر لیا جائے۔ یہ عام سے استثناء ہے۔ جو مفعول لہٗ کی صورت میں ہے۔

قاعدہ: عام سے استثناء نفی ہی میں ہوتا ہے اس لئے اسکی تاویل نفی سے ضروری ہوئی۔ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ (جب انہوں نے ان کو مضبوط عہد دے دیا) ایک قول یہ ہے کہ انہوں نے حلف اسطرح دیا۔ باللہ رب محمد صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ (کہا اس نے) بعض علماء نے کہا اس پر سکتہ کرے کیونکہ معنی یہ ہے۔ قال: (یعقوب علیہ السلام نے کہا) اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ (اللہ تعالیٰ اس پر جو ہم کہتے ہیں) یعنی پختہ وعدہ کا مطالبہ اور پھر اس کا دینا وَكِيْلٌ (نگہبان و مطلع ہے) البتہ سکتہ کرنے سے قول اور مقولے میں فاصلہ ہو جائے گا اور یہ جائز نہیں پس بہتر یہی ہے کہ صرف آواز سے ان کے مابین فرق بیان کیا جائے پھر قوت نغمہ سے اللہ تعالیٰ کے نام کا قصد کیا جائے۔

## دوسری مرتبہ سفر مصر کیلئے روانگی:

۶۷: وَقَالَ يٰبَنِىَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ (اور کہا اے میرے بیٹو تم ایک دروازے

سے مت داخل ہونا بلکہ متفرق دروازوں سے داخل ہونا) جمہور اس بات پر ہیں کہ یعقوب علیہ السلام کو ان کے متعلق نظر لگ جانے کا خطرہ ہوا کیونکہ وہ حسین وجمیل تھے۔ پہلی مرتبہ ان کو الگ داخلے کا حکم نہیں دیا کیونکہ ان کو کوئی جانتا ہی نہ تھا۔

نظر کا اثر ہمارے نزدیک برحق ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی چیز کی طرف دیکھنے اور اس میں تعجب کرنے سے نقص وخلل پیدا کر دیتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ حضرت حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات سے تعوذ فرمایا کرتے تھے۔ اُعِیذ کما بکلمات اللّٰہ التامۃ من کل ھامۃ ومن کل عین لا مۃ [بخاری، احمد، ابوداؤد، ترمذی] جبائی معتزلی نے انکار کیا ہے۔ مگر اس کے انکار کی کوئی حیثیت نہیں کیونکہ احادیث صحیحہ صریحہ اس پر دلالت کرتی ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام نے پسند کیا کہ ان کے دشمن ان کو نہ پہچان سکیں اور پہچان کر ہلاکت کی تدابیر اختیار کرنے لگیں۔

وَمَآ اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ (اور میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائی ہوئی کسی بات کو بھی اس کے مقابلہ میں کچھ بھی دفع نہیں کر سکتا) یعنی اگر اللہ تعالیٰ کا ارادہ تمہارے متعلق تکلیف دینے کا ہو تو میں تمہارے کسی کام نہیں آ سکتا اور تم سے اس اثر کو دور نہیں کر سکتا وہ بہرصورت تمہیں پہنچ کر رہے گا۔ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ (پس حکم تو اللہ تعالیٰ ہی کا چلتا ہے۔ اسی پر میرا بھروسہ ہے اور اس پر بھروسہ کرنے والے بھروسہ کرتے ہیں) التوکّل معاملے کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا اور اس پر اعتماد کرنا۔

۶۸: وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَیْثُ اَمَرَھُمْ اَبُوْھُمْ (جب وہ داخل ہوئے جس طرح ان کو ان کے والد نے داخلے کا حکم دیا تھا) الگ الگ ہو کر۔ مَاکَانَ یُغْنِیْ عَنْھُمْ (تو ان کو اس (داخلے) نے فائدہ نہ دیا) یعنی متفرق دروازوں سے مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیش آنے والی چیز کے مقابلہ میں کچھ بھی) بالکل ذرہ بھر اسطرح کہ الگ داخلے کے باوجود، چوری کی نسبت ان کی طرف ہوگئی۔ اور اس سے انتہائی شرمندہ ہوئے اور بھائی کو پیالہ کے کجاوہ میں مل جانے کی وجہ سے پکڑ لیا گیا۔ اور باپ پر مصیبت دوگنا ہوگئی۔ اِلَّا حَاجَۃً (مگر ایک خواہش تھی) یہ استثناء منقطع ہے لٰکِنْ کے معنی میں ہے۔ فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰھَا (یعقوب علیہ السلام کے دل میں جس کو انہوں نے پورا کیا) اور شفقت تھی جو ان کے دل میں تھی۔ وَاِنَّہٗ لَذُوْعِلْمٍ (اور بیشک وہ علم والے تھے) اسی لئے کہا وما اغنی عنکم من اللہ من شیء کہ تقدیر کے آگے تدبیر کی نہیں چلتی۔ لِّمَا عَلَّمْنٰہُ (ہمارے تعلیم دینے کی وجہ سے) ہم نے اس کو وحی سے سکھایا۔ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَایَعْلَمُوْنَ (لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے) اس بات کو۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰٓی اِلَیْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّیْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا

سو جب وہ یوسف پر داخل ہوئے تو انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے پاس ٹھکانہ دیا اس سے کہا کہ میں بے شک تیرا بھائی ہوں لہٰذا تو اس کا رنج مت کر جو کچھ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ

یہ لوگ کرتے رہے ہیں پھر جب انہیں سامان دیکر تیار کر دیا تو ایک پانی پینے کا برتن اپنے بھائی کے کجاوہ میں رکھ دیا

ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا

پھر ایک پکارنے والے نے پکار کر کہا کہ اے قافلہ والو بلاشبہ تم چور ہو، وہ لوگ کہنے لگے اور ان کی طرف آگے بڑھے کہ تم کس چیز کو

تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا

گم پا رہے ہو انہوں نے کہا کہ ہمیں بادشاہ کا پیمانہ نہیں مل رہا ہے، اور جو شخص اسے لیکر آئے اس کے لئے ایک اونٹ کا بوجھ ہے اور میں

بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا

اس کا ذمہ دار ہوں، وہ کہنے لگے کہ اللہ کی قسم آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ ہم لوگ اس لئے نہیں آئے کہ زمین میں فساد کریں اور نہ ہم

سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ

چور ہیں، وہ کہنے لگے کہ پھر اس کی کیا سزا ہے اگر تم جھوٹے ثابت ہوئے؟ کہنے لگے کہ اس کی سزا یہی ہے کہ جس کے کجاوہ میں یہ پیمانہ

رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾

پایا جائے سو خود اس کی ذات ہی اس کا بدلہ ہے ہم ظالموں کو اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں۔

## بنیامین کی امید بر آئی:

۶۹: وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰٓی اِلَیْهِ اَخَاهُ (جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو اپنے بھائی کو اپنے ساتھ ٹھہرایا) ملایا اپنے ساتھ بنیامین کو روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا یہ ہمارا بھائی ہے اس کو ہم لے آئے ہیں۔ تو یوسف علیہ السلام نے کہا تم نے خوب کیا۔ پس ان کو مہمان ٹھہرایا اور اکرام کیا۔ پھر ان کو ملایا اور ہر دو دو کو اپنے دسترخوان پر بٹھایا۔ بنیامین اکیلے رہ گئے پس وہ رونے لگے۔ اور کہا اگر میرا بھائی یوسف زندہ ہوتا تو میں اس کے ساتھ بیٹھ جاتا۔ یوسف علیہ السلام نے کہا تمہارا بھائی اکیلا رہ گیا ہے۔ تو اس کو اپنے ساتھ دسترخوان پر بٹھایا اور اس کو کھلاتے رہے اور اس کو کہا کیا تمہیں پسند ہے۔ کہ میں تیرا بھائی بن جاؤں تیرے ہلاک ہونے والے بھائی کی جگہ۔ بنیامین نے کہا تجھ جیسا بھائی کس کو ملے گا؟ لیکن تو یعقوب کا بیٹا نہیں اور نہ راحیل کی کوکھ

سے پیدا ہوا۔ یوسف رو پڑے اور اس سے معانقہ کیا پھر کہا: قَالَ اِنِّیْٓ اَنَا اَخُوْكَ (کہا بیشک میں تیرا بھائی) یوسف ہوں فَلَا تَبْتَئِسْ (تو پریشان نہ ہو) غم زدہ نہ ہو۔ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (ان حرکات سے جو یہ کرتے رہے) ہمارے ساتھ گزشتہ زمانہ میں۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان فرمایا ہے۔ اور خیر پر جمع کر دیا ہے۔ لیکن ان کو مت بتلاؤ جو تمہیں بتلا دیا گیا ہے۔ روایت میں ہے کہ بنیامین نے کہا میں آپ سے جدا نہ ہونگا۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا تم میری وجہ سے والد کی غم زدگی جانتے ہو اگر میں نے تمہیں روک لیا۔ تو غم اور بڑھ جائے گا اور اس کے لئے اس کے سوا کوئی راستہ نہیں کہ میں تمہیں ناپسند بات کی طرف منسوب کروں۔ اس نے کہا مجھے اس بات کی پرواہ نہیں۔ تم جو چاہو کرو یوسف علیہ السلام نے کہا میں اپنا صاع تیرے کجاوہ میں چھپا دونگا پھر تمہارے متعلق آواز دلاؤنگا کہ تم نے اس کو چرایا ہے تاکہ تمہارے رخصت ہونے کے بعد تمہارا لوٹا ناممکن ہو سکے۔ بنیامین نے کہا ایسا کر ڈالیں۔

## قافلہ کی واپسی:

۷۰: فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ (جب ان کا سامان سفر تیار کر دیا) یعنی ان کے لئے اسباب مہیا کر دیئے۔ اور ناپ پورا کر دیا۔ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ (تو پیالہ اپنے بھائی کے کجاوے میں رکھ دیا) السقایہ پانی پلانے کا برتن اس کو صواع کہا۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے بادشاہ کو پانی پلاتے تھے پھر کھانے کی عزت وشان کی وجہ سے اس کو صاع بنا دیا گیا۔ وہ سونے یا چاندی کے تاس کے مشابہ تھا۔ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ (پھر ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا) ایک منادی نے نداء دی۔ اذنہٗ کا معنی، اعلم اور اذّن۔ زور سے اعلان کرنا اسی وجہ سے مؤذن کو کثرت اعلان کی وجہ سے مؤذن کہتے ہیں۔

تفسیری روایت میں ہے کہ وہ روانہ ہوگئے۔ ان کو کچھ مہلت دی گئی پھر ان کو واپس لانے اور روکنے کا حکم دیا۔ پھر کہا گیا۔ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ (اے قافلہ والو!) العیر وہ اونٹ جن پر سامان لادا جاتا ہے کیونکہ وہ آتے جاتے ہیں اور مراد اونٹوں کے مالک اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ (بلاشبہ تم چور ہو) یہ کنایہ ہے کہ انہوں نے یوسف کو اپنے باپ سے چرایا تھا۔

۷۱: قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ (انہوں نے کہا اور وہ متوجہ ہو کر کہنے لگے تم کیا چیز گم پاتے ہو)۔

۷۲: قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ (انہوں نے کہا ہم گم پاتے ہیں بادشاہ کا پیالہ) صواع سے مراد صاع ہے۔ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ (اور جو شخص اس کو لا کر حاضر کرے گا۔ اس کو ایک بار شتر غلہ ملے گا اور میں اس کا ذمہ دار ہوں) یہ اعلان کرنے والے کا مقولہ ہے۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ میں اونٹ کے بوجھ کا ذمہ دار ہوں۔ میں خود اس کو ادا کرونگا جو اس کو لائے گا اور یہ ایک کا بوجھ سامان بطور انعام اس کو دیا جائے گا جو ڈھونڈ کر دے گا۔

۷۳: قَالُوْا تَاللّٰهِ (انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم) اس میں قسم ہے جسمیں تعجب کا اظہار کیا گیا اس بات میں جوان کی طرف منسوب کی گئی لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِی الْاَرْضِ (تحقیق تم جانتے ہو کہ ہم زمین میں فساد کرنے نہیں آئے) انہوں نے اپنے علم کے مطابق وہ بات کہی جو ان کے دین و دیانت کے مطابق تھی۔ جب مصر میں آئے تو ان کی سواریوں کے منہ بندھے ہوئے تھے تاکہ کسی کی کھیتی کو نہ چریں اور بازار میں کسی کے طعام کو منہ نہ ماریں۔ بلکہ انہوں نے گھر میں پہنچا ہوا سامان بھی واپس کر دیا تھا۔

فَبَدَاَ بِاَوْعِیَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ؕ كَذٰلِكَ

پھر یوسف نے اپنے بھائی کے تھیلے کی تلاشی لینے سے پہلے دوسرے بھائیوں کے تھیلوں کی تلاشی لینے سے ابتداء کی، پھر اس پیمانہ کو اپنے بھائی کے تھیلے سے برآمد کرلیا ہم نے

كِدْنَا لِیُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِیَاْخُذَ اَخَاهُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ

یوسف کو اسی طرح تدبیر بتادی، بادشاہ کے قانون میں اپنے بھائی کو لے نہیں سکتے تھے مگر یہ کہ اللہ چاہے،

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ﴿۷۶﴾

ہم جسے چاہیں درجات کے اعتبار سے بلند کرتے ہیں اور ہر جاننے والے سے اوپر زیادہ جاننے والا ہے۔

وَمَا كُنَّا سٰرِقِیْنَ (اور ہم چور بھی نہیں) کبھی بھی ہمیں چور کہہ کر نہیں پکارا گیا۔

۷۴: قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗ (انہوں نے کہا اسکی کیا سزا ہے) ضمیر کا مرجع صواع ہے ای فما جزاء سرقة الصواع ۔ پیالہ چرانے کی سزا کیا ہے؟ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِیْنَ (اگر تم جھوٹے ہو) اپنے اس انکار واصرار میں اور براءت کے دعویٰ میں۔

۷۵: قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِیْ رَحْلِهٖ (انہوں نے کہا اسکی سزا وہ خود ہے جس کے کجاوے میں وہ مل جائے) آلِ یعقوب میں چور کی سزا یہ تھی کہ ایک سال تک اپنا غلام بنا کر رکھے اسی لئے ان سے سوال کیا گیا فَهُوَ جَزَآؤُهٗ (پس وہ خود اس کا بدلہ ہے) یہ حکم کی وضاحت ہے کہ وہ چور بذات خود اس سلسلہ میں ماخوذ ہوگا۔ دوسرا نہیں نمبر۲۔ جَزَآؤُهٗ مبتداء ہے اور جملہ شرطیہ اسکی خبر ہے۔ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ (ہم ظالموں کو اسی طرح کی سزا دیا کرتے ہیں) ظالم سے یہاں چور مراد ہے اور سزا سے غلام بنانا۔

۷۶: فَبَدَاَ بِاَوْعِیَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْهِ (پس اس نے شروع کی تلاشی ان کے تھیلوں سے اپنے بھائی کے تھیلہ سے پہلے) پس اس نے تلاشی ان کے تھیلوں سے شروع کی بنیامین کے تھیلے سے پہلے تاکہ الزام نہ آئے۔ جب اس کے تھیلے تک پہنچے تو ایک نے کہا میرا خیال تو نہیں کہ اس نے کچھ لیا ہو۔ انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہم اس کو تلاشی سے مستثنیٰ نہیں رہنے دیں گے اس میں آپ کے اور ہمارے لئے تسلی ہے۔ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا (پھر پیانہ برآمد کرلیا) ھا کی ضمیر صاع کی طرف راجع ہے مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ (اپنے بھائی کے سامان والے تھیلے سے) بار بار صاع کی طرف ضمائر لائے پھر مؤنث ضمیر لائے تاکہ تانیث سقایۃ پر دلالت کرے۔ نمبر۲۔ خود صواع کا لفظ تذکیر و تانیث ہر دو کیلئے مستعمل ہے۔ كَذٰلِكَ (اسی طرح) کذلک کا کاف محل نصب میں ہے اس بڑی تدبیر کی طرح كِدْنَا لِیُوْسُفَ (ہم نے یوسف کیلئے تدبیر کی) یعنی ہم نے اس کو یہ بات سکھائی مَا كَانَ لِیَاْخُذَ اَخَاهُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ (وہ بادشاہ کے قانون کے مطابق بھائی کو نہ لے سکتے تھے اور یہ کید کی تفسیر اور اس کا بیان ہے کیونکہ بادشاہی قانون میں چور کا حکم یہ تھا کہ اس کو نقصان سرقہ کے مطابق چٹی دینی پڑتی تھی۔ اس کو غلام نہیں بنایا جا سکتا تھا۔ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ (مگر یہ کہ چاہے اللہ تعالیٰ) یعنی وہ مشیت الٰہی کے بغیر اور اس کے ارادے کے خلاف نہ پکڑ سکتے تھے۔ نَرْفَعُ

قَالُوْٓا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَلَمْ

برادران یوسف کہنے لگے کہ اگر اس نے چوری کی ہے تو اس کا بھائی بھی اس سے پہلے چوری کر چکا ہے سو یوسف نے اس بات کو اپنے جی میں چھپا لیا اور اس

یُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا یٰٓاَیُّهَا الْعَزِیْزُ

کو ظاہر نہیں کیا، کہا کہ تم زیادہ برے ہو اور اللہ ہی خوب جانتا ہے جو تم بیان کر رہے ہو، وہ کہنے لگے کہ اے عزیز

اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۷۸﴾

اس کے والد ہیں جو زیادہ بوڑھے ہیں سو آپ اس کی جگہ ہم میں سے کسی ایک کو رکھ لیجئے بلاشبہ ہم آپ کو اچھا برتاؤ کرنے والوں میں سے دیکھ رہے ہیں،

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع ۹ ۱۱

یوسف نے کہا کہ اللہ ہمیں اس سے پناہ دے کہ جس کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہو اس کے سوا کسی دوسرے کو پکڑ لیں، اگر ایسا کریں تو بلاشبہ ہم ظلم کرنے والے ہو جائیں گے۔

دَرَجٰتٍ (ہم درجات بلند کرتے ہیں) قراءت: کوفی نے تنوین سے پڑھا ہے۔ مَّنْ نَّشَآءُ (جن کو ہم چاہتے ہیں) یعنی اپنے علم کے مطابق جیسا کہ ہم نے یوسف علیہ السلام کا درجہ اس میں بلند کیا۔ وَ فَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ (اور ہر علم والے سے بڑھ کر علم والا ہے) نمبر ۱۔ جو علم میں اس سے اعلیٰ مرتبہ والا ہو۔ نمبر ۲ تمام علماء سے زیادہ علم والا ہو اور ان کا علم اس سے کم ہو۔ اور سب سے زیادہ جاننے والی ذات باری تعالیٰ کی ہے۔

## بھائیوں کی غصہ میں بیجا باتیں:

۷۷: قَالُوْٓا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ (انہوں نے کہا اگر اس نے چوری کی تو اس کے بھائی نے اس سے پہلے چوری کی) مراد اس سے یوسف علیہ السلام ہیں۔ نمبر ۱۔ وہ ایک گرجے میں داخل ہوئے اور سونے کی ایک مورتی اٹھائی جس کی وہ گرجے والے عبادت کرتے تھے پھر اس کو دفن کر دیا۔ نمبر ۲۔ گھر میں ایک مرغی تھی جو آپ نے سائل کو دے دی نمبر ۳۔ ایک پٹکا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے چلا آ رہا تھا۔ جو حضرت اسحاق سے ان کی بیٹی کو ملا۔ وہ اسحاق کی اولاد میں سے سب سے بڑی تھی۔ اس نے یوسف علیہ السلام کو گود میں لیا اور والدہ کی وفات کے بعد انہی کے ہاں رہنے لگے۔ وہ آپ کے بغیر نہ رہ سکتی تھیں۔ جب ذرا بڑے ہوئے تو یعقوب علیہ السلام نے ان سے واپسی کا مطالبہ کیا تو اس نے وہ پٹکا کپڑوں کے نیچے کمر بند سے باندھ کر لپیٹ دیا۔ پھر آ کر کہنے لگی اسحاق والا پٹکا گم ہوا۔ ذرا تلاش کرو۔ کسی نے تمہارے گھر تو نہیں لے لیا۔ انہوں نے تلاشی پر یوسف کے بندھا پایا۔ اس پر وہ کہنے لگیں یہ تو میرے سپرد ہے میں جو چاہوں کروں۔ یعقوب علیہ السلام نے موت تک یوسف کو ان کے ہاں چھوڑ دیا۔

روایت تفسیر میں ہے کہ جب صاع بنیامین کے کجاوہ سے نکالی گئی تو تمام بھائیوں نے شرمندگی سے سر جھکا لیے پھر متوجہ ہو کر

کہنے لگے تو نے ہمیں رسوا کر دیا۔ اور ہمارے چہروں کو سیاہ کر دیا۔ اوراحیل کی اولاد! تمہاری طرف سے ہم پر یہ مصیبت آتی رہے گی تم نے کب یہ پیالہ لیا۔ اس نے کہا بنوراحیل وہ ہیں جن پر تمہاری اب تک مصیبت اتری؟ تم میرے بھائی کو لے گئے اور اس کو مار ڈالا اور یہ پیالہ میرے کجاوے میں اس نے رکھا جس نے تمہارے تھیلوں میں سامان رکھا فَاَسَرَّهَا (پس یوسف نے اس بات کو چھپایا) یعنی ان کی یہ بات کہ اس نے چوری کی گویا کہ آپ نے یہ بات سنی ہی نہیں۔ یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَلَمْ یُبْدِهَا لَهُمْ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا (اپنے دل میں اور نہ ظاہر کیا ان کے سامنے۔ کہا نہیں تم مقام کے اعتبار سے اور زیادہ برے ہو) مکانًا یہ تمیز ہے مطلب یہ ہے کہ تم بڑے چور ہو کیونکہ تم نے اپنے باپ سے یوسف کو چرایا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ (اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں جو کچھ تم بیان کرتے ہو) جھوٹ بولتے یا کہتے ہو۔

## منت وسماجت پر اُتر آئے:

۷۸: قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الْعَزِیْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا (انہوں نے کہا اے عزیز! بیشک اس کا باپ بہت بوڑھا ہے) عمر میں اور مرتبہ میں فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ (تم ہم میں سے ایک کو اسکی جگہ لے لو) نمبر ۱۔ بطور رہن کے اس کے بدلہ میں لے لو۔ نمبر ۲۔ غلام بنانے کیلئے کیونکہ اس کا باپ اس کے مفقود بھائی کی بجائے اس سے تسلی پاتا ہے اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ (بیشک ہم تمہیں نیکی کرنے والوں میں سے پاتے ہیں) اپنے ساتھ پس تم یہ احسان پورا کردو نمبر ۲۔ تمہاری عادت احسان کرنا ہے پس اپنی عادت پر قائم رہو اس میں تبدیلی نہ لاؤ۔

۷۹: قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ (اس نے کہا پناہ بخدا (اس ناانصافی سے) کہ ہم نے جس کے پاس اپنا سامان پایا اسکی جگہ کسی اور کو پکڑیں) ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں پناہ مانگنا کہ ہم پکڑیں کسی اور کو۔ مصدر کی اضافت مفعول بہ کی طرف کی۔ اور مَنْ کو حذف کر دیا۔ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ (ہم اس وقت ظلم کرنے والے ہونگے) اِذًا یہ اس کا جواب جزاء ہے کیونکہ مطلب اس طرح ہے کہ اگر ہم اس کا بدلہ لے لیں تو ہم ظالم ہونگے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ تمہارے فیصلہ پر اس نے پکڑا ہے کہ جس کے ہاں سامان ملے۔ اس کو غلام بنالیا جائے۔ اگر ہم دوسرے کو پکڑیں تو یہ تمہارے مذہب کے لحاظ سے ظلم ہوگا۔ پس جس چیز کا ظلم ہونا تمہیں مُسَلَّم ہے۔ اس کا مطالبہ کیوں کرتے ہو۔

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ

پھر جب یوسف سے ناامید ہوگئے تو وہاں سے علیحدہ ہوکر آپس میں مشورہ کرنے لگے ان میں جو سب سے بڑا تھا اس نے کہا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ تمھارے والد نے

عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى

تم سے اللہ کی قسم لیکر پکا وعدہ لیا تھا اور اس سے پہلے تم یوسف کے بارے میں قصور کر چکے ہو سو اب میں اس سرزمین سے نہیں ٹلونگا جب تک

يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا

میرا باپ مجھے اجازت نہ دے یا اللہ میرے لئے فیصلہ نہ فرمادے اور وہ فیصلہ دینے والوں میں سب سے اچھا فیصلہ دینے والا ہے تم لوگ اپنے والد کے پاس چلے جاؤ اور ان سے کہو

يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾

کہ اے ابا جان بیشک آپ کے بیٹے نے چوری کرلی اور ہم اسی بات کی گواہی دے رہے ہیں جس کا ہمیں علم ہے اور ہم غیب کی باتوں کے حافظ نہیں تھے،

وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

اور آپ اس بستی سے پوچھ لیجئے جس میں ہم تھے اور اس قافلے سے پوچھ لیجئے جن میں ہم شامل ہوکر آئے ہیں اور بلاشبہ ہم سچ کہہ رہے ہیں

۸۰: فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا (جب وہ مایوس ہوچکے) اس میں تا اور سین کو مبالغہ کیلئے بڑھایا ہے۔ جیسا کہ استعصم میں بیان ہوا مِنْهُ (اس سے) یوسف علیہ السلام سے اور آپ نے ان کو جواب دے دیا۔ خَلَصُوْا (تو وہ الگ ہوئے) وہ لوگوں سے الگ ہوئے اس طرح کہ اور کوئی ان کے ساتھ نہ تھا۔ نَجِيًّا (علیحدگی والا) گروہ علیحدہ یعنی ایسا مناجی جو دوسروں کے ساتھ سرگوشی کرنے والا ہو انہوں نے سرگوشی خالص کی کیونکہ وہ اسی لئے جمع ہوئے تھے۔ اور اس میں انہوں نے محنت واہتمام کیا۔ کیونکہ صورۃً یہ باہمی مناجات ہے۔ اور حقیقت میں النجی بمعنی مناجی ہے۔ جیسا سمیر بمعنی مسامر اور تناجی مصدر کے معنی میں ہے۔ وہ اپنے معاملے میں مشورہ کررہے تھے کہ کیا صورت اختیار کریں اور اپنے والد کو اپنے بھائی کے سلسلہ میں کیا کہیں۔ قَالَ كَبِيْرُهُمْ (ان میں سے بڑے نے کہا) عمر میں بڑا۔ اس کا نام روبیل تھا۔ نمبر۲۔ عقل ورائے میں بڑا اور وہ یہودا تھا۔ نمبر۳۔ ان کا لیڈر۔ وہ شمعون تھا۔ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ (کیا تم ناواقف ہو کہ تمہارے والد نے تم سے اللہ تعالیٰ کی قسم دیکر مضبوط عہد کیا تھا۔ اور یوسف کے معاملہ میں اس سے پہلے جو تم قصور کر چکے ہو) مَا موصولہ ہے۔ یعنی اس سے پہلے تم نے یوسف کے معاملہ میں کوتاہی کی اور اپنے والد سے کیے ہوئے وعدہ سے وفا نہ کی۔ نمبر۲۔ مَا مصدریہ ہے اور مصدر محل رفع میں مبتداء ہے اور اسکی خبر من قبل ہے اس کا معنی وقع من قبل تفریطکم فی یوسف اس سے پہلے تمہاری کوتاہی یوسف کے سلسلہ میں ہوچکی فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ (پس میں اس سرزمین کو ہرگز نہ چھوڑونگا) مصر کی سرزمین سے جدا نہ ہونگا۔ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ (یہاں تک کہ میرا والد مجھے اجازت دے) اپنی طرف آنے کی اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ (یا اللہ تعالیٰ میرے لئے حکم

دے دے) نمبرا۔مصر سے نکلنے کا نمبر۲۔موت دے دے نمبر۳۔ان سے لڑنے کی اجازت دے دے۔وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ (وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے ہیں) کیونکہ اس کا ہر فیصلہ عدل ہی ہوتا ہے۔

## واپسی کا مشورہ:

۸۱: اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ (تم اپنے والد کی طرف لوٹ جاؤ اور اس کو کہو اے ہمارے ابا بیشک تیرے بیٹے نے چوری کی ہے)

قراءت: سُرِّق پڑھا گیا جس کا معنی چوری کی طرف نسبت کرنا ہے۔وَمَا شَهِدْنَآ (اور ہم نے گواہی نہیں دی) اس کے متعلق چوری کی اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا (مگر وہی جو ہم نے جانا) یعنی اس کا سرقہ اور یہ یقین کہ صاع اس کے تھیلے سے نکالا گیا۔وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ (اور ہم غیب کی باتوں کے حافظ نہ تھے) اور ہمیں تو معلوم نہ تھا کہ وہ عنقریب چوری کرے گا جب ہم نے آپ سے قسم دیکر وعدہ کیا۔

۸۲: وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا (اور اس بستی سے جہاں ہم تھے۔آپ دریافت کرلیں) یعنی مصر میں آدمی بھیج کر واقعہ کی اصلیت معلوم کرلیں۔وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا (اور اس قافلہ سے جس میں ہم آئے ہیں) قافلہ والوں سے۔یہ لوگ یعقوب علیہ السلام کے پڑوسی کنعانی لوگ تھے۔وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ (اور بیشک ہم سچے ہیں) اپنی اس بات میں۔

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ

یعقوب نے کہا بلکہ تمہارے نفسوں نے تمہیں ایک بات بجھا دی ہے سو میں صبر جمیل کو ہی اختیار کروں گا امید ہے کہ اللہ ان سب کو

بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰاَسَفٰى عَلٰى

میرے پاس لے آئے گا بلاشبہ وہ علم والا ہے حکمت والا ہے، اور ان کی طرف سے رخ پھیر لیا اور کہا کہ یوسف پر

يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ

افسوس ہے، اور غم کی وجہ سے ان کی آنکھیں سفید ہوگئیں سو وہ گھٹتے رہتے تھے، بیٹے کہنے لگے اللہ کی قسم آپ تو برابر یوسف کو یاد کرتے

يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَا اَشْكُوْا بَثِّيْ

رہیں گے یہاں تک کہ گھل جائیں یا ہلاک ہونے والوں میں سے ہو جائیں، یعقوب نے کہا کہ میں اپنے رنج اور غم کی اللہ ہی سے

وَحُزْنِيْۤ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ

شکایت کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے مجھے وہ علم عطا ہوا ہے جو تم نہیں جانتے، اے میرے بیٹو تم جاؤ اور یوسف کو اور اس کے بھائی کو

يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ

تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بلاشبہ اللہ کی رحمت سے

اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾

وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں

۸۳: چنانچہ وہ والد کے پاس لوٹ کر گئے اور اپنے بھائی والی طے شدہ بات ان کو بتلائی قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا (بلکہ تم نے خود اپنے دل سے اپنے لئے ایک بات بنالی ہے) تم نے اس کا ارادہ کیا ورنہ بادشاہ کو کہاں سے معلوم ہوا کہ جو شخص چور ہو اسکی سزا غلام بنانا ہے۔ اگر تمہارا فتویٰ اور بتلانا نہ ہوتا فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا (پس صبر جمیل ہی میرے لئے ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو میرے پاس لے آئے گا) یوسف اور اس کے بھائی بنیامین بڑے سمیت اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ (بیشک وہی جاننے والا ہے) میرے غم کی حالت اور افسوس کی کیفیت کو الْحَكِيْمُ (حکمت والا ہے) اس نے کسی حکمت سے اس ابتلاء میں ڈالا ہے۔

## والد کو اطلاع پر غم کی تازگی:

۸۴: وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ (اوران کی طرف سے منہ پھیرا) جو خبر لائے تھے اس کو ناپسند کرتے ہوئے ان سے اعراض کیا۔ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ (اور کہا اے میرے افسوس یوسف پر) الاسف کو مضاف کیا اپنی ذات کی طرف۔ اسف شدید غم وحزن و حسرت کو کہتے ہیں۔ اس میں الف یاء اضافت سے بدل ہے۔ اور اسف اور یوسف کے الفاظ میں بلاتکلف صفت تجانس پیدا ہوگئی ہے جیسا کہ اثاقلتم الی الارض ارضیتم [التوبہ:۳۸] اور وهم ينهون عنه وينئون عنه [انعام:۲۶] اسی طرح وهم يحسبون انهم يحسنون صنعًا [الکہف:۱۰۴] اسی طرح مِنْ سَبَاٍۢ بِنَبَاٍ [النمل:۲۲] ان تمام مقامات پر یہ صفت تجانس پائی جاتی ہے۔

مَسْئَلَہ: یوسف پر افسوس کیا مگر بنیامین اور بڑے پر نہیں کیونکہ ان کے معاملے کو عرصہ گزر چکا تھا۔ اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ طویل عرصہ گزرنے پر بھی دکھ ان کے ہاں تازہ تھا۔ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ (اوران کی آنکھیں سفید ہوگئیں) اسی لئے کہ ان سے بہت آنسو بہائے اور آنسوؤں نے آنکھوں کی سیاہی مٹادی اور مکدر سفیدی رہنے دی نمبر۲۔ ان کی نگاہ بالکل جاتی رہی۔ نمبر۳۔ ان کو معمولی جان پہچان تھی۔

مِنَ الْحُزْنِ (غم کے باعث) کیونکہ غم رونے کا ذریعہ ہے۔ جس رونے سے سفیدی آئی تھی گویا دوسرے لفظوں میں غم سے ہی سفیدی آ گئی نمبر۲۔ فراق یوسف سے لیکر ملاقات کے وقت تک آپ کی آنکھیں آنسوؤں سے کبھی خشک نہ ہوئیں تھیں یہ اسی ۸۰ سال کا طویل عرصہ تھا۔ اور یعقوب علیہ السلام سے بڑھ کر اس وقت کوئی اللہ تعالیٰ کا مقبول بندہ نہ تھا۔ اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ہوسکتا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کو یہ گھبراہٹ اس مقام تک پہنچادے۔ کیونکہ انسان جبلی طور پر غم میں بے اختیار ہو جاتا ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان کے صبر کی تعریف کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بیٹے ابراہیم پر روئے اور فرمایا۔ دل غم کرتا آنکھ آنسو بہاتی ہے۔ مگر ہم وہ بات نہیں کہتے جو ہمارے رب کو ناراض کرے۔ اور ہمیں اے ابراہیم تیری جدائی کا صدمہ پہنچا ہے [بخاری، مسلم] قابل مذمت، چیخنا چلانا، نوحہ کرنا، چہرے پر تھپڑ مارنا۔ سینہ کوبی کرنا، کپڑے پھاڑنا ہے۔ (اور اس سے انبیاء علیہم السلام کا رونا پاک ہے) فَهُوَ كَظِيْمٌ اور وہ جی ہی میں گھٹا کرتے) اولاد پر غصے سے بھرے تھے اور اپنی اس ناگواری کو ظاہر نہ کرتے۔ کظیم فعیل بمعنی مفعول ہے جیسا کہ دوسری جگہ میں فرمایا اذ نادٰی وھو مکظوم [القلم:۴۸] یہ کظم السقاء سے بنا ہے۔ جب اس کو بھر کر باندھ دیں۔

## بیٹوں کی ملامت:

۸۵: قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا (بیٹے کہنے لگے آپ تو ہمیشہ ہی) یہ لا تفتأ تھا حرف نفی کو حذف کر دیا کیونکہ وہ ملتبس نہیں ہوتا اگر یہ اثبات ہوتا تو لام ونون کے بغیر چارہ کار نہ تھا۔ لا تفتا کا معنی لاتزال والا ہے۔ تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا (یاد کرتا رہے گا یوسف کو یہاں تک کہ تو گھل گھل کر جان بلب ہو جائے) مرض کی وجہ سے ہلاکت کے کنارے پر ہونا۔ اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ (یا تو ہوجائے ہلاک ہونیوالا)

۸۶: قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ (کہا بیشک میں شکوہ کرتا ہوں اپنے رنج اور غم کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) البث وہ

شدید غم جس پر صبر نہ ہو سکے پھر وہ اس کا اظہار دوسرے کے پاس کرے۔ مطلب یہ ہوا میں کسی کے ہاں شکوہ نہیں کرتا نہ تمہارے ہاں اور نہ غیر کے ہاں میں تو بارگاہِ الٰہی میں شکوہ کرتا ہوں۔ اور اس سے دعا و التجاء کرنے والا ہوں۔ تم میری شکایت کے درمیان حائل نہ ہو۔

تفسیری روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یعقوب علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میں تم پر اس لئے ناراض ہوا۔ کیونکہ تم نے ایک بکری ذبح کی۔ تمہارے دروازہ پر ایک مسکین آیا تم نے اس کو کھانا نہ دیا۔ مجھے اپنی مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب انبیاء علیہم السلام ہیں۔ پھر مساکین۔ پس تم کھانا تیار کراؤ اور اس پر مساکین کو بلاؤ۔ نمبر۲۔ انہوں نے ایک لونڈی کو جس کے ساتھ اس کا بیٹا تھا خرید کیا۔ لڑکے کو بیچ دیا۔ وہ لونڈی بیٹے پر رو رو کر اندھی ہوگئی۔ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَالَا تَعْلَمُوْنَ (میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے) اور میں اس کی رحمت کے بارے میں جانتا ہوں کہ وہ صبر کرنے سے ملے گی۔ روایت میں ہے کہ انہوں نے موت کے فرشتہ کو خواب میں دیکھا۔ اس سے پوچھا کیا تم نے یوسف کی روح قبض کی؟ اس نے کہا نہیں، اللہ کی قسم! وہ زندہ ہے اس کو تلاش کرو۔ اور پھر فرشتے نے ان کو یہ دعا سکھائی یاذا المعروف الدائم الذی لاینقطع ابدًا ولا یحصیه غیرك فرّج عنی۔

## تیسری بار مصر کی روانگی کی ہدایات:

۸۷: یٰبَنِیَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ یُّوْسُفَ وَاَخِیْهِ (اے میرے بیٹو! جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو) ان دونوں کے متعلق معلومات حاصل کرو اور ان کی خبر تلاش کرو۔ فتحسسوا یہ الاحساس سے تفعل ہے اور اس کا معنی معرفت و پہچان حاصل کرنا ہے۔ وَلَا تَايْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ (اور تم ناامید نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے) رحمت الٰہی اور وسعت باری تعالیٰ سے مایوسی کی کوئی وجہ نہیں۔ اِنَّهٗ (بیشک شان و معاملہ یہ ہے۔) لَا یَایْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ (اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے مگر کافر لوگ) کیونکہ جو ایمان لاتا ہے وہ جانتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور رحمتوں میں رہ رہا ہے اور کافر وہ رحمت الٰہی کو جانتا ہی نہیں اور نہ اس کا آنا جانا اسکی نعمتوں میں ہے۔ اس لئے وہ اسکی رحمت سے مایوس رہتا ہے۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ

سو جب یہ لوگ یوسف پر داخل ہوئے تو کہنے لگے کہ اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو تکلیف پہنچی ہے اور ہم یہ ایسی پونجی لائے ہیں

مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾

جو رد کئے جانے کی مستحق ہے سو آپ ہمیں پورا غلہ دے دیجئے اور ہم پر صدقہ کر دیجئے بے شک اللہ صدقہ کرنے والوں کو اس کی جزاء دیتا ہے،

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ

یوسف نے کہا کیا تم جانتے ہو کہ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا جبکہ تم جاہل تھے، کہنے لگے واقعی کیا

لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۡ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ

آپ یوسف ہیں؟ یوسف نے کہا میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے اللہ نے ہم پر احسان فرمایا بلاشبہ بات یہ ہے جو شخص تقویٰ اختیار کرے

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا

اور صبر کرے تو اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں فرماتا، کہنے لگے اللہ کی قسم اللہ نے تجھے ہم پر فضیلت دے دی اور بلاشبہ ہم خطا

لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾

کرنے والوں میں سے تھے، یوسف نے کہا آج تم پر کوئی ملامت نہیں اللہ تمہاری مغفرت فرمائے اور وہ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔

۸۸: پھر وہ اپنے والد کے ہاں سے نکل کر مصر کی طرف روانہ ہوئے فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ (جب وہ اس کے پاس داخل ہوئے) یعنی یوسف علیہ السلام قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ (اے عزیز مصر ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو قحط سے سخت تکلیف پہنچی ہے) شدت تکلیف اور بھوک سے کمزوری پیش آ گئی۔ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ (اور ہم کھوٹے درا ہم لائے ہیں) ردی دراہم جن کو ہر تاجر بے رغبتی سے پیچھے ہٹاتا ہے اور ان سے حقارت کا اظہار کرتا ہے یہ مُزْجٰة اَزْجَيْتُه سے ہے جس کا معنی دفع کرنا اور پھینکنا ہے۔ نمبر۲۔ دوسرا قول یہ ہے ان کے دراہم زیوف کم قیمت تھے جن کو منت سے ساجت سے لیا جاتا نمبر۳۔ اون اور گھی تھا۔ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ (تم پورا غلہ دو) جو ہمارا حق بنتا ہے وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا (اور ہم پر صدقہ کر دیجئے) اور درگزر سے ہمیں زائد دیں اور سامان کے ردی ہونے سے چشم پوشی فرمائیں۔ نمبر۲۔ ہمارے حق سے اضافہ فرمائیں۔ نمبر۳۔ ہمارا بھائی مہربانی سے ہمیں دے دیں۔ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ صدقہ کرنے والوں کو جزاء دینے والا ہے)

۸۹: جب انہوں نے کہا مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ اور گڑگڑائے اور اس سے صدقہ طلب کیا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو کی جھڑی لگ گئی اور بے تابانہ یہ کہہ کر ان سے اپنا تعارف کرایا۔ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ (کہا کیا تم جانتے ہو جو کچھ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا اس حرکت کی قباحت و برائی سے واقف ہو جو تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ

کی۔ وَاَخِیْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ (اور اس کے بھائی کے ساتھ جبکہ تم ناواقف تھے) اسکی قباحت سے واقف نہ تھے نمبر۲۔ جب تم بیوقوفی اور غصہ کی تیزی میں تھے۔ فعلتم باخیه سے اس غم پر تعریض کی جو بھائی کو بھائی سے جدا کر کے دکھ پہنچایا اور اس کے علاوہ قسما قسم کی ایذائیں دیں۔

## افشائے راز:

۹۰: قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ (انہوں نے کہا کیا آپ) قراءت: کوفی وشامی دونوں نے دوہمزہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ لَاَنْتَ یُوْسُفُ (سچ مچ یوسف ہو)۔

نحو: انت مبتداء اور لام ابتدائی ہے۔ اور یوسف خبر ہے اور جملہ ان کی خبر ہے۔ قَالَ اَنَا یُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِیْ (کہا میں یوسف اور یہ میرا بھائی ہے) آپ نے اپنے بھائی کا تذکرہ کیا حالانکہ انہوں نے تو فقط آپ کے متعلق سوال کیا کیونکہ بھائی کے تذکرہ میں اس چیز کی وضاحت ہے جس کا انہوں نے سوال کیا۔ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا (تحقیق اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان فرمایا) فرقت وجدائی کے بعد ملا دیا۔ اور سلامتی اور عظمت عنایت فرمائی اور ملامت سے ابتداء نہیں فرمائی۔

اِنَّهٗ مَنْ یَّتَّقِ (شان یہ ہے کہ جو تقویٰ اختیار کرتا ہے) بے حیائی سے بچتا ہے۔ وَیَصْبِرْ (اور صبر کرتا ہے) گناہوں اور اطاعت پر صبر کرتا ہے۔ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ (پس بیشک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے) ان کا اجر۔ ضمیر کی جگہ محسنین کا لفظ لائے کیونکہ یہ صابرین اور متقین دونوں کو شامل ہے۔ کہا جاتا ہے جو اپنے سے ڈرتا ہے وہ اسکی آزمائش پر صبر کرتا ہے وہ اس کا بدلہ دنیا وآخرت میں ضائع نہیں کرتے۔

## طلبِ معافی:

۹۱: قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَیْنَا (انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے تمہیں ہم پر ترجیح دی) تمہیں چنا اور علم وحلم کے ذریعہ ہم پر فضیلت دی۔ اور تقویٰ اور صبر حسن عنایت فرمایا۔ وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِیْنَ (یقیناً ہم غلطی کرنے والے تھے) اور بیشک ہماری شان وحالت یہ ہے کہ بلاشبہ ہم جان بوجھ کر گناہ کرنے والے ہیں۔ نہ ہم گناہوں سے بچے اور نہ صبر کیا یقیناً اللہ تعالیٰ نے آپ کو بادشاہت سے عزت دی اور ہمیں مسکین بنا کر تیری خدمت میں پیش کر دیا۔

## اعلانِ معافی:

۹۲: قَالَ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ (یوسف علیہ السلام نے فرمایا آج تم پر کوئی الزام نہیں) روایت میں ہے کہ ابوسفیان اسلام لانے کیلئے آئے تو حضرت عباسؓ نے ان کو کہا جب تم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں جاؤ تو یہ کہنا قال لا تثریب علیکم الیوم۔ اس نے کہہ دیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں بخشے اور اس کو جس نے یہ تمہیں سکھایا [نسائی، بیہقی]

روایت میں ہے کہ جب بھائیوں نے پہچان لیا تو آپ کی طرف پیغام بھیجا۔ تو ہمیں اپنے دسترخوان پر صبح وشام بلاتا ہے۔ اور ہمیں اپنی زیادتیوں کی وجہ سے حیاء آتی ہے۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا۔ اہل مصر نے اگرچہ بادشاہ تو مجھے مان لیا۔ مگر وہ میری

اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْرًا ۚ وَاْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ

میرا یہ کرتہ لے جاؤ سو اسے میرے والد کے چہرہ پر ڈال دو وہ بینا ہو جائیں گے، اور میرے پاس اپنے سارے گھر والوں کو

اَجْمَعِیْنَ ﴿٩٣﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَاۤ

لے آؤ، اور جب قافلہ روانہ ہو گیا تو ان کے والد نے کہا کہ اگر تم یہ نہ کہو کہ میں بہکی ہوئی باتیں کرنے والا ہوں تو میں یوسف کی

اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿٩٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ ﴿٩٥﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَ

خوشبو پا رہا ہوں، وہ لوگ کہنے لگے اللہ کی قسم آپ اپنی پرانی غلطی میں ہیں، پھر جب خوشخبری لانے والا

الْبَشِیْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ

آ پہنچا تو اس نے وہ کرتہ ان کے منہ پر ڈال دیا لہٰذا وہ پھر سے آنکھوں والے ہو گئے اور بیٹوں سے فرمایا کیوں میں نے تم سے نہ کہا کہ اللہ تعالیٰ کی باتوں کو

مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕیْنَ ﴿٩٧﴾

جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے ان کے بیٹے کہنے لگے کہ اے اباجی ہمارے گناہوں کی مغفرت کے لئے دعا کیجئے بلاشبہ ہم خطا کرنے والے ہیں،

قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿٩٨﴾

انہوں نے جواب دیا کہ میں عنقریب اپنے رب سے تمہارے لئے مغفرت کی دعا کروں گا بلاشبہ وہ غفور ہے رحیم ہے

طرف پہلی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں وہ عظیم ذات ہے۔ جس نے ایک غلام کو اس بلندی پر پہنچا دیا۔ اب تمہاری وجہ سے مجھے یہ شرف ملا اور لوگوں کو علم ہوا کہ میں ابراہیم علیہ السلام کا پوتا ہوں۔ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ (اللہ تمہاری مغفرت فرمائے) وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (اور وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے) جب میں فقیر اور محتاج کی رحمت کا یہ حال تو غنی غفور کی رحمت بے پایاں کتنی بڑی ہوگی۔

## اظہارِ معجزہ:

۹۳: پھر ان سے والد کے حالات دریافت کئے تو انہوں نے کہا زیادہ رونے کی وجہ سے ان کی آنکھیں جاتی رہی ہیں۔ آپ نے فرمایا: اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا (تم میری یہ قمیص لے جاؤ) ایک قول یہ ہے کہ وہ متوارث قمیص تھی جو تعویذ کی صورت میں یوسف علیہ السلام کے پاس تھی یہ جنت سے آئی تھی۔ جبرئیل علیہ السلام نے اسی کے بھیجنے کا حکم دیا تھا کیونکہ اس میں جنت کی خوشبو تھی وہ جب کسی مبتلاءِ مصیبت پر ڈالی جاتی تو وہ صحیح ہو جاتا۔ فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْرًا (پس اس کو میرے والد کے چہرہ پر ڈال دو ان کی بصارت واپس آجائے گی) بصر بصیرًا تم کہو گے جاء الینا محکما۔ یہ بنیاد مضبوط ہو گئی۔ نمبر۲۔ وہ میری طرف آئیں گے اس حال میں کہ وہ آنکھوں والے ہونگے۔ یہودا نے کہا یہ قمیص شفاء میں اٹھاؤں گا جیسا ظلم کی قمیص میں اٹھا کر لے گیا۔ نمبر۳۔

ایک قول یہ ہے کہ ننگے پاؤں اور ننگے سر مصر سے کنعان اس قمیص کو لے گیا۔ان کے درمیان اسی فرسخ کا فاصلہ تھا۔وَاْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِیْنَ (اورتم اپنے تمام اہل کو میرے پاس لے آؤ) تا کہ وہ میری بادشاہی سے فائدہ پائیں جیسا میری ہلاکت کی اطلاعات سے غمزدہ ہوئے۔

۹۴: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ (جب قافلہ جدا ہوا) عریش مصر سے نکلا عرب کے محاورہ میں کہتے ہیں۔فصل من البلاد فصولا ، وہ شہر سے جدا ہوا جدا ہونا جبکہ اس سے علیحدہ ہو جائے اور اسکی آبادی سے نکل جائے۔قَالَ اَبُوْهُمْ (ان کے والد نے (اپنے پوتے کو) کہا) اور جوان کے اردگرد لوگ تھے۔اِنِّیْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ (مجھے یوسف کی خوشبو آرہی ہے) اللہ تعالیٰ نے قمیص کی خوشبو کا ادراک کرادیا۔جبکہ آٹھ روز کے فاصلہ سے روانہ ہوئی۔لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ (اگرتم مجھے بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو) التفنید فند کی طرف نسبت کرنا اور وہ بڑھاپے کی وجہ سے عقل میں نقصان آتا ہے۔مطلب یہ ہے اگرتم مجھے سٹھایا ہوا نہ سمجھتے تو تم میری تصدیق کرتے۔

۹۵: قَالُوْا (انہوں نے کہا) پوتوں نے تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ (اللہ کی قسم بیشک تو اپنی پرانی گمراہی میں ہے) عرصہ سے یوسف کی محبت میں افراط کی وجہ سے درست راستہ سے ہٹ چکا ہے۔نمبر۲۔یوسف کی محبت والی پرانی غلطی میں مبتلا ہے۔ان کے ہاں وہ مر چکے تھے۔

## بصارتِ یعقوب کی واپسی:

۹۶: فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ (جب خوشخبری دینے والا آیا) یعنی یہودا اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ (اس کو ان کے چہرہ پر ڈال دیا) خوشخبری والے نے قمیص کو یعقوب کے چہرے پر ڈال دیا نمبر۲۔یعقوب علیہ السلام نے خود ڈال لیا۔فَارْتَدَّ (پس لوٹ آئے) بَصِيْرًا (بینا ہوکر) جیسا کہا جاتا ہے ردّہ فارتدّ اس کو لوٹایا وہ لوٹ گیا اور ارتده اذا ارتجعه جب لوٹایا جائے۔قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ (کہا کیا میں نے تمہیں کہا نہیں) یہ بات مراد ہے انی لاجد ریح یوسف یا یہ قول ولا تایئسوا من روح اللّٰہ اور یہ قول اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَالَا تَعْلَمُوْنَ (بیشک میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے) یہ ابتدائیہ جملہ ہے۔اور قال کا مقولہ نہیں ہے۔نمبر۲۔مقولہ ہے اور مراد اس سے انما اشکو بثی و حزنی الی اللّٰہ واعلم من اللّٰہ مالا تعلمون ہے۔تفسیری روایت میں ہے کہ آپ نے خوشخبری والے سے سوال کیا۔یوسف کا کیا حال ہے اس نے کہا وہ مصر کا بادشاہ ہے اس نے کہا میں نے سلطنت کو کیا کرنا ہے۔کس دین پر ہے؟ اس نے جواب دیا۔دین اسلام پر۔یعقوب علیہ السلام نے فرمایا اب نعمت مکمل ہوئی۔

## بیٹوں کا معافی طلب کرنا:

۹۷: قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ (انہوں نے کہا اے ابا جی! آپ ہمارے گناہوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے استغفار فرمادیں۔بیشک ہم خطا کار ہیں) یعنی ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کریں ان غلطیوں سے جو ہم نے

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰۤی اِلَیْهِ اَبَوَیْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

پھر جب یہ لوگ یوسف کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس ٹھکانہ دیا اور کہا کہ مصر میں انشاء اللہ امن و امان کے ساتھ

اٰمِنِیْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَیْهِ عَلَی الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ یٰۤاَبَتِ هٰذَا

داخل ہو جایئے، اور یوسف نے اپنے ماں باپ کو تخت پر اوپر بٹھایا اور وہ لوگ اس کے سامنے سجدہ میں گر گئے اور یوسف نے کہا کہ اے ابا جان یہ

تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْۤ اِذْ اَخْرَجَنِیْ

میرے خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے دیکھا تھا میرے رب نے اس کو سچا کر دیا اور میرے ساتھ احسان فرمایا جبکہ مجھے جیل سے

مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ

نکالا اور آپ لوگوں کو دیہاتی علاقہ سے لے آیا اس کے بعد کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈال

اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ

دیا تھا، بے شک میرا رب جو چاہتا ہے اس کی لطیف تدبیر فرماتا ہے بے شک وہ جاننے والا ہے حکمت والا ہے، اے میرے رب آپ نے مجھے سلطنت کا

مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ

حصہ عطا فرمایا اور مجھے خوابوں کی تعبیر سکھائی، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا فرمانے والے آپ ہی

وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾

دنیا اور آخرت میں میرے کارساز ہیں مجھے اس حالت میں موت دینا کہ میں فرماں بردار ہوں اور مجھے نیک بندوں میں شامل فرمایئے۔

تمہارے حق میں کی ہیں اور آپ کے بیٹے کے متعلق ہم توبہ کرتے ہیں ہمیں اپنی غلطیوں کا اعتراف ہے۔

۹۸: قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ (اس نے کہا میں عنقریب تمہارے لئے اپنے رب سے استغفار کرونگا بیشک وہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے) انہوں نے استغفار کو سحر تک مؤخر کیا نمبر۲۔ لیلہ جمعہ تک نمبر۳۔ توبہ کی سچائی میں ان کی حالت معلوم ہونے تک۔ نمبر۴۔ یوسف علیہ السلام سے دریافت تک کہ آیا انہوں نے معاف کر دیا۔

۹۹: پھر یوسف علیہ السلام نے اپنے والد کی طرف سامان اور دو سواریاں بھیجیں تا کہ ان پر سوار ہو کر ان کے ہاں آ جائیں۔ جب مصر کے قریب پہنچے تو یوسف علیہ السلام اور بادشاہ چار ہزار فوج اور سرداران ملک اور بہت سے اہل مصر کے ساتھ یعقوب علیہ السلام کے استقبال کرنے کیلئے نکلے۔ یعقوب علیہ السلام سے اس حال میں ملاقات ہوئی کہ یہودا پر ٹیک لگا کر آپ چل رہے تھے۔

## تعبیر خواب کی تکمیل:

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ (جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچ گئے تو انہوں نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس جگہ دی) اپنے جسم سے ملایا اَبَوَيْهِ (اپنے والدین کو) اوران سے معانقہ کیا۔ ایک قول یہ ہے کہ ان کی والدہ زندہ تھیں۔ نمبر۲۔ ان کی والدہ فوت ہو چکی تھی اوران کے والد نے ان کی خالہ سے نکاح کیا تھا۔ اور خالہ ماں ہی ہوتی ہے۔ جیسا کہ چچا کو باپ کہا گیا ہے اور یہی معنی اس قول میں ہے واله اباء ك ابراهيم و اسماعيل و اسحاق [البقرہ:۱۳۳] دخولهم عليه کا معنی مصر میں داخلہ سے پہلے جبکہ ان کا استقبال کیا تو خیمہ میں ان کو اتارا۔ نمبر۲۔ اس جگہ کے کسی محل میں اتارا وہ ان کے پاس داخل ہوئے۔ تو انہوں نے والدین سے معانقہ کیا۔ وَقَالَ (اوران کو کہا) اوراس کے بعد ان کو کہا اُدْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ (تم مصر میں چلو اور امن کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو رہو) امن سے رہو ان کے بادشاہوں سے پہلے وہ پناہ لیکر داخل ہوتے۔ نمبر۲۔ قحط سے امن میں ہو۔ روایت میں ہے کہ ملاقات کے وقت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا۔ السلام عليك يا مذهب الاحزان۔ یوسف علیہ السلام نے جواباً کہا: بکیتَ عَلَيَّ حَتّٰى ذَهَبَ بَصَرُكَ کیا آپ کو علم نہ تھا کہ قیامت ہمیں جمع کردے گی؟ یعقوب علیہ السلام نے کہا ہاں۔ لیکن مجھے تمہارے دین کے سلب کا خطرہ ہوا پھر میرے اور تیرے درمیان فاصلہ کردیا جائے۔

نمبر۳۔ ایک قول یہ ہے یعقوب علیہ السلام اوران کی اولاد مصر میں جب داخل ہوئے مرد عورتیں ۷۲ افراد تھے اور جب موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نکلے تو لڑنے والوں کی تعداد چھ لاکھ پانچ سو بہتر تھی۔ بچے اور بوڑھے اس کے علاوہ تھے۔ چھوٹے بچے ایک لاکھ بیس ہزار تھے۔

۱۰۰: وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا (اورانہوں نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور وہ تمام ان کے سامنے سجدہ میں گر گئے) ایک قول یہ ہے کہ مصر میں داخلہ کے وقت جب یوسف اپنی مجلس میں درست ہو بیٹھے تو آپ نے اپنے والدین کو بطور آرام تخت پر بٹھایا۔ اور وہ گر پڑے اس کے لئے سجدہ میں گیارہ بھائی اور والدین سُجَّدًا سجدہ ان کے ہاں بطور سلام وتکریم کے جائز تھا۔ جیسا کہ قیام ومصافحہ اور ہاتھوں کا بوسہ۔ زجاج کہتے ہیں۔ تعظیم کا طریقہ اس وقت عظمت والے کو سجدہ کرنا تھا۔ نمبر۲۔ یہ پھر جھکنا تھا پیشانی کو زمین پر رکھنا مراد نہ تھا مگر خروا له سجدًا اس معنی کا انکار کر رہا ہے۔ نمبر۳۔ وہ یوسف کی خاطر اللہ کی بارگاہ میں سجدہ شکر میں پڑ گئے اس صورت میں لام اجلیہ ہے۔

وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ (اور کہا اے ابا جی! یہ میرے خواب کی تعبیر ہے جو پہلے آیا) ھا سے الرؤیا مراد ہے۔ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا (میرے رب نے اس کو سچا کردیا) خواب اور تعبیر کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ تھا۔ نمبر۲۔ ۸۰ اسی سال کا فاصلہ نمبر۳۔ ۸۶ سال کا نمبر۴۔ ۳۶ سال کا نمبر۵۔ ۲۲ سال کا۔ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ (اوراس نے مجھ پر احسان فرمایا) کہا جاتا ہے احسن الیہ، احسن بہ (احسان کرنا) اسی طرح اساء الیہ، بہ مستعمل ہے۔ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ (جب اس نے مجھے قید سے نکالا) یوسف علیہ السلام نے کنوئیں کا ذکر نہیں کیا۔ اس قول کے باعث لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ، وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ

(اور تمہیں دیہات سے لایا) دیہات سے کیونکہ ان کے ہاں مویشی تھے ایک پانی سے دوسرے پانی پر منتقل ہوتے اور چراگاہوں کو بدلتے۔ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ (اس کے بعد کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان چوک لگائی) ہمارے درمیان فساد ڈلوایا اور برانگیختہ کیا۔ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ (بیشک میرا رب عمدہ تدبیر کرتا ہے جو چاہتا ہے) لطیف تدبیر والا اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ (بیشک وہی علم والے حکمت والے ہیں) نمبرا۔ کہ امیدوں کو مقررہ اوقات تک مؤخر کرتا ہے۔ نمبر۲۔ اختلاف کے بعد الفت پیدا فرمادی۔

## دعائے مستجاب:

۱۰۱: رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ (اے میرے رب آپ نے مجھے سلطنت کا ایک حصہ عنایت فرمایا) ملک سے ملک مصر مراد ہے۔ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ (اور آپ نے مجھے خوابوں کی تعبیر سکھائی) نمبرا۔ اللہ تعالیٰ کی کتابوں کی تفسیر نمبر۲۔ خوابوں کی تعبیر۔

نحو: مِنْ تبعیضیہ ہے اس لئے کہ ان کو مصر کی بادشاہت ملی نہ کہ پوری دنیا کی اور تاویل بھی بعض باتوں کی نہ کہ تمام کی فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے)

نحو: منادیٰ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ (آپ دنیا و آخرت میں میرے کارساز ہیں) آپ ہی دارین میں نعمتوں سے نوازنے والے ہیں۔ اور ملک فنا کے ساتھ ملک بقاء کو ملا کر عنایت کرنے والے ہیں۔ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا (پوری فرمانبرداری میں مجھے وفات دے) اسلام کی حالت والی موت طلب کی جیسا کہ یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے موت سے قبل عہد لیا تھا ولا تموتن الا وانتم مسلمون! [آل عمران:۱۰۲] بقول ضحاک مسلم کا معنی مخلصاً ہے۔ اور تستری کہتے ہیں میں اپنا معاملہ آپ کے سپرد کرنے والا ہوں۔

مسئلہ: باوجود معصوم ہونے کے یوسف علیہ السلام نے یہ دعا کی تاکہ وہ لوگ ان کی اقتداء کریں۔ جو مامون اور محفوظ نہیں بلکہ گناہگار ہیں۔ انبیاء علیہم السلام کے اعمال کو امتوں کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ تاکہ امتیں ان کو دیکھ لیں۔ وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (اور تو مجھے ملا دے نیکوں کے ساتھ) نمبرا۔ میرے آباؤ واجداد کے ساتھ نمبر۲۔ عام جو نیک صالح لوگ ہیں۔

روایت تفسیر میں ہے کہ یوسف علیہ السلام نے یعقوب علیہ السلام کے ہاتھ کو پکڑا اور اپنے خزانوں کا چکر لگوایا۔ جو کہ سونے، چاندی، کپڑے، اسلحہ ڈپو، کاغذ سٹور پر مشتمل تھے۔ یعقوب علیہ السلام نے کاغذوں کو دیکھ کر فرمایا میرے بیٹے تیرے پاس اتنے کاغذ تھے مگر آٹھ مرحلہ فاصلہ پر تو نے ایک کاغذ بھی نہ لکھا۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا مجھے جبرئیل علیہ السلام نے حکم دیا تھا۔ یعقوبؑ نے فرمایا کیا آپ اس سے پوچھ سکتے ہیں؟ یوسف علیہ السلام نے کہا کہ آپ کو ان سے زیادہ بے تکلفی ہے ان سے پوچھ لو تو جبرئیل علیہ السلام نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کا حکم دیا تھا۔ آپ کے اس قول کی وجہ سے فاخاف ان یاکله الذئب مجھے ڈر ہے کہ اس کو بھیڑیا کھا جائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو مجھ سے کیوں نہ ڈرا۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْۤا اَمْرَهُمْ

یہ غیب کی خبروں میں سے ہے، جو ہم آپ کی طرف وحی کے ذریعے بھیجتے ہیں، اور آپ اس وقت ان کے پاس موجود نہیں تھے جب انہوں نے اپنے کام کا پختہ ارادہ کر لیا تھا

وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَاۤ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ

اور وہ تدبیر کر رہے تھے، اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں اگرچہ آپ حرص کریں، اور آپ اس پر ان سے کسی عوض کا

عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۴﴾ ع ۱۱ ۵

سوال نہیں کرتے یہ تو جہاں والوں کے لئے نصیحت ہے

ایک روایت میں ہے کہ یعقوب علیہ السلام ۲۴ سال زندہ رہے پھر وفات پا گئے اور اسحاق علیہ السلام کے پہلو میں سرزمین شام لیجا کر دفن کا حکم دیا۔ پھر جان جہاں آفریں کے حوالہ کر دی۔ ان کو اسی جگہ دفن کر دیا گیا پھر آپ مصر واپس لوٹے اور اپنے والد کے بعد تینتیس ۳۳ سال زندہ رہے جب ان کی موت کا وقت آیا تو اپنے لئے ہمیشہ کی بادشاہت چاہی اور نیکوں جیسی موت کی تمنا کی۔ نمبرا۔ ایک قول یہ ہے ان سے پہلے یہ تمنا کسی نے نہیں کی اور نہ ان کے بعد۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو پاکیزگی کے ساتھ وفات دی۔ اہل مصر نے آپس میں ان کے دفن پر شدید اختلاف کیا یہاں تک کہ لڑائی تک نوبت آ گئی ہر ایک اپنے محلے میں دفن کرنا چاہتا تھا۔ پھر مرمر کا صندوق بنوا کر اس میں ان کے جسد خاکی کو رکھا اور نیل میں ایسے مقام پر دفن کیا جو نیل کا راستہ اور گزرگاہ تھی۔ تا کہ سارے اہل مصر فیضیاب ہوں۔ موسیٰ علیہ السلام نے چار سو سال بعد ان کے تابوت کو بیت المقدس منتقل کیا۔ ان کے ہاں دو اولادیں افراثیم اور میشا تھے۔ افراثیم کا ایک بیٹا نون تھا نون کے بیٹے یوشع ہیں جن کو فتٰی موسیٰ کہہ کر قرآن مجید نے ذکر کیا۔ عمالیق کے فراعنہ آپ کے بعد وراثۃً حکمران رہے اور بنو اسرائیل ان کے ماتحت دین یوسفی (ابراہیمی) پر قائم رہے۔

۱۰۲: ذٰلِكَ (یہ) یوسف علیہ السلام کے سابقہ واقعہ کی طرف اس سے اشارہ فرمایا یہ خطاب رسول اللہ ﷺ کو فرمایا یہ مبتداء ہے۔ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ (غیب کی بعض خبریں ہیں)۔ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ (جو وحی کر رہے ہیں ہم آپ کی طرف)

نحو: یہ دونوں ذٰلک کی خبریں ہیں۔ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ (اور آپ ان کے پاس نہ تھے) اولاد یعقوب کے پاس اِذْ اَجْمَعُوْۤا اَمْرَهُمْ (جبکہ انہوں نے اپنے معاملہ میں اتفاق کیا) یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں ڈالنے کا پختہ ارادہ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ (اس حال میں کہ وہ تدبیر کر رہے تھے) یوسف علیہ السلام کے متعلق اور ان کو دھوکہ سے قتل کرنا چاہتے تھے۔ یہ غیب کی خبریں آپ کو بذریعہ وحی حاصل ہوتی ہیں۔ کیونکہ آپ اولاد یعقوب کے پاس موجود نہ تھے جبکہ وہ اپنے بھائی کو کنوئیں میں ڈال رہے تھے۔

۱۰۳: وَمَاۤ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ (اور لوگوں کی اکثریت ایمان لانے والی نہیں خواہ آپ کو کتنی خواہش ہو) عام لوگ مراد ہیں۔ نمبر۲۔ اہل مکہ یعنی اہل مکہ ایمان لانے والے نہیں خواہ ان کے ایمان کیلئے آپ پوری کوشش صرف کر دیں۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿١٠٥﴾

اور بہت سی نشانیاں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں جن پر یہ لوگ گذرتے ہیں اور وہ ان سے اعراض کئے ہوئے ہیں،

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿١٠٦﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ

اوران میں سے اکثر لوگ اللہ پر ایمان نہیں لاتے مگر اس حال میں کہ شرک کرنے والے ہیں، کیا یہ لوگ اس بات سے مطمئن ہیں کہ ان پر اللہ کی طرف سے عذاب کی کوئی

عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٠٧﴾

ایسی آفت آپڑے جو ان کو گھیر لے یا ان پر اچانک قیامت آپڑے اور ان کو خبر بھی نہ ہو۔

۱۰۴: وَمَا تَسْئَلُهُمْ عَلَيْهِ (اور تم ان سے اس پر نہیں مانگتے) ہٗ سے مراد تبلیغ نمبر۲۔ قرآن پر مِنْ اَجْرٍ (کوئی مزدوری) بدلہ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ (یہ خالص ذکر ہے) یہ قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصیحت ہے۔ لِّلْعٰلَمِيْنَ (جہان والوں کیلئے) اس میں اپنے ایک رسول کی زبان پر سے نجات کو طلب کرنے پر آمادہ کیا۔

## نشانہائے عبرت تو بہت ہیں مگر عبرت حاصل کرنے والے کم ہیں:

۱۰۵: وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ (کتنی ہی نشانیاں ہیں) علامتیں ہیں جو خالق کی خالقیت اور صفات وتوحید پر دلالت کرنے والی ہیں۔ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا (آسمانوں اور زمین میں جن پر ان کا گزر ہوتا ہے) ان نشانات پر نمبر۲۔ زمین پر (جنکے پاس ان کا گزر ہوتا ہے۔ وہ ان کا آنکھوں سے مشاہدہ کرتے ہیں۔ وَهُمْ عَنْهَا (اور وہ ان آیات سے) مُعْرِضُوْنَ (اعراض کرنے والے ہیں) ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔ اس سے مراد ہلاک ہونے والی امتوں کے آثار اور عبرتناک مقامات جن کو وہ آتے جاتے دیکھتے تھے۔

۱۰۶: وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ (اور ان کی اکثریت اللہ پر ایمان نہیں لاتی مگر کہ وہ شرک بھی کرتے ہیں) یعنی ان کی اکثریت اللہ تعالیٰ کے متعلق اقراری ایمان تو لاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اور آسمان وزمین کو پیدا کیا۔ مگر بتوں کی عبادت کر کے شرک کرنے والے ہیں جمہور کہتے ہیں یہ مشرکین کے متعلق اتری کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو اپنا رازق وخالق مانتے تھے اور جب ان کو کوئی سخت معاملہ پیش آتا تو اللہ تعالیٰ کو مخلصانہ پکارتے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کو شریک کرتے۔ شرک کی باتوں میں سے قدریہ کی یہ بات بھی ہے کہ بندے کیلئے قدرت تخلیق مانتے ہیں۔ اور خالص توحید وہی ہے جو اہل سنت کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق نہیں۔

۱۰۷: اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ (کیا وہ اس سے بے خوف ہو گئے کہ ان پر آن پہنچے کوئی ڈھانپنے والی) ایسی سزا جو ان کو ڈھانپ لے اور گھیر لے مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ (اللہ تعالیٰ کے عذاب میں سے یا قیامت آجائے ان کے پاس) ساعت سے قیامت مراد ہے۔ بَغْتَةً (اچانک) یہ حال ہے وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (اس حال میں کہ ان کو شعور بھی نہ ہو) اسکی آمد کا۔

وقف النبی

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ

آپ فرما دیجئے کہ یہ میرا راستہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں میں بصیرت پر ہوں اور وہ لوگ بھی جنہوں نے میرا اتباع کیا، اور اللہ پاک ہے اور میں

اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۱۰۸ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ

مشرکین میں سے نہیں ہوں۔ اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے بھی رسول بھیجے سب آدمی ہی تھے جو مختلف بستیوں کے رہنے والوں میں سے تھے۔

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

ہم ان کی طرف وحی بھیجتے تھے کیا یہ لوگ زمین میں نہیں چلے پھر سو وہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جو ان سے پہلے گذرے

وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۱۰۹

اور البتہ آخرت کا گھر بہتر ہے ان لوگوں کے لئے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا کیا تم سمجھ نہیں رکھتے۔

## عقیدۂ توحید کا اعلان:

۱۰۸: قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ (کہہ دیں کہ یہ میرا راستہ ہے) یہ وہی راستہ ہے جس میں ایمان وتوحید کی دعوت ہے۔ یہی میرا راستہ ہے۔ نحو: السبیل اور الطریق یہ دونوں لفظ مذکر ومؤنث استعمال ہوتے ہیں۔ پھر سبیل کی تفسیر اس طرح فرمائی۔ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ (میں اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتا ہوں بصیرت کے ساتھ) واضح دلیل کے ساتھ میں اس کے دین کی طرف دعوت دیتا ہوں اندھے پن کے ساتھ نہیں۔

اَنَا (میں) یہ ادعوا کی ضمیر مستتر کی تاکید ہے۔ وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ (اور جس نے میری پیروی کی) اس کا عطف انا پر ہے) تقدیر عبارت یہ ہے ادعوا الی سبیل اللّٰہ انا ویدعوا الیہ من اتبعنی کہ میں اللہ تعالیٰ کے راستہ کی طرف دعوت دیتا ہوں اور میرے پیروکار اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتے ہیں نمبر۲۔ انا مبتداء علی بصیرۃ مقدم خبر ہے۔ اور من اتبعنی کا انا پر عطف ہے۔ آپ ابتداءً یہ بتلا رہے ہیں کہ میں اور میرے پیروکار حجت ودلیل پر ہیں خواہش پر نہیں وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ (اور اللہ تعالیٰ پاک ہے) میں اس کو شرکاء سے پاک قرار دیتا ہوں۔ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں) جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کو شریک کرنے والے ہیں۔

۱۰۹: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا (اور ہم نے آپ سے پہلے مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا) نہ کہ فرشتوں کو کیونکہ کفار یہ کہا کرتے تھے۔ ولو شاء اللّٰہ لانزل ملائکۃ (اگر اللہ تعالیٰ رسول بھیجنا چاہتا تو ضرور فرشتے اتارتا۔ نمبر۲۔ ان میں کوئی عورت نہ تھی (تمام مرد تھے) نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى (جنکی طرف ہم وحی کرتے رہے شہروں کے رہنے والوں میں سے)

حَتّٰٓی اِذَا اسْتَیْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّھُمْ قَدْ کُذِبُوْا جَآءَھُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّیَ

یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہوگئے اور انہیں یہ گمان ہوگیا کہ ہماری فہم نے غلطی کی تو ہماری مدد ان کے پاس آ گئی پھر ہم نے

مَنْ نَّشَآءُ وَلَا یُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ کَانَ فِیْ

جس کو چاہا اسے نجات دیدی گئی اور ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے نہیں ہٹایا جاتا، البتہ ان کے قصوں

قَصَصِھِمْ عِبْرَۃٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ مَا کَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَلٰکِنْ

میں عقل والوں کے لئے عبرت ہے یہ قرآن ایسی کوئی بات نہیں ہے جو تراشی ہوئی ہو بلکہ

۱۲ ع تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ وَتَفْصِیْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

اس سے پہلے جو کتابیں نازل ہوئی ہیں یہ کتاب ان کی تصدیق کرنے والی ہے اور ہر چیز کی تفصیل کرنے والی ہے اور ہدایت ہے اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔

قراءت: حفص نے نون سے پڑھا ہے اہل قری اس لئے کہا کیونکہ وہ علم و حلم والے ہوتے ہیں اور جنگلی لوگوں میں جہل و جفا کثرت سے ہوتی ہے۔ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ وَلَدَارُ الْاٰخِرَۃِ (کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے کس طرح ان لوگوں کا انجام ہوا جو ان سے پہلے ہوئے البتہ آخرت کا گھر) آخری گھڑی والا گھر خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اتَّقَوْا (وہ بہت بہتر ہے۔ ان لوگوں کیلئے جو متقی ہیں) شرک سے بچنے والے ہیں، اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لانیوالے ہیں۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا تمہیں سمجھ نہیں)

قراءت: مکی، ابوعمرو اور حمزہ و علی نے یعقلون یا سے پڑھا ہے۔

۱۱۰: حَتّٰٓی اِذَا اسْتَیْئَسَ الرُّسُلُ (یہاں تک کہ جب پیغمبر (اس بات سے) مایوس ہوگئے) قوم کے ایمان لانے سے مایوس ہوگئے وَظَنُّوْٓا اَنَّھُمْ قَدْ کُذِبُوْا (اور انہوں نے یقین کرلیا کہ ان کی تکذیب کردی گئی) رسولوں کو یقین ہوگیا کہ ان کی قوم نے ان کو جھٹلا دیا ہے۔

قراءت: کوفی نے تخفیف کے ساتھ پڑھا۔ قوموں نے یقین کیا کہ رسل نے واقعی جھوٹ بولا یعنی وعدہ خلافی کی ہے۔ یا نمبر۲۔ قوموں نے گمان کیا کہ رسولوں کی طرف سے ان کے ساتھ جھوٹ بولا گیا۔ یعنی رسولوں نے انہیں یہ جھوٹ کہا کہ وہ ان پر غالب آجائیں گے اور آمیں وہ سچے نہ نکلے۔ جَآءَھُمْ نَصْرُنَا (ان کے پاس ہماری مدد آئی) انبیاء علیہم السلام اور مومنین پر ہماری مدد اچانک بغیر شمار کے آن پہنچی۔ فَنُجِّیَ (پس جس کو چاہا ہم نے بچالیا)

قراءت: جیم مشدد، ایک نون یا مفتوح کے ساتھ شامی و عاصم نے پڑھا ہے ماضی مجہول اور مَنْ کو قائم مقام فاعل قرار دیا ہے۔ باقی قراء نے فَنُنْجِیْ دونون، دوسرا ساکن خفیفہ اور یا ساکن سے پڑھا ہے۔ مَنْ نَّشَآءُ (جن کو ہم نے چاہا) نبی اور ان کے

ساتھ ایمان والے وَلَا یُرَدُّ بَاْسُنَا (اور ہماری پکڑ لوٹائی نہیں جا سکتی) باس سے عذاب مراد ہے عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ (مجرم قوم سے) کافر مراد ہیں۔

۱۱۱: لَقَدْ کَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ نمبرا (ان کے واقعات میں) ان انبیاء علیہم السلام اور قوموں کے واقعات میں نمبر ۲۔ یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے واقعہ میں عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (عقل والوں کیلئے عبرت ہے) نمبرا۔ اس طرح کہ گہری محبت سے گہرے کنوئیں میں ڈال دیئے گئے۔ نمبر ۲۔ چٹائی جیل سے تخت پر منتقل ہوئے نمبر ۳۔ صبر کے نتیجہ میں سلامتی، کرامت وعزت ملی نمبر ۴۔ فریب کاری میں ندامت وشرمندگی سامنے آئی۔ مَا کَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی (یہ کوئی من گھڑت بات نہ تھی) یہ قرآن کفار کے خیال کے مطابق مفتری نہیں ہے۔ وَلٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ (لیکن یہ تصدیق ہے اس وحی کی جو اس کے سامنے ہے) پہلی کتابوں کی یہ تصدیق ہے۔ وَتَفْصِیْلَ کُلِّ شَیْءٍ (اور اسمیں ہر چیز کی تفصیل ہے) جس کی دین میں ضرورت ہے کیونکہ یہ وہ قانون ہے سنت کو جس کا سہارا ہے اور اجماع وقیاس کو بھی وَّهُدًی (اور راہنمائی ہے) گمراہی سے وَّرَحْمَةً (اور رحمت ہے) عذاب سے لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (ان لوگوں کیلئے جو ایمان لانے والے ہیں) اللہ تعالیٰ اور اس کے پیغمبر پر۔

نَحْو : لکن کے بعد والا جملہ کان کی خبر پر عطف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

## فضائل:

رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ اپنے غلاموں کو سورۂ یوسف سکھاؤ۔ جو بندہ اس کو پڑھے اور اپنے اہل کو سکھائے اور غلام لونڈی کو سکھائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر سکرات کی موت کو آسان کر دیں گے۔ اور اس کو طاقت دیں گے کہ کوئی مسلمان اس سے حسد نہ کرے گا۔ (کشاف زمخشری)

شیخ ابو منصور رحمہ اللہ نے کہا کہ یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے واقعہ میں رسول اللہ ﷺ کو ایذاء قریش پر صبر کی تلقین کی گئی گویا اس طرح فرمایا یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے موافقت فی الدین کے باوجود اور حقیقی بھائی ہو کر یوسف علیہ السلام کے ساتھ کیا کچھ مکر وفریب نہیں کیے۔ اور یوسف علیہ السلام نے صبر کیا۔ آپ تو دین میں بھی ان کے مخالف ہیں پھر یہ اگر مخالفت کر رہے ہیں تو ان کی ایذاء پر صبر کریں۔ قول وہب رحمہ اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے جو بھی کتاب پہلے اتاری اس میں کامل سورۂ یوسف اتاری جیسا کہ قرآن عظیم میں ہے (واللہ اعلم)

**تمت ترجمة تفسير سورة يوسف يوم الاربعاء التاسعة من شهر اكتوبر ۲۰۰۲ والحمد لله على ذلك**

# سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ رعد مدینہ میں نازل ہوئی اس میں تینتالیس آیتیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ۔

الٓمّٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

الٓمّٓرٰ یہ کتاب کی آیتیں ہیں، اور آپ کے رب کی طرف سے جو کچھ آپ کی طرف اتارا گیا حق ہے، لیکن بہت سے

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ① اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى

لوگ ایمان نہیں لاتے، اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بلند فرما دیا تم ان آسمانوں کو دیکھ رہے ہو پھر وہ عرش پر

عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

مستوی ہوا، اور اس نے چاند اور سورج کو مسخر فرما دیا ہر ایک مدت مقررہ کے مطابق چلتا ہے وہ کاموں کی تدبیر فرماتا ہے،

يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ② وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ

نشانیوں کو واضح طور پر بیان فرماتا ہے، تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کر لو، اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلا دیا اور اس میں

فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي

پہاڑ اور نہریں پیدا فرما دیں اور ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسمیں پیدا فرمائیں وہ رات کو دن پر

الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ③ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ

ڈھانپ دیتا ہے، بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو فکر کرتے ہیں اور زمین میں ٹکڑے ہیں

مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى

جو آپس میں پڑوسی ہیں اور انگوروں کے باغ ہیں اور کھیتیاں ہیں اور کھجور کے درخت ہیں جن میں بعض سے ملی ہوئی جڑ بعض سے ملی ہوئی ہے اور بعض ملی ہوئی نہیں ہیں انہیں ایک ہی

بِمَآءٍ وَّاحِدٍ قف وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

پانی سے سیراب کیا جاتا ہے اور ہم ایک کو دوسرے پر فضیلت دیتے ہیں بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو سمجھ سے

يَّعْقِلُوْنَ ④

کام لیتے ہیں۔

۱: الٓمّٓرٰ اللہ تعالیٰ ہی اسکی مراد کو جانتا اور دیکھتا ہے تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ۔ ترجمہ یہ معنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا گیا ہے تلک سے آیات سورت کی طرف اشارہ ہے الکتاب سے سورۃ مراد ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے تلك الآیات ایات السورة الكاملة العجیبة فی بابها ۔ یہ آیات اس سورت کی آیات ہیں جو کہ اپنے باب میں کامل وعجیب ہے۔ وَالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ (اور وہ جو تیری طرف تیرے رب کی جانب سے اتارا گیا) یعنی تمام قرآن الْحَقُّ (سچا ہے) یہ خبر ہے اور الذی الایۃ یہ مبتداء ہے وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ (لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے) وہ یہ کہتے ہیں کہ محمد اسکو بنالائے ہیں۔ پھر ان چیزوں کا ذکر کیا جن پر ایمان واجب ہے پس فرمایا۔

## قدرت الٰہی کے نمونے:

۲: اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ (اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں کو بلند کیا) اللہ مبتداء ہے اور الذی رفع السمٰوت اس کی خبر ہے۔ بِغَیْرِ عَمَدٍ (بغیر ستون کے) یہ عماد یا عمود کی جمع ہے یہ حال ہے تَرَوْنَهَا (جو تم کو نظر آرہے ہیں) ھا ضمیر آسمانوں کی طرف لوٹتی ہے یعنی تم انکو اسی طرح دیکھتے ہو بیان کی ضرورت نہیں نمبر۲۔ ضمیر عمد کی طرف ہے اس صورت میں یہ موضع جر میں ہے اس لئے کہ عمد کی صفت ہے یعنی بغیر عمد مرئیہ نظر آنے والے ستونوں کے بغیر ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ (پھر عرش پر مستوی ہوا) اقتدار ونفوذ سلطنت سے استیلاء کیا وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ (اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا) بندوں کے فوائد اور علاقوں کی مصلحت میں كُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی (ہر ایک ان میں سے ایک وقت مقررہ کیلئے چل رہا ہے) وہ اجل دنیا کا ختم ہونا ہے۔ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ (وہ معاملات کی تدبیر کرتا ہے) اپنی ملکوت اور ربوبیت کے معاملے کی۔ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ (وہ آیات کو کھول کر (اپنی نازل شدہ کتابوں میں) بیان کرتا ہے) لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ (تا کہ تمہیں اپنی رب کی ملاقات پر یقین ہو) تا کہ تمہیں یقین آجائے کہ ایسے مدبر اور مفصل کی طرف لوٹنا ضروری ہے۔

۳: وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ (وہی ذات ہے جس نے زمین کو بچھایا) وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ (اور زمین میں پہاڑ بنائے) زمین پر جم جانے والے پہاڑ وَاَنْهٰرًا (اور نہریں) جاری وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ (اور زمین میں ہر طرح کے پھلوں کی دو قسمیں پیدا کیں) یعنی سیاہ، سفید، میٹھے، کھٹے، چھوٹے، بڑے اور جو اسکے مشابہ ہیں۔ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ (ڈھانپ دیتا ہے دن کو رات سے) روشنی سفیدی کو رات پہنا دیتا ہے جس سے وہ سیاہ اندھیر بن جاتی ہے

قراءت: حمزہ، علی، ابوبکر نے یُغَشّی پڑھا ہے۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ (بیشک اسمیں البتہ نشانیاں ہیں سوچ وبچار کرنے والے لوگوں کیلئے) پس وہ جانتے ہیں کہ انکا ایک بنانے والا ہے جو قادر مطلق علم وحکمت والا ہے۔

۴: وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ (اور زمین میں پاس پاس ملے ہوئے زمین کے ٹکڑے ہیں) زمین کے قطعات مختلف ہیں حالانکہ وہ بالکل قریب قریب ملے ہوئے ہیں۔ کوئی عمدہ پیداوار والے اور شور یلے کوئی عمدہ اور کوئی کم پانی والے کوئی سخت اور کوئی نرم۔ یہ اس بات پر دلیل ہے کہ اسکی تدبیر کرنے والا قدرت وارادہ والا ہے۔ وہ افعال کو اپنی مرضی سے ایک سے دوسرے انداز

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ اُولٰٓئِكَ

اور اگر آپ کو تعجب ہو تو ان کا یہ قول لائق تعجب ہے کہ جب ہم مٹی ہو جائیں گے تو کیا نئے سرے سے پیدا ہوں گے، یہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِىْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اور یہ وہ لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہونگے اور یہ لوگ دوزخ والے ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۵ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ

اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ لوگ عافیت سے پہلے آپ سے مصیبت کے جلدی آنے کا تقاضا کرتے ہیں اور حالانکہ ان سے پہلے

قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ

عذاب کے واقعات گزر چکے ہیں اور بلاشبہ آپ کا رب لوگوں کے ظلم کے باوجود انہیں بخش دینے والا ہے، اور یہ بات یقینی ہے کہ آپ کا رب

لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۶ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ

سخت عذاب والا ہے، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ کہتے ہیں، ان پر ان کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں کی گئی۔ آپ صرف

اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝۷ ع

ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لئے ہدایت دینے والے ہوتے چلے آئے ہیں۔

میں ڈھال دینے والا ہے اور وَجَنّٰتٌ (اور باغات) جَنّٰتٌ کا عطف قِطَعٌ پر ہے۔ یعنی زمین میں باغات ہیں الایۃ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ (انگوروں کے اور کھیتیاں اور کھجوریں دوشاخ والی اور ایک تنے والی)

قراءت: مکی، بصری، حفص نے قطع کا معطوف قرار دیکر مرفوع پڑھا ہے۔ اور دوسروں نے خبر کے ساتھ پڑھا ہے۔ اور اعناب پر عطف کیا ہے اور الصنوان جمع صنو ہے۔ وہ کھجور جو ایک تنے سے دوشاخہ بن جائے۔ حفص نے صنوان کو ضمہ صاد سے پڑھا ہے۔ یہ دونوں لغتیں ہیں۔ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ (انکو ایک پانی سے سیراب کیا جاتا ہے۔) قراءت: عاصم و شامی نے یا سے پڑھا ہے اور تا والی قراءت ابن کثیر، نافع کی ہے۔

وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ (ہم ایک کو دوسرے پر فضیلت دیتے ہیں)۔ قراءت: حمزہ اور علی نے یا سے پڑھا ہے۔ فِى الْاُكُلِ (پھل میں) مقدار، مزہ رنگ، بو قراءت: نافع اور مکی نے کاف کے سکون سے پڑھا ہے۔ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (بیشک اس میں عقل والے لوگوں کیلئے نشانات ہیں) حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں دل آثار و انوار اور اسرار میں اسی طرح مختلف ہیں جس طرح زمین کے مختلف حصے انہار و ازہار، پھل میں مختلف ہیں۔

## اگر ان سب کا خالق ہے تو اعادہ انسان کیوں ناممکن:

۵: وَاِنْ تَعْجَبْ (اگر تمہیں تعجب ہو) اے محمد ﷺ اگر آپ انکے انکار بعث والے قول پر تعجب کرتے ہیں۔ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ (تو

انکا یہ قول تعجب کے قابل ہے ) یہ خبر اور مبتداء ہے یعنی انکا قول اس قابل ہے کہ اس پر تعجب کیا جائے کیونکہ یہ تمام چیزیں پیدا کر سکتا ہے تو اسکو انکا دوبارہ لوٹانا تو آسان تر ہے۔ اور سہل ترین ہے پس ان منکرین کا انکار تو عجوبہ کائنات ہے۔ ءَ اِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَ اِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ۔ (جب ہم مٹی ہو جائیں گے تو کیا نئے سرے سے پیدا ہوں گے ) قراءت: عاصم ،حمزہ نے ہر ایک کو دو ہمزہ سے پڑھا ہے۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ (یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا) وہ کافر اپنے کفر میں ضد اختیار کرنے والے ہیں۔ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ (یہ وہ لوگ ہیں کہ جنکی گردنوں میں طوق ہونگے ) اس میں وعید ہے نمبر۲۔ انکے اصرار کو اس طرح ذکر کیا ( گویا گمراہی کے طوق انکے گلے میں لٹکے ہیں ) وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (وہ جہنمی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ) اولٰٓئِكَ کو دو مرتبہ ذکر کر کے معاملے کی ہولناکی کو بتلانا مقصود ہے۔

## مطالبہ عذاب کا جواب:

۶: وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ (یہ لوگ آپ سے مصیبت جلد مانگتے ہیں بھلائی سے پہلے ) عافیت کا وقت ختم ہونے سے پہلے عذاب کو مانگتے ہیں اور اسکا معاملہ اس طرح پیش آیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ ہم پر عذاب لے آؤ۔ اور یہ بات آپکے انذار کا مذاق اڑاتے ہوئے کہی وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ (حالانکہ ان سے پہلے واقعات عقوبت گزر چکے ) سزائیں جوان جیسے مکذبین کو پیش آئیں۔ انکو کیا ہوا کہ یہ عبرت نہیں پکڑتے ورنہ یہ استہزاء نہ کرتے۔ المثلہ ۔سزا۔ اسکو المثلہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جرم اور مجرم میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ جیسا اس آیت میں جزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا [الشوریٰ ۴۰] وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ (اور بیشک آپکا رب یقیناً لوگوں کی خطائیں باوجود انکی بے جا حرکتوں کے معاف کر دیتا ہے ) علٰی ،مَعَ کے معنی میں یعنی گناہ کے ذریعہ اپنے نفسوں پر ظلم کے باوجود۔ یہ محلاً حال ہے۔ ای ظالمین لانفسھم اس حالت میں کہ وہ اپنے نفسوں پر ظلم کرنے والے ہوتے ہیں سُدی کہتے ہیں مومنین پر۔ یہ کتاب اللہ کی سب سے زیادہ امید بخش آیت ہے۔ اس حیثیت سے کہ ظلم کے باوجود مغفرت کو ذکر فرمایا۔ جبکہ وہ بغیر توبہ ہو۔ توبہ گناہ کو اٹھا دیتی اور زائل کر دیتی ہے۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ (بیشک آپکا رب البتہ سخت بدلہ لینے والا ہے ) نمبر۱۔ کافروں سے نمبر۲۔ یہ دونوں مومنین سے متعلق ہوں تو مشیت سے متعلق ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے یغفر لمن یشاء ویعذب من یشاء ۔

## من پسند نشانی کیوں نہیں لائے؟

۷: وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ (اور کافر کہتے ہیں کیونکر اس پر اتاری نہیں جاتی کوئی نشانی اسکے رب کی طرف سے ) رسول اللہ ﷺ پر اتاری جانے والی آیات کو کافر درخور اعتناء ہی نہ سمجھتے۔ عناد سے انکار کرتے خود پسند معجزات موسیٰ وعیسیٰ علیہما السلام جیسے عصا کا سانپ بن جانا مُردوں کا زندہ ہونا۔ وغیرہ کے طلب گار تھے۔ رسول اللہ ﷺ کو کہا گیا۔ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ (بیشک آپ ڈرانے والے ہیں ) بیشک آپکو منذر بنا کر بھیجا گیا۔ برے انجام سے آپ انکو ڈرانے والے اور دوسرے رسولوں کی طرح خیر خواہی کرنے والے ہیں اور آپکے ذمہ صرف وہ بات ہے کہ جس سے آپکا رسول منذر ہونا ثابت ہوا اور یہ کسی ایک نشانی سے بھی ہو سکتا ہے۔ دعوٰی رسالت کے صحیح ثبوت کیلئے تمام نشانات برابر ہیں۔ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ (اور ہر قوم

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ

اللہ جانتا ہے جو کوئی کسی عورت کو حمل ہوتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی اور بیشی ہوتی ہے، اور ہر چیز اللہ کے نزدیک ایک خاص مقدار کے

بِمِقْدَارٍ ۸ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۹ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ

ساتھ ہے، وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے بڑا ہے برتر ہے، تم میں سے جو کوئی شخص کوئی بات آہستہ سے کہے

وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ۱۰ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ

اور جو شخص پکار کر کہے اور جو شخص رات میں چھپا ہوا ہو اور جو شخص دن میں چلتا پھرتا ہو یہ سب برابر ہیں، ہر ایک کے لئے آگے پیچھے آنے جانے

بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ

والے فرشتے ہیں جو آگے سے اور پشت کے پیچھے سے آتے ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں، بلاشبہ اللہ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا

حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ

جب تک کہ وہ لوگ خود اپنی حالت کو نہیں بدلتے، اور جب اللہ کسی قوم کو تکلیف پہنچانے کا ارادہ فرمائے تو اسے کوئی واپس کرنے والا نہیں، اور ان لوگوں کے لئے

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۱۱

اس کے سوا کوئی مددگار نہیں

کیلئے ایک ہادی ہوا) انبیاء علیہم السلام میں سے جو انکو دین قویم کی طرف راہ دکھلاتا رہا۔ اور اپنی مخصوص ملنے والی آیات سے انکو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا رہا مطلوبہ فرمائشی معجزات کسی نے بھی پیش نہیں کیے۔

## علم الٰہی بے پایاں ہے:

۸: اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ (اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو کچھ کسی مادہ کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی اور زیادتی ہوتی ہے) ان تین مقامات میں ما موصولہ ہے تو مطلب یہ ہوگا جس چیز کو مادہ اپنے پیٹ میں اٹھائے ہوئے ہوتی ہے نر یا مادہ ایک یا متعدد۔ سالم الاعضاء بچہ یا ناقص، خوبصورت، بدصورت، لمبا، چھوٹا وغیر ذلک اور جسکو رحم گھٹاتے ہیں یعنی وہ جانتا ہے جسکو وہ کم کرتا ہے۔ تغیض کا معنی کم کرنا کہتے ہیں غاض الماء و غضته انا۔ پانی گھٹ گیا اور میں نے اسکو کم کیا ما تزداد جو وہ بڑھتے ہیں یا بڑھاتے ہیں مراد نمبر ا۔ اس سے لڑکے کی تعداد کہ ایک، دو، تین، چار یا نمبر ۲ لڑکے کا جسم تام ہے یا ناقص یا نمبر ۳۔ مدت ولادت نو ماہ سے کم اور دو سال تک زیادہ سے زیادہ عندنا۔ امام شافعیؒ کے نزدیک چار سال، امام مالک کے ہاں ۵ سال تک۔

ما مصدریہ ہوتو معنی یہ ہے ہر مؤنث کے حاملہ ہونے کی اور رحموں کے گھٹنے اور انکے بڑھنے کو جانتا ہے۔ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ (اور ہر چیز اسکے ہاں مقدار کے ساتھ ہے) ایک اندازے اور حد تک ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتی اور نہ کم ہوتی ہے جیسا اس ارشاد میں انا کل شیء خلقنٰہ بقدر [ القمر:۴۹]

۹: عٰلِمُ الْغَیْبِ (وہ غیب کا جاننے والا ہے) غیب سے مراد جو مخلوق سے پوشیدہ ہے وَالشَّهَادَةِ (اور سامنے والی چیز کو) جسکا وہ مشاہدہ کرتے ہیں۔ الْكَبِیْرُ (عظمت والی) بڑی شان والی جس سے ہر چیز کم ہے۔ الْمُتَعَالِ (عالی شان ذات ہے) ہر شئی سے اپنی قدرت کے ساتھ بلند و بالا۔ نمبر۲۔ مخلوقات کی تعریف سے بلند و بالا اور عالی شان ہے۔ دونوں حالتوں میں کی یا سے پڑھتے ہیں یعنی وصل و وقف کی حالت۔

۱۰: سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ (جو شخص تم میں سے کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے یہ سب برابر ہیں) اللہ تعالیٰ کے علم میں وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِالَّیْلِ (اور جو شخص رات کو چھپنے والا ہو) مستخف کا معنی چھپنے والا وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ (اور جو دن میں چلے) اپنے راستہ پر چلنے والا ہو اور سامنے جانے والا ہو۔ کہا جاتا ہے سرب فی الارض سروبا اور سارب کا عطف من ھو مُسْتَخْفٍ پر ہے صرف مُسْتَخْفٍ پر نہیں ہے نمبر۲۔ مُسْتَخْفٍ پر ہو تو مَن دو کے معنی میں ہے۔

۱۱: لَهٗ (اسکے لئے ہے) ہٗ کی ضمیر مَن کی طرف لوٹتی ہے گویا اس طرح فرمایا لمن اسرّ و من جھر و من استخفٰی و من سرب مُعَقِّبٰتٌ (حفاظتی فرشتے) فرشتوں کی وہ جماعتیں جو حفاظت میں باری باری آتی ہیں۔ اصل معتقبات تھا تا کو قاف میں ادغام کر دیا۔ نمبر۲۔ یہ عقبہ سے مفعّلات کا وزن ہے جبکہ وہ اسکے پیچھے آئے کیونکہ وہ ایک دوسرے کے پیچھے آتے ہیں۔ نمبر۳۔ کیونکہ وہ کلام کرنے کے بعد آ کر اس بات کو لکھ لیتے ہیں۔ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ (سامنے اور پیچھے سے) یعنی اسکے آگے اور پیچھے یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ (وہ اسکی حفاظت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے) یہ دونوں اکٹھی مل کر صفتیں ہیں۔ من امر اللّٰہ یہ یحفظون کا صلہ نہیں۔ گویا تقدیر عبارت اس طرح ہے لہ معقبات من امر اللّٰہ۔ نمبر۲۔ یحفظونہ من اجل امر اللّٰہ ای من اجل ان اللّٰہ تعالٰی امر ھم بحفظہٖ۔ اس خاطر کہ اللہ تعالیٰ نے انکو اسکی حفاظت کا حکم فرمایا ہے۔ نمبر۳۔ یحفظون من بأس اللّٰہ و نقمتہ اذا اذنب بدعائھم لہ۔ وہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ اور عذاب سے اسکی حفاظت کرتے ہیں اسکو پکارنے کے سبب سے جبکہ وہ گناہ کر لیتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ (بیشک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی (اچھی) حالت کو (بری) حالت سے نہیں بدلتا) ما سے مراد عافیت و نعمت ہے حَتّٰى یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ یہاں تک وہ اپنی (اچھی) حالت کو نہیں بدلتے) اچھی حالت میں کثرت معاصی کے ذریعہ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا (جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کے ساتھ برائی کا ارادہ کر لیتا ہے) سوء سے عذاب مراد ہے۔ فَلَا مَرَدَّ لَهٗ (تو اسکے بچنے کی کوئی صورت نہیں) اسکو کوئی چیز دور نہیں کر سکتی وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ (اور اللہ تعالیٰ کے سوا انکا کوئی مددگار نہیں رہتا) اللہ تعالیٰ کے سوا جو انکے معاملے کا ذمہ دار بنے اور ان سے عذاب کو ہٹائے۔

هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ وَيُسَبِّحُ

اللہ وہی ہے جو تمہیں بجلی دکھاتا ہے جس سے تمہیں ڈر لگتا ہے اور امید بندھتی ہے اور وہ بھاری بادلوں کو پیدا فرماتا ہے، اور رعد اس کی

الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ

تسبیح کے ساتھ اس کی تعریف بیان کرتا ہے، اور فرشتے بھی اس کے خوف سے، اور وہ بجلیاں بھیجتا ہے پھر جسے چاہے

يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾

پہنچادیتا ہے اور حال یہ ہے کہ وہ لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں اور وہ سخت قوت والا ہے۔

## قدرتِ باری تعالیٰ کا نمونہ:

۱۲: هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا (وہی ذات ہے جو تم کو ڈرانے اور امید دلانے کیلئے بجلی دکھاتا ہے) خوفًا و طمعًا یہ دونوں البرق سے حال ہیں۔ گویا کہ وہ ذاتی اعتبار سے نرا خوف اور طمع ہے۔ نمبر۲۔ تقدیر عبارت اس طرح ہوگی: ذاخوف حذف مضاف کے ساتھ۔ خوف والے اور طمع والے ہوتے ہو۔ یعنی مخاطبین خوف والے اور طمع والے ہوتے ہیں مطلب یہ ہے کہ وہ بجلی کے چمکنے سے بجلی کے گرنے کا خطرہ اور بارش کی طمع رکھتے ہیں۔ ابوالطیب نے کہا وہ ایسا نوجوان ہے جو سیاہ بادل کی طرح ہے کہ جس کو طوفان کا خطرہ اور بارش کی امید ہے۔ اسکے عطیہ کی امید اور گرجوں کا ڈر ہے۔ اور بارش سے وہ ڈرتا ہے جس کا اسمیں نقصان ہو جیسے مسافر اور جسکا گھر ٹپکتا ہو۔ اور وہ شہری لوگ کہ بارش سے نفع نہیں اٹھاتے اور بارش کی طمع وہ رکھتے ہیں جنکو اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ وَّ يُنْشِئُ السَّحَابَ (وہ بادلوں کو اٹھاتا ہے) السحاب یہ اسم جنس ہے اور اسکا واحد سحابۃ ہے۔ الثِّقَالَ (جو بھاری ہوتے ہیں) پانی کے ساتھ۔ الثقال جمع ثقیلۃ ہے جیسا کہ تم کہو سحابۃ ثقیلۃ وسحاب ثقال۔

۱۳: وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ (اور رعد فرشتہ اسکی پاکیزگی اسکی تعریف کے ساتھ بیان کرتا ہے) گرج کو سننے والے بارش کے امیدوار بندے اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں۔ یعنی سبحان اللہ اور الحمدللہ کے کلمات بولتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ بادل پر مقرر فرشتہ رعد ہے۔ اور اسکے پاس آگ کے کوڑے ہیں جن سے وہ بادلوں کو ہنکاتا ہے اور یہ سنائی دینے والی آواز بادلوں کو دی جانے والی جھڑکی ہے جو اس وقت دی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ منزل مامور پر پہنچ جائیں۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ (اور فرشتے اسکے خوف سے) تقدیر عبارت اس طرح ہے ویسبح الملا ئکۃ من ھیبتہٖ و اجلالہ ملائکہ اسکے خوف واجلال کی وجہ سے تسبیح کرتے ہیں۔ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ (اور وہ بجلیاں بھیجتا ہے پس جس پر چاہتا ہے انکو گراتا ہے) الصاعقۃ وہ آگ جو آسمان سے گرے۔ جب علم الٰہی کا تذکرہ ہوا جو کہ ہر چیز میں نافذ ہے اور اللہ تعالیٰ کے علم میں ظاہر و خفی برابر ہیں۔ اور اس بات کا تذکرہ فرمایا جو اللہ تعالیٰ کی ظاہر قدرت اور وحدانیت پر دلالت کرنے والی ہے تو فرمایا وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِى اللّٰهِ (وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھگڑنے والے ہیں) یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والے اللہ تعالیٰ کے متعلق

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا یَسْتَجِیْبُوْنَ لَهُمْ بِشَیْءٍ اِلَّا

سچا پکارنا اسی کے لئے خاص ہے اور جو لوگ اس کے علاوہ دوسروں کو پکارتے ہیں وہ ذرا بھی ان کی درخواست کو منظور نہیں کرتے مگر

كَبَاسِطِ كَفَّیْهِ اِلَی الْمَآءِ لِیَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا

جیسے کوئی شخص پانی کی طرف اپنی ہتھیلیاں پھیلائے ہوئے ہوتا کہ پانی اس تک پہنچ جائے حالانکہ وہ اس تک پہنچنے والا نہیں اور کافروں کی پکار

فِیْ ضَلٰلٍ ۝۱۴ وَلِلّٰهِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ

بس ضائع ہے، اور اللہ ہی کے لئے سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں خوشی سے اور مجبوری سے اور ان کے سائے بھی صبح اور شام کے

وَالْاٰصَالِ ۝۱۵ السجدة قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ السجدة ۲

اوقات میں، آپ سوال کیجئے کہ آسمانوں کا اور زمینوں کا رب کون ہے؟ آپ جواب دیجئے کہ اللہ ہے، آپ سوال کیجئے کیا تم لوگوں نے اللہ کے سوا دوسرے

دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی

مددگار تجویز کر رکھے ہیں جو اپنی جانوں کے لئے نفع اور ضرر کے مالک نہیں ہیں؟ آپ سوال کیجئے کیا نابینا اور بینا برابر

وَالْبَصِیْرُ ۙ۬ اَمْ هَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ۬ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا

ہو سکتے ہیں؟ کیا اندھیریاں اور روشنی برابر ہو سکتی ہیں کیا یہ بات ہے کہ ان لوگوں نے اللہ کے لئے شریک تجویز کیے ہیں جنہوں نے کوئی چیز پیدا کی ہو

كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَیْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۱۶

جیسے کہ اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا ہے جس کی وجہ سے ان پر مخلوق میں اشتباہ پیدا ہو گیا ہو، آپ فرما دیجئے اللہ ہر چیز کا پیدا فرمانے والا ہے اور وہ تنہا ہے غالب ہے۔

جھگڑتے ہیں کہ اللہ کا رسول تو بعث و اعادہ خلق کو بیان کرتا ہے اور یہ اسکا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں من یحیی العظام وھی رمیم [یٰسٓ :۷۸] اور بہت سے معبود مان کر وحدانیت کا انکار کرتے ہیں۔ اور الملائکۃ بنات اللہ کہہ کر اللہ تعالیٰ کو منجملہ اجسام میں سے قرار دیتے ہیں۔ نمبر۲۔ واؤ حالیہ ہے۔ وہ بجلی اللہ تعالیٰ جس پر چاہتے ہیں حالت جدال میں گراتے ہیں۔ اس کا واقعہ اس طرح ہے۔ لبید بن ربیعہ عامری کا بھائی اربد، عامر بن طفیل کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ارادۂ قتل لیکر آئے۔ عامر کو اونٹ جیسی گلٹی نکلی اور وہ ایک سلولی عورت کے گھر میں مر گیا۔ اور اربد پر بجلی گری جس سے وہ ہلاک ہو گیا۔ اربد نے یہ گستاخانہ کلمہ کہا تھا اخبرنی عن ربنا امن نحاس ھو ام من حدید [ابو یعلی فی مسندہ] وَهُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ (حالانکہ وہ بڑی سخت قوت والا ہے) المحال بمعنی المماحلہ ہے اور وہ سخت تدبیر و مقابلہ کو کہتے ہیں اسی سے تمحل لکذا جبکہ وہ حیلہ کے استعمال میں تکلف کرے۔ اور خوب محنت کرے۔ محل فلان کہتے ہیں اذا کا دہٗ جب خفیہ تدبیر کرے اور بادشاہ کے ہاں اسکی چغلی کرے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ

اپنے دشمنوں کو ہلاک کرنے کی خفیہ مضبوط تدابیر کرنے والا ہے۔ جہاں سے انکو گمان بھی نہیں ہوتا۔

## سچی پکار اللہ تعالیٰ کی:

۱۴: لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ (سچا پکارنا اسی کیلئے خاص ہے) دعوت کی اضافت حق کی طرف کی گئی جو کہ باطل کی ضد ہے تا کہ دعوت کا حق کے ساتھ ملا ہوا ہونا اور باطل سے الگ ہونا معلوم ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پکارا جاتا ہے تو وہ پکارنے والے کی پکار کو قبول کرتا اور اسکا مطلوب اسے عنایت فرماتا ہے یہ پکار حق کے ساتھ اس لئے ملی ہوئی تھی کیونکہ اسکی ذات اسکے لائق ہے کہ دعا کو اسکی طرف متوجہ کیا جائے کیونکہ اسکی پکار میں فائدہ اور نفع ہے بخلاف انکی پکار کے جنکی پکار سے کوئی فائدہ نہیں۔

شدید المحال اور له دعوة الحق کا ماقبل سے تعلق واقعہ اربد کے سلسلہ میں تو ظاہر ہے۔ کیونکہ اس پر بجلی کا پڑنا اللہ تعالیٰ کی قوت اور خفیہ تدبیر پر دلالت کر رہا ہے کہ اسکو خبر بھی نہ ملی اور وہ ہلاک ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسکے اور اسکے ساتھی کے متعلق یہ بددعا فرمائی۔ اللّٰهم اخسفهما بما شئت یہ بچی بددعا ان دونوں کے حق میں منظور ہوئی۔ اس میں کفار مکہ کے لئے شدید وعید ہے کہ اگر رسول اللہ ﷺ نے انکے حق میں بددعا کر دی تو وہ قبول ہو جائے گی۔ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ (اور جن کو یہ کفار) اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہیں) لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ (وہ انکے لئے انکی درخواست کو ذرہ بھر قبول نہیں کر سکتے) انکی مطلوبہ اشیاء میں سے اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ (مگر اس شخص کی طرح جو اپنی ہتھیلیوں کو پانی کی طرف پھیلانے والا ہوتا ہے کہ وہ اسکے منہ کو پہنچ جائے) یہ لا یستجیبون کے مصدر استجابۃ سے استثناء ہے۔ کیونکہ فعل اپنے حروف سے مصدر اور اپنے صیغہ سے زمانہ اور اپنی ضرورت سے مکان اور حال پر دلالت کرتا ہے اسی لئے تمام کا فعل سے استثناء جائز ہے۔ پس تقدیر عبارت یہ ہے۔ لا یستجیبون استجابة الا استجابة کا ستجابة باسط کفیه الی الماء ای کاستجابة الماء لمن بسط کفیه الیه یطلب منه ان یبلغ فاه والماء جماد لا یشعر ببسط کفیه ولا بعطشه وحاجته الیه ولا یقدر ان یجیب دعاءه و یبلغ فاه وکذلك مایدعونه جماد لا یحسّ بدعا ئهم ولا یستطیع اجابتهم ولا یقدر علی نفعهم وہ کوئی استجابت نہیں کر سکتے مگر ایسی استجابت جو اس شخص جیسی ہو جو پانی کی طرف دونوں ہتھیلیاں پھیلانے والا ہو۔ یعنی اسکی استجابت پانی کی استجابت کے مشابہ ہے اس شخص کیلئے جو اپنی ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلا کر مطالبہ کر رہا ہو کہ وہ پانی اسکے منہ کو پہنچ جائے جبکہ پانی تو جماد ہے۔ اسکے ہاتھ پھیلانے اور اسکی پیاس اور ضرورت کو نہیں جانتا اور نہ اسکی پکار کا جواب دینے کی طاقت رکھتا ہے اور نہ ہی اسکے منہ تک خود پہنچنے کی اسمیں طاقت ہے اسی طرح جن کو وہ پکارتے ہیں جماد ہے انکی پکار کو محسوس نہیں کرتا اور نہ ہی اس میں قبولیت کی استطاعت اور نفع کی قدرت ہے لیبلغ کی لام بباسط کفیه کے متعلق ہے۔ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ (اور وہ اسکو پہنچنے والا نہیں) پانی اسکے منہ کو پہنچنے والا نہیں۔ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ (اور کافروں کا پکارنا محض بے کار ہے) ضائع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ کو پکاریں تو وہ (انکے کفر کی وجہ سے) قبول نہیں کرتا اور اگر وہ بتوں کو پکاریں تو وہ قبولیت کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

سب اللہ کے مطیع:

۱۵: وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور اللہ تعالیٰ ہی کو سجدہ کرنے والے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں) عبادت واطاعت کا سجدہ طَوْعًا (خوشی سے) یہ حال ہے مَن سے ملائکہ اور مومنین مراد ہیں۔وَّ كَرْهًا (مجبوری سے) منافق وکفار سختی وتنگی کی حالت میں وَّظِلٰلُهُمْ (اور انکے سائے) اسکا عطف مَن پر ہے۔ظلال جمع ظل ہے (سایہ) بِالْغُدُوِّ (صبح کے وقت) یہ غداۃ کی جمع جیسے قُنِیّ و قناۃ وَالْاٰصَالِ (اور شام کے وقت) یہ جمع اُصل جمع اصیل ہے ایک قول یہ ہے کہ ہر چیز کا سایہ اللہ تعالیٰ کو صبح وشام سجدہ کرتا ہے اور کافر کا سایہ مجبوراً سجدہ کرتا ہے کیونکہ کافر کو یہ ناپسند ہے۔اور مومن کا سایہ خوشی سے سجدہ کرتا ہے کیونکہ مومن اطاعت کرنے والا ہے۔

۱۶: قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ (اس میں انکے اعتراف کو بیان کیا کیونکہ جب انہیں من رب السموٰت والارض کہہ کر سوال کریں تو مجبوراً انکو جواب میں اللہ کہنا پڑتا ہے۔اسکی دلیل ابن مسعود اور اُبی کی قراءت قالوا اللہ ہے۔نمبر۲۔ یہ تلقین ہے یعنی اگر وہ جواب نہ دیں تو تلقین کرو اللہ رب السمٰوت والارض۔اس لئے کہ اسکا جواب اسکے سوا اور کچھ نہیں۔قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ (کہہ دیں کیا تم نے پھر بھی اسکے سوا اور کارساز بنالئے) کیا اس بات کو جاننے کے بعد کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا رب ہے تم نے اسکے سوا کارساز بنا لیے ہیں۔لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا (جنکا اپنا نفع ونقصان بھی اپنے اختیار میں نہیں) وہ طاقت نہیں رکھتے اپنے نفسوں کے متعلق کہ انکو نفع پہنچائیں یا اپنے نفوس سے ضرر کو دور کرسکیں پھر دوسروں کو نفع ونقصان کی طاقت کس طرح ان میں ہوسکتی ہے۔حالانکہ تم نے تو انکو خالق، رازق، المثیب، العاقب ذات پر ترجیح دے رکھی ہے۔تم کس قدر کھلی گمراہی میں مبتلا ہو۔

مشرک ومؤمن برابر نہیں:

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ (کہہ دیں کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہیں) یعنی کافر ومومن نمبر۲۔جو کچھ نہ دیکھتا ہو اور جس ذات پر کوئی چیز مخفی نہ ہو۔اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ (یا تاریکیاں اور روشنی برابر ہے) یعنی کفر اور ایمان۔قراءت: حفص کے علاوہ کوفی قراء نے یستوی پڑھا ہے۔اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ (یا انہوں نے اللہ تعالیٰ کے شریک بنالئے) اَمْ، بَلْ کے معنی میں ہے بلکہ کیا انہوں نے بنالئے شریک؟ ہمزہ انکار کیلئے ہے۔خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ (انہوں نے کسی چیز کو پیدا کیا ہو جیسا خدا نے پیدا کیا) اسکے پیدا کرنے کی طرح پیدا کیا ہو یہ شرکاء کی صفت ہے یعنی انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں بنایا ایسے شرکاء کو جو پیدا کرنے والے ہوں کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے کی طرح پیدا کیا ہو۔فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ (کہ دونوں کی مخلوق میں تشابہ پیدا ہوگیا ہو) کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی مخلوق، شرکاء کی مخلوق سے رل مل گئی کہ جس سے انکو یہ کہنا پڑا۔ہمارے شرکاء پیدا کرنے پر اسی طرح قدرت رکھتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ اس لئے یہ عبادت کے حقدار بن گئے اور ہم نے انکو اسکا شریک قرار دیکر انکی اسی طرح عبادت شروع کردی جیسا اسکی عبادت کی جاتی ہے لیکن انہوں نے تو عاجزوں کو شریک بنایا جو اس کی قدرت بھی نہیں رکھتے جو مخلوق کو قدرت حاصل ہے۔چہ جائے کہ انکو وہ قدرت حاصل ہو جو خالق کو ہے۔قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ (کہہ دیں کہ

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِیَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّیْلُ زَبَدًا

اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر نالے اپنی مقدار کے موافق بہنے لگے پھر بہتے ہوئے پانی نے اپنے اوپر جھاگ کو اٹھایا جو پانی پر

رَّابِیًا ؕ وَمِمَّا یُوْقِدُوْنَ عَلَیْهِ فِی النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْیَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ

بلند ہے اور جن چیزوں کو آگ میں ڈال کر اوپر سے جلاتے ہیں تا کہ زیور یا کوئی دوسری نفع کی چیز حاصل کریں اس میں بھی اسی طرح کی جھاگ ہیں

كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا

اسی طرح اللہ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے، سو جو جھاگ ہے وہ تو بے فائدہ ہو کر چلا جاتا ہے اور جو

یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْكُثُ فِی الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ﴿۱۷﴾ ؕ لِلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا

لوگوں کو نفع دیتا ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتا ہے اللہ تعالیٰ ایسے ہی مثالیں بیان فرماتا ہے جن لوگوں نے

لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰی ؔؕ وَالَّذِیْنَ لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَهٗ

اپنے رب کی اطاعت کی ان کے لئے جنت ہے اور جن لوگوں نے اللہ کی فرماں برداری نہ کی اگر ان کے لئے وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ

مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۬ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾

اس جیسا اور بھی ہوتو وہ اس سب کو اپنی جان کے بدلہ دے دیں گے یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے برا حساب ہے اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے۔

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ع النصف

اللہ تعالیٰ ہی ہر چیز کا خالق ہے ) یعنی اجسام و اعراض کا خالق ہے۔ غیر اللہ خالق نہیں ہیں۔ مخلوق میں اسکا شریک بننا درست بھی نہیں۔ پس عبادت میں اسکا کوئی شریک نہیں ہوسکتا۔

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بندے کے افعال کا خالق نہیں۔ بلکہ بندے خود ان افعال کے خالق ہیں تو انکے اس قول کے مطابق مخلوق کے مشابہ مخلوق ہوگئی۔ وَهُوَ الْوَاحِدُ (اور وہی یکتا ہے ) ربوبیت میں یگانہ ہے۔ الْقَهَّارُ وہ مغلوب نہیں ہوتا۔ اسکے علاوہ تمام مربوب اور مقہور ہیں۔

## حق و باطل کی مثال:

۱۷: اَنْزَلَ (اس نے اتارا)۔ واحد قہار اور وہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ ہے مِنَ السَّمَآءِ ( آسمان سے ) یعنی بادلوں سے مَآءً (پانی) بارش فَسَالَتْ اَوْدِیَةٌۢ بِقَدَرِهَا (بس بہہ پڑیں وادیاں اپنی مقدار کے مطابق ) اس مقدار کے مطابق جسکے متعلق اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ کس قدر نفع بخش ہے نقصان دینے والی نہیں۔ فَاحْتَمَلَ السَّیْلُ (سیلاب نے اٹھایا) یعنی بلند کیا۔ زَبَدًا (جھاگ ) مطلب یہ ہے اس پر جھاگ بلند ہوئی۔ رَّابِیًا (پانی کے اوپر بلند ہونے والا) پھولنے والا۔ سیلاب کی سطح پر بلند ہونے والا۔ وَمِمَّا

یُوۡقِدُوۡنَ عَلَیۡهِ (جن چیزوں کوآگ میں تپاتے ہیں)
قراءت: ابوبکر کے علاوہ کوفی قراء نے یوقدون پڑھا اور ابن کثیر، ابن عامر، عاصم وغیرہ نے توقدون پڑھا۔ مِن نمبرا۔ ابتدائیہ ہے۔ مطلب یہ ہے اس سے بھی جھاگ پیدا ہوتی ہے جو پانی کی جھاگ جیسی ہوتی ہے۔ نمبر۲۔ تبعیضیہ ہے اور اسکا بعض حصہ جھاگ ہے۔ فِی النَّارِ یہ علیہ کی ضمیرہ سے حال ہے۔ تقدیر اسطرح ہے وممّا یوقدون علیه ثابتاً فی النار۔ جس پر آگ جلاتے ہیں اس حال میں کہ وہ آگ میں قائم رہنے والی ہے۔ ابۡتِغَآءَ حِلۡیَةٍ (زیور بنانے کیلئے) زیور بنانے کی خاطر۔ نحو: یہ مصدر ہے جو کہ توقدون کی ضمیر سے حال واقع ہورہا ہے۔ اَوۡ مَتَاعٍ (یا سامان) لوہے، تانبے پیتل وغیرہ جن سے برتن بنتے ہیں اور وہ چیز جن سے سفر وحضر میں فائدہ اٹھایا جاتا ہے وہ بنتی ہیں۔ اسکا عطف حِلۡیَةٍ پر ہے۔ زینت کی چیزیں سونے اور چاندی سے زَبَدٌ (جھاگ) مِّثۡلُهٗ (اسکی مثل)
نحو: زبدٌ مبتداء موصوف مثلہ اسکی صفت، مما یوقدون اسکی خبر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ان دھاتوں پر بھی پگھلاتے وقت پانی جیسی جھاگ آتی ہے۔ کَذٰلِكَ یَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡحَقَّ وَالۡبَاطِلَ (اسی طرح اللہ تعالیٰ حق و باطل کی مثال بیان کرتے ہیں) یعنی حق وباطل کی مثال فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذۡهَبُ جُفَآءً (پھر جھاگ خشک ہو کر ختم ہوجاتا ہے) جُفاءً یہ حال ہے۔ اس حال میں کہ وہ بکھرنے والی ہے۔ یہ وہ جھاگ ہے جسکو جوش کے وقت ہنڈیا پھینکتی ہے۔ اور سمندر طغیانی کے وقت اوپر لاتا ہے۔ الجفء کا معنی خشک ہونا، 'پھینکنا' جیسا کہتے ہیں۔ جفأت الرجل اے صرعته وَاَمَّا مَا یَنۡفَعُ النَّاسَ (اور پھر وہ لوگوں کے لئے فائدہ مند ہے) یعنی پانی، زیور، برتن فَیَمۡكُثُ فِی الۡاَرۡضِ (پس وہ زمین میں ٹھہر جاتا ہے) پانی چشموں، کنوؤں، غلہ جات، فروٹ میں برابر برقرار رہتا ہے۔ اسی طرح جواہر زمین میں طویل مدت باقی پڑے رہتے ہیں۔ کَذٰلِكَ یَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ (اسی طرح اللہ تعالیٰ مثالیں بیان کرتے ہیں) اسی طرح اللہ تعالیٰ حق و باطل کی مثالیں بیان کرتے ہیں تاکہ حق باطل سے ظاہر وجدا ہوجائے۔
کہا جاتا ہے کہ یہ مثال اللہ تعالیٰ نے حق اور اہل حق اور باطل اور باطل پرستوں کی بیان فرمائی ہے۔
حق کی مثال: حق اور اہل حق کی مثال اس پانی سے دی جو آسمان سے اترتا ہے۔ پھر وہ لوگوں کی وادیوں میں بہتا ہے اس سے لوگ زمین کو زندہ کرتے اور قسما قسم کے منافع حاصل کرتے ہیں۔ اسی طرح دھات سے تشبیہ دی۔ جس سے لوگ زیور، برتن، مختلف آلات، مشینریاں بناتے ہیں۔ یہ دھاتیں زمین میں ظاہراً مختلف صورت میں باقی رہنے والی ہیں پانی تو منافع کی صورت میں اور جواہر طویل و دراز زمانوں تک باقی رہتے ہیں باطل کو جلدی مضمحل ہونے اور جلد زائل ہونے میں جھاگ سے تشبیہ دی جس کو پھینک دیا جاتا ہے اور دھاتوں کی جھاگ سے جو پگھلاتے وقت ابھر کر بیکار ہوجاتا ہے۔
بقول جمہور: یہ مثال اللہ تعالیٰ نے قرآن اور قلوب کی اور حق و باطل کی بیان فرمائی۔ الماء قرآن مجید ہے جو باغات کیلئے زندگی ہے جیسا کہ پانی ابدان کیلئے اور قلوب کو اَوۡدِیَة سے اب بِقَدَرِهَا کا مطلب دل کی وسعت و تنگی کے مطابق اور الزبد دل میں آنے والے خیالات اور شیطان کے وساوس۔ حق کی مثال صاف نفع بخش پانی کی طرح ہے۔ جس طرح میل دور ہوجاتی ہے باطل اسی طرح ہے اور صاف پانی باقی رہتا ہے اسی طرح نفسانی خیالات اور وساوس شیطانی ختم ہوجاتے ہیں اور اصل حق باقی رہتا ہے۔ باقی سونے، چاندی کے زیور یہ عمدہ احوال۔ پاکیزہ اخلاق باقی لوہا، تانبا، پیتل یہ ان اعمال کی مثال ہے جو اخلاص کے ساتھ

اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا

جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے کیا یہ شخص اس شخص کی طرح سے ہوسکتا ہے جو اندھا ہو نصیحت تو وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو

الْاَلْبَابِ ۱۹ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۲۰ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ

عقل والے ہیں جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور عہد کو نہیں توڑتے، اور جو اس چیز کو جوڑے رکھتے ہیں

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْۗءَ الْحِسَابِ ۲۱

جس کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا، اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں، اور برے حساب کا اندیشہ رکھتے ہیں،

اخلاص کیلئے بنائے گئے۔ اعمال ثواب کو کھینچنے والے اور عقاب کو دور کرنے والے ہیں۔ جس طرح کہ ان میں سے بعض جواہر کمائی کرنے کا ذریعہ ہیں اور بعض لڑائی میں دفاع کا آلہ ہیں۔ الزبد یہ ریاکاری، نقصان، اکتاہٹ، سستی ہے۔

## ماننے والوں اور نہ ماننے والوں کا انجام:

۱۸: لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا (اور وہ لوگ جنہوں نے مان لیا) اسکی لام یضرب سے متعلق ہے استجابوا یہ اجابوا کے معنی میں ہے مطلب یہ ہے کذلك يضرب الله الا مثال للمؤ منين الذين استجابوا اسی طرح اللہ تعالیٰ ان مومنین کیلئے مثالیں بیان کرتے ہیں جنہوں نے قبول کیا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى (اپنے رب کی بات انکے لئے اچھا بدلہ ہے) استجابوا کے مصدر کی صفت ہے ای استجابوا الاستجابة الحسنٰی۔ انہوں نے قبول کیا اچھی طرح قبول کرنا۔ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ (اور وہ لوگ جنہوں نے قبول نہیں کیا اسکو) یعنی ان کافروں کیلئے جنہوں نے نہیں مانا۔ یہ دونوں گروہوں کی مثال ہے۔ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ مِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ (اگر انکے پاس دنیا بھر کی چیزیں ہوں اور اسکے ساتھ اتنی اور بھی ہوں تو وہ سب اپنی رہائی کیلئے دے ڈالیں گے) مگر انکی رہائی نہ ہوگی یہ ابتدائی کلام ہے۔ جسمیں ان لوگوں کا تذکرہ ہے جو قبول نہ کرنیوالے ہیں یعنی اگر وہ تمام دنیا کے اموال کے مالک بنا دیئے جائیں اور اتنا کچھ اور بھی انکی ملک میں آ جائے۔ انکو کہا جائے کہ عذاب سے بچنے کیلئے یہ تمام مال دے دو تو عذاب کو دور کرنے کیلئے وہ تمام مال بھی خرچ کر ڈالیں گے اور درست ترین بات یہ ہے کہ کلام امثال پر پورا ہوگیا۔ اور بعد والا کلام جملہ مستانفہ ہے۔ الحسنٰی مبتداء للذین استجابوا اسکی خبر ہے۔

نحو: مطلب یہ ہے انکو اچھا بدلہ ملے گا۔ اور وہ جنت ہے۔ والذين لم يستجيبوا مبتداء ہے لو ان لهم الخ اسکی خبر ہے۔

اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ سُوْۗءُ الْحِسَابِ (ان لوگوں کا سخت حساب ہوگا) حساب میں مناقشہ کیا جائے گا۔ حدیث میں ہے من نوقش فی الحساب عُذِّب [بخاری] جس سے حساب پوچھ لیا گیا وہ عذاب میں مبتلا ہوگیا۔ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ (اور انکا ٹھکانہ جہنم ہے) محاسبہ کے بعد انکا ٹھکانہ جہنم کی آگ ہے۔ وَبِئْسَ الْمِهَادُ (اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے)۔ مخصوص بالذم محذوف ہے۔ یعنی جہنم۔

۱۹: اَفَمَنْ يَّعْلَمُ (جو شخص یہ جانتا ہے) ہمزہ انکار کیلئے ہے اور اسکو فا پر اس لئے داخل کیا گیا تا کہ مثال بیان کرنے کے بعد اس شبہ میں مبتلا ہونے سے بچایا جائے۔ کہ اس علم والے کا حال جو یہ جانتا ہے اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ (کہ تیری طرف تیرے رب کی طرف سے حق اترا ہے۔) اور اس نے اس حق کو قبول کر لیا ہے۔ وہ جاہل کے حال سے مختلف ہے جو کچھ بھی بصیرت نہیں رکھتا پھر وہ بات مانتا ہے۔ اور یہی مطلب اس آیت کا ہے۔ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى (اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے جو کہ اندھا ہو) انکے مابین پانی اور جھاگ والا فرق اور میل کچیل اور خالص دھات کے مابین والا فرق ہے۔ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ (عقل والے ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں) یعنی وہ لوگ جو اپنی عقول کے فیصلوں پر عمل کرتے اور غور وفکر کرتے ہیں۔

## اولوالالباب کی صفات:

۲۰: الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ (وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے وعدوں کو پورا کرتے ہیں)

نحو: یہ مبتداء ہے اور اولئک لھم عقبی الدار اسکی خبر ہے۔ جیسا کہ دوسری آیت والذین ینقضون عھد اللّٰہ۔ مبتداء اور اولٰئک لھم اللعنۃ خبر ہے [الرعد:۲۵] بعض نے کہا یہ اولی الالباب کی صفت ہے مگر پہلی صورت زیادہ وقیع ہے۔ عہد اللہ سے مراد شہادت ربوبیت والا معاہدہ ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں واشھد ھم علٰی انفسھم الست بربکم قالوا بلٰی [الاعراف:۱۷۲] وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ (اور وہ پختہ عہد کو نہیں توڑتے) وہ پختہ عہد جو انہوں نے اپنے نفسوں سے لیا۔ اور قبول کیا یعنی ایمان باللہ اور بندوں کے درمیان کئے جانے والے معاہدے۔ اولاً خاص ذکر کیا پھر عام مواثیق کا ذکر کیا۔

۲۱: وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ (اور وہ لوگ جو ملاتے ہیں اس چیز کو جسکے ملانے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا) یعنی ارحام وقرابتیں اس میں قرابت رسول ﷺ اور قرابت مومنین جو ایمان کی وجہ سے ثابت ہوتی ہے وہ شامل ہے جیسا اس آیت میں ہے۔ انما المومنون اخوۃ [الحجرات:۱۰] وصل کا مطلب طاقت کے مطابق انکے ساتھ احسان کرنا اور انکی معاونت کرنا، ان سے ظلم کو دفع کرنا اور ان پر شفقت کرنا اور ان کو کھل کر سلام کہنا انکے بیمار کی تیمارداری کرنا اور انہی میں سے ایک حق دوستوں کے حق کی رعایت، خدام کا خیال، پڑوسیوں کا لحاظ، رفقائے سفر کے ساتھ سلوک بھی شامل ہے۔ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ (اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں) اسکی تمام وعیدوں سے وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ (اور وہ برے حساب سے ڈرتے ہیں) خاص طور پر وہ اپنے نفوس کا محاسبہ، محاسبہ سے پہلے کرتے رہتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

اور جنہوں نے اپنے رب کی رضا حاصل کرنے کے لئے صبر کیا اور نماز وں کو قائم کیا اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے پوشیدہ طور پر اور ظاہری طریقے پر خرچ کیا

وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝۲۲ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

اور حسن سلوک کے ذریعہ بدسلوکی کو دفع کرتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے آخرت کا اچھا انجام ہے ہمیشہ رہنے والے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے،

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ

اور ان کے باپ دادوں اور بیویوں اور اولاد میں جو لائق ہوں گے وہ بھی ان میں داخل ہوں گے، اور ان پر ہر دروازہ سے فرشتے

مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝۲۳ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝۲۴ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ

داخل ہوں گے جو یوں کہیں گے کہ تم نے جو صبر کیا اس کے بدلہ تم پر سلام ہو، سو اس جہاں میں اچھا انجام ہے، اور جو لوگ مضبوط کرنے کے بعد اللہ کے

عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي

عہد کو توڑتے ہیں اور اللہ نے جس چیز کو جوڑنے کا حکم دیا اسے کاٹتے ہیں اور زمین میں فساد کرتے

الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝۲۵ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ

ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے لعنت ہے اور آخرت میں بدحالی ہے، اور اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ فرمادیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے،

وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝۲۶ ع

اور وہ لوگ دنیاوی زندگی پر اترا رہے ہیں حالانکہ دنیا والی زندگی آخرت کے مقابلہ میں بس ایک ذرا سی کام آنے والی چیز ہے۔

۲۲: وَالَّذِيْنَ صَبَرُوْا (اور وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا) یہ ان تمام مصائب پر حاوی ہے جو نفوس اور اموال پر دکھ برداشت کرنے کی صورت میں آتے ہیں۔ اِبْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ (اپنے رب کی رضامندی چاہنے کیلئے) نہ اس لئے کہ کہا جائے کہ یہ کتنا بڑا صابر ہے۔ اور کتنا مصائب کو اٹھانے والا اور مذلۃ الاقدام مواقع پر ثابت قدم رہنے والا ہے اور نہ ہی اس لئے کہ گھبراہٹ میں عیب نہ لگایا جائے۔ (بلکہ اس لئے تاکہ اللہ راضی ہو جائے) وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ (اور نماز کو قائم کیا) اسکی اقامت پر مداومت اختیار کی۔ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ (اور اس میں سے خرچ کیا جو ہم نے انکو رزق دیا) یعنی حلال اگرچہ حرام بھی ہمارے نزدیک رزق ہے سِرًّا وَّعَلَانِيَةً (پوشیدہ اور ظاہر) اس میں نوافل بھی شامل ہیں کیونکہ وہ پوشیدہ افضل ہیں۔ اور فرائض سرِ عام افضل ہیں تاکہ اس پر یہ شبہ نہ ہو کہ یہ فرائض کا تارک ہے۔ وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ (اور وہ دور کرتے ہیں نیکی سے بدی کو) جو غلط بات انکو کہی جاتی ہے اسکا جواب اچھائی سے دیتے ہیں۔ نمبر۲۔ جب انکو محروم کیا جائے تو دیتے ہیں اور جب ان پر ظلم ہو تو وہ معاف کرتے

ہیں۔ جب ان سے قطع رحمی کی جائے تو وہ صلہ رحمی کرتے ہیں۔ اور جب گناہ کرتے ہیں تو توبہ کر لیتے ہیں اور وہ اطاعت سے بھاگ پڑیں تو واپس لوٹ آتے ہیں۔ جب کوئی برائی دیکھتے ہیں تو اسکی تبدیلی کا حکم دیتے ہیں۔ یہ وہ آٹھ اعمال ہیں جو جنت کے آٹھ دروازوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ (ان لوگوں کیلئے نیک انجام ہے) دنیا کا انجام اور وہ جنت ہے کیونکہ اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ وہ دنیا کا انجام بنے اور دنیا والوں کے لوٹنے کا ٹھکانہ ہو۔

۲۳: جَنّٰتُ عَدْنٍ (ہمیشہ کے باغات) یہ عقبی الدار سے بدل ہے۔ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ (وہ انمیں داخل ہونگے اور وہ جو لائق ہونگے) یعنی ایمان لائیں گے مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ (انکے آباؤ اجداد اور انکی بیویوں اور انکی اولاد میں سے) قراءت: صَلُح بھی پڑھا گیا مگر فتحہ لام زیادہ فصیح ہے۔ اور من، یدخلونھا کی ضمیر پر عطف ہونے کی وجہ سے محل رفع میں ہے۔ کیونکہ ضمیر مفعول فاصل بن گیا ہے۔ زجاج نے اسکے مفعول معہ ہونے کو جائز قرار دیا۔ اور صلاح کی صفت کے ساتھ اسکو ذکر کیا۔ تاکہ یہ واضح ہو جائے کہ نسب فقط فائدہ مند نہیں اور مراد ہر ایک کے ماں، باپ ہیں۔ اگرچہ ذکر تغلیباً آباء کا ہی کیا گیا۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ (اور فرشتے ہر دروازے سے ان پر داخل ہونگے) ہر دن ورات کی مقدار میں تین مرتبہ ہدایا پیش کریں گے اور رضائے الٰہی کی بشارتیں لائیں گے۔

۲۴: سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ (تم پر سلام ہو) یہ موضع حال میں ہے اس لئے کہ معنی یہ ہے قائلین سلام علیکم یا مسلمین۔ اس حال میں کہ کہہ رہے ہونگے تم پر سلام ہو یا اس حال میں کہ سلام کرنے والے ہونگے۔ بِمَا صَبَرْتُمْ (تمہارے صبر کرنے کی وجہ سے) یہ ثواب تمہیں اس لئے ملا کہ تم نے خواہشات سے صبر کیا نمبر۲۔ یا اللہ تعالیٰ کے حکم پر جمے رہنے کی وجہ سے یا نمبر۳۔ تم پر ہم سلام کرتے اور تمہارا اکرام تمہارے صبر کی وجہ سے کر رہے ہیں راجح ان میں سب سے بہتر پہلا قول ہے۔ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ (پس اس جہاں میں تمہارا یہ انجام بہت اچھا ہے) یعنی جنات کے باغات۔

## وعدہ توڑنے والوں کا انجام:

۲۵: وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ (اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے وعدہ کو مضبوط کرنے کے بعد توڑتے ہیں) اس کے بعد کہ انہوں نے اس وعدہ کو اعتراف وقبولیت سے مضبوط کیا ہے۔ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ (اور وہ قطع کرتے ہیں اس کو کہ جسکے ملانے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا اور وہ زمین میں فساد کرتے ہیں) کفر اور ظلم کر کے اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ (ان لوگوں پر لعنت ہے) رحمت سے دوری وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ (اور انکے لئے برا گھر ہے) یہ بھی احتمال ہے کہ اس میں دنیا کے برے انجام کا ذکر ہو۔ کیونکہ یہ عقبی الدار کے مقابلہ میں ہے اور دار سے جہنم بھی مراد ہو سکتی ہے اور سوء سے اسکا عذاب مراد ہوگا۔

وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ

اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ کہتے ہیں کہ ان پر کوئی نشانی ان کے رب کی طرف سے کیوں نازل نہیں کی گئی، آپ فرما دیجئے بلاشبہ اللہ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہے

وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ﴿٢٧﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ أَلَا بِذِكْرِ

اور جو اس کی طرف رجوع ہو اسے اپنی طرف راہ دکھاتا ہے جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے مطمئن ہوتے ہیں، خبردار اللہ کے

اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ﴿٢٨﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ﴿٢٩﴾

ذکر سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے، جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لئے خوشحالی ہے اور اچھا ٹھکانہ ہے،

كَذَٰلِكَ أَرْسَلْنَاكَ فِي أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا أُمَمٌ لِتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِي أَوْحَيْنَا

اسی طرح ہم نے آپ کو ایسی امت میں بھیجا جس سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں تاکہ آپ انہیں وہ چیز پڑھ کر سنائیں جو ہم نے آپ کی طرف وحی

إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمَٰنِ ۚ قُلْ هُوَ رَبِّي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ

کی ہے، اور وہ رحمٰن کے منکر ہو رہے ہیں، آپ فرما دیجئے وہ میرا رب ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اس پر بھروسہ کیا اور اسی کی طرف

مَتَابِ ﴿٣٠﴾

میرا رجوع ہونا ہے

۲۶: اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ (اللہ تعالیٰ ہی روزی کو کھولتے ہیں جسکے لئے چاہتے اور تنگ کرتے ہیں) یعنی اور تنگ کرتے ہیں جسکے لئے چاہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے اللہ تعالیٰ اکیلے ہی رزق کو کھولنے اور تنگ کرنے والے ہیں اور کوئی نہیں وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (اور وہ دنیا کی زندگی پر اتراتے ہیں) اس وجہ سے کہ اللہ نے انکو دنیا کی وسعت دے رکھی ہے یہاں فرح سے تکبر و غرور مراد ہے۔ فرح و سرور مراد نہیں جو اللہ تعالیٰ کے فضل و انعام سے حاصل ہوتا ہے۔ اور یہ لوگ شکر یہ سے اسکا سامنا نہیں کرتے۔ تاکہ آخرت میں نعمتوں سے اجر پاسکیں۔ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ (اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں صرف سامان ہے) ان کے سامنے یہ بات مخفی ہے کہ دنیا کی نعمتیں آخرت کی نعمتوں کے مقابلہ میں معمولی چیز ہیں اور ان سے نفع اندوزی مسافر کی اس چند کھجوروں جیسی ہے جو تیزی میں چلتے چلتے لے لیتا ہے یا ستو کا گھونٹ ہے۔

### کفار کا اعتراض:

۲۷: وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ (اور کہتے ہیں کافر کیوں نہیں اتاری جاتی اس پر کوئی نشانی اسکے رب کی طرف سے) وہ نشانی جو ہم مانگتے ہیں۔ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ (کہہ دیں بیشک اللہ تعالیٰ جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے)

معجزات کے ظہور کے بعد منہ مانگی نشانیوں کا مطالبہ کر کے۔ وَیَهْدِیْ اِلَیْهِ مَنْ اَنَابَ (اور وہ راہنمائی کرتا ہے اسکی طرف اسکو جو متوجہ ہوتا ہے) اور اپنے دین کی طرف اسکی راہنمائی کرتا ہے جو دل سے اسکی طرف رجوع کرے۔

۲۸: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (وہ لوگ جو ایمان لائے) ھم مبتداء محذوف اور یہ خبر یا من کا بدل ہو کر محلًا منصوب ہے وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ (ان کے دل مطمئن ہو جاتے ہیں) تسکین حاصل کرتے ہیں۔ بِذِكْرِ اللّٰهِ (اللہ کے ذکر کے ساتھ) ہمیشہ یا نمبر۲۔ قرآن کے ساتھ نمبر۳۔ اسکے وعدوں کے ساتھ اَ لَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (خبردار اللہ تعالیٰ کے ذکر کے سبب دل مطمئن ہوتے ہیں) اسکی یاد کی وجہ سے مسلمانوں کے دل مطمئن ہوتے ہیں۔

۲۹: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے) یہ مبتداء ہے اور طوبٰی لھم اسکی خبر ہے۔ طُوْبٰی لَهُمْ (انکے لئے خوشی ہے) یہ طاب سے مصدر ہے جیسے بشرٰی مطلب یہ ہے طوبٰی لك تیرے لئے اچھائی ہے۔ اصبت خیرًا و طیبًا میں نے بھلائی و پاکیز گی کو پالیا۔

نحو: اسکا مقام نصب یا رفع ہے جیسے کہیں طیباً لک۔ طیب لک۔ سلاماً لک و سلام لک۔ لھم کا لام بیان کیلئے ہے۔ اسکی مثال سقیا لک۔ طوبیٰ میں واؤ اصل میں یا ہے جو ماقبل ضمیر کی وجہ سے واؤ بن گئی ہے جیسا موقن اصل میں مُیْقِنٌ ہے۔ وَحُسْنُ مَاٰبٍ (اچھی لوٹنے کی جگہ) ماب لوٹنے کی جگہ رفع و نصب اسکی محلیت پر دلالت کرتا ہے۔

۳۰: كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ (اسی طرح ہم نے بھیجا) اس بھیجنے کی طرح ارسلناك (ہم نے آپ کو بھیجا) اس طرح بھیجنا کہ جسکو تمام ارسالات پر فوقیت حاصل ہے۔ پھر اسکی تفصیل اسطرح فرمائی۔ فِیْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ (ایسی امت میں کہ گزر چکیں اس سے پہلے امتیں) آپ کو ایسی امت میں بھیجا کہ جس امت سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکیں۔ یہ آخری امت ہے اور آپ خاتم الانبیاء ہیں۔ لِتَتْلُوَا عَلَیْهِمُ الَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ (تا کہ آپ ان پر وہ پڑھیں جو ہم نے آپکی طرف وحی کی) تا کہ آپ انکے سامنے وہ عظیم الشان کتاب پڑھیں جو ہم نے آپکی طرف وحی کی۔ وَهُمْ یَكْفُرُوْنَ (حالانکہ وہ انکاری ہیں) انکا حال یہ ہے کہ یہ رحمان کے منکر ہیں بِالرَّحْمٰنِ (رحمان کے) بلیغ رحمت والا جسکی رحمت ہر چیز پر چھانے والی ہو۔ قُلْ هُوَ رَبِّیْ (کہہ دیں کہ وہ میرا رب ہے) اور ہر چیز کا رب ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (اسکے سوا کوئی معبود نہیں) وہ اکیلا میرا رب ہے۔ اور شرکاء سے بلند و بالا ہے۔ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ (اسی ہی پر میں نے بھروسہ کیا) تمہارے خلاف اپنی مدد میں وَاِلَیْهِ مَتَابِ (اور اسی ہی کی طرف لوٹنا ہے) میرا لوٹنا۔ تمہاری طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر مجھے ثواب دے گا۔

قراءت: یعقوب۔ وقف و وصل کی دونوں حالتوں میں متابی، عقابی، مآبی پڑھتے ہیں۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ

اور اگر قرآن ایسا ہوتا جس کی وجہ سے پہاڑ چلا دیئے جاتے یا اس کے ذریعہ زمین کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جاتے یا اس کے ذریعہ مردوں سے بات کرادی جاتی تب بھی یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں، بلکہ

الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا

تمام امور اللہ ہی کے لئے ہیں، کیا اہل ایمان ناامید نہیں ہوئے حالانکہ یہ جانتے ہیں کہ اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا، اور جن لوگوں نے

يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ

کفر کیا ان کے اعمال بد کی وجہ سے انہیں برابر کوئی نہ کوئی مصیبت پہنچتی رہے گی یا ان کے مکانوں کے قریب مصیبت نازل ہو جائے گی یہاں تک کہ اللہ کا

وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ ع

وعدہ آجائے بلاشبہ اللہ وعدہ خلاف نہیں فرماتا

## قرآن سے ناممکن کام کر دیئے جائیں تب بھی نہ مانیں گے:

۳۱: وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ (اگر قرآن کے ذریعہ سے پہاڑوں کو چلا دیا جائے) جگہ سے ہٹا کر پھیلا دیا جائے۔ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ (یا زمین بھی طے کی جا سکتی ہو) یہاں تک کہ زمین پھٹ جائے اور ٹکڑے ٹکڑے ہو کر زائل ہو جائے۔ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى (یا اس سے مردوں سے بات کی جائے) وہ سنتے اور جواب دیتے تو یہ قرآن ہوتا کیونکہ یہ تذکیر میں انتہاء کو پہنچا ہوا ہے تخویف وانذار میں آخری درجہ کو پہنچا ہے۔ لَوْ۔ کا جواب محذوف ہے۔ یا نمبر۲۔ ولو ان قرآناً وقع به تسيير الجبال وتقطيع الارض و تكليم الموتٰى و تنبيههم لما اٰمنوا به ولما تنبهوا عليه۔ اگر قرآن سے پہاڑوں کا چلانا، زمین کا طے کرنا، مُردوں کا بات کرنا اور انکا خبردار کرنا واقع ہو جائے تب بھی ایمان نہ لائیں گے اور نہ متنبہ ہونگے جیسا کہ فرمایا ولو اننا نزلنا اليهم الملائكة [الانعام:۱۱۱] بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا (بلکہ تمام اختیار اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے) بلکہ اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر قدرت ہے اور اسکو ان نشانات کے پیدا کرنے کی قدرت ہے جو تم اپنے منہ مانگ رہے ہو۔

## اہل ایمان کو تسلی:

اَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا (کیا ناامید نہیں ہوتے ایمان والے) (ان کفار کے ایمان لانے سے)۔ افلم يايئس یہ افلم يعلم کے معنی میں ہے اور یہ نخع قبیلہ کی لغت میں ہے ایک قول یہ ہے کہ یائس علم کے معنی میں اس لئے استعمال ہوتا ہے کیونکہ اس میں علم کا معنی پایا جاتا ہے۔ کیونکہ یائس عن الشی کا مطلب ہی یہ ہے کہ وہ جانتا ہے کہ یہ چیز نہ ہوگی جیسا کہ نسیان ترک کے معنی میں استعمال ہوتا ہے کیونکہ اس میں ترک کا معنی پایا جاتا ہے۔ اور اسکی دلیل قراءت علی رضی اللہ عنہ افلم يتبيّن ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ کاتب نے یہ لکھ دیا جبکہ وہ اونگھ رہے تھے پورا اونگھنا۔ مگر اسکے افتراء و بہتان ہونے میں شک نہیں اَنْ

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ

اور بہت سے پیغمبر جو آپ سے پہلے گزر چکے ہیں ان کا مذاق بنایا گیا پھر میں نے ان لوگوں کو مہلت دی جنہوں نے کفر کیا، پھر میں نے ان کو پکڑ لیا سو میرا عذاب دینا

عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ

کیسا تھا؟ سو جو ذات ہر شخص کے اعمال پر مطلع ہو کیا اس کے برابر ہو سکتا ہے جس کی یہ صفت نہ ہو۔ اور لوگوں نے اللہ کے لئے شریک تجویز کر لئے آپ فرما دیجئے کہ تم ان کے نام لو

اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کیا تم اللہ کو اس چیز کی خبر دیتے ہو جسے وہ زمین میں نہیں جانتا یا محض ظاہری لفظ کے اعتبار سے، بلکہ کافروں کے لئے ان کا مکر مزین

مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ

کر دیا گیا اور وہ لوگ راستہ سے روک دیئے گئے، اور اللہ جسے گمراہ کرے سوائے کوئی ہدایت دینے والا نہیں، ان کے لئے دنیاوی زندگی میں

فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾

عذاب ہے اور البتہ آخرت کا عذاب بہت زیادہ سخت ہے، اور انہیں کوئی اللہ سے بچانے والا نہیں۔

لَوْيَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا (اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تمام لوگوں کو ہدایت دیتے۔ اور ان کافروں کو تو ہمیشہ یہ حالت پیش آتی ہے۔ کہ انکے کردار کی وجہ سے کوئی نہ کوئی حادثہ پڑا رہتا ہے) انکے کفر کی وجہ سے اور بداعمالیوں کی وجہ سے قَارِعَةٌ (آفت) ایسی مصیبت جو انکو کھٹکھٹاتی ہے اس چیز کے ذریعہ جس سے ہر وقت ان پر مختلف قسم کے مصائب اور دکھ اترتے ہیں اور انکی اولاد و اموال ان مصائب کا شکار بنتے ہیں۔ اَوْتَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ (یا وہ عذاب انکی بستی کے قریب اترتا رہتا ہے) یا وہ مصیبت انکے قریب اترتی ہے جس سے وہ گھبراہٹ میں مبتلا ہوتے ہیں اور اسکے شرارے اڑکر ان پر گرتے ہیں۔ اور اسکا شر ان تک آپہنچتا ہے۔ حَتّٰى يَاْتِىَ وَعْدُ اللّٰهِ (یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا قیامت والا وعدہ آجائے) انکی موت آئے یا قیامت برپا ہو نمبر ۳۔ کفار مکہ کو اس تکذیب اور سلوک کی بناء پر جو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کیا۔ کھٹکھٹا دینے والی مصیبت ان پر اترتی رہے گی۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا لشکر مکہ کے اردگرد حملہ آور ہو کر بعض کفار کو اچکتا رہتا ہے۔ یا آپ اے محمد ﷺ اپنا لشکر لیکر انکے گھروں کے قریب ڈیرہ زن ہونگے۔ جیسا حدیبیہ میں ہوا۔ حتّٰى ياتى وعد اللّٰه یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا قیامت والا وعدہ آئے۔ وعد اللہ سے مراد فتح مکہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (بیشک اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں فرماتے) یعنی اسکے وعدہ میں خلاف ورزی ناممکن ہے۔

## تسلی رسول صلی اللہ علیہ وسلم :

۳۲: وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا (تحقیق آپ سے پہلے رسولوں کے ساتھ استہزاء کیا گیا پھر میں نے کافروں کو ڈھیل دی) الاملاء۔ مہلت دینا ایک مدت کیلئے امن وامان میں چھوڑ دینا۔ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (پھر میں نے انکو پکڑا پس میری سزا کیسی رہی) یہ کفار مکہ کو وعید ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بطور استہزاء آئے روز جو نشانات مانگتے تھے اسکا جواب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی۔

## اللہ کی مثال کوئی نہیں:

۳۳: اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ (کیا پس وہ ذات جو ہر شخص کے تمام اعمال کا نگران ہے) انکے اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرانے کے خلاف حجت پیش کی گئی ہے۔ کیا پس وہ اللہ تعالیٰ کی ذات جو نگران ہے عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ (ہر ہر نفس پر) خواہ وہ صالح ہو یا بدکار بِمَا كَسَبَتْ (جو کچھ کہ وہ کر رہا ہے) وہ اسکے شر اور خیر کو جانتا ہے اور ہر ایک کا بدلہ دیتا ہے کیا وہ اسکی طرح ہوسکتا ہے جو اس طرح کا نہ ہو۔ پھر جملہ مستانفہ لائے اور فرمایا۔ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ (اور بنا رکھے ہیں انہوں نے اللہ تعالیٰ کے شریک) یعنی اصنام قُلْ سَمُّوْهُمْ (آپ ان سے کہیں انکے اوصاف تو بتلاؤ) تم اسکے سامنے انکے نام لو کہ وہ کون ہیں اور ان ناموں کی تفصیل اسکے سامنے ذکر کرو۔ پھر فرمایا۔ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ (یا تم اللہ تعالیٰ کو ایسی بات بتلا رہے ہو جس سے وہ ساری زمین میں واقف نہیں) ام منقطعہ بمعنی بل ہے۔ بلکہ تم اسکو بتلا رہے ہو اسکے شرکاء جن کو وہ زمین میں نہیں جانتا حالانکہ وہ تو آسمان وزمین کے ہر ذرہ سے واقف ہے۔ جب اللہ تعالیٰ انکو نہیں جانتا تو اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ یہ کوئی چیز نہیں یعنی انکی کچھ اصلیت نہیں مقصد اس کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک ہے ہی نہیں۔ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ (یا تم انکو اللہ تعالیٰ کا شریک ظاہری وسرسری طور پر کہتے ہو) بلکہ کیا تم نے انکا نام سرسری طور پر رکھا ہوا ہے۔ بغیر اس بات کے کہ اسکے پیچھے کوئی حقیقت ہو۔ جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا ذلك قولهم بافواههم [التوبہ: ۳۰] ماتعبدون من دونه الّا اسمآء سميتموها (یوسف ۴۰) بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ (بلکہ کافروں کیلئے انکی تدبیر کو مزین کر دیا گیا) مکر سے انکا اسلام کیلئے فریب کاری کرنا مراد ہے جو شرک کی وجہ سے کرتے رہتے تھے۔ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ (اور انکو صحیح راہ سے روک دیا گیا) اللہ تعالیٰ کی راہ سے قراءت صُدُّ وا کو صاد کے ضمہ سے کوفی نے پڑھا اور دیگر قراء نے فتحہ کے ساتھ اور اسکا معنی پھر یہ ہوگا۔ صدوا المسلمین عن سبیل اللہ انہوں نے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکا۔ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ (جسکو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے اسکو کوئی راہ پر ڈالنے والا نہیں) کوئی نہیں جسکو انکی ہدایت پر قدرت ہو۔

۳۴: لَهُمْ عَذَابٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (دنیوی زندگی میں ان پر عذاب مسلط ہے) جو قتل، قید، مختلف مشقتوں کی صورت میں ہوگا۔ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ (اور آخرت کا عذاب تو بہت سخت ہے) اس لئے سخت ہے کیونکہ وہ دائمی ہے۔ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ (اور انکو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں) جو اسکے عذاب سے انکی حفاظت کرے۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ

متقیوں سے جس جنت کا وعدہ کیا گیا اس کا حال یہ ہے کہ اس کے نیچے نہریں جاری ہوں گی ان کے پھل اور ان کا سایہ دائمی ہوگا

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

یہ انجام ہے لوگوں کا جنہوں نے تقوی اختیار کیا، اور کافروں کا انجام دوزخ ہے، اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ

دی وہ اس کی وجہ سے خوش ہوتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا، اور گروہوں میں بعض ایسے ہیں جو اس کے بعض حصے کا انکار کرتے ہیں، آپ فرمادیجئے مجھے تو

اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ

بس یہ حکم ہوا ہے کہ اللہ کی عبادت کروں اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤں، میں اس کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے، اور اسی طرح

اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ

ہم نے اس کو اس طور پر نازل کیا کہ عربی زبان میں خاص حکم ہے، اور اس کے بعد کہ آپ کے پاس علم آ گیا اگر آپ نے ان کی خواہش کا اتباع کیا

مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع ۵ / ۱۱

تو کوئی ایسا نہیں جو اللہ کے مقابلہ میں آپ کی مدد کرنے والا اور بچانے والا ہو

## جنت کا حال:

۳۵: مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ (اس جنت کی حالت جسکا متقین سے وعدہ کیا گیا) اسکی وہ حالت تو مثال میں عجیب و غریب ہے۔ نحو: مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور خبر محذوف ہے۔ ای مثل الجنة مبتداء، فيما يتلى عليكم خبر محذوف ہے۔ یا نمبر ۲۔ خبر موجود تجری من تحتها الانهار ہے۔ جیسا کہتے ہیں صفت زید اسمر تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ (وہ ایسی جنت ہے جسکے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں) اُكُلُهَا دَآئِمٌ (اسکے پھل ہمیشہ ہمیشہ ہوں گے) اسکے پھل ہمیشہ پائے جانے والے ہیں منقطع نہ ہونگے۔ وَّظِلُّهَا (اور اسکے سائے) ہمیشہ کے ہیں ختم نہیں ہوں گے۔ جیسا سورج کی وجہ سے معدوم ہو جاتے ہیں۔ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا (وہ انجام ان لوگوں کا ہے جو متقی ہیں) یعنی ان صفات والی جنت انکے تقویٰ کا نتیجہ ہے یعنی اسکا انجام ہے۔ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ (اور کافروں کا انجام آگ ہے)

۳۶: وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ (اور وہ لوگ جنکو ہم نے کتاب دی) اس سے مراد عبداللہ بن سلام اور انکے ساتھی ہیں جنکو اہل کتاب میں اسلام نصیب ہوا۔ اور اس طرح وہ حبشہ کے لوگ جو نصاریٰ میں سے اسلام لائے۔ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

وَمِنَ الْاَ حْزَابِ (وہ اس قرآن سے خوش ہوتے ہیں جو آپ پر اتارا گیا اور ان گروہوں میں سے) اور انکے گروہوں میں سے اور اس سے مراد وہ کفار ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے خلاف عداوت میں جتھہ بندی کی جیسے کعب بن اشرف یہودی اور اسکی پارٹی اور اسید، عاقب اور انکے ساتھ والے لوگ جو عیسائی تھے۔ مَنْ یُّنْکِرُ بَعْضَهٗ (وہ لوگ ہیں جو قرآن کے کچھ حصہ کا انکار کرتے ہیں) کیونکہ یہ لوگ قصص و واقعات اور بعض احکام دین اور معانی و مفاہیم کا انکار نہ کرتے تھے جو کہ انکی کتابوں میں بھی پائے جاتے تھے۔ بلکہ فقط نبوت محمد ﷺ اور اپنی کتاب میں تحریف کردہ باتوں میں قرآن کی مخالفت کرتے تھے (توحید باری تعالیٰ، بعض صفات باری تعالیٰ کا انکار کرتے)۔

## نبوتِ محمدی کا انکار اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار ہے:

قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ (مجھے تو حکم ملا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں اور اسکے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤں) پس تمہارا نبوت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے انکار یہ اللہ تعالیٰ کی عبادت و توحید کا انکار ہے۔ پس دیکھو تم کس بات کا انکار کر رہے ہو۔ حالانکہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لازم ہونے کے دعوے دار ہو۔ اور اسکے بھی دعوے دار ہو کہ اسکا کوئی شریک نہیں۔ اِلَیْهِ اَدْعُوْا (میں اسی ہی کی طرف دعوت دیتا ہوں) خاص طور پر، میں اسکے علاوہ اور کسی کی طرف دعوت نہیں دیتا۔ وَاِلَیْهِ مَاٰبِ (اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے) والیہ کا لفظ لا کر بتلا دیا کہ اسی ہی کی طرف دعوت دیتا ہوں نہ کہ غیر کی طرف مآب لوٹنے کی جگہ۔ اے یہود و نصاریٰ تم بھی اسی طرح کہتے ہو۔ پھر میری نبوت کا انکار چہ معنی دارد۔

۳۷: وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ (اور اسی طرح ہم نے اس کو اتارا) جس طرح ہم نے گزشتہ کتابیں اتاریں جن میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حکم دیا گیا۔ اور اسکی وحدانیت کا سبق پڑھایا گیا اور اسکی طرف بلانے کا امر ہوا۔ اور اسکے دین کی طرف اور دارالجزاء سے ڈرنے کا کہا گیا۔ حُكْمًا عَرَبِیًّا (عربی زبان میں فیصلہ والا) یہ حکمت ہے جسکی ترجمانی عربی زبان سے کی گئی۔

نحو: یہ منصوب ہیں حال کی وجہ سے وہ رسول اللہ ﷺ کو ان امور کی طرف دعوت دیتے جو دین اسلام اور انکے ایک جیسے تھے تو اس سلسلہ میں آپکو ہدایت فرمائی۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ (اگر آپ نے انکی خواہشات کی اتباع کی اسکے بعد کہ آپ کے پاس (وحی سے) علم آچکا) قطعی دلائل کے ذریعہ علم کے ثبوت اور روشن براھین کے بعد۔ مَالَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا وَاقٍ (آپ کے لئے اللہ تعالیٰ سے بچانے والا کوئی دوست نہ ہوگا) یعنی کوئی مددگار آپکی مدد نہ کر سکے گا اور کوئی بچانے والا بچا نہ سکے گا۔ یہ طرز عمل درحقیقت سامعین و مخاطبین کو دین پر ثابت قدم رکھنے کیلئے ہے تاکہ کسی شبہ میں پڑ کر کوئی آدمی پھسل نہ جائے۔ ورنہ رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی تو مضبوطی سے اپنے موقف پر جمنے والی تھی۔ ان میں ڈگمگانے کا سوال ہی نہ تھا۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ

اور یقیناً ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے ان کو بیویاں دیں اور ذریت بھی، اور کسی

لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿٣٨﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ

رسول کو یہ قدرت حاصل نہیں کہ کوئی آیت لے آئے الا یہ کہ اللہ کا حکم ہو، ہر زمانہ کے لئے لکھے ہوئے احکام ہیں، اللہ مٹاتا ہے جو چاہتا ہے

وَيُثْبِتُ ۚۖ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ

اور ثابت رکھتا ہے جو چاہتا ہے، اور اس کے پاس اصل کتاب ہے، اور اگر ہم آپ کو بعض وہ وعدے دکھا دیں جو وعدے ہم ان سے کر رہے ہیں

اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿٤٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي

یا ہم آپ کو اٹھالیں تو بس آپ کے ذمہ پہنچا دینا ہے اور ہمارے ذمہ حساب لینا ہے، کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے

الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ

اطراف سے کم کرتے چلے آ رہے ہیں اور اللہ حکم فرماتا ہے اس کے حکم کو کوئی ہٹانے والا نہیں، اور وہ جلد حساب لینے

الْحِسَابِ ﴿٤١﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ

والا ہے، اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے مکر کیا سو اللہ ہی کے لئے ہے اصل تدبیر جو بھی کوئی شخص عمل کرتا ہے

كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٤٢﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ

وہ اسے جانتا ہے، اور کافر عنقریب جان لیں گے کہ بعد میں آنے والے گھر کا اچھا انجام کس کے لئے ہے، اور جنہوں نے کفر کیا انہوں نے کہا کہ تم

مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿٤٣﴾ ع ٦ ١٢

پیغمبر نہیں ہو، آپ فرما دیجئے کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہونے کے لئے اللہ کافی ہے اور وہ لوگ کافی ہیں جن کے پاس کتاب کا علم ہے۔

## انبیاء علیہم السلام کی اولاد وازواج تھیں:

۳۸: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً (تحقیق ہم نے آپ سے پہلے جو رسول بھیجے اور ان کے لئے بیویاں اور اولاد بنائی) کفار مکہ آپکو عیب لگاتے کہ اسکی بیوی ہے اولاد ہے یہ کیسا پیغمبر ہے۔ من مانی آیات کا مطالبہ کرتے۔ اور نسخ کا انکار کرتے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات اتار کر جواب دیا۔ کہ رسالت کا سلسلہ اسی طرح چلا آ رہا ہے۔ انکی بیویاں اور اولاد تھی۔ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ (کسی پیغمبر کو یہ مناسب نہیں کہ وہ کوئی نشانی بغیر اللہ تعالیٰ کی اجازت کے

پیش کرے) اسکی حدود وسعت میں نہیں کہ قوم کی منہ مانگی نشانیاں لے آئے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے قبضہ واختیار میں ہے۔ لِکُلِّ اَجَلٍ کِتَابٌ (ہر کتاب کیلئے ایک وقت مقررہ ہے) ہر کتاب کا ایک حکم ہے جو بندوں پر ایک وقت پر فرض کیا جاتا ہے جو اس وقت حکمت کے مطابق ہوتا ہے۔

۳۹: یَمْحُوا اللّٰہُ مَایَشَآءُ (اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے) جس چیز کا منسوخ کرنا منظور ہوتا ہے اسکو منسوخ کرتا ہے۔ وَیُثْبِتُ (اور قائم رکھتا ہے) اسکے بدلے میں جو چاہتا ہے۔ نمبر۲۔ غیر منسوخ چھوڑ دیتا ہے اور نافذ العمل رہتا ہے۔ نمبر۳۔ حفاظتی فرشتوں کے دفتروں سے جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور دوسرے کو قائم رکھتا ہے۔ نمبر۳۔ تائبین کے کفر کو مٹاتا اور انکے ایمان کو اس جگہ لکھ دیتا قائم کر دیتا ہے۔ نمبر۴۔ وفات دیتا ہے جسکا وقت مقرر آجاتا ہے اور قائم و زندہ چھوڑتا ہے جسکا وقت باقی ہوتا ہے۔ قراءت وَیُثْبِتُ مدنی، شامی، حمزہ اور علی نے پڑھا ہے۔ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتٰبِ (اور اصل کتاب اسی ہی کے پاس ہے) یعنی ہر کتاب کی اصل اسی ہی کے پاس ہے اور وہ لوح محفوظ ہے کیونکہ کائنات میں ہر وقوع پذیر ہونے والی چیز اس میں درج ہے۔

۴۰: وَاِنْ مَّا نُرِیَنَّکَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُھُمْ اَوْنَتَوَ فَّیَنَّکَ (اگر آپ کو وفات سے پہلے) اس بات کا کچھ حصہ دکھا دیں جسکا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں یا آپکو وفات دے دیں (اور آپکی زندگی میں انکو شکست نہ ہو) جس طرح حالات کا تقاضا ہو۔ ہم انکا پچھڑنا دکھا دیں اور ان سے جو عذاب اتارنے کا وعدہ کیا ہے وہ عذاب ان پر اتار دیں۔ یا اس سے قبل آپکو وفات دے دیں۔ فَاِنَّمَا عَلَیْکَ الْبَلٰغُ (پس بیشک آپکے ذمہ پہنچا دینا ہے) پس آپکے ذمہ اتنا ضروری ہے کہ پیغام رسالت پہنچا دیں۔ یہ کافی ہے۔ وَعَلَیْنَا الْحِسَابُ (اور ہمارے ذمہ حساب لینا ہے) ہمارے ذمہ ان سے حساب لینا اور بدلہ دینا ہے۔ جو انکے اعمال کے مناسب ہوگا۔ آپکے ذمہ نہیں۔ آپ انکے اعراض کو کچھ اہمیت نہ دیں اور نہ انکے لئے جلد عذاب مانگیں۔

۴۱: اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّانَاْتِی الْاَرْضَ (کیا انہوں نے (مکہ کے کافروں نے) نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو ہر چہار جہت سے کم کرتے چلے آرہے ہیں) مراد ارض کفر ہے۔ نَنْقُصُھَا مِنْ اَطْرَافِھَا (اسکو ہم اطراف سے کم کرتے جا رہے ہیں) انکا علاقہ مسلمان فتح پر فتح کرتے جارہے ہیں۔ دارالحرب کو گھٹا رہے ہیں۔ اور دارالاسلام کو پھیلا رہے ہیں یہ غلبہ اور نصرت کی علامت ہے۔ مطلب یہ ہے آپ کے ذمہ اس چیز کا پہنچانا ہے جو ذمہ داری آپ پر ڈال دی گئی ہے۔ اسکے نتیجہ کا آپ اہتمام نہ فرمائیں ہم جانیں ہمارا کام۔ ہم نے جو نصرت و کامیابی کا وعدہ کیا وہ پورا کر کے رہیں گے۔

وَاللّٰہُ یَحْکُمُ لَامُعَقِّبَ لِحُکْمِہٖ (اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمانے والے ہیں اسکے فیصلوں کو کوئی موڑ نہیں سکتا) اسکے فیصلوں کو کوئی واپس نہیں کر سکتا۔ المعقب جو کسی چیز پر بار بار حملہ آور ہو کر اسکو باطل و ہلاک کر دے۔ اور اسکی حقیقت وہ شخص جو کسی چیز کو لوٹانے اور اسکو باطل کرنے کیلئے اس کے پیچھے پڑ جاتا ہے۔ اسی لئے حق والے کو معقب کہا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنے مقروض کا پیچھا پورے تقاضے اور طلب سے کرتا ہے اب مطلب یہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے غلبہ کا فیصلہ کیا ہوا ہے۔ اور اسکو اقبال مند کر ناطے ہو چکا ہے۔ اور کفر پر زوال مقرر ہو چکا اور اس کا پیچھے ہٹنا قطعی ہے۔

نحو: لا معقب لحکمه حال کی وجہ سے محل نصب میں ہے۔ گویا اس طرح فرمایا۔ واللہ یحکم نافذاً حکمه اللہ فیصلہ

کرنے والے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنے حکم کو نافذ کریں گے جیسا تم کہو۔ جاء نی زید لا عمامة علی رأسه و لا قلنسوة له۔ مقصد صرف اسکا ننگے سر اور ننگے پاؤں بیان کرنا ہے۔ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (اور وہ جلد حساب لینے والے ہیں) دنیا کے عذاب کے بعد آخرت میں ان سے معمولی مدت میں حساب لے لیں گے۔

۴۲: وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (تحقیق ان لوگوں نے تدابیر کیں جو ان سے پہلے ہوئے) گزشتہ امتوں کے کفار نے اپنے انبیاء کے ساتھ المکر ارادة المکروہ فی خفیة ۔ خفیہ بری تدبیر کرنا۔ پھر انکے مکر کو پوری خفیہ، تدبیر قرار دیا۔ اپنی تدبیر کے تقابل میں ذکر فرما کر۔ فرمایا فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا (تمام تدابیر تو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہیں)۔ پھر اسکی اس طرح وضاحت فرمائی يَعْلَمُ مَاتَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ (وہ جانتا ہے جو ہر نفس کرتا ہے اور عنقریب کفار جان لیں گے کہ آخرت کا انجام کس کا ہے) یعنی اچھا انجام کس کا ہے۔ کیونکہ جو ذات ہر نفس کی ہر بات کو جانتی ہے اور اسکا بدلہ تیار کر رکھا ہے۔ یہی تمام اسکی تدبیر ہے۔ کیونکہ اسکی تدبیر ایسی طرف سے آتی ہے جہاں سے ان کو علم بھی نہیں ہوتا۔ اس حال میں کہ وہ اپنے انجام سے بے خبر ہوتے ہیں۔ قراءت الکافر سے مراد کافر ہیں۔ جبکہ الف لام جنس کا ہو۔ حجازی اور ابوعمرو نے اسی طرح پڑھا ہے۔

## آپ کی رسالت کا اللہ گواہ کافی ہے:

۴۳: وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا (کافر کہتے ہیں کہ آپ رسول نہیں ہیں) اس سے مراد خاص کافر کعب بن اشرف اور رؤساء یہود مراد ہیں۔ وہ کہتے تھے لست مرسلا ۔ اسی لئے عطاء رحمہ اللہ نے کہا کہ یہ سورت مکیہ ہے سوائے اس آیت کے۔ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ (کہہ دیں اللہ تعالیٰ کی گواہی میرے اور تمہارے درمیان کافی ہے) اس وجہ سے کہ میری رسالت پر دلائل واضح کر دیئے گئے با فاعل پر داخل ہوئی ہے۔ اور شہیدا یہ تمیز ہے۔ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ (اور وہ جنکے پاس کتاب کا علم ہے) نمبر۱۔ ہٗ کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات اور الکتاب سے لوح محفوظ اسکی دلیل وہ قراءت ہے جو بعض قراء نے ومن عندہ علم الکتاب پڑھا ہے۔ یعنی اور اسی ہی کی طرف سے کتاب کا علم ہے۔ کیونکہ جن کو اس سے علم دیا انکا علم اللہ تعالیٰ کے فضل و مہربانی سے ہے۔ نمبر۲۔ مَن سے مراد علمائے اہل کتاب جو اسلام لائے کیونکہ وہ قرآن و رسول ﷺ کی صفت اپنی کتابوں میں پاتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلامؓ فرماتے ہیں یہ آیت میرے بارے میں اتری۔ نمبر۳۔ مَن سے مراد جبرئیل علیہ السلام ہیں۔

نحو: مَنْ نمبر۱۔ یہ موضع جر میں ہے اسکا لفظ اللہ پر عطف ہے۔ نمبر۲۔ موضع رفع میں ہے جار و مجرور کے محل پر اسکا عطف ہے کیونکہ تقدیر عبارت یہ ہے کفی اللّٰه و علم الکتاب۔ ظرف میں مقدر کی وجہ سے رفع دیا جاتا ہے۔ پس وہ فاعل ہوگا کیونکہ ظرف مَن کا صلہ ہے۔ اور مَن یہاں الذی کے معنی میں ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے۔ من ثبت عندہٗ علم الکتاب اور اسکی وجہ یہ ہے کہ جب ظرف صلہ بن جائے تو فعل جیسا عمل کرتا ہے۔ جیسے مررت بالذی فی الدار اخوہ پس یہاں اخوہ فاعل ہے۔ جیسا کہ تم کہو الذی استقر فی الدار اخوہ اگر قراءت کسرہ میم والی لی جائے تو پھر یہ ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہوگا۔

الحمد للہ سورۃ الرعد کا تفسیری ترجمہ مکمل ہوا۔

# سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِثْنَتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ ابراہیم مکہ میں نازل ہوئی جو باون آیات اور سات رکوع پر مشتمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ

الٓرٰ ○ یہ کتاب ہے جو ہم نے آپکی طرف نازل کی تا کہ آپ لوگوں کو انکے پروردگار کے حکم سے اندھیروں سے نور کی طرف نکالیں

رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ① اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط

زبردست اور خوبیوں والے وہ اللہ ہے جس کے لئے وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے،

وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ ② الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ

اور کافروں کے لئے ہلاکت یعنی سخت عذاب ہے جو دنیاوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں پسند کرتے ہیں

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ط اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ③

اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں کجی تلاش کرتے ہیں، یہ لوگ دور کی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں

۱: الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ (یہ کتاب ہے)۔

نحو: یہ مبتداء محذوف کی خبر ہے اور مبتدا ''ھذا'' ہے اور کتاب سے مراد سورت ہے اور اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ (جس کو ہم نے اتارا) یہ جملہ موضع رفع میں ہے اور كِتٰبٌ نکرہ کی صفت ہے۔ لِتُخْرِجَ النَّاسَ (تا کہ تم لوگوں کو نکالو) ان کو دعوت دیکر مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (اندھیروں سے روشنی کی طرف) گمراہی سے ہدایت کی طرف۔ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ (ان کے رب کے حکم سے) یعنی اس کے آسانی اور سہولت کر دینے کے سبب۔ یہ ایسے اذن کیلئے بطور استعارہ استعمال ہوا جس کا مقصد حجاب کا آسان کر دینا ہے اور یہی توفیق دینا ہے۔ اِلٰى صِرَاطِ (راستہ کی طرف) عامل کو دوبارہ لایا گیا ہے یہ نور سے بدل ہے الْعَزِيْزِ (زبردست) انتقام کی قدرت رکھتا ہے۔ الْحَمِيْدِ (مستحق ستائش) انعام پر قابل تعریف۔

۲: اللّٰهِ قراءت: مدنی، شامی، علی نے رفع سے پڑھا۔ تقدیر یہ ہے ھو اللہ۔ دیگر قراء نے جر سے پڑھا ہے اس طرح کہ العزیز الحمید سے عطف بیان ہے۔ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (وہ ذات جس کیلئے ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے) مخلوق و مملوک ہونے کی وجہ سے۔ جب ظلمات کفر سے نور ایمان کی طرف نکلنے والوں کا ذکر کیا۔ تو کافروں کو ویل و ہلاکت

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ

اور ہم نے جتنے بھی پیغمبر بھیجے وہ اپنی ہی قوم کی زبان بولنے والے تھے تاکہ وہ اپنی قوم کے لیے بیان کریں، پھر اللہ جسے چاہے گمراہ کرے

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۴

اور جسے چاہے ہدایت دے، اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

سے ڈرایا۔ یہ ویل لفظ الوآل کی نقیض ہے۔ اور وہ نجات کو کہا جاتا ہے۔ اور یہ معنوی اعتبار سے اسم ہے جیسے الھلاک وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ (اور ہلاکت ہے سخت عذاب سے کافروں کیلئے) نحو: یہ مبتدا اور خبر اور صفت ہے۔

۳: الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ (وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں) ترجیح دیتے اور چناؤ کرتے ہیں الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ (دنیا کی زندگی کو آخرت پر) وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اور وہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہیں) اللہ تعالیٰ کے دین سے وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا (اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں کجی ڈھونڈتے ہیں) اللہ تعالیٰ کے راستہ کیلئے ٹیڑھ اور کجی تلاش کرتے ہیں۔ و یبغونھا کی اصل یبغون لھا ہے۔ جار کو حذف کر دیا اور ضمیر کو فعل کے ساتھ ملا دیا۔ نحو: یہ مبتدا ہے الذین سے اور خبر اولئک فی ضلال بعید ہے۔ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ (وہ لوگ دور کی گمراہی میں ہیں) حق سے۔ آیت میں ضلال کی صفت بعید کے ساتھ بطور اسناد مجازی کے لائے ہیں۔ اصل تو بُعد گمراہ ہونے والے کی صفت ہے۔ کیونکہ وہ حق کے راستہ سے دور ہٹتا ہے پس فعل کی صفت اس سے کر دی جیسا کہ کہتے ہیں۔ جدّ جدّہ نمبر۲۔ کافرین کی صفت بن کر مجرور ہے۔ نمبر۳۔ منصوب علی الذم ہے۔ نمبر۴۔ اعنی کی وجہ سے منصوب ہے ای اعنی الذین نمبر۵۔ ھم کی وجہ سے مرفوع ہے۔ ای ھم الذین ۔

## ہر رسول اپنی قومی زبان میں اللہ کا پیغام لایا:

۴: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ (ہم نے ہر پیغمبر کو اسکی قوم کی زبان میں پیغمبر بنایا) وہ انہی کی لغت میں گفتگو کرنے والا ہوتا ہے۔ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ (تاکہ وہ ان کے سامنے کھول کر بیان کرے) اس کو جس کو دیکر بھیجا گیا ہو اور جنکے لئے بھیجا گیا ہو، تاکہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کے متعلق کوئی حجت نہ رہے اور نہ پیغمبر کو کہہ سکیں کہ جس وحی سے ہمیں مخاطب کیا گیا وہ تو ہمیں سمجھ نہیں آتی۔

**سوال**: ہمارے رسول ﷺ تو تمام انسانوں کی طرف مبعوث ہوئے۔ جیسا کہ اس ارشاد میں ہے قل یایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعًا [الاعراف:۱۵۸] بلکہ جن وانس کی طرف حالانکہ ان کی زبانیں تو مختلف ہیں۔ پس اگر عرب کیلئے حجت ہیں تو غیر کے لئے حجت کس طرح؟

**جواب**: قرآن تمام زبانوں میں نازل ہوگا یا ایک زبان میں۔ تمام زبانوں میں نازل ہونے کی ضرورت نہیں۔ آپ کی اپنی قوم کی زبان میں اترنا چاہئے کیونکہ وہ آپ کے پہلے مخاطب ہیں۔ اور ایک زبان میں اترنا تبدیلی وتحریف سے بھی محفوظ کرنے کیلئے زیادہ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ

اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دیکر بھیجا کہ اپنی قوم کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لاؤ اور انہیں ایام الہیہ

بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ

یاد دلاؤ بے شک انمیں ہر ایسے شخص کے لیے نشانیاں ہیں جو خوب صبر کرنے والا ہے خوب شکر کرنے والا ہے اور جبکہ موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ

کہ تم پر جو اللہ کی نعمتیں ہیں ان کو یاد کرو جبکہ اس نے تمہیں آلِ فرعون سے نجات دی وہ تمہیں بری طرح تکلیف پہنچاتے

الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ

تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رہنے دیتے تھے اور اس میں تمہارے لیے

رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ ع

بڑا امتحان تھا۔

مناسب ہے۔ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ (پس اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیتا ہے جس کو چاہتا ہے) جو اسباب ضلالت کو ترجیح دے۔ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ (اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے) جو ہدایت کے اسباب کو ترجیح دیتا ہے وَهُوَ الْعَزِيْزُ (وہی زبردست ہے) اسکی مشیت پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔ الْحَكِيْمُ (حکمت والا ہے) وہ رسوا نہیں کرتا مگر ذلیل لوگوں کو ہی۔

موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ:

۵: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ (اور تحقیق ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی آیات کے ساتھ بھیجا) آیت سے وہ نو نشانیاں مراد ہیں۔ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ (تم اپنی قوم کو نکالو) اَنْ اَخْرِجْ میں اَنْ دراصل بِاَنْ ہے یعنی تم نکالو کیونکہ ارسال میں قول کا معنی موجود ہے گویا اس طرح فرمایا ارسلناہ وقلنا له اخرج قومك (ہم نے ان کو بھیجا اور ان کو کہا کہ اپنی قوم کو نکالو) مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ (اندھیروں سے روشنی کی طرف اور ان کو ایام اللہ کے ذریعہ نصیحت کرو) ان کو پہلی اقوام کے واقعات سے ڈراؤ جیسے قوم نوح، عاد، ثمود وغیرہ اور اسی سے ایام العرب کا لفظ لڑائی کے دنوں کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ نمبر۲۔ انعامات کے دن جیسے بادلوں کا سایہ، من وسلویٰ کا نزول۔ فلق البحر وغیرہ۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ (بیشک اس میں البتہ ہر صبر کرنے والے کیلئے نشانیاں ہیں) جو مصیبتوں پر صبر کرنیوالے ہیں۔ شَكُوْرٍ (شکر ادا کرنے والے ہیں) انعامات پر۔ گویا اس طرح فرمایا لکل مؤمن کیونکہ ایمان کے دو حصے ہیں۔ نمبر۱۔ نصف صبر ہے۔ نمبر۲۔ نصف شکر ہے۔

۶: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ (اور

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ⑦

اور وہ وقت یاد کرو جب تمہارے رب نے تم کو مطلع فرما دیا کہ اگر تم شکر کرو گے تو تم کو اور زیادہ دونگا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو بلاشبہ میرا عذاب سخت ہے،

وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ حَمِيْدٌ ⑧

اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ اگر تم اور وہ سب لوگ جو زمین میں ہیں اللہ کی ناشکری کرو تو بلاشبہ اللہ بے نیاز ہے ستودہ صفات ہے۔

جب کہا موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو تم اللہ تعالیٰ کے انعامات کو یاد کرو جو اس نے تم پر کیے جب اس نے تم کو آلِ فرعون سے نجات دی۔ وہ تمہیں سخت عذاب دیتا تھا) اذ ظرف ہے نعمت کیلئے جو کہ بمعنی انعام ہے۔ یعنی اس کا انعام تم پر اس وقت میں ہوا۔ نمبر۲۔ نعمۃ اللہ سے بدل الاشتمال ہے ای اذکروا وقت انجائکم (اپنے نجات دیئے جانے کے وقت کو یاد کرو) وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ (اور وہ ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو)

نکتہ: البقرۃ الآیۃ :۴۹ میں یذبحون اور اعراف الآیۃ :۱۴۱ میں یقتلون بغیر واؤ لائے جبکہ یہاں واؤ کے ساتھ ہے۔ حاصل اس کا یہ ہے کہ ذبحِ ابناء کو جب عذاب کی تفسیر اور بیان بنایا تو واؤ کو ذکر نہیں کیا۔ اور جہاں واؤ کو ذکر کیا تو وہاں جنسِ عذاب میں ایک اضافہ ذبح ابناء کا کیا گویا یہ عذاب کی الگ قسم ہے۔ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ (وہ زندہ چھوڑتے تمہاری عورتوں کو اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی) اس میں عذاب کی طرف اشارہ ہے۔ اور البلاء سے مشقت مراد ہے۔ نمبر۲۔ نجات کی طرف اشارہ ہو تو بلاء سے نعمت مراد ہے۔ جیسا اس آیت میں و نبلوکم بالشر و الخیر فتنۃ۔ [الانبیاء:۳۵]

۷: وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ (جب تمہارے رب نے اطلاع دے دی) اعلان کر دیا تأذن اور اذن توعّد واوعد کی طرح ہے۔ تفعل میں جو معنی میں اضافہ ہے وہ افعل میں نہیں ہے۔ گویا اس طرح کہا گیا واذاذن ربکم ایذاناً بلیغاً تنتفی عندہ الشکوك و الشبہ جب تمہارے رب نے کامل اعلان کیا جس سے شکوک وشبہات رفو ہو گئے اور وہ انہی میں سے ہے جو موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو ارشادات فرمائے۔

نحو: نعمۃ اللّٰہ علیکم پر عطف کی وجہ سے یہ منصوب ہے گویا اسطرح فرمایا واذ قال موسیٰ لقومہ اذکروا نعمۃ اللّٰہ علیکم واذکروا حین تاذن ربکم مطلب یہ ہے جب تمہارے رب نے اطلاع دیتے ہوئے فرمایا لَئِنْ شَكَرْتُمْ (اگر تم شکر کرو گے) اے بنی اسرائیل جو ہم نے تمہیں نجات کی نعمت دی ہے۔ لَاَزِيْدَنَّكُمْ (نعمت میں تمہارے لئے ضرور اضافہ کریں گے) نعمت پر نعمت دیں گے۔ شکر موجود کو قابو رکھنا اور مفقود کی تلاش میں رہنا۔ کہا جاتا ہے جب تم نعمت میں شکر کا نغمہ سنو تو اور نعمت کی تیاری کرو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا لئن شکر تم بالجدّ فی الطاعۃ لازیدنکم بالجدّ فی المثوبۃ۔ اگر تم اطاعت کی صورت میں شکر ادا کرو گے تو میں ثواب کی صورت میں مزید اضافہ کروں گا۔ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ (اور اگر تم

نے ناشکری کی) اس نعمت کی جو میں نے تم پر کی اِنَّ عَذَابِیۡ لَشَدِیۡدٌ (بیشک میرا عذاب بڑا سخت ہے) اس کیلئے جو میری نعمت کی ناشکری کرے۔ دنیا میں تو سلب نعمت کا عذاب اور آخرت میں مسلسل ناراضگی اور سزا۔

**ارشادِ موسیٰ علیہ السلام:**

۸: وَقَالَ مُوۡسٰۤى اِنۡ تَكۡفُرُوۡۤا اَنۡتُمۡ (اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اگر تم ناشکری کرو گے) اے بنی اسرائیل وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا (اور وہ جو تمام زمین میں ہیں) تمام لوگ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ (پس بیشک اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں) تمہارے شکریے سے حَمِيۡدٌ (تعریفوں والے ہیں) خواہ تعریف کرنے والے اسکی تعریف نہ کریں تم نے اپنے نفوس کو خیر سے محروم کر کے نقصان پہنچایا ہے۔ جو اسکی طرف سے بہرصورت پہنچتی ہے۔

مع أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ۛ وَالَّذِينَ مِن

کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے پہلے تھے یعنی نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور ان لوگوں کی خبر جو ان کے بعد

بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا

تھے جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ان کے پاس انکے رسول واضح دلائل لیکر آئے سو ان لوگوں نے اپنے ہاتھ

أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا

انکے منہ میں دیدیئے اور کہا کہ بے شک تم جو چیز لیکر بھیجے گئے ہو ہم اسے نہیں مانتے اور بلاشبہ جس چیز کی طرف تم لوگ ہمیں بلاتے

الثلثة تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ﴿٩﴾ قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ

ہو ہم اس کی طرف سے شک میں ہیں جو تردد میں ڈالنے والا ہے، انکے رسولوں نے کہا کیا اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں کا اور زمین کا پیدا فرمانے

وَالْأَرْضِ ۖ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ

والا ہے وہ تمہیں بلاتا ہے تا کہ تمہارے گناہوں کو معاف فرما دے۔ اور مقررہ مدت تک تمہیں ڈھیل

مُّسَمًّى ۚ قَالُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا تُرِيدُونَ أَن تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ

دیدے، ان لوگوں نے جواب دیا کہ تم تو ہمارے ہی جیسے آدمی ہو ہمارے باپ دادا جسکی عبادت کرتے تھے تم ہمیں

يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٠﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ إِن نَّحْنُ إِلَّا بَشَرٌ

اس سے روکتے ہو۔ سو تم ہمارے پاس کوئی کھلی ہوئی دلیل لے آؤ، انکے رسولوں نے ان سے کہا کہ ہم تمہارے ہی جیسے

مِّثْلُكُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَمَا كَانَ لَنَا أَن نَّأْتِيَكُم بِسُلْطَانٍ إِلَّا

آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان فرماتا ہے اور ہمارے بس کی یہ بات نہیں کہ ہم تمہارے سامنے کوئی معجزہ اللہ کے حکم کے بغیر لائیں

بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾ وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ

اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے، اور ہمیں کیا ہوا کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ کریں حالانکہ

هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿١٢﴾ ع ۲ / ۱۴

اس نے ہمیں ہماری راہیں دکھائی ہیں اور ہم تمہاری ایذاؤں پر ضرور ضرور صبر کریں گے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے بھروسہ کرنے والوں کو۔

۹: اَلَمْ یَاْتِکُمْ نَبَؤُا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّ ثَمُوْدَ (کیا تمہارے پاس خبر نہیں آئی ان کی جو تم سے پہلے قومیں ہوئیں جیسے قوم نوح، عاد و ثمود) نمبرا۔ یہ موسیٰ علیہ السلام کا کلام ہے۔ جو اپنی قوم سے کیا۔ نمبر۲۔ آنحضرت ﷺ کے زمانہ والے لوگوں کو خطاب کیا گیا ہے۔ وَالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِھِمْ لَایَعْلَمُھُمْ اِلَّا اللّٰہُ (اور وہ لوگ جو ان کے بعد ہوئے جن کو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں) یہ جملہ ابتدائیہ ہے اور خبر جملہ معترضہ ہے یا الذین من بعدھم کا عطف قوم نوح پر ہے اور **لا یعلمھم الا اللّٰہ** یہ جملہ معترضہ ہے۔ مطلب اس طرح ہے وہ کثرت تعداد میں اتنے ہیں کہ ان کی حقیقی گنتی اللہ تعالیٰ کو ہی معلوم ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ عدنان اور اسماعیل کے درمیان تیس جد ہیں جو معلوم ہی نہیں۔ آنحضرت ﷺ سے مروی ہے۔ کہ آپ نے اس آیت کے نزول کے بعد فرمایا کذب النسابون [ابن سعد فی الطبقات] جَآءَتْھُمْ رُسُلُھُمْ بِالْبَیِّنٰتِ (ان کے رسول ان کے پاس دلائل لائے) بینات سے معجزات مراد ہیں۔ فَرَدُّوْٓا اَیْدِیَھُمْ فِیْٓ اَفْوَاھِھِمْ (انہوں نے ان کے ہاتھ ان کے منہ کی طرف لوٹا دیے) نمبرا۔ دونوں ضمیریں کفار کی طرف راجع ہیں یعنی کفار نے اپنے ہاتھوں کے پورو ے منہ میں تعجب کے طور پر رکھ لیے۔ نمبر۲۔ غصہ سے اپنے پورو ے کاٹنے لگے۔ نمبر۳۔ دوسری ضمیر انبیاء علیہم السلام کی طرف کہ قوم نے اپنے ہاتھ انبیاء علیہم السلام کے منہ میں دے دیئے تاکہ وہ بات نہ کر سکیں۔ پیغام رسالت نہ دے سکیں۔ وَقَالُوْٓا اِنَّا کَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِہٖ وَاِنَّا لَفِیْ شَکٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَیْہِ (اور کہنے لگے ہم تمہارے دعویٰ رسالت کے منکر ہیں اور جس بات کی طرف تم ہمیں دعوت دیتے ہو ہم اس میں شک کرنے والے ہیں) یعنی ایمان باللہ اور توحید مُرِیْبٍ (جو ہمیں تردد میں ڈالنے والا ہے) شک میں مبتلا کرنے والا ہے۔

۱۰: قَالَتْ رُسُلُھُمْ اَفِی اللّٰہِ شَکٌّ (ان کے پیغمبروں نے کہا کیا تم کو اللہ تعالیٰ کے بارے میں شک ہے) ہمزہ انکاری کو ظرف پر داخل کیا۔ کیونکہ کلام شک میں نہیں بلکہ مشکوک فیہ میں ہے اللہ تعالیٰ کے متعلق اشتباہ ہو بھی کیسے سکتا ہے۔ جبکہ اس کے وجود و ظہور کے دلائل واضح ہیں۔ یہ ان کے قول انا لفی شك کا جواب ہے۔ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَدْعُوْکُمْ (وہ آسمان و زمین کو پیدا کرنے والا ہے۔ وہ تمہیں دعوت دیتا ہے) ایمان کی طرف لِیَغْفِرَ لَکُمْ مِّنْ ذُنُوْبِکُمْ (تاکہ تمہارے گناہوں کو بخش دے) جبکہ تم ایمان لاؤ۔

نکتہ: کفار کے خطابات میں من ذنوبکم لایا گیا جیسا اس ارشاد میں: واتقوہ واطیعون یغفرلکم من ذنوبکم [نوح:۳-۴] یقومنا اجیبوا داعی اللّٰہ وامنوا بہ یغفرلکم من ذنوبکم [الاحقاف:۳۱] ایمان والوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا ھل ادلکم علی تجارۃ الٰی ان قال یغفرلکم ذنوبکم [الصف:۱۲] قرآن مجید کی آیات میں تتبع اور تلاش سے یہ بات سامنے آسکتی ہے۔ یہ دونوں خطابات میں فرق کیلئے فرمایا تاکہ فریقین کے وعدہ میں برابری نہ سمجھ لی جائے۔ وَیُؤَخِّرَکُمْ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی (اور تمہیں مہلت دے ایک وقت مقررہ تک) ایک وقت تک جس کو مقرر کر دیا اور اسکی مقدار کو واضح کر دیا۔ قَالُوْٓا (انہوں نے کہا) قوم کفار نے کہا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (تم تو ہم ہی جیسے انسان ہو) ہم میں اور تم میں فضیلت کا کوئی فرق نہیں اور تمہیں نبوت والی فضیلت حاصل نہیں تو پھر تم اپنے کو نبوت سے کیسے خاص کرتے ہو؟ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا کَانَ یَعْبُدُ

اٰبَآؤُنَا (تم چاہتے ہو کہ ہمیں ان معبودوں سے روک دو جنکی پوجا ہمارے آباء کرتے تھے) یعنی بت فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ (تو تم ہمارے پاس کوئی واضح دلیل لاؤ) واضح حجت۔ حالانکہ رسول علیہم السلام تو واضح دلائل لائے تھے۔ مگر کفار کی سلطان مبین سے مراد ضد واصرار کی وجہ سے منہ مانگی نشانی تھی۔

## انبیائے علیہم السلام کا ارشاد:

۱۱: قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (ان کو ان کے رسولوں نے کہا ہم تو تم جیسے انسان ہیں) ان کی اس بات کو تسلیم کیا کہ ہم تم جیسے انسان ہیں اور کوئی جنس وقسم نہیں۔ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جن کو چاہتا ہے ان پر (نبوت والا) احسان کرتا ہے) ایمان اور نبوت والا احسان جیسا کہ اس نے ہم پر کیا۔ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ (اور ہمارے لئے ممکن نہیں کہ تمہارے پاس کوئی نشان اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر لے آئیں) یہ کفار کے قول فاتونا بسلطان مبین کا جواب ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تمہاری منہ سے مانگی ہوئی نشانی لانا ہمارے قبضۂ قدرت میں نہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت سے متعلق ہے۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ ہی کی ذات پر ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہئے) اس میں تمام ایمان والوں کو توکل کا حکم دیا گیا ہے۔ اور اپنی ذات کو اولین حیثیت سے مخاطب کیا گیا گویا انہوں نے اس طرح فرمایا ہے ومن حقنا ان نتوکل علی اللّٰہ فی الصبرعلی معاندتکم و معاداتکم وایذائکم ہمارا حق یہ بنتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کریں تمہاری ضد، دشمنی، ایذاء پر صبر کرنے میں۔ اگلی آیت اس مفہوم کی تائید کررہی ہے۔

۱۲: وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ (اور ہم اللہ تعالیٰ پر آخر بھروسہ کیوں نہ کریں) اللہ تعالیٰ پر توکل نہ کرنے میں ہمارے پاس کیا عذر ہے۔ اس نے تو ہمارے ساتھ وہ سلوک کر رکھا ہے جو ہم پر توکل کو لازم کرتا ہے۔ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا (جبکہ اسی نے ہمیں اپنے راستوں کی راہ سُجھا دی ہے) اس نے اپنے راستہ کیطرف راہنمائی کی توفیق عنایت فرمائی وہ راستہ جس پر اس کے دین میں چلنا لازم ہے۔ ابوتراب نے کہا توکل کی حقیقت بدن کو عبودیت میں ڈالنا اور دل کا تعلق ربوبیت سے قائم کرنا اور عطاء کے وقت شکریہ اور بلاء کے وقت صبر کرنا ہے۔ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا (اور ہم ضرور ان ایذاؤں پر صبر کریں گے جو تم ہمیں دے رہے ہو) وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کرنے والوں کو توکل کرنا چاہئے) توکل کرنے والوں کو اپنے توکل پر قائم رہنا چاہئے۔ یہ مفہوم اس لئے ذکر کیا تاکہ تکرار نہ ہو۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰۤى

اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ضرور ضرور ہم تمہیں اپنی زمین سے نکال دیں گے یا یہ بات ہو کہ تم ہمارے دین میں واپس ہو جاؤ، سو انکے رب نے

اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ

انکی طرف وحی بھیجی کہ ہم ضرور بالضرور ظالموں کو ہلاک کر دیں گے اور انکے بعد تمہیں اس زمین میں آباد رکھیں گے یہ اس شخص کے لیے ہے جو

خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ

میرے حضور کھڑا ہونے سے خائف ہوا اور میری وعید سے ڈرا، اور کافروں نے فیصلہ چاہا اور ہر سرکش ضدی نامراد ہوا، اس کے آگے دوزخ ہے

وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ

اور اسے ایسا پانی پلایا جائے گا جو پیپ ہوگا وہ اسے گھونٹ گھونٹ پئے گا اور گلے سے بہ آسانی نہ اتارے گا اور ہر جگہ سے اسپر موت کی آمد

مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾

ہوگی اور وہ نہیں مریگا اور اسکے سامنے سخت عذاب ہوگا۔

## کفار کی دھمکی:

۱۳: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ (کافروں نے اپنے رسولوں کو کہا)

قراءت: ابوعمرو نے اوپر والی آیت میں سُبُلَنَا کو سُبْلَنا اور لرُسُلهم پڑھا ہے۔ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ (ضرور ہم تمہیں نکال دیں گے اپنی سرزمین سے) اپنے علاقہ سے اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا (یا تم ضرور لوٹ جاؤ گے ہمارے مذہب میں) یعنی دو میں سے ایک بات ضرور کرنا پڑے گی نمبرا۔ تمہارا نکالنا نمبر۲۔ تمہارا مذہب میں واپس لوٹنا۔ کفار نے اس پر حلف اٹھایا۔ العود کا معنی ہونا ہے اور یہ کلام عرب میں بہت ہے۔ نمبر۲۔ اس سے ہر رسول کو خطاب کیا اور ان کے اوپر ایمان لانے والوں کو اس خطاب میں شامل کر کے خطاب میں جماعت کو ایک غلبہ دیکر ذکر کیا (کیونکہ ایمان لانے والے تو پہلے کافر ہوتے ہیں پھر کافروں سے نکل کر ایمان لاتے ہیں)

## اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب:

فَاَوْحٰۤى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ (پس ان کی طرف ان کے رب نے وحی کی کہ ہم ضرور ظالموں کو ہلاک کر دیں گے) نمبرا۔ یہاں قال مضمر ہے۔ نمبر۲۔ اَوْحٰى کو قول کے قائم مقام لائے۔ کیونکہ وہ بھی اسکی ایک قسم ہے۔

۱۴: وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ (اور ضرور ہم تمہیں آباد کریں گے اس زمین میں ان کے بعد) ظالموں کی سرزمین اور

ملک میں ۔حدیث میں فرمایا: من اذی جارہ ورثه الله جارهٗ جس نے اپنے پڑوسی کو دکھ دیا اللہ اس کے گھر کا اسکو وارث بنا دیتے ہیں (یہ مقولہ ہے حدیث نہیں ہے) ذٰلِكَ (یہ) ہلاک کرنا اور ٹھہرانا یہ بات برحق ہے ۔لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ (اس کے لئے جو میرے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا) میرے موقف سے اور وہ موقف حساب ہے ۔نمبر۲ ۔مقام کا لفظ زائد ہے یعنی جو شخص مجھ سے ڈرا نمبر۳ ۔اس سے ڈرا کہ اللہ تعالیٰ میری نگہداشت کرنے والے ہیں ۔جیسا اس قول میں افمن هو قائم علی کل نفس بما کسبت [الرعد:۳۳] مطلب یہ کہ یہ متقین کا حق ہے ۔وَخَافَ وَعِیْدِ (اور میری وعید سے ڈرا) وعید سے عذاب مراد ہے ۔

قراءت: یعقوب نے وعیدی پڑھا ہے ۔

## فیصلہ مانگے تو فیصلہ نافذ کر دیا جائے گا:

۱۵: وَاسْتَفْتَحُوْا (اور انہوں نے دشمن پر فتح کی دعا کی) اللہ تعالیٰ سے اپنے دشمنوں کے خلاف مدد مانگی ۔اس کا عطف اوحی الیهم پر ہے ۔وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ (اور ناکام ہوا ہر ظالم سرکش) ہر متکبر و مغرور نامراد ہوا ۔عنید حق سے پہلوتہی اختیار کرنے والا ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی مدد کی گئی اور وہ کامیاب ہوئے اور انہوں نے کامرانی حاصل کی اور ہر سرکش و مغرور رسوا ہوا اور وہ ان کے قوم والے لوگ تھے ۔نمبر۲ ۔ایک قول یہ ہے کہ ضمیر کفار کی طرف راجع ہے ۔اب مطلب اس طرح ہے کہ کفار نے رسل کے خلاف فیصلہ طلب کیا یہ گمان کرتے ہوئے کہ وہ (کفار) حق پر اور (نعوذ باللہ) انبیاء علیہم السلام باطل پر ہیں ۔چنانچہ ہر سرکش ان میں سے رسوا ہوا اور خود فیصلہ طلب کرنے سے کامیاب نہ ہوا ۔(اللّٰهم ان کان هذا هو الحق من عندك فامطر علینا حجارة من السماء (الآیة)

## ہمیشہ کا عذاب:

۱۶: مِّنْ وَّرَآئِهٖ (اس کے پیچھے) یعنی سامنے جَهَنَّمُ (جہنم ہے) نمبر۱ ۔یہ اسکی حالت دنیا میں ہے کہ وہ جہنم کا منتظر ہے گویا کہ جہنم اس کے سامنے ہے اور یہ کافر اس کے گڑھے کے کنارے کھڑا ہے ۔نمبر۲ ۔اسکی حالت کی یہ کیفیت آخرت میں ہوگی جب کہ وہ اٹھایا جائے گا اور موقف میں کھڑا کیا جائے گا ۔وَيُسْقٰى (اور اس کو پلایا جائے گا) اسکا عطف محذوف پر ہے ۔تقدیر عبارت یہ ہے ۔من ورائه جهنم یلقی فیها مایلقی اس کے پیچھے جہنم ہے اس میں وہ پائے گا جو وہ پائے گا مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ (اس کو کچ لہو پلایا جائے گا) صدید اہل نار کے چمڑوں سے بہنے والا خون و پیپ ۔صدید یہ ماء کا عطف بیان ہے ۔کیونکہ وہ مبہم ہے ۔پس صدید سے اسکی وضاحت کر دی ۔

۱۷: يَّتَجَرَّعُهٗ (وہ گھونٹ گھونٹ پیے گا) وہ تکلف کے ساتھ گھونٹ گھونٹ پیے گا ۔وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ (وہ ان کو نگل نہ سکے گا) اور نہ نگلنے کے قریب ہوگا ۔پھر نگلنا کیسے ۔جیسا اس ارشاد میں لم یکد یراها [النور:۴۰] یعنی وہ رؤیت کے قریب بھی نہیں ہو سکتا دیکھنا تو در کنار وَيَأْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ (اور اس کو ہر طرف سے موت آئے گی) یعنی اسباب موت ہر طرف سے ظاہر ہونگے نمبر۲ ۔اس کے جسم کے ہر لوں لوں پر ۔اس میں اس کو پہنچنے والے دکھوں کی شدت کو ذکر کیا گیا ۔یعنی کہ اگر کوئی سختی ہے تو وہ ہر سختی ایک مستقل ہلاکت گاہ ہوگی ۔وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ (اور وہ مردہ نہ ہوگا) کیونکہ اگر مر جائے تو آرام مل جائے ۔وَمِنْ وَّرَآئِهٖ (اور

مَثَلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ اِشْتَدَّتْ بِهِ الرِّیْحُ فِیْ یَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا

جن لوگوں نے اپنے رب کیساتھ کفر کیا انکے اعمال کی مثال ایسی ہے جیسے راکھ ہو اسے تیز آندھی کے دن میں تیز ہوا اڑا کر لیجائے جو

یَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰی شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِیْدُ ۱۸ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ

کچھ انہوں نے کمایا اسمیں سے ذرا سے حصہ پر بھی وہ قادر نہیں ہونگے یہ ہے دور کی گمراہی، اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ بلاشبہ اللہ نے آسمانوں کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَیَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ ۱۹ ۙ وَّمَا ذٰلِكَ

اور زمین کو حق کیساتھ پیدا فرمایا اگر وہ چاہے تو تمہیں ختم کر دے اور نئی مخلوق پیدا فرما دے اور یہ اللہ کے لیے

عَلَی اللّٰهِ بِعَزِیْزٍ ۲۰ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِیْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا

کچھ بھی مشکل نہیں، اور وہ سب اللہ کے حضور میں پیش ہونگے سو ضعیف لوگ ان لوگوں سے کہیں گے جو بڑے بنے ہوئے تھے کہ

اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قَالُوْا

بلاشبہ ہم تمہارے تابع تھے سو کیا تم ہم سے اللہ کا عذاب کچھ بھی ہٹا سکتے ہو؟ وہ کہیں گے

٣ع ٩ ١٥ لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَیْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَیْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِیْصٍ ۲۱ ع

کہ اگر اللہ ہمیں راہ بتاتا تو ہم تمہیں بھی راہ بتا دیتے، ہم سب کے حق میں برابر ہے کہ ہم بے چینی کا اظہار کریں یا صبر کریں ہمارے لیے چھٹکارہ کی کوئی صورت نہیں۔

اس کے پیچھے ) اور اس کے سامنے عَذَابٌ غَلِیْظٌ ( سخت عذاب ہوگا ) یعنی ہر وقت پہلے سے شدید تر عذاب کا سامنا ہوگا اور غلیظ ترین عذاب سہنا پڑے گا۔ فضیلی رحمہ اللہ کہتے ہیں وہ شدید عذاب سانس کا روکنا اور اس کو اجساد میں بند کرنا ہے۔

## کفار کے اعمال کی مثال:

۱۸: مَثَلُ الَّذِیْنَ ( حالت ان لوگوں کی ) یہ مبتدا ہے اور اسکی خبر محذوف ہے یعنی اس وحی میں جو تم پر پڑھی جارہی ہے۔ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ( جنہوں نے کفر کیا اپنے رب کیساتھ ) مثل کا لفظ استعارۃً اس حالت کیلئے استعمال ہوا جس میں غرابت ہو۔ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ( ان کے اعمال راکھ کی طرح ہونگے ) ۔

نحو: یہ جملہ مستانفہ ہے گویا سوال مقدر کا جواب ہے کہ ان کی حالت کیسی ہوگی؟ تو جواب دیا۔ ان کے اعمال راکھ کے ڈھیر کی طرح ہونگے۔ اِشْتَدَّتْ بِهِ الرِّیْحُ ( جس پر تیز ہوا چلی ہو ) قراءت: مدنی نے الریاح پڑھا ہے۔ فِیْ یَوْمٍ عَاصِفٍ ( آندھی کے دن میں ) عصف کو دن کے ساتھ خاص کیا۔ کیونکہ وہ دن میں ہوتی ہے اور وہ ہوا ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں یوم ماطر بارش کا دن۔ اعمال کفار سے مراد وہ مکارم اخلاق ہیں جو بطور صلہ رحمی انجام دیے اسی طرح گردنوں کی آزادی، قیدیوں کا فدیہ، مہمانوں

کیلئے اونٹ ذبح کرنا وغیرہ۔ان کے ضائع ہونے میں راکھ سے تشبیہ دی جس کو آندھی نے اڑا دیا ہو۔ کیونکہ ان کی بنیاد ایمان باللہ سے خالی ہے۔ لَا يَقْدِرُوْنَ (وہ اس کے کسی حصہ پر قادر نہ ہونگے) قیامت کے دن مِمَّا كَسَبُوْا (جو کچھ کہ انہوں نے کمایا) یعنی اعمال عَلٰى شَيْءٍ (کسی چیز پر) ثواب کا کوئی نشان بھی نہ پائیں گے جس طرح تیز آندھی میں اڑائے ہوئے راکھ کا کوئی حصہ قابو میں نہیں آتا۔ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ (یہی تو دور کی گمراہی ہے) اس میں حق کی راہ سے ان کے بہت زیادہ دور گمراہی میں پڑنے کا ذکر فرمایا۔ نمبر۲: ثواب سے دور ہونا مراد ہے۔

## قدرتِ الٰہی:

۱۹: اَلَمْ تَرَ (کیا تم نہیں جانتے) اس میں ہر ایک کو خطاب ہے۔ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ قراءت: خالق کو مضاف پڑھا حمزہ، علی رحمہما اللہ نے بِالْحَقِّ (حق کیساتھ) حکمت کے ساتھ اور بڑے مقصد کیلئے اور اس کو بے کار نہیں بنایا اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ (اگر وہ چاہتا تو تم کو معدوم کر دے اور نئی مخلوق پیدا کر دے) یعنی اس کو لوگوں کے معدوم کرنے کی قدرت ہے اور ان کی جگہ انہی جیسی نئی مخلوق پیدا کرنے کی طاقت ہے یا ان کی شکل کے خلاف دوسری شکل میں تاکہ یہ چیز موجود کو معدوم اور معدوم کو ایجاد کی قدرت پر دلیل بین ہو جائے۔

۲۰: وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ (اور یہ اللہ تعالیٰ پر مشکل نہیں ہے) ناممکن نہیں۔

۲۱: وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا (وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے تمام باہر نکل آئیں گے) قیامت کے دن ظاہر ہونگے۔ ماضی کے لفظ سے اس لئے لائے تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ جو اس نے خبر دی ہے وہ اسی طرح ہے جیسا کہ وہ ہو چکی اور اسکی مثال، و نادی اصحاب الجنة [الاعراف:۴۴] و نادی اصحاب النار [الاعراف:۵۰] وغیر ذلک۔

## بروز کا مطلب:

اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز چھپی نہیں کہ اس کے سامنے ظاہر ہو۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ ارتکابِ فواحش کے وقت آنکھوں سے یہ گمان کر کے چھپتے تھے کہ یہ حالت اللہ تعالیٰ سے چھپنے والی ہے۔ (حالانکہ واقعہ میں ایسا نہیں تھا) جب قیامت کا دن ہوگا تو وہ اپنے نفوس کے نزدیک بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے ہونگے۔ اور ان کو اس وقت یقین آجائے گا کہ اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مخفی نہیں۔ یا جب قبور سے نکلیں گے تو اللہ تعالیٰ کے سامنے حساب کیلئے سب ظاہر ہونگے اور اس کے حکم پر ظاہر ہونگے۔

## ضعفاء اور متکبرین کی گفتگو:

فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا (پس کمزور لوگ کہیں گے) رائے میں کمزور اور وہ کم عقل لوگ مراد ہیں اور اسی طرح پیروکار۔ الضعفاء کے لفظ کو واؤ قبل الھمزہ کے ساتھ وہ لکھتے ہیں جو ہمزہ سے پہلے الف کو تفخیم دیتے ہیں اور واؤ کی طرف امالہ کرتے ہیں۔ لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا (ان لوگوں سے جو بڑے بن بیٹھے تھے) اس سے وہ سادات ورؤساء مراد ہیں جنہوں نے ان کو آباد کیا اور انبیاء اور مؤمنین سے فائدہ حاصل کرنے سے انہوں نے لوگوں کو روکا اور محروم کیا۔ اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا (بیشک ہم تو تمہارے پیرو تھے) تابع

فرمان تبعا یہ تابعٌ کی جمع ہے جیسا کہ خَا دِمٌ کی جمع خَدَمٌ اور غَائِبٌ کی جمع غَیَبٌ نمبر۲۔ ذی تبع، اور تبع کا معنی اتباع ہے۔ کہا جاتا ہے۔ تبعه تبعا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ (پس کیا تم ہم سے اللہ تعالیٰ کے عذاب کا کچھ حصہ بھی دفع کردو گے) کیا تم کسی چیز کو دور کرنے کی کچھ قدرت رکھتے ہو اس مصیبت میں سے جس میں ہم مبتلا ہیں۔ پہلا مِن تبیین کیلئے ہے اور دوسرا مِن تبعیض کیلئے ہے۔ گویا اس طرح کہا فهل انتم مغنون عنا بعض الشیء الذی هو عذاب اللّٰه ۔ کیا تم ہم سے ہٹانے والے ہو اللہ تعالیٰ کے عذاب میں سے کچھ۔ نمبر۲۔ دونوں تبعیض کیلئے ہوں۔ یعنی هل انتم مغنون عنا بعض الشیء هو بعض عذاب الله ۔ کیا تم ہمارے کچھ کام آسکتے ہو۔ وہ بعض حصہ ہے اللہ تعالیٰ کے بعض عذاب میں سے ضعفاء کا قول ان کے لئے توبیخًا اور ان کے اغواء ہونے پر عتاب ہے۔ کیونکہ ان کو یقین ہو گیا کہ وہ ان کے کچھ کام نہیں آسکتے۔ توقَالُوْا (وہ کہیں گے) معذرت خواہانہ انداز سے وہ جواب دیں گے لَوْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَهَدَیْنٰكُمْ (اگر اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت دیتے تو ہم ضرور تمہیں ہدایت دیتے) اگر اللہ تعالیٰ ہمیں ایمان کی طرف ہدایت دیتے تو ہم تمہاری بھی راہنمائی اسکی طرف کرتے یا نمبر۲۔ اگر اللہ تعالیٰ ہمیں عذاب سے نجات کا راستہ بجھا دیتا تو ہم تمہاری راہنمائی کرتے یعنی تم سے بے نیاز ہو جاتے اور تمہیں نجات کے راستہ پر چلاتے جیسا کہ ہم نے تمہیں ہلاکت کے راستہ پر چلایا۔ سَوَآءٌ عَلَیْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا (ہم صبر کریں یا بے قراری اختیار کریں ہمارے لئے دونوں باتیں برابر ہیں) صبر و جزع فزع دونوں ہمارے حق میں برابر ہیں۔ ھمزہ اور اَمْ تسویہ کو بیان کرنے کیلئے ہیں۔ روایت میں ہے کہ وہ آگ میں کہیں گے۔ آؤ جزع فزع کریں۔ وہ پانچسو سال ماتم کرتے رہیں گے مگر اس کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ پس وہ کہیں گے آؤ۔ ہم صبر کریں پانچسو سال صبر کرتے رہیں گے مگر صبر بھی فائدہ نہ دیگا۔ پھر وہ کہیں گے ہمارے لئے صبر و جزع دونوں برابر ہیں۔

ماقبل سے اس کا تعلق یہ ہے ان کا عتاب کرنا ان کو یہ اس پریشانی میں گھبراہٹ کا اظہار ہی ہے جس پریشانی میں وہ خود مبتلا ہیں۔ پس وہ ان کو کہیں گے سواء علینا اجز عنا ام صبرنا۔ اس سے وہ ان کو اور اپنے آپ کو مراد لے رہے ہونگے۔ کیونکہ گمراہی کی سزا میں وہ اکٹھے ہیں۔ اسی لئے وہ کہہ اٹھیں گے جزع اور ڈانٹ کیسی ہے۔ نہ جزع میں فائدہ نہ صبر میں آرام۔ مَالَنَا مِنْ مَّحِیْصٍ (ہمیں چھٹکارا نہیں مل سکتا) محیص کا معنی نجات دہندہ اور چھٹکارہ ہے۔ ہم جزع فزع کریں یا صبر کریں اور یہ بھی درست ہے کہ ضعفاء اور متکبرین دونوں ہی کا کلام ہو۔

وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ

اور جب فیصلے ہوچکیں گے تو شیطان کہے گا کہ بلاشبہ اللہ نے تم سے سچے وعدے کیے اور میں نے تم سے وعدے کیے وہ وعدے میں نے تم سے خلاف کیے تھے

وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ

اور میرا تم پر اس سے زیادہ کچھ زور نہ تھا کہ میں نے تم کو دعوت دی سو تم نے میری بات مانی لہٰذا تم مجھے ملامت نہ کرو

وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ

اور اپنی جانوں کو ملامت کرو نہ میں تمہارا مددگار ہوں نہ تم میرے مددگار ہو میں تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں کہ اس سے پہلے تم نے مجھے شریک

مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۲۲ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

بنایا بلاشبہ جو ظالمین ہیں انکے لیے دردناک عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے وہ لوگ ایسے باغوں میں داخل کیے جائیں

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ

گے جن کے نیچے نہریں جاری ہونگی اپنے رب کے حکم سے ہمیشہ ان میں رہیں گے ان کا تحیہ ملاقات کے وقت

فِيْهَا سَلٰمٌ ۲۳

سلام ہوگا۔

## شیطان کا خطاب:

۲۲: وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ (جب معاملے کا فیصلہ ہوچکے گا تو شیطان کہے گا) جب جنت کا اہل جنت کیلئے اور دوزخ کا اہل دوزخ کیلئے فیصلہ ہوچکے گا اور وہ حساب و کتاب سے فارغ ہوجائیں گے اور جنت والے جنت اور دوزخ والے دوزخ میں داخل ہوجائیں گے۔ روایت تفسیر میں ہے کہ شیطان اس وقت آگ کے منبر پر خطبہ دے گا۔ اہل نار کو خطاب کرتے ہوئے کہے گا۔ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ (بیشک اللہ تعالیٰ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے تم سے وعدہ کیا پس میں نے اس کے خلاف کیا) وعدالحق سے بعث و جزاء علی الاعمال کا وعدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کے مطابق پورا کردیا۔ وعدتکم سے مراد کہ نہ بعث ہے نہ جزاء اور نہ ہی حساب اخلفتکم کا معنی جھوٹ بولنا ہے۔ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ (مجھے تم پر کوئی غلبہ حاصل نہ تھا) اقتدار و تسلط اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ (مگر یہ کہ میں نے تمہیں دعوت دی) لیکن میں نے تمہیں اپنے وسوسہ سے گمراہی کی طرف بلایا اور تزیین سے گمراہی پر لگایا۔ یہ استثناء منقطع ہے۔ کیونکہ دعاء سلطان کی جنس سے نہیں۔ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ (پس تم نے میری دعوت کو قبول کیا) جلدی سے مان لیا۔ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ (پس تم مجھے ملامت نہ کرو) کیونکہ جو

عداوت کی ٹھاننے والا ہو وہ قابل ملامت نہیں جبکہ وہ امر کسی امر قبیح کی طرف بلائے۔اس کے باوجود کہ رحمان نے کہہ رکھا ہے لا یفتننکم الشیطان کما اخرج ابویکم من الجنة [الاعراف:۲۸] وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ (تم اپنے آپ کو ملامت کرو) اس لئے کہ تم نے بلا دلیل میری اتباع شروع کر دی۔

## قولِ معتزلہ:

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان خود شقاوت یا سعادت کو اختیار کرتا ہے اور اس کو اپنے نفس کیلئے حاصل کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے صرف اس پر پختہ کرنا اور شیطان کی طرف سے فقط تزیین ہوتی ہے۔

**جواب**: یہ باطل استدلال ہے۔کیونکہ آیت سے یہ مضمون ثابت ہی نہیں ہوسکتا صرف اتنی بات معلوم ہوتی ہے کہ بندہ کی قدرت کو عمل میں کچھ دخل ہے۔اسی کو اشاعرہ کسب کہتے ہیں اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لو هدانا الله ای الی الایمان لهدینا کم جیسا کہ گزرا۔ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ (میں تمہاری فریادرسی نہیں کرسکتا اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو) ہم ایک دوسرے کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچا نہیں سکتے اور نہ اس کو مدد کیلئے پکار سکتے ہیں۔الاصراخ فریادرسی کرنا

قراءت :لمصرخيّ۔ حمزہ نے خاء کی اتباع میں یاء کا کسرہ پڑھا پس پہلی یاء تو یائے جمع ہے اور دوسری یائے متکلم ہے۔اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ (میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں کہ تم اس سے پہلے مجھے خدا کا شریک بناتے تھے) قراءت بصری قراء نے یاء سے پڑھا ہے اور ما مصدریہ ہے۔مِنْ قَبْلُ (اس سے پہلے) یہ اشرکتمونی سے متعلق ہے یعنی میں انکار کرتا ہوں اس بات کا کہ تم نے مجھے اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا آج سے قبل دنیا کی زندگی میں جیسا دوسری آیت میں ہے۔ویوم القیامة یکفرون بشرککم [فاطر:۱۴] شیطان کے کفر بالاشراک کا مطلب اس کا اس نسبت سے انکار اور بیزاری ہے جیسا اس آیت میں اِنَّا بُرَءٰٓؤُا منکم و مما تعبدون من دون الله کفرنا بکم [الممتحنہ:۴] نمبر۲۔من قبل یہ کفرت کے متعلق ہے۔اور ما موصولہ ہے یعنی کفرت من قبل حین ابیت السجود لآدم بالذی اشرکتمونیه وهو الله عزوجل جیسا کہتے ہیں اشرکنی فلان ای جعلنی له شریکا مجھے اس کا شریک بنایا اور اشرکهم الشیطان بالله کا معنی ان کا شیطان کی اطاعت ان باتوں میں اختیار کرنا جن کو شیطان بتوں کی عبادت کروانے کے لئے مزین کرتا تھا۔یہ شیطان کا آخری قول ہے۔

اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (بیشک شیطان کیلئے دردناک عذاب ہے) نمبر۱۔شیطان کے کلام کا تمہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اس لئے ذکر کیا تا کہ سامعین کیلئے لطف کا باعث ہو کہ گمراہوں کا مہالیڈر بھی یہ کہہ اٹھے گا۔نمبر۲۔یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے (کہ شیطان اور اس کے حواری ظالم ہیں ان کا انجام عذاب ہے)

## نیکوں کا انجام:

۲۳: وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا (اور ایمان والوں اور اعمال صالحہ کرنے والوں کو ایسے باغات میں داخل کیا جائے گا جنکے نیچے نہریں جاری ہیں وہ ان باغات میں ہمیشہ رہیں گے) یہ برزوا پر عطف ہے۔بِاِذْنِ رَبِّهِمْ (اپنے رب کے اذن سے) یہ ادخل کے متعلق ہے یعنی ان کو فرشتے جنت میں لے جائیں گے اللہ

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی وہ مثال کلمہ طیبہ کی ہے جو شجرہ طیبہ کی طرح سے ہے اسکی جڑ مضبوط ہے اور اسکی شاخیں بلندی

فِي السَّمَاءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيٓ أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍۭ بِإِذْنِ رَبِّهَا ۗ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ

میں ہیں وہ اپنے رب کے حکم سے ہر وقت اپنا پھل دیتا ہے اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان فرماتا

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿۲۵﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ

ہے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں اور کلمہ خبیثہ کی مثال ایسی ہے جیسے خبیث درخت ہو جسے

مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

زمین کے اوپر سے اکھاڑ دیا گیا ہو اس کے لیے ثبات نہیں ہے، جو لوگ ایمان لائے اللہ انہیں دنیا والی زندگی میں اور

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ ﴿۲۷﴾ ع ۴ ۱۶

آخرت میں پختہ بات کے ساتھ مضبوط رکھتا ہے اور اللہ ظالموں کو گمراہ کر دیتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

تعالیٰ کے امر اور اذن سے تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلٰمٌ (اور اس کا سلام اسمیں سلام کے لفظ سے ہوگا) وہ جنت میں ایک دوسرے کو سلام کریں گے نمبر ۲۔ فرشتے ان کو سلام کریں گے۔

## کلمہ طیبہ کی مثال:

۲۴: اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا (کیا تمہیں معلوم نہیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے ایک مثال بیان کی) ضرب کا معنی اسکی تعریف کی اور وضاحت کی كَلِمَةً طَيِّبَةً (ایک پاکیزہ کلمہ کی) یہ فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے ای جعل كلمة طيبة: اس نے پاکیزہ کلمہ بنایا۔ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ (جیسے پاکیزہ درخت) یہ ضرب الله مثلاً کی تفسیر ہے جیسا کہ کہتے ہیں شرّف الامیر زیدا، کساه حلة وحمله على فرسٍ نمبر ۲۔ مثلاً اور کلمۃ یہ دونوں ضرب سے متعلق ہیں ای ضرب كلمة طيبة مثلاً اس نے کلمہ طیبہ کی مثال بیان کی پھر فرمایا کشجرة طيبة یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ ای هی كشجرة طيبة وہ پاکیزہ درخت کی طرح ہے۔

اَصْلُهَا ثَابِتٌ (اسکی جڑ زمین میں قائم رہنے والی ہے) یعنی فی الارض۔ قائم ہونے والی ہے زمین میں اور اپنی جڑیں اس میں لگانے اور گاڑنے والی ہے۔ وَّ فَرْعُهَا (اور اسکی شاخیں) اسکی چوٹی اور بلندی فِي السَّمَآءِ (آسمان میں ہے) کلمہ طیبہ سے کلمۂ توحید مراد ہے اور اصل سے مراد دل سے اسکی تصدیق اور فرع سے اقرار باللسان اور اکل سے عمل بالارکان مراد ہے۔ جیسا کہ درخت درخت ہی ہے اگر چہ اس پر پھل نہ ہو اسی طرح مؤمن مؤمن ہے خواہ عامل نہ ہو۔ مگر درختوں سے مقصود پھل ہوا کرتے

ہیں۔ آگ کی خوراک بھی تو درخت سے میسر ہے جب کہ حفاظت پھلوں کے زمانہ میں کی جاتی ہے۔

الشجرۃ سے ہر پھلدار عمدہ پھل والا درخت مراد ہے مثلاً کھجور، انجیر وغیرہ۔ جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ اس سے کھجور مراد ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے مؤمن کی مثال ایک درخت سے دی ہے تم بتلاؤ وہ کونسا درخت ہے؟ لوگ جنگل کے مختلف درخت بتلانے لگے میں کم عمر تھا میرے دل میں آیا کہ وہ درخت کھجور ہے مگر رسول ﷺ کے رعب کی وجہ سے میں خاموش رہا۔ میں موجود لوگوں میں سب سے صغیر السن تھا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو وہ کھجور کا درخت ہے۔ اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے بیٹے اگر تم نے بتلا دیا ہوتا تو یہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب تھا۔ [بخاری و مسلم]

۲۵: تُؤْتِیْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِیْنٍۭ (وہ اپنا پھل ہر اس گھڑی دیتا ہے) وہ اپنا پھل ہر اس وقت میں لاتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مقرر فرمایا بِاِذْنِ رَبِّهَا (اپنے رب کے حکم سے) اپنے خالق کے میسر فرمانے اور اسکی تکوین سے وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ (اللہ تعالیٰ لوگوں کیلئے مثالیں بیان کرتے ہیں تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں) کیونکہ مثالیں بیان کرنے سے بات ذہنوں میں اچھی طرح بیٹھ جاتی ہے اور خوب نصیحت اثر پذیر ہوتی ہے اور معانی عملی صورت میں سامنے آجاتے ہیں۔

## خبیث کلمے کی مثال:

۲۶: وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ (اور خبیث کلمہ کی مثال) وہ کلمہ کفر ہے كَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ (خبیث درخت جیسی ہے) اس سے ہر وہ درخت مراد ہے جس کا پھل اچھا نہ ہو۔ حدیث میں فرمایا وہ اندرائن (کوڑتمبہ) کا پودا ہے۔ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ (جس کو اکھاڑ لیا جائے زمین کے اوپر ہی سے) اس کے وجود کا استیصال کر دیا جائے الاجتثاث کی حقیقت تمام جثہ کو لے لینا۔ یہ لفظ اصلها ثابت کے بالمقابل ہے۔ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ (اس کے لئے ٹھہراؤ نہیں) یعنی استقرار و پختگی نہیں جیسا کہا جاتا ہے قر الشیء قراراً جیسے ثبت ثبوتاً خوب مضبوطی سے جمنا۔ اس سے ایسی بات کو مشابہت دی جس کی کوئی دلیل نہ ہو وہ مٹنے والی اور قائم نہ رہنے والی ہو۔

۲۷: یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (اللہ تعالیٰ مضبوط کرتے ہیں ایمان والوں کو) یعنی اس پر ان کو ہمیشگی دیتے ہیں بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ (قائم رہنے والی بات سے) وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللّٰہ کا اقرار بالقلب والقالب ہے فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا (دنیا کی زندگی میں) جب ان کو دین کے سلسلہ میں آزمایا جاتا ہے تو پھر بھی وہ زائل نہیں ہوتے جیسا کہ اصحابِ اخدود ثابت قدم رہے وغیرہ وَفِی الْاٰخِرَةِ (اور آخرت میں) جمہور کہتے ہیں کہ اس سے مراد قبر میں تلقین جواب منکر نکیر ہے اور درست بات پر ثابت قدمی ہے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مؤمن کی روح کے قبض ہونے کا ذکر فرمایا۔ پھر فرمایا اسکی روح کو اس کے جسم میں لوٹایا جاتا ہے پس دو فرشتے آتے ہیں اور اس کو قبر میں بٹھاتے ہیں اور کہتے ہیں من ربك؟ و ما دینك و من نبیك؟ وہ اس طرح جواب دیتا ہے ربی اللہ دینی الاسلام نبیی محمد ﷺ، اس وقت آسمانوں سے ایک فرشتہ نداء دیتا ہے میرے بندے نے سچ کہا پس یہ بات اس قول میں فرمائی یثبت اللّٰہ الذین امنوا بالقول الثابت پھر دونوں فرشتے کہتے ہیں تو سعید زندہ رہا اور قابل مدح ہو کر تیری موت آئی تم دلہن کی طرح سو جاؤ (احمد و ابوداؤد) وَیُضِلُّ اللّٰهُ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّ اَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾ جَهَنَّمَ

کیا آپ نے ان لوگوں کونہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر یعنی جہنم میں اتار دیا

یَصْلَوْنَهَا ؕ وَ بِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾ وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ قُلْ

وہ اسمیں داخل ہونگے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے اور ان لوگوں نے اللہ کے لیے مقابل قرار دیئے تاکہ وہ انہیں اللہ کی راہ سے گمراہ کردیں آپ فرمادیجئے

تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِیْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ

کہ تم مزے کی زندگی گزارلو پھر بلاشبہ تمہیں دوزخ کی طرف لوٹ کر چلا جانا ہے۔ آپ میرے بندوں سے فرمادیجئے جو ایمان لائے کہ نماز قائم کریں

وَ یُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ

اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اسمیں سے پوشیدہ طریقے پر اور ظاہری طریقے پر خرچ کریں اس دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ کوئی خرید وفروخت ہوگی

وَ لَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ

اور نہ کوئی دوستی ہوگی اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا فرمایا اور آسمان سے پانی اتارا پھر اسکے ذریعہ پھلوں سے

بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَ سَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَ سَخَّرَ لَكُمُ

تمہارے لیے رزق نکالا اور تمہارے لیے کشتی کو مسخر فرمادیا تاکہ وہ سمندر میں اس کے حکم سے چلے اور اس نے تمہارے لئے نہروں کو

الْاَنْهٰرَ ۚ ﴿۳۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ دَآىِٕبَیْنِ ۚ وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ ۚ ﴿۳۳﴾ وَ اٰتٰىكُمْ مِّنْ

مسخر کردیا۔ اور تمہارے لئے سورج اور چاند کو مسخر فرمادیا وہ برابر حرکت میں ہیں اور اس نے تمہارے لیے رات اور دن کو مسخر فرمادیا، اور تم نے اس سے جو کچھ مانگا

كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَ اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ ع ۵ ۱۷

تم کو اس سب میں سے عطا فرمادیا اور اگر تم اللہ کی نعمت کو شمار کرو تو شمار نہیں کر سکتے بلاشبہ انسان بڑا بے انصاف ہے بڑا ہی ناشکرا ہے۔

الظّٰلِمِیْنَ (اور وہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے) آزمائش کے مواقع میں ان کو قول ثابت پر جمے رہنا نصیب نہیں ہوتا پہلے مرحلہ میں ان کے قدم پھسل جاتے ہیں اور آخرت میں اور زیادہ گمراہ اور پھسلنے والے ہونگے۔ وَیَفْعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ (اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے) پس مومن کو ثابت قدم رکھنے اور اضلال ظالم میں اللہ تعالیٰ پر کسی کو اعتراض کا حق نہیں۔

کفارِ مکہ کو تنبیہ:

۲۸: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ (کیا تمہیں معلوم نہیں ہے ان لوگوں کی حالت جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو بدل

دیا) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے شکریہ کو کُفْرًا (کفر میں) کیونکہ شکر واجب تھا اسکی بجائے ناشکری کرنے لگے گویا انہوں نے شکر ہی کو کفر میں بدل ڈالا اور اس کو بالکل بدل ڈالا۔ اس سے مراد اہل مکہ ہیں اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کی حالانکہ ان کو شکر کرنا چاہیے تھا (نبوت محمد ﷺ کو مان کر) وَاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ (اور انہوں نے اپنی قوم کو اتارا) وہ لوگ جنہوں نے ان کی کفر میں اتباع کی۔ دَارَ الْبَوَارِ (ہلاکت کے گھر میں)

۲۹: جَهَنَّمَ (وہ جہنم ہے) یہ عطف بیان ہے یَصْلَوْنَهَا (وہ اس میں داخل ہونگے) وَبِئْسَ الْقَرَارُ (وہ ٹھہرنے کی بری جگہ ہے) جہنم بری قرارگاہ ہے۔

۳۰: وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا (انہوں نے اللہ تعالیٰ کے شریک بنائے) عبادت میں مثیل بنا لئے۔ نمبر۲۔ نام میں مثیل بنا لیے۔ لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ (تا کہ وہ گمراہ کریں اس کے راستہ سے)

قراءت: یہ یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے مکی وابوعمرو نے اسی طرح پڑھا ہے۔ قُلْ تَمَتَّعُوْا (کہہ دو تھوڑا عیش کرلو) دنیا میں مراد اس سے رسوائی وذلت ہے ذوالنون رحمہ اللہ کہتے ہیں التمتع یہ ہے کہ بندہ اپنی طاقت بھر خواہش پوری کرے۔ فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ (پس بیشک تمہارا ٹھکانہ آگ ہے) اسکی طرف لوٹنا۔

## ایمان والوں کا شرف:

۳۱: قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (کہہ دیں میرے ان بندوں کو جو ایمان لائے) اپنی طرف اضافت کر کے ان کو شرف بخشا۔

قراءت: شامی، حمزہ، علی، الاعشیٰ نے سکون یاء سے پڑھا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ (وہ نماز کو قائم کریں اور جو ہم نے رزق دیا اس میں سے خرچ کریں) یہاں مقولہ محذوف ہے کیونکہ قل کا لفظ مقولے کا تقاضا کرتا ہے اور وہ اقیموا ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے ان کو کہہ دو کہ نماز قائم کریں اور خرچ کریں) اقیموا الصلٰوۃ وانفقوا یقیموا الصلٰوۃ وینفقوا نمبر۲۔ وہ امر ہے اور وہ خود مقولہ ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ لیقیموا ولینفقوا لام کو قُل کی دلالت کی وجہ سے حذف کر دیا۔

**سوال**: یقیموا الصلٰوۃ وینفقوا ابتدائی جملہ ہے حذف لام جائز نہیں۔

**جواب**: شرط محذوف کی جزاء ہے حذف لام درست ہے۔

سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً (پوشیدہ اور ظاہری طور پر) یہ دونوں حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہیں پوشیدگی والے اور علانیہ والے یعنی مسرّین و معلنین۔ نمبر۲۔ ظرف ہونے کی وجہ سے ای وقتی سرٍّ وعلانیۃ نمبر۳۔ مصدر ہونے کی وجہ سے ای انفاق سر و انفاق علانیۃ۔ پوشیدہ خرچ کرنا اور علانیہ خرچ کرنا۔ مطلب یہ ہے نفلی کو اخفاء کر کے اور فرضی کو ظاہر کر کے تا کہ دوسرے کو ترغیب ہو۔ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ (اس سے پہلے کہ ایسا دن آئے کہ جسمیں نہ بیع ہوگی اور نہ دوستی) یعنی اس میں خرید وفروخت سے فائدہ نہ ہوگا۔ اور نہ دوستی سے۔ الخلال المخالۃ دوستی کرنا۔ بیع میں فائدہ انفاق لوجہ اللہ سے ہوتا ہے۔

قراءت: مکی، بصری نے بیعَ اور خلَلَ کو فتحہ سے پڑھا ہے باقی تمام نے رفع اور تنوین سے۔

## انعاماتِ باری تعالیٰ بے شمار ہیں:

۳۲: اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو بنایا اور آسمان سے پانی اتارا) اللّٰہ مبتدا ہے اور الذی خلق خبر ہے۔ انزل من السماء سے بادلوں سے بارش اتارنا مراد ہے۔ فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ (پس اس نے اس پانی کے ذریعہ پھلوں میں سے تمہارے لئے رزق نکالا) من الثمرات یہ رزق کا بیان ہے۔ای اخرج بہ رزقًا ھو الثمرات۔ گویا من بیانیہ ہے نمبر۲۔ من الثمرات۔ اخرج کا مفعول ہے اور رزقًا اس مفعول کا حال ہے۔ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِىَ فِى الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ (اور اس نے تابع کیا تمہارے لئے کشتیوں کو تا کہ وہ کشتی اس کے حکم سے چلے اور اس نے تمہارے تابع کیا دریاؤں کو)۔

۳۳: وَ سَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ (اور اس نے سورج اور چاند کو تمہارے کام کیلئے سرگرم عمل کر دیا) دائبین یہ الشمس والقمر سے حال ہے۔ای یدأبان فی سیر ھما وہ اپنی رفتار میں اور روشنی اندھیرے کو اجالا کرنے اور زمین کی جس درستی کا تعلق ان سے ہے اس کو انجام دینے اور ابدان و نباتات کی اصلاح کرنے میں سرگرم عمل ہیں۔ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ (اور اس نے دن اور رات کو تمہارے کام میں لگا دیا) تمہارے گزراوقات اور نوم و یقظہ کیلئے پے در پے آ جا رہے ہیں۔

۳۴: وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَاسَاَلْتُمُوْهُ (اور تمہیں وہ دیا جو تم نے اس سے مانگا) من تبعیض کیلئے ہے یعنی اس میں سے بعض عنایت کیا جو تم نے مانگا۔ نمبر۲۔ اور اس نے وہ سب کچھ تمہیں دیا جو تم نے مانگا اور جو نہ مانگا۔ اس میں ما موصولہ ہے اور جملہ اسکی صفت ہے۔ اور دوسرا جملہ محذوف ہے کیونکہ بقیہ حصہ محذوف پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ فرمایا سرابیل تقیکم الحر [النحل:۸۱] میں گرمی سے بچانا ذکر کر دیا دوسرا خود سمجھا گیا۔

قراءت: ابوعمرو نے مِنْ كُلٍّ پڑھا اور ماسألتموہ کو نفی قرار دیا۔ یہ حال ہونے کی وجہ سے محلًا منصوب ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے اتاکم من جمیع ذالك غیر سائلیہ۔ تمہیں وہ تمام دیا جس کے متعلق تم نے سوال بھی نہیں کیا۔ نمبر۲۔ ما موصولہ ہے واتاکم من کل ذلك ما احتجتم الیہ فکانکم سألتموہُ اور تمکو ہر ضرورت کی چیز دی گویا کہ تم نے مانگ کر لی۔ نمبر۳۔ تم نے زبان حال سے گویا مانگی ہے۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرو تو تم شمار نہیں کر سکتے) تم ان کو گننے کی طاقت نہیں رکھتے اور ان کی انتہائے شمار تک نہیں پہنچ سکتے۔ یہ اس صورت میں ہے جبکہ اجمالی طور پر ان کو شمار کریں۔ باقی تفصیل کو اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ (بیشک انسان البتہ ظالم ہے) شکریے سے غفلت کر کے نعمت پر ظلم کرتا ہے۔ كَفَّارٌ (کافر ہے) بہت شدت سے ان کا انکار کرنیوالا ہے۔ نمبر۲۔ شدت و سختی میں ظالم ہے شکوہ اور جزع فزع کرتا ہے، (کَفَّار) اور نعمت میں ناشکری کرتا ہے۔ مال جمع کرتا اور صدقہ سے باز رہتا ہے۔ الانسان یہاں اسم جنس ہے اور اس میں ایسے انسان کے متعلق اطلاع دی گئی ہے جسمیں یہ ظلم و کفران دونوں پائے جائیں۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ

اور جب ابراہیم نے کہا کہ اے میرے رب اس شہر کو امن و امان والا بنا دیجئے اور مجھے اور میرے فرزندوں کو اس سے دور رکھیے کہ ہم بتوں کو

الْاَصْنَامَ ۳۵ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ

پوجیں، اے میرے رب بلاشبہ ان بتوں نے لوگوں میں سے بہت سوں کو گمراہ کردیا، سو جو شخص میری پیروی کرے بلاشبہ وہ

مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۳۶ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ

مجھ سے ہے اور جو شخص میری نافرمانی کرے تو بلاشبہ آپ بخشنے والے ہیں مہربان ہیں، اے ہمارے رب میں نے اپنی اولاد کو آپ کے محترم

بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ

گھر کے نزدیک ایسی وادی میں ٹھہرایا ہے جو کھیتی والی نہیں ہے اے ہمارے رب تاکہ وہ نماز قائم کریں، سو آپ لوگوں کے

اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۳۷

دل انکی طرف مائل کردیجئے اور انہیں پھلوں میں سے روزی عطا فرمایئے تاکہ شکر ادا کریں۔

### ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں:

۳۵: وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ (اور جب ابراہیم علیہ السلام نے کہا) اذ کر اس وقت کو یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے کہا رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ (اے میرے رب تو بنادے اس شہر کو) البلد سے بلد حرام مراد ہے اٰمِنًا (امن والا)

فَائِدَۃ: اس آیت اور سورۂ بقرہ میں جو آیت گزری اس کا فرق یہ ہے اس میں یہ سوال ہے کہ اس کو ان شہروں میں سے کردے کہ جنکے رہنے والے مامون ہوتے ہیں۔ اور اس آیت میں یہ ہے کہ اس کو خوف والی حالت سے نکال کر امن والی حالت میں بدل دے گویا اس طرح فرمایا۔ ھو بلد مخوف فاجعله امنا۔ کہ وہ خوف والا شہر ہے اس کو امن والا بنادے۔ وَّاجْنُبْنِيْ (اور مجھے بچا) مجھے دور کر یعنی مجھے ثابت قدم فرما۔ اور ان کی عبادت سے ہمیشہ بچا جیسا کہ فرمایا و اجعلنا مسلمین لك [البقرہ:۱۲۸] یعنی ہمیں اسلام پر ثابت قدم رکھ۔ وَبَنِيَّ (اور میری اولاد کو) مراد اس سے صلبی اولاد ہے۔ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ (بتوں کی عبادت سے) اس سے کہ ہم بتوں کی عبادت کریں۔

۳۶: رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ (اے میرے رب انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا) بطور تسبب کے ان کو مضلات فرمایا کیونکہ لوگ بتوں کی وجہ سے گمراہ ہوئے گویا خود ان بتوں نے گمراہ کیا۔ فَمَنْ تَبِعَنِيْ (پس جس نے میری بات مانی) میری ملت پر چلا اور وہ میری طرح حنیف و مسلم بنا۔ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ (پس وہ مجھ سے ہے) وہ میرا البعض حصہ ہے کیونکہ وہ بہت زیادہ میرے ساتھ خصوصیت رکھنے والا ہے۔ وَمَنْ عَصَانِيْ (اور جس نے میری نافرمانی کی) ان باتوں میں جو شرک کے علاوہ

ہیں (کبائر وصغائر) فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (پس بیشک تو بخشنے والا مہربان ہے) نمبر۲۔ جس نے میری نافرمانی کر کے شرک کیا پس بیشک تو اس کو بخشنے والا رحم کرنے والا ہے اگر وہ شرک سے توبہ کر کے ایمان لے آئے۔

۳۷: رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ (اے ہمارے رب بیشک میں نے اپنی اولاد کو ٹھہرا دیا) مِنْ، تبعیضیہ ہے بعض اولاد مراد ہے اور وہ اسماعیل علیہ السلام ہیں جو آپ کے بڑے بیٹے تھے بِوَادٍ (وادی میں) اس سے وادیٔ مکہ مراد ہے۔ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ (ایسی وادی میں جسمیں زراعت نہیں) اس میں کھیتی کی قسم میں سے کوئی چیز بالکل نہیں ہوتی۔ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ (تیرے عظمت والے گھر کے پاس) وہ بیت اللہ الحرام ہے۔ اس کو المحرم کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر تعرض کرنا حرام کیا ہے۔ نمبر۲۔ تذلیل کرنا حرام کیا اور اس کے ماحول کو اس کے مرتبہ کی وجہ سے حرمت والا بنایا نمبر۳۔ وہ ہمیشہ سے محفوظ رہا ہر ظالم و جبار اس سے ڈرتا رہا۔ نمبر۴۔ کیونکہ وہ محترم اور بڑی حرمت والا ہے۔ اس حرمت کا توڑنا حلال نہیں نمبر۵۔ اس لئے کہ اس کو طوفان پر حرام کر دیا گیا یعنی بچالیا گیا جیسا کہ عتیق نام رکھا گیا کیونکہ وہ اس طوفان سے بچالیا گیا۔

رَبَّنَا لِیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ (اے ہمارے رب تا کہ وہ نماز کو قائم کریں) لام متعلق ہے اسکنت کے یعنی ما اسکنتهم بهٰذا الوادی البلقع الا لیقیموا الصلٰوة عند بیتك المحرم و یعمروه بذکرك و عبادتك میں نے ان کو اس چٹیل وادی میں اس لئے ٹھہرایا تا کہ وہ محترم گھر کے پاس نماز کو قائم کریں اور تیری یاد اور عبادت سے اس کو آباد کریں۔ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ (تو لوگوں کے دلوں کو کر دے) لوگوں کے دلوں میں کچھ دل مِن تبعیضیہ ہے۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے مروی ہے۔ اگر وہ دعا میں افئدة الناس کہہ دیتے تو فارس و روم، ترکی وهندی سب اس پر ہجوم کر کے جھک پڑتے۔ نمبر۲۔ مِن ابتدائیہ ہے۔ جیسا کہتے ہیں: القلب منی سقیم، مراد اس سے میرا دل سقیم ہے گویا اس طرح فرمایا: افئدة ناس لوگوں کے دل۔ مضاف الیہ کو اس تمثیل میں نکرہ لائے کیونکہ افئدة نکرہ ہے۔ تا کہ بعض دلوں کو شامل ہو کیونکہ وہ آیت نکرہ ہے۔ تَهْوِیْٓ اِلَیْهِمْ (جھک جائیں اسکی طرف) دور شہروں سے اسکی طرف جلدی کریں اور شوق سے اسکی طرف اڑ کر جائیں وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ (اور ان کو پھلوں سے رزق عنایت فرما) اس کے باوجود کہ ہم نے ان کو ایک ایسی وادی میں ٹھہرا دیا جس میں ان میں سے کوئی چیز نہیں پائی جاتی۔ اس طرح کے رزق دے کہ دور دراز علاقوں سے یہ چیزیں کھنچی آئیں۔ لَعَلَّهُمْ یَشْكُرُوْنَ (تا کہ وہ شکریہ ادا کریں) اس نعمت کا کہ بے شمار اقسام کے پھل ایسی وادی میں ان کو میسر ہیں جن میں نہ درخت ہیں نہ پانی۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ فِی

اے ہمارے رب بلاشبہ آپ وہ سب کچھ جانتے ہیں جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ہم ظاہر کرتے ہیں اور زمین میں اور آسمان میں اللہ پر کوئی چیز پوشیدہ

الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَی الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ

نہیں ہے، سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق عطا فرمایا،

اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا

بلاشبہ میرا رب دعا کا سننے والا ہے، اے میرے رب مجھے نماز قائم کرنے والا رکھیئے اور میری اولاد میں سے بھی، اے ہمارے رب

وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ ع ۶ ۷ ۱۸

اور میری دعا قبول فرمایئے، اے ہمارے رب میری مغفرت فرمایئے اور میرے والدین کی اور مومنین کی جس دن حساب قائم ہوگا۔

۳۸: رَبَّنَآ (اے ہمارے رب) بار بار ربنا سے نداء گڑگڑانے اور تضرع کی دلیل ہے۔ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا نُعْلِنُ (بیشک تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہیں) آپ سرو علانیہ کو جاننے والے ہیں۔ وَمَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ (اور اللہ تعالیٰ پر زمین و آسمان کی کوئی چیز مخفی نہیں) یہ کلام الٰہی ہے۔ اس میں ابراہیم علیہ السلام کی تصدیق کی گئی یا کلام ابراہیم علیہ السلام ہے۔ مِن یہ استغراق کیلئے ہے گویا اس طرح فرمایا اللہ تعالیٰ پر جو چیز بھی ہو مخفی نہیں۔

۳۹: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَی الْكِبَرِ (تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے بڑھاپے میں مجھے عطاء کیا) عَلٰی مع کے معنی میں ہے اور یہ موضع حال میں ہے یعنی اس نے مجھے عطاء کیا اس حال میں کہ میں بوڑھا تھا اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ (اسماعیل اور اسحاق) روایت میں ہے کہ جب اسماعیل علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تو اس وقت ابراہیم علیہ السلام کی عمر ۹۹ ننانوے سال تھی۔ اور اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کے وقت ۱۱۲ سال تھی روایت تفسیر میں ہے کہ اسماعیل علیہ السلام کی پیدائش ۶۴ سال کی عمر میں اور اسحاق علیہ السلام کی پیدائش ۹۰ سال کی عمر میں تھی۔ کبر بڑھاپے کا ذکر اس لئے کیا کیونکہ اس حالت میں لڑکا عطاء کیا جانے کا احسان اس سے بڑھ کر ہے کیونکہ ولادت سے مایوسی کی عمر یہی ہے اور مایوسی کے بعد اگر کامیابی میسر ہو جائے تو یہ بڑی عظیم الشان نعمت ہے۔ اور اس عمر میں ولادت ابراہیم علیہ السلام کیلئے ایک نشان نبوت تھا۔ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ (بیشک میرا رب ضرور دعاؤں کو سننے والا ہے) دعاؤں کو قبول کرنے والا۔ جیسے کہ کہتے ہیں: سمع الملك كلام فلان۔ جب وہ اسکی بات کو قبول کرے اور اسی سے سمع اللہ لمن حمدہ ہے۔ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے رب سے بیٹا مانگا جیسا کہ اس آیت میں ہے: رب هب لی من الصالحين [الصافات: ۱۰۰] پس انہوں نے بطور شکر یہ نعمت کے یہ الفاظ کہے۔ سمع کی اضافت دعا کی طرف اضافت صفت الی المفعول کی قسم میں سے ہے اور اسکی اصل لسمیع الدعاء ہے۔ سیبویہ رحمہ اللہ نے فعیلاً کا وزن مِن جملہ ان بناؤں میں درج

کیا ہے جومبالغہ کیلئے آتے اور فعل جیسا عمل کرتے ہیں جیسا کہ کہا جاتا ہے: هذا رحیم اباه۔اس کا باپ بہت مہربان ہے۔
۴۰: رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ (اے میرے رب مجھے نماز کا قائم کرنے والا بنادے اور میری اولاد میں سے بھی) مِنْ تبعیضیہ ہے۔بعض اولاد مراد ہے۔اجعلنی کے منصوب پر عطف ہے اور بعض اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کے بتلانے سے انہیں معلوم ہو گیا کہ ان کی اولاد میں کفار ہونگے۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں قیامت تک لوگ فطرت پر قائم رہیں گے رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ (اے ہمارے رب تو دعا کو قبول فرما)

**قراءت:** مکی نے وصل،وقف میں یاء کے ساتھ پڑھا ابوعمرو نے انکی موافقت کی۔اور حمزہ نے وصل میں اسی طرح کہا باقی قراء نے بغیر یاء کے پڑھا ہے ای استجب دعائی او عبادتی۔واعتزلکم وما تدعون من دون اللّٰہ [مریم:۴۸]

۴۱: رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ (اے میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو بخش دے) آدم وحواء مراد ہیں۔نمبر۲۔اپنے والد کے ایمان سے مایوس اور دعا کی ممانعت سے قبل یہ دعا کی جیسا دوسری آیت میں ہے۔ماکان استغفار ابراهیم لابیه الا عن موعدة وعدها ایاه (الاٰیة) وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ (اور ایمان والوں کو بخش دے قیامت کے دن) یعنی جس دن حساب ثابت ہوگا نمبر۲۔حساب کی طرف قیام کی نسبت اسناد مجازی ہے جیسے وسئل القریة [یوسف:۸۲] میں ہے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ

اللہ کو ان کاموں سے بے خبر مت سمجھئے جو ظالم لوگ کرتے ہیں بات یہی ہے کہ وہ انہیں ایسے دن کے لیے مہلت دیتا ہے

تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ۝۴۲ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ

جسمیں آنکھیں اوپر کو اٹھی رہ جائیں گی یہ لوگ دوڑتے ہونگے سروں کو اوپر کو اٹھائے ہوئے ہونگے، انکی نظر انکی طرف

طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ۝۴۳ؕ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ

واپس نہ لوٹے گی اور انکے دل ہوا ہونگے، اور آپ لوگوں کو اسدن سے ڈرائیے جسدن انکے پاس عذاب آئیگا، سو جن لوگوں نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ

ظلم کیا وہ یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب تھوڑی سی مدت کے لیے ہمیں مہلت دیجئے ہم آپکے بلاوے کو قبول کریں گے اور رسولوں کا اتباع کریں گے کیا

تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ۝۴۴ۙ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ

تم نے اس سے پہلے قسم نہ کھائی کہ ہمیں کہیں جانا ہی نہیں حالانکہ تم ان لوگوں کے رہنے کی جگہوں میں رہتے تھے

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ۝۴۵ وَقَدْ مَكَرُوْا

جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور یہ بات تم پر ظاہر ہوگئی کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا معاملہ کیا اور ہم نے تمہارے لیے مثالیں بیان کیں اور ان لوگوں نے

مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ۝۴۶ فَلَا تَحْسَبَنَّ

اپنا مکر کیا اور اللہ کے سامنے ان کا مکر ہے اور واقعی ان کا مکر ایسا تھا کہ اس سے پہاڑ ٹل جائیں۔ سوائے مخاطب تو اللہ کے بارے میں یہ

اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝۴۷ؕ

خیال نہ کر کہ وہ وعدہ خلافی کرنے والا ہے بلاشبہ اللہ غلبہ والا بدلہ لینے والا ہے

## آپ انہیں ڈرائیں اللہ تعالیٰ ان کی حالت سے واقف ہے وہ انہیں سمجھ لے گا:

۴۲: وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ (تو ہرگز اللہ تعالیٰ کو بے خبر نہ سمجھ ان کاموں سے جو ظالم کرتے ہیں) اس میں مظلوم کو تسلی دی اور ظالم کو ڈرایا۔ اس میں خطاب دوسروں کو کیا گیا۔ اگر رسول مراد ہوں تو مراد اس سے آپ کو ثابت قدم کرنا ہے۔ اس بات پر کہ جس پر آپ قائم تھے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز سے باخبر ہے۔ جیسا کہ اس ارشاد میں ہے ولا تکونن من المشرکین [الانعام:۱۴] فلا تدع مع اللّٰہ الٰھا اٰخر [الشعراء:۲۱۳] جیسا کہ امر کی صورت میں اس آیت میں فرمایا۔ یایھا

الذین امنوا امنوا باللّٰہ ورسولہ [النساء:۱۳۶] اس سے مراد یہ اعلان کرنا تھا کہ اللہ تعالیٰ ظالموں کی کرتوتوں سے واقف ہے۔ اوران کی کوئی چیز اس سے مخفی نہیں۔ وہ ان کے قلیل وکثیر پر سزا دیگا۔ یہ گویا بطور وعید وتہدید فرمایا جیسا کہ اس آیت میں ہے واللہ بما تعملون علیم [البقرۃ:۲۸۳] اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمْ (بیشک وہ ان کو مؤخر کررہا ہے) ان کی سزا کو مؤخر کررہا ہے۔ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ (ایسے دن میں جس میں آنکھیں پتھرا جائیں گی) یعنی آنکھیں ہولناک منظر کی وجہ سے ایک جگہ قرار نہ پکڑ سکیں گی۔

۴۳: مُهْطِعِیْنَ (وہ جلدی کرنیوالے ہونگے) داعی کی آواز کی طرف تیزی سے جانے والے ہونگے۔ مُقْنِعِیْ رُءُوْسِهِمْ (وہ اپنے سروں کو اوپر اٹھانے والے ہونگے) اوپر اٹھانے والے ہونگے لَا یَرْتَدُّ اِلَیْهِمْ طَرْفُهُمْ (ان کی نگاہ ان کی طرف واپس نہ لوٹے گی) ان کی نگاہ ان کی طرف نہ لوٹے گی کہ وہ اپنے آپ کو دیکھ سکیں۔ وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَآءٌ (ان کے دل بالکل بدحواس ہونگے) خیر سے خالی ہونگے کوئی چیز خوف کی وجہ سے یاد نہ ہوگی۔ الھواء وہ خلاء جس کو اجرام مشغول نہ کرسکیں پس دلوں کی صفت اس کے ساتھ کی جیسا کہا جاتا ہے قلب فلان هواء جبکہ وہ بزدل ہو۔ اوراس کے دل میں قوت وجرأت نہ ہو۔ نمبر ۳۔ ان کے دل کھوکھلے ہونگے ان میں عقلیں نہ ہونگی۔

۴۴: وَاَنْذِرِ النَّاسَ یَوْمَ یَاْتِیْهِمُ الْعَذَابُ (اورتم لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ جس دن ان پر عذاب آئے گا) قیامت کا دن مراد ہے فَیَقُوْلُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا (پس ظالم کہہ اٹھیں گے) ظالم سے کفار مراد ہیں۔ رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓی اَجَلٍ قَرِیْبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ (اے ہمارے رب تو ہمیں قریب مدت تک مؤخر کردے ہم تیری دعوت کو قبول کریں گے۔ اور تیرے رسولوں کی اتباع کریں گے) یعنی ہمیں دنیا کی طرف واپس کردے۔ ہمیں ایک مدت کی مہلت دے اورایک زمانہ کی ایک قریبی حد تک تاکہ جو زیادتیاں ہم کرچکے اس کا تدارک کرلیں۔ اور تیری دعوت کو قبول کرکے رسولوں کی اتباع کرلیں اس پر جواب دیا جائے گا۔ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَالَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ (کیا تم قسمیں نہیں اٹھاتے تھے کہ تم نے زائل نہیں ہونا) تم دنیا میں قسم اٹھاتے تھے کہ جب تم مرجاؤ گے تو اس حالت سے تم زائل نہ ہوگے اور دوسرے گھر کی طرف منتقل نہ ہوگے یعنی تم نے بعث کا انکار کیا جیسا کہ اس آیت میں ہے۔ واقسموا باللّٰہ جھد ایمانھم لا یبعث اللّٰہ من یموت [النحل:۳۸] اور مالکم یہ جواب قسم ہے یہاں خطاب کا لفظ اقسمتم لایا گیا اگر دونوں مقسموں کا لفظ حکایۃً لایا جاتا تو اس طرح کہتے مالنا من زوال نمبر ۲۔ یوم سے ان کا دنیا میں ہلاکت والا دن مراد ہے۔ نمبر ۳۔ شدتِ سکرات کے ساتھ عذاب کی حالت میں ان کی موت کا دن مراد ہے۔ اور ملائکہ کی ملاقات بغیر خوشخبری کے مراد ہے۔ کیونکہ اس دن وہ سوال کریں گے کہ ان کو اللہ تعالیٰ قریب وقت تک مہلت دے دے۔

۴۵: وَّسَكَنْتُمْ فِیْ مَسٰكِنِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (اورتم نے رہائش اختیار کی ان لوگوں کے مساکن میں جنہوں نے (کفر) کرکے اپنے اوپر ظلم کیا) کہا جاتا ہے سکن الدار، سکن فیھا اور یہی معنی یہاں ہیں۔ ظلموا انفسھم سے کفر کرنا مراد ہے کیونکہ السکنیٰ سکون سے ہے اور وہ ٹھہرنے کو کہتے ہیں۔ اوراصل اس کو فی کے ساتھ متعدی بنایا گیا جیسا قرفی الدار واقام فیھا لیکن جب اس سے خاص سکون مراد لیا تو اس میں تصرف کردیا پس کہتے ہیں سکن الدار جیسا کہا جاتا ہے تبوّاھا۔ ٹھکانہ بنایا سکونت اختیار کی۔

نمبر۲۔ یہ بھی درست ہے کہ سکنوا سکون سے ہو۔ انہوں نے قرار لیا اوران میں مطمئن ہو گئے خوش دلی کے ساتھ حالانکہ وہ ان لوگوں کے راستہ پر چل دیے تھے جو ان سے قبل ظلم وفساد کرنے والے تھے۔ وہ ان دنوں کو یاد بھی نہ کرتے تھے جو گزشتہ اقوام کو عذاب کے دنوں میں پیش آیا۔ تا کہ وہ عبرت حاصل کرتے اور ڈر جاتے کہ ان کے ظلم کا انجام کتنا خطرناک نکلا۔

وَتَبَيَّنَ لَكُمْ (اور ہم نے تمہارے سامنے واضح بیان کر دیا) اطلاعات سے نمبر۲۔ مشاہدات سے۔ تبیّن کا فاعل مضمر ہے۔ اس پر کلام خود دلالت کر رہا ہے یعنی ان کا حال تمہارے سامنے خوب واضح ہوا۔ كَيْفَ (کس طرح) یہ فاعل نہیں ہے۔ کیونکہ استفہام میں اس کا ماقبل عمل نہیں کرتا۔ البتہ کیف محلاً منصوب ہے فَعَلْنَا بِهِمْ (ہم نے ان سے کیا کیا) کی وجہ سے ای اهلكناهم وانتقمنا منهم۔ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ (اور ہم نے تمہارے سامنے مثالیں بیان کیں) یعنی وہ حالات جو ان پر پیش آئے اور جس وجہ سے پیش آئے اور یہ حالات عجیب ہونے میں ہر ظالم کیلئے بیان کی جانیوالی امثلہ کی طرح ہے۔

## کفار کے بڑے منصوبے:

۴۶: وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ (اور انہوں نے اپنی سازشیں کیں) یعنی ایسی بڑی سازشیں جس میں انہوں نے اپنی امکانی قوت صرف کر دی۔ اور اس سے مراد کفر کی بقاء کے تمام منصوبہ جات ہیں۔ اور اسلام کو باطل کرنے کے ذرائع ہیں۔ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ (اور اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا فریب درج ہے) یہ فاعل اول کی طرف مضاف ہے مطلب یہ ہے ان کا مکر اللہ تعالیٰ کے ہاں لکھا ہوا ہے۔ وہ ان کو اس کا بدلہ دیں گے جو اس سے بہت بڑا ہوگا۔ نمبر۲۔ یا مفعول کی طرف ای عند اللّٰه مكرهم الذی يمكرهم به اور اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے وہ تدبیر جو ان کے متعلق اختیار کریگا۔ اور اس تدبیر سے وہ عذاب مراد ہے جو ان کی نادانستگی میں آن پہنچے گا۔ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ (اور واقعی ان کی تدبیر اتنی بڑی تھی کہ اس سے پہاڑ بھی ٹل جاتے) اول لام مکسور اور دوسری لام منصوب تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ وان وقع مكرهم لزول امرا لنبی ﷺ اگر چہ ان کا مکر اسلام کو زائل کرنے کیلئے تھا۔ نبی اکرم ﷺ کو عظمت شان کی وجہ سے جبال سے تعبیر کیا۔ کان تامہ ہے اور ان نافیہ ہے اور لام اسکی تاکید کیلئے لائے۔ جیسے اس ارشاد میں وما كان اللّٰه ليعذبهم [الانفال: ۳۳] مطلب یہ ہے یہ بات ناممکن ہے کہ ان کے مکر سے پہاڑ زائل ہو جائیں۔ جبال تمثیل ہے اللہ تعالیٰ کی آیات اور شرائع سے کیونکہ شرائع بمنزلہ مضبوط پہاڑوں کے ہیں۔ جمی ہوئی اور ثابت ہیں۔ قراءت: اسکی دلیل ابن مسعود کی قرائت ہے۔ وما كان مكرهم۔ لام اول مفتوح اور دوسرا لام مرفوع ہے علی رحمہ اللہ نے یہی پڑھا ہے۔ ای وان كان مكرهم۔ اگر چہ ان کا مکر مضبوطی میں اس درجہ تھا کہ اس کے سامنے پہاڑ زائل ہو جائیں۔ اور اپنی جگہ سے اکھڑ جائیں اِنْ مخففہ من المثقلہ ہے اور لام اسکی تائید کر رہی ہے۔

## اللہ کا وعدہ ضرور پورا ہوگا:

۴۷: فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ (تم ہرگز نہ گمان کرنا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں سے کیا جانے والا وعدہ پورا نہ کریں گے) اس سے مراد یہ قول انا لننصر رسلنا [غافر: ۵۱] کتب اللّٰه لاغلبن انا ورسلی [المجادلہ: ۲۱] مُخْلِفَ یہ لتحسبنّ کا دوسرا مفعول ہے مخلف کی اضافت وعدہ کی طرف کی اور یہ اس کا دوسرا مفعول ہے اور پہلا مفعول رسله ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى

جس روز زمین دوسری زمین سے بدل جائے گی اور آسمان بھی بدل جائیں گے اور سب لوگ اللہ کے لیے ظاہر ہو جائیں گے جو واحد قہار ہے اور اے مخاطب

الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى

تو اس دن مجرموں کو اس حال میں دیکھے گا کہ وہ باہم آپس میں بیڑیوں میں جکڑے ہوئے ہوں گے اور ان کے کرتے قطران کے ہونگے اور انکے چہروں کو

وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾

آگ نے ڈھانک رکھا ہوگا تا کہ اللہ ہر جان کو اسکے کئے ہوئے اعمال کی سزا دے بلاشبہ اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع ۱۹

یہ پہنچا دینا ہے لوگوں کو اور تا کہ وہ اس کے ذریعہ ڈرائے جائیں اور تا کہ وہ جان لیں کہ وہ ہی ایک معبود برحق ہے اور تا کہ عقل والے نصیحت حاصل کریں۔

**مخلف رسله وعده** یہاں مفعول ثانی کو اول پر مقدم کیا تا کہ یہ بتلا دیا جائے کہ اللہ تعالیٰ وعدے کی بالکل خلاف ورزی نہیں فرماتے جیسا کہ اس ارشاد میں ان اللّٰہ لایخلف المیعاد [آل عمران:۹] پھر فرمایا رُسُلَهٗ تا کہ ظاہر کر دیا جائے کہ جب وہ کسی کے ساتھ کئے ہوئے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ تو رسولوں کے ساتھ کیے جانے والے وعدہ کی خلاف ورزی کیسے متصور ہوسکتی ہے جو کہ اسکی مخلوق میں سب سے زیادہ پسندیدہ ہیں اور چنے ہوئے ہیں اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ (بیشک اللہ تعالیٰ زبردست) ایسا غالب کہ اس کے خلاف تدبیر کام نہیں دے سکتی ذُو انْتِقَامٍ (انتقام والے ہیں) اپنے اولیاء کیلئے ان کے دشمنوں سے۔

## احوالِ قیامت:

۴۸: يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ (جس دن زمین کو زمین سے اور آسمانوں کو تبدیل کر دیا جائے گا) نمبرا۔ انتقام کا ظرف ہونے کی وجہ سے یوم منصوب ہے نمبر۲۔ اذکر کو مضمر مان کر منصوب ہے مطلب یہ ہے کہ جس دن یہ زمین جس کو تم پہچانتے ہو کسی اور زمین سے تبدیل کر دی جائے گی غیر هذه المعروفة اس معروفہ زمین کے علاوہ سے اور آسمانوں کو اور آسمانوں سے بدل دیا جائے گا۔ ماقبل کی دلالت کی وجہ سے غیر السموات کو حذف کر دیا گیا التبدیل کا معنی تغیر۔ یہ تبدل ذوات میں ہوتا ہے جیسا کہتے ہیں بدلت الدراهم دنانیر میں نے دراھم کو دنانیر میں بدل لیا۔ نمبر۲۔ اوصاف میں تبدیلی جیسا کہتے ہیں بدلت الحلقة خاتما میں نے حلقہ کی انگوٹھی بنالی جبکہ پگھلا کر انگوٹھی بنالیں۔ گویا ایک شکل سے دوسری شکل بنائی۔

اختلاف: آسمانوں اور زمین کی تبدیلی میں اختلاف ہے۔ نمبرا۔ اس کے اوصاف بدل دیئے جائیں گے زمین سے اس کے پہاڑوں کو ہٹا دیا جائے گا۔ اور اس کے سمندروں کو پھاڑ کر زمین کو پھیلا کر ختم کر دیا جائے گا۔ زمین کو اس طرح برابر کیا جائے گا کہ اسمیں ذرا بھر ٹیڑھ اور ٹیلہ نہ ہوگا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ یہی زمین ہوگی البتہ آسمان کو متغیر و

متبدل کر دیا جائے گا۔ اس کے ستارے بکھر بکھر جائیں گے اور اس کا سورج روشنی کھو بیٹھے گا اور چاند بے نور ہو جائیگا۔ اور آسمان پھٹ جائیگا اور اسمیں دروازے دروازے ہو جائیں گے۔

نمبر۲۔ اس کے بدلے دوسرا آسمان اور زمین پیدا کی جائیگی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں کا حشر ایسی زمین پر ہوگا جس پر ایک بھی گناہ نہ ہوا ہوگا اور وہ زمین رنگت میں سفید ہوگی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے زمین چاندی کی بنائی جائیگی اور آسمان سونے کے۔ وَبَرَزُوْا (اور وہ سامنے آئیں گے) وہ اپنی قبور سے نکلیں گے لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (ایک اللہ تعالیٰ کیلئے جو کہ اکیلے زبردست ہیں) وہ اس طرح ہے جیسا فرمایا لمن الملك اليوم لله الواحد القهار [غافر:۱۶] کیونکہ جب مملکت ایک ہی کی ہوگی جو کہ زبردست غلبہ والا ہے جس کو مغلوب نہیں کیا جا سکتا۔ پس اس کے سواء اور کوئی مستغاث نہ ہوگا۔ اور معاملہ بہت سخت ہوگا۔

۴۹: وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ (تم اے مخاطب مجرموں کو دیکھو گے) مجرمین سے کفار مراد ہیں۔ يَوْمَئِذٍ (اس دن) قیامت کے دن مُّقَرَّنِيْنَ (اس حال میں کہ وہ جکڑے ہوئے ہونگے) ایک دوسرے کے ساتھ باندھ کر ملائے جائیں گے نمبر۲۔ شیاطین کے ساتھ باندھے جائیں گے۔ نمبر۳۔ ان کے ہاتھوں کو ٹانگوں کے ساتھ زنجیروں سے باندھ دیا جائے گا۔ فِي الْاَصْفَادِ (زنجیروں میں) یہ مقرنین کے متعلق ہے ان کو زنجیروں میں باندھا جائے گا۔ نمبر۲۔ اس سے متعلق نہیں۔ مطلب اس طرح ہوگا ان کو زنجیروں میں باندھ کر ملایا جائے گا الاصفاد۔ نمبر۱۔ بیڑیاں نمبر۲۔ طوق۔

۵۰: سَرَابِيْلُهُمْ (ان کے کرتے) ان کے قمیص مِّنْ قَطِرَانٍ (گندھک سے) ابہل کے درخت کا نچوڑا ہوا دودھ جس کو پکا کر خارشی اونٹوں کے جسم پر مالش کی جاتی ہے۔ یہ اتنا تیز ہوتا ہے کہ خارش پر لگائیں تو اس کو اپنی تیزی اور حرارت کی وجہ سے جلا دیتا ہے اسمیں آگ جلد اثر کرتی ہے۔ اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ بدبو تیز۔ اس سے جہنم والوں کی کھالوں پر مالش کی جائے گی۔ یہاں تک یہ مالش قمیص کی طرح ہو جائے گی۔ تا کہ ان کے جسم پر گندھک کا چمٹنا اور جلن جمع ہو جائے اور ان کے چمڑوں کو جلد آگ لگے اور ان کا رنگ وحشت ناک اور جسم بدبودار ہو جائے۔ دونوں گندھکوں میں آسمان وزمین کا فرق ہے اور ہر وہ جس کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ کر رکھا ہے۔ یا آخرت میں جس سے ڈرایا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اسی جنس کی چیز سے وضاحت فرمائی جو ہمارے مشاہدہ میں ہے۔ اور ایسی چیز واضح کی جس کی حیثیت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ گویا ہمارے ہاں تو فقط نام ہیں۔ مسمیات تو اس جگہ ہیں نعوذ باللّٰه من سخطه وعذابه۔

قراءت: مِّنْ قَطِرٍ آنٍ زید نے یعقوب سے اسی طرح روایت کیا اور کہا کہ وہ پگھلا تانبا جس کی حرارت ہر تن تک پہنچنے والی ہوگی۔ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّ تَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ (اور ان کے چہروں کو آگ ڈھانپ رہی ہوگی) اپنے شعلوں کے ساتھ بلند ہوگی۔ وجہ کو خاص کیا کیونکہ ظاہری بدن میں یہ معزز ترین حصہ ہے جیسا کہ دل باطن میں اس لئے فرمایا تطلع على الافئدة [الہمزہ:۷]

## قیامت جزائے اعمال کیلئے ہے:

۵۱: لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ (تا کہ اللہ تعالیٰ ہر نفس کو وہ بدلہ دے جو اس نے کمایا) تا کہ مجرمین سے وہ سلوک کیا

جائے جوانہوں نے کیا اور ہر نفس کو وہ عزت ملے جو اس نے کمائی۔ نمبر۲۔ ہر نفس کو اللہ تعالیٰ بدلہ دے خواہ وہ نفس مجرم ہو یا مطیع کیونکہ جب وہ مجرمین کو ان کے جرائم کی سزا دے گا۔ تو اس سے خود معلوم ہو گیا کہ وہ مومنین کو ان کی طاعات پر ضرور صلہ دیگا۔ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (بے شک اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والے ہیں) تمام بندوں کا حساب پلک جھپک سے پہلے لے لے گا۔

۵۲: هٰذَا (یہ) جس کا بیان ولا تحسبن سے سریع الحساب تک ہوا۔ بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ (پوری بات ہے لوگوں کیلئے) وعظ ونصیحت کیلئے کافی ہے۔ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ (اور تا کہ اس کے ذریعہ ڈرایا جائے) اس پوری بات کے ذریعہ۔

نحو: اس کا عطف محذوف پر ہے ای لینصحوا ولینذروا۔ وَلِيَعْلَمُوْا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (تا کہ وہ جان لیں کہ بیشک وہی ایک معبود ہے) کیونکہ جب وہ ڈریں گے اس چیز سے جس سے ان کو انذار کیا گیا ہے تو خوف ان کو غور وفکر کی طرف لے جائے گا۔ یہاں تک کہ وہ توحید تک پہنچ جائیں گے کیونکہ خشیت تمام بھلائیوں کی جڑ اور بنیاد ہے۔ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ (اور تا کہ عقل والے نصیحت حاصل کریں) عقلوں والے۔

سورۂ ابراہیم کا تفسیری ترجمہ بروز بدھ ۲۳ شعبان ۱۴۲۳ھ مکمل ہوا الحمد للہ اولاً و آخراً

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورہ حجر مکہ میں نازل ہوئی جو ننانوے آیات اور چھ رکوع پر مشتمل ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ① رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

الٓرٰ یہ آیات ہیں کتاب کی اور قرآن مبین کی، جن لوگوں نے کفر کیا وہ بہت سی مرتبہ یہ آرزو کریں گے کہ کاش وہ

لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ② ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ

مسلمان ہوتے، آپ انہیں چھوڑیئے وہ کھا لیں اور نفع اٹھا لیں اور امید انہیں غفلت میں ڈالے رکھے، سو وہ عنقریب

يَعْلَمُوْنَ ③ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ④ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ

جان لیں گے، اور ہم نے جتنی بھی بستیوں کو ہلاک کیا ان کے لئے ایک وقت معین لکھا ہوا تھا ،کوئی امت اپنی مقررہ اجل سے نہ آگے

اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ⑤

بڑھ سکتی ہے اور نہ وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے ہیں۔

## عظمتِ قرآن:

۱: الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ الٓرٰ (یہ آیات ہیں کامل کتاب اور واضح قرآن کی)۔تلك سے ان آیات کی طرف اشارہ ہے جو اس سورت میں ہیں۔الکتاب اور قرآن مبین سے سورت مراد ہے۔قرآن کو نکرہ بطور تفخیم شان کے ذکر کیا ہے۔معنی یہ ہے یہ اس کتاب کی آیات ہیں جو کتاب ہونے میں کامل ہے اور قرآن مبین کی آیات ہیں۔گویا اسطرح فرمایا۔الکتاب الجامع للکمال و للغرابة فی البیان۔ ایسی کتاب جو کمال اور غرابت فی البیان کو جمع کرنے والی ہے۔

## قیامت کے دن کفار کی حسرت:

۲: رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (کافرلوگ بار بار تمنا کریں گے)۔قراءت: مدنی و عاصم نے تخفیف سے پڑھا۔باقی نے تشدید کے ساتھ پڑھا ہے۔مآ یہ کافہ ہے کیونکہ رب حرف جر ہے اور مابعد کو مجرور کرتا ہے یہ اسم نکرہ کے ساتھ خاص ہے۔جب عمل سے روک دیا گیا تو اس کے بعد فعل ماضی اور اسم آسکتا ہے۔اور جائز ہے۔یود الذین کفروا کیونکہ انتظار کرنے والے اللہ تعالیٰ کے

اطلاع دینے سے ماضی کی طرح قطعیت اور تحقیق رکھتے ہیں۔ گویا اس طرح کہہ دیا گیا۔ ربما ودّ اوران کا یہ چاہنا موت کے وقت ہوگا۔ نمبر۲۔ قیامت کے دن ہوگا جب کہ اپنی حالت اور مسلمانوں کی حالت کا مشاہدہ کریں گے۔ نمبر۳۔ جب وہ مسلمانوں کو آگ سے نکلتا دیکھیں گے تو وہ تمنا کریں گے کہ کاش وہ بھی مسلمان ہوتے (تو آج آگ سے نکل جاتے) اسی طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ (کاش کہ وہ (دنیا) میں مسلمان ہوتے) یہ ان کے چاہنے کی حکایت ہے کہ اس طرح چاہت کریں گے غائب کے صیغہ سے ذکر کیا گیا کیونکہ ان کے متعلق اطلاع دی گئی جیسا کہتے ہیں حلف بالله لیفعلن اس نے اللہ تعالیٰ کی قسم اٹھائی کہ وہ ضرور ایسا کرے گا۔ اگر اس طرح کہتے ہیں حلف بالله لافعلن ۔ ولو کنا مسلمین تو اچھا ہوتا۔ رُبّ کے لفظ سے تقلیل پیدا کی کیونکہ قیامت کے خوف ناک مناظر تو بہت ہیں۔ اور وہ ان کو تمنا سے مشغول وبے پرواہ کردیں گے۔ جب وہ سکرات عذاب سے افاقہ پائیں گے تو اس وقت مسلمان ہونے کی تمنا کریں گے۔

### ایک وضاحت:

جنہوں نے یہ کہا کہ رب کثرت کیلئے آتا ہے۔ ان سے بھول ہوگئی ہے کیونکہ کثرت والی بات اس بات کے الٹ ہے۔ جو اہل لغت کے ہاں پائی جاتی ہے کیونکہ رب کی وضع ہی تقلیل کیلئے ہے۔

### معاند سے ایمان کی طمع مت کریں:

۳: ذَرْهُمْ (آپ ان کو رہنے دیں) یہ امر توہین کیلئے ہے کہ آپ ان کے ایمان لانے کی طمع چھوڑ دیں۔ اور جس کام میں وہ مبتلا ہیں ان سے روکنا چھوڑ دیں اور نصیحت وتذکیر ان کے لئے فائدہ مند نہ ہوگی ان کے حال پر رہنے دیں۔ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا (کہ وہ کھائیں پئیں اور مزے اڑائیں) اپنی دنیا میں وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ (اوران کی تمنائیں اور اُمیدیں ان کو ایمان سے غافل کئے رکھیں) فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (عنقریب ان کو علم ہوجائے گا) اپنی بدکرداری کا۔

نکتہ: اس میں خبردار کیا گیا ہے کہ تلذذ وتنعم اور جو چیزیں لمبی امیدیں پیدا کرنے والی ہوں ان کو ترجیح دینا ایمان والے بندوں کی عادات واخلاق سے نہیں ہے۔

### ہر ایک کی ہلاکت کا وقت ہے:

۴: وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ (اور ہم نے جتنی بستیاں ہلاک کی ہیں ان کے لئے ایک معین وقت تحریر تھا)

**سوال**: وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ یہ جملہ قریہ کی صفت ہے اور قیاس کا تقاضا ہے کہ ان کے درمیان واؤ نہ لائی جائے۔ جیسا کہ اس آیت میں وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ [الشعراء: ۲۰۸]

**جواب**: یہ واؤ درمیان میں اسلئے لائی جاتی ہے تاکہ موصوف صفت کا الصاق پختہ ہوجائے۔ کیونکہ صفت تو موصوف کے ساتھ بغیر واؤ کے ملی ہوئی ہوتی ہے واؤ لاکر اس الصاق کی تاکید کردی گئی۔

نمبر۲۔ بہتر وجہ یہ ہے کہ یہ جملہ قریۃ سے حال ہے کیونکہ وہ موصوف کے قائم مقام ہے۔ گویا تقدیر عبارت اس طرح ہے وما

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۶ لَوْمَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ

اور ان لوگوں نے کہا کہ اے وہ شخص جس پر قرآن نازل کیا گیا ہے بے شک تو دیوانہ ہے تو فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۷ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۸

اگر تو سچوں میں سے ہے، فرشتوں کو ہم فیصلہ کے ساتھ ہی نازل کیا کرتے ہیں اور اس وقت لوگوں کو مہلت بھی نہیں دی جاتی،

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۹

بلاشبہ ہم نے ذکر کو نازل کیا ہے اور بلاشبہ ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں

اھلکنا قریة من القری یہ صفت نہیں ہے۔ کتاب معلوم جانی اور معلوم شدہ لکھت وتحریر۔ اور اس سے مراد وہ وقت مقررہ ہے جولوح محفوظ میں لکھا گیا ہے اور اس کو واضح کر دیا جیسا کہ اگلی آیت میں۔

### وقت سے آگے پیچھے نہ ہوگا:

۵: مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا (کوئی قوم اپنے وقت مقررہ سے سبقت نہیں کرتی) اپنی کتاب کی جگہ میں وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ (اور نہ وہ اس سے پیچھے ہٹتے ہیں) ای عنہ کو حذف کر دیا گیا کیونکہ وہ معلوم ہے۔

نکتہ: پہلی مرتبہ امت کو مؤنث لائے پھر دوسری مرتبہ مذکر ذکر کیا تا کہ لفظ ومعنی دونوں کا لحاظ ہو جائے۔

### آپ ﷺ پر طعنہ جنون:

۶: وَقَالُوْا (اور انہوں نے کہا) یعنی کفار نے يٰٓاَيُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ (اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا) ذکر سے قرآن مراد ہے اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ (بیشک تو مجنون ہے) مراد اس سے حضرت محمد ﷺ کی ذات لیتے تھے۔ اور یہ کہنا ان کی طرف سے بطور استہزاء تھا۔ جیسا کہ فرعون نے کہا اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ [الشعراء:۲۷] وہ نزول قرآن کے کیسے قائل ہو سکتے ہیں جبکہ وہ آپ کو مجنون کہہ رہے ہیں۔ ان کے کلام میں یہ عکس استہزاء کو ظاہر کرتا ہے۔ اور تہکم امنڈ رہا ہے۔ یہ اس طرح جیسا فرمایا فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ [آل عمران:۲۱] اور دوسری آیت میں اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ [ھود:۸۷] مطلب یہ ہے کہ تو مجنونوں والی باتیں کہتا ہے جبکہ تو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ تم پر قرآن اترتا ہے۔

### گواہی والے فرشتے ساتھ ساتھ:

۷: لَوْمَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (تو کیوں نہیں لاتا ہمارے پاس فرشتوں کو اگر تو سچا ہے) جب لو ما اور لا کے ساتھ لائیں تو۔ نمبرا۔ دوسرے کے وجود سے ایک کی نفی کیلئے آتا ہے (مثلاً لو لا زید لھلك عمرو تو ہلاکتِ عمرو کی نفی وجودِ زید کی وجہ سے ہے) نمبر۲۔ تحضیض کیلئے آتا ہے۔ اور جب ھل کو لا کے ساتھ ملا کر لایا جائے تو تحضیض کا فائدہ دیتا ہے اب معنی یہ

ہوگا۔هلا تاتينا بالملائكة يشهدون بصدقك۔تو کیوں ہمارے پاس فرشتوں کونہیں لاتا تا کہ وہ تمہاری صداقت کی گواہی دیں۔نمبر۳۔تو ملائکہ عذاب ہماری تکذیب کرنے پر کیوں نہیں لاتا اگر تم سچے ہو۔

## نزولِ ملائکہ پر مہلت ختم ہو جاتی ہے:

۸:مَانُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ (ہم فرشتوں کونہیں اتارتے)

قراءت:ابوبکر کے علاوہ قراء نے مانُنزل پڑھا ابوبکر تنزل تُنزل کا معنی تتنزل غیرھم ان کے غیر پر اترتے ہیں۔اِلَّا بِالْحَقِّ (مگر حق کے ساتھ) مگر وہ اترنا جوحق وحکمت کے ساتھ ملا ہوا ہو وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ (اور اس وقت ان کو مہلت نہیں دی جاتی)اِذًا یہ ان کا جواب ہے اور شرط کی جزاء مقدر ہے۔تقدیر عبارت یہ ہے لو نزلنا الملائكة اگر ہم فرشتوں کو اتاریں ما كانوا منظرين تو ان کو پھر مہلت نہ دی جاتی اس وقت اور نہ ان سے عذاب مؤخر کیا جاتا۔

## قرآن کے ہم محافظ:

۹:اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ (بیشک ہم نے ہی ذکر کو اتارا) ذکر سے مراد قرآن مجید ہے۔وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں) اس میں ان کے انکار اور استہزاء کا رد ہے۔جیسا کہ اس ارشاد میں يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ [الحجر:٦] اسی لئے تو فرمایا:انا نحن ۔تاکیدات سے یہ پختہ کر دیا کہ وہی قطعی طور پر اتارنے والے ہیں اور اسی نے ہی اس کو شیاطین سے محفوظ اتارا ہے۔اور ہر وقت وہی اسکی کسی قسم کے اضافے ونقصان سے حفاظت کرنے والے ہیں۔اور تحریف وتبدیل سے بچانے والے ہیں۔بخلاف پہلی کتابوں کے کہ ان کی حفاظت کی ذمہ داری نہیں لی گئی۔ان کی حفاظت کی ذمہ داری احبار ربانیین پر ڈالی گئی۔انہوں نے ضد کی وجہ سے باہمی اختلاف ڈالا۔پس تحریف کا دروازہ کھل گیا۔مگر قرآن مجید کی حفاظت کی ذمہ داری کسی اور پر نہیں ڈالی گئی۔اور اِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ کو اس بات پر بطور دلیل لائے کہ یہ قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور آیت ونشانی کے اتارا گیا ہے۔اگر یہ کسی انسان کا قول ہوتا یا آیت نہ ہوتا تو اس پر اضافہ ونقصان امنڈ آتا جیسا کہ ہر کلام جو اس کے علاوہ ہے اس پر وارد ہوتا ہے نمبر۲۔یا ضمیر لهٗ میں اشارہ رسول ﷺ کی طرف ہے۔جیسا کہ اس آیت میں وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ [المائدہ:٦٧] میں ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۰ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

اور بلاشبہ ہم نے آپ سے پہلے گزشتہ لوگوں کے گروہوں میں پیغمبر بھیجے اور ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا

اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۱ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۲ لَا يُؤْمِنُوْنَ

جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو، ہم اس طرح اس استہزا کو مجرمین کے دلوں میں چلاتے ہیں، یہ لوگ اس پر ایمان نہیں

بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ

لاتے اور پہلے لوگوں کا طریقہ گزر چکا ہے، اور اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں پھر یہ لوگ دن کے وقت اس میں

يَعْرُجُوْنَ ۝۱۴ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝۱۵

چڑھ جائیں تب بھی یوں کہیں گے کہ بس بات یہ ہے کہ ہماری آنکھوں کی نظر بندی کردی گئی ہے، بلکہ ہم ایسے لوگ ہیں جن پر جادو کردیا گیا ہے۔

### نبوت کا سلسلہ پہلے سے چلا آتا ہے:

۱۰: وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ (ہم نے آپ سے پہلے بھی پچھلی امتوں میں پیغمبر بھیجے) یعنی ہم نے آپ سے پہلے بھی مختلف گروہوں میں انبیاء علیہم السلام بھیجے۔ الشیعۃ وہ گروہ جو کسی مذہب وطریقہ پر متفق ہوں۔

۱۱: وَمَا يَاْتِيْهِمْ (اورنہیں آتا رہا ان کے پاس) یہ ماضی کی حکایت ہے کیونکہ مَا مضارع پر نہیں آسکتا مگر وہ معنی حال میں ہے لا ماضی پر داخل ہوتو وہ بھی معناً حال کے قریب ہوجاتا ہے۔ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (کوئی رسول مگر کہ وہ اس کا مذاق اڑاتے رہے ہیں) اس جملے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پیامِ تسلی ہے۔

### مجرموں میں تکذیب چلی آرہی ہے:

۱۲: كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ (اسی طرح (استہزاء) ڈال دیتے ہیں مجرمین کے دلوں میں) جیسا کفر کو چلایا ان کے دلوں میں نمبر۲۔ استہزاء کو پہلے گروہوں میں نسلكه ہم اس کفر یا استہزاء کو ڈال دیں گے مجرموں کے دلوں میں جو اس کو پسند کریں گے آپ کی امت میں سے۔ کہا جاتا ہے سلکت الخيط في الابرة و اسلكته میں نے دھاگہ سوئی میں ڈال دیا۔ یہ آیت معتزلہ کے عقیدہ اصلح اور خلق افعال کے خلاف اہل سنت کی واضح حجت ہے۔

### مکہ والوں کی تکذیب پر وعید:

۱۳: لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ (یہ لوگ قرآن پر ایمان نہیں لاتے) نمبر۱۔ یا اللہ تعالیٰ پر یہ حال ہے وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ (گزشتہ لوگوں کا طریقہ بھی گزرا) یہ ان کے اس راستہ پر چلے جو ہلاکت کے لئے مقرر کیا گیا تھا جب کہ انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔ یہ دراصل

اہل مکہ کیلئے ان کی تکذیب پر وعید ہے۔

## واضح ترین نشانی دیکھ کر بھی ایمان نہ لائیں گے:

۱۴: وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ (اور اگر ہم کھول دیں ان پر آسمان سے کوئی دروازہ) اگر چہ ہم ان کے سامنے واضح ترین نشانی پیش کردیں جو کہ آسمان سے دروازہ کھلنے کی صورت میں ہو۔ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ (وہ اس میں چڑھنے لگیں) چڑھنے لگیں۔

۱۵: لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا (تو ضرور کہیں گے بیشک ہماری آنکھوں کو جادو کردیا گیا) حیرت میں ڈال دیا گیا یا روک دیا گیا جبکہ یہ السکر سے ہو یا نمبر۲۔ السَّکر ہے بند کرنا۔

قراءت: مکی نے سُكِرَتْ پڑھا۔ ان کو روک دیا گیا جیسا کہ نہر کو چلنے سے روکتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مشرکین عناد میں اس قدر غلو کرنے والے ہیں کہ اگر ان کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیے جائیں اور ان کو سیڑھی میسر آجائے جس کے ذریعہ آسمان کی طرف چڑھ سکیں اور آنکھوں سے وہ سب کچھ دیکھیں تو تب بھی یہ کہہ دیں گے یہ خیالی چیز ہے جس میں ہم مبتلا کردیئے گئے اس میں کوئی حقیقت نہیں اور یہ ضرور کہہ اٹھیں۔ بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ (بلکہ ہم پر جادو کردیا گیا) نمبر۱۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر جادو کردیا ہے۔ نمبر۲۔ ضمیر ملائکہ کی طرف جاتی ہے یعنی اگر ہم ان کو فرشتے آسمان میں چڑھتے ہوئے آنکھوں سے دکھادیں تو پھر بھی کہیں گے مرغ کی ایک ٹانگ۔ ظَلَّ کا لفظ لاکر بتلایا کہ ان کا یہ آسمان میں چڑھنا سفید دن اور سپیدہ صبح میں ہوتا کہ خوب واضح دیکھ پائیں۔ انما کا کلمہ کہا تا کہ اس سے یہ دلالت کردی جائے کہ وہ رات کو یہ بات بناتے ہیں یہ ساری بات آنکھوں پر جادو کے اثر کی وجہ سے ہے۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ

اور بے شک ہم نے آسمان میں ستارے پیدا کئے اور اسے دیکھنے والوں کے لئے زینت والا بنایا اور ہر شیطان مردود سے ہم نے اسے

شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ

محفوظ کر دیا سوائے اس کے جو چوری سے سن لے تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ ہو لیتا ہے، اور ہم نے زمین کو

مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾

پھیلا دیا اور ہم نے اس میں بھاری بھاری پہاڑ ڈال دیئے اور ہم نے اس میں ایک معین مقدار سے ہر قسم کی چیز اگائی

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا

اور ہم نے تمہارے لئے اس میں زندگی کے سامان پیدا کر دیئے، اور جنہیں تم رزق دینے والے نہیں ہو انہیں بھی ہم نے رزق دیا اور کوئی چیز ایسی نہیں جس کے خزانے

خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ

ہمارے پاس نہ ہوں اور ہم اس کو صرف مقدار معلوم ہی کے بقدر نازل کرتے ہیں، اور ہم نے ہواؤں کو بھیج دیا جو بادلوں کو پانی سے بھر دیتی ہیں پھر ہم نے

السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ

آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے تمہیں وہ پانی پلایا تم اتنا پانی جمع کرنے والے نہیں ہو اور بلاشبہ ہم زندہ کرتے ہیں اور موت دیتے ہیں

وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

اور ہم ہی وارث ہیں، اور بلاشبہ ہمیں معلوم ہیں جو تم میں سے پہلے تھے اور بلاشبہ ہمیں وہ لوگ معلوم ہیں جو تمہارے بعد آنے والے ہیں،

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع ۲/۲

اور بلاشبہ آپ کا رب ان سب کو جمع فرمائے گا، بے شک وہ حکیم ہے علیم ہے۔

## آسمانی برج بنا کر شیاطین سے حفاظت کر دی:

۱۶: وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ (واقعۃً ہم نے آسمان میں بنائے) اس میں پیدا کئے بُرُوْجًا (برج) ستارے نمبر۲۔ ایسے محلات جن میں پہریدار ہیں نمبر۳۔ ستاروں کی منازل وَّ زَيَّنّٰهَا (اور اس کو زینت دی) آسمان کو لِلنّٰظِرِيْنَ (دیکھنے والوں کیلئے)

۱۷: وَحَفِظْنٰهَا (اور ہم نے اسکی حفاظت کی) آسمان کی مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ (ہر شیطان مردود سے) ملعون نمبر۲۔ ستاروں سے جس کو سنگسار کیا جاتا ہے۔

۱۸: اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ (مگر جس نے چرایا بات کو) جو سنی ہوئی چیز ہے۔ مَن یہ استثناء کی وجہ سے محل نصب میں ہے۔ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ پس اس کا پیچھا کرتا ہے شہاب) وہ ستارہ پھر وہ لوٹ جاتا ہے۔ مُّبِيْنٌ (ظاہر) دیکھنے والوں کیلئے۔ ایک قول یہ ہے کہ شیاطین کو آسمان کی طرف سے نہ روکا جاتا تھا۔ جب عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو تین آسمانوں سے روک دیئے گئے۔ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو تمام آسمانوں سے روک دیے گئے۔

## زمین بچھا کر اس میں پہاڑ گاڑ دیئے:

۱۹: وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا (اور ہم نے زمین کو بچھایا) کعبہ کے نیچے سے اس کو پھیلایا۔ جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ پانی پر اس کو کھینچ کر دراز کر دیا۔ وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ (اور ہم نے اس میں پہاڑ ڈال دیے) یعنی زمین میں۔ قائم رہنے والے پہاڑ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ (اور اس میں پیدا کی ہر چیز مناسب) میزان حکمت سے وزن کر کے اور ایسی مقدار سے اندازہ کیا جو اس کا تقاضا تھا جس میں زیادتی و کمی نہ پائی جاتی تھی۔ نمبر۲۔ موزون کا مطلب یہ ہے کہ ہر چیز کا وزن اور مقدار مقرر ہے جو منفعت و نعمت کے سلسلہ میں طے شدہ ہے۔ نمبر۳۔ جنکا وزن کیا جاتا ہے مثلاً زعفران، سونا، چاندی، تانبہ، لوہا وغیرہ۔

**سوال**: وزن کو کیوں خاص کیا؟

**جواب**: وزن کو اس لئے خاص کیا کیونکہ کیل کی انتہاء وزن پر ہوتی ہے۔

## انسانی رزق زمین میں رکھے:

۲۰: وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا (اور بنا دیے اس میں) یعنی زمین میں مَعَايِشَ (اسباب زندگی) جمع معیشة کھانے پینے کی چیزیں۔ یہ یائے صریحہ کے ساتھ ہے بخلاف خبائث وغیرہ کے۔ اس میں صراحۃً یاء پڑھنا غلطی ہے۔ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ (اور ان کو بھی پیدا کیا جن کو تم رزق دینے والے نہیں ہو) مَن یہ معایش پر عطف ہونے کی وجہ سے محل نصب میں ہے یا لکم کے محل کی وجہ سے گویا عبارت اس طرح تھی وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَ جَعَلْنَا لَكُمْ مَّنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ اور زمین میں ہم نے پیدا کیا تمہارے لئے اسبابِ معیشت اور پیدا کیا ان جانوروں کو جن کو تم رزق دینے والے نہیں۔

نمبر۲۔ جَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ اور ہم نے پیدا کئے زمین میں اسبابِ معیشت اور ان کے لئے بھی جن کو تم رزق دینے والے نہیں یعنی اہل و عیال، غلام و خدام جو لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کو رزق دے رہے ہیں وہ غلطی میں مبتلا ہیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی رازق ہیں وہی اُن کو اور اِن کو رزق دیتے ہیں۔ اسمیں چوپائے بھی شامل ہیں وغیرہ ذلک۔ مگر یہ درست نہیں کہ مَن کو محل جر میں مان لیں۔ اس طرح کہ لکم کی کم ضمیر پر عطف ہو کیونکہ ضمیر مجرور پر عطف جائز نہیں صرف ایک صورت ہے کہ جار کو دوبارہ لایا جائے۔

## ہمارے پاس ہر چیز کا خزانہ ہے:

۲۱: وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (کوئی چیز ایسی نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہوں

اور ہم اس کو ایک معلوم مقدار کے مطابق اتارتے ہیں) خزائن کا ذکر بطور تمثیل ہے۔ مطلب یہ ہے جو چیز بندوں کے فائدہ کی ہے اس کو ہم تکوین و ایجاد کی قدرت رکھتے ہیں۔ اور اس کا انعام کر سکتے۔ ہم ایک معلوم مقدار کے مطابق اس کو عطا کرتے ہیں خزائن کو بطور مثال کے بیان کرنے کا مقصد ہر مقدور پر اقتدار الٰہی کا ثابت کرنا ہے۔

## رس بھری ہواؤں سے بارش اُتاری:

۲۲: وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ (اور ہم ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو پانی سے بھری ہوتی ہیں) لواقح جمع لاقحة یعنی ہم نے ہوائیں بھیجیں جو بادل اٹھانے والی ہیں کیونکہ وہ ہوائیں بادلوں کو اپنے پیٹ و جوف میں رکھتی ہیں گویا کہ وہ بادلوں کو حاملہ کرنے والیاں ہیں یہ لقحت الناقة اونٹی حاملہ ہوئی۔ لاقحہ کی ضد عقیم ہے۔

قراءت: حمزہ نے الرِّیْحَ پڑھا ہے۔

فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ (پھر ہم نے بادل سے پانی اتارا اور اس سے تم کو سیراب کیا) پس اس کو تمہارے لئے سیرابی بنایا۔ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِیْنَ (تم اس کو جمع کرنے والے نہیں ہو) انسانوں سے اس چیز کی نفی کی جس کو اپنی ذات کیلئے اس آیت میں ثابت کیا۔ وان من شئی الا عندنا خزائنه گویا اس طرح فرمایا۔ نحن الخازنون للماء ۔ عَلٰی معنًی ہم اس کو آسمان میں پیدا کرنے کی قدرت رکھتے ہیں اور ہم آسمان سے اس کو اتارنے کی قدرت رکھتے ہیں تم اس بات پر قدرت نہیں رکھتے۔ یہ بات اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت اور انسانوں کی عاجزی پر دلیل ہے۔

## ہم اگلے پچھلے سب کو جانتے ہیں:

۲۳: وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْیٖ وَنُمِیْتُ (اور بلاشبہ ہم ہی زندہ کرتے اور موت دیتے ہیں) نمبر۱۔ وجود دے کر زندہ کرتے اور فناء کے گھاٹ پر اتار کر موت دیتے ہیں۔ نمبر۲۔ وقت مقررہ کے پورے ہونے پر موت دیتے ہیں۔ اور جزائے اعمال کے لئے زندہ کریں گے۔ اس صورت میں تقدیم و تاخیر مانی جائے گی اس لئے کہ واؤ مطلق جمع کیلئے ہے۔ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ (اور ہم ہی باقی رہنے والے ہیں) تمام مخلوق کی ہلاکت کے بعد باقی رہنے والے ہیں۔ اور باقی کو وارث کہا جاتا ہے وارث یہ وارث المیت سے بطور استعارہ استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ وہ اس کے بعد باقی رہنے والا ہوتا ہے۔

۲۴: وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِیْنَ (ہم تمہارے پہلوں کو بھی جانتے ہیں اور پچھلوں کو بھی ہم ہی جانتے ہیں) جو موت اور ولادت کے لحاظ سے متقدم و متاخر ہیں۔ نمبر۲۔ جو اپنے آباء کی اصلاب سے پیدا ہو چکے اور جو ابھی تک نہیں نکلے نمبر۴۔ اسلام میں مقدم یا طاعت میں آگے بڑھنے والے۔ نمبر۵۔ صف جماعت میں آگے بڑھنے والے۔ نمبر۶۔ صف کارزار میں آگے بڑھنے والے اور پیچھے ہٹنے والے۔

## تمام کو میدانِ حشر میں جمع کریں گے:

۲۵: وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ یَحْشُرُهُمْ (اور بیشک آپ کا رب وہی انکو جمع کرے گا) وہ اکیلا ان کے حشر پر قدرت رکھتا ہے اور ان کے

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ

اور بلاشبہ ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا جو سیاہ رنگ کے سڑے ہوئے گارے سے بنی تھی، اور ہم نے جن کو

خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ

اس سے پہلے آگ سے پیدا کیا جو ایک گرم ہوا سے تھی، اور جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ بلاشبہ میں بشر کو

بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِیْ

بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں جو سیاہ رنگ کے سڑے ہوئے گارے سے ہوگی، سو جب میں اسے پوری طرح بنا دوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں

فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ

تو اس کے لئے سجدہ میں گر پڑنا سو تمام فرشتوں نے اکٹھے ہو کر سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہیں کیا، اس نے اس بات سے انکار کیا کہ

يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ

وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہو، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس تجھے اس بات پر کس نے آمادہ کیا کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہوا، ابلیس نے کہا میں

اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ

ایسے بشر کو سجدہ کرنے والا نہیں ہوں جسے آپ نے بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا جو سیاہ رنگ کے سڑے ہوئے گارے سے بنی ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا سو تو اس سے

مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾

نکل جا کیونکہ تو مردود ہے اور قیامت کے دن تک تجھ پر لعنت رہے گی،

اعداد کا احاطہ کرنے والا ہے۔اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ (بیشک وہ حکمت والا علم والا ہے) غالب حکمت وسیع علم والا ہے۔

### تخلیق آدم علیہ السلام:

۲۶: وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ (تحقیق ہم نے انسان کو پیدا کیا) یعنی آدم علیہ السلام مِنْ صَلْصَالٍ (بجنے والی مٹی سے) خشک مٹی جس کو آگ نہ پہنچی ہو مِّنْ حَمَاٍ (سیاہ گارے سے) یہ صلصال کی صفت ہے ای خلقه من صلصال كائن من حمأ ای طین اسود متغیر اس کو پیدا کیا گارے سے جو بننے والی تھی سیاہ رنگ متغیر مٹی سے مَّسْنُوْنٍ (پتلا جس میں نقوش بنا دیے جائیں) جسمیں تصویر بنا دی جائے۔شروع میں تراب تھی جب اس کو پانی سے گوندھ دیا گیا تو طین بن گئی تو پھر پڑی رہی تو سیاہ کیچڑ بن کر حماء کہلائی جب اس کا نچوڑ نکالا تو سلالہ ہوگئی اس میں صورت بنائی تو مسنون کہلائی جب سخت ہوئی تو صلصال کہلائی پس

مختلف مقامات پر ایجاز و تفصیل میں ان میں سے جو تعبیر لائی جائے ان میں تناقض نہیں۔

## جنات کے باپ کی پیدائش:

۲۷: وَالْجَآنَّ (اورابوالجن کو) جنات کے باپ کو جیسا کہ انسانوں کیلئے ان کے باپ آدم کو نمبر۲۔ ابلیس مراد ہے۔ یہ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ کے فعل سے منصوب ہے۔ من قبل سے من قبل آدم آدم علیہ السلام سے پہلے مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ (گرم ہوا سے) مسام میں گھس جانے والی سخت گرم ہوا۔ کہا گیا ہے کہ یہ گرم لو نار کی سترھویں جزء میں سے ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے جنات کے باپ کو پیدا کیا۔

## فرشتوں کو حکم سجدہ:

۲۸: وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ (اور جب کہا تیرے رب نے) اس وقت کو یاد کرو جب یہ بات کہی گئی لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ (فرشتوں کو بیشک میں ایک بشر بنانے والا ہوں بجتی ہوئی مٹی کے سیاہ گارے سے۔

۲۹: فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ (پس جب میں اس کو پورا بنادوں) اسکی خلقت کو پورا کردوں اور ہیئت کو صحیح کردوں تاکہ اس میں روح پھونکی جائے۔ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِىْ (اوراس میں اپنی طرف سے روح ڈال دوں) اس میں روح ڈال کر زندہ کردوں۔ اس جگہ نفخ نہیں بلکہ تمثیل ہے اور اضافت اضافتِ تخصیص ہے۔ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ (تم اس کے سامنے سجدہ ریز ہو جانا) یہ وقع یقع سے امر ہے ای اسقطوا علی الارض یعنی اسجدوا له اس کو سجدہ کرو اور فاء کو جواب اذا ہونے کی وجہ سے داخل کیا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ امر کا فعل کے وقت سے پہلے ہونا جائز ہے۔

## ملائکہ کا سجود:

۳۰: فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ (پس تمام کے تمام فرشتوں نے سجدہ کیا) ملائکہ جمع عام ہے اس میں تخصیص کا احتمال ہے تخصیص کو کلھم سے ختم کر دیا اور کل کا لفظ تفرق کی تاویل کا احتمال رکھتا ہے۔ اس کو اجمعون سے ختم کر دیا۔

## انکارِ ابلیس:

۳۱: اِلَّآ اِبْلِيْسَ (مگر ابلیس) استثناء کا ظاہر تو دلالت کرتا ہے کہ وہ ملائکہ میں سے تھا۔ کیونکہ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ کی جنس سے ہوتا ہے۔ حضرت حسن رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ استثناء منقطع ہے۔ وہ ملائکہ میں سے نہ تھا۔

**جواب**: غیر مامور ترکِ امر سے ملعون نہیں ہوسکتا۔ صاحب کشاف نے کہا وہ فرشتوں کے مابین مامور بالسجود تھا۔ ملائکہ کا لفظ اس پر تغلیباً بول دیا۔ پھر تغلیب کے بعد استثناء کر دیا۔ جس طرح کہتے ہیں: رأیتهم الا هندا۔

اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ (اس نے سجدہ کرنے والوں میں شامل ہونے سے انکار کر دیا) حرف جر اَنْ کے ساتھ محذوف ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے مالك فی الا تکون مع الساجدین یعنی کیا مقصد ہے تیرا سجدہ کے انکار سے؟

## ابلیس سے سوال:

۳۲: قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَالَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ۔

## ابلیس کا شکار پر اصرار:

۳۳: قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَ سْجُدَ (اس نے کہا میں سجدہ نہیں کرسکتا) لام تاکید نفی کیلئے ہے یعنی میرا سجدہ کرنا درست نہیں لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ (ایک ایسے انسان کو جس کو تو نے کھنکھناتی ہوئی سڑی کیچڑ سے بنایا ہے)

۳۴: قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا (اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو نکل جا اس سے) نمبرا۔ آسمان سے نمبر۲۔ جنت سے نمبر۳۔ ملائکہ کے گروہ سے۔ فَاِنَّكَ رَجِیْمٌ (تو مردود ہے) اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دھتکارا ہوا ہے۔ مطلب یہ ہے تو ملعون ہے کیونکہ لعنت کا معنی رحمت سے دور ہٹانا ہے اور دور کرنا ہے۔

## سزائے انکار:

۳۵: وَّ اِنَّ عَلَیْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ (اور روز جزاء تک تم پر لعنت یقینی ہے) یوم الدین کو لعنت کی حد کے طور پر بیان کیا کیونکہ کلام میں سب سے بعید ترین غایت لوگ یہی بیان کرتے ہیں مراد اس سے یہ ہے کہ تو قابل مذمت ہے۔ آسمانوں اور زمین میں قیامت تک ملعون پکارا جائے گا بغیر اس کے کہ تمہیں سزا دی جائے۔ جب وہ دن آ جائے گا تو تمہیں ایسی سزا دی جائے گی جس سے لعنت کو بھول جائے گا۔

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِیْۤ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ۳۶ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ۳۷ اِلٰی یَوْمِ

ابلیس نے کہا کہ اے رب سو آپ مجھے اس دن تک کی مہلت دے دیجئے جس دن تک لوگ اٹھائے جائیں گے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا سو بلاشبہ تجھ کو معین وقت کی تاریخ تک

الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۳۸ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَغْوَیْتَنِیْ لَاُزَیِّنَنَّ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ

مہلت دی گئی، شیطان نے کہا کہ اے رب اس سبب سے کہ آپ نے مجھے گمراہ کیا میں ان کے لئے زمین میں ضرور ضرور مزین کروں گا

وَلَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۳۹ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِیْنَ ۴۰ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ

اور ضرور ضرور ان سب کو گمراہ کروں گا سوائے آپ کے ان بندوں کے جو منتخب کر لئے گئے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ سیدھا راستہ ہے

عَلَیَّ مُسْتَقِیْمٌ ۴۱ اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ

جو مجھ تک پہنچانے والا ہے بلاشبہ میرے بندوں پر تیرا بس نہ چلے گا سوائے گمراہوں کے

مِنَ الْغٰوِیْنَ ۴۲ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۴۳ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ط

جو تیرا اتباع کریں گے اور بلاشبہ سب سے جہنم کا وعدہ ہے، اس کے سات دروازے ہیں

لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ۴۴ ع

ہر دروازے کے لئے ان میں سے ایک ایک حصہ تقسیم کر دیا گیا ہے۔

ع ۳ ۔ ۲

## طالبِ مہلت کو مہلت تا قیامت :

۳۶: قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِیْۤ (اس نے کہا اے میرے رب تو مجھے مہلت دے) مجھے مؤخر کر دے اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ (دوبارہ اٹھنے کے دن تک)۔

۳۷: قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ (اس نے کہا تو مہلت یافتہ گروہ میں سے ہے)

۳۸: اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ (ایک معلوم وقت کے دن تک) مراد یوم الدین ہے اصل یوم الدین اور یوم یبعثون اور یوم الوقت المعلوم ایک ہی معنی میں ہیں لیکن بلاغت کے طرز پر مختلف عبارات لائی گئیں۔ ایک قول یہ ہے اس نے اس دن تک مہلت مانگی جسمیں مخلوق کو اٹھایا جائے گا تا کہ اس پر موت نہ آئے کیونکہ بعث کے دن کسی پر موت نہ آئے گی مگر اس کی یہ بات قبول نہ کی گئی اور ایام تکلیف کے آخری دن تک اس کو مہلت دی گئی۔

## اغرائے انسانی پر قسم:

۳۹: قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِىْ (اس نے کہا اے میرے رب چونکہ تو نے مجھے گمراہ کر ہی دیا ہے) باء قسم کیلئے ہے اور ما مصدر یہ ہے اور جواب قسم لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ ہے۔ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ (میں ضرور بضرور ان کے لئے آراستہ کرونگا) مطلب یہ ہے مجھے اغواء کرنے کی قسم میں ضرور بضرور ان کے لئے گناہوں کو مزین کروں گا۔ دوسرے مقام پر اس کے قول کا یہ مطلب ہے بما اغویتنی لازینن لھم اور فبعزتك لاغوینھم [ص:۸۲] اس میں تو دونوں برابر ہیں کہ دونوں قسمیں ہیں مگر فرق یہ ہے کہ ایک قسم صفت ذات کے ساتھ ہے اور دوسری صفت فعل کے ساتھ ہے۔ اور فقہاء نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

علمائے عراق کہتے ہیں صفت ذات کا حلف جیسے قدرت، عظمت، عزت وغیرہ تو قسم ہے۔ اور صفت فعل کے ساتھ حلف جیسے رحمت، ناراضی وغیرہ یہ قسم نہیں۔ الاصح بات یہ ہے کہ قسم کا دارومدار عرف پر ہے۔ جس کو لوگ بطور قسم جانتے ہوں وہ قسم شمار ہوگی اور جس کو لوگ ایسا نہ جانیں وہ قسم نہ ہوگی۔ ردمعتزلہ: یہ آیت خلقِ افعال میں معتزلہ کے خلاف حجت ہے۔ جبکہ وہ اسکی تاویل تسبب سے کرتے ہیں اور کلام کو ظاہر سے پھیرتے ہیں۔ فِى الْاَرْضِ (زمین میں) اس دنیا میں جو کہ دار الغرور ہے۔ نمبر۲۔ میں تو آدم کے ساتھ حیلہ بازی پر طاقت رکھتا ہوں اور درخت کو کھانے والا عمل میری تزیین سے ہوا۔ جبکہ وہ ابھی آسمان میں تھے۔ تو زمین پر اسکی اولاد کے سلسلہ میں تزیین کی زیادہ قدرت رکھتا ہوں۔ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ (میں ضرور ان تمام کو گمراہ کر ڈالوں گا)

۴۰: اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ (مگر ان میں سے تیرے چنے ہوئے بندے)

قراءت: بصری و مکی و شامی نے مُخْلِصِيْنَ پڑھا۔ لام کے کسرہ کے ساتھ۔ شیطان نے خاص بندوں کو مستثنیٰ کیا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ اسکا فریب ان پر کارگر نہ ہوگا اور نہ وہ قبول کریں گے۔

## شیطانی پیروکاروں کی سزا جہنم:

۴۱، ۴۲: قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَىَّ مُسْتَقِيْمٌ۔ اِنَّ عِبَادِىْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ مجھ تک پہنچنے کا سیدھا راستہ ہے میرے ان بندوں پر تیرا ذرا بھی بس نہ چلے گا مگر جو گمراہ لوگوں میں سے تیرے راستہ پر چلنے لگے) یعنی اس راستہ کے متعلق میں نے اپنے اوپر لازم کر لیا کہ میں اسکی نگرانی کروں اور وہ یہ ہے کہ میرے بندوں پر تمہیں دسترس نہ ہو البتہ جو گمراہی کی وجہ سے تیری اتباع کو اختیار کر لے۔ نمبر۲۔ عَلَىَّ کا معنی اِلَىَّ ہے

قراءت: یعقوب نے عَلِيٌّ پڑھا ہے۔ اس صورت میں یہ فضیلت اور مرتبہ کی بلندی سے ہوگا۔ یعنی یہ راستہ بلندی والا سیدھا ہے۔

۴۳: وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ (اور بیشک جہنم کا ان سب سے وعدہ ہے) اسمیں ضمیر ھم غاوین کی طرف راجع ہے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا

بلاشبہ تقویٰ اختیار کرنے والے باغوں میں اور چشموں میں ہوں گے، تم اس میں داخل ہو جاؤ سلامتی کے ساتھ، اس حالت میں کہ امن سے رہنے والے ہو، اور ہم وہ

مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا

کینہ نکال دیں گے جو ان کے سینوں میں تھا، بھائی بھائی بن کر رہیں گے تختوں پر آمنے سامنے ہوں گے، انہیں وہاں کوئی تکلیف

نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾

نہ پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے، آپ میرے بندوں کو خبر دے دیجئے کہ بلاشبہ میں غفور ہوں رحیم ہوں

وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾

اور بلاشبہ میرا عذاب وہ دردناک عذاب ہے

### ذرا تفصیل جہنم:

۴۴: لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ (اس کے سات دروازے ہیں اور ہر دروازے کیلئے ان میں سے) ھُم سے ابلیس کے پیروکار مراد ہیں۔ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ (ایک جزء تقسیم کیا ہوا ہے) حصہ مقررہ بانٹا ہوا۔ دوسرا قول آگ کے دروازے اس کے طبقات اور درکات ہیں۔ اس کا بالائی حصہ تو ان موحدین کیلئے ہے جو گناہوں کی وجہ سے بقدر گناہ عذاب دیے جائیں گے پھر ان کو نکال لیا جائے گا۔ اور دوسرا یہود کیلئے ہے تیسرا نصاریٰ کیلئے۔ چوتھا صابئین اور پانچواں مجوس اور چھٹا مشرکین اور ساتواں منافقین کیلئے ہوگا۔

### جنت اور اس کے انعامات کا تذکرہ:

۴۵: اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ (بیشک متقی لوگ باغات اور چشموں میں ہونگے) قراءت مدنی، حفص وبصری نے عیون میں عین کا ضمہ پڑھا ہے ابن کثیر، حمزہ وکسائی نے عِیُون عین کے کسرہ سے پڑھا ہے۔

المتقیؔ سے یہاں مطلق مراد ہے۔ یعنی جو منہیات سے بچتا ہے۔ کتاب الشرح میں ہے اگر اہل کبائر کو [لھا سبعۃ ابواب لکل باب منھم جزء مقسوم] میں شامل مان لیں پھر متقین سے مراد وہ لوگ ہونگے جو کبائر سے بچتے ہیں۔ ورنہ متقین سے مراد شرک سے بچنے والے ہونگے۔

۴۶: اُدْخُلُوْهَا (تم اس میں داخل ہو جاؤ) یعنی ان کو کہا جائے گا تم داخل ہو جاؤ بِسَلٰمٍ (سلامتی کیساتھ) یہ حال ہے یعنی اس حال میں کہ وہ سالم ہونگے نمبر۲۔ اس حال میں کہ تم کو سلام کیا جائے گا فرشتے تمہیں سلام کریں گے۔ اٰمِنِيْنَ (تم محفوظ ہوگے) ان دونوں سے نکلنے سے محفوظ ہوگے اور اس میں آفات سے بچے رہو گے یہ دوسرا حال ہے۔

## سینے کی کینے سے صفائی:

۴۷: وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ (اور ہم کھینچ لیں گے جو کچھ کہ ان کے سینوں میں کینہ ہوگا) الغل اس کینے کو کہتے ہیں جو دل میں چھپا ہوا گر ان میں سے کسی کے سینے میں دوسرے کے متعلق رہا ہوگا تو اللہ تعالیٰ جنت میں ان کے دلوں سے وہ کھینچ لیں گے اور ان کے نفوس کو پاک کر دیں گے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے امید ہے کہ میں، عثمان، طلحہ اور زبیر انہی لوگوں میں سے ہونگے بعض نے کہا اس کا معنی ہے ان کے دلوں کو اللہ تعالیٰ اس سے پاک کر دیں گے کہ درجاتِ جنت کے متعلق دوسروں پر حسد کریں۔ اور ہر کینہ ان سے کھینچ لے گا اور اسکی بجائے مودت و محبت ڈال دے گا۔

اِخْوَانًا (وہ بھائی بھائی ہونگے) یہ حال ہے۔ عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ (مسہریوں پر ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہونگے) یہ بھی اسی طرح حال ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ تخت ادھر پھر جائیں گے جہاں اور جدھر وہ پھریں گے پس وہ تمام حالات میں آمنے سامنے رہیں گے اور ایک دوسرے کو دیکھیں گے۔

۴۸: لَا یَمَسُّهُمْ فِیْهَا نَصَبٌ (نہیں چھوئے گی ان کو تھکاوٹ) یعنی جنت میں نصب کا معنی تھکاوٹ ہے وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِیْنَ (اور نہ وہ اس سے نکالے جائیں گے) تکمیل نعمت ہمیشہ رہنے سے ہوگی۔

## اعلانِ بخشش:

۴۹، ۵۰: جب وعدے اور وعید کا مکمل ذکر کر دیا تو فرمایا نَبِّئْ عِبَادِیْۤ اَنِّیْۤ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ (میرے بندوں کو اطلاع دے دو کہ بیشک میں ہی بہت بڑا بخشنے والا ہوں۔۔ وَاَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ (اور میرا عذاب بھی بڑا دردناک ہے) جو ذکر کیا گیا اسکی پختگی دلوں میں اور بٹھانے کیلئے یہ لائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **لو یعلم العبد قدر عفو اللّٰہ لما توزع عن حرام ولو یعلم قدر عذابہ لبخع نفسہ فی العبادۃ ولما اقدم علی ذنب** ۔ اگر بندہ اللہ تعالیٰ کی معافی کی مقدار جان لے تو حرام سے بالکل نہ بچے اور بندہ اس کے عذاب کی مقدار جان لے تو اپنے کو عبادت سے ہلاک کر ڈالے اور کسی ادنی گناہ کا بھی ارتکاب نہ کرے۔ (ابن جریر)

وقف لازم

وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ

اور ان کو ابراہیم کے مہمانوں کی بھی اطلاع دے دیجئے جب وہ ان پر داخل ہوئے تو انہوں نے سلام کیا، ابراہیم نے کہا کہ بلاشبہ ہم تو تم سے ڈر رہے

وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى

ہیں انہوں نے کہا ڈرو مت بے شک ہم تمہیں ایک ایسے لڑکے کی بشارت دے رہے ہیں جو صاحب علم ہوگا، ابراہیم نے کہا کیا تم مجھے اس حالت میں بشارت دے رہے ہو

اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ

جبکہ مجھے بڑھاپا پہنچ گیا ہے سو تم کس چیز کی بشارت دیتے ہو، انہوں نے کہا کہ ہم نے تمہیں امر واقعی کی بشارت دی ہے سو تم ناامیدوں میں سے

الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾

مت ہو جاؤ، ابراہیم نے کہا اور اپنے رب کی رحمت سے ان لوگوں کے سوا کون ناامید ہوگا جو گمراہ ہیں

## ابراہیم علیہ السلام اور ان کے مہمانانِ گرامی:

۵۱: وَنَبِّئْهُمْ (اور ان کو اطلاع دو) اپنی امت کو خبر دو۔ اس کا عطف نبیٔ عبادی پر ہے تاکہ قوم پر جو عذاب آیا اس سے عبرت حاصل کریں مجرمین اللہ تعالیٰ کے انتقام اور ناراضگی سے عبرت پکڑیں اور ان کو یقین ہو جائے اس کا عذاب انتہائی دردناک ہے۔ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ (ابراہیم کے مہمانوں کے متعلق) مہمان فرشتے جبرئیل علیہ السلام اور گیارہ فرشتے ان کے ساتھ تھے۔ ضیف کالفظ واحد وجمع آتا ہے۔ کیونکہ یہ ضافه کا مصدر ہے۔

۵۲: اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا (جب کہ وہ ان کے پاس داخل ہوئے اور انہوں نے سلام کہا) یعنی ہم آپ کو سلام کہتے ہیں۔ نمبر۲۔ ہم سلام کرتے ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام نے کہا قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ (بلاشبہ ہم تم سے ڈرتے ہیں) خوف زدہ ہیں کھانا نہ کھانے کی وجہ سے نمبر۲۔ کیونکہ وہ بلا اذن اور بے وقت داخل ہوئے۔

۵۳: قَالُوْا لَا تَوْجَلْ (انہوں نے کہا تم مت ڈرو) خوف نہ کرو۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ (بیشک ہم تمہیں بشارت دیتے ہیں) یہ اس معنی میں جملہ مستانفہ ہے کہ خوف کی نہی کی علت بیان کی گئی ہے۔ یعنی تو امن والا بشارت والا ہے۔ پس ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں۔

قراءت: حمزہ نے نون کے فتحہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ (ایک علم والا لڑکا) اس سے مراد اسحاق علیہ السلام ہیں کیونکہ سورۂ ہود میں فرمایا فبشرنٰها باسحاق [سورۃ ہود: ۷۱]

## بڑھاپے میں بیٹے کی بشارت:

۵۴: قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ (کیا تم مجھے بشارت دیتے ہو باوجودیکہ مجھے بڑھاپا آ گیا) یعنی بڑھاپے کے باوجود مجھے خوشخبری دیتے ہو کہ میرے ہاں بچہ ہوگا؟ مطلب یہ ہے کہ بڑھاپے میں اولاد عادۃً ایک عجیب بات ہے فَبِمَ

تُبَشِّرُوْنَ (تم کس سبب سے بشارت دے رہے ہو) ما استفہامیہ ہے جس میں تعجب کا معنی پیدا ہو گیا۔ گویا اس طرح کہا گیا۔ فبای اعجوبة تبشرون۔ پس کونسی عجیب بات کی تم بشارت دیتے ہو؟

قراءت: نون کے کسرہ اور تشدید کے ساتھ مکی نے پڑھا ہے اور اصل تبشروننی نون جمع کو نون وقایہ میں ادغام کر دیا پھر یاء کو حذف کر کے کسرہ کو بطور دلیل باقی رہنے دیا گیا۔ نافع نے تبشرون کو تخفیف کے ساتھ پڑھا اور اصل اتبشروننی ہے یاء کو کسرہ کے بدلہ حذف کر دیا اور نون جمع کو اجتماع نونین کی وجہ سے حذف کر دیا۔ باقی تمام قراء نے فتحۂ نون اور حذف یائے مفعول کے ساتھ اور نون تو نون جمع ہے۔

۵۵: قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ (انہوں نے کہا ہم تمہیں سچی بات کی خوشخبری دیتے ہیں) ایسے یقین کی جسمیں التباس نہیں۔ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ (پس تم امید توڑنے والوں میں سے نہ بنو) اس سے مایوس ہونے والے مراد ہیں۔

## رحمت ربّ سے کافر مایوس ہیں:

۵٦: قَالَ (کہا) ابراہیم علیہ السلام نے۔ وَمَنْ يَّقْنَطُ (اور نہیں ناامید ہوتا) قراءت بصری اور علی نے نون کے کسرہ سے پڑھا۔ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ (اپنے رب کی رحمت سے مگر گمراہ) مگر سیدھے راستہ سے ہٹے ہوئے لوگ نمبر٢۔ کافر۔ جیسا کہ اس ارشاد میں فرمایا۔ انه لا يايئس من روح الله الا القوم الكافرون [یوسف:٨٧] یعنی میں اس کو رحمت الٰہی سے مایوسی کی بناء پر اوپر انہیں سمجھ رہا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی عادت جاریہ کے اعتبار سے بعید سمجھتا ہوں۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝٥٧ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝٥٨

ابراہیم نے کہا کہ اے بھیجے ہوئے فرشتو تمہارا آنا کس اہم کام کے لئے ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ بلاشبہ ہم مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝٥٩ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝٦٠ ع ۴ ١٦

مگر آل لوط کا خاندان، بلاشبہ ہم ان سب کو بچالینے والے ہیں سوائے ان کی بیوی کے ہم نے اس کے بارے میں تجویز کر رکھا ہے کہ بلاشبہ وہ مجرمین میں رہ جانے والی ہے

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلُوْنَ ۝٦١ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝٦٢ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ

سو جب وہ بھیجے ہوئے فرشتے خاندان لوط کے پاس آئے تو کہنے لگے بے شک تم تو اجنبی آدمی ہو، انہوں نے کہا کہ نہیں! بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر

بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝٦٣ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝٦٤ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ

آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور ہم آپ کے پاس یقینی ہونے والی چیز لے کر آئے ہیں اور ہم سچے ہیں، سو آپ رات کے کسی حصے میں اپنے گھر والوں کو

بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝٦٥

لے کر نکل جایئے اور آپ ان کے پیچھے ہو لیجئے اور تم میں سے کوئی بھی پیچھے پھر کے نہ دیکھے اور تمہیں جس جگہ جانے کا حکم ہوا ہے اسی طرف

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝٦٦

چلے جانا، اور ہم نے لوط کے پاس اپنا حکم بھیج دیا کہ صبح ہوتے ہی ان لوگوں کی جڑ کٹ جائے گی،

۵٧: قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ (ابراہیم علیہ السلام نے کہا اے فرشتو! تمہارا کیا معاملہ ہے) کیا مقصد ہے اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ (اے قاصدو!)۔

### قوم لوط کے عذاب کا واقعہ:

۵٨: قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ (انہوں نے کہا بیشک ہمیں مجرم قوم کی طرف بھیجا گیا ہے) یعنی قوم لوط۔

۵٩: اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ (مگر آل لوط) مراد اس سے آپ کے اہل میں سے جو مومن تھے۔ یہ استثناء منقطع ہے کیونکہ یہ قوم جرائم پیشہ تھی اور مستثنیٰ اسطرح نہیں۔ نمبر٢۔ مستثنیٰ متصل ہے۔ پھر یہ مجرمین کی ضمیر سے مستثنیٰ ہے۔ گویا اسطرح کہا الی قوم قد اجر موا کلھم الا آل لوط وحدھم ایسی قوم کی طرف جن تمام نے جرم کیا ہے مگر صرف آل لوط۔

مطلب دونوں استثناء کی صورت میں الگ لگ ہوگا۔ کیونکہ منقطع کی صورت میں آل لوط کو حکم ارسال سے نکالا جائے گا۔ تقدیر عبارت یہ ہوگی۔ انھم ارسلوا الی القوم المجرمین خاصة ولم یرسلوا الی آل لوط اصلاً اور معنی یہ ہوگا۔ ان کا بھیجنا قوم مجرمین کی طرف ہوگا جیسا کہ تیر کو نشانہ کی طرف پھینکا جاتا ہے اسطرح کہ وہ تعذیب واہلاک کے معنی میں ہوگا۔ گویا

عبارت اس طرح ہے۔انا اهلكنا قومًا مجرمين ولكن آل لوط انجيناهم ۔بیشک ہم نے مجرم قوم کو ہلاک کر دیا۔لیکن آل لوط کو ہم نے بچالیا۔

استثنائے متصل وہ ارسال کے حکم میں داخل ہونگے ۔یعنی ملائکہ کو ان تمام کی طرف بھیجا گیا تا کہ وہ ان کو ہلاک کریں اور دوسرے نجات پائیں۔ جب استثناء منقطع ہوگا تو انا لمنجوهم اجمعين خبر کے قائم مقام ہوگا۔اور استثناء متصل میں آل لوط سے متعلق ہوگا۔ کیونکہ مطلب یہ ہے لیکن آل لوط نجات پانیوالی ہے۔استثناء متصل کی سورت میں جملہ مستانفہ ہے گویا ابراہیم علیہ السلام نے انہیں کہا آل لوط کا کیا معاملہ ہے؟ تو انہوں نے کہا اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ۔

۶۰ :اِلَّا امْرَاَتَهٗ ( مگران کی بیوی ) لَمُنَجُّوْهُمْ کی ضمیر مجرور سے یہ مستثنیٰ ہے یہ استثناء سے استثناء نہیں اور یہ اسمیں ہوتا ہے جب اس کا حکم اختیار کر لے جیسے کہتے ہیں اهلكنا هم الا آل لوط الاامراتهٗ ۔مگر یہاں دونوں حکم مختلف ہیں کیونکہ اِلَّا اٰلَ لُوْطٍ یہ اَرْسَلْنَا کے متعلق ہے یا مجرمین سے متعلق ہے اور الا امراتهٗ یہ منجوهم کے متعلق ہے۔پھر استثناء سے استثناء کس طرح ہوگا۔
قراءت :لمنجوهم حمزہ،علی نے تخفیف سے پڑھا ہے۔قَدَّرْنَآ ( ہم نے طے کر دیا )۔قراءت :ابوبکر نے تخفیف سے پڑھا اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ (بیشک وہ پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی ) عذاب میں باقی رہنے والوں میں سے۔ایک قول یہ ہے اگر اسکی خبر میں لام نہ ہوتو پھر ان کا فتحہ واجب ہے۔ کیونکہ پھر یہ اپنے اسم وخبر سمیت قدرنا کا مفعول ہے لیکن یہ اس ارشاد کی طرح ہے۔
ولقد علمت الجنة انهم لمحضرون [الصافات:۱۵۸]
نکتہ: ملائکہ نے فعلِ تقدیر کی نسبت اپنی طرف کی۔اور اس طرح نہیں کہا قدّر الله نمبرا۔قرب کی وجہ سے۔جیسا خاصان ملک کہتے ہیں امرنا بكذا حالانکہ آمر تو بادشاہ ہوتا ہے۔

## لوط علیہ السلام کے پاس فرشتوں کی آمد:

۶۱، ۶۲ :فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ۔قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ (جب آل لوط کے پاس قاصد آئے تو (لوط علیہ السلام نے ) کہا بیشک تم اجنبی آدمی معلوم ہوتے ہو ) یعنی میں تمہیں نہیں پہچانتا۔اس لئے کہ نہ تم مقیمی ہو اور نہ لباسِ سفر میں ہو کہ مسافر سمجھوں۔ مجھے خطرہ ہے کہ تمہارے سے مجھے دکھ نہ پہنچ جائے۔

۶۳ : قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ (انہوں نے کہا بلکہ ہم تمہارے پاس وہ چیز لائے ہیں جس میں وہ شک کرتے ہیں ) ہم وہ چیز نہیں لائے جس کے سبب سے ہمیں اوپرا خیال کرتے ہو بلکہ وہ چیز لائے ہیں جسمیں تمہاری خوشی ہے اور اس سے تمہیں تمہارے دشمنوں کی طرف سے شفاء نصیب ہوگی اور وہ عذاب ہے جس کے اترنے سے تم ان کو ڈراتے تھے اور وہ اس کے نزول میں شک کرنے والے تھے۔اور تمہاری تکذیب کرتے تھے۔

۶۴ :وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ (ہم آپ کے پاس سچی بات لائے ہیں ) ان کے عذاب کی یقینی اطلاع۔وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ (اور بیشک ہم سچے ہیں ) ان پر اس عذاب کے اترنے کی اطلاع دینے میں۔

## رات کو یہاں سے نکل چلو:

۶۵ : فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ (آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے اہل کے ساتھ یہاں سے چلے جاؤ) رات کے آخری حصہ میں۔نمبر۲۔رات کا جب کافی حصہ گزر جائے۔وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ (اورتم ان کے پیچھے پیچھے چلو) ان کے پیچھے چلو۔تا کہ تمہیں ان کی اور ان کے احوال کی اطلاع ہو۔وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ (اورتم میں سے کوئی مڑکر نہ دیکھے) تا کہ ان کی قوم پر جو عذاب اترے اس کو وہ نہ دیکھیں اور ان کے متعلق ان کے دلوں میں نرمی پیدا ہو۔نمبر۲۔نہی عن الالتفات یہ مسلسل چلنے سے کنایہ ہے اور سستی کی ممانعت ہے اور ٹھہرنے کی اجازت نہیں۔کیونکہ جو متوجہ ہوتا ہے وہ کچھ نہ کچھ تو ٹھہر جاتا ہے۔وَامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ (اور وہاں چلے جاؤ جہاں تمہیں جانے کا حکم ہے) جہاں اللہ تعالیٰ نے تمہیں جانے کا حکم دیا ہے۔اور وہ سرزمین شام تھی یا مصر۔

۶۶ : وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ (اور ہم نے یہ حکم ان کے پاس بھیجا) قَضَيْنَآ کو اِلٰی سے متعدی کیا گیا کیونکہ وہ اَوْحَيْنَا کے معنی کو متضمن ہے گویا اس طرح فرمایا۔و اوحينا اليه مقضيا مبتوتا اور ہم نے وحی کی ان کی طرف رات کے فیصلہ شدہ حکم کی۔الامر کی تفسیر اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ سے کی۔اَلْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ (بیشک ان کی جڑ کٹ جائے گی)۔اس کے ابہام وتفسیر میں امر کی تفخیم شان ہے۔اور دابرھم کا معنی ان کا آخری یعنی ان کا استیصال کر دیا جائے گا اور یہاں تک کہ ان میں سے کوئی ایک بھی باقی نہ رہے گا۔مُّصْبِحِيْنَ (صبح سویرے) صبح کے وقت میں داخل ہوتے ہی۔

نحو : یہ ھؤلاء سے حال ہے۔

وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِىْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿٦٨﴾

اور شہر کے لوگ خوش ہوتے ہوئے آپہنچے، لوط نے کہا بے شک یہ میرے مہمان ہیں سو تم مجھے رسوانہ کرو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿٦٩﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِىْٓ

اور اللہ سے ڈرو اور مجھے رسوانہ کرو، ان لوگوں نے جواب میں کہا کیا ہم نے آپ کو دنیا جہان کے لوگوں سے منع نہیں کیا؟ لوط نے کہا یہ میری بیٹیاں ہیں

اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٧١﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِىْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٢﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

اگر تمہیں کرنا ہی ہے، آپ کی جان کی قسم بے شک وہ اپنی مستی میں اندھے بن رہے تھے، سو سورج نکلتے وقت انہیں سخت آواز نے

مُشْرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿٧٤﴾ اِنَّ

پکڑلیا سو ہم نے اس کے اوپر کے حصہ کو نیچے والا حصہ کردیا اور ہم نے ان پر کنکر کے پتھر برسادیے، بلاشبہ

فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾

اس میں بصیرت رکھنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں اور بلاشبہ ان کی یہ بستیاں ایک شاہراہ عام پر پڑتی ہیں، بلاشبہ اس میں اہل ایمان کے لئے نشانی ہے۔

## قوم لوط کا طرزِ عمل:

۶۷: وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ (اور آگئے شہر والے) شہر سے سدوم مراد ہے جس کے قاضی کی ظلم میں مثالیں دی جاتی ہیں۔ يَسْتَبْشِرُوْنَ (خوشخبریاں سناتے ہوئے) ملائکہ کے بارے میں اس طمع میں کہ ان کا مقصد فاحشہ پورا ہو جائے گا۔

## لوط علیہ السلام کی امکانی حفاظت:

۶۸: قَالَ (کہا) لوط علیہ السلام نے اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِىْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ (بیشک یہ میرے مہمان ہیں تم ان کے متعلق مجھے رسوانہ کرو) میرے مہمانوں کی بےعزتی کر کے کیونکہ جو میرے مہمانوں کے ساتھ زیادتی کرے گا اس نے میرے ساتھ زیادتی کی۔

۶۹: وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ (اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو! اور مجھے رسوانہ کرو) یعنی میرے مہمانوں کو ذلیل کر کے مجھے ذلیل نہ کرو۔ الخزی ذلت کو کہتے ہیں۔ قراءت: یعقوب نے دونوں میں یاء پڑھی ہے۔

۷۰: قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (انہوں نے کہا کیا ہم نے تمہیں جہان والوں سے نہیں روکا) اس بات سے کہ تم ان میں سے کسی کو پناہ دو۔ نمبر۲۔ ان کی طرف سے دفاع کرو۔ وہ ہر ایک کا راہ روکتے اور حضرت لوط علیہ السلام نہی عن المنکر کرتے اور ان کے درمیان حائل ہوتے وہ ان کو دھمکاتے اور کہتے لئن لم تنتہ یلوط لتکونن من المخرجین اگر تم باز نہ آئے اے لوط! تو ضرور تمہیں نکال باہر کیا جائے گا [الشعراء: ۱۶۷] نمبر۳۔ غرباء مسافرین کی مہمانی سے۔

۷۱: قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِیْٓ (انہوں نے کہا یہ میری بیٹیاں ہیں) ان سے نکاح کرلو۔ اس وقت مومنات کا نکاح کفار سے جائز تھا۔ اور میرے ان مہمانوں کی طرف ہاتھ مت بڑھاؤ۔ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ (اگر تم کرنے والے ہو) اگر تم قضائے شہوت حلال مقام پر چاہتے ہو، نہ کہ حرام اس پر فرشتوں نے لوط علیہ السلام کو کہا۔

## گمراہی کے نشہ میں صحیح غلط کا امتیاز ہی نہیں رہتا:

۷۲: لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِیْ سَكْرَتِهِمْ (تیری عمر کی قسم! بیشک وہ اپنے نشے میں مست تھے) اپنی اس گمراہی میں جس نے ان کی عقل و تمیز میں خطاً وصواب کا فرق ختم کر دیا تھا۔ اس میں لڑکیوں کو چھوڑ کر لڑکوں کو اختیار کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ يَعْمَهُوْنَ (وہ سرمست ہیں) وہ حیران ہیں کہ کس طرح تیری بات کو قبول کریں۔ اور تیری نصیحت کی طرف کان لگائیں۔ نمبر۲۔ اس میں خطاب رسول اللہ ﷺ کو۔ فرمایا اس میں آپ کی زندگی کی قسم اٹھائی اللہ تعالیٰ نے اور کسی پیغمبر کی زندگی کی قسم نہیں اٹھائی۔ اس سے آپ کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ العَمر اور العُمر دونوں ہم معنی ہیں۔ یعنی بقاء کو کہتے ہیں۔ البتہ قسم کیلئے ع کے فتحہ کو خفیف ہونے کی وجہ سے ترجیح دی ہے کیونکہ زبان پر قسم بہت لائی جاتی ہے اسی وجہ سے تو انہوں نے خبر کو حذف کر دیا۔ تقدیر عبارت یہ ہے **لعمرك قسمی**۔

## نفاذِ عذاب:

۷۳: فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ (ان کو چیخ نے آلیا) جبرئیل علیہ السلام کی چیخ مراد ہے۔ مُشْرِقِيْنَ (سورج طلوع ہوتے ہی) کہ وہ طلوع میں داخل ہورہے اور وہ سورج چمکنے کو کہتے ہیں۔

۷۴: فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا (پس ہم نے اس کے اوپر کو نیچے کر دیا) جبرئیل علیہ السلام نے ان کو اٹھایا اور آسمان کی طرف بلند کیا۔ پھر پلٹ دیا۔

نَحْو: ضمیر کا مرجع قوم لوط کی بستیاں ہیں۔ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ (اور ہم نے ان پر کنکر کے پتھر برسائے)

## آثار دیدہ عبرت ہیں:

۷۵: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ (اس واقعہ میں کئی نشانیاں ہیں دیکھنے والوں کیلئے) ظاہری علامات سے اندرونی نتائج معلوم کرنے غور کرنے والوں کیلئے۔ گویا کہ وہ ظاہر علامت سے ان چیزوں کے باطن کو پہچان لیتے ہیں۔

۷۶: وَاِنَّهَا (اور بیشک وہ) وہ بستیاں یعنی ان کے آثار لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ (آباد راستہ پر ہیں) قائم ہے جس پر لوگ چلتے ہیں اور ابھی تک مٹا نہیں اور وہ ان آثار کو دیکھتے ہیں۔ اس میں قریش کو متنبہ کیا۔ جیسا کہ اس ارشاد میں **و انکم لتمرون علیهم مصبحین و باللیل افلا تعقلون** [الصافات: ۱۳۷، ۱۳۸]

۷۷: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانی ہے ایمان والوں کیلئے) کیونکہ وہی اس سے فائدہ (عبرت) حاصل کرتے ہیں۔

وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿٧٨﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٩﴾ ع

اور بلاشبہ ایکہ والے ظلم کرنے والوں میں سے تھے سو ہم نے ان سے انتقام لے لیا اور بلاشبہ یہ دونوں بڑی شاہراہ پر پڑتی ہیں۔

وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٨٠﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٨١﴾

اور بلاشبہ حجر والوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا اور ہم نے انہیں نشانیاں دیں سو وہ ان سے روگردانی کرنے والے ہوگئے

وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿٨٢﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش کر گھر بنا لیتے تھے،امن کے ساتھ رہتے تھے، سو ان کو صبح صبح چیخ نے

مُصْبِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا

پکڑ لیا، سو ان کو اس چیز نے کچھ کام نہ دیا جسے وہ کسب کرتے تھے۔ اور ہم نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ السَّاعَةَ

کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے پیدا نہیں کیا مگر حق کے ساتھ، اور بلاشبہ قیامت

لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿٨٥﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨٦﴾

ضرور آنے والی ہے، سو آپ خوبی کے ساتھ درگزر کیجئے، بلاشبہ آپ کا رب بڑا خالق ہے اور بڑا عالم ہے

## تذکرہ قوم شعیب علیہ السلام اور ان کی ہلاکت:

۷۸: وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ (بلاشبہ اصحاب الایکہ) بلاشبہ معاملہ اور حالت شان یہ ہے۔ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ یعنی جھاڑی والے لَظٰلِمِيْنَ (البتہ ظالم تھے) وہ قوم شعیب علیہ السلام ہے۔

۷۹: فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ (ہم نے ان سے انتقام لیا) جب انہوں نے شعیب علیہ السلام کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا۔ وَ اِنَّهُمَا (اور بیشک یہ دونوں) اقوام یعنی قوم لوط، اصحاب ایکہ لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ (واضح راستے میں) صاف سڑک پر ہیں۔ الامام اس شخص کو کہتے ہیں جس کی اقتداء کی جائے راستہ کو امام کہا گیا ہے۔ اور معمار کی گنیے کی ڈور جس سے تعمیر کو ناپا جاتا ہے۔ اور راستہ پر بھی لوگ چلتے ہیں راہ سب کا راہ نما ہے۔ گویا یہ ڈور اور راستہ دونوں راہنمائی کرنے والے ہیں۔

## قوم صالح کا تذکرہ:

۸۰: وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ (اور حجر والوں نے جھٹلایا) وہ قوم ثمود ہے [الحجر] اس وادی کا نام ہے۔ جو مدینہ اور شام

کے درمیان ہے۔ الْمُرْسَلِيْنَ (رسولوں کو) صالح علیہ السلام کی تکذیب کرنے کی وجہ سے کیونکہ ہر رسول تمام انبیاء علیہم السلام پر ایمان کی دعوت دیتا ہے پس جس نے ان میں سے کسی ایک کو جھٹلایا تو گویا اس نے تمام کو جھٹلایا۔ نمبر۲۔ صالح علیہ السلام اور ان کے ساتھ والے مؤمنین مراد ہیں۔ جیسا کہا جاتا ہے۔ الخبیبیون سے مراد ابن الزبیر اور ان کے ساتھی۔

۸۱: وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ (اور ہم نے ان کو اپنی نشانیاں دیں پس وہ ان سے اعراض کرنے والے تھے) یعنی انہوں نے ان نشانات سے اعراض کیا اور ان پر ایمان نہ لائے۔

## دنیاوی حالت:

۸۲: وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا (وہ لوگ پہاڑ تراش کر مکان بناتے تھے) وہ پہاڑوں کو کھود کر گھر بناتے یا پتھروں سے بناتے۔ اٰمِنِيْنَ (تاکہ امن میں رہیں) کیونکہ پتھروں کے گھر مضبوط اور گرنے کے اندیشے سے خالی اور دشمنوں کے گرانے اور چوروں کی نقب لگانے سے محفوظ ہوتے ہیں۔ نمبر۲۔ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے مامون و محفوظ۔ ان کا خیال یہ تھا کہ پہاڑ عذاب الٰہی سے ان کی حفاظت کریں گے۔

## عذاب سے ہلاکت:

۸۳: فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ (ان کو چیخ نے پکڑ لیا) یعنی عذاب نے۔ مُصْبِحِيْنَ (صبح سویرے) چوتھے دن صبح کے وقت۔

۸۴: فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (نہ ان کو کام دیا ان کے کسی ہنر نے) مضبوط مکانوں کی تعمیر اور نفیس اموال کو جمع کرنے نے۔

## تخلیق کائنات فضول نہیں:

۸۵: وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ (اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ) مگر ہم نے ان کو حق سے ملا ہوا پیدا کیا۔ بے کار اور فضول نہیں بنایا۔ نمبر۲۔ بدلے کے دن اعمال پر عدل و انصاف کے ساتھ جزاء دینے کیلئے۔ وَاِنَّ السَّاعَةَ (اور بیشک قیامت) یعنی قیامت جس کی آمد کی توقع ہر گھڑی ہے لَاٰتِيَةٌ (ضرور آنے والی ہے) اور بیشک اللہ تعالیٰ آپ کے دشمنوں سے اس دن انتقام لے گا۔ اور آپ کو آپ کی نیکیوں پر بدلہ اور ان کو ان کی سیئات پر سزا دے گا۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو اسی بدلے کیلئے پیدا فرمایا۔

فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ (تم اچھا درگزر کرو) ان سے اچھی طرح اعراض کرو حلم و چشم پوشی اختیار کر کے۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت آیتِ جہاد سے منسوخ ہے اور اگر اس سے مراد مخالفت لی جائے تو پھر منسوخ نہیں۔

۸۶: اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ (بیشک آپ کا رب بہت بڑا خالق ہے) جس نے آپ کو اور ان کو پیدا کیا۔ الْعَلِيْمُ (وہ ہر بات کو جاننے والا ہے) آپ اور ان کی حالت سے باخبر ہے۔ اس پر تمہارے مابین ہونے والے احوال مخفی نہیں۔ وہی تمہارے درمیان فیصلہ فرمائے گا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ

اور ہم نے آپ کو سات آیتیں دی ہیں جو بار بار پڑھی جاتی ہیں اور قرآن عظیم دیا، آپ اپنی آنکھیں ان چیزوں کی طرف نہ بڑھایئے

اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ

جو ہم نے مختلف قسم کے کافروں کو فائدہ حاصل کرنے کے لئے دی ہیں، اور آپ ان پر غم نہ کیجئے اور ایمان والوں کے لئے اپنے بازوؤں کو

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾

جھکائے رہیے اور آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ میں واضح طور پر ڈرانے والا ہوں

## سورۂ فاتحہ کی عظمت:

۸۷: وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا (بلاشبہ ہم نے آپ کو سات دیں) یعنی سات آیات وہ سورۂ فاتحہ ہے۔ نمبر۲۔ سات بڑی سورتیں سبع طوال۔ ساتویں میں اختلاف ہے نمبر۱۔ انفال و براءت۔ کیونکہ انکا حکم ایک سورت والا ہے اس لئے کہ بسم اللہ درمیان میں نہیں۔ نمبر۲۔ سورۂ یونس نمبر۳۔ قرآن کے سات حصے مِّنَ الْمَثَانِيْ (مثانی میں سے) یہ تثنیہ سے ہے اور معنی بار بار دہرانا ہے۔ کیونکہ فاتحہ نماز میں بار بار پڑھی جاتی ہے۔ نمبر۲۔ الثناء سے ہے کیونکہ فاتحہ اللہ تعالیٰ کی ثناء پر مشتمل ہے۔ اس کا واحد مثناۃ ہے یا مثنیۃ ہے۔ یہ آیت کی صفت ہے باقی سور یا سات اجزاء قرآن تو ان میں قصص و مواعظ، وعدہ، وعید بار بار لائے جاتے ہیں اور ان میں اللہ تعالیٰ کی ثناء ہے۔ گویا یہ اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتی ہیں۔ جب السبع کو مثانی قرار دو تو مِن تبیین کیلئے ہوگا اور جب قرآن کو مثانی بناؤ۔ تو مِن تبعیض کے لئے ہوگا۔ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ (اور قرآن عظیم) یہ عطف الشی علی نفسہ کی قسم سے نہیں۔ کیونکہ اگر السبع سے فاتحہ مراد لیں۔ یا طوال کو تو جو ان کے علاوہ ہے اس پر قرآن کا لفظ بولا جائیگا۔ کیونکہ یہ قرآن ایسا لفظ ہے کہ بعض پر اس کا اطلاق ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ کل پر ہوتا ہے۔ اسکی دلیل یہ آیت ہے۔ بما اوحينا اليك هذا القرآن [یوسف:۳] یعنی سورۂ یوسف۔

اور جب سات اجزائے قرآن مراد لیں تو پھر معنی یہ ہوگا ہم نے آپ کو وہ دیا جس کو السبع المثانی کہا جاتا ہے اور القرآن العظیم بھی کہلاتا ہے۔ وہ ان دونوں صفات کا جامع ہے۔ اور وہ دہرایا جانے والا ہے۔ نمبر۲۔ یا وہ ثناء و عظمت والا ہے۔ پھر اپنے رسول کو فرمایا۔

## قرآن کی نعمت دنیا کی نعمت سے بے نیاز کرنے والی ہے:

۸۸: لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ (آپ اس چیز کو نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھیں) اپنی نگاہ کو رغبت کرنے والے کی طرح نہ ڈالو۔ کہ آپ کے دل میں اسکی تمنا ہو۔ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ (جو ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے کافروں کو برتنے کیلئے دیا ہے) کفار کی مختلف اصناف جیسے یہود، نصاریٰ، مجوس وغیرہ تمہیں عظیم ترین نعمت ملی جو سب سے بڑی نعمت ہے۔ دوسری نعمتیں خواہ بڑی بھی

كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۙ۝۹۰ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ۝۹۱ فَوَرَبِّكَ

جیسا کہ ہم نے ان لوگوں پر نازل کیا جنہوں نے قرآن کے مختلف اجزاء بنا لئے تھے، سوآپ کے رب کی قسم ہے

لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ۝۹۲ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۹۳ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ

الربع

ہم ان سب سے ان کے اعمال کی ضرور باز پرس کریں گے، جس چیز کا آپ کو حکم دیا جاتا ہے اسے خوب صاف طریقے پر بیان کر دیجئے، اور

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۹۴ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۙ۝۹۵ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

مشرکین سے اعراض کیجئے بلاشبہ جو لوگ ہنسی کرنے والے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود تجویز کرتے ہیں ان کی طرف سے

اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۹۶

ہم آپ کے لئے کافی ہیں سو وہ عنقریب جان لیں گے۔

ہوں وہ اس کے مقابلہ میں حقیر ہیں۔اور وہ عظیم نعمت قرآن عظیم ہے۔پس تم پر لازم ہے کہ اس پر استغناء اختیار کرو۔اور سامانِ دنیا کی طرف آنکھیں بطور طمع نہ اٹھاؤ۔حدیث میں فرمایا لیس منا من لم یتغن بالقرآن (وہ ہم میں سے نہیں جس نے قرآن پاک سے بے نیازی نہ اختیار کی) اور حدیث ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ہے۔جس کو قرآن دیا گیا پھر اس نے خیال کیا کہ کسی کو دنیا میں کوئی چیز اس سے افضل دی گئی تو اس نے بڑی چیز کو حقیر قرار دیا اور حقیر کو عظیم قرار دیا۔(یہ روایت ثابت نہیں) وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ (اور آپ ان پر غم نہ کریں) ان کے اموال کی تمنا نہ کریں اور ان کے متعلق غم نہ کریں۔وہ ایمان نہ لائیں گے کہ ان کے مرتبہ سے اسلام اور مسلمانوں کو تقویت ملے۔وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ (اپنے بازو کو ایمان والوں کیلئے جھکائیں) اور آپ کے پاس جو فقراء مومن ہیں ان کے ساتھ تواضع برتیں اور اغنیاء کے ایمان سے اپنے نفس کو پاک وصاف کر دیں۔

۸۹: وَقُلْ (اور کہہ دیں) انہیں۔اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ (بیشک میں ہی کھلا ڈرانے والا ہوں) میں تمہیں برہان و بیان سے ڈراتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب تم پر اترنے والا ہے۔

۹۰: كَمَآ اَنْزَلْنَا (جیسا کہ ہم نے اتارا) یہ لقد اتیناك کے متعلق ہے۔ای انزلنا علیك مثل ماانزلنا۔ہم نے تم پر اتارا اسی طرح جیسا ہم نے اتارا۔عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ (حصے بانٹنے والوں پر) وہ اہل کتاب ہیں۔

۹۱: الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ (وہ جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کیا) عضین جمع عضة بمعنی جزء۔اصل میں یہ عضوة بروزن فعلة ہے۔یہ عضی الشاة سے لیا جبکہ اس کے اعضاء الگ الگ کر دیئے جائیں جبکہ انہوں نے اپنے عناد کی وجہ سے کہا کہ قرآن کا بعض حصہ تورات وانجیل کے موافق ہے اور بعض حصہ اس کے مخالف اور باطل ہے۔انہوں نے حق و باطل کی طرف اسکی تقسیم کر دی۔اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

نمبر۳۔ مشرکین قرآن کا مذاق اڑاتے اور آپس میں کہتے تھے سورۂ بقرہ تو میرے لئے دوسرا کہتا سورۂ آل عمران میرے لئے
نمبر۳۔ قرآن سے مراد وہ لیا جائے جو وہ اپنی کتابوں میں پڑھتے تھے۔ اور اس کو بھی انہوں نے تقسیم کر رکھا تھا۔ یہود بعض تورات کا اقرار کرتے اور بعض کا انکار کرتے۔ اور نصاریٰ بعض انجیل کو مانتے اور کچھ کا انکار کرتے اور یہ بھی درست ہے کہ الذین جعلوا القرآن عضین نذیر کی وجہ سے منصوب ہو۔ یعنی انذر المعضنین الذین یجزؤن القرآن الی سحرو شعر و اساطیر۔ ان ٹکڑے کرنے والوں کو ڈراؤ جو قرآن کے حصے بناتے ہیں سحر، شعر، اساطیر کی طرف جیسا کہ ہم نے ان بانٹنے والوں پر اتارا جنکی تعداد بارہ تھی جنہوں نے مکہ کے اندر ایام حج میں مختلف راستوں کو تقسیم کر لیا۔ اور ہر راستہ پر بیٹھ گئے تا کہ لوگوں کو ایمان سے نفرت دلائیں۔ اور رسول اللہ ﷺ کے متعلق تنفر کریں۔

نمبر۱۔ بعض کہتے۔ ہم میں سے نکلنے والے ایک جادوگر کے دھوکا میں نہ پڑنا۔ نمبر۲۔ دوسرا کہتا کذاب ہے تیسرا کہتا شاعر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان تمام کو ہلاک کر دیا۔

نحو : لاتمدن پہلی صورت میں جملہ معترضہ ہے کیونکہ جب رسول اللہ ﷺ کو ان کی تکذیب وعداوت کے سلسلہ میں تسلی دی تو بطور جملہ معترضہ اس چیز کا ذکر کر دیا۔ جس پر تسلی کے مفہوم کا دارومدار ہے۔ کہ ان کی دنیا کی طرف ذرہ بھر التفات نہ فرمائیں اور ان کے کفر پر افسوس نہ کریں اور اپنی کامل توجہ ایمان والوں پر مرکوز فرمائیں۔

## تمام سے سوال ہوگا:

۹۲، ۹۳: فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ (تیرے رب کی قسم ہم ضرور ان تمام سے پوچھ گچھ کریں گے) عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (ان تمام باتوں کے متعلق جو وہ کرتے رہے) اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات اور ربوبیت کی قسم اٹھا کر فرمایا کہ قیامت کے دن ان میں میں ایک ایک سے سوال کرونگا جو انہوں نے رسول ﷺ کو کہا یا جو قرآن کے بارے میں کہا۔ یا جو اللہ تعالیٰ کی کتابوں کے بارے میں کہا۔

## حق کھول کر بتائیں کفار سے ہم نپٹ لیں گے:

۹۴: فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ (اس کو علی الاعلان بیان کریں جس کا آپ کو حکم دیا جا رہا ہے) اس کو کھل کر کہو! اور ظاہر کرو۔ کہا جاتا ہے صدع بالحجۃ جبکہ وہ سرعام اس سے بات کرے۔ یہ الصدیع سے ہے اور وہ فجر کو کہتے ہیں۔ نمبر۲۔ فاصدع حق و باطل کو جدا کرو۔ یہ الصدع فی الزجاجۃ سے ہے اور اس کا معنی اظہار کرنا الگ کرنا۔ بما تؤمر جو آپ کو حکم دیا گیا۔ مطلب یہ ہے جس شریعت کی بات کا آپ کو حکم ملا۔ حرف جار کو حذف کر دیا گیا جیسا کہ اس قول میں امرتك الخیر فافعل ما امرت بهٖ۔ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (اور مشرکین سے اعراض کرو۔) مشرکین کی استہانت کیلئے یہ امر لایا گیا۔

۹۵: اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ (بیشک ہم تیری طرف سے ان مستہزئین کیلئے کافی ہیں) قول جمہور: یہ پانچ آدمیوں کے متعلق اتری۔ جو رسول اللہ ﷺ کو ایذاء پہنچانے میں مبالغہ کرتے اور آپ کا مذاق اڑاتے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہلاک کر دیا۔ نمبر۱۔ ولید بن المغیرہ اس کا گزر تیر بنانے والے کے پاس سے ہوا۔ ایک تیر اسکی لمبی دراز چادر سے اٹک گیا۔ اور وہ تیر اسکی ایڑھی کی رگ میں جالگا۔ جس سے وہ رگ کٹ گئی اور وہ موت کے گھاٹ اتر گیا۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ

اور بلاشبہ ہم جانتے ہیں کہ یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں اس سے آپ تنگدل ہوتے ہیں سو آپ اپنے رب کی تسبیح بیان کیجئے جس کے ساتھ تحمید بھی ہو اور آپ ساجدین میں سے

السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

ہو جائیے اور اپنے رب کی عبادت کیجئے یہاں تک کہ آپ کے پاس یقین (یعنی موت) آ جائے

نمبر۲۔ عاص بن وائل اس کے پاؤں کی تلی میں ایک کانٹا چبھ گیا اس کا پاؤں سوج گیا۔ جس سے وہ مرگیا نمبر۳۔ اسود بن عبدالمطلب ۔ یہ اندھا ہوگیا۔ نمبر۴۔ اسود بن عبد یغوث یہ اپنے سر کو درخت سے مارتا رہا اور اپنے چہرے کو کانٹے سے یہاں تک کہ وہ مرگیا۔ نمبر۵۔ حارث بن قیس اسکی پیپ بہنے لگی جس سے مرگیا۔

۹۶: الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور معبود بناتے ہیں پس عنقریب وہ جان لیں گے) اپنے امر کا انجام قیامت کے دن۔

### تسلی رسول:

۹۷: وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ (تحقیق ہم جانتے ہیں کہ آپ کا سینہ ان کی باتوں سے تنگ ہوتا ہے) تمہارے متعلق۔ نمبر۲۔ قرآن کے متعلق۔ نمبر۳۔ اللہ تعالیٰ کے متعلق۔

### ازالہ غم بھی عبادت ہے:

۹۸: فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ (پس تم تسبیح بیان کرو اپنے رب کی حمد کے ساتھ اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جاؤ) جو معاملہ تمہیں پیش آئے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو الفزع الی اللّٰہ کا مطلب ہمیشہ اس کو یاد کرنا ہے اور کثرت سے سجدہ کرنا وہ تمہاری کفایت کرے گا اور تیرے غموں کا ازالہ کردے گا۔

۹۹: وَاعْبُدْ رَبَّكَ (اور تو عبادت کر اپنے رب کی) اپنے رب کی عبادت پر ہمیشگی اختیار کرو۔ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ (یہاں تک کہ تمہیں موت آئے) یقین کا معنی موت ہے جب تک تو زندہ ہے عبادت میں مشغول رہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی معاملہ پیش آتا تو نماز کی طرف جلدی فرماتے۔ [رواہ احمد]

بحمداللہ ترجمہ سورۃ الحجر رات ۱۰ بجے ۱۴۲۳ھ ۱۳ شعبان مکمل ہوا۔

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ النحل مکہ معظمہ میں نازل ہوئی، اس میں ایک سو اٹھائیس آیات اور سولہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ① يُنَزِّلُ

آ پہنچا اللہ کا حکم سوتم اس میں جلدی نہ کرو وہ پاک ہے اور اس سے برتر ہے جو وہ شریک تجویز کرتے ہیں، وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے

الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ

فرشتوں کو وحی یعنی اپنا حکم دے کر نازل فرماتا ہے کہ اس بات سے باخبر کر دو کہ بلاشبہ میرے سوا کوئی معبود

اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ③

نہیں سو تم مجھ سے ڈرو، اس نے آسمانوں کو اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا وہ اس سے برتر ہے جو لوگ شریک بناتے ہیں

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ④

اس نے انسان کو نطفہ سے پیدا فرمایا سو وہ یکایک واضح طور پر جھگڑا کرنے والا ہو گیا۔

## آنے والے کو آیا سمجھو:

۱: اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (آ پہنچا اللہ کا حکم سو تم اس میں جلدی نہ کرو وہ پاک ہے اور اس سے برتر ہے جو وہ شریک تجویز کرتے ہیں، وہ اپنے بندوں میں سے) قیامت کے قائم ہونے کا جو وعدہ کفار سے کیا گیا وہ اس کو جلد مانگتے تھے۔ اسی طرح نزول عذاب کے سلسلہ میں استہزاء و تکذیب کے طور پر جلدی کے طالب تھے۔ بدر کے دن وہ عذاب اترا۔ اس پر ان کو کہا گیا۔ اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کا حکم آ پہنچا) یعنی وہ اسی طرح سمجھو کہ آ کر واقع ہونے والا ہے (اگرچہ اس کا انتظار ہے) کیونکہ اس کا وقوع قریب ہے۔ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (پس اس کے جلد آنے کی تمنا نہ کر۔ وہ سبحان اور بلند و بالا ہے ان شریکوں سے جن کو وہ اس کا شریک ٹھہراتے ہیں) اللہ جل مجدہ شریکوں سے پاک ہے اور ان کے شریک بنانے سے مبرا ہے۔ نمبر۱۔ ما موصولہ ہے۔ نمبر۲۔ ما مصدریہ ہے۔ استعجال کے ساتھ اس کا اتصال اس طرح ہے کہ وہ استہزاء و تکذیب سے عذاب کو جلد طلب کرتے تھے یہ شرک ہے۔

## وحی نبوت اللہ کا عطیہ ہے:

۲: یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِکَةَ (وہ فرشتوں کو اتارتا ہے) قراءت: مکی اور ابوعمرو نے تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔ بِالرُّوْحِ (روح کے ساتھ) یعنی وحی کے ساتھ نمبر۲۔ قرآن کے ساتھ۔ کیونکہ دونوں میں سے ہر ایک دین میں اس طرح ہے جیسے جسم میں روح۔ نمبر۲۔ وہ جہالت سے مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے۔ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا (اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جن پر چاہتا ہے کہ تم خبردار کردو!) ان مفسرہ ہے کیونکہ فرشتوں کا وحی کے ساتھ اتارنا اس میں قول کا معنی پایا جاتا ہے اور انذروا انه لا اله الا انا کا معنی یہ ہے: اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا (کہ میرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں)۔ انذروا۔ یہ نذرت بکذا سے لیا گیا جبکہ تم اس کو جان لو۔ پس مطلب اس طرح ہوا۔ اعلموا الناس قولی لا الله الا اناتم لوگوں کو میری بات لا الله الا انا بتلادو۔ فَاتَّقُوْنِ (پس وہ مجھ ہی سے ڈریں) قراءت: یعقوب نے یاء سے پڑھا ہے۔

۳: پھر وحدانیت اور معبود حقیقی ہونے پر ایسی چیزوں سے استدلال کیا جن پر اور کسی کو کچھ بھی قدرت نہیں یعنی آسمان وزمین کی تخلیق و پیدائش چنانچہ فرمایا۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ (اس نے آسمانوں اور زمین کو حکمت سے پیدا کیا وہ بلند و برتر ہے ان کے شرک سے)

قراءت: حمزہ اور علی نے دونوں مقام پر تاء سے پڑھا ہے۔ اور انسان کی خلقت اور جو افعال اس سے پیش آتے ہیں ان کا ذکر اس ارشاد میں فرمایا۔

## انسانی ناشکری:

۴: خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ (اس نے انسان کو نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ ایک دم کھلم کھلا جھگڑنے لگا) یعنی اچانک وہ تیز زبان اور اپنے نفس کی طرف سے جھگڑنے والا اور اپنے جھگڑے میں اصرار کرنے والا اور اپنی دلیل کو خوب ظاہر کرنے والا ہوگیا۔ بعدازیں کہ یہ ایک ایسا پانی کا قطرہ تھا جس میں حس تک نہ تھی۔ اور نہ ہی کوئی حرکت تھی۔ نمبر۲۔ اچانک یہ اپنے رب سے جھگڑنے والا نکلا۔ اپنے خالق کا انکاری ہے اور یہ کہتا ہے مَنْ یُّحْیِی الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ [یٰسین: ۷۸] اس میں انسان کی بے حیائی اور ناشکری نعمت میں اصرار کا ذکر کیا۔ اور مزید انعامات ذکر فرمائے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کیلئے چوپائے پیدا کئے جن میں سے بعض اس کی خوراک اور کچھ سواری، باربرداری اور دیگر بیسیوں قسم کی ضروریات میں کام دیتے ہیں چنانچہ فرمایا

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٥﴾ وَلَكُمْ

اور اس نے چوپایوں کو پیدا فرمایا ان میں تمہارے لئے سردی سے بچنے کا سامان ہے اور دیگر فائدے ہیں اور ان میں سے تم کھاتے ہو، اور تمہارے لئے

فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿٦﴾ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى

ان میں رونق ہے جب تم شام کو لاتے ہو اور صبح کو چھوڑتے ہو، اور وہ تمہارے بوجھوں کو ایسے شہروں کی طرف اٹھا کر لے

بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧﴾

جاتے ہیں جہاں تم اپنی جانوں کی مشقت کے بغیر پہنچ نہیں سکتے تھے، بلاشبہ تمہارا رب رؤف ہے رحیم ہے،

وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۭ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨﴾

اور اس نے گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا فرمائے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور زینت کے طور پر، اور وہ پیدا فرماتا ہے جو تم نہیں جانتے۔

## بے شمار انعامات میں چوپاؤں کا تذکرہ:

۵: وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ (اور چوپائے کہ ان کو اس نے تمہارے لئے پیدا کیا) انعام سے وہ آٹھ اقسام مراد ہیں اور اکثر اس کا اطلاق اونٹ پر ہوتا ہے۔ نحو: فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے۔ ظاہر کلام اس کی وضاحت کر رہا ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں والقمر قدرنٰه منازل [یٰسین:۳۹] نمبر۲۔ الانسان پر عطف کی وجہ سے منصوب ہے ای خلق الانسان والا نعام پھر فرمایا: خلقها لكم کہ اے جنس انسان! ہم نے تمہارے لئے چوپائے بنائے۔ فِيْهَا دِفْءٌ (ان میں تمہارے لئے سردی روکنے کا سامان ہے) دفء اس چیز کو کہتے ہیں جس سے سردی دور کی جائے خواہ وہ لباس اون، بال، پشم سے بنا ہو۔ وَّمَنَافِعُ (اور اس میں فوائد ہیں) اس میں ان کی نسل کشی اور دودھ وغیرہ حاصل کرنا ہے۔ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (اور ان میں سے بعض کا گوشت تم کھاتے ہو)۔

نحو: ظرف کو مقدم کر کے خصوصیت کو ظاہر کرنا مقصود ہے۔ اور بعض اوقات دوسرے بھی کھائے جاتے ہیں۔ کیونکہ ان میں گوشت وہ چیز ہے جس پر لوگوں کی معیشت کا دارومدار ہے۔ ان کے علاوہ جن کا گوشت کھایا جاتا ہے مثلاً مرغی، بطخ، جنگل اور دریا کا شکار وہ قلیل ہونے کی وجہ سے کسی شمار و قطار میں نہیں بلکہ فروٹ کے درجہ میں ہے۔

۶: وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ (اور تمہارے لئے ان میں خوبصورتی ہے جبکہ تم شام کو انہیں لوٹاتے ہو) ان کو چراگاہوں سے باڑوں کی طرف شام کو لوٹاتے ہو۔ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ (اور جبکہ تم ان کو چرنے چھوڑتے ہو) صبح کو چراگاہوں کی طرف چرنے کیلئے چھوڑتے ہو۔ اس میں ایک جمال و بہار ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بطور نعمت ذکر فرمایا جیسا کہ ان کے منافع کو بطور انعام ذکر فرمایا۔ کیونکہ مویشی رکھنے والوں کی اغراض میں سے یہ بھی ایک غرض ہے کیونکہ چرواہے جب شام کو انہیں واپس لاتے اور صبح کو

چرانے لے جاتے ہیں تو صحن خانہ ان کے آنے جانے سے پر رونق ہو جاتے ہیں جس سے مویشیوں والے خوش ہوتے ہیں اور لوگوں کے ہاں ان کو ٹھاٹھ اور شان، مرتبہ میسر آتا ہے۔

نکتہ: لوٹانے کو لے جانے پر مقدم اس لئے کیا کہ اراحۃ میں خوبصورتی ظاہر و نمایاں ہے جبکہ وہ پیٹ بھرے، تھنوں میں جمع کئے پرسکون انداز میں ترتیب کے ساتھ لوٹ رہے ہوتے ہیں۔

۷: وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ (وہ تمہارے بوجھ اٹھاتے ہیں) اثقال کا معنی بوجھ ہے۔اِلٰی بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ (ایسے شہر کی طرف کہ جس میں تم بغیر تکلیف اٹھائے نہ پہنچ سکتے تھے)۔قراءت: شِقّ کی شین پر ابوجعفر نے فتحہ شَق پڑھا ہے یہ دونوں لغات ہیں ہر دو کا معنی مشقت ہے بعض کہتے ہیں کہ شق مصدر ہے۔شق الامر علیه شقا اوراس کی حقیقت بھی الشق کی طرف لوٹنے والی ہے جس کا معنی پھٹنا اور الگ ہونا ہے۔ باقی الشق کا معنی نصف آتا ہے۔گویا مشقت کی وجہ سے اس کی نصف طاقت ختم ہوگئی۔اب آیت کا مطلب یہ ہے کہ اگر اونٹوں کو پیدا نہ کیا جاتا تو تم اپنے آپ انتہائی تکلیف و مشقت کے ساتھ دوسری جگہ منتقل نہ ہو سکتے۔ بوجھ اٹھانا تو دور کی بات ہے کہ اس کو اپنی پشتوں پر لادتے۔نمبر۲۔لم تکونوا بالغیه بها الا بشق الانفس تم جانی مشقت سے ان بوجھوں کو وہاں پہنچا سکتے۔

ایک قول یہ ہے کہ اثقال سے ابدان مراد ہیں۔اسی سے جن وانس کو الثقلان کہا جاتا ہے۔اوراس آیت میں بھی یہی معنی ہے۔واخرجت الارض اثقالها [الزلزال:۲] یعنی اولاد آدم کو۔اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (بیشک تمہارا رب بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے) کہ اس نے ان بوجھ اٹھانے والے جانوروں کو پیدا کر کے تم پر رحم فرمایا اور یہ مصالح آسان کر دیئے۔

## گھوڑے، خچر کا تذکرہ:

۸: وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً (اور گھوڑوں اور خچروں اور گدھوں کو تمہاری سواری اور زینت کیلئے پیدا کیا) نحو: الانعام پر عطف ہے۔ای خلق هذه الرکوب و الزینة اوراس نے ان سواریوں کو اور زینت کو پیدا کیا۔

## استدلال امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ:

امام صاحبؒ نے اس آیت سے گھوڑے کے گوشت کی حرمت پر استدلال کیا۔اللہ تعالیٰ نے ان کی خلقت کی علت رکوب و زینت قرار دی اور کھانے کا ذکر نہیں کیا جیسا کہ انعام میں فرمایا گیا ہے۔حالانکہ گوشت کا فائدہ تو سواری اس سے بڑھ کر ہے اور آیت کا سیاق ہی بیانِ نعمت کے لئے ہے اور حکیم کی حکمت اس بات کو گوارہ نہیں کرتی کہ احسان کے موقع پر ادنیٰ نعمت کو ذکر کیا جائے اور بڑی نعمت کو چھوڑ دیا جائے۔

نحو: زینة کا نصب مفعول ہونے کی وجہ سے ہے۔یہ لترکبوها کے محل پر معطوف ہے۔اب مخلوقات کی وہ اصناف جو ابھی علم میں نہیں آئیں ان کا ذکر فرمایا۔وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (اور وہ ایسی چیزیں پیدا فرمائیں گے جن کو تم نہیں جانتے ہو) اور جس ذات کی یہ صفات ہوں وہ اس سے بلند و بالا ہے کہ اس کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کیا جائے۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ⑨ ع ۹/۷

اور سیدھا راستہ اللہ تک پہنچتا ہے، اور بعض لوگ ایسے ہیں جو اس سے ہٹے ہوئے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ

اللہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا اس میں پینے کا پانی ہے اور اس کے ذریعے درخت پیدا ہوتے ہیں جن میں تم

تُسِيْمُوْنَ ⑩ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَ

چراتے ہو وہ تمہارے لئے اس کے ذریعہ کھیتی اور زیتون اور کھجوریں اور انگور اور ہر قسم کے پھل

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ⑪ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ

اگاتا ہے، بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو غور کرتے ہیں، اور اس نے تمہارے لئے رات کو

وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اور دن کو اور چاند کو اور سورج کو مسخر فرمایا اور ستارے اس کے حکم سے مسخر ہیں، بلاشبہ اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ⑫ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ

ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو سمجھ رکھتے ہیں، اور جو چیزیں زمین میں پھیلا دیں جن کے رنگ مختلف ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ⑬ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ

بلاشبہ اس میں نشانی ہے ان کے لئے جو نصیحت حاصل کرتے ہیں، اور اللہ وہی ہے جس نے سمندر کو مسخر فرما دیا

لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى

تا کہ تم اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس میں سے زیور نکالو جسے تم پہنتے ہو، اور اے مخاطب تو کشتیوں کو دیکھتا

الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑭

ہے کہ وہ اس میں پھاڑنے والی ہیں تا کہ تم اس کا فضل تلاش کرو، اور تا کہ تم اس کا شکر ادا کرو،

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ⑮

اور اللہ نے زمین میں بھاری پہاڑ ڈال دیئے تا کہ زمین تمہیں لے کر ہلنے نہ لگے، اور اس نے نہریں بنائیں اور راستے بنائے تا کہ تم ہدایت پاؤ

وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ⑯

اور نشانیاں بنائیں، اور وہ ستاروں کے ذریعے راہ پاتے ہیں۔

## سیدھا راستہ اللہ تک پہنچتا ہے:

۹: وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ (اور سیدھا راستہ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے) السبیل سے جنس مراد ہے اسی لئے فرمایا وَمِنْهَا جَآئِرٌ (اوران میں بعض راستے ٹیڑھے ہیں) القصد یہ مصدر ہے جو فاعل کے معنی میں ہے۔ ای القاصد جیسے کہتے ہیں سبیل قصد وقاصد یعنی سیدھا۔ گویا کہ وہ اسی جانب کا قصد کرتا ہے جس کا چلنے والا ارادہ کرتا ہے اور اس سے ہٹتا نہیں۔ اس کا معنی یہ ہے کہ اس نے اپنے اوپر اس راستہ کی راہنمائی لازم کر لی جو حق تک پہنچانے والا ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى (اللیل۔۱۲) یہ وجوب کیلئے نہیں۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ پر کوئی چیز لازم نہیں لیکن اللہ تعالیٰ محض اپنی مہربانی سے یہ کرتے ہیں۔ نمبر۲۔ اس کا معنی یہ بھی بیان کیا گیا کہ علٰی الی کے معنی میں ہے۔ زجاج رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اس کا معنی علی اللّٰہ تبین الطریق الواضح المستقیم والدعاء الیہ بالحجج ہے یعنی اللہ کے ذمہ واضح سیدھے راستے کو کھول کر بیان کرنا اور دلائل سے اس کی طرف بلانا ہے۔ و منھا جائر کا مطلب کہ بعض راستے استقامت سے ہٹے ہوئے ہیں۔ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰكُمْ اَجْمَعِيْنَ (اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تمام کو ہدایت دے دیتے) اگر وہ ارادہ کرتے مہربانی والا۔ ہدایت تو توفیق سے دستیاب ہوتی ہے اور انعام ہدایت عام کے بعد میسر آتا ہے۔

## پانی اور اس کے فوائد کی طرف اشارہ:

۱۰: هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ (وہ ایسی ذات ہے جس نے آسمان سے تمہارے لئے پانی اتارا جسے تم پیتے ہو)۔

نحو: لکم یہ انزل کے متعلق ہے۔ نمبر۲۔ شراب کی خبر ہے شراب بمعنی مشروب ہے۔

وَّمِنْهُ شَجَرٌ (اور اسی سے درخت ہیں) اسی پانی سے وہ درخت پیدا ہوتے ہیں جس کو مویشی چرتے ہیں۔ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ (جن میں تم اپنے مویشی چراتے ہو) یہ سَامَت الْمَاشِيَه سے بنا ہے جب مویشی چریں۔ جانور کو سائمہ و اسامها صاحبها اور اس کے مالک نے چرایا۔ یہ السومۃ مصدر سے ہو تو معنی علامت ہے زمین میں چرانے سے نشانات پڑ جاتے ہیں۔

۱۱: يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ (اللہ تعالیٰ تمہارے اس پانی سے کھیتی، زیتون اور کھجور و انگور اور ہر طرح کے پھل اگاتا ہے)

نکتہ: آیت میں مِن لائے صرف کل الثمرات نہیں کہا کیونکہ تمام پھل تو جنت میں میسر ہونگے۔ دنیا میں یادداشت کیلئے بعض پھل اُگا دیے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانی ہے سوچ و بچار کرنے والی قوم کیلئے) پس وہ اس نشانی کے ذریعہ اس پر اور اس کی قدرت و حکمت پر استدلال کرنے والے ہیں۔ الاٰیۃ سے دلالت واضحہ مراد ہے۔

## دن رات اور ستاروں کی نعمت:

۱۲: وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌ بِاَمْرِهٖ (اور اس نے مسخر کیا تمہارے لئے رات اور دن کو اور سورج و چاند کو اور ستارے بھی اسی کے حکم سے مسخر ہیں۔) قراءت: تمام کا نصب ہے اس طرح وَجَعَلَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرَاتٍ۔ یہ حمزہ، ابوعمرو، ابن کثیر کی قراءت ہے اور النجومُ مسخراتٌ حفص کی قراءت ہے۔ والشمسُ و النجومُ مسخراتٌ یہ شامی کی قراءت ہے اس طور پر کہ یہ مبتدا اور خبر ہیں۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں عقل والی قوم کیلئے) آیات جمع آیۃ کی ہے۔ عقل کا ذکر کیا کیونکہ آثارِ علویہ قدرت پر ظاہراً دلالت کرنے والے ہیں۔ اور کبریائی اور عظمت پر واضح شہادت ہیں۔

۱۳: وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ (اور ان چیزوں کو تمہارے لئے زمین میں پیدا کیا)

نحو: اس کا عطف اللیل والنہار پر ہے۔ ای مَاخَلَقَ فِیْهَا مِنْ حَیْوَانٍ وَ شَجَرٍ وَثَمَرٍ وَغَیْرِهٖ ذٰلِكَ (اور جو اس نے زمین میں حیوان، درخت، پھل وغیرہ پیدا فرمائے) مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ (اس حال میں کہ ان کے رنگ مختلف ہیں) اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ (اس میں بلاشبہ نشانی ہے نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے) جو نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

## سمندر اور اس کے فوائد:

۱۴: وَهُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا (اور وہ ایسی ذات ہے جس نے سمندر کو مسخر کیا تا کہ تم اس سے تازہ گوشت کھاؤ)۔ لحمًا طریًا سے مچھلی مراد ہے۔ اس کو طرِیٌّ اس لئے فرمایا کیونکہ بہت جلد یہ خراب ہوتی ہے پس بگاڑ کے خطرے سے جلدی سے تازہ کھالی جاتی ہے۔

نکتہ: اگر کسی آدمی نے قسم اٹھائی کہ وہ گوشت نہیں کھائیگا۔ تو مچھلی کھانے سے اس کی قسم نہ ٹوٹے گی۔ کیونکہ قسم کا مدار عرف پر ہوتا ہے۔ اور عرف میں اس کو گوشت نہیں کہتے۔ جس نے اپنے غلام کو کہا اشتر بھذہ الدراھم لحمًا وہ مچھلی خرید لایا تو وہ اس لائق ہے کہ آقا اس کا انکار کردے۔ بقیہ ائمہ قسم ٹوٹنے کے قائل ہیں۔

وَتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا (تا کہ تم اس سے زیور نکالو۔ جس کو تم پہنتے ہو) حلیہ سے مراد یہاں مونگے اور موتی ہیں۔ تَلْبَسُوْنَ کا مطلب تمہاری عورتیں پہنیں۔ لیکن مخاطب مردوں کو فرمایا کیونکہ ان کی زینت مردوں کیلئے ہوتی ہے گویا وہ مردوں کی زینت اور انکا لباس ہی ہے۔ وَتَرَی الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِیْهِ (اور تم کشتیوں کو دیکھو گے اس میں پانی کو چیرتی ہوئی جارہی ہیں) کشتیاں چلتی ہیں اور پانی کو چلتے وقت چیرتی ہیں۔ المخر پانی کو سینہ کے زور سے چیرنا۔ فِیْهِ کا مطلب سمندر میں۔ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ (تا کہ تم اس کا فضل تلاش کرو) اس کا محذوف پر عطف ہے یعنی تا کہ تم عبرت حاصل کرو اور تا کہ تم اس کا فضل تلاش کرو۔ ابتغائے فضل سے تجارت مراد ہے۔ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (اور تا کہ تم شکریہ ادا کرو) اللہ تعالیٰ کا اس انعام پر جو اس نے تم پر کیا۔

۱۵: وَاَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ (اور اس نے زمین میں پہاڑ ڈال دیئے) قائم رہنے والے پہاڑ۔ اَنْ تَمِیْدَ بِكُمْ (تا کہ وہ

اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ

سو کیا جو پیدا کرتا ہو وہ اس کی طرح ہوگا جو پیدا نہیں کرتا، کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے، اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنے لگو تو شمار نہیں کر سکتے،

اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو، اور جو لوگ اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ؕ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا

غیروں کو پکارتے ہیں وہ کوئی چیز بھی پیدا نہیں کرتے اور وہ پیدا کئے جاتے ہیں، بے جان ہیں زندہ نہیں ہیں، اور انہیں

يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ ع

خبر نہیں ہے کہ کب اٹھائے جائیں گے

تمہیں لے کر جھک نہ جائے) اس ڈر سے کہ وہ تمہیں لیکر مائل ہو۔ اور حرکت کرے۔ نمبر۲۔ تا کہ وہ تمہیں لیکر جھک نہ جائے۔ لیکن حذفِ مضاف زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کیا وہ حرکت کرنے لگی ملائکہ نے کہا اس کی پشت پر تو کوئی ٹھہر نہ سکے گا۔ پس صبح ہوئی اس حال میں کہ پہاڑ گاڑ دیئے گئے۔ فرشتوں کو معلوم بھی نہ ہو سکا کہ پہاڑ کس چیز سے بنائے گئے۔ وَاَنْهٰرًا (اور نہریں) یہ جعل کی وجہ سے منصوب ہے کیونکہ القیٰ میں جعل کا معنی پایا جاتا ہے۔ وَّ سُبُلًا (راستے) لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ (تا کہ تم راہ پاؤ) اپنے مقاصد کی طرف۔ نمبر۲۔ اپنے رب کی توحید کی طرف۔

## ستاروں کی خاص راہنمائی:

۱۶: وَعَلٰمٰتٍ وَ بِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ (اور نشانیاں بنائیں اور ستاروں سے وہ راہنمائی حاصل کرتے ہیں) اور وہ راستوں کی نشانیاں ہیں۔ ہر وہ چیز جس سے راستہ پر چلنے والا راستہ پائے پہاڑ وغیرہ۔ النجم سے مراد جنس ہے۔ نمبر۲۔ ثریا اور فرقد، بنات النعش اور جدی وغیرہ مراد ہیں۔ بالنجم میں نجم کو مقدم کیا اور خطاب کی بجائے غائب کا صیغہ لائے اور ھم ضمیر درمیان میں داخل کر دی۔ گویا تقدیر عبارت یہ ہے بالنجم خصوصًا ھؤلاء خصوصًا یھتدون ستاروں سے خصوصًا اور خاص یہ لوگ راہ معلوم کرتے ہیں۔

**سوال**: ھم سے مراد کون ہیں؟

**جواب**: اس سے گویا قریش مراد ہیں وہ اپنے راستوں کو معلوم کرنے کیلئے ستاروں کو استعمال کرتے اور ان کے متعلق ان کو معلومات بھی تھیں جو دوسروں کو میسر نہ تھیں۔ گویا اس عظیم نعمت پر شکر یہ لازم کیا گیا۔ اور عبرت کو ان کے لئے ضروری قرار دیا گویا وہ اس کے ساتھ خاص کر دیئے گئے۔

## یہ خالق کے نمونہ ہائے قدرت اوروں کو تم دکھاؤ:

۱۷: اَفَمَنْ يَّخْلُقُ (کیا وہ جو پیدا کرتا ہے) یعنی اللہ تعالیٰ۔ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ (اس کی طرح ہو جائے گا جو پیدا نہیں کرتا) یعنی اصنام، یہاں مَن لائے جو ذوی العقول کیلئے ہے۔ کیونکہ انہوں نے اپنے خیال کے مطابق ان کو حاجت روا بنا کر عبادت شروع کر رکھی تھی (معبود کی تمام صفات ان میں مانتے تھے) گویا اولو العلم کے قائم مقام قرار دیا۔

نمبر۲۔ مطلب یہ ہے کہ جو پیدا کرتا ہے ان کی طرح نہیں ہوسکتا۔ جو اولوالعلم ہیں پیدا نہیں کر سکتے پھر جس کے پاس بالکل علم ہی نہ ہو وہ کیسے برابر ہوسکتا ہے؟ اس طرح نہیں فرمایا افمن لا يخلق كمن لا يخلق حالانکہ مقام کا تقاضا یہی ہے کیونکہ اس میں ان لوگوں کو الزام دیا گیا ہے جو بت پرست ہیں اور انہوں نے ان کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشابہت دے کر حاجت روا قرار دے رکھا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب انہوں نے غیر اللہ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ نام اور عبادت میں مثل قرار دیا تو گویا اللہ تعالیٰ کو مخلوقات کی جنس اور اس کے مشابہ مان لیا۔ اس ارشاد میں اسی بات کی تردید کی افمن يخلق كمن لايخلق (کہ تمہارا مثل قرار دینا درست نہیں) یہ آیت خلق افعال میں معتزلہ کے خلاف دلیل ہے۔ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے) جبکہ اس بات کا غلط ہونا تم پر واضح کر دیا گیا۔

## اَن گنت انعامات:

۱۸: وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو گننے لگو تو گن نہ سکو) ان کی گنتی کو بھی ضبط نہیں کر سکتے۔ اور نہ اس تک تمہاری طاقت پہنچ سکتی ہے۔ چہ جائیکہ ان نعمتوں کے شکریہ کا پورا حق ادا کرو۔ اس کے بعد نعمتوں کا تذکرہ کرنے کے بعد یہ آیت لائے تاکہ متنبہ کر دیا جائے کہ اس کے پیچھے غیر محصور نعمتیں چھپی ہیں۔ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والے رحم کرنے والے ہیں) وہ نعمت کے شکریہ کی ادائیگی میں تمہاری کوتاہی سے تجاوز فرمائیں گے تمہاری کمی کی وجہ سے نعمت کو منقطع نہ کریں گے۔

۱۹: وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو تم چھپاتے اور جو تم ظاہر کرتے ہو) یعنی تمہارے اقوال و افعال کو۔ یہ وعید ہے۔

## جن کو لوگوں نے معبود بنا رکھا ہے وہ مخلوق ہیں اپنی زندگی کے بھی مالک نہیں:

۲۰: وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اور وہ جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا وہ پکارتے ہیں) وہ معبود جن کو کفار پکارتے ہیں۔
قراءت: عاصم کے علاوہ دوسروں نے تاء سے پڑھا ہے۔ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ (وہ کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے۔ بلکہ وہ خود پیدا کیے گئے ہیں)

۲۱: اَمْوَاتٌ (وہ بے جان ہیں) مبتدا محذوف کی خبر غَيْرُ اَحْيَآءٍ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ (وہ زندہ نہیں اور ان کو شعور نہیں کہ کب ان کو اٹھایا جائے گا) اس میں ان سے الوهیت کے خصائص کی نفی ہے اس طرح کہ وہ خالق نہیں ہیں اور وہ ایسی زندگی نہیں

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ

تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے، سو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے دل منکر ہو رہے ہیں اور وہ

مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

تکبر کرنے والے ہیں، یہ بات یقینی ہے کہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں، بلاشبہ وہ تکبر کرنے والوں کو

الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

پسند نہیں فرماتا، اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا تو وہ کہہ دیتے ہیں کہ پہلے لوگوں کی لکھی ہوئی باتیں ہیں

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ

تا کہ وہ قیامت کے دن اپنے بوجھ پورے پورے اٹھالیں اور ان لوگوں کے بوجھ بھی اٹھالیں جنہیں بغیر علم کے گمراہ

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع

کرتے ہیں، خبردار برا ہے وہ بوجھ جسے وہ اپنے اوپر لاد رہے ہیں

ربع ۳

رکھتے کہ جس پر موت وارد نہ ہو۔ اسی طرح وقت بعث کا ان کو علم نہیں۔ اور ان کے لئے مخلوق کی صفات ثابت کیں کہ۔ نمبر۱۔ وہ مرنے والی مخلوق ہیں۔ نمبر۲۔ بعثت سے ناواقف ہیں۔ اور امواتٌ غَیْرُ اَحْیَآءٍ کا معنی یہ ہے کہ اگر وہ فی الحقیقت معبود ہوتے تو وہ ہمیشہ زندہ رہتے موت کا شکار نہ ہوتے۔ یعنی موت کی آمد ان پر ہو ہی نہ سکتی۔ حالانکہ انکا معاملہ اس کے الٹ ہے۔

یبعثون کی ضمیر داعین کی طرف لوٹتی ہے یعنی ان کو شعور نہیں کہ ان کے پجاری کب اٹھائے جائیں گے۔ اس میں مشرکین کو شرمندہ کیا گیا۔ کہ تمہارے معبودوں کو وقت بعث کا بھی علم نہیں پھر وہ اپنی عبادت پر عابدین کو کیا بدلہ دے سکیں گے۔ اس میں یہ بھی ثابت کر دیا کہ بعث بعد الموت بہر صورت ہے۔

## معبودِ حقیقی ان کی مخفی حالت سے واقف ہے وہ کفار و متکبرین کو پسند نہیں کرتا:

۲۲: اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (تمہارا معبود ایک ہی ہے) گزشتہ آیات سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ الوھیت غیر اللہ کے لائق و مناسب ہی نہیں اور تمہارا معبود حقیقی ایک ہی ہے۔ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ (پس وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل انکاری ہیں) اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے۔ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ (وہ تکبر کرتے ہیں) عبادت سے اور اس کی وحدانیت کے اقرار سے۔

۲۳: لَا جَرَمَ (ضروری بات ہے) یقیناً۔ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو وہ چھپاتے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں) ان کی پوشیدہ اور ظاہری حالت کو۔ پس اسی کے مطابق ان کو بدلہ دیگا۔ یہ وعید ہے۔ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

الْمُسْتَكْبِرِيْنَ (اس کوتکبر کرنے والے پسند نہیں) توحید سے تکبر کرنے والے یعنی مشرکین۔
۲۴: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ (جب ان سے کہا گیا) ان کفار کو۔ مَّا ذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (تمہارے رب نے کیا اتارا وہ کہتے ہیں پہلے لوگوں کی کہانیاں)۔
نحو: نمبرا۔ماذا یہ انزل کی وجہ سے منصوب ہے یعنی ای شئی انزل ربکم تمہارے رب نے کونسی چیز اتاری؟ نمبر۲۔ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہے۔ای شئی انزله ربکم وہ کونسی چیز ہے جس کو تمہارے رب نے اتارا ہے؟ اساطیر یہ مبتدأ محذوف کی خبر ہے۔مفسرین کہتے ہیں کہ یہ ان لوگوں کا مقولہ ہے جو مکہ کے راستوں پر بیٹھ کر رسول اللہ ﷺ کے متعلق نفرت پھیلاتے جب حجاج کا کوئی وفد ان سے پوچھتا کہ رسول ﷺ پر کیا چیز اتاری گئی تو وہ کہتے ہیں اساطیر الاولین یعنی پہلے لوگوں کی کہانیاں اوران کے باطل اقوال۔اس کا واحد اسطورہ ہے۔جب حجاج کی ملاقات مسلمانوں سے ہوتی تو وہ ان کو رسول ﷺ کی صداقت کی اطلاع دیتے اور بتلاتے کہ وہ نبی مبعوث ہیں یہی وہ لوگ تھے جو بھلی بات کہنے والے تھے۔

## قرآن کو کہانیاں کہنے والے کل اپنے گناہ کا بوجھ اٹھائیں گے:

۲۵: لِيَحْمِلُوْا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ (نتیجہ اس کہنے کا یہ ہوگا کہ قیامت کے دن وہ اپنے گناہوں کا بھی پورا بوجھ اٹھائیں گے۔اوران لوگوں کا بار بھی جن کو گمراہ کرتے تھے) یہ بات انہوں نے لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے کہی۔پس اپنی گمراہی کا پورا بوجھ انہوں نے اٹھایا۔اور کچھ ان کا بوجھ بھی جو ان کے گمراہ کرنے سے گمراہ ہوئے۔اور یہ بوجھ اضلال کا ہے کیونکہ ضال و مضل دونوں گناہ میں شریک ہیں۔
نحو: لیحملوا کالام تعلیلیہ ہے۔
بِغَيْرِ عِلْمٍ (بغیر علم کے) نحو: یہ مفعول سے حال ہے یعنی یضلون من لا یعلم انهم ضلال وہ ایسے لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں جن کو یہ معلوم نہیں کہ یہ گمراہ ہیں۔اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ (خبردار وہ بہت برا بوجھ اٹھانے والے ہیں)۔ نحو: ما محل رفع میں واقع ہے۔

قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ

بلاشبہ جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے مکر کیا سو اللہ نے ان کا بنایا ہوا گھر بنیادوں سے ڈھا دیا، پھر اوپر سے

السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَأَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَوْمَ

ان پر چھت آ پڑی، اور ان پر اس طرح عذاب آ گیا کہ انہیں خیال بھی نہ تھا، پھر وہ انہیں

الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ أَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ

قیامت کے دن رسوا کرے گا، اور فرمان ہوگا کہ کہاں ہیں میرے شرکاء جن کے بارے میں تم جھگڑا کرتے تھے؟ جن کو علم دیا گیا

أُوْتُوا الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٧﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

وہ کہیں گے کہ بلاشبہ آج رسوائی اور بدحالی ہے کافروں پر، جن کی جانیں فرشتوں نے اس حال میں قبض کی تھیں

ظَالِمِيْٓ أَنْفُسِهِمْ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ بَلٰٓى إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا

کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے تھے، سو وہ لوگ صلح کا پیغام ڈالیں گے کہ ہم کوئی برا کام نہ کرتے تھے، ہاں! بلاشبہ اللہ جاننے والا ہے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾ فَادْخُلُوْٓا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٢٩﴾

جو تم کیا کرتے تھے، سو جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، اس میں ہمیشہ رہو گے، سو تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانہ ہے۔

## پہلوں کی تدابیر ان پر اُلٹ دی گئیں:

۲۶: قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ (ان سے پہلے لوگوں نے تدابیر کیں پس اللہ تعالیٰ نے ان کی بنیادوں کو جڑ سے گرا دیا) یعنی جڑوں کی جانب سے اور وہ ستون ہیں۔ درحقیقت یہ تمثیل ہے کہ انہوں نے منصوبہ بندی کی تا کہ رسولوں کے خلاف محاذ آرائی کریں اللہ تعالیٰ نے انہی کے اپنے منصوبوں سے ان کو ہلاک کر دیا۔ جیسا کہ وہ لوگ جو عمارت بنائیں اور ستون بنا کر مضبوط کریں۔ مگر بلکہ ستونوں سے عمارت اکھڑ جائے اور چھت ان کے اوپر آ رہے۔ وہ اس کے نیچے دب کر ہلاک ہو جائیں۔

## قول جمہور:

یہ ہے کہ اس سے مراد نمرود بن کنعان تھا جبکہ اس نے بابل میں ایک محل تعمیر کروایا۔ جس کی لمبائی پانچ ہزار گز تھی۔ ایک قول یہ ہے کہ دو فرسخ تھی پھر اللہ تعالیٰ نے ہوا چلا کر اس عمارت کو اس پر اور اس کی قوم پر گرا دیا جس سے وہ ہلاک ہو گئے۔ فاتی اللہ کا مطلب

یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے استیصال کا ارادہ کیا ہے۔ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ (پس ان پر چھت اوپر سے گر پڑی اور ان پر عذاب ایسی جگہ سے آ پہنچا کہ ان کو شعور بھی نہ تھا) ایسی طرف سے کہ ان کو وہم و گمان بھی نہ تھا اور نہ توقع تھی۔

## قیامت کو خمیازہ بھگتیں گے:

۲۷: ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ (پھر وہ قیامت کے دن ان کو رسوا کرے گا) رسوائی کے عذاب سے ان کو ذلیل کرے گا جو اس کے علاوہ ہوگا جو دنیا میں ان کو عذاب ملا۔ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِ يَ (اور کہیں گے کہاں ہیں میرے شریک) اپنی طرف اضافت کر کے ان کی اضافت و نسبت کو بیان کیا تا کہ استہزاءً ان کو توبیخ کر دی جائے۔ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ (وہ جن کی وجہ سے تم رسول خدا اور مسلمانوں کی مخالفت کرتے تھے) دشمنی کرتے اور مسلمانوں سے ان کے معاملات کے سلسلہ میں جھگڑتے تھے۔

قراءت: تشاقون نافع نے پڑھا یعنی تشاقوننی فیھم۔ کیونکہ مؤمنوں کی مخالفت گویا اللہ تعالیٰ کی مخالفت ہے۔ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ (کہا ان لوگوں نے جن کو علم دیا گیا) انبیاء علیہم السلام اور امتوں میں سے علماء جو ایمان کی طرف بلاتے اور نصیحت کرتے تھے مگر یہ لوگ اس نصیحت پر کان نہ دھرتے بلکہ ان کی مخالفت پر آمادہ ہو جاتے۔ یہ بات ان کی شماتت کے طور پر کہیں گے۔

نمبر۲۔ یہ کہنے والے فرشتے ہونگے۔ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ (بیشک آج کی رسوائی) الخزی ذلت و رسوائی وَالسُّوْٓءَ (اور برائی) یعنی عذاب عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (کافروں پر ہوگا)

## قبض روح کے وقت کفار کی اطاعت:

۲۸: الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (وہ لوگ جن کی جان ملائکہ نے قبض کی) قراءت: حمزہ نے یاء کے ساتھ پڑھا اور اسی طرح اس کا مابعد بھی ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ (اس حال میں کہ وہ اپنے نفسوں پر ظلم کرنے والے تھے) کفر باللہ کے ذریعہ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ (پس وہ صلح کا پیغام ڈالیں گے) صلح اور فرمانبرداری یعنی رجوع کریں گے اور جو ضد دنیا میں کی اس کے برعکس کریں گے اور کہیں گے مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ (ہم کوئی برا کام نہ کرتے تھے) جو کفر وانکار اور دشمنی ان کی طرف سے دنیا میں پائی گئی اس کا شدت سے انکار کر دیں گے وہ علم والے اس کی تردید کرتے ہوئے کہیں گے۔ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (کیوں نہیں۔ بیشک اللہ تعالیٰ جاننے والے ہیں جو کچھ تم کیا کرتے تھے) پس وہ اس کا تمہیں بدلہ عنایت فرمائیں گے اور یہ بات بھی بطور شماتت کہی جائے گی اور اسی طرح اگلی آیت۔

۲۹: فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ (تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ پس متکبرین کا ٹھکانہ بہت برا ہے) یعنی جہنم۔

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ

اور جولوگ کفر وشرک سے بچتے ہیں ان سے کہا گیا کہ تمہارے رب نے کیا نازل فرمایا؟ انہوں نے کہا کہ بڑی خیر نازل فرمائی، جن لوگوں نے اس دنیا میں

الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

اچھے کام کئے ان کے لئے بھلائی ہے اور بلاشبہ دار آخرت بہتر ہے، اور البتہ متقیوں کا گھر اچھا ہے، ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں

يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِى اللّٰهُ

ان میں وہ داخل ہوں گے، ان باغوں کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، ان کے لئے اس میں وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے، اسی طرح اللہ ان کو بدلہ دیتا ہے

الْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا

جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ تم پر سلام ہو تم اپنے اعمال کے سبب

الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾

جنت میں داخل ہو جاؤ۔

## متقین کا درست اقرار اور آخرت میں اچھا گھر:

۳۰: وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا (اور کہا جائے گا ان لوگوں کو جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا) اِتَّقَوْا سے یہاں شرک سے بچنا مراد ہے۔ مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْا خَيْرًا (تمہارے رب نے کیا اتارا وہ کہتے ہیں بڑی بہتر چیز نازل فرمائی) خَيْرًا کو منصوب لائے۔ اور پیچھے اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ میں اس کو مرفوع قرار دیا گیا۔ کیونکہ تقدیر عبارت یہاں اَنْزَلَ خیرًا ہے۔ پس وہ جواب کو سوال کے مطابق لائے۔ اور وہاں تقدیر عبارت یہ ہے هُوَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ پس جواب ذکر کر کے سوال سے اعراض کیا۔ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا (اور ان لوگوں کیلئے جنہوں نے نیکی کی اس دنیا میں) یعنی ایمان لائے اور اعمال صالحہ کرتے رہے۔ نمبر۲۔ انہوں نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ حَسَنَةٌ (اچھائی ہے) مرفوع ہونے کی صورت میں یہ خیرًا سے بدل ہے۔ یعنی ثواب اور امن اور غنیمت۔ یہ متقین کے قول کی حکایت ہے یعنی وہ کہیں گے خیرًا۔ پہلے اس کا نام خیر رکھا پھر حسنۃ سے اس کی حکایت کی۔ نمبر۲۔ یا یہ جملہ مستانفہ ہے جو کہنے والوں کیلئے بطور وعدہ ذکر کیا۔ اور ان کے قول کو من جملہ احسانات میں سے ذکر کیا۔ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ (اور البتہ آخرت والا گھر بہت بہتر ہے) ان کو آخرت میں وہ ملے گا جو اس سے بہت بہتر ہوگا جیسا دوسرے مقام پر فرمایا فاتاهم اللّٰه ثواب الدنيا وحسن ثواب الآخرة [آل عمران: ۱۴۸] وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ (البتہ متقین کا گھر بہت خوب ہے) دار متقین سے دار آخرت مراد ہے۔ مخصوص بالمدح کو اسلئے حذف کیا کیونکہ پہلے اس کا تذکرہ ہو چکا۔

۳۱: جَنّٰتُ عَدْنٍ (وہ ہمیشہ کے باغات ہیں) یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ نمبر۲۔ یا مخصوص بالمدح ہے۔ يَدْخُلُوْنَهَا (وہ اس میں

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰۤىِٕكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ

یہ لوگ اس بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آ جائیں یا آپ کے رب کا حکم آ جائے، اسی طرح ان لوگوں نے کیا

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَاَصَابَهُمْ

جو ان سے پہلے تھے، اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے، سوانہوں نے جو برے کام

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۴﴾ ع ۹

کئے ان کی سزائیں انہیں مل گئیں اور جس چیز کا وہ مذاق بناتے تھے اس نے انہیں آ کر گھیر لیا

داخل ہونگے ) یہ حال ہے۔ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ (اس کے نیچے نہریں جاری ہونگی ان کے لئے اس میں وہ ہے جو وہ چاہیں گے اسی طرح اللہ تعالیٰ متقین کو بدلہ دیں گے )۔

## ان کے قبض روح کا حال:

۳۲: اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰۤىِٕكَةُ طَيِّبِيْنَ (وہ لوگ جن کی ارواح کو فرشتے قبض کرتے ہیں اس حال میں کہ وہ پاک ہوتے ہیں ) وہ اپنے نفس کفر کے ظلم سے پاک کرنے والے ہیں۔ ( یہ معنی اس لئے لیا گیا ) کیونکہ یہ ظالمی انفسهم [النحل: ۲۸] کے مقابلہ میں ہے ( اور وہاں ظلم سے کامل ظلم یعنی شرک مراد لیا ہے ) يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ (وہ کہیں گے تم پر سلام ہو )۔ کہا جاتا ہے کہ جب مؤمن بندہ موت کو جھانکتا ہے تو اس کے پاس فرشتہ آ کر کہتا ہے۔ السلام علیك یا ولی اللّٰه ! اللّٰه یقرأ علیك السلام۔ اور اس کو جنت کی خوشخبری دیتا ہے۔ ان کو آخرت میں کہا جائے گا اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (تم اپنے اعمال کے سبب جنت میں داخل ہو جاؤ ) تمہارے عمل کے سبب۔

## کفار روزِ قیامت کے منتظر نظر آتے ہیں:

۳۳: هَلْ يَنْظُرُوْنَ (نہیں وہ انتظار کر رہے ) یہ کفار انتظار نہیں کر رہے۔ اِلَّاۤ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰۤىِٕكَةُ (مگر یہ کہ آئیں ان کے پاس فرشتے ) ان کی ارواح کو قبض کرنے کیلئے۔ قراءت: علی اور حمزہ نے یاء کے ساتھ پڑھا ہے۔ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ (یا تیرے رب کا حکم آئے ) امر سے استیصال والا عذاب یا قیامت مراد ہے۔ كَذٰلِكَ (اسی طرح ) شرک و تکذیب جیسا فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ (ان لوگوں نے کیا جو ان سے پہلے ہوئے اور ان پر اللہ تعالیٰ نے ظلم نہیں کیا ) انکو تہس نہس کر کے وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (لیکن وہ اپنے نفسوں پر ظلم کرنے والے تھے ) انہوں نے وہ کام کئے جس سے تباہی کے حقدار ہوئے۔

## بُرے اعمال کا انجام:

۳۴: فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا (پس ان کو ان کے برے عملوں کی سزائیں ملیں ) ان کے برے اعمال کی سزائیں۔ وَحَاقَ

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ

اور جن لوگوں نے شرک کیا انہوں نے کہا کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی چیز کی عبادت نہ کرتے نہ ہم نہ

اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

ہمارے باپ دادے، اور نہ ہم اس کے بغیر کسی چیز کو حرام قرار دیتے، ان لوگوں نے ایسا ہی کیا جو ان سے پہلے تھے،

فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۳۵ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ

سو رسولوں کے ذمہ صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے، اور بلاشبہ ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ

اللہ کی عبادت کرو اور شیطان سے بچتے رہو، سو ان میں سے بعض کو اللہ نے ہدایت دی اور ان میں سے بعض ایسے تھے جن پر گمراہی

عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۭ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۳۶

ثابت ہو گئی، سو تم زمین میں چلو پھرو پھر دیکھ لو جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا؟

اِنْ تَحْرِصْ عَلٰي هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝۳۷

اگر آپ ان کی ہدایت پر حرص کریں سو بلاشبہ اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جسے گمراہ کرتا ہے اور ان کے لئے کوئی مددگار نہ ہوگا

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (اور گھیر لیا ان کو اس عذاب نے جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے) ان کے استہزاء کی سزا نے ان کو آن گھیرا۔

## کفار کا مقدمہ یہ شرک اللہ کو پسند ہے:

۳۵: وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا (اور مشرک کہتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی چیز کی عبادت نہ کرتے نہ ہم اور نہ ہی ہمارے آباء و اجداد) یہ کفار نے بطور استہزاء کہا۔ اگر وہ اس کو اعتقاداً کہتے تو بہت بہتر ہوتا۔ وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ (اور نہ حرام کرتے اس کی مشیت کے بغیر کوئی چیز) یعنی بحیرہ سائبہ اور ان کی طرح جو دوسری تحریمات کر رکھی ہیں (گویا ان کے ہاں رضا اور مشیت میں کوئی فرق نہیں تھا) كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (اسی طرح ان لوگوں نے کیا جو ان سے پہلے ہوئے) یعنی انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔ اور حلال کو حرام قرار دیا اور انہی جیسی باتیں بطور استہزاء کہیں فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (نہیں ہے رسولوں کے ذمہ مگر کھلے طور پر پہنچانا) مگر یہ کہ وہ حق کو پہنچ جائیں اور شرک باطل اور قبیح ہونے کی ان کو اطلاع ہو جائے۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

اوران لوگوں نے خوب زوردار طریقے پر اللہ کی قسم کھائی کہ جو شخص مرجاتا ہے اللہ اسے نہ اٹھائے گا ہاں اللہ ضرور اٹھائے گا یہ پکا وعدہ ہے جسے اللہ نے اپنے ذمہ لازم کرلیا ہے،

وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے تا کہ اللہ ان لوگوں کے لئے ان باتوں کو بیان فرما دے جن کے بارے میں یہ لوگ اختلاف کرتے ہیں،

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ

اور تا کہ کافر لوگ جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے ہم جس کسی چیز کو پیدا کرنا چاہیں اس کے بارے میں

نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ ع

ہمارا یہ کہہ دینا ہوتا ہے کہ ہو جا لہٰذا وہ وجود میں آ جاتی ہے۔

ع ۵ / ۱۱

## ہر اُمت کے طاغوت کی عبادت سے روکا گیا:

۳۶: وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ (اور تحقیق ہم نے ہر امت میں رسول کو بھیجا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو) کہ اس کو وحدہٗ لاشریک مانو وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ (اور شیطان سے بچتے رہو) شیطان کی اطاعت سے پرہیز کرو۔ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ (ان میں سے بعض کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی) اس لئے کہ انہوں نے ہدایت کو اختیار کیا۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ (اور ان میں سے بعض کیلئے گمراہی ثابت ہوگئی) گمراہی ان کے لئے لازم ہوگئی کیونکہ انہوں نے گمراہی کو اختیار کیا فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ (پس تم چل پھر کر زمین میں دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا) کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہلاک کیا اور ان کے علاقوں کو ان سے خالی کرالیا۔ اس کے بعد قریش کے عناد کا تذکرہ فرمایا اور رسول اللہ ﷺ کو ان کے ایمان کے سلسلہ میں حرص کو ذکر کر کے بتلایا کہ یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن پر گمراہی ثابت ہو چکی پس فرمایا۔

## اللہ کا گمراہ کردہ ہدایت نہیں پا سکتا:

۳۷: اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ (تم ان کے راہ راست پر آنے کی کتنی ہی حرص اور تمنا کرو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو ہدایت یاب نہیں کرتا جن کو گمراہ کرنا مقصود ہوتا ہے) قراءت: یاء مفتوح اور دال مکسور یَهْدِیْ کوفی نے پڑھا۔ باقی قراء یائے مضموم اور دال مفتوح پڑھتے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مَنْ يُّضِلُّ مبتدا اور لا یُهْدٰی اس کی خبر ہے۔ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ (اور ان کے لئے کوئی مددگار نہ ہوگا) جو اللہ تعالیٰ کا حکم ان پر لاگو ہے اس سے ان کو بچا سکے اور اس کے اس عذاب کو ان سے دور کر سکے جو ان کے لئے تیار کیا گیا۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ط

اور جن لوگوں نے مظلوم ہونے کے بعد اللہ کے بارے میں ہجرت کی ہم انہیں دنیا میں ضرور بالضرور اچھا ٹھکانہ دیں گے،

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٤٢﴾

اور یہ بات یقینی ہے کہ آخرت کا ثواب بدرجہا بڑا ہے، کاش یہ لوگ جان لیں، وہ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

وقف لازم

## کفار مانتے نہیں بلکہ باطل پر قسمیں کھاتے ہیں:

۳۸: وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ (انہوں نے اللہ تعالیٰ کے نام کی پختہ قسمیں کھا کر کہا) اس کا عطف وقال الذین اشرکوا پر ہے۔ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ بَلٰى (اللہ تعالیٰ اس کو نہیں اٹھائے گا جو مر جائے۔ کیوں نہیں) یہ نفی کے بعد اثبات ہے یعنی کیوں نہیں وہ ان کو اٹھائے گا وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا (اس نے پختہ وعدہ کر لیا ہے) یہ مصدر مؤکد ہے جس پر بلی دلالت کر رہا ہے کیونکہ بعث بعد الموت اللہ تعالیٰ کی طرف سے وعدہ ہے اور اس وعدے کا ایفاء برحق ہے۔ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے) کہ اس کا وعدہ سچا ہے یا کہ ان کو اٹھایا جائیگا۔

۳۹: لِيُبَيِّنَ لَهُمُ (تا کہ ان کے سامنے واضح کر دے) یہ بھی اس کے متعلق ہے جس پر بلی دلالت کر رہا ہے ای یبعثهم لیبین لهم۔

نحو: اور من کی ضمیر من یموت کی طرف لوٹ رہی ہے جس میں مؤمن و کافر دونوں شامل ہیں۔ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ (اس کو جس کے متعلق وہ اختلاف کرتے تھے) کہ وہ برحق ہے وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ (اور تا کہ کافر جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے) اپنے اس قول لا یبعث اللّٰہ من یموت میں کہ بعث بعد الموت نہیں ہے۔

## قدرتِ عامہ:

۴۰: اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (ہم جب کسی چیز کو پیدا کرنا چاہتے ہیں تو اس سے ہمارا اتنا کہنا کافی ہوتا ہے کہ ہو جا پس وہ فوراً ہو جاتی ہے) یعنی وہ ہو جاتی ہے ای فهو یکون قراءت: شامی اور علی نے نصب سے پڑھا۔ اس طور پر کہ یہ کن کا جواب ہے قولنا مبتدا اور ان نقول اس کی خبر ہے۔ اور کن فیکون میں کان تامہ ہے جو کہ وجود اور حدوث کے معنی میں ہے۔ یعنی جب ہم کسی چیز کو وجود دینا چاہتے ہیں تو ہم اس کو اتنا کہتے ہیں کہ وجود میں آ۔ تو وہ بلا توقف وجود میں آ جاتی ہے۔ یہ درحقیقت سرعت ایجاد کی تعبیر ہے اور وضاحت ہے کہ کوئی مراد اس پر ممتنع نہیں اور اس مراد کا وجود بلا توقف ہوتا ہے جبکہ وہ اسکا ارادہ فرمالے۔ جس طرح آمر جب فرمانبردار مامور کو کسی بات کا حکم دے تو وہ فوراً حکم بجالاتا ہے (اور یہ بھی بات سمجھانے کیلئے ہے) ورنہ اس جگہ کوئی نہیں (بس جب وہ کسی چیز کا ارادہ فرمالیتے ہیں تو وہ اسی لمحہ وجود میں آ جاتی ہے) اب مطلب یہ ہے کہ ہر مقدور کی ایجاد اللہ تعالیٰ کیلئے جب اسقدر آسان ہے تو وہ بعث اس کیلئے کس طرح مشکل ہے جو من جملہ مقدورات میں سے ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ

اور آپ سے پہلے ہم نے صرف مردوں کو رسول بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے، سو تم اہل علم سے پوچھ لو اگر تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ

نہیں جانتے، ان رسولوں کو دلائل اور کتب کے ساتھ بھیجا، اور ہم نے آپ پر قرآن نازل کیا تا کہ آپ لوگوں کے لئے بیان کریں جو آپ کی طرف اتارا

اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾

گیا اور تا کہ وہ لوگ فکر کریں۔

النصف

## مہاجرین کے ساتھ وعدہ:

۴۱: وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ (اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی خاطر ہجرت کی) اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں اور اس کی رضامندیوں کی خاطر۔ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا (اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا) وہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اصحاب ہیں جن پر اہل مکہ نے ظلم کیا۔ وہ اپنا دین لیکر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آئے۔ ان میں سے بعض نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ پھر مدینہ منورہ کی طرف اور بعض ان میں سے انہوں نے دونوں ہجرتیں اپنے لئے جمع کر لیں۔ اور بعض نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی۔

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً (ہم ان کو دنیا میں اچھا ٹھکانہ دیں گے) حسنۃ یہ مصدر کی صفت ہے تبوئۃ حسنۃ ٹھکانہ دینا اچھا۔ نمبر۲۔ لنبوئنہم مباءۃ حسنۃ۔ ٹھکانہ اچھا۔ اور وہ مدینہ منورہ ہے جہاں کے رہنے والوں نے ان کو ٹھکانہ دیا۔ اور ان کی امداد کی۔ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ (اور البتہ آخرت کا اجر تو بہت بڑا ہے) اس پر وقف ضروری ہے کیونکہ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ جواب محذوف ہے اور ضمیر کفار کی طرف راجع ہے یعنی اگر کفار اس بات کو جان لیتے تو دین کی طرف ضرور رغبت کرتے۔ نمبر۲۔ یا مہاجرین کی طرف راجع ہے اگر وہ اس ثواب و بدلے کو جان لیتے تو صبر و اجتہاد میں مزید اضافہ کرتے۔

۴۲: اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا (وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا) یعنی ھم الذین صبروا وہی لوگ ہیں جنہوں نے صبر کیا۔ نمبر۲۔ میری مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے صبر کیا۔ اور دونوں ہی قابل تعریف چیزیں ہیں۔ یعنی انہوں نے وطن کی جدائی پر صبر کیا وہ وطن عزیز جو اللہ تعالیٰ کا حرم اور ہر مؤمن کا دھڑکتا دل ہے۔ ان تارکین وطن کا کیا حال ہوگا۔ جن کے سروں کو اس کی خاطر اڑایا جا رہا ہو۔ دوسرا مجاہد: پر انہوں نے صبر کیا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی ارواح کو خرچ کر ڈالا۔ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (اور اپنے رب ہی پر وہ بھروسہ رکھتے ہیں) وہ اپنے معاملات کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دین میں جو ان کو تکلیف پہنچے اس کو رضاء و خوشی برداشت کرتے ہیں۔

اَفَاَمِنَ الَّذِیْنَ مَكَرُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ یَاْتِیَهُمُ الْعَذَابُ

جولوگ بری بری تدبیریں کرتے ہیں کیا اس بات سے بے خوف ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے یا ان کے پاس ایسی جگہ سے عذاب آ جائے

مِنْ حَیْثُ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾ اَوْ یَاْخُذَهُمْ فِیْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۴۶﴾ اَوْ یَاْخُذَهُمْ

جہاں سے ان کو گمان بھی نہ ہو یا اللہ ان کو چلتے پھرتے پکڑ لے سو یہ لوگ عاجز کرنے والے نہیں ہیں یا ان کو کم کرتے کرتے

عَلٰی تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۴۷﴾

پکڑ لے سو بلاشبہ تمہارا رب بڑا مہربان ہے بڑا رحیم ہے

شانِ نزول:

۴۳: جب قریش نے کہا اللہ تعالیٰ اس سے عظیم تر شان والے ہیں کہ کسی بشر کو وہ رسول بنا کر بھیجیں تو یہ آیت اتری وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ (اور آپ سے پہلے بھی ہم نے مرد ہی پیغمبر بنا کر بھیجے ہم ان کی طرف وحی بھیجتے رہے) فرشتوں کے ذریعہ۔

قراءت: نوحی حفص نے پڑھا۔ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ (تم اہل علم سے پوچھ لو) یعنی اہل کتاب تا کہ وہ تمہیں بتلا دیں کہ اللہ تعالیٰ نے گزشتہ امتوں کی طرف انسانوں کو ہی بھیجا ہے۔ یہاں کتاب کو ذکر فرمایا کیونکہ کتاب ہی نصیحت اور غافلین کیلئے تنبیہ کا ذریعہ ہے۔ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اگر تم نہیں جانتے)

## تمام انبیاء علیہم السلام انسان تھے:

۴۴: بِالْبَیِّنٰتِ وَالزُّبُرِ (دلائل اور کتابوں کے ساتھ) واضح معجزات اور کتابوں کے ساتھ۔ نحو: باء یہ رجالاً سے متعلق ہے اور اس کی صفت ہے۔ ای رجالا ملتبسین بالبینات ایسے مرد جو دلائل واضحہ کے ساتھ ملتبس تھے۔ نمبر۲۔ نوحی سے متعلق ہے نوحی الیهم بالبینات ہم ان کی طرف واضح دلائل کے ساتھ وحی کرتے رہے۔ نمبر۳۔ لا تعلمون سے متعلق ہے۔ اگر تم دلائل و کتابوں کو نہیں جانتے۔ اور فاسألوا اهل الذکر یہ تمام صورتوں میں جملہ معترضہ ہے۔ وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ الذِّكْرَ (اور ہم نے آپ کی طرف نصیحت اُتاری) الذکر سے قرآن مراد ہے۔ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْهِمْ (تا کہ تم ان کے سامنے کھول کر بیان کرو۔ اس کو جو ان کی طرف اتارا گیا) یعنی الذّکر میں جو اوامر و نواہی، وعدے اور وعیدیں ہیں ان کو کھول کر بیان کرو۔ وَلَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ (اور تا کہ وہ سوچ و بچار کریں) اس کی تنبیہات میں تا کہ وہ متنبہ ہوں۔

## استحقاقِ عذاب والی حرکات تو ہیں مگر تفاخر رحمت سے نہیں پکڑتے:

۴۵: اَفَاَمِنَ الَّذِیْنَ مَكَرُوا السَّیِّاٰتِ (جو لوگ بری بری تدابیر کرتے ہیں۔ کیا وہ بے خوف ہو گئے ہیں) یعنی بری بری تدابیر۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ

کیا ان لوگوں نے ان چیزوں کو نہیں دیکھا جو اللہ نے پیدا فرمائی ہیں ان کے سائے دائیں طرف اور بائیں طرف کو اس طرح جھکتے

سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ

ہیں کہ وہ اللہ کے فرمانبردار ہیں اور عاجز ہیں، اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے حیوانات اور فرشتے یہ سب اللہ کے حکم کے

دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا

فرمانبردار ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے، وہ اپنے رب کی شان قاہریت سے ڈرتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جس کا انہیں

يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ السجدة

حکم دیا جاتا ہے

الَّذِيْنَ سے مراد اہل مکہ ہیں۔ جو تدابیر انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے سلسلہ میں اختیار کیں۔ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ ( کہ اللہ تعالیٰ ان کو زیرزمین دھنسا دے ) جیسا کہ پہلے لوگوں کے ساتھ کیا۔ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ (یا ان پر عذاب ایسی طرف سے آجائے کہ ان کو گمان بھی نہ ہو ) یعنی اچانک۔

۴۶: اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ (یا ان کو آتے جاتے پکڑتے ) سفر میں آتے جاتے۔ تجارت کے مقامات میں آتے جاتے۔ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ (پس وہ لوگ اللہ تعالیٰ کو ہرگز ہرا نہیں سکتے )

۴۷: اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ (یا ان کو گھٹاتے گھٹاتے پکڑ لے ) ڈرانے کی حالت میں اور وہ اس طرح ہے کہ ان سے پہلے ایک جماعت کو ہلاک کر دیا جائے پس وہ خوف زدہ ہو جائیں پھر اچانک ان کو عذاب آ پکڑے اس حالت میں کہ ڈرائے ہوئے اور امید لگائے بیٹھے ہوں۔ یہ من حیث لا یشعرون کے برخلاف دوسری حالت ہے۔ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (بیشک تمہارا رب نرمی والا مہربان ہے ) اس طرح کہ وہ تمہارے متعلق بردباری اختیار فرماتے ہیں۔ اور تمہارے توھین آمیز رویے کے باوجود وہ جلدی سزا نہیں دیتے۔ مطلب یہ ہے کہ جب وہ تمہاری استحقاق عذاب والی حرکات کے باوجود نہیں پکڑتا تو اس کی نرمی ہی تمہیں بچاتی اور اس کی رحمت ہی تمہاری حفاظت کرتی ہے۔

## ہر چیز خالق کائنات کے سامنے عاجز ہے:

۴۸: اَوَلَمْ يَرَوْا ( کیا انہوں نے نہیں دیکھا ) قراءت: حمزہ، علی، ابوبکر نے تاء سے پڑھا ہے۔ اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ (ان چیزوں کی طرف جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں ) ما موصولہ ہے اور یہ مبہم ہے اس کی وضاحت من شیء سے فرمائی۔ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ ( جن کے سائے جھکتے ہیں ) یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے ہیں۔

قراءت: بصری نے یتفیّئو اکوتاء سے پڑھا ہے۔ عَنِ الْیَمِیْنِ (دائیں سے) دائیں طرف سے۔ وَالشَّمَآئِلِ (بائیں سے) شمائل جمع شمال کی ہے سُجَّدًا لِلّٰهِ (اس حال میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہے)۔ یہ ظلال سے حال ہے حضرت مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں جب سورج زوال پذیر ہوتا ہے تو ہر چیز اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتی ہے۔ وَهُمْ دَاخِرُوْنَ (اس حال میں کہ وہ عاجزی کرنے والے ہیں) یعنی عاجز و بے بس یہ ظلالہ کی ضمیر سے حال ہے کیونکہ وہ جمع کے معنی میں ہے۔ اور اس سے ہر وہ چیز جس کو پیدا کیا اور اس کا سایہ ہے وہ مراد ہے جمع واؤ نون سے آرہی ہے کیونکہ دخور یہ عقلاء کی صفات میں سے ہے۔ نمبر۲۔ ان میں شامل تو تمام ہیں مگر عقلاء کو غلبہ دیا۔ معنی اس طرح ہوگا کیا وہ اللہ تعالیٰ کی اس مخلوق کو نہیں دیکھتے جن کے ایسے اجسام ہیں جو سایہ رکھتے ہیں اور وہ سایہ دائیں سے بائیں ڈھلتا رہتا ہے۔ یعنی سایہ دائیں سے بائیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی حالت میں لوٹتا ہے۔ جس خاطر اس کو بنایا اس سے رکتا اور باز نہیں رہتا یعنی سایہ دینا اور اجرام بھی ذاتی طور پر اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی کرنیوالے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے افعال جو ان میں پیدا کئے ان میں اطاعت کرنے والے ہیں۔

## آسمان وزمین کی مخلوقات اطاعت سے سر نہیں اٹھاتیں:

۴۹: وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ (اور اللہ تعالیٰ ہی کی مطیع ہیں جتنی چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں چلنے والی ہیں زمین میں) من دآبة یہ مافی السمٰوٰت ومافی الارض تمام کا بیان ہے۔ کہ آسمانوں میں بھی ایسی مخلوق ہے۔ جو اس میں چلتی ہے۔ جیسا کہ زمین میں انسان چلتے ہیں۔ نمبر۲۔ یا ما فی الارض کا صرف بیان ہے۔ اور ما فی السمٰوات سے آسمانوں کے ملائکہ مراد ہیں اور وَّالْمَلٰٓئِكَةُ (اور فرشتے) ملائکہ سے حفظہ مراد ہیں۔ نمبر۲۔ سجود مکلفین سے مراد ان کی اطاعت وعبادت مراد ہے اور دوسروں کے سجدہ سے مراد اللہ تعالیٰ کے ارادہ کی اطاعت ہے۔ اور الانقیاد کا لفظ دونوں کو شامل ہے۔ اسی لئے دونوں کیلئے ایک ہی تعبیر لائی گئی۔ مالایا گیا جو کہ عقلاء وغیرہ سب کو شامل ہے اگر مَن لاتے تو صرف عقلاء ہی شمار ہوتے۔ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ (اور وہ تکبر نہیں کرتے)۔

۵۰: يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ (وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں)۔ یہ لایستکبرون کی ضمیر سے حال ہے یعنی وہ تکبر نہیں کرتے اس حال میں کہ وہ ڈر رہے ہوتے ہیں۔ مِّنْ فَوْقِهِمْ (اپنے اوپر سے) نمبر۱۔ اگر اس کو یخافون کے متعلق کرو تو اس کا معنی یہ ہوگا۔ وہ ڈرتے ہیں کہ کہیں وہ ان پر اوپر سے عذاب نہ اتار دے۔ نمبر۲۔ اور اگر بربھم سے حال ہو تو اس کا معنی وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اس حال میں کہ وہ ان پر غالب و زبردست ہے۔ جیسا کہ اس ارشاد وھوا لقاھر فوق عبادہٖ [الانعام:۱۸] میں ہے وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (اور وہ کرتے ہیں جس کا انہیں حکم ملتا ہے)

نکتہ: اس میں واضح دلیل ہے کہ ملائکہ مکلّف ہیں اور امر و نہی کے ذمہ دار اور خوف و رجاء کے درمیان ہیں۔

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ

اور اللہ نے فرمایا کہ دو معبود مت بناؤ، وہ صرف ایک ہی معبود ہے،سو تم مجھ ہی سے ڈرو، اور اسی کے لئے ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ

جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے، اور فرماں برداری کرنا صرف اسی کا حق ہے، کیا تم اللہ کے سوا کسی سے ڈرتے ہو؟ اور تمہارے پاس جو بھی

مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْــَٔــرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ

کوئی نعمت ہے سو وہ اللہ کی طرف سے ہے، پھر جب تمہیں تکلیف پہنچ جاتی ہے تو اسی سے فریاد کرتے ہو، پھر جب وہ تم سے اس تکلیف کو

عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ

ہٹا دیتا ہے تو تم میں سے ایک جماعت اسی وقت اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتی ہے تاکہ وہ ہماری اس نعمت کے منکر ہو جائیں، سو تم نفع حاصل کرلو،

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

پھر عنقریب جان لوگے۔

۵۱ : وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا نہ بناؤ دو معبود۔ فقط اللہ تعالیٰ ہی ایک معبود ہے)

**سوال**: دو اور ایک سے زائد میں عدد و معدود کو جمع کیا جاتا ہے اور کہتے ہیں عندی رجال ثلاثة کیونکہ معدود خاص عدد پر دلالت سے عاری ہوتا ہے۔ ایک اور دو میں تو معدود کی خود عدد پر دلالت ہوتی ہے۔ پس رجل واحد اور رجلان اثنان کہنے کی ضرورت نہیں۔

**جواب**: واحد و تثنیہ کا معنی جس اسم میں ہوتا ہے۔ اس کی دلالت دو چیزوں پر ہوتی ہے۔ نمبر۱۔ جنسیت نمبر۲۔ خاص عدد۔ جب یہ دلالت مراد لیں کہ دونوں کا معنی عدد ہے تو اس کو دوبارہ لا کر تاکید کرتے ہیں اور اس سے مقصود الیہ پر دلالت اور اس پر خاص طور پر متوجہ کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اگر تم اس طرح کہو: اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ اور اس کی تاکید واحد سے نہ لاؤ تو کلام میں تحسین نہ ہوگی۔ تو اس سے خیال گزرے گا کہ تم نے الوہیت کو ثابت کیا ہے وحدانیت کو نہیں۔ حاصل یہ ہے کہ اس جگہ وحدانیت کو ثابت کرنا مقصود ہے الوہیت کا اثبات مقصود نہیں۔ الوہیت کے لوازم میں سے وحدانیت ہے۔ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ (پس مجھ ہی سے ڈرو) کلام غائب سے متکلم کی طرف منتقل کر دیا گیا اور یہ التفات کا طریقہ ہے جو کہ ترغیب سے زیادہ بلیغ ہے جیسا کہ کہیں فایاہ فارھبوا۔

قراءت: فَارْهَبُوْنِی یعقوب نے پڑھا ہے۔

## سب نعمتیں اسی سے جس کو دن میں پکارتے ہیں تو عبادت کا بھی وہی حقدار ہے:

۵۲: وَلَهٗ مَافِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا (اور اسی ہی کیلئے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اور اس کی اطاعت ہمیشہ اور لازمی ہے) الدین یہاں طاعت کے معنی میں ہے واصبا ثابت وواجب کے معنی میں ہے کیونکہ ہر نعمت اسی ہی کی طرف سے ہے۔ اس کی اطاعت ہر انعام یافتہ پر لازم ہے۔

نحو: واصبًا یہ حال ہے اس میں ظرف نے عمل کیا ہے۔ نمبر۲۔ ولہ الجزاء دائمًا ۔ الجزاء سے ثواب وعقاب مراد ہیں۔ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ (کیا پس اللہ تعالیٰ کے سوا اور سے تم ڈرتے ہو)

۵۳: وَمَابِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ (اور تمکو جو نعمت بھی حاصل ہے) یعنی جو چیز بھی تمہارے ساتھ نعمت وعافیت کی صورت میں متصل ہے۔ اسی طرح غناء وخوشحالی ہے۔ فَمِنَ اللّٰهِ (پس وہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے) ای فھو من اللّٰہ وہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ (پھر جب تمہیں کوئی تکلیف آلیتی ہے) الضُّر سے مرض، فقر، قحط مراد ہے۔ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ (پس اسی ہی کی طرف تم رجوع کرتے ہو) تو اسی کی طرف گڑگڑاتے ہو۔ الجؤار کے معنی دعا واستغاثہ میں آواز بلند کرنا ہیں۔

۵۴: ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ (پھر جب وہ مصیبت کو تم سے دور کرتا ہے تو ایک فریق تم میں سے اپنے رب کے ساتھ شریک ٹھہرانے لگتا ہے) مآ بکم میں خطاب اگر عام ہو تو اس سے کافر فریق مراد ہے۔ اگر خطاب مشرکین کو ہو تو منکم میں من بیانیہ ہوگا تبعیضیہ نہ ہوگا۔ گویا اس طرح فرمایا: فَاِذَا فَرِيْقٌ كَافِرٌ وھم انتم کہ اسی وقت ایک کافر گروہ اور وہ تم ہو' اور یہ بھی جائز ہے کہ ان میں عبرت حاصل کرنے والے لوگ بھی ہوں۔ جیسا کہ اس آیت میں فرمایا فلما نجّاھم الی البر فمنھم مقتصد [لقمان:۳۲]

۵۵: لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ (جس کا حاصل یہ ہے کہ جو نعمتیں ہم نے ان کو دی ہیں ان کی ناشکری کرتے ہیں) ان سے عذاب ہٹا لینے والی نعمت کی۔ گویا کہ انہوں نے شرک کا مقصد کفرانِ نعمت بنا رکھا ہے۔ پھر ان کو ڈرایا اور فرمایا فَتَمَتَّعُوْا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (پس تم فائدہ اٹھالو۔ عنقریب تم جان لوگے) یہاں بھی غیبت سے خطاب کی طرف رجوع کیا تا کہ ان کو دھمکایا جائے۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾

اور ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے ان کے لئے حصہ مقرر کرتے ہیں جنہیں کچھ بھی علم نہیں، اللہ کی قسم تم سے اس بارے میں ضرور بالضرور پوچھ ہوگی جو تم افترا پردازی کرتے ہو،

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى

اوراللہ کے لئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں اور اپنے لئے اپنی چاہت کی چیز، اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خبر دی جاتی ہے

ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ

تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہتا ہے، اسے جو بشارت دی گئی اس کی وجہ سے وہ لوگوں سے چھپا ہوا رہتا ہے

اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا

آیا اسے ذلت پررو کے رہے یا اسے مٹی میں گاڑ دے، خبردار ان کے فیصلے برے ہیں، جو لوگ آخرت پر یقین

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع ۷ ۱۰ ۱۴

نہیں رکھتے ان کی بری حالت ہے، اوراللہ کے لئے بلند صفات ہیں اور وہ زبردست ہے حکمت والا ہے

۵۶: وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ (اور یہ لوگ ہماری دی ہوئی چیزوں میں (اپنے معبودوں کا) حصہ لگاتے ہیں جن کے متعلق ان کو کچھ علم نہیں) ما سے مراد ان کے 'الہہ ہیں۔ لا یعلمون کا مطلب یہ ہے کہ جن کو یہ الہہ کہتے ہیں۔ اوران کے متعلق اعتقاد یہ ہے کہ وہ نقصان ونفع کی طاقت رکھتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے ہاں زبردستی سفارش سے چھڑا لیں گے۔ حالانکہ اس طرح نہیں کیونکہ یہ بت و جماد محض ہیں جو نہ نقصان دیتے ہیں اور نہ نفع۔

نمبر۲۔ لا یعلمون کی ضمیر الہہ کی طرف لوٹتی ہے۔ ان چیزوں کیلئے جو علم سے موصوف نہیں اور نہ شعور رکھتے ہیں۔ کیا انہوں نے انکا حصہ اپنے چوپایوں اور کھیتوں میں مقرر کر رکھا ہے یا نہیں؟ اور وہ یہ حصہ انکا ان کے تقرب کیلئے مقرر کرتے تھے۔ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ (اللہ تعالیٰ کی قسم تم سے ضرور سوال ہوگا) یہ وعید ہے۔ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ (ان کاموں کے متعلق جن کو تم بطور افتراء کرتے تھے) کہ یہ معبود ہیں ان کو ان کا قرب حاصل ہے۔

## اللہ کے لئے ایسی اولاد تجویز کرتے ہیں جو خود کو نا گوار ہے:

۵۷: وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ (وہ اللہ تعالیٰ کیلئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں) بنوخزاعہ اور کنانہ کہا کرتے تھے کہ الملائکة بنات الله کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ سُبْحٰنَهٗ (وہ پاک ہے) اس میں بیٹیوں کی نسبت سے اللہ تعالیٰ کا منزہ ہونا ذکر فرمایا۔ نمبر۲۔ ان کی بات پر تعجب کا اظہار ہے۔ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ (اوران کے لئے ہے وہ جو وہ پسند کرتے ہیں) یعنی بیٹے۔ اور یہ بھی درست

ہے کہ ما کو ابتداء کی وجہ سے مرفوع مانا جائے۔اور لھم کو خبر قرار دیں۔اور اگر منصوب مانیں تو البنات پر عطف ہوگا اور سبحانہ جملہ معترضہ ہوگا۔ جو معطوف اور معطوف علیہ کے مابین واقع ہے ای وجعلوا لا نفسھم ما یشتھون من الذکور اورانہوں نے اپنے نفوس کیلئے وہ چیز تجویز کی جوان کو پسند ہے۔یعنی بیٹے۔

۵۸: وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا (اوران میں کسی کو اگر بیٹی ہونے کی خبر دی جاتی ہے تو سارا دن اس کا چہرہ بدرونق رہتا ہے) صار ، ظل، امسٰی، اصبح ،بات یہ صیر ورت کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں کیونکہ اکثر وضع حمل کا اتفاق رات کو ہوتا ہے۔پس وہ دن غم کے مارے گزارتا ہے۔کہ اس کے چہرے پر اکتاہٹ کی سیاہی چھائی ہوتی ہے اور لوگوں سے حیاء کرتے دن گزارتا ہے۔وَّهُوَ كَظِيْمٌ (وہ دل ہی دل میں گھٹتا ہے) عورت پر بغض وغصہ سے پُر ہوتا ہے۔

۵۹: يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَابُشِّرَ بِهٖ (وہ چھپا پھرتا ہے۔اس چیز سے جس کی اس کو اطلاع دی جاتی ہے) بری بشارت سے وہ لوگوں میں چھپتا پھرتا ہے۔ان کے عار دلانے کی وجہ سے۔وہ اپنے نفس میں کہتا اور دیکھتا ہے۔اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ (اس کو ذلت کی حالت میں روکے رکھے) ذلت ورسوائی کے ساتھ اس کو روک لے جس کی اسے بشارت دی گئی ہے۔اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ (یا اس کو گاڑ دے مٹی میں) یا اس کو زندہ درگور کر دے۔اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ (خبردار وہ بہت بری تجویز کرتے ہیں) جبکہ وہ اللہ تعالیٰ کیلئے ایسی اولاد تجویز کرتے ہیں جس کا مرتبہ ان کے ہاں یہ ہے اور اپنے لئے وہ اولاد تجویز کرتے ہیں جو اس کے برعکس ہے۔

## کافروں کا براحال' اللہ اعلیٰ شان والے زبردست ہیں:

۶۰: لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ (جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کی بری حالت ہے) مذکر اولاد کی ضرورت' بنات سے نفرت اور بھوک کے خطرہ سے زندہ درگور کرنا۔یہ سب مثل السوء کی صفت ہے۔وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى (اور اللہ تعالیٰ کی شان سب سے بلند ہے) اور وہ دونوں جہانوں سے بے نیاز ہے۔اور مخلوق والی خصوصیات وصفات سے پاک ہے وَهُوَ الْعَزِيْزُ (اور وہ زبردست ہے) اپنے ارادوں کو نافذ کرنے میں غالب ہے۔الْحَكِيْمُ (وہ حکمت والا ہے) بندوں کو مہلت دینے میں۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى

اور اگر اللہ لوگوں کے ظلم کی وجہ سے ان کا مؤاخذہ فرمائے تو زمین پر کسی بھی چلنے والے کو نہ چھوڑے، لیکن وہ انہیں ایک مقررہ مدت تک

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَ

مہلت دیتا ہے، سو جب ان کا وقت معین آ جائے گا تو ایک گھڑی نہ مؤخر ہوں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے اور

يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ

اللہ کے لئے وہ چیز تجویز کرتے ہیں جسے مکروہ جانتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹا دعوٰی کرتی ہیں کہ ان کے لئے بھلائی ہے، یہ لازمی بات ہے

اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

کہ ان کے لئے دوزخ ہے اور وہ سب سے پہلے بھیجے جائیں گے، اللہ کی قسم ہم نے امتوں کی طرف آپ سے پہلے رسول بھیجے

فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا

سو شیطان نے ان کے لئے ان کے اعمال اچھے کر کے دکھلائے سو وہ آج ان کا رفیق ہے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے، اور ہم نے آپ پر کتاب

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

اسی لئے نازل کی کہ آپ ان کے لئے وہ بات بیان فرما دیں جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں، اور یہ کتاب ان لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ

ہے جو ایمان لاتے ہیں، اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا سو اس کے ذریعہ زمین کو مردہ ہونے کے بعد زندہ فرما دیا، بلاشبہ

فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ ع

اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سنتے ہیں

## گناہ پر فوری پکڑ نہیں بلکہ مقررہ وقت تک مہلت ہے:

٦١: وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ (اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کی بے جا حرکتوں کے سبب ان پر گرفت کرتا) ان کے کفر اور ان کے گناہوں کی وجہ سے۔ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا (تو زمین پر نہ چھوڑتا) مِنْ دَآبَّةٍ (کسی حرکت کرنے والے کو) بالکل تمام کو ظالموں کے ظلم کی نحوست سے ہلاک کر ڈالتا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حباری پرندہ اپنے گھونسلے میں ظالم کے ظلم کی وجہ سے مرتا ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن آدم کے گناہوں کی وجہ سے اپنے سوراخ میں مکوڑے ہلاک ہوتے ہیں۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ دابہ سے مراد مشرک ہے جو چلتا ہے زمین پر۔ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى (لیکن ان کو ایک وقت مقررہ تک مہلت دے رہا ہے) یعنی ہر ایک کا وقت مقرر ہے۔ نمبر۲۔ ایک ایسے وقت تک جس کا حکمت تقاضا کرتی ہے۔ نمبر۳۔ قیامت تک۔ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ (جب انکا وقت معین پہنچے گا اس وقت وہ منٹ بھر نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے)

۶۲: وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ (اور وہ اللہ تعالیٰ کیلئے تجویز کرتے ہیں وہ باتیں جو اپنے لئے وہ ناپسند کرتے ہیں) وہ بیٹیاں جن کو وہ اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں اور اپنی ریاست میں شراکت کو ناپسند کرتے ہیں اور رسولوں کی توہین اور اللہ تعالیٰ کیلئے حقیر اموال اور اپنے اصنام کیلئے اعلیٰ قسم کے اموال کو پسند کرتے ہیں۔ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ (اور ان کی زبانیں جھوٹے وعدے کرتی ہیں) اس کے ساتھ یعنی وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى (کہ ان کے لئے ہر قسم کی بھلائی ہے) اللہ تعالیٰ کے ہاں۔ اور وہ جنت ہے اگر بعث بعد الموت برحق ہے۔ جیسا کہ دوسرے مقام پر ہے۔ ولئن رجعت الی ربی ان لی عنده للحسنی [فصلت: ۵۰]

نحو: ان لهم الحسنی یہ الکذب سے بدل ہے۔ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَ اَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ (یقیناً ان کے لئے آگ ہے اور بیشک وہ اس میں سب سے پہلے داخل ہونے والے ہیں)

قراءت: نافع نے مفرِطون اور ابوجعفر مُفرطون پڑھا۔ اگر فتحہ راء سے ہو تو معنی یہ ہے کہ ان کو آگ کی طرف آگے بڑھایا جائے گا اور جلد بھیجا جائے گا۔ یہ افرطت فلانا و فرطته فی طلب الماء سے لیا گیا ہے جبکہ اس کو آگے بھیجا جائے۔ نمبر۲۔ ان کو چھوڑ دیا اور بھلا دیا جائے گا۔ یہ افرطت فلانا خلفی سے لیا گیا ہے۔ جب پیچھے چھوڑا اور بھلا دیا جائے۔ نمبر۳: اور جب مکسور ہو تو مخفف ہے۔ الا فْرَاط فی المَعَاصِیْ سے لیا جائیگا۔ اور مشدد ہونے کی صورت میں تفریط فی الطاعات سے لیا جائے گا یعنی بمعنی کمی کرنا۔

## امتوں کی طرف رسول آئے مگر لوگ شیطان کے پیچھے چلے:

۶۳: تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ (اللہ کی قسم ہم نے آپ سے پہلی امتوں کی طرف رسول بھیجے) یعنی ہم نے آپ سے پہلی امتوں کی طرف رسول بھیجے۔ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ (شیطان نے ان کے لئے ان کے اعمال کو مزین کیا) اعمال سے مراد کفر اور تکذیب رسل ہے۔ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ (وہی آج اُنکا دوست ہے) دنیا میں انکا ساتھی اور دھوکے کے ساتھ ان کے گمراہ کرنے کا ذمہ دار ہے۔ نمبر۲۔ ضمیر کا مرجع مشرکین قریش ہیں یعنی ان کفار کیلئے جو ان سے پہلے ہوئے شیطان نے ان کے لئے ان کے اعمال کو مزین کیا وہی شیطان آج انکا دوست بنا ہوا ہے۔ نمبر۳۔ مضاف محذوف ہے۔ ای فهو ولی امثالهم الیوم پس وہی ان جیسوں کا آج دوست ہے۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے) قیامت کے دن۔

## قرآن کو رحمت بنا کر ہم نے اتارا:

۶۴: وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ (اور ہم نے یہ کتاب آپ پر اس لئے اتاری ہے) الکتاب سے قرآن مجید مراد ہے۔ اِلَّا لِتُبَيِّنَ

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا

اور بلاشبہ تمہارے لئے چوپایوں میں عبرت ہے، ہم تمہیں اس چیز میں سے پلاتے ہیں جو ان کے پیٹوں میں ہے، گوبر اور خون کے درمیان سے ایسا دودھ جو خالص ہے

سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّ

پینے والوں کے حلق میں آسانی سے اترنے والا ہے، اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے ہم تمہیں رزق دیتے ہیں ان سے تم نشہ کی اور کھانے کی

رِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ

عمدہ چیز بناتے ہو، بلاشبہ اس میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں، اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ پہاڑوں میں

مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿٦٨﴾ ثُمَّ كُلِىْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِىْ

اور درختوں میں اور ان عمارتوں میں جو لوگ اونچے گھر بناتے ہیں، ہر قسم کے پھلوں میں سے کھا پھر تو اپنے رب کے راستوں میں

سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ

چل جو آسان کر دیئے گئے ہیں، اس کے پیٹوں سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے رنگ مختلف ہیں اس میں لوگوں کے لئے شفاء ہے،

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۛ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ

بلاشبہ اس میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو فکر کرتے ہیں، اور اللہ نے تمہیں پیدا فرمایا پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے، اور تم میں سے بعض وہ ہیں جو نکمی

اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَىْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾ ع ٩ ٥ ١٥

عمر تک پہنچا دیئے جاتے ہیں تاکہ وہ علم کے بعد کچھ بھی نہ جانیں، بلاشبہ اللہ جاننے والا ہے قدرت والا ہے۔

لَهُمُ (اسلئے کہ آپ انکے سامنے ظاہر کر دیں) ھم سے لوگ مراد ہیں۔ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ (جن امور پر لوگ اختلاف کر رہے ہیں) وہ اختلاف دوبارہ اٹھنے پر ہے۔ کیونکہ ان میں کچھ لوگ وہ تھے جو اس پر یعنی دوبارہ اٹھنے پر ایمان لاتے تھے۔ وَهُدًى وَّرَحْمَةً (اور ہدایت ورحمت ہے)۔

نحو : یہ دونوں لِتُبَيِّنَ کے محل پر معطوف ہیں مگر ان دونوں کا نصب مفعولیت کی وجہ سے ہے کیونکہ یہ دونوں اس ذات کے فعل ہیں جس نے کتاب کو نازل کیا اور تبیین کا لام اسلئے لایا گیا کیونکہ یہ مخاطب کا فعل ہے۔ منزل کا فعل نہیں۔ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (ایمان والوں کیلئے)۔

٦٥ : وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا پس اس کے ذریعہ زمین کو اس کے بنجر ہونے کے بعد زندہ کیا۔ بیشک اس میں سننے والے لوگوں کیلئے نشانی ہے) سننے سے مراد انصاف سے سننا ہے۔ اور غور وتدبر والا سماع ہے۔ کیونکہ جو دل کی توجہ سے نہیں سنتا گویا وہ سنتا ہی نہیں۔

## قریشیوں میں نمونۂ عبرت:

۶۶: وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ (اور تمہارے لے مویشیوں میں عبرت ہے۔ ہم تمہیں پلاتے ہیں اس چیز سے جوان کے پیٹ میں ہے) قراءت: نافع ،شامی اور ابوبکر نے نون کے فتحہ کے ساتھ نَسقیکم پڑھا ہے۔ زجاج نے کہاسقیته و اسقیته کا معنی ایک ہے۔سیبویہ نے کہاانعام اسمائے مفردہ میں سے ہے۔ جووزن افعال پروارد ہوتے ہیں۔ اسی لئے ضمیران کی طرف مفرد لائی گئی۔گویا یہ اسم جمع ہے۔اورفی بطونها جوسورۃ المؤمنون :۲۱ میں ہے۔ضمیر کی تانیث اس لئے ہے کہ اس میں معنی جمع کا ہے اور یہ جملہ مستانفہ ہے گویا اس طرح کہا عبرت کس طرح حاصل ہو؟ تو جواب دیا۔

## دودھ کی خصوصی نعمت:

مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا ( گوبر اور خون کے درمیان میں سے صاف دودھ ) یعنی اللہ تعالیٰ دودھ کو گوبر اور خون کے درمیان سے پیدا کرتا ہے۔ان کے درمیان ایک ایسا پردہ ڈال رکھا ہے کہ رنگت ، ذائقہ بوایک دوسرے کے ساتھ نہیں ملتی۔ بلکہ وہ ان تمام سے بچاہوا ہوتا ہے۔ایک قول یہ ہے کہ جب جانور کھاتا ہے تو وہ اس کی اوجری میں داخل ہوتا ہے وہ اس کو پکاتی ہے تو نچلا حصہ گوبر، درمیان والا دودھ اور بالائی حصہ خون اور کبد وجگر کا کام ان تینوں اقسام کو الگ الگ کرنا ہے۔خون رگوں میں چلا جاتا ہے اور دودھ تھنوں کی طرف بہہ آتا ہے۔اور گوبر اوجری میں برقرار رہتا ہے۔اس میں عبرت والوں کیلئے نشانہائے عبرت ہیں۔ شقیق بلخی رحمہ اللہ سے کسی نے اخلاص کا معنی دریافت کیا تو فرمایا عمل کو عیوب سے الگ رکھنا اسی طرح ہے جیسا دودھ گوبر وخون سے ممتاز رہتا ہے۔ سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ (خوشگوار ہے پینے والوں کیلئے ) حلق سے جلد گزر جاتا ہے کہا جاتا ہے کہ دودھ سے کسی کو اچھو نہیں آیا۔

نحو : پہلا من تبعیضیہ ہے کیونکہ جوان کے پیٹ میں ہے۔دودھ اس کا بعض حصہ ہے اور دوسرا من ابتدائے غایت کیلئے ہے۔

## احسان وعتاب کو جمع کیا:

۶۷: وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ (اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے ) یہ محذوف کے متعلق ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے ونسقیکم من ثمرات النخیل والاعناب یعنی من عصیر ھا کو نسقیکم جو اس سے قبل موجود ہے اس کی دلالت کی وجہ سے حذف کر دیا۔مطلب یہ ہے ( کھجور اور انگور کے عصیر سے ہم تمہیں پلاتے ہیں ) تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا ( تم اس سے نشہ کی چیز بناتے ہو ) اس میں پلانے کی حقیقت بیان کی۔نمبر۲۔ تَتَّخِذُوْنَ اور منه میں تکریر ظرف تاکید کیلئے کیا گیا اور منہ کی ضمیر مضاف محذوف کی طرف راجع ہے اور وہ مضاف عصیر ہے۔السکر شراب کے معنی میں ہے۔ یہاں مصدر بول کر نام مرادلیا ہے۔ کہتے ہیں سکر وسکراً جیسے رشد ورشداً پھر اس کی دو صورتیں ہیں۔نمبر ا۔ کہ یہ آیت تحریم خمر سے پہلے کی ہے۔اس صورت میں یہ منسوخ ہے۔

نمبر۲۔اس آیت میں احسان وعتاب دونوں کو جمع کیا گیا اور یہ کہا گیا ہے کہ السکر نبیذ ہے۔نبیذ کی تعریف یہ ہے کہ انگور، کشمش،فروٹ کو پکایا جائے تیسرا حصہ پانی رہ جائے پھر گاڑھا ہونے تک چھوڑ دیا جائے ۔ یہ امام ابوحنیفہ وابو یوسف رحمہما اللہ کے

نزدیک نشہ کی حد سے پہلے تک حلال ہے۔ اوران کی دلیل یہی آیت ہے اوردوسری دلیل الخمر حرام لعینها و السکر من شراب اوراسی طرح کی کثیر روایات ان کی مستدل ہیں۔ وَّرِزْقًا حَسَنًا (اورعمدہ کھانے کی چیزیں) وہ سرکہ، رُب، کھجور، کشمش وغیرہ ہیں۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانی ہے عقل والے لوگوں کیلئے)

## شہد کی مکھی قدرت کا عظیم نمونہ:

۶۸: وَاَوْحٰی رَبُّكَ اِلَی النَّحْلِ (اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں بات ڈالی) الہام کیا۔ اَنِ اتَّخِذِیْ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا (کہ تو بعض پہاڑوں میں گھر بنا) اَن مفسرہ ہے کیونکہ الایحاء میں قول کا معنی پایا جاتا ہے۔ زجاج رحمہ اللہ کہتے ہیں النّحل کا واحد النحلة ہے۔ جیسے النّخل والنخلة اور تانیث میں اسی کا لحاظ ہے۔ مِنْ مِنَ الْجِبَالِ اور مِنَ الشَّجَرِ میں تبعیضیہ ہے۔ کیونکہ ہر پہاڑ پر وہ گھر نہیں بناتی اور نہ ہی ہر درخت پر بناتی ہے۔ اور نہ ہی ہر چھپر میں بناتی ہے۔ وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا یَعْرِشُوْنَ (اور بعض درختوں اور بعض چھپروں میں جن کو لوگ بناتے ہیں) یَعْرِشُوْن سے مراد گھروں کی چھتیں جو چھپروں کی صورت میں بلند کی جائیں۔ نمبر۲۔ پہاڑوں میں پالتو مکھیوں کیلئے جو چھتے بنائے جائیں۔ اسی طرح درخت، گھر، پہاڑ ان مقامات میں سے ہیں جن پر شہد عموماً بنتا ہے۔

قراءت: یَعْرِشُوْنَ اس میں راء پر شامی، ابوبکر وغیرہ نے ضمہ پڑھا ہے۔

۶۹: ثُمَّ کُلِیْ مِنْ کُلِّ الثَّمَرٰتِ (پھر تو ہر قسم (جو مناسب وضروری) پھلوں میں سے کھا) یعنی تو گھر بنا۔ پھر جو پھل تمہیں پسند ہو وہ کھا جب کھا چکے تو فَاسْلُکِیْ سُبُلَ رَبِّكِ (پھر اپنے رب کے راستوں پر چل جو آسان ہیں) تو ان راستوں میں داخل ہو جن کا تجھے الہام کیا گیا ہے۔ اور شہد بنانے میں جن کی سمجھ تجھے دی گئی ہے۔ نمبر۲۔ جب تو اپنے چھتوں سے دور مقامات میں پھلوں کو کھائے۔ تو اپنے رب کے بتلائے ہوئے آسان راستوں پر چل کر اپنے گھروں کی طرف لوٹ تو ان راستوں پر چلنے سے راستہ سے نہ بھٹکنے پائے گی۔ ذُلُلًا جمع ذلول کی ہے۔ نحو: یہ سُبُلَ سے حال ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان راستوں کو مطیع اور آسان کیا ہے۔ نمبر۲۔ فَاسْلُکِیْ کی ضمیر سے حال ہے یعنی تو مطیع وفرمانبردار ہے اس حکم کی جو ہم نے تمہیں دیا ہے اس سے سرتابی کرنے والی نہیں ہے۔ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا (ان کے پیٹ سے نکلتا ہے ایک مشروب) شراب سے مراد یہاں شہد ہے۔ کیونکہ وہ مشروبات میں سے ہے۔ جس کو وہ اپنے منہ سے ڈالتی ہے۔ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ (جس کے رنگ مختلف ہیں) سفید، زرد، سرخ جو جواں سال مکھیوں سے بنے۔ اسی طرح ادھیڑ عمر اور بوڑھی مکھیوں نے تیار کیا ہو۔ نمبر۲۔ جیسی ان کی غذائیں ویسی ہی رنگتیں۔ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (اس میں لوگوں کیلئے شفاء ہے) کیونکہ وہ من جملہ ان ادویہ میں سے ہے جو نفع بخش ہیں اور کوئی ایسی معجون نہیں جس میں شہد نہ پڑتا ہو۔ یہ مقصد نہیں کہ ہر مریض کیلئے شفاء ہے۔ جیسا کہ ہر دواء کا حال اسی طرح کا ہے۔ البتہ اس میں شفاء کی تنوین اس کی شفاء کو عظیم بتلا رہی ہے۔

نمبر۲۔ اس لئے کہ اس میں بعض شفاء ہے۔ اور نکرہ جب مثبت ہو تو خاص ہو جاتا ہے۔ سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص نے اپنے بھائی کے پیچش کا ذکر کیا تو فرمایا اس کو شہد پلاؤ وہ پھر آیا اور کہا اس کی بیماری بڑھ گئی۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سچ

فرمایا اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے۔اس کو اور پلاؤ۔ پھر اس نے دوبارہ پلایا تو وہ صحیح ہو گیا۔[بخاری] حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ شہد ہر بیماری کی شفاء اور قرآن سینوں کی تمام بیماریوں کیلئے نسخۂ شفاء ہے۔ پس تم دونوں شفاؤں کو لازم پکڑو۔نمبرا۔قرآن کو نمبر۲۔شہد کو۔بدعت رفض علیھم ماعلیھم نحل سے علی اوران کی قوم مراد ہے۔

نکتہ: اور بعض نے کہا ایک شخص نے مہدی عباسی کے سامنے کہا انما النحل بنو هاشم يخرج من بطونهم العلم تو دوسرے آدمی نے اس کو جوابًا کہا پھر تو اللہ تعالیٰ نے تمہارا طعام و شراب اس میں مقرر کردیا جوان کے پیٹوں سے برآمد ہوتا ہے۔اس پر مہدی ہنس پڑا۔اور منصور کو یہ بات بیان کی تو انہوں نے اس کو ایک دلچسپ چیستان کے طور پر بیان کرنا شروع کردیا۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانی ہے سوچ و بچار کرنے والے لوگوں کیلئے) جو اس کے عجیب پہلو میں غور کرتے ہیں۔پس ان کو معلوم ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے مکھی کو علم و فطانت سے نوازا ہے جیسا کہ اہل عقل کو عقل سے۔

## عمر کا رذیل حصہ:

۷۰: وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ یَتَوَفّٰىكُمْ (اور اللہ تعالیٰ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں وفات دیں گے) تمہاری ارواح کو ابدان سے قبض کرنے کے بعد وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ (اور بعض تم میں سے لوٹائے جاتے ہیں رذیل ترین عمر کی طرف) خسیس اور حقیر ترین عمر کی طرف اور وہ پچھتر سال کی ہے۔نمبر۲۔اسی سال کی ہے۔نمبر۳۔نوے سال کی ہے۔لِكَیْ لَا یَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَیْـًٔا (جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ وہ ایک چیز سے باخبر ہونے کے بعد بے خبر ہو جاتا ہے) جس کا نتیجہ علم کا بھولنا ہوتا ہے۔نمبر۲۔ تاکہ اپنے علم سے زیادہ علم کو وہ نہ جانے۔اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ (بیشک اللہ علم والے ہیں) وہ اکمل کو ارذل میں تبدیل کا فیصلہ فرماتے ہیں۔نمبر۲۔احیاء سے افناء کی طرف فیصلہ فرماتے ہیں۔قَدِیْرٌ (وہ قدرت والے ہیں) وہ اشیاء کو جس طرح جن اشیاء سے بدلنا چاہتے ہیں بدل ڈالتے ہیں۔

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّىْ رِزْقِهِمْ عَلٰى

اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں فضیلت دی، سو جن لوگوں کو فضیلت دی گئی وہ اپنا رزق اپنے غلاموں کو اس طرح دینے والے

مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ

نہیں ہیں کہ وہ سب اس میں برابر ہو جائیں، کیا پھر بھی اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں، اور اللہ نے تم میں سے تمہارے لئے

لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ

بیویاں بنا دیں، اور تمہاری ان بیویوں سے تمہارے لئے بیٹے اور پوتے پیدا فرما دیئے، اور تمہیں عمدہ چیزیں کھانے کے لئے

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُوْنَ

عطا فرمائیں، کیا پھر بھی وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں، اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں، اور وہ لوگ اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا

ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو آسمانوں میں سے اور زمین میں سے انہیں رزق دینے کا ذرا بھی اختیار نہیں رکھتیں اور نہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾ ۚ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا

انہیں قدرت ہے، سو تم اللہ کے لئے امثال تجویز نہ کرو اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾

جانتے۔

## غلام وآقا میں برابری نہیں تو مخلوق کو خالق کے کیسے برابر کرلیا:

۷۱: وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ (اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے بعض کو بعض پر رزق میں فضیلت عنایت فرمائی) یعنی رزق میں تمہارے مختلف درجات بنائے۔ تمہیں تمہارے غلاموں سے افضل رزق دیا حالانکہ وہ بھی تمہارے جیسے انسان ہیں۔ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا (پس وہ لوگ جن کو فضیلت دی) رزق میں یعنی مالک۔ بِرَآدِّىْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ (وہ اپنے غلاموں کو اپنے مال کا حصہ لوٹانے والے نہیں ہیں) رآدّی کا معنی دینے والے۔ مناسب تو یہ تھا کہ اپنے سے بچا ہوا رزق و مال غلاموں کو دیتے تا کہ وہ مطعم و ملبس میں تمہارے برابر ہو جاتے۔ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ (پس وہ اس میں (تمہارے) برابر ہو جاتے)۔

نحو : یہ جملہ اسمیہ ہے۔ جو جملہ فعلیہ کی جگہ موضع نصب میں آیا ہے۔ کیونکہ یہ فاء کے ساتھ نفی کا جواب ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے فما الذین فضلوا برآدّی رزقھم علی ملکت ایمانھم فیستووا مع عبیدھم فی الرزق ۔ درحقیقت یہ ایک مثال ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کیلئے بیان کیا جنہوں نے شریک بنائے ۔ پس فرمایا تم اپنے اور اپنے غلاموں کے درمیان ان چیزوں میں برابری کرنے کیلئے تیار نہیں ہو جو میں نے تمہیں عنایت کی ہیں ۔ تم نہ ان کو ان میں حصہ دار بناتے ہو ۔ اور نہ یہ بات اپنے نفوس کیلئے گوارا کرتے ہو ۔ پھر تم نے میرے لئے میرے بندوں کو کیسے شریک بنا کر کھڑا کر دیا ؟ (یاللاسف علیکم) اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ( کیا وہ انعام الٰہیہ کا انکار کرتے ہیں )

قراءت : ابوبکر نے تجحدون پڑھا ۔ اس کو من جملہ جحو دِ نعمت سے قرار دیا ہے ۔

## ازواج اور عظیم نعمت :

۷۲ : وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا ( اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہارے نفوس میں سے تمہاری بیویاں بنائیں ) انفسکم سے مراد جنس ہے ۔ وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً ( اور اس نے بنایا تمہارے لئے تمہاری بیویوں میں سے بیٹے اور پوتے ) حفدہ جمع حافد کی ہے ۔ اس کو کہا جاتا ہے جو اطاعت میں جلدی کرے اور خدمت میں چابکدستی اختیار کرے ۔ اسی سے یہ قول قنوت والا ہے ۔ والیك نسعی و نحفد ۔ یعنی ہم دوڑتے اور اطاعت میں جلدی کرتے ہیں ۔ پھر اس میں اختلاف ہے بعض نے کہا یہ بیٹوں کی اولاد کو کہتے ہیں دوسرا قول یہ ہے کہ اولاد کی اولاد ۔ مطلب آیت کا یہ ہے کہ اس نے تمہارے لئے حفدہ بنائے یعنی خادم بنائے جو تمہاری مصلحتوں میں تمہارے معاون اور مددگار ہیں ۔ وَّ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ( اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا ) یعنی ان میں سے بعض سے ۔ کیونکہ تمام طیبات تو جنت میں ہونگے ۔ اور دنیا کے طیبات تو اس کا فقط نمونہ ہیں ۔ اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ ( کیا وہ بے بنیاد بات کو مانتے رہیں گے ) اس باطل بات سے مراد بتوں کا نافع اور شفیع قرار دینا ہے ۔ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ ( اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کا ) نعمت سے یہاں اسلام مراد ہے ۔ هُمْ یَكْفُرُوْنَ ( وہ انکار و ناشکری کرتے ہیں ) نمبر ۱ ۔ الباطل سے شیطان مراد ہے ۔ اور نعمت سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ۔ نمبر ۲ ۔ الباطل سے مراد شیطان کی تعلیم کردہ بحیرہ، سائبہ وغیرہ والی تحریمات اور نعمت اللہ سے مراد اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء ہیں ۔

۷۳ : وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَیْئًا ( اور وہ عبادت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی جو ان کو نہ آسمانوں سے اور نہ زمین میں سے ذرہ بھر رزق پہنچانے کی طاقت و اختیار رکھتے ہیں ) یعنی بت وہ جماد ہیں ۔ وہ ذرہ بھر رزق کے مالک نہیں ۔ الرزق مصدری معنی اور ما یرزق ( جو چیز دی جائے ) میں استعمال ہوتا ہے ۔

نحو : اگر مصدری معنی ہو تو شیئاً منصوب ہے ۔ ای لا یملك ان یرزق شیئاً وہ مالک نہیں کہ وہ رزق دیں ذرہ بھر ۔ نمبر ۲ ۔ اور اگر مرزوق مراد ہو تو شیئا بدل ہے ۔ ای ورزقا قلیلا کہ وہ معمولی سا رزق بھی دینے کا اختیار نہیں رکھتے ۔ نمبر ۱ ۔ من السمٰوت والارض یہ رزق کا صلہ ہے جبکہ وہ مصدر ہو ۔ تقدیر عبارت یہ ہے لا یرزق مِنَ السَّمٰوٰتِ مَطَرًا وَّلَا مِنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ۔ وہ آسمان سے نہ بارش دے سکتے ہیں اور نہ زمین سے نبات اگا سکتے ہیں ۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا

اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی، ایک غلام مملوک ہے جو کسی چیز پر قادر نہیں اور ایک وہ شخص ہے جسے ہم نے اپنے پاس سے اچھا رزق

حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۗ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۗ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۗ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

عطا کیا، سو وہ اس میں سے پوشیدہ طور پر اور لوگوں کے سامنے خرچ کرتا ہے کیا یہ برابر ہو سکتے ہیں؟ سب تعریف اللہ کے لئے ہے، بلکہ بات یہ ہے کہ ان میں اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۷۵ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ

نہیں جانتے، اور اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی، یہ مثال دو آدمیوں کے بارے میں ہے ان میں سے ایک گونگا ہے وہ کسی چیز پر قادر نہیں

وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ

اور اپنے ولی پر مصیبت بنا ہوا ہے وہ اسے جہاں بھی بھیجتا ہے کوئی خیر لے کر نہیں آتا کیا یہ شخص اور ایسا شخص آپس میں برابر ہو سکتے ہیں جو

يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۷۶ ع

اچھی باتوں کا حکم دیتا ہو اور وہ سیدھے راستہ پر ہو

نمبر۲۔ اور اگر مرزوق کا اسم ہو تو پھر یہ صفت ہے۔

وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ (اور نہ اس کی طاقت رکھتے ہیں) اس کی ضمیر ما کی طرف لوٹتی ہے کیونکہ وہ ما الھہ کے معنی میں ہے بلحاظ لفظ کے اس لئے کہ اس سے پہلے لایملك فرمایا۔ اور معنی یہ بنے گا وہ رزق کے مالک نہیں اور نہ ان کے لئے مالک بننے کا امکان ہے اور نہ یہ بات ان سے ہو سکتی ہے۔

## اللہ بے مثل ہے:

۷۴: فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ (پس تم نہ بیان کرو اللہ تعالیٰ کیلئے مثالیں) نہ بناؤ اللہ تعالیٰ کیلئے مثال اس لئے کہ اس کا کوئی مثل نہیں۔ یعنی اس کا کسی کو شریک نہ بناؤ۔ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ (بیشک اللہ تعالیٰ جانتا ہے) مخلوق میں اس کا کوئی مثل نہیں۔ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اور تم نہیں جانتے) اس بات کو۔ نمبر۲۔ اللہ تعالیٰ مثال بیان کرنا جانتے ہیں اور تم اس کو نہیں جانتے۔ مگر تفسیر اول اولیٰ ہے پھر مثال بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

## مخلوق کو اللہ کا شریک بنانے کی پہلی مثال:

۷۵: ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا۔ (اللہ تعالیٰ نے مثال بیان کی کہ ایک شخص کا ایک غلام ہے)۔

نحو: عبدًا یہ مثلاً سے بدل ہے۔ مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ (ایک

مملوک جو کسی چیز پر قدرت نہ رکھتا ہو اور وہ جس کو ہم نے اچھا رزق دے رکھا ہو۔ اور وہ اس میں سے اعلانیہ و پوشیدہ خرچ کرتا ہو) سِرًّا وَّ جَهْرًا یہ دونوں مصدر ہیں جو موضع حال میں واقع ہیں۔ یعنی تمہارے اللہ تعالیٰ کے ساتھ بتوں کو شریک کرنے کی مثال ایسی ہے جیسا کہ کوئی عبد مملوک جو تصرف سے بھی عاجز ہو اور شریف سردار، بااختیار مالدار مالک جو اپنے مال میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہو اور اس میں سے جتنا چاہے خرچ کرتا ہو ان کو برابر قرار دینے کی طرح ہے۔

نکتہ: عبداً کو مملوک سے مقید کر دیا تا کہ حُرّ سے ممتاز ہو جائے کیونکہ عبد کا لفظ تمام پر بولا جاتا ہے۔ اس لئے کہ دونوں ہی اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں۔ لایقدر علی شیء کی قید بھی لگائی تا کہ مکاتب و ماذون سے الگ کر دیا جائے یہ دونوں قسم کے غلام تصرف کی قدرت رکھتے ہیں۔ مَن موصوفہ ہے یعنی اور آزاد جس کو ہم نے رزق دیا تا کہ عبد کے مطابق تقابل ہو جائے۔ نمبر۲۔ موصولہ ہے۔ هَلْ يَسْتَوٗنَ (کیا یہ برابر ہیں) ضمیر جمع ارادۂ جمع کی وجہ سے لائے۔ یعنی یہ دونوں قسمیں برابر نہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں بلکہ اکثر ان میں جانتے ہی نہیں) کہ حمد و عبادت اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے۔ پھر مزید وضاحت فرمائی۔

## دوسری مثال' اللہ نعمتوں کے فیضان والا اور دوسروں کے پاس کچھ بھی نہیں:

۷۶: وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ (اور اللہ تعالیٰ نے ایک اور مثال بیان کی۔ دو آدمی ہیں ایک ان میں سے گونگا کوئی کام نہیں کر سکتا) الا بکم وہ شخص جو پیدائشی گونگا ہو اور سمجھ نہ رکھتا ہو۔ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ (وہ اپنے آقا پر بوجھ ہو) وہ بوجھ ہے اور اپنے آقا کی عیال داری میں رہتا ہے۔ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ (اس کو وہ جہاں بھی بھیجتا ہے کوئی کام ٹھیک کر کے نہیں لاتا) جس جگہ اس کو بھیجتا ہے اور کسی ضرورت کی خاطر روانہ کرتا ہے یا کسی اہم کام کو پورا کرنے کی غرض سے بھیجتا ہے تو نہ فائدہ دیتا ہے اور نہ کامیابی پا کر لوٹتا ہے۔

هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ (کیا یہ شخص اور ایسا شخص باہم برابر ہو سکتے ہیں جو اچھی باتوں کا حکم دے) یعنی جو سلیم الحواس، نفع مند، کفایت والا، رشد و دیانت سے مزین ہو پھر لوگوں کو عدل و خیر کی تعلیم بھی دیتا ہو۔ وَهُوَ (اور وہ) ذاتی طور پر عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (سیدھی راہ پر ہو) نیک سیرت ہو۔ مضبوط دین پر قائم ہو۔ یہ دوسری مثال ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کیلئے بیان فرمایا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر رحمت کے آثار اور نعمتوں کے فیضان کرتا ہے۔ اور اصنام محض مردہ و بے جان نہ نفع کے مالک ہوتے ہیں اور نہ نقصان کی طاقت رکھتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ

اور اللہ ہی کے لئے ہیں آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں، اور قیامت کا معاملہ بس ایسا ہی ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا یا اس سے بھی زیادہ قریب،

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝۷۷

بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## اللہ قیامت کے علم والا اور ایک لمحہ میں لانے کی قدرت والا:

۷۷: وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے پوشیدہ باتیں آسمانوں اور زمین کی) نمبرا۔ بندوں سے جن چیزوں کا علم آسمانوں اور زمین میں پوشیدہ ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ وہ خاص ہے اور بندوں سے اس کا علم بھی مخفی ہے۔ نمبر۲۔ غیب السمٰوٰت والارض سے قیامت مراد ہے۔ اس طرح کہ اس کا علم اہل السمٰوٰت والارض سے مخفی ہے اور اس کی اطلاع کسی مخلوق کو نہیں ہے۔ جو آسمان و زمین میں بسنے والی ہے۔ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ (اور قیامت کا علم نہیں) قریب ہونے میں اور سرعت قیام و وقوع میں اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ (مگر ایک پلک جھپک کی طرح) جیسے نگاہ کا لوٹنا۔ اس کو بطور مثال ذکر کیا کیونکہ اس سے زیادہ قلیل زمانہ لوگوں میں پہچانا نہیں جاتا اَوْ هُوَ اَقْرَبُ (یا اس سے بھی قریب تر) آو یہاں شک مخاطب کیلئے نہیں ہے۔ نمبر۲۔ اَوْ بَلْ کے معنی میں ہے بَلْ هُوَ اَقْرَبُ بلکہ وہ اس سے بھی قریب تر ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (بیشک اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر قدرت ہے) وہ قیامت کو قائم کرنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ اور مخلوق کو اٹھانے کی بھی۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی بعض مقدورات میں سے ہے۔ پھر دلالت علی القدرت کیلئے فرمایا۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

اور اللہ نے تمہیں ماؤں کے پیٹوں سے نکالا تم کچھ بھی نہ جانتے تھے، اور اس نے تمہارے لئے کان اور آنکھ اور دل

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ

پیدا فرمائے، تاکہ تم شکر کرو کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا کہ آسمان کی فضا میں مسخر

السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَاللّٰهُ

ہیں، اللہ کے سوا انہیں کوئی نہیں روکتا، بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں، جو ایمان لاتے ہیں اور اللہ نے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا

تمہارے لئے تمہارے گھروں میں رہنے کی جگہ بنائی، اور تمہارے لئے جانوروں کی کھالوں کے گھر بنائے جن کو تم سفر کرنے کے لئے اور مقام کرنے کے

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا

دن ہلکا پاتے ہو، اور اون اور اونٹوں کے بالوں اور دوسرے بالوں سے گھر کا سامان اور دوسری چیزیں بنائیں

وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ

جو ایک مدت تک کام دیتی ہیں، اور اللہ نے جو کچھ پیدا فرمایا ہے ان میں بعض چیزیں ایسی ہیں جو سایہ والی ہیں اور اس نے تمہارے لئے پہاڑوں میں چھپنے

الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ

کی جگہیں بنائیں اور تمہارے لئے کرتے بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے کرتے بنائے جو لڑائی سے تمہاری حفاظت کرتے ہیں،

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

اللہ تم پر ایسے ہی اپنی نعمت پوری فرماتا ہے تاکہ تم فرماں بردار بنو، سو اگر یہ لوگ اعراض کریں تو آپ کے ذمہ صرف

عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ

واضح طور پر پہنچا دینا ہے، یہ لوگ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کے منکر ہوتے ہیں ان میں سے اکثر

ع ١١ ٧ ١٧ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

ناشکرے ہیں۔

## نمونہ ہائے قدرت آیت نمبر ۸۱ تک :

۷۸: وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ (اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا)
نحو : قراءت: علی نے اِمِّهَاتِكُمْ پڑھا۔ الف کا کسرہ نون کی اتباع میں اور میم کا فتحہ۔ اور حمزہ نے دونوں میں کسرہ پڑھا
اِمِهات میں ھاء کو تاکید کیلئے بڑھایا گیا۔ جیسا کہ اراق میں اھراق کہتے ہیں البتہ واحد میں ھاء کا اضافہ خلافِ قاعدہ ہے۔
لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا (تم کچھ نہ جانتے تھے)
نحو : یہ حال ہے یعنی تم اس منعم کا حکم کچھ بھی جاننے والے نہ تھے جس نے تمہیں ماؤں کے پیٹ میں پیدا کیا۔ وَّ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (اور تمہارے لئے کان، آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر گزار ہو۔) یعنی ان چیزوں کو تمہارے جسم میں اس لئے جوڑا ہے تاکہ جہالت کے ازالہ کا ذریعہ بن جائے۔ جس جہالت کے ساتھ تم پیدا ہوئے۔ اور ان آلات سے علم اور عمل جو منعم کا شکریہ اور اس کی عبادت اور اس کے حقوق کی ادائیگی کرسکو۔

الافئدۃ فؤاد، کی جمع ہے جیسے اغربہ غراب کی جمع ہے یہ جمع قلت ہے جو کہ جمع کثرت کے قائم مقام استعمال ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کے علاوہ میں یہ اہل لغت سے سننے میں نہیں آئی۔

۷۹: اَلَمْ يَرَوْا (کیا وہ نہیں دیکھتے) قراءت: شامی اور حمزہ نے تاء سے پڑھا ہے۔ اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ (پرندوں کو جو فضاء میں مسخر ہو رہے ہیں) اڑنے کیلئے زیرِ فرمان ان پروں کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے پیدا فرما دیے اور ان موافق اسباب سے جو اس کے لئے ان کو میسر فرما دیئے ہیں۔ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ (آسمان کی فضاء میں) فضاء اس ہوا کو کہتے ہیں جو بلند آسمان کی سمت میں زمین سے دور ہے۔ مَا يُمْسِكُهُنَّ (نہیں ان کو تھامتا) پروں کو سمیٹنے اور پھیلانے اور فضاء میں ٹھہرانے میں اِلَّا اللّٰهُ (مگر اللہ تعالیٰ) اپنی قدرت کے ساتھ۔ **ازالہ**: اس میں اس وہم کا ازالہ ہے جو قوائے طبعیہ کی خاصیت اس کو قرار دینے لگے۔
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو یقین رکھتے ہیں) کہ مخلوق کو خالق سے کبھی بھی استغناء نہیں ہوسکتا۔

۸۰: وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا (اور اللہ تعالیٰ نے ہی تمہارے لئے گھروں میں رہائش کی جگہ بنائی) سَكَنًا مصدر ہے یہ سکن بمعنی مسکون جہاں رہائش اختیار کی جائے۔ اور اس کی طرف علیحدگی اختیار کی جائے جیسے گھریا انس کی جگہ۔ وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا (اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھال کے گھر بنائے) اس سے چرمی خیمے مراد ہیں۔ تَسْتَخِفُّوْنَهَا (جن کو ہلکا پھلکا پاتے ہو) لگانے کیلئے اٹھانے میں ان کو ہلکا پھلکا پاتے ہو اور اسی طرح اکھاڑنے اور منتقل کرنے کیلئے ہلکا پاتے ہو۔ يَوْمَ ظَعْنِكُمْ (تمہارے کوچ کے دن)
قراءت: کوفی شامی نے عین کے سکون سے پڑھا۔ دوسروں نے عین کا فتحہ پڑھا ہے۔ الظعن عین مفتوح اور ساکن کی صورت میں اس کا معنی ارتحال و کوچ ہے۔ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ (اور تمہارے اقامت کے دن) جب تم اپنے گھروں میں ٹھہرتے ہو۔ مطلب یہ ہے وہ اوقات حضر و سفر میں تمہارے لئے ہلکے پھلکے ہیں۔ اس طرح کہ یوم کا معنی وقت کا لیا جائے۔ وَمِنْ اَصْوَافِهَا (اور ان کی

اون سے ) یعنی بھیڑوں کی سے۔اون وَاَوْبَارِ ھَا (اور اونٹوں کی اون سے ) اونٹ کی اون کو وبر کہتے ہیں وَاَشْعَارِ ھَآ (اور ان کے بالوں سے ) بکری کے بال مراد ہیں۔اَثَاثًا ( گھر کا سامان ) وَّ مَتَاعًا (اور نفع بخش اشیاء ) وہ چیز جس سے فائدہ اٹھائیں اس کو متاع کہتے ہیں۔اِلٰی حِیْنٍ (ایک وقت تک ) زمانہ کی ایک مدت۔

۸۱: وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلاً (اللہ تعالیٰ نے بنا دیئے تمہارے لئے اس میں سے بعض چیزوں کے سائے ) مثلاً درخت،چھتیں وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا (اور اس نے بنائے پہاڑوں میں تمہارے لیے پناہ گاہیں ) اکنان جمع کِنٌّ کی ہے جو چیز تمہیں چھپائے جیسے غار،کھوہ،وَّ جَعَلَ لَكُمْ سَرَابِیْلَ (اور بنائے تمہارے لئے کُرتے ) سرابیل کُرتوں کو کہتے ہیں اور اون کے کپڑوں پر بولا جاتا ہے اسی طرح کتان اور کپاس کے بنے ہوئے کپڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔تَقِیْكُمُ الْحَرَّ (جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں ) وہ سردی سے بھی بچاتے ہیں۔مگر دونوں ضدوں میں سے ایک کے تذکرے پر اکتفاء کیا۔کیونکہ گرمی سے بچنا ان کے ہاں زیادہ اہم تھا۔اور سردی معمولی اور قابل برداشت تھی۔

وَسَرَابِیْلَ تَقِیْكُمْ بَاْسَكُمْ (اور ایسے کُرتے جو لڑائی سے تمہیں بچاتے ہیں ) لوہے کی زرہیں جو لڑائی میں دشمنوں کے ہتھیاروں کو لوٹاتی اور بچاتی ہیں۔باس لڑائی کی سختی کو کہتے ہیں۔السربال کا لفظ عام ہے لوہے یا غیر لوہے ہر قسم کے کُرتے پر بولا جاتا ہے۔كَذٰلِكَ یُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ (اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنی نعمت کو تم پر مکمل کرتے ہیں تا کہ تم فرمانبرداری اختیار کرو) یعنی اس کی ان نعمتوں پر نگاہ ڈالو۔جن کا فیضان تم پر جاری وطاری ہے۔پس اس کی ذات پر ایمان لا کر اس کی اطاعت اختیار کرو۔

## ان انعامات کو دیکھ کر تو منعم حقیقی کو پہچاننا چاہئے :

۸۲: فَاِنْ تَوَلَّوْا (پس اگر وہ منہ پھیر لیں ) یعنی اسلام لانے سے اعراض کریں۔فَاِنَّمَا عَلَیْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ (تو بیشک تم پر تو صاف صاف پہنچا دینا ہے ) اس کا تم پر مؤاخذہ ووبال نہ ہوگا۔کیونکہ تمہارے ذمہ ظاہرُ التبلیغ ہے اور وہ آپ نے کر دی۔(ماننا نہ ماننا ان کا کام ہے )

۸۳: یَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ (وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچانتے ہیں ) وہ نعمتیں جن کو ہم نے اپنے اقوال سے گن کر بیان کر دیا۔پھر یہ بھی اقرار کرتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ثُمَّ یُنْكِرُوْنَهَا (پھر ان کا انکار کرتے ہیں ) یعنی اپنے افعال وکردار سے کہ غیر منعم کی عبادت کرتے ہیں نمبر۲۔سختیوں میں اقرار پھر خوشحالی میں انکار کرتے ہیں۔وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ (اور ان کی اکثریت انکاری ہے ) شدت سے انکاری ہیں کہ اعتراف بھی نہیں کرتے۔نمبر۲۔اللہ تعالیٰ کی نعمت یعنی نبوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانتے ہیں۔پھر عناد سے انکار کرتے ہیں۔اور ان کی اکثریت سخت انکاری اور دلوں سے انکاری ہیں ثم اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ پہچان مکمل ہونے کے بعد ان کا انکار بہت ہی بعید ہے کیونکہ جو نعمت کو پہچان لے اس پر اعتراف وتشکر لازم ہے نہ کہ انکار وعناد۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ

اور جس دن ہم ہر امت سے ایک گواہ قائم کریں گے پھر ان لوگوں کو اجازت نہ دی جائے گی جنہوں نے کفر کیا، اور نہ ان سے اس بات کی فرمائش کی جائے

يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٨٤﴾ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ

گی کہ اللہ کو راضی کر لیں، اور جن لوگوں نے ظلم کیا جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو ان سے ہلکا نہیں کیا جائے گا اور نہ مہلت انہیں دی

يُنْظَرُونَ ﴿٨٥﴾ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا

جائے گی، اور جن لوگوں نے شرک کیا جب اپنے شرکاء کو دیکھیں گے تو یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب یہ ہمارے وہ شرکاء ہیں

الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُو مِنْ دُونِكَ ۖ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ

آپ کو چھوڑ کر ہم جن کی عبادت کرتے تھے، سو وہ ان کی طرف بات ڈالتے ہوئے کہیں گے کہ بلاشبہ تم

لَكَاذِبُونَ ﴿٨٦﴾ وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا

جھوٹے ہو، اور اس دن اللہ کے حضور میں فرماں برداری کی باتیں کرنے لگیں گے اور جو کچھ افتراء پردازی کرتے تھے وہ سب

يَفْتَرُونَ ﴿٨٧﴾ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ

گم ہو جائے گی، جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستہ سے روکا ہم عذاب پر ان کا عذاب بڑھا دیں

الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ﴿٨٨﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِمْ

گے اس سبب سے کہ وہ فساد کرتے تھے، اور جس دن ہم ہر امت میں ایک گواہ قائم کریں گے

مِنْ أَنْفُسِهِمْ ۖ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ

جو انہیں میں سے ہوگا وہ ان کے خلاف گواہی دے گا، اور ہم آپ کو ان لوگوں پر گواہ بنا کر لائیں گے، اور ہم نے آپ پر کتاب نازل کی ہے

تِبْيَانًا لِكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ﴿٨٩﴾ ع ١٢/١٨

جو ہر چیز کو بیان کرنے والی ہے اور فرماں برداروں کے لئے ہدایت ہے اور رحمت ہے اور خوشخبری ہے

## قیامت کے مناظر:

۸۴: وَيَوْمَ (اور جس دن) یہ اذکر محذوف کی وجہ سے منصوب ہے۔ نَبْعَثُ (ہم اٹھائیں گے) ہم جمع کریں گے مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا (ہر امت میں سے ایک گواہ) وہ پیغمبر ہونگے جو ان کے حق اور مخالفت میں تصدیق کی گواہی دیں گے۔ اور تکذیب کی اور

ایمان وکفر کی۔ثُمَّ لَا یُؤْذَنُ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا (پھر کافروں کیلئے اجازت نہ دی جائے گی) کہ وہ معذرت کرلیں۔مطلب یہ ہے کہ ان کے پاس کوئی دلیل نہ ہوگی اذن کے ترک سے یہ ثابت ہوگیا کہ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔اور نہ ہی عذر وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ (اور نہ ان سے راضی کرنے کی فرمائش کی جائے گی) نہ ان سے رضا طلب کی جائے گی ان سے یہ نہ کہا جائے گا کہ تم اپنے رب کو راضی کرلو۔کیونکہ آخرت دار العمل نہیں۔ثم کو یہاں لانے کا مطلب یہ ہے کہ ان کو انبیاء علیہم السلام کی شہادت کے بعد آزمایا جائے گا۔جو اس سے زیادہ زبردست اور غالب ہے اور وہ یہ ہے کہ ان کو کلام سے روک دیا جائے گا۔اور معذرت کرنے اور حجت پیش کرنے کا موقعہ نہ دیا جائے گا۔

۸۵: وَاِذَا رَاَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا (اور ظالم لوگ دیکھیں گے) ظَلَمُوْا سے مراد کافر ہیں۔الْعَذَابَ فَلَا یُخَفَّفُ عَنْهُمْ (وہ عذاب ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا) وہ عذاب جو داخل ہونے کے بعد ہوگا وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ (اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی) نہ اس سے پہلے مہلت دی جائے گی)

۸۶: وَاِذَا رَاَ الَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا شُرَکَآءَ هُمْ (اور جب مشرک اپنے شرکاء کو دیکھیں گے) ان اوثان کو جن کی وہ عبادت کرتے تھے۔قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَکَآؤُنَا (وہ کہیں گے اے ہمارے رب یہ ہمارے شرکاء ہیں) یعنی وہ معبود جن کو ہم نے تیرا شریک بنایا۔الَّذِیْنَ کُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ (وہ جن کو ہم تیرے سوا پکارتے تھے) نَدْعُوْا کا معنی عبادت کرنا۔فَاَلْقَوْا اِلَیْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّکُمْ لَکٰذِبُوْنَ (وہ ان کی طرف بات ڈالیں گے۔بیشک تم جھوٹ بولتے ہو) وہ تکذیب کرتے ہوئے جواب دیں گے کیونکہ وہ جماد تھے وہ عابدین کو جانتے ہی نہ تھے کہ کون ان کی پوجا کررہا ہے۔نمبر۲۔احتمال یہ ہے کہ وہ ان کی اس بارے میں تکذیب کریں گے کہ تم نے ہمیں شرکاء اور الٰہ کا نام دیا حالانکہ یہ جھوٹ ہے۔یہ اس لئے کہیں گے تاکہ اللہ تعالیٰ کا شرک سے منزہ اور پاک ہونا ثابت وظاہر ہوجائے۔

۸۷: وَاَلْقَوْا یعنی وہ ظالم وکافر اِلَی اللّٰهِ یَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ (وہ مشرک لوگ اس روز اللہ کے سامنے اطاعت کی باتیں کرنے لگیں گے) القاء السلم سے اللہ تعالیٰ کے حکم کو سامنے مکمل فرمانبرداری اس کے بعد کہ دنیا میں انکار اور استکبار سے کام لیا۔وَضَلَّ عَنْهُمْ (اور ان سے گم ہوجائیں گے) اور باطل ہوجائیں گے مَّا کَانُوْا یَفْتَرُوْنَ (جو وہ افتراء کیا کرتے تھے) کہ اللہ تعالیٰ کے شریک ہیں اور وہ ان کی مدد کرتے ہیں اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کریں گے جبکہ وہ ان کی تکذیب کریں گے ایک اور ان سے بیزاری کا اظہار کریں گے۔

## دو عذابوں کا حقدار:

۸۸: اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا (وہ لوگ جو کافر ہوئے) ذاتی طور پر وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (اور انہوں نے دوسروں کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکا) اور دوسروں کو کفر پر آمادہ کیا۔زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ (ہم ان کے عذاب پر عذاب میں اضافہ کریں گے) ایک ان کے خود کفر کا عذاب اور دوسرا اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکنے کا عذاب بِمَا کَانُوْا یُفْسِدُوْنَ (اس سبب سے کہ وہ فساد انگیزی کرتے تھے) اس وجہ سے کہ وہ روکنے کی وجہ سے لوگوں کو فساد میں مبتلا کرنے والے تھے۔

## چوتھا منظر:

۸۹: وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِمْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ (اور جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گواہ ان کے مقابلہ میں قائم کردیں گے) یعنی انکا پیغمبر کیونکہ انبیاء علیہم السلام انہی میں سے انہی کی طرف مبعوث ہوتے ہیں۔ وَجِئْنَا بِكَ (اور ہم آپ کو لائیں گے) اے محمد ﷺ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ (ان پر گواہ بنا کر) هَٰؤُلَاءِ سے آپ کی امت مراد ہے۔

## قرآن تبیان ہے:

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا (اور ہم نے تم پر کتاب کو اتارا جو تمام ضروریات دین کو بیان کرنے والی ہے) یعنی فصیح و بلیغ ہے لِّكُلِّ شَيْءٍ امور دین احکام منصوص میں تو قرآن ظاہر ہے اسی طرح جو سنت سے ثابت ہیں۔ نمبر۲۔ یا اجماع سے ثابت ہو یا قول صحابہؓ سے ثابت ہو یا قیاس سے کیونکہ تمام کا مرجع کتاب اللہ ہے اسی قرآن میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں اتباع رسول اللہ ﷺ کا حکم دیا ہے۔ فرمایا: وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ [التغابن:۱۲] اور اجماع پر اس آیت میں آمادہ فرمایا: وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ [النساء:۱۱۵] اور رسول اللہ ﷺ نے اپنی امت کیلئے اتباع صحابہ کو اپنے اس ارشاد سے پسند کیا۔ **اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم** ۔ [بخاری ۵٦۸۴، مسلم ۲۲۱۷]

اور صحابہ کرامؓ نے اجتہاد کیا اور قیاس کیا اور اجتہاد و قیاس کے راستوں کو ہموار کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں بھی اس کا حکم دیا گیا: فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ [الحشر:۲] پس سنت، اجماع اور قول صحابی اور قیاس ان تمام کا سہارا تبیان پر ہے۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ قرآن تبیانا لکل شیء ہے۔ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ (اور ہدایت اور رحمت اور خوشخبری ہے مسلمانوں کیلئے) حق کی راہنمائی اور ان کے لئے رحمت اور جنت کی بشارت ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ

بلاشبہ اللہ عدل کا اور احسان کا اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور فحش کاموں سے اور برائیوں سے

وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝٩٠ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللّٰهِ

اور ظلم کرنے سے منع کرتا ہے، وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم نصیحت قبول کرو اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو

إِذَا عَاهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ

جبکہ تم عہد کر لو، اور اپنی قسموں کو مؤکد کرنے کے بعد مت توڑو، حالانکہ تم اللہ کو اپنے اوپر گواہ

جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۭ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝٩١ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي

بنا چکے ہو، بلاشبہ اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو اور اس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ

نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ

جس نے اپنے کاتے ہوئے کو محنت کرنے کے بعد ذرا ذرا کر کے توڑ ڈالا، تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعے بناتے ہو

تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبٰى مِنْ أُمَّةٍ ۭ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ

اس وجہ سے کہ ایک جماعت دوسری جماعت سے بڑھی ہوئی ہو، بات یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے ذریعے آزماتا ہے، اور یہ بات ضروری ہے کہ قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝٩٢ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً

اللہ ان چیزوں کو بیان فرما دے گا جن میں تم اختلاف کرتے تھے، اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی جماعت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَلَتُسْئَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝٩٣

لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور تم جو اعمال کرتے تھے ان کے بارے میں تم سے ضرور باز پرس ہوگی،

## جامع ترین آیت:

۹۰: إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ (بیشک اللہ تعالیٰ عدل کا حکم دیتے ہیں) اپنے مابین تمام حقوق میں برابری اور ترکِ ظلم، ہر صاحب حق کو اس کا حق دینا، اس کا نام عدل ہے۔ وَالْإِحْسَانِ (اور احسان وخوبی کا) اس کے ساتھ جو تمہارے ساتھ زیادتی برتے۔ نمبر۲۔ فرض ونفل۔ کیونکہ فرض میں تفریط لازماً ہو جائیگی ان کے نقصان کو رفع کرنے کیلئے ندب ونفل ہے۔ وَإِيتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى (قرابتداروں کو دینے کا) قرابت والوں کو دینا یہی صلہ رحمی ہے۔ وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ (اور منع کرتا ہے بے حیائی سے)

الفحشاء یعنی انتہائی قبیح گناہ وَالْمُنْكَرِ (اور منکر سے ) منکر سے مراد وہ کام جن کو عقلیں اوپرا قرار دیتی ہیں۔ وَالْبَغْيِ (اور سرکشی )ظلم وکبر کے ذریعہ دوسرے پرزبردستی کرنا۔ يَعِظُكُمْ (وہ تم کو نصیحت کرتا ہے )۔

نحو : یہ حال ہے یا جملہ متانفہ ہے لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ( تا کہ تم نصیحت حاصل کرو ) اللہ تعالیٰ کے مواعظ سے نصیحت حاصل کرو۔ یہ آیت حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے اسلام کا سبب بنی۔ وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے حیاء کی وجہ سے اسلام لایا۔ کیونکہ آپ میرے سامنے کثرت سے اسلام پیش فرماتے رہے۔ مگر ایمان میرے دل میں پختہ نہ ہوا یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ میں آپ کی خدمت میں موجود تھا۔ پس میرے دل میں ایمان مضبوط ہوگیا۔ آپ نے یہ آیت ولید بن المغیرہ کے سامنے پڑھی تو وہ کہہ اٹھا کہ اس میں حلاوت وشیرینی ہے۔ اور اس کے اوپر حسن ورونق ہے اور اس کا بالائی حصہ بارآور ہے۔ اور اس کا نچلا حصہ جو پانی والا ہے۔ اور وہ انسان کا کلام نہیں۔ ابوجہل نے کہا اس کا معبود اسے مکارم اخلاق کا حکم دیتا ہے۔ یہ قرآن مجید میں جامع ترین آیت ہے۔ اس میں خیر وشر جمع ہے۔ اسی لئے اس کو عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ سے خطبات میں پڑھا جارہا ہے۔ تا کہ ہر مامور ومنہی سامنے آجائے۔

## عہد پورا کرو:

۹۱: وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ (اور تم اللہ تعالیٰ کے وعدہ کو پورا کرو جب تم عہد کرو ) اس سے رسول ﷺ کی بیعت مراد ہے جیسا کہ دوسرا مقام پر فرمایا ان الذين يبا يعونك انما يبايعون الله [الفتح:۱۰] بیشک وہ لوگ جو آپ سے بیعت کرتے ہیں۔ بیشک وہ اللہ تعالیٰ سے بیعت کرنے والے ہیں۔ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ (اور تم قسموں کو مت توڑو ) بیعت والی قسم مراد ہے۔ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا (اس کے پختہ کرنے کے بعد ) اس کے بعد کہ اس کو اللہ تعالیٰ کے نام سے مضبوط کیا۔ اور اکّد اور وکّد یہ دو فصیح لغات ہیں۔ نحو : اور اصل واؤ ہے۔ اور ہمزہ اس کے بدلے میں آتی ہے۔ وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ( حالانکہ تم نے اللہ تعالیٰ کو اپنا کفیل مقرر کرلیا ہے ) کفیل۔ شاہد اور نگہبان کو کہتے ہیں۔ کیونکہ کفیل مکفول بہ کے حال کی خبر گیری کرنے والا ہوتا ہے۔ اور اس پر نگہبان ہوتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے ) قسم کو پورا کرنا اور اس کو توڑنا پس وہ اس کے مطابق بدلہ دیں گے۔

## عہد کو کچے دھاگے کی طرح مت خیال کرو:

۹۲: وَلَاتَكُوْنُوْا (اور مت بنو ) قسم توڑنے میں كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا۔ اس عورت کی طرح جس نے اپنے دھاگے کو مضبوط کرنے کے بعد توڑ دیا ) اس عورت کی طرح جس نے کاٹ دیا اپنے دھاگے کو مضبوط اور پختہ کرنے کے بعد اور اسکو ٹکڑے ٹکڑے کردیا۔ اَنْكَاثًا جمع نکث۔ جس کے بٹ کو اتار دیا جائے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کا نام ریطہ تھا اور یہ احمق عورت تھی وہ اور اس کی لونڈیاں صبح سے ظہر تک سوت کاتتیں پھر وہ ان کو جتنا کاتا ہوتا ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا حکم دیتی۔ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا (تم بھی اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بنانے لگو ) یہ انکاثا کی طرح حال ہے۔ دخلاً یہ تتخذون کا دو میں سے ایک مفعول ہے۔ یعنی ولا تنقضوا ایمانکم متخذ یھا دخلاً تم اپنی قسموں کو نہ توڑو اس حال میں کہ ان

وَلَا تَتَّخِذُوٓا اَيۡمَانَكُمۡ دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعۡدَ ثُبُوۡتِهَا وَتَذُوۡقُوا

اور اپنی قسموں کو اپنے درمیان فساد ڈالنے کا ذریعہ نہ بناؤ کہ جمنے کے بعد قدم پھسل جائے اور تم اللہ کی

السُّوۡٓءَ بِمَا صَدَدۡتُّمۡ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ۚ وَلَكُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشۡتَرُوۡا

راہ سے روکنے کا عذاب چکھو، اور تمہارے لئے بڑا عذاب ہے اور اللہ کے عہد کے عوض تھوڑی

بِعَهۡدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيۡلًا‌ؕ اِنَّمَا عِنۡدَ اللّٰهِ هُوَ خَيۡرٌ لَّـكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۵﴾

قیمت حاصل نہ کرو بلاشبہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

کوتم فساد کا ذریعہ بنانے والے ہو۔ بَيۡنَكُمۡ (اپنے درمیان) بگاڑ اور خیانت کا ذریعہ اَنۡ تَكُوۡنَ اُمَّةٌ (کہ ایک گروہ) ایک جماعت ہو جائے (جماعت سے مراد گروہ قریش ہے) هِیَ اَرۡبٰى مِنۡ اُمَّةٍ (زیادہ بڑھا ہوا دوسرے گروہ سے) وہ تعداد میں زیادہ ہو اور مال میں بڑھ کر ہو مسلمانوں کی جامعیت سے۔ هِیَ اَرۡبٰى میں یہ جملہ اسمیہ اُمَّةَ کی صفت ہے اور اُمَّةٌ تکون کا فاعل ہے اور یہ تکون تامہ ہے۔ اور ھی فاصل نہیں بن سکتی کیونکہ یہ دونکروں کے درمیان واقع ہے۔ اِنَّمَا يَبۡلُوۡكُمُ اللّٰهُ بِهٖ اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے ذریعے آزماتے ہیں۔ اس میں ضمیر مصدر کیلئے ہے۔ تقدیر اس طرح ہے انما یختبر کم بکونهم اربی لینظر اتتمسّکون بحبل الوفاء بعهد اللّٰه وما وكد تم من ايمان البيعة لرسول اللّٰه ﷺ ام تغترون بكثرة قريش و ثروتهم وقلة المؤمنين وفقرهم۔ اللہ تعالیٰ اس طور پر تمہارا امتحان لے رہے ہیں کہ وہ زیادہ بڑھے ہوئے ہیں۔ تاکہ وہ دیکھے کہ آیا تم وفاداری کی رسّی کو مضبوطی سے تھامنے والے ہو اور اس پر پختہ ہو جو تم نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کر کے قسم دے رکھی ہے یا پھر تم قریش کی کثرت اور ثروت اور مؤمنوں کی قلت اور فقر کو دیکھ کر دھوکے میں مبتلا ہو جاتے ہو۔ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ مَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ (اور تاکہ وہ تمہارے سامنے قیامت کے دن خوب ظاہر کر دے۔ وہ باتیں جن میں تم اختلاف کرتے تھے) جب کہ وہ تمہیں تمہارے اعمال پر ثواب وعقاب سے بدلہ دیگا۔ اس میں ملت اسلام کی مخالفت کرنے سے کفار کو ڈرایا گیا ہے۔

۹۳: وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً (اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتے تو تمہیں ایک جماعت بنا دیتے) یعنی حنیفہ مسلمہ وَّ لٰكِنۡ يُّضِلُّ مَنۡ يَّشَآءُ (لیکن وہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے) اسکے بارے میں ضلالت کو اختیار و پسند کرنے کا اسے علم ہے۔ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ (اور جس کو چاہتا ہے وہ ہدایت دیتا ہے) جس کے متعلق ہدایت کا اختیار و پسند کرنا جانتا ہے۔ وَلَتُسۡـئَلُنَّ عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ (اور تم سے ضرور سوال کیا جائے گا۔ ان باتوں کے متعلق جو تم کرتے تھے) قیامت کے دن۔ پھر تمہیں بدلہ دیا جائیگا۔

### قسم کو فساد کا ذریعہ مت بناؤ:

۹۴: وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اَيۡمَانَكُمۡ دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ (اور نہ بناؤ اپنی قسموں کو فساد کا ذریعہ اپنے درمیان) دوبارہ قسم کو باہمی فساد کا ذریعہ

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ

تمہارے پاس جو کچھ ہے ختم ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے، اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم انہیں ضرور ضرور ان کے اچھے

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۹۶ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

کاموں کا عوض دیدینگے، جس کسی مرد یا عورت نے نیک عمل کیا اس حال میں کہ وہ مومن ہے

فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۹۷

تو ہم اسے ضرور اچھی زندگی دیں گے، اور ان کے اچھے کام کے عوض ہم انہیں ان کا اجر ضرور دیں گے۔

بنانے کی ممانعت بطور تاکید لائی گئی۔ اور قسم کی عظمت بھی اس سے ظاہر کر دی۔ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا (پس پھسل جائے قدم جمنے کے بعد) پس اس سے تمہارے اقدام اسلام کے راستہ سے مضبوط ہونے کے بعد پھسل جائیں گے۔ قدم کو واحد لائے اور نکرہ لائے۔ تاکہ ظاہر کر دیا جائے کہ ایک قدم کا جمنے کے بعد طریق حق سے پھسلنا بھی بہت بڑی بات ہے۔ اس کو معمولی مت سمجھو۔ اس بات کا خود اندازہ کر لو جبکہ بہت سے اقدام پھسلنے والے ہوں تو کیا حال ہوگا؟ وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ (اور پھر تم کو اس کی سزا چکھنی پڑے) دنیا میں۔ بِمَا صَدَدْتُّمْ (اس وجہ سے کہ تم نے روکا ہے) تمہارے روکنے کے سبب۔ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی راہ سے) اور تم دین سے نکل گئے ہو۔ نمبر۲۔ تم اس وجہ سے کہ تم نے دوسروں کو دین سے روکا ہے۔ کیونکہ اگر وہ بیعت توڑ کر ارتداد اختیار کر لیتے تو پھر دوسروں کیلئے بھی بیعت کو توڑنے کی راہ نکل آتی جس پر وہ چل کر مرتد ہو جاتے۔ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (اور تمہارے لئے بہت بڑا عذاب ہے) آخرت کے دن میں۔

## دنیا کے بدلے قسم فروخت نہ کرو:

۹۵: وَلَا تَشْتَرُوْا (اور نہ خریدو) نہ بدلے میں لو۔ بِعَهْدِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے عہد کے بدلے) اور رسول اللہ ﷺ کی بیعت کے بدلے ثَمَنًا قَلِيْلًا (تھوڑی قیمت) معمولی سامان دنیا۔ بعض لوگ مکہ میں اسلام لائے شیطان نے ان کو ورغلانے کیلئے یہ چال چلی کہ ان کے دلوں میں گھبراہٹ ڈال دی کہ قریش کو غلبہ حاصل ہے اور مسلمان کمزور ہیں۔ (حق والے ہوں تو مغلوب کیوں ہوں؟) قریش نے ان کو ترغیب دلائی کہ اگر وہ دین جدید سے واپس لوٹ جائیں اور رسول ﷺ کی بیعت توڑ دیں تو ان کے ساتھ ہر قسم کا تعاون ہوگا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ان کو ثابت قدمی نصیب فرمائی۔ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (بیشک جو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے وہ بہت ہی بہتر ہے اگر تم جان لو) عند الله سے ثواب آخرت مراد ہے۔

۹۶: مَا عِنْدَكُمْ (جو تمہارے پاس ہے) دنیا کا سامان يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ (وہ ختم ہونے والا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے) اس کی رحمت کے خزائن۔ بَاقٍ (وہ باقی رہنے والا ہے۔) فنا و ختم نہ ہوگا۔ وَلَنَجْزِيَنَّ (اور ضرور ہم بدلہ دیں گے)۔

**قراءت:** نون سے مکی و عاصم کی قراءت ہے۔ نافع بن عامر، حمزہ وغیرہ کی قراءت میں یاء ہے۔ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا (وہ

لوگ جنہوں نے صبر کیا) مشرکین کی ایذاؤں پر اور اسلام پر ثابت قدمی میں مشقتیں اٹھائیں۔ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (انکا بدلہ بہتر اس سے جو وہ کرتے تھے)۔

۹۷: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى (جس نے کوئی نیک عمل کیا خواہ وہ مرد ہے یا عورت) من مبہم ہے دونوں نوع مذکر و مونث کو شامل ہے۔ البتہ ظاہر مذکر کیلئے ہے۔ اس ابہام کو مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى سے رفع کیا تا کہ وعدہ دونوں کیلئے عام ہو جائے۔ وَهُوَ مُؤْمِنٌ (اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو) ایمان کی شرط لگائی کیونکہ کفار کے اعمال کسی شمار و قطار میں نہیں۔

## حیاتِ طیبہ کیا ہے؟

نکتہ: یہ آیت بتلا رہی ہے کہ عمل ایمان کا حصہ نہیں۔ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً (ہم ضرور اس کو پاکیزہ زندگی دیں گے) یعنی دنیا میں اور اس لئے فرمایا۔ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (اور ضرور ہم ان کو ان کے اعمال کا بہترین بدلہ دیں گے) اللہ تعالیٰ نے اس سے دنیا و آخرت کے ثواب کا وعدہ فرمایا۔ جیسا کہ اس ارشاد میں فآ تا ھم اللّٰہ ثواب الدنیا وحسن ثواب الاخرۃ [آل عمران: ۱۴۸] اور یہ اس طرح ہے کہ مؤمن کی اعمال صالحہ کے ساتھ زندگی خواہ خوشحالی سے ہو یا تنگدستی سے یقیناً عمدہ زندگی ہوتی ہے اگر خوشحال ہو تب تو ظاہر ہے۔ اور اگر تنگدست ہو تو اس کی زندگی کو عمدہ بنانے کیلئے اس کو قناعت اور تقسیم الٰہی پر رضا ہر دو میسر ہوتی ہیں۔ رہا فاجر آدمی تو اس کا معاملہ برعکس ہے۔ اگر تنگدست ہو تو ظاہر ہے۔ اور اگر خوشحال ہو تو حرص کی طوالت اس کو زندگی کا سکون نہیں لینے دیتی۔ ایک قول یہ ہے کہ حیات طیبہ قناعت ہے۔ ایک قول ہے کہ حیات طیبہ عبادت و طاعت کی مٹھاس کو کہتے ہیں۔ ایک اور قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ معاملے کی سچائی اور امور الٰہیہ پر سچائی سے قائم رہنا اور ماسوی اللہ سے اعراض کرنا۔

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ

سو جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں بلاشبہ بات یہ ہے کہ شیطان کا زور

سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ

ان لوگوں پر نہیں ہے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں، اس کا زور انہیں پر ہے

عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا بَدَّلْنَآ ۱۳ ع ۱۱ ۱۹

جو اس سے دوستی رکھتے ہیں جو اللہ کے ساتھ شریک تجویز کرتے ہیں۔ اور جب ہم کسی آیت کو

اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ط

دوسری آیت کی جگہ بدلتے ہیں حالانکہ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ نازل فرماتا ہے تو مخاطبین کہتے ہیں کہ تو تو افتراء ہی کرنے والا ہے

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ

بلکہ ان ہی میں اکثر لوگ جاہل ہیں آپ فرما دیجئے کہ اس کو روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے حق کیساتھ نازل کیا ہے تاکہ ان لوگوں کو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ

مضبوط کرے جو ایمان لائے اور یہ کلام ہدایت ہے اور خوشخبری ہے مسلمانوں کے لئے، اور بلاشبہ ہم جانتے ہیں کہ یہ لوگ کہتے ہیں

اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ط لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ

کہ ان کو ایک آدمی سکھاتا ہے یہ لوگ جس کی طرف نسبت کرتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ واضح طور پر صاف عربی

مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾

زبان ہے بلاشبہ جو لوگ اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے اللہ انہیں ہدایت نہیں دیگا، اور ان کے لئے دردناک عذاب

اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ج وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

ہے، وہی لوگ جھوٹ کا افتراء کرتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور یہ لوگ واقعی جھوٹے ہیں۔

## قراءت سے قبل تعوذ:

۹۸: فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ (جب تم قرآن مجید کی قراءت کرو) جب قراءتِ قرآن کا ارادہ کرو۔ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (تو تم اللہ تعالیٰ

کی پناہ طلب کرو) ارادۂ فعل کو فعل سے تعبیر کیا۔ کیونکہ وہ اس کا سبب ہے۔ فا تعقیب کیلئے ہے۔ اس لئے کہ وہ قراءت جو استعاذہ کے ساتھ ہوگی وہ مذکورہ عمل صالح میں سے بنے گی۔ مِنَ الشَّیْطٰنِ (شیطان سے) یعنی ابلیس الرَّجِیْمِ (مردود و مطرود یا ملعون)۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اعوذ باللّٰہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم پڑھا تو فرمایا۔ اس طرح کہو اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم مجھے جبرئیلؑ نے اسی طرح پڑھایا ہے۔

۹۹: اِنَّهٗ لَیْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ (بیشک اس کو قابو نہیں) ابلیس کو تسلط و ولایت نہیں عَلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ (ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر توکل رکھتے ہیں) مؤمن متوکل اس کے وساوس کو قبول نہیں کرتے۔

۱۰۰: اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِیْنَ یَتَوَلَّوْنَهٗ (بیشک اس کا غلبہ ان لوگوں پر ہے جو اس سے دوستی اختیار کرنے والے ہیں) اس کو دوست بناتے ہیں اور اس کے وساوس کی اتباع کرتے ہیں۔ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ (اور ان لوگوں پر جو اللہ تعالیٰ کا اس کو شریک کرنے والے ہیں)۔ ربّ کی طرف ضمیر لوٹتی ہے۔ نمبر۲: شیطان کی طرف لوٹتی ہے اور باء سببیہ ہے وہ اس کے سبب سے شرک کرنے والے ہیں۔

## نسخ ہماری حکمت سے ہے:

۱۰۱: وَاِذَا بَدَّلْنَاۤ اٰیَةً مَّكَانَ اٰیَةٍ (جب ہم ایک آیت دوسری آیت کی جگہ رکھ دیتے ہیں) تبدیل آیت کو دوسری آیت سے بدلنے کو نسخ کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ شرائع و احکام کو حکمت کی وجہ سے منسوخ فرماتے ہیں اور اس آیت کا یہی معنی ہے۔ وَّ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا یُنَزِّلُ (اللہ تعالیٰ جو حکم بھیجتا ہے اس کو جانتا ہے)

قراءت: مکی اور ابوعمرو نے تخفیف سے یُنْزِلُ پڑھا ہے۔ قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُفْتَرٍ (وہ کہتے ہیں تم خود تراشتے اور گھڑتے ہو) یہ اذا کا جواب ہے۔ اور واللّٰہ اعلم بما ینزل جملہ معترضہ ہے کفار کہا کرتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ سے تمسخر کرتے ہیں آج ان کو کسی بات کا حکم دیتے ہیں اور کل اس سے روک دیتے ہیں اور ایسا حکم ان کو بتلاتے ہیں جو اس سے آسان ہوتا ہے۔ انہوں نے آپ پر یہ افتراء و بہتان لگایا ہے۔ اللہ تعالیٰ مشکل کو آسان سے اور آسان کو مشکل سے منسوخ فرماتے تھے۔ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ (بلکہ ان کی اکثریت نہیں جانتی) کہ اس کی حکمت کیا ہے؟

## قرآن لانے والے جبرئیل علیہ السلام ہیں:

۱۰۲: قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ (آپ کہہ دیں اس کو روح القدس نے اتارا ہے) یعنی جبرئیل علیہ السلام نے۔ جبرئیل کی نسبت القدس کی طرف کی گئی ہے۔ القدس پاکیزگی جیسا کہ کہتے ہیں۔ حاتم الجود۔ سخی حاتم۔ مراد مقدس روح۔ المقدس کا معنی گناہوں سے پاک مِنْ رَّبِّكَ (تیرے رب کی طرف سے) اس کے ہاں سے اور اس کے حکم سے بِالْحَقِّ (حق کے ساتھ) یہ حال ہے۔ یعنی اس کو حکمت کے ساتھ ملبس اتارا ہے۔ لِیُثَبِّتَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (تاکہ وہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے) تاکہ منسوخ کر کے ان کی آزمائش کرے تاکہ وہ اس کے متعلق کہیں کہ وہ ہماری طرف سے برحق اور حکمت پر مبنی ہے۔ کیونکہ وہ اسی کام کو کرتا اور حکم دیتا ہے جو عین ثواب و حکمت ہوتا ہے اور ایمان والوں کیلئے ثابت قدمی، صحت یقین اور طمانیت قلوب کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ وَهُدًى وَّ

بُشْرٰی (اور ہدایت اور بشارت ہے)۔ یہ مفعول لہ ہیں اور دونوں کا عطف یثبت کے محل پر ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے تثبیتاً لھم وارشاداً وبشارۃً ان کو ثابت قدم رکھنے اور راہنمائی کرنے اور خوشخبری سنانے کیلئے لِلْمُسْلِمِیْنَ (مسلمانوں کیلئے) اس میں اس بات پر تعریض کی جارہی ہیں کہ اس کے مخالف صفات تو غیر مسلموں میں ہوتی ہیں۔

## کفار کا الزام اور اس کا جواب:

۱۰۳: وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّھُمْ یَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا یُعَلِّمُہٗ بَشَرٌ (اور ہم کو معلوم ہے کہ وہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کو یہ کلام آدمی سکھاتا ہے) اس سے ان کی مراد حویطب کا ایک غلام تھا جو مسلمان ہوا۔ اور ثابت قدم رہا اس کا نام ''عائش'' تھا یا ''یعیش'' اور وہ کتابیں رکھتا تھا۔ نمبر۲۔ اس سے عامر بن حضرمی کا غلام جبر رومی مراد ہے۔ نمبر۳۔ جبر اور یسار مراد ہیں یہ دونوں غلام تورات وانجیل پڑھتے تھے۔ اور جو پڑھتے کبھی کبھی اس کو سنتے۔ نمبر۴۔ سلمان فارسی مراد ہے۔ لِسَانُ الَّذِیْ یُلْحِدُوْنَ اِلَیْہِ اَعْجَمِیٌّ (وہ زبان جس کی طرف نسبت کرتے ہیں عجمی ہے)۔

قراءت: یَلحَدون یہ یاء اور حاء کے فتحہ کے ساتھ حمزہ وعلی نے پڑھا ہے۔ یعنی وہ حق کے راستے سے اعراض کر کے جس آدمی کی طرف اپنے قول کی نسبت کرتے ہیں اس کی زبان غیر فصیح ہے۔ اور غیر واضح ہے۔ وَّھٰذَا لِسَانٌ عَرَبِیٌّ مُّبِیْنٌ (اور یہ واضح عربی زبان ہے) ھذا کا مشار الیہ قرآن ہے۔ مُبِیْن کا معنی بیان وفصاحت والی ہے۔ اس میں ان کے قول کی تردید اور ان کے طعنوں کو باطل قرار دیا گیا۔ یہ جملہ لِسَانُ الَّذِیْ الایۃ اس کا محل اعراب نہیں کیونکہ یہ جملہ مستانفہ ہے۔ یہ ان کے قول کا جواب ہے۔ لسان کا معنی لغت ہے۔ کہا جاتا ہے الحد القبر ولحدہ وھو محلدٌ وملحود جب کہ گڑھے کو ٹیڑھا بنایا جائے اور اس کے ایک جانب کھدائی کی جائے۔ پھر اس کو عام کر کے ہر میلان عن الاستقامت کیلئے بطور استعارہ استعمال کرنے لگے۔ اور کہتے ہیں الحدفلان فی قولہ والحد فی دینہ وہ اپنے دین میں استقامت سے ہٹ گیا۔ وہ ملحد ہے کیونکہ اس نے اپنے مذہب کو تمام ادیان سے پھیر لیا۔

۱۰۴: اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ (بیشک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے) آیات اللہ سے قرآن مراد ہے۔ لَا یَھْدِیْھِمُ اللّٰہُ (اللہ تعالیٰ ان کی راہنمائی نہیں کرتے) جب تک کہ وہ کفر کو پسند کرتے رہتے ہیں۔ وَلَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ (اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے) جو آخرت میں ان کے کفر پر ان کو دیا جائے گا۔

## دوسرا جواب:

۱۰۵: اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ (بیشک اللہ تعالیٰ پر افتراء باندھنے والے وہ لوگ ہیں) الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ (جو اللہ تعالیٰ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے) یعنی افتراء تو ان لوگوں کا طرز وطریق ہے۔ جن میں ایمان نہیں۔ کیونکہ وہ اس پر سزا کے قائل نہیں۔ اس میں اِنَّمَا اَنْتَ مُفْتَرٍ کی تردید ہے۔ وَاُولٰٓئِکَ (وہ) سے لَا یُؤْمِنُوْنَ کی طرف اشارہ ہے۔ ھُمُ الْکٰذِبُوْنَ (وہی جھوٹے ہیں) فی الحقیقت اور کذب میں کمال درجہ حاصل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی آیات کی تکذیب عظیم ترین جھوٹ ہے۔ نمبر۲۔ وہ انما انت مفتر کہنے میں جھوٹے ہیں۔

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ

جس شخص نے ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کیا مگر جس شخص پر زبردستی کی گئی اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہے لیکن

مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠٦﴾

جس نے دل کھول کر کفر اختیار کر لیا سو ان پر اللہ کا غصہ ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى

یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے دنیا والی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں محبوب رکھا اور بلاشبہ اللہ کافروں کو ہدایت

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ

نہیں دیتا، یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی،

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٠٨﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٠٩﴾

اور یہ لوگ واقعی غافل ہیں، لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ لوگ تباہ کاروں میں سے ہوں گے۔

۱۰۶: مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ (جس نے اللہ تعالیٰ کا انکار کیا اس کے بعد کہ وہ ایمان لایا)

## چار تراکیب:

یہ جائز ہے کہ مبتدا کو شرط مان کر جواب محذوف مانیں۔ کیونکہ من شرح جواب پر دلالت کر رہا ہے۔ گویا اس طرح فرمایا۔ من کفر باللّٰہ فعلیھم غضبٌ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کریں پس وہ غضب کے مستحق ہیں۔

## صورتِ اکراہ:

اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ (مگر جو مجبور کیا گیا اس حالت میں کہ اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو) ایمان پر پُرسکون ہو۔ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا (مگر جس کا سینہ کفر کیلئے کھلا ہو) کفر کو دل سے پسند کیا اور اس کو عقیدہ کے طور پر جمالیا۔ فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (ان پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے)۔ نمبرا۔ یہ بھی درست ہے کہ یہ الذین لا یؤمنون بالاٰخرۃ الاٰیۃ سے بدل ہو۔ اور اولئک ھم الکاذبون جملہ معترضہ ہو۔ جو بدل و مبدل منہ کے درمیان آیا ہو۔ اب مطلب یہ ہوگا۔ جھوٹ وہ باندھتے ہیں۔ جو ایمان کے بعد کفر کرنے والے ہیں۔ ان میں سے مکرہ کو مستثنیٰ کیا اور افتراء کے حکم کے ماتحت داخل نہیں کیا۔ پھر فرمایا۔ ولکن من شرح بالکفر صدرًا الاٰیۃ نمبر۲۔ یہ مبتدأ سے بدل ہو اور وہ مبتدا اولئک ہے اب اس طرح معنی ہے و من کفر باللّٰہ من بعد ایمانہ ھم الکاذبون۔ جو ایمان کے بعد کفر کرنے

والا ہے۔وہی جھوٹا ہے۔

## واقعہ عمار و یاسر رضی اللہ عنہما:

نمبر۳۔ الکاذبون خبر سے بدل ہے۔ای واولئك هم من كفر بالله من بعد ایمانه وہ وہی ہیں جنہوں نے ایمان کے بعد اللہ تعالیٰ کا انکار کیا۔نمبر۵۔اس کو ذم کی صورت میں منصوب مانا جائے۔

روایت میں ہے کہ بعض اہل مکہ آزمائش میں پڑے تو ارتداد اختیار کیا۔ان میں بعض وہ تھے جن کو مجبور کر کے کلمہ کفر کہلوا دیا گیا حالانکہ دل میں ایمان پختہ تھا۔حضرت عمار رضی اللہ عنہ انہی میں سے تھے۔باقی ان کے والد اور والدہ دونوں کو اقرار نہ کرنے کی پاداش میں قتل کر دیا گیا۔یہ اسلام میں پہلے مقتول تھے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ عمار نے کفر اختیار کر لیا ہے۔آپ نے فرمایا یہ ہرگز نہیں ہوسکتا عمار سر کے بالوں سے پاؤں کے ناخن تک ایمان سے پُر ہے۔اور ایمان تو اس کے خون و گوشت میں رچا بسا ہوا ہے۔[ابونعیم] پھر عمار رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں روتے ہوئے حاضر ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کو اپنے دست اقدس سے پونچھ رہے تھے۔آپ نے فرمایا تمہیں کیا ہوا (انہوں نے واقعہ ذکر کیا) تو فرمایا اگر وہ دوبارہ یہ اقرار کروائیں تو تم دوبارہ کہہ لینا [ابن عساکر] حضرت یاسر نے جو کیا وہ افضل ہے۔کیونکہ قتل پر صبر کرنے میں اسلام کی عظمت زیادہ ہے۔

۱۰۷: ذٰلِكَ (یہ) اس میں وعید کی طرف اشارہ ہے اور غضب الٰہی کے اترنے اور عذاب عظیم کے نازل ہونے کی اس میں وعید سنائی گئی ہے۔بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ (اس لئے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو پسند کیا آخرت پر) انہوں نے آخرت پر دنیا کو ترجیح دی۔باء سببیہ ہے دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کے سبب۔وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (اور بیشک اللہ تعالیٰ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتے) جب تک کہ وہ کفر کو پسند کرتے رہیں گے۔

۱۰۸: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ (یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں اور کانوں اور آنکھوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر کر دی) پس وہ نہ تو غور و فکر کرتے ہیں۔اور نہ ہی مواعظ کی طرف کان دھرتے ہیں اور نہ ہدایت کے راستہ کو دیکھتے ہیں۔وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ (اور وہ ہی غافل ہیں) غفلت میں کمال کو پہنچے ہوئے ہیں کیونکہ جب انجام پر غور کرنے سے غفلت برتی جائے تو یہ غفلت کا آخری درجہ ہے اور اس کی غایت ہے۔

## کافر یقیناً نقصان میں ہیں:

۱۰۹: لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ ہی لوگ گھاٹے میں رہیں گے)

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِیْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ صَبَرُوْۤا ۙ

پھر بے شک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے فتنہ میں ڈالے جانے کے بعد ہجرت کی پھر جہاد کیا اور ثابت قدم رہے

اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۱۰﴾ یَوْمَ تَاْتِیْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ

تو بلاشبہ آپ کا رب ان چیزوں کے بعد بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے، جس دن ہر شخص اپنے نفس کی طرف سے جدال

۱۴
ع
۲۰
نَّفْسِهَا وَ تُوَفّٰی كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

کرے گا اور ہر نفس کو اس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

## ایمان والوں کی سرخروئی:

۱۱۰: ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ (پھر آپکا رب) ثم کو اس لئے لائے کہ اِن کا حال اُن کے حال سے بہت ہی دور ہے۔ لِلَّذِیْنَ هَاجَرُوْا (ان لوگوں کیلئے جنہوں نے ہجرت کی) مکہ مکرمہ سے یعنی ان کو اس میں فائدہ ہے نقصان نہیں کہ اللہ تعالیٰ انکا کارساز و مددگار ہے۔ ان کو رسوا کرنے والا اور انکا دشمن نہیں۔ جیسا کہ بادشاہ آدمی کیلئے محافظ و مفید ہوتا ہے۔ نقصان پہنچانے والا نہیں ہوتا۔ مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا (اس کے بعد کہ ان کو آزمایا گیا) عذاب اور اکراہ علی الکفر کے ذریعہ۔ قراءت: فَتَنُوْا شامی نے پڑھا ہے۔ اس کے بعد کہ انہوں نے مسلمانوں کو تکالیف پہنچائیں پھر وہ اسلام لے آئے۔ ثُمَّ جٰهَدُوْا (پھر انہوں نے جہاد کیا) مشرکین کے ساتھ ہجرت مدینہ کے بعد وَ صَبَرُوْا (اور انہوں نے صبر کیا) جہاد میں آنے والے مصائب پر اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا (بیشک آپکا رب اس کے بعد) ان افعال کے بعد اور وہ افعال ہجرت جہاد و صبر ہیں۔ لَغَفُوْرٌ (البتہ بخشنے والے ہیں) ان کی ان باتوں کو جو ان کے منہ سے بطور بچاوے کے نکلیں۔ (مجبوراً کفریہ کلمات منہ سے نکالنے پڑے) رَّحِیْمٌ (مہربان ہے) اکراہ کی حالت میں نکلنے والی باتوں پر عذاب نہ دے گا۔

## قیامت میں ہر ایک اپنی طرفداری کرے گا:

۱۱۱: یَوْمَ تَاْتِیْ (جس دن آئے گا)۔ نحو: یہ رحیم کی وجہ سے منصوب ہے نمبر۲۔ اذکر محذوف کی وجہ سے كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا (ہر شخص وہ اپنی طرفداری میں بات کرے گا) یہاں نفس کی اضافت نفس کی طرف کی گئی ہے کیونکہ عین شئی کو ذاتہ ونفسہ کہہ دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں فی نقیضہ وغیرہ بولتے ہیں۔ والنفس وہ اپنی حقیقت کے لحاظ سے پورا اور کامل ہے۔ پس پہلا نفس وہ بھی کامل اور دوسرا اس کا عین اور ذات۔ گویا اس طرح فرمایا۔ **یوم تاتی کل انسان یجادل عن ذاتہ لایھمہ شان غیرہ کل یقول نفسی نفسی** ہر انسان اپنے نفس کی طرفداری کریگا۔ دوسرے کی حالت کو کوئی اہمیت نہ دیگا اور ہر ایک یہ کہہ رہا ہوگا۔ مجھے بچالے مجھے بچالے۔ المجادلة عنہا کا مطلب نفس کی طرف سے معذرت خواہی ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں ربنا

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا

اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان فرمائی۔ یہ بستی امن والی تھی اطمینان والی تھی اس کا رزق ہر جگہ سے بڑی

رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ

فراغت کے ساتھ اس کے پاس آتا تھا پس اس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی اور ان کے کرتوتوں کی وجہ سے اللہ نے ان کو بھوک

وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ

اور خوف کا مزہ چکھادیا اورالبتہ ان کے پاس انہیں میں سے رسول آیا۔ سو اس کو انہوں نے جھٹلایا۔

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

لہٰذا انہیں عذاب نے پکڑلیا اس حال میں کہ وہ ظلم کرنے والے تھے۔

هٰؤُلاء اضلّونا [الاعراف:۳۸] دوسری آیت میں ربنا انا اطعنا سادتنا و کبراء نا [الاحزاب:۶۷] ایک اور مقام پر فرمایا و اللّٰہ ربنا ما کنا مشرکین [الانعام:۲۳] وغیرہ آیات۔

وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (اور ہر نفس کو پورا پورا دیدیا جائے گا۔ جو اس نے عمل کیا اور ان پر ظلم نہ ہوگا) توفّی کا معنی ہے کہ اس کے عمل کی پوری پوری جزاء دی جائے گی۔ اور اس سلسلہ میں ان کے حق میں کمی نہ کی جائے گی۔

## نعمتیں اور اہل مکہ کی ناشکری:

۱۱۲: وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً (اللہ تعالیٰ نے ایک بستی کی مثال بیان کی) اللہ تعالیٰ نے اس بستی کو ان تمام لوگوں کیلئے مثال بنا دیا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہو۔ اور نعمتوں نے ان کو مغرور کر دیا جس سے وہ کفر میں مبتلا ہو گئے۔ اور اللہ تعالیٰ سے منہ پھیر لیا۔ جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا عذاب نازل کر دیا۔ نمبر۲۔ یہ بھی درست ہے کہ اس صفت و حالت والی کوئی بستی و شہر مراد لیا جائے۔ نمبر۳۔ پہلے زمانہ کی کوئی بستی ہو جس کا یہ حال ہو۔ اس کو اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ کیلئے بطور مثال بیان کر دیا ہو تا کہ یہ اس سے عبرت حاصل کریں۔ كَانَتْ اٰمِنَةً (وہ امن والی تھی) قتل اور قیدی بننے سے مُّطْمَئِنَّةً (اطمینان والی) کوئی خوف اس کو پریشان کرنے والا نہ تھا۔ کیونکہ اطمینان امن سے ہوتا ہے اور خوف سے بے چینی اور بے اطمینانی ہوتی ہے۔ يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا (اس کا رزق بافراغت ان کے ہاں پہنچتا ہو) رغدًا بمعنی وسعت کے ساتھ مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ (ہر طرف سے) ہر شہر سے فَكَفَرَتْ (پس اس نے کفر کیا) وہاں کے رہنے والوں نے بِاَنْعُمِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے انعامات کے ساتھ) انعم جمع ہے نمبر۱۔ نعمۃ کی۔ جبکہ تاء کو جمع میں چھوڑ دیا جائے۔ مثلاً درع و أدرع نمبر۲۔ نعم کی جیسے بؤس و ابؤس۔

فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ (پس اللہ تعالیٰ نے اس کو بھوک اور خوف کا لباس پہنا دیا

فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

سو اس میں سے کھاؤ جو اللہ نے تمہیں رزق حلال پاک عطا فرمایا اور اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو اگر تم اس کی

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ

عبادت کرتے ہو، تم پر صرف مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور وہ جانور حرام کیا گیا جس پر ذبح کے وقت

لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو، سو جو شخص مجبوری میں ڈال دیا جائے اس حال میں کہ باغی نہ ہو اور حد سے بڑھ جانے والا نہ ہو سو بلاشبہ اللہ غفور ہے، رحیم ہے۔

ان کی حرکات کے سبب) **الاذاقة و اللباس** یہ دونوں استعارے ہیں اذاقہ مستعارہ کو لباس مستعار کیلئے استعمال کیا۔ اور اس کے صحیح ہونے کی وجہ یہ ہے اذاقہ ان کے ہاں حقیقت کے قائم مقام ہے کیونکہ بلاء اور مصائب میں یہ شائع و ذائع ہے۔ اور لوگوں کو پیش آتی رہتی ہے۔ جس پر لوگ کہتے ہیں ذاق فلان البؤس والضر واذاقه العذاب۔ اس میں ضرر والم جس کا ادراک ہو سکتا ہے کڑوے، کسیلے سے۔ جس کا ادراک ہو سکتا ہے تشبیہ دی ہے۔

لباس سے تشبیہ اس لئے دی ہے کہ لباس پہننے والے کو ڈھانپ لیتا ہے۔ جس طرح کہ انسان پر غشی آئے تو وہ اس کے حواس کو ڈھانپ لیتی ہے اور بعض حوادث اس پر اس طرح سوار ہو جاتے ہیں جیسے لباس جسم پر۔ باقی رہی یہ بات کہ جوع وخوف کے لباس پر اذاقہ کا واقع کرنا اس لئے ہے جب وہ خوف و جوع میں سے جو چیز ڈھانپ لے جب اس کا اطلاق اس پر آتا ہے تو چکھنے کا اطلاق بھی اس پر درست ہے۔

گویا اس طرح کہا گیا: فَاَذَا قَهُمْ مَاغَشِيَهُمْ مِّنَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ (پس ان کو چکھائی وہ بھوک اور خوف جس نے ان کو آ کر ڈھانپ لیا تھا) دنیا میں جس طرح موجود نعمتیں جنت کے مقابلہ میں چکھنے کی چیزیں ہیں۔ بالکل اسی طرح جہنم کے مقابلہ میں دنیا کی سزائیں بھی چکھنے کے مترادف ہیں اصل سزا تو بہت بڑی ہے۔ (مترجم)

۱۱۳: وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ (تحقیق ان کے پاس انہی میں سے ایک عظیم الشان رسول آئے) اس رسول سے یہاں حضرت محمد ﷺ مراد ہیں۔ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ (پس انہوں نے اس کو جھٹلایا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو عذاب میں پکڑ لیا۔ اس حال میں کہ وہ ظالم تھے) اس حالت میں کہ وہ اپنے کو ظلم سے ملوث کرنے والے تھے۔ مفسرین رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ بدر کے دن قتل بالسیف سے جو عذاب دیا گیا وہ مراد ہے۔

## حلال وطیب کھاؤ:

۱۱۴: روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے اہل مکہ کی طرف قحط کے سالوں میں غلہ بھیجا جو ان میں تقسیم کر دیا گیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ (پس تم کھاؤ اس کو جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں رزق دیا ہے) حضرت محمد ﷺ کے دست اقدس سے

وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوا

اور جن چیزوں کے بارے میں تمہاری زبانیں جھوٹا دعویٰ کرتی ہیں ان کے بارے میں یوں نہ کہو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے تا کہ تم اللہ پر

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ ﴿۱۱۶﴾

جھوٹا افتراء کرو، بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گے،

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۪ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا

تھوڑا سا نفع ہے اور ان کے لئے درد ناک عذاب ہے، اور ہم نے یہودیوں پر وہ چیزیں حرام کر دی تھیں جن کا بیان ہم پہلے

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

آپ سے کر چکے ہیں اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ

پھر بلاشبہ آپ کا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے جہالت سے برے کام کئے پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور اعمال درست کر لئے

اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع

بلاشبہ اس کے بعد ضرور مغفرت فرمانے والا ہے رحم فرمانے والا ہے۔

حَلٰلًا طَيِّبًا (حلال و پاکیزہ) اس کے بدلے جو تم حرام وخبیث کھاتے تھے۔ مثلاً لوٹ کے اموال غصب کی آمدنیاں، برے ذرائع سے حاصل شدہ محاصل وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکریہ ادا کرو اگر تم اسی ہی کی عبادت کرنے والے ہو) یہاں تعبدون تطیعون کے معنی میں ہے۔ نمبر۲۔ اگر تمہارا گمان صحیح ہے۔ کہ الہہ کی عبادت، اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے اور وہ تمہیں اللہ تعالیٰ سے سفارش کر کے بچالیں گے۔

## محرمات سے بچو جو یہ ہیں:

۱۱۵: اس کے بعد ان پر محرمات کو بیان کر کے اپنی طرف سے تحلیل وتحریم کی ممانعت کی پس فرمایا۔ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (تم پر صرف مردار کو حرام کیا اور خون کو اور خنزیر کے گوشت کو اور اس چیز کو جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کیلئے نامزد کر دی گئی ہو۔ پس جو شخص بہت ہی مجبور ہو بشرطیکہ طالب لذت نہ ہو اور نہ حد (ضرورت) سے آگے بڑھے۔ (اور اس نے کھالیا) تو اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا مہربان ہے) انما کلمہ حصر ہے۔ یعنی حرام یہ ہیں نہ کہ بحیرہ، سائبہ وغیرہ بقیہ آیت کی تفسیر پہلے گزر چکی ہے۔

## خود تحریمات مت ایجاد کرو:

۱۱۶: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ (اور نہ کہوان چیزوں کو جن کے متعلق تمہارا جھوٹا زبانی دعویٰ ہے) الکذب یہ لَاتَقُوْلُوْا کی وجہ سے منصوب ہے یعنی ولا تقولوا الکذب لما تصفه السنتکم من البهائم بالحل والحرمة فی قولکم مت وہ جھوٹ بولو جوتمہاری زبانوں سے چوپایوں کی حلت وحرمت کے متعلق نکلتا ہے۔جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا۔مافی بطون هذه الانعام خالصة لذکورنا و محرم علی ازواجنا [الانعام:۱۳۹] یہ بات بغیر وحی کے حوالہ کے وہ کرتے تھے۔یا بغیر کسی صحیح قیاس کے حوالہ کے جس کی بنیاد قرآن وسنت سے استنباط پر ہو۔

اور لما میں لام اسی طرح ہے جیسا اس قول میں ''لاتقولوا لما احل اللّٰه هو حرام ''هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ (کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے) یہ الکذب سے بدل ہے۔

نحو: الکذب پر نصب تَصِفُ کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔اور نمبر۲۔ مامصدر یہ مانکر هذا حلال و هذا حرام کو لا تقولوا سے متعلق کرو۔تقدیر عبارت یہ ہوگی ولا تقولوا هذا حلال وهذا حرام۔ وهذا لوصف السنتکم الکذب یعنی ولا تحرموا ولا تحللوا لاجل قول تنطق به السنتکم ویحول فی افواهکم لا لاجل حجة وبینة ولکن قول ساذج ودعوی بلابرهان۔ تم اپنے زبانی قول سے حلال وحرام مت کرو۔اور جو تمہارے منہ میں آئے بغیر دلیل وحجت کے حلال وحرام مت کہہ ڈالو۔مگر قول یہ محض بے پر کی بات اور دعویٰ ہے جس کی بنیاد میں دلیل نہیں ہے۔

## فصیح ترین جملہ:

تصف السنتکم الکذب یہ فصیح ترین جملہ ہے۔اس میں ان کے قول کو بعینہٖ کذب قرار دیا۔جب انہوں نے زبانوں سے کہہ دیا تو یہ کذب کے قائم مقام ہوگیا۔اور اس کی شکل اختیار کرلی۔جیسا کہتے ہیں وجهها یصف الجمال و عینها تصف السحر۔اس کا چہرہ آئینہ حسن اور اس کی آنکھ سحر بے زبان ہے۔لِتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ (نتیجتاً تم اللہ تعالیٰ پر جھوٹی تہمت باندھوگے) لِتَفْتَرُوْا کی لام تعلیلیہ ہے جس میں غرض کا معنی متضمن نہیں ہے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ (بیشک جولوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ کامیاب نہ ہونگے)

۱۱۷: مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (تھوڑا نفع اٹھانا ہے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے) یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔یعنی انکا افعال جاہلیت میں فائدہ معمولی ہے۔اور ان کی سزا بہت بڑی ہے۔(اعاذنا اللّٰه منها)

## یہود پر تحریم سزا کے طور پر تھی:

۱۱۸: وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَاقَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ (اور یہود پر ہم نے حرام کیا جو ہم نے تمہیں اس سے قبل بیان کردیا)۔سورۂ انعام میں جو اس آیت میں ہے وعلی الذین هادوا حرمنا کل ذی ظفر الا یة ۱۴۶: وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ (اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا) ان کو حرام قرار دیکر وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (لیکن وہ اپنے نفسوں پر ظلم کرنے والے تھے) ہم نے ان کے گناہوں کی پاداش کے طور پر یہ چیزیں ان پر حرام کیں۔

اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًا ؕ وَلَمْ یَكُ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝۱۲۰ شَاكِرًا

بلاشبہ ابراہیم ایک ''بڑے مقتدی'' تھے اللہ کے فرمانبردار تھے سب کو چھوڑ کر ایک ہی طرف ہو رہے تھے اور مشرکین میں سے نہ تھے، اللہ کی

لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝۱۲۱ وَاٰتَیْنٰهُ فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً ؕ

نعمتوں کا شکر ادا کرنے والے تھے، اللہ نے انہیں چن لیا اور انہیں سیدھے راستے کی ہدایت دی، اور ہم نے انہیں دنیا میں خوبیاں دیں،

وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝۱۲۲ ثُمَّ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ

اور بلاشبہ وہ آخرت میں صالحین میں سے ہوں گے، پھر ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ ابراہیم کی ملت کا اتباع کیجئے جو سب کو چھوڑ کر ایک طرف ہو رہے تھے

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝۱۲۳ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْهِ ؕ وَاِنَّ

اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے ہفتہ کے دن کی تعظیم انہیں لوگوں پر لازم کی گئی تھی جنہوں نے اس میں اختلاف کیا،

رَبَّكَ لَیَحْكُمُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ۝۱۲۴

اور بلاشبہ آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان ان چیزوں کے بارے میں ضرور فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

## نادانی اور کفارہ بشرطِ اصلاح معاف ہے:

۱۱۹: ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِیْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ (پھر آپکا رب ایسے لوگوں کیلئے جنہوں نے نادانی کے سبب گناہ کرلیا)

نحو: یہ حال ہے ای عَمِلُوا السُّوْٓءَ جَاهِلِیْنَ۔ انہوں نے برا کام کیا اس حال میں کہ جہالت اختیار کرنے والے تھے۔ انجام کو سوچنے والے نہ تھے۔ اور وہ گناہ غلبۂ شہوت سے کیا۔ انکا مقصود خواہش کی لذت تھی مولیٰ کی نافرمانی مقصود نہ تھی۔ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا (پھر انہوں نے اس کے بعد توبہ کرلی اور اصلاح و درستی کرلی۔ بیشک آپکا رب اس کے بعد) یعنی توبہ کے بعد لَغَفُوْرٌ (البتہ بخشنے والا ہے) ان گناہوں کو جو انہوں نے کثرت سے کیے ہیں۔ رَّحِیْمٌ (مہربان ہے) پختہ ارادہ سے جو انہوں نے مضبوط عزم کیے ہیں ان کو پورا کرتا ہے۔

## ابراہیم علیہ السلام عظیم مقتدا تھے وہ مشرک نہ تھے:

۱۲۰: اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً (بیشک ابراہیم ایک بڑے مقتدا تھے)۔ ابراہیم علیہ السلام اکیلے ہی ایک امت تھے کیونکہ خیر کی صفات میں وہ کمال رکھتے تھے۔ جیسا ابونواس کا یہ شعر لَیْسَ عَلَى اللّٰهِ بِمُسْتَنْكَرٍ اَنْ یجمع العالَم فِیْ وَاحِدٍ اللہ تعالیٰ کیلئے یہ مشکل نہیں کہ وہ تمام جہاں کو ایک میں جمع کر دے۔ یعنی تمام خصوصیات لا کر ایک کو جامع بنا دے) حضرت مجاہد کہتے ہیں وہ اکیلے مؤمن تھے جبکہ تمام لوگ کافر تھے۔ نمبر۲۔ اُمۃ بمعنی ماموم مقتدا تاکہ لوگ ان سے بھلائی حاصل کریں۔ قَانِتًا لِّلّٰهِ (وہ اللہ تعالیٰ کیلئے

عاجزی کرنے والے تھے )۔قانت اس کو کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اوامر پر قائم ہو۔حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ معاذ اُمت تھے۔اور اللہ تعالیٰ کیلئے عاجزی کرنے والے تھے۔ان سے کہا گیا یہ تو ابراہیم علیہ السلام کی صفات ہیں۔آپ نے فرمایا۔امۃ اس کو کہا جاتا ہے جو لوگوں کو خیر سکھائے۔القانت اور اس کے رسول کا مطیع اور معاذ رضی اللہ عنہ اسی طرح تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر معاذ زندہ ہوتے تو میں ان کو خلیفہ بناتا۔میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا۔ابو عبیدة امین هذه الامة ۔ ومعاذ اُمة الله قانت للّٰہ ان کے اور اللہ تعالیٰ کے مابین قیامت کے دن صرف (قرب مرتبہ میں) رسول ہونگے [ابونعیم] حَنِيْفًا (ادیان سے ہٹ کر ملت اسلام کی طرف جھکنے والے)۔اَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (وہ مشرکین میں سے نہ تھے) کفار قریش کی تکذیب کیلئے ان سے شرک کی نفی کی۔کیونکہ قریش کا گمان یہ تھا کہ وہ ملت ابراہیم پر قائم ہیں۔

نحو: يَكُنْ کی نون کو حرف لین کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے حذف کر دیا۔

۱۲۱: شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ (وہ اس کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے والے تھے) روایت میں ہے کہ وہ مہمان کے ساتھ صبح کا کھانا تناول کرتے۔ایک دن ان کو مہمان نہ ملا تو اچانک انہوں نے ملائکہ کو صورت انسانی میں دیکھا۔آپ نے ان کو کھانے کی دعوت دی۔انہوں نے یہ بات باور کرائی کہ انہیں جذام ہے۔تو ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تمہارے لئے کھانا کھانا ضروری ہے۔تاکہ اللہ تعالیٰ کا اس بات پر میں شکریہ ادا کروں کہ اس نے مجھے بچایا اور تمہیں ابتلاء میں ڈالا۔اِجْتَبٰهُ (ان کو چن لیا) خاص کیا اور نبوت کیلئے چنا۔وَهَدٰهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (اور ان کو صراط مستقیم کی طرف راہنمائی کر دی) صراط مستقیم سے ملت اسلام مراد ہے۔

۱۲۲: وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً (اور ہم نے اس کو دنیا میں اچھائی عنایت فرمائی) حَسَنَة سے نبوت مراد ہے۔اور اولاد، اموال عنایت فرمائے۔نمبر۲۔انکا تذکرہ پھیلانے کیلئے ہر اہل دین ان کو دوست رکھتا ہے۔نمبر۳۔ہماری امت میں سے ہر نمازی کا قول كما صليت على ابراهيم۔ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ (بیشک وہ آخرت میں نیکوں میں سے ہونگے) اہل جنت میں سے۔

۱۲۳: ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (پھر ہم نے آپ کی طرف وحی کی تم ملت ابراہیم کی اتباع کرو۔جو سب سے یکسو ہونے والے تھے۔اور مشرکین میں سے نہ تھے) ثُمَّ لا کر ہمارے پیغمبر ﷺ کا مرتبہ اور مقام اور مرتبے کا احترام بتلایا۔اور یہ بتلا دیا کہ خلیل اللہ کو اشرف ترین عظمت جو عنایت فرمائی وہ یہ ہے کہ ہمارے رسول کو ان کی اتباع کا حکم دیا۔

## سبت ملتِ ابراہیمی میں نہیں:

۱۲۴: اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ (ہفتہ کے دن (کا پاس و حرمت) ان لوگوں پر فرض کیا گیا جنہوں نے اس میں اختلاف کیا) یعنی ہفتے کے دن کی تعظیم ان پر فرض کی اور اس دن مچھلیاں پکڑنے کی ممانعت کی۔وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (بیشک آپکا رب ان کے درمیان ان باتوں میں قیامت کے دن فیصلہ فرمائے گا۔جن میں

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ

اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت اور موعظہ حسنہ کے ذریعہ بلایئے، اور ان سے ایسے طریقے پر بحث کیجئے جو اچھا

اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝۱۲۵

طریقہ ہو، بلاشبہ آپ کا رب ان کو خوب جاننے والا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گئے اور وہ ان کو خوب جانتا ہے جو ہدایت کی راہ پر چلنے والے ہیں۔

وہ اختلاف کرتے تھے) روایت تفسیر میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے ان کو حکم دیا کہ وہ ہر سات دن میں ایک دن عبادت کا مقرر کر لیں۔اور وہ جمعہ کا دن ہو۔مگر انہوں نے انکار کر دیا۔اور کہنے لگے۔ہم وہ دن چاہتے ہیں جس دن آسمانوں وزمین کی پیدائش سے اللہ تعالیٰ فارغ ہوئے۔اور وہ ہفتہ کا دن ہے۔ان میں تھوڑی جماعت جمعہ پر رضامند ہوئی۔یہی انکا اختلاف ہے۔جو ہفتہ کے سلسلہ میں انہوں نے اختیار کیا۔کیونکہ بعض نے اس کو پسند کیا اور بعض نے اس کے مقابلہ میں جمعہ کے دن کو پسند کیا۔اللہ تعالیٰ نے ان کو ہفتہ کے دن عبادت کی اجازت دی اور شکار کی حرمت میں مبتلا کر دیا اللہ تعالیٰ کے حکم کی اطاعت ان لوگوں نے فقط کی جنہوں نے جمعہ کو پسند کیا تھا۔وہ اس دن شکار نہ کرتے تھے۔اور بقیہ لوگ شکار سے صبر نہ کر سکے۔اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کو مسخ کر دیا۔صرف مطیع بچے۔اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان میں فیصلہ فرمائیں گے۔اور دونوں فریق کو ان کے عمل کے مناسب بدلہ دیں گے۔

## طریقِ دعوت:

۱۲۵: اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ (تم اپنے رب کے راستہ کی طرف دعوت دو) سبیل سے اسلام مراد ہے۔بِالْحِكْمَةِ (حکمت کے ساتھ)۔مضبوط اور صحیح بات کے ساتھ۔اور وہ حق کو واضح کرنے والی اور شبہ کو دور کرنے والی دلیل ہے۔وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ (اور اچھی نصیحت کے ساتھ) اور وہ وہی ہے جس میں مخاطب کو بھی معلوم ہو جائے کہ تم ان کی خیر خواہی چاہتے ہو۔اور ان کے نفع کے طالب ہو۔نمبر۲۔موعظہ حسنہ سے مراد قرآن مجید ہے۔یعنی ان کو اس کتاب سے نصیحت کرو جو کہ اچھی نصیحت اور حکمت ہے۔نمبر۳۔الحکمت افعال کے مراتب کو پہچاننا۔الموعظۃ الحسنہ۔کہ جب رغبت خوف سے جا ملے اور انذار بشارت سے مل جائے۔

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (اور ان سے اس انداز سے مجادلہ کرو جو کہ بہت خوب ہو) اس طرز سے جو کہ مباحثہ کے شاندار طریقوں میں سے ہو۔جس میں نرمی، رفق ہو، دشمنی نہ ہو۔نمبر۲۔ایسی بات جو دلوں کو جگا دے اور نفوس کو اس سے نصیحت ملے۔اور عقلوں کو روشنی میسر ہو۔

نکتہ: اس میں ان لوگوں کی تردید ہے جو مناظرہ کے دین میں انکاری ہیں۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ (بیشک تمہارا رب خوب جانتا ہے۔ان کو جو اس کے راستے سے گمراہ ہونے والے ہوں۔اور وہ ہدایت یافتہ کو بھی اچھی طرح جانتا ہے) یعنی وہ ان کو خوب جانتا ہے جن میں بھلائی ہو

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ

اور اگر تم بدلہ لینے لگو تو اسی جیسا بدلہ لو جیسا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا، اور اگر تم صبر کرلو تو البتہ وہ صبر کرنے والوں کے لئے

لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ

بہتر ہے، اور آپ صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا بس اللہ ہی کی توفیق سے ہے، اور ان پر غم نہ کیجئے اور یہ لوگ جو کچھ تدبیر کرتے ہیں اس کے بارے میں

۱۶ ع ۹ ۲۲ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

تنگ دل نہ ہو جایئے، بلاشبہ اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا اور جو خوبی کا طریقہ کرنے والے ہوں

ان کو تھوڑا وعظ کافی ہے اور جس میں خیر نہ ہو اس کیلئے تمام حیلے عاجز آ جاتے ہیں۔

## برابر کا بدلہ جائز ہے:

۱۲۶: وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ (اگر بدلہ لو تو اتنا بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا) پہلے فعل کو عقوبت کہا حالانکہ عقوبت تو دوسرا فعل ہے لفظی مناسبت کی وجہ سے۔ جیسا کہ فرمایا۔ (وجزاء سیئة سیئة مثلها) [الشوریٰ: ۴۰] اس آیت میں دوسری سیئہ نہیں۔ بلکہ سیئہ کا بدلہ ہے۔ مطلب یہ ہے اگر تمہارے ساتھ کوئی زیادتی قتل وغیرہ جیسی کی جائے تو اس کے مثل سے اس کا مقابلہ کرو اور اس پر اضافہ نہ کرو۔ روایت میں ہے کہ مشرکین نے بعض مسلمانوں کا احد کے دن مثلہ کیا اور ان کے پیٹ پھاڑ ڈالے۔ اور ان کے آلات تناسل کو کاٹا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حمزہ رضی اللہ عنہ کو پھٹے ہوئے پیٹ کے ساتھ دیکھا تو آپ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے اے حمزہ میں تیری جگہ ستر کفار کا مثلہ کروں گا۔ پس یہ آیت نازل ہوئی آپ نے اپنی قسم کا کفارہ ادا فرمایا اور جو ارادہ فرمایا اس سے باز رہے۔ [ابن حجر۔ لم اجده] اس میں اختلاف نہیں کہ مثلہ حرام ہے کیونکہ اس کی ممانعت میں روایات وارد ہیں جن میں کاٹنے والے کتے کے مثلہ سے بھی منع فرمایا۔

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ (اور اگر تم صبر کرو تو ضرور وہ صبر کرنے والوں کیلئے بہت بہتر ہے) ھو میں ضمیر صَبَرْتُمْ کے مصدر کی طرف لوٹتی ہے۔ اور صابرین سے مراد مخاطب ہیں۔ یعنی اگر تم صبر کرو تو تمہارا صبر تمہارے لئے بہت بہتر ہے۔ گویا الصابرین اسم ظاہر کو ضمیر کی جگہ لائے۔ اس سے مخاطبین کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے شاندار تعریف فرمائی۔ کیونکہ وہ سختیوں پر صبر کرنے والے تھے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا۔

## تلقین صبر:

۱۲۷: وَاصْبِرْ (اور آپ صبر کریں) آپ صبر کریں اس میں صبر پر آمادہ کیا۔ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ (اور آپکا صبر کرنا خاص اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہے) اور اس کی توفیق اور تثبت سے ہے۔ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ (اور ان پر غم نہ کھائیں)۔ یعنی کفار پر اگر وہ ایمان نہ

لائیں۔اور ایمان والوں پر اور جو سلوک کفار ان کے ساتھ کرتے ہیں۔اس لئے کہ مسلمان اپنے مقصود تک پہنچ گئے۔ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ (اور اس سے تنگ نہ پڑیں جو تدابیر یہ کرتے ہیں)

**قراءت:** مکی نے ضاد کے کسرہ سے ضِيْق پڑھا۔اور ضِيْق یہ الضيّق کی تخفیف ہی ہے۔یعنی تنگی والی بات میں اور یہ بھی درست ہے کہ دونوں مصدر ہوں۔جیسا کہ قیل اور قول۔مطلب یہ ہے ان کی تدابیر سے تمہارا سینہ تنگ نہ ہو۔وہ آپ تک اثر انداز نہ ہوں گی۔

## متقی اللہ کی معیت میں:

۱۲۸: اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ (اللہ تعالیٰ بیشک ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے۔جو گناہوں سے بچتے اور جو نیک کردار ہوتے ہیں) یعنی وہ انکا دوست ہے جو برائیوں سے پرہیز کرنے والے ہیں۔اور ان لوگوں کا جو طاعات پر عمل پیرا ہوں۔کہا گیا۔**من اتقى فى افعاله، احسن فى اعماله كان الله معه فى احواله** جو شخص اعمال میں حسن، افعال میں تقویٰ پیدا کرلے اللہ تعالیٰ کی بے کیف معیت اس کے ساتھ ہے۔

**معیت کا مطلب:** مامورات میں اس کی نصرت اور مخظورات میں اس کی عصمت۔

**وفقنا الله بعونه العصمة من المحظورات والنصرة فى المامورات و المعية فى جميع الحالات آمين**

تمت ترجمه سورة النحل يوم الجمعه بعد العصر فى شعبان ١٤٢٣ھ العبد المذنب شمس الدين۔

سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّةٌ وَّهِیَ مِائَةٌ وَّاِحْدٰی عَشْرَةَ اٰیَةً وَّاثْنَا عَشَرَ رُکُوْعًا

سورۃ الاسراء مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سوگیارہ آیات اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا

پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندہ کو ایک رات میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سفر کرایا،

الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ①

جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں تاکہ ہم اسے اپنی آیات دکھائیں، بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے۔

واقعہ اسراء: سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (وہ اللہ تعالیٰ تمام عیوب سے پاک ہے۔ جو اپنے بندے کو راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ لے گیا۔ وہ مسجد اقصیٰ جس کے گرداگرد ہم نے ہر قسم کی برکتیں رکھی ہیں۔ بیشک وہ اللہ تعالیٰ بڑا سننے والا بڑا دیکھنے والا ہے)

۱: سُبْحٰنَ (پاک ہے عیوب سے) تمام عیوب سے اس کی پاکیزگی بیان فرمائی۔ یہ لفظ تسبیح کا علم ہے جیسے عثمان کا لفظ آدمی کیلئے کہ اللہ تعالیٰ کے اسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اس کا فعل ہمیشہ مضمر ہوتا ہے ظاہر نہیں کیا جاتا اور اسی وجہ سے یہ منصوب ہے تقدیر عبارت یہ ہے: اسبح الله سبحان میں اللہ سبحان کی تسبیح کرتا ہوں۔ یہ حذف فعل کے بعد اس کے قائم مقام استعمال ہوتا ہے۔ اور یہ انتہائی پاکیزگی پر دلالت کرتا ہے۔ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ وہ ذات جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا۔ عبدہ سے محمد ﷺ مراد ہیں اور سری اور اسری یہ دو لغات ہیں۔ لَیْلًا (رات کو) ظرف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

وجہ: اسراء تو رات ہی کو ہوتا ہے پھر اس کو لیلاً سے مقید کرنے کی وجہ تاکید ہے۔ نمبر۲۔ لیلاً کی تنوین تنکیر کیلئے ہوتا کہ اسراء کی مدت میں تقلیل کو ظاہر کیا جائے۔ اور آپ کو رات کے بعض معمولی حصہ میں مکہ مکرمہ سے شام تک چالیس راتوں کے سفر کو طے کرایا۔

مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (مسجد حرام سے) آپ کو ام ھانی بنت ابی طالب کے گھر سے رات کو لے جایا گیا۔ مسجد حرام سے یہاں حرم مراد ہے۔ کیونکہ وہ مسجد کو چاروں اطراف سے محیط ہے۔ اور وہ حرم اس کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ الحرم کله مسجد۔ حرم سارا مسجد کے حکم میں ہے۔ نمبر۲۔ مسجد حرام بعینہ مراد ہے۔ اور ظاہر قول یہی ہے کیونکہ پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا بینا انا فی المسجدالحرام فی الحجر عندا لبیت بین النائم والیقظان [الحدیث رواہ البخاری، مسلم، احمد] دریں اثناء کہ میں بیت اللہ کے پاس مقام حجر میں سونے اور جاگنے کے درمیان حالت میں تھا۔ جبکہ

جبرئیل علیہ السلام میرے پاس براق لائے اور اس رات میں مجھے آسمانوں پر لے جایا گیا۔اور یہ عروج سماء بیت المقدس سے شروع ہوا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر سے واپسی پر قریش کے قافلے اور اس کے اونٹوں کی تعداد اور ان کے احوال بتلائے۔اور آپ نے آسمانوں پر جو عجائبات دیکھے ان کو بیان فرمایا۔آپ کی انبیاء علیہم السلام سے ملاقات ہوئی۔آپ بیت المعمور اور سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچے،معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال قبل پیش آیا۔اور یہ معراج حالت بیداری میں ہوا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ فقد جسد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم لیکن آپ کی روح کو معراج ہوئی۔حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے بھی اس کی مثل مروی ہے(مگر اسنادی اعتبار سے یہ روایات انتہائی کمزور ہیں مترجم)

## قول جمہور:

معراج جسد مع الروح کے ساتھ ہوئی۔کیونکہ خواب دیکھنا کوئی فضیلت نہیں اور نہ سونے والے کو کوئی درجہ حاصل ہے۔

اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا (مسجد اقصیٰ کی طرف) یہی بیت المقدس ہے کیونکہ ان دنوں وہاں مسجد نہ تھی۔الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ(جس کے اطراف میں ہم نے برکت رکھی ہے)اس سے دین ودنیا کی برکات مراد ہیں کیونکہ وہ انبیاء علیہم السلام کی عبادت کی جگہ اور وحی کا مہبط ہے وہاں بے شمار جاری چشمے اور پھل دار درختوں کی کثرت ہے۔لِنُرِیَهٗ (تاکہ ہم اس کو دکھائیں) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مِنْ اٰیٰتِنَا (اپنی قدرت کے نشانات) جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور نبوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر دلالت کرتے ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمانوں اور ان کے اندر جو کچھ نشانات ہیں۔اس کا دیکھنا یہ آپ کی نبوت کی علامت ہے۔اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ (بیشک وہی تمام باتوں کو سننے والا)یعنی اقوال کو الْبَصِیْرُ(دیکھنے والا ہے)احوال کا۔

نکتہ: بلاغت کا طریقۂ التفات یہاں لایا گیا ہے کہ کلام غائب ومتکلم اَسْرٰی پھر بٰرَكْنَا اور پھر اِنَّهٗ هُوَ کی طرف پھیر دیا گیا ہے۔

وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ

اورہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لئے ہدایت بنا دیا کہ تم لوگ میرے علاوہ کسی کو کار ساز

وَكِيْلًا ۝٢ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝٣ وَقَضَيْنَآ

نہ بناؤ اے ان لوگوں کی نسل جن کو ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا، بے شک وہ شکر گزار بندہ تھے، اورہم نے بنی اسرائیل کو

اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝٤

کتاب میں یہ بتا دیا تھا کہ تم دو مرتبہ زمین میں ضرور فساد کرو گے اور بڑی بلندی تک پہنچ جاؤ گے

فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا

سو جب ان دونوں میں پہلی مرتبہ کی میعاد کا وقت آئے گا تو ہم تم پر اپنے ایسے بندے بھیج دیں گے جو سخت لڑائی لڑنے والے ہونگے پھر وہ گھروں کے

خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝٥ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَ

اندر گھس پڑیں گے، اور یہ وعدہ ہے جو پورا ہو کر رہے گا، پھر ہم ان پر تمھارا غلبہ واپس کر دیں گے اور

اَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ

مالوں سے اور بیٹوں کے ذریعے تمھاری امداد کریں گے، اور جماعت کے اعتبار سے تمہیں خوب زیادہ بڑھا دیں گے، اگر تم اچھے کام کرو گے تو اپنی جانوں کے لئے

لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ

اچھا کرو گے، اور اگر برے کام کرو گے تو وہ تمہاری جانوں کے لئے ہونگے، پھر جب دوسری مرتبہ کی میعاد کا وقت آئے گا تا کہ وہ تمھارے مونہوں کو بگاڑیں

وقف لازم

وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝٧ عَسٰى

اور تا کہ وہ مسجد میں داخل ہو جائیں جیسا کہ وہ اس میں پہلی بار داخل ہوئے تھے اور تا کہ وہ ان سب کو ہلاک کر ڈالیں جو ان کے قابو میں آجائیں، قریب ہے

رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨

کہ تمھارا رب تم پر رحم فرمائے اور اگر تم پھر وہی کام کرو گے تو ہم بھی وہی معاملہ کریں گے جو پہلے تمہارے ساتھ کیا، اور ہم نے جہنم کو کافروں کا جیل خانہ بنا دیا ہے۔

## موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کا تذکرہ:

۲: وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ (اور موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی اور اس کو بنایا) ہٗ کی ضمیر کتاب کی طرف راجع ہے اور

کتاب سے مراد تورات ہے۔ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (بنی اسرائیل کیلئے موجب ہدایت) اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا (اوران سے کہہ دیا کہ تم میرے سوا کسی کو کارساز نہ بنانا) ای لا تتخذوا۔

قراءت: ابوعمرو نے یاء سے پڑھا ہے۔ ای لئلا یتخذوا تا کہ وہ نہ بنائیں میرے سوا کارساز۔ وکیل کا معنی ایسا رب کہ جس کے حوالے اپنے امور کو کرو۔

۳: ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ (اے ان لوگوں کی اولاد جن کو ہم نے نوح کے ساتھ کشتی میں سوار کیا تھا) نمبرا۔ یہ اختصاص کی وجہ سے منصوب ہے نمبر۲۔ نداء کی وجہ سے منصوب ہے یہ ان کے نزدیک ہے جنہوں نے تاء کے ساتھ پڑھا اور اس کو نہی قرار دیا۔ یعنی ہم نے انہیں کہہ دیا میرے سوا کسی کو وکیل نہ بناؤ اے ان لوگوں کی اولاد جن کو ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں سوار کیا۔

اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا (بیشک وہ نوح بڑا شکرگزار بندہ تھا) ہٗ کی ضمیر نوح علیہ السلام کی طرف لوٹتی ہے۔ مشکورًا وہ شکرگزار تھا تنگدستی وخوشحالی ہر دو حالتوں میں۔ الشکر کہتے ہیں نعمت کے مقابلہ میں منعم کی تعریف کرنا۔ روایت میں ہے کہ وہ جب کھاتے، پیتے، پہنتے تو الحمدللہ کہتے۔ اے لوگو! تم ان کی اولاد ہو جوان پر ایمان لائے اوران کے ساتھ کشتی میں سوار کیے گئے۔ پس ان کی ذات کو نمونہ بناؤ۔ جس طرح تمہارے آباؤ اجداد نے بنایا۔ اولاد کے صحیح ہونے کی علامت یہ ہے کہ وہ اپنے آباء کے طرز عمل کو صحیح طور پر اپنائیں۔ اور آباء کا حال تمہیں معلوم ہو چکا۔ پس اے بیٹو! تم بھی اس طرح بنو۔

## سرکش بنی اسرائیل:

۴: وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ (اور ہم نے بنی اسرائیل کو صاف بتلا دیا تھا کہ تم ضرور زمین میں فساد کرو گے) ہم نے ان کی طرف فیصلہ کن وحی اتاری یعنی قطعی طے شدہ بات ہے کہ وہ زمین میں فساد کریں گے۔ الکتاب سے تورات مراد ہے۔ لَتُفْسِدُنَّ یہ قسم محذوف کا جواب ہے نمبر۲۔ قطعی فیصلہ قسم کے قائم مقام ہے اور لَتُفْسِدُنَّ اس کا جواب ہے گویا اس طرح فرمایا اقسمنا لتفسدن فی الارض۔ مَرَّتَيْنِ (دو مرتبہ) پہلی مرتبہ جب زکریا علیہ السلام کو قتل کیا اور ارمیاء علیہ السلام کو قید میں ڈالا گیا۔ اس لئے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے ان کو ڈرایا۔ اور دوسری مرتبہ جب یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کو قتل کیا اور عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کا ارادہ کیا۔ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا (اور تم بڑی سخت سرکشی کرو گے) اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے تکبر اختیار کرو گے۔ یہ اسی طرح ہے جیسا دوسری آیت میں علو کا معنی ہے: اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ [القصص: ۴] اس سے مراد ظلم، سرکشی اور مفسدین کا اصلاح کرنے والوں پر غلبہ پانا ہے۔

## سرکشی اوّل سزا:

۵: فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا (جب ان دو بار میں سے پہلی بار کا وقت آیا) وعد سے پہلی مرتبہ کا عذاب ہے۔ بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ (ہم نے تم پر بھیجے) مسلط کر دیئے عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ (اپنے وہ بندے جو بڑے جنگجو تھے) لڑائی میں بہت سخت تھے۔ نمبر۲۔ نینوی کے سخاریب اوراس کی فوج۔ نمبر۳۔ بخت نصر بابلی۔ نمبر۴۔ جالوت۔ انہوں نے علماء کو قتل کیا۔ تورات کو جلا ڈالا۔ مسجد

کو اجاڑ دیا۔ اور ستر ہزار افراد کو قید و بند میں ڈال دیا۔ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ (وہ تمہارے شہروں میں پھیل گئے) وہ گھروں میں لوٹ مار کیلئے پھرنے لگے۔ زجاج رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں۔ الجوس کسی چیز کو انتہائی کوشش سے ڈھونڈنا۔ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا (اور وہ وعدہ ہونا ہی تھا) وعدۂ سزا بہرصورت نافذ ہونا تھا۔

## دوبارہ درستگی:

۶: ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ (پھر ہم نے تمہیں ان دشمنوں پر دوبارہ غلبہ دیا) سلطنت وغلبہ عَلَيْهِمْ جو تم پر مسلط کئے تھے۔ جب تم توبہ کر کے فساد سے باز آ گئے اور تکبر چھوڑ دیا۔ نمبرا۔ ایک قول یہ ہے کہ بخت نصر کا قتل مراد ہے۔ اور اس کے ہاتھوں سے قیدیوں کی رہائی و آزادی۔ اموال کی واپسی سلطنت کو دوبارہ میسر ہو جانا۔ نمبر۲۔ طالوت کو بادشاہی دیکر ہم نے سلطنت میسر کر دی۔ داود علیہ السلام نے جالوت کو قتل کر دیا۔ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا اور ہم نے تمہاری اموال اور اولاد سے مدد کی اور تمہیں لشکر کے لحاظ سے زیادہ کر دیا)۔ اس سے جتنی تعداد میں پہلے تھے۔ نفیراً یہ تمیز ہے یہ نفر کی جمع ہے وہ آدمی جو اپنی قوم کے ساتھ کوچ کرے۔

۷: اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا (اگر تم اچھے عمل کرو گے تو اس کا فائدہ تمہارے ہی لئے ہوگا۔ اور اگر تم برے کام کرو گے تو بھی اپنے ہی لئے کرو گے) ایک قول نمبرا۔ یہ ہے کہ لام علیٰ کے معنی میں ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے: وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ [البقرہ:۲۸۶] صحیح قول یہ ہے کہ وہ اپنے معنی میں ہے۔ کیونکہ اختصاص کیلئے ہے عامل اپنے عمل کے بدلے کے ساتھ خاص ہے خواہ وہ اچھا ہو یا برا۔ یعنی احسان، برائی دونوں تمہارے نفوس کے ساتھ خاص ہیں۔ انکا نفع ونقصان غیر کی طرف متعدی نہیں ہوسکتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے کہ نہ احسان میں نے کسی کے ساتھ کیا اور نہ زیادتی (مگر وہ اپنے نفس کے ساتھ کی) پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ان احسنتم الایۃ۔

## دوسرا موقعہ سزا:

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ (جب دوسرے وعدے کا وقت آیا) دوسرا وعدہ آیا۔ ہم نے ان کو مقرر کر دیا۔ لِيَسُوْٓءُ یعنی یہ لوگ وُجُوْهَكُمْ (تا کہ وہ تمہارے چہروں کو بگاڑیں) اور بعثنا کو حذف کر دیا کیونکہ اولاً اس کے تذکرہ کی وجہ سے اس پر دلالت موجود ہے۔ یعنی لیجعلوها بادیة اثار المساء ه الكابة فيها تا کہ ان کو ایسا بنا دیں کہ جس میں برائی اور اکتاہٹ کے آثار ظاہر و نمایاں ہوں جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا: سيئت وجوه الذين كفروا۔ [الملک:۲۷]

قراءت: یسوء شامی حمزہ ابوبکر نے پڑھا ہے۔ اس میں ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہوگی نمبر۲۔ وعدے کی طرف نمبر۳۔ بعث کی طرف۔ علی نے لنسوء پڑھا ہے۔ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ (تا کہ وہ مسجد میں گھس جائیں) الْمَسْجِدَ سے بیت المقدس مراد ہے۔ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا (جس طرح پہلی مرتبہ گھس گئے اور اس لئے کہ جس چیز پر وہ غلبہ پالیں اس کو برباد کر ڈالیں) مَا عَلَوْا یہ لِيُتَبِّرُوْا کا مفعول ہے تا کہ وہ ہلاک کر ڈالیں ہر اس چیز کو جس پر غالب آئیں اور مسلط ہوں۔ نمبر۲۔ غلبہ کا زمانہ اور مدت مراد ہے۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَقْوَمُ وَیُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ

بے شک یہ قرآن ایسے طریقہ کی ہدایت دیتا ہے جو بالکل سیدھا ہے، اور ایمان والوں کو بشارت دیتا ہے جو نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِیْرًا ﴿۹﴾ وَّاَنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا

کرتے ہیں کہ ان کے لئے بڑا اجر ہے اور یہ بات بھی بتاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے لئے ہم نے

لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۱۰﴾ ع وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَیْرِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾

دردناک عذاب تیار کیا ہے اور انسان برائی کے لئے ایسی دعا مانگتا ہے جیسے خیر کے لئے مانگتا ہے اور انسان جلد باز ہے۔

## گنجائش توبہ:

۸: عَسٰی رَبُّكُمْ اَنْ یَّرْحَمَكُمْ (عجب نہیں کہ تمہارا رب تم پر رحم فرمائے) دوسری مرتبہ کے بعد۔ اگر تم دوسری مرتبہ توبہ کرلو اور معاصی سے باز آ گئے۔ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا (اگر تم نے پھر وہی کیا تو ہم بھی پھر وہی کریں گے) تیسری مرتبہ تمہاری سزا کی طرف لوٹیں گے انہوں نے معاصی کی طرف جھکاؤ اختیار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اکاسرہ کو ان پر مسلط کر دیا۔ اور ان پر خراج مقرر کر دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ قیامت تک مسلمانوں کو ان پر مسلط کر دیا۔ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ حَصِیْرًا (اور ہم نے جہنم کو کافروں کا قید خانہ بنایا) حَصِیْرًا کا معنی قید خانہ۔ اس کے مُحْصِر، حَصِیْر دونوں نام بولتے ہیں۔

## قرآنی دوست وراہنما:

۹: اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَقْوَمُ (بیشک یہ قرآن اس راستہ کی راہنمائی کرتا ہے۔ جو بالکل سیدھا ہے) اس حالت کیلئے جو حالات میں سب سے زیادہ درست وصحیح ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی توحید، اس کے رسولوں پر ایمان اس کی طاعات پر عمل ہے۔ نمبر۲۔ ملت کیلئے۔ نمبر۳۔ راستہ کیلئے۔ وَیُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ (اور ان ایمان والوں کو خوشخبری دیتا ہے جو نیک عمل کیا کرتے ہیں)۔

قراءت: حمزہ، علی نے یَبْشُرُ پڑھا ہے۔ اَنَّ لَهُمْ ای بِاَنَّ لَهُمْ کہ ان کے لئے اَجْرًا كَبِیْرًا (بہت بڑا اجر ہے) وہ جنت ہے۔

۱۰: وَّ اَنَّ الَّذِیْنَ ای بان الذین ۔ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا (کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے تیار کر رکھا ہے) لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا (ان کے لئے دردناک عذاب) آگ۔

## ردِ اعتزال:

معتزلہ کے اس قول کی تردید ہے گناہ گار نہ مؤمن رہتا ہے اور نہ کافر ہوتا ہے یہاں ایمان والوں اور ان کے بدلہ کا ذکر کیا اور کفار اور ان کی سزا کا تذکرہ کیا۔ درمیان والوں کا ذکر نہیں کیا۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا

اور ہم نے رات کو اور دن کو دو نشانیاں بنا دیا، سو ہم نے رات کی نشانی کو محوکر دیااور دن کی نشانی کو روشن کر دیا،

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾

تا کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو، اور برسوں کی گنتی کو اور حساب کو جان لو، اورہم نے ہر چیز کو خوب تفصیل کے ساتھ بیان کردیا ہے۔

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾

اور ہم ہر انسان کی گردن میں اس کا اعمال نامہ ڈال دیں گے، اور ہم اس کے لئے کھلی ہوئی کتاب نکال دیں گے وہ اس کتاب کو کھلی ہوئی دیکھ لے گا،

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ؕ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ

تو اپنی کتاب کو پڑھ لے آج تو اپنا حساب کرنے کے لئے کافی ہے جس نے ہدایت پالی تو وہ اپنے ہی نفع کے لئے ہدایت اختیار کرتا ہے

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى

اور جو شخص گمراہ ہوتا ہے اپنی ہی جان کو نقصان پہنچانے کے لئے گمراہ ہوتا ہے، اور کوئی جان کسی دوسرے کا بوجھ اٹھانے والی نہیں، اور جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیج

نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

دیں اس وقت تک عذاب نہیں بھیجتے۔

## انسان بددعا میں جلد باز ہے:

۱۱: وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ (انسان جس طرح (جلدی) سے بھلائی مانگتا ہے اسی طرح برائی مانگتا ہے) تکلیف کے موقعہ پر ناراض ہو کر اپنے نفس اور اہل وعیال اور مال واولاد کیلئے بدعاء کرتا ہے جیسا کہ ان کیلئے خیر کی دعا کرتا ہے۔ نمبر۲۔ جلد ملنے والے نفع کا طالب ہے۔ اگر چہ وہ نفع قلیل مقدار میں ہو۔ اس نقصان کے بدلے میں جو بدیر آنے والا ہوا گر چہ وہ کتنا ہی بڑا ہو۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا (اور انسان جلد باز (پیدا ہوا) ہے ہر وہ چیز جو اس کے دل میں آتی ہے اس کو جلد طلب کرتا ہے صابر کی طرح اس میں انتظار نہیں کرتا۔ نمبر۲۔ انسان سے کافر مراد ہے کیونکہ وہ عذاب کو بطور استہزاء مانگتا ہے اور جلد طلب کرتا ہے جیسا کہ جب تکلیف پہنچے تو جلدی سے رفاہیت کا طالب ہے اور انسان کے جلد باز ہونے کا مطلب یہ ہے کہ عذاب بہر صورت آنے والا ہے۔ پھر اس جلدی مچانے کا کوئی فائدہ نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اس سے نضر بن حارث مراد ہے۔ اسی نے یہ کہا اللھم ان کان ھذا ھو الحق فامطر علینا الآیۃ [انفال:۳۲] پس اس کا جواب اس طرح ملا کہ پکڑ کر اس کی گردن ماری گئی۔ یدع میں واؤ کا خط سے ساقط ہونا مناسبت لفظی کی بناء پر ہے۔

## قدرت کی دونشانیاں:

۱۲: وَجَعَلۡنَا الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ اٰیَتَیۡنِ فَمَحَوۡنَاۤ اٰیَةَ الَّیۡلِ وَجَعَلۡنَاۤ اٰیَةَ النَّهَارِ مُبۡصِرَةً (اور ہم نے دن اور رات کو دونشانیاں بنایا ہے رات کی نشانی کو تاریک بنایا اور دن کی نشانی کو روشن) یعنی دن اور رات قدرت کی دونشانیاں ہیں۔آیت کی اضافت لیل ونہار کی تبیین ووضاحت کیلئے ہوگی جیسا کہ عدد کی اضافت معدود کی طرف کردی جائے۔مطلب یہ ہے پس ہم نے مٹادیا یعنی دھندلا بنا دیا اس نشانی کو جو کہ رات ہے اور دن والی نشانی کو دیکھنے والا بنادیا۔

نمبر۲۔رات ودن کے نیر کو دونشانیاں بنایا۔اس سے مراد سورج وچاند ہیں۔اور محونا اٰیة اللّیل سے چاند مراد ہے اس کو دھیمی روشنی والا بنایا۔جس میں شعاع نہیں۔سورج کی شعاعیں ہیں اس کی روشنی میں اشیاء واضح اور صاف نظر آتی ہیں۔لِتَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّکُمۡ (تاکہ تم اپنے رب کا فضل (روزی) تلاش کرو) تاکہ دن کی سفیدی میں تم اپنے کام کاج میں ادھر ادھر جاسکو۔ وَلِتَعۡلَمُوۡا (تاکہ تم جان لو) تاکہ تم ان دونئی چیزوں سے عَدَدَ السِّنِیۡنَ وَالۡحِسَابَ (برسوں کی گنتی اور حساب) عدد کا حساب، اعمال کے کرنے کے مواقع،اگر یہ دونوں ایک جیسے ہوتے تو دن رات کی پہچان نہ ہوسکتی اور حریص کمانے والے اور تجار آرام نہ پاسکتے۔وَکُلَّ شَیۡءٍ (اور ہر چیز کی) جن چیزوں کے تم دین ودنیا میں ضرورت مند ہو۔فَصَّلۡنٰهُ تَفۡصِیۡلًا (ہم نے (بخوبی) تفصیل کردی ہے) ایسی وضاحت جس میں التباس نہیں۔اسباب بھی تمہارے سامنے واضح کردیئے تمہارے لئے انکار کی کوئی حجت باقی رہنے نہیں دی جو ہمارے خلاف پیش کرسکو۔

## ہر انسان اپنا عمل ساتھ لئے پھرتا ہے جو قیامت کو ظاہر ہوگا:

۱۳: وَکُلَّ اِنۡسَانٍ اَلۡزَمۡنٰهُ طٰٓئِرَهٗ (اور ہم نے ہر انسان کے اعمال) طائر سے عمل مراد ہے۔فِیۡ عُنُقِهٖ (اس کے گلے میں لٹکا دیے ہیں) یعنی اس کا عمل اس کو اس طرح لازم پکڑنے والا ہے جیسے ہار گلے کیلئے نمبر۲۔گردن کا طوق بنادیں گے جو اس سے جدا نہ ہوگا۔وَنُخۡرِجُ لَهٗ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ کِتٰبًا یَّلۡقٰهُ مَنۡشُوۡرًا (اور قیامت کے روز (وہ) کتاب اسے نکال دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا)

نحو: یلقاہ یہ کتاب کی صفت ہے۔

قراءت: شامی نے یُلَقّٰهُ منشورًا یہ یلقاہ سے حال ہے۔مطلب یہ ہے کہ وہ لپٹا ہوا نہ ہوگا کہ اس کو آسانی سے پڑھا جاسکے۔ نمبر۲۔یہ دونوں کتاب کی صفتیں ہیں۔اور ہم اسے کہیں گے۔

۱۴: اِقۡرَاۡ کِتٰبَكَ (تو اپنا نامہ عمل پڑھ لے) تو اپنا نامہ عمل پڑھ۔ہر ایک کو اس حالت میں اٹھایا جائے گا کہ وہ پڑھا ہوا ہوگا۔کَفٰی بِنَفۡسِكَ الۡیَوۡمَ عَلَیۡكَ حَسِیۡبًا (آج تو خود اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے) بنفسک کی باء زائدہ ہے تقدیر عبارت یہ ہے کہ کفی نفسك حَسِیۡبًا یہ تمیز ہے۔نمبر۲۔اور حَاسِبٌ کے معنی میں ہے علٰی اس کے متعلق ہے جیسا کہتے ہیں حَسِبَ عَلَیۡهِ کَذَا۔نمبر۳۔ کافی کے معنی میں ہے۔اس کو شہید کی جگہ رکھ کر علٰی سے متعدی کیا۔کیونکہ گواہ مدعی کے اہم معاملہ کیلئے کفایت کرتا ہے۔حَسِیۡبًا کو ذکر کر دیا کیونکہ وہ شَهِیۡد کے قائم مقام ہے۔اسی طرح قاضی امیر کے بھی قائم مقام ہے۔کیونکہ غلبہ والے کو چاہیے کہ وہ ان امور کا ذمہ دار مردوں کو بنائے۔گویا اس طرح کہا گیا۔نمبر۱۔کفی نفسك رجلا حسیبا نمبر۲۔نفس کی تاویل شخص و

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو وہاں کے خوش عیش لوگوں کو حکم دیتے ہیں پھر وہ اس میں نافرمانی کرتے ہیں سو اس بستی پر ہماری بات ثابت ہو جاتی ہے،

فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

پھر ہم اس بستی کو پوری طرح ہلاک کر دیتے ہیں، اور نوح کے بعد کتنی ہی قرنیں تھیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا، اور آپ کا رب بندوں کے

بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾

گناہوں کے جاننے دیکھنے کیلئے کافی ہے۔

ذات سے کی جائے۔

**ہدایت کے اپنے فائدے:**

۱۵: مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا (جو شخص راہ پر چلتا ہے۔ وہ اپنے نفع کیلئے راہ پر چلتا ہے۔ اور جو شخص بے راہی کرتا ہے۔ پس وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لئے بے راہ ہوتا ہے) اس کو ہدایت کا ثواب اور ضلال کا وبال پہنچے گا۔ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى (اور کوئی شخص کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گا) ہر نفس خود اپنا بوجھ اٹھائے گا۔ کسی دوسرے نفس کا بوجھ نہ اٹھائے گا۔ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا (اور ہم سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے) ہم کسی قوم کو دنیا میں استیصال کا عذاب اس وقت تک نہیں دیتے جب تک رسول بھیج کر ان پر حجت تمام نہیں کر دیتے۔

**ہلاکت تکمیل حجت کے بعد ہے:**

۱۶: وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا (اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے خوش عیش لوگوں کو حکم دیتے ہیں) قریہ سے اہل قریہ مراد ہیں۔ مُتْرَفِيْنَ سے مالدار اور زبردست لوگ مراد ہیں۔ اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا ان کو طاعت کا حکم دیتے ہیں۔ یہ ابو عمرو اور زجاج کی قراءت میں ہے۔ فَفَسَقُوْا فِيْهَا (پھر وہ لوگ وہاں شرارت کرتے ہیں) وہ حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ جیسا کہ کہتے ہیں۔ امر ته فعصٰی ۔ نمبر۲۔ کثرت و اضافہ کرنا۔ اس کی دلیل۔ قراءت: یعقوب آمرنا ہے اور اسی معنی میں یہ روایت ہے خیر المال سكة مأبورة او مهرة مامورة [احمد، طبرانی] کثرت نسل والا گھوڑا ہے۔ فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ (پھر ان پر حجت پوری ہو جاتی ہے) اس پر وعید لازم ہو جاتی ہے۔ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا (پھر اس بستی کو تباہ اور غارت کر ڈالتے ہیں) ہم اس کو پورے طور پر ہلاک کر دیتے ہیں۔

**پہلوں سے عبرت پکڑو:**

۱۷: وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ (اور ہم نے بہت سی امتوں کو نوح ؑ کے بعد ہلاک کیا ہے)

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰهَا

جو شخص دنیاوی منافع کا ارادہ کرتا ہے ہم جس کے لئے چاہیں جتنا چاہیں اسی دنیا میں اسے دے دیتے ہیں پھر ہم اس کے لئے دوزخ تجویز کر دیں گے وہ اس میں بدحال ہو کر

مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ⑱ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ

راندۂ درگاہ ہونے کی حالت میں داخل ہوگا اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرے اور اس کے لئے کوشش کرے جیسی کوشش ہونی چاہئے اور وہ مومن ہو سو یہ وہ لوگ ہیں

سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ⑲ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ

جن کی کوشش کی قدردانی ہوگی، ہم آپ کے رب کی بخشش سے ہر ایک کو دیتے ہیں اُن کو بھی اور ان کو بھی، اور آپ کے رب کی بخشش روکی ہوئی

مَحْظُوْرًا ⑳ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ

نہیں ہے، آپ دیکھ لیجئے ہم نے بعض کو بعض پر کیسی فضیلت دی، اور بلاشبہ آخرت درجات کے اعتبار سے بڑی چیز ہے اور فضیلت کے

تَفْضِيْلًا ㉑ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ㉒ ع

اعتبار سے بھی، اے مخاطب تو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود نہ بنانا، ورنہ تو مذمت کیا جانے والا، بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ رہے گا۔

نَحْو: کم مفعول ہے۔ من القرون یہ کم کا بیان ہے۔ بَعْدَ نُوْحٍ سے عاد و ثمود وغیرہ مراد ہیں۔ وَکَفٰی بِرَبِّکَ بِذُنُوْبِ عِبَادِہٖ خَبِیْرًا بَصِیْرًا (اور آپ کا رب اپنے بندوں کے گناہوں کا جاننے والا دیکھنے والا کافی ہے) اگرچہ وہ اس کو اپنے سینوں میں مخفی رکھنے کی کوشش کریں۔ بصیرًا یعنی خواہ وہ اس کو بیسیوں پردوں کے اندر کریں۔

## دنیا چاہنے والے کو دینا:

۱۸: مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ (جو شخص دنیا کا خواہش مند ہو تو ہم اس میں سے جسے چاہتے ہیں اور جتنا چاہتے ہیں جلد دے دیتے ہیں) نہ وہ جو چاہتا ہے۔ لِمَنْ نُّرِيْدُ یہ لہ کا بدل ہے حرف جار کو دوبارہ لایا گیا ہے۔ یہ بدل البعض ہے۔ ضمیر کا مرجع مَن ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے من کانت العاجلة همه ولم يرد غيرها كالكفرة تفضلنا عليه من منافعها بما نشاء لمن نريد جس کا مقصد جلدی ملنے والی چیز (دنیا) ہو اور اس کے علاوہ وہ کسی چیز کا طالب نہ ہو جیسا کہ کفار تو ہم دنیا کی منفعتیں جتنی چاہتے ہیں اور جو چاہتے ہیں اس کو دے دیتے ہیں۔ آیت میں اللہ تعالیٰ نے دنیا کو اپنی مشیت سے مقید فرمایا۔ اور معجّل لہ کو اس کے ارادہ سے۔ اور واقعہ میں حالت اسی طرح ہے بہت سے دنیا پرستوں کو دیکھتے ہو بے شمار تمنائیں دل میں لئے بیٹھے ہیں۔ مگر ان کو ملتی اس میں سے چند ہیں اور بہت لوگ تھوڑی تمنائیں کرتے ہیں۔ مگر اس سے بھی محروم رہتے ہیں ان کے لئے دنیا و آخرت کا فقر جمع کر دیا جاتا ہے۔ اس کے برخلاف متقی مؤمن وہ آخرت کی غناء کا طالب ہوتا ہے دنیا بقدر حصہ مل

جاتی ہے۔ بسااوقات فقر تو اس کے لئے اور زیادہ بہتر رہتا ہے۔ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا (پھر ہم اس کے لئے جہنم تجویز کریں گے وہ اس میں بدحال راندہ ہو کر داخل ہوگا) آخرت میں وہ جہنم میں داخل ہوگا۔ اس حالت میں مذموماً مغضوب مَدْحُوْرًا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دھتکارا ہوا۔

## آخرت کے لئے مؤمن کی محنت قابل قدر ہے:

۱۹: وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا (اور جو شخص آخرت کی نیت کرے گا اور اس کے لئے جیسی کوشش کرنی چاہئے ویسی ہی کوشش کرے گا) سعیہا یہ سعی کا مفعول بہ ہے۔ ایسی کوشش جس کوشش کرنے کا اس کو حق ہے۔ اور کفایت والے اعمال صالحہ۔ وَهُوَ مُؤْمِنٌ (بشرطیکہ وہ شخص مؤمن بھی ہو) وہ اللہ تعالیٰ کے وعدہ اور وعیدوں کی تصدیق کرنے والا بھی ہو۔ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا (پس ایسے لوگوں کی یہ کوشش مقبول ہوگی) ان کی کوشش اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول اور قابلِ ثواب ہے۔

## قول بعض سلف:

جس کو تین چیزیں میسر نہ ہوں اس کا عمل نفع بخش نہیں نمبر ۱۔ پختہ ایمان نمبر ۲۔ نیت صادقہ نمبر ۳۔ درست عمل اور پھر یہ آیت تلاوت کی اس میں تین شرائط ہی مذکور ہیں۔ نمبر ۱۔ کوشش قابل قدر وہی ہے جو آخرت کی غرض سے ہو۔ نمبر ۲۔ اور کوشش اسی قدر جس کا وہ مکلّف بنایا گیا نمبر ۳۔ مضبوط ایمان۔

## عطیہ رزق ہر ایک کو:

۲۰: كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا (اور آپ کے رب کی عطا میں سے تو ہم ان کی بھی امداد کرتے ہیں اور ان کی بھی اور آپ کے رب کی عطا بند نہیں) كُلًّا فریقین میں سے ہر ایک۔ تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے۔ یہ نُمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ کی وجہ سے منصوب ہے هٰٓؤُلَآءِ یہ كُلًّا کا بدل ہے۔ ای نُمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ پہلے هٰٓؤُلَآءِ سے دنیا پرست اور دوسرے هٰٓؤُلَآءِ سے طالبینِ آخرت مراد ہیں۔ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ تیرے رب کا عطیہ جو اس نے عنایت کر رکھا ہے۔ مِنْ کا تعلق نُمِدُّ سے ہے۔ اَلْعَطَاء دی جانے والی چیز کا نام ہے۔ یعنی ہم ان کے لئے اپنے عطیات بڑھا دیتے ہیں اور گزشتہ کیلئے پیوستہ کو مدد بنا دیتے ہیں۔ اور منقطع نہیں کرتے۔ نافرمان وفرمانبردار کو محض اپنے فضل سے رزق دیتے اور تیرے رب کا یہ رزق والا عطیہ باوجود نافرمانی روکا نہیں جاتا۔

## دنیا میں درجے ہم نے دیئے:

۲۱: اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ (آپ دیکھ لیجئے کہ ہم نے ایک کو دوسرے پر کس طرح فوقیت دی) انظر تم عبرت کی نگاہ سے دیکھو کیف فَضَّلْنَا الایۃ کس طرح ہم نے مال وجاہ کشادگی وکمال میں ایک دوسرے پر فضیلت دے رکھی ہے۔

## آخرت پھر آخرت ہے:

وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا (اور البتہ آخرت درجوں کے اعتبار سے بھی بہت بڑی اور فضیلت کے اعتبار سے بھی

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ

اور آپ کے رب نے حکم دیا ہے کہ عبادت نہ کرو مگر اسی کی، اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو، اے مخاطب اگر تیرے پاس ان دونوں میں سے ایک یا دونوں

اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ

بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اف بھی نہ کہنا' اور ان کو مت جھڑکنا اور ان سے اچھے طریقے سے بات کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے

لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ؕ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور یوں عرض کرنا کہ اے رب ان پر رحم فرمائیے جیسا کہ انہوں نے مجھے چھوٹا سا پالا ہے' تمہارا رب ان چیزوں کو خوب جاننے والا ہے جو

فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾

تمہارے دلوں میں ہیں، بلاشبہ وہ رجوع کرنے والوں کو بخشنے والا ہے۔

بہت بڑی ہے ) روایت میں وارد ہے کہ کچھ اشراف اپنے متعلق لوگوں کے ساتھ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دروازے پر جمع ہوئے۔ بلال وصہیب رضی اللہ عنہما کو اجازت مل گئی ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو اس بات سے گرانی ہوئی تو سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا اس میں ہمارا اپنا قصور ہے۔ انہیں اور ہمیں سب کو اسلام کی طرف دعوت دی گئی انہوں نے جلدی کی ہم نے تاخیر کی۔ اور یہ تو عمر کا دروازہ ہے۔ آخرت کے دروازہ میں کتنا بڑا فرق ہوگا؟ اگر تم عمر کے دروازہ میں پہلے جانے پر ان سے حسد کرتے ہو تو اللہ تعالیٰ نے جنت ان کے لئے جو تیار کر رکھی ہے وہ تو بہت بڑی اور زیادہ ہے۔

## اللہ کے ساتھ اور معبود مت بناؤ یہ اللہ کا فیصلہ ہے

۲۲: لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود مت تجویز کرو) اس میں اگرچہ خطاب نبی اکرم ﷺ کو ہے مگر مراد اس سے آپ کی امت ہے۔ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا (ورنہ تو بدحال اور بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ رہے گا) اے مخاطب تو اپنے نفس کیلئے ذلت و رسوائی دونوں کو جمع کرنے والا ہوگا۔ نمبر۲۔ ذلت آمیز سلوک کیا ہوا اور معاونت سے محروم ہوگا کیونکہ اَلْخُذْلَانَ یہ نصرت و معاونت کی ضد ہے اس کی دلیل یہ ارشاد الٰہی ہے۔ ان ینصر کم اللّٰہ فلا غالب لکم و ان یخذلکم فمن ذاالذی ینصر کم من بعدہٖ [آل عمران: ۱۶۰] اس آیت میں خُذْلَان کے مقابلہ میں نصرت کو ذکر کیا گیا ہے۔

## والدین کے ساتھ حسن سلوک:

۲۳: وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ (اور تیرے رب نے حکم دیا ہے کہ سوائے اس کے کسی کی عبادت مت کرو) قضٰی کا معنی ہے قطعی حکم دینا۔ الا تعبدوا میں اَنْ مفسرہ ہے لاتعبدوا نہی ہے۔ نمبر۲۔ یہاں باء محذوف ہے۔ باَلَّا تَعْبُدُوْا تیرے رب نے اپنی ہی عبادت کرنے کا حکم دیا ہے۔ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا (اور تم ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرو) نمبر۱۔ احسانًا یہ فعل

محذوف اَحْسِنُوْا کا مفعول ہے۔ ای بالوالدین احسانا نمبر۲۔ باء کے ماتحت ای بان تحسنوا بالوالدین احسانا اور والدین کے ساتھ تم احسان کرنا۔

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ (اگر تیرے پاس پہنچ جائے ان میں سے) نحو: اِمَّا نمبر۱۔ میں اِن شرطیہ اور مَا تاکید کیلئے ملایا گیا۔ اسی لئے نون موکدہ فعل پر داخل کیا گیا۔ اگر فقط انْ لاتے تو درست نہ ہوتا کیونکہ اس طرح کہنا درست نہیں۔ اِنْ تکرمنّ زیدًا یکرمك ۔ البتہ یہ درست ہے اما تکرمنه ۔ اَحَدُ هُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا (ایک یا دونوں کو بڑھاپا) اَحَدُ هُمَا یہ يَبْلُغَنَّ کا فاعل ہے۔ حمزہ اور علی کی قراءت میں۔ یبلغانّ ہے۔ اس میں الف اس ضمیر کے بدلہ میں ہے جو والدین کی طرف راجع ہے۔ کلاھما کا عطف احدھما پر ہے۔ یہ فاعل و بدل ہے۔ فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ (تو ان کو کبھی ہوں بھی مت کہنا)

قراءت: مدنی، حفص نے اُفٍّ پڑھا۔ جبکہ مکی و شامی نے اُفَّ پڑھا اور دوسروں نے اُفِّ پڑھا ہے۔ یہ اسم صوت ہے جو اکتاہٹ پر دلالت کرتا ہے، کسرہ کی وجہ تو یہ ہے کہ ساکن کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ اور فتحہ بطور تخفیف ہے اور تنوین تنکیر پر دلالت کیلئے ہے۔ مطلب اس طرح ہوا کیا تم ان سے اکتاتے ہوا کتانا؟ اور تنوین جب نہ پڑھیں تو اس کا مقصد معرفہ قرار دینا ہے۔ ای اتضجّر التضجّر المعلوم کیا تو جانی پہچانی اکتاہٹ محسوس کرتا ہے؟

وَّلَا تَنْهَرْهُمَا (اور نہ ان کو جھڑکنا) تو ان کو اس بات میں مت جھڑک جو وہ کریں اور تمہیں پسند نہ ہو۔ ممانعت اور النهر (ڈانٹ) ایک چیز ہیں۔ وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا (اور ان سے خوف ادب سے بات کرنا) اف اور ڈانٹ کے بدلے خوبصورت نرمی والی بات کہو جیسا کہ حسن ادب کا تقاضا ہے۔ نمبر۲۔ اس طرح کہے ابا جی۔ اماں جی۔ انکا نام لیکر نہ بلائے کیونکہ یہ بھی بدخلقی ہے۔ اور ان کی غیر موجودگی میں نام لینے میں حرج نہیں جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نحلنی ابو بکر کذا۔

## عندک کا فائدہ:

یہ ہے کہ جب دونوں کا ضعف کی وجہ سے بیٹے پر دارومدار رہ جائے اور گھر میں انکا کوئی کفیل و نگہبان نہ ہو۔ تو یہ مزید مشکل وقت ہے۔ پس ایسے موقع پر اس کو حکم دیا گیا کہ ان دونوں کے ساتھ خوش خلقی سے پیش آئے۔ اور اگر ان کی بات و فعل سے اکتا جائے تو تب بھی ایسی بات نہ کہے جو ان کے تکدّرِ طبع کا باعث ہو۔ مثلاً اُف۔ چہ جائیکہ اس سے بڑی اور سخت بات۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق وصیت میں مبالغہ فرمایا وہ اس طرح کہ والدین کے احسان کو اپنی توحید کے ساتھ ملا کر ذکر کیا۔ پھر ان کی رعایت میں دائرے کو اور زیادہ تنگ کیا اور ایسے کسی کلمہ کے کہنے کی اجازت بھی نہیں دی جو تنگ آئے ہوئے انسان کو نقل کرنے درست ہیں باوجودیکہ اکتاہٹ کے ایسے حالات موجود ہوں جن میں اپنے آپ کو روکنا انتہائی مشکل ہو۔

۲۴: وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ (اور ان کے سامنے انکساری کے ساتھ) ان کے لئے تو اپنے بازو کو جھکا دے جیسا دوسرے مقام پر فرمایا واخفض جنا حك للمؤمنين [الحجر: ۸۸]

نکتہ: جناح کی اضافت الذُّل کی طرف اسی طرح ہے جیسا کہ حاتم کی اضافت جود کی طرف کی جاتی ہے۔ مطلب یہ ہے تو ان کے لئے اپنے عاجز بازو کو جھکا۔ مِنَ الرَّحْمَةِ (مہربانی سے جھکے رہنا) ان پر بہت شفقت کرتے ہوئے اور بڑھاپے کی وجہ سے ان

کے ساتھ مہربانی برتتے ہوئے اور اس وجہ سے کہ آج وہ اس کے محتاج بنے بیٹھے ہیں جو کل مخلوقات میں سب سے زیادہ انکامحتاج تھا۔

**قول زجاجؒ:** آیت کا معنی یہ ہے کہ تو ان سے نرم پہلو برت اس حال میں کہ انتہائی مہربانی سے ان کے سامنے جھکنے والا ہو۔

**وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا** (اور یوں دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار ان دونوں پر رحمت فرما جیسا انہوں نے مجھ کو بچپن میں پالا) اے انسان! تو فقط ان پر مہربانی کرنے پر اکتفاء نہ کر کیونکہ یہ تو عارضی چیز ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کر کہ اے اللہ تو ان پر اپنی باقی رہنے والی رحمت فرما۔ اور اس دعا کو اپنے بچپن کی شفقت کا بدلہ سمجھ اور اپنی تربیت کی جزاء قرار دے۔ اس میں خطاب سے آنحضرت ﷺ کے علاوہ مراد ہے۔ اور یہ دعا اس وقت جائز ہے جبکہ ماں، باپ مسلمان ہوں۔ نمبر۲۔ اگر کافر ہوں تو ایمان لانے کی شرط کے ساتھ ان کے لئے رحمت کی دعا کرے اور ان کے حق میں ہدایت کی دعا کرے۔ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے **رضا اللّٰہ فی رضا الوالدین و سخطہ فی سخطھما** [ترمذی] دوسری روایت میں ہے کہ **یفعل البار ماشاء ان یفعل فلن یدخل النار و یفعل العاق ماشاء ان یفعل فلن یدخل الجنۃ۔** (الثعلبی)

ایک اور روایت میں جس کو مجمع الزوائد میں نقل کیا گیا ہے۔ **اِيَّاكُمْ وَعُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ** تم اپنے آپ کو والدین کی نافرمانی سے بچاؤ۔ جنت کی خوشبو ایک ہزار میل کی مسافت سے محسوس ہوتی ہے والدین کے نافرمان کو جنت کی خوشبو بھی میسر نہ ہوگی۔ اسی طرح قطع رحمی کرنے والا اور زانی بوڑھا نہ تکبر سے چادر لٹکانے والا۔ بڑائی اللہ رب العالمین کے لائق ہے۔

۲۵: **رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا۔** (تمہارا رب تمہارے باطن کو خوب جانتا ہے) جو تمہارے دلوں میں والدین کے ساتھ نیکی کا ارادہ اور ان کی خدمت میں خوشی اور عظمت چھپی ہوتی ہے۔

**اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ** : (اگر تم سعادت مند ہو) یعنی درستی اور احسان کا قصد کرنے والے ہو۔ پھر غصہ کی حالت میں تم سے کوئی زیادتی ہو جائے اور سینے کی تنگی کے وقت تنگ دلی صادر ہو جو ان کی ایذاء کا باعث بن جائے پھر تم اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر لو اور استغفار کر لو **فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا** (تو وہ توبہ کرنے والوں کی خطا معاف کر دیتا ہے) **اَلْاَوَّابُ**: وہ شخص ہوتا ہے جو گناہ کے بعد توبہ کی طرف جلد رجوع کرے یہ بھی درست ہے کہ یہ عام ہو اور ایسے آدمی کو شامل ہو جس سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے۔ پھر وہ اس سے توبہ کرے۔ آپ اس کے ماتحت والدین کے حق میں گناہ کا مرتکب بھی ہو جائے گا۔ جو گناہ کے بعد جلد توبہ کر لے۔

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ

اور رشتہ دار کو اور مسکین کو دو اور مسافر کو اس کا حق دے دو اور مال کو بے جا مت اڑاؤ، بلاشبہ مالوں کو بے جا اڑانے والے

كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ

شیطانوں کے بھائی ہیں، اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے، اور اگر تو اپنے رب کی رحمت کے انتظار میں جسکی تو امید رکھتا ہے، ان لوگوں کی

رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ

طرف سے پہلو تہی کرے تو ان سے نرم بات کہہ دینا، اور تو اپنے ہاتھ کو اپنی گردن کی طرف باندھا ہوا مت رکھ،

وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ

اور نہ اسے بالکل ہی کھول دے ورنہ تو ملامت کیا ہوا خالی ہاتھ ہو کر بیٹھ رہے گا، بلاشبہ تیرا رب جس کے لئے چاہے رزق میں فراخی دیدیتا ہے

وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ ع

اور وہ رزق میں تنگی بھی فرما دیتا ہے، بلاشبہ وہ اپنے بندوں سے باخبر ہے، دیکھنے والا ہے۔

## قرابت دار کا حق:

۲۶: وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى (اور دو اپنے قرابت والے کو) جو تیرا قریبی ہو حَقَّهٗ (اس کا حق) اس وقت خرچ کرنا جبکہ محرم مساکین ہوں۔ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ (مساکین اور مسافر) یعنی ان کو زکوۃ میں سے انکا حق دو۔ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا (اور تم فضول خرچی نہ کرو) اسراف نہ کرو۔ نمبر۲۔ ایک قول یہ ہے کہ تبذیر مال کو ایسے مقام پر خرچ کرنا جو حلال نہ ہو اور نہ خرچ کا مقام ہو۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں اگر کسی نے ایک مُدّ غلط مقام پر خرچ کیا تو وہ بھی تبذیر میں شامل ہے۔ کسی آدمی نے خیر میں بہت مال خرچ کیا تو اس کے دوست نے کہا اسراف میں خیر نہیں تو اس نے برجستہ جواب دیا خیر میں اسراف نہیں۔

## تبذیر کی ممانعت:

۲۷: اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ (بیشک فضول خرچی کرنے والے شیاطین کے بھائی ہیں) جو شرارت میں ان کی مثل ہیں۔ یہ انتہائی مذمت کا کلمہ ہے کیونکہ شیطان سے بڑھ کر کوئی شریر نہیں۔ نمبر۲۔ وہ ان کے بھائی اور دوست ہیں کیونکہ وہ اسراف وغیرہ کے کام جن کا وہ حکم دیتے ہیں ان میں ان کی پیروی کرتے ہیں۔

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا (اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے) ان باتوں میں اطاعت کرنا مناسب ہے۔ شیطان اس کام کی طرف دعوت دیتا ہے۔ جو اس کے اپنے فعل کی طرح ہو۔

۲۸: وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ (اور اگر تمہیں ان سے رخ پھیرنا پڑے) اگر تم قرابت والوں اور مساکین، ابن سبیل سے واپس لوٹانے سے حیا کرتے ہوئے اعراض کرو۔ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا (اس رزق کی امید میں جس کے تم اپنے رب کی طرف سے امیدوار ہو تو ان کو نرمی والی بات کہو) یعنی اگر تم اس رزق کے نہ ہونے کی وجہ سے اعراض کرتے ہو جس کے ملنے کی تمہیں امید ہے تو ان کو اچھی بات کہہ کر لوٹاؤ۔ آیت میں رزق کو رحمت سے تعبیر فرمایا۔ اور فقد کی بجائے اِبْتِغَاء کا لفظ لایا گیا۔ یہ اس کا لازم ہے کیونکہ رزق کو گم پانے والا اُسکا متلاشی ہوتا ہے گویا فقد سبب ابتغاء ہے اور ابتغاء مسبب عنہ ہے۔ پس مسبب کو سبب کی جگہ لایا گیا ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے یُسر الامر و عُسر جیسے سُعِد الرجل و نُحس۔ یہ مفعول ہے۔

نمبر۲۔ کہا گیا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ انہیں اس طرح کہہ دو۔ رَزقنا اللّٰہ و ایاکم من فضله اس صورت میں یہ ان کے حق میں وسعت رزق کی دعا ہے۔ گویا اس کا معنی اس طرح ہے قولاً ذامیسور وھو الْیُسر یعنی ایسی دعا جس میں وسعت ہو۔ ابتغاء نمبر۱۔ یہ مفعول لہ ہے۔ نمبر۲۔ مصدر ہے جو موضع حال میں لایا گیا ہے اور ترجوھا یہ حال ہے۔

## بخل و اسراف کی ممانعت:

۲۹: وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ (اور تم اپنے ہاتھ کو گردن سے بندھا ہوا نہ کر دو) وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ اور نہ بالکل کھول دو) یہ مصدر کی طرف اضافت کی وجہ سے منصوب ہے۔ یہ صرف کے عطاء کرنے اور بخیل کے ہاتھ روک لینے کی تمثیل ہے۔ اس میں اسراف و بخل کو چھوڑ کر میانہ روی کا حکم دیا گیا ہے۔ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا (ورنہ بیٹھ جاؤ گے ملامت کئے ہوئے) پس تم ہو جاؤ گے اللہ تعالیٰ کے ہاں ملامت کیے ہوئے کیونکہ مسرف اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں۔ اور لوگوں میں بھی اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ فقیر کہے گا: اس نے فلاں کو دیا اور مجھے محروم کر دیا۔ اور غنی کہے گا: یہ شخص معیشت کے معاملات کو درست طور پر نہیں جانتا۔ اور دل میں ملامت محسوس کرتے ہوئے کہو گے اُوہو! میں محتاج ہو گیا پس اس طرح شرمندگی ظاہر کرو گے۔

مَّحْسُوْرًا (خالی ہاتھ) سب سے منقطع ہو کر کہ تیرے پاس کوئی چیز نہ رہی ہو یہ حسرہ السفر سے ہے جب کہ سفر کا اس پر واضح اثر ہو۔ نمبر۲۔ ننگا یہ اس وقت ہے جب کہ حسر را سَہ سے لیا جائے یعنی اس کا سر ننگا ہوا۔ ایک مسلمان عورت سے اس کی سوکن یہودیہ کا اس بات میں مقابلہ ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت موسیٰ سے زیادہ سخی ہیں۔ چنانچہ اس عورت نے اپنی بیٹی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ قمیص مانگی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہن رکھی تھی اور گھر میں بغیر قمیص کے تشریف فرما رہے۔ ادھر نماز کا وقت آ گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کیلئے تشریف نہ لائے پس یہ آیت اُتری: (اسباب النزول للواحدی: صفحہ نمبر۱۹۴)

## رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے:

۳۰: پھر اللہ تعالیٰ نے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تنگی وغیرہ پیش آتی اس کے متعلق تسلی دی کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تذلیل کیلئے نہیں اور نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کسی بخل کی بناء پر ہے بلکہ قدرت الٰہی کا اظہار ہے کہ رزق کا کھول دینا اللہ کے اختیار میں ہے۔ اس لئے فرمایا: اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ (بے شک آپ کا رب جس کیلئے چاہتا ہے رزق کو فراخ کر دیتا ہے) پس رزق کا کھول دینا آپ کے اختیار میں نہیں۔ وَيَقْدِرُ (اور تنگ کر دیتا ہے) یعنی وہی تنگ کرتا ہے پس آپ پر کوئی ملامت نہیں اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا (بے

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ

اور تم اپنی اولاد کو تنگ دستی کے ڈر سے قتل نہ کرو، انہیں ہم رزق دیں گے، اور تمہیں بھی، بلاشبہ ان کا قتل کرنا

خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا

کبیرہ گناہ ہے، اور زنا کے پاس نہ جاؤ بلاشبہ وہ بڑی بے حیائی اور بری راہ ہے، اور اس جان کو قتل

النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ

نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام قرار دیا مگر یہ کہ حق کے ساتھ ہو، اور جو شخص مظلوم ہونے کی صورت میں قتل کیا گیا تو ہم نے اس کے ولی کے لئے تسلط

سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا

رکھا ہے سو وہ قتل میں حد سے آگے نہ بڑھے بلاشبہ اس کی مدد کی جائے گی اور تم یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر

بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْــُٔوْلًا ﴿۳۴﴾

اس طریقہ پر جو بہتر ہے یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے، اور عہد کو پورا کرو، بلاشبہ عہد کی پوچھ گچھ ہوگی

وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾

اور جب تم ناپو تو پورا ناپو، اور صحیح ترازو سے تولو، یہ بہتر ہے اور انجام کے اعتبار سے اچھی چیز ہے۔

شک وہ اپنے بندوں کے بارے میں خبردار ہے) یعنی ان کی مصلحتوں کا لحاظ کر کے حکم کو جاری فرمانے والا ہے۔ بَصِيْرًا (اور ان کو دیکھنے والا ہے) یعنی ان کی حاجات کو۔ اسلئے ان کے مطابق فیصلے فرماتا ہے۔

### قتل اولاد کی ممانعت:

۳۱: وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ (اور تم اپنی اولاد کو قتل نہ کرو)۔ انہوں نے اپنی اولاد کو قتل اور بیٹیوں کو زندہ درگور کیا۔ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ (بھوک کے ڈر سے) اِمْلَاق کا معنی فقر آتا ہے۔ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ (ہم ہی ان کو رزق دینے والے ہیں اور تمہیں بھی) ان کو اس قتل سے منع کیا اور ان کے رزق کی ضمانت دی۔ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا (انکا قتل کرنا یقیناً بڑا جرم ہے۔) بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے خَطِئَ خطأً جیسے اَثِمَ اِثْمًا۔

قراءت: شامی نے خَطَأً پڑھا ہے۔ یہ صَوَاب کی ضد ہے۔ اور اَخْطَأَ سے یہ اسم ہے۔ بعض کا قول یہ ہے کہ خطا اور خطأ یہ الحذر الحذ کی طرح ہیں۔

قراءت: مکی نے خِطَاء (کو مد و کسر) دونوں کے ساتھ پڑھا ہے۔

## زنا کے قریب مت جاؤ:

۳۲: وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓی اس میں قصر اکثر استعمال ہوتا ہے اور مد سے بھی استعمال ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ اور اس صورت میں دواعیٔ وطی سے منع کرنے کو کہا جاتا ہے۔ مثلاً چھونا، بوسہ دینا وغیرہ۔ اگر نفس زنا سے روکا جاتا تو لاتزنوا کہتے۔ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً (بیشک وہ بے حیائی ہے) وہ ایسی معصیت ہے جو حد شرع اور حدود عقل سے تجاوز کرنے والی ہے۔ وَسَآءَ سَبِيْلًا (اور برا راستہ ہے) یعنی اس کا راستہ بدترین راستہ ہے۔

## قتل مت کرو:

۳۳: وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ (اور جس شخص کے قتل کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اس کو مت قتل کرو۔ ہاں مگر حق کے ساتھ) یعنی اگر وہ کسی ایسی چیز کا ارتکاب کرے جس سے اس کا خون مباح ہو جائے۔ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا (جو قتل کیا گیا ناحق) یعنی وہ کسی ایسی چیز کا ارتکاب کرنے والا نہیں تھا۔ جس سے اس کا خون مباح ہوتا۔ فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا (پس ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا) یعنی قصاص لینے میں قاتل پر تسلط وغلبہ عنایت کیا ہے۔ فَلَا يُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ (وہ قتل میں اسراف نہ کرے) اس میں ضمیر ولی کی طرف لوٹ رہی ہے کہ وہ غیر قاتل کو قتل نہ کرے۔ اور نہ دو کو قتل کرے جبکہ قتل کرنے والا ایک ہی ہو۔ جس طرح زمانہ جاہلیت میں یہ رواج چل رہا تھا۔ نمبر۲۔ اسراف سے مراد مثلہ ہے۔ نمبر۳۔ یا ضمیر قاتل اول کی طرف راجع ہے۔

قراءت: حمزہ اور علی نے مخاطب کا صیغہ فَلَا تُسْرِفْ پڑھا ہے۔ اور ضمیر خطاب ولی کی طرف لوٹائی ہے۔ نمبر۴۔ یا قاتل مظلوم کی طرف راجع ہے (ولی کو قصاص کا اختیار ہے اسراف کا نہیں) اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا (بے شک وہ طرف داری کے قابل ہے) اس میں ضمیر ولی کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اس کے لئے کافی یہ ہے کہ اللہ نے اس کی مدد کی ہے اور قصاص کا حق رکھ دیا۔ پس وہ اس سے زیادہ کا طالب نہ ہو۔ نمبر۲۔ یہ ضمیر مظلوم کی طرف راجع ہے کہ اللہ اس کا مددگار ہے اسی لیے اس کے بندے میں قصاص لازم کیا اور آخرت میں اس کی مدد یہ ہے کہ اس کو ثواب عنایت فرمائے گا۔ نمبر۳۔ یا ضمیر اس شخص کی طرف لوٹتی ہے جس کو ولی ناحق قتل کرے اور اس کے قتل میں حد سے تجاوز کیا ہے۔ اسی لیے اللہ کی طرف سے اس کی مدد کی گئی کہ مسرف اس پر قصاص لازم کر دیا گیا۔

## قصاص میں برابری:

آیت کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قصاص آزاد اور غلام اور مسلم اور ذمی کے درمیان جاری ہوگا۔ کیونکہ نفس ہونے کے اعتبار سے اہل ذمہ اور غلام بھی اس میں داخل ہیں اور ان کے نفوس بھی نفوس محرمہ ہیں۔

## یتیم کا مال مت کھاؤ:

۳۴: وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (اور یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ۔ مگر اس طریقے سے جو کہ بہت بہترین ہو) یعنی اس طریقے اور انداز سے جو کہ بہت خوب ہو۔ اور یہ وہی طریقہ ہے۔ جس سے اس کی حفاظت ہو اور اس میں اضافہ

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ

اور تو اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہ ہو، بلاشبہ کان اور آنکھ اور دل ان سب کے بارے میں

مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ

سوال ہوگا، اور تو زمین میں اتراتا ہوا مت چل، بے شک تو ہرگز زمین کو پھاڑ نہیں سکتا اور ہرگز پہاڑوں کی لمبائی کو پہنچ نہیں

طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾

سکتا، یہ سب برے کام تیرے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں۔

ہو۔ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ (یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے) یعنی اس کی عمر اٹھارہ سال کی ہو جائے۔ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ (اور تم وعدے کو پورا کرو) اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی کو انجام دے کر۔ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا (بیشک وعدے کی باز پرس ہونے والی ہے) مسئول یہاں مغلوب کے معنی میں ہے۔ اس لئے کہ معاہد سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ اس کو ضائع نہ کرے اور اس کو پورا کرے نمبر۲۔ یا ہر صاحب عہد سے باز پرس کی جائے گی۔

## ماپ تول پورا کرو:

۳۵: وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ (اور تم ناپ کرتے وقت ناپ کا پیمانہ پورا کر دیا کرو۔ اور وزن صحیح ترازو سے کرو)

قراءت: القسطاس قؔ کے کسرہ سے حمزہ علی اور حفص کی قراءت ہے جبکہ نافع ابن کثیر نے قؔ پر ضمہ پڑھا ہے قسطاس کا معنی ہر چھوٹا بڑا میزان خواہ دراھم وغیرہ کے لیے استعمال ہو۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد بھاری اشیاء تولنے کا ترازو اور کانٹا مراد ہے۔ المستقیم معتدل کو کہتے ہیں۔

ذٰلِكَ خَيْرٌ (یہ بہت بہتر ہے) وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا (اور بہت خوب ہے نتیجے کے لحاظ سے) تاویل یہ تفصیل کے وزن پر ہے۔ ال یأول کا معنی لوٹنا۔ تاویل جس کی طرف لوٹا جائے۔

## جھوٹی گواہی مت دو:

۳۶: وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ (اور جس چیز کا تم کو علم نہ ہو اس کے پیچھے نہ چلو) یعنی اس کی اتباع نہ کرو جس کو تم جانتے ہی نہیں۔ یعنی اس طرح نہ کہو رَاَيْتُ وَ سَمِعْتُ حالانکہ تم نے نہ دیکھا ہے نہ سنا ہے۔ ابن حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اس کا معنی یہ ہیکہ جھوٹ کی گواہی نہ دو۔ اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں کسی کے متعلق ایسی بات مت کہو جو تم اس کے متعلق نہیں جانتے۔

نکتہ: جن لوگوں نے اس سے اجتہاد کے باطل ہونے پر استدلال کیا ہے وہ درست نہیں۔ کیونکہ اجتہاد علم کی ایک قسم ہے اور یہاں

جس کی تردید ہے اس کے لئے مالیس لك به علم کے الفاظ موجود ہیں۔
سورۃ الممتحنہ آیت نمبر ۱۰ میں فرمایا فان علمتموھن مؤمنٰتٍ کہ اگر تم ان عورتوں کو اپنے اجتہاد سے مؤمنہ سمجھو اور دوسری بات یہ ہے کہ شارع نے غالب ظن کو علم کے قائم مقام قرار دیا ہے اور اس پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ جیسا کہ شہادات میں یہ بات واضح ہے اور اس سے تو ہمارے لیے خبر واحد پر عمل کرنے کا ثبوت میسر ہو رہا ہے جیسا کہ ہم نے عرض کیا۔
اِنَّ السَّمۡعَ وَالۡبَصَرَ وَالۡفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنۡهُ مَسۡـُٔوۡلًا بلاشبہ کان آنکھ اور دل ہر شخص سے ان سب کے متعلق باز پرس ہوگی) اولئك کا اسم اشارہ سمع بصر اور فواد کی طرف ہے اولئک سے عاقل اور غیر عاقل ہر دو کی طرف اشارہ کر سکتے ہیں جیسا کہ جریر کے اس شعر میں

ذم المنازل بعد منزلةِ اللوٰی ☆ و العیش بعد اولئكَ الایّام

یہاں اولئك میں زندگی کے گزرے ہوئے دنوں کی طرف اشارہ ہے۔
نَحو : عنه یہ فاعلیت کی وجہ سے موضع رفع میں ہے یعنی ان میں سے ہر ایک مسئول ہے مسئول کا اسناد جار مجرور کی طرف ہے جیسا کہ المغضوب کا اس آیت میں غیر المغضوب علیہم فاتحہ آیت نمبر ۷۔ اس وقت انسان کو کہا جائے گا اے انسان! وہ بات تو نے کیوں سنی جس کا سننا تیرے لیے حلال نہیں تھا۔ اور کیوں وہ چیز دیکھی جس کا تیرے لیے دیکھنا حلال نہ تھا۔ اور کیوں تو نے ایسی چیز کا ارادہ کیا جس کا تیرے لیے ارادہ کرنا صحیح نہ تھا۔ [ کذا فی الکشاف] مگر بعض علماء نے اس کو تسلیم نہیں کیا کیونکہ جار مجرور اس وقت فاعل کے قائم مقام ہوتے ہیں جبکہ وہ فعل سے مؤخر ہوں۔ جب مقدم ہو تو پھر فاعل کا قائم مقام نہیں بن سکتے۔

## اکڑ کر مت چل:

۳۷: وَلَا تَمۡشِ فِی الۡاَرۡضِ مَرَحًا (تو زمین پر اکڑ کے نہ چل) مَرَحًا یہ حال ہے اور معنی اس کا اکڑ والی مستی والی۔ اِنَّکَ لَنۡ تَخۡرِقَ الۡاَرۡضَ (تو ہرگز زمین کو پھاڑ نہ سکے گا) یعنی اپنے روندنے سے اس کے اندر تو دراڑ نہیں ڈال سکتا اور نہ سخت دبانے سے چیر سکتا ہے۔ وَلَنۡ تَبۡلُغَ الۡجِبَالَ طُوۡلًا (تو ہرگز پہاڑوں کی اونچائی کو نہیں پہنچ سکے گا) یعنی اپنے اٹھ اٹھ کر چلنے سے اس میں مغرورانہ چال والے کی حماقت کا ذکر کیا گیا ہے۔ نمبر ۲۔ دوسرا معنی کہ تو طاقت میں پہاڑوں کے برابر نہیں ہو سکتا اس صورت میں یہ طولا فاعل سے حال ہے یا مفعول سے حال ہے۔

## شرک سے اکڑ تک تمام ناپسندیدہ کام ہیں:

۳۸: کُلُّ ذٰلِکَ کَانَ سَیِّئُهٗ (یہ سارے برے کام ناپسندیدہ ہیں)۔ قراءت کوفی و شامی نے سیئ کی اضافت کل کی ضمیر کی طرف کی ہے اور دوسروں نے سیئة پڑھا ہے۔ عِنۡدَ رَبِّکَ مَکۡرُوۡهًا (تیرے رب کے ہاں) یہاں مکروھاً کو مذکر لائے۔ کیونکہ سیئة اسماء کے حکم میں الذّنب اور الاثم کی طرح ہو کر صفت کے حکم سے خارج ہو گیا۔ پس اس کی تانیث کا اعتبار نہ رہا۔ جیسا کہ تم کہتے ہو الزّنی سیئة او السرقة سیئة۔

ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى

یہ باتیں اس حکمت میں سے ہیں جو آپ کے رب نے آپ کی طرف وحی کے ذریعہ بھیجی ہیں، اور اے مخاطب اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود تجویز نہ کر ورنہ تو

فِیْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِیْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ

ملامت کیا ہوا راندہ کیا ہوا دوزخ میں ڈالا جائے گا، کیا تمہارے رب نے تم کو بیٹوں کے ساتھ مخصوص کر دیا اور فرشتوں کو اپنی بیٹیاں بنا لیا

ع ۱۰ ع ۴ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِیْمًا ﴿۴۰﴾ ع

بلاشبہ تم بڑی بات کہتے ہو۔

## اعتراض:

خصال مذکورہ میں بعض برے اور بعض اچھے ہیں اسی لئے سیئہ کو اضافت سے بعض قراء نے پڑھا۔ یعنی جو ان مذکورہ میں سے سیّئَة ہیں۔ وہ تیرے رب کے ہاں ناپسند ہیں۔ لیکن سیّئَة پڑھنے کی کیا وجہ ہے؟

**جواب**: کل ذلكَ کا لفظ تمام ممنوعات کو خاص کر محیط ہے۔ شمار کی ہوئی تمام خصلتیں اس سے مراد نہیں۔

## شرک کی بار بار مذمت:

۳۹: ذٰلِكَ اس سے لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا کی طرف اشارہ کیا۔ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ (یہ ان میں سے ہیں جو تیرے رب نے تیری طرف حکمت کی باتیں وحی کی ہیں) جن کی صحت پر عقل صحیح شاہد ہے۔ اور نفس کو ان کی پیروی مناسب و لائق ہے۔ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِیْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا (اے انسان! تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود نہ قرار دے ورنہ ملامت کیا ہوا دھتکارا ہوا جہنم میں ڈال دیا جائے گا) مَّدْحُوْرًا رحمت سے دھکے مار کر ہٹایا ہوا۔

## قول ابن عباس رضی اللہ عنہما:

یہ اٹھارہ آیتیں الواح موسیٰ علیہ السلام میں تھیں (یعنی **لا تجعل مع اللہ** سے لیکر مدحورًا تک) ان آیات کی ابتداء اور اختتام میں شرک سے روکا گیا کیونکہ توحید پر حکمت کی چوٹی اور اس کا نچوڑ ہے اور اگر توحید نہ ہو تو حکمت بے فائدہ ہے۔ اگرچہ حکماء اس میں اپنی پوری قوت صرف کر دیں اور ان میں آسمان کی بلندی سے ٹکرانے لگیں دیکھ لو فلاسفہ کو حکمتوں کے دفاتر نے کوئی فائدہ نہ دیا بلکہ وہ اللہ کے دین کی نگاہ میں چوپایوں سے بدتر گمراہ ہیں۔

## کفارِ مکہ کو خطاب:

۴۰: پھر ان لوگوں کو خطاب کیا گیا جن کا قول یہ تھا الملئكة بنات الله چنانچہ ارشاد فرمایا اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِیْنَ (کیا تمہارے رب نے تمہارے لئے لڑکوں کو مخصوص کر دیا) اس میں ہمزہ انکار کے لئے ہے کہ کیا تمہارے رب نے مخلصانہ طور پر اولاد

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝۴۱ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ

بلاشبہ ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تا کہ لوگ سمجھیں اور یہ ان کی نفرت ہی میں اضافہ کرتا ہے، آپ فرما دیجئے کہ اگر اس کے ساتھ اور معبود بھی ہوتے

كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝۴۲ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا

جیسا کہ یہ لوگ کہتے ہیں تو انہوں نے عرش والے کی طرف راستہ تلاش کر لیا ہوتا، وہ پاک ہے اور اس سے برتر ہے جو یہ لوگ

كَبِيْرًا ۝۴۳ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَىْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

کہتے ہیں، ساتوں آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے اندر ہے اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝۴۴

نہیں کرتی لیکن تم ان کی حمد کو نہیں سمجھتے، بلاشبہ وہ حلیم ہے غفور ہے۔

میں سے افضل ترین یعنی لڑکوں کے ساتھ خاص کر دیا ہے۔

وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا اور اپنے لئے لڑکیاں اختیار کر لی ہیں یعنی ان سے کم درجہ اولاد جو کہ لڑکیاں ہیں ان کو اپنے لئے منتخب کیا ہے حالانکہ یہ خلاف حکمت ہے اور عقل بھی اس کی تصدیق نہیں کرتی۔ غلام یہ پسند نہیں کرتے کہ وہ اپنے لئے عمدہ اور منتخب چیزیں چن لیں اور ردی اور حقیر ترین اپنے آقاؤں کیلئے۔ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا (بے شک تم بہت بڑی بات کہتے ہو) جبکہ تم نے اس کی طرف اولاد کی نسبت کی ہے حالانکہ اولاد جسم کے خواص میں سے ہے پھر ستم ظریفی یہ کہ تم نے اپنے آپ کو اس پر فضیلت دی اس طرح کہ اس کے لئے وہ اولاد مقرر کی جس کو خود تم نے اپنے لئے ناپسند قرار دیا۔

## نصیحت کے باوجود نفرت میں اضافہ:

۴۱: وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ (بلاشبہ ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے) قرآن سے یہاں جو اس وقت تک اتارا گیا۔ مطلب یہ ہے، ہم نے اس کو بار بار بیان کیا یعنی اس معنی کو قرآن کے کئی مقام پر لائے اور ضمیر کو چھوڑ دیا کیونکہ وہ جانا پہچانا مضمون ہے۔ لِيَذَّكَّرُوْا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

قراءت: حمزہ اور علی نے اس کو تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔ یعنی ہم نے اس کو بار بار دھرایا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا (مگر ان کی نفرت ہی بڑھتی چلی گئی) یعنی حق سے۔ حضرت سفیان ثوری جب اس آیت کو پڑھتے تو کہتے اے اللہ! میرے خشوع و خضوع میں اس چیز نے اضافہ کر دیا جس نے تیرے دشمن کی نفرت کو بڑھا دیا۔

## اور معبود ہوتے تو کبھی مل کر غلبے کی کوشش کرتے:

۴۲: قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗ (آپ کہہ دیں اگر اس کے ساتھ اور بھی معبود ہوتے) ہٗ کی ضمیر کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ اٰلِهَةٌ كَمَا

یَقُوْلُوْنَ (جیسا یہ لوگ کہتے ہیں) مکی وحفص نے یاء سے یقولوں پڑھا جبکہ حمزہ وکسائی وغیرہ نے تاء سے پڑھا ہے۔ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰی ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا (اس وقت انہوں نے عرش والے کی طرف راستہ ڈھونڈ لیا ہوتا) غلبہ پانے کیلئے اس کی طرف ضرور راستہ تلاش کرتے اس کی طرف جس کی بادشاہت وربوبیت ہے جیسا کہ بادشاہ دوسرے بادشاہوں کیلئے کرتے ہیں نمبر۲۔ ضرور اس کا قرب تلاش کرتے جیسا کہ اس آیت میں ہے: اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ اِلٰی رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ [الاسراء:۵۷] اذا دلالت کررہا ہے کہ لابتغوا مشرکین کی بات کا جواب ہے اور لَوْ کی جزاء ہے۔

## معلوم ہوا وہ ایک ہی سبحان ہے:

۴۳: سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یَقُوْلُوْنَ اللہ تعالیٰ ان عیوب سے پاک ہے جو باتیں یہ لوگ کہتے ہیں۔

قراءت: حمزہ، علی نے تقولون تاء سے پڑھا ہے۔

عُلُوًّا (برتر ہے) بلند ہے اس سے مراد براءت نزاہت ہے۔ کَبِیْرًا (بہت ہی) کبیر کے لفظ سے علو کی صفت بیان کی ہے تاکہ براءت میں مبالغہ ہوجائے اور جو کچھ لوگ بیان کرتے ہیں اس سے خوب بعد و دوری ثابت ہوجائے۔

۴۴: تُسَبِّحُ عراقی نے سوائے ابوبکر کے تاء سے پڑھا۔ نافع، ابن کثیر نے یاء سے لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ (تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے ان میں ہیں وہ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو) یعنی سبحان اللّٰہ و بِحَمْدِهٖ کہتی ہے سدی کہتے ہیں کہ پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا جو مچھلی سمندر میں شکار بنتی ہے اور اسی طرح جو اڑنے والا پرندہ شکار ہوتا ہے۔ اس کا سبب ذکر الٰہی سے غفلت ہے۔ [کنزالعمال:۱۹۱۹]

وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ (لیکن تم اس کی تسبیح کو نہیں سمجھتے) کیونکہ اس کی بولی الگ ہے۔ نمبر۲۔ اس کا ادراک تمہارے لیے گراں ہے۔ نمبر۳۔ اس کی طرف دیکھنے والے کی تسبیح کے سبب سے اور مشہور ہے بھلائی کی طرف راہنمائی کرنے والا اس کے کرنے والے کی طرح ہے۔ پہلی وجہ زیادہ درست ہے۔ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیْمًا (بیشک وہ حلم والا ہے) بندوں کی جہالت کے باوجود غَفُوْرًا (ایمان والوں کے گناہوں کو بخشنے والا ہے)

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾

اور جب آپ قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور ان کے درمیان ایک پردہ حائل کر دیتے ہیں

وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی

اوران کے دلوں پر پردے ڈال دیتے ہیں اس سے کہ وہ اس کو سمجھیں، اور ہم ان کے کانوں میں ڈاٹ دے دیتے ہیں، اور جب آپ قرآن میں صرف اپنے رب کا ذکر

الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ یَسْتَمِعُوْنَ

کرتے ہیں تو وہ پشت پھیر کر نفرت کرتے ہوئے چل دیتے ہیں جس وقت وہ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں تو ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ کس غرض سے کان لگائے ہوئے

اِلَیْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰۤى اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ

ہیں جس وقت یہ لوگ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں ہمیں اس کا بھی خوب علم ہے، جبکہ ظالم لوگ یوں کہتے ہیں کہ تم لوگ بس ایک ایسے شخص کا اتباع کر رہے ہو جس پر جادو کر دیا گیا ہے دیکھ لیجئے

كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَبِیْلًا ﴿۴۸﴾

آپ کے لئے کیسے کیسے القاب تجویز کرتے ہیں سو یہ لوگ گمراہ ہوگئے سو راہ یاب نہیں ہونگے۔

## قرآن اور منکروں کے درمیان پردے پڑے ہیں:

۴۵: وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَ بَیْنَ (جب آپ قرآن مجید پڑھتے ہیں تو ہم نے آپ کے اور ان) الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا (لوگوں کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک پردہ تنا ہوا حائل کر دیتے ہیں) مستور کا معنی ستر والا نمبر۲۔ ایسا پردہ جو چھپنے کی وجہ سے نظر نہیں آتا۔

## ان کے دلوں پر بھی پردے ہیں:

۴۶: وَّ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً (اوران کے دلوں پر پردے ڈال دیتے ہیں) اکنة جمع کنان ہے۔ ایسا پردہ جو کسی چیز کو ڈھانپ لے۔ اَنْ یَّفْقَهُوْهُ (اس سے کہ ان کو قرآن فہمی حاصل ہو) اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ وہ اس کو سمجھیں۔ وَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا (اوران کے کانوں میں ڈاٹ لگا دیتے ہیں) وقر ایسا بوجھ جو سننے سے رکاوٹ ہو۔ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ (جب آپ قرآن میں اکیلے اپنے ہی رب کا ذکر کرتے ہیں) محاورہ میں کہا جاتا ہے وحد یحد وحدًا و وحدة جیسے وعد یعد عدة یہ مصدر ہے جو حال کے قائم مقام آیا ہے اصل میں یحد وحدہٗ بمعنٰی واحدًا کے ہے۔

وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ (تو وہ لوگ نفرت کرتے ہوئے پشت پھیرتے ہیں) یہ اپنی ایڑیوں کے بل پلٹ جاتے ہیں۔ نُفُوْرًا (نفرت کرتے ہوئے) یہ پیٹھ پھیرنے کے معنی میں ہے نمبر۲۔ جمع نافر ہے جیسا قاعد اور قعود یعنی وہ پسند کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً

اور انہوں نے کہا کیا جب ہم ہڈیاں اور چورا ہو جائیں گے تو کیا ہم از سر نو نئی پیدائش کی صورت میں اٹھائے جائیں گے ۔ آپ فرما دیجئے کہ تم پتھر ہو جاؤ

اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِىْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ قُلِ

یا لوہا یا کوئی دوسری مخلوق اس مخلوق میں سے بنجاؤ جو تمہارے سینوں میں بڑی معلوم ہو رہی ہو اس پر وہ کہیں گے کہ وہ کون ہے جو ہمیں دوبارہ زندہ کریگا ۔ آپ فرما دیجئے

الَّذِىْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى

وہی دوبارہ پیدا فرمائے گا جس نے تمہیں پہلی بار پیدا فرمایا، اس پر وہ آپ کی طرف اپنے سروں کو ہلائیں گے اور کہیں گے کہ یہ کب

هُوَ ؕ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ

ہوگا؟ آپ فرما دیجئے کہ وہ عنقریب ہو جانے ہی والا ہے جس دن تمہیں بلائے گا سو تم اس کی تعریف کرتے ہوئے اس کے حکم کی تعمیل کرلو گے ۔ اور یوں خیال کرو گے

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ ع

کہ تم بہت ہی کم ٹھہرے ۔

ساتھ اور معبودوں کا تذکرہ بھی ہو کیونکہ وہ مشرک ہیں جب اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو سنتے ہیں تو نفرت کرتے ہیں ۔

## قرآن استہزاء و دیگر اغراض کے لئے سنتے ہیں پھر قرآن کو سحر کہتے ہیں:

۴۷: نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖ (ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے یہ کان لگاتے ہیں) یعنی ہم اس حالت کو اچھی طرح جانتے ہیں ۔ نمبر۲۔ اس طریقہ کو اچھی طرح جانتے ہیں جس سے یہ قرآن کو سنتے ہیں ۔ ہٖ کی ضمیر قرآن مجید کی طرف لوٹتی ہے اور سنی جانے والی چیز ۔ قرآن مجید محذوف ہے ۔ اور بہٖ یہ ما کا حال یا بیان ہے ۔ تقدیر عبارت یہ ہے وہ قرآن مجید کو بطور استہزاء سنتے ہیں صحیح غرض سے نہیں سنتے ۔ حالانکہ ان کے لئے ضروری تھا کہ وہ اس کو خالص نیت سے سنتے ۔

اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ (جبکہ یہ لوگ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں) ۔ یہ اَعْلَمُ کی وجہ سے منصوب ہے ای اعلم وقت استماعھم بمابہٖ یستمعون ان کے سننے کے وقت کو جان لو کہ جس غرض کو سامنے رکھ کر وہ سنتے ہیں ۔ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى (جبکہ یہ لوگ سرگوشیاں کرتے ہیں) جو کچھ یہ لوگ سرگوشیاں کرتے ہیں جبکہ یہ مجلس میں ہوتے ہیں ۔ اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ (جب ظالم لوگ کہتے ہیں) یہ اِذْ اِذْهُمْ سے بدل ہے ۔ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا (کہ تم لوگ محض ایسے شخص کا ساتھ دیتے ہو جو جادو زدہ ہے) اس کو سحر کیا گیا پس اس کو جنون ہو گیا ۔

۴۸: اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ (غور کرو انہوں نے آپ کے متعلق کیسے کیسے لقب تجویز کئے ہیں) کسی نے شاعر کسی نے ساحر کسی نے مجنون سے مثال دی ۔ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا (پس یہ لوگ گمراہ ہو گئے اب یہ راستہ ہی نہیں پا سکتے)

یعنی یہ ان سب باتوں میں اس شخص کی طرح گم گشتہ راہ ہیں جیسا کوئی شخص جنگل میں راستے کا متلاشی ہو اور راستہ اس کو نہ ملے وہ حیرانی میں ہو کہ کیا کرے۔کہاں جائے۔

## استبعاد قیامت کے لئے کفار کا قول:

۴۹: وَقَالُوْا (اور انہوں نے کہا) یعنی منکرین بعث نے کہاءَ اِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَ اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا (جب ہم ہڈیاں اور بوسیدہ ریزے ہو گئے تو ہمیں پھر بھی از سرنو پیدا کر کے اٹھایا جائے گا) جَدِيْد کا معنی از سرنو۔وخلقا یہ حال ہے۔پیدا کر کے۔

## کفار کا جواب:

۵۰،۵۱: قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ (آپ کہہ دیں تم لوگ پتھر یا لوہا یا کوئی ایسی مخلوق ہو کر دیکھ لو جو تمہارے ذہن میں بہت ہی بعید ہو) یعنی آسمان و زمین جو تمہارے خیال میں قبول حیات سے بہت ہی دور ہیں۔فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا (وہ کہیں گے ہمیں دوبارہ کون لوٹائے گا) قُلِ (کہہ دیں) تمہیں وہ ذات لوٹائے گی۔الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ (جس ذات نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا) مطلب یہ ہے کہ تم اس بات کو انتہائی بعید خیال کرتے ہو کہ وہ تمہیں دوبارہ پیدا فرمائیں اور خشک ہڈیاں بن جانے کے بعد دوبارہ ان میں زندگی لوٹائیں حالانکہ ہڈیاں بھی تو زندوں کے جسم کا حصہ ہیں۔بلکہ یہ ہڈیاں تو جسم کی وہ بنیاد ہے جس پر سارے جسم کی تعمیر ہوتی ہے۔پس اللہ تعالیٰ کی قدرت کیلئے کوئی بعید نہیں کہ وہ ان ہڈیوں کو اپنی قدرت سے ان کی پہلی حالت کی طرف پھیر دے۔بلکہ وہ تو اس بات پر بھی قدرت رکھتا ہے کہ اگر تم زندگی سے کوئی بعید ترین چیز پتھر، لوہا وغیرہ بھی بن جاؤ تب بھی وہ تمہیں دوبارہ لوٹائے گا۔

فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ (وہ تمہارے سامنے سر مٹکائیں گے) یعنی تعجب اور استہزاء سے وہ اپنے سروں کو تمہاری طرف ہلائیں گے۔وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى (اور کہیں گے وہ کب ہوگا) هُوَ سے مراد بعث ہے۔بعث کو بعید سمجھ کر اور اس کی نفی کرتے ہوئے۔قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا (کہہ دیں ہو سکتا ہے کہ وہ بالکل قریب ہو) یعنی وہ قریب ہی ہے عسٰی یہاں وجوب کو ظاہر کرتا ہے۔

## قیامت اپنا وجود خود منوائے گی:

۵۲: يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ (جس دن اللہ تعالیٰ تم کو پکارے گا) محاسبہ کیلئے اور وہ دن قیامت کا ہے۔فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ (پس تم اس کی حمد کرتے ہوئے اس کے حکم کی تعمیل کرو گے) یا حال کیلئے ہے تم تعمیل حکم کرو گے اس حال میں کہ تم تعریف کرنے والے ہو گے۔ سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں کہ تم اس حالت میں حکم مانو گے کہ اپنے سروں سے مٹی کو جھاڑ رہے ہو گے۔اور زبان پر **سبحانك اللّٰھم وبحمدك** کا ترانہ ہوگا۔وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا (اور تم خیال کرو گے کہ تم (دنیا یا قبروں) میں بہت ہی کم رہے ہو) قلیلاً سے پہلے اسکا موصوف لبثاً محذوف ہے یعنی بالکل تھوڑا ٹھہرنا۔نمبر۲۔زماناً قلیلاً تھوڑا زمانہ دنیا میں نمبر۳۔تھوڑا عرصہ قبر میں

وَقُلْ لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ

اور آپ میرے بندوں سے فرما دیجئے کہ وہ ایسی بات کہیں جو بہتر ہو، بلاشبہ شیطان ان کے درمیان فساد ڈلوا دیتا ہے، واقعی شیطان

كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ یَّشَاْ یَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ یَّشَاْ یُعَذِّبْكُمْ ؕ

انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے، تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے، اگر وہ چاہے تو تم پر رحم فرمائے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے،

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا

اور ہم نے آپ کو ان پر ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا، اور آپ کا رب انہیں خوب جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں اور ہم نے بعض نبیوں کو

بَعْضَ النَّبِیّٖنَ عَلٰی بَعْضٍ وَّاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾

بعض پر فضیلت دی، اور ہم نے داؤد کو زبور عنایت کی۔

## اچھی بات کئے جاؤ:

۵۳: وَقُلْ لِّعِبَادِیْ (آپ کہہ دیں میرے بندوں کو) ایمان والے بندے مراد ہیں یَقُوْلُوا (وہ کہیں) مشرکین کو ایسی بات الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (جو بات کہ سب سے اچھی ہو) بہت نرمی والی ہو۔ ان سے خشونت کا معاملہ نہ کریں۔ بلکہ اس طرح کہیں اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے۔ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ (بیشک شیطان ان کے مابین فساد ڈلواتا ہے) ایک دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرتا ہے تاکہ ان میں مخالفت اور شرّ پیدا ہو اور فساد برپا ہو۔ باہمی حقوق تلف ہوں۔

قراءت: طلحہ نے یَنْزِغُ زاء کے کسرہ سے پڑھا اور یہ دونوں لغات ہیں۔

اِنَّ الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا (بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے)۔

## جس کی قسمت میں ایمان مل جائے گا:

۵۴: یاالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ کی تفسیر اس ارشاد سے فرمائی۔ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ اِنْ یَّشَاْ یَرْحَمْكُمْ (تمہارا رب تعالیٰ تمہارے احوال سے خوب واقف ہے اگر چاہے گا تو تم پر رحم فرمائے گا) ہدایت اور ایمان کی توفیق دیکر اَوْ اِنْ یَّشَاْ یُعَذِّبْكُمْ (یا اگر وہ چاہے گا تم کو عذاب دے گا) رسوائی کے ساتھ۔ مطلب یہ ہے مسلمان ان کو یہ اور اس قسم کے کلمات کہیں اور اس طرح نہ کہیں کہ تم جہنمی ہو اور تمکو عذاب دیا جائے گا وغیرہ جن سے وہ شر پر بھڑک اٹھیں اور ناراض ہوں۔

نحو: ان الشیطان ینزغ بینهم یہ جملہ معترضہ ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا (اور ہم نے آپ کو ان پر ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا) کہ آپ انکے اعمال کے محافظ ہوں اور انکا معاملہ آپکے سپرد ہو۔ بلکہ آپ کو بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے۔ پس ان سے مدارات برتیں اور اپنے اصحاب کو بھی مدارات کی تعلیم دیں۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ

آپ فرما دیجئے کہ تم انہیں بلالو جنہیں تم معبود خیال کرتے ہو سو وہ تمہاری تکلیف کو دور کرنے کا اختیار نہیں رکھتے اور نہ اس کے بدلنے کا، یہ

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ

لوگ جنہیں مشرکین پکار رہے ہیں اپنے رب کی طرف ذریعہ تلاش کر رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب ہے اور اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے

عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ

ڈرتے ہیں، بلاشبہ آپ کے رب کا عذاب ایسا ہے کہ اس سے ڈرا جائے، اور کوئی بستی ایسی نہیں ہے جسے ہم قیامت سے پہلے ہلاک نہ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

کردیں یا اسے سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔

## اللہ تمام کائنات کی اہلیت سے واقف ہے، نمونۂ اہلیت:

۵۵: وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور آپکا رب تعالیٰ جو آسمانوں اور زمین میں ہے ان کے احوال سے اچھی طرح واقف ہے) کہ جس کی اس میں اہلیت ہے اور ان کے جو احوال ہیں۔ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ (اور حقیقت یہ ہے کہ ہم نے بعض انبیاء علیہم السلام کو بعض پر فضیلت دی) اس میں رسول اللہ ﷺ کی فضیلت کی طرف اشارہ ہے۔ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا (داود کو ہم نے زبور دی) اس میں آپ کی فضیلت کی وجہ کو ذکر کیا کہ آپ کو خاتم الانبیاء بنایا اور آپ کی امت کو خیر الامم بنایا کیونکہ یہ بات داود علیہ السلام کی کتاب زبور میں لکھی جا چکی ہے جیسا کہ دوسری آیت ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثھا عبادی الصالحون۔ [الانبیاء: ۱۰۵] (اس آیت سے زبور کے متعلق اس خیال کی بھی تردید ہوتی ہے کہ وہ محض دعائیں تھیں، مترجم) عبادی الصالحون سے مراد حضرت محمد ﷺ اور ان کی امت ہے۔ اس آیت میں زبور کو معرفہ نہیں لائے۔ اور سورۂ انبیاء والی آیت میں معرفہ لائے۔ کیونکہ یہ لفظ عباس، فضل کی طرح ہے جو کبھی الف لام کے ساتھ اور کبھی اس کے بغیر استعمال ہوتے ہیں۔

۵۶: قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ (کہہ دیں کہ جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سوا گمان کرتے ہو ان کو پکارو!) کہ وہ تمہارے معبود ہیں مِّنْ دُوْنِهٖ (اس کے سوا) من دون اللہ سے یہاں ۱: ملائکہ یا ۲: عیسیٰ و عزیر ۳: یا جنات کا وہ گروہ جن کی مشرکین عرب پوجا کرتے تھے۔ پھر وہ جنات تو مسلمان ہو گئے مگر مشرکین کو پھر بھی شعور نہ ہوا۔ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا (وہ تمہارے دکھ دور کرنے اور منتقل کرنے کی طاقت نہیں رکھتے) ان کو پکار کر دیکھو! وہ تم سے مرض وغیرہ کی تکلیف کا ازالہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے اسی طرح فقر و عذاب کو ہٹا نہیں سکتے۔ اور نہ ان میں یہ طاقت ہے کہ اس کو کسی اور کی طرف منتقل کر دیں۔

## جن کو تم پکارتے ہو وہ خود اللہ کا قرب ڈھونڈتے ہیں:

۵۷: اُولٰٓئِكَ (یہ) یہ مبتدا ہے۔ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ (یہ لوگ جنہیں مشرکین پکار رہے ہیں) یہ صفت ہے یعنی جن کو وہ الٰہ مانتے ہیں۔ نمبر۲۔ جن کی عبادت کرتے ہیں۔ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ (وہ اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈتے ہیں۔) یعنی ان کے معبود اللہ تعالیٰ کا قرب ڈھونڈتے ہیں۔ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ یہ یبتغون کی واؤ سے بدل ہے۔ اور ای اسم موصول ہے۔ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ کہ کون ان میں زیادہ قریب ہے۔ یعنی وہ متلاشی ہیں کہ کون ان میں اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہے۔ تو قرب نہ رکھنے والوں کو کون پوچھتا ہے؟

نمبر۲۔ یبتغون کے ضمن میں وسیلہ کا معنی ہے اب یہ یحرصون کے معنی میں ہوگا۔ یعنی وہ اس بات کے حریص ہیں کہ کون ان میں سے اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوتا ہے اور یہ قرب اطاعت اور خیر میں اضافہ کر کے وہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ (وہ اس کی رحمت کے امیدوار اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں) جیسا کہ دوسرے اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں۔ جو عذاب سے خائف اور رحمت کے امیدوار ہیں۔ پس پھر یہ کیونکر ممکن ہے کہ وہ اپنے متعلق معبود ہونے کا گمان کریں۔ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا (بیشک تیرے رب کا عذاب ایسی چیز ہے جس سے ڈرنا چاہیے) وہ عذاب ایسی چیز ہے کہ جس سے ملائکہ مقرب اور نبی مرسل کو ڈرنا چاہیے دوسروں کا تو وہاں ذکر ہی کیا ہے۔

## قیامت بستیوں کو فنا کر دے گی:

۵۸: وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْمُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا (اور کوئی ایسی بستی نہیں جس کو ہم قیامت سے قبل ہلاک نہ کریں یا اس کو (قیامت کے دن) سخت عذاب نہ دیں)۔ کہا گیا ہے کہ ہلاکت صالحین کیلئے اور عذاب مجرموں کیلئے كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ (اور یہ بات کتاب میں) کتاب سے لوح محفوظ مراد ہے مَسْطُوْرًا (لکھی ہے) مقاتل کہتے ہیں کہ میں نے ضحاک کی کتابوں میں اس کی تفسیر اس طرح پائی۔ رہا مکہ اس کو اہل حبشہ تباہ کریں گے اور اہل مدینہ بھوک کی وجہ سے ہلاک ہونگے۔ اور بصرہ غرق سے اور کوفہ ترک سے اور پہاڑ گرجوں اور زلزلوں سے پھر خراسان کا عذاب کئی اقسام پر مشتمل ہوگا۔ اہل بلخ کو آواز پہنچے گی جس سے وہ ہلاک ہو جائیں گے اور اہل بدخشان کو دوسری اقوام تباہ کریں گے۔ اہل ترمذ طاعون سے موت کے گھاٹ اتر جائیں گے صغانی اشجر (تک جھاڑوں کی طرح قتل کر دیئے جائیں گے۔ اور اہل سمرقند پر بنو قنطورا غلبہ پالیں گے اور وہاں کے رہنے والوں کو جھاڑ پھونک کی طرح ہلاک کر دیں گے اسی طرح اہل فرغانہ، شاس، اسبیجاب اور خوارزم بخارا جو کہ جابر حکمرانوں کی جگہ ہے ان کو بھوک و قحط سے مار دیا جائے گا۔ اہل مرو پر ریت کا طوفان آئے گا جس سے عباد و علماء کی موت واقع ہوگی اور اہل ہرات پر سانپوں کی بارش ہوگی جو وہاں کے رہنے والوں کو کاٹ کھائیں گے۔ اور نیشاپور کے لوگ کڑک کا شکار بنیں گے اور برق و ظلمت ان پر چھائے گی۔ جس سے ان کی اکثریت لقمہ اجل بنے گی۔ اہل رے پر طبریہ والے غالب ہونگے اور ان کو موت کے گھاٹ اتار دیں گے آرمینیہ اور آزربیجان اور دیلمی ان کو گھوڑوں کے سم اور لشکر اور کڑکیں اور زلازل ہلاک کریں گے۔ اور ہمزان میں دیلمی داخل ہو کر اس کو اجاڑ دیں گے اور حلوان پر ہلکی ہوا چلائی جائے گی جس سے ان کی شکلوں کو بندروں اور

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً

اور آیات بھیجنے سے ہمیں صرف یہی بات مانع ہے کہ پہلے لوگ اس کی تکذیب کر چکے ہیں اور ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی دی تھی جو بصیرت کا ذریعہ تھی

فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ۝۵۹

سوانہوں نے اس کے ساتھ ظلم کا معاملہ کیا اور ہم آیات کو صرف ڈرانے کے لئے بھیجا کرتے ہیں۔

سوروں میں بدل دیا جائے گا۔ پھر ایک جہنمی آدمی مصر پر حملہ آور ہوگا۔ اہل مصر اور اہل دمشق کے تباہی و تباہی ہے اہل افریقہ کیلئے بربادی ہے اہل رملہ کیلئے بھی تباہی ہے۔

البتہ بیت المقدس میں وہ داخل نہ ہو سکے گا۔ اہل بجستان کو تیز آندھی گھیر لے گی پھر ایک تیز آواز آئے گی جس سے علماء مر جائیں گے۔ کرمان، اصبھان، فارس پر دشمن غالب آجائے گا۔ اور ان پر ایک آواز آئے گی جس سے دل اپنی جگہ سے اکھڑ جائیں گے اور بدن موت کی نیند سو جائیں گے۔ (یہ مقاتل کی روایت ہے جو متہم بالکذب ہے)

## مطلوبہ نشانی کیوں نہیں؟ کا جواب:

۵۹: وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ (اور ہمیں مطلوبہ نشانیاں بھیجنے سے صرف اس چیز نے روکا۔ پہلے لوگوں نے ان آیات کی تکذیب کی) مطلوبہ معجزات کے نہ بھیجنے کو مَنع کے لفظ سے ذکر فرمایا۔ پہلا اَنْ اپنے صلہ سمیت موضع نصب میں ہے کیونکہ وہ مَنَعَنَا کا دوسرا مفعول ہے۔ اور اَنْ دوم موضع رفع میں ہے کیونکہ وہ اپنے صلہ کے ساتھ ملکر منعنا کا فاعل ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ ومامنعنا ارسال الآیات الاتکذیب الاولین۔ ہمیں مطلوبہ نشانیاں بھیجنے سے صرف پہلے لوگوں کی تکذیب نے روکا۔ آیات سے مراد یہاں وہ ہیں جن کو قریش مکہ مانگتے تھے مثلاً صفا کا سونا بن جانا، مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ۔

اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہ چلا آرہا ہے کہ جس نے ان میں سے کسی نشانی کا مطالبہ کیا اور اس کی وہ بات مان لی گئی پھر بھی وہ ایمان نہ لایا تو اس کو دنیا کے جلد عذاب نے آگھیرا اور اس کو تباہ کر دیا گیا۔ مطلب یہ ہے کہ ہمیں مطلوبہ نشانات دینے سے یہی چیز مانع ہے کہ ان جیسے لوگوں نے جن کے دلوں پر مہریں لگ چکی تھیں۔ ایسے نشانات کے باوجود انکار کر دیا جیسا کہ قوم عاد، ثمود وغیرہ اگر ان کو بھی یہ نشانات دے دیں تو یہ ان کی طرح جھٹلا دیں گے۔ اور استیصال والے عذاب کا شکار بن جائیں گے۔ ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آپ جن کی طرف مبعوث ہیں۔ ان کے معاملہ کو قیامت تک مؤخر کر دیں۔ پھر ان آیات کا ذکر کیا جن کو پہلے اقوام نے طلب کیا پھر ان کو وہ دے دی گئیں اور ان کے جھٹلانے پر ان کو ہلاک کر دیا گیا۔ پہلی ان میں سے ناقۂ صالح علیہ السلام ہے۔ انکا تذکرہ اولاً اس لیے کیا کیونکہ ان کے آثارِ ہلاکت خود جزیرہ عرب میں موجود تھے جن کو آنے جانے والے صبح و شام دیکھتے پس فرمایا۔

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ

اور جب ہم نے آپ سے کہا بلاشبہ آپ کا رب سب لوگوں کو محیط ہے اور ہم نے جو دکھلاوا آپ کو دکھلایا اور وہ درخت جسے قرآن میں ملعون بتایا یہ دونوں

وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۶۰ ع

چیزیں صرف اس لئے تھیں کہ لوگوں کو آزمائش میں ڈالا جائے اور ہم انہیں ڈراتے ہیں یہ ڈرانا ان کی سرکشی میں اضافہ ہی کرتا ہے

وَ اٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ (ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی دی) ان کے مطالبہ پر مُبْصِرَةً (جو کھلی نشانی تھی) واضح نشانی تھی۔ فَظَلَمُوْا بِهَا (پس انہوں نے اس پر ظلم کیا) یعنی انکا انکار کر دیا وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ (اور ہم نہیں بھیجتے آیات کو) اگر آیات سے منہ مانگی نشانیاں مراد ہوں تو مطلب یہ ہوگا ہم منہ مانگی نشانی نہیں دیتے اِلَّا تَخْوِيْفًا (مگر ڈرانے کیلئے) مگر اس جلدی اترنے والے عذاب کے مقدمہ کے طور پر۔ اگر وہ پھر بھی نہیں ڈرتے تو وہ عذاب ان کو آ چمٹتا ہے۔

نمبر۲۔ اور اگر آیات سے عام مراد ہو تو مطلب یہ ہے کہ جو آیات بھی ہم بھیجتے ہیں جیسے آیاتِ قرآن تو ان سے مقصود آخرت کے عذاب سے ڈرانا اور خبردار کرنا ہے۔ تخویفًا یہ مفعول لہ ہے۔

## الرؤیا سے مراد:

۶۰: وَاِذْقُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ (جب ہم نے آپ سے کہا تھا کہ آپکا رب تمام لوگوں کا احاطہ کرنے والا ہے۔ اور وہ دکھاوا جو ہم نے آپ کو دکھایا تھا۔ اس کو ہم نے لوگوں کیلئے موجب فتنہ بنا دیا) اذ سے پہلے اذکر محذوف ہے۔ یعنی یاد کیجئے اس بات کو کہ جب ہم نے آپ کی طرف وحی کی کیا آپ کا رب اپنے علم وقدرت سے قریش کا احاطہ کرنے والا ہے۔ وہ تمام اس کی مٹھی میں ہیں آپ ہرگز ان کی پرواہ نہ کریں اور اپنا کام کرتے رہیں اور پیغام کو پہنچاتے رہیں۔

(۲) ہم نے آپ کو جو واقعۂ بدر کے متعلق خوشخبری دی اور ان پر غلبہ کی اطلاع دی اس کا تذکرہ دوسری آیت میں اس طرح ہے سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ [القمر:۴۵] اور دوسری آیت میں فرمایا: قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ [آل عمران:۱۲] اس کو اللہ تعالیٰ نے اس طرح بیان فرمایا گویا کہ یہ واقعہ زمانہ ماضی میں ہو چکا اور پایا جا چکا اسی لئے لفظ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ماضی کے الفاظ سے بیان فرمایا جیسا کہ اس کے ہاں خبروں کو بیان کرنے کا طریقہ ہے اور شاید اللہ تعالیٰ نے آپ کو خواب میں ان کی قتل گاہیں بھی دکھا دی ہوں اسلئے کہ آپ جب بدر کے پانی پر پہنچے تو مسلم شریف کی روایت کے مطابق آپ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ تھے۔ وَاللّٰہ لکانی انظر الی مصارع القوم اور آپ ان جگہوں کی طرف اشارہ فرما رہے تھے۔ اور فرما رہے تھے ھذا مصرع فلان جب قریش کے کانوں تک بدر کے سلسلہ میں ہونے والی یہ وحی پہنچی اور آپ کو خواب میں ان کی جو قتل گاہیں دکھائی گئی تھیں ان کی اطلاع قریش نے سنی تو اس سے ہنسے اور تمسخر کرنے لگے اور استہزاء کے طور پر

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کر لیا مگر ابلیس نے نہیں کیا، وہ کہنے لگا کہ میں اسے سجدہ کروں جسے آپ نے کیچڑ سے

طِيْنًا ۝۶۱ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۫ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

بنایا ہے، اس نے کہا کہ آپ ہی بتائیے یہ جسے آپ نے مجھ پر فوقیت دی ہے اگر آپ نے مجھے قیامت کے دن تک مہلت دیدی

لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۶۲ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ

تو میں تھوڑے سے افراد کے علاوہ اس کی پوری ذریت کو اپنے قابو میں کر لونگا، فرمایا جا ان میں سے جو کوئی شخص تیرے پیچھے چلے گا تو تم سب کی جزاء جہنم ہے

جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ۝۶۳ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ

جو پوری سزا ہوگی، اور ان میں سے جس جس پر تیرا قابو چلے اپنی پکار سے ان کے قدم اکھاڑ دینا اور ان پر اپنے سوار

عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ

اور پیادے چڑھا لانا اور ان کے اموال اور اولاد میں اپنا ساجھا کر لینا اور ان سے وعدے کرنا، اور شیطان ان سے جو وعدے کرتا

الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝۶۴ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۝۶۵

ہے وہ صرف دھوکہ ہی ہوتے ہیں، بلاشبہ میرے بندوں پر تیرا زور نہ چلے گا اور آپ کا رب کارساز ہونے کے لئے کافی ہے۔

کہنے لگے ایسا معاملہ جلدی لاؤ۔

**شجرۂ ملعونہ زقوم کا درخت:**

وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ (اور وہ درخت جس پر قرآن میں لعنت کی گئی) یعنی ہم نے اس ملعون درخت کو لوگوں کیلئے آزمائش بنا دیا جونہی انہوں نے اللہ کے اس ارشاد کو سنا اِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِيْمِ (الدخان: ۴۳،۴۴) تو وہ اس کا مذاق اڑانے لگے اور کہنے لگے محمد کا خیال یہ ہے کہ جہنم پتھروں کو تو جلا ڈالتی ہے اور پھر وہ یہ کہتا ہے کہ اس میں درخت بھی اُگتے ہیں حالانکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسے عظمت کا حق تھا وہ عظمت نہیں سمجھی ورنہ وہ یہ بات نہ کہتے اس لئے کہ اس کیلئے کوئی چیز رکاوٹ نہیں کہ وہ ایسا درخت بنا دے جن کو آگ نہ جلا سکے چنانچہ مشاہدہ میں ہے سمندل یہ ترکیہ میں پایا جانیوالا ایک چھوٹا سا جانور ہے اس کی اون سے بُنے ہوئے رومال جب میلے ہو جائیں تو آگ میں ڈال دینے سے ان کی میل اتر جاتی ہے اور آگ ان کے لیے غسل کا کام دیتی ہے۔ اسی طرح شتر مرغ آگ کے کوئلوں کو نگل جاتا ہے اور وہ اس کو نقصان نہیں دیتی اور ہر درخت میں اللہ نے آگ پیدا کر رکھی ہے جو اس کو جلاتی نہیں۔ پس اس طرح یہ بھی درست ہے کہ وہ آگ میں ایسا درخت پیدا کر دے جس کو آگ نہ

جلائے مطلب یہ ہوا کہ آیات بندوں کو ڈرانے کیلئے بھیجی جاتی ہیں اور ان لوگوں کو دنیا کے عذاب سے ڈرایا گیا ہے اور وہ عذاب یوم بدر کے دن قتل ہونا ہے اور ان کو عذاب آخرت سے بھی ڈرایا گیا ہے اور زقوم کے درخت سے بھی لیکن اس بات کا ان میں کوئی اثر نہیں ہوا۔ پھر فرمایا وَنُخَوِّفُهُمْ (ہم ان کو ڈرا رہے ہیں) یعنی دنیا اور آخرت کی خوف ناک چیزوں سے۔ فَمَا يَزِيْدُهُمْ (لیکن وہ نہیں بڑھا رہا) یعنی تخویف اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا (مگر بڑھی ہوئی سرکشی کو) کس طرح وہ قوم ڈرے گی جن کی یہ حالت ہو اگر ان کی مطلوبہ آیات مہیا بھی کر دی جائیں۔

(۳) یہ بھی کہا گیا ہے کہ رؤیا سے مراد یہاں معراج ہے اور فتنہ سے مراد ان لوگوں کا ارتداد میں مبتلا ہونا ہے۔ ایسے لوگوں کا جنہوں نے اس کو بہت بڑا قرار دیا اور اسی کے متعلق ہے ان لوگوں کا قول جنہوں نے یہ کہا کہ اسراء نیند میں تھی اور بعض نے کہا کہ بیداری میں تھی انہوں نے رؤیا کی تفسیر رؤیت سے کی ہے اب رہی یہ بات کہ اس کو رؤیا کیوں کہا تو اس کو رؤیا اس لئے کہتے ہیں کہ مکذبین نے کہا تھا شاید آپ نے خواب دیکھا ہوگا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے اسراء کو بعید سمجھا اور قرآن مجید میں اس طرح کا استعمال موجود ہے کہ کفار کے ہاں جو اس کا نام تھا اسی نام سے تعبیر کر دیا جیسا کہ اس ارشاد میں **فراغ الی آلھتھم** [الصافات:۹۱] دوسری آیت میں فرمایا: اَيْنَ شُرَكَآءِیَ [النحل:۲۷] الٰہہ بھی بقول ان کے اور شرکاء بھی بقول ان کے کہا گیا۔

(۴) یا رؤیا سے مراد یہ ہے کہ آپ ﷺ مکہ میں عنقریب داخل ہونگے اور فتنہ سے مراد حدیبیہ میں کفار کا روکنا ہے۔

**سوال**: قرآن میں زقوم کے درخت کے ملعون ہونے کا تذکرہ کیوں ہے؟

**جواب**: اَلشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ سے مراد یہ ہے کہ اس کے کھانیوالا ملعون ہے اور وہ کھانے والے کفار ہیں کیونکہ اللہ نے فرمایا ثم انکم ایّھا الضّآلون المکذبون لاٰ کلون من شجر من زقوم فمالئون منھا البطون (الواقعہ ۵۱ تا ۵۳) اسی لئے آیت میں اس کے کھانے والوں کے ملعون ہونے کیوجہ سے مجازاً اس کو شجرہ ملعونہ کہہ دیا اور دوسری بات یہ ہے کہ اہل عرب اپنے محاورہ میں نقصان دہ اور ناپسند کھانے کو ملعون کہتے ہیں اور تیسری بات یہ بھی ہے کہ لعن کی حقیقت رحمت سے دور ہونا ہے اور یہ درخت جہنم کی جڑ میں ہے جو کہ رحمت سے بعید ترین مقام ہے اسلئے اس کو شجرہ ملعونہ سے تعبیر کر دیا۔

## واقعہ آدم علیہ السلام و ابلیس:

۶۱: وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا (اور یاد کرو جب ہم نے ملائکہ سے کہا آدم کو سجدہ کرو وہ فوراً سوائے ابلیس کے سجدہ میں پڑ گئے ابلیس بولا کیا میں اس شخص کو سجدہ کروں جس کو تو نے گارے سے بنایا ہے)

طینًا یہ تمیز ہے نمبر۲۔ موصول سے حال ہے اور اس کا عامل ءَاسْجُدُ ہے تقدیر عبارت یہ ہوگی: ء اسجد لہٗ وَهُوَ طِيْنٌ یعنی اَصْلُهٗ طین کیا میں اس کو سجدہ کروں اس حال میں کہ وہ مٹی ہے یعنی اس کی اصل مٹی ہے۔

۶۲: قَالَ اَرَءَیْتَكَ هٰذَا الَّذِیْ (ابلیس نے کہا تو بتلا! یہ وہی ہے جس کو تو) کَ اس کا کوئی موضع اعراب نہیں کیونکہ یہ تاکید خطاب کیلئے ذکر کیا گیا ہے۔ اور ھذا یہ مفعول بہ ہے۔ معنی یہ ہے تو مجھے اس کے متعلق بتلا جس کو كَرَّمْتَ عَلَیَّ (تو نے مجھ پر

برتری دی ہے) اس کو تو نے فضیلت دی تو کیوں اُسکو مجھ پر فضیلت دی ہے۔ حالانکہ انا خیر منه خلقتنی من نار و خلقته من طین [ص:۷۶] ماقبل کی دلالت اس کے متعلق موجود ہونے کی وجہ سے اختصار کے طور پر اس کو حذف کر دیا پھر ابتدا کرتے ہوئے فرمایا۔ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ (اگر تم نے مجھے مہلت دے دی)۔

قراءت: ابن کثیر و یعقوب وغیرہ نے یاء سے پڑھا۔ جبکہ کوفی، شامی قراء نے یاء کے بغیر پڑھا ہے۔ لَئِنْ کی لام قسم محذوف کی تمہید کے لئے لائے۔ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهٗ (اگر یوم قیامت تک تو نے مجھے مہلت دی تو میں اس کی ساری اولاد کو اپنے قابو میں لے لونگا) انکا اغواء کے ذریعہ استیصال کروں گا۔ اِلَّا قَلِیْلًا (مگر ان میں سے قلیل تعداد) اور وہ مخلصین ہیں۔ نمبر۲۔ ہر ہزار میں سے ایک۔ اس ملعون کو یہ اطلاع اللہ تعالیٰ کے اطلاع دینے سے ہوئی۔ نمبر۳۔ کیونکہ اس نے خیال کیا کہ یہ انسان فطرۃً شہوانی مزاج کا پیدا کیا گیا ہے (جس کی وجہ سے انکا بھٹکنا بہت آسان ہے مترجم)۔

۶۳: قَالَ اذْهَبْ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو جا) یہاں اِذْهَبْ اس ذِهَاب سے نہیں جو المجیء (آمد) کی ضد ہے بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ بطور ذلت و رسوائی فرمایا جا جو تیرا دل چاہے کر (تو خود مختار ہے) پھر اس کے بعد اس کے غلط چناؤ کا جزو ذکر کیا پس فرمایا۔ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ (پس جو شخص ان میں سے تیری اتباع کریگا تو جہنم تم سب کی سزا ہوگی) تقدیر عبارت یہ ہے فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاؤُهُمْ وَجَزَاؤُكَ پھر مخاطب کو غائب پر ترجیح دیتے ہوئے فرمایا جَزَاؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا (کامل سزا) یہ تجازون محذوف کا مفعول ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔

## استفزاز کا مطلب:

۶۴: وَاسْتَفْزِزْ (اور تو قدم اکھاڑ) نیچے اتار۔ نمبر۲۔ بیوقوف بنانا، پھسلانا۔ الفزّ۔ خفیف کو کہتے ہیں۔ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ (ان میں سے جن پر تیرا قابو چلے اپنی چیخ و پکار سے) وسوسہ ڈال کر نمبر۲۔ گانے بجانے سے نمبر۳۔ باجے گاجے سے۔ وَاَجْلِبْ عَلَیْهِمْ (اور چڑھالا یا جمع کر اور بھڑکا انکے خلاف) یہ اَلْجَلَبَة سے ہے جس کا معنی چیخ اور شور ہے۔ بِخَیْلِكَ وَرَجِلِكَ (اپنے سوار اور پیادے) یعنی سوار اور پیدل سے۔ الخیل: الخیالة۔ گھوڑسوار۔ الرَّجل اسم جمع ہے راجل کی بمعنی پیدل جیسے الرکب اور الصحب۔

قراءت: رَجْلِكَ نافع نے سکون جیم سے پڑھا جبکہ حفص نے رَجِلِكَ پڑھا کہ فَعِل بمعنی فَاعِل ہے جیسا تَعِب بمعنی تَاعِب اور اسکا معنی پیدل کو جمع کرنا ہے۔ کیونکہ کسی کام کی طلب میں انسانی استطاعت یہ ہے کہ وہ سوار اور پیدل گروہ استعمال کرے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ابلیس کے اپنے گھوڑے اور پیدل دستے ہوں۔

## شراکتِ اموال:

وَشَارِكْهُمْ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ (اور تو ان کے مال اور اولاد میں شراکت کرلے) زجاج علیہ الرحمۃ کہتے ہیں ہر گناہ جو مال و اولاد کے سلسلہ میں ہوتا ہے ابلیس کی اس میں شرکت ہوتی ہے۔ مثلاً سود، حرام ذرائع آمدنی، بحیرہ، سائبہ، انفاق فی الفسوق، فضول خرچیاں، زکاۃ کا نہ دینا، حرام اسباب سے اولاد حاصل کرنا، عبدالعزی، عبدالشمس وغیرہ شرکیہ نام رکھنا۔ وَعِدْهُمْ (اور ان سے وعدے کر) جھوٹے وعدے کہ الٰہ شفاعت کریں گے اور بڑے انساب سے اللہ تعالیٰ کے ہاں عزت ملنا۔

رَبُّكُمُ الَّذِىْ يُزْجِىْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِى الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ

تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے دریا میں کشتیوں کو چلاتا ہے۔ تا کہ تم اسکا فضل تلاش کرو۔ بلاشبہ وہ تم پر

رَحِيْمًا ۝۶۶ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِى الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّاۤ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا

مہربان ہے اور جب تمہیں سمندر میں کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو اس کے علاوہ جن کو تم پکارتے ہو وہ سب غائب ہو جاتے ہیں، پھر وہ جب

نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ۝۶۷ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ

تمہیں خشکی کی طرف نجات دے دیتا ہے تو روگردانی کرتے ہو۔ اور انسان بڑا ناشکرا ہے۔ کیا تم اس بات سے بے فکر ہو کہ وہ تمہیں خشکی کی جانب میں لاکر

جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۝۶۸ اَمْ اَمِنْتُمْ

زمین میں دھنسا دے۔ یا تم پر کوئی سخت آندھی بھیج دے جو کنکر برسانے والی ہو پھر تم اپنے لئے کسی کو کارساز نہ پاؤ گے۔ یا تم اس سے بے فکر ہو

اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ

کہ وہ تمہیں دوبارہ سمندر میں لوٹا دے۔ پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے پھر تمہیں تمہارے کفر کی وجہ سے

بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۝۶۹ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِىْۤ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ

غرق کر دے۔ پھر تمہیں کوئی ایسا نہ ملے جو ہمارا پیچھا کرنے والا ہو۔ اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے بنی آدم کو عزت دی اور انہیں خشکی میں اور سمندر میں

ع ۷ فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۝۷۰

سوار کیا۔ اور انہیں عمدہ چیزیں عطا فرمائیں اور ہم نے انہیں اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔

جلد ملنے والی دنیا کو دیر سے آنیوالی آخرت پر ترجیح دینا، وغیرہ اسی طرح کے افعال۔

وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا (اور شیطان ان سے وعدہ نہیں کرتا مگر محض جھوٹا) جھوٹا وعدہ یہی ہے کہ خطا کو اس طرح مزین کیا جائے کہ اس میں صواب کا وہم ہو چلے۔

## اعلانِ باری تعالیٰ:

۶۵: اِنَّ عِبَادِيْ (بیشک میرے بندے) صالحین پر لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ (تجھے ان پر قدرت نہ ہوگی) یعنی ان کے ایمان کو تبدیل کرنے کی طاقت نہ ہوگی البتہ گناہوں کی تسویل کی طاقت تو باقی ہے۔ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا (اور تیرا رب ذمہ دار ہونے کیلئے کافی ہے) ان کے لئے۔ وہ تجھ سے بچنے کیلئے اسی پر بھروسہ کریں گے۔ نمبر۲۔ تجھ سے بچانے کیلئے انکا نگہبان ہے ان میں سے ہر حکم تہدیدی ہے جس پر سزا ہوگی نمبر۲۔ امر اہانت کیلئے ہے یعنی اس سے میری مملکت میں کچھ بھی نقصان نہ ہوگا۔

**سمندروں میں جہاز چلانے والا وہی تو ہے پھر اس کی پکڑ سے کیسے بچ سکتے ہو:**

۶۶: رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ (تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے چلاتا ہے) چلاتا اور جاری کرتا ہے۔ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ (کشتیاں سمندر میں تاکہ تم اس کے فضل کو تلاش کرو) فضل سے یہاں تجارتی نفع مراد ہے۔ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا (بیشک وہ تمہارے حال پر بہت مہربان ہے)۔

۶۷: وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ (جب تمہیں دریا میں کوئی تکلیف چھولیتی ہے) اَلضُّر سے یہاں ڈوبنے کا خوف مراد ہے۔ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ (تو غائب ہو جاتے ہیں جن کو تم پکارتے تھے سوائے اس کی ذات باری تعالیٰ کے) ایک اللہ تعالیٰ وحدہ کے علاوہ تمہارے اوہام سے وہ تمام گم ہو جاتے ہیں جن کی تم عبارت کرتے تھے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کا تذکرہ بھی نہیں کرتے۔ نمبر۲۔ غائب ہو گئے جن کو تم الٰہ میں سے فریادرسی کیلئے پکارتے ہو۔ لیکن اللہ تعالیٰ اکیلا کہ جس کے تم امیدوار رہو۔ اس صورت میں مستثنیٰ منقطع ہے۔

فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ (پھر جب اللہ تعالیٰ تمہیں بچا کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو تم کترا جاتے ہو) چھوٹنے کے بعد اخلاص سے اعراض کرتے ہو۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ (اور انسان) یعنی کافر انسان كَفُوْرًا (ناشکرا ہے) انعامات پر

۶۸: اَفَاَمِنْتُمْ (پس کیا تم اس بات سے بےفکر بیٹھے ہو)۔ اس میں ہمزہ انکار کا ہے اور فاء عاطفہ ہے۔ جس کا عطف محذوف پر ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے انجوتم فامنتم فحملکم ذلك علی الاعراض کیا تم نے نجات پالی پس تم امن میں ہو گئے اور اس نے تمہیں اعراض پر آمادہ کیا۔ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ (کہ وہ تم کو خشکی کے ایک طرف میں لا کر زمین میں دھنسا دے)

نَحْو: جَانِبَ يَخْسِفَ کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ جیسا کہ الارض خسفنا کی وجہ سے اس آیت میں فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ [القصص: ۸۱] بِكُمْ یہ حال ہے۔ مطلب یہ ہے وہ دھنسا دے خشکی کی جانب میں یعنی اس کو الٹ دے اس حال میں کہ تم اس میں موجود ہو۔ حاصل یہ ہے تمام جوانب ارض پر اللہ تعالیٰ کو یکساں قدرت حاصل ہے۔ اور وہ ہر جانب کا مالک ہے خواہ خشکی ہو یا سمندر ہو تو ہلاکت کے اسباب ہیں خشکی والی جانب اس کے لئے مخصوص نہیں بلکہ اگر سمندر میں غرق ہے تو خشکی میں دھنسنا ہے۔ جو مٹی کے نیچے غائب ہونے کو کہتے ہیں اور غرق پانی کے نیچے غائب ہونے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ عقل مند کو تو چاہیے کہ وہ تمام جوانب میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اور جہاں کہیں ہو اس کا خوف اس پر طاری رہے۔

اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا (یا تم پر کوئی کنکر والی آندھی بھیج دے) حَاصِبًا ایسی ہوا جو کنکر پھینکے اَلْحصباء کنکریاں نمبر۲۔ اگر ہلاکت نیچے کی طرف سے دھنسانے سے نہ آئے تو اوپر سے کنکریوں والی آندھی بھیج کر وہ ہلاک کر سکتا ہے۔ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا (پھر تم کسی کو اپنا کارساز نہ پاؤ) جو اس کو تم سے ہٹا سکے۔

۶۹: اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ (کیا تم اس بات سے بےفکر ہو گئے کہ خدا تعالیٰ تم کو دوبارہ دریا ہی میں لے جائے پھر وہ تم پر بھیج دے) یعنی یا تم بےخوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہاری ضروریات کو بڑھا دے اور دواعی کو پختہ کر کے دوبارہ تم سمندر کے سفر کی طرف لوٹ جاؤ جس سے اس نے تمہیں نجات دی پھر وہ تم سے اس طرح انتقام لے کہ تم پر قَاصِفًا مِّنَ

الرِّیۡحِ (ہوا کا سخت طوفان) قَاصِف اس ہوا کو کہتے ہیں جس میں سخت آواز ہو۔ نمبر۲۔ ایسی ہوا جو کشتی کو توڑ پھوڑ کر دینے والی ہو۔ فَیُغۡرِقَکُمۡ بِمَا کَفَرۡتُمۡ (پس وہ تمہارے کفر کے باعث تمہیں ڈبو دے) اس وجہ سے کہ تم نے نعمت کی ناشکری کی اور وہ ناشکری یہ ہے کہ جب اس نے تمہیں بچالیا تو تم نے اس سے منہ موڑ لیا۔

ثُمَّ لَاتَجِدُوۡا لَکُمۡ عَلَیۡنَا بِهٖ تَبِیۡعًا (پھر تم اپنے لئے ہمارا پیچھا کرنے والا نہ پاؤ) یعنی ہم سے مطالبہ کرنے والا۔ تبیع کا معنی اس آیت سے لیا گیا فاتِّبَاعٌ بالمعروف [البقرہ:۱۷۸] (پس مطالبہ ہے دستور کے ساتھ) حاصل مطلب یہ ہے کہ ہم ان کے ساتھ جو چاہیں کریں تمہیں کوئی ایسا نہ مل سکے گا جو ہم سے بدلے کا مطالبہ کر سکے اور ہم سے بدلہ لے سکے۔ یہ اسی طرح ہے جیسا اس ارشاد میں لا یخاف عُقۡبٰھا [الشمس:۱۵]

قراءت: اِنۡ نَخۡسِفۡ اَوۡ نُرۡسِلَ اَنۡ نُعِیۡدَکُمۡ فَنُرۡسِلَ فَنُغۡرِقَکُمۡ کو مکی اور ابوعمرو نے نون سے پڑھا ہے۔

## بنی آدم کو عزت دی:

۷۰: وَلَقَدۡ کَرَّمۡنَا بَنِیۡۤ اٰدَمَ (ہم نے اولاد آدم کو عزت دی) عقل و نطق، خط، خوبصورت شکل، مناسب قد، تدبیرِ امورِ معاش اور معاد، تمام پر غلبہ، تسخیر اشیاء، تناولِ طعام بالایدی وغیرہ سے۔

نکتہ: ہارون رشید نے کھانا منگوایا اور اس نے چمچیاں بھی منگوائیں۔ اس کے پاس اس وقت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ بھی موجود تھے۔ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ تمہارے دادا ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر میں یہ وارد ہے۔ ولقد کرمنا بنی آدم کہ ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی ان کو ہاتھ دیئے جن میں انگلیوں سے وہ کھانا کھاتے ہیں۔ ہارون نے تمام چمچیوں کو واپس کر دیا اور انگلیوں سے کھانا تناول کیا۔

وَحَمَلۡنٰهُمۡ فِی الۡبَرِّ (اور ہم نے ان کو خشکی میں سوار کیا) جو پایوں پر وَالۡبَحۡرِ (سمندر میں) کشتیوں پر وَرَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ (اور ہم نے ان کو پاکیزہ چیزیں کھانے کیلئے عنایت کیں) لذیذ اشیاء۔ نمبر۲۔ ہاتھ سے کمائی ہوئی روزی۔ وَفَضَّلۡنٰهُمۡ عَلٰی کَثِیۡرٍ مِّمَّنۡ خَلَقۡنَا تَفۡضِیۡلًا (اور ہم نے اس کو فضیلت دی بہت کثیر مخلوق پر) کثیر کا معنی ہے کہ تمام پر۔ جیسا کہ اس ارشاد میں اکثر کا لفظ تمام کا معنی دیتا ہے۔ واکثر ھم کاذبون [الشعراء:۲۲۳] حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: ای کلھم اور اس آیت میں وَمَا یَتَّبِعُ اَکۡثَرُهُمۡ اِلَّا ظَنًّا [یونس:۳۶] اکثر کا معنی کل ہے۔ کشاف میں ہے کہ اکثر سے مراد تمام ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا المُؤۡمِنُ اَکۡرَمُ عَلَی اللّٰهِ مِنَ الۡمَلَآئِکَةِ [رواہ ابن ماجہ:۳۹۴۷] اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی فطرت میں طاعت ہے اور ان میں عقل بلا شہوت ہے اور بہائم میں شہوت بلا عقل ہے۔ اور آدمی میں دونوں ہی ہیں۔ پس جس کی عقل شہوت پر غالب آ گئی وہ انسان فرشتوں سے افضل ہے اور جس کی شہوت اس کی عقل پر سوار ہو گئی وہ بہائم سے زیادہ ذلیل ہے۔ دوسری دلیل ہے کہ تمام مخلوق کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کیلئے بنایا اور انسان کو اپنی ذات کیلئے بنایا۔

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے امام کے ساتھ بلائیں گے سو جس کے داہنے ہاتھ میں اعمال نامہ دیا گیا سو یہ

يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي

لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے۔ اور ان پر ذرا بھی ظلم نہ کیا جائے گا، جو شخص اس دنیا میں اندھا ہے وہ

الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾

آخرت میں بھی اندھا ہوگا۔ اور زیادہ راہ گم کردہ ہوگا۔

## قیامت کا ایک منظر:

۷۱: يَوْمَ نَدْعُوْا (جس دن ہم بلائیں گے) یہ اذکر محذوف کی وجہ سے منصوب ہے۔ كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ (ان کے مقتدا کے ساتھ طلب کریں) باءحال کیلئے ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے: مختلطين بامامهم اس حال میں کہ وہ اپنے امام سے ملے جلے ہونگے امام سے ہر وہ مراد ہے جس کی انہوں نے اقتداء کی ہوگی خواہ وہ پیغمبر ہوں نمبر۲۔ دین میں مقدم ہو نمبر۳۔ کتاب نمبر۴۔ دین محاورہ میں اس طرح نسبت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ يَا اَتْبَاعَ فُلَان يَا اَهْلَ دِيْنِ كَذَا كتاب كذا۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے نامہ عمل مراد ہے۔ جیسے کہتے ہیں یا اصحاب کتاب الخیر۔ یا اصحاب کتاب الشر۔

فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ (جن کو انکا نامہ عمل اس کے دائیں ہاتھ میں دیا گیا۔ پس وہ اپنی کتاب کو پڑھتے ہونگے) فمن سے مراد یہی مدعوین ہیں۔ ان کو اُولٰئِكَ سے اس لئے تعبیر کیا کیونکہ مَن معنیٰ جمع ہے۔ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا (ان پر دھاگے کے برابر ظلم نہ ہوگا۔) ان کے ثواب میں سے ادنیٰ چیز بھی کم نہ کی جائیگی۔ یہاں کفار کا ذکر نہیں فرمایا اور نہ ہی ان کے بائیں ہاتھ میں کتاب ملنے کو ذکر کیا بلکہ اس قول پر اکتفاء کیا گیا۔

## دنیا میں کفر آخرت کا اندھا پن:

۷۲: وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ (اور جو شخص اس دنیا کی زندگی میں) اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى (اندھا ہے۔ وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا۔) اسی طرح وَاَضَلُّ سَبِيْلًا (اور زیادہ راستہ سے بھٹکا ہوگا) یعنی اندھے سے بھی زیادہ گمراہ ہوگا۔ اعمٰی کے لفظ کو استعارۃً اس کے لئے استعمال فرمایا جو مبصرات کو بھی نہ دیکھے۔ کیونکہ اس کے حواس میں خرابی ہے اس شخص کی طرح کہ نجات کے راستے کی طرف راہ نہ پائے۔ دنیا میں تو اس لئے کہ غور و فکر نہیں پائی جاتی اور آخرت میں اس لئے کہ اب رہنمائی فائدہ نہیں دے سکتی۔ علماء نے یہ بھی جائز قرار دیا کہ دوسرا اعمٰی کا لفظ تفصیل کے معنی میں لیا جائے اس کی دلیل یہ ہے کہ اَضَلُّ کو اس پر عطف کے طور پر ذکر کیا گیا۔ جو کہ تفضیل کا صیغہ ہے اسی لئے ابوعمرو نے اپنی قراءت میں پہلے کو امالہ کے ساتھ اور دوسرے کو تفخیم کے ساتھ

وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ

اور یہ لوگ آپ کو اس چیز سے ہٹانے ہی لگے تھے جس کی ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی۔ تا کہ آپ ہماری طرف اس کے علاوہ دوسری بات کی نسبت کر دیں۔ اور اس صورت میں

خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ

وہ آپ کو اپنا دوست بنا لیتے۔ اور اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو قریب تھا کہ آپ ان کی طرف تھوڑے سے مائل ہو جاتے۔ اس وقت ہم آپ کو آپ کی زندگی

ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

میں اور موت کے بعد دوہرا عذاب چکھاتے، پھر آپ ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار نہ پاتے۔

پڑھا ہے۔ کیونکہ اسم تفضیل تمام کا تمام من کے ساتھ آتا ہے۔ اور اس کے الف کا حکم وسط کلمہ کا ہے اس لئے وہ امالے کو قبول نہیں کرتا رہا اول اس کے ساتھ کوئی چیز بھی متعلق نہیں۔ پس اس کا الف ایک طرف میں واقعہ ہے اس لئے اس نے امالے کو قبول کر لیا۔ حمزہ اور علی نے دونوں کو امالے کے ساتھ پڑھا ہے جبکہ بقیہ قراء نے تفخیم کے ساتھ پڑھا ہے۔

## قریش کی چابکدستی اور عصمت نبوت کا ہاتھ:

۷۳: جب قریش نے کہا رحمت کی آیت کو عذاب والی آیت بنا دو اور عذاب والی آیت کو رحمت والی تب ہم تم پر ایمان لائیں گے پس یہ آیت اتری۔ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ (اور یہ لوگ قریب تھا کہ آپ کو پچلا دیتے) اِنْ یہ مخففہ من المثقلہ ہے اور اس کے جواب میں آنے والی لام وہ اس کو اور اِنْ نافیہ کو جدا کرتی ہے اب معنی یہ ہے کہ بیشک حال یہ ہے کہ وہ آپ کو دھوکے میں مبتلا کر دیتے اور فتنہ میں ڈال دیتے۔ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ (اس وحی کے بارے میں جو ہم نے آپ کی طرف کی ہے) یعنی اوامر کی قسم میں سے اور نواہی میں سے اور اسی طرح وعدے اور وعید کی صورت میں۔ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ (تا کہ اس کے سوا اور بات ہماری طرف آپ نسبت کریں) تا کہ آپ ہمارے متعلق وہ بات کہیں جو ہم نے نہیں کہی اور وہ وہی ہے جس کا انہوں نے مطالبہ کیا کہ وعدے کو وعید اور وعید کو وعدے سے بدل دے۔ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا (ایسی حالت میں آپ کو گہرا دوست بنا لیتے) یعنی اگر آپ ان کی مراد کی اتباع کرتے تو ضرور تمہیں گہرا دوست بنا لیتے اور آپ ان کی ولایت اختیار کر کے ہماری ولایت سے نکل جاتے۔

۷۴: وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ (اگر ہم نے آپ کو ثابت قدم نہ بنا دیا ہوتا) یعنی اگر ہمارا ثابت قدم رکھنا اور ہماری عصمت نہ ہوتی لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ (تحقیق قریب تھا کہ آپ جھک جاتے ان کی طرف) یعنی البتہ قریب تھا کہ آپ ان کے مکر کی طرف مائل ہو جاتے۔ شَيْـًٔا قَلِيْلًا (بہت ہی معمولی سا) یعنی تھوڑا سا جھکنا اس میں آپ کو تسلی دی گئی اور آپ کی فضیلت اور ثابت قدمی کا ذکر کیا گیا ہے۔

۷۵: اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ (اور اگر ایسا ہوتا تو ہم آپ کو حالتِ حیات میں بھی اور موت کے بعد

وَاِنۡ كَادُوۡا لَيَسۡتَفِزُّوۡنَكَ مِنَ الۡاَرۡضِ لِيُخۡرِجُوۡكَ مِنۡهَا وَاِذًا لَّا يَلۡبَثُوۡنَ خِلٰفَكَ اِلَّا

اور یہ لوگ اس سرزمین سے آپ کے قدم ہی اکھاڑنے لگے تھے تاکہ آپ کو اس سے نکال دیں اور ایسا ہو جاتا تو آپ کے بعد یہ بھی بہت کم ٹھہرنے

قَلِيۡلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنۡ قَدۡ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ مِنۡ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحۡوِيۡلًا ﴿۷۷﴾ ع ۸ ۷ ۸

پاتے۔ جیسا کہ ان لوگوں کے بارے میں ہمارا طریقہ رہا ہے جن کو آپ سے پہلے ہم نے رسول بنا کر بھیجا تھا اور آپ ہمارے طریقہ میں تغیر نہ پائیں گے

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوۡكِ الشَّمۡسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيۡلِ وَقُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ‌ؕ اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ كَانَ

آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات اندھیرا ہونے تک نمازیں قائم کیجئے اور فجر کی نماز بھی، بلاشبہ فجر کی نماز حاضر ہونے کا

مَشۡهُوۡدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ‌ۖ عَسٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا ﴿۷۹﴾

وقت ہے، اور رات کے حصہ میں نماز تہجد پڑھا کیجئے جو آپ کے لئے زائد چیز ہے عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود میں جگہ دے گا

دگنا عذاب چکھاتے )۔ اِذًا یہاں لَوْ کے معنی میں ہے یعنی اگر آپ ان کی طرف ادنیٰ سے جھکاؤ کے بھی قریب ہو جاتے اِذًا لَّاَذَقۡنٰكَ سے مراد عذاب قبر اور عذاب آخرت ہے کہ وہ دگنا کر کے دیئے جاتے اس لئے کہ آپ کے مرتبہ اور نبوت کے شرف کیوجہ سے گناہ بہت بڑا ہوتا یہ اسی طرح ہے جیسے دوسرے مقام پر فرمایا: ینساء النبی من یات منکن بفاحشۃ [الاحزاب: ۳۰] اصل کلام اس طرح ہے۔ اِذًا لَّاَذَقۡنٰكَ عَذَابَ الۡحَيٰوةِ وَعَذَابَ الۡمَمَاتِ کہ اس وقت ہم آپ کی زندگی میں اور موت کے بعد عذاب چکھاتے کیونکہ عذاب دو ہی ہیں نمبرا۔ وہ عذاب جو موت کے بعد ہو اور یہی عذاب قبر ہے نمبر۲۔ آخرت کی زندگی میں ہونیوالا عذاب اور یہی عذاب نار ہے آیت میں عذاب کی صفت الضعف سے کی گئی جیسا کہ دوسری آیت میں آیا: فَاٰتِهِمۡ عَذَابًا ضِعۡفًا مِّنَ النَّارِ‌ ۚ [الاعراف: ۳۸] یہاں ضعف بمعنی مضاعف کے ہے گویا اصل کلام اس طرح بنے گا اذا لاذقنک عذابًا ضعفا فی الحیاۃ و عذابا ضعفًا فی الممات پھر اس عبارت میں سے موصوف کو حذف کر کے صفت کو اس کے قائم مقام لائے اور وہ ضعف ہے پھر صفت کی اضافت موصوف کی طرف کر دی اور یوں فرما دیا۔ ضعف الحیاۃ و ضعف الممات ۔

(۲) دوسری تفسیر یہ بھی درست ہے کہ ضِعۡفَ الۡحَيٰوةِ سے دنیا کا عذاب مراد لیا جائے اور ضِعۡفَ الۡمَمَاتِ سے موت کے بعد آنے والا عذاب قبر اور عذاب نار مراد لیا جائے۔

نکتہ: آیت میں کاد اور پھر تقلیل ذکر فرمائی اور اس کے بعد دارین میں دوگنے عذاب کی سخت وعید لائی گئی۔ یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ بری چیز کی قباحت اس وقت اور بڑھ جاتی ہے جبکہ اس کا کرنے والا بڑی شان والا ہو جب یہ آیت اتری تو حضور علیہ السلام یہ دعا فرمایا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ طَرۡفَةَ عَیۡنٍ یہ روایت مرسل ہے اس کو ثعالبی نے ذکر کیا۔ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيۡنَا نَصِيۡرًا ( پھر آپ کو ہمارے مقابلہ میں اپنا کوئی مددگار نہ ملتا ) یعنی ایسا مددگار جو ہمارے عذاب سے آپ کو بچا سکتا۔

## مکہ سے قدم اکھاڑنے کی کوشش:

۷۶: وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ (اور قریب تھا کہ وہ لوگ اس سرزمین سے آپ کے قدم اکھاڑ دیتے) کا دوا کی ضمیر اہل مکہ کی طرف لوٹ رہی ہے یَسْتَفِزُّوْنَ کا معنی عداوت کے ذریعے آپ کو تنگ کرنا اور اپنے فریب سے پریشان کرنا اور ارض سے مراد سرزمین مکہ ہے۔لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ (تا کہ آپ کو وہاں سے نکال باہر کریں ایسی صورت میں آپ کے پیچھے تھوڑی مدت سے زیادہ نہ ٹھہر سکیں گے) لَایَلْبَثُوْنَ کا معنی باقی نہ رہنا اور خلاف کا معنی بعد ہے یعنی آپ کے نکال دینے کے بعد قراءت: ابوبکر کے علاوہ کوفی قراء نے خلافک پڑھا اور شامی نے بھی اسی کا ہم معنی پڑھا ہے البتہ نافع اور ابوعمرو نے خلفک پڑھا ہے۔اِلَّا قَلِيْلًا (مگر بہت تھوڑا۔) یعنی تھوڑا سا زمانہ پس اللہ تعالیٰ ان کو عنقریب ہلاک کرنے والے ہیں چنانچہ اسی طرح واقعہ ہوا آپ کے مکہ سے نکالے جانے کے تھوڑا عرصہ بعد ان کو بدر میں ہلاک کر دیا گیا۔

(۲) اس کا معنی یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اگر یہ آپ کو نکال دیتے تو تمام کا استیصال کر دیا جاتا انہوں نے آپ کو نکالا نہیں بلکہ آپ نے خود اللہ کے حکم سے ہجرت کی ایک قول یہ بھی ہے کہ ارض سے ارض عرب مراد ہے یا ارض مدینہ مراد ہے۔

## اگر مکہ سے زبردستی نکالتے تو تمام ہلاک کر دیئے جاتے:

۷۷: سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا (یہی ہمارا قاعدہ ان لوگوں کے ساتھ رہا ہے جن کو ہم نے آپ سے پہلے پیغمبر بنایا) کہ ہر قوم نے اپنے رسول کو اپنے درمیان سے نکال دیا۔پس اس نکالنے پر اللہ تعالیٰ کا طریق اس کو ہلاک کر دینے کا ہے۔

نحو: سُنَّةَ یہ مصدر موکد کی طرح منصوب ہے۔ای سَنَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ سُنَّةً وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا (اور آپ ہمارے قاعدہ میں تبدیلی نہ پائیں گے)۔

## تشکر الٰہی:

۷۸: اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ (آپ سورج کے زوال پر نماز قائم کریں) دلوک زوال کو کہتے ہیں۔اس لحاظ سے یہ آیت تمام نمازوں کو جامع ہے۔نمبر۲۔دلوک کا معنی غروب ہو۔اس صورت میں ظہر وعصر نکل جائے گی۔(اصل دلک کا معنی ملنا ہے) اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ (رات کے چھا جانے تک) اندھیرے کو غسق کہا جاتا ہے اور یہ عشاء کا وقت ہے۔

وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ (اور فجر کا قرآن) فجر کی نماز کو قرآن یعنی قراءت کہا۔کیونکہ قراءت ایک رکن صلوۃ ہے جیسا کہ رکوع وسجود سے نام رکھتے ہیں (اس کی طوالت کی وجہ سے) اس آیت میں اصم کے خلاف دلیل پائی جاتی ہے کیونکہ اس کا خیال یہ ہے کہ قراءت رکن صلوۃ نہیں ہے۔ نمبر۲۔قرآن اس لئے کہا گیا کیونکہ اس میں قراءت طویل ہوتی ہے۔اور اس کا عطف الصلاۃ پر ہے۔اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا (بیشک فجر کا قرآن فرشتوں کی حاضری کا وقت ہے) رات اور دن کے فرشتے اس میں شریک ہوتے ہیں۔دن والے اترتے ہیں اور رات والے آسمانوں کی طرف چڑھ جاتے ہیں۔پس یہ رات کے آخری حصہ میں ہے اور دن کی ابتداء میں واقع ہے (اس لئے اس کو مشہود کہا)

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ

اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے رب مجھے ایسی جگہ میں داخل کیجئے جو خوبی کی جگہ ہو۔ اور مجھے خوبی کے ساتھ نکالئے اور میرے لئے اپنے پاس سے ایسا غلبہ عطا

سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

فرمائیے جس کے ساتھ مدد ہو، اور آپ یوں کہہ دیجئے کہ حق آ گیا اور باطل چلا گیا بلاشبہ باطل جانے ہی والا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ

اور ہم ایسی چیز یعنی قرآن نازل کرتے ہیں جو شفاء ہے اور رحمت ہے مومنین کے لئے اور وہ ظالموں کے نقصان ہی میں

اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ

اضافہ کرتا ہے، اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں وہ اعراض کر لیتا ہے۔ اور رخ بدل کر دور ہو جاتا ہے۔ اور جب اسے تکلیف پہنچ جائے تو

یَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ یَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِیْلًا ﴿۸۴﴾ ع ۹ ۷ ۹

ناامید ہو جاتا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ ہر شخص اپنے طریقے پر کام میں لگا ہوا ہے سو تمہارا رب خوب جانتا ہے جو زیادہ ٹھیک راستہ پر ہے۔

نمبر۲۔ عادۃ اس میں زیادہ نمازی حاضری دیتے ہیں۔

۷۹: وَمِنَ الَّیْلِ (اور رات کو) تم پر رات کا بعض حصہ جاگنا لازم ہے۔ فَتَهَجَّدْ (تم تہجد پڑھو) التهجد نماز کیلئے نیند کو چھوڑنا۔ نیند کے بارے میں کہا جاتا ہے تهجد وہ نیند سے بیدار ہوا۔ بِهٖ (قرآن مجید کے ساتھ) نَافِلَةً لَّكَ (یہ زائد ہے تیرے لئے) یہ پانچوں نمازوں سے زائد عبادت تم پر لازم کی ہے گویا تہجد اور نافلہ کو ایک ہی معنی جمع کرنے والا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تہجد کی نماز پانچوں نمازوں سے زائد آپ پر بطور غنیمت کے بڑھائی گئی ہے۔ نمبر۲۔ یہ آپ پر فرض ہے اور کسی پر فرض نہیں ہے کیونکہ وہ امت کیلئے نفل ہے۔ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا (امید ہے کہ آپکا رب آپ کو مقام محمود پر جگہ دے گا) مقامًا محمودًا۔ ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے تقدیر عبارت یہ ہے عسٰی ان یبعثك یوم القیامة فیقیمك مقامًا محمودًا یقیم فعل کا مفعول ہوا۔ نمبر۲۔ یَبْعَثَكَ میں معنی یقیمك کا ضمناً پایا جاتا ہے۔ اور یہ یبعثك کا مفعول ہے۔

مسلکِ جمہور:

نمبر۱۔ مقام محمود شفاعت کبری کا مقام ہے۔ روایت اس پر دلالت کرتی ہیں۔ نمبر۲۔ یہ وہ مقام ہے جس میں آپ کو لواء الحمد عنایت کیا جائے گا۔

۸۰: وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ (اور کہہ دیں اے میرے رب مجھے خوبی کے ساتھ پہنچانا اور خوبی کے ساتھ لے جانا) مُدْخَل یہ مصدر ہے تقدیر عبارت یہ ہے ادخلنی القبر ادخالا مرضیا علی طهارة من الزلات ۔ مجھے قبر میں لغزشوں سے

طہارت کے ساتھ پسندیدہ حالت میں داخل کرنا۔ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ (اور مجھے اچھی طرح نکالنا) نمبرا۔ اس قبر سے مجھے پسندیدہ حالت میں نکالنا کہ عزت والی ملاقات ہو۔ ملامت سے محفوظ ہو۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ بعث کا تذکرہ کرنے کے بعد اس آیت کو لایا گیا ہے۔ نمبر۲۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ہجرت کا جب حکم ہوا تو اس وقت یہ آیت اتری پھر داخلہ سے مراد مدینہ منورہ میں داخلہ اور اخراج سے مکہ سے نکلنا مراد ہے۔ نمبر۳۔ یہ آیت عام ہے جب بھی جہاں کہیں آپ داخل ہوں اور جس کام میں آپ ہاتھ ڈالیں۔ وَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا (اور اپنے پاس سے مجھے غلبہ دینا جس میں نصرت شامل ہو) ایسی حجت عنایت فرما جو مخالفین پر غالب کرنے والی ہو۔ نمبر۲۔ ایسی مملکت وشوکت وقوت عنایت کر جو کفر کے خلاف اسلام کی مددگار اور کفر پر غلبہ دینے والی ہو۔

## استجابتِ حق:

۸۱: وَقُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ (اور کہہ دو حق آیا) حق سے اسلام مراد ہے۔ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ (اور باطل گیا) ہلاک و برباد ہوا۔ باطل سے شرک مراد ہے۔ نمبر۲۔ قرآن آیا اور شیطان ہلاک ہوا۔ اِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا (بیشک باطل برباد ہونے والا ہے) ہر زمانہ میں باطل اسی لائق ہے کہ وہ برباد ہو جائے۔

## قرآن ہی شفاء ہے:

۸۲: وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَةٌ (اور ہم قرآن میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہیں)

قراءت: ابوعمرو نے نُنۡزِلُ تخفیف سے پڑھا ہے۔ من القرآن میں مِنۡ تبعیضیہ ہے۔ شفاء سے امراض قلوب کی شفاء مراد ہے اور رحمت دکھوں کا علاج اور عیوب کی تطہیر اور گناہوں کی تکفیر مراد ہے لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ (ایمان والوں کیلئے)۔ حدیث میں وارد ہے من لم یستشف بالقرآن فلا شفاء اللّٰہ (الثعلبی کنز العمال) جو قرآن سے شفاء حاصل نہ کرے خدا کرے اس کو شفاء نہ ہو۔ وَلَا یَزِیۡدُ الظّٰلِمِیۡنَ (اور نہیں اضافہ کرتا ہے ظالموں کیلئے) ظالم سے کافر مراد ہیں۔ اِلَّا خَسَارًا (مگر نقصان میں) اس کی تکذیب و کفر کی وجہ سے گمراہی بڑھے گی۔

## انسان کا عمومی حال:

۸۳: وَاِذَآ اَنۡعَمۡنَا عَلَى الۡاِنۡسَانِ (اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں) صحت اور خوشحالی کا اَعۡرَضَ (وہ اعراض کرتا ہے) اللہ تعالیٰ کی یاد سے نمبر۲۔ قرآن دیگر انعام کرتے ہیں تو وہ اس سے منہ موڑتا ہے۔ وَ نَاٰ بِجَانِبِهٖ (اور پہلو پھیر لیتا ہے) یہ اعراض کی تاکید ہے۔ کیونکہ کسی شئی سے اعراض کا مطلب یہ ہے کہ اپنے چہرے کے عرض کو اس سے پھیرے۔ اور النأی بالجانب کا مطلب یہ ہے کہ اپنے کندھے کو اس سے پھیر لے اور اس کی طرف پیٹھ کرے۔ نمبر۲۔ مراد اس سے تکبر ہے کیونکہ یہ متکبرین کی عادات میں سے ہے۔

قراءت: نأی حمزہ نے امالہ کے ساتھ اور علی نے کسرہ سے پڑھا ہے۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٥﴾

اورلوگ آپ سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں آپ فرمادیجئے کہ روح میرے رب کے حکم سے ہے اور تمہیں بس تھوڑا سا علم دیا گیا ہے

وَلَىِٕنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿٨٦﴾

اور اگر ہم چاہیں تو جس قدر ہم نے آپ پر وحی بھیجی ہے اسے سلب کرلیں پھر آپ ہمارے مقابلے میں اپنے لئے اس بارے میں کوئی حمایتی نہ پائیں

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿٨٧﴾ قُلْ لَّىِٕنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ

مگر یہ کہ رب کی طرف سے رحمت ہو جائے۔ بلاشبہ آپ پر اس کا بڑا فضل ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تمام انسان اور جن

وَالْجِنُّ عَلٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ

سب اس کے لئے جمع ہو جائیں کہ اس قرآن جیسا بنا کر لائیں تو اس جیسا نہیں لاسکیں گے۔ اگرچہ آپس میں ایک دوسرے کے مددگار

لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿٨٨﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۡ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ

بن جائیں، اور البتہ ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کے اچھے مضامین طرح طرح سے بیان فرمائے ہیں۔ پھر اکثر لوگوں نے اس کے

النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٨٩﴾

ماننے سے انکار ہی کیا۔

وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ (جب اس کو برائی آلیتی ہے) شَرّ سے فقر و مرض مراد ہے نمبر۲۔ کوئی مصیبت شاقہ مراد ہے كَانَ يَئُوْسًا (وہ ناامید ہوجاتا ہے) اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بہت مایوس ہوجاتا ہے۔

۸۴: قُلْ كُلٌّ (کہہ دیں تمام) یعنی ہر ایک يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ (اپنے طریقے پر کام کررہا ہے) اپنے راستے اور اس طریقے پر جو ہدایت و گمراہی میں اس نے اختیار کر رکھا ہے۔ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا (تمہارا رب خوب جانتا ہے کہ کون زیادہ صحیح راستہ پر ہے) راستہ اور طریقہ کے لحاظ سے۔

## روح کا سوال:

۸۵: وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ (اور آپ سے روح کے متعلق وہ سوال کرتے ہیں آپ کہہ دیں) الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ (روح میرے رب کا حکم ہے) یعنی ایسے معاملات میں سے ہے جس کو میرا رب جانتا ہے۔

## جمہور کا قول:

حیوان میں جو روح پائی جاتی ہے اس کے متعلق انہوں نے سوال کیا تھا کہ اس کی حقیقت کیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو اطلاع دی کہ یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے یعنی ان چیزوں میں سے جس کا حقیقی علم اس ہی کے پاس ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ ﷺ دنیا سے تشریف لے گئے۔ اور روح کے متعلق نہ جانتے تھے۔ (واحدی فی الوسیط) پہلے لوگ اس کی حقیقت کو دریافت کرنے سے عاجز و درماندہ ہوئے باوجودیکہ انہوں نے اپنی طویل عمریں اس کی تفتیش و دریافت میں صرف کر دیں۔

اور حکمت اس میں یہ ہے کہ مخلوق تو اپنے سے قریب ترین مخلوق کی حقیقت کو دریافت کرنے سے عاجز ہے۔ پس وہ اللہ کی ذات کا ادراک کرنے سے بدرجۂ اولیٰ عاجز تر ہے۔ اسی وجہ سے اس کی تعریف میں جو کچھ کہا گیا وہ قابل رد ہے۔ نمبر۱۔ کہ وہ ایک لطیف ہوائی جسم ہے جو حیوان کے ہر جزء میں پایا جاتا ہے۔ نمبر۲۔ وہ فرشتے سے بڑی روحانی مخلوق ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ روح سے جبرئیل علیہ السلام مراد ہیں۔ جیسا دوسری آیت میں فرمایا: نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ [الشعراء: ۱۹۳] حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں اس سے قرآن مراد ہے اس کی دلیل اس آیت میں ہے کہ: وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ [الشوریٰ: ۵۲] اور دوسری دلیل ہے کہ قرآن سے دلوں کو زندگی میسر آتی ہے۔ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ یعنی اس کی وحی سے اللہ تعالیٰ کا کلام انسانوں جیسا کلام نہیں۔

روایت میں ہے کہ یہود نے ایک وفد قریش کی طرف بھیجا۔ کہ اپنے پیغمبر سے تم تین سوال کرو۔ نمبر۱۔ اصحاب کہف کون تھے۔ نمبر۲۔ ذوالقرنین بادشاہ کی مہم جوئی۔ نمبر۳۔ روح کی حقیقت کیا ہے اگر وہ تمام کا جواب نہ دیں تو وہ پیغمبر نہیں اور اگر بعض کا جواب دیں اور بعض سے خاموش رہیں تو وہ پیغمبر ہیں۔

پس آپ نے دونوں واقعات کو ان کے سامنے واضح طور پر بیان کر دیا۔ اور روح والے جواب کو مبہم رکھا۔ یہ تورات میں بھی مبہم ہے۔ پس قریش کو اپنے سوالات پر خفت ہوئی۔ بعض کہتے ہیں کہ سوال روح کی تخلیق کے متعلق تھا۔ یعنی وہ مخلوق ہے یا غیر۔ اور اللہ تعالیٰ کا فرمان من امر ربی۔ یہ روح کے مخلوق ہونے کی دلیل ہے پس یہ ان کے سوال کا جواب ہوا۔

## انسانی علم قلیل ہے:

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا (اور تمہیں بہت تھوڑا علم دیا گیا) اس میں خطاب عام ہے۔ روایت میں وارد ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب ان کو یہ پڑھ کر سنایا تو وہ کہنے لگے یہ خطاب ہمیں خاص کر کیا گیا یا آپ اس خطاب میں ہمارے ساتھ ہیں۔ آپ نے فرمایا بلکہ ہم اور تم دونوں کو تھوڑا ہی علم دیا گیا۔ [رواہ الثعلبی]

نمبر۲۔ یہ خصوصاً یہود کو خطاب ہے کیونکہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو کہا ہمیں تورات کا علم دیا گیا جس میں حکمت ہے۔ اور تم نے خود تلاوت کی ہے وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا (البقرۃ ۲۶۹) کہ جس کو حکمت مل جائے وہ خیر کثیر پا لیتا ہے۔ اس کے جواب میں انہیں کہا گیا تورات کا علم اللہ تعالیٰ کے علم کے مقابلہ میں قلیل ہے۔ پس قلت و کثرت تو اضافی چیزیں ہیں۔ اس لئے بندے کو جو خیر کثیر میسر آئی ذاتی اعتبار میں وہ اگرچہ کثیر ہے مگر اس کا تقابل جب علم الٰہی سے ہوگا تو اس وقت وہ قلیل

در قلیل واقع ہوگی۔

## وحی محض رحمت ہے مجادلین کے مقابلے میں صبر کریں:

۸۶: پھر نعمتِ وحی پر متنبہ کیا اور آپ کو صبر کی تلقین کی ایسے لوگوں کی ایذاء پر جو سوال میں مجادلہ اختیار کرنے والے تھے فرمایا۔ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ (اور اگر ہم چاہیں تو جس قدر وحی آپ کی طرف کی ہے۔سب کو سلب کرلیں) جو اب قسم محذوف ہے اس کے ساتھ یہ جزاء شرط کے قائم مقام ہے۔اور اِنْ پر لام کو قسم کی تمہید کیلئے داخل کیا گیا ہے۔ مطلب یہ ہے اگر ہم چاہیں تو قرآن کو لے جائیں اور مصاحف وصدور سے اس کو مٹادیں اور اس کا کوئی نشان بھی نہ باقی رہنے دیں۔ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَیْنَا وَكِیْلًا (پھر تم ہمارے مقابلے میں کوئی حمایتی نہ پاؤ گے) یعنی پھر اس کے لے جانے کے بعد کوئی ایسا شخص جس پر واپس لوٹانے میں بھروسہ کرسکیں اور محفوظ ومسطور واپس کروسکیں۔

۸۷: اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَیْكَ كَبِیْرًا (مگر یہ آپ کے رب کی رحمت ہے۔ بیشک اس کا فضل آپ پر بہت ہے) یعنی مگر آپ کا رب آپ پر رحمت کر کے آپ پر لوٹا دے۔ (وہ ایسا کرسکتا ہے) اس کی رحمت ہی ایک ایسی چیز ہے جس پر آپ اس کے واپس کرنے میں بھروسہ کرسکتے ہیں۔ نمبر۲۔ مستثنیٰ منقطع ہے۔تو معنی یہ ہے لیکن یہ تیرے رب کی مہربانی ہے اس لئے اس کو بغیر لے جانے کے چھوڑ دیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن مجید کے محفوظ باقی رہنے کا احسان ہے۔اس کے بعد کہ اس نے اس کو اتارا اور اس کی حفاظت کی ذمہ داری خود لی۔

## کفار کا جواب:

۸۸: یہ آیت نضر بن حارث کے قول کے جواب میں اتری۔ اس نے کہا لو نشاء لقلنا مثل هذا [الانفال:۳۱] قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓی اَنْ (آپ کہہ دیں اگر انسان اور جنات متفق ہوکر ایسا قرآن) یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ (لانے کیلئے جمع ہوجائیں۔تو اس جیسا قرآن نہیں لاسکیں گے) وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا (خواہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوجائیں) ظہیر کا معنی معین و مددگار۔ لا یاتون یہ قسم محذوف کا جواب ہے۔ اگر تمہیدی لام نہ ہوتی تو جائز تھا کہ یہ جواب شرط بن جاتا۔ جیسا کہ اس قول میں ہے۔

یقول لاغائب مالی ولا حرم

آیت میں شرط ماضی واقع ہوئی ہے یعنی اگر وہ ایک دوسرے کی پشت پناہی کریں اس غرض کیلئے کہ وہ اس قرآن کی مثال بلاغت اور حسن نظم اور تالیف میں لائیں تو وہ ضرور اس کی مثل سے عاجز رہیں گے۔

## قرآن نے ہر قسم کی مثالیں بیان کیں مگر انہوں نے کفر کی ٹھانی ہے:

۸۹: وَلَقَدْ صَرَّفْنَا (تحقیق ہم نے طرح طرح سے بیان کیں) بار بار لوٹائیں دوبارہ سہ بارہ لائے۔ لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ (لوگوں کیلئے اس قرآن میں ہر قسم کی مثالیں) ہر معنی کے لحاظ سے قرآن غرابت وحسن کی ایک مثال ہے۔ فَاَبٰی

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ

اور ان لوگوں نے کہا کہ ہم ہرگز آپ پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک آپ ہمارے لئے زمین سے کوئی چشمہ جاری نہ کردیں۔ یا خاص کر آپ کے لئے

مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ

کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو، پھر آپ اس باغ کے درمیان بہت سی نہریں جاری کردیں یا آپ ہمارے اوپر آسمان کو ٹکڑوں کی صورت میں گرادیں جیسا کہ

عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ

آپ کا بیان ہے یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو سامنے لے آئیں یا آپ کا گھر ہو جو خوب زینت والا ہو

اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ

یا آپ آسمان میں چڑھ جائیں، اور ہم آپ کے چڑھنے پر ہرگز یقین نہ کریں گے یہاں تک کہ آپ ہمارے اوپر ایک لکھی ہوئی کتاب نازل کردیں جسے ہم پڑھ لیں۔ آپ فرمادیجئے

ع ۱۰ ۹ ۱۰ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾

کہ میرا رب پاک ہے میں تو صرف ایک بشر ہوں پیغمبر ہوں

اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا (پس اکثر لوگ بغیر انکار کے نہ رہے) یہ جائز نہیں ضربت الا زیدًا کیونکہ اَبٰی میں تاویلاً نفی ہے۔ گویا اس طرح کہا: فَلَمْ يَرْضَوْا اِلَّا كُفُوْرًا کہ وہ کفر کے علاوہ اور کسی چیز پر راضی نہ ہوئے۔

۹۰: جب قرآن کا اعجاز واضح کردیا تو دیگر معجزات اس کے ساتھ ملائے۔ اور ان پر دلیل کو لازم کردیا۔ انہوں نے مغلوب ہو کر منہ مانگی نشانیاں مانگنی شروع کردیں جس طرح مبہوت اور دلیل میں شکست خوردہ اور حیران شخص کیا کرتا ہے۔ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا (اور وہ کہنے لگے ہم ہرگز آپ پر ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ تو ہمارے لئے بہائے)

قراءت: کوفی نے تَفجُر کو تخفیف سے پڑھا ہے۔

## اعجاز قرآنی سے درماندہ ہو کر منہ مانگی نشانی پر زور:

مِنَ الْاَرْضِ (زمین سے) سرزمین مکہ سے يَنْۢبُوْعًا (چشمہ) کثیر پانی والا چشمہ جس کا حال یہ ہو کہ پانی اس سے ابلتا جائے منقطع نہ ہو۔ یہ نبع الماء سے یفعول کا وزن ہے۔

۹۱: اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ (یا آپ کے لیے کوئی کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو پھر اس باغ میں آپ جاری کردیں)

قراءت: تُفَجِّرَ تشدید کے ساتھ یہاں تمام قراء کے نزدیک متفق علیہ ہے۔

الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا (بہت سی نہریں اس کے درمیان میں) تَفْجِيْرًا (بہانا، جاری کرنا)

۹۲: اَوْتُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا (یا جیسا کہ آپ کہا کرتے ہیں آسمان کے ٹکڑے ہم پر نہ گرا دیں)
قراءت: مدنی اور عاصم نے کسفا کو سین کے فتح کے ساتھ پڑھا ہے۔اور اس کا معنی ٹکڑے ہے جیسے کہا جاتا ہے اعطنی کسفة من هذه الثوب ۔دیگر قراء نے سکون سین کے ساتھ پڑھا جو کہ كِسْفَةٌ کی جمع ہے جیسے سِدْرَةٌ وَسِدْرٌ ۔وہ اس سے وہی مراد لیتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے :اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ [سورۃ سبا:۹]

اَوْتَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا (یا آپ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کو ہمارے سامنے لا کر نہ کھڑا کر دیں) قبیل کا معنی کفیل ہے کہ جو کچھ تم کہتے ہو اس کی صحت کے تم خود شاہد ہو اس لیے اللہ تعالیٰ کو اور اس کے فرشتوں کو سامنے پیش کرو۔ جو تمہاری بات کی شہادت دیں یہ اسی طرح ہے جیسا کہ شاعر کے اس قول میں کنت منه و والدی بريئا ..........

نمبر۲۔قبیل بمعنی مقابل ہے جیسے عشیر بمعنی معاشر۔اس کی مثال اس آیت میں ہے لو لا انزل علینا الملئکة او نری ربنا۔ نمبر۳۔قبیلاً بمعنی جماعت ہے اس وقت یہ الملائکہ سے حال ہوگا۔یعنی ملائکہ کو جماعت کی شکل میں سامنے لائے۔

۹۳: اَوْيَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ (یا تمہارے لیے سونے کا مکان ہو) اَوْتَرْقٰى فِى السَّمَآءِ (یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ) زخرف کا معنی سونا اور ترقی کا معنی چڑھنا ہے۔وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ (اور ہم تمہارے صرف چڑھنے پر بھی یقین نہیں کریں گے) یعنی چڑھ جانے کی وجہ سے یقین نہیں کریں گے۔حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ (جب تک کہ تم ایسی کتاب نہ لے کر اترو جس کو ہم پڑھیں)۔
قراءت: ابوعمرو نے تُنْزِل پڑھا ہے اور کتاب سے مراد ایسی کتاب جس میں آپ کی تصدیق ہو۔نَقْرَؤُهٗ فعل یہ کتاب کی صفت ہے۔

## مطالباتِ کفار کا جواب:

قُلْ سُبْحَانَ رَبِّىْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا (کہہ دیں میرا رب پاک ہے میں تو صرف ایک بشر اور پیغمبر ہوں)
قراءت: مکی اور شامی نے قل کو قال پڑھا۔ای قال الرسول رسول نے کہا سبحن ربی سے ان کے مطالبات پر تعجب کا اظہار کیا گیا ہے۔اور هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا کہہ کر یہ بتلایا کہ میں دوسرے رسولوں کی طرح رسول اور بشر ہوں۔انبیاء علیہم السلام اپنی قوموں کے پاس وہی نشانات ظاہر کرتے ہیں جو اللہ ان کو دیتے ہیں پس معجزات کو ظاہر کرنا میرے اختیار میں نہیں بلکہ اللہ کے اختیار میں ہے پھر تمہیں کیا ہے کہ تم بار بار مجھ پر فرمائشیں ڈال رہے ہو۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا

اورلوگوں کوایمان قبول کرنے سے صرف اس بات نے روکا کہ جب ان کے پاس ہدایت آئی تو صرف یہی بات کہنے لگے کہ کیا اللہ نے بشرکو رسول

رَّسُوْلًا ۝۹۴ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ

بنایا ہے آپ فرما دیجئے اگر زمین میں فرشتے ہوتے جو اطمینان سے چلتے پھرتے تو ضروری بات ہوتی کہ ہم ان پر فرشتہ کو

السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ۝۹۵ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

رسول بنا کر اتار دیتے، آپ فرما دیجئے کہ میرے تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں سے

خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ۝۹۶

باخبر ہے دیکھنے والا ہے۔

## لوگوں کے دِلوں میں یہ شبہ پکا ہو گیا کہ بشر نبی نہیں ہوسکتا:

۹۴: وَمَا مَنَعَ النَّاسَ (اورنہیں لوگوں کو روکا) یہاں الناس سے اہل مکہ مراد ہیں۔ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا (یہ کہ وہ ایمان لائیں) یہ منع کا مفعول ثانی ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى (جب کہ ان کے پاس ہدایت آچکی) ھدیٰ سے مراد یہاں پیغمبر اور قرآن ہے۔ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا (مگر کہ انہوں نے یہ کہا) یہ منع کا فاعل ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے۔

وما منعهم الايمان بالقرآن و بنبوة محمد ﷺ الا قولهم ابعث الله بشرا رسولا یعنی یہ شبہ ان کے دلوں میں پختہ ہو گیا کہ بشر کو اللہ تعالیٰ نبی نہیں بنا سکتے اسی شبہ نے ان کو ایمان لانے سے روکا۔

اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا (کیا اللہ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا) اس میں ہمزہ انکار کے لیے ہے اور جس چیز کا انہوں نے انکار کیا پس اس کے خلاف اللہ کے ہاں قابل انکار تھا۔ کیونکہ اس کی حکمت کا تقاضا بھی یہ تھا کہ وہ وحی والا فرشتہ اپنے جیسوں کی طرف بھیجے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے اگلے ارشاد میں ان کی تردید اس طرح فرمائی۔

## اس کا اصولی جواب:

۹۵: قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ (آپ کہہ دیں کہ اگر زمین میں فرشتے اطمینان کے ساتھ چلتے پھرتے) یمشون سے مراد پیدل چلنا ہے جس طرح کہ انسان چلتے ہیں اور وہ اپنے پروں سے نہ اڑتے کہ آسمان والوں کی باتیں سنتے اور ان چیزوں کا علم حاصل کرتے جن کا جاننا ضروری تھا۔ مطمئنین یہ حال ہے یعنی زمین میں بڑے قرینے سے رہتے لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا (تو ہم ضرور ان کے لیے آسمان سے کسی فرشتہ کو رسول بنا کر اتار دیتے) جو ان کو بھلائی کی تعلیم دیتا اور بھلائی کے مقامات کی طرف ان کی راہنمائی کرتا۔ رہے انسان تو فرشتے کو ان میں سے اسی کی طرف بھیجا جاتا ہے جس

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ

اور اللہ جسے ہدایت دے سو وہی ہدایت پانے والا ہے، اور وہ جسے گمراہ کرے سو آپ اس کے لئے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہ پائیں گے۔

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا

اور ہم انہیں قیامت کے دن چہروں کے بل اس حال میں چلائیں گے کہ وہ اندھے اور گونگے اور بہرے ہونگے اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے جب بھی

النصف

خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝۹۷ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا

بجھنے لگے گی ہم ان کے لئے اس کو اور زیادہ بھڑکا دیں گے یہ ان کی سزا اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے ہماری آیات کا انکار کیا اور یوں کہا کہ جب ہم

عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝۹۸ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ

ہڈیاں اور بالکل ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا کر کے اٹھائے جائیں گے کیا انہیں معلوم نہیں کہ جس اللہ نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ

آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا وہ اس پر قادر ہے کہ ان جیسے پیدا فرمادے اور اس نے ان کے لئے ایک اجل مقرر کر رکھی ہے جس میں کوئی شک نہیں،

فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝۹۹

سو ظالموں نے بس انکار ہی کیا۔

کو نبوت کے لیے منتخب کیا جاتا ہے۔ پس وہ چنا ہوا ان کو دعوت دیتا اور ان کی راہنمائی کرتا ہے۔

نحو: بشرا اور ملکا یہ دونوں رسول سے حال ہیں۔

### آپ کی سنت پر اللہ کی گواہی کافی ہے:

۹۶: قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ (آپ کہہ دیں میرے اور تمہارے درمیان شہادت کے لیے اللہ ہی کافی ہے) اس بات پر کہ میں نے تمہاری طرف وہ پیغام پہنچا دیا جو مجھے دیکر بھیجا گیا اور تم نے اس کو جھٹلا دیا اور عناد اختیار کیا۔

نحو: شہیدا یہ تمیز ہے یا حال ہے۔ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا (کیونکہ وہ اپنے بندوں کو خوب جانتا اور دیکھتا ہے) خواہ وہ ڈرانے والے پیغمبر ہوں یا وہ لوگ ہوں جن کو ڈرایا گیا۔ خبیر کا معنی ان کے حالات سے باخبر ہے اور بصیر کا معنی ان کے افعال کو دیکھنا ہے پس اسی لیے وہ ان کو بدلہ دیگا۔ اس جملہ میں رسول اللہ ﷺ کو تسلی دی گئی اور کفار کو وعید سنائی گئی۔

## ہدایت طلب والے کو ملے گی:

۹۷: وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ (جس کو اللہ تعالیٰ راہ راست پر لگائے وہی ہدایت پانے والا ہے)

قراءت: یعقوب اور سہل نے المہتدی پڑھا ہے۔ ابوعمرو اور مدنی نے وصل میں ان کی موافقت کی ہے اس صورت میں مطلب یہ ہوگا جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت قبول کرنے کی توفیق دے دیں وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہدایت پانے والا ہے۔ وَمَنْ يُّضْلِلْ (اور جس کو گمراہ چھوڑ دے) یعنی اس کو رسوا اور ذلیل کرے اور اس کی شیطانی وساوس قبول کرنے سے حفاظت نہ کرے۔ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ (تو ان لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی حمایتی نہ پاؤ گے) جو ان کو راستے پر ڈال سکے۔ یہاں اولیاء انصار و معاونین کے معانی میں ہے۔ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ (اور ہم ان کو اٹھائیں گے قیامت کے دن چہروں کے بل) یعنی چہروں کے بل ان کو کھینچا جائے گا جیسا کہ دوسرے ارشاد میں ہے۔ **یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم** [القمر:۴۸] آنحضرت ﷺ سے یہ سوال کیا گیا کہ وہ چہروں کے بل کیسے چلیں گے۔ تو آپ نے فرمایا جو ذات قدموں سے ان کو چلانیوالی ہے وہ چہروں کے بل بھی چلانے کی قدرت رکھتی ہے [ترمذی۔احمد]

عُمْيًا وَّ بُكْمًا وَّصُمًّا (اندھے بہرے اور گونگے) جس طرح کہ وہ دنیا میں نہ بصیرت رکھتے تھے اور نہ سچی بات بولتے تھے اور اس کے سننے سے بھی بہرے تھے وہ آخرت میں بھی اسی طرح ہونگے ایسی چیز نہ دیکھنے پائیں گے جس سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور نہ ہی ایسا نغمہ سنیں گے جس سے ان کے کان لذت پائیں اور نہ ہی وہ ایسی بات بولیں گے جو ان کی طرف سے منظور کی جائے۔ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا (ان کا ٹھکانہ جہنم ہے جب وہ آگ دھیمی ہونے لگے گی تو ہم اس کی بھڑک میں اضافہ کر دیں گے) خبتْ کا معنی لپٹ کا کم ہونا اور سعیر کا معنی بھڑکنا۔

## عذاب کے دو سبب کفر اور انکارِ قیامت:

۹۸: ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا (یہ سزا ان کو اس لئے دی جائے گی کہ انہوں نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہا کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا از سر نو پیدا کر کے اٹھائے جائیں گے) ذلک کا مشار الیہ وہ عذاب ہے جو ان کو اس سبب سے دیا گیا کہ انہوں نے بعث بعد الموت کا انکار کیا پس اللہ تعالیٰ نے آگ کو ان کے سارے اجزاء پر مسلط کر دیا جو ان کو کھا رہی ہے۔ اور پھر مٹا رہی ہے اور وہ اسی حالت میں ہمیشہ رہیں گے تاکہ بعث بعد الموت کی تکذیب پر ان کی حسرت بڑھتی ہی رہے۔

۹۹: اَوَلَمْ يَرَوْا (کیا وہ نہیں جانتے) اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ (کہ جس اللہ نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا وہ اس بات پر قادر ہے کہ ان جیسے آدمی دوبارہ پیدا کرے) مثلھم سے مراد ان جیسے انسان وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ (اور ان کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا گیا ہے جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں) وہ موت ہے یا پھر قیامت فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا (پھر بھی ظالم لوگ بغیر انکار کے نہ رہے) باوجود اس کے کہ دلائل واضح ہو چکے انکار کی کوئی گنجائش نہ تھی یہ انکار بے جا تھا۔

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ

آپ فرما دیجئے کہ اگر تم میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو اس صورت میں خرچ ہو جانے کے ڈر سے ہاتھ روک لیتے

وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿١٠٠﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ ع ۱۱

اور انسان خرچ کرنے میں بڑا تنگ دل ہے اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کھلی ہوئی نو نشانیاں عطا کیں سو آپ بنی اسرائیل

اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿١٠١﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ

سے پوچھ لیجئے جب موسیٰ ان کے پاس آئے تو فرعون نے ان سے کہا کہ موسیٰ بلاشبہ میں تیرے بارے میں یہ گمان کرتا ہوں کہ کسی نے تجھ پر جادو کر دیا ہے،

مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ

موسیٰ نے جواب میں کہا کہ تو ضرور جانتا ہے کہ یہ چیزیں آسمانوں اور زمین کے پروردگار ہی نے نازل فرمائی ہیں جو بصیرت کا ذریعہ ہیں اور اے فرعون میں تیرے بارے

مَثْبُوْرًا ﴿١٠٢﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿١٠٣﴾ ۙ

میں یہ خیال کرتا ہوں کہ تو ہلاک ہو جانے والا ہے، پھر اس نے چاہا کہ انہیں زمین سے اکھاڑ دے سو ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو سب کو غرق کر دیا

وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿١٠٤﴾ ؕ

اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل سے کہا کہ زمین میں رہو سہو اور پھر جب آخرت کا وعدہ آجائے گا تو ہم تمہیں جمع کر کے حاضر کر دیں گے

## اگر تم خزانوں کے مالک ہوتے تو یہ نبوت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ملتی:

۱۰۰: قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ (کہدیں اگر تم مالک ہوتے) تقدیر عبارت یہ ہے لو تملکون انتم۔

نحو: کیونکہ لَوْ افعال پر داخل ہوتا ہے اسماء پر نہیں۔ پس فعل کا لانا اس کے بعد ضروری ہے۔ پس تملک کو مضمر مان لیا گیا کیونکہ اس کی تفسیر آرہی ہے اور ضمیر منفصل کی بجائے ضمیر متصل لائے اور وہ انتم ہے کیونکہ جس سے واؤ متصل تھی وہ لفظوں میں ساقط ہو گیا پس انتم فعل مضمر کا فاعل ہے اور تملکون اس کی تفسیر ہے۔ علم نحو کا یہی تقاضہ ہے۔

اہل علم بیان کہتے ہیں کہ انتم تملکون میں اختصاص کی دلالت پائی جاتی ہے اور لوگ ہی انتہائی بخل کے ساتھ خاص ہیں۔ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ (میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے) رزق اور تمام انعامات جو اس نے اپنی مخلوقات پر کر رکھے ہیں۔ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ (تو اس صورت میں تم ضرور خرچ کرنے سے ہاتھ روک لیتے) تم ضرور بخل کرتے اس ڈر سے کہ کہیں انفاق ان کو ختم نہ کر ڈالے۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا (انسان بڑا تنگدل ہے) قتور کا معنی بخیل ہے۔

## نو معجزاتِ موسوی:

۱۰۱: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ (بلاشبہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کھلے ہوئے نو معجزات دیے) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ عصا، ید بیضاء، مکڑی، جوئیں، مینڈک، خون، پتھر بن جانا، سمندر اور طور ہیں۔ جس کو بنی اسرائیل پر لٹکایا۔ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں وہ طوفان، قحط سالی، نقص ثمرات، اشیاء کا پتھر بننا، سمندر، طور ہیں۔

فَسْئَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (پھر ہم نے کہا تم بنی اسرائیل کو (فرعون سے) مانگ لو) یعنی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کہا بنی اسرائیل کو فرعون سے مانگ اور اس طرح کہہ فارسل معی بنی اسرائیل [الاعراف:۱۰۵] اِذْ جَآءَهُمْ (جب کہ وہ ان کے پاس آئے) یہ قول محذوف کے متعلق ہے۔ ای قلنا له سلهم حين جاء هم۔ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا (ان کو فرعون نے کہا میرا تو قطعی خیال ہے کہ تیرے اوپر اے موسیٰ جادو کر دیا گیا ہے) تمہیں جادو کیا گیا جس سے تمہاری عقل بگڑ چکی۔

## موسیٰ علیہ السلام کی تقریر:

۱۰۲: قَالَ (کہا) موسیٰ علیہ السلام نے لَقَدْ عَلِمْتَ (تحقیق تو جانتا ہے) اے فرعون مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (نہیں اتاری یہ آیات مگر آسمانوں اور زمین کے رب نے) هؤلاء کا مشارالیہ آیات ہیں۔ رب کا معنی انکا خالق بَصَآئِرَ (بصیرت حاصل کرنے کیلئے) یہ حال ہے بمعنی واضح، کھلی، البتہ تو معاند ہے۔ اور دوسری آیت میں فرمایا: وجحدوا بها واستيقنتها انفسهم ظلمًا وعلوا [النمل:۱۴]

قراءت: علی نے عَلِمْتُ ضمہ سے پڑھا۔ مطلب اس طرح ہوگا۔ میں مسحور نہیں ہوں جیسا کہ تم نے میرے متعلق بیان کیا بلکہ میں معاملے کی صحت کو جاننے والا ہوں اور ان آیات کا اتارنے والا آسمان و زمین کا رب ہے پھر آپ نے اپنے گمان کو اس کے گمان کے ساتھ اس طرح مقابلہ کیا۔

وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا (بیشک میں تمہیں اے فرعون ہلاک ہونے والا گمان کرتا ہوں) گویا کہ آپ نے اس طرح فرمایا کہ اگر تو مجھے مسحور قرار دیتا ہے تو میرے خیال میں تو ہلاک ہونے والا ہے۔ اور میرا گمان تیرے گمان سے زیادہ صحیح ہے کیونکہ اس کی علامات ظاہر ہیں اور وہ تیرا انکار ہے جس کا صحیح ہونا تو پہچان چکا ہے اور اس کی آیات کے واضح ہونے کے بعد تو ڈھٹائی سے انکا مقابلہ کر رہا ہے اور رہا تیرا گمان تو وہ محض جھوٹ ہے کیونکہ تو نے میرے معاملے کو جاننے کے باوجود یہ کہہ دیا ہے اِنِّی لَاَظُنُّكَ مسحورًا یہ جھوٹا قول ہے۔ فراء کہتے ہیں کہ مثبورا کا معنی بھلائی سے پھرا ہوا جیسے عرب کا قول ہے۔ ماثَبَرَكَ عَنْ هٰذا یعنی اس بات سے تمہیں کس بات نے پھیر دیا اور روک دیا۔

۱۰۳: فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ (اس نے ارادہ کیا کہ وہ ان کے قدم اکھاڑ دے) یعنی موسیٰ علیہ اسلام اور ان کی قوم کو نکال دے۔ مِّنَ الْاَرْضِ (زمین سے) یعنی ارض مصر سے یا سطح زمین سے ان کو قتل واستیصال سے جلا وطن کرے۔ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا (پس ہم نے اس کو اور اس کے تمام ساتھ والوں کو غرق کر دیا) پس اس کی تدابیر اسی پر طاری ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ

اور ہم نے اسے حق کے ساتھ اتارا، اور وہ حق کے ساتھ نازل ہوا، اور ہم نے آپ کو صرف خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور ہم نے قرآن میں جابجا فصل رکھا ہے

لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِیْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ

تا کہ آپ لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں اور ہم نے اسے تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ بلاشبہ

الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا یُتْلٰى عَلَیْهِمْ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّیَقُوْلُوْنَ

جن لوگوں کو اس سے پہلے علم دیا گیا ان کے سامنے رحمٰن کی آیات پڑھی جاتی ہیں تو ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں

سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَیَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْكُوْنَ وَیَزِیْدُهُمْ

کہ ہمارا رب پاک ہے بلاشبہ ہمارے رب کا وعدہ ضرور ہی پورا ہونے والا ہے اور وہ رونے کی حالت میں ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور یہ قرآن ان کا

خُشُوْعًا ۩ ﴿۱۰۹﴾

خشوع بڑھادیتا ہے۔

السجدۃ ۵

قبطیوں سمیت مصر سے اکھاڑ دیا۔

**بنی اسرائیل کو ٹھکانہ دیا:**

۱۰۴: وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ (اور ہم نے اس کے بعد بنی اسرائیل کو کہا تم اس سرزمین میں رہو) بعدہ سے مراد فرعون کے بعد۔ الارض سے وہ سرزمین مراد ہے جس سے فرعون نے اس کو نکالنے کا ارادہ کیا۔ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ (پس جب آخرت والا وعدہ آ جائے گا۔) آخرت سے مراد یہاں قیامت ہے۔ جِئْنَا بِكُمْ لَفِیْفًا (تو ہم سب کو جمع کر کے حاضر کر دیں گے۔) لفیفا کا معنی جمع کر کے باہم ملا کر۔ اس حال میں کہ تم اور وہ سب ملے ہوئے ہوں گے پھر ہم تمہارے درمیان فیصلہ کریں گے اور سعادت منداور بدبختوں کے درمیان امتیاز کر دیں گے اللّفیف کا معنی جماعتوں کی صورت میں جو مختلف قبائل پر مشتمل ہونگی۔

۱۰۵: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ (اور حق ہی کے ساتھ ہم نے قرآن کو اتارا ہے اور حق ہی کے ساتھ وہ نازل ہوا) ہم نے اس قرآن کو حکمت کے ساتھ اتارا اور یہ اس حالت میں اتارا کہ حق اور حکمت اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے کیونکہ یہ ہر خیر کی طرف ہدایت پر مشتمل ہے۔

(۲) ہم نے اس کو آسمان سے حق کے ساتھ اتارا ہے اور فرشتوں کی نگرانی سے اس کو محفوظ رکھا اور یہ رسول پر اس حال میں اترا ہے کہ شیاطین کی ملاوٹ سے بالکل محفوظ ہے۔

نکتہ: راوی کہتا ہے کہ محمد بن سماک بیمار ہو گئے ہم نے انکا پانی لیا اور اس کو ایک نصرانی طبیب کے پاس لے گئے ہم نے دیکھا کہ ہمارے سامنے ایک انتہائی حسین چہرے والا عمدہ خوشبو والا صاف ستھرے کپڑوں والا آدمی سامنے آیا کہنے لگا کہاں جا رہے ہو ہم نے کہاں فلاں طبیب کی طرف تاکہ ابن سماک کا پانی اس کو دکھائیں اس نے کہا سبحان اللہ ایک ولی اللہ کی بیماری کے سلسلے میں اللہ کے دشمن سے مدد لے رہے ہو اس پانی کو زمین میں پھینک دو اور ابن سماک کی طرف لوٹ جاؤ اور اس کو کہو کہ درد کے مقام پر اپنا ہاتھ رکھ کر یہ کہے: ( وبالحق انزلنه وبالحق نزل ) پھر وہ آدمی ہمارے سامنے سے غائب ہو گیا ہمیں نظر نہ آیا۔

ہم ابن سماک کے پاس لوٹے اور اس بات کی اطلاع دی ابن سماک نے اپنا ہاتھ درد والی جگہ پر رکھا اور آیت کے الفاظ دھرائے اسی وقت ان کو آرام آ گیا راوی کہتے ہیں کہ وہ آدمی حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا (اور اے محمد ﷺ ہم نے آپ کو صرف بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے) یعنی جنت کی خوشخبری دینے والے اور جہنم سے ڈرانے والے۔

## تھوڑا تھوڑا اُتارنے میں حکمت:

۱۰۶: وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ (اور قرآن مجید میں ہم نے فصل رکھا ہے) قرآناً کا لفظ فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے جس کی تفسیر فَرَقْنٰهُ کر رہا ہے تقدیر عبارت یہ ہے فَصَّلْنٰهُ نمبر۲۔ فرقنا فيه الحق والباطل ہم نے اس میں حق سے باطل کو الگ کر دیا۔ یعنی حق و باطل میں امتیاز کر دیا۔ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ ( تاکہ آپ اس کو لوگوں کے سامنے تھوڑا تھوڑا کر کے پڑھیں ) یعنی آہستگی سے اور ثابت قدمی سے۔ وَّ نَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا (اور ہم نے اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا) حوادث کے مطابق۔

## تم مانو یا نہ مانو اس کے مصدق موجود ہیں:

۱۰۷: قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْلَا تُؤْمِنُوْا ( کہہ دیجئے کہ تم اس کو سچا مانو یا نہ مانو )۔ یعنی اپنے نفوس کیلئے ہمیشہ کی نعمتیں چن لو یا دردناک عذاب پھر اس ارشاد سے اس کا سبب بتلایا۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ (بیشک وہ لوگ جن کو اس سے پہلے علم ملا) اور علم سے مراد یہاں قرآن مجید سے پہلے اترنے والی کتاب تورات مراد ہے۔ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ (جب ان پر پڑھا جاتا ہے۔) یعنی قرآن يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا (وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں) سجداً حال ہے۔

## مصدقین کے اقوال:

۱۰۸: وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا (اور وہ کہتے ہیں پاک ہے ہمارا رب بیشک ہمارے رب کا وعدہ پورا ہوا چاہتا ہے) اسلئے کہ دوسرے مقام پر فرمایا امنوا به اولا تؤمنوا یعنی ان سے تم منہ موڑ لو۔ بیشک اگر وہ ایمان نہ لائیں اور قرآن کی تصدیق نہ کریں پس بیشک ان میں سے بہتر وہ علماء ہیں جنہوں نے کتاب کو پڑھا اور اس پر ایمان لائے۔ اور اس کی تصدیق کی جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اللہ کے حکم کی تعظیم کیلئے اسکی تسبیح کرتے ہیں اور اس وعدے کے پورا ہونے پر جو پچھلی کتابوں میں بعثت محمد ﷺ کے متعلق کیا گیا اور قرآن کے ان پر اتارے جانے کی وجہ سے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ

آپ فرما دیجئے کہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر، جس نام سے بھی پکارو سو اس کے لئے اچھے اچھے نام ہیں، اور نماز میں

بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾

نہ تو زور کی آواز سے پڑھئے اور نہ چپکے چپکے پڑھئے اور دونوں کے درمیان اختیار کر لیجئے

مذکورہ وعدہ سے یہی مراد ہے ان یہاں انہٗ کے معنی میں ہے۔ اور یہ فعل کی اسی طرح تاکید کرتا ہے۔ جس طرح اِنَّ اسم کی تاکید کرتا ہے۔ اور جس طرح اِنَّ کو فانهم لمحضرون ۔[الصافات:۱۲۷] میں لام سے مؤکد کیا گیا اسی طرح اِن کو لام کے ساتھ لمفعولاً میں مؤکد کیا گیا ہے۔

۱۰۹: وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ (وہ ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہوئے روتے ہیں) الخرور للذقن کا معنی چہرے کے بل گرنا ہے۔ ٹھوڑی کو خاص کرنے کی وجہ یہ ہے کہ سجدہ میں زمین کی طرف سب سے زیادہ قریب چہرے کا حصہ ٹھوڑی ہے۔ کہا جاتا ہے خر علی وجهه وعلی ذقنه و خرّ لوجهه ولذقنه ۔ علٰی کا معنی تو ظاہر ہے۔ رہا لام کا معنی تو گویا اس نے اپنی ٹھوڑی اور چہرے کو خرور کیلئے مقرر کر دیا اور خاص کر دیا کیونکہ تخصیص کو ظاہر کرتی ہے۔

یخرون لِلْاَذْقَانِ کو دوبارہ لائے۔ کیونکہ دونوں حالتیں مختلف ہیں۔ اور وہ دونوں حالتیں یہ ہیں انکا گرنا اس حالت میں کہ وہ سجدہ ریز ہیں۔ نمبر۲۔ انکا گرنا اس حالت میں کہ وہ رونے والے ہیں۔

وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا (اور وہ انکا خشوع بڑھاتا ہے۔) یعنی قرآن۔ خُشُوْع دل کی نرمی اور آنکھ کی رطوبت کو کہتے ہیں۔

## اللہ کو اس کے اچھے نام سے پکارو:

۱۱۰: قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ (آپ کہہ دیں کہ تم اللہ تعالیٰ کو پکارو یا رحمان کو پکارو)! نمبر۱۔ جب ابو جہل نے اس کو سنا تو کہنے لگا محمد کہتا ہے یا اللہ، یا رحمان اور ہمیں دو الٰہ کی عبادت سے روکتا ہے۔ اور خود دو کو پکارتا ہے۔ اس پر یہ آیت اتری:

۲: اہل کتاب نے کہا تو رحمٰن کا ذکر کم کرتا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تورات میں کثرت سے اس اسم کو نازل فرمایا ہے۔ پس یہ آیت ان کے جواب میں اتاری۔

الدعاء نام رکھنے کے معنی میں ہے نداء کے معنی میں نہیں اور اَوْ کا لفظ تخییر کیلئے ہے کہ خواہ یہ نام رکھ یا یہ نمبر۲۔ اس نام سے اس کا ذکر کرو یا اس نام سے۔

اَيًّا مَّا تَدْعُوْا (جس نام سے پکارو) تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے۔ اور ما تاکید کیلئے بڑھایا گیا ہے۔ اور یاء کا نصب تدعوا کی وجہ سے ہے۔ اور وہ ایّ کی وجہ سے مجزوم ہے۔ یعنی ان دونوں ناموں میں سے جس نام کا تم ذکر کرو اور جو نام رکھو۔ فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى اس کے اچھے نام ہیں۔ فلہ میں ضمیر اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف لوٹتی ہے۔ اور فاء اس لئے لائے کیونکہ وہ جواب شرط ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے۔ ایًّا مّا تدعوا فهو حسن۔ پس اس کی جگہ فله الاسماء الحسنٰی فرمادیا۔ کیونکہ جب

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ

اور آپ یوں کہیے کہ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے اپنے لئے کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ اس کے لئے ملک میں کوئی شریک ہے، اور نہ ایسی بات ہے

لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع

کہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی ولی ہو، اور خوب اچھی طرح سے اس کی بڑائی بیان کیجئے

اس کے تمام اسماء خوب وحسن ہیں۔ یہ دونوں نام بھی انہی میں سے ہیں۔

باقی رہی یہ بات کہ یہ احسن الاسماء ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ تمجید وتقدیس وتعظیم کے معانی میں مستعمل ہیں۔ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ (اور تو نہ پکار کر پڑھ اپنی نماز کو) یعنی اپنی نماز کی قراءت میں۔ اس میں مضاف محذوف ہے۔ کیونکہ اس میں التباس نہیں اس لئے کہ جہر ومخافت دوصفات ہیں۔ جو آواز پر باری باری وارد ہوتی ہیں۔ نہ کہ کسی اور پر۔ اور صلوٰۃ افعال واذکار ہیں۔

آپ ﷺ اپنی قراءت میں آواز کو بلند فرماتے جب مشرکین نے سنا تو شور مچایا اور گالیاں بکیں۔ پس آپ کو حکم ہوا کہ آواز ہلکی کرلیں۔ اب مطلب یہ ہوا وَلَا تَجْهَرْ حتی تسمع المشرکین ولا تخافت حتی لا یسمع من خلفك نہ اتنی زور سے قراءت کریں کہ مشرکین سنیں اور نہ اتنا آہستہ کریں یہاں تک کہ تمہارے پیچھے والے بھی نہ سن سکیں۔

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِكَ سَبِیْلًا۔ اور نہ اسکو بالکل آہستہ کریں۔ وابتغ بین ذلك (اور تلاش کر اسکے درمیان) جہر ومخافت کے درمیان۔ سبیلاً: (راستہ) درمیانہ نمبر۲: اس کا معنی یہ ہے تو اپنی تمام نماز نہ تو جہراً پڑھ اور نہ تمام کو آہستہ بلکہ اسکے درمیان راستہ اختیار کرکہ رات کو نماز جہر سے ادا کر اور دن کی نماز آہستہ قراءت سے ادا کر۔ نمبر۳: صلاتك کا معنی دعا ہے اپنی دعا ضرور سے مت کر۔

## اور نہ اس کو بالکل آہستہ کریں:

۱۱۱: وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا (اور کہہ دو: تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے بیٹا نہیں بنایا) جیسا کہ یہود و نصاریٰ بنو ملیح کا خیال ہے۔ وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ (اور نہ ہی بادشاہی میں اس کا کوئی شریک ہے) جیسا مشرکین نے خیال کیا۔ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ اور نہ اس کا کوئی مددگار ہے کمزوری کی وجہ سے (کیونکہ وہ کمزوریوں سے پاک ہے) یعنی اس پر کمزوری آ ہی نہیں سکتی کہ کسی مددگار کی ضرورت پڑے نمبر۲۔ وہ کسی سے دوستی کمزوری کی وجہ سے نہیں کرتا تا کہ وہ اس کی طرف سے مدافعت کرے۔ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا (اور تم اس کی خوب بڑائیاں بیان کرو) اس کی تعظیم کرو اور اس کی صفات بیان کرو کہ اس سے برتر ذات ہے کہ اس کا کوئی بیٹا ہو یا اس کا کوئی شریک ہو۔

## آیت العز:

آپؐ نے اس کو آیت العز قرار دیا۔ جب کوئی بچہ بنی عبدالمطلب میں بولنے لگ جاتا تو اسکو یہ آیت یاد کرا دی جاتی۔ (اخرجہ ابن ابی شیبہ)

الحمد للہ اوّلا واٰخرًا ظاهرًا وباطنًا بفضله تمت ترجمة تفسیر سورة الاسراء بثالث یوم من رمضان ۱۴۲۳ من الهجرة

سُوْرَۃُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ کہف مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ۱۲۰ آیات اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ① قَيِّمًا

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے اپنے بندہ پر کتاب نازل فرمائی اور اس میں ذرا بھی کجی نہیں رکھی، اس کتاب کو استقامت والا بنایا

لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

تا کہ وہ اللہ کی طرف سے سخت عذاب سے ڈرائے اور مؤمنین کو بشارت دے جو نیک عمل کرتے ہیں

اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ ② مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ ③ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

کہ ان کے لیے اچھا اجر ہے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور تا کہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے کہا کہ اللہ اولاد

وَلَدًا ۗ ④ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ

رکھتا ہے، انہیں اس کے بارے میں کچھ بھی علم نہیں ہے اور نہ ان کے ما دادوں کو، بڑا بول ہے جو انکے مونہوں سے نکل رہا ہے

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ⑤

یہ لوگ بس جھوٹ ہی بول رہے ہیں۔

## قرآن وصاحب قرآن کی عظمت:

۱: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ ( تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کیلئے جس نے اپنے بندے پر کتاب کو اتارا )۔ عبدہ سے حضرت محمد ﷺ مراد ہیں۔ الکتاب سے قرآن مجید مراد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خود تلقین فرمائی اور خود بتلایا کہ وہ کس طرح اللہ تعالیٰ کی تعریف کریں اور کیسے اس کی کثیر و جزیل نعمت پر شکریہ ادا کریں۔ وہ سب سے بڑی نعمت اسلام ہے اور وہ کتاب ہے جو اس نے حضرت محمد ﷺ پر اتاری جو کہ ان کے لئے سبب نجات ہے۔ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا (اور اس میں کوئی کجی نہیں رکھی ) ذرہ بھر بھی کجی نہیں۔ عوج کا لفظ معانی میں وہی مفہوم ادا کرتا ہے۔ جو عَوَج کا لفظ اعیان میں۔ جیسے کہتے ہیں فی رَأیِہٖ عِوَجٌ و فی عصا عَوج لاٹھی میں ٹیڑھا پن ہے۔ یہاں مقصود معنی میں اختلاف وتناقض کی نفی ہے۔ اور اس سے جو چیز بھی نکلتی ہے وہ پُر حکمت ہے۔

## قرآن قیم ہے:

۲: قَیِّمًا (استقامت کے ساتھ) یہ فعل مضمر جَعَلَهٗ سے منصوب ہے۔ای جعله قیمًا کیونکہ جب کجی کی اس سے نفی کردی تو گویا استقامت اس کے لئے خود ثابت ہوگئی عوَج کی نفی اور اثبات استقامت دونوں کو اسلئے جمع کر دیا۔باوجودیکہ ایک دوسرے سے مستغنی ہے۔تاکہ تاکید ہو جائے بہت سے سیدھے لوگ جن کی استقامت کا مشاہدہ کرتے ہیں۔جانچ پڑتال کے وقت تھوڑی بہت ٹیڑھ سے خالی نہیں ہوتے۔(اس لئے دونوں صفات لاکر ادنی کی بھی نفی کر دی) نمبر۲۔تمام کتابوں کا قرآن قیم ہے۔ان کی تصدیق کرنے والا اور ان کی صحت کا گواہ ہے۔

لِّیُنۡذِرَ (تاکہ وہ ڈرائے) ان لوگوں کو جو کفر کرنیوالے ہیں۔بَاۡسًا شَدِیۡدًا (سخت پکڑ) یعنی سخت عذاب سے۔لِیُنۡذِرَ دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔جیسا کہ اس آیت میں ہے اِنَّآ اَنۡذَرۡنٰکُمۡ عذابا قریبًا [النساء:۴۰] یہاں ایک پر اکتفاء کیا گیا ہے۔اصل اس طرح ہے لینذر الذین کفروا باسًا شدیدًا بأس عذاب کو کہتے ہیں۔یہاں اکتفاء علی المفعول کی وجہ یہ ہے۔ منذر بہٖ وہی ہے جس کی طرف چلایا جارہا ہے پس اس پر اکتفاء کیا گیا۔

مِّنۡ لَّدُنۡهُ (جو اس کی طرف ہوگا) اس کی **طرف** سے صادر ہونے والا ہے۔وَیُبَشِّرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمۡ (اور وہ خوشخبری دے ان ایمان والوں کو جو نیک اعمال کرنے والے ہیں کہ ان کے لئے) اس وجہ سے کہ ان کے لئے اَجۡرًا حَسَنًا (اچھا اجر ہے) یعنی جنت ہے۔

قراءت: یَبۡشِرَ سکونِ باء کے ساتھ حمزہ وعلی نے پڑھا ہے۔

۳: مَّاکِثِیۡنَ فِیۡهِ اَبَدًا (وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے) یہ ماکثین حال ہے لَهُمۡ کے ساتھ ھم ضمیر سے۔فِیۡهِ سے مراد اس کا اجر وبدلہ یعنی جنت ہے اَبَدًا ہمیشہ کے معنی میں آتا ہے۔

۴: وَّ یُنۡذِرَ الَّذِیۡنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا (اور وہ ڈرائے ان لوگوں کو جنہوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے بیٹا بنالیا ہے) یہاں ان لوگوں کو ذکر کر دیا جن کو ڈرایا گیا ہے منذر بہٖ کا ذکر نہیں کیا۔پہلے مقام میں اس کا عکس ہے۔اس لئے کہ پہلے تذکرہ ہو چکا اب دوبارہ ضرورت نہیں۔

## کفار کی بات سفید جھوٹ ہے:

۵: مَالَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ (ان کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں) بیٹے بنالینے کی نمبر۲۔بیٹا ہونے کا یہ مطلب یہ ہے کہ ان کی یہ بات کسی علمی دلیل پر مبنی نہیں۔بلکہ جہل مرکب کا نتیجہ ہے۔جب اللہ تعالیٰ کا بیٹا بنانا ہی ناممکن ومحال ہے تو پھر انہوں نے یہ کیونکر کہہ دیا مالهم به من علم؟ اس کا مطلب یہ ہے ان کو اس کا کچھ بھی علم نہیں کیونکہ وہ ایسی بات ہی نہیں جو علم میں آئے کیونکہ وہ محال ہے۔اور کسی چیز کے متعلق علم کی نفی یا تو اس لئے ہوتی ہے کہ اس تک پہنچنے والا راستہ معلوم نہیں یا اس لئے کہ وہ اپنی ذات کے لحاظ سے محال وناممکن ہوتی ہے۔وَّ لَا لِاٰبَآئِهِمۡ (اور نہ ان کے آباء کے پاس) جن کی یہ تقلید کرنے والے ہیں۔کَبُرَتۡ کَلِمَةً تَخۡرُجُ مِنۡ اَفۡوَاهِهِمۡ (بڑی سخت بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے) کلمةً یہ تمیز کی وجہ سے منصوب ہے۔اور اس میں تعجب کا

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶

سو ایسا تو نہیں کہ آپ ان کے پیچھے اپنی جان کو غم کی وجہ سے ہلاک کر دینے والے ہیں اگر یہ لوگ اس مضمون پر ایمان نہ لائیں،

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا

بلاشبہ زمین پر جو کچھ ہے ہم نے اس کے لیے زینت بنایا ہے تا کہ ہم لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں کون زیادہ اچھا عمل کرنے والا ہے اور زمین پر

لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝۸

جو کچھ ہے بلاشبہ ہم اسے بالکل صاف میدان بنا دینے والے ہیں۔

معنی پایا جاتا ہے۔ گویا اس طرح کہا گیا۔ ان کی بات بات ہونے کے اعتبار سے کتنی بڑی ہے۔ کبر میں ضمیر اتخذ اللّٰہ ولدًا کی طرف لوٹتی ہے۔ اور اس کو کلمہ جیسا کہ قصیدہ نام رکھتے ہیں۔ تخرج من افواهِهِمْ یہ کلمہ کی صفت ہے۔ جو اس کلمہ کی بڑائی کو ظاہر کر رہی ہے۔ کیونکہ **انہوں نے اس کو بولنے کی جرأت کی تھی۔ اور اپنے مونہوں سے بک دیا تھا۔** بلاشبہ شیطان بہت سے وساوس منکرہ لوگوں کے دلوں میں وسوسہ اندازی سے ڈالتا رہتا ہے۔ جن کو زبان پر لانے کی جرأت نہیں کر سکتے۔ بلکہ اس کو پی جاتے پھر اس منکرترین بات کا حال خود سمجھ لو۔

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا (وہ جھوٹ ہی کہتے ہیں) وہ یہ بات نہیں کہتے اِلَّا كَذِبًا یہ مصدر محذوف کی صفت ہے یعنی قولاً کذبًا جھوٹی بات۔

## اعراض پر غم نہ کرو:

۶: فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ (شاید کہ آپ اپنی جان کو ہلاک کر دیں گے) اپنی جان کو قتل کرنے والے ہیں۔ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ (ان کے پیچھے) کفار کے پیچھے۔ آیت میں آپ کو اور کفار کے منہ موڑنے، ایمان نہ لانے کو اور ان کے اعراض پر جو آپ پر غم طاری ہوتا ہے ایک ایسے آدمی سے تشبیہ دی جس کے دوست اس سے جدا ہوں اور وہ ان کے نشانہائے قدم پر حسرت وافسوس سے اپنے آپ کو گرا رہا ہو۔ اور ان پر غم کی شدت اور جدائی پر افسوس میں ہلاکت کے قریب کر دے۔

اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ (اگر وہ اس کلام پر ایمان نہیں لاتے) حدیث سے قرآن مجید مراد ہے۔ اَسَفًا (افسوس کے طور پر) یہ مفعول لہ ہے۔ یعنی شدت غم وافسوس سے۔ اور اسف غم وغضب میں مبالغہ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

## دُنیا آزمائش گڑھ ہے:

۷: اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا (بیشک ہم نے بنا دیا جو کچھ زمین پر ہے اس کو زمین کیلئے زینت بنایا ہے) یعنی ایسی چیزیں ہیں جو زمین اور اہل زمین کیلئے باعث زینت بن سکتی ہیں۔ جیسے زخارف ارض اور جوان میں سے عمدہ ہیں۔

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ

کیا آپ نے یہ خیال کیا ہے کہ کہف اور رقیم والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب چیز تھے، جب

اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ

جوانوں نے غار میں ٹھکانہ پکڑا تو انہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب اپنے پاس سے ہمیں رحمت عطا فرما، اور ہمارے لیے ہمارے

لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾

کام میں اچھی صورت حال مہیا کر دیجئے سو ہم نے ان کے کانوں پر سالہا سال تک پردہ ڈال دیا

ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾

پھر ہم نے انہیں اٹھایا تا کہ ہم جان لیں کہ دونوں گروہ میں سے کونسا گروہ ان کے ٹھہرنے کی مدت کو ٹھیک طرح شمار کرنے والا ہے۔

لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا (تا کہ ہم ان کو آزمائیں کہ ان میں عمل کے اعتبار سے کون اچھا ہے) حسن عمل یہ ہے کہ دنیا سے زہد بے رغبتی اختیار کرے اور اس کی وجہ سے غرور میں مبتلا نہ ہو۔

## تمام زمینیں چٹیل میدان بن جائے گی:

۸: پھر اس کی طرف میلان میں بے رغبتی دلانے کیلئے فرمایا وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا (بیشک ہم زمین کی تمام چیزوں کو بنانے والے ہیں) ھا سے مراد دنیا کی زینت۔ صَعِيْدًا (چٹیل زمین) جُرُزًا (خشک) جس میں نباتات باقی نہ رہے اس کے بعد کہ سرسبز اور گھاس والی تھی۔ حاصل یہ ہے کہ ہم حیوانات کو موت دیکر اس کی آبادی کو ختم کر کے ویرانے میں بدل دیں گے اس کے تمام درخت ونبات وغیرہ کو خشک کر دیں گے۔

## مختصر واقعہ اصحاب کہف:

۹: جب کلی آیات کا تذکرہ تزیینِ ارض اور اس کے اوپر جو قسم قسم کے اشیاء بے حساب پیدا کیں۔ اور پھر ان تمام کے ازالہ کہ گویا انکا وجود ہی نہ تھا سے کیا جاچکا تو فرمایا۔ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ (کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ کہف ورقیم والے) یہ آیات اصحاب کہف کے واقعہ اور مدت دراز تک ان کی زندگی کے بقاء سے زیادہ عجیب تر ہیں۔ الکہف پہاڑ میں وسیع غار کو کہتے ہیں۔ الرقیم نمبر ۱۔ ان کے کتے کا نام ہے۔ نمبر ۲۔ ان کی بستی کا نام ہے نمبر ۳۔ اس کتاب اور تختی کا نام ہے جو ان کے حالات کے سلسلہ میں لکھی گئی ہے۔ نمبر ۴۔ اس پہاڑ کا نام ہے جس میں وہ غار واقع تھا۔

كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا (وہ ہماری عجیب نشانیوں میں سے تھے) یعنی وہ عجیب نشانی تھے ہماری نشانیوں میں سے۔ مصدر کو بطور صفت لایا گیا۔ نمبر ۲۔ مضاف کو محذوف مانیں یعنی اے ذات عجب۔

## غار میں آنا:

١٠: اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً (وہ وقت قابل ذکر ہے۔جب ان نوجوانوں نے اس غار میں جا کر پناہ لی تھی۔ انہوں نے کہا۔اے ہمارے رب ہم کو اپنے پاس سے رحمت عطا فرما) اذ سے پہلے اذکر محذوف ہے۔رحمۃ سے مراد اپنی رحمت کے خزائن میں سے خصوصی رحمت اور وہ مغفرت، رزق، دشمنوں سے حفاظت ہے۔وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا (اور ہمارے لئے اس کام میں درستی کا سامان مہیا فرما) امرنا سے مراد کفار سے جدائی والا معاملہ رَشَدًا (درستی) تا کہ اس کے سبب سے ہم راشدین ومہتدین میں سے ہو جائیں۔نمبر٢۔ ہمارے سارے معاملے کو درستی والا بنا دے۔ یہ اسی طرح ہے جیسے کہتے ہیں۔رأیت مِنْكَ اسدًا۔نمبر٣۔اپنی رضامندی کا طریق ہمارے لئے آسان کردے۔

## سونا:

١١: فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ (ہم نے ان کے کانوں پر نیند کا پردہ ڈال دیا) یعنی نیند کا پردہ لٹکا دیا۔یعنی گہری نیند ان کو سلا دیا۔جس میں ان کو آوازیں نہ جگا سکیں۔ یہاں ضربنا کا مفعول حجاب حذف کردیا۔سِنِيْنَ عَدَدًا (سالہا سال تک) گنتی والے۔عدد اصل میں سنین کی صفت ہے۔زجاج رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں یہ **تعدعددا لکثر** تھا ہے کہ ان کو کثرت کی وجہ سے گنتی سے شمار کیا جاتا ہے۔ کیونکہ قلیل کو گننے کی ضرورت نہیں ہوتی۔جب زیادہ ہو جائیں تو تب شمار کیے جاتے ہیں۔البتہ **دراھم معدودۃ** [یوسف:٢٠] قلیل ہی مراد ہیں۔ کیونکہ اہل مصر قلیل کو گنتے اور کثیر کا وزن کرتے ہیں (اسلئے عدد وہاں وزن کے تقابل میں ہے)

## نیند سے بیداری:

١٢: ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ (پھر ہم نے ان کو اٹھایا) نیند سے بیدار کیا لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ (تا کہ ہم معلوم کرلیں کہ ان دونوں گروہوں میں کون گروہ) جو دو گروہ ان کے قیام کی مدت میں اختلاف کر رہے تھے۔ کیونکہ جب وہ بیدار ہوئے تو خود بھی انہوں نے اختلاف کیا اور اس کا تذکرہ اس ارشاد: **قال قائل منهم کم لبثتم قالوا لبثنا یومًا اوبعض یوم قالوا ربکم اعلم بما لبثتم** اور وہ لوگ جنہوں نے **ربکم اعلم بما لبثتم** کہا تھا یہی وہ لوگ تھے جنہوں نے اندازہ کیا کہ وہ زیادہ دیر رہے ہیں۔

نمبر٢۔الحزبین سے وہ دوسرے لوگ مراد ہیں جو ان کے متعلق اختلاف کرنے والے تھے۔اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا (ان کے رہنے کی مدت کو زیادہ شمار کرنے والے ہیں) امد غایت کو کہتے ہیں۔

نحو: احصی فعل ماضی اور امدًا اس کا ظرف ہے یا مفعول لہ ہے۔اور فعل ماضی ای مبتدا کی خبر ہے۔اور خبر ومبتدا ملکر نعلم کے دو مفعول کے قائم مقام ہیں۔مطلب اس طرح ہوگا۔**ایهم ضبط امد الا وقات لبثهم و احاط علما بامد لبثهم**۔ ان میں سے کس نے ان کی اقامت کے اوقات کو ضبط کیا اس مدتِ قیام کو پورے طور پر جانا۔

نمبر٢۔احصی یہ احصاء سے افعل کا وزن ہے۔اور احصاء کا معنی شمار کرنا ہے۔تو انکا قول غلط ہے۔ کیونکہ غیر ثلاثی مجرد سے اس کا وزن قیاسی نہیں آتا۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝۱۳

ہم آپ سے ان کا واقعہ بالکل ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں، بلاشبہ یہ چند جوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دیدی،

وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا۟

اور ہم نے ان کے دلوں کو مضبوط کردیا جب وہ کھڑے ہوئے سوانہوں نے کہا کہ ہمارا رب وہ ہے جو آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے، ہم اس کے علاوہ کسی کو

مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰـهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝۱۴ هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ

معبود نہیں بنائیں گے اس صورت میں تو ہم یقینی طور پر بڑی زیادتی کی بات کرنے والے ہو جائیں گے۔ یہ ہماری قوم کے لوگ ہیں جنہوں نے اللہ کے سوا دوسرے معبود بنا لیے

لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۝۱۵

کیوں نہیں لے آتے اس پر کھلی ہوئی دلیل، سو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹی تہمت لگائے،

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

اور جب تم ان لوگوں سے اور انکے معبودوں سے جدا ہوگئے جو اللہ کے سوا ہیں تو غار کی طرف پناہ لے لو، تمہارا رب تم پر اپنی رحمت

رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝۱۶

پھیلادے گا اور تمہارے مقصد میں آسانی مہیا فرمائے گا۔

**سوال**: اللہ تعالیٰ کا علم ازلی ہے مگر یہاں لِنَعْلَمَ کا صیغہ کیوں لایا گیا؟

**جواب**: نمبر ا۔ یہاں علم سے مراد ظہور ہے۔ تاکہ عبرت اور ایمان میں اضافہ ہو اور اس زمانہ کے ایمان والوں کے لئے کفار کے خلاف ایک واضح نشانی بن جائے۔ نمبر ۲۔ تاکہ ہم انکا اختلاف موجود کے اعتبار سے جان لیں۔ جیسا کہ ہم اس کو وجود سے قبل اپنے علم کے اعتبار سے جانتے ہیں۔

**تفصیلی واقعہ:**

۱۳: نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ (ہم آپ سے انکا واقعہ ٹھیک بیان کرتے ہیں) سچائی کے ساتھ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ (بیشک وہ نوجوان تھے) فِتْيَةٌ جمع فتیٰ ہے۔ الفتوت سخاوت کرنا، ایذاء سے اپنے کو روکنا، شکوی کو ترک کرنا، محارم سے اجتناب، مکارم کا استعمال کرنے کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں۔ الفتی اس کو کہا جاتا ہے جو فعل کے کرنے سے قبل اس کا دعوی نہ کرے اور کرنے کے بعد اپنے آپ کو پاک قرار نہ دے۔ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى (وہ اپنے رب پر ایمان لائے تھے۔ ہم نے ان کی ہدایت میں اور ترقی دے دی) یقین بڑھا دیا۔ یہ دقیانوس بادشاہ کے خاص لوگوں میں سے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں

میں ایمان کوڈال دیا۔اوران کوخطرہ محسوس ہوا۔اورآپس میں کہنے لگے ہم میں سے دو،دوخلوت میں جا کرایک دوسرے کواپنی خفیہ بات بتلادیں۔انہوں نے ایسا کیا تووہ سب ایمان پر متفق نکلے۔

## دلوں کوایمان پر مضبوط کرنا:

۱۴: وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (اور ہم نے ان کے دل مضبوط کر دیے) ہم نے ان کو وطن چھوڑنے پر مضبوطی سے جمادیا۔اوردین میں پختگی عنایت کی اور کسی غار میں پناہ گزینی پر پختہ کردیا۔کلمۂ حق پر قائم رہنے کی جرأت دی اور اسلام کے ظاہر کرنے کی جسارت بخشی۔اِذْ قَامُوْا (جبکہ وہ کھڑے ہوئے) اس ظالم دقیانوس کے سامنے سے کھڑے ہوئے۔اورعبادت اصنام کے ترک پراس کے عتاب کی کوئی پرواہ نہ کی۔فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (پھر کہنے لگے ہمارارب تو وہی ہے جوآسمانوں اورزمین کارب ہے) یہ بات انہوں نے بطور فخر کہی۔لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا (ہم اس کے سوااور کسی معبود کی ہر گز عبادت نہ کریں گے۔) اگرچہ ہم نے انکا الہ ہی نام بولا ہے۔لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا (اگرہم ایسا کریں گے تواس وقت ہم حد سے بڑھی ہوئی بات کریں گے) ایسی بات کہیں گے جوزیادتی والی ہے۔الشطط ظلم میں افراط اورزیادتی کرنا۔یہ شَطَّ يَشُطُّ اور يَشِطُّ سے لیا گیاجب کہ دورجائے۔

## قومی مذہب:

۱۵: هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً (ہماری اس قوم نے اس کے سوادوسروں کومعبود بنارکھا ہے)

نَحْو: هٰؤلاء مبتدا ہے اورقَوْمُنَا اس کا عطف بیان ہے۔اِتَّخَذُوْا اس کی ایک خبر ہے۔یہ جملہ خبر یہ ہے۔جوانکار کے معنی میں ہے۔

لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ (وہ اس پرکوئی واضح دلیل کیونکرنہیں لاتے) یہاں لولآ یہ هَلَّا کے معنی میں ہے۔ يَاْتُوْنَ سے مراد ان بتوں کی عبادت کرنے پر۔مضاف کوحذف کردیا۔سُلْطَان بَيِّن سے حجت ظاہرہ مراد ہے۔درحقیقت اس میں ان کوزُلانا مقصود ہے۔کیونکہ بتوں کی عبادت پرصحیح دلیل کاملنا محال ہے۔فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (پس اس سے بڑھ کرکون ظالم ہے۔جس نے اللہ تعالیٰ پرجھوٹ باندھا) کہ اللہ تعالیٰ کی طرف شریک کی نسبت کی۔

## باہمی فیصلہ:

۱۶: وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ (جب تم ان سے الگ ہوجاؤ) اس میں انہوں نے آپس میں ایک دوسرے کومخاطب کیا جبکہ اپنے دین کو بچانے کیلئے بھاگنے کامصمم ارادہ کرلیا۔وَمَا يَعْبُدُوْنَ (اورجن کی یہ عبادت کرتے ہیں) ھم ضمیر پرعطف کی وجہ سے منصوب ہے تقدیرعبارت یہ ہوگی و اذاعتزلتموھم واعتزلتم معبودتھم۔

اِلَّا اللّٰهَ (اللہ تعالیٰ کے سوا) یہ مستثنیٰ متصل ہے۔کیونکہ وہ خالق کااقرارکرتے تھے۔اوراس کے ساتھ دوسروں کوشریک ٹھہراتے تھے۔جیسا کہ اہل مکہ نمبر۲۔مستثنیٰ منقطع ہے ای اذاعتزلتم الکفار والاصنام التی یعبدونھا من دون اللّٰہ۔ جب تم

وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَإِذَا غَرَبَتْ

اور اے مخاطب تو دیکھے گا کہ جب سورج نکلتا ہے تو وہ ان کے غار سے داہنی طرف کو بچ کر گزر جاتا ہے اور جب وہ چھپتا ہے

تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

تو ان کی بائیں طرف سے کتراتا ہوا چلا جاتا ہے اور وہ غار کے ایک فراخ حصہ میں تھے، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے، جسے اللہ ہدایت دے

ع ٥ ١٤ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ⑰ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا

سو وہی ہدایت پانے والا ہے، اور جس کو وہ گمراہ کرے تو اے مخاطب تو اس کے لیے کوئی مددگار راہ بتانے والا نہ پائیگا، اور اے مخاطب تو ان کو دیکھتا تو خیال کرتا کہ وہ جاگ رہے ہیں

وَّهُمْ رُقُوْدٌ ڰ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ڰ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ

حالانکہ وہ سوئے ہوئے تھے اور ہم انہیں داہنی کروٹ پر اور بائیں کروٹ پر بدل دیتے تھے اور ان کا کتا دہلیز پر اپنے ہاتھ

ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۭ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ⑱

بچھائے ہوئے تھا، اگر تو انہیں جھانک کر دیکھ لیتا تو ان کی طرف سے پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا اور ان کی وجہ سے تیرے اندر رعب بھر جاتا

کفار اور ان اصنام سے الگ ہو جاؤ جن کی وہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتے ہیں۔نمبر۳۔یہ جملہ معترضہ ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے نوجوانوں کے متعلق خبر دی ہے۔کہ وہ غیر اللہ کی عبادت کرنے والے نہ تھے۔فَاْوٗا اِلَى الْكَهْفِ (تو تم غار میں ٹھکانہ بنالو) لو غار کی طرف منتقل ہو جاؤ۔نمبر۲۔اس کو اپنا مسکن بنالو۔

يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ (تمہارا رب تمہارے لئے اپنی رحمت کو فراخی عنایت کرے گا) رحمت سے یہاں رزق مراد ہے۔وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا (اور تمہارے تمام امور میں فائدے کا سامان فراہم کرے گا) مرفقا اس چیز کو کہتے ہیں جس سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔اور یہ بات انہوں نے اللہ تعالیٰ کے فضل پر کامل یقین کی بناء پر اور اس سے قوی امید اور اس پر کامل توکل اور انتہائی خالص یقین کی بناء پر کہی۔نمبر۲۔اس بات کی اطلاع ان کو اس زمانہ کے پیغمبر کی زبانی کی گئی۔

قراءت: مدنی وشامی نے مَرْفِقًا پڑھا ہے۔

## کیفیتِ غار:

۱۷: وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ (اے مخاطب تم دیکھو گے کہ دھوپ جب نکلتی ہے تو ان کے غار سے دائیں جانب کو جھکی جاتی ہے) قراءت: کوفی نے تَزٰوَرُ پڑھا ہے۔اور شامی نے تَزْوَرُّ اور دیگر نے تزّاور۔اس کی اصل تتزاور ہے۔تخفیف کر دی تاء کو زاء میں ادغام کر کے یا پھر اس کو حذف کر دیا۔یہ تمام الزور سے ہے اور وہ میلان کو کہا جاتا ہے اور اسی سے زارہ کہتے ہیں جبکہ وہ اس کی طرف مائل ہو۔الزور (جھوٹ) سچ سے میلان اختیار کرنا۔

عَنْ كَهْفِهِمْ (ان کے غار سے) اس سے مائل ہو جاتا اوراس کی شعاعیں ان پر نہ پڑتیں۔ذَاتَ الْيَمِيْنِ (دائیں جانب) اورحقیقت میں اس سے مراد وہ جہت ہے جس کا نام یمین رکھا جاتا ہے۔وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ (اور جب غروب ہوتی تو ہٹی رہتی) تقرضهم کا معنی ہے کہ کاٹتا ان کو یعنی ان کو چھوڑتا اوران سے پھر جاتا۔ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ (بائیں طرف سے اس حال میں کہ وہ غار کے وسیع مقام میں تھے) غار کے وسیع حصہ میں مطلب یہ ہے کہ وہ سائے میں تھے۔ تمام دن طلوع سے غروب تک سورج کی دھوپ ان کو نہ پہنچتی تھی۔اس کے باوجود کہ وہ غار کے کھلے وسیع مقام میں تھے۔ جو دھوپ کے پہنچ جانے کی جگہ تھی اگر اللہ تعالیٰ سورج کی دھوپ کو نہ روکتے۔نمبر۲۔یہ بھی کہا گیا ہے کہ غار کی ایسی کشادہ جگہ میں تھے۔ جہاں ہوا کے جھونکے اورنسیم کی ٹھنڈک ان کو پہنچتی جس سے غار کی گھٹن ان کو محسوس نہ ہوتی تھی۔

ذٰلِكَ (یہ) جواللہ تعالیٰ نے ان کے سلسلہ میں سورج کے میلان کا معاملہ کیا۔اورطلوع وغروب میں ان سے پھر کر گزرنا یہ ایک نشانی تھی مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے نشانات میں سے) یعنی جو اس جانب میں تھا۔اس جانب کو دھوپ پہنچتی مگر خود ان کو کرامت کے طور پر دھوپ نہ پہنچتی تھی۔نمبر۲۔دوسرا قول یہ بھی ہے غار کا دروازہ شمالی جانب نبات نعش کے سامنے تھا۔پس وہ ایسے مقام میں تھے۔جہاں سورج کی شعاعیں کبھی نہیں پڑتیں۔اس صورت میں آیات اللہ کا مطلب یہ ہے کہ ان کی حالت اور بات یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے۔

## جواللہ کا ہوا اللہ اس کا ہوگیا:

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ (جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دے وہ ہدایت پانے والا ہے)۔جیسا کہ سبحان الذی اسرٰی میں گزرا۔یہ درحقیقت ان کی تعریف ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی خاطر جہاد کیا۔اوراپنے آپ کو اس کے سپرد کیا۔پس اللہ تعالیٰ نے اس بلند کرامت کو پانے کیلئے ان کی راہنمائی کردی۔

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا (جس کو وہ گمراہ کردے پس ہرگز تم اس کے لئے کوئی مددگار وراہنما نہ پاؤ گے) جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کردے پس اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

## سونے کی کیفیت:

۱۸: وَتَحْسَبُهُمْ (اورتم ان کو گمان کرو گے)

قراءت: شامی وحمزہ عاصم نے اعشیٰ کے علاوہ فتحہ سین سے پڑھا ہے۔اس میں ہر ایک کو خطاب ہے۔اَيْقَاظًا (بیدار)۔یہ جمع یقظ کی ہے۔وَّهُمْ رُقُوْدٌ (حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں) رقود کا معنی سوئے ہوئے۔نمبر۲۔دوسرا قول یہ ہے کہ ان کی آنکھیں کھلی تھیں اوروہ سوئے ہوئے تھے۔اسلئے دیکھنے والا ان کو بیدار خیال کرتا۔

وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ (اورہم انکو دائیں اور بائیں پلٹ رہے تھے) بعض نے کہا سال میں وہ دو پلٹیاں لیتے ایک اورقول یہ ہے کہ عاشوراء کے دن ایک ہی پلٹی ان کو دی جاتی۔(مگر نقلب کا لفظ اس تخصیص کی بجائے سونے والے کی طرح کثرت سے طبعی طور پر پلٹنے کا متقاضی ہے اورقدرت الٰہی کے اظہار کیلئے بھی یہ مناسب ہے۔واللہ اعلم۔مترجم)

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا

اور اسی طرح ہم نے انہیں اٹھایا تا کہ وہ آپس میں سوال کریں، ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ تم لوگ کتنی مدت ٹھہرے ہوگے؟ وہ کہنے لگے

لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ

کہ ایک دن یا ایک دن سے کم! بعضوں نے کہا کہ تمہارا رب ہی زیادہ جانتا ہے کہ تم کتنی مدت ٹھہرے سو تم اپنے میں سے کسی کو

بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

یہ چاندی دے کر شہر کی طرف بھیجو، سو وہ دیکھے کہ اس شہر کے کھانوں میں کونسا کھانا زیادہ پاکیزہ ہے، سو وہ تمہارے پاس اس میں سے

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا

کھانا لے آئے، اور کام کرنے میں خوش تدبیری سے کام لے اور تمہارے بارے میں کسی کو ہرگز خبر نہ دے، بے شک بات یہ ہے کہ اگر انہیں تمہارا پتہ

عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾

چل جائے تو تمہیں پتھر مار مار کر ہلاک کر دینگے یا اپنے دین میں لوٹا لینگے اور تم ہرگز کامیاب نہ ہو گے۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ (اور انکا کتا اپنے دونوں اگلے ہاتھ پھیلانے والا تھا) یہ ماضی کی حالت کا تذکرہ ہے کیونکہ ماضی کے معنی میں لینے سے اسم فاعل عمل نہیں کرتا۔ بِالْوَصِيْدِ (چوکھٹ پر) صحن میں نمبر۲۔ چوکھٹ پر۔ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ (اے مخاطب! اگر تم ان کو جھانک کر دیکھ پاؤ) لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ (تو تو ان سے منہ موڑ لے گا اور بھاگ کھڑا ہوگا) فِرَارًا (بھاگنا) مصدر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے کیونکہ معنی وَلَّيْتَ مِنْهُمْ کا ہے کہ تو ان سے بھاگ جائے گا۔

وَّ لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا (اور تو ضرور بھر جائے گا ان کے رعب سے) مبالغہ ہے حجازی نے مُلِئتَ کی لام پر تشدید پڑھی ہے۔ رُعبًا تمیز ہے۔ علی اور شامی نے ضم راء کے ساتھ پڑھا۔ رُعب اس خوف کو کہا جاتا ہے جس سے سینہ مرعوب ہو جائے یعنی بھر جائے۔ اور یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر رعب کا لباس پہنا دیا تھا۔ یا نمبر۲۔ ان کے ناخنوں اور بالوں کی لمبائی اور ان کے اجسام کے بڑے ہونے کی وجہ سے (مگر یہ بات درست نہیں کیونکہ جب وہ اٹھے تو کسی چیز میں تغیر نہ پا کر انہوں نے لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ورنہ بالوں وغیرہ کا بڑھنا تو کھلی علامت طویل ٹھہرنے کی تھی۔ جو کسی معمولی عقل سے بھی مخفی نہیں چہ جائیکہ ان عقل مندترین لوگوں سے فافہم و تدبر)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق آیا ہے کہ انہوں نے غزوۂ روم میں اس کہف سے گزر کیا۔ پس انہوں نے کہا میں غار میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا اس کو جو تم سے بہت بہتر تھے یہ کہا گیا لوَلّیت منهم فرارًا پھر ان کے حکم سے ایک جماعت غار میں داخل ہوئی ان کو ہوا نے جلا دیا۔

۱۹: وَ كَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ (اور اسی طرح ہم نے ان کو اٹھایا) جس طرح ہم نے اس نیند سے ان کو سلایا۔ اسی طرح ہم نے ان کو سلانے اور اٹھانے پر قدرت کے اظہار کے لئے ان کو بیدار کیا۔ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ (تا کہ وہ آپس میں سوال و جواب کریں) اور ایک دوسرے کی حالت کو پہچانیں اور اپنے ساتھ اللہ کے سلوک کو معلوم کر کے مزید عبرت حاصل کریں اور اس کی عظیم قدرت پر اس سے استدلال کریں جس سے ان کے یقین میں مزید اضافہ ہو اور اللہ نے جو ان پر انعام فرمایا اس کا شکر یہ ادا کریں۔ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ (ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا) یعنی ان کے سربراہ نے کہا كَمْ لَبِثْتُمْ (تم کتنا ٹھہرے ہو۔) یعنی تمہارے ٹھہرنے کی مدت کتنی ہے۔ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ (انہوں نے کہا ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصہ ٹھہرے ہیں) انکا یہ جواب غالب ظن کی بنا پر تھا۔ اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ اجتہاد جائز ہے اور اس بات کی بھی دلیل ہے کہ ظن غالب سے بات کہی جا سکتی ہے۔ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ (وہ کہنے لگے تمہارے رب کو بخوبی علم ہے کہ تم لوگ کتنی دیر رہے ہو) یعنی تمہارے ٹھہرنے کی مدت کتنی ہے۔ یہ بعض کی طرف سے پہلوں کی بات کا انکار ہے گویا کہ انہوں نے دلائل سے معلوم کر لیا یا ابہام سے ان کو معلوم ہوا کہ مدت طویل ہے۔ جس کی مقدار اللہ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ تفسیری روایت میں ہے کہ وہ غار میں چاشت کے وقت داخل ہوئے اور زوال کے بعد بیدار ہوئے پس انہوں نے گمان کیا کہ وہ اسی دن میں ہیں جب انہوں نے اپنے ناخنوں اور بالوں کی لمبائی کو دیکھا تو یہ کہا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اسی آیت سے یہ استدلال کیا کہ ان کی صحیح تعداد سات ہے کیونکہ آیت میں یہ بات فرمائی گئی قال قائل تو یہ قائل ایک ہوا قالوا اس کے جواب میں انہوں نے لبثنا یوما اَوْ بَعْض يَوْم کہا اور قالوا کم سے کم تین کیلئے بولا جاتا ہے کیونکہ وہ جمع ہے۔ پھر کہا ربکم اعلم تو کم بھی جمع جو کم سے کم تین کے لئے ہیں اس لحاظ سے وہ سات ہو گئے۔

## باہمی مکالمہ:

فَابْعَثُوْا اَحَدَكُمْ (پس تم اپنے میں سے ایک کو بھیجو) گویا کہ انہوں نے کہا تمہارا رب اس بات کو اچھی طرح جانتا ہے اس مدت کو صحیح جاننے کا راستہ تمہارے پاس نہیں ہے۔ پس دوسری اہم چیز کو تم اختیار کرو کہ اپنے میں کسی ایک یعنی یملیخا کو بھیجو۔ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖ (اپنا یہ روپیہ دے کر) یہ چاندی کے روپے تھے یا فقط چاندی تھی جس پر مہر نہ تھی۔ قراءت: ابوبکر، حمزہ اور ابو عمرو نے ورق کو راء کے سکون کے ساتھ پڑھا ہے۔ اِلَى الْمَدِيْنَةِ (شہر کی طرف) اس شہر کا نام ترسوس تھا۔ وہ اپنے ساتھ گھر سے نکلتے وقت چاندی لائے تھے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ خرچہ اپنے ساتھ لے جانا اور وہ چیزیں جو مسافر کیلئے کام آسکتی ہوں۔ یہ اللہ پر توکل کرنے والوں کی شان ہے۔ یہ ان لوگوں کا وطیرہ نہیں جو اتفاق پر بھروسہ کیا کرتے ہیں اور لوگوں کے برتنوں میں پائے جانے والے نفقات پر جن کی نگاہ ہوتی ہے بعض علماء کے بارے میں وارد ہے کہ ان کو بیت اللہ کا بہت شوق تھا۔ اور وہ فرمایا کرتے تھے اس سفر کیلئے دو چیزیں ضروری ہیں۔ شد الهميان والتوكل على الرحمان نمبرا۔ ہمیانی پاس ہو۔ نمبر۲۔ رحمان پر بھروسہ ہو۔ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَا (پس وہ دیکھ لے کون سا ان میں سے) یعنی اس شہر کے رہنے والوں میں سے۔ یہاں مضاف کو حذف کر دیا جس طرح کہ اس آیت میں ہے: واسئل القرية [یوسف: ۸۲] ایٌّ مبتدا ہے۔ اور اس کی خبر ازکی ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا

اور اسی طرح ہم نے ان پر مطلع کر دیا تا کہ وہ اس بات کو جان لیں کہ بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے، اور یہ کہ قیامت آنیوالی ہے

رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ

اس میں کوئی شک نہیں، جب کہ وہ لوگ اپنے درمیان ان کے بارے میں جھگڑ رہے تھے سوانہوں نے کہا کہ ان کے اوپر عمارت بنا دو ان کا رب

اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓي اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾

ان کوخوب جانتا ہے جولوگ ان کے معاملہ میں غالب ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم ضرور ضرور ان پر مسجد بنا ئیں گے۔

اَزْكٰى کا معنی زیادہ پاکیزہ یعنی حلال اور پاکیزہ یا مقدار میں زیادہ اور ستا طعامًا ( کھانا ) یہ تمیز ہے۔فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ (پس وہ اس میں سے تمہارے پاس کچھ کھانا لے آئے اور خوش تدبیری سے کام لے ) یعنی خرید وفروخت کے معاملے میں بتکلف نرمی اختیار کرے تا کہ غبن واقع نہ ہو یا معاملے کو پوشیدہ رکھنے کی صورت میں خوش تدبیری سے کام لے تا کہ کسی کو پتہ نہ چل سکے۔وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا (اور کسی کو تمہاری سن گن نہ ہونے پائے ) یعنی کوئی ایسی حرکت نہ کرے جس سے نادانستگی میں تمہارے متعلق پتہ چل جائے۔اس نادانستہ حرکت کا نام اشعار رکھا کیونکہ یہ سبب اشعار ہے۔(یعنی سبب اطلاع ہے )۔

۲۰: اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ کیونکہ اگر ان لوگوں نے تمہاری اطلاع پائی۔انہم کی ضمیر اہل کی طرف جارہی ہے جو کہ ایھا میں مقدر ہے اور ان یظھرُ کا مطلب مطلع ہونا اور قابو پالینا ہے۔يَرْجُمُوْكُمْ وہ تم کو سنگسار کر دیں گے۔یعنی بدترین انداز سے تمہیں قتل کر دیں گے۔اَوْيُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ (یا وہ تم کو اپنے مذہب میں لوٹا لیں گے زبردستی۔یہاں عود کا معنی صیر ورت ہو جانا اور یہ کلام عرب میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔(صیر ورت کا معنی داخل کرنا) وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا (اور اس وقت کبھی بھی تم فلاح نہیں پاؤ گے )اذا یہاں شرط پر دلالت کر رہا ہے تقدیر عبارت اس طرح ہوگی ولن تفلحوا ان دخلتم فی دینھم ابدًا۔ یعنی تم ہرگز کامیاب نہ ہو گے اگر تم ان کے دین میں کبھی بھی داخل ہو گئے۔

۲۱: وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ (اور اسی طرح ہم نے لوگوں کو ان کے متعلق مطلع کر دیا )اور جیسا کہ ہم نے سلایا اور ان کو نیند سے جگایا اسی طرح ان کے بارے میں لوگوں کو حکمت کی بناء پر مطلع کر دیا۔لِيَعْلَمُوْٓا ( تا کہ وہ لوگ اس بات کا یقین کر لیں ) یعنی وہ لوگ جن کو ہم نے ان کے حالات کے متعلق مطلع کیا۔اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ( کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے ) وعدہ سے بعث بعد الموت والا وعدہ مراد ہے۔حق کا مطلب یہ ہے کہ یقیناً ہو کر رہے گا۔کیونکہ ان کی نیند والی حالت اور اس کے بعد اس سے بیداری والی کیفیت اس آدمی جیسی ہے جو فوت ہو پھر اس کو اٹھایا جائے۔وَّ اَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا (اور بیشک قیامت میں کوئی شبہ نہیں ) وہ ان کے معاملے سے بعث کے صحیح ہونے پر استدلال کریں گے۔اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ (جب کہ وہ ان کے متعلق باہمی جھگڑ رہے تھے ) یہ اَعْثَرْنَا کے متعلق ہے۔تقدیر عبارت یہ ہے:اعثرنا ھم علیھم حین یتنازع اھل ذلک الزمان۔ہم نے ان کے متعلق اس

وقت لوگوں کو مطلع کیا جبکہ اس زمانہ کے لوگ باہم جھگڑ رہے تھے۔ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ (اپنے درمیان ان کے معاملہ میں) یعنی اپنے دین کے معاملہ میں اور حقیقت بعث کے متعلق اختلاف کر رہے تھے (ان میں سے بعض کہتے تھے کہ فقط ارواح کو اٹھایا جائے گا اجساد کو نہیں اور دوسروں کا کہنا یہ تھا کہ روح مع الجسد اٹھائی جائے گی) تا کہ اختلاف رفع ہو جائے اور معاملہ کھل جائے کہ اجسام کو حس کے ساتھ زندہ کر کے ارواح کے موت سے پہلے والے تعلق کو بحال کر دیا جائیگا۔

فَقَالُوا (انہوں نے کہا) جب اصحاب کہف مر گئے۔ ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا (ان کے پاس کوئی عمارت بنا دو) ان کی غار کے دروازے پر عمارت بنا دو تا کہ لوگ غار کے اندر نہ گھس سکیں ان کی قبور کی حفاظت کیلئے جیسا کہ قبر رسول ﷺ کو چار دیواری سے محفوظ کر دیا گیا (مگر یہ قیاس درست معلوم نہیں ہوتا کیونکہ آپ کی قبر مبارک تو پہلے ہی خصوصیت نبوت کی بناء پر مکان کے اندر بنائی گئی نہ کہ بعد میں چار دیواری کی گئی) رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ (انکا رب ان کو خوب جانتا تھا) یہ آپس میں تنازع کرنے والوں کا کلام ہے گویا انہوں نے باہمی مذاکرہ کیا اور ان کے انساب و احوال کی طرف کلام کو منتقل کیا اور ان کی مدتِ قیام میں بھی گفتگو کی جب ان تمام معاملات میں حقیقت کی طرف راستہ نہ ملا تو اس وقت کہنے لگے ربھم اعلم بھم کہ رب تعالیٰ کو ان کے متعلق حقیقت حال کا علم ہے۔

نمبر۲۔ یا یہ ادخال الٰہی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ایسی فضول بحثوں میں پڑنے والوں کو فرمایا میں انکا رب ان کی حقیقت کی صحیح خبر رکھتا ہوں۔ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰى اَمْرِهِمْ (ان لوگوں نے کہا جو اپنے کام پر غالب تھے) یعنی مسلمان اور حکام اور وہ ان کے قریبی عزیز بھی تھے اور ان کے قریب تعمیر کے زیادہ حقدار تھے۔ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ (ہم ضرور ان کے پاس بنائیں گے) غار کے دروازے پر مَّسْجِدًا (ایک مسجد) جس میں مسلمان نماز ادا کریں گے اور ان کے مقام سے برکت پائیں گے۔ روایت تفسیر یہ میں ہے کہ اہل انجیل نے بڑے بڑے گناہوں کا ارتکاب شروع کر دیا اور ان کے بادشاہوں نے سرکشی اختیار کر کے بتوں کی عبادت شروع کر دی اور لوگوں کو ان کی عبادت پر مجبور کیا۔ ان سخت پسندوں میں دقیانوس تھا۔ اس نے اپنے قوم کے نوجوانوں کو شرک میں مبتلا کرنے کا ارادہ کیا اور ان کو شرک اختیار نہ کرنے کی صورت میں قتل کی دھمکی دی۔ مگر انہوں نے ایمان پر ثابت قدمی دکھائی اور اس میں پختگی اختیار کی۔ پھر انہوں نے غار کی طرف فرار اختیار کیا۔ انکا گزر ایک کتے کے پاس سے ہوا وہ بھی ان کے پیچھے چل دیا۔ انہوں نے اس کو بہت بھگایا مگر وہ انکا پیچھا کرنے سے باز نہ آیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو بولنے کی زبان دی۔ اس نے کہا تم میرے متعلق کیا چاہتے ہو؟ مجھے اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندوں سے محبت ہے تم جب آرام کرو گے۔ تو میں تمہاری حفاظت کرونگا۔

## تفسیری روایات سے تفصیل:

دوسرا قول یہ ہے کہ انکا گزر ایک چرواہے کے پاس سے ہوا جس کے ساتھ کتا تھا۔ چرواہا ایمان لے آیا اور وہ تمام غار میں جا بیٹھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے کانوں کو تھپکی دے کر سلا دیا۔ اور ان کے اٹھانے سے پہلے وہاں کی حکمرانی ایک نیک صالح مؤمن آدمی کو دے دی۔ اس کے زمانہ حکومت میں لوگوں کے مابین بعث میں اختلاف ہوا۔ ہر دو فریق ضد پر تھے۔ بادشاہ اپنے گھر میں

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا

کچھ لوگ یوں کہیں گے کہ یہ تین آدمی ہیں چوتھا انکا کتا ہے اور کچھ لوگ کہیں گے کہ یہ پانچ آدمی ہیں چھٹا ان کا کتا ہے انکل پچو غیب پر

بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا

حکم لگا رہے ہیں اور کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے آپ فرما دیجئے میرا رب ان کی تعداد کو خوب جاننے والا ہے،

يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ڡ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ

ان کو نہیں جانتے مگر تھوڑے سے لوگ سوآپ ان کے بارے میں سرسری بحث کے علاوہ زیادہ بحث نہ کیجئے اور ان کے بارے میں کسی سے بھی

مِّنْهُمْ اَحَدًا ۝۲۲ ع

سوال نہ کیجئے۔

٣ع ٥ ١٥

داخل ہوا۔ اور اپنا دروازہ بند کر کے ٹاٹ کا لباس پہن لیا۔ اور زمین پر بیٹھ کر بارگاہ الٰہی میں اس مسئلے کا حل طلب کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے ایک چرواہے کے دل میں بات ڈال دی جس نے اس رکاوٹ کو جوان کی غار کے منہ پر تھی گرا دیا تا کہ اس کو بکریوں کا باڑہ بنائے۔ جب وہ کھانا خریدنے کیلئے شہر میں داخل ہوا اور اس نے سکہ نکالا تو وہ دقیانوس کا مہر شدہ تھا۔ لوگوں نے اس کو اس تہمت میں گرفتار کر لیا کہ اس نے خزانہ پالیا ہے۔ وہ اس کو پکڑ کر بادشاہ کے پاس لے گئے۔ اس نے اپنا واقعہ ان کو من وعن بیان کر دیا۔ بادشاہ شہر والوں سمیت ان کی ملاقات کیلئے آیا اور ان کو آنکھوں سے دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی تعریف کی کہ اس نے بعث بعد الموت کی دلیل مہیا کر دی۔ پھر ان نوجوانوں نے بادشاہ کو کہا ہم تمہیں الوداع کہتے ہیں اور جن وانس کے شرّ سے تیرے لئے پناہ کی دعا کرتے ہیں۔ پھر وہ اپنی خوابگاہوں کی طرف واپس لوٹ آئے اللہ تعالیٰ نے ان کی ارواح کو قبض کر لیا۔ بادشاہ نے ان پر اپنا کپڑا بطور کفن ڈال دیا۔ اور ہر ایک کیلئے سونے کا تابوت بنایا۔ مگر خواب میں اس نے دیکھا کہ وہ سونے کو ناپسند کرتے ہیں تو اس نے ساگوان کی لکڑی سے تابوت تیار کر کے اس میں دفن کر دیا۔ اور غار کے منہ پر ایک مسجد تعمیر کرا دی۔

## تعداد میں تنازعہ:

۲۲: سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا ۢ بِالْغَيْبِ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ (بعض لوگ تو کہیں گے وہ تین ہیں چوتھا انکا کتا اور بعض کہیں گے وہ پانچ ہیں چھٹا انکا کتا اور یہ لوگ بلاتحقیق اندھیرے میں تیر چلا رہے ہیں اور بعض لوگ کہیں گے، سات ہیں آٹھواں انکا کتا) سیقولون کی ضمیر ان لوگوں کی طرف راجع ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اہل کتاب اور مؤمنین میں سے جو اس قصہ کے متعلق گفتگو کر رہے تھے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو جواب کو ان کے سلسلہ میں وحی تک مؤخر کیا گیا۔ پس یہ آیت ان کے مابین اختلاف کی حقیقت بتلانے کیلئے اتاری گئی

کہ ان میں جو گروہ ان کی تعداد سات اور آٹھواں کتا بتلاتا ہے وہ صحیح ہے۔

اور ایک تفسیری روایت یہ بھی ہے کہ سید اور عاقب اور ان کے ساتھ آنے والے نجرانی افراد آنحضرت ﷺ کی خدمت میں تھے۔ اصحاب کہف کا تذکرہ چھڑ گیا۔ تو سید نے کہا یہ یعقوبی تھا۔ کہ وہ تین تھے اور چوتھا انکا کتا تھا۔ عاقب نے طرح دی اور یہ نسطوری تھا۔ کہ وہ پانچ تھے اور چھٹا انکا کتا تھا۔ مسلمانوں نے کہا وہ سات تھے۔ اور آٹھواں انکا کتا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی بات کی تصدیق فرمادی۔ مسلمانوں نے رسول اللہ ﷺ کے اطلاع دینے سے یہ بات کہی جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر آئے۔

## اسمائے اصحابِ کہف:

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وہ سات تھے ان کے نام یہ تھے۔ نمبر ا۔ یملیخا نمبر ۲۔ مکشلینا نمبر ۳۔ مشلینا یہ بادشاہ کے دائیں جانب کے مقرب تھے اور اس کے بائیں جانب والے نمبر ۴۔ مرنوش نمبر ۵۔ دبرنوش نمبر ۶۔ شاذنوش بادشاہ ان چھ سے مشاورت کرتا تھا۔ ساتواں وہ چرواہا کعسططیونس جو ایمان لا کر ان کے ساتھ دقیانوس کی حکومت سے بھاگا۔ ان کے شہر کا نام افسوس اور ان کے کتے کا نام قطمیر تھا۔ [الطبرانی الاوسط]

نحو: سیقولون میں سین استقبال کیلئے ہے۔ اگرچہ پہلے فعل پر داخل ہے۔ بقیہ دونوں افعال بوجہ عطف اس کے حکم میں داخل ہیں۔ جیسا کہ **قد اکرم و انعم** اس جملہ میں دونوں فعلوں میں توقع کا معنی مراد لیا گیا ہے۔ یا **یفعل** سے استقبال کا معنی مراد لیا جائے جو کہ اس کے مناسب ہے۔ ثلاثۃ یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ ای **ھم ثلاثۃ** اسی طرح خمسۃ، سبعۃ۔ **رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ** یہ جملہ اسمیہ ثلاثہ کی صفت ہے۔ اسی طرح **سادسھم کلبھم** اور **ثامنھم کلبھم** جملے ان کی صفت ہیں۔

**رجما بالغیب** (یہ بے تحقیق اندھیرے میں تیر چلا رہے ہیں) یہ مخفی خبر و اطلاع سے انکل لگا رہے ہیں۔ اور اسی کو لا رہے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا **ویقذفون بالغیب** [سبا: ۵۳] یعنی وہ پوشیدہ بات انکل سے کرتے ہیں۔ یا نمبر ۲۔ الرجم کو الظن کی جگہ رکھا گویا اس طرح کہا ظنًّا **بالغیب** غیب کے متعلق گمان لڑاتے ہیں کیونکہ اہل عرب اکثر کہتے ہیں: **رجم بالظن** بجائے اس کے کہ ظن فلان کہتے۔ یہاں تک کہ ان کے ہاں دونوں تعبیروں میں کوئی فرق نہیں رہا۔

**واؤ** جو تیسرے جملہ پر داخل ہوئی ہے۔ یہ وہ واؤ ہے جو اس جملہ پر لائی جاتی ہے جو نکرہ کی صفت بنے جیسا کہ اس جملہ پر جو معرفہ سے حال بنے اس پر واؤ آتی ہے مثلاً **جاء نی رجل ومعه آخر و مررت بزید و فی یدہ سیف**۔ واؤ کا فائدہ نمبر ا۔ یہ ہے کہ صفت موصوف کے ساتھ تاکیداً متصل ہے۔ نمبر ۲۔ موصوف کا اس صفت سے متصف ہونا ایک ثابت شدہ بات ہے۔ نمبر ۳۔ یہی وہ واؤ ہے جس نے یہ اعلان کیا کہ جنہوں نے کہا **سبعة و ثامنھم کلبھم** انہوں نے حقیقت ثابتہ بتلائی۔ انہوں نے انکل کا تیر نہیں چلایا۔ جیسا کہ دوسروں نے کیا۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے دونوں اقوال کے بعد **رجمًا بالغیب** فرمایا اور تیسرے اس قول کے بعد یہ ارشاد لائے۔ **قُلْ رَّبِّیْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ** (یعنی کہہ دیں کہ میرا رب ان کی صحیح تعداد کو جانتا ہے) اور اس نے تمہیں اس کی خبر **سبعة و ثامنھم کلبھم** کہہ کر دے دی ہے۔

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ۫ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ

اور کسی چیز کے بارے میں آپ ہرگز یوں نہ کہیں کہ میں اسے کل کروں گا مگر یہ کہ اس کے ساتھ اللہ کی مشیت کا ذکر بھی کر دیں، اور جب آپ بھول جائیں تو

اِذَا نَسِیْتَ وَقُلْ عَسٰٓی اَنْ یَّهْدِیَنِ رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾

اپنے رب کو یاد کریں اور آپ یوں کہہ دیجئے کہ امید ہے میرا رب مجھے وہ بات بتا دے گا جو ہدایت کے اعتبار سے اس سے قریب تر ہے۔

مَّا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِیْلٌ (اور نہیں ان کو جانتے مگر تھوڑے) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا میں ان قلیل میں سے ہوں دوسرا قول یہ ہے کہ الاقلیل سے مراد اہل کتاب میں سے قلیل یعنی عنقریب ان کے متعلق اہل کتاب طرح طرح کی باتیں کہیں گے مگر ان کو اس کا کچھ بھی علم نہیں سوائے قلیل لوگوں کے ان کی اکثریت گمان وتخمین کی پیروی ہے۔

فَلَا تُمَارِ فِیْهِمْ (پس ان کے متعلق بحث نہ کریں) یعنی اصحاب کہف کے متعلق اہل کتاب سے مجادلہ ومباحثہ نہ کریں اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا (مگر سرسری بحث) مگر سرسری بات چیت۔ کرید کی ضرورت نہیں اور وہ اس طرح ہے کہ آپ ان کے سامنے وہ واقعہ بیان فرمادیں جو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی اتارا پس یہی کافی ہے۔ اس میں کسی قسم کا اضافہ نہ فرمائیں ان کی تجہیل کیلئے۔ نمبر۲۔ لوگوں کے سامنے واقعہ بتلا دیں تا کہ آپ کی صداقت ظاہر ہو جائے۔

وَّ لَا تَسْتَفْتِ فِیْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا (اور آپ ان کے متعلق ان میں سے کسی سے استفتاء نہ کریں) کسی سے ان کے قصہ کے متعلق سوال نہ کریں۔ ایسا سوال جو متعنت لوگ کرتے ہیں۔ تا کہ اسے کسی بات کے کہنے کا موقع ملے اور پھر آپ اس کی تردید فرمائیں۔ اور پھر وہ بکے جو اس کے پاس ہو۔ اور نہ ہی راہنمائی حاصل کرنے کیلئے کسی سے سوال کریں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعہ آپ کو ان کے قصہ کی صحیح راہنمائی فرمادی (کہ جس پر نہ اضافہ ہو سکتا ہے اور نہ حاجت ہے)۔

## کل کا وعدہ ان شاء اللہ سے کرو:

۲۳: وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ (اور آپ کسی کام کی نسبت یوں نہ کہا کریں کہ میں اس کو کل کر دونگا) کسی چیز کے متعلق تو پختہ ارادہ کرے اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ (کہ بیشک میں اس کو کرنے والا ہوں) اس چیز کو غَدًا (کل زمانہ مستقبل میں) خاص کل کا دن مراد نہیں۔ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ (مگر یہ کہ چاہے اللہ تعالیٰ) نمبر۱۔ آپ اس وقت کہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی اجازت دے دیں۔ نمبر۲۔ تم ہرگز اس کو نہ کہو مگر یہ کہ چاہے اللہ یعنی اس کی مشیت سے۔ یہ حال واقع ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہوگی الا متلبسًا بِمَشِیّة اللّٰه قائلا ان شاء اللّٰه مگر اس حال میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ملا ہوا ہو تم کہنے والے ہو، انشاء اللّٰه

## زجاج کا قول:

اس کا معنی یہ ہے تم ہرگز نہ کہو کہ میں اس کو کروں گا مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔ کیوں کہ جب کہا جائے انا افعل ذلك ان شاء اللّٰه تو اس کا مطلب ہے کہ میں اس کو نہیں کرونگا مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔ یہ نہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے تادیب کیلئے ہے۔

جبکہ یہود نے قریش کو کہا تم اس سے روح' اصحاب کہف اور ذوالقرنین کے متعلق سوال کرو۔انہوں نے سوال کیا آپ نے فرمایا تم کل میرے پاس آجاؤ میں تمہیں بتلادوں گا۔اور آپ نے استثناء نہ کیا۔پس وحی میں دیر ہوگئی یہاں تک کہ آپ پر گراں گزرا۔

ذکر کا حکم:

۲۴: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ (اور جب آپ بھول جائیں تو اپنے رب کا ذکر کریں) جب مشیت رب سے متعلق کرنا۔فرط نسان سے بھول جائیں تو کہیں انشاء اللہ۔اذا نسیت کا معنی کلمہ استثناء کا بھولنا ہے۔پھر آپ اس پر متنبہ ہو کر انشاء اللہ کہہ کر تدارک کریں حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں۔مجلس ذکر میں جب تک ہو اس وقت تک بعد میں انشاء اللہ کہنے سے تدارک ہوسکتا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ایک سال کے بعد یاد آئے تب بھی انشاء اللہ سے تدارک ہو جائے گا۔یہ ارشاد اس انشاء اللہ کا ہے۔جو بطور تبرک کے کہا جائے۔البتہ وہ استثناء جو حکم کو بدلنے والا ہے وہ متصل ہی درست ہے۔

نکتہ: حکایت ہے کہ منصور عباسی خلیفہ کو اطلاع ملی کہ ابوحنیفہ نے استثناء منفصل میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی مخالفت کی ہے۔منصور نے آپ کو دربار میں بلایا تاکہ آپ کی تنکیر کرے۔ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہ اعتراض آپ پر وارد ہوتا ہے۔آپ خلافت کی بیعت قسم کے ساتھ لوگوں سے لیتے ہیں۔کیا آپ پسند کرتے ہیں۔کہ وہ جب آپ کے پاس سے باہر نکل کر جائیں تو وہ استثناء کر دیں اور آپ کی بیعت سے نکل جائیں۔منصور کو امام صاحب کی یہ بات بہت پسند آئی اور جس نے اس کے ہاں امام صاحب کی چغلی کھائی تھی اس کو نکال دینے کا حکم جاری کیا۔

نمبر۲۔اس کا معنی یہ ہے تم اپنے رب کو یاد کرو تسبیح و استغفار کے ساتھ جبکہ استثناء کا کلمہ رہ جائے تاکہ شدت سے اس کا اہتمام ہو جائے۔اور بھول چوک سے بچت رہے۔نمبر۳۔نماز جب بھول کر رہ جائے تو جب یاد آئے اس کو ادا کر لیا کریں۔نمبر۴۔جب تم وہ کہنا بھول جاؤ تو اس کو یاد کر لو تاکہ وہ بھولا ہوا ہو یاد دلائے۔

وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّىْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا (اور کہہ دیں کہ مجھے امید ہے کہ میرا رب اس سے بھی زیادہ بہتری کو قریب الوصول بنادے گا) یعنی جب کوئی چیز تو بھول جائے تو اپنے رب کو یاد کر اور بھولنے کے وقت رب کا ذکر اس طرح ہے کہ تم کہو عسی ربی ان یھدین یعنی لشیءٍ اٰخرَ بدل ھذا المنسی اقرب منه رشدا وادنٰی خیرًا و منفعة یعنی امید ہے کہ میرا رب میری راہنمائی کرے گا کسی اور چیز کی طرف جو اس بھولی ہوئی چیز کے بدلے میں ہوگی اور راہنمائی کیلئے اس سے زیادہ قریب اور فائدے اور بھلائی میں اس سے نزدیک تر ہوگی۔

قراءت: ان یھدین، ان ترن، ان یوتین، ان تعلمن مکی نے دونوں حالتوں میں اسی طرح پڑھا اور ابوعمرو نے اس کی موافقت کی اور مدنی نے صرف وصل میں پڑھا۔

وَلَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝۲۵ قُلِ اللّٰہُ اَعْلَمُ

اور وہ لوگ اپنے غار میں تین سو سال رہے اور نو برس مزید اوپر گزر گئے۔ آپ فرما دیجئے کہ اللہ ہی خوب جاننے والا ہے

بِمَا لَبِثُوْا لَہٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَبْصِرْ بِہٖ وَاَسْمِعْ مَا لَھُمْ مِّنْ

کہ وہ کتنی مدت رہے اسی کو آسمانوں اور زمین کے غیب کا علم ہے وہ کیا ہی دیکھنے والا ہے اور کیا ہی سننے والا ہے، ان لوگوں کا اس کے سوا

دُوْنِہٖ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا یُشْرِکُ فِیْ حُکْمِہٖٓ اَحَدًا ۝۲۶

کوئی مددگار نہیں اور وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں فرماتا۔

## غار میں تین سو نو سال قیام:

۲۵: وَلَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃَ سِنِیْنَ (اور وہ ٹھہرے رہے اپنے غار میں تین سو سال) مراد اس سے زندگی کی حالت میں انکا اس میں ٹھہرنا ہے۔ جبکہ اس مدت میں ان کے کانوں پر نیند کی تھپکی دیدی گئی تھی یہ فضربنا علی اذانھم الی آخرہ میں جس کو مجمل رکھا گیا تھا اس کا بیان ہے اور سنین کا لفظ یہ ثلث مائۃ کا عطف بیان ہے۔

قراءت: حمزہ اور علی نے ثلاثۃ مائۃ سنین اضافت کے ساتھ پڑھا اس طرح کہ تمیز میں جمع کو واحد کی جگہ رکھ دیا گیا جیسا کہ دوسری آیت میں بھی موجود ہے بالا کثرین اعمالا [الکہف: ۱۰۳] وَازْدَادُوْا تِسْعًا (اور نو برس زیادہ رہے)۔

نحو: یہاں تِسْعًا کے بعد بھی اس کی تمیز تِسْعًا ہے کیونکہ ماقبل میں بھی دلالت موجود ہے اور تسعاً مفعول بہ ہے کیونکہ زَادَ دو مفعولوں کو چاہتا ہے اور اِزْدَادَ ایک ہی مفعول کو چاہتا ہے۔

## حقیقی مدت کا علم اللہ کے پاس ہے:

۲۶: قُلِ اللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا (آپ کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں کہ کتنا زمانہ تک وہ رہے) یعنی اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جانتے ہیں جنہوں نے ان کی مدت قیام میں اختلاف کیا اور حق وہی ہے جس کی اس نے تمہیں خبر دے دی۔ نمبر۲۔ اہل کتاب کے کلام کی حکایت ہے۔ اور قل اللّٰہ اعلم سے ان کی تردید فرمائی۔ جمہور علماء کا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے غار میں مدتِ قیام کی خبر دی گئی ہے کہ وہ اپنی غار میں اتنی مدت ٹھہرے۔

لَہٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اس کے لئے آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزیں ہیں) اسی کی ملکیت و تصرف میں ہیں۔ اس آیت میں آسمان و زمین کی پوشیدہ چیزوں کے علم کا خصوصاً تذکرہ فرمایا اور ان کے اندر رہنے والوں کے مخفی احوال کی خبر اسے ہی ہے۔ اَبْصِرْ بِہٖ وَاَسْمِعْ وہ عجیب طرح کا سننے اور دیکھنے والا ہے۔ اَسْمِع کے بعد بھی بہٖ مقدر ہے۔ مطلب یہ ہے وہ ہر موجود کو کیا خوب دیکھنے اور ہر مسموع کو کیا خوب سننے والا ہے۔ مَالَھُمْ (اور ان کے لئے نہیں ہے) اہل سمٰوٰت وارض کیلئے مِّنْ دُوْنِہٖ

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ کِتَابِ رَبِّکَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِہٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ

اور آپ کے رب کی کتاب جو آپکی طرف وحی کی گئی اسکی تلاوت کیجئے اسکے کلمات کو کوئی بدلنے والا نہیں اور ہرگز آپ اسکے

دُوْنِہٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ بِالْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ

سوا کوئی پناہ کی جگہ نہ پائینگے اور جو لوگ صبح شام اپنے رب کو پکارتے ہیں انکے ساتھ اپنے کو مقید رکھئے

یُرِیْدُوْنَ وَجْھَہٗ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰکَ عَنْھُمْ ۚ تُرِیْدُ زِیْنَۃَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا ۚ

یہ لوگ اسکی رضا کے طالب ہیں اور آپ ایسا نہ کریں کہ دنیا والی زندگی کی زینت کے ارادہ سے ان سے آپ کی نظریں ہٹ جائیں

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَہٗ عَنْ ذِکْرِنَا وَاتَّبَعَ ھَوٰىہُ وَکَانَ اَمْرُہٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

اور ایسے شخص کی بات نہ مانئے جسکے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور جو اپنی خواہش کے پیچھے لگ گیا، اور اسکا حال حد سے آگے بڑھ گیا،

مِنْ وَّلِیٍّ (اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی کارساز) جو ان کے امور کا متولی و ذمہ دار ہو۔ وَّ لَا یُشْرِکُ فِیْ حُکْمِہٖٓ اَحَدًا (اور نہ وہ اپنے حکم میں ان میں سے کسی کو شریک کرتا ہے) حکمہ سے مراد فیصلہ۔ احداً سے مراد ان میں سے کسی ایک کو۔

قراءت: شامی نے اس کو نہی قرار دیکر لاتشرک پڑھا ہے۔

۲۷: کفار اکثر کہا کرتے ائت بقران غیر ھذا او بدلہ [یونس: ۱۵] اس کے جواب میں فرمایا۔

## کفار کا جواب:

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ کِتَابِ رَبِّکَ (آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے جو کتاب بذریعہ وحی بھیجی گئی آپ وہ پڑھا کریں) کتاب سے قرآن مجید مراد ہے اور آپ ان کے اس ہذیان کو مت سنیں۔ کہ اس میں تبدیلی کر دیں اس لئے کہ لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِہٖ (اس کے کلمات کو کوئی بدلنے والا نہیں) یعنی کسی کو ان کے اندر تبدیلی کی قدرت نہیں اور نہ ہی ردوبدل کا اختیار ہے اس پر قدرت اسی وحدہ لاشریک کو ہے۔

وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِہٖ مُلْتَحَدًا (اور تم ہرگز اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی پناہ کی جگہ نہیں پاؤ گے) ملتحدًا کا معنی جائے پناہ جس کی طرف تم مائل ہو سکو اگر تم اس کا قصد کرو۔

## غیر مسلموں کا مقام:

۲۸: شانِ نزول: جب کفار کے رؤساء نے رسول اللہ ﷺ سے مطالبہ کیا کہ ان غریب مسلمانوں اور غلاموں کو جیسے صہیب، عمار، خباب وغیرہ کو اپنے پاس سے ہٹاؤ تو پھر ہم آپ کے پاس بیٹھیں گے تو یہ آیت اتری۔ وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ (اپنے آپ کو قائم رکھو اور جمائے رکھو ان لوگوں کے ساتھ جو صبح شام اپنے رب کو پکارتے ہیں) ان کے ساتھ روک کر رکھو

اور اپنے آپ کو مضبوط کر کے رکھو بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ (صبح اور شام میں) جو ہر وقت میں اللہ کو پکارنے کے عادی ہیں نمبر۲۔ صبح کو اللہ سے توفیق اور آسانی مانگتے ہیں اور شام کو اپنی تقصیرات کی معافی مانگتے ہیں نمبر۳۔ غداۃ سے مراد فجر کی نماز اور عَشِیّ سے عصر کی نماز مراد ہے۔

قراءت: شامی نے غُدوۃ پڑھا۔ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ (وہ صرف اپنے رب کی خوشنودی کو حاصل کرنا چاہتے ہیں) وجہ بول کر رضائے الٰہی مراد ہے۔ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ (نہ ہٹنے پائیں آپ کی آنکھیں ان سے) یعنی تجاوز نہ کریں۔ عداہ اس وقت بولتے ہیں جب تجاوز کر جائیں یہاں اس کو عن سے متعدی کیا گیا ہے۔ کیونکہ اس میں نبأ کے معنی پائے جاتے ہیں جیسا اس قول میں نبَتَ عَنْهُ عینهٗ

فَائِدَہ: تضمین کا فائدہ یہ ہے کہ دونوں معنوں کا مجموعہ اس میں آ گیا اور یہ الگ معنی دینے سے زیادہ قوی ہے۔ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (اس حال میں کہ آپ دنیوی زندگی کی رونق کا خیال کرتے ہوں۔) یہ جملہ حال ہے۔ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا (اور جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا۔ اس کے کہنے پر آپ نہ چلیں) یعنی اس کے دل کو ذکر سے غافل کر دیا۔

نکتہ: اس میں دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے افعال کا خالق ہے جیسا کہ جمہور اہلسنت کا مسلک ہے۔

وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا (اور وہ اپنی خواہش پر چلتا ہے۔ اور اس کا حال حد سے گزرا ہوا ہے۔) یعنی وہ حق سے تجاوز کرنے والا ہے۔

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

اور آپ فرما دیجئے کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے، سو جس کا جی چاہے مومن ہو جائے اور جس کا جی چاہے کافر رہے، بلاشبہ ہم نے ظالموں کے لیے

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ

آگ تیار کر رکھی ہے انہیں اسکی دیواریں گھیرے ہوئے ہونگی، اور اگر وہ فریاد کریں گے تو ایسے پانی سے ان کی فریاد رسی کی جائیگی

كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾

جو تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا، وہ مونہوں کو بھون ڈالے گا، وہ پینے کی بری چیز ہے، اور دوزخ آرام کی بری جگہ ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے یہ بات واقعی ہے کہ ہم اسکا عمل ضائع نہیں کریں گے جو اچھے کام کرے،

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ

ان لوگوں کے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جنکے نیچے نہریں جاری ہونگی، انہیں سونے کے کنگنوں کا زیور

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

پہنایا جائیگا، اور یہ لوگ سندس اور استبرق کے کپڑے پہنیں گے، جنت میں مسہریوں پر تکئے لگائے ہوئے

عَلَى الْاَرَآئِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾

ہونگے وہ بہت اچھا بدلہ ہے اور آرام کی اچھی جگہ ہے

## قبولِ حق میں اختیار البتہ کافر کا انجام برا اور مؤمن کا بہت خوب ہے:

۲۹: وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ (اور کہہ دیں کہ حق وہی ہے جو تمہارے رب کی طرف سے ہے) حق سے مراد اسلام یا قرآن ہے۔

نحو: الحق کا لفظ ھو مبتدا محذوف کی خبر ہے۔

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ (اب جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے کافر رہے) یعنی حق آ گیا اور رکاوٹیں دور ہو گئیں اب صرف تمہارے نفسوں کا اختیار باقی ہے نجات کا راستہ تم اختیار کرنا چاہتے ہو یا ہلاکت کے راستے پر چلتے ہو یہاں لفظ امر کا لایا گیا جو کہ یہاں تخییل کے لئے ہے کیونکہ جب اس نے انسان کو یہ قدرت دے دی کہ ان میں سے جس کو چاہے اختیار کر لے تو گویا بندہ مختار ہوا اور اس بات پر مامور ہوا کہ دونوں راستوں میں سے جس کو چاہے اختیار کرے پھر اختیار کرنے

والے کی جزاء کو بھی ذکر کر دیا فرمایا۔

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ (بیشک ہم نے ظالموں کیلئے تیار کر رکھا ہے) اعتداء سے مراد تیار کرنا اور ظالم سے کافر مراد ہیں پس سیاق سے اس بات کو مقید کیا (جس طرح کہ حقیقت امر اور تخییر کو سیاق کیوجہ سے چھوڑ دیا) اور وہ یہ آیت ہے انا اعتدنا للظالمین نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا (ایسی آگ کہ جس کی قناتیں ان کو گھیر لیں گی) اس آیت میں ان کو گھیرنے والی آگ کو سرادق سے تشبیہ دی سرادق اس حجرے کو کہا جاتا ہے۔ جو خیمے کے اردگرد ہوتا ہے۔ نمبر۲۔ یا سرادق سے مراد وہ دھواں ہے۔ جو کفار کے آگ میں داخل ہونے سے قبل ان کو گھیرے گا۔ نمبر۳۔ یا آگ کی وہ دیوار جو ان کے چاروں طرف چھا جائے گی۔

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا (اور اگر وہ پانی مانگیں گے) شدت پیاس کی وجہ سے يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ (تو ان کو ایسا پانی دیا جائے گا جو مہل کی طرح ہوگا) المہل زیتون کے تیل کی میل کو کہتے ہیں نمبر۲۔ زمین کے جواہرات کو پگھلانے سے جو میل نکلتی ہے اس میں ان کا مذاق اڑایا گیا۔ يَشْوِى الْوُجُوْهَ (جو چہروں کو بھون ڈالے گا) جب ان کے سامنے پینے کے لئے پیش کیا جائے گا تو اس کی حرارت سے چہرے بھن جائیں گے۔ بِئْسَ الشَّرَابُ (وہ بدترین مشروب ہے) وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا (اور وہ آگ بری آرام گاہ ہے) مرتفق کا معنی ٹھکانہ یہ المرفق سے بنا ہے یہ اس قول کے ہمشکل ہے وَحَسُنَتْ مرتفقا [الکھف:۳۱] باقی جہنم والوں کیلئے آرام گاہ ہے ہی نہیں۔

۳۰، ۳۱: اب ان لوگوں کے بدلہ کا تذکرہ فرمایا جنہوں نے ایمان کو چنا پس فرمایا اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ (بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے تو ہم ان کا اجر ضائع نہ کریں گے۔ جنہوں نے اچھی طرح کام کیے ایسے لوگوں کیلئے ہمیشہ رہنے کے باغات ہونگے) یہ جملہ مستانفہ ہے اس میں اجر مبہم کو بیان فرمایا۔

نحو: انا لا نُضِيْعُ اور اُولٰئِكَ دونوں کو اکٹھی خبریں بنایا جائے۔ مطلب یہ ہے جو ان میں سے اچھے عمل والے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں السمن منوان بدرھم۔ نمبر۲۔ کیونکہ من احسن عملاً اور الذین امنوا وعملوا الصالحات دونوں کو ایک معنی اپنے اندر پرونے والا ہے۔ اس لئے من احسنَ کی بجائے ضمیر لائے۔

تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ (جن کے درختوں کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہاں اہل جنت کو سونے کے کنگنوں کا زیور پہنایا جائے گا)

نحو: من ابتدائیہ ہے اور اَسَاوِرَ کو جو جمع اَسْوِرَةٌ کی ہے۔ اور وہ سوار کی جمع ہے کو نکرہ لائے کیونکہ اَحْسَنَ میں ان کا معاملہ مبہم ہے مِنْ ذَهَبٍ میں مِن تبیین کیلئے ہے۔

وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ (وہ سبز رنگ، باریک ریشم کے کپڑے) سندس بمعنی باریک ریشم وَّاِسْتَبْرَقٍ (اور موٹا ریشم) دونوں اقسام کو جمع کرنے والے ہونگے مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ (اور مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے) ان کا ء کو خاص طور پر اس لئے ذکر کیا کیونکہ یہ خوش حال لوگوں اور بادشاہوں کی ہیئت ہے کہ وہ اونچے تختوں پر تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں۔ نِعْمَ

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا

اور آپ ان سے دو شخصوں کا حال بیان کیجئے، ان میں سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ دیئے اور انکو ہم نے کھجور کے درختوں سے

بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا

گھیر دیا اور ان دونوں کے درمیان ہم نے کھیتی بھی اگادی تھی، دونوں باغ اپنا پورا پورا پھل دیتے تھے اور پھلوں میں ذرا بھی کمی نہ رہتی تھی

وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ

اور ہم نے ان دونوں کے درمیان نہر جاری کر دی تھی اور اس کے لیے اور بھی پھل تھے، سو اس نے باتیں کرتے ہوئے اپنے ساتھی سے کہا کہ میں تجھ سے زیادہ مال

مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ قَالَ مَآ اَظُنُّ

والا ہوں اور میرے افراد بھی غلبہ والے ہیں، اور وہ اس حال میں اپنے باغ میں داخل ہوا کہ اپنی جان پر ظلم کرنے والا تھا اس نے کہا کہ میں یہ گمان نہیں کرتا

اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ

کہ یہ باغ کبھی ہلاک ہوگا، اور نہ میں یہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت قائم ہوگی، اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹا دیا گیا

لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ

تو اس سے بہتر لوٹنے کی جگہ ضرور ضرور پالونگا، اسکے ساتھی نے جواب دیتے ہوئے کہا کیا تو نے اس ذات کے ساتھ کفر

بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾

کیا جس نے تجھے مٹی سے پھر نطفہ سے پیدا کیا پھر تجھے صحیح سالم آدمی بنا دیا

الثَّوَابُ (کیا خوب صلہ ہوگا) یعنی جنت وَحَسُنَتْ (اور بہت خوب ہے) جنت اور مسہریاں مُرْتَفَقًا (آرام گاہ ہونے کے لحاظ سے) تکیہ گاہ ہونے کے اعتبار سے۔

## اچھے برے انجام کی مثال کیلئے دو بھائیوں کا واقعہ:

۳۲: وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ (اور آپ ان کے سامنے ان دو آدمیوں کا حال بیان کریں) کفار اور مؤمنین کے حال کی مثال بنی اسرائیل کے دو آدمیوں کی ہے جو بھائی تھے ایک ان میں کافر جس کا نام قطروس تھا۔ اور دوسرا مسلمان جس کا نام یہودا تھا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ وہ دو آدمی ہیں جن کا تذکرہ سورۃ الصافات کی اس آیت میں ہے۔ قال قائل منهم انی کان لی قرین [الصافات:۵۱]

ان دونوں کو باپ کی وراثت میں آٹھ ہزار دینار ملے۔ انہوں نے اس کے دو حصے کیے۔ کافر نے ایک ہزار کی زمین خریدی مؤمن نے کہا اے اللہ میرے بھائی نے ایک ہزار دینار کی زمین دنیا میں لی ہے۔ میں ایک ہزار دینار کی زمین جنت سے خریدتا ہوں۔ اس نے وہ صدقہ کر دیے پھر اس کے بھائی نے ایک ہزار میں کوٹھی تعمیر کی تو دوسرے نے کہا اے اللہ میں ایک ہزار دینار کے بدلہ جنت کا مکان خریدتا ہوں۔ وہ بھی صدقہ کر دیئے۔ اس کے کافر بھائی نے ایک ہزار دینار خرچ کر کے شادی کی۔ تو مسلمان نے کہا اے اللہ میں ایک ہزار کو جنت کی حور کا مہر بناتا ہوں (اس کو صدقہ کر دیا) پھر اس کے کافر بھائی نے ایک ہزار دینار میں گھر کا سامان واثاثہ اور خدام خریدے۔ تو اس مسلمان نے کہا اے اللہ میں نے جنت کے دو ولدان تجھ سے خرید لیے۔ اور ان کو بھی صدقہ کر دیا۔ پھر اس مسلمان کو کوئی ضرورت پیش آئی تو بھائی کے راستہ میں بیٹھ گیا وہ اپنے نوکروں چاکروں کے ساتھ گزرا۔ وہ اس کے سامنے آیا اس نے دور بھگا دیا اس کو مال صدقہ کر دینے پر ڈانٹ ڈپٹ کی۔

جَعَلْنَا لِاَ حَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ (ان دو شخصوں میں سے ایک کیلئے ہم نے انگور کے دو باغ دیئے) انگوروں کی بیلوں کے دو باغ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ (اور ہم نے ان دونوں باغوں کا کھجور کے درختوں سے احاطہ بنا رکھا تھا) ان دونوں باغوں کے ارد گرد کھجور کے درخت تھے۔ انگوروں کی بیلوں والے اس بات کو زیادہ پسند کرتے ہیں کہ پھل دار درخت باڑ کے طور پر لگے ہوں کہا جاتا ہے حفوہ جبکہ وہ اس کے گرداگرد لگائیں اور حففتهٗ بهم ای جعلتهم حافين حوله میں نے ان کو اس کے گرد گھیرا لگانے والا کر دیا۔ یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ اور با اس میں دوسرے مفعول کا اضافہ کر دیتی ہے۔

وَّ جَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا (اور ان دونوں کے درمیان کھیتی پیدا کر دی) درمیان والی زمین کو ہم نے فروٹ و خوراک کا جامع بنا دیا۔ تعمیر کی تعریف اس طرح فرمائی کہ وہ آپس میں جال کی طرح ملی ہوئی متصل ہے۔ کوئی چیز ایسی درمیان میں نہیں جو اس کو منقطع کرے اور اس پر اضافہ یہ کہ شکل بھی خوبصورت اور ترتیب بھی عمدہ۔

۳۳: كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ (یہ دونوں باغ دیتے تھے) دیتے۔ اٰتَتْ لفظ پر محمول کیا کیونکہ كِلْتَا لفظ مفرد ہے۔ اگر آتتا معنی کا لحاظ کر کے کہا جاتا تو جائز ہوتا۔ اُكُلَهَا (اس کا پھل) وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ (کسی کی پیداوار میں ذرا بھی کمی نہ تھی) اور اس کے پھل میں کمی نہ ہوتی تھی۔ شَيْئًا وَّ فَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا (کچھ بھی اور ہم نے چلا دی ان دونوں باغوں کے اندر ایک نہر) ان دونوں باغوں کی تعریف پورا پھل دینے اور تمام پھل بغیر کسی کمی کے آتا۔ پھر غلہ کی اصل اور بنیاد جس سے وہ سیراب ہوتا اس کا ذکر کیا۔ اور نہر جاری کو افضل ترین ذریعہ سیرابی کا قرار دیا۔

۳۴: وَّكَانَ لَهٗ (اور اس کیلئے) یعنی باغ والے کیلئے ثَمَرٌ (مالداری کا ذریعہ) انواع واقسام کا مال یہ ثمر ماله کہا جاتا ہے جبکہ اس کو بڑھائے۔ مطلب یہ ہے کہ ان دونوں باغوں کے مالک کے پاس بہت سا مال سونا، چاندی وغیرہ کی قسم میں سے تھا۔

قراءت: له ثمر وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ عاصم نے فتحہ ثاومیم سے پڑھا۔ اور ابو عمرو نے ثا کے ضمہ اور سکون میم کے ساتھ۔ اور دیگر قراء نے ثاومیم ہر دو کے ضمہ کے ساتھ پڑھا۔

## امیر کا قول:

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ (اس نے اپنے ساتھی کو کہا اس حال میں کہ وہ اس سے گفتگو کر رہا تھا) يُحَاوِرُ کا معنی بات کو لوٹانا۔ یہ حَارَ يَحُوْرُ سے ہے۔ جبکہ وہ لوٹے۔قطروس نے اپنے مسلمان بھائی کا ہاتھ پکڑا اور دونوں باغوں میں اس کو پھرانے لگا۔ تا کہ وہ باغ اس کو دکھائے۔اور اس کی بجائے مال سے جس چیز کا وہ مالک ہوا ہے اس پر فخر کا اظہار کرے۔

اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّ اَعَزُّ نَفَرًا (مال اور خشم وخدم اور معاونین کے اعتبار سے) یا نمبر۲۔مذکر اولاد کے اعتبار سے زیادہ ہوں کیونکہ ان کے ساتھ جتھا بنتا ہے۔نہ کہ عورتوں کے ساتھ۔

۳۵: وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ (وہ اپنے باغ میں پہنچا) دونوں میں سے ایک باغ میں نمبر۲۔دونوں کو ایک کہا کیونکہ دونوں کی بیرونی دیوار ایک تھی۔اور دو اس لئے کہا کیونکہ ان کے مابین نہر جاری تھی۔وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ (اس حال میں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کرنے والا تھا) اپنے نفس کو کفر کا نقصان پہنچانے والا تھا۔ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا (میں خیال نہیں کرتا کہ یہ کبھی تباہ ہوگا) کہ یہ باغ برباد ہو۔اس کو اپنے باغ کی بربادی میں شک اس لئے پیدا ہوا کیونکہ اس کی امید لمبی اور غفلت طویل و دراز تھی اور مہلت کی وجہ سے وہ دھوکے میں پڑا ہوا تھا۔آج کے زمانہ کے اکثر مسلمان مالداروں کو بھی تم دیکھو گے کہ اس قسم کی گفتگو ان کی زبانوں پر ہوتی ہے۔(اللّٰهم احفظ السنتنا من هذه الخرافات)

## انکارِ قیامت:

۳۶: وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً (اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے) یعنی واقع ہونے والی ہے۔وَّ لَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا (اور اگر بالفرض مجھے لوٹ کر اپنے رب کی طرف جانا ہی پڑا تو اس سے بہتر نتیجہ وہاں ضرور ضرور ملے گا) اس میں اس نے قسم اٹھائی ہے کہ اگر بالفرض والتقدیر اپنے رب کی طرف میں لوٹایا گیا جیسا کہ میرا بھائی گمان کرتا ہے تو وہ آخرت میں دنیا کے باغ سے بھی بہتر باغ وہاں پائے گا۔اس آیت میں اپنے دوسرے بھائی پر عزت افزائی کا دعویٰ اور اونچے مرتبے کا ذکر ہے۔مُنْقَلَبًا یہ تمیز ہے اس کا معنی انجام اور لوٹنے کی جگہ۔

## دوسرے کا جواب:

۳۷: قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ (اس کے ساتھی نے اس کو کہا جبکہ وہ اس سے گفتگو کر رہا تھے۔کیا تو اس ذات کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے بنایا) تیرے اصل کو مٹی سے بنایا۔ کیونکہ اس کے اصل کا پیدا کرنا یہ اس کے پیدا ہونے کا سبب ہے اور اس سبب کا بنانا خود اسی کا بنانا ہوا۔

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ (پھر نطفہ سے) تمہیں نطفہ سے بنایا۔ثُمَّ سَوّٰكَ رَجُلًا (پھر تمہیں ٹھیک مرد بنا دیا) برابر کیا اور تمہیں مکمل انسان، مذکر، جوانی کو پہنچنے والا بنایا۔اس کو اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے والا اس لئے شمار کیا کیونکہ اس نے بعث کا انکار کر دیا تھا۔

لٰکِنَّا۠ ھُوَ اللّٰہُ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِکُ بِرَبِّیْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَکَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰہُ ۙ

لیکن میری بات تو یہ ہے کہ وہ اللہ میرا رب ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا، اور جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا تو تو نے ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ کیوں نہ

لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْکَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰی رَبِّیْٓ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا

کہا، اگر تو مجھے اس حال میں دیکھ رہا ہے۔ کہ میں تجھ سے مال اور اولاد کے اعتبار سے کم ہوں تو وہ وقت نزدیک ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے

مِّنْ جَنَّتِکَ وَیُرْسِلَ عَلَیْھَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِیْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ ۙ اَوْ یُصْبِحَ

بہتر عطا فرما دے اور تیرے باغ پر آسمان سے کوئی آفت بھیج دے جسکی وجہ سے تیرا باغ ایک صاف میدان ہو کر رہ جائے یا اسکا پانی

مَآؤُھَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِیْعَ لَہٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِیْطَ بِثَمَرِہٖ فَاَصْبَحَ یُقَلِّبُ کَفَّیْہِ عَلٰی

زمین میں اتر جائے پھر تو اسے طلب کرنے کی کوشش نہ کر سکے، اور اسکے پھلوں کو آفت سے گھیر دیا گیا سو وہ اس حال میں ہو گیا کہ جو کچھ اسمیں خرچ کیا تھا

مَآ اَنْفَقَ فِیْھَا وَھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا وَیَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُشْرِکْ بِرَبِّیْٓ

اس پر کف افسوس ملنے لگا اور حال یہ تھا کہ اسکا باغ اپنی ٹٹیوں پر گرا ہوا تھا اور وہ کہہ رہا تھا کہ ہائے کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ

اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَکُنْ لَّہٗ فِئَۃٌ یَّنْصُرُوْنَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَمَا کَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ ؕ

ٹھہراتا، اور اس کے لیے اللہ کے سوا ایسا کوئی گروہ نہ تھا جو اسکی مدد کرتا اور نہ وہ خود بدلہ لینے والا تھا،

ع ۵ ۱۳ ۱۷ هُنَالِکَ الْوَلَایَۃُ لِلّٰہِ الْحَقِّ ؕ ھُوَ خَیْرٌ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ ع

ایسے موقعہ پر اللہ ہی کی مدد ہوتی ہے جو حق ہے وہ بہتر ہے ثواب کے اعتبار سے اور بہتر ہے انجام کے اعتبار سے۔

۳۸: لٰکِنَّا۔ (لیکن میری بات تو یہ ہے) قراءت: وصل میں الف کے ساتھ شامی نے پڑھا۔ باقی قراء نے بلا الف پڑھا۔ اور الف کے ساتھ وقف کی حالت میں تمام قراء کا اتفاق ہے۔ اس کی اصل لٰکِنْ اَنَا ہے۔ ہمزہ کو حذف کیا اس کی حرکت لٰکِنْ کے نون پر ڈال دی گئی۔ دونون ملے پہلی کو دوسری میں ساکن کرنے کے بعد ادغام کر دیا۔

ھُوَ اللّٰہُ رَبِّیْ (وہی اللہ میرا رب ہے) ھو ضمیر شان ہے تقدیر عبارت یہ ہے الشان اَللّٰہ رَبِّیْ اور پورا جملہ اَنَا کی خبر ہے۔ اور یا ءضمیر اس کی طرف لوٹنے والی ہے۔ اکفرت کا استدراک ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے قال لا خیہ انت کافر باللّٰہ لکنی مؤمن موحّد اس نے اپنے بھائی کو کہا تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرنے والا ہے۔ لیکن میں مؤمن موحد ہوں۔ جیسا کہتے ہیں زید غائب لکن عمرٌوا حاضر اس میں حذف ہے ای اقول ھو اللّٰہ اور اس کی دلیل ولا اشرک بربی احدًا کا عطف ہے۔ وَلَآ اُشْرِکُ بِرَبِّیْٓ اَحَدًا (اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا)

۳۹: وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَاشَآ ءَ اللّٰهُ (جب تم باغ میں داخل ہوئے تھے تو تم نے کیوں ماشاء اللّٰہ لا قوۃ الا باللّٰہ نہیں کہا)

نحو: لو لا ھَلاَّ کے معنی میں ہے۔ ماشآء کا ما موصولہ ہے اور مبتدا محذوف کی خبر ہونے کی وجہ سے محلا مرفوع ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے اَلْاَمْرُ مَاشَاءَ۔ نمبر۲۔ ما شرطیہ ہے اور موقع کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور جزاء محذوف ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے ای شیء شاء اللّٰہ کان ۔ جو اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں ہو جاتی ہے۔

اب مطلب یہ ہوا تم نے باغ میں داخلے کے وقت اور جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں رزق دیا اس کو دیکھ کر ماشاء اللہ والی بات کیوں نہ کہی جس سے یہ اعتراف ہوتا کہ یہ باغ اور جو کچھ اس میں ہے وہ تمام اللہ تعالیٰ کی مشیت سے میسر ہوا ہے اور اس کا معاملہ اب بھی اس کے قبضہ واختیار میں ہے۔ اگر چاہے اس کو آباد رہنے دے اور اگر چاہے اس کو برباد کردے۔

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (نہیں ہے قوت مگر اللہ تعالیٰ کی مدد کے ساتھ) یہ اقرار کرتے ہوئے کہ اس کی تعمیر و آبادی اور تمام تر تدابیر اس کی اعانت سے میسر ہوئی ہے۔ اور اس کی تائید میں شامل حال ہے۔

اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا (اگر تو دیکھتا ہے کہ میں تجھ سے مال واولاد میں کم ہوں)

## قراءت ونحو:

جنہوں نے اَقَلَّ کو منصوب پڑھا انہوں نے اَنَا کو فاصل قرار دیا۔ اور جنہوں نے (کسائی وغیرہ نے) رفع دیا انہوں نے اَنَا کو مبتدا اور اقلّ کو خبر بنایا۔ اور جملہ ترنی کا مفعول دوم ہے۔ وَّوَلَدًا اس میں ان مفسرین کی بات کو پختگی ملتی ہے جنہوں نے نفر کی تفسیر اس آیت میں اولاد سے کی ہے۔ واعز نفرا [الکہف: ۳۴]

## مجھے باغِ جنت ملے گا:

۴۰: فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ (پس امید ہے کہ عنقریب میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر اور بڑھیا چیز عنایت فرمائیگا) دنیا میں یا آخرت میں وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا (اور تیرے باغ پر تقدیری آفت بھیج دے گا) حسبانًا سے عذاب مراد ہے۔ مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا (آسمان سے پھر وہ چٹیل چکنا میدان بن جائے گا) صعیداً زلقاً سفید زمین جس کی ملائمت کی وجہ سے اس پر لوگ پھسلیں۔

## تیرا باغ تباہ ہوگا:

۴۱: اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا (یا اس کا پانی زمین میں اتنی گہرائی میں چلا جائے) غورا کا معنی غائر یعنی زمین کی گہرائی میں جانے والا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا (کہ تو اس کو تلاش بھی نہ کر سکے) اس کی طلب وتلاش تیرے لئے ممکن نہ ہو۔ پالینا تو درکنار رہا۔ مطلب یہ ہے اگر تو مجھے فاقہ مست دیکھ رہا ہے۔ میں قدرت الٰہی سے اس بات کی توقع رکھتا ہوں کہ وہ مجھے تیرے باغ سے بہتر باغ دے دے گا اور تیرے کفرانِ نعمت کے باعث ہر چیز تجھ سے چھین لے گا اور تیرے باغ کو برباد کردے گا۔

## نتیجہ کفر و شرک میں تباہی:

۴۲: وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ (اور احاطہ کرلیا گیا اس کے پھلوں کا) ہلاکت کی تعبیر ہے۔اصل میں یہ احاطه به العدو سے لیا گیا ہے۔ کیونکہ دشمن جب گھیر لے تو وہ اس کا مالک اور اس پر مسلط ہو جاتا ہے پھر یہ ہر ہلاکت کیلئے استعمال ہونے لگا۔فَاَصْبَحَ (پس اس کافر نے صبح کی) يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ (وہ کفِ افسوس مل رہا تھا) ایک ہاتھ کو دوسرے پر افسوس و شرمندگی سے مار رہا تھا۔دو ہاتھوں کا پلٹنا یہ ندامت وحسرت سے کنایہ ہے کیونکہ شرمندہ اپنی ہتھیلیوں کو الٹتا ہے جیسا کہ اس سے بعض ہتھیلی اور سقوط فی الید کنایۃً مراد لی جاتی ہے۔اور اس لئے بھی کہ یہ ندامت کے معنی میں ہے۔اس کو علی سے متعدی لائے گویا اس طرح کہا۔فاصبح یندم۔

عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا (اس پر جو کچھ اس نے خرچ کیا تھا) اس کی آبادی و تعمیر میں وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا (وہ باغ اپنی چھتریوں سمیت زمین پر گرا پڑا تھا) اس کی بیلیں جن چھتریوں پر چڑھی ہوئی تھیں وہ چھتریاں زمین بوس ہو کر بیلوں کو تباہ کر چکی تھیں۔چھتریوں کے ملبہ پر بیلیں ڈھیر ہو چکی تھیں۔

وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا (اور وہ کہنے لگا کیا اچھا ہوتا اگر میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا) اس کو اپنے بھائی کی نصیحت یاد آگئی جس سے اس کو معلوم ہو گیا کہ یہ وبال اس کے کفر اور سرکشی کی وجہ سے آیا ہے۔پس اس کے دل میں تمنا پیدا ہوئی کاش کہ وہ شرک نہ کرتا۔تو اللہ تعالیٰ اس کا باغ تباہ نہ کرتا مگر یہ بے وقت کی تمنا تھی۔مگر یہ بھی درست ہے کہ اس کا مطلب شرک سے توبہ ہو اور گزشتہ حرکت پر شرمندگی اور ایمان میں داخل ہونا مراد ہو۔

۴۳: وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ (اور اس کے پاس کوئی ایسا مجمع نہ تھا جو اس کی مدد کرتا) جو اس کی مدد کرنے پر قدرت رکھتا۔مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے سوا) یعنی وہ اکیلا ہی اس کی نصرت پر قادر تھا۔اس کے سوا کوئی ایک بھی اس کی مدد نہ کر سکتا تھا۔مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کی وجہ سے اس کی مدد نہ کی۔وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا (نہ وہ خود ہم سے بدلہ لے سکا) یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے انتقام کو قوت سے روک نہ سکا۔

## اصل مدد کا اختیار اللہ کو:

۴۴: هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ (وہاں مدد کرنا اللہ برحق ہی کا کام ہوگا)

قراءت: حمزہ اور علی نے پچھلی آیت میں تکن کو یکن اور الولایۃ کو کسرۂ واؤ سے پڑھا ہے۔الولایۃ نصرت،دوستی اور کسرہ کے ساتھ غلبہ اور بادشاہی کے معنی میں ہے۔هنالك کا مطلب اس مقام میں وہ حال خالص اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت کا ہوگا۔اس کے سوا کسی کو اختیار نہ ہوگا۔اور نہ کسی کو طاقت ہوگی۔یہ لم تكن لهٗ فئة ينصرونه من دون اللّٰه کی تقریر ہے۔

نمبر۲۔وہاں سلطنت اور بادشاہت اللہ تعالیٰ ہی کی ہے جو مغلوب نہیں ہو سکتا۔نمبر۳۔اس سخت حالت میں اللہ تعالیٰ ہی ذمہ دار ہونگے اور ہر مجبور اس پر ایمان لے آئے گا۔یعنی اس کا قول يَا لَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا مجبوری کا کلمہ ہے۔جس پر وہ مجبور ہوا جبکہ اس نے کفر کی نحوست سامنے دیکھی اگر وہ مصیبت نہ دیکھتا تو ایسا نہ کہتا۔

نمبر۴۔وہاں ولایت اللہ تعالیٰ کیلئے ہے۔وہ اپنے مؤمنین بندوں کی کفار کے خلاف مدد کرتا ہے اور ان کے لئے کفار سے

انتقام لیتا ہے۔مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مؤمن بندے کی کافر کے خلاف مدد کی اس کی بات کو سچا کر دیا۔فعسٰی ربی ان یوتین خیرًا من جنتك ویرسل علیها حسبانا من السماء اوراس کی تائید آیت کے اگلے حصہ سے بھی ہوتی ہے۔
هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ عُقْبًا (اسی کا ثواب سب سے بہتر ہے اوراسی کا نتیجہ سب سے اچھا ہے ) یعنی اپنے اطاعت گزاروں کو سب یعنی سے بہتر بدلہ دیتا ہے۔نمبر۵۔هنالك سے آخرت کی طرف اشارہ ہے۔یعنی اس جہان میں ولایت اللہ ہی کیلئے ہے جیسا کہ اس ارشاد میں لمن الملك الیوم [غافر:۱۶]
قراءت: ابوعمرو اورعلی نے الحق کو مرفوع پڑھا اوراس کو الولایۃ کی صفت قرار دیا۔نمبر۲۔یا مبتدا محذوف هِیَ کی خبر ہے یا هُوَ کی۔ دیگر قراء نے کسرہ سے پڑھا اس صورت میں اللہ کی صفت ہے۔عُقْبًا کو عاصم ،حمزہ نے سکونِ قاف سے پڑھا جبکہ دیگر نے ضمہ کے ساتھ۔اورشاذ قراءت میں عُقْبٰی کو فُعْلٰی کے وزن پر پڑھا گیا۔تمام کا معنی عاقبت ونتیجہ ہے۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ

اور آپ ان لوگوں سے دنیاوی زندگی کی حالت بیان کیجئے، جیسے کہ پانی ہو جو ہم نے آسمان سے اتارا، پھر اس کے ذریعہ زمین سے اگنے والی

بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

چیزیں خوب گنجان ہوگئیں، پھر وہ چورا چورا ہو کر رہ گیا، جسے ہوائیں اڑا رہی ہیں، اور اللہ ہر چیز پر

مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ

قادر ہے، مال اور بیٹے دنیاوی زندگی کی زینت ہیں، اور باقی رہنے والے اعمال صالحہ آپ کے رب کے

عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ

نزدیک ثواب کے اعتبار سے بہتر ہیں اور امید کے اعتبار سے بھی، اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلا دیں گے اور اے مخاطب تو زمین کو دیکھے گا کہ وہ کھلا میدان ہے

وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا

اور ہم ان سب کو جمع کریں گے سو ان میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑیں گے، اور وہ آپ کے رب پر صفیں بنائے ہوئے پیش کئے جائیں گے، بلاشبہ آج تم ہمارے پاس اسی حالت میں آئے ہو جیسا

خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى

کہ ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، بلکہ بات یہ ہے کہ تم نے یوں سمجھا کہ ہم تمہارے لیے کوئی وقت موعود مقرر نہ کریں گے، اور اعمال نامے رکھ دیئے جائیں گے تو آپ

الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ

مجرمین کو دیکھیں گے کہ ان میں جو کچھ ہے اس سے ڈر رہے ہیں اور وہ کہتے ہوں گے کہ ہائے ہماری بربادی! یہ کیسی کتاب ہے کہ اس نے کسی چھوٹے یا بڑے کو

ع ۶ ۵ ۱۸ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾

نہیں چھوڑا جسے لکھ نہ لیا ہو، اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب موجود پائیں گے۔ اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا۔

## بے ثباتی دنیا کی مثال:

۴۵: وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ (آپ ان کے سامنے دنیا کی زندگی کی حالت بیان کیجئے کہ وہ ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا) وہ دنیا کی زندگی میں پانی جیسی ہے جس کو آسمان سے اتارا۔

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ (پھر اس کے ذریعہ زمین کی نباتات خوب گنجان ہوگئی)۔ نمبرا۔ اس کے سبب سے گھنی ہوگئی

اور آپس میں لپٹ گئی ایک دوسرے میں گھس گئی۔نمبر۲۔ پانی نبات میں اثر انداز ہو کر اس سے مل جل گیا یہاں تک کہ وہ نبات سیراب ہوگئی۔

فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا (پھر وہ ریزہ ریزہ ہوگئی) خشک اور ٹکڑے ٹکڑے هشیما کا واحد هشیمة ہے خشک ریزہ ریزہ۔تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ (کہ ہوائیں اس کو اڑائے پھرتی ہیں) یعنی منتشر کرتی اور اڑائے پھرتی ہیں۔

قراءت: حمزہ اور علی نے الرِّيْحَ پڑھا ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ (اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر) پیدا کرنے اور فناء کرنے کی مُّقْتَدِرًا (قدرت رکھتے ہیں) آیت میں دنیا کی تروتازگی رونق و بہار کو اور جو اس کے بعد ہلاکت وفناء اس پر طاری ہوتی ہے اُس کو نباتات سے تشبیہ دی جو پہلے سرسبز پھر خشک ہو کر اس کو ہوائیں اڑائے پھرتی ہیں گویا موجود ہی نہ تھی۔

## مال واولاد قبر کا زادِراہ نہیں بلکہ نیک عمل ہیں:

۴۶: اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (مال واولاد دنیا کی زندگی کی ایک رونق ہیں) قبر کا زادِراہ نہیں اور نہ آخرت کا سامان ہے۔وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ (اور باقی رہنے والے نیک اعمال) وہ اعمال خیر جن کا پھل انسان کیلئے باقی رہتا ہے۔نمبر۲۔ پانچوں نمازیں نمبر۳۔سبحان اللّٰہ، الحمد للّٰہ ، لا الٰہ الاّ اللّٰہ واللّٰہ اکبر۔

خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا (بدرجہا بہتر ہیں آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے) بدلہ کے اعتبار سے وَّ خَيْرٌ اَمَلًا (اور امید کے لحاظ سے بھی افضل ہیں) کیونکہ وہ سچا وعدہ ہے اور اکثر امیدیں تو جھوٹی ہوتی ہیں یعنی ان باقیات صالحات کو کرنے والا دنیا میں اللہ تعالیٰ کے ثواب کا امیدوار ہے اور آخرت میں وہ اس ثواب کو پالے گا۔

## قیامت کا منظر:

۴۷: وَيَوْمَ (اور اس دن کو یاد کرو) نُسَيِّرُ الْجِبَالَ (جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے)

قراءت: مکی، شامی اور ابوعمرو نے تُسَيَّرُ الجبال پڑھا ہے۔اس کا معنی وہ فضاء میں تیریں گے اور چلائے جائیں گے۔نمبر۲۔ ان کو ختم کر کے بکھرے ہوئے باریک ذرات بنا دیا جائے گا۔وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً (اور تم زمین کو کھلا ہوا دیکھو گے) اس پر کوئی ایسی چیز نہ ہوگی جو اس کو ڈھانپے جیسے کہ پہاڑ، درخت وغیرہ۔

وَّ حَشَرْنٰهُمْ (اور ہم ان سب کو اٹھا کھڑا کریں گے) یعنی مُردوں کو فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا (پس ہم ان میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑیں گے) ہم نہ چھوڑیں گے۔غادر کا معنی ترک ہے اور اسی سے الغَدَر ہے وفاداری کو چھوڑنا ہے الغدیر: وہ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔

## پیشیٔ بارگاہ الٰہی:

۴۸: وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا (اور تمام کو تیرے رب کے روبرو برابر کھڑا کر کے پیش کیا جایگا) اس حال میں کہ صف

باندھنے والے روبروآنے والے ہونگے۔ان کی جماعت بھی اسی طرح سامنے نظر آئے گی جیسے ایک سامنے آتا ہے۔ایک دوسرے کے سامنے رکاوٹ نہ ہوگا۔لوگوں کی پیشی کو ایسے لشکر سے تشبیہ دی جو بادشاہ کے سامنے پیش ہونے والا ہو۔

لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا (تحقیق تم ہمارے پاس آئے ہو) یعنی ہم ان کو کہیں گے واقعی تم ہمارے سامنے آگئے ہو یہ جئتمونا مضمر یوم نُسَیِّرُ کے نصب میں عامل ہے۔ كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ (جیسا ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا) ہم نے تمہیں اسی طرح اٹھادیا جیسا ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا۔نمبر۲۔تم ہمارے پاس ننگے آؤ گے تمہارے پاس کوئی چیز نہ ہوگی۔جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا۔اور وَحَشَرْنٰهُمْ کو ماضی کے صیغہ اور نُسَیِّر اور تری کو مضارع لائے۔کیونکہ ان کے حشر کے لئے تیسیر اور بروز سے قبل دلالت موجود ہے۔تا کہ وہ ان احوال کو ملاحظہ کرسکیں۔گویا اس طرح فرمایا۔وَحَشَرْنٰهُمْ قَبْلَ ذٰلِكَ (مگر یہ بات سمجھ نہیں آرہی کیونکہ پہاڑوں کا اڑانا اور زمین کا چٹیل بننا پہلے وہلۂ قیامت میں ہوگا۔جبکہ حشر نفخۂ ثانیہ کے ساتھ ہوگا۔اس وقت پہاڑوں کا وجود نہیں ہوگا۔زمین چٹیل میدان ہوگی۔مترجم)

بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا (بلکہ تم یہ سمجھتے رہے کہ ہم تمہارے لیے کوئی وقت موعود نہ لائیں گے) ایسا وقت جس میں وہ وعدہ پورا ہو جو انبیاء علیہم السلام کی زبانی کیا گیا کہ دوبارہ اٹھایا جائے گا اور تمام مخلوق کو جمع کیا جائے گا۔نمبر۲۔محاسبہ کے مکان کا وعدہ۔

## نامۂ عمل کا کھلنا:

۴۹: وَوُضِعَ الْكِتٰبُ (اور اعمال نامے رکھے جائیں گے) الکتاب سے صحائف اعمال مراد ہیں۔فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ (پس آپ مجرموں کو دیکھیں گے کہ وہ ڈرتے ہونگے) مشفقین کا معنی خائفین ہے۔مِمَّا فِيْهِ (اس سے جو کچھ اس میں ہوگا) یعنی گناہ۔

وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً (اور وہ کہیں گے ہائے ہماری کم بختی اس نامہ اعمال کی عجیب حالت ہے کہ نہ کوئی چھوٹا گناہ چھوڑتا ہے اور نہ بڑا) یعنی کسی معمولی گناہ کو بھی نہیں چھوڑتا۔اِلَّا اَحْصٰهَا (بغیر لکھے اور شمار کیے) ان کو ضبط کرنے اور قلم بند کرنے والا ہے۔وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا (اور جو کچھ انہوں نے عمل کیا اس کو وہ موجود پائیں گے) نامۂ اعمال میں۔خواہ وہ سرکشی تھی یا بدلہ کسی چیز کا جو انہوں نے عمل کیا۔وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا (اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا) کہ وہ اس کے ذمہ وہ لکھ دے جو اس نے عمل نہیں کیا۔نمبر۲۔یا اس کی سزا زیادہ دے دے۔نمبر۳۔بلا جرم سزا دے دے۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ تم آدم کو سجدہ کرو تو ان سب نے سجدہ کر لیا مگر ابلیس نے نہ کیا وہ جنات میں سے تھا

فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ

سو وہ اپنے رب کی فرمانبرداری سے نکل گیا، کیا تم پھر بھی مجھے چھوڑ کر اسے اور اسکی ذریت کو دوست بناتے ہو۔ حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں،

بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝۵۰ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ

یہ ظالموں کے لیے بہت برا بدل ہے، میں نے انہیں آسمانوں کے اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت نہیں بلایا اور نہ ان کے پیدا کرنے کے

اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝۵۱ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَاۗءِيَ

وقت اور میں گمراہ کرنے والوں کو اپنا مددگار بنانے والا نہیں ہوں۔ اور اس دن کو یاد کرو جس دن اللہ فرمائے گا کہ تم انہیں بلاؤ جنہیں تم

الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۝۵۲ وَرَاَ

میرا شریک سمجھتے تھے۔ پس وہ ان کو پکاریں گے سو وہ انہیں جواب ہی نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان ایک آڑ بنا دیں گے۔ اور

الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝۵۳ ع ۷ ۱۹

مجرم لوگ دوزخ کو دیکھیں گے پھر یقین کر لیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں۔ اور اس سے بچنے کی کوئی راہ نہ پائیں گے۔

## سجدۂ ملائکہ اور سرکشی شیطان:

۵۰: وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ (اور جب ہم نے ملائکہ کو حکم دیا کہ وہ آدم کو سجدہ کریں) یہ سجدۂ تحیہ تھا۔ نمبر۲۔ سجدہ اطاعت وانقیاد تھا۔ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ (پس انہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا وہ جنات میں سے تھا) یہ جملہ مستانفہ ہے گویا کوئی کہتا ہے اس نے سجدہ کیوں نہ کیا تو جواب دیا کہ وہ جنات میں سے تھا۔ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ (پس اس نے اپنے رب کے حکم کی تعمیل نہ کی) وہ اس سے نکل گیا جو اس کے رب نے سجدہ کرنے کا حکم دیا تھا۔

نکتہ: یہ دلیل ہے کہ اس کو بھی ملائکہ کے ساتھ سجدہ کا حکم ملا تھا۔

## سب کو دوست مت بناؤ:

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ (کیا پھر بھی تم اس کو اور اس کی اولاد کو بناتے ہو) اس میں ہمزہ انکار اور تعجب کیلئے ہے۔ گویا تقدیر عبارت یہ ہے کیا ایسی بات کے پائے جانے کے بعد بھی تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے سوا کارساز بناتے ہو۔ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ (میرے سوا رفیق و دوست) اور ان کو میرے بدلے میں اختیار کرتے ہو۔ شیطان کی ذریت سے مراد نمبر۱۔ لاقیس یہ نماز

میں وسوسے ڈالتا ہے۔ نمبر۲۔ الاعور یہ زنا کی طرف راغب کرتا ہے۔ نمبر۳۔ بتر یہ مصائب میں مبتلا کرتا ہے۔ نمبر۴۔ مطوس افواہیں پھیلاتا ہے۔ نمبر۵۔ داسم یہ جہاں اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جائے ان کے ساتھ مل کر کھاتا ہے۔ وَھُمْ لَکُمْ عَدُوٌّ (وہ تمہارے دشمن ہیں) عدو کا لفظ مفرد ہے مگر معنی جمع کا ہے۔ بِئْسَ لِلظّٰلِمِیْنَ بَدَلًا (ظالموں کا بدلہ بہت برا ہے) اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ ابلیس جس کو بدلے میں ملے یہ بدترین بدلہ ہے۔ اس لئے کہ اس نے ابلیس کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے بدلے اختیار کر لیا۔

۵۱: مَآ اَشْھَدْ تُّھُمْ (میں نے ان کو نہیں بلایا) ابلیس اور اس کی اولاد کو خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں) تم نے ان کو عبادت میں میرا شریک بنا ڈالا۔ یہ عبادت میں شریک تب بنتے۔ جبکہ الوھیت میں شریک ہوتے۔ پس الوھیت میں شراکت کی نفی ما اشھد تھم خلق السمٰوٰت والارض سے کر دی کہ ان کی پیدائش میں ان سے مدد لیتا۔ نمبر۲۔ ان سے کم از کم مشورہ کرتا۔ مطلب یہ ہے کہ جب ان اشیاء کی تخلیق میں میں یکتا ہوں تو تم اے انسانو! عبادت میں مجھے یکتا مانو! وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِھِمْ (اور نہ ان کو پیدا کرنے کے وقت) ان ہی میں سے بعض کی پیدائش کے وقت دوسروں کو میں نے نہیں بلایا۔ یہ اس طرح ہے جیسا اس ارشاد میں ولا تقتلوا انفسکم [النساء: ۲۹] وَمَا کُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّیْنَ عَضُدًا (اور میں گمراہوں کو معاون بنانے والا نہ تھا) یعنی میں ان کو مددگار بنانے والا نہ تھا۔ یہاں ضمیر کی بجائے المضلین ظاہر استعمال فرمایا تاکہ اضلال پر ان کی مذمت زیادہ ہو جائے۔ پس جب وہ تخلیق میں میرے معاون نہ تھے تو تم ان کو عبادت میں میرا شریک کیوں بناتے ہو؟

۵۲: وَیَوْمَ یَقُوْلُ (اور اس دن کو یاد کرو جب اللہ تعالیٰ فرمائیں گے) اللہ تعالیٰ کفار کو فرمائیں گے۔

قراءت: حمزہ نے نَقُوْلُ پڑھا ہے۔

نَادُوْا (تم پکارو) بلند آواز سے پکارو۔ شُرَکَآءِ یَ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ (میرے ان مفروضہ شریکوں کو جن کو تم میرا شریک گمان کرتے تھے) کہ وہ میرے شریک ہیں اور میرے عذاب سے وہ تمہیں بچائیں گے۔ مراد یہاں جن لئے اور شرکاء کا لفظ بطور توبیخ کے ان کے گمان کے پیش نظر بڑھایا گیا۔ فَدَعَوْھُمْ فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَھُمْ وَجَعَلْنَا بَیْنَھُمْ مَّوْبِقًا (پھر وہ ان کو پکاریں گے مگر وہ ان کو جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان ایک آڑ حائل کر دیں گے) موبقًا ہلاکت گاہ یہ وبق یبق وبوقًا سے لیا گیا جس کا معنی ہلاک ہونا۔ نمبر۲۔ موعد کی طرح یہ مصدر میمی ہے اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ہم ان کے درمیان ایک جہنم کی وادی حائل کر دیں گے۔ اور وہ وادی ہلاکت کی جگہ ہوگی اور سخت عذاب کا مقام ہوگا اور اس میں وہ اکٹھے ہلاک ہونگے۔

نمبر۲۔ ملائکہ، عزیر، عیسیٰ علیہم السلام مراد ہیں۔ اور الموبق سے مراد آڑ اور دور والا پردہ ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ہم ان نیک لوگوں اور ان کے مابین بہت فاصلہ کر دیں گے کیونکہ یہ کفار تو جہنم کی گہرائی میں ہونگے اور وہ صالحین اعلیٰ جنتوں میں ہونگے۔

## مجرم کو آگ کا یقین ہو جائے گا:

۵۳: وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا (اور مجرمین آگ کو دیکھ کر یقین کر لیں گے) ان کو پختہ یقین ہو جائے گا۔ اَنَّھُمْ مُّوَاقِعُوْھَا (کہ وہ اس میں پڑنے والے ہیں) اس میں جلنے والے اور پڑنے والے ہیں۔ وَلَمْ یَجِدُوْا عَنْھَا (اور وہ اس آگ سے نہ پائیں گے) ھا کا مرجع نار ہے۔ مَصْرِفًا (بچنے کی راہ) لوٹنے کا راستہ۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ

اور لوگوں کے لیے ہم نے اس قرآن میں طرح طرح کے عمدہ مضامین بیان کیے۔ اور انسان جھگڑنے میں بہت زیادہ بڑھ کر

جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ

ہے۔ اور ہدایت آ جانے کے بعد لوگوں کو ایمان لانے اور اپنے رب سے مغفرت طلب کرنے سے صرف اس بات نے روکا ہے

اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَمَا نُرْسِلُ

کہ ان کے ساتھ اگلے لوگوں جیسا معاملہ ہو جائے یا ان کے آمنے سامنے عذاب آ جائے۔ اور ہم پیغمبروں کو

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

صرف بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ہی بنا کر بھیجتے رہے ہیں۔ اور جن لوگوں نے کفر اختیار کیا وہ باطل کے ذریعہ جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ

بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ

حق کو بنا دیں اور ان لوگوں نے میری آیات کو اور جس چیز سے ان کو ڈرایا گیا مذاق کی چیز بنا رکھا ہے۔ اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اس کے رب کی

رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ

آیتوں کے ذریعہ نصیحت کی گئی سو اس نے ان سے روگردانی کی اور جو کچھ اس نے آگے بھیجا ہے اسے بھول گیا بلاشبہ ہم نے ان کے دلوں پر اس کے سمجھنے سے پردے ڈال

يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا

دیئے ہیں۔ اور ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے۔ اگر آپ ان کو ہدایت کی طرف بلائیں تو ایسی حالت میں ہرگز ہدایت پر

اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

نہ آئیں گے۔ اور آپ کا رب بہت مغفرت کرنے والا ہے رحمت والا ہے، اگر وہ لوگوں کی ان کے اعمال کی وجہ سے گرفت فرماتا تو ان کے لیے جلد ہی عذاب

الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ

بھیج دیتا، بلکہ ان کے لیے ایک وقت مقرر ہے، اس وقت وہ اس سے ورے کوئی پناہ کی جگہ ہرگز نہ پائیں گے۔ اور ان بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا

لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع

جب کہ انہوں نے ظلم کیا اور ہم نے ان کے ہلاک ہونے کے لیے وقت مقرر کر رکھا تھا۔

## قرآن کے مضامین عمدہ ہیں:

۵۴: وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ (اورہم نے اس قرآن میں لوگوں کی ہدایت کے واسطے ہرقسم کے عمدہ مضامین طرح طرح سے بیان کردیئے) كُلِّ مَثَلٍ سے مراد جن کی ان کو ضرورت پڑسکتی ہے۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا (مگر انسان جھگڑا کرنے میں سب سے بڑھ کر ہے) جَدَلًا یہ تمیز ہے۔ ان تمام چیزوں سے جن کی طرف سے جھگڑا ہوتا انسان سب سے بڑھ کر جھگڑالو ہے۔ اگر تم ان کو الگ الگ کر کے جھگڑے کیلئے اور باطل جھگڑنے کیلئے جدا کرو۔ مطلب یہ ہے کہ انسان کا جھگڑا ہر چیز کے جھگڑے سے بڑھ کر ہے۔

## مگر ایمان سے رکاوٹ یہ ہے کہ وہ پہلے لوگوں کی طرح منتظر عذاب ہیں:

۵۵: وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰی (اورلوگوں کو ہدایت آنے کے بعد ایمان سے نہیں روکا) الھدٰی سے مراد سبب ہدایت اور وہ کتاب اور رسول ہیں۔ وَیَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِیَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِیْنَ اَوْ یَاْتِیَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا (اور اپنے پروردگار سے معافی مانگنے سے اورکوئی مانع نہیں رہا مگر یہ بات کہ ان کے ساتھ گزرے ہوئے لوگوں کا سا معاملہ ہو یا اللہ تعالیٰ کا عذاب ان کے سامنے آ کھڑا ہو) پہلا اَنْ نصب اور دوسرا مرفوع ہے۔ اور اس سے قبل مضاف محذوف ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے وما منع الناس الایمان والاستغفار الا انتظار ان تاتیهم سنة الاولین وهی الاهلاك او انتظار ان یاتیهم العذاب ای عذاب الآخرة۔ اورلوگوں کو ایمان لانے اور استغفار سے اس بات نے روک دیا کہ ان کے پاس پہلے لوگوں کا طریقہ یعنی ہلاکت آ جائے۔ یا اس انتظار نے کہ آخرت کا عذاب ان کے سامنے آ کھڑا ہو۔

قراءت: قُبُلًا کوفی نے ضمتین سے پڑھا ہے قبیل کی جمع ہے اور معنی اقسام ہوگا۔ باقی قراء نے قِبَلًا پڑھا جس کا معنی ہے سامنے ظاہر۔

## رسول تو صرف مبشر ومنذر ہیں:

۵۶: وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّا مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ (اورہم رسولوں کو بشارت دینے اور ڈرانے کیلئے بھیجتے ہیں)

قراءت: اس پر وقف کیا جائے گا۔ اور جملہ وَیُجَادِلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ مستانفہ ہے (اور کافر ناحق باتیں پکڑ کر جھگڑے نکالتے ہیں) باطل سے مراد انکا وہ مشہور مقولہ ہے جو انہوں نے انبیاء علیہم السلام کو کہا: ما انتم الا بشر مثلنا ولو شاء الله لانزل ملائكة وغیر ذٰلك۔

## کافر حق کو مٹانے کے لئے ان سے ناحق جھگڑتے ہیں:

لِیُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ (تا کہ اس کے ذریعہ وہ حق بات کو پھسلا دیں) حق سے نبوت مراد ہے تا کہ وہ جھگڑا ڈال کر نبوت کے اثرات کو زائل اور باطل کر دیں۔ وَاتَّخَذُوْٓا اٰیٰتِیْ (اور انہوں نے بنایا میری آیات کو) یعنی قرآن کو وَمَآ اُنْذِرُوْا (اور جس سے ان کو ڈرایا گیا) ما موصولہ ہے۔ اور صلہ کی طرف راجع ضمیر محذوف ہے۔ یعنی جس عذاب سے ان کو ڈرایا گیا نمبر۲۔ ما مصدریہ

ہے اور انکا ڈرانا۔ هُزُوًا (اس کا مذاق بنایا) استہزاء کی جگہ بنالیا۔

قراءت: حمزہ نے زاء کے سکون اور ہمزہ سے پڑھا۔ حفص نے ہمزہ کو واؤ سے بدل کر اور دیگر قراء نے راء کے ضمہ اور ہمزہ سے پڑھا ہے۔

## قرآن سے نصیحت کی جاتی ہے مگر یہ مُنہ موڑنے والے ہیں:

۵۷: وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ (اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا۔ جس کو اس کے رب کی آیات کے ذریعہ نصیحت کی گئی) آیات سے قرآن مراد ہے۔ اسی لئے ضمیر اَنْ يفقهوهُ میں مذکر لائی گئی ہے۔ فَاَعْرَضَ عَنْهَا (پھر اسنے ان آیات سے اعراض کیا) نصیحت کے وقت نصیحت کو قبول نہ کیا۔ اور نہ تدبر سے کام لیا۔ وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ (اور جو کچھ وہ کر چکا اس کو بھول گیا) یعنی اس کے انجام کو بھول گیا جو اس کے ہاتھوں نے کر کے آگے بھیج دیا ہے۔ جیسے کفر، معاصی بلا کسی سوچ و بچار اور بغیر اس بات کو پیش نظر رکھنے کے کہ گناہ گار اور نیکوکار کو بدلہ ملے گا۔ پھر ان کے نسیان اور اعراض کی تعلیل یہ بیان کی کہ ان کے دلوں پر مہر کی جا چکی اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً (ہم نے ان کے دلوں پر حق سے پردے ڈال دیئے ہیں) اکنّہ کا معنی پردے یہ کنان کی جمع ہے وہ ڈھکنے کو کہتے ہیں۔ اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا (کہ وہ اس کو سمجھیں اور ان کے کانوں میں ڈاٹ رکھ دیئے) وقر حق کے سننے سے بوجھ کو کہتے ہیں اور مفرد کے بعد پھر جمع لفظ من کے لحاظ سے لائی گئی ہے اور اس کا معنی یہ ہے۔ اے محمد ﷺ اگر تم ان کو۔

وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا (ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ ہرگز راہ راست پر نہ آئیں گے) الهدیٰ سے ایمان مراد ہے۔ لن يهتدوا کہہ کر بتلایا کہ وہ بالکل ہدایت کو قبول نہ کریں گے۔ اِذًا (اس وقت) یہ جزاء اور جواب شرط ہے یہ دلالت کر رہی ہے کہ انہوں نے دعوت رسول سے ہدایت کو قبول نہیں کیا۔ اس طرح کہ جو چیز ان کی ہدایت کا سبب بننا چاہیے تھی اس کو انہوں نے ہدایت سے رکنے کا ذریعہ بنالیا۔ اور اس طور پر کہ یہ رسول کو جواب ہے جبکہ تقدیر عبارت اس طرح ہو۔ مَالِيَ لَا اَدْعُوْهُمْ حِرْصًا عَلٰى اِسْلَامِهِمْ ؟ میں ان کے اسلام کی حرص کے باوجود ان کو دعوت کیوں نہیں دے رہا؟ تو جواب دیا کہ اگر آپ ان کو ہدایت کی طرف دعوت دیں بھی پھر بھی اسوقت ہرگز ہدایت کو قبول نہ کریں گے۔

اَبَدًا (کبھی بھی) مکلّف بنائے جانے کے پورے زمانہ میں۔

## وقت موعود تک رحمت سے بچے ہوتے ہیں:

۵۸: وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ (اور آپکا رب بخشنے والا ہے) انتہائی بخشش کرنے والا۔ ذُو الرَّحْمَةِ رحمت والا ہے۔ رحمت کی صفت سے متصف ہے۔ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ (اگر ان سے ان کے اعمال پر دارو گیر کرتا تو ان پر فوراً ہی عذاب واقع کر دیتا) یعنی اہل مکہ سے جلد مواخذہ نہ کرنا۔ یہ محض اسکی رحمت ہے حالانکہ اہل مکہ کو رسول ؐ سے شدید دشمنی ہے۔ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ (بلکہ ان کیلئے ایک وعدہ کا وقت ہے) اور وہ یوم بدر ہے لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا (وہ اس سے ورے کوئی پناہ کی جگہ نہیں پاسکتے) مَوئِلًا کا معنی پناہ گاہ، نجات کی جگہ کہا جاتا ہے آل فلان جب کہ وہ نجات پا جائے آل الیہ جب کہ وہ پناہ لے۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَاۤ اَبْرَحُ حَتّٰۤى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ اَوْ اَمْضِیَ حُقُبًا ۝۶۰

اور جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے جوان سے کہا کہ میں برابر چلتا رہوں گا۔ یہاں تک کہ میں مجمع البحرین کو پہنچ جاؤں یا یوں ہی زمانہ دراز تک چلتا رہوں،

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَیْنِهِمَا نَسِیَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا ۝۶۱ فَلَمَّا

سو جب وہ دونوں مجمع البحرین پر پہنچ گئے تو اپنی مچھلی کو بھول گئے سو وہ مچھلی سمندر میں راستہ بنا کر چلی گئی، سو جب

جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ٘ لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ۝۶۲ قَالَ اَرَءَیْتَ اِذْ اَوَیْنَاۤ

وہ آگے بڑھ گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے جوان سے کہا کہ ہمارا صبح کا کھانا لاؤ اس میں شک نہیں کہ اس سفر کی وجہ سے ہم کو بڑی تکلیف پہنچ گئی، جوان نے کہا کیا آپ کو خبر نہیں جب ہم نے

اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّیْ نَسِیْتُ الْحُوْتَ ٘ وَمَاۤ اَنْسٰىنِیْهُ اِلَّا الشَّیْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ

پتھر کے پاس ٹھکانہ لیا تھا تو بے شک میں مچھلی کو بھول گیا اور مچھلی کو یاد رکھنا مجھے شیطان ہی نے بھلا دیا، اور اس مچھلی نے سمندر میں

سَبِیْلَهٗ فِی الْبَحْرِ ۖۗ عَجَبًا ۝۶۳ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖۗ فَارْتَدَّا عَلٰۤى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ۝۶۴

عجیب طور پر اپنا راستہ بنا لیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا یہی وہ موقعہ ہے جسکی ہمیں تلاش تھی۔ سو وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانوں پر واپس لوٹے۔

۵۹: وَتِلْكَ الْقُرٰى اَهْلَكْنٰهُمْ (یہ بستیاں جن کو ہم نے ہلاک کر دیا)

نحو: تلك مبتدا ہے القریٰ یہ صفت ہے کیونکہ اسمائے اشارہ کی صفت اسم جنس سے لائی جاتی ہے۔ اهلكنا هُمْ یہ خبر ہے۔
نمبر۲۔ تلك القُرٰى یہ اَهْلَكْنَا فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے اور دوسرا اَهْلَكْنَا اس کی تفسیر ہے۔ مطلب یہ ہے یہ بستیوں والے جن کو ہم نے ہلاک کر دیا مراد ان سے قوم نوح، عاد، ثمود ہیں۔ لَمَّا ظَلَمُوْا (جب انہوں نے ظلم کیا) جیسا کہ اہل مکہ کر رہے ہیں۔ وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا (اور ہم نے ان کی ہلاکت کا ایک وقت مقرر کیا) اور ہم نے ان کی ہلاکت کیلئے ایک معلوم و مقرر وقت طے کر دیا۔ جس سے یہ پیچھے نہ ہٹائے گئے۔ جیسا کہ اہل مکہ کیلئے یوم بدر المھلک ہلاک کرنا اور اس کا وقت
قراءت: حفص نے اس کو میم کے فتحہ اور لام کے کسرہ سے پڑھا ہے اور ابو بکر نے دونوں کے فتحہ سے پڑھا ہے۔ اے لِوَقْتِ هَلَاكِهِمْ یا لِهَلَاكِهِمْ اور الموعد وقت کے معنی میں ہے یا مصدر ہے بمعنی وعدہ کرنا۔

## موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ:

۶۰: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ (اور اس وقت کو یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے جوان کو کہا) اِذْ سے پہلے اُذْکر محذوف ہے۔ فَتَاہ سے یوشع بن نون مراد ہیں۔
نکتہ: یہاں فَتَاہ فرمایا کیونکہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی خدمت کرتے تھے اور ان کے ساتھ رہتے اور ان سے علم حاصل کرتے تھے۔ لَاۤ اَبْرَحُ (میں برابر چلا جاؤں گا) نہ ہٹوں گا۔ دلالتِ کلام اور حال کی وجہ سے خبر کو حذف کر دیا۔ پہلی بات یہ ہے کہ وہ حالتِ سفر تھی

اس لئے خبر کو ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ دوسرا اس لئے کہ انکا قول حَتّٰۤى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ ایک غایت مقرر تھی جو مقصد کو خود متعین کر رہی تھی۔ اب اس لحاظ سے معنی یہ ہوگا میں چلتا جاؤں گا یہانتک کہ دو دریاؤں کے جمع ہونے کی جگہ پہنچ جاؤں اور یہ وہی مقام تھا جہاں موسیٰ علیہ السلام سے خضر علیہ السلام کی ملاقات کا وعدہ تھا۔ یہ بحر فارس اور روم کے ملنے کی جگہ ہے۔ خضر کو خضر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ جہاں پہنچتے انکا ارد گرد سبز ہو جاتا ہے۔ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا (یا اسی طرح زمانہ دراز تک چلتا رہوں گا) زمانہ طویل تک چلتا رہوں گا ایک قول یہ ہے کہ اسی سال تک۔

روایات تفسیر یہ میں یہ ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام مصر پر بنی اسرائیل کے ساتھ غالب آ گئے۔ اور قبطیوں کی ہلاکت کے بعد وہاں قرار اختیار کیا تو انہوں نے اپنے رب سے سوال کیا۔ آپ کو اپنے بندوں میں کونسا بندہ پسند ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو مجھے یاد کرتا ہے اور کبھی نہیں بھولتا۔ دوسرا سوال یہ کیا کہ تیرے بندوں میں سے سب سے بہتر فیصلے والا کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو حق کا فیصلہ کرتا ہے اور خواہشات کے پیچھے نہیں چلتا۔ تیسرا سوال یہ کیا کہ کونسا بندہ زیادہ علم والا ہے۔ جواب آیا جو لوگوں کا علم اپنے علم کے ساتھ ملاتا ہے کہ ہوسکتا ہے کوئی ایسا کلمہ مل جائے جس سے راہنمائی میسر آئے یا ہلاکت سے اس کو بچالے۔

پھر عرض کیا اگر تیرے بندوں میں کوئی مجھ سے زیادہ علم والا ہے۔ تو مجھے اس کی راہنمائی فرما دیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تجھ سے زیادہ علم والا خضر ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا۔ میں کہاں اس کو تلاش کروں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا چٹان کے پاس ساحل کے کنارے۔ پھر عرض کیا اے میرے رب میں کیسے اس سے مل سکتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم ایک مچھلی توشہ دان میں لو۔ جہاں وہ گم ہو جائے وہاں تم اس کو پالو گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے خادم کو کہا جب مچھلی غائب ہو جائے تو مجھے اطلاع کر دینا۔ دونوں پیدل سفر پر روانہ ہو گئے۔ موسیٰ علیہ السلام چٹان کے پاس سو گئے۔ مچھلی تڑپ کر سمندر میں جا پڑی جب صبح کے کھانے کا وقت آیا تو موسیٰ علیہ اسلام نے مچھلی طلب کی۔ خادم نے اطلاع دی کہ وہ سمندر میں چلی گئی چنانچہ دونوں واپس چٹان کے پاس آئے تو وہاں کپڑوں میں لپٹا ہوا ایک شخص ملا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس کو سلام کیا۔ اس نے کہا ہمارے علاقے میں سلام کہاں؟ (یہاں تو سلام کا رواج نہیں) موسیٰ علیہ السلام نے اپنا تعارف کروایا۔ تو خضر علیہ السلام نے کہا اے موسیٰ! میں ایک ایسے علم پر ہوں جو میرے رب نے مجھے دیا ہے اور آپ اس کو نہیں جانتے اور تم ایک ایسا علم رکھتے ہو جس کو میں نہیں جانتا۔

## مجمع البحرین میں پہنچنا:

۶۱ : فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا (جب وہ دونوں مجمع البحرین پر پہنچے) نَسِيَا حُوْتَهُمَا (وہ دونوں اپنی مچھلی بھول گئے) یعنی یوشع بن نون مچھلی کو بھول گئے کیونکہ کھانے کے ذمہ دار وہی تھے اور اس کی دلیل یہ آیت ہے فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ اور یہ تثنیہ اسی طرح لایا گیا جیسا کہ محاورہ میں کہتے ہیں نَسُوْا زَادَهُمْ وہ تمام زادِ راہ بھول گئے حالانکہ زادِ راہ کا ذمہ دار اس کو بھولنے والا ہوتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ مچھلی نمک لگی ہوئی تھی وہ دونوں ایک رات حیات کے چشمہ پر اترے۔ موسیٰ علیہ السلام سو گئے جب مچھلی تک اس مائے حیات کی خوشبو پہنچی اور ٹھنڈک میسر آئی تو وہ زندہ ہو گئی اور پانی میں چلی گئی۔

## مچھلی غائب:

فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ (اس نے سمندر میں اپنا راستہ بنالیا) اپنا راستہ خشکی سے سمندر کی طرف جانے کا اختیار کرلیا۔ سَرَبًا (سرنگ کی صورت میں)۔ نحو: یہ مصدر ہونے کی بنا پر منصوب ہے ای سرب فیه سربًا یعنی وہ داخل ہو کر سمندر میں چھپ گئے۔

۶۲: فَلَمَّا جَاوَزَا (جب وہ دونوں آگے گزر گئے) مجمع البحرین سے اور پھر اترے اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ انہوں نے کتنا راستہ طے کیا۔ قَالَ (موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا): لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا (اپنے جوان کو کہا ہمارے لئے کھانا لاؤ۔ اس سفر میں ہم بہت تھک گئے) نصب تھکاوٹ اس سے قبل نہ بھوک لگی نہ تھکاوٹ محسوس کی۔

## مقام کی علامت سے نشاندہی:

۶۳: قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ (کہا دیکھئے تو جب ہم اس پتھر کے پاس ٹھہرے) وہی وعدہ کی جگہ تھی۔ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ (تو میں مچھلی بھول گیا) پھر معذرت کرتے ہوئے اگلا جملہ کہا: وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ (اور مچھلی کو یاد رکھنا مجھے شیطان ہی نے بھلادیا)

قراءت: انسانیهُ کی ہٗ کو ضمہ کے ساتھ حفص نے پڑھا۔ اَنْ اَذْكُرَهٗ (کہ میں اس کو یاد رکھتا) ہٗ ضمیر یہاں انسانیہ کی ہٗ ضمیر کا بدل ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے وما انسانی ذکرہٗ الا الشّیطان شیطان نے ہی مجھے اس کی یاد بھلائی ہے۔)

وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا (اور اس نے سمندر میں عجیب انداز سے اپنا راستہ بنایا) اور وہ اس طرح ہوا کہ اس کا نشان پڑتا گیا جہاں سے وہ گزرتی گئی (حالانکہ پانی پر نقش قائم نہیں رہتا)

## ہماری تلاش:

۶۴: قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ (اس نے کہا یہی تو ہم تلاش کرتے تھے) ہم تلاش کرتے ہیں۔

قراءت: مکی نے یاء سے نَبْغِيْ پڑھا۔ ابو عمرو اور علی نے اس کی موافقت کی اور مدنی نے وصل میں موافقت کی۔ اور یاء کے بغیر وصل وفصل میں دیگر قراء نے اختیار کیا۔ خط مصحف کا لحاظ کرتے ہوئے ذٰلك کا لفظ راستہ بنانے کی طرف اشارہ ہے تقدیر کلام اس طرح ہے ذٰلك الَّذِی كُنَّا نطلب کیونکہ مچھلی کا غائب ہونا خضر علیہ السلام سے ملاقات کی علامت تھی۔ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا (پس وہ دونوں اپنے نشان ہائے قدم پر واپس لوٹے) وہ اسی راستے پر واپس لوٹے جس پر گئے تھے۔ قَصَصًا (نشان کی پیروی کرتے ہوئے) اس حال میں کہ وہ نشانات پر چل رہے تھے۔ ای یتبعان آثار هما اتباعًا وہ اپنے قدموں کے نشانات کی پیروی کررہے تھے اچھی طرح پیروی کرنا۔

قول زجاج رحمۃ اللہ علیہ (القصص) کا معنی ہے نشان قدم کی اتباع کرنا۔

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ

سوانہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی تھی اور ہم نے اسے اپنے پاس سے خاص علم سکھایا تھا۔ موسٰی علیہ السلام نے

لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ

اس بندہ سے کہا کیا میں اس شرط پر تمہارے ساتھ ہو جاؤں کہ آپ کو جو کچھ علم مفید سکھایا گیا ہے وہ آپ مجھے سکھا دیں۔ اس بندہ نے کہا بلاشبہ تم میرے ساتھ رہتے ہوئے

مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

صبر نہیں کر سکتے اور اس چیز پر تم کیسے صبر کرو گے جو چیز تمہارے علمی احاطہ میں نہیں ہے؟ موسٰی نے کہا ان شاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى

گے اور میں کسی بات میں آپ کی نافرمانی نہیں کرونگا۔ اس بندہ نے کہا سو اگر تم میرے ساتھ رہنا چاہتے ہو تو کسی چیز کے بارے میں اس وقت تک مجھ سے کوئی بات مت پوچھنا جب تک

اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ع فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ ع ۹ ۲۱

میں خود ہی اس کے بارے کسی طرح کا ذکر نہ کروں۔ اس کے بعد دونوں چل دیئے یہاں تک کہ جب دونوں کشتی میں سوار ہو گئے تو اس بندۂ خدا نے کشتی میں شگاف کر دیا موسٰی نے کہا

اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ

کیا تم نے اسی لیے شگاف کیا ہے کہ کشتی والوں کو غرق کر دو۔ تم نے تو بڑا بھاری کام کر دیا اس بندہ نے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میرے ساتھ

تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ

رہتے ہوئے تم صبر نہیں کر سکتے موسٰی نے کہا کہ میرے بھول جانے کی وجہ سے میرا مؤاخذہ نہ کیجئے اور میرے معاملہ میں مجھ پر تنگی نہ

عُسْرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ

ڈالیے۔ پھر دونوں چل دیئے یہاں تک کہ ایک لڑکے سے ملاقات ہوئی سو اس بندۂ خدا نے اسے قتل کر دیا موسٰی علیہ السلام نے کہا کیا تم نے ایک بے گناہ جان کو کسی جان کے بدلہ

بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿۷۴﴾

بغیر قتل کر دیا، تم نے تو بہت ہی بے جا کام کیا۔

۶۵: فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا (پس ان دونوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ پایا) عبد سے مراد خضر ہیں نمبر۱۔ جو ایک کپڑے کے نیچے آرام فرما رہے تھے۔ نمبر۲۔ سمندر میں بیٹھے تھے۔ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا (جس کو ہم نے اپنے پاس سے

رحمت عطاء کی تھی) رحمت سے مراد وحی، نبوت نمبر۲۔ علم نمبر۳۔ طول حیات وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا (اور اس کو ہم نے اپنی طرف سے علم دیا تھا) اخبار غیوب کا علم نمبر۲۔ علم لدنی جو بطور الہام کے بندے کو ملتا ہے۔

۶۶: قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا (موسیٰ علیہ السلام نے اس سے کہا کہ میں آپ کے ساتھ اس شرط پر رہ سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو مفید علم آپ کو سکھایا گیا ہے اس میں سے کچھ آپ مجھے بھی سکھائیں) رُشْدًا سے ایسا علم جو رُشد والا ہو جس سے میں اپنے دین میں راہنمائی حاصل کروں۔

قراءت: ابوعمرو نے رَشدًا پڑھا ہے۔ اور یہ دونوں لغات ہیں البُخل البَخل۔

نکتہ: اس میں دلیل ہے کہ کسی کو طلب علم چھوڑنا نہ چاہئے اگرچہ وہ علم کی انتہاء کو پہنچ جائے اور اس آدمی کے سامنے تواضع کرے جو اس سے زیادہ علم والا ہو۔

۶۷: قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا (اس نے کہا تم ہرگز میرے ساتھ رُک کے رہنے کی طاقت نہیں رکھتے)

قراءت: حفص نے معی کو یاء کے فتحہ سے پڑھا اسی طرح اس سورت میں جو بعد میں بھی آ رہا ہے۔ صبر کا مطلب انکار اور سوال سے رکنا ہے۔

## جس چیز کا علم نہ ہو اس پر جماؤ نہیں:

۶۸: وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا (اور کس طرح آپ صبر کر سکتے ہیں اس بات پر جس کا آپ کو پورا علم نہ ہو)۔ خبرًا تمیز ہے اور صبر کی استطاعت کی نفی کو مؤکد کر رہی ہے۔ اور اس سے یہ بات نکلتی ہے کہ وہ بعض ایسے کاموں کے ذمہ دار ہیں جو بظاہر ممنوع اور بُرے ہیں اور نیک آدمی ان ممنوعہ کاموں کو دیکھ کر خاموش نہیں رہ سکتا چہ جائیکہ ایک پیغمبر ان کو دیکھ کر خاموش رہے۔

## اقرارِ موسوی:

۶۹: قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا (موسیٰ علیہ السلام نے کہا آپ انشاء اللہ مجھے صابر پائیں گے) صابر کا معنی انکار اور اعتراض سے اپنے آپ کو روکنے والا۔ وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا (اور میں آپ کے کسی حکم کے خلاف نہیں کروں گا)۔

نحو: یہ جملہ محل نصب میں صابرا پر عطف ہونے کیوجہ سے منصوب ہے۔ تقدیر کلام اس طرح ہوگی سَتَجِدُنِيْ اِلٰى آخرہٖ صابرًا وغیر عاص۔ کہ عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والا اور نافرمانی نہ کرنے والا پائیں گے۔ نمبر۲۔ یا اس کا عطف سَتَجِدُنی پر ہے اور اس صورت میں اس کا کوئی محل اعراب نہیں۔

## شرط خضری:

۷۰: قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْئَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا (خضر علیہ السلام نے کہا اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو مجھ سے کسی بات کے متعلق اس وقت تک نہ پوچھنا جب تک میں خود اس کے متعلق ابتداءً ذکر نہ کروں)

قراءت: فَلَا تَسْئَلْنِیْ اس میں مدنی اور شامی نے لام کا فتحہ اور نون مشدد پڑھا ہے۔ اور دیگر قراء نے لام کا سکون اور نون کو تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے اور یا نسب کے نزدیک قائم رہے گی عن شیء کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے میرے ساتھ چلنے کی شرط یہ ہے کہ جب تم میری طرف سے کوئی انوکھی چیز دیکھو اور تم جانتے ہو کہ وہ صحیح ہے البتہ اس کے صحیح ہونے کی وجہ مخفی ہے۔ اور تم نے اس چیز کو اپنے دل میں اوپرا خیال کیا ہے۔ تو تم اس چیز کے متعلق سوال میں مجھ سے ابتدا نہ کرو اور نہ اس کے بارے میں میری طرف رجوع کرو جب تک کہ میں اس کو تمہارے سامنے نہ کھول دوں یہ درحقیقت عالم کے سامنے متعلم کا ادب ہے اور متبوع کیلئے تابع کا لحاظ ہے۔

## سفر پر روانگی:

۷۱: فَانْطَلَقَا حَتّٰٓی اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیْنَةِ خَرَقَهَا (پس دونوں چل دیئے یہاں تک کہ وہ ایک کشتی میں سوار ہوئے تو خضر نے کشتی کو پھاڑ دیا) یعنی سمندر کے ساحل پر کشتی تلاش کرتے ہوئے چلے جب دونوں سوار ہو گئے تو کشتی والوں نے کہا یہ دونوں چور ہیں کشتی کے مالک نے کہا مجھے تو یہ پیغمبروں کے چہرے لگتے ہیں پس انہوں نے بغیر کرائے کے بٹھا لیا جب وہ بھنور میں پہنچے تو خضر نے ہتھوڑا لیکر کشتی کو پھاڑ دیا وہ اس طرح کہ پانی کے قریب والے دو تختے اکھاڑ دیئے۔ موسیٰ علیہ السلام اس پھٹے ہوئے مقام کو اپنے کپڑے سے بند کرنے لگے اور پھر فرمانے لگے۔

## موسیٰ علیہ السلام کا سوال:

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا (موسیٰ علیہ السلام نے کہا کیا تو نے کشتی والوں کو ڈبونے کیلئے کشتی کو پھاڑ دیا)

قراءت: ہمزہ اور علی نے لِيَغْرَقَ اهلها پڑھا ہے یہ غرق سے ہے۔

لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا اِمْرًا (آپ نے بہت بڑی حرکت کی ہے) یعنی آپ نے بڑی سخت حرکت کی ہے۔ امرًا یہ اَمِرَ الْاَمْرَ سے لیا گیا ہے۔ یہ اس وقت کہتے ہیں جب معاملہ بہت بڑا ہو جائے۔

## خضر علیہ السلام کی یاددہانی:

۷۲: قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا اس نے (یعنی خضر علیہ السلام نے کہا) کیا آپ سے میں نے پہلے ہی نہیں کہہ دیا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے۔

## یہ بھول ہوئی اس پر مؤاخذہ نہ ہوگا:

۷۳: قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا نَسِیْتُ (کہا آپ اس پر مجھ سے مواخذہ نہ کریں جو میں بھول گیا تھا) جب موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ پھٹی ہوئی جگہ سے پانی داخل نہیں ہو رہا ہے تو کشتی سے باہر نہیں نکل بھاگے۔ مانسیت کا معنی الذی نسیتهٗ وہ جس کو میں بھول گیا یا وہ چیز جس کو میں بھول گیا یا میرے نسیان کے سبب۔ ان کی مراد اس سے وصیت کا بھولنا تھا اور بھولنے والے پر مؤاخذہ نہیں ہے یا پھر نسیان سے ترک مراد ہے۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ آپ کی نصیحت کو پہلی مرتبہ چھوڑنے پر مجھ سے آپ

مؤاخذہ نہ کریں۔وَ لَا تُرْهِقْنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرًا (اور میرے اس معاملہ میں تنگی مت پیدا کریں) رھقہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی چیز کو ڈھانپے یعنی میرے معاملے میں مجھے تنگی سے مت ڈھانپیں اور یہی ان کی اتباع ہے اور اپنی پیروی کو مجھ پر مشکل نہ کیجئے اور چشم پوشی کر کے اور مناقشہ (اعتراض) چھوڑ کر آسانی پیدا کیجئے۔

۷۴: فَانْطَلَقَا حَتّٰۤى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ (دونوں چل دیئے کہ یہاں تک کہ جب دونوں ایک لڑکے کو ملے تو خضر نے اس کو قتل کر دیا) ایک قول یہ ہے کہ اس کے سر کو دیوار پر مارا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کو لٹا کر چاقو سے ذبح کر دیا۔نکتہ: آیت میں قتلہ سے پہلے فاء لائی گئی ہے مگر خرقا سے پہلے فاء نہیں کیونکہ خرقا کو تو شرط کی جزاء بنایا گیا اور قتلہٗ کو جملہ شرطیہ بنایا گیا جس پر عطف ہو رہا ہے اور جزاء قال اَقَتَلْتَ نَفْسًا ہے۔قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا (اس نے کہا کیا تم نے ایک جان کو قتل کر دیا) ان دونوں کے درمیان خرق اس لئے لایا گیا کیونکہ کشتی کا پھٹنا سوار ہونے کے فوراً بعد نہیں تھا البتہ لڑکے کا قتل اس کی ملاقات کے فوراً بعد تھا اس لئے ایک پر فاء لائی گئی دوسرے پر نہیں۔

زَكِيَّةً (پاکیزہ) جو گناہوں سے پاک ہو خواہ اس بنا پر کہ اس کے ہاں وہ پاک تھا کیونکہ اس کو گناہ کرتے اس نے نہ دیکھا تھا یا اس لئے کہ وہ چھوٹی عمر والا تھا۔اپنی بلوغت کو ہی نہ پہنچا تھا۔

قراءت: حجازی اور ابوعمرو نے زاکیہ پڑھا ہے۔

بِغَيْرِ نَفْسٍ (بغیر کسی نفس کے) یعنی اس نے کسی جان کو قتل نہیں کیا کہ اس سے قصاص لیا جائے۔

نکتہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میری طرف نجدہ حروری خارجی نے لکھا کہ اس کا قتل کیسے جائز تھا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچوں کے قتل کی ممانعت فرمائی ہے۔حضرت ابن عباس فرماتے ہیں میں نے ان کی طرف لکھا کہ اگر تمہیں بھی بچوں کے حالات کا اسی طرح علم ہو جائے جو موسیٰ علیہ السلام کے حاکم کو تھا تو تیرے لئے بھی قتل جائز ہے۔

## موسیٰ علیہ السلام تو نے انوکھا کام کر دیا:

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا (اور تم نے بلاشبہ ناجائز کام کیا ہے) نکر منکر کام کو کہا جاتا ہے بعض نے کہا کہ یہ نکرا امرًا سے کم ہوتا ہے کیونکہ ایک جان کو قتل کرنا پوری کشتی کو ڈبونے سے کم ہے یا اس کا مطلب یہ ہے کہ تو نے ایک ایسا کام کیا ہے جو پہلے سے زیادہ عجیب ہے کیونکہ پھٹی ہوئی چیز کا تدارک بند لگا کر ممکن ہے لیکن قتل کا تدارک ممکن نہیں۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَىْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِىْ

اس بندہ نے کہا کیا میں نے تم سے نہ کہا تھا کہ تم میرے ساتھ رہتے ہوئے صبر نہیں کر سکتے موسیٰ نے فرمایا کہ اگر اس مرتبہ کے بعد آپ سے کسی امر کے متعلق کچھ پوچھوں تو آپ مجھ کو اپنے ساتھ نہ رکھئے

قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّىْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا ٭ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ

بیشک آپ میری طرف سے عذر کو پہنچ چکے ہیں، پھر دونوں چل دیئے، یہاں تک کہ ایک گاؤں کے رہنے والوں پر گذرے، دونوں نے ان لوگوں سے کھانا طلب کیا سو انہوں نے ان کی مہمانی

يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ

کرنے سے انکار کر دیا اس کے بعد اس بستی میں ان دونوں نے ایک دیوار کو پایا جو گرنے ہی کو ہو رہی تھی، اس بندۂ خدا نے اسے سیدھا کر دیا، موسیٰ نے کہا اگر آپ چاہتے تو مزدوری کے

عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾

طور پر اس عمل پر کچھ لے لیتے، اس بندۂ خدا نے کہا کہ یہ میرے اور تمہارے درمیان جدائی کا وقت ہے۔ میں تمہیں ان چیزوں کی حقیقت ابھی بتلا دوں گا جن پر تم صبر نہ کر سکے۔

## خضر کی یاد دہانی:

۷۵: قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا (اس نے کہا کیا میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ رکنے کی طاقت نہیں رکھتا) اس دفعہ خضر نے اپنے کلام میں لك کا اضافہ کیا ہے تاکہ خطاب کے ذریعے معاہدہ کے چھوڑنے پر عتاب کا زیادہ اظہار ہو۔

## موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اگر اب اعتراض کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھنا:

۷۶: قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَىْءٍ بَعْدَهَا (موسیٰ نے کہا اگر میں آپ سے اس کے بعد سوال کروں) ھا ضمیر سے مراد یہاں اس مرتبہ کے بعد یا اس مسئلہ کے بعد۔ فَلَا تُصٰحِبْنِىْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّىْ عُذْرًا (تم مجھے ساتھ نہ رکھنا بیشک تم میری طرف سے عذر کی انتہاء کو پہنچ چکے ہو) یعنی تم میرے اور اپنے درمیان جدائی میں معذور رہو۔

قراءت: مدنی اور ابوبکر۔ نے لَدُنِّىْ کی نون کو تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔

## تیسرا سفر:

۷۷: فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةٍ (پھر دونوں پیدل چل دیئے یہاں تک کہ ایک بستی والوں کے پاس پہنچے) بقول ابن عباس وہ انطا کیہ تھی بقول ابن سیرین وہ ایلہ تھی وہ آسمان سے اللہ کی زمین پر سب سے زیادہ دور تھی۔

## ان سے کھانا طلب کیا:

اِسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا (تو دونوں نے وہاں کے لوگوں سے کھانا طلب کیا مگر انہوں نے میزبانی کرنے سے

انکار کردیا (ضیف کا معنی مہمان بنانا) آنحضرت ﷺ نے فرمایا وہ بستی والے کمینے لوگ تھے اس روایت کو نسائی نے کبریٰ میں نقل کیا۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ بدترین بستی تھی جنہوں نے مہمانی پر بھی بخل کیا۔ فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا (ان دونوں نے اس بستی میں دیوار پائی) اس کی لمبائی سو ہاتھ تھی۔ يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ (وہ گرنا چاہتی تھی) استعارۃً ارادے کا لفظ گرنے کے قریب ہونے اور جھکنے کیلئے استعمال کیا گیا۔ جس طرح کہ الهم اور عزم کا لفظ بھی اس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

فَاَقَامَهٗ (پس اس کو سیدھا کردیا) یعنی اپنے ہاتھ سے یا اس کو اپنے ہاتھ سے چھوا تو وہ سیدھی ہوگئی یا اس کو توڑ کر نئے سرے سے بنایا یہ حالت اضطرار اور کھانے کی چیزوں کی محتاجی کی تھی۔ اور ضرورت نے ان کو آدمی کی اس آخری کمائی کی طرف محتاج کردیا تھا یعنی سوال لیکن انہوں نے کوئی بھی ہمدرد نہ پایا جو غمخواری کرتا اس کے باوجود جب خضر نے دیوار کو سیدھا کردیا تو موسیٰ اپنے اختیار میں نہ رہے کہ ایک طرف شدید ضرورت اور دوسری طرف محرومی اسلئے فرمایا۔

## موسیٰ علیہ السلام کا فرمانا کہ اس پر مزدوری لیتے:

قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا (موسیٰ علیہ السلام نے کہا اگر تم چاہتے تو اس پر مزدوری لے لیتے) یعنی اپنے اس عمل پر انعام کا مطالبہ کرتے تا کہ اس سے ضرورت پوری ہوسکتی۔

قراءت: بصری نے لتخذت میں تاء کی تخفیف اور خاء کا کسرہ اور ذال کا ادغام پڑھا ہے اور مکی نے ذال کا اظہار اور حفص نے تاء کی تشدید اور خاء کے فتحہ کے ساتھ پڑھا اور دیگر قراء نے تاء کی تشدید اور خاء کے فتحہ اور ذال کے تاء میں ادغام کے ساتھ پڑھا ہے۔ تاتَخِذَ میں اصل ہے جیسا کہ تبع میں ہے اور اتخذ یہ افتعل کے وزن پر ہے جیسا اتبع تبع سے اس کا اخذ سے ذرا بھی تعلق نہیں۔

## خضر تیری میری جدائی ہے:

۷۸: قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ (اس نے کہا یہ میرے اور تیرے درمیان جدائی ہے) هذا کا مشارالیہ تیسرا سوال ہے یعنی یہ اعتراض جدائی کا سبب ہے۔ اور اصل اسطرح ہے هذا فراقُ بيني و بينك اور اس کو پڑھا گیا پس مصدر کو ظرف کی طرف مضاف کردیا جیسا کہ مفعول بہ کی طرف مضاف کردیا جاتا ہے۔ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا (میں عنقریب تمہیں ان چیزوں کی اندرونی تشریح بتلاتا ہوں جن پر آپ سے صبر نہ ہوسکا)۔

اَمَّا السَّفِیْنَۃُ فَکَانَتْ لِمَسٰکِیْنَ یَعْمَلُوْنَ فِی الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَھَا وَکَانَ

کشتی کا معاملہ یہ ہے کہ وہ چند مسکینوں کی تھی جو سمندر میں کام کرتے تھے، سو میں نے کہا کہ اسے عیب والی کردوں، اور ان

وَرَآءَھُمْ مَّلِکٌ یَّاْخُذُ کُلَّ سَفِیْنَۃٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَکَانَ اَبَوٰہُ مُؤْمِنَیْنِ فَخَشِیْنَآ

لوگوں کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر کشتی کو چھین لیا کرتا تھا، اور رہا لڑکے کا معاملہ سو بات یہ ہے کہ اس کے ماں باپ مومن تھے تو ہمیں اندیشہ ہوا

اَنْ یُّرْھِقَھُمَا طُغْیَانًا وَّکُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ یُّبْدِلَھُمَا رَبُّھُمَا خَیْرًا مِّنْہُ زَکٰوۃً وَّ

کہ وہ ان دونوں کو سرکشی میں اور کفر میں نہ ڈال دے، سو ہم نے چاہا کہ ان کا رب انہیں اس لڑکے کے بدلہ ایسی اولاد عطا فرمادے جو پاکیزگی میں اس سے بہتر ہو اور

اَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَکَانَ لِغُلٰمَیْنِ یَتِیْمَیْنِ فِی الْمَدِیْنَۃِ وَکَانَ تَحْتَہٗ

رحم کرنے میں اس سے بڑھ کر ہو۔ اور رہی دیوار تو اس کی صورتحال یہ ہے کہ وہ اس شہر میں دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس کے نیچے

کَنْزٌ لَّھُمَا وَکَانَ اَبُوْھُمَا صَالِحًا ج فَاَرَادَ رَبُّکَ اَنْ یَّبْلُغَآ اَشُدَّھُمَا وَیَسْتَخْرِجَا

ان دونوں کا خزانہ تھا اور ان کا باپ نیک آدمی تھا، سو تیرے رب نے ارادہ فرمایا کہ یہ دونوں اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور اپنے خزانے کو

کَنْزَھُمَا ق رَحْمَۃً مِّنْ رَّبِّکَ ج وَمَا فَعَلْتُہٗ عَنْ اَمْرِیْ ط ذٰلِکَ تَاْوِیْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَیْہِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾ ط ع ١٠/١٢

نکال لیں یہ تیرے رب کی مہربانی کی وجہ سے ہے۔ اور یہ کام میں نے اپنی رائے سے نہیں کیے، یہ ہے ان باتوں کی حقیقت جن پر تم صبر نہ کر سکے۔

## تینوں معاملات کی حقیقت کا انکشاف:

۷۹: اَمَّا السَّفِیْنَۃُ فَکَانَتْ لِمَسٰکِیْنَ یَعْمَلُوْنَ فِی الْبَحْرِ (اور کشتی تو چند غریبوں کی تھی جو دریا میں کمائی کرتے تھے) نمبرا۔ وہ دس بھائی تھے جن میں پانچ اپاہج تھے اور پانچ دریا میں کام کرتے تھے۔ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَھَا (میں نے اس کو عیب دار کرنا چاہا) کہ عیب والی بنا دوں۔ وَکَانَ وَرَآءَ ھُمْ مَّلِکٌ (ان سے آگے ایک بادشاہ تھا) نمبرا۔ وراء کا معنی امام ہے نمبر۲۔ پیچھے۔ ان کی واپسی کے راستہ پر وہ بادشاہ تھا اور ان کو اس کی اطلاع نہ تھی اللہ تعالیٰ نے خضر علیہ السلام کو بتلا دیا۔ اور اس بادشاہ کا نام جلندی تھا۔

یَّاْخُذُ کُلَّ سَفِیْنَۃٍ غَصْبًا (وہ ہر کشتی کو چھین لیتا تھا) ہر اچھی کشتی کو جس میں عیب نہ ہو وہ چھین لیتا۔ اگر وہ عیب دار ہوتی تو اس کو چھوڑ دیتا۔ غَصْبًا مصدر ہے نمبر۲۔ مفعول لہٗ ہے۔

نکتہ: فاردت ان اعیبھا یہ غصب کے خطرہ کا سبب ہے مناسب یہ تھا کہ سبب کے بعد آتا۔ جواب یہ ہے کہ اس سے مراد تاخیر ہے صرف غایت کو مقدم کیا۔

۸۰: وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَکَانَ اَبَوٰہُ مُؤْمِنَیْنِ فَخَشِیْنَآ اَنْ یُّرْھِقَھُمَا طُغْیَانًا وَّ کُفْرًا (اور رہا وہ لڑکا تو اس کے ماں باپ ایمان دار

تھے ہم کو اندیشہ ہوا کہ یہ ان پر سرکشی اور کفر کا اثر ڈال دے ) ہمیں خطرہ ہوا کہ وہ مؤمن والدین کو سرکشی سے ڈھانپ لے اور ان کی نافرمانی کر کے ان کے انعامات کا منکر ہو جائے۔ اور ان سے بدسلوکی کرے جس سے ان کو شر اور مصیبت پہنچے۔
نمبر۲۔ اپنی بیماری ان تک منتقل کر دے۔ نمبر۳۔ اپنی گمراہی سے ان کو گمراہی میں ڈال دے جس سے وہ مرتد ہو جائیں۔ یہ خضر علیہ السلام کا کلام ہے خضر کو اس بچے کی طرف سے یہ خطرہ محسوس ہوا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق ان کو علم دیا اور اس کے پوشیدہ معاملے کی اطلاع دی اور اگر اس کو قول باری تعالیٰ قرار دیا جائے تو **خشینا علمنا** کے معنی میں ہے ہم نے جانا کہ اگر یہ زندہ رہا تو اپنے والدین کے کفر کا سبب بن جائے گا۔
۸۱: فَاَرَدْنَا اَنْ یُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا (پس ہم نے چاہا کہ انکا رب اس کے عوض عنایت فرما دے )
**قراءت**: مدنی اور ابوعمرو۔ نے **یبدلهما** پڑھا ہے۔
خَیْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً (جو پاکیزگی میں اس سے زیادہ بہتر ہو ) طہارت اور گناہوں سے پاکیزگی میں وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا (اور مہربانی اور رحم کرنے کے لحاظ سے بڑا اقرب رکھنے والا ہو ) رحم کا معنی رحمت وشفقت ہے۔
**نحو**: زكاةً اور رُحمًا ہر دو تمیز ہیں۔
تفسیری روایت ہے ان کے ہاں ایک بیٹی پیدا ہوئی جس کی شادی ایک پیغمبر سے ہوئی جس سے ایک پیغمبر کی ولادت ہوئی نمبر۲۔ ستر پیغمبروں کی پیدائش ہوئی۔ نمبر۳۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بدلے میں مؤمن بیٹا عنایت فرمایا جو انہی جیسا نیک مؤمن تھا۔
**قراءت**: شامی نے رُحُمًا پڑھا ہے اور یہ دونوں لغات ہیں۔
۸۲: وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَیْنِ (اور پھر دیوار وہ تو دو بچوں کی تھی ) اصرم، اصریم کی تھی۔
یَتِیْمَیْنِ فِی الْمَدِیْنَةِ (جو یتیم شہر میں رہتے تھے ) یہ اسی بستی کو المدینہ سے تعبیر کیا۔ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا (اور دیوار کے نیچے ان کا خزانہ تھا) یعنی ایک سونے کی تختی تھی جس پر یہ لکھا تھا مجھے اس آدمی پر تعجب ہے جو تقدیر پر ایمان رکھتا ہے پھر غمگین ہوتا ہے نمبر۲۔ اس آدمی پر تعجب ہے جو حساب پر ایمان رکھتے ہوئے غافل ہے۔ نمبر۳۔ اس انسان پر تعجب ہے جو رزق پر ایمان رکھتا ہے پھر کس طرح تھکتا اور مشقت اٹھاتا ہے۔ نمبر۴۔ اس انسان پر تعجب ہے جو موت پر یقین رکھنے کے باوجود خوشیاں کر رہا ہے۔ نمبر۵۔ اس انسان پر تعجب ہے جو دنیا کو جانتا ہے اور دنیا والوں کو دنیا کا پلٹنا بھی جانتا ہے مگر پھر بھی دنیا پر مطمئن ہے۔ (**لا اله الا الله محمد رسول الله**) نمبر۲۔ سونا چاندی مدفون تھا۔ نمبر۳۔ صحائف مدفون تھے جن میں علم تھا۔ ان میں سے پہلا قول زیادہ ظاہر ہے۔ حضرت قتادہ کہتے ہیں کہ پہلے لوگوں کیلئے کنز حلال تھا مگر ہمارے لئے حرام ہے پہلے لوگوں پر غنیمت حرام تھی وہ ہمارے لئے حلال کر دی گئی۔
وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا (اور ان دونوں کا والد نیک تھا)۔ ایک قول یہ ہے کہ انکا ساتواں دادا نیک تھا۔ صالحًا یعنی ان میں سے ہوگا جو میرا ساتھی بنے گا۔
**نکتہ**: حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک گفتگو میں خارجی کو کہا۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں لڑکوں کی حفاظت

کس وجہ سے فرمائی اس نے جواب دیا ان کے والد کی بھلائی و نیکی کی وجہ سے تو حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا پھر میرے والد اور نانا تو اس سے بہت بہتر تھے۔

## یہ میں نے اپنے اختیار سے نہیں کئے' کرائے گئے ہیں:

فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ وَمَا فَعَلْتُهٗ (پس تیرے رب نے چاہا کہ وہ دونوں اپنی بھر پور جوانی کو پہنچ جائیں اور اپنا دفینہ نکال لیں اور میں نے یہ سارے کام تیرے رب کی مہربانی سے کئے) اَشُد کا معنی جوانی۔ رحمۃً یہ مفعول لہ ہے نمبر۲۔ اراد ربك کا مفعول کیونکہ رحمھما کے معنی میں ہے۔ اور مافعلته اور میں نے یہ کام جو تم نے دیکھے۔ عَنْ اَمْرِیْ اپنے اختیار سے نہیں کیے اپنے اجتہاد کی بنیاد پر بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیے۔ ھا کی ضمیر تمام کی طرف راجع ہے۔ نمبر۲۔ یا دیوار کی طرف۔ ذٰلِكَ کا مشارالیہ تینوں جواب ہیں۔ تَاْوِيْلُ مَالَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا (یہ تعبیر ان کی ہے جن پر آپ صبر نہ کر سکے) تاء کو تخفیف کے طور پر حذف کیا۔

فَائِدَہ: بعض لوگوں کے قدم اس مسئلہ میں گمراہی کی وجہ سے پھسل گئے کہ انہوں نے ولی کو نبی سے افضل قرار دے دیا حالانکہ یہ کھلا کفر ہے۔ انہوں نے اپنے استدلال کو اس طرح پیش کیا کہ موسیٰ علیہ السلام کو خضر سے علم حاصل کرنے کا حکم دیا حالانکہ وہ ولی ہیں۔

**جواب**: اس کا سیدھا جواب یہ ہے کہ خضر نبی ہیں۔ اگرچہ وہ اس طرح نہیں جیسا کہ بعض کو گمان ہوا یہ درحقیقت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق ابتلاء تھا کہ بقول اہل کتاب کے یہ موسیٰ وہ موسیٰ بن عمران نہیں ہیں۔ بلکہ وہ موسیٰ بن مانان ہیں۔

ولی کیلئے تو ولی بننا بھی ناممکن ہے جب تک وہ نبی پر ایمان نہ لائے پھر یہ کیونکر درست ہوا کہ نبی ولی سے کم ہو گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کے طلب علم میں کوئی قابل اعتراض بات نہیں کیونکہ علم میں اضافہ خود مطلوب ہے۔ اولاً ذکر کیا گیا فاردت کیونکہ وہ ظاہر میں اس چیز کو بگاڑنا ہے اور وہ خضر ہی کا فعل ہے اور تیسری مرتبہ کہا فاراد ربک کیونکہ یہ محض انعام خداوندی تھا۔ اور بشر کی قدرت و طاقت میں نہیں تھا اور دوسری مرتبہ فرمایا فاردنا کیونکہ وہ فعل کے اعتبار سے بگاڑنا اور تبدیلی کے اعتبار سے انعام ہے اس لئے جمع متکلم بولدیا۔

قول زجاج رحمۃ اللہ علیہ فاردنا کا معنی فاراد اللّٰه عزوجل اور اس کی امثلہ قرآن میں بہت ہیں۔

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ

اور یہ لوگ آپ سے ذوالقرنین کے بارے میں سوال کرتے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ میں ابھی تمہارے سامنے اس کا ذکر کرتا ہوں، بلاشبہ ہم نے ذوالقرنین کو زمین میں

فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ

حکومت دی تھی اور اسے ہر چیز کا سامان دیا تھا۔ پھر وہ ایک راہ پر روانہ ہوگیا یہاں تک کہ جب سورج کے چھپنے کی

الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۭ قُلْنَا يٰذَا

جگہ پر پہنچا تو سورج کو ایک سیاہ چشمہ میں ڈوبتا ہوا پایا اور اس موقعہ پر اس نے ایک قوم دیکھی، ہم نے کہا اے

الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ

ذوالقرنین آپ ان کو سزا دو اور یا ان میں خوبی کا معاملہ اختیار کرو، اس نے کہا جس نے ظلم کیا سو ہم عنقریب

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸۷﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

اسے سزا دیں گے پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا سو وہ اسے برا عذاب دے گا۔ اور جو ایمان لایا اور نیک عمل کئے

فَلَهٗ جَزَاۗءَ ۨالْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿۸۸﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا

اس کے لیے بدلے میں بھلائی ہے۔ اور ہم اس کے بارے میں اپنے کام میں آسانی کی بات کہیں گے۔ پھر وہ ایک راہ پر روانہ ہوگیا۔ یہاں تک کہ جب

بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰي قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿۹۰﴾

وہ ایسی جگہ پر پہنچا جو آفتاب طلوع ہونے کی جگہ تھی تو اس نے دیکھا کہ سورج ایسے لوگوں پر طلوع ہو رہا ہے جن کے لیے ہم نے آفتاب سے ورے کوئی پردہ نہیں رکھا۔

## ذوالقرنین کا واقعہ:

۸۳: وَيَسْئَلُوْنَكَ (اور وہ آپ سے سوال کرتے ہیں) یعنی یہودی بطور امتحان سوال کرتے ہیں۔ نمبر۲۔ ابو جہل اور اس کے معاونین عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ (ذوالقرنین کے متعلق) یہ وہ سکندر ہے جس نے دنیا پر حکومت کی۔

دوسرا قول یہ ہے دنیا پر حکومت چار بادشاہوں نے کی دو مسلمان اور دو کافر۔ مسلمان سلیمان نمبر۲۔ اور ذوالقرنین اور دو کافر ہیں۔ نمبر۱۔ نمرود نمبر۲ بخت نصر اور یہ سکندر نمرود کے بعد ہوا ہے ایک قول کے مطابق یہ ایک نیک بندہ تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے زمین پر حکمرانی دی اور علم وحکمت سے نوازا اور اندھیرا اور روشنی اس کے مطیع کی۔ جب وہ چلتا تو روشنی اس کے آگے راہنما ہوتی اور اندھیرا پیچھے چھایا رہتا۔ نمبر۲۔ ایک قول کے مطابق یہ پیغمبر ہے۔ نمبر۳۔ ایک اور قول میں اس کو فرشتہ قرار دیا گیا۔

نمبر۴۔قول علی رضی اللہ عنہ: یہ نہ فرشتہ تھا اور نہ نبی مقرب بلکہ ایک صالح بندہ تھا اس کے سر کے دائیں حصہ میں اللہ تعالیٰ کی طاعت کی خاطر ضرب لگائی گئی جس سے وہ مرگیا۔ پھر اس کو اللہ تعالیٰ نے اٹھایا۔ پھر دوسری مرتبہ اس کے سر کے بائیں جانب ضرب لگائی گئی جس سے اس پر موت واقع ہوگئی اللہ تعالیٰ نے دوبارہ اس کو اٹھایا اسی وجہ سے اس کا لقب ذوالقرنین پڑ گیا اور تم میں اس کی مثل موجود ہے اور وہ میں ہوں۔

نمبر۵۔وہ لوگوں کو توحید کی طرف بلاتا۔ پس لوگ اس کو قتل کر دیتے۔ اللہ تعالیٰ دوبارہ اس کو زندہ کر دیتا۔ حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اس کو ذوالقرنین اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ دنیا کے دونوں جانب پھرا یعنی مشرق و مغرب۔ نمبر۶۔اس کے سر پر دو مینڈیاں تھیں۔ دو زلفیں تھیں۔ نمبر۷۔اس کے زمانہ میں لوگوں کے دو قرن گزرے۔ نمبر۸۔وہ دو بڑی سلطنتوں روم، فارس کا حکمران بنا۔ نمبر۹۔ترک و روم پر حکمرانی کی۔ نمبر۱۰۔اس کے تاج پر دو سینگ بنے ہوئے تھے۔ نمبر۱۱۔اس کے سر کے دونوں کناروں پر سینگ کی طرح دو ابھار تھے۔ نمبر۱۲۔وہ نجیب الطرفین تھا اور یہ رومی تھا۔ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا (کہہ دیں میں عنقریب اس کا تذکرہ تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں) منہ کی ضمیر ذوالقرنین کی طرف راجع ہے۔

۸۴: اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِى الْاَرْضِ (بیشک ہم نے اس کو زمین میں ٹھکانہ دیا) اور اس کو اس میں غلبہ اور مرتبہ عنایت فرمایا۔ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ سَبَبًا (اور ہم نے اس کو ہر چیز کے اسباب مہیا فرمائے) کل شیء سے ملک میں جو کچھ تھا اس کے اغراض و مقاصد مراد ہیں۔ سببًا ذریعہ اور راستہ جس سے وہ اپنے مقاصد تک پہنچ سکے۔

## پہلا سفر مغربی جانب اور اس کے احوال:

۸۵: فَاَتْبَعَ سَبَبًا (وہ ایک راہ پر ہولیا) السبب اس چیز کو کہتے ہیں جس سے مقصود کو پہنچ سکیں خواہ وہ علم ہو یا قدرت اس نے مغرب کی جانب پہنچنے کا ارادہ کیا پس وہ ایک راستہ پر ہولیا۔ جو اس کو مغرب تک پہنچائے یہاں تک کہ وہاں پہنچ گیا اسی طرح اس نے مشرق کا ارادہ کیا اور اس کے اسباب کے پیچھے ہولیا۔ اور اس نے سدین میں پہنچنے کے لیے اسباب تیار کیے۔

قراءت: کوفی نے ثم اتبع اور شامی نے بھی اسی طرح باقی قراء نے الف کو ملا کر تاء کی تشدید کے ساتھ اصمعی نے اتبع بمعنی ملنا اتبع پیچھے پڑنا اگرچہ نہ ملے۔

۸۶: حَتّٰىٓ اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ (یہاں تک کہ وہ آفتاب کے غروب ہونے کے مقام پر پہنچا) مغرب کی جانب آبادی کے اختتامی مقام تک۔ اسی طرح طلوع میں آبادی کے آخری کنارے تک۔ نبی کریم علیہ السلام نے فرمایا اس کے معاملے کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ اس نے کتاب میں لکھا پایا کہ سام کی اولاد میں سے ایک عین حیات کا پانی پی کر ہمیشہ رہے گا۔ پس وہ اس چشمے کی تلاش میں چل دیا۔ خضر اس کے وزیر اور خالہ زاد تھے وہ پانے میں کامیاب ہوئے اور انہوں نے پانی پی لیا۔ مگر ذوالقرنین کو کامیابی نہ ہوئی۔ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِىْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ (اس کو سیاہ چشمے میں غروب ہوتا محسوس کیا) حمئة سے مراد ذات حماة یہ حمئت البئر سے ہے یعنی جب کہ اس میں گار بن جائے۔

قراءت: شامی، کوفی، حفص کے علاوہ نے حَامِيَةٍ پڑھا یہ گرم کے معنی میں آتا ہے۔

روایت ابوذر رضی اللہ عنہ: کہ میں آنحضرت ﷺ کے پیچھے اونٹ پر سوار تھا۔ آپ نے سورج کو غروب ہوتے دیکھا تو فرمایا۔ اے ابوذر! کیا تمہیں معلوم ہے کہ سورج کہاں غروب ہوتا ہے میں نے عرض کیا اللّٰہ و رسولہ اعلم آپ نے فرمایا وہ گرم چشمے میں غروب ہوتا ہے۔ (الدرالمنثور)

واقعہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما معاویہؓ کے پاس تھے معاویہؓ نے حامیہ پڑھا تو ابن عباس نے حمئة پڑھا اس پر معاویہ نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کو کہا تم کس طرح پڑھتے ہو۔ انہوں نے کہا جیسا امیر المؤمنین پڑھتے ہیں۔ پھر کعب احبار کی طرف متوجہ ہو کر کہا تم سورج کو کس طرح غروب ہوتا پاتے ہو۔ اس نے کہا پانی اور مٹی میں۔ اسی طرح ہم اس کو تورات میں پاتے ہیں۔ تو انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی موافقت کی۔ کیونکہ حمئہ کا معنی کیچڑ ہے۔

محاکمہ: مگر ان دونوں میں کوئی منافات نہیں کیونکہ یہ درست ہے کہ چشمہ دونوں اوصاف کو جامع ہو۔

وَّ وَجَدَ عِنْدَ هَا (اور اس کے پاس پایا) اس چشمے کے پاس قَوْمًا (ایک قوم کو) ننگے۔ انکا لباس شکار کی کھالیں۔ اور انکا کھانا سمندر کی باہر پھینکی ہوئی مچھلی تھا اور وہ کافر تھے۔ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَ اِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا (ہم نے کہا اے ذوالقرنین تو چاہے تو ان کو سزا دے اور چاہے تو ان کے ساتھ نرمی کا سلوک کر) اگر وہ پیغمبر تھا تو اللہ تعالیٰ نے وحی کی اور اگر نبی نہ تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ کے پیغمبر کو وحی کی جس نے اس کو حکم دیا۔ نمبر۲۔ الہام کیا گیا جس میں ان کو قتل کی سزا دینے کی اجازت دی گئی اگر وہ کفر پر اصرار کریں اور ان سے نرم سلوک کریں اور انکا اکرام کریں اور شریعت کے احکام سکھائیں اگر وہ ایمان لے آئیں نمبر۳۔ تعذیب سے مراد قتل اور اتخاذ حسن سے مراد قید کرنا ہے۔ کیونکہ بمقابلہ قتل یہ احسان ہے۔

۸۷: قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا (ذوالقرنین نے کہا جو ظلم کرے گا ہم اس کو سزا دیں گے پھر وہ اپنے رب کی بارگاہ میں لوٹ کر جائے گا وہ اس کو سخت عذاب دیگا) عذاب سے قتل مراد ہے۔ یردّ سے مراد قیامت کی حاضری ہے۔ مطلب یہ ہے وہ شخص جس کو اسلام کی میں دعوت دوں اور وہ ظلم عظیم پر برقرار رہے یعنی شرک پر قائم رہے یہ شخص دونوں جہانوں میں عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

۸۸: وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالْحُسْنٰى (اور جو ایمان لے آئے گا اور اچھے کام کرے گا۔ اس کے لئے نیکی کا اچھا بدلہ ملے گا) عمل صالح سے وہ اعمال مراد ہیں جو تقاضائے ایمان کے مطابق ہیں۔ جزاء الحسنٰی سے مراد اچھے عمل کا بدلہ ہے جو کہ کلمہ شہادت ہے۔

قراءت: کوفی نے سوائے ابوبکر کے جزاء الحسنی پڑھا ہے۔ یعنی اس کے لئے اچھا عمل بدلہ میں ہے۔

وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا (اور ہم اپنے برتاؤ میں اس کے لئے آسان بات کہیں گے) یعنی ذایسر آسانی والی۔ مطلب یہ ہے ہم اس کو کسی مشکل اور گراں کام کا حکم نہ دیں گے۔ بلکہ آسان حکم جیسے زکوۃ، خراج وغیرہ۔

## دوسرا سفر مشرقی جانب اور اس کے احوال:

۸۹، ۹۰: ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا (پھر وہ

اسباب کے پیچھے لگا۔ یہاں تک کہ وہ مشرقی جانب سورج کے طلوع ہونے کے مقام تک پہنچا تو وہاں اس نے سورج کوایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا کہ ہم نے ان کے لئے سورج سے ورے کوئی روک نہ بنائی تھی ) قوم سے حبشی مراد ہیں۔ دُوْنِهَا سے سورج سے ورے مراد ہے۔ سِتْرًا سے مراد تعمیرات ہیں کعب کہتے ہیں: ان کی سرزمین میں دیواریں قائم نہ ہو سکتیں تھیں۔ وہاں سرنگیں موجود تھیں۔ جب سورج طلوع ہوتا تو ان سرنگوں میں داخل ہو جاتے۔ اور جب دن بلند ہو جاتا تو اپنے کام کاج میں نکل جاتے۔ نمبر۲۔ سِتْر سے لباس مراد ہے۔ مجاہد کہتے ہیں۔ یہ سیاہ فام لوگ کپڑے نہ پہنتے تھے۔ مطلع شمس کے پاس ان کی تعداد تمام لوگوں سے زیادہ ہے۔

۹۱ : كَذٰلِكَ (ذوالقرنین کا معاملہ اسی طرح رہا) جیسا ہم نے اس کے معاملے کو بڑا کر کے بیان کیا ہے۔ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا (اس طرح ہم ذوالقرنین کے پاس جو سامان تھا اس کی پوری خبر رکھتے تھے ) مَالَدَيْهِ سے لشکر کے آلات حرب وضرب، اسباب مملکت مراد ہیں۔

نحو : خُبْرًا پر نصب مصدر ہونے کی وجہ سے ہے کیونکہ اَحَطْنَا کا معنی خَبَرْنَا ہے ای خَبَرْنَا خَبْرًا۔ نمبر۲۔ طلوع شمس تک پہنچنا اسی طرح ہے جیسا مغرب میں پہنچنا۔ نمبر۳۔ وہ سورج ایک قوم پر اسی طرح طلوع ہوتا تھا جیسا کہ وہ قوم جن پر غروب ہوتا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ بھی کافر تھے۔ اور انکا حکم بھی تعذیب وبقاء میں پہلے کفار والا تھا۔ اور ایمان والوں کے ساتھ احسان بھی اسی طرح تھا۔

كَذٰلِكَ ۗ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ۝٩١ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝٩٢ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ

یہ بات یوں ہی ہے اور ہم کو ان سب چیزوں کی خبر ہے جو اس کے پاس تھیں وہ پھر ایک راہ پر چلا یہاں تک کہ ایسی جگہ پر پہنچ گیا جو دو پہاڑوں کے

السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ۝٩٣ قَالُوْا يٰذَا

درمیان تھی۔ ان پہاڑوں سے ورے اس نے ایسی قوم کو پایا جو بات سمجھنے کے قریب بھی نہ تھے، وہ کہنے لگے کہ اے

الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا

ذوالقرنین بلاشبہ یاجوج ماجوج زمین میں فساد مچاتے ہیں۔ سو کیا یہ ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کے لیے اس شرط پر کچھ مال جمع کر دیں

عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ۝٩٤ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک آڑ بنا دیں۔ ذوالقرنین نے جواب دیا کہ میرے رب نے جو کچھ اختیار و اقتدار عطا فرمایا ہے وہ بہتر ہے، سو تم قوت کے ساتھ

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۝٩٥ ۙ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۗ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ

میری مدد کرو میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک موٹی دیوار بنا دونگا۔ میرے پاس لوہے کے ٹکڑے لے آؤ یہاں تک کہ جب دونوں سروں کے درمیان کو

الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۗ حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِىْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ۝٩٦ ۗ

برابر کر دیا تو حکم دیا کہ اس کو دھونکو، یہاں تک کہ جب اسکو آگ بنا دیا تو ان سے کہا کہ میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ تا کہ میں اس پر ڈال دوں۔

## تیسرا سفر بجانب شمال اور اس کے احوال:

۹۲، ۹۳: ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ (پھر وہ اسباب کے پیچھے لگا یہاں تک کہ وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا) سَدَّيْن سے دو پہاڑ مراد ہیں۔ یہ وہ دو پہاڑ ہیں جن کے درمیان سَدِ ذوالقرنین ہے۔

قراءت: مکی، ابو عمرو اور حفص نے السَّدَّيْن سَدًّا پڑھا ہے۔ جبکہ حمزہ، علی نے السدين سُدًّا پڑھا ہے۔ دیگر قراء نے دونوں ضموں کے ساتھ پڑھا ہے۔ بعض نے کہا جو خلقۃً مسدود ہو وہ مضموم ہوتا ہے۔ اور جس کو بندے بند کر دیں وہ مفتوح ہوتا ہے۔

نحو: بین بلغ کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ جیسا کہ یہ هٰذا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَ بَيْنِكَ میں اضافت کی وجہ سے مجرور ہے اور لقد تقطع بينكم [الانعام:۹۴] میں مرفوع ہے۔ کیونکہ یہ ان ظروف میں سے ہے جو اسماء اور ظروف دونوں طرح استعمال ہوتے ہیں۔ سدین والی جگہ مشرقی جانب جہاں ترکوں کا علاقہ ختم ہوتا ہے۔ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا (اور اس کو ایک ایسی قوم ملی) سدین کے پیچھے قَوْمًا (یہ ترکی لوگ ہیں) لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا (جو تقریباً کوئی بات بھی نہ سمجھتی تھی) یعنی بات کو بڑی جہد و مشقت سے سمجھتے تھے جیسے اشارہ کنایہ سے۔

قراءت: حمزہ وعلی نے یُفْقِھُوْنَ پڑھا ہے۔ مطلب یہ ہے وہ سامع کو اپنا کلام نہ سمجھا سکتے اور نہ وضاحت کر سکتے کیونکہ ان کی لغت و بولی نامانوس و مجہول تھی۔

## تذکرۂ یاجوج ماجوج:

۹۴: قَالُوْا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِنَّ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ (کہنے لگے اے ذوالقرنین بیشک یاجوج اور ماجوج)

نحو و قراءت: یہ دو عجمی نام ہیں۔ کیونکہ غیر منصرف استعمال ہوتے ہیں۔ فقط عاصم نے ان کو ہمزہ سے پڑھا ہے۔ نمبر۱۔ یہ دونوں اولاد یافث سے ہیں۔ نمبر۲۔ یاجوج ترکوں سے ہیں اور ماجوج، جیل اور دیلم سے ہیں۔ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ (وہ زمین میں فساد پیدا کرنے والے ہیں۔) ایک قول یہ ہے کہ انسانوں کو کھاتے تھے۔ دوسرا قول یہ موسم ربیع میں نکلتے کوئی سبزہ پاتے اس کو کھا جاتے اور خشک کو اٹھا کر لے جاتے اور انکا کوئی آدمی اسوقت تک نہ مرتا جب تک اپنی پشت میں سے ایک ہزار مذکر نسل نہ دیکھتا۔ تمام مسلح رہتے تھے۔

تیسرا قول یہ ہے ان کی دو قسمیں ہیں۔ جو لمبے ہیں وہ انتہائی لمبے ہیں اور نمبر۲۔ جو چھوٹے ہیں وہ انتہائی چھوٹے ہیں۔ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا (کیا ہم تمہارے لئے خراج مقرر کردیں)

قراءت: حمزہ، علی نے خرجاً کو خراجًا پڑھا ہے۔ یعنی انعام وعطیہ جس کو ہم اپنے اموال میں مقرر کرلیں۔ اس کی نظیر النول اور النوال دونوں طرح مستعمل ہے۔ عَلٰۤى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا (اس شرط پر کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان دیوار قائم کر دے)

۹۵: قَالَ مَا مَكَّنِّیْ (اس نے کہا جس مال میں مجھے اختیار دیا)

قراءت: یہ ادغام کے ساتھ ہے۔ مکی نے فکِ ادغام سے پڑھا ہے۔ فِيْهِ رَبِّیْ خَيْرٌ (میرے رب نے وہ بہت بہتر ہے) جس مال میں مجھے ذمہ دار بنایا ہے۔ اور جو وسعت مالی اس نے دے رکھی ہے وہ اس سے بہت بہتر ہے جو تم مجھے بطور خراج دو گے مجھے اس کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ فَاَعِيْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ (تم افراد قوت سے میری اعانت کرو) عمل اور کاریگروں سے جو اچھی تعمیر کر سکتے ہوں۔ اور کام اور آلات۔ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا (میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک دیوار قائم کر دیتا ہوں)۔ ردم دیوار نمبر۲۔ ایسی روک جو پختہ اور مضبوط ہو۔ الردم یہ سدّ سے بڑی دیوار کو کہتے ہیں۔

۹۶: اٰتُوْنِیْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ (تم میرے پاس لوہے کے ٹکڑے لاؤ) الزبرۃ لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ نمبر۱۔ ایک قول یہ ہے کہ اس نے کھدائی کی یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اور بنیاد میں چٹانیں ڈالیں۔ اور پگھلا ہوا تانبا اور لوہے کے ٹکڑوں کی دیوار کے درمیان لکڑی اور کوئلہ رکھا۔ یہاں تک کہ جب دونوں پہاڑوں کے درمیانی درے کو بھر کر ان پہاڑوں سے بلند کر دیا۔ پھر پھو نکنے والے آلات لگائے اور آگ نے لکڑی اور کوئلے کی مدد سے لوہے کو آگ کی طرح گرم کر دیا۔ تو گرم لوہے پر پگھلا ہوا تانبا ڈال دیا گیا جو سوراخوں اور رخنوں میں پیوست ہوتا چلا گیا۔ اور وہ لوہے کے ٹکڑے ایک دوسرے سے پیوست ہو گئے یہ مضبوط پہاڑ کی طرح بن گیا دوسرا قول یہ ہے کہ سدین کے درمیانی فاصلہ کی مقدار سو فرسخ ہے۔ واللہ اعلم۔

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ

سو وہ لوگ نہ چڑھ سکے اور نہ اس میں سوراخ کر سکے۔ ذوالقرنین نے کہا کہ یہ میرے رب کی طرف سے ایک رحمت ہے

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ

سو جب میرے رب کا وعدہ آ جائے گا تو اس کو چورا چورا کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ حق ہے۔ پھر ہم اس دن ان کو چھوڑ دیں گے بعض

يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ

بعض میں گھستے رہیں گے اور صور پھونکا جائے گا سو ہم سب ہی کو جمع کر لیں گے۔ اور اس دن ہم کافروں کے

يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا

سامنے دوزخ پیش کر دیں گے۔ جن کی آنکھوں پر میری یاد سے پردہ پڑا ہوا تھا اور وہ

ع ۱۱ (۱۹) ۲ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾

سن بھی نہ سکتے تھے۔

حَتّٰى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ (یہاں تک کہ جب درے ملاتے ملاتے دونوں سروں کو برابر کر دیا) صَدَفین کو دونوں فتحوں سے پڑھا گیا ہے۔ مراد اس سے پہاڑوں کی جانبین ہیں۔ کیونکہ وہ پہاڑ آپس میں متقابل تھے۔

قراءت: مکی و بصری و شامی نے الصُّدُفَین پڑھا۔ اور ابوبکر نے الصُّدْفَین۔ قَالَ انْفُخُوْا (اس نے کہا دھونکنا شروع کرو) یعنی ذوالقرنین نے عملہ کو کہا لوہے پر پھونک لگاؤ۔

حَتّٰى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا (یہاں تک کہ جب اس کو آگ کی طرح کر دیا) لوہے کو آگ کی طرح سرخ کر دیا۔ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ (اس نے کہا تم میرے پاس لاؤ) تم مجھے دو۔ اُفْرِغْ (میں اس پر انڈیل دوں) عَلَيْهِ قِطْرًا (پگھلا ہوا تانبا) کیونکہ وہ قطرات کی صورت میں گرتا ہے۔ قطرًا یہ افرغ کی وجہ سے منصوب ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے اٰتُوْنِي قطرًا اُفْرِغ عليه قطرًا اول کو حذف کر دیا کیونکہ ثانی اس پر دلالت کر رہا تھا۔

قراءت: حمزہ نے قال ائتونی کو وصل سے پڑھا جب اس سے ابتداء کریں تو الف مکسور ہوگا۔ اس کا معنی لانا ہے۔

۹۷: فَمَا اسْطَاعُوْٓا (پس نہ ان کو طاقت رہی) تاء کو تخفیف کیلئے حذف کر دیا کیونکہ تاء اور طاء کا مخرج قریب ہے۔ اَنْ يَّظْهَرُوْهُ (کہ وہ اس پر چڑھ سکیں) وہ دیوار کی بلندی پر چڑھیں۔ وَ مَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا (اور نہ اس میں نقب لگا سکیں) اس پر چڑھنے کیلئے ان کے پاس کوئی چارہ نہیں۔ اور نہ اس میں سوراخ کر سکتے ہیں کیونکہ وہ انتہائی مضبوط ہے۔

۹۸: قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ (اس نے کہا یہ میرے رب کی مہربانی ہے) یہ دیوار میرے اللہ تعالیٰ کا انعام ہے اور اس کے

بندوں پر رحمت ہے۔ نمبر۲۔ یہ برابر دیوار بنانے کی قدرت وطاقت یہ میرے رب کی مہربانی ہے۔ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ (جب میرے رب کا وعدہ آئے گا) جب قیامت کا دن آئے گا اور آنے کے قریب ہوگا۔ جَعَلَهٗ (وہ اس کو کردے گا) اس دیوار کو دَكًّا (گرنے والا) زمین بوس، کوٹ کر زمین پر پھیلا ہوا۔ ہر وہ چیز جو بلندی کے بعد پھیل جائے اس کو عرب اندكّ سے تعبیر کرتے ہیں۔

قراءت: دکاء کوفی نے پڑھا یعنی برابر زمین۔

وَكَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا (اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے) یہ سکندر کی آخری بات ہے۔

## مرحلۂ قیامت کی ابتداء:

۹۹: وَتَرَكْنَا (اور ہم نے کردیا) بَعْضَهُمْ (بعض مخلوق کو) يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ (کہ وہ گڈمڈ ہو جائیں گے) فِیْ بَعْضٍ (ایک دوسرے میں) یعنی وہ مضطرب ہونگے اور انسان اور جنات حیرانی سے گڈمڈ ہو جائیں گے۔ نمبر۲۔ یہ بھی جائز ہے کہ ضمیر یا جوج ماجوج کی طرف ہو کہ وہ اس وقت موجیں مارنے والے ہونگے۔ جب دیوار کے پیچھے سے نکلیں گے شہروں میں ہجوم کردیں گے۔

روایت تفسیر میں ہے کہ وہ سمندر پر آئیں گے تو اس کے پانی کو پی جائیں گے اور اس کے جانداروں کو کھا جائیں گے پھر درختوں کو اور جو انسان ان کے ہاتھ آئے۔ مگر وہ مکہ اور مدینہ میں داخل نہ ہوسکیں گے۔ اور اسی طرح بیت المقدس میں۔ پھر اللہ تعالیٰ اونٹ وبکریوں کے ناک میں پایا جانے والا کیڑا ان کی گردنوں میں پیدا کردیں گے۔ وہ ان کے کانوں میں گھس جائے گا جس سے سب مر جائیں گے۔ وَّنُفِخَ فِی الصُّوْرِ (اور صور میں پھونک ماردی جائے گی) قیامت کیلئے اٹھنے کی خاطر۔ فَجَمَعْنٰهُمْ (پس ہم ان کو اکٹھا کریں گے) یعنی مخلوق کو ثواب وعقاب کیلئے جمع کیا جائیگا۔ جَمْعًا جمع کرنا یہ ماقبل کی تاکید ہے۔

## جہنم سامنے:

۱۰۰: وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا (اور اس دن جہنم کو کافروں کے بالکل سامنے کردیا جائے گا) ان کے سامنے ظاہر کردیں گے وہ اس کو دیکھیں گے اور اس کا مشاہدہ کریں گے۔

۱۰۱: الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِیْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِیْ (وہ لوگ جن کی آنکھوں پر میری یاد کی طرف سے پردہ پڑا ہوا تھا) نمبر۱۔ میری وہ آیات جن کو دیکھا جاسکتا ہے۔ ان کے لئے ان کی آنکھوں پر پردہ پڑا تھا۔ نمبر۲۔ قرآن کہ اس کا تذکرہ تعظیم سے کرتے نمبر۳۔ قرآن کے متعلق کہ وہ اس کے معانی پر غور کرتے۔ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا (وہ سننے کی طاقت نہ رکھتے تھے) یعنی وہ بہرے تھے۔ یہ الفاظ اصمّ کی بجائے زیادہ بلیغ ہیں کیونکہ بہرے کو زور سے آواز دیں تو وہ سن پاتا ہے۔ اور یہ لوگ تو اس طرح تھے کہ گویا ان کے کان بہرے کردیئے گئے ان میں سرے سے سننے کی قوت مفقود ہو چکی۔

أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِنْ دُونِي أَوْلِيَاءَ ۚ إِنَّا أَعْتَدْنَا

سو کیا پھر بھی کافروں کو یہ خیال ہے کہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو کارساز بنا لیں بلاشبہ ہم نے کافروں کے لیے دوزخ کو

جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ الَّذِينَ ضَلَّ

مہمانی کے طور پر تیار کر رکھا ہے، آپ فرما دیجئے کیا ہم تمہیں ایسے لوگ بتا دیں جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کی کوشش

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

دنیاوی زندگی میں ضائع ہوگئی اور وہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں

كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جنہوں نے اپنے رب کی آیات کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا سو ان کے اعمال حبط ہو گئے سو ہم قیامت کے دن ان کے لیے کوئی وزن قائم نہ

وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ إِنَّ

کریں گے، یہ ان کی سزا ہوگی یعنی دوزخ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں کا اور میرے رسولوں کا مذاق بنا لیا بلاشبہ

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خَالِدِينَ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ان کی مہمانی فردوس کے باغ ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں

فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾

گے وہاں سے وہ کہیں جانا نہ چاہیں گے۔

## بندوں کو کارساز بنانے والے کافر ہیں:

١٠٢: أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِنْ دُونِي أَوْلِيَاءَ (کیا پھر بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو اپنا کارساز بنالیں) یعنی کفار نے میرے بندوں کو گمان کر لیا۔ یعنی عبادی سے عیسیٰ علیہ السلام اور کفار مراد ہیں۔ کارساز بنانا جو ان کو فائدہ دیگا؟ یہ بدترین گمان ہے جو انہوں نے کیا ہے۔

دوسرا قول یہ ہے اَنْ اپنے صلہ کے ساتھ مل کر افحسب کے دو مفعولوں کے قائم مقام ہے۔ اور عِبَادِي أَوْلِيَاءَ یہ دونوں اَنْ يَتَّخِذُوا کے مفعول ہیں۔ اور یہ وجہ بہت اعلیٰ ہے مطلب یہ ہے وہ بندے ان کے کارساز نہیں ہیں۔ میرے بندوں کو کارساز بنانے والا گمان کفار کا گمان ہے وہ کارساز نہیں ہیں إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلًا (بے شک ہم نے جہنم کو کافروں کی مہمانی

کیلئے تیار کیا ہے۔ نُزُل اس چیز کو کہا جاتا ہے جو مہمان کیلئے بنائی جائے۔ اور اس کی مثال دوسری آیت میں ہے۔ فبشرھم بعذاب الیم [آل عمران:۲۱]

## سب سے زیادہ گھاٹے والے کافر ہیں:

۱۰۳: قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا (کہہ دیں کیا ہم بتلائیں کہ اعمال کے اعتبار سے سب سے زیادہ گھاٹے میں کون ہے) اعمالاً یہ تمیز ہے اور اس کو جمع لائے حالانکہ قیاس کا تقاضہ مفرد تھا کیونکہ لوگوں کی خواہشات متنوع اور قسم قسم کی ہیں۔ نمبرا۔ اس سے مراد اہل کتاب ہیں نمبر۲۔ رمضان ہے۔

۱۰۴: اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ (وہ لوگ جن کی کی ہوئی تمام کوششیں اکارت گئیں) ضائع اور باطل ہوگئیں وہ محل رفع میں ہے۔ ای هم الذين۔ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا (دنیا کی زندگی میں اور وہ گمان کرتے ہیں کہ ان کو کارکردگی کا بہترین بدلہ ملے گا)

۱۰۵: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا (یہی ہیں وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کی آیات اور اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا انکار کیا پس اس لئے ان کے تمام اعمال ضائع ہوگئے قیامت کے دن ہم ان کے نیک اعمال کا ذرا بھی وزن قائم نہیں کریں گے) یعنی ہمارے ہاں انکا کوئی وزن یا قدر نہ ہوگی۔

۱۰۶: ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ (ان کی یہ سزا یعنی دوزخ ہوگی) جهنم یہ جَزَاءُ هم کا عطف بیان ہے۔ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا (اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا اور میری آیات اور میرے رسولوں کا مذاق اڑایا تھا) یعنی ان کی جہنم والی سزا ان کے کفر کی وجہ سے ہے اور اللہ تعالیٰ کی آیات اور اس کے رسولوں کے ساتھ استہزاء کے نتیجے میں ہے۔

## مؤمن اور فردوس کی ضیافت:

۱۰۷، ۱۰۸: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا (بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کی مہمانی کیلئے فردوس کے باغ ہونگے وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور ان سے ہٹنا نہ چاہیں گے) خٰلِدِيْنَ فِيْهَا یہ حال ہے اور حِوَلًا کا معنی کسی دوسرے کی طرف منتقل ہونا یعنی اس عطیے پر وہ خوش ہو کر ایسا نہ چاہیں گے۔ عرب کے ہاں محاورہ ہے حَال مِنْ مَكَانِهٖ حِوَلًا یعنی اس پر کوئی اضافہ نہیں یہاں تک کہ ان کے نفسوں نے ان سے تنازع کیا کہ وہ اپنی اغراض اور تمناؤں کو جمع کرلیں۔ یہ انتہائی تعریف ہے کیونکہ انسان دنیا میں جس نعمت میں بھی ہو وہ اس سے بہتر کا طالب اور خواہش مند ہوتا ہے۔ یا مراد اس سے پھرنے کی نفی اور خلود کی تاکید ہے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ

آپ فرما دیجئے کہ اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے روشنائی ہو تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے۔ اگرچہ ہم

جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ

اس سمندر میں بڑھانے کے لیے اسی جیسا دوسرا سمندر لے آئیں، آپ فرما دیجئے کہ میں تو بشر ہی ہوں تمہارے جیسا میری طرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔ سو

كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع

جو شخص اپنے رب کی ملاقات کی آرزو رکھتا ہو سو چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

## علم الٰہی کی انتہاء نہیں:

۱۰۹: قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ (آپ کہہ دیجئے اگر سمندر) یعنی سمندروں کا پانی مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ (میرے رب کے کلمات کیلئے سیاہی بن جائے) ابو عبیدہ کہتے ہیں مداد ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس سے لکھا جائے یعنی اگر علم الٰہی کے کلمات اور اس کی حکمتیں لکھی جائیں اور لکھنے کیلئے سمندر سیاہی ہوں۔ یہاں البحر سے مراد جنس بحر ہے۔ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا (تو سمندر ختم ہو جائیں گے میرے رب کے کلمات ختم ہونے سے پہلے خواہ ہم اس موجودہ سمندر کی طرح اتنے ہی زیادہ کردیں)۔ مثلہ کی ضمیر بحر کی طرف ہے۔ کیونکہ سیاہی بھی ختم ہونے والی ہے مگر کلمات لامتناہی ہیں۔ مَدَدًا یہ تمیز ہے جیسے یہ کہتے ہیں۔ لی مثلہ رجلاً اور مِدَد یہ مداد کی طرح ہے ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کو معاونت پہنچائی جائے۔

قراءت: حمزہ اور علی نے تنفد کو ینفد پڑھا ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ حیی بن اخطب یہودی نے یہ اعتراض کیا کہ تمہاری کتاب میں آیا ہے من یوتی الحكمة فقد اوتی خیرًا کثیرًا [البقرہ: ۲۶۹] پھر یہ آیت بھی تم پڑھتے ہو وما اوتیتم من العلم الا قلیلا [الاسراء: ۸۵] تو یہ اختلاف کیسا تو اس کے جواب میں یہ آیت اتری کہ یہ یقیناً خیر کثیر ہے مگر یہ اللہ کے کلمات کے سمندر میں سے ایک قطرہ کی مانند ہے۔

## میں بشر رسول ہوں میرا معبود اللہ ہے جو اللہ کی بارگاہ میں حاضری چاہے وہ شرک نہ کرے:

۱۱۰: قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ (پس آپ کہہ دیجئے میں تمہاری طرح انسان ہی ہوں۔ میرے پاس وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود اکیلا معبود ہے پس جو شخص اپنے رب کی ملاقات کا امیدوار ہو) یعنی جو اپنے رب کی اچھی ملاقات کا امیدوار ہو کہ اس کو رضامندی اور قبولیت والی ملاقات میسر ہو جائے نمبر ۲۔ یا جو اس بات سے ڈرتا ہو کہ وہ اپنے رب کے ساتھ بری ملاقات کرے۔ یہاں ملاقات سے مراد اس کی بارگاہ میں حاضری ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ رؤیت مراد ہے جیسا کہ لقاء کے لفظ کی حقیقت کا تقاضا ہے اور اس کی حقیقت پر قائم رکھنے کی امید ہے۔

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا (پس اس کو چاہیے کہ وہ نیک کام کرے) یعنی خالص اعمال کرے جس سے اپنے رب کی ذات ہی کو وہ چاہتا ہو۔ اور غیر کی اس میں ملاوٹ نہ کرنے والا ہو۔ یحییٰ بن معاذ کہتے ہیں کہ عمل صالح وہ ہے جس کے کرنے میں آدمی شرم محسوس نہ کرے۔ (یعنی بلا تامل کر گزرے)

وَّ لَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا (اور وہ اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک کرنے والا نہ ہو) یہ شرک سے ممانعت کی گئی یعنی وہ اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔ نمبر۲۔ یا ریا کاری کی ممانعت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اتق الشرك الاصغر۔ (ابن مردویہ) تم چھوٹے شرک سے بچو صحابہ نے عرض کیا چھوٹا شرک کیا ہے۔ آپ نے فرمایا ریا کاری۔

فَائِدَہ : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سورۂ کہف کو پڑھا وہ آٹھ دن تک ہر قسم کے فتنے سے بچا لیا گیا اگر ان آٹھ دنوں میں دجال نکل آئے تو اللہ تعالیٰ اس کے فتنے سے بھی اس کو محفوظ فرمائیں گے (اسی کے ہم معنی مسلم، ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے روایت نقل کی)

نمبر۲۔ جس نے قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ سے آخر تک اپنے بستر پر لیٹ کر پڑھا تو اس کے لئے سونے کی پوری حالت میں اس کی خواب گاہ سے لیکر مکہ تک ایک نور ہوگا۔ جو کہ جگمگائے گا اور اس نور کے اندر فرشتے ہی فرشتے ہوں گے جو اٹھنے کے وقت تک اس کے لئے دعائے رحمت کرتے رہیں گے اور اگر اس کی خوابگاہ مکہ میں ہوگی تو پھر خوابگاہ سے بیت المعمور تک جگمگاتا ہوا نور میسر ہوگا۔ جس میں فرشتے ہی بھرے ہونگے جو اس کے بیدار ہونے تک اس کے لئے دعائے مغفرت و رحمت کرتے رہیں گے۔
(اخرجہ ابن مردویہ والبزاز واحمد فی المسند)

تمت ترجمة سورة الكهف بتمامه احدى عشر من رمضان ١٤٢٣ھ قبل صلاة الظهر والحمدلله على ذلك

# سُوْرَۃُ مَرْیَمَ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ ثَمَانٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰیَۃً وَّسِتُّ رُکُوْعَاتٍ

سورۂ مریم مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھانویں آیات اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ① ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ② اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ③ قَالَ

کھیعص یہ آپ کے رب کی رحمت کا ذکر ہے جو اس نے اپنے بندہ زکریا پر فرمائی جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پوشیدہ طریقہ پر پکارا عرض کیا

رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِیًّا ④

کہ اے میرے رب میری ہڈیاں کمزور ہو گئیں اور میرے سر میں بڑھاپے کی وجہ سے سفیدی پھیل گئی اور میں آپ سے دعا مانگنے میں کبھی ناکام نہیں رہا

وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ⑤

اور بلاشبہ مجھے اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے اندیشہ ہے اور میری بیوی بانجھ ہے سو آپ مجھے اپنے پاس سے ایک ولی عطا فرما دیجئے

ا: کٓھٰیٰعٓصٓ سدی نے کہا! یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سورۃ کا نام ہے۔

قراءت: علی و یحییٰ نے ھا اور یا کے کسرہ سے پڑھا ہے نافع نے فتحہ اور کسرہ کے درمیان اور فتحہ کے زیادہ قریب کر کے۔ ابو عمرو نے کسرہ ھا اور فتحہ یا کے ساتھ اور حمزہ نے اس کا عکس اور دیگر قراء نے دونوں کا فتحہ پڑھا ہے۔

۲: ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ (یہ تذکرہ ہے تیرے رب کی مہربانی کا)

نحو: یہ ھذا مبتدا محذوف کی خبر ہے۔

عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا (جو اس نے اپنے بندے زکریا پر کی) عَبْدَهٗ یہ رحمت کا مفعول ہے اور زَكَرِيَّا یہ عبدہ کا بدل ہے۔

قراءت: زکریا کو قصر کے ساتھ حمزہ علی اور حفص نے پڑھا ہے۔

## حضرت زکریا علیہ السلام کی بڑھاپے میں دُعا:

۳: اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا (جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پوشیدہ طور پر پکارا) اذ یہ رحمت کا ظرف ہے۔ خَفِيًّا کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے پوشیدہ طور پر اللہ کو پکارا جیسا کہ حکم ہے یہ دعا ریاکاری سے دور اور اخلاص کے قریب تر ہے۔

نمبر۲۔ یا اس کو اس لئے پوشیدہ رکھا تا کہ بڑھاپے کے زمانے میں لڑکے کی طلب پر ان کو ملامت نہ کی جائے کیونکہ اس وقت ان کی عمر ۷۵ یا ۸۰ سال تھی۔

## ہڈیوں کے تذکرہ کی وجہ:

۴: قَالَ رَبِّ (عرض کیا اے میرے رب) یہ دعا کی تفسیر ہے رب اصل میں یا رَبِّ ہے حرف ندا اور مضاف الیہ کو اختصار کیلئے حذف کر دیا گیا۔ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ بیشک میری ہڈیاں کمزور ہو گئیں) یعنی میں ضعیف ہو گیا یہاں عَظْم کو خصوصیت سے اس لئے ذکر کیا کیونکہ وہ سارے بدن کیلئے بمنزلہ ستون کے ہے اور اسی سے بدن کا قوام ہے جب ہڈیاں ہی کمزور ہو جائیں تو ساری قوت ختم ہو جاتی ہے اور کمزور پڑ جاتی ہے کیونکہ ہڈیاں جسم میں سب سے زیادہ مضبوط اور سخت ہوتی ہیں جب یہ کمزور پڑ جائیں تو اس کے علاوہ بقیہ اجزاء اس کی نسبت کمزور تر ہوتے ہیں۔ العظم کو واحد لائے کیونکہ یہ جنسیت پر دلالت کرتا ہے مقصد یہ ہے کہ یہ جنس جو کہ جسم کا ستون اور قوام ہے اور جسم کے ترکیبی اجزاء میں مضبوط تر ہے اس کو کمزوری پہنچ چکی۔

وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا (اور سر میں بالوں کی سفیدی پھیل گئی ہے) شیبا یہ تمیز ہے مطلب یہ ہے کہ میرے سر کے بالوں میں سفیدی ایسی پھیل گئی کہ گویا آگ بھڑک اٹھی اشتعال نار اس وقت کہا جاتا ہے جس وقت اپنی لپٹوں میں متفرق ہو کہ شعلہ زن ہو جائے یہاں بڑھاپے کو سفیدی میں آگ کے شعلے سے تشبیہ دی ہے اور بالوں میں سفیدی کے پھیلنے کو اور چھا جانے کو اشتعال نار سے تعبیر کیا ہے اور یہ جملہ فصاحت کا ایک شاندار نمونہ ہے۔ نمبر۲۔ ذرا توجہ کرو تو کلام اتنا تھا یا رب قد شخت کیونکہ بڑھاپا ضعف بدن اور بالوں کی سفیدی جوان دونوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور اس سے زیادہ بہتر جملہ ضعف بدنی وشاب راسی ہے اس میں اور زیادہ تفصیل ہے جبکہ اس سے بھی قوی تر جملہ وَ هَنت عِظَام بَدَنِیْ ہے کیونکہ اس میں تصریح سے کنایہ کی طرف عدول ہے اور کنایہ تصریح سے افضل ہے اور اس سے بھی زیادہ بہتر جملہ اَنَا وَهَنت عِظَام بَدَنِیْ اور زیادہ بہتر اِنِّیْ وَهَنت عِظَام بَدَنِیْ ہے۔ اور اس سے مزید بہتر اِنِّیْ وهَنت العِظَام مِنْ بَدَنِیْ کیونکہ اس میں اجمال اور تفصیل دونوں طریقوں کو آزمایا گیا ہے اور اس سے زیادہ مضبوط مفہوم والا جملہ انی وهنت العظام مِنِّیْ اس میں بدن کا واسطہ چھوڑ دیا گیا۔ اور اس سے بہتر انی وهن العظم منی ہے کیونکہ اس میں وهن ہڈیوں کے ہر ہر فرد کو شامل کر رہا ہے اس وجہ سے کہ جمع کی بجائے مفرد کو استعمال کیا گیا ہے۔ کیونکہ مجموعی کمزوری بعض سے بھی حاصل ہو جاتی ہے بجائے ہر ہر فرد کے۔ اور اسی لئے حقیقی معنی کو شاب راسِی میں ترک کر کے اس سے زیادہ بلیغ استعارے کی زبان استعمال کی گئی جس کے نتیجے میں یہ جملہ حاصل ہوا اِشْتَعَل شَیْبُ رَاسِیْ مگر اس سے زیادہ بلیغ اشتعل راسی شیبا ہے۔ کیونکہ اس میں اشتعال کی نسبت بالوں کے مکان اور اگنے کی جگہ کی طرف ہے جو کہ سر ہے تا کہ اشتعال سارے سر کو شامل کرنے کا فائدہ دے۔

کیونکہ اشتعل شیب راسی اور اشتعل راسی شیبا دونوں ہم وزن ہیں جیسا کہ اشتعل النار فی بیتی اور اشتعل بیتی نارًا ہم وزن ہیں مگر ان دونوں میں فرق واضح ہے کیونکہ اس میں اجمال اور تفصیل ہے جیسا کہ تمیز کے طریقے میں معلوم ہو چکا مگر اس سے زیادہ بلیغ واشتعل الراس منی شیبا ہے وجہ گزر چکی مگر اس سے بلیغ تر یہ جملہ ہے واشتعل الراس شیبا کیونکہ اس میں مخاطب کے علم پر اکتفا کیا گیا کہ وہ زکریا علیہ السلام کا ہی سر ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کا عطف وهن العظم منی پر ہو رہا ہے۔

میں کبھی نامراد نہ ہوا:

وَّ لَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا (اوراے میرے رب میں تجھے پکار کر کبھی بھی نامراد نہیں رہا) دعائك میں مصدر کی اضافت مفعول کی طرف ہے تقدیر عبارت یہ ہے ای بد عاء ی ایّاك شقیا کا مطلب یہ ہے کہ میں آج کے دن سے پہلے مستجاب الدعوات تھا اوراس کے ساتھ خوش نصیب تھا نامراد و بد بخت نہ تھا۔ عربی کا محاورہ ہے سعد فلانًا بحاجته جبکہ وہ اس ضرورت کو پالے اور شقی فلان بحا جته جبکہ اس میں ناکام ہو جائے اور اس کو نہ پا سکے۔ بعض کا قول یہ ہے کہ ایک محتاج نے آپ سے سوال کیا اور کہا میں، وہ شخص ہوں کہ جس پر تم نے فلاں وقت میں احسان کیا تو آپ نے فرمایا تمہیں خوش آمدید ہو کہ تم نے ہماری ہی ذات کو ہمارے سامنے وسیلہ بنایا اور اس کی ضرورت پوری کر دی۔

۵: وَاِنِّىْ خِفْتُ الْمَوَالِىَ (اور میں اپنے رشتہ داروں سے اندیشہ رکھتا ہوں) الموالیؔ سے ان کے عصبات یعنی بھائی، چچا کے بیٹے مراد ہیں۔ اور یہ بنی اسرائیل کے شریر لوگ تھے۔ پس ان کو خطرہ ہوا کہ وہ دین کو نہ بدل ڈالیں اور آپ کی امت پر وہ اچھی نائبیت انجام نہ دیں اس لئے انہوں نے اپنی صلبی اولاد میں صالح فرزند کی درخواست کی تاکہ دین کو زندہ کرنے میں ان کی اقتداء کی جاسکے۔

مِنْ وَّرَآءِىْ (اپنے بعد) اپنی موت کے بعد۔ قراءت: قصر اور فتحہ یا کے ساتھ هُدای کی طرح مکی نے پڑھا ہے۔

نحو: اس ظرف کا خفت سے تعلق نہیں کیونکہ موت کے بعد وجود خوف کا کوئی تصور نہیں۔ لیکن محذوف سے متعلق ہے۔ نمبر۲: یا الموالی میں الولایہ کا معنی ہے یعنی مجھے موالی کے فعل سے خدشہ ہے اور وہ فعل انکا تبدیل کرنا اور میرے بعد بری قائم مقامی ہے۔ نمبر۳۔ مجھے ان لوگوں سے خطرہ و اندیشہ ہے جو میرے بعد معاملے کے ذمہ دار ہونگے۔

وَكَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا (اور میری بیوی بانجھ ہے) بچہ جننے کے قابل نہیں رہی۔ فَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ (پس تو مجھے اپنی طرف سے عنایت کر دے) بلا سبب جو محض تیرے فضل کا عطیہ ہو۔ کیونکہ میں اور میری بیوی اولاد جننے کے قابل نہیں وَلِيًّا (ایک وارث) ایک ایسا بیٹا جو تیرے معاملے کا میرے بعد ذمہ دار ہوگا۔

يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝٦ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ

جو میرا وارث بنے اور یعقوب کی اولاد کا بھی' اور اے رب آپ اسے پسندیدہ بنا دیجئے ۔ اے زکریا بے شک ہم تمہیں ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝٧ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ

اس کا نام یحیٰی ہے۔ ہم نے اس سے پہلے اس کا کوئی ہم نام نہیں بنایا ۔ عرض کیا اے میرے رب میرے لڑکا کہاں سے ہوگا اور حال یہ ہے کہ

امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝٨ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ

میری بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کے انتہائی درجہ کو پہنچ چکا ہوں ۔ فرمایا یوں ہی ہوگا' تمہارے رب کا فرمان ہے کہ وہ مجھ پر آسان

هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ۝٩ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ اٰيَةً ۭ

ہے اور میں نے تمہیں اس سے پہلے پیدا کیا حالانکہ تم کچھ بھی نہ تھے ۔ عرض کیا اے میرے رب میرے لئے کوئی نشانی مقرر فرما دیجئے

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝١٠ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ

فرمایا تمہاری نشانی یہ ہے کہ تم لوگوں سے تین رات بات نہ کر سکو گے۔ حالانکہ تم تندرست رہو گے سو وہ محراب سے اپنی قوم پر نکلے

فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝١١ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ

اور ان کو اشارہ سے فرمایا کہ صبح شام اللہ کی تسبیح میں مشغول رہو۔ اے یحیٰی کتاب کو مضبوطی کے ساتھ لے لو اور ہم نے ان کو

الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝١٢ۙ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ۝١٣ۙ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ

بچپن میں حکم دے دیا اور ان کو اپنے پاس سے رقت قلبی کی صفت اور پاکیزگی عطا فرمائی اور وہ پرہیزگار تھے اور اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے تھے اور وہ

يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ۝١٤ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝١٥ ع

سرکشی کرنے والے نافرمانی کرنے والے نہ تھے اور ان پر اللہ کا سلام ہو جس دن پیدا ہوئے اور جس دن وفات پائیں گے اور جس دن زندہ ہو کر اٹھائے جائیں گے۔

## وارثِ علم کی طلب:

٦: يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ (جو میرا وارث ہو سو وارث ہو) دونوں رفع کے ساتھ ولیًّا کی صفت ہیں۔ یعنی مجھے ایسا بیٹا عنایت فرما۔ جو میرے علم اور آل یعقوب کی نبوت کا وارث ہو۔

## وراثتِ نبوت:

کامعنی یہ کہ وہ وحی کی صلاحیت رکھتا ہو نفس نبوت میں وراثت مراد نہیں۔
قراءت: ابوعمرواور علی نے دونوں کو جزم سے پڑھا۔اس طرح کہ یہ دعا کا جواب ہے کہا جاتا ہے ورثته وورثت منه۔
مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ (آل یعقوب بن اسحاق) وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا (اے میرے رب اس کو اپنا پسندیدہ بنا) ایسا پسندیدہ جس کو آپ چاہتے ہوں یا جو آپ سے راضی اور آپ کے حکموں پر خوش ہو۔اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبول کیا اور فرمایا۔

## ایک بے مثال لڑکا:

۷: يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اِِسْمُهٗ يَحْيٰى (اے زکریا ہم آپ کو ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا) اللہ تعالیٰ نے بطور تشریف کے نام خود تجویز فرمایا۔
قراءت: نَبشُرك کو حمزہ نے تخفیف سے پڑھا ہے۔
لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا (ہم نے اس سے پہلے اس کا کوئی ہم نام نہیں بنایا) اس سے پہلے یحییٰ کسی کا نام نہ تھا۔اور یہ دلیل ہے کہ یہ موضع حال میں ترجیح کے قابل ہے۔نمبر۲۔مثال اور تشبیہ مراد ہے اور ان کی مثال اس لئے نہ تھی کیونکہ انہوں نے کبھی نہ کوئی نافرمانی کی اور نہ ہی اس کا ارادہ کیا اور وہ بوڑھے باپ اور بوڑھی ماں کے اکلوتے تھے۔اور یہ عورت سے بے رغبت تھے۔
۸: جب فرشتوں نے ان کو بشارت دے دی۔قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ (کہا اے میرے رب میرے لئے لڑکا کیسے ہوگا) اَنّٰى كَيْفَ کے معنی میں ہے۔یہ استبعاد نہیں بلکہ اس بات کو ظاہر کرانے کیلئے ہے کہ وہ کس طریقہ سے ہوگا۔کیا وہ دونوں اسی حالت میں رہیں گے اور وہ ان کو عنایت کیا جائے گا۔یا نمبر۲۔جوانی میں لوٹ کر جائیں گے۔
وَّ كَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّ قَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا (اور میری بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے میں انتہائی عمر کو پہنچ چکا ہوں) ای بَلَغْتُ عِتِيًّا۔عتیاً خشکی کو کہتے ہیں۔جوڑوں اور ہڈیوں میں لاغری جیسا خشک ٹہنی جو بڑھاپے کی وجہ سے ہو۔اور انتہائی عمر کو پہنچنا
قراءت: عِتِيًّا، صِلِيًّا، [مریم:۷۰]، جِثِيًّا[مریم:۶۸] بُكِيًّا [مریم:۵۸] تمام کے شروع میں حمزہ وعلی، حفص نے کسرہ پڑھا۔مگر بُكيا میں حفص نے با پر ضمہ پڑھا ہے۔
۹: قَالَ كَذٰلِكَ (کہا اسی طرح)۔کاف مرفوع ہے تقدیر یہ ہے الاَمْرُ كَذٰلِك۔اس میں ان کی تصدیق کی ابتداء کرتے ہوئے کہا۔قَالَ رَبُّكَ تمہارے رب نے کہا۔نمبر۲۔یہ قال کی وجہ سے منصوب ہے۔اور ذٰلك سے اس مبہم کی طرف اشارہ کیا جس کی تفسیر هو عَلَيَّ هَيِّنٌ کررہا ہے۔هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وہ مجھ پر آسان ہے) یعنی یحییٰ کا دو بوڑھوں سے پیدا کردینا آسان ہے۔وَّ قَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ اس سے پہلے ہم نے تجھے پیدا کیا) یحییٰ سے پہلے تمہیں وجود دیا۔
قراءت: حمزہ،علی نے خلقناك پڑھا ہے۔وَلَمْ تَكُ شَيْئًا (اور تو کچھ نہ تھا) کیونکہ معدوم کوئی چیز نہیں ہوتا۔
۱۰: قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً (کہا اے میرے رب میرے لئے کوئی نشانی مقرر فرما) ایسی علامت جس سے میں اپنی عورت کا

حاملہ ہونا پہچان سکوں۔ قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَیَالٍ سَوِیًّا (کہا تیری نشانی یہ ہے کہ تو لوگوں سے تین راتیں صحیح سالم ہونے کے باوجود کلام نہ کر سکے گا) سَوِیًّا یہ تکلم کی ضمیر سے حال ہے تقدیر کلام اس طرح ہے۔ حال كونك سوی الاعضاء واللسان۔ **مطلب** ہوا کہ تیری علامت یہ ہے کہ تو کلام سے رک جائے گا اس کی طاقت نہ ہوگی حالانکہ تیرے اعضاء صحیح سالم ہونگے گونگے پن کا نام نہ ہوگا۔

**فَائِدَة**: یہاں **لیالی** کا ذکر کیا جبکہ آل عمران میں ایام کا۔ اس لئے کہ اس سے یہ بتلایا کہ کلام سے یہ رکنا مسلسل تین دن رات رہے گا۔ ایام کا ذکر کرنے سے اس کے ساتھ والی راتیں خود شامل ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح عرف عام میں بھی راتیں بول کر جو ان سے متصل دن ہے وہ مراد لیا جاتا ہے۔

۱۱: **فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ** (وہ اپنی قوم کے پاس مسجد سے نکل کر گئے) محراب سے نماز کی جگہ مراد ہے۔ وہ ان کے انتظار میں تھے۔ آپ کو کلام پر قدرت نہ رہی۔ **فَاَوْحٰی اِلَیْهِمْ** (پس آپ نے ان کی طرف اشارہ کیا) انگلی سے اشارہ مراد ہے۔ **اَنْ سَبِّحُوْا** (تم تسبیح کرو) یعنی نماز پڑھو۔ یہ اَن مفسرہ ہے۔ **بُكْرَةً وَّ عَشِیًّا** (صبح ،شام) فجر وعصر کی نماز مراد ہے۔

## یحییٰ علیہ السلام کی صفات:

۱۲: **یٰیَحْیٰی خُذِ الْكِتٰبَ** اے یحییٰ تو کتاب کو پکڑ) مطلب یہ ہے کہ ہم نے ان کو یحییٰ عطا کیا اور ہم نے یحییٰ کو ولادت کے بعد یا خطاب کے زمانے میں کہا اے یحییٰ کتاب سے تورات مراد ہے۔ **بِقُوَّةٍ** (مضبوطی کے ساتھ) یہ حال ہے مطلب یہ ہے کہ خوب کوشش کے ساتھ اور اللہ کی تائید و توفیق کی پشت پناہی کے ساتھ۔ **وَاٰتَیْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِیًّا** ہم نے بچپن میں ہی ان کو حکم دیا) حکم سے مراد یہاں توراۃ کی سمجھ اور دین کی فہم ہے۔ صَبِیًّا یہ حال ہے ایک قول یہ ہے کہ بچے حضرت یحییٰ کو کھیلنے کیلئے بلاتے تو آپ فرماتے ہم کھیل کیلئے پیدا نہیں کئے گئے۔

۱۳: **وَّ حَنَانًا** (اور شفقت) شفقت اور رحمت اپنے والدین اور دوسروں کے حق میں) **نَحو**: کو اس کا عطف الحکم پر ہے **مِّنْ لَّدُنَّا** (اپنی طرف سے) **وَزَكٰوةً** (اور پاکیزگی) یعنی طہارت و بھلائی کہ انہوں نے کوئی گناہ نہ کیا **وَّكَانَ تَقِیًّا** (اور وہ متقی تھے) یعنی فرمانبردار اور اطاعت شعار۔

۱۴: **وَّبَرًّا بِوَالِدَیْهِ** (والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والے) یعنی ان کے ساتھ بھلائی کرنے والے تھے ان کی نافرمانی نہ کرتے تھے۔ **وَلَمْ یَكُنْ جَبَّارًا عَصِیًّا** (اور وہ متکبر اور نافرمان نہ تھے) عصیًّا کا معنی اپنے رب کا نافرمان۔

## پروانۂ سلامتی:

۱۵: **وَسَلٰمٌ عَلَیْهِ** (اور ان کے لئے سلامتی ہے) یعنی اللہ کی طرف سے ہر دکھ اور اذیت سے امان ہے۔ **یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ** (جس دن وہ پیدا ہوئے اور جس دن وہ مریں گے) یعنی ولادت کے وقت شیطان کے اثرات سے اور موت کے وقت فتنۂ قبر سے **وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا** (اور جب وہ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے) یعنی بڑی گھبراہٹ سے محفوظ کر دیئے جائیں گے۔ سفیان بن عیینہ کہتے ہیں یہی تین موقعے سب سے زیادہ وحشت ناک ہیں۔

وقف لازم

وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ مَرْیَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِیًّا ۞۱۶ لا فَاتَّخَذَتْ مِنْ

اور کتاب میں مریم کو یاد کیجئے جبکہ وہ اپنے گھر والوں سے علیحدہ ہو کر ایک ایسی جگہ چلی گئی جو مشرق کی جانب تھا پھر اس نے ان لوگوں سے ورے

دُوْنِهِمْ حِجَابًا قف فَاَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِیًّا ۞۱۷ قَالَتْ اِنِّیْۤ

ایک پردہ ڈال لیا سو ہم نے اس کی طرف اپنا فرشتہ بھیج دیا جو اس کے سامنے صحیح سالم آدمی بن کر ظاہر ہو گیا مریم نے کہا کہ میں

اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِیًّا ۞۱۸ قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ ق لِاَهَبَ لَكِ

تجھ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو اللہ سے ڈرنے والا ہے فرشتے نے کہا میں تو تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں تاکہ تجھے ایک

غُلٰمًا زَكِیًّا ۞۱۹ قَالَتْ اَنّٰی یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّلَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِیًّا ۞۲۰

پاکیزہ لڑکا دے دوں مریم نے کہا کہ میرے لڑکا کیسے ہو گا حالانکہ مجھے کسی بشر نے چھوا بھی نہیں اور نہ میں بدکار ہوں

## حضرت مریم علیہا السلام کا تذکرہ:

۱۶: وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ مَرْیَمَ (اور یاد کیجئے یا تذکرہ کیجئے کتاب میں مریم کا) کتاب سے قرآن مراد ہے مطلب یہ ہے کہ ان کو مریم کا واقعہ پڑھ کر سنائیں تاکہ اس کی ان کو اطلاع ہو اور جو کچھ ان پر گزرا اس کا ان کو علم ہو جائے۔

نحو: اِذْ یہ مریم کا بدل الاشتمال ہے کیونکہ اوقات اس سب پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جو ان سب میں پایا جاتا ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ مریم کے تذکرے میں مقصود اس وقت کا ذکر کرنا ہے۔ جس میں یہ عجیب واقعہ پیش آیا۔ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا (الگ ہوگئی اپنے اہل سے) یعنی دور ہوگئی مَكَانًا شَرْقِیًّا (مشرقی جانب والے مکان میں) یعنی ایسے مکان میں عبادت کیلئے علیحدگی اختیار کی جو بیت المقدس کے مشرقی جانب تھا۔ یا گھر میں لوگوں سے الگ تھلگ ہوگئیں۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ اپنے گھر کے مشرقی کونے میں غسل حیض کیلئے بیٹھیں۔

۱۷: فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا (انہوں نے گھر والوں سے پردہ ڈال لیا) یعنی انہوں نے اپنے اور گھر والوں کے درمیان اسلئے پردہ لٹکایا تاکہ اس پردے کے پیچھے غسل کر سکیں۔ فَاَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهَا رُوْحَنَا (پس ہم نے بھیجا ان کے پاس جبرئیل امین کو) روحنا کی اضافت تشریف کیلئے ہے اور ان کو روح اسلئے کہا جاتا ہے کیونکہ دین ان سے زندہ ہے وہ اس کی وحی لاتے رہے ہیں۔ فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِیًّا (پس ان کے سامنے پورا آدمی بن کر نمودار ہوئے) یعنی جبرئیل ایک نوجوان آدمی کی صورت میں ان کے سامنے آئے جن کا چہرہ چمک رہا تھا۔ بال گھنگریالے اور منہ پر ڈاڑھی نہ تھی۔ سَوِیًّا کا معنی اعضاء بدن ان کے بالکل درست تھے۔ جبرئیل صورت انسانی میں ان کے سامنے اسلئے آئے تاکہ ان کی کلام سے وہ مانوس ہوں اور متنفر نہ ہوں اگر وہ ان کے سامنے صورت ملکیہ میں آتے تو وہ نفرت کرتیں اور انکا کلام سننے کی قدرت نہ پاتیں۔

۱۸:قَالَتْ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِیًّا ( کہنے لگی میں تجھ سے خدائے رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو متقی ہے ) یعنی اگر تجھ سے تقویٰ کی امید ہے تو تب بھی میں تجھ سے رحمان کی پناہ مانگتی ہوں یا اس شرط کی جزاء محذوف ہے کہ اگر تو تقوے والا ہے تو تقویٰ کا تقاضا بدکاری کی طرف اقدام نہ کرنا ہے۔

## حضرت جبرئیل علیہ السلام کی گفتگو:

۱۹: قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ (جبرئیل نے کہا بیشک میں تیرے رب کا قاصد ہوں ) اس کو اس سلسلے میں مطمئن کیا جس سے وہ ڈر رہی تھی اور اس کو اطلاع دی کہ وہ انسان نہیں بلکہ وہ اسی رحمان کا قاصد ہے جس کی وہ پناہ طلب کر رہی ہیں ۔لِاَهَبَ لَكِ تا کہ میں تجھے عطا کروں )۔اللہ تعالیٰ کے حکم سے یا لڑکا عطا کرنے کا میں گریبان میں پھونک مار کر سبب بن جاؤں ۔

قراءت: نافع اور ابوعمرو نے لِیَهَبَ لك پڑھا ہے۔یعنی لیهب الله لك ۔ غُلٰمًا زَكِیًّا (پاکیزہ لڑکا ) یعنی گناہوں سے پاک یا خیر و برکت پر نشو ونما پانے والا ۔

۲۰:قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ ( کہا میرے لڑکا کیسے ہوگا ) انّٰی یہاں کیف کے معنی میں اور غلام ابن کے معنی میں ہے۔وَّلَمْ يَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ (اور مجھے کسی انسان نے نہیں چھوا ) یعنی نکاح سے کوئی میرا خاوند نہیں وَّلَمْ اَكُ بَغِیًّا (اور میں نے برا کام بھی نہیں کیا ) یعنی فاجرہ عورت ۔ جو مردوں کو تلاش کرتی پھرے یعنی کسی بھی آدمی سے اپنی شہوت کو پورا کرے اور عادت یہ ہے کہ لڑکا ان دو صورتوں سے ہی ہوتا ہے۔ مبرد کہتے ہیں کہ بغی فعول کے وزن پر ہے اصل بغوی ہے واؤ کو یا کر کے اس میں ادغام کر دیا اور اتباعا غین کو کسرہ دیا اسی وجہ سے اس میں تائے تانیث نہیں جس طرح کہ امرئة صبور و شکور میں دیگر علماءِ نحو نے یہ کہا کہ یہ فعیل کے وزن پر ہے اور اس کے آخر میں ہ نہیں آتی کیونکہ یہ مفعولہ کے معنی میں ہے۔اور اگر فاعلہ کے معنی میں ہو تو کبھی اس میں مشابہت ہو جاتی ہے جیسے ان رحمت الله قریبٌ [الاعراف:۵۶ ]

قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ

فرشتہ نے کہایوں ہی ہوگا تیرے رب نے فرمایا ہے کہ یہ مجھ پرآسان ہے اور تا کہ ہم اسے لوگوں کے لئے نشانی بنادیں اور اپنی طرف سے رحمت بنادیں' اور یہ

اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى

ایسی بات ہے جس کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ سواس لڑکے سے وہ حاملہ ہوگئی لہٰذا وہ اس حمل کو لئے ہوئے علیحدہ ہو کر دور چلی گئی سو دردزہ اسے کھجور کے تنے کے

جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ

پاس لے آیا' وہ کہنے لگی ہائے کاش میں اس سے پہلے مرگئی ہوتی اور بالکل بھولی بسری ہو جاتی' سو اسے اس کے نیچے سے آواز

تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ

دی کہ تو غمگین مت ہو تیرے رب نے تیرے نیچے ایک نہر پیدا فرما دی ہے اور تو کھجور کے تنے کو اپنی جانب

النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا

حرکت دے جس سے تجھ پر پکی تیار کھجوریں گریں گی سو تو کھا اور پی اور اپنی آنکھیں ٹھنڈی کر' سو اگر

تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿٢٦﴾ ۚ

تو کسی انسان کو دیکھے تو کہہ دینا کہ میں نے رحمٰن کے لئے روزہ رکھنے کی منت مان لی ہے لہٰذا آج میں کسی بھی انسان سے بات نہیں کروں گی۔

۲۱: قَالَ كَذٰلِكِ (جبرئیل نے کہا اسی طرح) یعنی معاملہ اسی طرح ہے جس طرح تم نے کہا کہ تمہیں کسی مرد نے نکاح سے یا زنا سے نہیں چھوا۔ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ (تمہارے رب نے کہا ہے کہ وہ مجھ پر آسان ہے) یعنی بغیر باپ کے لڑکا دینا میرے لئے آسان ہے۔ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ (اور تا کہ ہم اس کو لوگوں کیلئے نشانی بنادیں) یہ جملہ تعلیلیہ ہے اس کا معلل محذوف ہے تقدیر کلام اس طرح ہے ولنجعله آية للناس فعلنا ذالك یا تعلیل مضمر پر اس کا عطف ہے تقدیر کلام اس طرح ہوگی لنبين به قدرتنا ولنجعله آية للناس یعنی ہماری قدرت پر دلیل اور عبرت ہوگا۔ وَرَحْمَةً مِّنَّا اور رحمت ہماری طرف سے) اس کے لئے جوان پر ایمان لائے گا وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کی خلقت طے شدہ کام ہے) مَقْضِيًّا کا معنی مقدر اور لوح کے اندر لکھا ہوا۔

## حمل مریم کے متعلق ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول:

۲۲: جب وہ ان کی بات سے مطمئن ہو گئیں تو ان کے قریب ہوئیں جبرئیل نے ان کے گریبان میں پھونک ماری وہ پھونک ان کے پیٹ تک پہنچی۔ فَحَمَلَتْهُ (پس وہ اس بچے سے حاملہ ہو گئیں) یعنی جو بچہ ان کو عطا کرنا تھا۔ مریم کی اس وقت عمر تیرہ سال یا دس یا

بیس سال تھی ۔ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ (پس اس حمل کو لیکر ایک جگہ میں چلی گئیں) یعنی وہ دور چلی گئیں اس حال میں کہ حمل ان کے پیٹ میں تھا۔

نَحْو : یہ جار اور مجرور موضع حال میں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ان کی مدت حمل ایک لحہ تھی جونہی وہ حاملہ ہوئیں اسی وقت وہ الگ ہوگئیں ایک کمزور قول یہ ہے کہ چھ مہینے مدت تھی دوسرا قول ... ت مہینے ... ل آٹھ مہینے۔ آٹھ مہینے کا کوئی بچہ بھی سوائے عیسیٰ کے زندہ نہیں رہا ایک قول یہ ہے کہ ایک ساعت میں حاملہ ہوئی دوسری ساعت میں ان کی تصویر بنی اور تیسری ساعت میں عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوگئے۔ مَكَانًا قَصِيًّا (دور جگہ میں) جو گھر والوں سے دور پہاڑ کے پیچھے تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ جب انہوں نے حمل کو محسوس کیا تو ملامت کے خوف سے وہ اپنی قوم سے دور بھاگ گئی۔

۲۳: فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ (پس دردزہ ان کو لے آیا) لے آیا یا ان کو مجبور کیا۔ یہ جاء سے منقول ہو کر آیا البتہ اس کا استعمال اِلْجاء کے معنی کی طرف منتقل ہونے سے بدل گیا۔ کیا تم دیکھتے نہیں کہ اس طرح نہیں کہتے۔ جئت المكان ، اجاء فيه زيدٌ المخاص دردزہ۔ اِلٰی جِذْعِ النَّخْلَةِ (کھجور کے تنے کی طرف) کھجور کی جڑ کی طرف اور یہ درخت خشک تھا۔ اور یہ موسم سردی کا تھا۔ النخلة کو معرفہ لا کر ظاہر کیا۔ کہ یہ کھجور کا معروف درخت تھا۔ نمبر۲۔ اور یہ بھی درست ہے کہ تعریف جنس کو ظاہر کرنے کیلئے ہو۔ یعنی جذع هذه الشَّجَرَة اس درخت کے تنے کی طرف گویا کہ اللہ تعالیٰ نے کھجور کی طرف اس کی راہنمائی کی تا کہ وہ اس سے تر کھجور کھائے۔ کیونکہ نفاس والی عورتوں کی یہ مخصوص خوراک ہے۔ پھر تکلیف کی شدت کی وجہ سے قالت بول اٹھی۔ يٰلَيْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا (اے کاش میں اس سے پہلے مرچکی ہوتی) ھٰذا کا مشار الیہ الیوم ہے۔

قراءت: مدنی، کوفی نے سوائے ابوبکر کے مِتُّ کسرہ سے اور دیگر قراء نے مُتُّ پڑھا ہے۔ کہا جاتا ہے مات یموت و یمات وَ کُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا (اور ہو جاتی بھولی بسری) ایسی متروکہ چیز جو نہ معروف ہو اور نہ قابل تذکرہ ہو۔

قراءت: حمزہ، حفص نے نسیًا کو فتحہ نون سے اور دیگر قراء نے کسرہ سے۔ مگر دونوں کا معنی یکساں ہے۔ ایسی چیز کو کہتے ہیں۔ جو پھینکے جانے اور حقارت کی وجہ سے بھلا جانے کے قابل ہو۔

## تسلی جبرئیل علیہ السلام:

۲۴: فَنَادٰهَا مِنْ تَحْتِهَا (اس کو آواز دی اس کے پائیں مکان سے) یعنی اس شخص نے جو اس کے بائیں جانب تھا۔ نادیٰ کا فاعل جبرئیل علیہ السلام ہیں۔ کیونکہ وہ اس سے گہرے مقام میں تھے۔ نمبر۲۔ عیسیٰ علیہ السلام نے ان کو خطاب کیا ان کے اپنے دامن کے نیچے سے۔

قراءت: مدنی، کوفی نے سوائے ابوبکر کے مَن تَحْتِها اس کا فاعل مضمر ہے اور وہ عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

نمبر۳۔ جبرئیل علیہ السلام اور تحتها کی ضمیر نخلہ کی طرف راجع ہے۔ کیونکہ ان کو شدید تکلیف کا سامنا تھا اس لئے ان الفاظ سے تسلی دی۔ اَلَّا تَحْزَنِیْ (تو مغموم مت ہو) اکیلے پن کا غم نہ کر اور طعام و شراب کی فکر تجھے دامن گیر نہ ہو اور لوگوں کی باتوں کے سلسلہ میں دلگیر نہ ہو۔ ان یہ ای کے معنی میں ہے۔

## ندی کا جاری ہونا:

قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا (تیرے رب نے تیرے پائیں سے ایک نہر پیدا کر دی) تحت سے قرب مراد ہے۔ نمبر۲۔ تیرے حکم کے ماتحت کر دی اگر تو حکم دے گی چلے گی اور تو اس کو ٹھہرائے گی تو ٹھہر جائے گی۔ السری، چھوٹی نہر، عندالجمہور۔ آنحضرت ﷺ سے سری کے متعلق سوال کیا گیا تو فرمایاهو الجدول [رواہ الطبرانی فی الصغیر] حضرت حسن کہتے ہیں السری بمعنی سردار مراد عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ روایت میں ہے کہ خالد بن صفوان نے ان کو کہا عرب تو جدول کو سری کہتے ہیں تو حسن نے کہا تو نے سچ کہا اور خالد کے قول کی طرف رجوع کر لیا۔

۲۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام یا جبرئیل علیہ السلام نے اپنی ایڑی زمین پر ماری جس سے میٹھے پانی کا چشمہ ابلنے لگا خشک نہر جاری ہوگئی اس سے کھجور سرسبز ہوگئی۔ اور پھل آ گیا اور پھل پک کر تیار ہوگیا۔ اس پر مریم کو کہا گیا۔ وَهُزِّيْ (تو حرکت دے) اِلَيْكِ (اپنی طرف) بِجِذْعِ النَّخْلَةِ کھجور کے تنے کو (ابوعلی کا قول با زائدہ ہے ای هزی جذع النخلة۔ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ (وہ تیرے اوپر تروتازہ کھجوریں گرائے گا)۔

قراءت: اول تا کو دوسری میں ادغام کر دیا مکی، شامی، مدنی، ابوعمرو، علی، ابوبکر کے ہاں اسی طرح ہے۔ یہ اصل میں تتسا قط ہے۔ تَسَاقَطْ تا، قاف کے فتحہ کے ساتھ، دوسری تا کو گرا دیا سین میں تخفیف سے حمزہ نے پڑھا۔ اور یساقط یا کا فتحہ، قاف کا فتحہ، سین مشدد۔ یہ یعقوب، سھل، حماد، نصیر نے پڑھا۔ تُساقط مفاعلہ سے حفص نے پڑھا۔ اور تُسقط، يُسقِط وَتَسقُط وَيَسقُط تا النخلة کی وجہ سے اور یا الجذع کیلئے یہ کل نو قراءتیں ہیں۔

رُطَبًا یہ تمیز ہے نمبر۲۔ مفعول بہ ہے قراءت کے مطابق جَنِيًّا تازہ۔ لوگوں نے کہا زمانہ قدیم میں نفاس والی عورتوں کو کھجور دیتے تھے۔ دوسرا قول یہ ہے نفساء کیلئے کھجور سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ اور مریض کیلئے شھد سے بہتر کوئی شیء نہیں۔

## ہدایات:

۲۶: فَكُلِيْ (پس تو کھا) اس چنی ہوئی کھجوروں میں سے۔ وَاشْرَبِيْ (اور نہر کا پانی پی)۔ وَقَرِّيْ عَيْنًا (اور تو اپنی آنکھیں دودھ پیتے بچے سے ٹھنڈی کر) عینًا یہ تمیز ہے۔ تو عیسیٰ سے اپنے نفس کو خوش کر اور غم والی چیز اپنے سے دور رکھ۔ فَاِمَّا اس کی اصل اِنْ ما ہے اِنْ شرطیہ کو مَا سے ملا کر اس میں ادغام کر دیا۔ تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا فَقُوْلِيْۤ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا (پس اگر تو کسی آدمی کو دیکھے تو اس سے کہہ دینا کہ میں نے آج اللہ کیلئے خاموش رہنے کی نذر مانی ہے) یعنی اگر تو کسی آدمی کو دیکھ پائے اور وہ تم سے تمہارا حال دریافت کرے تو تو خاموش رہ اور کلام سے اپنے کو روک کر رکھ جیسا کہ کھانے پینے کا روزہ رکھتے ہیں۔ نمبر۲۔ یہ حقیقتاً روزہ تھا۔ ان کے روزے میں خاموشی تھی اور خاموشی کا التزام روزے کا التزام تھا۔

آپ ﷺ نے خاموشی کے روزے سے منع فرمایا پس یہ ہماری شرع میں منسوخ ٹھہرا۔ حضرت مریم کو خاموشی کی نذر ماننے کا حکم تھا۔ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام کی گفتگو ان کی براءت کیلئے کافی تھی۔ اور دوسری وجہ یہ تھی کہ احمق لوگ جدال پر نہ اتر آئیں۔

مَسْئَلَة: اس میں یہ بتلایا کہ بیوقوف کی بات سے خاموشی لازم ہے اور اعراض وغیرہ سے روکا جائے اور اس کی زبان کی لگام کو

فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا یٰمَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَیْـًٔا فَرِیًّا ﴿٢٧﴾ یٰۤاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا

سو وہ اس بچہ کو اٹھائے ہوئے اپنی قوم کے پاس لے کر آئی' ان لوگوں نے کہا کہ اے مریم یہ تو نے بڑے غضب کا کام کیا اے ہارون کی بہن

كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِیًّا ﴿٢٨﴾ فَاَشَارَتْ اِلَیْهِ ؕ قَالُوْا كَیْفَ نُكَلِّمُ

نہ تو تمہارا باپ برا آدمی تھا اور نہ تمہاری ماں بدکار تھی سو مریم نے بچہ کی طرف اشارہ کر دیا وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم اس سے کیسے بات کریں

مَنْ كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ؕ اٰتٰىنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿٣٠﴾

جو گہوارہ میں ابھی بچہ ہی ہے۔ وہ بچہ بول اٹھا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں مجھے اس نے کتاب عطا فرمائی اور اس نے مجھے نبی بنایا

وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ﴿٣١﴾

اور مجھے برکت والا بنایا میں جہاں کہیں بھی ہوں' اور اس نے مجھے نماز پڑھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا جب تک کہ میں زندہ رہوں

وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ﴿٣٢﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ

اور مجھے اپنی والدہ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا بنایا' اور مجھے سرکش بدبخت نہیں بنایا اور مجھ پر سلام ہے جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن

اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ﴿٣٣﴾

مجھے موت آئے گی اور جس دن زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا۔

بالکل آزادنہ چھوڑے۔ حضرت مریم نے ان کو نذر کی اطلاع اشارہ سے دی اور اشارہ کو کلام وقول سے تعبیر کیا۔ جیسا شاعر نے قبور کی تعریف میں کہا۔ و تکلمت عن اَوْجه تبلی۔ تو تکلم کی نسبت قبور کی طرف کی۔ ایک قول یہ ہے کہ خاموشی اس کلمہ کے کہنے کے بعد لازم تھی۔ یا اتنی مقدار ان کے لئے نطق سے بنائی گئی۔

فَلَنْ اُكَلِّمَ الْیَوْمَ اِنْسِیًّا (میں ہرگز آج کسی انسان سے کلام نہ کرونگی) اِنْسِیًّا سے آدمی مراد ہے۔

٢٧: فَاَتَتْ بِهٖ (پس پھر اس کو لے کر آئیں) عیسیٰ علیہ السلام کو قَوْمَهَا (اپنی قوم کے پاس) نفاس سے پاکیزگی کے بعد تَحْمِلُهٗ (اٹھائے ہوئے) ھا ضمیر سے حال ہے۔ مطلب یہ ہے وہ عیسیٰ علیہ السلام کو اٹھائے ہوئے اپنی قوم کی طرف متوجہ ہوئی۔ جب انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو اس کے ساتھ دیکھا تو۔ قَالُوْا یٰمَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَیْـًٔا فَرِیًّا (کہنے لگے اے مریم تو نے بہت برا کام کیا) فریًّا او پری عجیب، اصل الفری کا معنی کاٹنا ہے گویا وہ عادت کو کاٹنا ہے۔

٢٨: یٰۤاُخْتَ هٰرُوْنَ (اے ہارون کی بہن) یہ مریم کا باپ کی طرف سے حقیقی بھائی تھا۔ اس زمانہ کے بنی اسرائیل کے افضل ترین لوگوں میں سے شمار ہوتا تھا۔ نمبر٢۔ یہ موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام ہے اور یہ ان کے اجداد میں سے تھے اور ان کے مابین ایک

ہزار برس کا فاصلہ ہے اور یہ اسی طرح ہے جیسے کہتے ہیں یا اخا عمران یعنی ان میں سے ایک یا نمبر۳۔ کوئی نیک آدمی یا نمبر۴۔ ان کے زمانے میں بدترین آدمی اس کے ساتھ مریم کو تشبیہ بھلائی میں دی۔ نمبر۵۔ یہ کہہ کر وہ مریم کو گالی بک رہے تھے۔

مَاكَانَ اَبُوْكِ امْرَاَسَوْءٍ (اور تمہارا باپ برا آدمی نہ تھا) ابوك سے عمران مراد ہیں۔ امراء سواء کا مطلب زنا کار۔
وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا (اور نہ تیری ماں زنا کار تھی) بغیًا زانیہ کو کہتے ہیں۔

## اشارۂ مریم:

۲۹: فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ (پس مریم نے اس کی طرف اشارہ کیا) عیسیٰ علیہ السلام کی طرف کہ وہ ان کو جواب دیں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی والدہ کو کہا لَاتَحْزَنِيْ واحيلي بِالْجَوَابِ عَلی۔ غم نہ کرنا اور انکا جواب دینا میرے حوالہ کرنا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نے ان کو یہ حکم دیا۔ جب اشارہ کیا تو وہ سب ناراض ہوگئے اور متعجب ہوئے اور قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ (کہنے لگے ہم اس سے کیسے بات کریں جو ہے) گود کا بچہ اور موجود ہے۔ فِي الْمَهْدِ پنگھوڑے میں صَبِيًّا اس حال میں کہ وہ بچہ ہے) صَبِيًّا یہ حال ہے۔

## معجزانہ خطاب عیسیٰ علیہ السلام:

۳۰: قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ (کہا بلاشبہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں) جب مریم نے اللہ تعالیٰ کی خاطر اپنی بولنے والی زبان کو روک لیا تو اللہ تعالیٰ نے خاموش زبان کو اس کے لئے قوت گویائی سے نواز دیا۔ جس نے سب سے قبل اپنی عبودیت کا اعتراف کیا اس وقت ان کی عمر چالیس راتوں کی تھی۔ دوسرا قول ایک دن کی عمر تھی۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنی انگشت شہادت سے اشارہ کیا اور بلند آواز سے کہا بیشک میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ اس میں نصاریٰ کے قول (ابن اللہ) کی تردید ہے۔

اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ (اور وہ مجھے کتاب دے گا)۔ کتاب سے انجیل مراد ہے۔ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا (اور اس نے مجھے نبوت سے نوازا۔ حسن بصری سے روایت ہے کہ وہ پنگھوڑے میں نبی تھے۔ اور ان کا کلام معجزہ نبوت تھی۔ نمبر۲۔ اس کا معنی یہ ہے کہ یہ دونوں باتیں تقدیر الٰہی میں طے شدہ ہیں نمبر۳۔ مستقبل کے واقعہ کو لامحالہ ہونے کی بنا پر اس طرح ذکر کیا گویا کہ وہ موجود ہے۔

۳۱: وَّ جَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ (اور مجھے بابرکت بنایا۔ جہاں بھی ہوں) مُبٰرَكًا فائدہ پہنچانے والا جہاں بھی ہوں۔ نمبر۲۔ خیر کا معلم وَاَوْصٰنِيْ (اور مجھے حکم دیا) بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ (نماز اور زکوٰۃ کا) اگر میں مال کا مالک ہوا۔ نمبر۲۔ زکوٰۃ سے صدقۃ الفطر مراد ہے۔ نمبر۳۔ تطہیر بدن مراد ہے۔

ایک احتمال یہ ہے اَوْصَانِيْ بان امر کم بالصلاة والزکوة کہ مجھے اس نے تمہیں نماز و زکوٰۃ کی وصیت کرنے کا حکم دیا۔ مَا دُمْتُ حَيًّا زندگی بھر۔

نَحو: حَيًّا ظرف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے ای مدة حیاتی ساری زندگی۔

۳۲: وَبَرًّا ۢ بِوَالِدَتِيْ اور اس نے مجھے اپنی والدہ کا فرمانبردار بنایا)

نَحو: اس کا عطف مبارکًا پر ہے کہ اس کے ساتھ نیکی کرنے والا اس کی تکریم و تعظیم کرنے والا۔

ذٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ ﴿٣٤﴾ مَا كَانَ لِلَّهِ أَنْ يَتَّخِذَ

یہ ہیں عیسیٰ ابن مریم، ہم نے سچی بات کہی ہے جس میں وہ لوگ شک کر رہے ہیں۔ یہ اللہ کے شایان شان نہیں ہے کہ وہ کسی کو اپنی اولاد

مِنْ وَلَدٍ ۖ سُبْحَانَهُ ۚ إِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٣٥﴾ وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي

بنائے وہ اس سے پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو صرف یوں فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے۔ اور بلاشبہ اللہ میرا رب ہے

وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ﴿٣٦﴾ فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۖ

اور تمہارا رب ہے پس اسی کی عبادت کرو یہ سیدھا راستہ ہے۔ پھر جماعتوں نے آپس میں اختلاف کر لیا۔

فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ مَشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿٣٧﴾ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا ۖ

سو بڑے دن کی حاضری کے موقعہ پر ان لوگوں کی بڑی خرابی ہے جنہوں نے کفر اختیار کیا۔ وہ کیا ہی سننے والے اور کیا ہی دیکھنے والے ہوں گے جس دن ہمارے پاس آئیں گے،

لَٰكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٣٨﴾ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ

لیکن ظالم لوگ آج صریح گمراہی میں ہیں اور آپ انہیں حسرت کے دن سے ڈرایئے جبکہ فیصلہ کر دیا جائے گا

وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَ

اور وہ غفلت میں ہیں اور ایمان نہیں لاتے بلاشبہ زمین اور جو کچھ زمین میں ہے ہم اس کے وارث ہوں گے اور

إِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٤٠﴾ ع

سب ہماری طرف لوٹائے جائیں گے۔

وقف لازم

وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا (اور اس نے مجھے سرکش اور بدبخت نہیں بنایا) جبار کا معنی متکبر شَقِيًّا (بدبخت) یعنی عاق و نافرمان۔

۳۳: وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ (اور مجھ پر سلام جس روز میں پیدا ہو)

نحو: یوم ظرف ہے اور عامل اس میں عَلَيَّ خبر ہے۔

وَيَوْمَ أَمُوْتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا (اور جس روز میں مرجاؤں گا اور جس روز زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا) یہ سلامتی کے مواقع جو یحییٰ کی طرف متوجہ ہونے والے ہیں۔ وہ مجھے بھی میسر آنے والے ہیں۔ نحو: یہ مطلب اس صورت میں ہے جبکہ الف، لام عہد کے ہوں۔ نمبر۲: اور اگر الف لام جنس کا ہو تو اس وقت مطلب یہ ہے کہ جنس سلام مجھ پر ہو۔

فائدہ: اس میں مریم اور اسکے بیٹے کے دشمنوں کیلئے لعنت کی تعریض ہے کیونکہ جب اس نے کہا کہ سلامتی کی جنس میرے لئے ہے تو یہ تعریض کر دی اسکی ضد اور عکس تمہارے لیے ہوگا۔ کیونکہ یہ موقع انکار و عناد کا ہے۔ اسلئے اس قسم کی تعریض اس سے نکلے گی۔

۳۴: ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ (یہ عیسیٰ ابن مریم ہے)۔

نحو : ذلك مبتدا عیسیٰ خبر اور ابن مریم خبر کی صفت ہے۔ یا نمبر۲۔ دوسری خبر ہے۔ تقدیرِ عبارت یہ ہے ذلك الذی قال انی عبدالله و کذا و کذا عیسی بن مریم لا کما قالت النصاری انهٗ الهٌ او ابن اللّٰه۔ یہی جس نے انی عبدالله الخ کہا عیسیٰ ابن مریم ہے۔ وہ نہیں جو نصاریٰ نے کہا وہ معبود یا ابن اللہ ہے۔

قَوْلَ الْحَقِّ (سچی بات) اللہ تعالیٰ کا کلمہ۔ القول کلمہ کو کہتے ہیں اور الحق اللہ تعالیٰ کی ذات نمبر۲۔ ان کو کلمۃ اللہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کلمہ کن سے بلا واسطہ باپ کے پیدا ہوا۔

نحو : یہ مرفوع اس لئے ہے کہ دوسری خبر ہے۔ نمبر۲۔ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ نمبر۳۔ بدل ہے۔ نصب کو شامی و عاصم نے بطور مدح کے اختیار کیا ہے۔

الَّذِیْ فِیْهِ یَمْتَرُوْنَ (جس کے متعلق لوگ شک میں پڑے ہیں) المریه سے یمترون بنا ہے جس کا معنی شک آتا ہے۔ نمبر۲۔ المراء سے لیں تو اختلاف کرنا معنی ہوگا۔ یہود نے تو ساحر کذاب کہا اور نصاریٰ نے ابن اللہ اور ثالث ثلاثۃ کہا۔

۳۵: مَا كَانَ لِلّٰهِ اللہ تعالیٰ کیلئے یہ زیبا نہیں) مناسب نہیں اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ کہ وہ بیٹا بنائے۔

نحو : یہاں مِنْ تاکید نفی کیلئے لایا گیا ہے۔

سُبْحٰنَهٗ وہ پاک ہے) بیٹا بنا لینے سے اس کی ذات کو منزہ قرار دیا گیا۔ اِذَا قَضٰی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ جب وہ کسی کام کا ارادہ کر لیتا ہے تو اس کو کہتا ہے ہو جا۔ پس وہ ہو جاتا ہے)

قراءت : شامی نے نصب سے پڑھا۔ یعنی کما قال لِعیسٰی کن فکان من غیر اَبٍ جونہی عیسیٰ کو کن کہا وہ بلا باپ بن گیا اور جو اس صفت سے متصف ہو وہ اس بات سے منزہ ہے کہ وہ حیوان والد کے مشابہ ہو۔

۳۶: وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ اور بیشک اللہ تعالیٰ میرا اور تمہارا رب ہے پس تم اسی کی عبادت کرو۔

قراءت : شامی اور کوفی نے ابتداء کی وجہ سے مکسور پڑھا اس صورت میں یہ عیسیٰ علیہ السلام کے کلام میں سے ہے۔ تقدیرِ عبارت اس طرح ہے کما انا عبدهٗ فانتم عبیده و علیّ و علیکم ان نعبده جس طرح میں اس کا بندہ ہوں تم بھی اس کے بندے ہو اور مجھ پر اور تم پر اس کی عبادت لازم ہے۔ نمبر۲۔ جنہوں نے فتحہ دیا انہوں نے الصَّلاۃ پر عطف کیا تقدیرِ عبارت یہ ہے او صانی بالصلاۃ وبالزکاۃ و بان اللّٰه ربی و ربکم فاعبدوه۔ اس نے نماز و زکوۃ کی وصیت فرمائی اور اس بات کی کہ اللہ تعالیٰ میرا اور تمہارا رب ہے اس کی عبادت کرو۔ هٰذَا یہ) جس کا میں نے تذکرہ کیا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ (سیدھا راستہ) پس اسی کی تم عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

## احزاب کا مراد:

۳۷: فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ (پس پھر بھی مختلف گروہوں نے باہم اختلاف ڈالا) الحزب وہ فرقہ جو دوسروں سے راستے میں منفرد ہو یہ تین فرقے ہیں نمبر۱۔ نسطوریہ نمبر۲۔ یعقوبیہ نمبر۳۔ ملکانیہ۔

مِنْ بَيْنِهِمْ (اپنے مابین) عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب کے مابین نمبر۲۔ اپنی قوم کے درمیان نمبر۳۔ لوگوں کے درمیان۔ اور وہ اس طرح ہے کہ نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق رفع کے وقت اختلاف کیا پھر انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وہ تین کے قول کی طرف رجوع کریں یہ ان کے زمانہ میں سب سے زیادہ علم والے تھے۔ ان کے نام یعقوب، نسطور، ملکاء تھے۔

نمبر۱۔ یعقوب کا قول وہ بعینہٖ اللہ تعالیٰ ہے جو زمین پر اتر آیا۔ پھر آسمان کی طرف چڑھ گیا نمبر۲۔ نسطور نے کہا وہ اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے جسطرح چاہا اس کو ظاہر کر دیا پھر اس کو اٹھایا۔ نمبر۳۔ ملکاء نے کہا ان دونوں نے جھوٹ بولا ہے۔ وہ مخلوق بندے نبی تھے اب ان میں سے ہر ایک کی اتباع ایک گروہ نے کی۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا (پس کافروں کیلئے بڑی خرابی ہے) کافروں سے یہ گروہ مراد ہیں کیونکہ ان میں سے ایک حق پر تھا۔ مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (ایک بڑے دن کی حاضری سے) یوم عظیم سے قیامت کا دن مراد ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن حساب و جزاء کے لئے حاضر ہونگے۔ نمبر۲۔ وہ دن ان پر شہادت دے گا۔ انبیاء اور ملائکہ اور خود ان کے جوارح ان کے متعلق کفر کی گواہی دیں گے۔ نمبر۳۔ مکان شہادت سے ان کے لئے خرابی ہے۔ نمبر۴۔ وقت شہادت مراد ہے۔ نمبر۵۔ مشورہ کیلئے ان کے اجتماع کا دن مراد ہے۔ اس کو یوم عظیم قرار دیا اس لئے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق جو کچھ وہ ملاحظہ کریں گے اس سے وہ گھبرا جائیں گے۔

۳۸: اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا (کس قدر زیادہ سننے اور دیکھنے والے ہونگے جبکہ یہ ہمارے پاس آئیں گے)

## جمہور کی رائے:

کہ اَسْمِعْ وَ اَبْصِرْ صیغہ ہائے امر ہیں مگر معنی تعجب دے رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ تعجب سے پاک ہے۔ لیکن جمہور کے نزدیک مراد یہ ہے کہ انکا سننا اور دیکھنا اس لائق ہے کہ اس پر تعجب کیا جائے اس کے بعد کہ یہ دنیا میں اندھے بہرے تھے۔

## قول قتادہ رحمۃ اللہ علیہ:

جبکہ وہ دنیا میں حق سے اندھے اور بہرے رہے پس ایسے دن ان کے سننے اور ہدایت کے راستہ کو دیکھنے کا کیا فائدہ جبکہ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوسکتا۔

بھم یہ فاعلیت کی وجہ سے محلاً مرفوع ہے جیسے اکرم بزید اس کا معنی کرم زیدٌ جدا۔

لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ (لیکن ظالم آج کے دن) یہاں ظاہر کو ضمیر کی بجائے لایا گیا۔ ای لکنهم الیوم فی الدنیا بظلمهم انفسهم حیث ترکوا الا ستماع والنظر حین یجدی علیهم ووضعوا العبادة فی غیر موضعها۔ لیکن وہ آج کے دن انہوں نے اپنے نفوس پر اس طرح ظلم کیا کہ حق کو سننا چھوڑ دیا اور حق کے راستے کی طرف دیکھنا چھوڑ دیا۔ جبکہ ان کو حق کا فائدہ تھا اور انہوں نے عبادت کو اس کے غیر مقام پر رکھا۔

فِيْ ضَلٰلٍ (یہ حق سے گمراہی میں ہیں)۔ مُّبِيْنٍ (ظاہر)۔ کھلی اور وہ انکا یہ عقیدہ کہ عیسیٰ الٰہ و معبود ہے حالانکہ اس میں حدوث کے آثار ظاہر ہیں۔ اس سے بڑا ظلم اور کوئی نہیں۔

## یوم حسرت:

۳۹: وَاَنْذِرْهُمْ (اوران کوڈرائیں) يَوْمَ الْحَسْرَةِ (حسرت کے دن سے) اس سے قیامت کا دن مراد ہے کیونکہ اس سے گزشتہ پر شرمندگی ہوگی۔ حدیث میں وارد ہے یہ حسرت اس وقت ہوگی جب وہ اپنے مقامات جنت میں دیکھیں گے اگر وہ ایمان لے آتے۔ اِذْ یہ يَوْمَ الْحَسْرَةِ سے بدل ہے۔ نمبر۲۔ حسرت کا ظرف ہے اور وہ مصدر ہے)۔ قُضِيَ الْاَمْرُ جبکہ معاملے کا فیصلہ کر دیا جائے گا)۔ جب حساب سے فارغ ہو جائیں گے اور اہل جنت جنت اور اہل جہنم جہنم کی طرف لوٹ جائیں گے۔

وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ (اور وہ لوگ غفلت میں پڑے ہیں) یہاں دنیا میں غافل ہیں اسی لئے وہ اس مقام کیلئے اہتمام نہیں کرتے۔ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (اور وہ ایمان نہیں لاتے) وہ تصدیق نہیں کرتے (خبر رسول کی)

نحو: پہلا ھم اور دوسرا ھم یہ دونوں حال ہیں۔ یعنی آپ ان کو ڈرائیں اس حالت میں کہ وہ غافل ہیں اور ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

۴۰: اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا (بیشک ہم ہی زمین اور جو کچھ اس پر ہے اس کے وارث ہونگے) ملک و بقاء میں ہم منفرد ہونگے جبکہ ہر چیز پر ہلاکت وفناء عام ہوگی۔ مَنْ کو عقلاء کی تغلیب کیلئے ذکر کیا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ (اور ہماری طرف ان کو لوٹایا جائے گا)

قراءت: یُرجعون یاء کے ضمہ اور جیم کے فتحہ کے ساتھ البتہ یاء کے فتحہ سے یعقوب نے پڑھا ہے۔ یعنی وہ لوٹیں گے اور پورا پورا ان کو بدلہ دیا جائے گا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ

اور کتاب میں ابراہیم کا ذکر کیجئے۔ بے شک وہ صدیق تھے نبی تھے جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ اے میرے باپ تم ایسی چیز کی

تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ

عبادت کیوں کرتے ہو جو نہ سنے اور نہ دیکھے اور نہ تمہارے کچھ کام آ سکے اے میرے باپ میرے پاس ایسا علم آیا

الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ

ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا' سوتم میرا اتباع کرو میں تمہیں سیدھا راستہ بتاؤں گا' اے میرے باپ تم شیطان کی پرستش نہ کرو' بلاشبہ

الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ

شیطان رحمٰن کا نافرمان ہے' اے میرے باپ بلاشبہ میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ تمہیں رحمٰن کی طرف سے کوئی عذاب پکڑ لے۔

فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

پھر تم شیطان کے دوست ہو جاؤ' ان کے باپ نے جواب دیا کہ اے ابراہیم کیا تو میرے معبودوں سے ہٹنے والا ہے۔ اگر تو باز نہ آیا

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾

تو میں ضرور ضرور تجھے سنگسار کردوں گا اور تو مجھے ہمیشہ کے لئے چھوڑ دے۔ ابراہیم نے کہا کہ میرا سلام لے لو میں تمہارے لئے عنقریب اپنے رب سے استغفار کروں گا' بلاشبہ وہ مجھ پر بہت مہربان ہے

### ابراہیم علیہ السلام کی والد کے ساتھ گفتگو:

۴۱: وَاذْكُرْ (اور تم تذکرہ کرواپنی قوم کو) فِي الْكِتٰبِ (قرآن مجید میں) اِبْرٰهِيْمَ (یعنی ابراہیم کا واقعہ جوان کے والد کے ساتھ پیش آیا۔ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا (بے شک وہ صدیق نبی تھے)۔

قراءت: نَبِيًّا بغیر ہمزہ کے البتہ نافع نے اس کو ہمزہ کے ساتھ پڑھا ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ صادق اس کو کہتے ہیں جو افعال میں مستقیم ہو اور صدیق وہ ہے جو احوال میں مستقیم ہو۔ پس صدیق یہ مبالغہ کا وزن ہے اس کی مثال الضِّحِيْك ہے۔ مراد اس سے بہت زیادہ اس کا سچا ہونا اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کی غیبی صفات اور آیات اور کتابیں اور رسول جن کا بیان اللہ نے کیا ان کی تصدیق کرنے والا یعنی کہ وہ تمام انبیاء اور ان کی کتابوں کی تصدیق کرنے والے تھے اور خود بھی پیغمبر تھے یہ درحقیقت جملہ معترضہ ہے جو ابراہیم اور جو اس کا بدل ہے اس کے مابین واقع ہے۔

۴۲: اِذْ قَالَ (جب اس نے کہا)۔

نَحو : اذ کو کان کے متعلق کریں جائز ہے یاصدیقًا نَبِیًّا کے۔مطلب یہ ہے کہ یہ خطابات ابراہیم علیہ السلام نے جب اپنے والد کو کہے تو اس وقت وہ صدیقین اور انبیاء کی خصوصیات کو اپنے اندر جمع کرنے والے تھے۔آنحضرت ﷺ کو ان کے تذکرہ کا حکم دینے کا مطلب یہ ہے کہ ان کا جو واقعہ قرآن مجید میں آیا ہے وہ ذکر کریں اور لوگوں کو پڑھ کر سنائیں اور ان کو پہنچائیں جیسا کہ دوسرے قول میں موجود ہے۔ **واتل علیهم نبأ ابراهيم** [شعراء:۶۹ ] ورنہ تو اللہ تعالیٰ اس کا خود تذکرہ فرمانے والے ہیں اور قرآن میں اتارنے والے ہیں۔

لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ (اپنے والد کو کہ اے میرے باپ) قراءت اَبَتِ کی تاء کو فتحہ اور کسرہ سے ابن عامر نے پڑھا۔تاء یائے اضافت کے عوض ہے اس طرح نہیں کہتے کہ یَااَبَتِ تا کہ عوض اور معوض دونوں جمع نہ ہو جائیں۔لِمَ تَعْبُدُ مَالَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ (تم ان کی عبادت کیوں کرتے ہو جو نہ سنتے اور نہ دیکھتے ہیں۔)

نَحو : ان دونوں میں مفعول نیت میں نہیں بلکہ نسیا منسیا ہے البتہ مقدر ماننا جائز ہے ای لا يسمع شيئًا و لا يبصر شيئا وَلَا يُغْنِىْ عَنْكَ شَيْئًا (اور نہ آپ کے کچھ کام آسکتی ہے)۔

نَحو : شيئا کے متعلق یہ احتمال ہے کہ مصدر کی جگہ ہو ای شيئا من الغنى دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ مفعول بہ ہو پھر اس محاورے میں ہو اُغن عنّي و جهك اي بعد یعنی چہرے کو مجھ سے دور کر دے۔

۴۳: يٰۤاَبَتِ اِنِّیْ قَدْ جَآءَنِیْ مِنَ الْعِلْمِ (اے میرے باپ میرے پاس ایسا علم آ چکا) علم سے یہاں وحی یا معرفتِ رب مراد ہے۔مَالَمْ يَاْتِكَ (جو آپ کے پاس نہیں آیا۔) اس میں ''ما'' ما لايسمع کی طرح موصولہ یا موصوفہ ہو سکتا ہے۔فَاتَّبِعْنِیْۤ اَهْدِكَ ( آپ میرا کہنا مانیے میں آپ کو راہ دکھاؤں گا) یعنی ہدایت کی طرف تمہاری راہنمائی کرونگا۔صِرَاطًا سَوِيًّا (سیدھے راستے کی طرف) یہاں سَوِيًّا مُسْتَقِيْم کے معنی میں ہے۔

۴۴: يٰۤاَبَتِ لَاتَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ (اے میرے باپ تو شیطان کی عبادت نہ کر) یعنی اس بات میں اس کی اطاعت نہ کر جو اس نے تیرے لیے بتوں کی عبادت کو مزین کر رکھا ہے۔اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا (بیشک شیطان رحمان کا نافرمان ہے)۔ عَصِيًّا : عاصی کے معنی میں ہے نافرمانی کرنے والا۔

۴۵: يٰۤاَبَتِ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا (اے میرے باپ مجھے ڈر ہے رحمان کی طرف سے کوئی عذاب آپ پر نہ آجائے۔پھر آپ شیطان کے ساتھی بن جائیں) ایک قول کے مطابق یہاں اَخَافُ اَعْلَمُ کے معنی میں ہے۔وَلِيًّا کا معنی آگ میں ساتھی بنے گا۔تو اس کے ساتھ ہوگا اور وہ تیرے ساتھ ہوگا۔

فَائِدَة : اس میں غور کرنے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ نصیحت کرنے میں انہوں نے اپنے والد کے ساتھ کس طرح نرمی حسن اخلاق اور ادب کا لحاظ رکھا۔جیسا کہ حکم دیا گیا ہے۔حدیث میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ تو میرا خلیل ہے پس تمہارے اخلاق عمدہ ہونے چاہئیں خواہ کفار کے ساتھ ہو ایسا کرنے سے تم ابرار کے مقامات میں داخل ہو جاؤ گے۔(ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد) نمبرا۔اسی لئے آپ نے اپنے خطاب میں سبب کا مطالبہ کیا جیسا کہ اصرار کرنے

والے کواس کے اصرار پر متنبہ کیا جاتا ہے اوراس کے افراط اور انتہاء پسندی کے متعلق اس کو خبر دار کیا جاتا ہے کیونکہ جوشخص مخلوق میں سب سے زیادہ درجہ والے یعنی انبیاءؑ کی عبادت میں لگے۔اس پر کھلی گمراہی کا حکم لگایا جائے گا۔تو وہ کیونکر گمراہ نہ ہوگا۔ جو درخت، پتھر کی پوجا کرتا ہو۔ جو کہ اپنے عابد کے نہ ذکر کو سنتے ہیں اور نہ ہی اس کی کیفیتِ عبادت سے واقف ہیں۔اور نہ اس سے بلاء ومصیبت کو دور کرنے کی ان میں طاقت ہے اور نہ اس کی وہ حاجت روائی کر سکتے ہیں۔

نمبر۲۔ پھر دوسرے مرحلہ میں نرمی کے ساتھ اس کو حق کی طرف دعوت دی اور خوش خلقی کا مظاہرہ کیا اس لئے والد کو جہل مفرط میں مبتلا اور نہ اپنے آپ کو علم فائق والا قرار دیا۔البتہ یہ کہا کہ میرے ساتھ ایسا علم ہے جو تیرے ساتھ نہیں اور علم والا درست راستے کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔پس اس طرح خیال کرو کہ میں اور تم دونوں ایک راہ پر ہیں اور میرے پاس ہدایت کی معرفت موجود ہے جو تمہارے پاس نہیں ہے۔پس تم میرے ساتھ چلے آؤ! میں تمہیں راستہ بھولنے اور تحیر وحیرانی میں مبتلا ہونے سے بچالونگا۔

تیسرے مرحلہ میں ان کو اس بات سے روکا۔جس میں وہ مبتلا تھا۔کہ وہ شیطان جو رحمان کا سب سے بڑا نافرمان ہے اس نے تمہیں بتوں کی عبادت میں مبتلا کر رکھا ہے اور اس کو مزین کر کے تمہارے سامنے پیش کیا ہے۔حقیقت میں تو شیطان کی عبادت کر رہا ہے۔حالانکہ رحمان نے تمام تر نعمتیں تجھے بخشی ہیں۔

نمبر۴۔ پھر چوتھے مرحلہ میں برے انجام سے اس کو ڈرایا۔کہ جس کی وہ جرأت کر رہا ہے اس میں کیا وبال ونقصان ہے۔مگر ان تمام مراحل میں ادب کی رعایت کرتے ہوئے یہ تصریح نہیں کی کہ عقاب اس کو پہنچنے والا ہے۔اور عذاب اس کو چمٹنے والا ہے۔ بلکہ کہا **اخاف ان یمسک عذاب** ۔ **عذاب** کو نکرہ لائے جو تقلیل کو ظاہر کرتا ہے گویا اس طرح کہا **انی اخاف ان یمسک قلیل من عذاب الرحمان** ۔ مجھے خطرہ ہے کہ تمہیں رحمان کا تھوڑا سا عذاب چھولے گا۔اور شیطان کی دوستی اور اس کے حمایتیوں اور معاونین میں داخلے کو عذاب سے بڑا قرار دیا جس طرح کہ اللہ کی رضامندی ثواب میں سب سے بڑھ کر ہے اور ہر نصیحت کو یٰاَبَتِ کے قول سے شروع کیا جس سے ان کے ساتھ اپنے تعلق اور مہربانی اور والد کے احترام کے لازم ہونے کو ظاہر کرنا مقصود ہے اگرچہ وہ باپ کافر ہی کیوں نہ ہو۔

۴۶: قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِیْ یٰٓاِبْرٰهِیْمُ بطور توبیخ کے (آذر نے کہا اے ابراہیم کیا تو میرے معبودوں سے نفرت کرتا ہے) یعنی کیا تو ان کی عبادت سے اعراض کرتا ہے والد نے انکا نام لیکر کہا یٰاَبَتِ کے مقابلے میں **یا بنی** نہیں کہا اور خبر کو مبتدا سے پہلے ذکر کیا کیونکہ وہ اس کے ہاں زیادہ اہم چیز تھی۔

لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ (اگر تو باز نہ آیا) یعنی بتوں کو گالیاں دینے سے لَاَرْجُمَنَّكَ (میں تجھے پتھر ماروں گا) میں تمہیں پتھروں سے ختم کر دوں گا یا پتھروں سے میں تجھے مارتا رہوں گا یہاں تک کہ تو مجھ سے دور ہٹ جائے یا میں تمہیں ضرور گالی دونگا۔ وَاهْجُرْنِیْ (اور تو مجھے چھوڑ دے) اس کا محذوف پر عطف ہے جس پر لَاَرْجُمَنَّكَ دلالت کر رہا ہے تقدیر عبارت یہ ہے **فاحذرنی واهجرنی** (تو مجھ سے بچ اور مجھے چھوڑ دے) مَلِیًّا (ایک زمانہ) یہ ظرف ہے یہ ملاوۃ سے ہے اس کا معنی طویل زمانہ ہے۔

وَ اَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ۖ عَسٰۤى اَلَّاۤ

اور میں تم لوگوں سے اوران چیزوں سے کنارہ کرتا ہوں جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو اور میں اپنے رب کو پکارتا ہوں امید ہے کہ میں اپنے رب کے

اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا

پکارنے سے محروم نہ رہوں گا۔ پھر جب ان لوگوں سے اوران چیزوں سے علیحدگی اختیار کر لی جن کی وہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے تو ہم نے انہیں اسحٰق اور

لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا

یعقوب عطا فرما دیئے اور ہر ایک کو ہم نے نبی بنا دیا اور ہم نے ان کو اپنی رحمت کا حصہ دے دیا اور ہم نے ان کے لئے

لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ ع

سچائی کی زبان کو بلند کر دیا۔

ربع

## ابراہیم علیہ السلام کا ملاطفت سے پُر جواب

۴۷: قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ (کہا تم پر سلام ہو) یہ الوداعی سلام ہے اور سلام متارکت یا تقریب اور ملاطفت کیلئے کہا اور اسی لئے استغفار کا اس قول کے ساتھ وعدہ کیا۔ (سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ) کہ عنقریب اللہ تعالیٰ سے میں تمہارے لئے معافی طلب کروں گا یعنی اپنے رب سے یہ سوال کروں گا کہ وہ تمہیں اہل مغفرت میں سے بنا دے اور اسلام کیلئے تمہاری راہنمائی فرما دے۔ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا (بیشک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے) عمومی نعمتیں دیکر نرمی کرنے والا ہے یا رحم کرنے والا ہے۔ یا عزت دینے والا ہے۔ الحفاوۃ نرمی اور عظمت کو کہا جاتا ہے۔

۴۸: وَاَعْتَزِلُكُمْ (اور میں تم لوگوں سے الگ ہو جاؤں گا) علیحدگی کے ارادے سے مراد وہ ہجرت ہے۔ جو انہوں نے بابل سے شام کی طرف کی۔ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اور جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو) یعنی جن بتوں کی تم عبادت کرتے ہو۔ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ (اور میں اپنے رب کو پکاروں گا) یعنی اپنے رب کی عبادت کرونگا پھر آپ نے بطور تواضع اور کسر نفسی کے کہا اور ان کے بتوں کو پکارنے کی وجہ سے بدبختی سے اعراض کرتے ہوئے کہا۔

عَسٰۤى اَلَّاۤ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا (مجھے امید ہے کہ میں اپنے رب کی پکار سے بدنصیب نہ ہونگا) یعنی جس طرح تم بتوں کی عبادت کر کے بدنصیب ہو گئے۔

## انعاماتِ الٰہیہ:

۴۹: فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (جب علیحدگی اختیار کر لی ان سے اور جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے تھے) یعنی کفار اور ان کے معبودوں سے علیحدگی اختیار کر لی۔ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ (تو ہم نے ان کو اسحاق اور یعقوب عطا

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰى ۚ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ

اور کتاب میں موسیٰ کو یاد کیجئے بلاشبہ وہ خاص کئے ہوئے تھے اور وہ رسول تھے اور نبی تھے ' اور ہم نے انہیں طور کی

جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ

داہنی جانب سے پکارا اور انہیں سرگوشی کرنے والا اپنا مقرب بنایا ' اور ہم نے انہیں اپنی رحمت سے ان کا بھائی ہارون نبی بنا کر

نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾

عطا کیا ' اور کتاب میں اسماعیل کا ذکر کیجئے بلاشبہ وہ وعدہ کے سچے تھے اور رسول تھے نبی تھے '

وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ

اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے ' اور اپنے رب کے نزدیک پسندیدہ تھے اور کتاب میں ادریس کو

اِدْرِيْسَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

یاد کیجئے بلاشبہ وہ صدیق تھے نبی تھے اور ہم نے ان کو بلند مرتبہ پر اٹھا لیا۔

کئے ) اسحاق بیٹا اور یعقوب پوتا۔ اپنی طرف سے زائد تا کہ وہ ان دونوں سے مانوس ہوں۔ وَكُلًّا ( اور ہر ایک ) یعنی ہر ایک ان دونوں میں سے جَعَلْنَا نَبِيًّا ( اس کو ہم نے پیغمبر بنایا ) یعنی جب انہوں نے کفار اور فجار کو چھوڑ دیا اور وہ چھوڑنا فقط اللہ کی رضا مندی کی خاطر تھا اس کے بدلے میں مؤمن اور انبیاء ان کی اولاد میں پیدا کر دیئے۔

٥٠: وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا ( اور ہم نے ان کو اپنی مہربانی سے دیا ) یعنی مال اور اولاد وَ جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ ( اور ہم نے ان کو سچی زبان دی ) لِسَانَ صِدْقٍ سے مراد اچھی تعریف ہے اور اس سے مراد ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم کیلئے نمازوں میں دعا کرنا ہے اور اس دعا کو لسان سے ہی تعبیر کیا کیونکہ یہ زبان سے ہی ادا ہوتی ہے۔ جیسا کہ ہاتھ سے ہونے والے کاموں کو ید سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حالانکہ وہ عطیہ ہے۔ عَلِيًّا ( بلند اور مشہور ) ۔

## تذکرۂ موسیٰ علیہ السلام:

٥١: وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰى اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا ( اور کتاب میں موسیٰ کا تذکرہ کرو۔ بیشک وہ خالص کئے ہوئے تھے )

قراءت: کوفی قراء نے مفضل کے علاوہ مُخْلَصًا پڑھا ہے یعنی اللہ نے ان کو خالص کیا اور چن لیا اور دیگر قراء نے مُخْلِصًا پڑھا ہے یعنی انہوں نے خود اپنے آپ کو اللہ کی عبادت کیلئے خالص کر دیا اور اصل فطرت میں جو سعادت ہوتی ہے وہ اس میں خالص تھے اور جو ان کے ذمے عبادت تھی پوری ہمت کے ساتھ اس میں بھی خالص تھے۔

وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ( اور یہ رسول نبی تھے ) رسول وہ ہے جس کو کوئی کتاب دی جائے اور نبی وہ ہے جو اللہ کی طرف سے خبر

دے اگر چہ اس کے ساتھ کتاب نہ ہو جیسے یوشع بن نون۔
۵۲: وَنَادَیْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ (اور ہم نے اس کو طور کے ایک جانب سے آواز دی) یعنی اس کو دعوت دی اور جمعہ کی رات ہم نے اس سے کلام کی۔ الطور یہ مدین اور مصر کے مابین پہاڑ ہے۔ الایمن: دائیں یہ یمین سے ہے یعنی اس کی دائیں جانب سے۔

جمہور کے نزدیک اس سے مراد موسیٰ علیہ السلام کی دائیں جانب ہے کیونکہ پہاڑ کا دایاں بایاں ہوتا نہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب وہ مدین سے مصر کی طرف آرہے تھے تو درخت سے آواز دی گئی اور وہ درخت سے پہاڑ کے ایک جانب میں جو موسیٰ علیہ السلام کی دائیں طرف تھی۔ وَقَرَّبْنٰهُ (اور ہم نے ان کو قریب کیا) مرتبہ کے اعتبار سے قریب مراد ہے جگہ و مکان کے اعتبار سے نہیں۔ نَجِیًّا مناجات کیلئے۔

نَحو: نجیًّا یہ حال ہے اس حال میں کہ وہ مناجات کرنے والے تھے۔ اس کی دوسری نظیر ندیم بمعنی منادم ہے۔
۵۳: وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ (اور ہم نے ان کو اپنی رحمت سے عطاء کیا) منؔ اجلیہ ہے اپنی رحمت کے سبب سے اور اس پر اپنی مہربانیوں کی وجہ سے اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِیًّا (اس کے بھائی ہارون کو نبوت)

نَحو: اخاہؔ مفعول اور ھارون اس کا بدل اور نبیًّا حال ہے۔ تقدیرِ عبارت یہ ہے و وھبنالہ نبوۃ اخیہ ہم نے اس کو ان کے بھائی ہارون کی نبوت ھبہ کر دی ورنہ ہارون تو ان سے عمر میں بڑے تھے۔ ان کے ھبہ کا کوئی معنی نہیں۔

## اسماعیل علیہ السلام کی صفات کا تذکرہ:

۵۴: وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِسْمٰعِیْلَ (اور کتاب میں تذکرہ کریں اسماعیل کا) صحیح قول کے مطابق یہ ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے ہیں۔ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ (بیشک وہ وعدے کے سچے تھے) انہوں نے ایک آدمی سے وعدہ کیا کہ وہ اسی جگہ اس کے آنے تک کھڑے ہوں۔ ایک سال تک اسی جگہ اس کا انتظار کیا یہاں تک کہ وہ واپس لوٹا۔ یہ روایت صحت کے لحاظ سے واللہ اعلم کیسی ہے۔ وعدہ وفائی کیا یہ کافی نہیں کہ انہوں نے ذبح پر صبر کا قول دیا تھا جو پورا کر دیا۔ (ستجدنی انشاء اللّٰہ من الصابرین)۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنے رب سے جو وعدہ کیا وہ پورا کر دیا۔ صدقِ وعدہ کو ان کی خصوصی صفت بطور تشریف کے ذکر کیا ورنہ تو تمام انبیاء علیہم السلام ہی سچے ہیں۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ وہ اس صفت سے معروف و مشہور تھے۔ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا (وہ رسول نبی تھے) بنو جرھم کی طرف رسول تھے۔ نبیًّا یعنی منذر و مخبر صادق تھے۔
۵۵: وَكَانَ یَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ (وہ اپنے اہل کو نماز اور زکوۃ کا حکم کیا کرتے تھے) اھلہؔ سے ان کی امت مراد ہے۔ کیونکہ پیغمبر امت کا باپ ہوتا ہے اور امت والے اس کے اہل بیت ہوتے ہیں۔ اس میں دلیل ہے کہ وہ دوسروں کے متعلق مدافعت کرنے والے نہ تھے۔ صلوۃ، زکوۃ کا خاص طور پر اسلئے ذکر کیا کیونکہ یہ دونوں عبادتیں تمام عبادات بدنیہ اور مالیہ کی بنیاد ہیں۔ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِیًّا (وہ اپنے رب کے ہاں پسندیدہ تھا)
قراءت: مَرْضِیًّا کو مَرْضُوًّا اصل کی بنیاد پر پڑھا گیا۔

۵۶: وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ (اور کتاب میں ادریس کا تذکرہ کرو) انہیں کا نام اخنوخ تھا یہ آدم علیہ السلام کے بعد پہلے رسول ہیں اور پہلے شخص ہیں جنہوں نے قلم سے لکھا اور لباس کو سیا۔ یہ علم نجوم اور حساب میں گہری نظر رکھتے تھے آپ نے سب سے پہلے ترازو اور ماپ کے آلات اور اسلحہ ایجاد کیا اور قابیل کی اولاد سے قتال کیا۔

## ایک تحقیق:

بعض لوگوں نے ان کے متعلق یہ بات کہی ہے کہ ان کو ادریس اسلئے کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب اللہ کے بہت زیادہ پڑھنے والے تھے یہ درست نہیں ہے۔ کیونکہ اگر یہ **افعیل** کے وزن پر درس کے لفظ سے لیا جائے تو اس میں ایک ہی سبب بنتا ہے۔ اور وہ علمیت ہے اور یہ منصرف بنے گا حالانکہ اس کا غیر منصرف ہونا معروف ہے اور عجمہ ہونے کی دلیل ہے پس الدرس سے مشتق ہونے کا کوئی معنی ہی نہیں۔ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا (بیشک وہ صدیق نبی تھے) ان پر اللہ تعالیٰ نے تیس صحیفے اتارے۔

## مرادِ رفع:

۵۷: وَّ رَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا (اور ان کو ہم نے بلند کیا اونچے مکان پر) مکان سے مراد یہاں شرف نبوت اور اللہ کے ہاں مرتبہ ہے بعض نے کہا کہ رفع مکان سے مراد چوتھے آسمان کی طرف اٹھانا ہے اور فرشتے ان کو اٹھا کر لے گئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات ان کو دیکھا۔

حضرت حسن رحمۃ اللہ کا قول ہے کہ رفع سے مراد جنت کی طرف اٹھانا ہے کیونکہ کوئی چیز جنت سے اعلیٰ نہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ کثرت عبادت کی وجہ سے وہ ملائکہ کے محبوب بن گئے انہوں نے موت کے فرشتے کو کہا کہ مجھے موت چکھاؤ تاکہ وہ مجھ پر آسان ہو جائے اس نے ایسا کیا پھر اللہ کے حکم سے وہ دوبارہ زندہ کئے گئے پھر اس کو کہا کہ مجھے آگ میں داخل کرو تاکہ اللہ کا ڈر زیادہ ہو جائے اس نے ایسا کر دیا پھر کہا مجھے جنت میں داخل کرو تاکہ اس کی رغبت بڑھ جائے اس نے اس طرح کر دیا پھر اس نے کہا تم جنت سے نکلو ادریس کہنے لگے میں نے موت کو چکھا اور میں آگ میں وارد ہوا اب میں جنت سے نہیں نکلوں گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس نے میرے حکم سے ایسا کیا اور میرے اذن سے وہ داخل ہوا پس اس کو چھوڑ دو۔

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ

یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا یعنی ان میں انبیاء کرام ہیں جو آدم کی نسل سے ہیں اور ان لوگوں کی نسل سے ہیں جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ

نُوحٍ وَمِن ذُرِّيَّةِ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْرَائِيلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۚ إِذَا تُتْلَىٰ

سوار کیا اور ابراہیم اور اسرائیل کی نسل سے ہیں اور ان لوگوں میں سے ہیں جن کو ہم نے ہدایت دی اور جنہیں ہم نے چن لیا جب ان پر رحمٰن کی آیات

عَلَيْهِمْ آيَاتُ الرَّحْمَٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا ۩ ۝۵۸ فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا

تلاوت کی جاتی ہیں تو سجدہ کرتے اور روتے ہوئے گر جاتے تھے پھر ان کے بعد ایسے ناخلف آ گئے جنہوں نے نماز کو

الصَّلَاةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ ۖ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝۵۹ إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَ

ضائع کر دیا اور خواہشوں کے پیچھے لگ گئے سو یہ لوگ عنقریب خرابی دیکھیں گے سوائے اس شخص کے جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور

عَمِلَ صَالِحًا فَأُولَٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْئًا ۝۶۰ جَنَّاتِ عَدْنٍ

نیک عمل کیے سو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر ذرا سا بھی ظلم نہ کیا جائے گا' یہ جنت ہمیشہ رہنے کے باغوں کو شامل ہوگی

الَّتِي وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ عِبَادَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيًّا ۝۶۱ لَّا يَسْمَعُونَ

جس کا رحمٰن نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ فرمایا ہے بلاشبہ اس وعدہ کا وقت ضرور آنے والا ہے وہ اس میں سلام کے علاوہ کوئی

فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَامًا ۖ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ۝۶۲ تِلْكَ الْجَنَّةُ

لغو بات نہیں سنیں گے اور ان کا رزق ان کو جنت میں صبح و شام ملے گا' یہ جنت ہے

الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيًّا ۝۶۳

جس کا ہم اپنے بندوں میں سے اسے وارث بنائیں گے جو ڈرنے والا ہو۔

## اعلیٰ جماعت کا ذکر:

۵۸: أُولَٰٓئِكَ (یہ) أُولَٰٓئِكَ اسم اشارہ سے حضرت زکریا سے لیکر ادریس علیہ السلام تک جو مذکورہ ہیں ان کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ (وہ لوگ جن پر اللہ نے انعام کیا یعنی انبیاء علیہم السلام میں سے) یہ مِنْ بیانیہ ہے کیونکہ تمام انبیاء انعام یافتہ ہیں۔ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ (آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے) یہ من تبعیض کیلئے ہے ادریس علیہ السلام

آدم علیہ السلام کے قرب کیوجہ سے ان کی اولاد میں سے تھے یہ نوح علیہ السلام کے والد کے دادا لگتے تھے۔

وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ (اوران میں سے جن کو ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ سوار کیا) ابراہیم علیہ السلام نوح علیہ السلام کی اس اولاد میں سے ہیں جن کونوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں سوار کیا گیا کیونکہ وہ سام بن نوح کی اولاد میں سے ہیں۔ وَّ مِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ (اورابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے) اس سے اسماعیل' اسحاق اور یعقوب مراد ہیں۔ وَاِسْرَآئِيْلَ یعنی (اسرائیل کی اولاد میں سے) مراد اس سے یعقوب علیہ السلام ،موسیٰ، ہارون ،زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ ہیں کیونکہ مریم ان کی اولاد میں سے تھیں۔ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا (اوران میں سے جن کو ہم نے ہدایت دی) اس کا عطف پہلے مِنْ پر ہے اور دوسرا مَنْ پر ہے۔ هَدَيْنَا سے مراد ہم نے ان کی راہنمائی اسلام کے محاسن کی طرف کر دی۔

وَاجْتَبَيْنَا (اورہم نے ان کو چنا) یعنی لوگوں میں سے یا شریعت کی وضاحت اور حقیقت کو کھولنے کیلئے۔ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ (جب ان کے سامنے رحمان کی آیات پڑھی جاتی تھیں) آیات الرحمان سے مراد اللہ کی ان زمانوں میں اتاری جانے والی کتابیں۔

نحو: اگر الذین کو اولٰٓئك کی خبر بنایا جائے تو یہ جملہ مستانفہ ہے اور اگر اس کو تم اولٰٓئك کی صفت بناؤ تو پھر یہ خبر ہے۔

قراءت: قتیبہ نے یُتلی پڑھا ہے کیونکہ فاصل موجود ہے اس کے باوجود کہ تانیث غیر حقیقی ہے۔ خَرُّوْا سُجَّدًا (وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں) یعنی وہ رغبت کے ساتھ چہروں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں۔

وَّ بُكِيًّا (روتے ہوئے) جمع بَاكٍ کی ہے جیسے سجود اور قعود جمع ساجد اور قاعد کی ہے۔ بُكِيًّا کا معنی دور سے روتے ہوئے۔ حدیث میں ہے تم قرآن کی تلاوت کرو اور روؤ اگر تمہیں رونا نہ آئے تو بتکلف رونے والی کیفیت بناؤ۔ (رواہ احمد ابوداود) صالح مری کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں رسول اکرم ﷺ کے سامنے قرآن مجید پڑھا آپ نے مجھے فرمایا اے صالح یہ تو قراءت ہوئی بکاء کہاں ہے۔

مَسْئَلَه: سجدۂ تلاوت میں سبحان ربی الا علی تین مرتبہ کہنا چاہیے۔

## نالائق لوگ:

۵۹: فَخَلَفَ مِنْ ۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ (پھر آئے ان کے بعد کچھ ایسے نالائق) ان فضیلت والے لوگوں کے بعد بری اولاد آئی۔ خَلْفَ یہ لام کے فتح کے ساتھ لائق اولاد کیلئے آتا ہے۔ اور جزم کے ساتھ نالائق کیلئے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اس سے مراد یہود ہیں۔ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ (جنہوں نے نماز کو برباد کیا) یعنی فرضی نماز کو چھوڑ دیا۔ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ (اورانہوں نے نفسانی خواہشات کی پیروی کی) شہوات سے مراد نفوس کی لذتیں ہیں۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس سے مراد وہ آدمی ہے جس نے مضبوط مکانات بنائے اور جس چیز کو دیکھا اسی کے پیچھے پڑ گیا اور جس نے شہرت والا لباس پہنا۔ قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس امت کے لوگ مراد ہیں۔

فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا (پس یہ لوگ عنقریب خرابی پائیں گے) یعنی گمراہی کی سزا پائیں گے اہل عرب کے ہاں ہر شر غَیّ

جیسا کہ ہر خیر رَشَاد کہلاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں غیّ جہنم کی ایک وادی ہے جو پانچ قسم کے گناہوں پر اصرار کرنے والے کیلئے تیار کی گئی ہے۔ (۱) زنا پر اصرار کرنے والا۔ (۲) شراب کا عادی (۳) سود خوری سے باز نہ آنے والا۔ (۴) ماں باپ کی نافرمانی پر جمار ہنے والا (۵) جھوٹی گواہی پر اصرار کرنے والا۔ [رواہ ابن مردویہ]

## تائبین کیلئے خصوصی انعام:

۶۰ : اِلَّا مَنْ تَابَ (مگر وہ شخص جس نے توبہ کرلی) یعنی کفر سے لوٹ آیا۔ وَاٰمَنَ (اور ایمان لے آیا) اس کی شرائط کے ساتھ وَعَمِلَ صَالِحًا (اوراس نے نیک عمل کئے) اپنے ایمان لانے کے بعد فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ (پس ایسے لوگ جنت میں جائیں گے)

قراءت: مکی بصری اور ابوبکر نے یَدخلون کو یاء کے ضمہ اور خاء کے فتحہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ یعنی یُدْخَلُوْنَ پڑھا ہے۔

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا (اوران کی ذرا بھر بھی حق تلفی نہ کی جائے گی) یعنی ان کے اعمال کی جزاء میں ذرا بھر بھی چیز کم نہ کی جائے گی اور نہ اس سے روکے جائیں گے بلکہ ان کیلئے بدلے کو بڑھا دیا جائے گا۔ (۲) ان کے ظلم میں سے کوئی چیز بھی کم نہ کی جائے گی۔

۶۱ : جَنّٰتِ عَدْنِ ﹰالَّتِیْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ (ہمیشہ رہنے کے وہ باغات جن کا رحمان نے اپنے بندوں سے وعدہ فرمایا ہے)

نحو: جنّٰت یہ الجنۃ سے بدل ہے کیونکہ جنت جنّٰتِ عدن پر مشتمل ہے اور جنت جنس ہے۔ (۲) یا یہ مدح کی بنا پر منصوب ہے اور عدن یہ معرفہ ہے کیونکہ معرفہ ہونے کی وجہ سے العدن کے معنی میں ہے۔ جس کا معنی اقامت ہے۔ (۳) یا یہ جنت کی زمین کا نام ہے کیونکہ وہ اقامت کی جگہ ہے عبادہ سے مراد رجوع کرنے والے مؤمنین ہیں جو کہ اعمال صالحہ کرتے رہیں جیسا کہ ان کا تذکرہ بھی گزرا اور اس لئے بھی کہ ان کی اضافت اپنی طرف فرمائی جو کہ اختصاص کی دلیل ہے پس یہ خاص لوگ ہوئے۔

بِالْغَيْبِ (غائبانہ طور پر) یعنی جنت کا ان سے ایسے حال میں وعدہ کیا کہ وہ ان سے غائب تھی ان کے سامنے موجود نہ تھی یہ جنت سے غائب ہیں۔ اور اس کا مشاہدہ نہیں کررہے (لیکن اس کے باوجود اس پر ایمان لانے والے ہیں) اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا (بے شک اللہ تعالیٰ کی وعدہ کی ہوئی چیز کو وہ ضرور پہنچیں گے) ہ ضمیر شان ہے۔ یا ضمیر کا مرجع الرحمان ہے۔ وعدہ سے مراد موعودہ جس کا وعدہ کیا گیا یعنی جنت۔ ماْتِیًّا یہ اسم ظرف ہے یا اسم مفعول جو بمعنی فاعل ہے یعنی جنت میں وہ ضرور جائیں گے۔

۶۲ : لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا (وہ لوگ اس میں نہیں سنیں گے) یعنی جنت میں لَغْوًا (کوئی فضول بات) یعنی فحش یا جھوٹ یا فضول کلام لغو اس کو کہا جاتا ہے جس کو کلام میں سے نکال دیا جائے۔

فَائِدَہ: اس میں متنبہ کردیا کہ لغو سے پرہیز کرنا اور بچنا لازم ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس گھر کو لغو سے پاک قرار دیا جس میں کوئی تکلیف نہیں۔

اِلَّا سَلٰمًا (مگر سلام) یعنی وہ ملائکہ سے سلام سنیں گے (۲) ایک دوسرے سے سلام سنیں گے (۳) وہ اس میں کوئی ایسی بات نہ سنیں گے مگر وہ بات کہ جو عیب اور نقص سے پاک ہو جمہور علماء کے نزدیک یہ مستثنیٰ منقطع ہے۔ اور ایک اور قول کے مطابق

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ

اور ہم نہیں نازل ہوتے مگر آپ کے رب کے حکم سے۔ اسی کے لئے ہے جو ہمارے آگے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے اور جو ان کے درمیان ہے

وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ

اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں ہے وہ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سو آپ اس کی عبادت کیجئے اور اس کی عبادت پر

لِعِبَادَتِهٖ ۭ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ ع ۱۵ ۷

ثابت قدم رہیے کیا آپ اس کا کوئی ہم نام جانتے ہیں؟

سلام کا معنی سلامتی کی دعا ہے جبکہ دار السلام کے رہنے والے سلامتی کی دعا سے مستغنی ہوں تو ظاہر کے اعتبار سے یہ بھی لغو بات میں شامل ہے اور فضول بات کا حصہ ہے اگر اس میں اکرام کا فائدہ نہ مانا جائے۔

وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا (اور اس میں ان کیلئے صبح وشام رزق ہوگا) یعنی ان کو ان کا رزق دنیا کے دن کی دونوں اطراف کی مقدار سے عطا کئے جائیں گے کیونکہ وہاں نہ رات ہے نہ دن وہ ہر وقت نور کے اندر رہیں گے دن کی مقدار وہ پردوں کے اٹھانے اور رات کی مقدار پردوں کے لٹکانے سے معلوم کریں گے صبح اور شام کا رزق اہل عرب کے ہاں افضل ترین زندگی کا حصہ ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی جنت کی اس سے تعریف فرمائی دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد رزق کا دوام ہے جیسے محاورہ میں کہتے ہیں انا عند فلانٍ بکرۃ و عشیا کہ میں فلاں کے پاس صبح شام ہوتا ہوں مراد اس سے دوام ہوتا ہے۔

## اعمال کی میراث:

۶۳: تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا (یہ جنت ایسی ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے ایسے لوگوں کو بنائیں گے) یعنی ان کے اعمال کی میراث اس کو قرار دیں گے میراث سے مراد پھل اور انجام ہے دوسرا قول یہ ہے وہ ایسی اقامت گاہوں کے وارث ہونگے جو اہل نار کی ہونگی۔ اگر وہ ایمان لاتے کیونکہ کفر حکماً موت ہے۔ مَنْ كَانَ تَقِيًّا (جو خدا سے ڈرنے والے ہوں) تقیًّا سے یہاں مراد شرک سے بچنے والے ہیں۔

۶۴: شانِ نزول: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اے جبرئیل تمہیں ہماری زیادہ ملاقات سے کون سی چیز روکنے والی ہے جتنی کہ اب تم ملاقات کرتے ہو تو اس پر یہ آیت اتری۔

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ (اور ہم نہیں اترتے مگر آپ کے رب کے حکم سے) [رواہ البخاری] التنزل کے دو معنے ہیں۔ (۱) تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد اترنا (۲) مطلقاً اترنا۔ یہاں پہلا معنی زیادہ مناسب ہے یعنی ہمارا اترنا وقتاً فوقتاً اللہ کے حکم ہی سے ہوتا ہے۔ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا (اور اسی کی ملک ہیں ہمارے سامنے کی سب چیزیں اور ہمارے پیچھے کی سب چیزیں اور ان کے درمیان کی سب چیزیں ہیں اور آپکا رب بھولنے والا نہیں)۔ بین ایدی

وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ

اور انسان کہتا ہے کہ جب میں مر جاؤں گا تو کیا یہ ضروری بات ہے کہ میں عنقریب زندہ کر کے نکالا جاؤں گا؟ کیا انسان اس بات کو نہیں سوچتا کہ ہم نے اسے اس سے پہلے

مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ

پیدا کیا اور وہ کچھ بھی نہ تھا تیرے رب کی قسم ہے ہم ان لوگوں کو ضرور ضرور جمع کریں گے اور شیاطین کو بھی پھر ہم ان کو دوزخ کے قریب اس حال میں حاضر کردیں گے کہ گھٹنوں کے

جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ

بل گرے ہوئے ہوں گے پھر ہم ہر جماعت میں سے ان کو علیحدہ کردیں گے (جنہوں نے آپس میں ایک دوسرے کی مدد کی) جو رحمن کے مقابلہ میں بہت سخت سرکشی اختیار کیے ہوئے تھے پھر

لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾

ہم ہی ان لوگوں کو خوب جاننے والے ہیں جو دوزخ میں داخل ہونے کے زیادہ مستحق ہیں۔

سے مراد جو ہمارے سامنے ہے۔ اور خلف جو ہمارے پیچھے چیزیں ہیں اور بین ذٰلک سے مراد جن میں ہم ہیں۔ ہم ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کی مشیت سے ہی منتقل ہوتے ہیں اصل میں وہ خود ہی ہر حرکت وسکون کو جاننے والا اور حفاظت کرنے والا ہے اور جو حالات پیدا ہوتے ہیں۔ ان کے بارے میں اس کے متعلق غفلت ونسیان کا تصور بھی جائز نہیں۔ پس ہمارے لئے اس کی بادشاہی میں کیسے ممکن ہے کہ ہم ادھر ادھر جائیں سوائے اس کے کہ وہ ہمیں اجازت مرحمت فرمائے۔

۶۵: رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا (وہ آسمان وزمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان کا رب ہے)

نحو: رب السمٰوٰت (۱) یہ رَبُّکَ سے بدل ہے۔ (۲) یہ مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر ہے۔

پھر اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ جب آپ نے جان لیا کہ وہ ان صفات سے متصف ہے تو فَاعْبُدْهُ (پس تم اسی ہی کی عبادت کرو) یعنی اس کی عبادت پر قائم رہو۔ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ (اور اس کی عبادت پر مضبوطی سے جمے رہو) یعنی معبود کی عبادت پر حاسدوں کی تکالیف پر صبر کیجئے اور خالق کائنات کی عبادت کیلئے مشقتوں کو برداشت کیجئے تاکہ اس عبادت پر آپ کو جماؤ حاصل ہو اس صورت میں لام اجلیہ ہے۔ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا (کیا تم کسی کو اس کا ہم صفت جانتے ہو) سَمِيًّا کا معنی شبہا ومثلاً یعنی مشابہ اور مماثل (۲) کیا کسی اور کا نام اس کے سوا اللہ ہے کیونکہ یہ نام تو معبود حقیقی کیلئے خاص ہے یعنی جب یہ بات صحیح ثابت ہوگئی کہ کوئی ایسا معبود نہیں جس کی طرف بندے عبادت میں متوجہ ہو سکیں سوائے اس اکیلی ذات کے تو اب اس کی عبادت کے بغیر بھی کوئی چارہ کار نہیں۔ اور اس کی عبادت کی مشقتیں اٹھانے کے بغیر بھی گزارہ نہیں۔

۶۶: شانِ نزول: ابی بن خلف جمحی نے ایک بوسیدہ ہڈی کو ہاتھ سے چورا کرتے ہوئے کہا کیا ہم اس طرح ہو جانے کے بعد

دوبارہ اٹھائے جائیں گے پس یہ آیت نازل ہوئی۔

وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَ اِذَا مَامِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ( کیا انسان یوں کہتا ہے کہ جب میں مرجاؤں گا تو کیا پھر زندہ کر کے نکالا جاؤں گا )

نحو : اذا میں عامل دلالتِ کلام کے مطابق البعث ہے تقدیر کلام یہ ہے : اِذَامَامِتُّ أبعثُ اس کو اُخرجُ کی وجہ سے منصوب قرار دینا درست نہیں کیونکہ لام ابتدائیہ کا مابعد ماقبل میں عمل نہیں کرتا اس طرح نہیں کہا جا سکتا الیوم لزید قائم ۔مضارع پر جولام ابتدائی داخل ہوتی ہے وہ حال کا معنی دیتی ہے اور مضمونِ جملہ کی تاکید کرتی ہے۔اب جب حرف استقبال آ گیا تو خالص تاکید کا فائدہ اس سے حاصل ہوا اور حال کا معنی معدوم ہو گیا۔

مآ ۔اذاما میں تاکید ہی کیلئے ہے گویا اس طرح کہا گیا أحقًّا انّا سَنُخْرِجُ مِنَ الْقُبُوْرِ اَحْيَاءً حِيْنَ يتمكن فِيْنَا الموت والهلاك ۔کیا یہ برحق ہے کہ ہم عنقریب قبور سے زندہ کر کے نکالے جائیں گے جبکہ موت وہلاکت ہم پر اپنے پنجے مکمل طور پر گاڑ لے گی۔اور یہ بطور استنکار واستبعاد ہے۔ظرف کو مقدم کرنا اور پھر حرف انکار کے قریب لانا اسی قبیل سے ہے کہ موت کے بعد والے وقت میں زندگی کا ہونا انوکھی چیز ہے اور اسی سے ان کو انکار تھا۔

## منکرینِ بعثت کو جواب:

٦٧ : اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ ( کیا یہ شخص اس بات کو نہیں سمجھتا کہ )

قراءت : شامی، نافع وعاصم نے الذکر سے قرار دے کر تخفیف سے پڑھا ہے۔اور باقی قراء نے ذال اور کاف کی تشدید سے پڑھا ہے اور اس کی اصل یتذکر ہے جیسا کہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے تاء کا ذال میں ادغام کر دیا۔اس کا معنی اَوَلَا يَتَدَبَّرُ؟ ( کیا وہ تدبر نہیں کرتے ) واؤ عاطفہ ہے اور یقول پر اس کا عطف ہے۔اور ہمزۂ انکار معطوف علیہ اور معطوف کے درمیان لائے ہیں۔مطلب یہ ہے ایقول ذلك ولا يتذكر حال النشأة الاولى حتى لا ينكر النشأة الاخرى؟ کیا وہ یہ بات کہتے ہوئے پہلی پیدائش کا حال یاد نہیں کرتا تا کہ وہ دوسری کا انکار نہ کرتا؟ اول حالت خالق کی قدرت پر زیادہ دلالت کرنے والی ہے۔اس طرح کہ اس نے جواہر واعراض کو عدم سے وجود بخشا۔اور دوسری حالت تو صرف اجزائے موجودہ کو جوڑ دینا اور تفریق کے بعد مجموعہ کی شکل دینا ہے۔اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ ( بیشک ہم نے اس کو اس سے قبل پیدا کیا ) اس حالت سے پہلے جس میں وہ ہے اور وہ حالتِ بقاء ہے۔وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ( وہ کچھ بھی نہ تھا ) اور وہ دلیل ہے کہ معدوم کوئی چیز نہیں۔جیسا کہ ہم نے بیان کیا۔البتہ معتزلہ کا اس میں اختلاف ہے۔

٦٨ : فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ ( پس قسم ہے آپ کے رب کی ہم ضرور ان کو جمع کریں گے ) بعث کے انکار کرنے والے کفار کو وَالشَّيٰطِيْنَ ( اور شیاطین کو ) واؤ بمعنی مع زیادہ واقع ہے تقدیر عبارت یہ ہے یحشرون مع قرنائهم من الشياطين الذين اغووهم ۔ان کو ان کے قرین شیاطین کے ساتھ اٹھایا جائیگا۔وہ شیاطین جنہوں نے ان کو اغواء کیا ہر کافر کو شیطان کے ساتھ ایک زنجیر میں جکڑ دیا جائے گا۔

نکتہ: اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی طرف اپنی نسبت کر کے قسم اٹھائی ہے اس میں رسول اللہ ﷺ کی عظمت شان کی طرف اشارہ ہے۔

ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا (پھر ہم ان سب کو جہنم کے اردگرد گھٹنوں کے بل حاضر کر دیں گے)۔

نحو: جثیًا یہ حال ہے اور جاثٍ کی جمع ہے۔ زانو کے بل بیٹھنا اس کا وزن فعول ہے کیونکہ یہ اصل میں جثوو ہے جیسے سجود و ساجد ہے کفار کو محشر سے جہنم کے کنارے کی طرف ان کی اسی حالت پر کھینچ کر لایا جائے گا۔ جس حالت میں وہ میدان حشر میں گھٹنوں کے بل تھے۔ قدموں پر نہ چلایا جائے گا۔

بڑے سرکش:

۶۹: ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ (پھر ہم ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو علیحدہ کریں گے) شیعہ پیروگروپ کو کہتے ہیں جس نے گمراہوں میں سے کسی گمراہ کی پیروی کی ہو۔ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا (جو ان میں سے سب سے زیادہ رحمان کی سرکشی کرتا تھا) جو زیادہ تھا جرأت میں یا فجور وفسق میں۔ مطلب یہ ہے گمراہوں کے گروہوں میں سے پہلے سب سے زیادہ سرکش (سرغنے) گروہ کو ہم نکالیں گے اور پھر ان کے بعد درجہ بدرجہ۔ جب وہ جمع ہو جائیں گے تو ہم ان کو بالترتیب آگ میں ڈال دیں گے عذاب کے اولین حقداروں کو اولاً ان کے بعد والوں کو بعد میں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اشدھم عتیًا سے مراد ان کے سربراہ کیونکہ ان کے جرائم دوگنا ہیں کیونکہ وہ خود نمبرا۔ گمراہ ہیں۔ نمبر۲۔ گمراہ کرنے والے ہیں۔

نحو: سیبویہؒ کا قول ایتھم مبنی علی الضم ہے کیونکہ صدر جملہ جو کہ اس کا صلہ تھا وہ ساقط ہو گیا اور وہ ھو من اشد ہے اگر اس کو لایا جاتا تو اس کا اعراب نصب والا ہوتا۔ ایک قول یہ ہے یہ اصل میں ایھم ھُوَ اَشَدُّ ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے صلہ موصول کی وضاحت وتبیین کرتا ہے جیسا کہ مضاف الیہ مضاف کی وضاحت کرتا ہے اور اس کی تخصیص کا فائدہ دیتا ہے پس جس طرح حذفِ مضاف الیہ من قبل میں مضاف کو لازماً مبنی بنا دیتا ہے۔ اسی طرح حذفِ صلہ سے بھی موصول مبنی بنانا چاہیے۔ یا کم از کم ایسی چیز بنے جس کو بناء لازم آئے۔ اور ننزع کی وجہ سے یہ محلاً منصوب ہے۔

خلیل رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

ایھم معرب ہے اور مبتدا ہے اور اشد اس کی خبر ہے اس کو رفع حکایۃ دیا گیا ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے لننزعن الذین یقال فیھم ایھم اشد علی الرحمان عتیًا۔ اور یہ بھی درست ہے کہ نزع من کل شیعۃ پر واقع ہونے والا ہو۔ جیسا کہ اس ارشاد میں ووھبنا لھم من رحمتنا۔ [مریم: ۵۰] اس صورت میں کلام اس طرح ہے لننزعن بعض کل شیعۃ (ہم ہر بڑے گروپ کے بعض کو کھینچیں گے) گویا کہ کوئی کہنے والا اس طرح کہہ رہا ہے۔ من ھم؟ وہ کون ہیں! تو جواب دیا ایھم اشد عتیا جو ان میں سے سرکشی میں سب سے بڑھ کر ہیں۔ اور علیٰ یہ افعل کے متعلق ہے۔ کلام اس طرح ہے عتو ھم اشد علی الرحمان۔ ان کی سرکشی رحمان پر بہت ہی زیادہ ہے۔

۷۰: ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا (پھر ہم ضرور اچھی طرح جانتے ہیں ان لوگوں کو جو دوزخ میں داخلے کے سب سے

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝٧١ ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

اور تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو اس پر وارد نہ ہو۔ آپ کے رب کا یہ حکم لازمی ہے جس کا فیصلہ کیا جا چکا ہے پھر ہم ان لوگوں کو نجات دے دیں گے جو ڈرتے تھے

وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ۝٧٢

اور ظالموں کو اس میں ایسی حالت میں چھوڑ دیں گے کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے ہوئے ہوں گے۔

زیادہ مستحق ہونگے ) بِھَا کی ضمیر نار کی طرف ہے یعنی آگ کے زیادہ حقدار صلیاً تمیز ہے اور اس کا معنی داخلہ ہے باء یہ اولی کے متعلق ہے (ثُمَّ یہاں تراخی زمان کیلئے نہیں بلکہ تراخی مرتبہ کیلئے ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے ثم کان من الذین امنوا )۔

## جہنم پر ورود:

۷۱: وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا (اور تم میں سے کوئی ایسا نہیں مگر کہ اس نے دوزخ پر وارد ہونا ہے ) وارد کا معنی یہاں داخل ہے اور ھا سے مراد نار ہے جمہور اہلسنّت کے نزدیک ورود کا معنی یہاں دخول ہے جیسا کہ یہ حضرت علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اس لئے کہ دوسرے ارشاد میں فرمایا فاوردھم النار [سورۃ ہود:۹۸] اور ایک اور ارشاد میں ہے۔ لو کان ھؤلاء الھۃ ما وردوھا [الانبیاء:۹۹] اور ایک اور ارشاد میں اس طرح فرمایا ثم نُنَجّی الذی اتقوا [مریم:۷۲ ] کیونکہ نجات کا تصور داخلے کے بعد ہے۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی جس کو امام احمد نے روایت کیا الورود کا معنی دخول ہے۔ لا یبقی بر و لا فاجر الا دَخَلَھَا فتکون علی المؤمنین بردًا و سلاما کما کان تلی ابراھیم [رواہ احمد ] دوسری روایت میں ہے کہ آگ مؤمن کو کہے گی جز یا مؤمن فان نورك اطفاك لَھَبی [رواہ طبرانی ] دوسرا قول یہ ہے کہ ورود دخول ہی کے معنی میں ہے لیکن یہ کفار کے ساتھ خاص ہے جیسا کہ قراءتِ ابن عباس رضی اللہ عنہما میں ہے وان منھم پس قراءت مشہورہ کو التفات پر محمول کیا جائے گا۔ اور ایک قول کے مطابق جو حضرت عبداللہؓ سے منقول ہے کہ ورود کا معنی حضور ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَما ورد ماء مدین [القصص:۲۳] اور دوسرے ارشاد میں فرمایا: اولٰٓئك عنھا مُبعَدون [الانبیاء:۱۰۱] تو عنھا میں ھا سے مراد جہنم ہے۔ مگر اس کا جواب یہ دیا گیا کہ ھا سے مراد اس کا عذاب ہے۔

## حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ وقتادہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

کہ ورود یہاں مرور علی الصراط کے معنی میں ہے کیونکہ صراط جہنم کے اوپر بنا ہوا ہے پس اہل جنت اس سے بچے رہیں گے اور اہل نار اس میں گرتے جائیں گے۔

## مجاہد کا قول:

یہ ہے کہ مؤمن کا آگ میں وارد ہونا اس پر ہوگا جس طرح دُنیا میں بخار اس کے جسم میں چڑھ جاتا ہے اس لئے آپ علیہ

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ

اور جب ان پر ہماری کھلی کھلی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ دونوں فریق میں سے

خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾

مقام کے اعتبار سے کون بہتر ہے اور مجلس کے اعتبار سے کون اچھا ہے؟ اور ان سے پہلے ہم نے کتنی جماعتیں ہلاک کردیں جو ساز وسامان اور نظروں میں بھانے کے اعتبار سے اچھے تھے

قُلْ مَنْ كَانَ فِى الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ

آپ فرما دیجئے کہ جو شخص گمراہی میں ہوگا تو رحمٰن اسے مہلت دے گا یہاں تک کہ جب اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَ

تو یا عذاب ہوگا یا قیامت ہوگی۔ سو عنقریب جان لیں گے کہ وہ کون ہے جو بری جگہ والا ہے اور لشکر کے اعتبار سے کمزور تر ہے۔ اور

يَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾

جن لوگوں نے ہدایت پائی اللہ ان کی ہدایت کو اور بڑھا دے گا اور باقی رہنے والی نیکیاں آپ کے رب کے پاس ثواب کے اعتبار سے بہتر ہیں اور انجام کے اعتبار سے بہتر ہیں۔

السلام نے ارشاد فرمایا کہ بخار آگ میں سے ہر مؤمن کا حصہ ہے۔ (رواۃ البزاز)

ایک صحابیؓ نے دوسرے کو کہا کہ کیا تمہیں ورود نار کا یقین ہے؟ اس نے کہا ہاں اس نے کہا کہ کیا تمہیں واپس لوٹنے کا یقین ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ اس نے کہا پھر ہنستے کیوں ہو اور بوجھل کیوں بنتے ہو۔ (رواہ احمد فی الزہد)

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا (یہ تیرے رب کے ذمے لازم ہے جو ضرور پورا ہو کر رہے گا) یعنی ان کا ورود لازم ہے۔ جس جس کا فیصلہ ہو چکا۔ الحتم یہ مصدر ہے حتم الامر کا۔ یہ اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ اس کام کو اپنے اوپر لازم کر لے اور پس اس اس کا نام موجب رکھا جاتا ہے جیسے ان کا قول ہے ضرب الامیر۔

۷۲: ثُمَّ نُنَجِّى (پھر ہم نجات دیں گے)

قراءت: علی نے اسکو تخفیف کے ساتھ پڑھا ہے۔ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا (وہ لوگ جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا) اتَّقَوْا سے مراد شرک سے بچنا ہے۔ اور مراد اس سے مؤمن ہیں۔ وَّ نَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا (اور ہم چھوڑ دیں گے ظالموں کو اس میں زانوں کے بل بیٹھا ہوا)۔

نکتہ: اس آیت میں دلیل ہے کہ تمام داخل ہونگے اس لئے آگے ونذر فرمایا اور ندخل منہیں فرمایا اہل السنت کا مسلک یہ ہے کہ کبیرہ گناہ کا مرتکب ممکن ہے اپنے گناہوں کی مقدار کے مطابق سزا پا کر پھر بچا لیا جائے اور یہ نجات پانا اس کا یقینی ہے۔

مرجیہ کا قول ہے کہ اس کو سزا نہیں دی جائے گی کیونکہ اسلام کے ساتھ معصیت ان کے ہاں نقصان دہ نہیں ہے۔ معتزلہ کا قول یہ ہیکہ وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیگا۔

## مشرکین کا فقرائے صحابہ رضی اللہ عنہم کو استہزاء:

۷۳: وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا (جب ان پر ہماری آیات پڑھی جاتیں) آیات سے مراد یہاں قرآن ہے۔ بَیِّنٰتٍ واضح یعنی جن کا معجزہ ہونا ظاہر ہے۔ یا بینات کا معنی دلائل و براہین۔

نحو : یہ حال موکدہ ہے جیسا کہ اس آیت میں وَهُوَ الحَقُّ مصدقًا [البقرہ:۹۱] اس لئے کہ آیات اللہ تو واضح ہی ہوتی ہیں اور دلیل ہی ہوتیں ہیں۔ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا (تو کافر کہتے ہیں) یعنی کافروں سے یہاں مشرکین قریش مراد ہیں جو کہ مالدار اور اپنے بالوں کو کنگھی کرنے والے اور زینت میں تکلف کرنے والے تھے۔ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (ان لوگوں کو جو ایمان لائے یعنی فقرائے صحابہ کو جن کے سروں کے بال پراگندہ اور کپڑے کھردرے اور موٹے تھے) اَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ (دونوں جماعتوں میں سے کون سی جماعت ہم یا تم) خَیْرٌ مَّقَامًا (مرتبے کے اعتبار سے زیادہ اچھی ہے)۔

نحو : مقامًا میم کے فتحہ کے ساتھ موضعِ قیام کو کہتے ہیں مراد اس سے جائے سکونت اور مکان ہے اور ضمہ کے ساتھ جیسا کہ مکی نے پڑھا موضعِ اقامت اور منزل مراد ہے۔

وَ اَحْسَنُ نَدِیًّا (زیادہ اعلیٰ ہے مجلس کے لحاظ سے۔) ندیا ایسی مجلس جس میں مشورے کیلئے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ آیت کا مطلب یہ ہے اللہ فرماتے ہیں کہ جب ہم نے ایسی نشانی اتاردی جس میں دلائل و براہین تھے تو انہوں نے اس میں تدبیر سے اعراض کر کے مال و دولت اور حالت و مکان کی خوبصورتی پر فخر کی طرف رخ کرلیا۔ پس اسی لئے ارشاد فرمایا۔

۷۴: وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ (ہم نے ان سے پہلے بہت سے قرن والوں کو تباہ کردیا)

نحو : كَمْ اهلكنا کا مفعول ہے اور مِنْ ابہام کی وضاحت کیلئے ہے مطلب یہ ہے بہت سے اہل زمانہ کو ہم نے ہلاک کیا اور ہر زمانے والے بعد والوں کیلئے اہل قرن ہیں۔ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا (جو کہ ان سے زیادہ اچھے تھے دنیوی سامان کے اعتبار سے)

نحو : یہ محل نصب میں كَمْ کی صفت ہے ذرا توجہ فرمائیں اگر تم هُمْ کو چھوڑ دو تو اَحْسَن صفت کی وجہ سے منصوب ہوگا۔ اثاثا گھر کے سامان کو کہتے ہیں یا جو گھر کا بستر وغیرہ میں سے جو عمدہ ہو۔ وَّ رِءْیًا (اور ظاہری دکھاوت میں) یعنی منظر و ہیئت میں۔

نحو : فعیل کا وزن ہے جو مفعول کے معنی میں ہے اور یہ رأیتُ سے لیا گیا ہے۔

قراءت: اور ورِیًّا بغیر ہمزہ کے تشدید کے ساتھ نافع اور ابن عامر نے پڑھا۔ کیونکہ ہمزہ ساکن تھی ماقبل کسرہ تھا اس لئے یاء میں بدل کر مدغم ہوگئی۔ (۲) الرِّیُّ وہ سیرابی جو نعمت سے ہو۔

## استدراج اور اس کا طریقہ:

۷۵: قُلْ مَنْ كَانَ فِی الضَّلٰلَةِ (آپ کہہ دیں کہ جو لوگ گمراہی میں ہیں) ضلالت سے یہاں کفر مراد ہے۔ فَلْیَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا (تو رحمٰن اس کو ڈھیل دیتا جارہا ہے)

نحو : یہ مَنْ شرطیہ کا جواب ہے اور یہ امر خبر کے معنی میں ہے یعنی من کفر مَدَّله الرحمن یعنی اس کو مہلت دیتا ہے اور عمر بڑھا دیتا ہے تاکہ سرکشی اور گمراہی بڑھ جائے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ انما نُمْلِی لهم لیزدادوا اثما البتہ امر کا صیغہ یہاں لایا

گیا تا کہ اس کے لازم ہونے کو واضح کر دیا جائے اور اس بات کو واضح کرنے کیلئے کہ یہ ہر صورت میں ہو کر رہے گا۔ جس طرح کہ مامور بہ انجام پذیر ہوتا ہے۔ تا کہ اس سے گمراہوں کی معذرتیں منقطع کی جاسکیں۔

حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ (یہاں تک کہ جب وہ دیکھ لیں گے اس چیز کو جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے) یہ جملہ خیرٌ مقامًا و احسن نَدِيًّا کے ساتھ متصل ہے اور ان کے درمیان جملہ معترضہ ہے مطلب یہ ہوا وہ یہ بات کہتے رہیں گے یہاں تک کہ وعدہ کئے ہوئے عذاب کو آنکھوں سے نہ دیکھ لیں گے۔ اِمَّا الْعَذَابَ (خواہ عذاب کو) یعنی دنیا میں اور یہ مسلمانوں کو عذاب دینا ہے قتل اور قید کے ساتھ۔ وَاِمَّا السَّاعَةَ (یا قیامت) اور جو وہاں ان کو عذاب اور رسوائی ہوگی۔ یہ دونوں الساعة اور العذاب ما یوعدون سے بدل ہیں۔ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضْعَفُ جُنْدًا (پس عنقریب وہ جان لیں گے مکان کے اعتبار سے برا کون ہے اور لشکر کے اعتبار سے کمزور کون ہے) جُنْد سے مراد یہاں معاونین و مددگار ہیں اس وقت ان کو معلوم ہوگا کہ معاملہ اس کے برعکس ہے جس کا انہوں نے اندازہ لگایا تھا اور جگہ ان ہی کی بدترین ہے اور معاونین انہی کے کمزور تر ہیں نہ مکان میں کوئی خیر ہے۔ نہ مجلس میں حسن ہے۔ اور بلاشبہ ایمان والے ان کے کہنے کے برخلاف حالت میں ہیں۔

(۲) یہ بھی جائز ہے کہ یہ قریب کے ساتھ متصل ہو اس صورت میں معنی یہ ہوگا بیشک جو لوگ گمراہی میں ہیں وہ گمراہی کے اندر دراز کر دیئے گئے ہیں۔ وہ اپنی گمراہی سے اس وقت تک باز نہ آئیں گے جب تک کہ اپنی آنکھوں سے ایمان والوں کیلئے اللہ کی نصرت کو نہ دیکھ لیں یا قیامت کا مشاہدہ نہ کرلیں اور حتی کے بعد جملوں کو بطور حکایت لایا جاتا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ جملہ شرطیہ اس کے بعد آرہا ہے۔ اذا راوا ما یوعدون فسیعلمون (پس عنقریب وہ جان لیں گے)۔

۷۶: وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى (اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کیلئے ہدایت کو بڑھا دیتا ہے جنہوں نے ہدایت پائی)

نحو: اس جملے کا عطف فلیمدد پر ہے کیونکہ یہ خبر کی جگہ واقع ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے من کان فی الضلالة مدًّا او یَمُدّلَهُ الرحمٰن ویزید فی ضلال الضُّلّال بخذلانه و یزید المهتدی ای المؤمنین هدًا۔ (جو آدمی گمراہی میں ہو اس کی گمراہی میں دراز کر دیا جاتا ہے یا رحمٰن اس کی گمراہی کو دراز کرتے اور بڑھاتے ہیں اور گمراہ کی گمراہی میں اضافہ اس کو رسوا کرنے کے ذریعے ہوتا ہے اور ہدایت والوں یعنی مؤمنین کی ہدایت میں اضافہ کر دیتے ہیں) هدی مصدر سے مراد ہدایت پر ثابت قدمی یا یقین یا توفیق الٰہی سے بصیرت کا بڑھ جانا ہے والباقیات الصالحات (اور باقی رہنے والے نیک اعمال) اس سے تمام آخرت کے اعمال مراد ہیں۔ (۲) پانچوں نمازیں (۳) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا (تیرے رب کے ہاں بہت بہتر ہے ثواب میں) ان کاموں کے مقابلے میں جن پر کفار کو فخر ہے۔

وَّ خَيْرٌ مَّرَدًّا (اور بہت بہتر ہیں انجام کے اعتبار سے) مردًّا معنی مرجوع اور انجام ہے اس فضیلت میں کفار سے تحکم اور استہزاء کیا گیا کیونکہ وہ دنیا میں ایمان والوں کو فخر سے کہا کرتے تھے ای الفریقین خیر مقامًا و اَحْسَنُ نَدِيًّا۔

اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ كَفَرَ بِاٰیٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَیَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ اَطَّلَعَ الْغَیْبَ اَمِ اتَّخَذَ

کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہنے لگا کہ مجھے ضرور ضرور مال اور اولاد دیئے جائیں گے' کیا اسے غیب کا پتہ چل گیا یا اس نے رحمن سے

عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ مَا یَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَّنَرِثُهٗ

کوئی عہد لیا ہے' ہرگز نہیں ہم عنقریب اس کی بات لکھ لیں گے اور اس کے لئے عذاب بڑھاتے رہیں گے اور اس کی کہی ہوئی چیزوں

مَا یَقُوْلُ وَیَاْتِیْنَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾

کے ہم مالک رہ جائیں گے اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا۔

## کافروں کے بڑے بول کا جواب :

٧٧ : اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ كَفَرَ بِاٰیٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَیَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا ( کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہا مجھے ضرور مال اور اولاد دیا جائے گا ) وَلَدَ کا لفظ واؤ کے ضمہ اور لام کے سکون کے ساتھ چار مقام پر حمزہ اور علی نے پڑھا ہے (١) اس آیت میں (٢) سورۂ زخرف میں (٣) سورۂ نوح میں اس سورت میں یہ ولد کی جمع ہے جیسے اُسدا سد میں یا بمعنی ولد کے ہے جیسے عُرب اور عرب۔

فَائِدَہ : اشیاء کو آنکھوں سے دیکھنا علم کا راستہ ہے اور اس سے صحیح اطلاع حاصل ہوتی ہے اس لئے اہل عرب نے ارئیت کو اخبر کے معنی میں استعمال کیا ہے اور فاء جو ہے تعقیب کا فائدہ دے رہی ہے گویا اس طرح فرمایا اَخبر ایضًا بقصة هذا الكافر واذكر حديثهٗ عقيب حديث اولئك اس کافر کے واقعہ کی تم اطلاع دو اور ان لوگوں کی بات کے بعد اس کی بات ذکر کرو۔

لاوتینّ یہ مضمر قسم کا جواب ہے۔

٧٨ : اَطَّلَعَ الْغَیْبَ ( کیا اس کو غیب کا علم ہو گیا ) یہ عربوں کے محاورہ اطّلع الجبل ( وہ پہاڑ کی چوٹی کی طرف چڑھا ) اس سے لیا گیا ہے۔ اس صورت میں ترجمہ یہ ہے کہ کیا وہ غیب کی طرف چڑھا ہے یہ معنی حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے بیان کیا ہے یہ ہمزہ استفہام کا ہے اور ہمزہ وصل کا محذوف ہے مطلب یہ ہوا کہ اس نے لوح محفوظ کو دیکھا کہ جس میں اس نے اپنی تمنا کو دیکھ لیا۔

اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ( یا اس نے رحمن کے ہاں کوئی عہد لے لیا ہے ) یعنی پکا وعدہ کہ وہ اس کو ضرور دیں گے۔ یا عہد شہادت و گواہی والی بات کو کہتے ہیں۔ حضرت حسن کا قول کہ یہ ولید بن مغیرہ کے بارے میں اتری مشہور یہ ہے کہ عاص بن وائل کے بارے میں اتری شیخین نے روایت نقل کی کہ خباب بن ارت نے عاص بن وائل کے لئے چاندی پگھلائی پھر خباب بن ارت نے عاص بن وائل سے اس کی مزدوری مانگی اور عاص کہنے لگا کہ تمہارا خیال یہ ہے کہ تم دوبارہ اٹھائے جاؤ گے اور جنت میں سونا اور چاندی بھی ہے میں تیرا قرضہ وہاں ادا کروں گا۔ مجھے وہاں مال اور اولاد ملے گی۔

٧٩ : كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا یَقُوْلُ ( ہرگز نہیں ہم اس کا کہنا لکھتے ہیں ) کَلَّا یہاں ردعیہ ہے اور غلطی پر تنبیہ کیلئے آیا ہے۔ یعنی جو

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ۸۱ كَلَّا ؕ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ

اوران لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر دوسرے معبود بنا لیے۔ تاکہ وہ ان کے لئے عزت کی چیز بن جائے۔ خبردار ایسا ہرگز نہیں ہے وہ عنقریب ان کی عبادت کا انکار کریں گے

وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۸۲ اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۸۳

اور ان کے مخالف بن جائیں گے اے مخاطب! کیا تو نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیاطین کو کافروں پر چھوڑ رکھا ہے جو انہیں خوب ابھارتے ہیں

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۸۴

سو آپ ان کے بارے میں جلدی نہ کیجئے ہم ان کی باتوں کو خوب شمار کر رہے ہیں۔

صورت وہ اپنے نفس کیلئے تجویز کر رہا ہے۔ اس میں وہ خطا کار ہے اس کو اس میں باز رہنا چاہئے۔

سنكتب مايقول یعنی (اس نے جو بات کہی ہے وہ ہم نے لکھ لی ہے) مقصد یہ ہے کہ اس کے سامنے عنقریب ہم ظاہر کریں گے اور اس کو بتلا دیں گے کہ اس کی بات ہم نے لکھ لی ہے کیونکہ جیسے ہی اس نے کہی بغیر تاخیر کے لکھ لی گئی۔ جیسا کہ دوسری آیت میں خود فرمایا: ما يلفظ من قول الا لديه رقيب عتيد [سورۃ ق:۱۸] اور یہ اسی طرح ہے جیسے کسی نے کہا: اذ ما انتسبنالم تلدني لئيمة (یعنی یہ جان لیا جائے گا اور نسبوں کے ذریعے یہ واضح ہو جائے گا کہ میں کمینی عورت کی اولاد نہیں)

وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا (اور ہم اس کیلئے عذاب اسی طرح بڑھائیں گے بڑھانا) جیسا کہ افتراء اور جرأت کرنے میں بڑھتا ہے یہ نمد المدد سے ہے کہا جاتا ہے مَدّہٗ و اَمَدَّہٗ دونوں کا ایک ہی معنی ہے اور مدًّا یہ مصدر ہے جس کے ذریعے تاکید لائی گئی تاکہ غضب الٰہی کا خوب اظہار ہو جائے۔

۸۰: وَّ نَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ (اور ہم مالک رہ جائیں گے ان چیزوں کے جو وہ کہتا ہے ہم اس سے دور کر دیں گے اس چیز کو جن کے پا لینے کا آخرت میں یہ خیال کرتا ہے۔ اور مراد وہ چیز ہے جو یہ کہتا ہے یعنی مال اور اولاد۔

وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا (یہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا)

نحو: یہ حال ہے یعنی بغیر مال اولاد کے آئے گا جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا و لقد جئتمونا فرادى [الانعام:۹۴] پس اس کا تمنا کرنا اور قسمیں اٹھانا کچھ کام نہ آئے گا۔

۸۱: وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً (اور انہوں نے اللہ کے سوا اور معبود تجویز کر رکھے ہیں) یعنی ان مشرکین نے بت بنائے ہوئے ہیں جن کی یہ پوجا کرتے ہیں۔ لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا (تاکہ ان کو عزت حاصل ہو) یعنی وہ اپنے الٰہوں کے ذریعے عزت حاصل کریں۔ اور وہ معبود ان کیلئے سفارشی اور معاون بن جائیں اور وہ ان کو عذاب سے چھڑا لیں۔

## معبودین کی بیزاری:

۸۲: كَلَّا سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ (ہرگز ایسا نہیں عنقریب وہ ان کی عبادت کا انکار کریں گے) کلا یہاں ردعیہ ہے اور ان کے

ایمان کی تردید کیلئے آیا ہے **ھم** کی ضمیر آلھۃ کی طرف جارہی ہے کہ عنقریب وہ ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور اس سے ناواقفیت ظاہر کرتے ہوئے کہیں گے اللہ کی قسم تم نے ہماری عبادت نہیں کی تم جھوٹے ہو (۲) یہ ضمیر مشرکین کی طرف لوٹ رہی ہے یعنی وہ اس بات سے انکار کر دیں گے کہ انہوں نے ان بتوں کی عبادت کی ہے جیسا کہ اس آیت میں فرمایا اور کہیں گے اللہ کی قسم تم نے ہماری عبادت نہیں کی تم جھوٹے ہو یا مشرکین کو کہیں گے یعنی وہ اس بات کا انکار کریں گے کہ انہوں نے بتوں کی عبادت کی ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے واللّٰہ ربنا ما کنا مشرکین [الانعام:۲۳]

**وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا** (اور وہ ہونگے ان کے مخالف) یعنی وہ بت مشرکین کے خلاف جھگڑیں گے اللہ ان کو قوت گویائی دیں گے۔ **ضدًّا** (مخالف) کیونکہ اللہ ان کو بولنے کی طاقت دیں گے پس وہ کہیں گے اے ہمارے رب ان لوگوں کو عذاب دے جنہوں نے ہماری عبادت کی۔ ضِدٌ کا لفظ جمع اور واحد دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اور یہ **لھم عِزًّا** کے مقابلے میں آیا ہے اور مراد عزت کی ضد یعنی ذلت و رسوائی ہے یعنی وہ ان کے مخالف ہونگے جس کا انہوں نے قصد کیا یعنی ان کے لئے ذلت کا باعث ہونگے عزت کا باعث نہ بنیں گے اگر سَيَكْفُرُوْنَ اور يَكُوْنُوْنَ کی ضمیر مشرکین کی طرف لوٹائیں تو مطلب یہ ہوگا وہ مشرکین ان کے خلاف ہو جائیں گے یعنی انکا انکار کر دیں گے۔ باوجود اس کے کہ وہ ان کی عبادت کرتے رہے۔

۸۳: پھر اپنے اس ارشاد سے اپنے پیغمبر کو تعجب دلایا۔

**اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ** (کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم نے شیطان کو کفار پر چھوڑ رکھا ہے یعنی ہم نے شیاطین اور ان کے درمیان دوستی بنا دی۔ یہ درحقیقت ارسلتُ البَعِیْر کے محاورہ سے لیا گیا ہے جس کا معنی اونٹ کو کھول دینا آزاد چھوڑ دینا ہے۔ (۲) اغوا کے ذریعے ان پر تسلط جمانا مراد ہے۔

**تَؤُزُّهُمْ اَزًّا** (وہ ان کو خوب ابھارتے ہیں) یعنی اغوا کے ذریعے گناہوں پر آمادہ کرتے ہیں **الاَزّ** اور **الھزّ** یہ دونوں ایک ہی قسم کے لفظ ہیں دونوں کا معنی بھڑکانا اور بہکا کر پیچھے لگانا آتا ہے۔

۸۴: **فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا** (آپ ان کے بارے میں جلدی نہ کریں ہم یقیناً ان کے لئے گنتی رکھتے ہیں مکمل طور پر) جلدی نہ کرنے کا مطلب عذاب اور عذاب کے لانے میں جلدی ہے۔ اور **نَعُدُّ لَهُمْ** کا مطلب یہ ہے کہ ہم ان کے اعمال بدلے کیلئے شمار کر رہے ہیں۔ یا فناء کیلئے ان کے سانس گن رہے ہیں۔

نکتہ: ابن سماک نے یہ آیت مامون الرشید کے سامنے پڑھی تو اس نے کہا کہ جب سانس بھی گنتی کے ہیں اور اس کیلئے کوئی مدد بھی نہیں ہے یعنی اضافہ بھی نہیں ہے تو کتنی جلدی وہ ختم ہو رہے ہیں اور ختم ہونے والے ہیں۔

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ وقف لازم

ہم متقیوں کو رحمٰن کی طرف مہمان بنا کر جمع کریں گے اور مجرموں کو دوزخ کی طرف اس حال میں چلائیں گے کہ وہ پیاسے ہوں گے

لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وقف لازم

کوئی شخص سفارش کا اختیار نہ رکھے گا مگر جس نے رحمٰن کے پاس سے اجازت لی۔

## متقین کا اعزاز اور مجرمین کی ذلت:

۸۵، ۸۶: يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا (اس دن کو یاد کرو جس روز ہم متقین کو رحمٰن کی بارگاہ میں مہمان بنا کر جمع کریں گے) اس حالت میں کہ وہ عمدہ قسم کی اونٹنیوں پر سوار ہونگے۔ جن کے کجاوے سونے کے اور ان کی مہاریں یاقوت و زبرجد کی ہونگی۔ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا (اور مجرمین کو ہم دوزخ کی طرف پیاسا ہانکیں گے) مجرمین سے کافر مراد ہیں۔ سوق سے مراد ہے چوپائیوں کی طرح ہانک کر لے جانا کیونکہ وہ دنیا میں چوپائیوں سے بھی زیادہ گمراہ تھے اور وردًا کا معنی پیاسے کیونکہ جو آدمی گھاٹ پر وارد ہوتا ہے اس کو پیاس ہی گھاٹ پر لاتی ہے ورد کی حقیقت یہ ہے پانی کی طرف چلنا اس لئے جانے والوں کو وارد کہا جاتا ہے اور وفد جمع وافد کی ہے جیسے رکب جمع راکب کی ہے اور ورد جمع وارد کی ہے۔

نحو: یوم فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے وہ یوم نحشر ہے اور نَسُوْقُ کا مطلب یہ ہے کہ ان دونوں گروہوں کے ساتھ وہ سلوک کریں گے جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا۔ دوسرا معنی اذکر یوم نحشرھم (تم اس دن کو یاد کرو جب ہم ان کو جمع کریں گے) یہاں متقین کا تذکرہ اس طرح کیا کہ ان کو اپنے اس رب کی بارگاہ میں اکٹھا کیا جائیگا۔ جو اپنی رحمت سے ان کو ڈھانپ لے گا۔ جس طرح کہ بادشاہ کے پاس خیر سگالی وفد آتے ہیں اور کافروں سے اس طرح سلوک کیا جائے گا کہ ان کو آگ کی طرف لے جایا جائے گا گویا کہ وہ پیاسے اونٹ ہیں جن کو بطور تذلیل کے پانی کی طرف چلایا جائے۔

۸۷: لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ (وہ شفاعت کا اختیار نہ رکھیں گے)

نحو: یہ حال ہے واؤ کو اگر ضمیر قرار دیں تو عباد کی طرف لوٹے گی جس پر متقین مجرمین کا تذکرہ دلالت کر رہا ہے کیونکہ بندے انہی دونوں قسموں پر مشتمل ہیں۔ نمبر۲۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ وہ جمع کی علامت ہو جیسا کہ اس مثال میں اکلونی البراغیث اور فاعل من اتخذ ہے کیونکہ وہ معناً جمع ہے۔ اور من اتخذ محلاً مرفوع ہے کیونکہ یہ واؤ سے بدل ہے جو یملکون میں ہے۔ نمبر۳۔ فاعلیت کیوجہ سے مرفوع ہے۔ نمبر۴۔ حذف مضاف کی تقدیر پر منصوب ہے ای الا شفاعةُ من اتخذ اور مقصود یہ ہے وہ اس بات کا اختیار نہ رکھیں گے کہ ان کے لئے سفارش کی جائے۔

اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا (مگر جس نے رحمان کے پاس اجازت لے لی ہے) اس طرح کہ وہ ایمان لایا۔ حدیث میں وارد ہے کہ من قال لا الہ الا اللّٰہ کان لہ عند اللّٰہ عھد [طبرانی فی الکبیر] جس نے لا الہ کہا اس کیلئے اللہ تعالیٰ کے

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ

اوران لوگوں نے کہا کہ رحمٰن نے اولاد اختیار کرلی ہے البتہ تم نے بہت ہی سخت بات کہی قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں

وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ

اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں اس بات سے کہ انہوں نے رحمٰن کے لئے اولاد تجویز کی اور رحمٰن کی شان کے لائق نہیں

أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ

کہ وہ کسی کو اپنی اولاد بنائے۔ جو بھی آسمان اور زمین میں ہیں وہ سب رحمٰن کے پاس بندگی اختیار کئے ہوئے حاضر ہوں گے اللہ نے

أَحْصٰهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾

ان سب کو خوب اچھی طرح شمار کیا ہے اوران سب کو اچھی طرح گن رکھا ہے اوران میں سے ہر ایک قیامت کے دن اس کے پاس تنہا آئے گا۔

ہاں عہد ہے۔

## ایک روایت:

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرمؐ نے ایک دن اپنے صحابہؓ سے فرمایا کہ کیا عاجز ہے تم میں سے ہر ایک کہ وہ ہر صبح اور ہر شام اللہ تعالیٰ کے ہاں عہد لے! صحابہ نے عرض کیا۔ یہ کس طرح ممکن ہے تو آپ نے فرمایا ہر صبح وشام وہ اس طرح کہے۔ اللّٰهم فاطر السمٰوت والارض عالم الغيب والشهادة انی اعهد اليك بانی اشهد ان لا اله الا انت وحدك لا شريك لك وان محمدًا عبدك ورسولك وانك ان تكلنی الی نفسی تقربنی من الشر وتباعدنی من الخير وانی لا اثق الا برحمتك فاجعل لی عهدا توفّينيه يوم القيامة انك لا تخلف الميعاد۔ جب اس نے یہ کہہ لیا تو اس پر مہر لگا دی جاتی ہے (اخرجه الثعلبی) اور اس کو عرش کے نیچے رکھ دیا جاتا ہے۔ جب قیامت کا دن ہوگا ایک منادی عرش کے نیچے سے ندا دیگا۔ وہ لوگ کہاں ہیں جنہوں نے رحمان سے عہد لیا ہے پس انکو جنت میں داخل کر دیا جائیگا۔

نمبر۲۔ یہ اس محاورہ کے مطابق ہے عَهِدَ الا میر الی فلان بکذا جبکہ وہ کسی بات کا حکم دے دے۔ اب مطلب آیت کا یہ ہے اس کے ہاں کوئی شفاعت نہ کرے گا۔ مگر وہی جس کو شفاعت کا حکم اور اذن ملا۔ یہ مضمون تو لا يشفع عنده الا باذنه کے مناسب ہے۔

## اللہ تعالیٰ کا بیٹا ماننا بدترین حرکت ہے:

۸۸: وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا (اورانہوں نے کہا کہ رحمان نے بیٹا بنالیا ہے) کہنے والے یہود و نصاریٰ ہیں اور اسی طرح مشرکین عرب جنہوں نے ملائکہ کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہا۔

۸۹: لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا (تم نے نہایت سخت حرکت کی ہے) یہاں غائب سے خطاب کی طرف التفات کیا گیا ہے اور اپنے پیغمبر علیہ السلام کو حکم دیا کہ وہ انہیں یہ کہیں۔ الادّ عجیب یا بڑا حادثہ اَلْاِدَّۃ سختی اور کہتے ہیں ادّنی الامر کہ مجھے کام نے بوجھل کر دیا اور مجھ پر بہت گراں گزرا۔

۹۰: تَكَادُ السَّمٰوٰتُ (قریب ہے کہ آسمان)۔

قراءت: نافع وعلی نے یاء سے پڑھا ہے۔ تکادُ قریب ہونے کے معنی میں ہے۔

يَتَفَطَّرْنَ (وہ پھٹ جائیں) قراءت: بصری، شامی، حمزہ، خلف، ابوبکر نے نون سے پڑھا۔ انفطار یہ فطرۃ سے ہے جبکہ اس کو پھاڑا جائے۔ التفطر یہ فطرۃ سے ہے جبکہ شققۃ اس کو پھاڑا جائے۔ مِنْهُ (اس سے) اس بات کی بڑھائی کی وجہ سے وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ (اور زمین پھٹ جائے) دھنس جائے اور اس کے اجزاء ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں۔ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ (اور گر پڑیں پہاڑ) هَدًّا (ٹوٹ کر) ٹکڑے ہو کر، ریزہ ریزہ ہو کر۔ الھدۃ: (آسمان سے بجلی کی آواز)۔

نحو: یہ مصدر ہے ای تھدھدًا وہ ریزہ ریزہ ہو جائیں ان کی بات سن کر۔ نمبر۲۔ مفعول لہ ہے نمبر۳۔ حال ہے۔ اس حال میں کہ ریزہ ریزہ ہوں۔

۹۱: اَنْ دَعَوْا (اس بات سے کہ انہوں نے نسبت کی) اس لئے کہ انہوں نے انکا نام رکھا ہے۔

نحو: یہ منه کی ھا سے بدل ہونے کی بناپر محلِ جر میں ہے۔ نمبر۲۔ منصوب ہے مفعول لہ ہونے کی وجہ سے گویا خرور کی علت ھدّا سے بیان کی۔ اور ریزہ ریزہ ہونا رحمان کیلئے اولاد تجویز کرنے کی بناپر ہے۔

نمبر۲۔ ھدًّا کا فاعل ہونے کی بناپر مرفوع ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے ھدھا دعا ؤھم للرحمان ولدًا ان کو ریزہ ریزہ کیا ان کے رحمان کی طرف بیٹے کی نسبت نے۔

۹۲: وَمَا يَنْبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا (اور رحمان کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اولاد اپنے لئے تجویز کرے) انبغی یہ بغی کا مطاوع بن کر آتا ہے۔ اس کا معنی طلب کرنا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ طلب شئی کے بعد اس شئی کے ہو جانے کی باری آتی ہے۔ اب اگر بالفرض اللہ تعالیٰ اپنے لئے اولاد کا طالب بھی ہو۔ تب بھی اولاد اس کیلئے ممکن نہیں۔ اس کی اولاد ہو ہی نہیں سکتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لڑکا بنانا حاجت وجنسیت کو چاہتا ہے اور اس کی ذات ان دونوں باتوں سے پاک ہے۔ کیونکہ یہ دونوں نقص وعیب ہیں۔

نکتہ: رحمان کے لفظ کو بار بار دھرایا گیا تا کہ یہ واضح ہو جائے کہ رحمان اکیلا ہی اس صفت کا حقدار ہے اور کوئی اس کا مستحق نہیں کیونکہ تمام نعمتوں کا سرچشمہ وہی ہے اے انسان اپنی آنکھوں سے پردہ ہٹا اور پھر دیکھ جو کچھ بھی تیرے پاس ہے سب اس کا عطیہ ہے پس جنہوں نے اس کی طرف اولاد کی نسبت کی انہوں نے اس کو مخلوق کا حصہ قرار دیا اور اللہ تعالیٰ کی صفتِ رحمان کا انکار کیا حالانکہ اس کا وہی اکیلا مستحق ہے۔

## سب رحمٰن کے عاجز بندے:

۹۳: اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (کیونکہ جتنے بھی کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے)۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۹۶ فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰهُ

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے رحمٰن ان کے لئے محبت پیدا فرما دے گا سو ہم نے قرآن کو آپ کی زبان پر آسان

بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِیْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۹۷ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

کر دیا تاکہ آپ اس کے ذریعہ متقین لوگوں کو بشارت دیں اور جھگڑالو قوم کو ڈرائیں اور ہم نے اس سے پہلے کتنے ہی گروہوں کو ہلاک

مِّنْ قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۹۸ ع

کر دیا کیا آپ ان میں سے کسی کو دیکھتے ہیں یا ان میں سے کسی کی کوئی آہٹ سنتے ہیں۔

نحو: مَنْ نکرہ موصوفہ ہے اس کی صفت فی السمٰوت والارض ہے اور کل کی خبر ہے۔

اِلَّا اٰتِی الرَّحْمٰنِ (مگر وہ رحمان کے روبرو آنے والا ہے) نحو: آتی و آتیہ واحد لائے گئے کیونکہ کُلّ کا لفظ واحد ہے۔ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از اَتی یاتی اور اس کا معنی مستقبل والا ہے۔ ای یاتیہ وہ آئے گا۔

عَبْدًا (غلام ہو کر) یہ حال ہے عاجز، ذلیل، مطیع ہو کر مطلب یہ ہے جو بھی آسمانوں و زمین میں ہیں خواہ ملائکہ ہوں اور لوگ ہوں مگر وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی عبودیت کا اقراری بن کر آئیں گا۔ اور عبودیت اور بیٹا ہونا دونوں ایک دوسرے کے منافی ہیں۔ یہاں تک کہ اگر باپ اپنے بیٹے کا خریداری سے مالک بن جائے تو خریدتے ہی وہ آزاد ہو جائے گا۔ تمام مخلوق کی نسبت اللہ تعالیٰ سے غلام و آقا والی ہے۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ بعض تو بیٹے بن جائیں اور بعض غلام رہیں۔

قراءت: ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے آت الرحمان اصل کے مطابق پڑھا جیسا اضافت سے پہلے تھا۔

۹۴: لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا (اللہ تعالیٰ نے ان کو شمار کر رکھا ہے گن کر اور اس کا احاطہ کر رکھا ہے) اپنے علم سے ان کو محصور ومحیط کر رکھا ہے کہ کوئی شئی اس کے دائرۂ علم سے باہر نہیں۔

۹۵: وَكُلُّهُمْ اٰتِیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَرْدًا (اور قیامت کے دن ہر ایک اس کے پاس تنہا آئے گا) یعنی ان میں سے ہر ایک اکیلا آئے گا جب کہ اس کے پاس مال و اولاد اور معین و مددگار نہ ہوگا۔

## رحمٰن کی محبت:

۹۶: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ (جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے یقیناً اللہ تعالیٰ ان کے لئے) لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا (محبت پیدا کر دے گا) اپنے بندوں کے دلوں میں ان کی محبت پیدا کر دیگا۔ ربیع کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت کریں گے اور ان کو لوگوں کے ہاں محبوب بنا دیں گے۔

حدیث میں وارد ہے کہ مؤمن کی محبت ابرار کے دلوں میں ڈالتا ہے اور فجار کے دلوں میں ان کا رعب طاری کر دیتا ہے۔ قتادہ اور ھرم کہتے ہیں جب کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ بندوں کے دل اس کی طرف متوجہ کر دیتے ہیں۔ کعب

کہتے ہیں بندے کی تعریف زمین میں اس وقت قائم رہتی ہے جب آسمان میں اس کی تعریف قائم و پختہ ہو جاتی ہے۔
۹۷: **فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ** (پس ہم نے اس قرآن کو آسان کیا ہے) ہٗ کی ضمیر کا مرجع قرآن ہے کہ ہم نے اس قرآن کو آسان کر دیا۔
**بِلِسَانِكَ** (آپ کی زبان میں) آپ کی لغت میں۔

**نحو** : یہ حال ہے **لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ** (تا کہ آپ اس سے متقین کو خوشخبری سنائیں) متقین سے مؤمن مراد ہیں۔ **وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا** (اور آپ ڈرائیں جھگڑالو قوم کو) جو باطل جھگڑے میں بڑے سخت ہیں جو کہ ہر جھگڑے اور اختلاف میں پڑے ہیں جدال ہو یا دکھلاوا۔ لُدًّا یہ اَلَدّ کی جمع ہے۔ مراد اس سے اہل مکہ ہیں۔

## تخویفِ کفار:

۹۸: **وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ** (اور ہم نے ان سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کیا) اس میں اہل مکہ کیلئے تخویف و انذار ہے (کہ ان کو ان سے عبرت حاصل کرنا چاہئے) **هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ** (کیا تم ان میں سے کسی کو دیکھتے ہو) یعنی کیا تم پاتے ہو۔ نمبر۲۔ دیکھتے ہو نمبر۳۔ جانتے ہو۔ الاحساس حاسہ سے کسی چیز کو جاننا۔ **اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا** یا (ان کی آہٹ سنتے ہو)۔

رکزاً ہلکی آواز، الرکاز اسی سے ہے۔ یعنی جب ہمارا عذاب آیا تو کوئی ایسا شخص باقی نہ رہا جو نظر آسکے۔ اور کوئی آواز باقی نہ تھی جو سنائی دے۔ مطلب یہ ہے تمام ہلاکت کے گھاٹ اتر گئے۔ پس انکا حشر بھی ایسا ہونے والا ہے اگر انہوں نے قرآن میں تدبر سے اعراض قائم رکھا۔ پھر انکا انجام ہلاکت ہی ہے۔ پس انکا معاملہ آپ پر گراں نہ گزرنا چاہیے۔

تمت ترجمة سورة مريم ثمانية عشر من رمضان ١٤٢٣ھ من الهجرة يوم الاحد قبل الظهر والحمدلله على ذلك

سُوْرَۃُ طٰہٰ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَۃٌ وَّخَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰیَۃً وَّثَمَانُ رُکُوْعَاتٍ

سورۂ طٰہٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی جس میں ایک سو پینتیس آیات اور آٹھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰہٰ ① مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی ② اِلَّا تَذْکِرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی ③ تَنْزِیْلًا

طٰہٰ ہم نے آپ پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ آپ تکلیف اٹھائیں بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کے لئے جو ڈرتا ہو یہ اس ذات کی طرف سے نازل

مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی ④ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی ⑤ لَهٗ

کیا گیا جس نے زمین کو اور بلند آسمانوں کو پیدا فرمایا وہ بڑی رحمت والا ہے عرش پر مستوی ہوا اسی کے لئے ہے

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی ⑥ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور جو ان کے درمیان ہے اور جو تحت الثریٰ ہے اور اگر آپ زور سے بات کریں

فَاِنَّهٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی ⑦ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ⑧

تو بلاشبہ وہ چپکے سے کہی ہوئی بات کو جانتا ہے اور اس بات کو بھی جو اس سے زیادہ خفی ہو اللہ ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے لئے اسمائے حسنیٰ ہیں۔

۱: طٰہٰ قراءت: طاء کو استعلاء کی وجہ سے تفخیم سے اور ھاء کو امالہ سے ابوعمرو نے پڑھا ہے۔ حمزہ، علی، خلف وابوبکر نے دونوں میں امالہ کیا دیگر قراء نے دونوں میں تفخیم کی ہے۔

حسن ومجاہد ضحاک وعطاء کا جو قول مروی ہے کہ اس کا معنی یا رجل ہے۔ اگر یہ قول صحیح ہے تو ظاہر ہے۔ ورنہ حق بات وہی ہے جو ہم سورۂ بقرہ کی ابتداء میں رقم کر چکے فلیراجع الیہ۔

## قرآن مشقت کے لئے نہیں اتارا:

۲: مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ (ہم نے نہیں اتارا تم پر قرآن کو کہ) اگر طٰہٰ کو اسمائے حروف میں سے شمار کریں تو یہ ابتدائے کلام ہے۔ اور اگر تم اس کو سورت کا نام قرار دو تو پھر اس کے متعلق خبر ہونے کا احتمال ہے اور وہ مبتدا کی جگہ میں ہے اور اس کا جواب بن جائے اور وہ قسم ہو۔ القرآن کو ضمیر کی جگہ ظاہر لائے کیونکہ وہ قرآن ہے۔

لِتَشْقٰی (آپ تھک جائیں) ان پر بہت زیادہ افسوس کرتے ہوئے اور ان کے کفر پر افسوس کرتے ہوئے تھک جائیں۔ نمبر۲۔ ان کے ایمان نہ لانے پر افسوس کرتے ہوئے تنگی محسوس کریں۔ نمبر۳۔ قیام لیل کی وجہ سے اپنے آپ کو تھکان پہنچائیں۔

روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے رات کونماز ادا کی یہاں تک کہ قدم مبارک سوج گئے اس پر جبرئیل علیہ السلام نے کہا اپنا کچھ خیال کریں۔ نفس کا بھی آپ پر حق ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ہم نے قرآن کو اسلئے نہیں اتارا کہ آپ ﷺ اپنے نفس کو عبادت سے سخت سزا دیں۔ آپ کو میانہ روی والی حقیقت کے ساتھ بھیجا گیا ہے۔

۳: اِلَّا تَذْكِرَةً (مگر ایسے شخص کی نصیحت کیلئے)

نحو: استثناء منقطع ہے ای لکن اَنْزَلْنَاهُ تَذْكِرَةً (لیکن اس کو نصیحت کیلئے اتارا)۔ نمبر۲۔ یہ حال ہے۔ لِّمَنْ يَّخْشٰى (جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے) اس کے لئے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔ نمبر۲۔ اس کیلئے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ وہ خشیت اختیار کرلے گا۔

۴: تَنْزِيْلًا (یہ اتارا ہوا ہے)۔

نحو: یہ تذکرۃ سے بدل ہے۔ جبکہ اس کو حال قرار دیا جائے۔ نمبر۲۔ نزل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے۔ نمبر۳۔ مدح کی وجہ سے منصوب ہے۔ نمبر۴۔ یخشی کی وجہ سے اس کا مفعول بنکر منصوب ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے انزله الله تذكرة لمن يخشى تنزيل الله۔ (اللہ تعالیٰ نے ان کو اس شخص کیلئے نصیحت بنایا جو اللہ تعالیٰ کی تنزیل سے ڈرنے والا ہے)۔

مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ (اس ذات کی طرف سے جس نے پیدا کیا زمین اور آسمان کو)

نحو: یہ تنزیلاً کے متعلق ہے جو اس کا صلہ ہے۔

الْعُلٰى (بلند) یہ العلیا کی جمع ہے۔ اور اعلیٰ کی تانیث ہے۔ آسمانوں کی صفت العلیٰ لاکر اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت پر اس کو دلیل کے طور پر پیش کیا۔

۵: اَلرَّحْمٰنُ (وہ بڑا مہربان ہے) یہ مدح کی وجہ سے مرفوع ہے ای هو الرحمان۔ عَلَى الْعَرْشِ (عرش پر) یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ اسْتَوٰى (مستوی ہے) استیلاء کے معنی میں ہے جو زجاج سے مروی ہیں۔ عرش کا ذکر کر کے اس بات پر متنبہ کیا گیا کہ اس کا استیلاء دوسروں پر ہے۔ اس لئے کہ عرش اس کی مخلوقات میں سب سے بڑا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے جب عرش پر استواء بادشاہی کے مترادف ہے تو اس کو ملک سے کنایہ قرار دیا اس لئے عرب کے لوگ کہتے ہیں استوى على العرش اى ملك اگرچہ وہ چارپائی یا تخت پر بالکل نہ بیٹھا ہو اور یہ اسی طرح ہے جیسے کہتے ہیں۔ یدُ فلانٍ مَبسوطَةٌ یعنی وہ سخی ہے اگرچہ سرے سے اس کا ہاتھ ہو ہی نہ۔

## استواء کے متعلق قول علی رضی اللہ عنہ:

اہل السنّت کا مسلک وہی ہے جو حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔ الاستواء غير مجهول والكيفية غير معقول والايمان به واجب والسوال عنه بدعةٌ استواء مجہول نہیں کیفیت معقول نہیں اور اس پر ایمان واجب ہے اور اس کے متعلق سوال بدعت ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ تھا جبکہ کوئی مکان نہیں تھا پس وہ اسی طرح ہے جیسا کہ مکان کی پیدائش سے پہلے تھا جس طرح تھا اس سے تبدیل نہیں ہوا۔

۶: لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ (جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اسی ہی کا ہے)
نحو : یہ خبر اور مبتدا ہے اور وما بینھما کا عطف مبتدا پر ہے۔
وَ مَا بَیْنَهُمَا (اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے) یعنی سارے کا سارا اس کی ملک ہے۔ وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی (اور جو کچھ ثرٰی کے نیچے ہے) یعنی جو سات زمینوں کے نیچے ہے۔ نمبر۲۔ ثرٰی سے مراد وہ چٹان ہے جو ساتویں زمین کے نیچے ہے۔
۷: وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ (اور اگر تم پکار کر بات کہو یعنی تم اپنی آواز کو بلند کرو) فَاِنَّهٗ یَعْلَمُ السِّرَّ (پس بے شک وہ چپکے سے کہی ہوئی بات کو جانتا ہے) یعنی وہ بات جو تم بطور راز کے دوسرے سے کہو۔ وَاَخْفٰی (اور اس سے زیادہ مخفی بات کو بھی) اس سے مراد وہ باتیں ہیں جو تیرے دل میں بطور خیالات کے آتی ہیں۔ یا وہ باتیں جن کو تم اپنے دل میں چھپاتے ہو یا جن میں تم راز داری کرو گے۔

## کفار کے تقوٰی کی تردید:

۸: اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی (اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے سارے اچھے نام ہیں) یعنی وہ اپنی ذات کے لحاظ سے اکیلا ہے۔ اگر چہ اس کی صفات کی تعبیرات جدا جدا ہیں۔ اس آیت میں کفار کے اس مقولے کی تردید ہے کہ تم تو ہمیں کئی معبودوں کی طرف دعوت دیتے ہو۔ یہ بات انہوں نے اسوقت کہی جبکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے بہت سے نام سنے۔ الحسنیٰ یہ احسن کی تانیث ہے۔

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۘ ﴿٩﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ

اور کیا آپ کے پاس موسیٰ کی خبر آئی ہے جب انہوں نے آگ کو دیکھا تو اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم ٹھہرے رہو میں نے آگ دیکھی

نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ

ہے ہوسکتا ہے کہ اس میں سے تمہارے لئے ایک شعلہ لے آؤں یا آگ پر راستہ بتانے والا کوئی شخص مل جائے' سو جب اس کے پاس آئے تو انہیں ندا دی گئی

يٰمُوْسٰى ۭ ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۭ ﴿١٢﴾

کہ اے موسیٰ بے شک میں تمہارا رب ہوں سو اپنی جوتیاں اتار دو بے شک تم ایک پاک میدان یعنی طویٰ میں ہو'

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ

اور میں نے تمہیں منتخب کرلیا ہے سو جو کچھ تمہاری طرف وحی کی جارہی ہے اسے سن لو بے شک میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ سو تم میری عبادت کرو اور میری یاد کے لئے

الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿١٤﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾

نماز قائم کرو' بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو پوشیدہ رکھوں گا تاکہ ہر جان کو اس کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ دے دیا جائے۔

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ

سو جو شخص اس پر ایمان نہ لائے اور اپنی خواہشوں کا اتباع کرے وہ تمہیں اس سے نہ روک دے ورنہ تم تباہ ہو جاؤ گے' اور اے موسیٰ وہ تمہارے دائیں ہاتھ میں

يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ

کیا ہے عرض کیا وہ میری لاٹھی ہے۔ میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کام

اُخْرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا

ہیں۔ فرمایا اے موسیٰ اس کو ڈال دو سو انہوں نے اس کو ڈال دیا۔ سو وہ اچانک دوڑتا ہوا سانپ بن گیا۔ فرمایا اس کو پکڑ لو اور ڈرو

تَخَفْ ۣ وقفة سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ

مت۔ ہم اسے پہلی حالت پر لوٹا دیں گے اور اپنے ہاتھ کو اپنی بغل میں لے لو وہ بغیر کسی عیب کے روشن ہو کر

غَيْرِ سُوْۗءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿٢٣﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ ع

نکلے گا۔ یہ دوسری نشانی ہے۔ تاکہ ہم تم کو بڑی نشانیوں میں بعض نشانیاں دکھلائیں۔ تم فرعون کی طرف چلے جاؤ' بلاشبہ وہ سرکشی اختیار کئے ہوئے ہے۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی واقعہ:

۹: وَهَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى (کیا آپ کو موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کی خبر پہنچی) هَلْ یہاں قد کے معنی میں ہے اور حدیث کا معنی خبر ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ یہاں آپ کو خطاب کرنے کے بعد اس لئے سنایا تا کہ نبوت کی مشقتیں اور صعوبتیں برداشت کرنی اور ناپسندیدہ باتوں کے پیش آنے کی صورت میں صبر کرنے میں آپ ان کے طرز عمل کو سامنے رکھیں تا کہ آپ اسی طرح بلند مرتبہ پائیں جیسے موسیٰ علیہ السلام نے پایا۔

## واقعہ طور اور نبوت کا ملنا:

۱۰: اِذْ رَاٰ نَارًا (جبکہ انہوں نے آگ دیکھی) اذ مضمر کا ظرف ہے ای حین رای نارًا کان کیت و کیت جب انہوں نے آگ دیکھی تو معاملہ ایسا ایسا تھا۔ (۲) اذکر محذوف کا مفعول بہ ہے۔ روایت تفصیلیہ میں ہے کہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شعیب علیہ السلام سے والدہ کی خدمت میں جانے کی اجازت طلب کی اور اپنے گھر والوں کو لے کر چل دیے راستہ میں ان کے ہاں بیٹے کی ولادت ایک ایسی رات میں ہوئی جو اندھیری اور برفانی تھی اور آپ راستہ میں بھی بھول گئے اور جانور بھی آپ کے منتشر ہو گئے۔ آپ کے پاس پانی بھی نہیں تھا۔ آپ نے چقماق جلایا مگر اس کی ضرب بے فائدہ گئی۔ اسی دوران آپ نے یہ آگ دیکھی جو ان کے اپنے خیال میں تو اس وقت آگ تھی اور حقیقت میں وہ نور تھا۔

فَقَالَ لِاَهْلِهِ (پس اپنی بیوی سے آپ نے کہا) امْكُثُوْا (تم ٹھہرو) یعنی اپنی اسی جگہ میں اقامت اختیار کرو۔ اِنِّيْ اٰنَسْتُ نَارًا (میں نے آگ دیکھی ہے) ایناس اصل میں کسی چیز کو اس طرح دیکھنا کہ جس سے آدمی مانوس ہو جائے۔ لَعَلِّيْ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا (شاید میں اس میں سے تمہارے پاس کچھ لے آؤں) آپ نے معاملے کی بنیاد یہاں رجاء اور امید پر رکھی۔ تا کہ کہیں ایسے وعدے کی نوبت نہ آ جائے کہ جس میں وفا کا یقین نہ ہو۔ بِقَبَسٍ (ایک شعلہ) لکڑی کے سر پر آگ کا تھوڑا سا شعلہ یا ڈیوٹ انگارہ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى (یا آگ کے پاس راستہ کا پتہ مجھے مل جائے)

نحو: ھدی سے یہاں ذوی ھدی مراد ہے۔ یعنی ایسے لوگ مل جائیں جو راستے کی طرف میری راہنمائی کر دیں اور علی النار میں استعلاء کا معنی ظاہر کرتا ہے کہ آگ والوں کا اس سے قریبی مکان پر غلبہ ہوگا۔

۱۱: فَلَمَّا اَتٰهَا (جب آگ کے پاس آپ پہنچے) ھا کی ضمیر آگ کی طرف لوٹ رہی ہے۔ آپ نے آگ کو سفید پایا جو ایک سبز رنگ کے درخت سے نیچے سے لے کر اوپر تک بھڑک رہی تھی۔ اور وہ درخت عناب کا تھا یا عوسج کا درخت تھا۔ عوسج ایک کانٹے دار جھاڑی ہے۔ آپ نے اس کے پاس کسی شخص کو نہ پایا۔ روایت میں ہے کہ جب اس آگ کی طلب میں آگے بڑھتے تو وہ آگ ان سے دور ہوتی اور جب چھوڑ دیتے تو وہ ان کے قریب ہوتی پس اس جگہ۔ نُوْدِيَ (موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی گئی)۔ يٰمُوْسٰى (اے موسیٰ)۔

۱۲: اِنِّيْ اَنَا رَبُّكَ (میں تمہارا رب ہوں) اِنی ہمزہ مقصورہ کے ساتھ یعنی آواز دے کر یہ کہا گیا یموسیٰ انی اور اس لئے بھی کہ نداقول ہی کی قسم میں سے ہے اس لئے قول والا معاملہ کیا گیا کیونکہ قال کے بعد اِنّ آتا ہے۔

قراءت: مکی اورابوعمرو نے اَنّیْ پڑھا ہے۔اس صورت میں تقدیر کلام یہ ہے نُوْدِیَ بِاَنّی اَنَا رَبُّکَ یعنی آواز دی گئی اس لئے کہ میں تمہارا رب ہوں اَنَا مبتدا ہے یا تاکید ہے۔یاضمیر فصل ہے۔اور ضمیر کو دوبارہ معرفہ کی تحقیق اور ازالۂ شبہ کیلئے لایا گیا ہے۔ روایت میں ہے کہ جب آواز دی گئی یا موسیٰ تو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی من المتکلم؟ اس پر اللہ نے فرمایا انا ربك پس اس سے انہوں نے پہچانا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔اس لئے کہ انہوں نے اس کو اپنی شش جہات سے سنا اور اپنے تمام اعضاء سے سنا۔

فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ (تم اپنے دونوں جوتے اتاردو) ان جوتوں کو اتار دو تا کہ تمہارے دونوں قدموں کو مقدس وادی کی برکت پہنچے۔یہ مجاہد کا قول ہے۔(۲) اس لئے کہ وہ دونوں جوتے گدھے کی غیر مدبوغ کھال کے بنے ہوئے تھے۔(۳) ننگے پاؤں ہونا اللہ کی بارگاہ میں تواضع کی علامت تھی۔اور اسی لئے ہی سلف صالحین بیت اللہ کا طواف ننگے پاؤں کرتے ہیں اور قرآن کی دلالت بھی اسی بات پر ہے۔کہ یہ جوتوں کا اتارنا اس مقام کے احترام اور تعظیم کیلئے تھا۔پس آپ نے جوتے اتار کر وادی کے پیچھے پھینک دیئے۔

اِنَّکَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی (بیشک تم طوی کی مقدس وادی میں ہو) مقدس کا معنی مطہر یا مبارک۔طوی جہاں تنوین سے آئے تو یہ وادی کا نام ہے۔اور یہ وادی مقدس سے بدل ہے۔شامی اور کوفی نے تنوین سے پڑھا۔دیگر قراء نے بغیر تنوین کے پڑھا۔اورانہوں نے بقعہ کی تاویل کی اور ابوزید نے طاء کے کسرہ اور تنوین کے بغیر پڑھا۔

۱۳: وَاَنَا اخْتَرْتُکَ (اور میں نے تم کو پسند کرلیا ہے) یعنی نبوت کیلئے چن لیا ہے۔

قراءت: حمزہ نے اِنَّا اِخْتَرْنَاکَ پڑھا ہے۔

فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰی (جو کچھ تمہاری طرف وحی کیا جارہا ہے اس کو غور سے سن لو) یوحی ای الیك۔فاستمع للذی یوحٰی پس تم کان لگاؤ اس کو جو وحی کی گئی یافاستمع للوحی وحی کو غور سے سنو۔لما کا لام استمع کے متعلق ہے یا اخترتك کے متعلق ہے۔

۱۴: اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ (میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری ہی عبادت کرو) یعنی مجھے اکیلا جان کر میری طاعت کرو۔وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِکْرِیْ (اور میری ہی یاد کیلئے نماز پڑھا کرو) تا کہ تم مجھے نماز میں یاد کرو کیونکہ نماز اذکار پر مشتمل ہے۔(۲) نماز کو قائم کرو اس لئے کہ میں نے اس کا تذکرہ نماز میں کردیا اور اس کا حکم دیا (۳) تا کہ میں تمہارا تذکرہ مدح اور ثناء کے ساتھ کروں (۴) یہ خاص میری یاد کیلئے کہ اس میں غیر کے ذکر کی ملاوٹ نہ ہو۔(۵) تا کہ تو مجھے یاد کرنے والا بن جائے نہ کہ بھولنے والا۔(۶) میری یاد کے اوقات میں نماز کو قائم کرو اور اوقات سے مراد وہ نمازوں کے اوقات ہیں جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا ان الصلوۃ کانت علی المؤمنین کتابًا موقوتا [النساء:۱۰۳]

مَسْئَلَه: اس آیت کو نماز کے بھول جانے کے بعد یاد آنے پر بھی محمول کیا گیا مگر یہ مفہوم اس وقت درست ہو سکتا ہے جبکہ مضاف کو حذف مانا جائے۔تقدیر اس طرح ہوگی ای لِذِکْرِ الصَّلٰوةِ اس سے ایک بات یہ بھی ثابت ہوتی ہے کہ توحید کے بعد سب

سے بڑا فریضہ نماز ہے۔

۱۵: اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ (بیشک قیامت آنے والی ہے) بہرصورت۔ اَكَادُ اُخْفِيْهَا (میں اس کے وقت مقررہ کو پوشیدہ رکھوں گا) اَكَادُ کا معنی اُرِيْدُ ہے (میں چاہتا ہوں) یہ اخفش سے مروی ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ صلہ ہے ایک قول یہ ہے کہ اخفیھا اضداد میں سے ہے اس کا معنی جبکہ خفی یخفی (ض) سے ہو تو تو اظھرھا ہے یعنی میں اس کو ظاہر کرنے والا ہوں۔ یا چھپانے والا ہوں۔ پس میں نہیں کہوں گا کہ وہ آنے والی ہے کیونکہ میرا ارادہ اس کو چھپانے کا ہے۔ اگر وہ نہ ہوتا جو اس کے آنے کے متعلق اطلاعات میں موجود ہے اس کے ساتھ ساتھ کہ اس کے وقت میں حکمت کی وجہ سے عموم ہی اختیار کیا گیا ہے۔ عموم یہ کہ وہ نہیں جانتے کہ کب وہ قائم ہوگی پھر اس صورت میں وہ میری خبر کی بناپر خوف زدہ رہیں گے۔

لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى (تا کہ ہر نفس کو بدلہ دیا جائے جو اس نے کوشش کی) اس کی کوشش خواہ وہ خیر سے ہو یا شر سے یہ جملہ حکم عبادت کی علت یا جملہ مستانفہ یا معترضہ ہے۔ (مترجم)

۱۶: فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا (پس تم کو نہ پھیر دے قیامت سے) نمبر۱۔ قیامت کیلئے اعمال کرنے سے تمہیں نہ روک دے۔ نمبر۲۔ نماز قائم کرنے سے نہ روک دے۔ نمبر۳۔ قیامت پر ایمان سے نہ روک دے۔ اس میں خطاب موسیٰ علیہ السلام کو ہے۔ اور مراد اس سے ان کی امت ہے۔ مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا (وہ جو اس پر ایمان نہیں رکھتا) جو اس کی تصدیق نہیں کرتا۔ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ (اور اپنی خواہشات کے پیچھے پڑا ہے) اس کے حکم کی مخالفت میں فَتَرْدٰى (پس تم بھی ہلاک ہو جاؤ گے)۔

۱۷: وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى (اے موسیٰ تمہارے دائیں ہاتھ میں کیا ہے)۔

نحو: ما مبتدا اور تلك اس کی خبر ہے۔ اور تلك اگرچہ اشارہ بعید ہے مگر یہاں ھذہ کے معنی میں ہے۔ بیمینك یہ حال ہے۔ اس میں اشارہ کا معنی عامل ہے۔ ای قارۃ یا ماخوذۃ بیمینك نمبر۲۔ تلک موصول ہے۔ اس کا صلہ بیمینك ہے۔ اور سوال اس لئے کیا تا کہ متنبہ ہوں اور معجزے کا اظہار اس کے متعلق خوب پختگی کے بعد ہو کہ میں اندھیرے میں کہیں اکڑا ہوا سانپ تو نہیں اٹھالایا۔ نمبر۲۔ عادی بنانے کیلئے تا کہ اس کے بدلنے سے وہ نہ گھبرائیں نمبر۳۔ مانوس کرنے کیلئے اور مکالمہ کی مصیبت کو زائل کرنے کیلئے۔

۱۸: قَالَ هِيَ عَصَايَ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا (کہا یہ میری لاٹھی ہے اس سے ٹیک لگا تا ہوں) یعنی جب میں تھک جاتا ہوں تو اس سے سہارا لیتا ہوں۔ یا جب میں گلے کے کنارے پر کھڑا ہوتا ہوں تو اس سے سہارا لیتا ہوں اور جب اتر تا ہوں تب بھی اس سے سہارا لیتا ہوں۔ وَ اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ (اور اس کے ذریعے اپنی بکریوں کیلئے پتے جھاڑتا ہوں) درختوں کے پتے اپنی بکریوں کیلئے جھاڑتا ہوں تا کہ وہ اس کو کھائیں۔

وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى (اور میری اس سے اور ضرورتیں بھی وابستہ ہیں)

قراءت: حفص نے وَلِيَ فیھا پڑھا ہے۔ مآرب جمع مأربة تینوں حرکات کے ساتھ اس کا معنی ضرورت۔ اخرٰی میں قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اُخر ہو۔ اخری جماعت کا لحاظ کر کے کہا ہے یا آیت کے چلاؤ کی وجہ سے جیسے الکبرٰی ۔ جب موسیٰ علیہ السلام

نے بعض کو بطور شکریہ کے ذکر کر دیا تو حیاء طوالت سے بچتے ہوئے باقی نعمتوں کو مجمل کر دیا۔ یا اس لئے تا کہ اللہ ان سے پوچھیں تو اس میں عظمت اور بڑھ جائے۔ دوسرے کام مندرجہ ذیل تھے۔ آپ اس سے جانوروں کو چلاتے اور دشمنوں اور درندوں سے اس کے ذریعے مقابلہ کرتے۔ اور وہ رسّی باندھ لینے سے رسّی کنویں کی لمبائی کے مطابق لمبی ہو جاتی۔ اور اس کے دونوں کناروں پر ڈول لٹکائے جا سکتے اور رات کو اس کے دونوں کنارے دو شمعیں بن جاتے اور وہ آپ کے زادِ راہ کو کندھے پر رکھنے کا ذریعہ بنتا۔ اور جب اس کو گاڑ دیتے تو پسندیدہ پھل والا درخت بن جاتا اور جب اس کو گاڑ دیتے تو پانی کا چشمہ اس سے پھوٹ پڑتا جب اکھاڑ لیتے تو خشک ہو جاتا۔ اور کیڑوں مکوڑوں سے وہ ان کی حفاظت کرتا۔ اور آپ سے باتیں کرتا جواب میں موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف اضافۂ نعمت پر شکریہ کو شمار کرنے کے لئے تھا۔ یا اس بنا پر کہ وہ ایک سوال کا جواب تھا کیونکہ جب انہوں نے کہا وہ میری لاٹھی ہے تو ان کو کہا گیا تم اس سے کیا کرتے ہو تو وہ اس کے منافع شمار کرنے لگے۔

۱۹: قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى (اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ موسیٰ اس کو پھینک دو) تم اپنی لاٹھی پھینک دو کہ اس سے تم فارغ ہو جاؤ جس پر تم سہارا لیتے ہو۔ اب تمہیں سکون ہماری ہی ذات سے ہوگا اور تم اس کے حقیقی فائدے دیکھو گے۔ پس مقاصد میں پھر تمہیں ہم پر اعتماد ہوگا۔

۲۰: فَاَلْقٰهَا (تو انہوں نے اس کو پھینک دیا) فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى (دیکھتے کہ وہ لاٹھی ایک سانپ ہے جو دوڑ رہا ہے) یعنی تیزی سے چل رہا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ وہ بڑا سانپ بن گیا۔ جو چٹانوں اور درختوں کو نگلتا جا رہا تھا۔ جب موسیٰ علیہ السلام نے اس کو ہر چیز نگلتے دیکھا تو خوف زدہ ہوئے یہاں اس کو حیۃ سے اور دوسرے مقام پر ثعبان سے جبکہ وہ اژدہا کو کہتے ہیں اور تیسرے مقام پر جان سے تعبیر کیا جو باریک سانپ کو کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حیۃ اسم جنس ہے اس کا اطلاق مذکر مونث چھوٹے بڑے سب پر آتا ہے اور یہ بھی درست ہے کہ پہلے اس نے باریک سانپ کی شکل اختیار کی ہو پھر اس کا جسم بڑھتے بڑھتے اژدہا بن گیا۔ پس جانّ بول کر پہلی حالت مراد لی گئی اور ثعبان بول کر آخری حالت مراد لی گئی یا ایک قول یہ ہے کہ وہ جسامت میں اژدہا تھا اور تیزی میں جان تھا۔ ایک قول یہ ہے اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان چالیس ہاتھ کا فاصلہ تھا۔

۲۱: قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ (کہا اس کو پکڑ و اور کچھ اندیشہ نہ کرو) جب اللہ تعالیٰ نے ان کو فرمایا کہ پکڑ و اور ڈر نہیں ان کا خوف اس طرح دور ہو گیا کہ اپنا ہاتھ اس کے منہ میں ڈال دیا اور اس کے دونوں جبڑوں سے پکڑ لیا سَنُعِيْدُهَا (عنقریب ہم اس کو لوٹا دیں گے) سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى (اس کی پہلی حالت میں) الاولی اول کی مؤنث ہے اور سیرت اس حالت کو کہتے ہیں جس پر انسان ہو خواہ کسبی ہو خواہ طبعی ہو یہ اصل میں سیر سے فعلۃ کا وزن ہے۔ جیسے رکبۃ رکوب سے ہے پھر حالت اور طریقہ کے معنی میں استعمال ہونے لگا ظرفیت کی بنا پر یہ منصوب ہے ای سنعیدھا فی طریقتھا فالاولی یہاں طریقہ بمعنی اس حال کے ہے۔ جس پر وہ لاٹھی تھی اور مطلب یہ ہے ہم اس کو عصا کی صورت میں لوٹا دیں گے جیسا کہ پہلے تھی موسیٰ علیہ السلام کو مخاطبت کے وقت یہ دکھائی گئی تا کہ اس سے وہ گھبرائیں نہیں۔ جبکہ وہ فرعون کے پاس سانپ بن جائے۔

۲۲: وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ (اور ملاؤ تم اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے بازو کے ساتھ) پھر دوسری آیت کے بارے میں متنبہ

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾

موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے رب میرا سینہ کھول دیجئے اور میرے لئے کام کو آسان فرمایئے اور میری زبان کی گرہ کھول دیجئے

یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾ وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ اَخِی ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِیْ ﴿۳۱﴾

تاکہ وہ لوگ میری بات کو سمجھیں اور میرے لئے میرے خاندان میں سے ایک وزیر بنا دیجئے یعنی میرے بھائی ہارون کو ان کے ذریعہ میری قوت کو مضبوط کر دیجئے

وَاَشْرِكْهُ فِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۳۲﴾ كَیْ نُسَبِّحَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِیْرًا ﴿۳۵﴾

اور انہیں میرے کام میں شریک کر دیجئے تاکہ ہم کثرت سے آپ کی پاکی بیان کریں اور کثرت سے آپ کا ذکر کریں۔ بلاشبہ آپ ہمیں دیکھنے والے ہیں۔

قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ﴿۳۶﴾

فرمایا اے موسیٰ تمہاری درخواست منظور کر لی گئی۔

کرتے ہوئے فرمایا۔ واضمم یدك الی جناحك ملاؤ تم اپنے ہاتھ کو اپنے پہلو کے ساتھ یعنی اپنے پہلو کی طرف بازو کے نیچے۔ انسان کے دونوں بازو دونوں طرفین ہیں۔ اور اصل جو ہے مستعار منہ پرندے کے دو بازو ہیں۔ ان کو جناح کہا گیا کیونکہ اڑنے کے وقت وہ ان کو ہلاتا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ اس کو اپنے بازو کے نیچے داخل کرو

تَخْرُجْ بَیْضَآءَ (وہ سفید ہو کر نکلے گا) مطلب یہ ہے کہ اس کی شعائیں سورج کی شعاؤں کی طرح آنکھوں کو ڈھانپ لیں گی۔ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ (برص وغیرہ کی بیماری کے بغیر) اٰیَةً اُخْرٰی (یہ ایک اور نشانی ہے) آپ کی نبوت کی صداقت پر۔

نحو: بیضاء اور آیة یہ دونوں اکٹھے حال ہیں۔ من بیضاء کا صلہ ہے جیسے کہتے ہیں ابیضت من غیر سوء اور یہ بھی درست ہے کہ آیت کا نصب فعل محذوف کی وجہ سے ہو۔ لام جس کے متعلق ہو۔

۲۳: لِنُرِیَكَ مِنْ اٰیٰتِنَا الْكُبْرٰی (تاکہ ہم آپ کو اپنی بڑی نشانیاں دکھائیں) یعنی یہ نشانی بھی لو اس کے بعد کہ لاٹھی کو سانپ بنایا گیا۔ تاکہ ہم ان آیات کے ساتھ اور بعض بڑی آیات دکھائیں۔ نمبر۲۔ تاکہ آپ کو ان دونوں کے ذریعہ ہماری آیات میں سے بڑی آیات دکھائیں۔ نمبر۳۔ یا معنی یہ ہے ہم نے یہ کیا تاکہ تمہیں اپنی بڑی آیات دکھائیں۔

۲۴: اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی (تو فرعون کے پاس جا بیشک وہ سرکش ہو گیا) عبودیت کی حد سے تجاوز کر کے ربوبیت کے دعویٰ کی طرف بڑھ گیا۔

۲۵: جب اللہ تعالیٰ نے ان کو سرکش فرعون کے پاس جانے کا حکم دیا اور ان سے انہوں نے سمجھ لیا کہ ان پر بہت بڑی ذمہ داری ڈالی گئی ہے۔ جس کے لئے وسیع سینہ کی ضرورت ہے جس میں خوب قوت برداشت ہو۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ (کہا اے میرے رب تو میرے لئے میرے سینے کو کھول دے) اس کو وسیع کر دے تاکہ وحی دیگر مشقتوں کو برداشت کرے۔ اور فرعون

اوراس کے لشکر کی بدسلوکی کو سہہ سکے۔

۲۶: وَ يَسِّرْلِيْٓ اَمْرِيْ (اور میرے لئے میرے معاملے کو آسان کردے) رسالت کا پیغام جس کے فرعون تک پہنچانے کا مجھے حکم ملا ہے اس کو مجھ پر آسان کردے۔

نکتہ: اوراشرح لی صدری میں اشرح صدری کی نسبت زیادہ تاکید ہے کیونکہ اس میں ایک ہی معنی کا تکرار اجمال وتفصیل دونوں طریقوں سے لایا گیا ہے۔ کیونکہ اشرح لی ویسرلی سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہاں کوئی ایسی چیز ہے جو مشروح ومیسر ہے پھر ابہام کو صدر اور امر کا ذکر کرکے رفع کردیا۔

۲۷: وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ (اور میری زبان کی گرہ کھول دے) احلل کا معنی کھولنا آتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کی زبان میں گرہ تھی اس انگارے کی وجہ سے جس کو اپنی زبان پر بچپن میں رکھ لیا تھا۔ اوراس کا واقعہ اس طرح ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کی ڈاڑھی کو پکڑ کر اس کے منہ پر طمانچہ مارا۔ یہ بچپن کا زمانہ تھا۔ فرعون نے قتل کروانے کا ارادہ کیا اس پر آسیہ نے کہا یہ بچہ بے سمجھ ہے اے بادشاہ! اگر چاہیں تو تجربہ کرلیں۔ دو تھال منگوائے گئے ایک میں آگ کے انگارے اور دوسرے میں یاقوت سرخ۔ وہ دونوں موسیٰ علیہ السلام کے سامنے رکھ دیئے گئے۔ آپ نے یواقیت کا قصد کیا فرشتے نے آپکا ہاتھ آگ کی طرف پھیر دیا۔ آپ نے ایک کوئلہ اٹھا کر زبان پر رکھ لیا۔ جس سے زبان جل گئی اوراس میں لکنت پیدا ہوگئی ایک روایت میں یہ ہے کہ موسیٰ کا ہاتھ جل گیا فرعون نے اس کے علاج کی بہت تگ ودو کی مگر درست نہ ہوا۔ جب موسیٰ علیہ السلام نے اس کو دعوت دی تو فرعون نے کہا تو مجھے کس رب کی طرف دعوت دیتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا اس رب کی طرف جس نے میرا ہاتھ درست کیا جس کے علاج سے تو عاجز رہا۔

نَحو: من لسانی یہ عقدة کی صفت ہے۔ گویا اس طرح کہا: عقدة من عقد لسانی۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی زبان میں لکنت باقی رہی اس کا کچھ حصہ زائل ہوا۔ مگر اکثر علماء اس طرف گئے ہیں کہ وہ گرہ مکمل طور پر ختم ہوگئی۔

۲۸: يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ (تا کہ وہ میری بات سمجھ لیں) تیری رسالت کا پیغام پہنچانے کے وقت۔

۲۹: واجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا (اور میرے لے مددگار مقرر فرما) ایسا پشت پناہ جس پر میں اعتماد کرسکوں۔

**اللغة** وزیرا یہ الوزر سے ماخوذ ہے جس کا معنی بوجھ ہے وزیر کو اسلئے وزیر کہتے ہیں کیونکہ وہ بادشاہ سے بوجھ اور مشقتیں اٹھاتا ہے۔ نمبر۲۔ الوَزَر سے ہے جس کا معنی پناہ گاہ ہے کیونکہ بادشاہ اس کی رائے سے مضبوطی حاصل کرتا ہے اور اپنے معاملات میں اس کی پناہ حاصل کرتا اور اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔ نمبر۳۔ مددگار۔ اس صورت میں یہ الموازرة سے لیا گیا۔ یہ باب مفاعلہ ہے جس کا معنی باہم مدد کرنا۔

نَحو: اجعل کا مفعول اول وزیر ہے اور دوسرا مفعول من اھلی ہے۔ نمبر۲: لِیْ وزیرًا یہ دونوں مفعول ہیں۔ مِنْ اَھْلِیْ (میرے اہل ہیں)۔

۳۰: هٰرُوْنَ یہ وزیر کا عطف بیان ہے۔ اور اَخِی یہ بدل یا عطف بیان ثانی ہے۔ نمبر۳۔ وزیرًا اور ھارون یہ دونوں مفعول ہیں

دوسرے کو اول پر مقدم اس لئے کیا تا کہ وزارت کے معاملہ کی اہمیت معلوم ہو۔
۳۱: اُشْدُدْ بِهٖۤ اَزْرِیْ (اس سے تو مضبوط کر میری کمر کو) میری پشت کو اس سے مضبوط کر دے۔ نمبر۲۔ الازر قوت کو کہا جاتا ہے یعنی میری قوت مضبوط کر دے۔
۳۲: وَاَشْرِكْهُ فِیْۤ اَمْرِیْ (اور اس کو میرے اس کام میں شریک کر دے) اس کو میری نبوت و رسالت میں شریک بنا۔
قراءت: شامی نے اَشْدُدْ و اُشْرِكْهُ کو نفس حکایت کے طور پر جواب قرار دیکر پڑھا۔ جبکہ دیگر قراء نے دعا اور سوال کے طور پڑھا۔
۳۳: كَیْ نُسَبِّحَكَ كَثِیْرًا (تا کہ ہم تیری کثرت سے تسبیح بیان کریں) تیرے لئے نماز پڑھیں اور تسبیح کرتے ہوئے تیری پاکیزگی بیان کریں۔
۳۴: وَّنَذْكُرَكَ كَثِیْرًا (اور تیری بہت یاد کریں) نمازوں میں اور نمازوں سے باہر۔
۳۵: اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِیْرًا (بیشک تو ہمیں دیکھنے والا ہے) ہمارے حالات سے بخوبی واقف ہے۔

## اللہ تعالیٰ نے یہ فرما کر ان کا جواب مرحمت فرمایا:

۳۶: قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی (کہا اے موسیٰ تمہارا سوال تمہیں دیدیا گیا) جو تم نے مانگا وہ عنایت کر دیا گیا۔
اللغۃ: السُول طلب کو کہا جاتا ہے اس کا وزن فعل ہے اور بمعنی مفعول ہے جیسا کہ خبز بمعنی مخبوز آتا ہے۔ (اکل بمعنی ماکول)
قراءت: ابوعمرو نے سولك کو بلا ہمزہ پڑھا ہے۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰ ۝٣٧ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰ ۝٣٨ أَنِ اقْذِفِيهِ

اور اے موسیٰ ہم نے تم پر ایک مرتبہ اور بھی احسان کیا' جبکہ ہم نے تمہاری والدہ کے دل میں وہ بات ڈالی جو انہیں بتائی جارہی تھی۔ وہ یہ کہ تم اسے ایک صندوق میں

فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي

رکھ دو' پھر اس صندوق کو سمندر میں ڈال دو' پھر سمندر اسے کنارے پر ڈال دے گا۔اس وقت اسے وہ شخص پکڑ لے گا جو میرا بھی دشمن ہے

وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ۝٣٩ إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ

وقف لازم

اور اس کا بھی' اور میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی اور تاکہ تم میری نگرانی میں پرورش پاؤ۔ جب تمہاری بہن چلتی ہوئی آئی

فَتَقُولُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَن يَكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ

پھر وہ کہنے لگی کیا میں تمہیں ایسا خاندان نہ بتادوں جو اس کی پرورش کا ذمہ دار ہو جائے' پھر ہم نے تمہیں تمہاری والدہ کی طرف لوٹا دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غمگین نہ ہو

وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ

اور تم نے ایک جان کو قتل کر دیا تھا پھر ہم نے تمہیں غم سے نجات دی اور ہم نے تمہیں محنتوں میں ڈالا پھر تم اہل مدین میں کئی سال

مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلَىٰ قَدَرٍ يَا مُوسَىٰ ۝٤٠

رہے پھر تم اے موسیٰ ایک خاص وقت پر چلے آئے۔

۳۷: وَلَقَدْ مَنَنَّا (اور ہم احسان کر چکے) انعام کر چکے عَلَيْكَ مَرَّةً (تم پر ایک مرتبہ) ایک بار اُخْرٰی (دوسری) اس سے پہلے۔اس کی وضاحت فرمائی ۔

## ولادت کے وقت احسانات کا تذکرہ:

۳۸: اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓی اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى (جبکہ ہم نے تمہاری ماں کو وہ بات بتلائی جو الہام سے بتانے کی تھی) وحی کا معنی یہاں الہام ہے۔نمبر۲۔خواب۔جبکہ موسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔فرعون تیرے ہم شکلوں کو قتل کر رہا تھا۔اِذْ یہ مننا کا ظرف ہے۔ پھر ما یوحیٰ کی تفسیر اس ارشاد سے فرمائی۔

۳۹: اَنِ اقْذِفِيْهِ (اس کو تو رکھ) ڈال دو فِی التَّابُوْتِ (صندوق میں) ان مفسرہ ہے کیونکہ وحی یہاں قول کے معنی میں ہے۔ فَاقْذِفِيْهِ فِی الْيَمِّ (پھر اس کو ڈال دو دریا میں) یعنی دریائے نیل میں۔فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ (پس موسیٰ کو دریا کنارے پر لے آئے گا)۔

اللغۃ: الساحل۔جانب کو کہتے ہیں اس کو ساحل کہنے کی وجہ یہ ہے کہ پانی اس کو چھیلتا ہے۔

نکتہ: امر کا صیغہ ماقبل کی مناسبت سے لایا گیا مگر وہ خبر کے معنی میں ہے۔یعنی **یلقیه الیم بالساحل** ۔ دریا اس کو ساحل پر لا ڈالے گا۔**یَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّیْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ** (اس کو ایسا شخص لے لے گا۔ جو میرا بھی دشمن ہے اور اس کا بھی دشمن ہے) مراد اس سے فرعون ہے اور تمام ضمائر موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹ رہی ہیں۔بعض ضمائر موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹ رہی ہیں۔بعض ضمائر کو موسیٰ علیہ السلام اور بعض کو تابوت کی طرف لوٹانے سے نظم میں تنافر پیدا ہوتا ہے۔اگرچہ **مقذوف فی البحر** اور **الملقی الی الساحل** تابوت ہی ہے۔لیکن تابوت کے اندر تو موسیٰ علیہ السلام ہیں (اور اصل مقصود وہی ہیں)

روایت میں ہے کہ تابوت میں دھنکی ہوئی روئی رکھ کر موسیٰ علیہ السلام کو اس میں رکھا گیا تھا اور صندوقچہ کو تارکول لگائی گئی تھی پھر اس کو دریا کے حوالہ کیا گیا تھا۔ دریائے نیل کی ایک بڑی نہر فرعون کے باغ کی طرف جاتی تھی۔فرعون اپنے باغ میں ایک تالاب کے کنارے آسیہ ملکہ کے ساتھ بیٹھا تھا کہ اچانک صندوقچہ پر نظر پڑی۔فرعون نے اس کو نکالنے کا حکم دیا۔اس کو نکال کر کھولا گیا ایک خوبصورت بچہ پایا۔جس کا چہرہ جمال وصباحت سے مزین تھا۔فرعون کو دیکھتے ہی اس بچہ سے شدید محبت پیدا ہوگئی اس بات کو اس ارشاد میں ذکر کیا گیا۔

**وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ** (میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈالی) **مِنّی** یہ **اَلْقَیْتُ** کے متعلق ہے۔مطلب یہ ہوا میں نے تمہیں محبوب بنالیا۔اور جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں دل بھی اسی کو چاہتے ہیں۔پس ان کو جو کوئی دیکھتا وہ ان سے محبت کرنے لگتا۔قتادہؓ کہتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کی اس قدر ملاحت تھی کہ جو بھی ان کو دیکھتا ان سے محبت کرنے لگتا۔

**وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ** (تا کہ تم میری نگرانی میں پرورش پاؤ) **وَلِتُصْنَعَ** کا عطف محذوف پر ہے۔تقدیر عبارت یہ ہے **والقیت علیك محبة لتحب ولتصنع** میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی تا کہ تجھے محبوب بنایا جائے اور تیری پرورش کی جائے۔**علی عینی** ہماری نگرانی میں تمہاری تربیت ہو۔اور یہ اصل میں **صنع الفرس** سے لیا گیا۔اچھی دیکھ بھال کی اور حسن سلوک سے پیش آیا۔مطلب یہ ہے کہ ہم تمہاری نگرانی اور نگہبانی کرنے والے ہیں جس طرح کوئی آدمی اس چیز کی نگرانی کرتا ہے جس کی طرف خاص متوجہ ہو۔ولتصنعَ لام کے سکون اور جزم سے مراد یہ ہے کہ یہ امر ہے۔

۴۰: **اِذْ تَمْشِیْ** (جب چلتی ہوئی آئی) یہ **اِذْ** او حیناً سے بدل ہے کیونکہ بہن کا چل کر آنا یہ بھی موسیٰ علیہ السلام پر احسان تھا۔ **اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ یَّكْفُلُهٗ** (تمہاری بہن۔پس وہ کہہ رہی تھی کیا میں تم کو ایسی عورت کا پتہ بتادوں جو اس کو پالے) روایت میں ہے کہ ان کی بہن مریم ان کی اطلاع معلوم کرنے کیلئے آئیں تو اس کا سامنا ایسے لوگوں سے ہوگیا جو ایسی دودھ پلانے والی عورت ڈھونڈ رہے تھے۔جس کے دودھ کو وہ بچہ قبول کرلے۔اب تک موسیٰ علیہ السلام نے کسی عورت کا دودھ قبول نہ کیا تھا۔موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے کہا کہ تمہیں ایسے لوگ نہ بتلادوں جو اپنے ہاں رکھ کر اس کی تربیت کریں اور اس سے ان کی مراد دودھ پلانے والی عورت تھی۔

وجہ: فعل کو مذکر لانا مَنْ کی رعایت کرتے ہوئے ہے۔انہوں نے مریم کی بات سن کر ہاں میں جواب دیا۔اور اس کو مرضع کے بلوا لانے کا حکم دیا۔وہ اپنی والدہ کو لے آئیں۔موسیٰ علیہ السلام نے دودھ کو قبول کرلیا۔اسی بات کا ذکر اس ارشاد میں فرمایا۔

فَرَجَعْنٰكَ پس ہم نے تمہیں لوٹا دیا۔اِلٰٓی اُمِّكَ (تمہاری ماں کی طرف۔) جیسا کہ ہم نے اس کا وعدہ اپنے اس قول سے کیا۔انا رادوہ الیك۔ [القصص:۷] كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا (تا کہ اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو) تمہارے اس کے ہاں قیام کی وجہ سے۔وَلَا تَحْزَنْ (اور وہ غمگین نہ ہو) تمہاری جدائی پر۔

## قبطی کا قتل اور پھر مدین جانا:

وَقَتَلْتَ نَفْسًا (اور تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا) ایک قبطی کافر کو۔فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ (پس ہم نے تمہیں غم سے نجات دی) یعنی قصاص سے۔دوسرا قول یہ ہے الغم کا لفظ لغت قریش میں قتل کے معنی میں آتا ہے۔

تیسرا قول یہ ہے آپ کو قتل پر اللہ تعالیٰ کی سزا کے خوف کا غم طاری تھا۔اور فرعون کے قصاص لینے کا بھی غم تھا۔اللہ تعالیٰ نے تو ان کے استغفار کی وجہ سے بخش دیا۔استغفار اس طرح تھا قال رب انی ظلمت نفسی فاغفرلی اور فرعون سے بچا کر مدین میں پہنچا دیا۔وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا (اور تمہیں آزمایا آزمانا) ہم نے تمہاری اس طرح آزمائش کی کہ تمہیں مشقتوں میں ڈالا اور پھر ان سے نکالا۔

**اللغة**: الفتون یہ القعود کی طرح مصدر ہے نمبر۲۔ یہ فتنة کی جمع ہے۔ای فتناك ضروبًا من الفتن اور الفتنة مشقت کو کہتے ہیں۔ ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزمائے وہ فتنہ ہے۔جیسا کہ اس آیت میں ہے و نبلونکم بالشروا لخیر فتنة [الانبیاء:۳۵]

فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْٓ اَهْلِ مَدْیَنَ (پس تم ٹھہرے کئی سال اہل مدین میں) یہ مدین شعیب علیہ السلام کا شہر ہے۔یہ مصر سے آٹھ مراحل پر واقع ہے۔بقول وہب کے شعیب علیہ السلام کے پاس ۲۸ سال ٹھہرے۔دس سال تو اپنی بیوی صفوراء کا مہر تھا۔اور ۱۸ سال اس کے بعد ان کے ہاں قیام کیا یہاں تک کہ ان کے ہاں اولاد ہوگئی۔ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوْسٰی (پھر تم ایک خاص وقت پر آئے) وعدہ کا وقت اور وہ مقدار جو رسالت کیلئے مقدر تھی۔وہ چالیس سال کی عمر تھی۔

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَآ

اور میں نے تمہیں اپنے لئے منتخب کرلیا۔ تم اور تمہارا بھائی میری نشانیاں لے کر جاؤ اور دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا۔ تم دونوں فرعون کی طرف

اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَآ

چلے جاؤ۔ بے شک وہ سرکشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔ پھر تم دونوں اس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا ہوسکتا ہے کہ وہ نصیحت قبول کرے یا ڈر جائے۔ دونوں نے عرض کیا کہ اے ہمارے رب

اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ

بلاشبہ ہمیں اس بات کا اندیشہ ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا سرکشی کرنے پر اتر آئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں مت ڈرو بلاشبہ میں تمہارے ساتھ ہوں سنتا ہوں

وَاَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ

اور دیکھتا ہوں۔ سو تم اس کے پاس پہنچ جاؤ اور اس سے کہو کہ بلاشبہ ہم تیرے رب کے فرستادے ہیں سو تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے اور تو انہیں تکلیفیں نہ دے۔

قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ

ہم تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں اور سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کا اتباع کرے۔ بلاشبہ ہماری طرف وحی کی گئی ہے

اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۴۸﴾

کہ اس پر عذاب ہے جو جھٹلائے اور روگردانی کرے۔

۴۱: وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ (اور میں نے تمہیں اپنے لئے منتخب کرلیا) چن لیا۔ اور اپنی وحی اور رسالت کیلئے تمہارا انتخاب کرلیا تاکہ تم میرے ارادہ اور محبت کے مطابق کام کرو۔

زجاجؒ کہتے ہیں میں نے تمہیں اپنے کام کیلئے چنا۔ اور تمہیں اپنی محبت کو قائم کرنے والا بنایا۔ اور اپنے اور مخلوق کے درمیان واسطہ بنایا تاکہ میرا خطاب سن کر مخلوق کو پہنچاؤ۔ گویا میں نے تمہارے ذریعہ ان پر حجت قائم کردی اور ان کو براہِ راست مخاطب کیا۔

۴۲: اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ (تم اور تمہارا بھائی میرے معجزات لے کر جاؤ) آیات سے یہاں معجزات مراد ہیں۔ وَلَا تَنِيَا (اور تم دونوں سستی نہ کرنا) تھکنا، سستی کرنا۔ یہ الونی سے ہے جس کا معنی کمی اور تھکاوٹ ہے۔

فِيْ ذِكْرِيْ : (میری یاد میں) تم دونوں میری یاد کو اپنے دو پروں بناؤ جس سے تم نے پرواز کرنا ہے۔ ۲: الذکر سے مراد تبلیغ رسالت ہے۔ ذکر کے لفظ کا اطلاق تمام عبادات پر ہوتا ہے اور تبلیغ رسالت تو عظیم ترین عبادات میں سے ہے۔

۴۳: اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ (تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ) یہ دوبارہ لائے کیونکہ اول مطلق ہے۔ اور ثانی مقید ہے۔ اِنَّهٗ طَغٰى (بیشک وہ سرکش ہوگیا) ربوبیت کا دعویٰ کرکے حد سے تجاوز کیا ہے۔

۴۴: فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا (پھراس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا) تم دونوں اس سے مطابقت سے بات کرنا۔اس لئے کہ موسیٰ علیہ السلام پراس کا حقِ تربیت تھا۔نمبر۲۔اس کو کنیت سے بلانا۔اس کی تین کنیتیں تھیں۔

نمبر۱۔ابوالعباس نمبر۲۔ابوالولید۔نمبر۳۔ابومرّۃ۔

نمبر۳۔اس کو ایسی جوانی کا وعدہ کرنا جس کے بعد بڑھاپا نہیں اور ایسی بادشاہی جو اس سے موت کے علاوہ چھینی نہ جائے گی۔نمبر۴۔یا اس سے وہ ارشاد مراد ہے جو دوسرے مقام پر ہے۔هل لك الى ان تزكّى واَهْدِيَكَ الى ربك فتخشٰى کلام کا ظاہر استفہام اور مشورہ ہے۔

لَعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ (شاید کہ وہ نصیحت پذیر ہو جائے) نصیحت قبول کرلے اور غور وفکر کرے پھر حق کا یقین کرلے۔اَوْ یَخْشٰی (یا وہ ڈر جائے) یعنی وہ اس بات سے ڈرے کہ معاملہ اسی طرح ہے جیسا کہ تم دونوں بیان کر رہے ہو۔اس صورت میں اس کا انکار ہلاکت کے مترادف ہے۔

نکتہ: یہاں لعله یتذكر فرمایا حالانکہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے کہ وہ نصیحت قبول نہ کرے گا۔کیونکہ ترجی علم ورجاء دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔مطلب یہ اس طرح ہوگا۔اذهبا على رجائكما وطمعكما تم اپنی امید اور توقع کے ساتھ جاؤ۔اور تم حکم کو اس انداز سے انجام دو کہ جس طرح وہ شخص ادا کرتا ہے۔جس کو توقع ہے کہ اس کا عمل فائدہ دے گا۔اور رہی یہ بات کہ جب اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ وہ ہرگز ایمان نہ لائے گا تو ارسالِ رُسل کا فائدہ کیا ہے تو جواب یہ ہے کہ اتمامِ حجت اور قطعِ معذرت بطریق اسباب مقصود ہے (باقی حکمتوں سے واقف ہے جس کی یہ کائنات ہے کہ یہ مزید کی مجال نہیں۔

ایک قول یہ ہے کہ لعله یتذكر کا معنی یہ ہے کہ لعله یتذكر متذكر او یخشى خاش کہ شاید کوئی نصیحت حاصل کرنے والا نصیحت پائے اور ڈرنے والا ڈر جائے۔چنانچہ اس طرح بہت سے لوگوں کے سلسلہ میں واقع ہوا جو موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے۔اور ایک قول ہے کہ لعلّ اللہ تعالیٰ کی ذات کیلئے جب آئے تو وجوب کو ظاہر کرتا ہے۔اور یقیناً اس کو نصیحت تو آ گئی لیکن اسوقت اس کو نصیحت نے فائدہ نہ دیا۔(کیونکہ قبول نہ کیا)۔قول آخر یہ ہے فرعون نے نصیحت حاصل کی اور ڈر گیا اور موسیٰ علیہ السلام کی اتباع کا ارادہ کرلیا۔مگر اس کو ھامان نے روک دیا۔اور فرعون اپنے کسی معاملہ کا فیصلہ اس کے بغیر نہ کرتا تھا۔

یحییٰ بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے یہ آیت پڑھی گئی تو وہ زار وقطار رونے لگے اور عرض کیا اے اللہ یہ تیری نرمی تو اس شخص کے ساتھ ہے جو اپنے بارے میں کہتا ہے انا الله (کہ میں معبود ہوں) اس کے ساتھ تیری نرمی کا معاملہ کیا ہوگا۔جو کہتا: انت الا لٰهُ (کہ تو میرا معبود ہے) اور یہ تیری نرمی اس کے ساتھ ہے جو کہتا ہے۔انا ربكم الاعلى اس کے ساتھ کتنی مہربانی ہوگی جو کہتا ہے سبحان ربى الا على۔

۴۵: قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَآ (موسیٰ وھارون نے کہا اے میرے رب ہمیں اندیشہ ہے کہ وہ کہیں ہم پر زیادتی نہ کر بیٹھے) سزا میں جلد بازی کرے یفرطَ سے الفارط ہے کہا جاتا ہے فرط علیه۔ای عجل جلدی کی اَوْ اَنْ یَّطْغٰی (یا وہ سرکشی نہ کرنے لگے) ہمارے ساتھ بدسلوکی میں حد سے تجاوز نہ کرے۔

۴۶: قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَکُمَا (اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم دونوں اندیشہ نہ کرو میں تم دونوں کے ساتھ یقیناً ہوں) یعنی تمہارا محافظ ومددگار رہوں۔ اَسْمَعُ (میں سنوں گا) تمہارے اقوال کو وَاَرٰی (اور میں دیکھتا ہوں) تمہارے افعال کو۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اسمع میں سننے والا ہوں تمہاری دعاؤں کو ان کو قبول کروں گا۔ وارٰی (میں دیکھنے والا ہوں) جو تمہارے خلاف ارادہ کیا جائے پس میں رکاوٹ ڈالنے والا ہوں میں تمہارے احوال سے بے خبر نہیں تم پرواہ نہ کرو۔

## دو بنیادی مطالبات اوران کے پیش کرنے کا طریقہ:

۴۷: فَاْتِیٰهُ (پس تم دونوں جاؤ) فرعون کے پاس فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّکَ (پس تم دونوں کہو ہم تیرے رب کے قاصد ہیں) تیری طرف فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (پس تو بھیج ہمارے ہمراہ بنی اسرائیل کو) ان کو غلامی سے آزاد کرو۔ وَلَا تُعَذِّبْھُمْ (اور ان کو تکلیفیں مت پہنچا) دشوار ترین مشقت کے کام لے کر۔ قَدْ جِئْنٰکَ بِاٰیَۃٍ (ہم تیرے پاس معجزہ لے کر آئے ہیں) آیت یہاں دلیل نبوت یعنی معجزے کیلئے استعمال ہوا۔ مِنْ رَّبِّکَ (تیرے رب کی طرف سے) اس کی سچائی پر جو ہم نے دعویٰ کیا۔ یہ جملہ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّکَ کیلئے بمنزلہ بیان اور تفسیر کے ہے۔ کیونکہ دعوائے رسالت دلیل سے ہی ثابت ہوتا ہے۔ اور آیت سے یہی دلیل نبوت کا لانا ہی مقصود ہے۔ فرعون نے یہ سنکر کہا وہ دلیل کیا ہے پس آپ نے اپنا دست اقدس بغل سے نکالا تو اس سے شعاع آفتاب کی طرح شعاعیں نکل رہی تھیں۔ وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی (اور جو سیدھی راہ پر چلے اس کے لئے سلامتی ہے) یعنی عذاب سے وہ سلامتی پا سکتا ہے جو اسلام لے آئے۔ یہ سلام تحیہ نہیں ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ ان ملائکہ کا سلام ہے جو ہدایت پانے والوں پر جنت میں خازن ہیں۔

۴۸: اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ (ہمارے پس یہ وحی کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب) دنیا اور آخرت میں عَلٰی مَنْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی (اس شخص پر ہوگا جس نے تکذیب کی اور منہ پھیرا) رسولوں کو جھٹلایا اور ایمان سے اعراض اختیار کیا۔

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِىْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَىْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿۵۰﴾

فرعون نے کہا تو تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰ! موسیٰ نے کہا کہ ہمارا رب وہی ہے جس نے ہر چیز کو اس کی پیدائش عطا فرمائی پھر راہ بتائی۔

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّىْ فِىْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّىْ وَلَا

فرعون نے کہا تو پرانی جماعتوں کا کیا حال ہے؟ موسیٰ نے جواب دیا ان کا علم میرے رب کے پاس کتاب میں ہے۔ میرا رب نہ غلطی کرتا ہے اور

يَنْسَى ﴿۵۲﴾ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ

نہ بھولتا ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش بنا دیا اور اس میں تمہارے لئے راستے بنا دیئے اور اس نے آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِىْ

پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعہ مختلف قسم کے نباتات پیدا کئے۔ کھاؤ اور مویشیوں کو چراؤ بلاشبہ اس میں

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ﴿۵۴﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ ع ۱۱ ۲

عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اسی سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اس میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔

## قرآن میں ارجیٰ آیت:

یہ قرآن میں ارجیٰ آیت قرار دی گئی کیونکہ جنس سلام کو مؤمن کیلئے مخصوص کیا اور جنس عذاب کو مکذب کیلئے مخصوص کیا اور جنس کے بعد کونسی چیز رہ جاتی ہے۔ تم دونوں اس کے پاس جاؤ اور فریضہ رسالت ادا کرو۔ چنانچہ دونوں نے وہ کہا جس کا حکم ملا تھا۔

## فرعون اور موسیٰ علیہ السلام کی گفتگو کا آغاز:

۴۹: قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى (فرعون نے کہا اے موسیٰ تم دونوں کا رب کون ہے؟) اس نے دونوں کو اولاً مخاطب کیا پھر ایک کا نام لے کر آواز دی کیونکہ موسیٰ نبوت میں اصل تھے اور ھارون علیہ السلام ان کے تابع تھے۔

## دلائلِ توحید:

۵۰: قَالَ رَبُّنَا الَّذِىْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَىْءٍ خَلْقَهٗ (موسیٰ علیہ السلام نے کہا ہمارا رب وہ ہے جس نے ہرشئی کو اس کے مناسب بناوٹ عنایت فرمائی۔) خلقہ یہ اعطی کے دو میں سے پہلا مفعول ہے یعنی اعطی خلیقتہ کل شیئ یحتاجون الیہ ویرتفقون بہ اس نے بناوٹ دی ہر چیز کو ایسی جس کے وہ ضرورت مند اور جس سے وہ فائدہ اٹھانے والے ہیں نمبر۲۔ دو میں سے دوسرا مفعول ہے۔ ہرشئی کو اس کی وہ شکل وصورت دی جو اس کے منفعت ومقصد کے مطابق ہے جیسا کہ آنکھ کو وہ ہیئت دی جو بصارت کے مطابق ہے اور کان کو وہ شکل دی جو سننے کے مناسب تھی اور اسی طرح ناک، پاؤں، ہاتھ ہر ایک ان میں سے مقررہ

منفعت کے عین مطابق ہے۔
قراءت: نصیر نے خَلَقَه پڑھا ہے انہوں نے مضاف کی صفت قرار دیا یا مضاف الیہ کی۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے أَعْطٰى كُلَّ شَىْءٌ مَخْلُوْقٌ عطاء۔ ثُمَّ هَدٰى (پھر اس کی راہنمائی کی) بتلا دیا کہ جو کچھ دنیا کی معیشت کیلئے ہے کس طرح اس سے فائدہ اٹھائے اور عقبیٰ کی سعادت کیونکر حاصل کرے۔

۵۱: قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى (فرعون نے کہا پھر اقوام سابقہ کا کیا حال ہوا) گزری ہوئی اقوام کا کیا حال ہے؟ اور اقوام پارینہ کا کیا معاملہ ہے۔ فرعون نے قرون متقدمہ کی حالت پوچھی کہ کون ان میں بدبخت ہے اور کون خوش نصیب۔

۵۲: قَالَ (موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں فرمایا۔) عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّىْ فِىْ كِتٰبٍ (انکا علم میرے رب کے پاس دفتر میں محفوظ ہے) کتاب سے لوح محفوظ مراد ہے۔

نحو: عِلْمُهَا مبتدا اور عند ربی خبر ہے اور فی کتاب دوسری خبر ہے۔ آپ کے جواب کا مطلب یہ تھا کہ یہ غیب کے متعلق سوال ہے جو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے۔ میں تو اس کا ایک بندہ ہوں۔ مجھے تو اتنا ہی علم ہے جتنا علام الغیوب نے اطلاع دی ہے اور اہل زمانہ سابقہ کے حالات کا علم لوح محفوظ میں درج ہے۔ لَا يَضِلُّ رَبِّىْ (میرا رب نہ غلطی کرتا ہے) کوئی چیز اسے فراموش نہیں ہوسکتی۔ کہا جاتا ہے ضللت الشیء جبکہ اس کی جگہ بھول جائے اور اس جگہ کی طرف راہ نہ ملے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ لوگوں کی سعادت وشقاوت میں خطاء نہیں کرتا۔ کہ جس کو سعید بنانا ہو اس کو شقی اور شقی کو سعید بنا دے۔ وَلَا يَنْسٰى (اور نہ بھولتا ہے) ان کے ثواب وعقاب کو نہیں بھولتا۔ نمبر۲۔ جو وہ جانتا ہے اس کو وہ نہیں بھولتا کہ کتاب سے اس کو دیکھنا پڑے۔ کتاب تو اس لئے ہے تاکہ ملائکہ کو معلوم ہو جائے کہ مخلوق کا معمول اس کے معلوم کے موافق ہے۔

۵۳: الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا (وہ ذات جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش کی طرح بنایا)

نحو: رَبِّى کی صفت ہونے کی وجہ سے اَلَّذِىْ مرفوع ہے۔ نمبر۲۔ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ نمبر۳۔ مدح کی وجہ سے منصوب ہے۔

قراءت: کوفی وغیرہ نے مهدًا کو مِهَادًا پڑھا ہے۔ یہ دونوں لغات ہیں۔ بچھونے اور بچھانے کی چیز کیلئے بولتے ہیں۔ وَّ سَلَكَ (اور اس نے چلائے) یعنی بنائے۔ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا (تمہارے لئے راستے) وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (اور اس نے آسمان سے بارش اتاری) فَاَخْرَجْنَا بِهٖ (پس اس پانی سے ہم نے نکالا) ہٗ کی ضمیر پانی کی طرف لوٹتی ہے۔ کلام میں تفنن پیدا کرنے کیلئے غیبت سے کلام کا رخ متکلم کی طرف موڑ دیا

ایک قول یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کا کلام پورا ہو چکا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے متعلق فَاَخْرَجْنَا بِهٖ سے اطلاع دی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ موسیٰ علیہ السلام کا کلام ہے۔ یعنی ہم کھیتی کر کے اور اس کو پانی دے کر نکالتے ہیں۔ اَزْوَاجًا (اقسام) مِّنْ نَّبَاتٍ (نباتات کی)

نحو: نبات مصدر ہے اور اُگنے والی چیز کا نام اس سے رکھ دیا اس میں مصدر کی وجہ سے واحد وجمع برابر ہیں۔

شَتّٰی مختلف نمبرا۔ یہ ازواج کی صفت ہے۔ نمبر۲۔ نبات کی صفت ہے یہ شتیت کی جمع ہے جیسے مریض، مرضی، مطلب یہ ہوگا کہ نبات نفع، ذائقہ، رنگت، خوشبو، شکل میں مختلف ہیں۔ بعض لوگوں کے استعمال کیلئے جبکہ دوسری حیوانات کے کام آتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا ایک اور انعام ملاحظہ کریں کہ ہمارے ارزاق چوپایوں کے کام سے حاصل ہوتے ہیں اور انکا چارہ اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کو بنایا ہے جو ہماری حاجات سے فاضل اور بچی ہوئی ہیں۔ جن کو کھانے کی قدرت قائلین میں بھی نہیں ہے۔

۵۴: كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ (تم کھاؤ اور اپنے چوپایوں کو کھلاؤ)

نحو: یہ اخرجنا کی ضمیر سے حال ہے۔ مطلب یہ ہے ہم نے مختلف اقسام کی نبات نکالیں اس حال میں کہ ان سے انتفاع کی اجازت دی۔ بعض کا خود کھانا مباح کیا اور دیگر کا اپنے جانوروں کو کھلانا۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ ( بیشک اس میں ) جس کا میں نے تذکرہ کیا لَاٰیٰتٍ (البتہ نشانات ) ہیں یعنی دلالتیں ہیں۔ لِّاُولِی النُّهٰی (عقل مندوں کیلئے) النھی جمع ہے اور اس کا واحد نُهْيَة ہے نمبرا۔ اس کو اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ ممنوعات سے روکتی ہے نمبر۲۔ معاملات میں اسی کی طرف انتہاء ہوتی ہے۔

## سہولیاتِ انسانی اور زمین:

۵۵: مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (اور ہم نے تم کو زمین سے پیدا کیا) یعنی تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو دوسرا قول ہر نطفہ کو دفن والی جگہ کی تھوڑی سی مٹی میں گوندھا جاتا ہے پھر مٹی اور نطفے کو ملا کر اس کے جسم کی تخلیق کی جاتی ہے۔ تیسرا قول نطفہ غذاؤں کا نچوڑ ہے اور وہ غذائیں زمین ہی سے نکلی ہیں۔ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (اور اسی میں ہم تم کو لوٹائیں گے) جبکہ تم مر کر دفن ہوگے وَ مِنْهَا نُخْرِجُكُمْ (اور اسی سے تم کو نکالیں گے) بعث کے وقت تَارَةً اُخْرٰی (دوسری مرتبہ) نکالنے سے مراد یہ ہے کہ انسانوں کے متفرق اجزاء جو مٹی میں مل چکے تھے ان کو از سر نو جمع کر کے جوڑ دیا جائے گا اور سابقہ صورت زندہ کر کے پہنا دی جائیگی اور محشر کی طرف ان کو نکالا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کی جو سہولیات زمین سے متعلق ہیں ان کو شمار فرمایا۔ نمبرا۔ کہ اس کو فرش اور بچھونے کی طرح بنایا کہ جس پر آتے جاتے ہیں۔ نمبر۲۔ ان کے لئے راستوں کو درست کر دیا جن میں اپنی مرضی سے چلتے ہیں۔ نمبر۳۔ اس میں مختلف قسم کی وہ نباتات اگادیں جن میں انسانوں کی خورک اور ان کے چوپائیوں کا چارہ اگادیا۔ زمین ہی ان کی وہ اصل ہے جس سے انہوں نے پرورش پائی اور ان کی وہ ماں ہے جس سے ان کو پیدا کیا گیا۔ نمبر۴۔ اور زمین ہی وہ ہے جو موت کے بعد ان کو سمیٹتی ہے۔

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ

اور البتہ ہم نے فرعون کو اپنی تمام نشانیاں دکھائیں سو اس نے جھٹلایا اور انکار کیا۔ وہ کہنے لگا کہ اے موسیٰ کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے کہ ہمیں اپنے جادو کے ذریعہ ہماری سرزمین سے

يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ

نکال دے۔ سو ہم بھی تیرے مقابلہ میں اسی جیسا جادو لے آئیں گے۔ سو تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کر دے نہ ہم اس کی خلاف ورزی کریں گے اور نہ تو اس غرض

اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾ فَتَوَلّٰى

کے لئے ایک ہموار میدان مقرر کر دے۔ موسیٰ نے کہا کہ تم سے زینت کے دن وعدہ ہے اور یہ بات بھی ہے کہ لوگ ایسے وقت میں جمع ہوں جب دن چڑھ جائے۔ اس کے بعد فرعون واپس ہوا

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿۶۰﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

پھر اس نے اپنے مکر کا سامان جمع کیا پھر وہ آ گیا۔ موسیٰ نے ان سے کہا ہلاکت ہے تمہارے لئے اللہ پر جھوٹ افتراء مت کرو

فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿۶۱﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا

ورنہ وہ تمہیں ایسا عذاب دے گا کہ تمہیں بالکل ہی ختم کر دے گا اور جو جھوٹ باندھتا ہے وہ ناکام ہی رہتا ہے۔ پھر انہوں نے اپنی اپنی رائے میں اختلاف کیا اور چپکے چپکے مشورہ

النَّجْوٰى ﴿۶۲﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا

کرتے رہے۔ کہنے لگے کہ بلا شبہ یہ دونوں جادوگر ہیں۔ دونوں چاہتے ہیں کہ اپنے جادو کے ذریعہ تم لوگوں کو تمہاری سرزمین سے نکال دیں

وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿۶۳﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ

اور تمہارے عمدہ طریقے کو ختم کر دیں۔ لہٰذا اب تم سب اپنی تدبیر کا انتظام کرو پھر صف بنا کر آ جاؤ اور جو غالب ہو آج

الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿۶۴﴾

وہی کامیاب ہوگا۔

## نشانات:

۵۶: وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا (ہم نے اس کو اپنی ساری نشانیاں دکھائیں) اَرَيْنٰهُ کی ضمیر فرعون کی طرف جاری ہے۔ آیات سے یہ نو آیات مراد ہیں نمبر ۱۔ عصا نمبر ۲۔ ید بیضاء نمبر ۳۔ سمندر کا پھٹنا۔ نمبر ۴۔ پتھر کا پھٹنا۔ نمبر ۵۔ مکڑی یعنی ٹڈی دل۔ نمبر ۶۔ جوئیں۔ نمبر ۷۔ مینڈک نمبر ۸۔ خون۔ نمبر ۹۔ پہاڑ کا اکھڑ کر لٹکنا۔ فَكَذَّبَ (پس اس نے جھٹلایا) ان آیات کو وَاَبٰى (اور حق کو قبول کرنے سے انکار کر دیا) یعنی ایمان و اطاعت سے انکار کر دیا۔

## فرعون کا خوف اور جادوگروں کے مقابلہ کی تیاری:

۵۷: قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ یٰمُوْسٰی ( کہنے لگا اے موسیٰ کیا تو اس لئے ہمارے پاس آیا ہے تا کہ تو اپنے سحر سے ہم کو ہماری سرزمین سے نکال دے ) قال کا قائل فرعون اور ارضنا سے مراد سرزمین مصر ہے۔

نکتہ: یہ آیت بتلا رہی ہے کہ فرعون موسیٰ علیہ السلام سے بہت ڈر گیا اور بِسِحْرِكَ کہہ کر بہانہ لگایا ورنہ کون سا ایسا جادوگر ہے جو بادشاہ کو اس کی حکومت سے نکال باہر کرے۔

۵۸: فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ (پس اب ہم بھی تیرے مقابلے میں ایسا ہی جادو لائیں گے ) یعنی تیرا مقابلہ ایسے جادو سے کریں گے جو تیرے جادو جیسا ہوگا۔ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا (پس تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدہ مقرر کر لے ) موعد یہ مصدر ہے جو الوعد کے معنی میں ہے ظرف زمان و مکان نہیں البتہ مضاف مقدر مانا جائے گا۔ ای مکان موعد اور لَّا نُخْلِفُهٗ (جس کے خلاف نہ ہم کریں ) اس وعدے کی۔

قراءت: لَا نُخْلِفُهٗ کو جزم کے ساتھ یزید نے امر کا جواب ہونے کی وجہ سے پڑھا یا اور دیگر قراء نے موعد کا وصف ہونے کی وجہ سے رفع کے ساتھ پڑھا ہے۔ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا ( ہم اور نہ تم کسی ہموار میدان میں ) یہ مکان محذوف کا بدل ہے اور یہ بھی درست ہے کہ مضاف مقدر نہ ہو۔ اور معنی اس طرح کر لیا جائے تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدہ مقرر کر جس کی ہم خلاف ورزی نہ کریں۔ اور مکانًا مصدر ہونے کی بنا پر منصوب ہوگا۔ نمبر۲۔ یا اس فعل کی بنا پر منصوب ہوگا۔ جس پر مصدر دلالت کرتا ہے۔ سُوًی (ہموار)

قراءت: حجازی، ابوعمرو، علی رحمہم اللہ نے کسرہ سے پڑھا ہے۔ جبکہ دیگر قراء نے ضمہ سے۔

نَحْو: یہ مکان کی صفت ہے۔ نمبر۲۔ یہ استواء سے لیا جائے تو پھر اس کا معنی نصف ہوگا۔ ایسا مکان جو ہمارے اور تمہارے لیے آدھے راستہ پر واقع ہو تا کہ فاصلہ درمیان سے طرفین تک برابر ہو۔

## یوم زینت سے مراد:

۵۹: قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ ( کہا تمہارے مقابلہ کے وعدہ کا وقت وہ دن ہے جس میں تمہارے تہوار کا دن ہے )

نَحْو: موعدکم مبتدا یوم الزِّيْنَة خبر ہے۔ یہ ان کے ہاں خوشی کا دن تھا۔ نمبر۲۔ نیروز کا دن نمبر۳۔ یوم عاشور۔ زمان کے ساتھ جواب اس صورت میں درست ہوتا ہے (اگر چہ مکان کے متعلق سوال تاویل اول کی صورت میں ہے ) کیونکہ انکا اجتماع زینت کے دن آخر کسی مکان میں وقوع پذیر ہوگا۔ پس زمان کو بطور علم مکان کے ذکر دیا۔ اور دوسری تفسیر کے مطابق تقدیر عبارت یہ ہوگی وعدکم و عد یوم الزینة تمہارا وعدہ یوم الزینت کا وعدہ ہے۔

وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ (اور جس میں لوگ جمع ہو جاتے ہیں ) یعنی جمع کئے جاتے ہیں۔

نَحْو: نمبرا۔ یہ موضع رفع میں ہے۔ نمبر۲۔ یوم پر عطف کی وجہ سے موضع جر میں ہے۔ نمبر۳۔ الزینة پر عطف کی وجہ سے موضع جر میں ہے۔ ضُحًی ( چاشت کے وقت ) خوب دھوپ کے وقت تا کہ شک وشبہ سے بالاتر ہو۔ اور حق کے سامنے آنے کیلئے ظاہر تر

ہو۔اور تمام شہری ودیہاتی اس کو ملاحظہ کریں اور ان میں وہ پھیل جائے۔

۶۰: فَتَوَلّٰی فِرْعَوْنُ (پس فرعون دربار سے لوٹ گیا) موسیٰ علیہ السلام نے اعراض کرتے ہوئے پشت پھیری۔ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ (پھر اپنا مکر جمع کرنا شروع کیا) اپنی تدابیر اور جادوگران کی تعداد ۷۲ تھی۔ نمبر۲۔ چار صد تھی نمبر۳۔ ستر ہزار تھی۔

ثُمَّ اَتٰی (پھر پہنچ گیا) مقررہ وعدہ مقام پر۔

۶۱: قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰی (ان کو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا) جادوگروں کو وَيْلَكُمْ لَاتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (تم پر افسوس! اللہ تعالیٰ پر جھوٹ مت تراشو) اس کی آیات اور اس کے معجزات کو جادو کا نام مت دو۔ فَيُسْحِتَكُمْ (پس وہ تمہیں نیست و نابود کر دیگا)

قراءت: کوفی نے سوائے ابوبکر کے پڑھا ہے۔ یعنی وہ تمہیں ہلاک کر دے گا۔ دیگر قراء نے فَيَسْحَتَكم یاء کے فتحہ اور حاء کے فتحہ سے پڑھا ہے۔ السحت اور الاسحات۔ ملیامیٹ کرنے کا معنی دیتے ہیں۔

نحو: یہ جواب نہی ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ بِعَذَابٍ (بڑے عذاب کے ذریعہ) وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰی (اور جو جھوٹ باندھتا ہے وہ ناکام و نامراد رہتا ہے) جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولتا ہے۔

## جادوگروں کا اختلاف اور مشورہ:

۶۲: فَتَنَازَعُوْٓا (پس وہ اپنے باہمی رائے میں اختلاف کرنے لگے)۔ انہوں نے اختلاف کیا بعض جادوگروں نے کہا کہ یہ ہمارے جیسا جادوگر ہے۔ دوسروں نے کہا یہ بات جادوگر نہیں کہہ سکتا لا تفترو ا علی اللّٰہ كذبًا الآیة

اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰی (اپنے معاملے میں اور انہوں نے خفیہ مشورہ کیا) پوشیدہ باہمی مشورہ کیا اور کہنے لگے اگر وہ جادوگر ہے تو ہم عنقریب اس پر غلبہ پالیں گے۔ اور اگر یہ آسمان سے ہے پھر حکم اسی کا ہے۔ النجوٰی۔ یہ مصدر بھی ہوسکتا ہے اور اسم بھی پھر انہوں نے اس بات کو باطل سے مزین کر کے کہا۔

۶۳: قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ (کہنے لگے بلاشبہ یہ دونوں جادوگر ہیں) یعنی موسیٰ و ہارون۔

قراءت: ابو عمرو نے اِنَّ هذين لساحران پڑھا اور ظاہر کا تقاضا یہی ہے۔ مگر یہ مصحف امام کے مخالف ہے اور اسی طرح ابن کثیر، حفص، خلیل نے بھی اس سے اختلاف کر کے هذان ہی پڑھا ہے۔ اور یہ نحو و لغت کے ائمہ ہیں۔ اِنْ مخففہ ہے جیسے کہ اس قول میں ان زيد لمنطلق اور لام ان نافیہ اور مخففہ کو آپس میں الگ کر رہی ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ اِنْ مَا کے معنی میں ہے اور لام بمعنی اِلَّا ہے تقدیر اس طرح ہے ما هذان اِلَّاساحران اور اس کی دلیل قراءت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہے۔ ان هذان الاساحران اور دیگر نے اِنّ هذان لساحران پڑھا ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ بلحارث بن کعب، خثعم، مراد، کنانہ کی لغت ہے۔ ان کے ہاں تثنیہ ہمیشہ الف کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہ نصب و جر کسی بھی حالت میں یاء کو قبول نہیں کرتے مثلاً عصا، سعدی۔ جیسا شاعر کہتا ہے جس کا نام رؤبہ ہے۔ ان اباها و ابا اباها قد بلغا فی المجدغایتاها۔ نمبر۱۔ محل استشہاد ہے۔

زجاج کا قول اِنَّ نعم کے معنی میں ہے جیسا شاعر نے کہا یہ شاعر عبید اللہ بن قیس الرقیات ہے۔

قَالُوْا یٰمُوْسٰۤی اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِیَ وَاِمَّاۤ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰی ﴿۶۵﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا

کہنے لگے کہ اے موسیٰ یا تم پہلے ڈالو اور یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں۔ موسیٰ نے کہا بلکہ تم پہلے ڈالو پس

حِبَالُهُمْ وَعِصِیُّهُمْ یُخَیَّلُ اِلَیْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰی ﴿۶۶﴾ فَاَوْجَسَ فِیْ نَفْسِهٖ خِیْفَةً

یکا یک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کے جادو کی وجہ سے موسیٰ کے خیال میں ایسی معلوم ہو رہی تھیں جیسا کہ وہ دوڑ رہی ہیں سو موسیٰ نے اپنے دل میں تھوڑا سا خوف

مُّوْسٰی ﴿۶۷﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰی ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ

محسوس کیا ہم نے کہا کہ تم مت ڈرو بلاشبہ تم ہی بلند رہو گے اور ڈال دو جو تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے وہ اس سب کو چٹ کر دے گا جو کچھ انہوں نے بنایا ہے

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْۤا

انہوں نے صرف جادوگروں والا مکر کیا ہے اور جادوگر جہاں کہیں بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا سو جادوگر سجدہ میں گرا دیئے گئے کہنے لگے

اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰی ﴿۷۰﴾

کہ ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے۔

ویقلن شیب قد علا ک وقد کبرت فقلت اِنّه انعم کے معنی ای نعم اور ھاء وقفی ہے۔ ھٰذ ان مبتدا ہے ساحران خبر ہے۔ مبتدا محذوف کی۔ اور لام اصل میں مبتدا محذوف پر داخل ہے۔ تقدیر کلام یہ ہے۔ ھذ ان لھما ساحران۔ پس اس کا داخل ہونا اپنے مقررہ مقام یعنی ابتداء میں ہے۔ یا لام کبھی خبر میں داخل ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ مبتدا اس قول میں خالی لأنت و من جریر خالهٗ کہتے ہیں اس بات کو مبرد پر پیش کیا گیا پس اس نے پسند کیا مگر ابوعلی نے اس کو فضول قرار دیا۔

یُرِیْدٰنِ اَنْ یُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا (یہ دونوں چاہتے ہیں کہ تمہیں تمہاری سرزمین سے اپنے جادو کے زور سے نکال باہر کریں۔ وَیَذْهَبَا بِطَرِیْقَتِكُمُ الْمُثْلٰی (نکال باہر کریں اور تمہارے اعلیٰ طریقے کو ختم کر دیں) ارض سے سرزمین مصر۔ اور طریقہ سے قبطی مذہب و دین۔ المثلیٰ افضل کو کہتے ہیں۔ یہ امثل کی مونث ہے۔

۶۴: فَاَجْمِعُوْا (پس تم مل ملک کر انتظام کرو) پس تم فیصلہ کرو یعنی اس کو اجتماعی فیصلہ قرار دو باہمی اختلاف نہ کرو۔

قراءت: ابوعمرو نے فَاجْمَعُوْا پڑھا ہے اور اس کی تائید فَجَمَعَ كَیْدَهٗ۔ [طٰہٰ: ۶۰] سے ہوتی ہے۔

كَیْدَكُمْ (اپنی تدبیر کو) جو تدبیر کرنی ممکن ہے۔ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا (پھر صف بندی کر کے مقابلہ میں آؤ)

نحو: صفًا یہ حال ہے کہ مصفین۔ انہوں نے صف بندی اس لئے کی کیونکہ یہ دیکھنے والوں کے دلوں میں زیادہ رعب ڈالنے والی چیز ہے۔

وَقَدْ اَفْلَحَ الْیَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰی (اور آج جو غالب آئیگا۔ وہی کامیاب ہوگا) جو غالب آیا وہ کامیاب۔ نحو: یہ جملہ معترضہ ہے۔

۶۵ : قَالُوْا انہوں نے کہا یعنی جادوگروں نے یٰمُوْسٰٓی اِمَّآ اَنْ تُلْقِیَ (اے موسیٰ یا تو تم اپنا عصا پہلے ڈالو) وَاِمَّآ اَنْ نَّکُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰی (یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں) جو کچھ ہمارے پاس ہے۔

نحو: انْ اپنے مابعد سمیت دونوں مقام پر فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے۔نمبر۲۔مبتدا محذوف کی خبر ہونے کی بنا پر مرفوع ہے۔اس کا معنی اس طرح ہوگا اختر احد الامرین دو میں سے ایک بات کا چناؤ کرو۔نمبر۳۔الا مر اِلْقَاءُ كَ اَوْ اِلْقَاؤُنَا ۔ مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ یہ اختیار چناؤ ان کی طرف سے آپ کے ساتھ حسن ادب کو ظاہر کر رہا ہے گویا اللہ تعالیٰ نے یہ بات ان کے دل میں ڈالی۔اور آپ کی ان تک پہنچائی اور موسیٰ علیہ السلام کو ان کے پہلے ڈالنے کا علم عنایت فرمایا اسی لئے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔

۶۶ : قَالَ بَلْ اَلْقُوْا (موسیٰ علیہ السلام نے کہا بلکہ تم ڈالو) تا کہ ان کے پاس جو جادو کے فریب تھے وہ خوب ظاہر کریں اور اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام کا غلبہ خوب واضح کر دیں اور حق کو باطل پر مار کر اس کا بھیجا نکال دیا جائے۔اور معجزے کو جادو پر مسلط کر کے اس کو مٹا دیا جائے۔تا کہ دیکھنے والوں کے سامنے نبوت وقدرت کا روشن نشان ہو۔اور عبرت حاصل کرنے والے اس سے عبرت لے سکیں وہ جو کچھ پھینکنا چاہتے تھے پھینکا۔فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ (پس یکا یک ان کی لاٹھیاں اور رسیاں)

نحو: یہ اذا کہا جاتا ہے مفاجات کیلئے ہے۔

تحقیقی قول یہ ہے کہ اذا یہاں وقت کے معنی میں ہے جو اپنے لیے نصب کو چاہتا ہے اور جملہ اس کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ خاص کر بعض مقامات پر اس کا ناصب فعل مخصوص ہوتا ہے اور وہ فعل مفاجات ہے اور یہ جملہ ابتدائیہ ہے اور کوئی نہیں بن سکتا۔ تقدیر عبارت یہ ہے: ففاجأ موسٰی وقت تخییل سعی حبالهم و عصیهم مطلب اس طرح ہے علی مفا جأته حبا لهم و عصیهم مخيّلة اليه السعیّ اچانک موسیٰ کو ایسا خیال ہونے لگا کہ وہ رسیاں اور لاٹھیاں دوڑ رہی ہیں۔يُخَيَّلُ اِلَيْهِ (خیال ہونے لگا)

قراءت: ابن ذکوان نے تاء سے پڑھا ہے۔

نحو: ضمیر موسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔مِنْ سِحْرِ هِمْ اَنَّهَا تَسْعٰی (ان کے جادو کی بنا پر کہ وہ دوڑ رہی ہیں) تخیل کی ضمیر سے بدل الاشتمال ہے ای تخیل الملقی۔ڈالی ہوئی چیزوں کے متعلق تخیل پیدا ہوا۔اور روایت تفسیر میں یہ ہے کہ انہوں نے لاٹھیوں کو پارے میں ڈبو رکھا تھا۔جب دھوپ ان پر پڑی تو وہ حرکت کرنے لگیں۔اور لہرانے لگیں جس سے یہ تخیل پیدا ہوا۔

۶۷ : فَاَوْجَسَ فِیْ نَفْسِهٖ خِیْفَةً مُّوْسٰی (پس موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا۔) دل میں خوف لائے۔ یہ گمان کرتے ہوئے کہ وہ انکار رخ کر رہی ہیں۔اور نمبر ۱۔فطرت بشریہ کے کہ تقاضا سے ایسا ہوا۔نمبر۲۔ان کو خطرہ ہوا کہ لوگ خلجان میں مبتلا ہو کر شک سے ان کی اتباع نہ کریں گے۔اور دھوکے میں مبتلا ہو جائیں گے۔

۶۸ : قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰی (ہم نے کہا تم کچھ خوف نہ کرو بلاشبہ تم ہی سب پر غالب رہو گے) غالب وزبردست ہو گے۔

تا کید ' ... میں مبالغہ واضحہ ہے نمبرا۔ ان نمبر۲۔ انت۔ نمبر۳۔ حرف تعریف نمبر۴۔ لفظ اعلیٰ اور وہ غلبہ ظاہر ہے۔

## ان کے سوانگ کو نگل جائے گا:

۶۹ : وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ (اور تم جو کچھ تمہارے ہاتھ میں ہے اس کو ڈال دو۔) ان لوگوں نے جو کچھ جھوٹ بنایا۔ اس کو یہ نگل لے گی۔

قراءت: تَلْقَفُ لام اور فاء کے سکون اور قاف کی تخفیف کے ساتھ حفص نے پڑھا ہے۔ ابن ذکوان نے تَلَقَّفُ پڑھا ہے۔ باقی قراء نے تَلَقَّفْ پڑھا ہے۔

مَا صَنَعُوْا (جوانہوں نے بنایا ہے) جو کچھ جھوٹ بنایا اور کیا۔ مطلب یہ ہے تم اپنی لاٹھی پھینک دو وہ ان کی لاٹھیوں اور رسیوں کو نگل جائے گی۔ یہاں عصاک نہیں فرمایا کیونکہ وہ عصا باعظمت تھا۔ گویا اس طرح فرمایا گیا کہ تم ان کے سوانگ کی طرف بالکل توجہ نہ دو۔ اور اس کی پرواہ نہ کرو جو آپ کے سوانگ ہاتھ میں ہے یہ ان سے بہت بڑھ کر ہے۔ نمبر۲۔ تحقیر کے طور پر فرمایا کہ تم ان کی رسیوں اور لاٹھیوں کی کثرت کی طرف توجہ نہ کرو اس اکیلی چھوٹی سی چھڑی کو جو تمہارے دائیں ہاتھ میں ہے ڈال دو وہ تیرے رب کی قدرت سے اکیلی ہونے اور ان کی کثرت کے باوجود ان سب کو نگل جائے گی۔

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ (انہوں نے جو کارروائی کی ہے وہ جادو کا فریب ہے۔)

قراءت: کوفی نے سحر پڑھا ہے۔ مگر عاصم ان میں شامل نہیں۔ اس کا معنی ذی سحر ہوگا۔ جادو والا۔ نمبر۲۔ وہ جادو میں دن رات مشغول و مستغرق ہونے کی وجہ سے مجسمۂ سحر تھے۔

کید کا لفظ ہر دو قراءت کے لحاظ سے مرفوع پڑھا گیا ہے۔ اور مَا موصولہ ہے یا مصدر یہ ہے البتہ ساحر کو واحد لایا گیا ہے جمع ذکر نہیں کیا کیونکہ کلام میں مقصود جنسیت کا معنی ہے عددی معنی مقصود نہیں۔ اگر جمع لایا جاتا تو عدد کو مقصود سمجھ لیا جاتا جیسا اس قول میں ہے۔ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ (اور جادوگر کہیں کامیاب نہیں ہوتا) یہاں جنس ساحر مراد ہے۔ حَيْثُ اَتٰى (جہاں کہیں ہو)۔

۷۰ : پس موسیٰ علیہ السلام نے لاٹھی ڈال دی۔ اس نے ان کے سارے سوانگ کو نگل لیا۔ اس عظیم نشانی کو دیکھ کر وہ سجدہ میں گر گئے۔ اسی کو اس آیت میں ذکر فرمایا۔ فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا (جادوگر سجدہ میں گر گئے)

## اخفش کا قول:

انہوں نے چونکہ بہت جلد سجدہ کیا اس لئے فرمایا گویا وہ گرا دیے گئے۔ پس انکا معاملہ کتنا عجیب ہے کہ وہ حمایتِ کفر و مخالفت میں رسیاں اور لاٹھیاں ڈال رہے تھے۔ پھر ایک گھڑی کے بعد ان کے سر شکریہ کے ساتھ سجدہ میں پڑے ہوئے تھے پس دونوں القاؤں میں کتنا فرق ہے! روایت تفسیر یہ میں ہے کہ انہوں نے جنت اور اس کی منازل کو حالت سجدہ میں ملاحظہ کیا پھر سر اٹھا کر پکار اٹھے۔ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى (کہنے لگے ہم تو ہارون موسیٰ کے رب پر ایمان لے آئے۔) یہاں ھارون کو مقدم ذکر کیا گیا جبکہ سورۂ شعراء میں موخر کیا گیا فاصلہ کا لحاظ کیا گیا اور دوسری بات یہ ہے کہ واؤ ترتیب کو چاہتی نہیں۔

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

فرعون نے کہا اس سے پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں تم موسیٰ پر ایمان لے آئے بلاشبہ وہ تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے سو میں ضرور بالضرور اس طرح سے

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ

تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ دوں گا کہ ایک طرف کا ہاتھ ہوگا اور دوسری طرف کا پاؤں ہوگا اور ضرور بالضرور میں تمہیں کھجور کی ٹہنیوں میں لٹکا دوں گا۔ جیسے صلیب پر لٹکا دیا جاتا ہے اور تم ضرور

اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ۝۷۱ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ

جان لوگے کہ ہم میں کون سب سے زیادہ سخت عذاب والا ہے اور کس کا عذاب زیادہ دیرپا ہے۔ جادوگر کہنے لگے کہ ہمارے پاس جو کھلے ہوئے دلائل آئے ہیں ان کے مقابلہ میں اور اس ذات کے

فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝۷۲ؕ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا

مقابلہ میں جس نے ہمیں پیدا فرمایا ہے ہم تجھے ہرگز ترجیح نہیں دیں گے سو تو جو کچھ فیصلہ کرنے والا ہے وہ کر ڈال تو صرف اسی دنیا والی زندگی میں فیصلہ کرے گا بلاشبہ ہم اپنے رب پر ایمان لائے

لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝۷۳ اِنَّهٗ

تاکہ وہ ہماری خطاؤں کو بخش دے اور تو نے جو ہم سے زبردستی جادو کرایا اس کو بھی معاف فرما دے اور اللہ بہتر ہے اور ہمیشہ ہی باقی ہے۔ بلاشبہ بات یہ ہے

مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝۷۴ وَمَنْ يَّاْتِهٖ

کہ جو شخص اپنے رب کے پاس مجرم بن کر آئے گا سو اس کے لئے جہنم ہے نہ اس میں مرے گا اور نہ جئے گا اور اس کے پاس جو شخص مومن ہو کر

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝۷۵ۙ جَنّٰتُ عَدْنٍ

آئے گا جس نے نیک عمل کئے ہوں گے سو ان لوگوں کے لئے بلند درجات ہیں ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝۷۶ ع

جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی' وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ اس کی جزاء ہے جو پاک ہوا۔

## ساحروں کے ایمان پر فرعونی تقریر:

۷۱: قَالَ اٰمَنْتُمْ (فرعون نے کہا تم موسیٰ پر ایمان لے آئے)

قراءت: امنتم حفص نے بلا حد پڑھا ہے۔ اور بصری اور شامی، حجازی قراء نے ہمزۂ ممدودہ کے ساتھ پڑھا۔ دیگر قراء نے دو ہمزہ کے ساتھ۔ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ (اس پر اس سے پہلے کہ میں تمہیں اجازت دیتا) ہٗ کی ضمیر موسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔ محاورہ میں امن به اور امن له دونوں استعمال ہوتے ہیں۔

اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ (واقعہ وہ تم سے بڑا ہے جس نے تم کو سحر سکھایا ہے) کبیر کا معنی بڑا ہونے یا تمہارا استاذ ہونے کی وجہ سے ہے۔ اہل مکہ معلم کو کبیر کہتے ہیں اَمَرَنِیْ كَبِيْرِیْ میرے استاذ نے مجھے حکم دیا۔

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ (پس اب میں تم سب کے ہاتھ پاؤں ایک دوسرے کے برخلاف کٹواتا ہوں) قطع میں خلاف کا مطلب یہ ہے دایاں ہاتھ بائیں ٹانگ کیونکہ ہر عضو دوسرے کا مخالف ہے اس طرح کہ یہ ہاتھ اور وہ پاؤں یہ دایاں اور دوسرا بایاں۔

مِنْ یہ ابتدائیہ ہے کیونکہ قطع کی ابتداء کی جائے گی اور ایک سے دوسرے عضو کی مخالفت سے پیدا ہوگا۔ اور جار مجرور محلا منصوب ہیں۔ مطلب یہ ہے لا قطعنها مختلفات میں ان کو مختلف طور پر کاٹوں گا۔ کیونکہ جب وہ ایک دوسرے کے خلاف ہونگے تو اسی لئے اختلاف کے لفظ سے ان کی صفت بیان کر دی۔

نکتہ: آیت میں علی جزوع کی جگہ فی جزوع کہنے سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے۔ کہ میں تمہیں کھجور کے تنوں سے اس طرح پیوست کردونگا۔ جس طرح مظروف ظرف کے ساتھ پیوست ہوتا ہے۔ اسی لئے وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ کہا اور کھجور کا ذکر خاص طور پر اس لئے کیا کیونکہ کھجور کا تنا لمبا ہوتا ہے اور اس کے اوپر ٹہنیاں نہ ہونے کی وجہ سے اس کے ساتھ لٹکائی چیز نمایاں نظر آتی ہے۔

وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا (اور تمہیں یقیناً یہ بھی معلوم ہوا چاہتا ہے کہ ہم میں سے کس کا عذاب سخت ہے) جو میں تمہیں اس پر ایمان لانے کی بنا پر دوں گا۔ یا موسیٰ کا رب ایمان کو چھوڑنے پر دے گا۔

دوسرا قول اس سے اس نے اپنی ذات اور موسیٰ علیہ السلام کی ذات مراد لی۔ اس کی دلیل یہ آیت ہے آمنتم له اور ایمان کے لفظ کے ساتھ لام کا صلہ قرآن مجید میں غیر اللہ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا اس ارشاد میں ہے۔ یومن باللّٰه ویومن للمؤمنین [التوبہ:۶۱]

وَّ اَبْقٰی (اور دیرپا ہمیشگی والا ہے)

## ساحروں کا جواب:

۷۲: قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ (جادوگروں نے کہا ہم تجھ کو ہرگز ترجیح نہیں دیں گے) تمہیں ہرگز پسند نہ کریں گے۔ عَلٰی مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ (ان دلائل کے مقابلہ میں جو ہم کو میسر آچکے) وہ قطعی دلائل جو موسیٰ علیہ السلام کی سچائی پر دلالت کرتے ہیں۔ وَالَّذِیْ فَطَرَنَا اور اس ذات کے مقابلہ میں جس نے ہم کو پیدا کیا۔

نَحْو: اس کا عطف ما جاء نا پر ہے ای لن تختا رك علی الذی جاء نا ولا علی الذی خلقنا۔ ہم ہرگز تمہارا چناؤ نہ کریں گے اس ذات کے مقابلہ میں جس نے ہمیں پیدا کیا اور نہ ان دلائل کے مقابلہ میں جو ہمارے پاس آچکے۔ نمبر۲۔ یہ قسم ہے اور اس کا جواب لن نوثرك قسم سے مقدم آرہا ہے۔

فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ (پس تجھے جو فیصلہ کرنا ہے کر ڈال) تو جو بھی قطع ید وارجل اور صلیب کرنا چاہتا ہے کر ڈال۔ اقض کا

معنی اصنع ہے جیسا کہ شاعر ابوذوتب نے کہا و علیھما مسرودتان قضاھما ای صنعھما ان دونوں کو کردیا۔ نمبر۲۔ فیصلہ کے معنی میں ہے احکم ماانت حاکم تو فیصلہ کر جو تو کرنے والا ہے۔

اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا (تو سوائے اس کے کہ اس دنیوی زندگی میں کچھ کرے) اور کر ہی کیا سکتا ہے۔ یعنی اس دنیوی زندگی میں

نحو: الحیاۃ الدنیا کو ظرفیت کی وجہ سے نصب دیا گیا۔ ای انما تحکم فینا مدة حیاتنا۔ تو ہمارے متعلق فیصلہ اس دنیا کی زندگی کی مدت میں کر سکتا ہے۔

۷۳: اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِیَغْفِرَ لَنَا خَطٰیٰنَا وَمَاۤ (بلاشبہ ہم اپنے رب پر ایمان لے آئے تاکہ وہ ہماری خطائیں) اَكْرَهْتَنَا عَلَیْهِ مِنَ السِّحْرِ (اور جادو کو جس پر تو نے ہمیں مجبور کیا تھا وہ معاف فرمادے)

نحو: ما موصولہ ہے اور خطایانا پر عطف کی وجہ سے منصوب ہے۔ من السحر یہ حال ہے ما کا۔ روایت تفسیر یہ میں ہے کہ انہوں نے فرعون کو کہا ہمیں موسیٰ دکھاؤ جبکہ وہ سویا ہوا ہو۔ فرعون نے ایسا کر دیا انہوں نے دیکھا کہ آپ کی لاٹھی آپ کی حفاظت کر رہی ہے۔ وہ اسی وقت کہنے لگے یہ جادو نہیں۔ جادوگر جب سوجاتا ہے اس کا جادو ختم ہو جاتا ہے۔ رسوائی کے خوف سے انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ کرنے سے گریز کیا۔ مگر فرعون نے ان کو جادو دکھانے پر اور کرنے پر مجبور کیا۔

## شریعت سے ناواقفی بدبختی ہے:

غور کرو! ان کو ان کے علم سحر نے کیا فائدہ پہنچایا اور فرعون کو سحر کے متعلق جہالت نے کتنا نقصان پہنچایا۔ پس شریعت کا علم جب کسی کو میسر ہو تو وہ کتنا فائدہ دے گا اور اس سے محرومی کتنی بڑی بدبختی کو سمیٹ لائے گی۔ وَاللّٰهُ خَیْرٌ (اللہ تعالیٰ بہت ہی اچھے ہیں) اس کو ثواب دیتے ہیں جو اس کی اطاعت اختیار کرے۔

وَّ اَبْقٰی (اور بقاء والے ہیں) عذاب و سزا میں جو اس کی نافرمانی اختیار کرے۔ اس میں فرعون کی بات کی تردید ہے جو اس نے کہی ولتعلمن اینا اشد عذابا و ابقی [طٰہٰ:۷۱]

۷۴: اِنَّهٗ مَنْ یَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا (جو شخص بغاوت کا مجرم بن کر اپنے رب کے سامنے جائے گا) یعنی کفر کی حالت میں فَاِنَّ لَهٗ (پس بیشک اس کے لئے) یعنی مجرم کیلئے جَهَنَّمَ لَا یَمُوْتُ فِیْهَا (جہنم ہے کہ اس میں وہ نہ مرے گا) کہ اس کو موت سے استراحت میسر ہو وَلَا یَحْیٰی (نہ جیئے گا) ڈھب والی زندگی نہ ہوگی کہ آرام میسر ہو۔

۷۵: وَمَنْ یَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا (اور جو شخص اپنے رب کے ہاں مؤمن ہو کر حاضر ہوگا) یعنی ایمان پر اس کی موت آئے گی۔ قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ (جس نے نیک کام بھی کئے ہوں) ایمان لانے کے بعد فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰی (پس ان لوگوں کیلئے بڑے بڑے بلند درجات ہیں)۔

نحو: العُلٰی یہ العلیا کی جمع ہے۔

۷۶: جَنّٰتُ عَدْنٍ (ہمیشہ رہنے کے باغات)

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِىْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ راتوں رات میرے بندوں کو لے کر چلے جاؤ پھر ان کے لئے سمندر میں خشک راستہ

يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿٧٧﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ

بنا دینا نہ کسی کے تعاقب کا اندیشہ کرو گے اور نہ تمہیں کسی قسم کا خوف ہوگا سو فرعون نے ان کے پیچھے اپنے لشکروں کو چلا دیا پھر دریا سے انہیں اس چیز نے

الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿٧٨﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿٧٩﴾

ڈھانپ دیا جس چیز نے بھی ڈھانپا اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور ہدایت کی راہ نہ بتائی۔

نحو: یہ درجات سے بدل ہے۔

تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا (اس کے نیچے نہریں جاری ہونگی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے) خالدین کا معنی ہمیشہ ہے۔ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى (یہ اس کا بدلہ ہے جس نے اپنے کو پاک کر لیا) شرک سے اپنے آپ کو لا الہ الا اللّٰہ کے ذریعہ پاک کر لیا۔

ایک قول یہ تینوں آیات ان کے قول کی حکایت ہے۔ قول آخر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دی گئی ہے۔ حکایت نہیں اور یہ قول سب سے زیادہ بہتر ہے۔

## موسیٰ علیہ السلام کو رات کو نکلنے کا حکم:

۷۷: وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِىْ (اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ ہمارے ان بندوں کو راتوں رات لے جاؤ) جب اللہ نے فرعون اور اس کی قوم کو ہلاک کرنے کا ارادہ فرمایا تو موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ ان کو مصر سے راتوں رات نکالو اور ان کو سمندر کے راستہ پر لے جاؤ۔

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ (پھر ان کے لئے سمندر میں راستہ بنا دیا) مقرر کرانے کے لئے۔ یہ عرب کے قول ضرب له فی ماله سهمًا سے لیا گیا ہے کہ اس نے اپنے مال میں اس کا حصہ تجویز و مقرر کر دیا۔ يَبَسًا خشک! یہ مصدر ہے جو بطور صفت استعمال ہوا۔ کہا جاتا ہے يبس يَبْسًا و يُبسا (خشک ہوا خشک ہونا)۔ لَّا تَخٰفُ (تمہیں خطرہ نہ ہوگا۔) یہ اضرب کی ضمیر سے حال ہے ای اضرب لهم طريقًا غير خائف ان کے لئے سمندر میں ایک راستہ بنا دو جو بے خطر ہو۔

قراءت: حمزہ نے جواب قرار دیکر لاتَخَفْ پڑھا ہے۔ دَرَكًا (تعاقب کا) یہ ادراک سے اسم ہے۔ ای لا يدركك فرعون و جنوده ولا يلحقونك (فرعون اور اس کا لشکر نہ تمہیں پا سکے گا اور نہ آ کر پیچھے سے مل سکے گا)۔ وَّلَا تَخْشٰى (اور تمہیں نہ خوف ہوگا۔) ڈوبنے کا۔

قراءت: قرات حمزہ کے مطابق لاتخشى ہے جملہ مستانفہ ہے ای وانت لاتخشی نمبر ۲۔ یا الف زائد ہے۔ جیسا کہ اس آیت

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ

اے بنی اسرائیل ہم نے تمہیں تمہارے دشمن سے نجات دی اور تم سے ہم نے کوہ طور کی داہنی جانب کا وعدہ کیا

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝۸۰ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا

اور ہم نے تم پر من اور سلوٰی نازل کیا ' جو کچھ ہم نے تمہیں دیا اس میں سے پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اس میں حد سے آگے نہ

فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ۝۸۱ وَاِنِّيْ

بڑھو ورنہ تم پر میرا غصہ نازل ہو گا ' اور جس پر میرا غصہ نازل ہوا سو وہ گر گیا ' اور بلاشبہ میں

لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ۝۸۲

اسے بخشنے والا ہوں جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے پھر ہدایت پر قائم رہا۔

میں وتظنون باللّٰہ الظنونا [الاحزاب:۱۰]

موسٰیؑ ان کو لیکر رات کے اول حصے میں چل دیئے۔ انکی تعداد ستر ہزار تھی۔ دیگر مفسرین نے چھ لاکھ لکھی ہے مترجم انہوں نے فرعونیوں سے زیورات مانگ کر لئے تھے۔ فرعون نے اطلاع پا کر ۶ لاکھ قبطی فوج لیکر انکا پیچھا کیا۔ اور انکے نشانِ راہ پر چل دیئے۔ اسی کو فرمایا:

## غرق فرعون:

۷۸: فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ (فرعون نے انکا پیچھا اپنے لشکروں کے ساتھ کیا۔)

نحو: یہ حال ہے یعنی وہ ان کے پیچھے نکلا اس حال میں کہ اس کا لشکر ساتھ تھا۔

فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ (پس سمندر نے ان کو ڈھانپ لیا) ان کو سمندر سے وہ ملا مَا غَشِيَهُمْ (جو ان کو ملنا تھا) یہ کلمات ان جوامع الکلم میں سے ہیں۔ جو کہ الفاظ قلیل ہونے کے باوجود کثیر معانی پر مشتمل ہیں۔ ای غشیھم ما لا یعلم کنھه الا اللّٰہ عزو جل ان کو سمندر میں اس چیز نے ڈھانپ لیا جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کسی کو معلوم نہیں۔

۷۹: وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ (فرعون نے اپنی قوم کو بری راہ پر لگایا) سیدھی راہ سے ہٹا کر وَمَا هَدٰى (اور نیک راہ نہ بتائی) حق اور درست راستے کی طرف ان کی راہنمائی نہ کی۔ یہ فرعون کی اس بات کی تردید ہے جو اس نے بطور ادّعاء کہی تھی۔ وما اھدیکم الا سبیل الرشاد [غافر:۲۹]

۸۰: سمندر پار ہونے کے بعد بنی اسرائیل پر کئے جانے والے احسانات کا تذکرہ فرمایا۔ اور فرعون اور اس کے لشکروں کی ہلاکت کے بعد والے انعامات ذکر کئے۔ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (اے بنی اسرائیل!) یعنی ہم نے موسٰی علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں کو راتوں رات نکال لے جاؤ اور ہم نے کہا اے بنی اسرائیل گویا اس کا تعلق اَسْرِ بِعِبَادِيْ سے ہے۔

## ہلاکتِ فرعون کے بعد والے انعامات:

قَدْ اَنْجَیْنٰکُمْ مِّنْ عَدُوِّکُمْ (ہم نے تمہارے دشمن سے نجات دی)۔ عدو سے فرعون مراد ہے۔ وَوٰعَدْنٰکُمْ (اور ہم نے تم سے وعدہ لیا) کتاب دینے کا۔ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَیْمَنَ (طور کے دائیں جانب) اور اس کا قصہ اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے وعدہ کیا کہ طور پر آئیں۔ اور قوم کے ستر سر برآوردہ افراد بھی ساتھ لائیں تا کہ تورات عنایت کی جائے۔ ان کی طرف وعدے کی نسبت اس لئے کی گئی کیونکہ وہ وعدے ان کے پیغمبر اور نقباء سے لئے گئے۔ اور شریعت پر عمل پیرا ہونے سے حاصل ہونے والی منفعتیں انہی کو پہنچنے والی تھیں اور دینی فائدے انہی کو ملنے والے تھے۔

نحو: الا یمن منصوب ہے کیونکہ یہ جانب کی صفت ہے اور ایک قراءت میں جوار کی وجہ سے مجرور بھی پڑھا گیا۔

وَنَزَّلْنَا عَلَیْکُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی (اور ہم نے تم پر من وسلویٰ اتارا) میدان تیہ میں اور ہم نے تمہیں حکم دیا۔

۸۱: کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ ( تم نفیس چیزیں کھاؤ) حلال۔ مَارَزَقْنٰکُمْ (جو ہم نے تمہیں دی ہیں)

قراءت: انجیتکم وواعدتکم و رزقتکم کوفی نے عاصم کے علاوہ پڑھا ہے۔

وَلَا تَطْغَوْا فِیْهِ (اور اس میں حد شرعی سے مت گزرو) اس میں اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز مت کرو۔ کہ نعمتوں کی ناشکری کرنے لگو اور نعمتوں کو معاصی میں صرف کرنے لگو۔ نمبر۲۔ تم ایک دوسرے پر ظلم مت کرو۔

فَیَحِلَّ عَلَیْکُمْ غَضَبِیْ (ورنہ میرا غصہ تم پر اتر پڑے گا) غضب سے میری سزا مراد ہے۔ وَمَنْ یَّحْلِلْ عَلَیْهِ غَضَبِیْ فَقَدْ هَوٰی (اور جس شخص پر میرا غصہ واقع ہوتا ہے وہ بالکل گیا گزرا ہوا) ہلاک ہو گیا نمبر۲۔ ایسا گرا جس کے بعد اٹھ نہیں سکتا۔ الھویّ اس کی اصل یہ ہے پہاڑ سے گر کر ہلاک ہوا۔ اور حقیقی معنی یہ ہے کہ ایمان کی بلندی سے جہنم کے گڑھے میں جا گرا۔

قراءت: علی نے فیحل و یحلل پڑھا اور باقی قراء نے کسرہ سے۔ کسرہ کی صورت میں حل یحِل جبکہ اس کا ادا کرنا لازم ہو جائے سے ہوگا اور اس کے ضمن میں نزول کا معنی پایا جاتا ہے۔

۸۲: وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ ( اور میں ایسے لوگوں کو بڑا بخشنے والا ہوں جو توبہ کر لیں) توبہ سے مراد شرک سے توبہ کرنا ہے۔ وَاٰمَنَ (اور ایمان لے آئیں) اللہ تعالیٰ کو وحدہ لاشریک مانا اور جو اتارا گیا اس میں اس کی تصدیق کی وَعَمِلَ صَالِحًا (اور نیک عمل کریں) فرائض کو ادا کیا ثُمَّ اهْتَدٰی (پھر اسی راہ پر قائم رہیں) پھر استقامت اختیار کی اور مذکورہ ہدایت پر ثابت قدمی دکھائی اور اس کا حاصل تین چیزیں ہیں توبہ، ایمان، عمل صالح۔

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِىْ وَعَجِلْتُ

اور اے موسیٰ آپ کو کس چیز نے جلدی میں ڈالا کہ آپ اپنی قوم سے آگے بڑھ گئے انہوں نے عرض کیا وہ لوگ میرے پیچھے ہی ہیں اور اے رب میں آپ کی طرف

اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿۸۴﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ

جلدی آ گیا تاکہ آپ راضی ہوں فرمایا سو بلاشبہ ہم نے تمہارے بعد تمہاری قوم کو فتنہ میں ڈال دیا اور انہیں سامری نے گمراہ

السَّامِرِىُّ ﴿۸۵﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ

کر دیا۔ پھر موسیٰ اپنی قوم کی طرف غصہ میں بھرے ہوئے رنجیدہ حالت میں واپس ہوئے انہوں نے کہا کہ اے میری قوم کیا تمہارے رب نے تم سے

رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۗ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ

اچھا وعدہ نہیں فرمایا؟ کیا تم پر زیادہ زمانہ گزر گیا یا تم نے یہ چاہا کہ تم پر تمہارے رب کا غصہ نازل

مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِىْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ

ہو جائے سو تم نے جو مجھ سے وعدہ کیا تھا اس کی خلاف ورزی کی وہ کہنے لگے کہ ہم نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا اس کی خلاف ورزی اپنے اختیار سے نہیں کی لیکن بات یہ ہے کہ ہم پر

اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِىُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا

قوم کے زیوروں کے بوجھ لدے ہوئے تھے سو ہم نے ان کو ڈال دیا۔ پھر سامری نے اسی طرح ڈال دیا پھر اس نے لوگوں کے لئے ایک بچھڑا نکالا

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۙ فَنَسِىَ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ

جو ایک جسم تھا اس میں سے گائے کی آواز آ رہی تھی۔ سو وہ لوگ کہنے لگے کہ یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰ کا بھی معبود ہے سو وہ بھول گئے کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ان کی کسی بات کا

اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ ع وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ ع ۱۳/۴ ۱۴

جواب نہیں دیتا اور وہ ان کے لئے کسی ضرر اور نفع کی قدرت نہیں رکھتا اور بلاشبہ اس سے پہلے ہارون نے ان سے کہہ دیا تھا

يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِىْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِىْ ﴿۹۰﴾

کہ اے میری قوم اس کی وجہ سے تم فتنہ ہی میں ڈالے گئے ہو بلاشبہ تمہارا رب رحمان ہے سو تم میرا اتباع کرو اور میرے حکم کو مانو

## ستّر افراد کے ساتھ طور:

۸۳: وَمَآ اَعْجَلَكَ (اور کیا سبب ہے اے موسیٰ تمہارے جلدی آنے کا) کونسی چیز تمہیں جلدی لے آئی۔

عَنْ قَوْمِكَ یٰمُوْسٰی (اپنی قوم کو چھوڑ کر) ان ستر افراد کو جنہیں منتخب کیا گیا تھا اور اس کا واقعہ اس طرح ہے کہ وعدہ مقررہ پر موسیٰ علیہ السلام ان کو ساتھ لے کر کوہِ طور کی طرف تشریف لا رہے تھے۔ پھر کلام باری تعالیٰ کے شوق میں آپ ان سے آگے بڑھ کر پہلے طور پر پہنچ گئے۔ اور انہیں پیچھے چلے آنے کا حکم دیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وما اعجلك یعنی کس چیز نے جلد آنے کو تم پر لازم کردیا۔ نحو : یہ استفہام انکاری ہے اور ما مبتدا اور اعجلك اس کی خبر ہے۔

## آزمائشِ بنی اسرائیل:

۸۴: قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓی اَثَرِیْ (موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا وہ لوگ بھی تو میرے پیچھے پیچھے چلے آرہے ہیں) وہ میرے پیچھے ابھی مل رہے ہیں، میرے اور ان کے مابین کوئی زیادہ فاصلہ نہیں۔ پھر آگے جلدی آنے کا سبب ذکر کیا۔

وَعَجِلْتُ اِلَیْكَ رَبِّ ( اور میں آپ کے پاس جلدی اس لئے آیا) اس مقررہ وعدہ کے مطابق جو آپ نے فرمایا۔ لِتَرْضٰی ( تاکہ آپ راضی ہوں) تاکہ آپ مجھ سے زیادہ خوش ہو جائیں۔

نکتہ: اس میں دلیل ہے کہ اجتہاد جائز ہے۔

۸۵: قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ ( اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم نے تمہاری قوم کو ایک آزمائش میں مبتلا کردیا ہے) ہم نے ان کو ابتلاء میں ڈالا ہے۔ مِنْۢ بَعْدِكَ ( تمہارے بعد) تمہارے پہاڑ کی طرف روانہ ہونے اور ان سے نکلنے کے بعد۔ قوم سے یہاں وہ لوگ مراد ہیں جو حضرت ہارون کے ساتھ پیچھے تھے۔ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ (اور ان کو سامری نے گمراہ کیا) ان کو بچھڑے کی عبادت کی طرف دعوت دیکر اور ان کے اس کو قبول کر لینے کی بناپر۔

وجہ: السامرۃ بنی اسرائیل کے ایک قبیلہ کا نام ہے۔ اسی کی طرف یہ نسبت تھی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ کرمان کا ایک جاٹ تھا۔ اس نے بچھڑا بنایا۔ اس کا نام موسیٰ بن ظفر تھا اور یہ منافق شخص تھا۔

## موسیٰ علیہ السلام کی واپسی اور ان کی فہمائش:

۸۶: فَرَجَعَ مُوْسٰٓی (پس موسیٰ علیہ السلام لوٹے) اپنے رب سے مناجات کے بعد اِلٰی قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا (اپنی قوم کی طرف رنج سے بھرے ہوئے) انتہائی غصے میں نمبر ۲۔ انتہائی غم زدہ قَالَ یٰقَوْمِ اَلَمْ یَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا (کہا اے میری قوم کیا تمہارے ساتھ تمہارے رب نے اچھا وعدہ نہیں کیا) اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ فرمایا کہ ان کو تورات دی جائے گی جس میں ہدایت و نور ہے۔ اس میں ایک ہزار سورتیں تھیں۔ ہر سورت میں ایک سو آیات تھیں۔ اس کی کتابوں کو ستر اونٹ اٹھاتے تھے۔ اور اس سے زیادہ بہترین کوئی وعدہ نہیں (یہ اسرائیلی روایت عجیب ہے کہ تورات کی تختیاں تو ایک صندوق میں آگئیں اور جب کاغذوں پر لکھی گئی تو ستر اونٹ کا بوجھ بن گیا۔ فافہم وتدبر)

اَفَطَالَ عَلَیْكُمُ الْعَهْدُ ( کیا تم پر وعدہ کا زمانہ زیادہ گزر گیا تھا) تم سے میری جدائی کا زمانہ۔ العہد اس زمانے کو کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے طال عهدی بك ای طال زمانی بسبب مفارقتك تمہاری جدائی کے سبب لمبا زمانہ گزرا۔

اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ یَّحِلَّ عَلَیْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ( یا تم نے ارادہ کیا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب واقع ہو) تم نے ارادۃً

ایسا فعل کیا جس سے اللہ تعالیٰ کا غضب تم پر لوٹے۔ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ (پس تم نے میرے وعدے کی خلاف ورزی کی) انہوں نے جاتے وقت وعدہ کیا تھا کہ وہ ان کے حکم کی خلاف ورزی نہ کریں گے۔ اور جس ایمان پر انہوں نے چھوڑا ہے وہ اس پر قائم رہیں گے۔ مگر انہوں نے بچھڑا بنا کر اس کے حکم کی خلاف ورزی کی۔

۸۷: قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا (انہوں نے کہا ہم نے آپ کے وعدہ کی خلاف ورزی اپنے اختیار سے نہیں کی)۔

قراءت: بِمَلْكِنَا میم کے فتحہ سے مدنی اور عاصم نے پڑھا جبکہ حمزہ، علی نے ضمہ سے بمُلکنا اور باقی قراء نے کسرہ سے پڑھا یعنی ہم نے آپ کے وعدہ کی خلاف ورزی اس طرح نہیں کی کہ ہمیں اپنے معاملے میں اختیار حاصل تھا۔ یعنی اگر ہم اپنے معاملے کے مالک ہوتے۔ اور آزاد ہوتے اور سوجھ رکھتے تو ہم خلاف ورزی نہ کرتے۔ لیکن ہم سامری کی جانب سے مغلوب ہو گئے اور اس کے مکروفریب سے مسحور ہو گئے (اور اپنے نفس پر قابو نہ رہا اور باوجود بااختیار ہونے کے بے اختیار ہو گئے مترجم)

وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ (ہم پر لدا ہوا تھا) قراءت: یہ لفظ ضمہ اور تشدید کے ساتھ آیا ہے۔ حجازی، شامی، حفص نے پڑھا ہے۔ دیگر قراء نے حاء کے فتحہ اور تخفیف میم کے ساتھ پڑھا۔

اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ (بوجھ قوم کے زیور کا) اَوْزَار قبطیوں کے زیور کا بوجھ۔ نمبر۲۔ گناہ و جرائم تھے کیونکہ وہ زیورات انہوں نے مصر سے نکلنے کی رات استعارۃً لئے تھے کہ کل عید ہے سامری نے کہا موسیٰ علیہ السلام اس کے حرام ہونے کی نحوست سے دس دن روک لئے گئے کیونکہ وہ ان کے لئے مستامنین کی طرح تھے جو دارالحرب میں ہو۔ اور مستأمن کو حربی کافر کا مال لینے کی اجازت نہیں اور اس طور پر بھی کہ غنائم کا مال بنی اسرائیل کے لئے حلال نہ تھا۔ پس اس کو جلانے کیلئے انہوں نے آگ میں ڈال دیا۔ اس نے آگ کے گڑھے میں بچھڑے کا قالب رکھ دیا۔ پس وہ کھوکھلا بچھڑے کا جسم پگھل کر بن گیا۔ اس کے سوراخوں میں جو رگوں کی طرح تھے ہوا داخل ہو کر ڈھکارنے کی آواز پیدا ہو جاتی ہے۔

دوسرا قول فرعون اور اس کے لشکر کے ڈوبنے کے وقت اس نے جبرئیل علیہ السلام کے گھوڑے کے قدموں کی مٹی لے لی۔ اور وہ اس میں ڈال دی۔ وہ زندگی کا گھوڑا تھا۔ پس بچھڑے میں زندگی کا اتنا اثر آ گیا کہ وہ ڈھکارنے لگا۔ بنی اسرائیل کی طبائع اس سونے کی طرف مائل ہوئیں پس اس کی عبادت کرنے لگے۔

## سامری کی شرارت:

فَقَذَفْنٰهَا (پس ہم نے زیور پھینک دیا) سامری کے اس گڑھے والی آگ میں جس میں اس نے پھینکنے کا حکم دیا تھا۔ فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ (پس اسی طرح سامری نے بھی گڑھے میں اپنا زیور ڈال دیا) جو اس کے پاس تھا۔ نمبر۲۔ اس کے ساتھ جبرئیل علیہ السلام کے گھوڑوں کے قدموں کی خاک اس میں ڈال دی۔ (شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ نے لطیفہ لکھا کہ سونا کافروں کا حرام مال تھا۔ برکت والی مٹی پڑنے سے ایک عجوبہ بن گیا۔ ایسی چیزوں سے بچنا چاہئے یہ دین کو خراب کرتی ہیں۔)

۸۸: فَاَخْرَجَ لَهُمْ (پھر اس نے ظاہر کیا) سامری نے اس حفرہ نار میں سے عِجْلًا (بچھڑا)۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے اس پگھلے ہوئے زیور سے ان کی آزمائش کیلئے پیدا کر دیا تھا۔ جَسَدًا (ایک قالب) لَّهٗ خُوَارٌ (جس میں ڈھکارنے کی آواز تھی۔) وہ بچھڑوں کی

قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ

وہ کہنے لگے کہ ہم ضرور ضرور اسی پر جمے رہیں گے جب تک ہمارے پاس موسیٰ واپس نہ آئے' موسیٰ نے کہا کہ اے ہارون جب تم نے انہیں دیکھا

ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ

کہ گمراہ ہوگئے تو کس چیز نے تمہیں اس بات سے روکا کہ تم میرے پاس چلے آئے۔ سو کیا تم نے میرے کہنے کے خلاف کیا۔ ہارون نے کہا اے میرے ماں جائے تم میری داڑھی اور میرا سر نہ پکڑو

اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾

بلاشبہ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ آپ یوں کہیں گے کہ تم نے بنی اسرائیل میں تفریق ڈال دی اور میری بات کا انتظار نہ کیا۔

طرح ڈھکارتا تھا۔ فَقَالُوْا (سامری اور اس کے پیرو کہنے لگے۔) هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى (یہ تمہارا اور موسیٰ کا معبود ہے۔) عام لوگوں نے اس کی بات مان لی مگر بارہ ہزار صرف صحیح بات پر قائم رہے۔

فَنَسِيَ (پس وہ بھول گیا یعنی موسیٰ اپنے رب کو یہاں بھول کر چھوڑ گیا۔) اور اس کی طلب میں طور پر چلا گیا۔ نمبر۲: اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ ابتدائے کلام ہے کہ سامری اپنے رب کو بھول گیا اور اس پر ظاہری ایمان کو چھوڑ دیا۔ نمبر۳۔ سامری اس استدلال کو بھول گیا کہ بچھڑا معبود نہیں بن سکتا اللہ تعالیٰ کے اس قول کی وجہ سے افلا یرون الا یرجع الیھم قولا۔

۸۹: اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ (کیا وہ اتنا نہیں دیکھتے کہ وہ جواب نہیں دے سکتا) ای انہ لا یرجع

نحو: ان مخففہ من المثقلہ ہے اور ضمیر شان محذوف ہے۔ یہ اَنْ ناصبہ مصدریہ نہیں اِلَيْهِمْ قَوْلًا (ان کی کسی بات کا) ان کو جواب نہیں دیتا۔

وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا (اور نہ ہی ان کو کسی نفع و نقصان کی قدرت رکھتا تھا) یعنی وہ خطاب، نقصان، نفع سے عاجز ہے۔ پس انہوں نے اس کو معبود کا درجہ کیسے دے لیا۔

ایک قول یہ ہے کہ اس نے ڈھکارا بھی صرف ایک ہی مرتبہ۔

۹۰: وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ (اور ان سے کہہ چکے تھے) بچھڑے کے پوجاریوں سے هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ (ہارون علیہ السلام اس سے پہلے) موسیٰ علیہ السلام کی واپسی سے پہلے۔ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ (اے میری قوم کے لوگو! تم اس بچھڑے کی وجہ سے فتنے میں ڈالے گئے ہو) بچھڑے کی وجہ سے تمہاری آزمائش کی گئی ہے پس اس کی عبادت مت کرو۔ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ (بیشک تمہارا رب رحمان ہی ہے) نہ کہ یہ بچھڑا فَاتَّبِعُوْنِيْ (پس تم میری راہ پر چلو) تم میرے اس دین کو اختیار کرو جو کہ برحق ہے۔ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ (اور میرا کہا مانو) بچھڑے کی پوجا ترک کر دو۔

۹۱: قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ (انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو اس کی پوجا پر برابر جمے بیٹھے رہیں گے) ہم بچھڑے کی پوجا پاٹ پر برابر قائم و ثابت رہیں گے۔ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى (یہاں تک کہ ہماری طرف موسیٰ لوٹ کر آئیں)۔ پس ہم

دیکھیں گے کہ آیا وہ اس کی پوجا کرتے ہیں جیسا ہم کررہے ہیں اور آیا سامری نے سچ کہا یا جھوٹ بولا ہے۔؟

## ہارون علیہ السلام سے باز پُرس:

۹۲: جب موسیٰ علیہ السلام واپس لوٹ آئے۔ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَامَنَعَكَ اِذْرَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْا (موسیٰ نے کہا اے ہارون جب تم نے دیکھا تھا کہ یہ بالکل گمراہ ہو گئے۔ تم کو کس بات نے روکا) جب ان کو بچھڑے کی پوجا کرتے گمراہ ہوتے دیکھا۔

۹۳: اَلَّا تَتَّبِعَنِ (میرے پیچھے چلے آنے سے)

قراءت: مکی نے وقف وصل میں یاء کے ساتھ پڑھا ہے۔ الاتتبعنی اور وقف ووصل میں ابوعمرو اور نافع نے ان کی موافقت کی اور دیگر قراء نے بغیر یاء کے پڑھا ہے۔

مطلب یہ ہے تمہیں کونسی بات مانع بنی میرے پیچھے آنے سے جبکہ مانع اور داعی میں گہرا تعلق ہے جو کسی چیز سے مانع ہوتا ہے۔ اور وہ اس چیز کو ترک کرنے کا داعی ہوتا ہے۔ اسی لئے بعض لوگوں نے منع کا مجازی معنی دعٰی کیا کہ کس چیز نے تم کو میری اتباع نہ کرنے پر آمادہ کیا۔

ایک قول یہ ہے کہ لا زائدہ ہے مطلب یہ ہے کہ کونسی چیز مانع بنی میری اتباع سے جبکہ انہوں نے تیری بات کو قبول نہ کیا۔ کہ تو مجھے آملتا اور اطلاع دیتا۔ یا اللہ تعالیٰ کی خاطر ناراض ہونے میں میری اتباع کرنے سے تمہیں کونسی چیز مانع بنی؟ اور ایمان والوں کو ساتھ لیکر منکرین کے ساتھ قتال کیوں نہ کیا اور تم نے معاملے کا فوری تدارک کیوں نہ کیا جیسا کہ میں اس کو دیکھ کر فوری تدارک کر رہا ہوں۔ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِىْ (کیا تم نے میرے کہنے کے خلاف کیا) وہ جو میں نے تمہیں ان کی مصلحتوں کا خیال رکھنے کا حکم دیا تھا۔

۹۴: پھر اپنے دائیں ہاتھ سے ان کے سر کے بال اور بائیں سے ڈاڑھی پکڑی۔ اللہ تعالیٰ کی خاطر غیرت اور غصہ کی وجہ سے اور ان پر انکار کرتے ہوئے۔ قَالَ يَبْنَؤُمَّ (کہا اے میرے ماں جائے)

قراءت: شامی اور کوفی نے سوائے حفص کے میم کے کسرہ سے پڑھا ہے۔

## ہارون علیہ السلام حقیقی بھائی تھے:

حضرت ہارون علیہ السلام جمہور علماء کے نزدیک حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حقیقی بھائی تھے۔ مگر ماں کا تذکرہ دل میں رقت وشفقت پیدا کرنے کیلئے کیا۔ لَاتَاْخُذْ بِلِحْيَتِىْ وَلَا بِرَاْسِىْ (تم میرے ڈاڑھی اور سر کے بال مت پکڑو) پھر اپنا عذر پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ اِنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ (مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ تم کہنے لگو) جبکہ میں ان سے قتال کرتا اور کچھ میرے ساتھ دیتے کچھ مخالفت کرتے۔ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ (تو نے بنی اسرائیل کے درمیان تفریق کر دی) یا میں ڈرا کہ تم کہو گے کہ تم نے ان کے دو فرقے بنا دیے۔ ایک گروہ میرے ساتھ مل جاتا اور دوسرا سامری کی اتباع کرتا اس طرح مستقل گروہ بندی ہو جاتی۔ وَلَمْ تَرْقُبْ (اور تو نے انتظار نہیں کیا) تم نے لحاظ نہیں رکھا۔ قَوْلِىْ (میری بات کا) وہ بات یہ تھی اخلفنی فی قومی واصلح [الاعراف:۱۴۲]

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً

موسیٰ نے کہا اے سامری تیرا کیا حال ہے اس نے کہا کہ میں نے وہ چیز دیکھی جو ان لوگوں نے نہیں دیکھی' سو میں نے فرستادہ کے نقش سے ایک

مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ

مٹھی اٹھا لی میں نے اس مٹھی کو ڈال دیا اور میرے نفس نے مجھے یہی بات اچھی کر کے دکھائی' موسیٰ نے کہا بس تو چلا جا سو تیرے لئے

فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ

زندگی میں یہ سزا ہے کہ تو یوں کہتا پھرے گا کہ مجھے کوئی نہ چھوئے' اور بلاشبہ تیرے لئے ایک وعدہ ہے جو ٹلنے والا نہیں ہے اور تو اپنے معبود کو دیکھ لے

الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ

جس پر تو جما ہوا تھا ہم ضرور ضرور اسے جلا دیں گے پھر اسے دریا میں اچھی طرح بکھیر دیں گے۔ تمہارا معبود اللہ ہی ہے

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾

جس کے علاوہ کوئی ایسا نہیں جس کی عبادت کی جائے۔ وہ اپنے علم سے تمام چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

مَسْئَلَہ: اس آیت میں دلیل ہے کہ اجتہاد جائز ہے۔

## سامری سے باز پُرس:

۹۵: موسیٰ علیہ السلام کی طرف اس کی حرکت کا انکار کرتے ہوئے فرمانے لگے۔ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ (کس چیز نے تجھے اس حرکت پر آمادہ کیا)۔ يٰسَامِرِيُّ اے سامری؟

۹۶: قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ (اس نے کہا مجھے ایسی چیز نظر آئی تھی جو دوسروں کو نظر نہ آئی تھی)

قراءت: حمزہ وعلی نے تبصروا تاء سے پڑھا ہے۔

قول زجاجؒ بصر کا معنی عَلِمَ اور اَبْصَرَ کا معنی نظر آتا ہے۔ یعنی مجھے اس چیز کا علم تھا جس کا بنی اسرائیل کو علم نہ تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا وہ کیا بات تھی؟ اس نے کہا میں نے جبرئیل علیہ السلام کو زندگی کے گھوڑے پر سوار دیکھا میرے دل میں یہ بات آئی کہ میں اس کے نشان راہ سے مٹھی بھر خاک لے لوں۔ جس چیز میں میں وہ مٹی ڈالوں گا اس میں روح، گوشت، خون پیدا ہو جائے گا۔

فَقَبَضْتُ قَبْضَةً (پھر میں نے ایک مٹھی بھر اٹھالی تھی) القبضة ایک مرتبہ مٹھی بھرنا۔ اس کا اطلاق ہاتھ میں آنے والی مقدار پر ہوتا ہے مفعول کو مصدر کا نام دے دیا گیا جیسے ضَرْبُ الا میر اے مضروب۔

قراءت: قبصْت قبصَة صاد سے پڑھا گیا۔ فرق یہ ہے کہ ضاد سے تمام ہتھیلی وانگلیاں سمیت بھرنا اور صاد سے انگلیوں کی

اطراف سے اٹھانا۔ مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ (فرستادۂ خداوندی کے نقش پا سے) یعنی مِنْ اَثَرِ فَرَسِ الرَّسُوْلِ ۔قاصد کے گھوڑے کے نشانہائے قدم سے۔ فَنَبَذْتُھَا (پس میں نے وہ خاک بچھڑے میں ڈال دی) بچھڑے کے پیٹ میں ڈال دی۔ وَ کَذٰلِكَ سَوَّلَتْ (اور اسی طرح پسند آئی) میرے نفس نے میرے لئے یہ بات مزین کی۔ لِیْ نَفْسِیْ (میرے جی نے میرے لئے) کہ میں اس کو کروں پس میں نے اپنی خواہش پر چلتے ہوئے کر ڈالی۔ اس میں غلطی کا اعتراف اور معذرت ہے۔

۹۷: قَالَ (اس کو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا): فَاذْھَبْ (تو بس چلا جا) ہمارے درمیان دھتکارا ہوا۔ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ (تیرے لئے اس دنیا کی زندگی میں جب تک تو زندہ رہے گا)۔ اَنْ تَقُوْلَ (کہ تو کہتا پھرے گا) جو تجھ سے ملنا چاہے گا۔ اور اس سے تیرے متعلق علم نہ ہوگا۔ لَا مِسَاسَ (چھونا نہیں) مجھے کوئی ہاتھ نہ لگائے اور نہ میں اس کو ہاتھ لگاؤں گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو اس کے ساتھ میل جول سے مکمل طور پر منع فرما دیا اور اس پر ان سے ملنا حرام کر دیا اور گفتگو بند کر دی۔ خرید و فروخت ناجائز قرار دی۔ جب کسی کے ساتھ اتفاقاً ہاتھ لگ جاتا تو چھونے والے اور سامری دونوں کو بخار چڑھ جاتا۔ چنانچہ وہ جنگل میں چیختا پھرتا۔ لامساس لامساس لامساس۔

بعض کہتے ہیں اس کی اولاد میں یہ اب تک موجود ہے۔

ایک قول یہ ہے موسیٰ علیہ السلام نے اس کے قتل کا ارادہ فرمایا مگر اللہ تعالیٰ نے اس کی سخاوت کی وجہ سے اس سے منع فرما دیا۔

وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ (اور تیرے لئے ایک اور مقررہ وعدہ ہے جو تجھ سے ہرگز نہ ٹلے گا) اللہ تعالیٰ تیرے متعلق کئے گئے وعدہ کی خلاف ورزی ہرگز نہ فرمائیں گے جو اس نے شرک اور فساد فی الارض کے سلسلہ میں کر رکھا ہے۔ وہ آخرت میں تیرے حق میں پورا کرے گا اور یہ دنیا کی سزا اس سے زائد ہے۔

قراءت: مکی اور ابو عمرو نے لن تخلِفه پڑھا ہے۔ اور یہ اخلفت الموعد سے لیا گیا ہے۔ جب کہ تم اس کے خلاف پاؤ۔

## سامری کے معبود کا حشر:

وَانْظُرْ اِلٰٓی اِلٰھِكَ الَّذِیْ ظَلْتَ عَلَیْهِ (اور تو اپنے اس معبود کو دیکھ جس کی عبادت پر تو جما بیٹھا تھا) ظَلْت اصل میں ظَلَلْتَ ہے پہلی لام کو تخفیف کی وجہ سے حذف کر دیا۔ عَاکِفًا (ٹھہرنے والا) لَنُحَرِّ قَنَّهٗ (ہم ضرور اس کو آگ سے جلا کر راکھ کر دیں گے۔) ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ (پھر اس کی راکھ کو بکھیر دیں گے) فِی الْیَمِّ نَسْفًا (دریا میں بکھیرنا)۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس کو جلوا دیا اور سمندر میں اس کی راکھ بکھیر دی گئی۔ بعض نے سمندر کا پانی جا پیا کیونکہ بچھڑے کی محبت ان کے دل میں رچی بسی تھی۔ مگر ان کے ہونٹوں پر بطور علامت سونے کی زردی ظاہر ہوگئی۔

۹۸: اِنَّمَآ اِلٰھُكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَسِعَ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا (حقیقت میں تمہارا معبود صرف وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا علم ہر چیز پر وسیع ہے) علمًا یہ تمیز ہے یعنی اس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے۔

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾ مَنْ

اسی طرح ہم آپ سے گزشتہ واقعات کی خبریں بیان کرتے ہیں اور ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ایک نصیحت نامہ دیا ہے' جس شخص نے

اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿۱۰۰﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اس سے اعراض کیا سو بلاشبہ وہ قیامت کے دن بھاری بوجھ لادے گا۔ ایسے لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے دن ان لوگوں کے لئے

حِمْلًا ﴿۱۰۱﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿۱۰۲﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ

برا ہوگا جس روز صور پھونکا جائے گا اور اس دن ہم مجرمین کو اس حالت میں جمع کریں گے ان کی آنکھیں نیلی ہوں گی' وہ آپس میں چپکے چپکے باتیں کرتے ہوں گے

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ

کہ تم لوگ صرف دس دن رہے ہو' ہم خوب جانتے ہیں جس چیز کے بارے میں وہ بات کریں گے جبکہ ان میں سب سے زیادہ صحیح رائے رکھنے والا یوں کہے گا کہ

ع ۱۵/۱۴ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿۱۰۴﴾

تم تو بس ایک ہی دن ٹھہرے ہو۔

۹۹: كَذٰلِكَ کاف محلاً منصوب ہے ای مثل ما اقتصصنا علیك قصة موسٰی وھارون جیسے ہم نے تمہیں موسیٰ و ہارون کا
واقعہ بیان کیا۔ اسی طرح نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ (ہم تم سے واقعات گزشتہ کی کچھ خبریں بیان کرتے ہیں۔)
گزشتہ امتوں کے واقعات و حالات تاکہ وضاحت اور زیادہ ہو جائے اور آپ کے معجزات بھی زیادہ ہو جائیں۔ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ
(اور ہم نے ہی آپ کو دیا ہے۔) مِنْ لَّدُنَّا (اپنے پاس سے) ذِكْرًا (ایک نصیحت نامہ) ذکر سے قرآن مجید مراد ہے۔ یہ سب
سے عظیم تر ذکر ہے اور قرآن کریم ایسا ہے۔ جو اس کی طرف متوجہ ہو اس کے لئے اس میں نجات ہے یہ واقعات، حالات پر مشتمل
ہے جن میں حقیقی فکر و سوچ اور عبرت پائی جاتی ہے۔

## قرآن سے مُنہ موڑنے والے کا حکم:

۱۰۰: مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ (جو لوگ اس سے منہ موڑیں گے) اس قرآن سے جو کہ ذکر ہے اور اس پر ایمان نہ لائیں گے۔ فَاِنَّهٗ
يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا (وہ قیامت کے دن بھاری بوجھ اٹھائیں گے) سخت عذاب۔ اس کو بوجھ کا نام دیا کیونکہ انکا انجام بھی
بوجھ کے مشابہہ ہے۔ اور اس کے نتیجہ میں جو صعوبات پیش آئیں گی وہ بھاری بوجھ کی طرح ہیں جو کہ کمر کو توڑنے والا ہوگی۔ اور
اس کا گناہ بھی اس کی پیٹھ پر ڈالا جائے گا۔ نمبر۲۔ اس وجہ سے کہ گناہ کا بدلہ ہے۔
۱۰۱: خٰلِدِيْنَ (وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہونگے) یہ يَحْمِلُ کی ضمیر سے حال ہے۔ معنٰی کا لحاظ کر کے جمع لائے اور فَاِنَّهٗ میں لفظ
مَن کا لحاظ کر کے واحد لائے۔ فِيْهِ (اس میں بوجھ میں) بوجھ کی جزاء یعنی عذاب میں وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا (اور

قیامت کے دن یہ بوجھ ان کے لئے بہت برا ہوگا ) ساءَ یہ بئس کے حکم میں ہے۔اور اس میں ضمیر مبہم ہے جس کی تفسیر حملاً بطور تمیز کر رہا ہے۔لھم میں لام بیانیہ ہے جیسا کہ ھیت لك [یوسف:۲۳] میں ہے۔ساء کا مخصوص بالذّم محذوف ہے۔کیونکہ پہلے آنے والا الوزر اس پر دلالت کر رہا ہے۔تقدیر عبارت یہ ہے ساء الحمل حملاً وزرھم۔

## قیامت کا ایک منظر:

۱۰۲: یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ (جس روز صور میں پھونک ماردی جائے گی)

نحو: یوم ینفخ یہ یوم القیامۃ سے بدل ہے۔

قراءت: ابوعمرو نے ننفخ پڑھا ہے۔

الصور نمبر ا۔قرن سینگ کو کہتے ہیں۔نمبر۲۔جمع صورۃ ہے۔صورتوں میں ارواح پھونک دیں گے۔اس کی دلیل قتادہ کی قراءت ہے۔فی الصُور میں واو کا فتحہ جمع صورۃ ہے۔وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَئِذٍ زُرْقًا (اور ہم مجرمین کو اس دن اٹھائیں گے اس حال میں کہ ان کی آنکھیں نیلی ہونگی) زُرقًا یہ حال ہے یعنی اندھی آنکھوں والا جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایاو نحشرھم یوم القیامۃ علی وجوھھم عمیا [الاسراء:۹۷] اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جس کی آنکھ سے روشنی جاتی رہے اس کی آنکھ کی سیاہی ختم ہوکر نیلی ہوجاتی ہے۔

۱۰۳: یَتَخَافَتُوْنَ (وہ چپکے چپکے باتیں کرتے ہوں گے) بَیْنَھُمْ (آپس میں) اس دن کے ہول و ڈر کی وجہ سے وہ ایک دوسرے سے چپکے باتیں کریں گے۔اِنْ لَّبِثْتُمْ (تم دنیا میں نہیں ٹھہرے۔)

اِلَّا عَشْرًا (مگر دس راتیں) قبور میں قیام کی مدت کو قلیل قرار دیں گے۔نمبر۲۔دنیا میں قیام کے زمانہ کو تھوڑا کر کے بتلائیں گے۔کیونکہ وہ وہاں ایسی سختیاں دیکھیں گے جو انہیں نعمتوں اور سرور کے ایام یاد دلائیں گی۔وہ ان ایام پر افسوس کریں گے اور ان کو بہت قلیل بتلائیں گے اس لئے کہ خوشی کے دن ہوتے ہی تھوڑے ہیں نمبر۳۔کیونکہ وہ دن ان سے کھو چکے ہونگے اور گزری چیز خواہ طویل المدت ہو۔مگر ختم ہونے کی وجہ سے قصیر ہوتی ہے۔نمبر۴۔آخرت کو جھانک لینے کی وجہ سے کیونکہ وہ ابدی ہے اس کے مقابلہ میں دنیا کی عمر کو حقیر و چھوٹا قرار دیں گے۔اور دنیا میں رہنے والوں کی مدت آخرت کے قیام کے مقابلہ میں قلیل قرار دی جائے گی۔اللہ تعالیٰ نے ان میں سے اس کے قول کو راجح قرار دیا ہے جو ان میں سب سے قلیل قرار دیتا ہے فرمایا:

۱۰۴: نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَقُوْلُوْنَ اِذْ یَقُوْلُ (ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہہ رہے ہیں جبکہ ان میں سے) اَمْثَلُھُمْ طَرِیْقَۃً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا یَوْمًا (صاحب الرائے اس طرح کہتا ہوگا۔تم تو ایک ہی روز رہے) امثل کا معنی معتدل و درست رائے والا۔طریقۃ بمعنی قول ہے۔جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا: قالو البثنا یومًا او بعض یوم فسئل العادین [المؤمنون:۱۱۳]

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لَّا تَرٰى

اور وہ لوگ آپ سے پہاڑوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' سو آپ فرما دیجئے کہ میرا رب ان کو بالکل اڑا دے گا' پھر زمین کو ایک ہموار میدان بنا دے گا۔ اے مخاطب تو

فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ

اس میں کوئی ناہمواری اور کوئی بلندی نہیں دیکھے گا' جس روز بلانے والے کا اتباع کریں گے اس کے سامنے کوئی ٹیڑھا پن نہیں ہوگا اور رحمٰن کے لئے آوازیں پست

لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ

ہو جائیں گی سوائے مخاطب تو پاؤں کی آہٹ کے سوا کچھ نہ سنے گا' جس دن شفاعت نفع نہ دے گی مگر اسی کو جس کے لئے رحمٰن نے اجازت دی

وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَعَنَتِ

اور جس کے لئے بولنا پسند فرمایا۔ وہ جانتا ہے جو ان کے پہلے احوال تھے' اور ان لوگوں کا علم اس کا احاطہ نہیں کر سکتا' اور تمام چہرے

الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۗ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ

حی و قیوم کے لئے جھک جائیں گے اور جو شخص ظلم اٹھا کر لے گیا ہو وہ ناکام ہوگا' اور جس شخص نے مومن ہونے کی حالت میں اچھے

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾

عمل کئے سوائے کسی طرح کے ظلم کا اور کسی کمی کا اندیشہ نہ ہوگا۔

## پہاڑوں کے متعلق سوال و جواب:

۱۰۵: وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ (آپ سے پہاڑوں کے متعلق سوال کرتے ہیں) کفار نے نبی اکرمؐ سے دریافت کیا کہ قیامت کے دن پہاڑوں کا کیا بنے گا۔ دوسرا قول یہ ہے کسی نے سوال نہیں کیا بر تقدیر سوال جواب کی تعلیم کی گئی ہے کہ اگر وہ آپ سے سوال کریں تو کہہ دیں اسلئے فاء سے فرق کیا گیا بخلاف دیگر سوالات کے وہاں فاء نہیں لائی گئی جیسا اس قول میں ویسئلونك عن المحيض قل هو اذى (البقرہ:۲۲۲) ويسئلونك عن اليتامٰى قل اصلاح لهم خير [البقرہ:۲۲۰] ويسئلونك عن الخمر والميسر قل فيهما اثم كبير [البقرہ:۲۱۹] يسئلونك عن الساعة ايان مرسها قل انما علمها عند ربى [الاعراف:۱۸۷] ويسئلونك عن الروح قل الروح من امر ربى [الاسراء:۸۵] ويسئلونك عن ذى القرنين قل سأتلوا [الکہف:۸۳] غرضیکہ ان تمام مقامات میں سب سے پہلے سوالات کیے گئے پھر جوابات وارد ہوا۔ ان میں شرط کا معنی نہ تھا اسلئے فاء نہیں لائی گئی۔

يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا (میرا رب ان کو اڑا دے گا اڑانا) ان کو ریت کی طرح کر دے گا۔ پھر ہوائیں بھیج کر ان کو متفرق کر دے گا۔ جیسا کہ غلہ کو متفرق کیا جاتا ہے۔ قول خلیلؒ یہ ہے کہ ان کو جڑ سے اکھاڑ دے گا۔

۱۰۶: فَيَذَرُهَا (پھران کے مقامات کوتبدیل کر دے گا۔) نمبر۲۔ ھاء کی ضمیر کا مرجع الارض کو معلوم ہونے کی بنا پر بنایا جائے۔ جیسا اس آیت میں ماترك علی ظهر ها [فاطر:۴۵] قَاعًا صَفْصَفًا (ہموار زمین چٹیل میدان۔)

۱۰۷: لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَ جًا (تمہیں اس میں ناہمواری دکھائی نہ دے گی) عوجا: جھکاؤ۔ ٹیڑھ۔ وَّ لَآ اَمْتًا (نہ ٹیلہ) بلندی العوج کالفظ کسرہ سے معانی میں ہی استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ مفتوح کالفظ اعیان میں ہی آتا ہے اور زمین تو اعیان میں سے ہے۔ مگر اس کے لئے لفظ معانی والا استعمال ہوا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب زمین اس قدر برابر کر دی جائے کہ اس میں ذرا ابھر ٹیڑھ نہ رہے خواہ کتنے آلات سے جائزہ لیا جائے تو پھر یہ معانی کے قائم مقام بن گئی۔

۱۰۸: يَوْمَئِذٍ (اس دن)۔ اس میں یوم کی اضافت پہاڑوں کے اڑانے کی طرف کی۔ ای یوم اذنسفت الجبال نمبر۲۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ یوم القیامه کا بدل ثانی ہے۔ يَتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ (وہ داعی کے کہنے پر چلیں گے ادھر ادھر نہ مڑیں گے) جو محشر کی طرف بلائے گا۔ یعنی داعی سے مراد اسرافیل ہیں۔ اتباعِ داعی سے اتباعِ صوتِ داعی مراد ہے اسرافیل علیہ السلام صخرہ بیت المقدس پر آواز دیں گے ایتها العظام البالية والجلود المتخرقة و اللحوم المتفرقة هلمّی الی عرض الرحمان [الرحمان:۱۷] اے بوسیدہ ہڈیوا ے پارہ پارہ کھالو۔ متفرق گوشت کے گالو۔ رحمان کی بارگاہ میں پیش ہونے کو چلو۔ ہر طرف سے وہ اس کی آواز پر متوجہ ہونگے ادھر ادھر نہ مڑیں گے۔ وَخَشَعَتِ (اور پست ہو جائیں گی۔)

الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ (آواز میں رحمان کی ہیبت ورعب سے) فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (پس تو نہ سن پائے گا سوائے خفیف آواز کے) ہونٹ ہلانے سے خفیف آواز سنی جائے گی دوسرا قول یہ ہے کہ همس الابل سے ہے اونٹوں کے چلنے کے وقت ان کے پاؤں کی آواز مطلب یہ ہے کہ تم قدموں کی آہٹ سنو گے اور محشر کی طرف انکا منتقل ہونا۔

۱۰۹: يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ (اس دن شفاعت فائدہ نہ دے گی مگر ایسے شخص کیلئے جس کے لئے رحمان نے اجازت دے دی ہو۔)

نَحو: مَنْ شفاعت کا بدل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ مضاف محذوف ہے۔ ای لا تنفع الشفاعة الا شفاعة من اذن له الرحمان یعنی وہ شفاعت کرنے والے کو شفاعت کی اجازت مرحمت فرمائے گا۔ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا (اور اس کے لئے بولنا پسند کر لیا ہو) اور اپنے لئے اس کی بات کو پسند کر لیا ہو کہ جس کے حق میں شفاعت کی جارہی ہے وہ محفوظ ہوگا۔ نمبر۲۔ یہ منصوب ہے اس طرح کہ تنفع کا مفعول ہے۔

۱۱۰: يَعْلَمُ مَابَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ (وہ جانتا ہے ان کے تمام اگلے پچھلے احوال کو) ان کے گزشتہ احوال اور مستقبل کی کیفیات سے واقف ہے۔ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا (وہ اس کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے) یعنی ان چیزوں کو جن کا احاطہ علم الٰہی کرنے والا ہے۔

نَحو: اس صورت میں ضمیر ما کی طرف راجع ہے۔ نمبر۲: ضمیر کا مرجع ذاتِ باری تعالیٰ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا احاطہ ممکن ہی نہیں۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ

اور اسی طرح ہم نے اسے عربی قرآن بنا کر نازل کیا ہے اور اس میں طرح طرح سے وعید بیان کی ہے تا کہ وہ لوگ ڈر جائیں یا یہ قرآن ان کے لئے کسی قدر

لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ

سمجھ پیدا کر دے۔ سو اللہ برتر ہے، بادشاہ ہے، حق ہے، اور آپ قرآن میں اس سے پہلے جلدی نہ کیجئے کہ اس کی

يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

وحی پوری کر دی جائے اور آپ دعا کیجئے کہ اے میرے رب میرا علم اور بڑھا دے۔

۱۱۱: وَعَنَتِ (جھک جائیں گے اور ذلیل ہو جائیں گے) اور اسی سے ہے کہ اسیر وقیدی کو عانٍ (عاجز) کہتے ہیں عنا یعنو الْوُجُوْهُ (چہرے) مراد چہروں والے۔ لِلْحَيِّ (اس ذات کیلئے جو کبھی نہیں مرے گی) ہمیشہ زندہ رہے گی اس پر موت نہ آئے گی۔ ہر زندگی جس کے پیچھے موت ہو وہ زندگی نہ ہونے کے برابر ہے۔ الْقَيُّوْمِ (ہمیشہ قائم ودائم رہنے والی) ہر شخص جو کچھ کرتا ہے اس کے تمام اعمال کو تھامے ہوئے ہے۔ نمبر۲۔ تمام مخلوق کے انتظام کو تھامے ہوئے ہے۔ وَقَدْ خَابَ (اور ایسا شخص ناکام رہے گا) اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید ہوگا۔ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا (جو ظلم لے کر آیا ہوگا) جو موقف قیامت میں شرک اٹھا کر لایا۔ کیونکہ ظلم و ضع الشئ فی غیر موضعہ کو کہا جاتا ہے اور اس سے بڑا ظلم اور کیا ہوگا جس نے مخلوق کو خالق کا شریک بنا دیا۔

۱۱۲: وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ (اور جس نے نیک کام کئے) صالحات سے طاعات مراد ہیں۔ وَهُوَ مُؤْمِنٌ (اس حالت میں کہ وہ ایماندار تھا) وہ محمد ﷺ جو لے کر آئے اس کی تصدیق کرنے والا تھا۔

نکتہ: معلوم ہوا کہ ایمان والا لقب ایسے شخص کا ہو سکتا ہے جو بغیر اعمال صالحہ کے ہو۔ ایمان اعمال صالحہ کی قبولیت کی شرط ہے۔

فَلَا يَخٰفُ (وہ نہ اندیشہ کرے گا۔) قراءت: مکی نے نہی فَلَا يَخَفْ پڑھا ہے۔

ظُلْمًا (زیادتی کا) کہ اس کی سیأت بڑھا دی جائیں وَّ لَا هَضْمًا (اور نہ کمی کا) کہ اس کی حسنات میں کمی کر دی جائے هضمؔ کی اصل نقص اور کسر ہے (کم کرنا، توڑنا)۔

۱۱۳: وَكَذٰلِكَ ( اور اسی طرح)

نحو: اس کا عطف كذلك نَقُصُّ پر ہے۔ یعنی اس اتارنے کی مثل اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا (ہم نے اس کو قرآن عربی اتارا) عربی زبان میں اتارا۔ وَّ صَرَّفْنَا (اور بار بار بیان کئے)۔ فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (اس میں وعیدیں شاید کہ وہ پرہیز کریں) شرک سے بچے رہیں۔ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ (یا وہ پیدا کر دے گا ان کے لئے) وعید یا قرآن ذِكْرًا (نصیحت) یا ایمان لا کر اس سے مشرف باد ہو جائیں اور بلند ہو جائیں۔ ایک قول یہ ہے کہ أو واؤ کے معنی میں ہے۔

۱۱۴: فَتَعٰلَى اللّٰهُ ( پس اللہ تعالیٰ بڑا عالی شان ہے) وہ تمام گمانوں سے بلند و بالا ہے تمام فہموں کے وہموں سے اعلیٰ ہے

اجسام کی مشابہت اور مخلوق کی مشابہت سے منزہ ہے۔ الْمَلِكُ (وہ بادشاہ) ایسا کہ تمام بادشاہ اس کے محتاج الْحَقُّ (سچا) الوہیت کا سچا حقدار فناء وبگاڑ اور زوال کا اس کے اقتدار حکومت میں احتمال و وہم بھی نہیں۔ جب قرآن اور اس کے نزول کا تذکرہ ہوا۔ تو بطور استطرادفرمایا جب جبرئیل قرآن کی وحی لیکر آئیں تو جب تک وہ پوری وحی پہنچانہ چکیں قرآن پڑھنے میں عجلت نہ کریں۔ آپ اتنی دیر کریں کہ اس کو سنا دیں اور سمجھا دیں۔ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ (اور آپ قرآن پڑھنے میں عجلت نہ کریں)۔ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ( اس سے قبل کہ اس کی وحی مکمل ہو) اس سے پہلے کہ جبرئیل علیہ السلام پہنچا کر فارغ ہوں۔ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِىْ عِلْمًا (اور کہہ دیں اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما) قرآن اور اس کے معانی کا علم دوسرا قول یہ ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی چیز میں اضافہ کی طلب کرنے کا حکم نہیں دیا سوائے علم کے۔

ع۱۴ ۱۵
وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

اور اس سے پہلے ہم نے آدم کو حکم دیا سو وہ بھول گئے اور ہم نے ان میں پختگی نہ پائی اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ

کہ آدم کے لئے سجدہ کرو تو ان سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا اس نے انکار کردیا۔ سو ہم نے کہا اے آدم بلاشبہ یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے

فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ

سو یہ ہرگز تم دونوں کو جنت سے نہ نکال دے سو تم مصیبت میں پڑ جاؤ گے بلاشبہ تمہارے لئے یہاں یہ بات ہے کہ تم اس میں نہ بھوکے رہو گے اور نہ ننگے رہو گے اور نہ یہاں

لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى

تم پیاسے ہو گے اور نہ تمہیں دھوپ لگے گی شیطان نے ان کی طرف وسوسہ ڈالا وہ کہنے لگا کہ اے آدم کیا میں تمہیں ہمیشگی والا درخت

شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا

اور ایسی بادشاہی نہ بتادوں جس میں کبھی ضعف نہ آئے سو ان دونوں نے اس میں سے کھالیا سو ان کی شرم کی جگہیں ایک دوسرے کے سامنے کھل گئیں اور وہ دونوں

يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۡ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ

اپنے اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے' اور آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی سو وہ غلطی میں پڑ گئے۔ پھر ان کے رب نے انہیں چن لیا

فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا ۢ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ

سو ان کی توبہ قبول فرمائی اور انہیں ہدایت پر قائم رکھا' اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم دونوں یہاں سے اتر جاؤ تم میں بعض بعض کے دشمن ہوں گے سو اگر تمہارے پاس میری طرف سے

مِّنِّيْ هُدًى ڏ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾

کوئی ہدایت آئے تو سو جس نے میری ہدایت کا اتباع کیا وہ نہ گمراہ ہوگا اور نہ شقی ہوگا۔

### قصہ آدم علیہ السلام و ملائکہ و ابلیس:

۱۱۵: وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ (اور تحقیق ہم آدم علیہ السلام کو ایک حکم دے چکے تھے) یعنی ہم نے ان کی طرف وحی کی کہ وہ درخت میں سے نہ کھائیں بادشاہوں کے اوامر و وصایا میں کہا جاتا ہے تقدم الملك الى فلان و اوعز اليه و عزم عليه وعهد اليه۔ ان تمام میں حکم و نصیحت کا معنی ہے۔

نحو : قصہ آدم کا عطف و صَرَّفنا فیہ من الوعید پر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ میں قسم سے کہتا ہوں کہ ہم نے تمہارے باپ آدم کو حکم دیا اور ان کو وصیت کی کہ وہ درخت کے قریب نہ جائیں۔

مِنْ قَبْلُ (ان کے وجود سے قبل) پس انہوں نے وہ کر لیا جس سے روکا گیا تھا۔ جیسا کہ یہ مخالفت کر رہے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ بنی آدم کے معاملے کی بنیاد ہی اس بات پر ہے۔ اور اس کا اثر ان میں پختہ ہے۔ فَنَسِیَ (پس وہ عہد کو بھول گئے) ممانعت والا عہد اور انبیاء علیہم السلام سے اس نسیان پر مواخذہ ہوتا ہے۔ جس کے متعلق اگر وہ تکلف کرتے تو وہ اس سے بچ سکتے تھے۔ وَ لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا (اور ہم نے ان کے اندر پختگی نہ پائی) یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کی مخالفت کیلئے پختہ ارادہ وقصد نہ پایا۔ نمبر۲۔ آدم اولی العزم میں سے نہ تھے۔ یہاں وجود علم کے معنی میں ہے اور لہ عزمًا دونوں اس کے مفعول ہیں۔ نمبر۳۔ عزم یہ عدم کی نقیض ہے یعنی ان میں پختگی معدوم تھی۔ اور لہا اس صورت میں نجد کے متعلق ہے۔

۱۱۶: وَاِذْ قُلْنَا (اور جب ہم نے کہا۔) نحو : یہ اذکر محذوف کی وجہ سے منصوب ہے۔

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ (فرشتوں کو کہ تم آدم کو سجدہ کرو) قول اول یہ لغوی سجدہ ہے جو کہ تذلل، خضوع کو کہا جاتا ہے۔ دوسرا قول آدم کی عظمت ظاہر کرنے کیلئے آدم کو قبلہ کی طرف قرار دیکر سجدہ کا حکم ہوا۔ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ (پس انہوں نے سوائے ابلیس کے سجدہ کیا) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ابلیس فرشتہ تھا مستثنیٰ منہ کی جنس سے تھا۔

حضرت حسن کا قول یہ ہے ملائکہ ارواح کی مخلوق کا نچوڑ ہیں۔ ان میں توالد و تناسل نہیں اور ابلیس گرم لو کے مادہ سے ہے (جو جنات کی اصل ہے) ان سے استثناء انکا اس لئے صحیح ہے۔ کہ یہ ان کے ساتھ رہتا اور ان کی معیت میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا۔ اَبٰی (اس نے انکار کیا۔)

نحو : یہ جملہ مستانفہ ہے۔ گویا یہ قائل کے اس قول کا جواب ہے جو کہ یہ کہے کہ اس نے پھر سجدہ کیوں نہ کیا؟ اور درست وجہ یہ ہے کہ اس کا مفعول مقدر نہ مانا جائے اور وہ سجدہ ہے اور اس پر فَسَجَدُوْٓا دلالت کرتا ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ اس نے انکار کو ظاہر کیا۔ اور اس پر توقف کیا۔

۱۱۷: فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ (اور ہم نے کہا اے آدم بیشک یہ تیرا دشمن اور تیری بیوی کا دشمن ہے) اس طرح کہ اس نے تمہیں سجدہ نہیں کیا اور تیری عظمت کا قائل نہیں۔ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ (کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ تم دونوں کو جنت سے نکال باہر کرے) یعنی تمہارے جنت سے نکلوانے کا سبب نہ بن جائے۔ فَتَشْقٰی (پھر تم مشقت و مصیبت میں پڑ جاؤ) خوراک کی تلاش میں تھکنا پڑے۔

یہاں فتشقیا نہیں فرمایا آیات کے آواخر کا لحاظ رکھا گیا۔ نمبر۲۔ حواء تو بحیثیت تابع داخل ہی ہے۔ نمبر۳۔ مرد عورت کے خرچہ کا ذمہ دار ہے۔ روایت تفسیر یہ میں ہے کہ آدم علیہ السلام کے پاس ایک سرخ بیل بھیجا گیا جس سے ھل چلاتے اور اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھتے تھے۔

۱۱۸: اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا (اور تیرے لئے اس میں یہ ہے کہ نہ بھوک لگے گی) یعنی جنت میں وَ لَا تَعْرٰی (اور نہ تو ننگا ہوگا)

کپڑوں سے کیونکہ یہ کپڑے ہمیشہ کیلئے تیار کردہ ہیں۔

۱۱۹: وَاَنَّكَ (اور بیشک تم) قراءت: نافع ،ابوبکر نے اِنَّكَ پڑھا۔ پہلے اِنَّ پر عطف کیا اور دیگر قراء نے فتحہ سے پڑھا اور اس کا عطف اَلَّا تَجُوْعَ پر کیا ہے۔ اور محلًا منصوب مانا ہے اور فصل کی صورت میں بھی جائز ہے۔ جیسا کہ تم کہو ان فی علمی انّك جالسٌ۔ لَاتَظْمَؤُا فِيْهَا (نہ اس میں پیاس لگے گی) اس میں پیاسا نہ ہوگا کیونکہ وہاں مشروبات ہی مشروبات ہیں۔ وَلَا تَضْحٰی (نہ دھوپ لگے) سورج کی گرمی تجھے نہ پہنچے گی۔ کیونکہ جنت میں سورج کا وجود نہیں۔ اہل جنت ظِلٍّ ممدود میں قیام پذیر ہیں۔

۱۲۰: فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ (پس شیطان نے ان کو بہکایا) اس نے وسوسہ ڈالا۔ اَنھی الیه الوسوسة سر الیه کی طرح ہے پوشیدہ وسوسہ ڈالا۔ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰی شَجَرَةِ الْخُلْدِ (کہا اے آدم کیا میں تمہیں ہیشگی کا درخت بتلا دوں) یہاں شجرہ کی نسبت خلد کی طرف کی خلد ،خلود کو کہتے ہیں۔ کیونکہ جس نے اس سے کھالیا۔ اس کے خیال کے مطابق وہ ہمیشہ رہا۔ اور اس پر موت نہ آئے گی۔ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰی (اور ایسی بادشاہی جو پرانی نہ ہو) یعنی زوال وفناء نہ آئے گا۔

۱۲۱: فَاَكَلَا (پس ان دونوں نے اس درخت سے کھالیا) دونوں سے آدم وحواء مراد ہیں۔ مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا (فوراً دونوں کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے) سواۃ ،ستر وعورت۔ وَطَفِقَا (اور لگے) طَفِقَ اور جَعَلَ دونوں کادَ کی طرح ہیں خبر مضارع آتی ہے البتہ یہ دونوں شروع استمرار کا معنی پیدا کرنے کیلئے آتے ہیں اور کادَ قرب کو ظاہر کرتا ہے۔

## عصیان کا معنی:

يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ (چپکائے اپنے اور جنت کے پتے) ستر کیلئے دونوں جنت کے درختوں کے پتوں کو چپکانے لگے اور درخت سے یہاں انجیر مراد لیا گیا ہے۔ وَعَصٰٓی اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰی (اور آدم سے اپنے رب کا قصور ہو گیا وہ غلطی میں پڑ گئے) رائے سے بھٹک گئے۔ ابن عیسیٰ کہتے ہیں ناکام ہو گئے۔ حاصل یہ ہے کہ العصیان امر ونہی کے خلاف کام کا واقعہ ہونے کو کہا جاتا ہے۔ یہ دو قسم پر ہے۔ نمبر۱۔ جان بوجھ کر ہوتا ہے اس صورت میں ذنب کہلاتا ہے۔ نمبر۲۔ جان بوجھ کر نہیں ہوتا تو لغزش کہلاتا ہے۔ جب آپ کے فعل کو عصیان سے تعبیر کیا تو رشد سے وہ فعل نکل گیا اور غیّ میں شامل ہوا کیونکہ نام ہی خلاف رُشد کا ہے۔

البتہ عصی آدم رَبَّهٗ فَغَوٰی کی تصریح میں جوزل آدم کو چھوڑ کر اختیار کی گئی ہے اس میں انتہائی بلیغ انداز میں زجر اور تمام مکلفین کیلئے نصیحت ہے۔ گویا اس طرح فرمایا غور کرو اور عبرت حاصل کرو۔ کہ کس طرح معصوم اور اللہ تعالیٰ کے محبوب پیغمبر کی لغزش کی اطلاع اس سخت انداز سے دی گئی پس تم صغائر کے سلسلہ میں بے خبر مت بنو چہ جائیکہ کبائر کا ارتکاب کرنے لگو۔

۱۲۲: ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ (پھر ان کے رب نے ان کو چن لیا) اپنا مقرب بنایا۔ نمبر۲۔ منتخب کیا چن لیا۔ اجتبی کا اصل معنی جمع کرنا ہے جیسے جبی الخراج ۔اس نے خراج جمع کیا۔ جبی الیّ میرے پاس جمع کیا گیا۔ فاجتبیتهٗ میں اس کو اپنے پاس جمع کر لیا۔ اپنے قرب میں لے آیا۔ فَتَابَ عَلَيْهِ (پس ان پر توجہ فرمائی) توبہ سے قبل وَهَدٰی (اور راہ راست پر قائم رکھا) معذرت واستغفار کی طرف ان کی راہنمائی کر کے راہ راست پر قائم رکھا۔

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور جس شخص نے میری نصیحت سے اعراض کیا سو اس کے لئے تنگی کا جینا ہوگا اور ہم اسے قیامت کے دن اس حالت میں اٹھائیں گے

اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِىْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ

کہ وہ اندھا ہوگا وہ کہے گا کہ اے میرے رب مجھے آپ نے اندھا کر کے کیوں اٹھایا حالانکہ میں تو دیکھنے والا تھا' اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا اسی طرح تیرے پاس ہماری آیات پہنچیں

اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِىْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ

تھیں سو تو انہیں بھول گیا اور آج تو بھلا دیا جائے گا' اور ہم اسی طرح اسے سزا دیں گے جو حد سے گزر جائے اور اپنے رب کی آیات پر ایمان

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

نہ لائے' اور یہ واقعی بات ہے کہ آخرت کا عذاب زیادہ سخت ہے اور بڑا دیرپا ہے' کیا انہیں اس چیز نے ہدایت نہیں دی کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی جماعتوں کو

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِىْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ ع

ہلاک کر دیا یہ لوگ ان کے رہنے کی جگہوں میں چلتے پھرتے ہیں بلاشبہ اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

۱۲۳: قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا (اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم دونوں ساتھ ساتھ اس حالت میں جنت سے اترو) یعنی آدم وحواء۔ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ (تم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے) باہمی حسد کی وجہ سے تمہاری اولاد۔ نمبر۲۔ دین میں اختلاف کی وجہ سے فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى (پس اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے) ہدایت سے کتاب وشریعت مراد ہے۔ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ (پس جس شخص نے میری ہدایت کی اتباع کی وہ نہ گمراہ ہوگا) دنیا میں وَلَا يَشْقٰى (اور نہ نامراد ہوگا) آخرت میں۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اس شخص کو جو قرآن کی اتباع کرے دنیا میں گمراہ نہ ہونے اور آخرت میں نامراد ناکام نہ ہونے کی ضمانت عنایت فرمائی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جو شخص دنیا میں دین کے راستہ سے گمراہ ہو گیا اس کی سزا آخرت کی بدبختی ہے پس جو کتاب اللہ تعالیٰ کے راستہ کو اختیار کرنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی کا پابند ہے۔ وہ جس طرح گمراہی سے نجات پانے والا ہے اسی طرح اس کی سزا سے بھی رہائی پانے والا ہے۔

## تنگی کا جینا:

۱۲۴: وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ (اور جس نے میری نصیحت سے اعراض کیا) ذکر سے یہاں قرآن مراد ہے۔ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا (اس کے لئے تنگی کا جینا ہوگا) ضنکًا کا معنی تنگی ہے۔ یہ مصدر ہے۔ اس کو جب وصف کے طور پر استعمال کریں تو اس میں تذکیر وتانیث برابر ہے۔

## ابن جبیرؒ کا قول:

معیشت میں تنگی سے مراد قناعت کا چھین لینا ہے یہاں تک کہ وہ سیر ہی نہیں ہوتا۔ دین میں تو تسلیم قناعت اور توکل ہے پس دین والے کی زندگی پاکیزگی ہوگی اور دین سے اعراض کی صورت میں حرص، بخل کی وجہ سے اس کی زندگی تنگ ہوگی اور اس کی حالت اندھیر ہوگی۔ جیسا کہ بعض متصوفہ نے کہا کہ جس نے اپنے رب کی یاد سے اعراض کیا اس نے اپنے وقت کو اندھیر کر دیا اور اپنے رزق کو تشویشناک کر دیا۔ وَّ نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى (اور ہم اس کو قیامت کے دن اندھا اٹھائیں گے) حجت و دلیل سے اندھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول وہ آنکھوں سے اندھا ہوگا جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا و نحشر هم يوم القيامة على وجوههم عميًا [الاسراء ۹۷] اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

## دین سے اندھا پن آخرت کا اندھا پن:

۱۲۵: قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا (کہے گا اے میرے رب آپ نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا حالانکہ میں تو آنکھوں والا تھا) دنیا میں۔

۱۲۶: قَالَ كَذٰلِكَ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا اسی طرح) یعنی اس فعل کی طرح جو تو نے کیا پھر اس کی وضاحت فرمائی اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى (تیرے پاس ہمارے احکام آئے تھے پھر تو نے انکا خیال نہ کیا اور ویسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جائے گا) تیرے پاس ہماری واضح آیات پہنچیں تو نے ان کی طرف عبرت کی نگاہ سے نہ دیکھا اور ان کو چھوڑ دیا بے پروائی اختیار کی۔ ان سے اندھا بنا رہا۔ پس اسی طرح آج ہم تیرے اندھے پن میں تجھے چھوڑ رہے ہیں۔ اور اندھے پن کا پردہ تیری آنکھوں سے زائل نہ کریں گے۔

۱۲۷: وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ (اور اسی طرح ہم ہر اس شخص کو جو حد سے گزر جائے اور اپنے) بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى (رب کی آیات پر ایمان نہ لائے، سزا دیں گے۔ البتہ آخرت کا عذاب بڑا سخت اور بہت دیرپا ہے) جب ذکر و یاد سے اعراض کرنے والے کو دو سزاؤں سے ڈرایا۔ نمبر۲۔ دنیا میں تنگ گزر۔ نمبر۳۔ آخرت میں اندھا اٹھایا جانا تو اس کے بعد آیات کا اختتام وعید کے الفاظ و لعذاب الأخرة اشد و ابقى سے فرمایا۔ یعنی اندھا اٹھایا جانا جو کہ کبھی زائل نہ ہوگا۔ وہ ختم ہونے والی زندگی سے جس میں تنگی تھی بہت ہی سخت ہے۔

۱۲۸: اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ (کیا ان لوگوں کو اس سے بھی ہدایت نہیں ہوئی) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔ اس کی دلیل زید کی قراءت جو یعقوب کی روایت سے ہے نون کے ساتھ۔ نهد لهم۔

كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ (ہم ان سے پہلے بہت سے لوگوں کو ہلاک کر چکے یہ لوگ چلتے ہیں) یمشون یہ لھم کی ضمیر مجرور سے حال ہے۔ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ (ان کے رہنے کے مقامات میں) مراد یہ ہے کہ قریش مکہ عاد، ثمود، قوم لوط کے مقامات و مساکن میں آتے جاتے گزرتے ہیں اور ان کی بربادی کے آثار کو آنکھوں سے ملاحظہ کرتے ہیں۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى (اس میں عقل والوں کیلئے کھلی دلیلیں موجود ہیں) اُولی النُهى عقل والے۔ اگروہ

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ

اور اگر آپ کے رب کی طرف سے پہلے سے ایک بات فرمائی ہوئی نہ ہوتی۔ اور اجل مقرر نہ ہوتی تو لازمی طور پر عذاب آجاتا۔ سو آپ ان کی باتوں پر صبر کیجئے

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ

اور سورج کے نکلنے اور سورج چھپنے سے پہلے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح میں مشغول رہئے اور رات کے اوقات میں بھی تسبیح پڑھیے

وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ

اور دن کے اطراف میں بھی تاکہ آپ خوش ہو جائیں اور آپ ہرگز ان چیزوں کی طرف اپنی آنکھیں نہ بڑھائیں جن سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو ان کی آزمائش کے لئے متمتع کر رکھا ہے جو ان کی بیویاں ہیں

زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ

اور دنیاوی زندگی کی رونق ہے' اور آپ کے رب کا رزق بہتر ہے اور بہت دیرپا ہے' اور آپ اپنے گھر والوں کو

بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔــلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾

نماز کا حکم کیجئے اور خود بھی اس کی پابندی کیجئے ہم آپ سے رزق نہیں چاہتے ہم آپ کو رزق دیں گے اور بہتر انجام پرہیزگاری کا ہے۔

سوچیں تو ان کو معلوم ہو جائے گا کہ ان کو کفر کی وجہ سے تہس نہس کر دیا گیا۔ پس انہیں ان جیسی حرکات نہ کرنی چاہئیں۔

۱۲۹: وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ (اگر آپ کے رب کی طرف ایک بات پہلے طے شدہ نہ ہوتی) کہ امت محمد یہ ﷺ سے عذاب کو موخر کرنے کا حکم دیا گیا۔ لَكَانَ لِزَامًا (تو عذاب لازمی ہوتا) لِزَامًا۔ لازمًا کے معنی میں ہے۔ لزام یہ لازم کا مصدر ہے۔ جس کو بطور صفت لائے۔ وَّ اَجَلٌ مُّسَمًّى (اور میعاد معین نہ ہوتی) اور وہ قیامت ہے تو دنیا میں ہی عذاب ان کو آچمٹتا۔ جیسا کہ گزشتہ کفار کو لازم ہوا۔

## صبر ونماز کی تلقین:

۱۳۰: فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ (آپ ان کی باتوں پر صبر کریں) جو آپ کے متعلق کرتے ہیں۔ وَسَبِّحْ (اور تسبیح کرو) یعنی نماز ادا کرو۔ بِحَمْدِ رَبِّكَ (اپنے رب کی حمد کے ساتھ) یہ موضع حال میں ہے معنی یہ ہے وانت حامد لربك علی ان وفقك للتسبيح واعانك عليه اس حال میں کہ آپ اپنے رب کی اس بات پر تعریف کرنے والے ہیں۔ کہ اس نے آپ کو تسبیح کی توفیق دی اور اسپر اعانت خاص فرمائی قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ (سورج کے طلوع سے قبل) اس سے صلاۃ فجر مراد ہے۔ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا (اور اس کے غروب سے پہلے) اس سے ظہر وعصر مراد ہیں کیونکہ یہ دونوں نمازیں دن کے آخری نصف میں پائی جاتی ہیں جو زوال اور غروب کے مابین ہے۔ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ (اور اوقات شب میں پس اس کی پاکی بیان کرو اور دن کے اطراف میں) اور رات کی ساعات کی پابندی کرو۔ اور دن کے اطراف کو خاص کر اپنی نماز کیلئے اور رات کے

اوقات میں صلاۃِ عشاء تسبیح کوشامل ہے۔اوراطراف نہار میں صلاۃِ مغرب اورنمازِ فجر آتی ہیں۔تکرار سے ذکرکرنے کا مقصدان کی خصوصیت کو ظاہرکرنا مقصود ہے جیسا کہ اس ارشاد میں موجود ہے۔ **والصلوۃ الوسطی** [البقرہ:۲۳۸] بعض کے نزدیک **اطراف النہار** کو جمع لایا گیا۔حالانکہ یہ تو دوطرفین ہیں۔تاکہ التباس سے امن رہے۔اس کا عطف قبل پر ہے۔

**لَعَلَّكَ تَرْضٰى** ( تاکہ تم راضی ہوجاؤ )لعلَّ مخاطبت کیلئے ہے۔ان اوقات میں اللہ تعالیٰ کو یادکرواس امید سے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ ثواب پالوجس سے آپکا نفس خوش ہوجائے اوردل راضی ہو۔

**قراءت**:علی وابوبکر نے تُرضٰی پڑھا۔تاکہ تمہارارب تمہیں خوش کردے۔

## ٹھاٹھ باٹھ کودیکھنے کی ممانعت:

۱۳۱: **وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ** (ہرگزان چیزوں کی طرف آپ اپنی آنکھیں اٹھا کر نہ دیکھیں )اپنی نگاہوں کی نظراوردرازی نظر سے اس کا لمبا کرنا مراد ہے۔کہ دیکھی جانے والی چیز کی پسندیدگی وخوبصورتی کی بناپرنگاہ اس سے نہ ہٹائی جائے۔

**مَسْئَلَہ**:جونظرطویل نہ ہووہ معاف ہےاوروہ اس طرح ہے کہ نظراچانک پڑے پھرنگاہ کو نیچا کرلے۔متقی لوگوں نے ظالموں کے مکانات پرنگاہ ڈالنےاورفساق کے ٹھاٹ والےلباسوں اوران کی سواریوں پرنگاہ سے بھی روکا ہے۔یہاں تک کہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔فساق کے گھوڑوں کی جھنکار کی طرف بھی نگاہ نہ کرو۔بلکہ یہ دیکھوکس طرح ان کے سواروں پرگناہ کی ذلت چھائی ہےاوراس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے یہ چیزیں دیکھنے والوں کیلئے ہی سجائی ہیں۔پس ان کودیکھنے والا گویاان کی غرض پوری کررہاہے۔اوران کے اختیارکرنے پرابھارنے والا ہے۔**اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ** (جوہم نے ان میں سے مختلف گروہوں کودیا ہے )ازواجًا کا معنی یہاں اقسام ہے۔مختلف قسم کے کفارکو۔اور یہ بھی جائز ہے کہ ہاءضمیر سے حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہو۔اورفعل **منهم** پرواقع ہونے والا ہو۔گویااس طرح کہا گیا۔اس چیز کی طرف جس سے ہم نے ان کوفائدہ پہنچایا ہے۔اورمختلف ہیں۔بعض دوسرےاورکچھ ان میں سے۔**زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا** (دنیا کی رونق وبہار کی خاطر۔)

**نَحْو**:یہ منصوب علی الذم ہے یا یہ بہ کے محل کا بدل ہے۔یاازواجًا کا بدل ہےجس کی تقدیرعبارت یہ ہے **ذوی زهرة**۔

**لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ** ( تاکہ ہم ان کی اس میں آزمائش کریں ) تاکہ ہم ان کوآزمائیں اوران کے کفرکی وجہ سے عذاب ان پرلازم ہوجائے۔یااس کے سبب ان کوآخرت میں عذاب دیں۔**وَرِزْقُ رَبِّكَ** (اورتیرے رب کا دیا ہوا )ثواب اوروہ جنت ہے یارزق حلال۔**خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى** (وہ بہت بہتراورباقی رہنے والا ہے )اس حرام سے جوان کے پاس ہے۔

## ماتحتوں کونماز کا حکم:

۱۳۲: **وَاْمُرْ اَهْلَكَ** (اورتم اپنے متعلقین کونماز کا حکم دیتے رہو )اپنی امت کویاتمہارے گھروالے۔**بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ** (نماز کا اورخوداس کے پابندرہو )تم اس پرہمیشگی اختیارکرو۔**عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا** (اس پرہم آپ سے رزق کے طالب نہیں )ہم آپ سے نہیں کہتے کہ آپ اپنے آپ کورزق دیں اورنہ اپنے اہل کو۔**نَحْنُ نَرْزُقُكَ** ) ہم ہی آپ کورزق دینے والے ہیں )اورانہیں بھی پس رزق کے معاملے میں شدت سے اہتمام مت کریں۔بلکہ اپنے دل کوآخرت کے معاملات کیلئے فارغ کردیں اس لئے کہ

وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ

اور ان لوگوں نے کہا کہ یہ شخص ہمارے پاس اپنے رب کی نشانی کیوں نہیں لاتا' کیا ان کے پاس پرانی کتابوں کا مضمون نہیں پہنچا' اور اگر

اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا

ہم اس سے پہلے انہیں عذاب کے ذریعہ ہلاک کر دیتے تو وہ کہتے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا

فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ

جس کا ہم ذلیل و رسوا ہونے سے پہلے اتباع کر لیتے' آپ فرما دیجئے سب انتظار کرنے والے ہیں سو تم بھی انتظار کرو۔

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾ ع ٨ / ١٧

سو عنقریب جان لو گے سیدھے راستے والا اور ہدایت یافتہ کون ہے۔

جس کا طرزِ عمل یہ ہو کہ وہ اپنے کو اللہ تعالیٰ کے کام میں مصروف کر دے۔ اللہ تعالیٰ اس کا کام پورا فرما دیتے ہیں۔

حضرت عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مروی ہے کہ جب وہ بادشاہوں کے ہاں مختلف اشیاء دیکھتے تو یہ آیت پڑھتے وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ ...... ۔ پھر آواز دیتے الصلاۃ، الصلاۃ، رحمکم اللّٰہ۔ بکر بن عبداللہ المزنی رحمۃ اللہ کے گھر میں جب فاقہ آجاتا تو فرماتے نماز کیلئے اٹھو! اسی بات کا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے حکم فرمایا۔ مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے بھی اسی طرح کے اقوال منقول ہیں۔ بعض تفاسیر میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں کوئی جسمانی پریشانی ہوتی تو آپ گھر والوں کو نماز کا حکم فرماتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے۔ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى (اور اچھا انجام تقویٰ والوں کا ہے۔) یعنی اچھا انجام اہل تقویٰ ہی کا ہے۔ نحو: مضاف محذوف ہے۔ ای اهل التقوٰی۔

۱۳۳: وَقَالُوْا اور انہوں نے کہا۔ کفار نے لَوْ لَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ (کہ یہ ہمارے پاس اپنے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے۔) لَوْلَا یہ هلاَّ کے معنی میں ہے يَاْتِيْنَا وہ محمد کیوں نہیں لاتے۔ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ کوئی نشانی ان کے رب کی طرف سے جو آپ کی صحت نبوت پر دلالت کرنے والی ہو۔

قراءت: اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ ۔مدنی، بصری اور حفص نے اسی طرح پڑھا (کیا ان کے پاس نہیں آئی) بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى (واضح دلیل جو پہلے صحیفوں میں ہے) یعنی پہلی کتابیں مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اپنی سابقہ عادت کے مطابق ضد کی بنا پر نبوت کی نشانی مانگی۔ ان کے جواب میں فرمایا گیا کیا تمہارے پاس سب سے بڑی نشانی جو اعجاز میں بے مثل ہے وہ نہیں آئی؟ یعنی قرآن۔

من قبل (اس سے پہلے) یعنی قرآن دلیل ہے ان تمام مضامین کیلئے جو پہلے صحائف میں آچکا اور ان کے صحیح ہونے کی

دلیل ہے کیونکہ یہ معجزہ ہے اور وہ معجزات نہیں بلکہ ان میں جو کچھ موجود ہے وہ اپنی صحت وتندرستی میں مستقل شہادت کا محتاج ہے۔
۱۳۴: وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ (اور اگر ہم ان کو اس قرآن سے پہلے کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے) رسول سے قبل نمبر۲۔قرآن سے قبل لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ (تو یہ ضرور کہتے اے ہمارے رب کیوں نہ)۔اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ (آپ نے ہماری طرف کوئی رسول بھیجا تا کہ ہم تیرے احکام پر چلتے۔)

نحو: نتبع منصوب ہے کیونکہ یہ استفہام کا جواب ہے فاء کے ساتھ۔اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ (آپ کی آیات پر اس سے پہلے کہ ہم ذلیل ورسوا ہوتے) نزول عذاب کے سبب۔وَنَخْزٰى (اور رسوا ہوتے) آخرت میں۔

۱۳۵: قُلْ كُلٌّ (کہہ دیں) ہر ایک ہر ایک ہم میں سے ہم بھی اور تم بھی مُّتَرَبِّصٌ (انتظار کرتے ہیں) انجام کے منتظر ہیں۔کہ ہمارا اور تمہارا معاملہ کس انجام تک پہنچتا ہے۔فَتَرَبَّصُوْا (پس تم بھی انتظار کرو۔) فَسَتَعْلَمُوْنَ (پس عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔) جب قیامت آن پہنچے گی۔من اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ (کہ کون درست راستے والے ہیں)۔السَّوِيِّ کا معنی مستقیم ہے۔

نحو: من مبتدا اصحاب خبر ہے۔اور محلاً منصوب ہے۔

وَمَنِ اهْتَدٰى (اور کون منزل مقصود کی راہ پانے والا ہے) یعنی ہمیشہ ہمیشہ کی نعمتیں۔

فضیلت: رسول علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اہل جنت سورۃ طٰہٰ اور یٰسٓ پڑھیں گے۔رواہ ابن مردویہ عن ابی امامۃؓ ایضا عن ابی بن کعبؓ۔

ترجمۂ سورۂ طٰہٰ بحمد اللہ تعالیٰ آج بروز جمعہ ۲۳ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ بعد العصر اختتام پذیر ہوا۔

الجزء ۱۷

# سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاۤءِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الانبیاء مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو بارہ آیات اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ① مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

لوگوں کا حساب قریب آ گیا اور وہ غفلت میں اعراض کئے ہوئے ہیں ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے

ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ② لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا

جو کوئی نئی نصیحت آتی ہے تو وہ اسے کھیلتے ہوئے سنتے ہیں اس حال میں کہ ان کے دل غفلت میں ہیں اور جن لوگوں

النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ

نے ظلم کیا انہوں نے چپکے چپکے سرگوشی کی کہ یہ شخص اس کے سوا کچھ نہیں کہ تمہارے جیسا انسان ہے۔ کیا تم دیکھتے ہوئے جادو کو

تُبْصِرُوْنَ ③ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاۤءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ④

مانتے ہو۔ اس نے کہا میرا رب بات کو جانتا ہے آسمان میں اور زمین میں اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

## قربِ قیامت اور لوگوں کی غفلت:

۱: اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ (لوگوں کا حساب قریب آ گیا اور وہ غفلت میں پڑے ہوئے منہ موڑے ہوئے ہیں۔) اِقْتَرَبَ قریب ہوا۔ لِلنَّاسِ (لوگوں کیلئے)۔

نحو: لام اقترب کا صلہ ہے۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: اس سے مشرک مراد ہیں۔ کیونکہ بعد والی صفات کا مصداق مشرک ہی ہیں۔ حِسَابُهُمْ (ان کا حساب) اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے محاسبہ کا وقت۔ اور ان کے اعمال پر سزا اور بدلہ کا دن یعنی یوم القیامۃ۔

وجہ: نمبرا۔ اس لئے کہا کیونکہ گزشتہ کی نسبت باقی رہنے والا وقت تھوڑا ہے۔ نمبر۲۔ ہر آئندہ کو قریب کہا جاتا ہے۔ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ (اور وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں) یعنی اپنے حساب کے متعلق اور اس جگہ جو معاملہ انہیں پیش آنے والا ہے۔ مُّعْرِضُوْنَ (وہ اعراض کرنے والے ہیں) اس دن کی تیاری سے پس قریب آنا یہاں عام ہے۔ اور غفلت و اعراض مختلف لوگوں کے حساب سے مختلف ہوتے ہیں نمبرا۔ بعض حساب سے غافل اس بناء پر ہوتے ہیں کہ وہ اپنی دنیا میں مستغرق ہوتے ہیں اور اپنے

آقا سے اعراض کرنے والے ہوتے ہیں۔

نمبر۲۔ بعض اپنے حساب سے اس لئے غافل ہیں کہ انہوں نے اپنے مولیٰ کیلئے اپنے آپ کو ہلاک کرلیا اور دنیا سے منہ موڑ لیا۔ ایسے لوگوں کو تو اس غفلت سے افاقہ دیدار مولیٰ سے ہوگا۔ البتہ پہلی قسم موت کی یلغار کے وقت بیدار ہوتے ہیں۔ پس تم پر ضروری ہے کہ محاسبہ سے پہلے اپنے آپ کا محاسبہ کرو۔ خبردار کئے جانے سے پہلے خود خبردار ہو اور غافلین سے کنی کترا ؤ اور خالق و مالک کی یاد میں مگن ہو جاؤ تا کہ رب العالمین کی ملاقات نصیب ہو۔

۲: مَايَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ (ان کے پاس جونصیحت آتی ہے) ذکر سے قرآن مجید کا منزل حصہ مراد ہے۔ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ (ان کے رب کی طرف سے تازہ) اتار کر اس کی تلاوت شروع کرادی ہو اور ان کے کانوں پر پڑنے کا زمانہ تھوڑا ہو۔ مراد اس سے حروف منظومہ ہیں اور ان کے حدوث میں اختلاف نہیں (باقی حدوث فی النزول مراد ہے)۔ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ (مگر یہ اس کو ایسے طور سے سنتے ہیں) نبی اکرم ﷺ سے یا کسی تلاوت کرنے والے سے وَ هُمْ يَلْعَبُوْنَ (وہ اس سے ہنسی کرنے والے ہیں) مذاق اڑانے والے ہیں۔

۳: لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ (قرآن میں غور کرنے اور انجام کو سوچنے سے ان کے دل غافل ہیں)۔

نحو: یلعبون کی ضمیر سے لا هيةً حال ہے۔ نمبر۲۔ یہ اسمعوہ کی ضمیر سے۔ هم یلعبون اور لاهية دونوں حال ہیں۔ نمبر۳۔ بعض نے لا هية کو مرفوع پڑھا ہے اس صورت میں یہ دوسری خبر ہے هم مبتدا یلعبون خبر اول ہے اور قلوبھم کا رفع لاهية کی وجہ سے ہے۔

اللغة: لا هيةَ کالفظ لَهَا يَلْهُو عنه سے لیا گیا ہے جبکہ اس سے غافل ہو مطلب یہ ہے کہ ان کے دل مقصود سے غافل ہیں۔

ابوبکر وراق کا قول غافل دل وہ ہے جو دنیا اور اس کی رونق میں مشغول ہو۔ اور آخرت اور اس کی ہولناکیوں سے کنارہ کش ہو۔

وَاَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (اور انہوں نے چھپا کر سرگوشیاں کیں اور جنہوں نے ظلم کیا) اَسَرَّ کا معنی اخفاء میں مبالغہ کیا۔ النجوٰی تناجی کا اسم ہے پھر اسرّوا کی واؤ سے الذين ظلموا بدل ہے۔

پھر اسرّوا کو اس لئے لائے تا کہ بتلا دیا جائے کہ جس بات میں انہوں نے راز داری کی اس میں ظلم سے موسوم یہی لوگ ہیں۔ اس طرح یہ اس محاورہ کے مطابق ہے اکلونی البراغیث۔

نمبر۲۔ الناس کی صفت ہونے کی وجہ سے محلًا مجرور ہے یا بدل ہے۔

نمبر۳۔ ذم کی وجہ سے منصوب المحل ہے۔

نمبر۴۔ یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر مقدم اسرّوا النجوٰی ہے ای والذين ظلموا اسروا النجوٰی

نمبر۵۔ اسرّوا سے پہلے هؤلاء مبتدا محذوف اور الذين ظلموا سے بھی پہلے هم مبتدا محذوف ہے۔

## معجزے کو جادو کہا:

هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ (یہ تو تم ہی جیسا انسان ہے کیا تم پھر بھی دیدہ ودانستہ جادو کی بات سننے جاؤ گے)

نَحْو : نمبرا۔ یہ سارا کلام النجوٰی سے بدل ہونے کی بناء پر محلاً منصوب ہے۔ای اسرّوا هذا الحديث۔ نمبر۲۔قالوا کو مضمر مان کر اسے متعلق کرنا بھی جائز ہے۔

مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اعتقاد رکھا کہ رسول تو فرشتہ ہوسکتا ہے اور جو انسان نبوت کا مدعی ہو اور معجزہ پیش کرے وہ جادوگر ہے اور اس کا معجزہ سحر ہے۔اسی لئے انہوں نے انکار کے انداز میں کہا کہ تم آنکھوں سے جادو کو دیکھتے ہوئے بھی اندھا دھند جادو کو قبول کرلو گے؟

۴: قٰلَ رَبِّیْ (پیغمبر نے کہا میرے رب) قراءت: حمزہ،علی وحفص نے اس طرح پڑھا ہے۔قآل کا قائل حضرت محمد ﷺ ہیں۔اور دیگر قراء نے قل رَبِّی پڑھا ہے۔ای قل یا محمد لِلَّذِیْنَ اَسَرّوا النجوٰی (اے محمد ﷺ سرگوشیاں کرنے والوں کو کہہ دیں)۔یَعْلَمُ الْقَوْلَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ (ہر بات کوخواہ وہ آسمان میں ہو یا زمین میں جانتا ہے) وہ ہر قائل کا قول جانتے ہیں خواہ وہ قائل آسمان کے کسی کنارے میں ہو یا زمین کی کسی تہہ میں اور پوشیدہ طور پر کہے یا بانگ دہل کہے۔

بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ

بلکہ انہوں نے یہ کہا کہ یہ تو خوابوں کی گٹھڑیاں ہیں۔ بلکہ یوں کہا کہ اس شخص نے جھوٹ بنالیا ہے بلکہ وہ شاعر ہے سو چاہئے کہ ہمارے پاس نشانی لے کر آئے جیسا کہ اس سے پہلے

الْاَوَّلُوْنَ ۝۵ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَمَآ اَرْسَلْنَا

لوگ نشانیاں دیکر بھیجے گئے۔ ان سے پہلے کوئی بستی والے ایمان نہیں لائے جسے ہم نے ہلاک کیا سو کیا یہ لوگ ایمان لے آئیں گے' اور ہم نے آپ سے پہلے

قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷

جن کو رسول بنا کر بھیجا وہ مرد ہی تھے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے۔ سو تم اہل ذکر سے پوچھ لو اگر تم نہیں جانتے ہو'

وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝۸ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ

پھر ہم نے ان کو کوئی ایسا جسم نہیں بنایا جو کھانا نہ کھاتے ہوں' اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے پھر ہم نے ان سے جو وعدہ کیا تھا اسے

الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝۹ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا

سچ کر دکھایا سو ہم نے انہیں اور جس جس کو چاہا نجات دے دی اور ہم نے حد سے نکلنے والوں کو ہلاک کر دیا۔ یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے

ع ۱

فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰ ع

جس میں تمہاری نصیحت ہے کیا تم نہیں سمجھتے۔

وَهُوَ السَّمِيْعُ (وہی سننے والا ہے) ان کے اقوال کو الْعَلِيْمُ (وہ جاننے والا ہے) ان کے دلوں میں جو چھپا ہوا ہے۔

## قرآن کو پریشان خیال کہنا:

۵: بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ (بلکہ یوں بھی کہا کہ یہ قرآن پریشان خیالات ہیں بلکہ اس شخص نے خود تراش لیا ہے۔ بلکہ یہ شخص شاعر ہے) اس میں انہوں نے اپنی پہلی بات سحر سے اعراض کرتے ہوئے قرآن کو پریشان خواب کی باتیں قرار دیا جو اس مدعی نے خواب میں دیکھی ہیں۔ اور پھر اللہ تعالیٰ کی وحی خیال کر لیا۔ پھر اس سے اعراض کر کے کہنے لگے کہ یہ کلام اس نے اپنے پاس سے گھڑ لیا ہے۔ پھر اس سے آگے بڑھ کر کہا کہ یہ شاعرانہ بات ہے۔ اور یہ خود شاعر ہیں۔ اسی طرح باطل متردد اور غیر واضح ہوتا ہے۔ اور باطل پرستوں کا ایک بات پر ثبات واستقلال نہیں پھر کہنے لگے۔ اگر یہ اپنے دعویٰ نبوت میں سچے ہیں۔ حالانکہ بات اس طرح نہیں جیسا کہ انکا گمان ہے۔ پس ان کو کوئی نشانی پیش کرنا چاہیے۔ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ (تو ہمارے سامنے کھلی نشانی لائیں) آیت سے یہاں معجزہ مراد ہے۔ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ (جیسا کہ پہلے انبیاء کی طرف بھیجی گئیں) جیسے

ید بیضاء، عصا، مادرزاد اندھوں کا درست ہونا۔ مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ۔

تشبیہ: کما ارسل الاولون میں اس حیثیت سے ہے کہ یہ کما اتی الاوّلون بالآیات کے معنی میں ہے کیونکہ ارسال رسل معجزات وآیات لانے کو متضمن ہے اہل عرب کے ہاں ان دو اقوال میں کوئی فرق نہیں۔ نمبرا۔ ارسل محمد نمبر۲۔ اتی محمد بالمعجزة۔

## مطلوبہ معجزات کے اظہار کے باوجود ایمان نہ لائے گے:

۶: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان کے اقوال کی تردید فرمائی۔ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ (ان سے پہلے بھی بستیوں والے ایمان نہ لائے) قریۃ سے پہلے مضاف محذوف ہے یعنی اہل قریۃ۔ اَهْلَكْنٰهَا (جن کو ہم نے ہلاک کیا) یہ قریۃ کی صفت ہے جبکہ ان کے پاس مطلوبہ معجزات آ بھی چکے۔ کیونکہ انہوں نے وہ معجزات بطور ضد کے طلب کئے تھے۔

اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ (تو کیا یہ لوگ ایمان لائیں گے) یعنی وہ معجزات آ جانے کے باوجود ایمان نہ لائے کیا وہ مطالبہ کرنے والے ایمان لائیں گے اگر ہم ان کے مطلوبہ معجزات پورے کر دیں۔ حالانکہ یہ تو سرکشی میں ان سے دو ہاتھ آگے ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ ہلاک ہونے والی بستیوں نے اپنے انبیاء علیہم السلام سے معجزات کا مطالبہ کیا اور ایمان لانے کا وعدہ بھی کر لیا۔ مگر جب وہ معجزات ظاہر کر دیئے گے تو انہوں نے وعدہ توڑ دیا اور مخالفت پر ڈٹ گئے۔ پس ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا۔ اگر ان کو بھی مطلوبہ معجزات مہیا کر دیے جائیں تو یہ بھی اپنے وعدے سے مکر جائیں گے۔

## اعتراض بشریت کی تردید:

۷: وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا (ہم نے آپ سے پہلے بھی صرف مردوں کو ہی پیغمبر بنا کر بھیجا) یہ ان کے اس قول کا جواب ہے۔ هل هذا الابشر مثلكم[الانبیاء:۳] نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ (جن کے پاس ہم وحی بھیجتے تھے) قراءت: حفص نے اسی طرح پڑھا ہے اور ابن کثیر و ابن عامر و نافع و حمزہ وغیرہ نے یوحی پڑھا ہے۔ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ (پس تم اہل ذکر سے پوچھ لو) اہل ذکر سے علمائے کتابیین مراد ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ جن رسولوں کی طرف وحی بھیجی جاتی رہی وہ انسان تھے۔ ملائکہ نہ تھے۔ اہل مکہ کو اہل کتاب پر اعتماد تھا۔

اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اگر تم کو اس کا علم نہیں ہے) پھر وضاحت فرمائی کہ آپ پہلے انبیاء علیہم السلام کی طرح ہیں۔ فرمایا

۸: وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا (اور ہم نے ان کو ایسا جسم نہیں بنایا) جسد (رنگ دار جسم) اس کو واحد لائے کیونکہ اسم جنس ہے جس کا اطلاق واحد و جمع سب پر ہوتا ہے۔ لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ (جو کھانا نہ کھاتے ہوں) یہ جَسَدًا کی صفت ہے یعنی ہم نے آپ سے پہلے والے انبیاء علیہم السلام کو کھانا نہ کھانے والے جسم نہیں بنایا۔

وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ (اور وہ ہمیشہ رہنے والے بھی نہ تھے) گویا کہ کفار نے اس طرح کہا وہ فرشتہ کیوں نہیں کہ نہ کھائے اور ہمیشہ رہے چونکہ ان کے اعتقاد میں فرشتوں پر موت نہ آئے گی۔ نمبر۲۔ طویل بقاء اور لمبی زندگی کو خلود کا نام دے دیا گیا۔

۹: ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ (پھر ہم نے ان سے جو وعدہ کیا تھا وہ سچا کر دکھایا) ان کو نجات دے کر۔ الوعد اصل فی الوعد ہے جیسا اختار موسٰی قومه[الاعراف:۱۵۵] میں قوم من قومه ہے۔ فَاَنْجَيْنٰهُمْ (پس ہم نے ان کو نجات دی) اس عذاب سے جو ان کی

وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝۱۱ فَلَمَّآ

اور ہم نے کتنی ہی بستیوں کو توڑ دیا جو ظلم کرنے والی تھیں ' اور ہم نے ان کے بعد دوسرے لوگوں کو پیدا فرما دیا ' سو جب

اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۝۱۲ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ

انہوں نے ہمارا عذاب آتا دیکھا تو اس بستی سے بھاگنے لگے ' مت بھاگو اور ان چیزوں کی طرف جن میں تم عیش میں پڑے ہوئے تھے اور

فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ ۝۱۳ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝۱۴ فَمَا زَالَتْ

اپنے گھروں کی طرف واپس آ جاؤ تا کہ تم سے سوال کیا جائے ' وہ کہنے لگے ہائے ہماری خرابی بے شک ہم ظلم کرنے والے تھے۔ سو برابر

تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝۱۵

ان کا یہی کہنا رہا یہاں تک کہ ہم نے انہیں کٹی ہوئی کھیتی کی طرح بجھی ہوئی حالت میں کر دیا۔

قوم پر اترا۔ وَمَنْ نَّشَآءُ (اور جن کو ہم نے چاہا) وہ مؤمن ہیں۔

وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ (اور ہم نے اسراف کرنے والوں کو ہلاک کر دیا) مسرف جو کفر کی حد سے آگے بڑھنے والے تھے۔
مسرفین کے متعلق ہلاک کرنے کی اخبارات سے پتہ چلتا ہے کہ من نشاء ان کے علاوہ اور ان سے جدا ہیں۔

## قرآن میں قریش کیلئے عظمت:

۱۰: لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ (یقیناً ہم نے تمہاری طرف اتاری) اے گروہ قریش۔ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ (ایسی کتاب جس میں تمہارا تذکرہ ہے) تمہاری عظمت ہے اگر تم اس کو جانو۔ نمبر۲۔ تمہارا ذکر اس بناء پر کہ وہ تمہاری زبان میں ہے۔ نمبر۳۔ اس میں تمہارے دین کا تذکرہ ہے اور دنیا کا بھی۔

نَحو: جملہ فیہ ذِکْرُکُمْ یہ کتابًا کی صفت ہے۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا تم نہیں سمجھتے) اس کو جو میں نے تمہیں دوسروں پر فضیلت دی تا کہ تم ایمان لاؤ۔

۱۱: وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ (اور ہم نے بہت سی بستیوں کو ہلاک کر دیا) قصم کا معنی ہلاک کرنا، توڑنا، من قریۃ سے اہل قریہ مراد ہیں کیونکہ اگلے ارشاد میں فرمایا۔ كَانَتْ ظَالِمَةً وہ کافر تھیں (کیونکہ بستی کفر نہیں کرتی وہاں کے رہنے والے کفر کرتے ہیں)۔
کم یہ قَصَمْنَا کی وجہ سے منصوب ہے۔ القصم کا لفظ غضب شدید کو ظاہر کر رہا ہے اس لئے کہ قصم اس طرح توڑنے کو کہتے ہیں جس میں اجزاء کے جوڑ الگ الگ کر دیئے جائیں۔ البتہ الفصم ایسے توڑنے کو کہتے ہیں جس میں اجزاء ظاہر نہ ہوں۔ وَّاَنْشَاْنَا (اور ہم نے پیدا کیا) بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ (ان کے بعد دوسرے لوگوں کو) جو ان کے مکانات میں رہائش پذیر ہوئے۔

## مشاہدۂ عذاب کے وقت حالت:

۱۲: فَلَمَّآ اَحَسُّوْا (جب انہوں نے دیکھ لیا) یعنی ہلاک کئے جانے والوں نے بَاْسَنَآ (ہمارے عذاب کو) یعنی حس اور مشاہدہ سے جان لیا۔ اِذَا هُمْ مِّنْهَا (تو یک دم وہ وہاں سے) یعنی بستی سے۔ اذاؔ مفاجات کیلئے آتا ہے اور ھمؔ مبتدا اور یَرْكُضُوْنَ خبر ہے۔

یَرْكُضُوْنَ (وہ تیزی سے بھاگنے لگے) الرکض ایڑ لگانا یہ بھی درست ہے کہ وہ اپنے گھوڑوں پر سوار ہو کر اپنی بستی سے بھاگنے لگے جب ان پر عذاب کا ابتدائی مرحلہ آیا۔ نمبر۲۔ ان کے تیزی کے ساتھ پیدل بھاگنے کو ان سواروں سے تشبیہ دی جو اپنے گھوڑوں پر سوار تیزی سے پابہ رکاب ہوں۔ پس ان کو کہا گیا۔

۱۳، ۱۴: لَاتَرْكُضُوْا (مت بھاگو) بعض ملائکہ نے یہ بات کہی وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ (اپنے سامانِ عیش کی طرف لوٹ آؤ) جس دنیا کی نعمتوں اور خوشحالی سے تم فائدہ اٹھا رہے تھے۔ قول خلیلؒ المترف خوشحال اور فارغ البال ہو کوئی فکر نہ ہو۔

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ (اور اپنے مکانات کی طرف شاید تم سے کوئی پوچھے پاچھے) یہ بات انہیں بطور استہزاء کہی جائے گی کہ تم اپنی نعمتوں کی طرف لوٹ چلو اور اپنے مکانات کی طرف جاؤ تا کہ کل تمہارا ماجرہ تم سے پوچھا جائے اور جو تمہارے اموال پر گزری تا کہ تم سائل کو اپنے علم و مشاہدہ سے جواب دو۔

نمبر۲۔ لوٹ جاؤ اور اپنی مجالس میں اپنی سابقہ ہیئت کے مطابق بیٹھو۔ تا کہ تمہارے خدام تم سے پوچھیں اور وہ لوگ جو تمہارے معاملات کے ذمہ دار تھے۔ اور تمہیں کہیں جناب کا کیا آرڈر ہے؟ اور ہم کس کام کو انجام دیں اور کس کو ترک کر دیں؟ جیسا کہ خوشحال، خدم و حشم والے لوگوں کا حال ہوتا ہے۔

نمبر۳۔ لوگ تم سے تمہاری مجالس میں مختلف مصائب و حوادث پر معاونتوں کا سوال کریں۔

نمبر۴۔ تم سے تمہارے پاس آنے والے اور طمع باز سوال کریں۔ اور تمہارے ہاتھوں کی موسلا دھار بارش مانگیں۔

نمبر۵۔ وہ ایک دوسرے کو کہنے لگے لا ترکضوا وارجعوا الی منازلکم و اموالکم لعلکم تسألون۔ شاید تم سے اموال وخراج لے لیا جائے اور قتل و ہلاکت سے بچا لئے جاؤ۔ پس آسمان سے نداء دی گئی۔ انبیاء کا انتقام۔ تلواروں نے انکا خاتمہ کر دیا۔ پس اس وقت قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ (کہنے لگے ہائے ہماری تباہی ہم بلاشبہ ظالم ہیں) ان لوگوں نے ایسے وقت اعتراف کیا جب اعتراف بے فائدہ ہے۔

۱۵: فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا (ان کی یہی پکار رہی آخر ہم نے ان کو کر دیا کٹی ہوئی کھیتی کی طرح) تلك سے یا وَيْلَنَا کی طرف اشارہ ہے۔ دعوھم کا معنی پکار، چیخ۔

نحو: تلك زالت کا اسم ہونے کی بنا پر مرفوع ہے اور دعواھم اس کی خبر ہے۔ اور اس کا عکس بھی جائز ہے۔ جعلنا ھم حصیدا کا معنی مثل الحصید کٹی کھیتی کی طرح اور اس کو جمع نہیں لایا گیا جیسا کہ مقدر جمع نہیں آتا۔

خٰمِدِيْنَ (مردہ بجھی ہوئی آگ کی طرح) حصیدًا خامِدِیْن یہ جعل کا مفعول ثانی ہے۔ اے جعلنا ھم جامعین

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ۝۱۶ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا

اور ہم نے آسمان وزمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں اگر ہم چاہتے کہ کوئی کھلونا بناتے

لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِیْنَ ۝۱۷ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ

تو ہم اپنے پاس سے بنالیتے اگر ہم کرنے والے ہوتے ' بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں

فَیَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَیْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ۝۱۸ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ

سو وہ اس کا سر پھوڑ دیتا ہے' پھر وہ چلا جاتا ہے' اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس کی وجہ سے تمہارے لئے خرابی ہے' اور اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا یَسْتَحْسِرُوْنَ ۝۱۹ یُسَبِّحُوْنَ

اور زمین میں ہے' اور جو بندے اللہ کے نزدیک ہیں وہ اس کی عبادت سے عار نہیں کرتے' اور نہ وہ تھکتے ہیں' رات دن اللہ کی

الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ۝۲۰

تسبیح میں مشغول رہتے ہیں' ان میں سستی نہیں آتی۔

لمماثلة الحصیدو الخمود ان میں دونوں مماثلتیں پائی جاتی تھیں جیسا کہتے ہیں جعلته حلوًا حامضًا یعنی دونوں ذائقوں کا جامع کھٹا میٹھا بنایا۔

۱۶: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ (اور ہم نے آسمان وزمین کو اور جو کچھ ان کے مابین ہے اس کو اس طور پر پیدا نہیں کیا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں) اللعب ایسا فعل جس کا اول حصہ مناسب ہو مگر وہ فعل قائم رہنے والا نہ ہو۔

نَحْو: لا عبین یہ خلقنا کے فاعل سے حال ہے مطلب یہ ہے کہ ہم نے یہ بلند و بالا چھت اور نرم وسیع بستر ایسے ہی نہیں بنا دیئے کہ انکا کوئی مقصد نہ ہوا نکا مقصد ان کے مدبر و خالق کی قدرت پر استدلال کرنا ہے۔ تاکہ نیک کو اس کی نیکی اور برے کو اس کی برائی کی سزا اپنی حکمت کے مطابق عنایت کریں۔

۱۷: پھر اپنی ذات کو حدث کی صفات سے پاک قرار دیا۔ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا (اگر ہم کو مشغلہ ہی بنانا ہوتا) لهوًا سے یہاں بیٹا مراد ہے نمبر۲۔ عورت مراد ہے۔ گویا اس میں اہل کتاب کے اس عقیدہ کی تردید ہے کہ عیسیٰ اللہ تعالیٰ کا بیٹا اور مریم خدا کی بیوی ہے۔

لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ (تو ہم اپنے ہی پاس کی چیز کو مشغلہ بناتے) ولدان یا حوران بہشتی سے بناتے۔ اِنْ كُنَّا فٰعِلِیْنَ (اگر ہم کو یہ کرنا پڑتا) یعنی اگر ہم ان میں سے ہوتے جو یہ کرتے ہیں اور ہم ان میں سے نہیں ہیں کیونکہ یہ چیز ہمارے حق میں محال ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ نفی ہے جیسا کہ اس آیت میں و ان ادری [الانبیاء: ۱۰۹] ای ما کنا فاعلین ہم ایسا کرنے والے نہیں۔

۱۸: بَلْ (بلکہ) اتخاذ لہو سے اعراض اور اس کی ذات کے اس سے منزہ ہونے کو بیان کیا گویا اس طرح فرمایا سبحاننا ان نتخذ اللھو (کھیل بنانے سے تو ہم پاک ہیں۔) بلکہ ہمارا طریقہ یہ چلا آرہا ہے کہ نَقْذِفُ (ہم پھینکتے ہیں) اور مسلط کرتے ہیں۔ بِالْحَقِّ (حق کو) قرآن کو عَلَی الْبَاطِلِ (باطل پر) شیطان پر نمبر۲۔ اسلام کو شرک پر نمبر۳۔ حقیقت کو کھیل پر فَیَدْمَغُهٗ (پس وہ اس کا بھیجا نکال دیتا ہے) وہ اس کو توڑ دیتا۔ حق باطل کو کچل دیتا ہے۔

استعارہ لطیفہ:

الدمغ اور القذف کا استعمال اصل میں اجسام کیلئے ہوتا ہے پھر استعارۃً قذف کو حق کے باطل پر وار کرنے کے لئے لائے۔ اور الدمغ کو باطل کے دور اور ختم کرنے کے لیے استعمال کیا۔ پس مستعار منہ حسی ہے اور مستعار لہ عقلی ہے۔ گویا اس طرح فرمایا بلکہ ہم حق کو جو طاقتور جسم کے مشابہ ہے باطل پر وارد کرتے ہیں وہ باطل جو ایک کمزور وضعیف جسم کی مانند ہے پس حق باطل کو اسی طرح بیکار کر دیتا ہے جیسا طاقتور جسم کمزور کو۔

فَاِذَا هُوَ (پس یکدم وہ) ھو کی ضمیر باطل کی طرف راجع ہے۔ زَاهِقٌ (ہلاک وتباہ ہونے والا ہے) وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ (اور تمہاری اس بات سے بڑی خرابی ہوگی جو تم بیان کرتے ہو) اللہ تعالیٰ کے متعلق کہ اس نے بیٹا وغیرہ بنالیا ہے۔

## اللہ مالک اور کائنات اس کی مملوک ہے:

۱۹: وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کے ہیں) وَمَنْ عِنْدَهٗ (اور جو بندے اللہ کے نزدیک ہیں) خلقت وملک کے اعتبار سے پس پھر ان میں سے کونسی چیز اس کا بیٹا بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ جبکہ مملوکیت وبنوت میں باہمی منافات ہے والد وولد میں جنسیت ضروری ہے اور وہ جنسیت سے پاک ہے۔ والد وولد میں مماثلت ہوتی ہے اور وہ مثلیت سے پاک پھر بیوی بیٹا کیسے بن گئے۔

الارض پر وقف ہے کیونکہ من عندہ جو اس کے ہاں ہیں مرتبہ ومقام کے اعتبار سے ہے نہ کہ منزل ومکان کے اعتبار سے۔ مراد اس سے ملائکہ ہیں۔

نحو: یہ مبتدا ہے اور لا یستکبرون خبر ہے۔

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ (وہ بڑے نہیں بنتے) عار نہیں کرتے۔ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ (اس کی بندگی سے اور نہ تھکتے ہیں) استحسار کے معنی، تھکنا، ہارنا۔

۲۰: يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ (دن رات اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرتے اور (اظہارِ تعظیم میں) سست نہیں پڑتے) لا یفترون یہ یسبحون کے فاعل سے حال ہے۔ یعنی ان کی تسبیح مسلسل ودائم ہے۔ تمام اوقات میں جاری وساری ہے۔ فراغت کے ذریعہ تھکاوٹ ان کے تسلسل میں مخل نہیں ہوتی۔ نمبر۲۔ کسی دوسرے کام کی مصروفیت ان کی تسبیح کے تسلسل کو منقطع نہیں کرتی بلکہ ہمارے سانس کی طرح ان کی تسبیح جاری رہتی ہے۔

أَمِ اتَّخَذُوا آلِهَةً مِنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنْشِرُونَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ

کیا ان لوگوں نے زمین کی چیزوں میں سے معبود بنا لئے ہیں جو زندہ کرتے ہیں؟ اگر آسمان میں اور زمین میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے

لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ

تو ان دونوں کا نظام درہم برہم ہو جاتا' سو اللہ جو عرش والا ہے اس چیز سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ وہ جو کچھ کرتا ہے اس کے بارے میں اس سے سوال نہیں کیا جاتا

وَهُمْ يُسْأَلُونَ ﴿٢٣﴾ أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ آلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ ۖ

اور ان لوگوں سے باز پرس ہوتی ہے کیا ان لوگوں نے اس کے سوا معبود بنا لئے ہیں آپ فرما دیجئے اپنی دلیل لاؤ'

هَٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِي ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ ۖ

یہ ذکر ہے ان لوگوں کا جو میرے ساتھ ہیں اور جو مجھ سے پہلے تھے' بلکہ ان میں سے اکثر لوگ حق کو نہیں جانتے

فَهُمْ مُعْرِضُونَ ﴿٢٤﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ

سو وہ اس سے اعراض کئے ہوئے ہیں' اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر یہ کہ ہم نے اس کی طرف یہ وحی بھیجی کہ میرے سوا

لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ

کوئی معبود نہیں سو تم میری عبادت کرو' اور ان لوگوں نے کہا کہ رحمٰن نے بیٹا بنا لیا ہے وہ پاک ہے بلکہ وہ اس کے معزز

مُكْرَمُونَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُونَهُ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

بندے ہیں وہ اس سے آگے بڑھ کر بات نہیں کر سکتے اور وہ اسی کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں۔ وہ جانتا ہے جو ان کے

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُمْ مِنْ خَشْيَتِهِ

اگلے پچھلے احوال ہیں اور وہ کسی کے لئے سفارش نہیں کریں گے بجز ایسے شخص کے جس کی سفارش کرنے میں اللہ تعالیٰ کی مرضی ہو اور وہ اس کی ہیبت سے

مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾ وَمَنْ يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّي إِلَٰهٌ مِنْ دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ ۚ

ڈرتے ہیں اور ان میں سے جو شخص یوں کہے کہ میں اللہ کے سوا معبود ہوں سو ہم اسے دوزخ کی سزا دیں گے۔

ع ۲ / ۱۹ / ۲ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ﴿٢٩﴾

ہم اسی طرح ظالموں کو جزاء دیا کرتے ہیں۔

## توبیخ مشرکین:

۲۱: پھر مشرکین کی بات کا انکار کرتے ہوئے اور توبیخ کرتے ہوئے ان سے اعراض کیا اس لئے آم بمعنی بل اور ہمزۂ انکار توبیخ کیلئے لائے۔ اور فرمایا اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ (کیا ان لوگوں نے خدا کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں۔ زمین کی چیزوں میں سے وہ معبود مردوں کو زندہ کر کے اٹھائیں گے) **ینشرون** کا معنی وہ مردوں کو زندہ کریں گے۔

نَحو: **من الارض** یہ **الهة** کی صفت ہے کیونکہ ان کے آلھہ زمین کے جواہر سونا، چاندی، پتھر سے بنے ہوتے تھے۔ اور زمین پر ان کی پوجا کی جاتی تھی۔ اس لئے زمین کی طرف ان کی نسبت کر دی کہ یہ تو زمینی معبود ہیں' جیسا کہتے ہیں۔ **فلان من المدینة** ای **مدنی**۔ وہ مدینہ کا رہنے والا ہے۔ **من الارض** سے تخصیص نہیں بلکہ تحقیر مقصود ہے۔ نمبر۲۔ **من الارض** یہ **اتخذوا** کے متعلق ہے اور اس میں غایت مقصود اتخاد کی ابتداء کا بیان ہے۔

**هم ینشرون** میں مشرکین کی انتہائی جہالت بیان کر کے استہزائی انداز سے توبیخ وڈانٹ پلائی۔ اگرچہ انکا دعویٰ نہیں تھا کہ ان کے اصنام مردوں کو زندہ کریں گے اور وہ دعویٰ بھی کیسے کر سکتے تھے۔ یہ تو بہت اوپری چیز ہے کہ بعض مردے دوسرے مردوں کو اٹھا کر کھڑا کریں البتہ اصنام کیلئے دعویٰ الوہیت سے دوبارہ اٹھائے جانے کا دعویٰ خود لازم آتا ہے۔ کیونکہ جو مردوں کو زندہ کرنے سے عاجز ہو وہ اِلٰہ نہیں بن سکتا۔ اس لئے کہ یہ کام اس قادر مطلق کا ہے جس کی قدرت ہر مقدور پر ہو۔ اور دوبارہ اٹھانا یہ بھی مقدورات میں سے ہے۔ پس جو اس کی قدرت نہیں رکھتا وہ عاجز بعض مقدرات ہونے کی وجہ سے قادر مطلق نہ رہا پس معبود نہ بن سکا۔

قراءت: حَسن نے یَنشُرون یاء کے فتحہ سے پڑھا۔ اور یہ دونوں لغات ہیں۔ جیسے **انشر اللّٰه الموتٰی و نشرها** اور دونوں کا معنی زندہ کرنا آتا ہے۔

## دلیل تمانع:

۲۲: لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ (اگر ان دونوں میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود ہوتے) اِلَّا یہاں غیر کے معنی میں ہے۔

نَحو: **الهة** کی صفت اِلَّا کے ساتھ لائی گئی جیسا کہ بغیر لو کہا جاتا ہے **الهة غیر اللّٰه**۔ بدل کی وجہ سے اس کا رفع جائز نہیں کیونکہ لو بمنزلہ اِنَّ کے ہے۔ اس کے ساتھ کلام موجب ہوتی ہے۔ اور بدل تو کلام غیر موجب میں آتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے **ولا یلتفت منکم احد الاامراتك** [ھود:۸۱]

نمبر۲۔ استثناء کی وجہ سے نصب بھی درست نہیں کیونکہ جمع جب نکرہ آئے تو اس سے استثناء جائز نہیں۔ محققین کا یہ قول ہے کیونکہ اس میں عموم نہیں۔ اس طرح کہ اگر استثناء نہ ہوتا تو مستثنیٰ اس میں داخل ہوتا۔ مطلب یہ ہے اگر مختلف الٰہ اس اکیلے پیدا کرنے والے کے سوا آسمان وزمین کے معاملے کی تدبیر کرتے ہوتے تو یہ تباہ ہو جاتے۔

لَفَسَدَتَا (تو اختلاف مراد ومقصد کی وجہ سے برباد ہو جاتے ہیں۔) مطلب یہ ہے کہ دونوں وجود میں ہی نہ آسکتے۔ جیسا کہ اصول کلام میں بار بار آچکا۔ پھر اپنی ذات کو منزہ قرار دیتے ہوئے فرمایا۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ (پس عرش کا مالک ان امور سے پاک ہے۔ جو یہ لوگ اس کے متعلق بیان کرتے ہیں) شرکاء اور اولاد کی نسبت وغیرہ۔

۲۳: لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ (اس سے اس کے فعل کی باز پرس نہیں کی جائے گی) کیونکہ وہ مالک حقیقی خود ہے۔ اگر بادشاہ پر اس کا کوئی غلام اعتراض کرے تو بات انتہائی قبیح شمار ہوتی ہے۔ اور اس کو حماقت گنا جاتا ہے۔ حالانکہ دونوں ہم جنس بھی ہیں۔ اور بادشاہ کا خطاء پر ہونا بالکل ممکن ہے اور بادشاہ اس کا حقیقی مالک بھی نہیں۔ تو پھر تم خود اندازہ کر لو کہ شہنشاہ مطلق اور رب الارباب پر کس کو اعتراض کا حق و جواز ہے۔ اس کے تمام افعال درست وصواب اور عین حکمت ہیں اور احتمالِ خطاء محال ہے۔

وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ (اور ان سے باز پرس ہوگی۔) کیونکہ وہ سب مملوک اور خطا کار ہیں۔ ان کو ہر فعل میں یہ کہنے کا حق ہے کہ یہ تم نے کیونکر کیا ہے؟ مملوک کی پیدائش اسی لئے ہے۔ نمبر۲۔ هم يسألون کا مرجع مسیح وملائکہ ہیں کہ ان سے باز پرس ہوگی پھر یہ معبود کیسے بن گئے جبکہ الوھیت جنسیت ومسؤ ولیت کے منافی ہے۔

## ام کو مزید افادہ کے لئے لائے:

۲۴: اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً (کیا انہوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور معبود بنا رکھے ہیں) دوبارہ لائے تا کہ مزید افادہ حاصل ہو۔ پہلی مرتبہ ذکر کرنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ کافروں کے پاس اپنے ان باطل معبودوں کو الٰہ قرار دینے کی کوئی صحیح عقلی دلیل موجود نہیں ہے۔ کیا وہ مردوں کو زندہ کرنے کی قدرت رکھتے ہیں اگر نہیں تو ان کے معبود ہونے کیلئے کوئی عقلی استحقاق نہیں یہاں دوبارہ لائے کہ گزشتہ آسمانی کتابیں بھی اللہ تعالیٰ کا شریک قرار دینے کی اجازت نہیں دیتیں۔ پس شرک کی کوئی نقلی دلیل بھی نہیں۔ پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ (آپ کہہ دیں کہ تم اپنے دعویٰ کی دلیل پیش کرو) خواہ عقلی ہو یا نقلی عقلی بھی ممکن نہیں اور نہ ہی نقلی۔ جو آسمانی کتاب ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید وتنزیہ پائی جاتی ہے۔

هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ (یہ قرآن ان لوگوں کیلئے نصیحت ہے جو میرے ساتھ ہیں) یعنی میری امت۔ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ (اور ان لوگوں کیلئے بھی نصیحت ہے جو مجھ سے قبل امتیں ہوئیں) مَنْ قبلی سے سابقہ انبیاء علیہم السلام کی امتیں مراد ہیں۔ قرآن اللہ تعالیٰ کی توحید اور شرکاء کی نفی کر رہا ہے (اگر چہ کفار عناد وضد سے نہ مانیں)

قراءت: مَعِيَ حفص نے پڑھا۔

جب کفار اپنے کفر سے باز نہ آئے تو قرآن نے ان سے اعراض کرتے ہوئے فرمایا۔ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ الْحَقَّ (بلکہ ان کی اکثریت حق کو نہیں جانتی) الحق سے قرآن مراد ہے۔

نحو: الحق کا نصب یعلمون کی وجہ سے ہے۔ ایک قراءت میں الحقُّ ضمہ کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔ اس صورت میں مبتدا محذوف ھو کی خبر ہے ای ھو الحق۔ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ (پس وہ اس وجہ سے اعراض کر رہے ہیں) ھم وہ اسی وجہ سے مُعْرِضُوْن ان آیات پر غور کرنے سے اعراض کرنے والے ہیں۔ جن پر غور سے حق سمجھ آ سکتا ہے۔

۲۵: وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْۤ اِلَيْهِ (اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی ایسا پیغمبر نہیں بھیجا جس کے پاس یہ وحی

ہم نے نہ بھیجی ہو) نوحی الیہ ابوبکر وحماد کے علاوہ باقی کوفی قراء نے اسی طرح پڑھا ہے۔

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ( کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری ہی عبادت کرو) فاعبدونؔ سے مراد مجھے وحدہٗ لاشریک مانو۔اس آیت کو بار بار لائے۔کیونکہ اس سے پہلے آیات توحید آئی ہیں۔(پس دعویٰ کا تکرار بغرض تاکید کردیا گیا)

۲۶: وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ (اور انہوں نے کہا کہ رحمان نے بیٹا بنالیا ہے وہ پاک ہے ) یہ آیت بنوخزاعہ کے سلسلہ میں اتری جو ملائکہ کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں قرار دیتے تھے۔پھر اللہ تعالیٰ کی ذات کو اس سے منزہ قرار دیا اوران کے متعلق خبر دی کہ جن کو تم نے معبود بنایا وہ تو عباد ہیں۔

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ (بلکہ وہ اس کے معزز بندے ہیں )یعنی بلکہ وہ اس کے معزز بندے ہیں۔جن کو قرب کا شرف بخشا اور قرب عنایت کیا گیا۔وہ اولاد نہیں کیونکہ عبودیت ولادت کے منافی ہے۔

۲۷:لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ (وہ اس سے آگے بڑھ کر بات نہیں کر سکتے ) القولؔ میں الف لام اضافت کے قائم مقام ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ خود اللہ تعالیٰ کے قول کے پیرو ہیں۔اور انکا قول اس کے حکم سے سبقت کرنے والا نہیں۔اور نہ اپنے قول سے اس کے قول کو مقدم کر سکتے ہیں۔

وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ (وہ اسی کے حکم پر عمل کرنے والے ہیں )یعنی جس طرح اُنکا قول اس کے حکم کے تابع ہے اسی طرح انکا فعل بھی اس کے حکم کے مطابق ہے۔وہ کوئی ایسا عمل نہیں کرتے جس کا اس نے حکم نہ دیا ہو۔

۲۸:يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ (اللہ تعالیٰ ان کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے )یعنی جو اعمال انہوں نے پہلے اور بعد کیے ہیں۔وَلَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى (اور وہ کسی کی سفارش نہیں کر سکتے مگر اس کی جس کیلئے شفاعت کرنے کی اللہ تعالیٰ کی مرضی ہو)یعنی جس کے لئے وہ پسند کرے۔نمبر۲۔جس نے لا الہ الا اللہ کا اقرار کیا ہو۔وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ (وہ اس کے ڈر سے ہیبت زدہ ہیں) خائف ہیں۔

۲۹: وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اور (بالفرض اگر) ان میں سے کوئی کہے ملائکہ میں سے اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ (کہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا معبود ہوں) اللہ تعالیٰ کے سوا۔

قراءت :اِنِّیَ مدنی اور ابوعمرو نے پڑھا ہے۔

فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ (تو ہم اس کو جہنم کی سزا دیں گے۔)

نحو :ذٰلک مبتدا ہے نَجْزِیْهِ جهنم اس کی خبر ہے۔ذٰلک کا مشار الیہ قائل ہے۔اور یہ دونوں جواب شرط ہیں۔

كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ (ہم ظالموں کو اسی قسم کی سزا دیتے ہیں ) ظالم سے کافر مراد ہیں۔جنہوں نے الوہیت کو غیر مقام پر رکھ دیا۔ یہ کلام بر سبیل فرض اور تمثیل ہے کیونکہ فرشتوں کا معصوم ہونا قطعی ہے۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما وقتادہؒ ،وضحاکؒ ابلیس کے متعلق وعید یقینی وقطعی ہے اس نے اپنے لئے الوہیت کا دعویٰ کیا۔ اپنی طاعت وعبادت کیلئے مخلوق کو بلایا۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا

کیا کافروں کو یہ معلوم نہیں کہ آسمان اور زمین بند تھے پھر ہم نے ان دونوں کو کھول دیا' اور ہم نے پانی سے

مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ

ہر جاندار چیز کو بنایا کیا وہ پھر بھی ایمان نہیں لاتے ' اور ہم نے زمین میں جمنے والی چیزیں بنا دیں تاکہ

تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٣١﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا

وہ ان کو لے کر نہ ہلے اور ہم نے اس میں کشادہ راستے بنا دیئے تاکہ وہ راہ پالیں' اور ہم نے آسمان کو محفوظ چھت

مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

بنا دیا اور وہ ہماری نشانیوں سے اعراض کئے ہوئے ہیں ' اور وہ ایسا ہے جس نے رات کو اور دن کو

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٣٣﴾

اورچاندکواورسورج کو بنایا سب ایک دائرہ میں تیر رہے ہیں۔

٣٠: اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (کیاان کافروں کومعلوم نہیں ہوا)

قراءت: مکی نے ألم یَر پڑھا ہے۔

## رتق کامعنی اور مطلب:

اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا (کہ آسمان وزمین بند تھے) مجموعۂ سماوات اور مجموعۂ ارض مراد ہے اسی لئے کُنّ نہیں فرمایا۔ رَتْقًا (بند) یہ مصدر ہے جومفعول کے معنی میں ہے ای کانتا مرتوقتین ہے مصدریت کی وجہ سے جمع کی جگہ لائے ہیں۔ فَفَتَقْنٰهُمَا (پس ہم نے ان دونوں کو چیر دیا) الفتق دو چیزوں میں جدائی کرنا اور پھاڑنا اور الرتق اس کی ضد ہے باہم ملانا، بند کرنا۔

**سوال**: کہ اولم یَرَ کہہ کر کفار کو آسمان وزمین کا رتق ہونا بتایا جارہا ہے انہوں نے دیکھا ہی کب ہے کہ اس کو اس انداز سے بیان کر کے ان کے ذہنوں میں پختہ کیا جائے؟

**جواب**: قرآن میں یہ بات وارد ہے جو کہ معجزہ ہے پس مشاہد ومرئی کے قائم مقام ہوگئی۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ روایت بمعنی علم ہے اور کثرت سے مستعمل ہے۔ باقی عقلاً بھی یہ بالکل ممکن ہے کہ آسمان وزمین اولاً ملے ہوئے ہوں پھر ان کو جدا کر دیا جائے۔ یہاں خاص طور پر الگ الگ کرنے کی خصوصیت کو بیان کرنا مقصود ہے۔ تلاصق کو نہیں پس اس کے لئے کوئی مخصص ہونا ضروری ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جو قدیم وازلی ہے۔

## قول اول:

آسمان وزمین ملے ہوئے تھے ان کے درمیان فضاء نہ تھی تو ان دونوں کو جدا کر دیا۔ ان کے درمیان فضاء بنادی (یہ ابن عباسؓ کا قول ہے)

## دوسرا قول:

آسمان ایک ہی طبقہ تھے۔ پس ان کو جدا کر کے سات آسمان بنادیے۔ اسی طرح زمین کے تمام طبقات ملے تھے۔ اس کے طبقات کو الگ تھلگ کر دیا۔ اور سات زمینیں بنادیں (یہ کعب احبار کا قول ہے)

## تیسرا قول:

آسمان بند تھا کہ اس سے بارش نہ ہوتی تھی اور زمین بند تھی کہ سبزہ نہ اگاتی تھی۔ آسمان سے بارش برسا کر اس کا منہ کھول دیا اور زمین سے سبزہ اگا کر اس کو پھاڑ دیا۔ (یہ عطیہ عکرمہ کا قول ہے جو تمام اقوال میں اکثر علماء کے ہاں احسن ہے)

## ہر جاندار پانی سے:

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَيٍّ (اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز بنائی) یعنی پانی سے ہر حیوان کو بنادیا جیسا کہ دوسرے ارشاد میں فرمایا۔ واللّٰہ خلق کل دابة من ماء [النور:۴۵] نمبر۲۔ گویا ہم نے اس کو پانی سے پیدا کیا جیسا کہ پانی کی انسان کو بہت ضرورت و محبت ہے اور اس سے صبر نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا۔ خلق الانسان من عجل [الانبیاء:۳۷] کہ گویا انسان جلد بازی سے بنا ہے۔ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ (کیا پھر بھی یہ ایمان نہیں لاتے) یعنی مشاہدات کی تصدیق نہیں کرتے۔

۳۱: وَجَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ (اور زمین میں ہم نے بوجھ بنادیئے) قائم رہنے والے پہاڑ۔ یہ رسا یرسو سے ہے جس کا معنی قائم و ثابت رہنا ہے۔ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ (کہ زمین ان کو لے کر ہلنے نہ لگے) ان کو لیکر مضطرب و بے قرار نہ ہو جائے۔ یہاں لا محذوف ہے اور لام بھی۔ لا کا یہ حذف جائز ہے کیونکہ التباس نہیں جیسا کہ اس ارشاد میں مراد ہے۔ لئلا یعلم اهل الكتاب۔ [الحدید:۲۹]

## راستوں کی کیفیت:

وَجَعَلْنَا فِیْهَا سُبُلًا فِجَاجًا (اور ہم نے اس زمین میں کشادہ راستے بنائے) فجاجًا: وسیع راستے۔ یہ فجٌّ کی جمع ہے۔

نحو: یہ حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ سُبُلًا ذوالحال مقدم ہے۔

اعتراض: اس ارشاد اور دوسری آیت تسلکوا منها سُبلا فجاجًا [نوح:۲۰] میں کیا فرق ہے۔ کہ وہاں سبل کو مقدم کیا یہاں مؤخر؟

جواب: پہلی آیت میں یہ بتلایا کہ اس نے زمین میں وسیع راستے بنادیے اور دوسری میں یہ بیان فرمایا کہ جب ان راستوں کو بنایا تھا

تو اس کیفیت و انداز سے بنایا تھا تو گویا اس جگہ پہلے مبہم ذکر کیا پھر وضاحت کی۔

لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ (تا کہ وہ منزل مقصود کو پہنچ جائیں) تا کہ ان راستوں سے بلا دمقصود تک پہنچ سکیں۔

۳۲: وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا (اورہم نے آسمان کوایک محفوظ چھت بنایا) کہ وہ گرنے سے بچی ہوئی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ویمسك السماء ان تقع على الارض الا باذنہٖ [الحج:۶۵] نمبر۲۔ محفوظ کا مطلب شہابوں کے ذریعہ شیاطین سے ان کی حفاظت کردی جیسا کہ فرمایا و حفظنٰها من كل شيطان رجيم [الحجر:۱۷]

وَهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا (وہ کافر اس کی نشانیوں سے) ھم سے مراد کفار ہیں آیات سے مراد سورج، چاند، ستارے۔ مُعْرِضُوْنَ (اعراض کرنے والے ہیں) ان میں غور و فکر نہیں کرتے کہ ایمان لائیں۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ

اور ہم نے آپ سے پہلے کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا تجویز نہیں کیا' اگر آپ کی وفات ہو جائے تو یہ لوگ کیا ہمیشہ رہیں گے' ہر

نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾

جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے' اور ہم تمہیں بری اور بھلی حالتوں کے ذریعہ اچھی طرح آزماتے ہیں' اور تم ہماری ہی طرف واپس کر دیئے جاؤ گے'

وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ

اور جب کافر لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ کو ہنسی کا ذریعہ بنا لیتے ہیں کیا یہی ہے وہ جو تمہارے معبودوں کا ذکر کرتا ہے'

وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ

اور وہ رحمٰن کے ذکر کا انکار کرتے ہیں' انسان جلدی سے پیدا کیا گیا ہے میں عنقریب تمہیں اپنی نشانیاں

اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾

دکھا دوں گا' سو تم مجھ سے جلدی مت مچاؤ' اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہو گا اگر تم سچے ہو'

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ

اگر کافر لوگ اس وقت کو جان لیتے جب اپنے چہروں سے آگ کو نہ روک سکیں گے اور نہ اپنی

ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

پشتوں سے اور نہ ان کی مدد کی جائے گی' بلکہ وہ آگ اچانک ان کے پاس آ جائے گی' سو وہ انہیں بدحواس کر دے گی' سو وہ اسے نہ ہٹا سکیں

رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ

گے اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی' اور یہ واقعی بات ہے کہ آپ سے پہلے رسولوں کے ساتھ تمسخر کیا گیا سو جن لوگوں نے

بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾ ۳ ع ۱۲ ۴

ان کا تمسخر کیا انہیں وہ چیز پہنچ گئی جس کا وہ استہزاء کیا کرتے تھے۔

۳۳: وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ (اور وہ ایسا ہے کہ اس نے رات کو بنایا) تا کہ تم سکون حاصل کرو اور وَالنَّهَارَ (اور دن بنائے) تا کہ تم اس میں کام کاج کر سکو۔ وَالشَّمْسَ (اور سورج کو) تا کہ دن کو روشنی کا کام دے۔ وَالْقَمَرَ (اور چاند کو) تا کہ رات کو چاند کرے۔ كُلٌّ (تمام) یعنی ہر ایک ان میں سے۔ اس میں تنوین مضاف کے بدلے میں ہے۔ ای كلهم ضمیر شمس و قمر کی

طرف راجع ہے۔اور مراد اس سے تمام نیرّ ات کی جنس ہے اور یہاں جمع عقلاء والی لائی گئی ہے ان کے فعل سباحت کو بیان کرنے کیلئے ہے۔

فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ( ہر ایک اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں ) قول ابن عباس رضی اللہ عنہما الفلك آسمان کو کہتے ہیں ۔قول جمہور یہ ہے کہ فلک آسمان کے نیچے موج بستہ ہے جس میں سورج، چاند، ستارے چل رہے ہیں۔

نحو : کل مبتدا اور یسبحون اس کی خبر ہے۔

یَسْبَحُوْنَ وہ چل رہے ہیں ۔نمبر۲۔گھوم رہے ہیں۔

نحو : یہ جملہ محل نصب میں الشمس والقمر سے حال ہے۔

۳۴: وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ (ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی بشر کیلئے ہمیشہ رہنا نہیں بنایا) خلد کا معنی بقاء و دوام ہے۔اَفَاۡئِنْ مِّتَّ (پھر اگر آپ کا انتقال ہو جائے )۔

قراءت :مِتَّ کی میم کو کسرہ مدنی اور ابو بکر کے علاوہ کوفی قراء نے پڑھا ہے۔

فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ (تو کیا یہ لوگ ہمیشہ رہیں گے )۔

نحو : اول فاء عطف جملہ علی الجملہ کیلئے ہے اور دوسری جزائے شرط کیلئے ہے۔ کفار کا اندازہ یہ تھا کہ یہ عنقریب مر جائیں گے تو انکا سلسلہ ختم ہو جائے گا۔اللہ تعالیٰ نے ان کی شماتت کی نفی کی ہے کہ فیصلہ الٰہی یہ ہے کہ دنیا میں کوئی انسان ہمیشہ نہ رہے گا اگر آپ فوت ہو نگے تو انہوں نے ہمیشہ رہنا ہے؟

۳۵: كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَنَبْلُوْكُمْ (اور ہر جاندار کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور ہم تمہیں آزماتے ہیں )ابلاء کا معنی امتحان لینا ہے اس کو ابتلاء کا نام دیا۔اگر چہ وہ عالمین کے اعمال کو جو آئندہ ہونے والے ہیں ان کے وجود سے قبل ہی جانتے ہیں کیونکہ وہ صورت اختبار میں سے ہے۔

بِالشَّرِّ (برائی سے )فقر وجسمانی تکلیف وَالْخَیْرِ (اور بھلائی سے ) مالداری،نفع سے فِتْنَةً (آزمانا )

نحو : یہ نبلو کم کیلئے مصدر موکد ہے۔اگر چہ غیر لفظ سے ہے۔

وَاِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ (اور ہماری بارگارہ کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا ) پس تمہیں بدلہ تمہاری طرف سے پائے جانے والے صبر،شکر کی مقدار سے ہوگا۔

قراءت :ابن ذکوان نے تَرجعون پڑھا ہے۔

۳۶: وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ یَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا (اور جب کافر لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو پس آپ کی ہنسی اڑاتے ہیں )اِلَّا هُزُوًا ان نافیہ ہے اور هزوًا یہ یتخذونك کا مفعول ثانی ہے۔

شانِ نُزول : آیت ۳۶ : یہ آیت ابو جہل کے متعلق اتری ۔اس کا گزر نبی اکرم ﷺ کے پاس سے ہوا تو ہنسنے لگا۔اور کہنے لگا یہ نبی ہے بنی عبد المناف کا اَهٰذَا الَّذِیْ یَذْكُرُ ( کیا یہ ہے جو تمہارے معبودوں کا تذکرہ برائی سے کرتا ہے ) یذکر کا یہاں معنی عیب

لگاتا ہے۔

اٰلِھَتَکُمْ (تمہارے معبودوں کا) الذکر خیر وشر دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ اور ذاکر سچا ہو تو ثناء و مدح بنے گی اور اگر وہ دشمن ہو تو پھر ذکرِ مذمت کے معنی میں ہوگا۔ وَھُمْ بِذِکْرِ الرَّحْمٰنِ (اور وہ رحمان کے ذکر سے) اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور جس طرح اس کا ذکر وحدانیت کے لئے ضروری ہے اس سے ھُمْ کٰفِرُوْنَ (یہ منکر ہیں) بالکل اس کو مانتے ہی نہیں۔ وہ اس بات کے زیادہ مناسب ہے کہ انکا مذاق اڑایا جائے۔ آپ تو حق پرست ہیں اور وہ باطل پرست ہیں۔

دوسرا قول یہ ہے ذکر رحمان سے آپ پر اتارا جانے والا قرآن مراد ہے۔ اور ھم کافرون سے انکا قرآن سے ضد کی بنا پر انکار مراد ہے۔ اور یہ جملہ موضعِ حال میں ہے۔ یعنی وہ آپکا مذاق اڑاتے ہیں حالانکہ ان کی حالت قابلِ استہزاء و تمسخر ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے انکار والی حالت ہے۔

نَحو: ھم کو تاکید کیلئے دوبارہ لائے۔ نمبر۲۔ مبتدا و خبر کے درمیان صلہ حائل ہو گیا اس لئے مبتدا کا اعادہ کر دیا گیا۔

## خمیر میں جلد بازی:

۳۷: خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ (انسان جلدی ہی کے خمیر کا بنا ہے) الانسان کی تفسیر جنس سے کی گئی۔

دوسرا قول: یہ نضر بن حارث کے متعلق اتری وہ عذاب کا جلدی مطالبہ کرتا تھا۔ العجل العجلة یہ دونوں مصدر ہیں اور اس کا معنی وقت سے کسی چیز کا مقدم ہونا۔ اور ظاہر یہی ہے کہ مراد جنس انسان ہے انسان میں عجلت رکھی گئی ہے۔ اور بے صبری اور جلدی کا ایسا مظاہرہ کرتا ہے گویا کہ اس کی پیدائش ہی مادۂ جلدی سے ہوئی ہے۔ محاورہ عرب میں جو کثرت سے سخاوت کرنے والا ہو اس کے متعلق کہتے ہیں: خلق من الکرم ۔ کہ یہ تو سخاوت سے بنا ہے۔ عجلت میں افراط پر اولاً انسان کی مذمت کی اور بتلایا کہ اس کی طبع میں پڑی ہے۔ پھر انسان کو منع کیا اور اس پر ڈانٹ پلائی گویا اس طرح فرمایا کہ انسان سے جلدی کرنا نئی بات نہیں وہ اس کی جبلت ہے اور طبیعت ثانیہ اور عادت مالوفہ ہے اور ان کے اجزاء میں رکھ کر جوڑی گئی ہے۔

دوسرا قول العجل حمیری زبان میں مٹی کو کہتے ہیں جیسا کہ انکا شاعر کہتا ہے۔

**والنبع فی الصخرة الصَّمَّاء مَنْبتُه   والنَّخْلُ تنبتُ بین الماء و العَجَلِ**

نبع درخت کے اگنے کا مقام تو سخت پتھر ہیں اور کھجور پانی اور مٹی میں اگتی ہیں۔

فَائِدَة: اللہ تعالیٰ نے جلد بازی سے منع کیا حالانکہ یہ انسان کی فطرتی چیز ہے۔ جیسا کہ شہوت کو مٹانے کا حکم دیا جبکہ وہ اس کے ترکیبی اجزاء میں پائی جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو قمعِ شہوت اور ترکِ عجلت کی طاقت عنایت فرمائی ہے اس کا بے محل استعمال منع ہے۔

نَحو: من عجل یہ حال ہے۔ سَاُورِیْکُمْ اٰیٰتِیْ (میں اپنی آیات دکھاؤں گا) آیات سے قہر و غضب والی نشانیاں فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ (پس تم مجھ سے وہ جلدی مت مانگو) ان کے لانے کیلئے۔

قراءت: یعقوب اور سہل نے یاء سے یستعجلون پڑھا۔ وصل میں عیاش نے اسی طرح پڑھا۔

۳۸: وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ (اور وہ کہتے ہیں کب ہوگا یہ وعدہ) عذاب کی آمد والا۔ نمبر۲۔ قیامت اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو) کہا گیا کہ یہ ان کے عذاب کو جلدی مانگنے کی وجوہ میں سے ایک وجہ ہے۔

۳۹: لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ (اگر کافر جان لیتے اس وقت کو جب کہ وہ آگ کو نہ اپنے چہروں کی طرف سے) النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ (روک سکیں گے اور نہ ہی پشت کی جانب سے اور نہ ہی ان کی مدد کی جائے گی) لَو کا جواب محذوف ہے اور حین یہ لیعلم کا مفعول بہ ہے۔ ای لو یعلمون الوقت الذی یتعجلونہ بقولھم متی ھذا الوعد الخ یعنی اگر ان کو اس وقت کا علم ہو جائے جس کو اپنے قول متی ھذا الوعد سے جلد طلب کر رہے ہیں تو وہ ایسا وقت ہے کہ آگ ان کو ہر طرف آگے پیچھے سے گھیر لے گی اور اس کو روکنے کی ان کو طاقت نہ ہوگی اور اپنے نفسوں سے اس کو ہٹا سکیں گے اور کوئی مددگار نہ پائیں گے جو ان کی مدد کرے اس لئے کہ ان میں اس درجہ کا کفر، استہزاء اور استعجال پایا جاتا ہے۔ لیکن اس وقت کے ان احوال کی جہالت نے ان کے لئے کفر و استہزاء کو معمولی بنا دیا ہے۔

۴۰: بَلْ تَاْتِيْهِمْ (بلکہ ان پر آپڑے گی) قیامت بَغْتَةً (اچانک) فَتَبْهَتُهُمْ (پس ان کو حیران کر دے گی۔) اس کو روک نہ سکیں گے بلکہ اچانک آ کر ان پر غلبہ پالے گی۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا (وہ اس کو واپس لوٹانے کی طاقت نہ رکھیں گے) اس کے دفع کرنے کی ان میں طاقت نہ ہوگی۔ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ (اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی۔)

۴۱: وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ (تحقیق آپ سے پہلے پیغمبروں سے استہزاء کیا جا چکا) فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ (پس اسی عذاب نے ان کو آن گھیرا) یعنی اس کا بدلہ مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔)

اس آیت میں رسول اللہ ﷺ کو ان کے استہزاء کے سلسلہ میں انبیاء علیہم السلام کا اسوہ پیش کر کے تسلی دی اور یہ بتلایا جو کچھ وہ آج کر رہے ہیں یہ ان کو آگھیرے گا۔ جیسا کہ انبیاء علیہ السلام کا مذاق اڑانے والوں کے ساتھ ہوا۔

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

آپ فرما دیجئے وہ کون ہے جو رات میں اور دن میں رحمٰن سے تمہاری حفاظت کرتا ہے۔ بلکہ وہ لوگ اپنے رب کی توحید سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ

اعراض کئے ہوئے ہیں۔ کیا ہمارے سوا ان کے لئے ایسے معبود ہیں جو ان کی حفاظت کرتے ہوں؟ وہ اپنی جانوں کی حفاظت نہیں

اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ

کر سکتے اور نہ ہمارے مقابلہ میں کوئی شخص ان کا ساتھ دے سکتا ہے! بلکہ ہم نے انہیں اور ان کے باپ دادوں کو خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان پر ایک

عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ

عرصہ دراز گزر گیا۔ کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹا رہے ہیں کیا وہ

الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾

غالب آنے والے ہیں؟ آپ فرما دیجئے بات یہی ہے کہ میں تمہیں وحی کے ذریعہ ڈراتا ہوں اور گونگے لوگ پکار کو نہیں سنتے جبکہ وہ ڈرائے جاتے ہیں'

وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾

اور اگر آپ کے رب کی طرف سے انہیں عذاب کا ایک جھونکا لگ جائے تو ضرور یوں کہیں گے کہ ہائے ہماری کمبختی واقعی ہم ظالم تھے۔

## دلائلِ قدرت:

۴۲: قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ (کہہ دیں کہ کون تمہاری کون حفاظت کرے گا) یکلؤ کا معنی حفاظت کرنا۔ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ (رات اور دن کو رحمان سے) یعنی رحمان کے عذاب سے بچانے کیلئے اگر وہ عذاب تمہارے پاس رات یا دن کو آن پہنچے۔ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ (بلکہ وہ اپنے رب کے ذکر سے اعراض کرنے والے ہیں) یعنی وہ اس کی یاد سے منہ موڑنے والے ہیں اور اپنے دل میں اس کا خیال بھی نہیں کرتے چہ جائیکہ وہ اس کی پکڑ سے بچتے۔ یہاں تک کہ جب ان کو اس کی طرف سے حفاظت مل جائے گی تو وہ پہچانیں گے کہ محافظ کون ہے۔ تب وہ اس قابل ہونگے کہ ان سے اس کے متعلق سوال کیا جائے۔ مطلب یہ ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ وہ ان سے سوال کریں کہ محافظ کون؟ پھر وضاحت فرمائی کہ وہ جواب کی صلاحیت نہیں رکھتے کیونکہ وہ اس کی یاد سے ہی غافل اور معرض ہیں جو ان کی حفاظت کرنے والا ہے۔ پھر اگلی آیت میں اس بات سے اعراض کرتے ہوئے فرمایا۔

## جو اپنی مدد کی قدرت نہیں رکھتا وہ تمہاری مدد کیا کرے گا:

۴۳: اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا (کیاان کے پاس ہمارے سوا ایسے معبود ہیں جو عذاب سے ان کی حفاظت کر لیتے ہوں) اَم یہاں بل کے معنی میں ہے۔اس لئے فرمایا کہ ان کے ایسے معبود ہیں جو ان کو عذاب سے بچا سکیں ہماری حفاظت و رکاوٹ سے آگے گزر کر؟ پھر درمیان میں یہ جملہ مستانفہ لائے۔ لَايَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ (وہ تو اپنی حفاظت کی بھی قدرت نہیں رکھتے اور نہ ہمارے مقابلے میں کوئی اور انکا ساتھ دے سکتا ہے) اس میں واضح فرمادیا جو اپنے نفس کی مدد وحفاظت پر قدرت نہیں رکھتا اور اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت اس کے ساتھ ویسے ہی نہیں تو وہ دوسرے کو کیسے روک سکتا اور اس کی مدد کو کیسے پہنچ سکتا ہے؟ پھر فرمایا:

## طویل مہلت:

۴۴: بَلْ مَتَّعْنَا هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ (بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو خوب سامان دیا۔ یہاں تک ان پر اسی حالت میں عرصہ دراز گزر گیا) جس حفاظت ونگہبانی میں وہ رہ رہے ہیں وہ ہماری ہی طرف سے ہے۔ ورنہ ان کو ہلاک کرنے میں ہمارے سامنے کوئی رکاوٹ نہیں جو ہلاکت سے ان کو بچا سکے۔ ہم نے انہیں اور ان کے گزشتہ آباء کو عذاب سے اس لئے بچائے رکھا تاکہ دنیا کا وہ نفع اٹھالیں اور مہلت پوری کر لیں۔ جیسا کہ دیگر کفار کو ہم نے دنیا کا نفع دیا اور مہلت دی اور یہ زمانہ طویل ہونے سے ان کے دلوں میں سختی پیدا ہوگئی پس وہ سمجھ بیٹھے کہ وہ اس مہلت پر ہمیشہ چھوٹے رہیں گے حالانکہ یہ جھوٹی امید ہے۔

اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا (کیا وہ نہیں دیکھ رہے کہ ہم کفر کی زمین کناروں کی طرف سے گھٹا رہے ہیں) ہم کفر کی زمین کو کم کر رہے ہیں۔ اور اس کے اطراف کو مسلمانوں کے تسلط سے مٹا رہے ہیں۔ اور اس زمین والوں پر اسلام والوں کو غالب کرتے جا رہے ہیں۔ اور دارالاسلام میں بدل رہے ہیں۔

ناتی کا لفظ لا کر اشارہ کیا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے ہاتھوں اس کو جاری رکھیں گے۔ اور اسلامی لشکر مشرکین کی سرزمین میں غزوات کر کے غالب واپس لوٹے جس سے مشرکین پر حدود زمین تنگ ہوتی جا رہی تھی۔ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ (کیا وہ پھر بھی غالب آجائیں گے) کیا کفار مکہ کو غلبہ حاصل ہوگا؟ اس کے بعد کہ ہم نے ان کی سرزمین کفر کو اطراف سے کم کر دیا ہے؟ یعنی کبھی نہ ہوگا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب ہماری مدد سے غالب آئیں گے۔

۴۵: قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ (کہہ دیں میں تم کو وحی کے ذریعہ ڈرا رہا ہوں) میں قرآن کے ذریعہ تمہیں عذاب سے ڈرا رہا ہوں۔ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ (اور بہرے پکار کو نہیں سنتے)۔

قراءت: یاء مفتوح اور میم بھی مفتوح اور الصُّم مرفوع پڑھا گیا۔ اور شامی اور علی نے لا تُسمع الصُّمَّ پڑھا ہے۔ اس میں خطاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے۔

اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ (جبکہ ان کو ڈرایا جاتا ہے) خوف دلایا جاتا ہے۔ الصم کی الف لام عہد خارجی کا ہے۔ اس سے موجودین

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ؕ وَاِنْ كَانَ

اور قیامت کے دن ہم عدل والی میزان قائم کر دیں گے۔ سو کسی پر ذرا سا ظلم بھی نہ ہو گا اور اگر کوئی

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾

عمل رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اسے حاضر کردیں گے اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں۔

مراد تھے۔جن کو براہ رست ڈرایا گیا اور اصل اس طرح کلام ہے و لا یسمعون اذا ماینذرون پس ظاہر کومضمر کی جگہ لائے کیونکہ ان کے بہرے پن اور کانوں کے بند کر لینے پر دلالت موجود ہے جب بھی ان کوڈرایا جاتا ہے تو یہ اس سے کوئی تاثر ہی نہیں لیتے۔

۴۶: وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ (اگران کوذراسی لپٹ چھوجائے) یعنی معمولی دھکا اور مارمِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ (تیرے رب کے عذاب کی)

نحو: یہ نفحۃ کی صفت ہے۔لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ (وہ ضرور کہیں گے ہائے ہماری خرابی ہم ہی ظالم تھے) یعنی اگران کواس عذاب کا ادنیٰ حصہ بھی آ کر کے چھولے جس عذاب سے ان کوڈرایا جارہا ہے۔تو ذلت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے نفسوں کے خلاف وہ ہلاکت وتباہی کو پکارنے لگیں گے اور اقرار کرلیں گے کہ انہوں نے ہی اپنے اوپر ظلم کیا جب بہرا پن اختیار کیا اور اعراض کیا۔

## فائدہ عجیبہ:

اس آیت میں انتہائی مبالغہ فرمایا گیا اس کی رمز اس طرح ہے کہ المسّ اور النفحۃ کا ذکر کیا۔ کیونکہ النفحۃ ادنیٰ لپٹ اور ذراسی ضرب کو کہتے ہیں جو کہ قلت کی علامت ہے۔ اور تاء بھی وحدت کی لائی گئی۔ کہا جاتا ہے نفحۃ بعطیۃ اس کا چھینٹا۔ اور ایک مزید بات یہ بھی ہے کہ یہ وزن ایک بار پر دلالت کرتا ہے ایک یہ بھی ہے کہ تنوین تنکیر کی ہے۔

## میزانِ عدل رکھنا:

۴۷: وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ (اور ہم میزان عدل قائم کریں گے) الموازین جمع میزان ہے۔ ہر وہ آلہ جس سے کسی چیز کا وزن کیا جائے اور اس چیز کی کمیت ومقدار معلوم کی جائے۔ بقول حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ وہ ایسا میزان ہے جس کے دو پلڑے ہیں۔ اور ایک لسان ہے اور جمع عظمتِ شان کی وجہ سے لائے جیسا کہ اس قول میں یاایھا الرسل میں ہے [المومنون: ۵۱] ایک قول کے مطابق وزن صحائفِ اعمال کا کیا جائے گا۔ الْقِسْطَ (انصاف) موازین کی صفت قسط سے کی گئی اور وہ عدل کو کہا جاتا ہے۔ درحقیقت یہ بات مبالغہ کوظاہر کرنے کیلئے ہے گویا وہ ترازو خود مجسمہ انصاف ہے۔ نمبر۲۔ مضاف محذوف ہے۔ ای ذوات القسط انصاف والے ترازو۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّ ذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فیصلہ والی چیز اور روشنی اور نصیحت کی چیز عطاء کی جو متقیوں کے لئے نصیحت تھی جو

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ۝ وَهٰذَا ذِكْرٌ

اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے خوفزدہ ہیں، اور یہ ایک نصیحت ہے

مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝

مبارک ہے جو ہم نے نازل کی ہے سو کیا تم پھر بھی اس کے منکر ہو۔

لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ (قیامت کے دن کی وجہ سے) اہل قیامت کیلئے یعنی لام اجلیہ ہے۔فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا (کسی نفس پر ذرا بھر ظلم نہ ہوگا) ذرا سا ظلم بھی نہ ہوگا۔وَ اِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ (اور اگر اس کا عمل رائی کے دانے کے برابر ہوگا) یعنی وہ چیز مقدار میں رائی کے دانہ کے برابر چھوٹی ہو۔

**قراءت**: مدنی نے مثقال کو رفع سے پڑھا ہے اور سورت لقمان میں بھی اس طرح پڑھا اور کان کو تامہ قرار دیا۔

**نحو**: من خردل (رائی کا) یہ حبة کی صفت ہے۔اٰتَيْنَا بِهَا (ہم اس کو لے آئیں گے) حاضر کر دیں گے۔یہاں ھا ضمیر مثقال کی طرف راجع ہے جو کہ مذکر ہے مگر ضمیر مونث ہے۔تو اس کی وجہ یہ ہے اس کا مضاف الیہ حبۃ مونث ہے۔جیسا کہ عرب کا قول ہے۔ذهبت بعض اصابعهم۔وَ كَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ (اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں) علم رکھنے والے اور حفاظت کرنے والے ہیں (کوئی شئی ہمارے علم وحفاظت سے نکل نہیں سکتی)

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: کیونکہ جو آدمی کسی چیز کا حساب کرتا ہے اور وہ اس کا علم بھی رکھتا ہوتا ہے اور اس کے حفاظت میں بھی وہ چیز محفوظ ہوتی ہے۔

## صفاتِ تورات:

۴۸: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا (اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ اور ہارون کو بھی ایک فیصلہ اور روشنی دی اور نصیحت)

## ایک قول :

یہ ہے یہ تینوں صفات تورات ہی کی ہیں وہی حق و باطل کے مابین فرق کرنے والی اور روشنی کا مینار ہے۔جس سے روشنی لی جاتی ہے اور اس روشنی میں نجات کے راستہ تک پہنچا جاتا ہے۔اور نصیحت یعنی شرف یا نصیحت و تنبیہ ہے۔نمبر۲۔اس میں ان تمام احکام کا تذکرہ ہے۔جس کی لوگوں کو ضرورت و محتاجی ہے تاکہ وہ اپنے دونوں جہاں کی درستگی اس سے کر سکیں۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے ابراہیمؑ کو اس سے پہلے صحیح راہ عطا کی اور ہم ان کو جانتے تھے۔ جبکہ انہوں نے اپنے باپ

وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا

اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ مورتیاں کیا ہیں جن پر تم جے بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے دادوں کو ان کی

لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾

عبادت کرتے ہوئے پایا ہے ابراہیم نے کہا کہ بلا شبہ تم اور تمہارے باپ دادے کھلی گمراہی میں ہیں!

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ

وہ لوگ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس کوئی حق بات لے کر آئے ہو یا دل لگی کرنے والوں میں سے ہو۔ ابراہیم نے کہا بلکہ تمہارا رب وہی ہے جو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾

آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور میں اس پر گواہی دینے والوں میں سے ہوں

واؤ کو صفات کے مابین اس طرح داخل کیا گیا جیسا اس ارشاد میں و سیدًا و حصورًا و نبیا [آل عمران:۳۹] (یہ واؤ کے مطلق جمع ہونے کی دلیل بھی ہے: مترجم عرب کہتے ہیں مررت بزید الکریم والعالم والصالح ۔اور متقین کو کتاب سے خصوصی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔اسی لئے خصوصیت سے انکا تذکرہ فرمادیا۔لِّلْمُتَّقِيْنَ (متقین کیلئے)

۴۹: اَلَّذِيْنَ (وہ لوگ)

نحو : وصف ہونے کی وجہ سے الذین محل جر میں ہے۔نمبر۲۔مدح کی وجہ سے منصوب ہے۔نمبر۳۔مرفوع ہے۔مبتدا محذوف کی خبر ہے۔يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ (وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں) بِالْغَيْبِ (بن دیکھے) یہ حال ہے علیحدگی میں وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ (اور وہ قیامت کے اور اس کے احوال سے) مُشْفِقُوْنَ (خوف کھاتے ہیں)

## قرآن خیر کثیر کا جامع:

۵۰: وَهٰذَا ( اور یہ ) یعنی قرآن ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ ( مبارک تذکرہ ہے ) کثیر بھلائیوں اور بھرپور نفع بخش اَنْزَلْنٰهُ (اس کو ہم نے محمد ﷺ پر اتارا ہے) اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ( کیا پھر بھی تم اس کا انکار کرنے والے ہو) یہ استفہام توبیخی ہے۔یعنی جب یہ قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ خیر کثیر کا جامع ہے۔تو تم پھر کیوں انکار کرتے ہو؟

## ابراہیم علیہ السلام اوران کی قوم:

۵۱:وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ (ہم نے ابراہیم کو راستی فہم عطاء کی تھی) رشد وراہنمائی وہدایت مِنْ قَبْلُ (ان سے پہلے) موسیٰ وہارون سے نمبر۲۔ محمد ﷺ سے پہلے وَكُنَّا بِهٖ (اور ہم ان سے) ابراہیم یا اس کی رشد سے عٰلِمِيْنَ (خوب جاننے والے تھے) یعنی ہم نے جو کچھ دیا یہ جان کر دیا کہ وہ اس کے اہل ہیں۔

۵۲:اِذْ ( جب) اذ کو آتینا سے متعلق کرنا درست ہے نمبر۲۔ رشدہ سے متعلق ہے۔

قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ (انہوں نے اپنے والد اور قوم کو کہا یہ کیا مورتیاں ہیں؟) تماثیل یہ بت تھے جن کو مختلف درندوں کی شکل دی گئی تھی۔ اسی طرح پرندوں اور انسانوں کی۔ ان کے معبودوں کی تحقیر ظاہر کرنے کیلئے آپ نے کلام تجاہل عارفانہ انداز سے اختیار کیا حالانکہ آپ کو معلوم تھا کہ وہ مورتیوں کی تعظیم کرتے ہیں۔ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ (وہ جن کی عبادت پر تم جمے ہوئے ہو) لھا کالام اجلیہ ہے۔ تعدیہ کا نہیں ہے۔ ان کی عبادت کی خاطر اقامت اختیار کرنے والے ہو۔

۵۳: جب وہ اس پر دلیل دینے سے عاجز ہوگئے۔ تو قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ (تو کہنے لگے ہم نے تو اپنے آباء و اجداد کو ان کی پوجا کرتے پایا) پس ہم نے ان کی تقلید کی ہے۔

۵۴: قَالَ (کہا) ابراہیم علیہ السلام نے لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (یقیناً تم اور تمہارے باپ دادا کھلی گمراہی میں پڑے ہو) آپ کا مقصد یہ تھا کہ تم پیروی کرنے والے اور جن کی پیروی کا دعویٰ کرتے ہو ہر دو گمراہی کی لڑی میں دونوں پروئے ہوئے ہو۔ وہ ایسی گمراہی ہے جو کسی عاقل سے مخفی نہیں رہ سکتی۔ اور اس کی مزید تاکید کیلئے۔ انتم لائے تا کہ عطف صحیح ہو سکے۔ کیونکہ کسی ضمیر پر جب عطف کیا جائے تو وہ اس ممتنع فعل کا بعض حصہ ہی بن جاتا ہے۔

## یہ حقیقت یا تفریح:

۵۵: قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ (انہوں نے کہا کیا تم کوئی واقعی ہم سے بات کہہ رہے ہو) حق یہاں ہزل کے بالمقابل استعمال ہوا جس کا معنی واقعی ثبوت والی بات۔ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ (یا تم دل لگی کر رہے ہو) اپنی بات کہنے میں تم حقیقت پسند ہو یا تفریح طبع کیلئے کہتے ہو۔ انہوں نے آپ کے انکار کو بہت اوپرا قرار دیا۔ اور اس کے ضلال و گمراہی قرار دینے کو بہت ہی بعید قرار دیا۔ پس اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان سے اعراض کیا اور ان کو بتلایا کہ میں نے واقعی بات کہی ہے اس میں تفریح طبع کا دخل نہیں۔ اپنے ارشاد سے شہنشاہ مطلق کی ربوبیت اور بتوں کی بے بسی کو واضح کرتے ہوئے فرمایا۔

۵۶: قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ (ابراہیم نے کہا بلکہ تمہارا رب وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے ان کو نیست سے وجود بخشا ہے) یعنی تماثیل۔ پس خالق کو چھوڑ کر مخلوق کی عبادت کیسے کی جا سکتی ہے مفسر علامؒ نے ھن کا مرجع تماثیل کو بنایا ہے جبکہ اقرب مرجع السموٰت والارض موجود ہے۔ دیگر مفسرین نے یہی اختیار کیا ہے۔ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ (اور میں اس پر) مذکورہ توحید پر ایک شاہد ہوں۔ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ (منجملہ شہداء میں سے)

وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا

اور اللہ کی قسم میں اس کے بعد ضرور ضرور تمہارے بتوں کے بارے میں کوئی تدبیر کروں گا جب تم پشت پھیر کر چلے جاؤ گے۔ سو انہوں نے ان بتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا

اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٨﴾ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ

سوائے ان کے ایک بڑے بت کے، شاید وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کس نے کیا ہے؟ بے شک ایسا

لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٩﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٠﴾

کرنے والا ظالموں میں سے ہے۔ کہنے لگے کہ ہم نے ایک نوجوان کو سنا تھا جو ان کا ذکر کر رہا تھا اس جوان کو ابراہیم کہا جاتا ہے۔

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ

کہنے لگے اس جوان کو لوگوں کے سامنے لاؤ تاکہ وہ گواہ ہو جائیں۔ کہنے لگے اے ابراہیم کیا تم نے ہمارے معبودوں کے

هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٢﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا

ساتھ ایسا کیا ہے؟ ابراہیم نے کہا بلکہ یہ حرکت ان کے اس بڑے نے کی ہے سو تم ان سے پوچھ لو اگر وہ

يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا

بولتے ہیں۔ پھر انہوں نے اپنے نفسوں کی طرف رجوع کیا پھر کہنے لگے کہ بلاشبہ تم ہی ظلم کرنے والے ہو پھر انہوں نے اپنے سروں کو

عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ

جھکایا بے شک اے ابراہیم تم کو معلوم ہے کہ یہ بولتے نہیں ہیں۔ ابراہیم نے کہا کیا تم اللہ کو چھوڑ کر اس

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ

چیز کی عبادت کرتے ہو جو تمہیں نہ کچھ نفع دے سکے نہ نقصان پہنچا سکے۔ تف ہے تم پر اور ان پر جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

پوجتے ہو۔ کیا تم سمجھ نہیں رکھتے ہو؟ کہنے لگے اس کو جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو اگر تمہیں

فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا

کچھ کرنا ہے۔ ہم نے حکم دیا کہ اے آگ ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی بن جا۔ اور ان لوگوں نے ابراہیم کے ساتھ برا برتاؤ کرنا چاہا

فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾

سو ہم نے انہیں ان میں سے کر دیا جو بہت ہی زیادہ ناکام ہوتے ہیں۔

۵۷: وَتَاللّٰهِ اور اللہ کی قسم! یہ اصل میں واللہ ہے۔ اور تاء میں تعجب کا معنی ہے گویا انہوں نے اپنے ہاتھ سے اس تدبیر کی کامیابی پر تعجب کیا کیونکہ بتوں کو توڑنا آسان کام نہ تھا بلکہ ایک مشکل کام تھا کیونکہ بت پرستوں کو نمرود و ساری قوم کی حمایت حاصل تھی۔ نمرود خود بہت طاقتور بادشاہ تھا۔

لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ (میں تمہارے بتوں کی گت بناؤں گا) ضرور ان کو توڑ ڈالوں گا۔ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ (جب کہ تم ان سے منہ پھیر کر چلے جاؤ گے) اس کے بعد کہ تم ان کو چھوڑ کر اپنے تہوار اور میلے پر چلے جاؤ گے۔ یہ بات آپ نے قوم سے خفیہ کہی اس کو ایک آدمی نے سنا۔ پس آپ نے تعریض کرتے ہوئے اِنِّىْ سقيم [الصافات:۸۹] فرمایا کہ (عنقریب میں بیمار ہونے والا ہوں) یہ تعریض پیچھے رہنے کی غرض سے کی تھی۔ پھر آپ بیت الاصنام کی طرف لوٹے۔

## بتوں کا حشر:

۵۸: فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا (پس ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا) ٹکڑے ٹکڑے یہ الجذّ سے ہے وہ کاٹنے کو کہتے ہیں۔ جمع جذاذة جیسے زجاجة اور زجاج۔

قراءت: علی نے میم کے کسرہ سے پڑھا۔ یہ جمع جذیذ کی ہے جو کہ مجذوذ کے معنی میں ہے۔ جیسے خفیف اور خفاف۔

اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ (مگر بڑے بت کو) ان بتوں کیلئے نمبر۲ کفار کیلئے (ھم ضمیر جمع مذکر لائے اس لئے کہ بت پرستوں کے خیال میں وہ ذی علم تھے) یعنی تمام کو کلہاڑے سے توڑ ڈالا مگر ان بتوں کے بڑے کو چھوڑ دیا اور کلہاڑا اس کی گردن میں لٹکا دیا۔ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ (شاید کہ وہ اس کی طرف) یعنی بڑے کی طرف يَرْجِعُوْنَ (رجوع کریں) پھر ان کے توڑنے والے کے متعلق پوچھ گچھ کریں۔ جس سے ان کے سامنے اس کا عجز ظاہر ہو جائے۔ نمبر۲۔ ہٗ کا مرجع ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ وہ ابراہیم کی طرف رجوع کریں تاکہ وہ ان کے سامنے حجت پیش کریں۔ نمبر۳۔ اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے کہ وہ اپنے آلھۃ کا عجز دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف رجوع کر سکیں۔

۵۹: قَالُوْا (انہوں نے کہا) یعنی کفار نے جبکہ وہ اپنی عید سے لوٹے اور یہ منظر دیکھا۔

مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ (کس نے یہ حرکت ہمارے معبودوں کے ساتھ کی ہے۔ بلاشبہ وہ ظالموں میں سے ہے) یعنی جس نے یہ توڑنے کی حرکت کی ہے اس نے سخت ظلم کا ارتکاب کیا ہے۔ کیونکہ جو معبود ان کے ہاں حقیقۃً توقیر و تعظیم کے لائق ہیں۔ اس نے ان کی توہین کا ارتکاب کیا ہے۔

۶۰: قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗ اِبْرٰهِيْمُ (انہوں نے کہا ہم نے ایک نوجوان کو ان بتوں کا برائی سے تذکرہ کرتے سنا تھا۔ اس نوجوان کو ابراہیم کہا جاتا ہے) یہ دونوں جملے فتی کی صفت ہیں۔ البتہ پہلا جملہ یذکرھم ہے جس کا معنی عیب جوئی کرنا ہے۔ اس کا سمع سے تعلق ضروری ہے کیونکہ تم اس طرح نہیں کہتے سمعت زیدًا اور پھر خاموش ہو جائیں جب تک کوئی ایسی چیز کا ذکر نہ ہو جو مسموع ہو۔ بخلاف دوسرے جملے کے اس کے لئے یہ لازم نہیں۔ ابراہیم یقال کا نائب فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ مراد اسم ہے مسمّی نہیں یعنی وہ شخص جس کا یہ نام بولا جاتا ہے۔

۶۱ :قَالُوْا (انہوں نے کہا) یعنی نمرود اور اس کی قوم کے دیگر سرداروں نے کہا فَاْتُوْا بِهٖ (پس تم اس کو لاؤ) ابراہیم کو حاضر کرو۔ عَلٰی اَعْیُنِ النَّاسِ (لوگوں کے سامنے) یہ محلًا حال ہے بمعنی معاینًا ومشاھدًا لوگوں کے سامنے اور منظر عام عوام پر۔ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ (تاکہ وہ شہادت دیں) اس بات کی جو اس کے متعلق سنا جا رہا ہے۔ نمبر۲۔ جو اس نے کہا گویا انہوں نے بلا دلیل ان کو سزا دینا ناپسند کیا۔ نمبر۲۔ ہماری طرف سے ملنے والی سزا پر قوم کے لوگ حاضر ہوں۔

۶۲ : جب انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کو لا حاضر کیا تو قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ (انہوں نے کہا اے ابراہیم کیا تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ حرکت کی ہے۔)

۶۳ :قَالَ (ابراہیم علیہ السلام نے کہا) بَلْ فَعَلَهٗ (بلکہ اس کو کیا ہے)

قراءت: کسائی اس پر وقف کرتے ہیں ای فعله من فعله ۔

نحو :اس میں فاعل محذوف ہے اور وہ جائز نہیں اور یہ جائز ہے کہ فعل کی اسناد اس فتی کی طرف کی جائے جو اس آیت میں ہے سمعنا فتًى يذكرهم نمبر۲۔ ابراہیم علیہ السلام کی طرف نسبت کی جائے جن کا تذکرہ اس آیت میں ہے۔ یآ براھیم پھر کہا كَبِيْرُهُمْ هٰذَا (بڑا انکا یہ ہے) یہ مبتدا اور خبر ہے۔

اکثر کا قول: فعلهٗ پر وقف نہیں اور کبیرھم اس کا فاعل ہے اور ھذا اس کی صفت ہے یا بدل ہے اور فعل کی نسبت کبیرہُم کی طرف کی گئی اور مقصود اپنی ذات کیلئے اس کو پختہ کرنا ہے۔ اور ثابت کرنا ہے۔ جیسا کہ تعریض میں یہ طریقہ ہے۔ اس سے مشرکین کو شرمندہ کرنا اور ان پر اتمامِ حجت کرنا ہے۔ کیونکہ اگر وہ اس بات میں غور کر لیں گے تو بڑے کی عاجزی ان کے سامنے کھل جائے گی اور یہ بھی واضح ہو جائے گا کہ وہ معبود نہیں اور نہ اس میں معبود بننے کی صلاحیت ہے اور یہ اسی طرح ہے جس طرح تمہیں تمہارا دوست کہے (وقد کتبت کتابا بخط رشیق) حالانکہ تم نے اس کو واضح الفاظ میں خط لکھا ہو۔ أأنت كتبت هذا؟ کیا تم نے یہ خط لکھا ہے؟ اور تمہارا دوست بالکل جاہل اور ان پڑھ ہو تو تم اس کے جواب میں کہو گے۔ بل کتبهٗ انت! جناب یہ تو آپ نے ہی لکھا ہے۔ اس بات سے آپکا مقصد۔ اس خط کو اپنے لئے ثابت کرنا اور اس کے ساتھ استہزاء و مذاق دونوں ہی حاصل ہیں یہ خط کی اپنے سے نفی ہے۔ اور نہ اس امی کیلئے اس کا ثبوت ہے۔ بلکہ تم دونوں میں سے عاجز کیلئے اس کا اثبات ہو رہا ہے۔ اور معاملہ تم دونوں کے درمیان دائر ہے اس کے ساتھ بطور استہزاء کے اور دراصل خط پر قدرت رکھنے والے کیلئے اس کا اثبات بطور حقیقت گویا بت شکنی پر تعریض اقرار نما کی استہزاء کے طرز پر خود بت توڑنے کا اپنے لئے اقرار کیا ہے۔

یہ بھی ممکن ہے کہ کہا جائے جب آپ نے بتوں کو قطار در قطار دیکھا تو آپ کو بہت غصہ آیا اور بڑے پر غصہ بہت زیادہ تھا کیونکہ اس کی تعظیم وہ سب سے زیادہ کرتے تھے۔ اس لئے فعل کی نسبت بھی کبیر کی طرف کر دی گئی۔ کیونکہ جس طرح نسبتِ فعل خود فعل کرنے والے کی طرف ہوتی ہے۔ اسی طرح فعل کا اسناد اس کی طرف بھی کیا جاتا ہے جس پر فعل کا اثر ہو۔

اور یہ بھی درست ہے کہ اس بات کی حکایت ہو کہ جس کی طرف ان کے مذہب کا جواز لے جاتا تھا۔ اور جو انکا اعتقاد تھا گویا ان کو کہا ممکن ہے بڑے نے یہ کر دیا ہو کہ اس کی موجودگی میں ان کی پوجا ہوتی ہے اس نے غضبناک ہو کر سب کو توڑ ڈالا تا کہ اس کی

الوہیت میں شراکت نہ رہے۔ روایت میں وارد ہے کہ آپ نے فرمایا کہ بڑے کو اس بات پر غصہ آیا ہے کہ اس کے ساتھ ان چھوٹوں کی بھی عبادت ہو جبکہ وہ بڑا موجود ہو پس اس نے ان کو توڑ دیا۔

نمبر۲۔ یہ ایسی شرط سے متعلق ہے جو نہ ہونے والی ہے اور وہ بتوں کا بولنا ہے پس اس صورت میں یہ مخبر بہ کی نفی ہے ای بل **فعله کبیرهم ۔ ان کانوا ینطقون** ( بلکہ اس کو ان کے بڑے نے کیا ہے اگر یہ بولتے ہیں ) اور **فسئلوهم** یہ جملہ معترضہ ہے۔ایک قول یہ ہے کبیر کہہ کر اپنی ذات کی تعریض کی ہے اور اپنی ذات کی اضافت اس لئے کی کیونکہ آپ وہاں موجود تھے۔

**فَسْئَلُوْهُمْ** (پس ان سے دریافت کرو) ان کی حالت کے متعلق **اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ** (اگر وہ بولتے ہیں) اور تم ان کے عجز سے واقف ہو۔

۶۴: **فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ** (اس پر وہ اپنے دل میں سوچنے لگے) عقلوں کی طرف رجوع کیا اور دلوں میں سوچ و بچار کرنے لگے جبکہ آپ نے ان کی مخالفت شروع کی۔ **فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ** ( پھر آپس میں کہنے لگے حقیقت میں تم ہی لوگ ناحق پر ہو ) حقیقت میں اس لئے کہ تم ان کی عبادت کرتے ہو جو بولتے بھی نہیں۔ وہ ظلم نہیں جس کو تم یہ کہہ کر ظالم قرار دے چکے۔ **من فعل هذا بالهتنا انه لمن الظالمين** [الانبیاء:۵۹] اس لئے کہ جو اپنے سر سے کلہاڑے کو نہیں ہٹا سکے وہ اپنے عابد کی تکالیف کا کیسے ازالہ کر سکتے ؟

۶۵: **ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ** (پھر انہوں نے (شرمندگی سے) سر جھکا لیے۔)

علمائے مفسرین کا بیان: پہلے قول میں اللہ تعالیٰ نے ان کی زبان پر حق کو جاری کر دیا۔ مگر پھر بدبختی ان پر طاری ہوگئی۔ یعنی اپنے بارے میں ظلم و ناحق ہونے کا اعتراف کر کے پھر کفر کی طرف لوٹ گئے۔ محاورہ میں کہا جاتا ہے۔

نکتہ: نکستة، **قلبته فجعلت أسفله أعلاه** یعنی اسے پلٹ دیا اوندھا کر دیا۔ اس کو سر کے بل کر دیا۔ یعنی جب اپنے نفوس میں غور و فکر کی تو درست سوچ نے ان کی راہنمائی کی اور ضمیر کی اصل آواز بلند ہوئی مگر پھر اس حالت سے پلٹ کرنا جائز جھگڑے اور ضد بازی پر اتر آئے اور کہنے لگے۔ **لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ** ( تو جانتا ہے کہ یہ بولتے نہیں ) پھر تم ان کے متعلق سوال کا حکم کیسے دیتے ہو؟ یہ جملہ علمت کے دو مفعولوں کے قائم مقام ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بولنے سے ان کی عاجزی جب تمہیں معلوم ہو چکی تو پھر ہم ان سے کس طرح پوچھیں؟

۶۶: **قَالَ** ( ابراہیم علیہ السلام نے ان کو حجت پیش کرتے ہوئے کہا) **اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْئًا** ( تو کیا اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر پھر تم ایسی چیز کی پوجا کرتے ہو جو تمہیں کچھ نہ نفع پہنچاتی ہیں ) **شیئاً** یہ مصدر کی جگہ استعمال ہوا ہے ای **نفعاً ما** ذرا بھر نفع پہنچانا۔ **وَّ لَا يَضُرُّكُمْ** (اور نہ نقصان دے سکتی ہیں) اگر تم ان کی عبادت نہ کرو۔

۶۷: **اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ** ( تف ہے تم پر اور ان پر جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سوا پوجتے ہو ) اف کا کلمہ یہ کسی چیز سے ضجر و اکتاہٹ کو ظاہر کرنے کیلئے بولا جاتا ہے۔ آپ نے ان سے اکتاہٹ اس لئے ظاہر کی کیونکہ حق واضح ہو کر ان کا عذر منقطع ہو چکا تھا۔ اس کے باوجود وہ باطل پر اڑے ہوئے تھے۔ پس آپ نے ان کو اُف کہا لکم میں لام متأفف بہ کو بیان کرنے کیلئے

ہے ای لکم ولالھتکم ھذا التافف کہ یہ تافیف تمہارے اور تمہارے معبودوں کیلئے ہے۔
قراءت: اُفٍ مدنی وحفص نے پڑھا۔ مکی وشامی نے اُفَّ بالفتحہ پڑھا اور دیگر قراء نے اُفِ بالکسر پڑھا ہے۔
اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے) کہ جس میں یہ صفت پائی جائے وہ معبود نہیں ہوسکتا۔ جب حجت ان پر تمام ہو چکی اور وہ لاجواب ہو چکے تو کہنے لگے۔

## قومی فیصلہ:

۶۸: قَالُوْا حَرِّقُوْهُ (کہنے لگے اس کو آگ سے جلادو) کیونکہ سزا دی جانے والی اشیاء میں سے یہ زیادہ ہولناک اور رسوا کن ہے۔ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ (اور تم اپنے معبودوں کی مدد کرو) اس سے انتقام لیکر اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ (اگر تم کرنے والے ہو) تو کرو یعنی اگر تم اپنے معبودوں کی پوری مدد کرنا چاہتے ہو تو اس کے لئے سب سے زیادہ خوفناک سزا کا انتخاب کرو اور وہ جلا کر خاکستر کر دینا ہے۔
ورنہ تم ان کی امداد میں کوتاہی کرنے والے شمار ہو گے۔ نمبرا۔ جس نے جلانے کا مشورہ دیا وہ نمرود تھا یا ایران کا ایک کردی جلانے کا مشورہ دینے والا تھا۔

## ایک قول:

یہ ہے کہ جب انہوں نے جلانے کا ارادہ کیا تو ابراہیم علیہ السلام کو گرفتار کر کے بند کر دیا اور کوتی شہر میں ایک وسیع احاطہ تعمیر کیا اور ایک ماہ تک مختلف قسم کی لکڑیاں جمع کیں پھر اس میں آگ بڑھکائی اس کی لپٹ سے فضا میں گزرنے والا پرندہ جل اٹھتا تھا۔ پھر ابراہیم علیہ السلام کو منجنیق میں جکڑ کر رکھا اور آگ میں پھینک دیا ابراہیم علیہ السلام کی زبان پر حسبی اللّٰہ و نعم الوکیل کے کلمات تھے۔
جبرئیل امین نے حاضر ہو کر کہا کیا کوئی ضرورت ہے تو حاضر ہوں آپ نے فرمایا ضرورت تو ہے مگر تیرے پاس نہیں انہوں نے کہا اپنے رب تعالیٰ سے مانگ لو۔ تو جواب میں آپ نے فرمایا۔ حسبی من سؤالی علمه بحالی میری حالت کا اس کو علم ہے وہ سوال کی طرف سے کفایت کرنے والا ہے۔ آگ کی وجہ سے وہ تمام بندھن جل گئے مگر آپ کے جسم اطہر کو ذرا بھر تپش کا نام بھی نہ پہنچا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے کہ انہوں نے حسبی اللّٰہ و نعم الوکیل سے نجات پائی۔

## آگ کو حکم:

۶۹: قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا (اور ہم نے کہا اے آگ تو ٹھنڈی اور سلامتی بخش ہو جا) ای ذات بردٍ و سلامٍ ٹھنڈک و سلامتی والی۔ پس اس میں مبالغہ کیا گیا گویا کہ آگ کی ذات ہی ٹھنڈک اور سلامتی تھی۔ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (ابراہیم علیہ السلام پر) مراد یہ تھی تو ٹھنڈی ہو جا پس ابراہیم تجھ سے سلامت رہیں گے۔

وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ

اور ہم نے ابراہیم کو اور لوط کو اس سرزمین کی طرف نجات دے دی جس میں ہم نے دنیا جہان والوں کے لئے برکت رکھ دی ہے' اور ہم نے ابراہیم کو اسحٰق

وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَ

اور یعقوب پوتا عطا کیا' اور ہم نے ان سب کو صالحین بنا دیا اور ہم نے انہیں پیشوا بنا دیا جو ہمارے حکم سے ہدایت دیتے تھے اور

اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ ۚۙ

ہم نے ان کی طرف نیک کاموں کے کرنے اور نماز کی پابندی کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم بھیجا اور وہ ہماری عبادت کرنے والے تھے۔

وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ

اور ہم نے لوط کو حکم اور علم عطا کیا اور ہم نے انہیں اس بستی سے نجات دی جس کے رہنے والے برے کام کیا کرتے تھے'

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾ ۙ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع ۵ ﴿۲۵﴾ ۵

بلاشبہ وہ لوگ بد ذات تھے' بدکار تھے اور ہم نے لوط کو اپنی رحمت میں داخل کر دیا بلاشبہ وہ صالحین میں سے تھے۔

## قول ابن عباس رضی اللہ عنہما:

اگر یہ نہ کہا جاتا تو وہ اپنی ٹھنڈک سے ان کو ہلاک کر دیتی۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آگ سے اس کی طبیعت احراقی اور حرارت سلب کر لی اور اس کی روشنی باقی رکھی اور چمک باقی رہی جیسا کہ پہلے تھی اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر قدرت حاصل ہے۔

## قوم کی ناکامی اور ابراہیم علیہ السلام کی کامیاب ہجرت:

۷۰: وَ اَرَادُوْا بِهٖ (اور انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کے متعلق بری تدبیر کی) جلانے کی كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ (پس ہم نے ان کو ناکام کر دیا) اللہ تعالیٰ نے نمرود اور اس کی قوم پر مچھر بھیج دیئے جنہوں نے ان کے گوشت کھا لئے اور ان کے خون پئے اور مچھر نمرود کے دماغ میں داخل ہو گیا جس سے وہ ہلاک ہو گیا۔

۷۱: وَنَجَّيْنٰهُ (اور ہم نے اس کو نجات دی) یعنی ابراہیم علیہ السلام کو وَلُوْطًا (اور لوط کو) یہ ان کے بھائی ہاران کے بیٹے تھے ہاران بھی عراق میں رہتے تھے۔ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ (اور ان کو اس سرزمین کی طرف لے گئے جس میں ہم نے دنیا جہاں والوں کیلئے خیر و برکت رکھی تھی) اس سے مراد سرزمین شام اور اس سرزمین کی برکات نمبرا۔ انبیاء علیہم السلام کی کثرت جن کے دینی آثار دنیا میں پھیلے سرسبز اور زرخیز سرزمین ہے۔ جس میں غنی و فقیر کا گزر اوقات خوب ہے۔ دوسرا قول زمین میں جو بھی میٹھا پانی ہے۔ اس کی اصل صخرہ بیت المقدس سے پھوٹتی ہے۔

روایت تفسیر یہ میں ہے کہ آپ تو فلسطین میں اترے اور لوط علاقہ سدوم وغیرہ میں رہے اور ان کے مابین ایک دن رات کا فاصلہ تھا۔ قول حضور علیہ السلام: عنقریب ہجرت کے بعد ہجرت ہوگی۔ پس میرے ہاں پسندیدہ لوگ وہ ہیں جو ابراہیم علیہ السلام کے مقام ہجرت کی طرف ہجرت کرنے والے ہیں۔ [ابوداؤد]

۷۲: وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً (ہم نے اس کو عطاء کیا اسحاق اور مزید یعقوب) بعض نے کہا نافلة مصدر ہے۔ جیسا کہ العافیۃ۔ اگر چہ فعل لفظوں میں موجود نہیں۔ تقدیر عبارت اس طرح ہوگی وو هبناله هبة ہم نے دیا دینا۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ پوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے بیٹا مانگا اللہ تعالیٰ نے بیٹا اور یعقوب زائد عنایت فرمایا۔ جو محض فضل تھا۔

نَحْو : نافلة یہ یعقوب سے حال ہے۔ وَكُلًّا (تمام) یعنی ابراہیم، اسحاق، یعقوب۔

نَحْو : یہ جَعَلْنَا کا مفعول اول ہے اور دوسرا مفعول صالحین ہے۔ صٰلِحِيْنَ (نیک تھے) دین اور نبوت میں۔

۷۳: وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً (اور ہم نے ان کو دین میں مقتدی بنایا۔) يَّهْدُوْنَ (وہ راہنمائی کرتے ہیں) لوگوں کی بِاَمْرِنَا (ہمارے حکم سے) ہماری وحی کرنے سے وَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ (اور ہم نے ان کے پاس حکم بھیجا نیک کام کرنے کا) اور خیرات تمام اعمال صالحہ ہیں جو انعال خیر میں شامل ہیں اور بھلائی کے کام بار بار کیے جائیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ (اور نماز کا قائم کرنا اور زکوۃ ادا کرنا) اور اصل میں یہ عبارت اقامة الصلوة ہے البتہ مضاف الیہ کو ھا کا بدل قرار دیا۔ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ (اور وہ ہماری عبادت کرنے والے تھے) نہ کہ بتوں کی۔ پس تم اے گروہ عرب ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہو اس سلسلہ میں بھی ان کی اتباع کرو۔

۷۴: وَلُوْطًا (اور لوط علیہ السلام کو) یہ اس فعل کی وجہ سے منصوب ہے جس کی تفسیر اتیناہ حکمًا کر رہا ہے۔ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا (ہم نے ان کو حکمت و علم عنایت فرمایا) حکم سے مراد حکمت ہے اور وہ ایسے فعل کو کہتے ہیں جس میں عمل ضروری ہو۔ نمبر۱۔ جھگڑے کا فیصلہ۔ نمبر۲۔ نبوت۔

عِلْمًا (اور علم) یعنی سمجھ وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ (اور ہم نے ان کو ایسی بستی سے نجات دی) القریۃ سے اہل قریہ مراد ہیں۔ اور مراد اس سے سدوم ہے۔ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ (جو کہ گندی حرکات کرتی تھی) لواطت، گندی ہوا زور سے چھوڑنا، گزرنے والوں کو کنکریاں مارنا وغیرہ۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ (بیشک وہ بڑے بدکار نافرمان لوگ تھے) یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے نکلنے والے تھے۔

۷۵: وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا (اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں داخل کیا) اہل رحمت میں نمبر۲۔ اہل جنت میں اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ (بیشک وہ نیکوں میں سے تھے) ان کی بھلائی پر بدلہ عنایت فرمایا۔ جیسا کہ ان کی قوم کو ان کے بگاڑ کی سزا میں ہلاک کر دیا۔

وَنُوۡحًا اِذۡ نَادٰی مِنۡ قَبۡلُ فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ فَنَجَّیۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗ مِنَ الۡکَرۡبِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۷۶﴾

اورنوح کو یاد کیجئے جب اس نے اس سے پہلے پکارا' سو ہم نے ان کی دعا قبول کی' پھر ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو بڑی بے چینی سے نجات دی

وَنَصَرۡنٰهُ مِنَ الۡقَوۡمِ الَّذِیۡنَ کَذَّبُوۡا بِاٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهُمۡ کَانُوۡا قَوۡمَ سَوۡءٍ فَاَغۡرَقۡنٰهُمۡ

اور جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا ان سے نجات دینے کے لئے ہم نے نوح کی مدد کی' بلاشبہ وہ برے لوگ تھے سو ہم نے

اَجۡمَعِیۡنَ ﴿۷۷﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَیۡمٰنَ اِذۡ یَحۡکُمٰنِ فِی الۡحَرۡثِ اِذۡ نَفَشَتۡ فِیۡهِ غَنَمُ الۡقَوۡمِ ۚ

ان سب کو ڈبو دیا۔ اور داؤد اور سلیمان کو یاد کرو جبکہ وہ کھیتی کے بارے میں فیصلہ دے رہے تھے جبکہ اس کو قوم کی بکریاں روند گئی تھیں'

وَکُنَّا لِحُکۡمِهِمۡ شٰهِدِیۡنَ ﴿۷۸﴾ فَفَهَّمۡنٰهَا سُلَیۡمٰنَ ۚ وَکُلًّا اٰتَیۡنَا حُکۡمًا وَّعِلۡمًا ۫ وَّ

اور ہم ان کے فیصلہ کو دیکھ رہے تھے۔ سو ہم نے یہ فیصلہ سلیمان کو سمجھا دیا اور ہم نے دونوں کو حکمت اور علم عطا فرمایا' اور

سَخَّرۡنَا مَعَ دَاوٗدَ الۡجِبَالَ یُسَبِّحۡنَ وَالطَّیۡرَ ؕ وَکُنَّا فٰعِلِیۡنَ ﴿۷۹﴾ وَعَلَّمۡنٰهُ

ہم نے داؤد کے ساتھ پہاڑوں کو مسخر کر دیا اور پرندوں کو جو تسبیح میں مشغول رہتے تھے اور ہم کرنے والے تھے' اور ہم نے داؤد کو

صَنۡعَةَ لَبُوۡسٍ لَّکُمۡ لِتُحۡصِنَکُمۡ مِّنۡۢ بَاۡسِکُمۡ ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ شٰکِرُوۡنَ ﴿۸۰﴾

زرہ بنانے کی صنعت سکھائی' تاکہ وہ تمہیں جنگ میں محفوظ رکھے۔ سو کیا تم شکر کرنے والے ہو

وَلِسُلَیۡمٰنَ الرِّیۡحَ عَاصِفَةً تَجۡرِیۡ بِاَمۡرِهٖۤ اِلَی الۡاَرۡضِ الَّتِیۡ بٰرَکۡنَا فِیۡهَا ؕ

اور سلیمان کے لئے تیزی سے چلنے والی ہوا مسخر کر دی جو ان کے حکم سے اس زمین کی طرف لے جاتی تھی جس میں ہم نے برکت رکھی ہے

وَکُنَّا بِکُلِّ شَیۡءٍ عٰلِمِیۡنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ الشَّیٰطِیۡنِ مَنۡ یَّغُوۡصُوۡنَ لَهٗ وَیَعۡمَلُوۡنَ

اور ہم ہر چیز کو جاننے والے ہیں' اور بعض شیاطین ایسے تھے جو ان کے لئے غوطہ لگاتے تھے اور اس کے علاوہ

عَمَلًا دُوۡنَ ذٰلِکَ ۚ وَکُنَّا لَهُمۡ حٰفِظِیۡنَ ﴿۸۲﴾ ۙ

دوسرے کام بھی کرتے تھے۔ اور ہم حفاظت کرنیوالے تھے۔

### واقعہ نوح علیہ السلام:

۷۶: وَنُوۡحًا ( اورنوح کو ) یہ اذکر فعل محذوف کا مفعول ہے۔ اِذۡ نَادٰی (جب کہ اس نے پکارا) اپنی قوم کے متعلق ہلاکت کی

بدعا کی۔مِنْ قَبْلُ (ان مذکورہ لوگوں سے پہلے )فَاسْتَجَبْنَالَهٗ (ہم نے ان کی دعا کو قبول کیا)فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ (پس ہم نے اس کواوراس کے اہل کونجات دی )ان کی اولاد میں سے جوایمان والے تھے۔

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ (سخت غم سے )یعنی طوفان سےاور سرکش لوگوں کی تکذیب کی کڑھن سے۔

## بُری قوم کی ہلاکت:

۷۷: وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا (اورہم نے اس کی مدداس قوم کے خلاف کی جنہوں نے ہماری آیات کوجھٹلایا) نصرنا منه کامعنی ہم نے ان کی ایذاء سے اس کی حفاظت کی یعنی بچایااِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ (پس ہم نے ان تمام کوڈبودیا بیشک وہ بری قوم تھی )یعنی ان کے بڑے چھوٹے ،مردوعورتیں تمام کو۔

## تذکرۂ سلیمان اور داؤ دکی ایک کھیتی کا فیصلہ:

۷۸: وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ (اورداؤدوسلیمان کا )انکا تذکرہ کرو۔اِذْ يَحْكُمٰنِ فِى الْحَرْثِ (جب کہ دونوں ایک کھیت کے متعلق مشورہ کرنے لگے )الحرث کھیتی کو کہتے ہیں یاانگور کی بیلیں۔

نَحْو: اذ یہ داؤدوسلیمان سے بدل ہے۔اور یَحْكُمٰنِ کاظرف ہے۔نَفَشَتْ (چیرلینا) داخل ہونا۔فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ (اس میں قوم کی بکریاں ) رات کوداخل ہوئیں اور کھیت کواجاڑ دیا۔النفش بغیر چرواہے کے بکریوں کارات کو چرنا۔وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ (اورہم ان کے فیصلے سے )ضمیر ھم جمع ان دونوں اور فیصلہ کرانے والوں کوشامل فرما کرلائی گئی۔شٰهِدِيْنَ (واقف تھے )وہ معاملہ ہمارے علم میں تھا۔اور ہمارے سامنے تھا۔

۷۹: فَفَهَّمْنٰهَا (پس ہم نے سمجھادیا)وہ فیصلہ یافتویٰ سُلَيْمٰنَ (سلمان علیہ السلام کو)

دلیل:اس میں دلیل ہے کہ اس میں مصیب سلیمان علیہ السلام تھے۔

واقعہ: بکریوں نے ایک شخص کے کھیت کورات کے وقت چرواہے کی عدم موجودگی میں چر کر برباد کردیا۔فریقین حضرت داؤدعلیہ السلام کی خدمت میں فیصلہ لائے۔آپ نے حکم دیا کہ بکریاں کھیت والوں کو دیدیں جائیں اس لئے کہ نقصان ان بکریوں کی قیمت کے برابر تھا۔

سلیمان علیہ السلام نے کہا جبکہ ان کی عمر صرف گیارہ برس تھی۔اس کے علاوہ دوسری بات فریقین کیلئے زیادہ مناسب ہے۔ پس ان کوتاکید کی گئی کہ وہ ضروری فیصلہ کریں۔تو انہوں نے کہا میرا خیال یہ ہے کہ بکریاں سردست کھیتی والوں کے سپرد ہوں وہ ان کے دودھ سے نفع اٹھائیں اوران کے بچوں اوراون کواپنے استعمال میں لائیں اور کھیتی بکریوں کے مالکوں کے حوالہ کی جائے وہ اس کی حفاظت اور آبیاری کرتے رہیں تا آنکہ کھیتی اپنے جوبن کوپہنچ جائے۔پھر دونوں ایک دوسرے کی طرف اپنی اپنی چیز لوٹا دیں۔اس پرداؤدعلیہ السلام نے فرمایا فیصلہ وہی اصوب ہے جوتم نے کیا اوراس کونافذ فرمادیا۔اور یہ ہردوہستیوں کا اجتہاد تھا۔اور یہ اس شریعت میں درست تھا۔

## شریعتِ محمدیہ:

ہماری شرع میں امام ابو حنیفہؒ اوران کے حامی علماء کے ہاں جانوروں کا اس قسم کا نقصان خواہ رات کو ہو یا دن کو اس پر ضمان نہیں ہے جبکہ چرواہا ساتھ نہ ہو۔

جب سائق و چرواہا ساتھ ہو قائد لے جارہا ہو تو ایسی صورت میں ضمان آئے گا۔ یہ عمداً نقصان کرنے میں شمار ہوگا۔

امام شافعیؒ کے نزدیک رات کو اس قسم میں ضمان لازم ہے۔ قول بصاص: انہوں نے ضمان کو لازم اس لئے قرار دیا کیونکہ انہوں نے ان کو کھلا چھوڑا تھا باڑہ میں بند نہ کیا تھا اب ضمان آپ ﷺ کے اس فرمان سے منسوخ ہے۔ العجماء جُبَارٌ۔ (احمد، بخاری، مسلم)

## قول مجاہد رحمۃ اللہ علیہ:

یہ فیصلہ صلح کی صورت میں تھا۔ اور داؤد علیہ السلام کا فعل وہ حکومتی فیصلہ تھا۔ اور صلح تو بہر حال بہتر ہے۔

وَكُلًّا (اور ہر ایک) داؤد و سلیمان میں سے اٰتَيْنَا حُكْمًا (اور ہر ایک کو ہم نے نبوت عنایت فرمائی) وَّ عِلْمًا (اور علم) حکم کے مناسب معرفت و پہچان وَّ سَخَّرْنَا (اور ہم نے تابع کر دیا) مطیع کر دیا۔ مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ (داؤد کے ساتھ پہاڑوں کو وہ تسبیح کرتے تھے)۔

## پہاڑوں اور پرند کی تسبیح:

نحو: يُسبحن یہ حال ہے اور مسبحات کے معنی میں ہے۔ نمبر۲۔ جملہ مستانفہ ہے گویا کہنے والا اس طرح کہہ رہا ہے کس طرح پہاڑوں کو ان کے تابع کیا؟ اور جواب فرمایا یسبحن۔ وَالطَّيْرَ (اور پرندوں کو) اس کا عطف الجبال پر ہے۔ نمبر۲۔ مفعول معہ ہے۔

**سوال**: پہاڑوں کو پرندوں پر مقدم کیونکر کیا گیا؟

**جواب**: کیونکہ ان کی تسبیح و تسخیر دونوں عجیب تر ہیں اور غریب تر ہے۔ اور معجزہ میں داخل ہے کیونکہ وہ جماد محض ہیں۔ روایت ہے جب داؤد علیہ السلام پہاڑوں کے پاس سے تسبیح کرتے ہوئے گزرتے تو پہاڑ تسبیح سے انکا جواب دیتے۔ دوسرا قول پہاڑ ان کے ساتھ چلتے جہاں جاتے وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ (اور یہ ہم ہی کرنے والے تھے) انبیاء علیہم السلام کے ساتھ اس طرح کے معاملات اگرچہ یہ تمہارے ہاں عجیب ہیں۔

۸۰: وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ (اور ہم نے ان کو زرہ بنانے کی صنعت سکھائی جس میں تمہارا فائدہ تھا) یعنی لباس اور زرہیں بنانا۔ لبوس، لباس کو ہی کہتے ہیں مراد یہاں زرہیں ہیں۔ لِتُحْصِنَكُمْ (تاکہ وہ تمہیں ایک دوسرے کی زد سے محفوظ رکھے)

قراءت: شامی، حفص نے پڑھا ہے۔ بمعنی وہ صنعت تم کو محفوظ رکھے ابوبکر اور حماد نے نون سے پڑھا ہے تاکہ ہم تم کو محفوظ کریں یعنی اللہ تعالیٰ لنحصنکم دیگر قراء نے یاء سے پڑھا ہے وہ لباس یا اللہ عزوجل تمہیں محفوظ کریں۔ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ (تمہاری لڑائی

وَ اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾

اور ایوب کو یاد کیجئے جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے تکلیف پہنچ رہی ہے آپ ارحم الراحمین ہیں

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّ اٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کی جو تکلیف تھی وہ دور کردی ہم نے ان کو ان کا کنبہ عطا فرما دیا اور ان کے ساتھ ان کے برابر

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ ذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾

اور بھی دیا اپنی رحمت خاصہ کی وجہ سے اور عبادت کرنے والوں کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے۔

سے ) دشمن کی لڑائی سے فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ( کیاتم شکرادا کرنے والے ہو ) یہ استفہام بمعنی امر ہے یعنی اس بات پر اللہ تعالیٰ کا شکر یہ ادا کرو۔

## تسخیر ریح اور تسخیر شیاطین :

۸۱: وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ (اور سلیمان علیہ السلام کیلئے ریح کو ) یعنی ہم نے ان کے لئے ریح کو مسخر کیا۔ عَاصِفَةً (تیز)۔

نحو : یہ حال ہے بہت تیز چلنا۔ دوسرے مقام پر اس کی صفت الرخاء سے کی گئی ہے۔ کیونکہ وہ ہوا آپ کے اختیار سے چلی تھی۔ کسی وقت تیز اور دوسرے وقت نرم۔ آندھی کی طرح نہ ہوتی تھی بلکہ نرم وخوشگوار۔

تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ (وہ سلیمان علیہ السلام کے حکم سے چلتی ) ہٗ کی ضمیر سلیمان علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا (اس زمین کی طرف جس میں ہم نے برکت دی ہے ) برکت نہروں کی کثرت، درختوں اور پھلوں کی کثرت سے۔ اس سے مراد شام کی سرزمین ہے اور آپ کی رہائش شام کی سرزمین میں تھی دیگر اطراف سلطنت سے ہوا آپ کے تخت کو اٹھا کر وہاں پہنچاتی تھی۔

وَ كُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ (اور ہم ہر چیز سے واقف تھے ) ہر چیز کو ہمارا علم محیط ہے۔ اشیائے مختلفہ ہمارے تقاضائے علمی کے مطابق ہی چلتی ہیں۔

۸۲: وَ مِنَ الشَّيٰطِيْنِ (اور کچھ شیاطین ایسے تھے ) اور ہم نے بعض سرکش شیاطین کو آپ کے تابع کر دیا۔ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ (جو آپ کے لئے غوطہ لگاتے ) سمندروں میں تا کہ ان میں سے آپ کے حکم کے مطابق موتی نکالیں اور دیگر جو اشیاء سمندر کی تہہ میں ہوتی ہیں ان کو نکال لائیں۔ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ (اور اس کے علاوہ دیگر کام بھی کرتے تھے ) غوطہ خوری کے علاوہ جن کا تذکرہ دوسرے مقام پر فرمایا۔ مثلاً قلعے، بے جان مورتیاں، محلات، بڑی بڑی دیگیں، اور لگن وغیرہ۔

وَ كُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ (اور ہم ہی ان کو سنبھالنے والے تھے ) کہ وہ ان کے حکم سے ٹیڑھا پن اختیار کریں۔ نمبر ۲۔ اس حکم کو تبدیل کریں نمبر ۳۔ جس کام کیلئے ان کو مسخر کیا گیا اس میں ان کی طرف سے بگاڑ پایا جائے۔

## واقعہ ایوب علیہ السلام:

۸۳: وَاَیُّوْبَ (اورتم ایوب کا تذکرہ کرو) یہ اذکر فعل محذوف کا مفعول ہے۔اِذْ نَادٰی رَبَّهٗٓ اَنِّیْ (جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے) انہوں نے دعا کی کہ مجھے مَسَّنِیَ الضُّرُّ ۔(تکلیف نے چھولیا ہے۔) الضر: جان میں مرض کے اثرات الضرّ: چیز میں تکلیف کے اثرات (نقصان مال واولاد، بیماری وغیرہ) یاالضُر بمعنی کمزوری۔وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (اورآپ سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔) سوال میں نرمی کا ایسا انداز اختیار کیا جس سے رحمت الٰہی کو جوش آئے اور رب تعالیٰ کی صفت غایت رحمت سے یاد کیا اور اپنا مطلوب الفاظ میں ذکر نہ کیا۔گویا اس طرح فرمایا آپ اس لائق ہیں کہ رحمت فرمائیں اور ایوب اس بات کا مستحق ہے کہ اس پر رحمت کا باب کھولدیا جائے پس آپ رحمت فرمادیجئے اور اس سے اس تکلیف کا ازالہ فرمادیں جس نے اس کو چھولیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا قول: آپ نے اپنے ضعف کی اس وقت خبر دی جب نماز کیلئے اٹھنے سے عاجز ہوئے۔مگر شکوہ نہیں کیا وہ کیونکر شکوہ کرسکتا ہے جس کے متعلق اعلان الٰہی تھا۔اِنَّ وجدنا ہ صابراً نعم العبد[ص:۴۴]

دوسرا قول انہوں نے شکوہ سرگوشی میں تلذذ کے طور پر کیا۔اس کی طرف سے تضرر کے اظہار کیلئے نہیں کیا۔اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت تو انتہائی قرب کی علامت ہے جیسا کہ اس کے متعلق شکوہ اور کسی اور سے شکایت انتہائی دوری کی علامت ہے۔

## قبولیتِ دُعا:

۸۴: فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ (پس ہم نے ان کی دعا کو قبول کیا) ہم نے ان کی نداء کا جواب دیا۔فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ (پس ہم نے جو کچھ رکھا تھا اس کو دور کردیا) یعنی اس پر انعام کرتے ہوئے ان کی تکلیف کو کھول دیا۔وَّاٰتَیْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ (اور ہم نے ان کو ان کے بیوی بچے اور اتنے ہی اور بھی عطاء کردیئے)

روایت تفسیر یہ میں ہے کہ ایوب علیہ السلام رومی تھے۔آپ اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے۔آپ کے سات بیٹے اور سات بیٹیاں اور تین ہزار اونٹ، سات ہزار بکریاں، پانچ سو بیلوں کی جوڑیاں جن کے پیچھے پانچ غلام ہر غلام کی بیوی بیٹے اور کھجور کے باغات تھے۔

اللہ تعالیٰ نے انکا امتحان لیا۔ان کے بیٹے اور مال مرگئے اور اور بدن پر اٹھارہ سال بیماری کا حملہ رہا یا تیرہ سال یا تین سال ایک دن ان کو ان کی بیوی نے کہا اگر تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تو اچھا ہوتا؟ آپ نے فرمایا خوشحالی کا زمانہ کتنا تھا اس نے کہا اسی سال۔آپ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ سے حیاء آتی ہے۔کہ میں اس تکلیف کے متعلق اس سے دعا کروں جبکہ ابھی میری آزمائش خوشحالی کی مدت کے برابر بھی نہیں۔جب اللہ تعالیٰ نے ان سے تکلیف کو دور فرمایا تو ان کے بیٹوں کو بعینہٖ زندہ کردیا اور اتنے بیٹے اور عنایت فرمادیئے۔

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا (اپنی رحمت کی وجہ سے) رحمۃ یہ مفعول لہ ہے۔وَذِكْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ (اور عبادت گزاروں کو نصیحت کرنے کیلئے) یعنی ایوب پر رحمت کی خاطر اور دوسرے عابدین کی نصیحت کرنے کیلئے تاکہ وہ ان کی طرح صبر کریں اور انہی کی طرح

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝٨٥ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ

اور اسماعیل کو اورادریس اور ذوالکفل کو یاد کرو ' یہ سب صبر کرنے والوں میں سے تھے ' اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں

رَحْمَتِنَا ۖ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٨٦

داخل کرلیا بلاشبہ وہ صالحین میں سے تھے۔

ثواب پائیں۔

**تذکرہ اسماعیل علیہ السلام وادریس علیہ السلام:**

۸۵: وَاِسْمٰعِيْلَ (اوراسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام) وَاِدْرِيْسَ (اورادریس بن شیث بن آدم علیہم السلام) وَذَا الْكِفْلِ (اور ذوالکفل) یہ تمام اُذکر کے مفعول ہیں کہ انکان ذکر کرو۔ ذوالکفل یہ الیاس علیہ السلام ہیں۔نمبر۲۔زکریا۔نمبر۳۔یوشع بن نون۔ اوران کا نام یہ اسلئے رکھا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصیب والے تھے۔الکفل حصے اور نصیب کو کہتے ہیں كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ (تمام صبر کرنے والوں میں سے تھے) یہ جن کا تذکرہ ہوا یہ تمام صفتِ صبر سے متصف تھے۔

۸۶: وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا (اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں داخل کیا) رحمت سے نبوت مراد ہے یا آخرت کی نعمت اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (بیشک وہ نیکوں میں سے تھے) یعنی یہ وہ لوگ تھے جن کی صلاح وفلاح میں فساد کی ملاوٹ نہ تھی۔

وَ ذَاالنُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي

اور مچھلی والے کو یاد کرو جبکہ وہ غصہ ہو کر چل دیئے سوانہوں نے گمان کیا کہ ہم ان کے ساتھ تنگی والا معاملہ نہ کریں گے' سوانہوں نے اندھیروں میں

الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

یوں پکارا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

سوہم نے ان کی دعا قبول کی اور انہیں غم سے نجات دے دی اور ہم اسی طرح ایمان والوں کو نجات دیتے ہیں۔

## مچھلی والا پیغمبر:

۸۷: وَذَالنُّوْنِ ( اورتم تذکرہ کرو مچھلی والے پیغمبر کا ) النون مچھلی کو کہتے ہیں۔ مچھلی کے پیٹ میں رہے۔اس لئے اسی کی طرف نسبت کردی۔اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا ( جبکہ وہ انتہائی غصہ میں چلدیئے )

نحو: یہ حال ہے یعنی اپنی قوم کیلئے ناراض ہو کر۔مطلب یہ کہ آپ نے ان سے جدا ہو کر ان کو ناراض کیا کیونکہ اس صورت میں ان پر عذاب اترنے کا خطرہ تھا۔ایک روایت یہ ہے کہ آپ اپنی قوم سے تنگ آ گئے کیونکہ آپ نے ان کو عرصہ دراز نصیحت کی مگر انہوں نے نصیحت پر کان نہ دھرا۔ بلکہ کفر پر قائم رہے۔اس پر آپ غضبناک ہو گئے اور یہ خیال کیا کہ جائز ہے۔کیونکہ انہوں نے یہ اللہ تعالیٰ کی خاطر ناراض ہو کر کیا ہے اور کفر اور کفار سے بغض کی بناء پر کیا ہے۔ان پر لازم تھا کہ صبر کرتے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہجرت کے اذن کا انتظار کرتے۔اس پر وہ مچھلی کے پیٹ میں پہنچا کر ابتلاء میں ڈال دیئے گئے۔فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ (پس انہوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر تنگی نہ کریں گے )

## قول ابن عباس رضی اللہ عنہما:

ایک دن وہ حضرت معاویہ رضی اللہ کے پاس گئے۔اور کہا لقد ضربتنی امواج القرآن البارحۃ فغرقت فیھا۔ گزشتہ رات مجھ تک قرآن کی امواج پہنچیں تو میں ان میں ڈوب گیا میں نے ان میں سے نکلنے کا راستہ تیرے علاوہ کوئی نہ پایا آپ نے کہا اے معاویہ وہ کیا ہے۔ چنانچہ معاویہ نے یہ آیت تلاوت کی اور کہا کیا اللہ تعالیٰ کا پیغمبر یہ گمان کرسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اس پر قدرت نہیں ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا یہ تقدیر الٰہی ہے قدرت بندہ نہیں ہے۔

فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ (پس انہوں نے اندھیروں میں آواز دی ) یعنی مچھلی کے پیٹ کی شدید ظلمت جیسا کہ فرمایا ذھب اللہ بنورھم و ترکھم فی ظلمٰت [البقرۃ:۱۷]

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾

اور زکریا کا تذکرہ کیجئے جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب مجھے تنہا نہ چھوڑیئے اور آپ سب وارثوں سے بہتر وارث ہیں۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ

سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور انہیں یحیٰی عطا کر دیا اور ان کی بیوی کو اولاد کے قابل بنا دیا بلاشبہ یہ لوگ نیک کاموں میں جلدی

فِى الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَالَّتِىْٓ

کرتے تھے اور ہمیں رغبت کے ساتھ اور ڈرتے ہوئے پکارا کرتے تھے اور ہمارے سامنے خشوع سے رہتے تھے اور اس عورت کو یاد کیجئے

اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾

جس نے اپنے ناموس کو محفوظ رکھا سو ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی اور اسے اور اس کے بیٹے کو جہان والوں کے لئے نشانی بنا دیا۔

## وقتِ مصیبت کی دعا:

نمبر۲۔ رات کا اندھیرا اور سمندر کا اندھیرا اور مچھلی کے پیٹ کا اندھیرا۔ (اَنْ ای بانهٗ اَنْ اصل میں اَنَّ ہے اور ہٗ ضمیر محذوف ہے) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (یہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں مگر تو) الا یہ ای کے معنی میں ہوسکتا ای سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ہوں کہ آپ کی اجازت سے پہلے اپنی قوم سے نکل آیا۔) حدیث میں ہے کہ جو مصیبت زدہ اس دعا کو پڑھے گا اس کی دعا قبول ہوگی۔ (ترمذی، نسائی) قول حسن رحمۃ اللہ علیہ ان کو اس لئے نجات ملی کہ انہوں نے اپنے متعلق زیادتی کا اقرار کرلیا۔

۸۸: فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ (پھر ہم نے ان کی دعا کو قبولیت عنایت فرمائی اور ان کو غم سے نجات دی) لغزش وحشت اور وحدت کا غم۔ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ (اور ہم مؤمنین کو اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں) جب وہ دعا کرتے ہیں اور ہم سے فریاد کرتے ہیں۔

قراءت: شامی اور ابوبکر نے جیم اور نون کے ادغام سے پڑھا ہے اور یہ بعض قراء کا مسلک ہے کیونکہ نون کا جیم میں ادغام نہیں ہوتا ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ نُجّی النجاءُ من المؤمنین یاء کو تخفیف کیلئے ساکن کر دیا۔ اور فعل کا اسناد مصدر کی طرف کر دیا اور مؤمنین کو النجاء مصدر کی وجہ سے نصب دیا۔ لیکن اس میں مصدر کو فاعل کے قائم مقام لایا گیا ہے جبکہ مفعول موجود ہے اور یہ جائز نہیں اور یاء کا سکون پایا گیا ہے۔ مگر یہ ضرورت کا تقاضا ہے اسلئے جائز ہوگیا۔

## ایک اور قول یہ ہے:

اس کی اصل ننجي ' تنجیه میں سے ہے۔ دو نون کے اجتماع سے دوسری نون کو حذف کر دیا جیسا کہ ایک تاء کو اس آیت

میں حذف کیا گیا ہے۔تنزل الملائكة ۔ [القدر : ٤]

## زکریا علیہ السلام کا تذکرہ:

۸۹: وَزَكَرِيَّآ اِذْنَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَاتَذَرْنِىْ فَرْدًا (اور زکریا کو یاد کرو جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ) انہوں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ ان کو بیٹا عنایت فرمائے جو انکا وارث ہو۔اور بغیر وارث کے ان کو اکیلا نہ چھوڑیں۔پھر اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے حوالہ کرتے ہوئے کہا۔وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ (سب وارثوں سے بہتر وارث آپ ہی ہیں) یعنی اگر آپ وارث نہ عنایت فرمائیں گے تو تب بھی کوئی پرواہ نہیں اس لئے کہ آپ سب سے بہتر وارث ہیں۔اور ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں۔

۹۰: فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى (پھر ہم نے ان کی دعا کو قبول کیا اور ان کو یحییٰ بیٹا عنایت فرمایا) وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ (اور ہم نے ان کی بیوی کو درست کر دیا) بانجھ پن کے بعد ولادت کے قابل بنا دیا نمبر۲۔خوبصورت بنا دیا وہ بدصورت تھیں۔اِنَّهُمْ (بیشک وہ) یہ انبیائے مذکورین۔

كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ (وہ بھلائی کے کاموں میں جلدی کرنے والے تھے) ان کی دعائیں اس لئے جلد قبول ہوئیں کیونکہ وہ ابوابِ خیر کی طرف جلدی کرنیوالے تھے اور خیر کے حصول میں مسارعت کرنے والے تھے۔وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا (اور امید و خوف سے وہ ہمیں پکارتے تھے) رحمت کی طمع اور سزا کا خوف جیسا کہ اس ارشاد میں ہے۔يحذر الاخرة و يرجوا رحمة ربه[الزمر:۹]

نحو : رغبا و رهبا یہ دونوں مصدر ہیں اور موضع حال میں ہیں۔نمبر۲۔دونوں مفعول لہ ہیں۔مطلب یہ ہے ہماری رغبت کیلئے اور ہمارے ڈر سے۔وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ (اور وہ ہمیں سے ڈرنے والے تھے) تواضع کرنے والے اور ہماری عظمت سے ڈرنے والے۔

## تذکرۂ مریم علیہا السلام:

۹۱: وَالَّتِىْٓ (اور یاد کرو اس عورت کو) عبارت اس طرح ہے اذکر التی اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا (جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی) حلال و حرام ہر دو سے فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا (پھر ہم نے پھونکا اس کے اندر اپنی روح کو) ہم نے اس میں روح مسیح کو جاری کر دیا۔نمبر۲۔ہم نے جبرئیل کو حکم دیا انہوں نے مریم کے گریبان میں پھونک ماری۔پھر اس پھونک سے عیسیٰ کو مریم کے بطن میں پیدا کر دیا۔اضافت روح کی اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف کیلئے فرمائی ہے۔

وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (اور ہم نے مریم اور اس کے بیٹے کو جہان والوں کیلئے نشانی بنا دیا) ایۃ یہ مفعول ثانی ہے۔یہاں جہان والوں کیلئے نشانی فرمایا یہ دونوں نشانیاں نہیں فرمایا۔جیسا کہ اس آیت میں ہے۔وجعلنا الليل والنهار آيتين [الاسراء:۱۲] کیونکہ انکا مجموعی وجود قدرت کی ایک نشانی ہے اور وہ بغیر باپ ان کی پیدائش ہے۔

نمبر۲۔تقدیر عبارت اس طرح تھی: وجعلناها آية وابنها كذلك کہ ہم نے مریم کو بھی نشانی بنایا اور اسی طرح ان کے بیٹے کو بھی پس آیۃً مفعول معطوف علیہ ہے۔اور اس کے لئے دلیل وہ قراءت ہے جس میں آیتین اس کو پڑھا گیا ہے۔

اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝۹۲ وَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ

بلاشبہ یہ تمہارا دین ہے جو ایک ہی طریقہ ہے اور میں تمہارا رب ہوں سو تم میری عبادت کرو اور اپنے دین میں اختلاف کر کے لوگ ٹکڑے ٹکڑے

بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝۹۳ ع

ہو گئے سب کو ہماری طرف لوٹنا ہے۔

۹۲: اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ (بیشک یہ تمہاری ملت ہے) الامۃ ملت کے معنی میں ہے۔ هذہ کا مشارالیہ ملتِ اسلام ہے اور یہ تمام انبیاء علیہم السلام کی ملت ہے۔ اُمَّةً وَّاحِدَةً (ایک ہی ملت ہے) یہ حال ہے یعنی ایک ہی ملت ہے جس میں دوسروں کا اشتراک نہیں۔ اوراس میں عامل وہ ہے جس پر اسم اشارہ دلالت کر رہا ہے۔ یعنی ملت اسلام ہی تمہاری وہ ملت ہے جس پر قائم رہنا تمہارے لئے ضروری ہے اور تم اس سے قطعاً انحراف اختیار نہ کرو اس بات کی طرف ایک حلت ہونا اور مختلف نہ ہونا اشارہ کر رہا ہے۔

وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ (اور میں تمہارا رب ہوں پس تم میری ہی عبادت کرو) میں نے اپنے اختیار سے تمہاری تربیت کی پس شکریہ اور افتخار کے طور پر تم میری ہی عبادت کرو اوراس میں خطاب تمام لوگوں کیلئے ہے۔

۹۳: وَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ (اورانہوں نے آپس میں اپنا کام ٹکڑے ٹکڑے کر دیا) اصل کلام اس طرح ہے تقطعتم تم نے ٹکڑے ٹکڑے کیا۔ البتہ کلام کا رخ مخاطب سے غائب کی طرف پھیرا گیا جیسا کہ التفات کا طریقہ ہے مطلب یہ ہے انہوں نے اپنے دین کے معاملے کو اپنے مابین ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور گروہ اور جماعتیں بن گئیں پھر ان کو ڈرایا کہ یہ فرقے مختلف ہیں۔

كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ (تمام ہماری طرف لوٹنے والے ہیں) پس ہم ان کو ان کے اعمال پر بدلہ دیں گے۔

فَمَنْ یَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا کُفْرَانَ لِسَعْیِهٖ وَاِنَّا لَهٗ کٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾

اور جو شخص نیک عمل کرے اس حال میں کہ وہ مومن ہو سو اس کی محنت کی راہ کی ناقدری نہیں اور بلاشبہ ہم اسے لکھ لیتے ہیں۔

وَحَرٰمٌ عَلٰی قَرْیَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾

اور یہ بات ضروری ہے کہ ہم نے جس بستی کو ہلاک کیا وہ رجوع نہیں کریں گے

۹۴: فَمَنْ یَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ (جو شخص بھی نیکیاں کرے) ذرا بھر وَھُوَ مُؤْمِنٌ (اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو) جس پر ایمان لانا ضروری ہو۔ فَلَا کُفْرَانَ لِسَعْیِهٖ (اس کی کوشش کی ناقدری نہ کی جائے گی) یعنی اس کی کوشش مقبول و منظور ہے۔ کفران یہ محرومی ثواب میں ایک مثال ہے۔ جیسا کہ شکر عطاء میں ایک حالت ہے بلاغت میں اضافہ کیلئے جنس کی نفی کی گئی ہے۔ وَاِنَّا لَهٗ (اور بیشک ہم اس کے لئے) اس کوشش یعنی ہمارے حکم کی حفاظت و نگہبانی کو کَاتِبُوْنَ (لکھنے والے ہیں) اس کے صحیفہ عمل میں پس اس پر اس کو ثواب دیں گے۔

## واپس لوٹنا ناممکن:

۹۵: وَحَرٰمٌ (اور ناممکن ہے)

قراءت: خلف اور حفص کے علاوہ کوفی قراء نے اس کو حِرمٌ پڑھا ہے۔ اور یہ دونوں لغات ہیں جیسے وَحَلَالٌ اور یہ معنی کے لحاظ سے اس کی ضد میں۔ حرام سے یہاں مراد وہ جس کا وجود ممتنع ہو۔

عَلٰی قَرْیَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (ان بستیوں کیلئے ان کو ہم نے فنا کر دیا کہ وہ دنیا میں لوٹ کر آئیں) مطلب یہ ہے یہ بات ہلاک کئے ہوئے کیلئے ناممکن ہے کہ وہ بعث کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف نہ لوٹے۔ نمبر۲۔ ناممکن ہے اس بستی کیلئے جس کو ہم نے تباہ کر دیا یعنی ہلاک کرنا مقرر کر دیا یا ہلاکت کا حکم کر دیا کہ وہ ان اعمال کی طرف لوٹ آئیں جن کا پہلی آیت میں عمل صالح اور مقبول کوشش کی صورت میں ذکر ہوا۔ وہ کفر سے اسلام کی طرف نہ لوٹیں گے۔

حَتّٰۤى اِذَا فُتِحَتۡ يَاۡجُوۡجُ وَمَاۡجُوۡجُ وَهُمۡ مِّنۡ كُلِّ حَدَبٍ يَّنۡسِلُوۡنَ ﴿۹۶﴾ وَاقۡتَرَبَ

یہاں تک کہ جب یاجوج ماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر اونچی جگہ سے جلدی جلدی چلے آئیں گے ' اور سچا وعدہ

الۡوَعۡدُ الۡحَـقُّ فَاِذَا هِىَ شَاخِصَةٌ اَبۡصَارُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ؕ يٰوَيۡلَنَا قَدۡ كُنَّا

قریب آ جائے گا تو جن لوگوں نے کفر کیا ان کی آنکھیں اوپر کو اٹھی ہوئی رہ جائیں گی اور وہ کہیں گے ہائے ہماری کم بختی ہم اس کی طرف سے

فِىۡ غَفۡلَةٍ مِّنۡ هٰذَا بَلۡ كُنَّا ظٰلِمِيۡنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ

بے خبر تھے بلکہ ہم ظلم کرنے والے تھے ' بلاشبہ تم اور جن کی اللہ کے سوا تم عبادت کرتے

دُوۡنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنۡتُمۡ لَهَا وٰرِدُوۡنَ ﴿۹۸﴾ لَوۡ كَانَ هٰٓؤُلَاۤءِ اٰلِهَةً مَّا

تھے سب دوزخ کا ایندھن ہو تم اس میں داخل ہو گے اگر یہ واقعی معبود ہوتے تو اس میں

وَرَدُوۡهَا ؕ وَكُلٌّ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمۡ فِيۡهَا زَفِيۡرٌ وَّهُمۡ فِيۡهَا لَا يَسۡمَعُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾

کیوں داخل ہوتے اور سب کو اس میں ہمیشہ رہنا ہوگا دوزخ میں ان کی چیخ و پکار ہوگی اور وہ اس میں نہ سنیں گے۔

## تذکرہ یاجوج ماجوج:

۹۶: حَتّٰۤى (یہاں تک کہ) حتی کے بعد کلام بطور حکایت لایا جاتا ہے۔ اور کلام محکی ہے اور جملہ شرط و جزاء بنے گا۔ میری مراد اس سے اِذَا اور جو اس کے مابعد آ رہا ہے وہ ہے۔ فُتِحَتۡ يَاۡجُوۡجُ وَمَاۡجُوۡجُ (جب یاجوج و ماجوج کو کھول دیا جائے گا۔) یعنی ان کے سامنے والی دیوار کو کھول دیا جائے گا۔ مضاف کو حذف کر دیا جیسا کہ مضاف کو قریۃ میں حذف کیا جاتا ہے۔

قراءت: شامی نے فتّحت پڑھا ہے۔

یاجوج و ماجوج یہ جنس انسانی کے دو قبیلے ہیں کہا جاتا ہے کہ لوگوں کے کل دس حصے ہیں ان میں سے نو حصے یاجوج ماجوج ہیں۔ وَهُمۡ (اور وہ) یہ ضمیر ان لوگوں کی طرف راجع ہے جو محشر کی طرف چلائے جائیں گے۔ دوسرا قول یہ یاجوج و ماجوج کی طرف راجع ہے جبکہ سدّ کے کھل جانے پر وہ نکلیں گے۔ مِّنۡ كُلِّ حَدَبٍ (بلند زمین میں) اونچی زمین يَّنۡسِلُوۡنَ (کھسکنے والے ہونگے) تیزی سے جانے والے ہونگے۔

## قیامت اور اس کا منظر:

۹۷: وَاقۡتَرَبَ الۡوَعۡدُ الۡحَقُّ (اور سچا وعدہ قریب ہو جائے گا) الوعد سے قیامت مراد ہے۔

نحو: اور اذا کا جواب۔

فَاِذَا هِيَ ہے یہ اذا مفاجات کیلئے ہے اور جزاء پر فاء کی جگہ آتا رہتا ہے جیسا کہ اس ارشاد میں اذا هم يقنطون [الروم:٣٦] جب فاء بھی آ گیا تو جزاء کے شرط کے ساتھ متصل ہونے میں دونوں نے تعاون کیا پس مزید تاکید ہوگئی اگر اس طرح کہا جاتا: فهي شاخصة یا اذا هي شاخصة تو تب بھی درست ہوتا۔ هی یہ ضمیر مبہم ہے اس کی وضاحت الابصار کر رہا ہے۔

اور اس کی تفسیر شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ہے۔ کہ کافروں کی آنکھیں اوپر کو اٹھی ہونگی۔ یعنی پلکیں اونچی ہونگی اور جس مصیبت میں گرفتار ہونگے ان کی وجہ سے پلک جھپک نہ سکیں گے۔ يٰوَيْلَنَا (وہ کہیں گے ہائے کاش) یہ محذوف سے متعلق ہے تقدیر عبارت یہ ہے يقولون ياويلنا وہ کہیں گے ہائے ہماری خرابی۔

نحو: يقولون یہ الذين كفروا سے حال ہے۔

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا (کہ ہم تو اس سے غفلت میں پڑے تھے) هذا سے مراد یوم ہے۔ بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ (بلکہ ہم ہی ظالم تھے) کیونکہ ہم نے عبادت کو اس کے مقام سے ہٹا کر دوسرے مقام پر رکھ دیا۔

٩٨: اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (بلاشبہ تم اور جس چیز کی تم اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتے ہو) یعنی اصنام اور ابلیس اور اس کے معاونین کیونکہ وہ ان کی طاعت میں بتوں کو پوجنے لگے اور ان کے پیچھے چل کر ان کی عبادت شروع کی۔ حَصَبُ (ایندھن)

قراءت: یہ حطب بھی پڑھا گیا ہے۔

جَهَنَّمَ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ (ہیں جہنم کا اور تم اس میں اترنے والے ہو)۔ اس میں داخل ہو گے۔

٩٩: لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً (اگر یہ معبود ہوتے) جیسا کہ تمہارا خیال ہے۔ مَّا وَرَدُوْهَا (تو وہ جہنم میں نہ اترتے) داخل نہ ہوتے۔ وَكُلٌّ (اور تمام) یعنی عابد و معبود فِيْهَا (اس آگ میں) خٰلِدُوْنَ (ہمیشہ رہنے والے ہیں)۔

١٠٠: لَهُمْ (ان کے لئے) یعنی کفار کیلئے فِيْهَا زَفِيْرٌ (اس میں کراہٹ ہوگی) رونا۔ شور مچانا۔ چیخنا۔ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ (اور اس میں کوئی بات نہ سنیں گے) کوئی بات کیونکہ وہ بہرے ہو جائیں گے اور بات سننے میں انسیت کی ایک قسم ہے جو ان کو میسر نہ کی جائے گی۔

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنَىٰ ۙ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾ لَا

بلاشبہ جن کے لئے پہلے ہی ہماری طرف سے بھلائی کا فیصلہ مقرر ہو چکا ہے وہ جہنم سے دور رکھے جائیں گے وہ

يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ

اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور اپنی جی چاہی چیزوں میں ہمیشہ رہیں گے ان کو بڑی گھبراہٹ

الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ۖ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾

رنجیدہ نہ کرے گی اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے' یہ تمہارا وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ ۚ وَعْدًا

وہ دن یاد رکھنے کے قابل ہے جس روز ہم آسمانوں کو اس طرح لپیٹ دیں گے جس طرح لکھے ہوئے مضمونوں کا کاغذ لپیٹ دیا جاتا ہے ہم نے جس طرح پہلی بار مخلوق کی پیدائش کی ابتدا کی تھی

عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ

اسی طرح ہم اسے لوٹا دیں گے ہمارے ذمہ وعدہ ہے بلاشبہ ہم کرنے والے ہیں اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے ذکر کے بعد لکھ دیا ہے کہ بلاشبہ زمین کے وارث

يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِقَوْمٍ عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾

میرے نیک بندے ہوں گے' بلاشبہ اس میں عبادت گزاروں کے لئے کافی مضمون ہے۔

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ ﴿١٠٧﴾

اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر

## اطاعت والے جہنم سے محفوظ:

۱۰۱: إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنَىٰ (جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی مقدر ہو چکی ہوگی) الحسنیٰ جن میں مرتبہ والی خصلت وعادت۔ یہ احسن کی مؤنث ہے اور نمبرا۔ سعادت کو کہتے ہیں نمبر۲۔ ثواب کی بشارت نمبر۳۔ اطاعت کی توفیق۔

شانِ نُزُول: یہ آیت ابن الزبعری کے اس قول کے جواب میں اتری جو اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت جو صنادید قریش کے سامنے کی گئی اس کو سنکر کہا انکم وما تعبدون من دون الله حصب جهنم الی قوله خالدون ۔تو وہ کہنے لگا کیا یہود نے عزیر اور نصاریٰ نے مسیح اور بنو ملیح نے ملائکہ کی عبادت نہیں کی۔ اور ماتعبدون میں ما غیر ذوی العقول کیلئے آتا ہے۔ اس میں یہ عاقل شامل ہی نہیں مگر وہ معاندین تھے اس لئے ما کو عموم پر قرار دیکر اس میں شامل کر لیا۔ أُولَٰئِكَ (وہ یعنی عزیر و مسیح اور ملائکہ) عَنْهَا

(اس سے) یعنی جہنم سے مُبْعَدُوْنَ (دور رکھے جائیں گے)۔ کیونکہ انہوں نے نہ عبادت کا حکم دیا اور نہ اس کو پسند کرتے تھے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ ان الذین سبقت لھم منا الحسنی سے مراد تمام مؤمن ہیں۔ اس لئے کہ علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے یہ آیت پڑھی۔ اور فرمایا میں ان لوگوں میں سے ہوں اور ابوبکر، عمر، عثمان طلحہ، زبیر، سعد، عبدالرحمان، ان میں سے ہیں۔

قول جنید رحمۃ اللہ علیہ: شروع میں ہماری عنایت ان پر ہو چکی انتہاء میں ہماری ولایت ان پر ظاہر ہو جائے گی۔

۱۰۲: لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا (وہ اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے) حسیس سے وہ آواز مراد ہے جو حس سے معلوم ہو اور جہنم کی بھڑک کی حرکت۔ یہ درحقیقت جہنم سے ان کو دور ہونے میں مبالغہ ظاہر کرنے کیلئے فرمایا یعنی وہ اس کے قریب بھی نہ ہونگے اس کی آواز ان کو سنائی دے اور اس کی لپٹوں کی آواز سنائی دے۔

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ (اور وہ اپنی اپنی من پسند نعمتوں میں) خٰلِدُوْنَ (ہمیشہ رہیں گے) ہمیشہ ان کی اقامت ان نعمتوں میں ہوگی۔

۱۰۳: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ (ان کو بڑی گھبراہٹ غمگین نہ بنائے گی) مراد نفخہ اخیرہ ہے۔ وَتَتَلَقّٰهُمُ (اور ان کو ملیں گے) انکا استقبال کریں گے۔ الْمَلٰٓئِكَةُ (فرشتے) جو جنت کے دروازوں پر ان کو مبارک بادیاں دیں گے اور کہیں گے۔ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (یہ تمہارا وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ لیا گیا) یہ تمہارے اس ثواب کا وقت ہے جس کا تمہارے ساتھ تمہارے رب نے دنیا میں وعدہ فرمایا۔

## آسمان کا لپٹنا:

۱۰۴: يَوْمَ نَطْوِى السَّمَآءَ (وہ دن بھی یاد کرنے کے قابل ہے جس دن ہم آسمان کو لپیٹ لیں گے)

نحو: اس میں عامل لا یحزنھم ہے۔ نمبر۲۔ اس میں عامل وتتلقاھم ہے۔

قراءت: تُطْوَى السَّمَآءُ یزید نے پڑھا ہے۔ طیّ السماء سے مراد اس کے ستاروں کا مٹنا اور بے نور ہونا۔ نمبر۲۔ یہ نشر کی ضد ہے جس کا معنی پھیلانا ہے یعنی اس کے ستاروں کو جمع کر دیں گے اور لپیٹ لیں گے۔ یہ ساری بساط لپیٹ لی جائے گی۔ كَطَيِّ السِّجِلِّ (جیسے صحیفہ کو لپیٹتے ہیں) لِلْكُتُبِ (لکھنے کیلئے) حمزہ، علی، حفص نے اسی طرح پڑھا ہے۔ ای للمکتوبات (یعنی اس میں معانی کثیرہ وغیرہ لکھے جائیں)۔ یعنی معنی یہ ہے مکتوبات کیلئے جیسے کاغذ لپیٹا جاتا ہے۔ نمبر۲۔ للکتاب ۔ای کما یطوی الطومار الکتابۃ (جس طرح کاغذوں کو لکھنے کیلئے لپیٹتے ہیں)۔ نمبر۳۔ للکتب اس کے لئے جو اس میں لکھا جائے ۔ کیونکہ کتاب کا اصل مصدر ہے۔ جیسا کہ البناء پھر اس کا اطلاق مکتوب پر آنے لگا۔

## دوسرا قول :

السجل یہ ایک فرشتہ ہے جو بنی آدم کے صحیفے لپیٹتا ہے جبکہ وہ اس کی طرف اٹھا کر لائے جائیں اس کے حوالہ کئے جائیں۔

تیسرا قول یہ رسول اللہ ﷺ کا کاتب تھا۔ اس صورت میں الکتاب وہ کاغذ جس میں لکھا جائے الطی کی اضافت فاعل کی طرف کی گئی

ہے۔اور پہلی صورتوں میں اضافت مفعول کی طرف ہے۔ کَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُهٗ (جیسا ہم نے شروع میں ابتداء تخلیق کی تھی) اسی طرح آسانی سے ہم اس کو دوبارہ پیدا کریں گے۔

**نحو:** کما کا کاف فعل مضمر کی وجہ سے منصوب ہے جس کی تفسیر نعیدہ کررہا ہے۔اور ما موصولہ ہے۔ای نعید مثل الذی بدأ ناہ نعیدہ اوراول یہ بدأنا کا ظرف ہے ای اول ماخلق اول جو پیدا کیا۔نمبر۲۔اس ضمیر موصول سے حال ہے جو لفظوں میں ساقط ہے۔اور معنی میں ثابت ہے۔

اول خلق سے اس کی ایجاد مراد ہے۔ای کما اوجدہ اوّلا یعیدہ ثانیا۔کہ جس طرح اول مرتبہ اس کو وجود دیا دوسری مرتبہ اسی طرح اعادہ کرے گا۔اس میں اعادہ کو ابداء سے تشبیہ دے کر سمجھایا کہ دونوں پر قدرت تو یکساں ہے پھر ایک کا اقرار دوسرے کا انکار چہ معنی دارد۔

خلق میں تنکیر اسی طرح ہے جیسا کہتے ہیں ھو اول رجل جَاءَ نِیْ اس سے مراد اول الرجال ہوتی ہے لیکن واحد اور نکرہ لاکر ایک ایک آدمی کی تفصیل کا تم نے ارادہ کیا ہے پس اسی طرح یہاں معنی ہوگا۔اول خلق بمعنی اول الخلق یعنی اول الخلائق تخلیق میں سب سے پہلا۔خلق مصدر ہے۔اس کی جمع نہیں آتی۔

**وعدا:** یہ مصدر موکد ہے کیونکہ نعیدہ میں اعادہ کا وعدہ ہے۔عَلَیْنَا (ہمارے ذمہ ہے) یعنی ایسا وعدہ جو بہر صورت میں ہو کر رہے گا۔اِنَّا کُنَّا فٰعِلِیْنَ (بیشک ہم ہی کرنے والے ہیں) یہ سب یعنی اس وعدے کو سچ کر دکھائیں گے تم اس کی تیاری کرو اور صالح اعمال کو آگے بھیجو تاکہ ان خوفناک مقامات سے اپنے کو چھوڑ وا سکو۔

## جنت ایمان والوں کو:

۱۰۵: وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِی الزَّبُوْرِ (تحقیق ہم نے زبور میں لکھ دیا)۔زبور داؤد علیہ السلام کی کتاب کا نام ہے۔مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ (ذکر کے بعد۔) ذکر سے یہاں تورات مراد ہے۔اَنَّ الْاَرْضَ (کہ زمین) اس سے مراد سرزمین شام ہے۔یَرِثُهَا عِبَادِیَ (اس کے وارث میرے بندے ہونگے۔)

**قراءت:** یاء کے سکون سے حمزہ نے پڑھا۔دیگر قراء نے یاء کے فتحہ سے پڑھا ہے۔الصّٰلِحُوْنَ (نیک) مراد امت محمد یہ علی صاحبها الصلوة والسلام۔دوسرا قول الزبور کا معنی مزبور یعنی مکتوب لکھا ہوا۔انبیاء ﷺ پر اتاری جانے والی تمام کتب مراد ہیں۔الذکر سے ام الکتاب یعنی لوح محفوظ مراد ہے۔کیونکہ تمام کتب اسی سے لی گئی ہیں۔اس کی دلیل حمزہ،خلف کی قراءت الزُبور زاء کے ضمہ سے ہے۔اس صورت میں الزبور کی جمع بمعنی مزبور ہے۔الارض سے ارضِ جنت مراد ہے۔

۱۰۶: اِنَّ فِیْ هٰذَا (بیشک اس میں) قرآن میں نمبر۲۔اس سورت میں جو اخبار،وعدے اور وعیدیں اور مواعظ مذکور ہوئیں ان تمام میں۔لَبَلٰغًا (البتہ پوری بات ہے) کفایت ہے اور اس کی اصل یہ ہے کہ بلاغ وہ ہے جس سے حاجت وضرورت پوری ہو جائے۔لِّقَوْمٍ عٰبِدِیْنَ (عبادت گزار قوم کیلئے) توحید پرست اور وہ امت محمد یہ علی صاحبها الصلوٰة والسلام ہے۔

قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۞١٠٨ فَاِنْ

آپ فرما دیجئے کہ میری طرف یہی وحی کی گئی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے سو کیا تم بات ماننے والے ہو' سو اگر

تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۞١٠٩

وہ روگردانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں تمہیں خوب صاف طریقہ پر اطلاع دے چکا ہوں اور میں نہیں جانتا کہ جس کا تم سے وعدہ ہوا ہے وہ قریب ہے یا دور ہے'

اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۞١١٠ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ

بلاشبہ بات ہے کہ اللہ زور کی کہی ہوئی بات کو جانتا ہے' اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اسے بھی جانتا ہے اور میں نہیں جانتا کہ شاید وہ تمہارے لئے امتحان ہو

لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۞١١١ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ

اور ایک وقت تک فائدہ پہنچانا ہو' رسول نے کہا کہ اے میرے رب حق کے ساتھ فیصلہ فرما دیجئے اور ہمارا رب رحمٰن ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد مانگی جاتی

عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۞١١٢ ع

ع ٧ ٩ النصف

ہے جو تم بیان کرتے ہو۔

## رسولِ رحمت:

١٠٧: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً (اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر رحمت بنا کر) قول علیه السلام انما انا رحمة مهداة (ابن سعد۔ کنز العمال) میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرستادہ رحمت ہوں۔ لِّلْعٰلَمِيْنَ (جہان والوں کیلئے) کیونکہ آپ اس چیز کو لیکر آئے ہیں اگر وہ اسکی اتباع کرلیں تو وہ سعادت مند ہو جائیں اور جس نے نہ مانا اس نے گویا اپنے آپ کو ضائع کر دیا اور اپنا رحمت والا حصہ رکھ دیا۔ دوسرا قول یہ ہے آپ ایمان والوں کیلئے دونوں جہان میں رحمت ہیں۔ اور کافروں کیلئے دنیا میں رحمت ہیں۔ کیونکہ آپ کی وجہ سے عذاب استیصال مؤخر ہے۔ اسی طرح مسخ اور خسف سے بچے ہوئے ہیں۔ و رحمة یہ مفعول لہ ہے یا حال ہے ای ذا رحمة۔

١٠٨: قُلْ اِنَّمَا (کہہ دیں بیشک) انما حکم کو ایک چیز میں بند کرنے کیلئے آتا ہے۔ نمبر٢۔ کسی چیز کو ایک میں بند کرنے کیلئے آتا ہے۔ جیسے انما زید قائم اور انما یقول زیدٌ۔ يُوْحٰى اِلَيَّ (میری طرف وحی کی جاتی ہے) یوحی کا فاعل اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ہے اور تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ یوحیٰ الی وحدانیة اِلٰهی میرے معبود کی وحدانیت میری طرف وحی کی گئی ہے اور یہ بھی درست ہے کہ معنی اس طرح ہو۔ ان الذین یوحی الی۔ بیشک وہ جو میری طرف وحی کی گئی۔ اس صورت میں ما موصولہ ہے۔

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (پس کیا تم اطاعت کرنے والے ہو) یہ استفہام بمعنی امر ہے۔ ای اسلموا تم مسلمان ہو جاؤ۔

١٠٩: فَاِنْ تَوَلَّوْا (اگر وہ منہ موڑ لیں) اسلام سے فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ (پس کہہ دیں کہ میں تمہیں صاف کہہ چکا) میں نے تمہیں جس بات کا حکم دیا وہ اچھی طرح بتلا دی۔ عَلٰى سَوَآءٍ (برابر اور ٹھیک طور پر) یہ حال ہے یعنی تم سب اعلان و اعلام میں برابر ہو ایک کی

دوسرے سے تخصیص نہیں ہے اور نہ ہی میں نے کی۔
دلیل: اس میں دلیل ہے کہ باطنیہ کا مذہب باطل ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص ساتھیوں کو احکام شرع پوشیدہ سکھاتے اور دیواروں کو بھی کان ہوتے ہیں یا یہ کہ ہم اور تم اسی معاملہ میں برابر ہیں جو کچھ مجھے علم ملا اس سے واقف کر دیا کچھ چھپا کر نہیں رکھا۔
وَاِنْ اَدْرِیْ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ (اور مجھے معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا دور) یعنی مجھے معلوم نہیں کہ قیامت کب آئے گی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر مطلع نہیں کیا۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ بہر صورت قیامت واقع ہوگی نمبر۲۔ مجھے معلوم نہیں کہ تم پر عذاب کب اترے گا۔ اگر تم ایمان نہ لائے۔
۱۱۰: اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَیَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ کو تمہاری پکار کر کہی ہوئی بات کی بھی خبر ہے اور جو بات تم دل میں چھپا کر رکھتے ہو۔ اس کا بھی علم ہے) یعنی وہ ذات ہر چیز کا علم رکھنے والی ہے وہ اس کو بھی جانتا ہے۔ جو تم ظاہر کر کے اسلام پر طعنہ زنی کرتے ہو اور جس کو تم کینہ کی صورت میں اپنے دلوں میں چھپاتے ہو۔ وہ اس پر خود تم سے بدلہ لینے والا ہے۔
۱۱۱: وَاِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ (اور میں نہیں جانتا کہ شاید وہ تاخیرِ عذاب تمہارے حق میں امتحان و آزمائش ہو) اور مجھے معلوم نہیں کہ شاید تم سے دنیا میں عذاب کی تاخیر میں تمہارے لئے امتحان ہوتا کہ وہ تمہارے اعمال کو دیکھے۔
وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ (اور تمہارے لئے ایک وقت تک فائدہ اٹھانا ہو) اور مدت تک فائدہ حاصل کرنا ہو۔ تاکہ وہ تمہارے خلاف حجت و دلیل بن جائے۔

## طلبِ فیصلہ:

۱۱۲: قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ (کہا رسول نے اے میرے رب تو حق کا فیصلہ فرما دے) ہمارے اور اہل مکہ کے درمیان عدل و انصاف سے فیصلہ فرما دے۔ نمبر۲۔ جس کے وہ حقدار ہیں اس عذاب کو اتار کر فیصلہ فرما دے ان سے نرمی نہ فرما، ان پر سختی فرما۔ جیسا کہ آپ نے دعا میں فرمایا۔ اللھم اشد دو طاتك علی مضر۔ (رواہ البخاری، مسلم) اے اللہ قریش پر اپنے بندھن کو سخت کر دے۔
قراءت: حفص نے قال رب پڑھا۔ قول رسول ﷺ کی حکایت کے طور پر اور یزید نے رب احکم پڑھا ہے۔ اور زید نے یعقوب سے رَبِّی اَحْكَمُ پڑھا ہے۔
وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ (اور ہمارا رب رحمان ہے۔) وہ اپنی مخلوق پر مہربانی فرمانے والا ہے۔ الْمُسْتَعَانُ (وہ مددگار ہے) اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے۔ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ (اس پر جو تم بیان کرتے ہو) یعنی تمہاری جھوٹے غلط بیان کے برخلاف کہ کافروں کو فتح ہوگی۔
قراءت: ابن ذکوان نے یاء سے پڑھا ہے۔ وہ حالات کو اس کے برخلاف بیان کرتے جس پر وہ چل رہے تھے۔ ان کی طمع و تمنا یہ تھی کہ شوکت و غلبہ ان کو حاصل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے گمانوں کی تردید فرمائی کہ اللہ تعالیٰ تمہاری تمام امیدوں پر پانی پھیر دیں گے اور اپنے رسول ﷺ کی مدد فرمائیں گے اور ایمان والوں کی نصرت و امداد کی جائے گی اور کافر ذلیل و رسوا ہونگے اور وہ اس کے خلاف مدد دینے پر قدرت رکھتا ہے جو کفار بیان کرتے ہیں۔
الحمد للہ ۲۹ انتیسویں شب رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ جمعرات اللہ تعالیٰ نے محض اپنے کرم سے سورۂ انبیاء کا ترجمہ مکمل کرنے کی توفیق دی۔

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٍ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ حج مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھتر ۷۸ آیات اور دس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِيْمٌ ① يَوْمَ تَرَوْنَهَا

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو بلاشبہ قیامت کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہے۔ جس دن تم اسے دیکھو گے

تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا

ہر دودھ پلانے والی اسے بھول جائے گی جسے دودھ پلایا اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی'

وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ② وَ

اور اے مخاطب تو لوگوں کو دیکھے گا کہ وہ نشہ کی حالت میں ہیں حالانکہ وہ نشہ میں نہیں ہوں گے' لیکن اللہ کا عذاب سخت چیز ہے'

مِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۙ③

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو بغیر علم کے اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں اور ہر سرکش شیطان کا اتباع کرتے ہیں

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ④

جس کے بارے میں یہ بات لکھی جاچکی ہے کہ جو بھی کوئی شخص اس سے دوستی کرے گا تو وہ اسے گمراہ کردے گا اور اسے دہکتی ہوئی آگ کے راستہ پر ڈال دے گا۔

۱: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِيْمٌ ( اے لوگو اپنے رب سے ڈرو! بیشک قیامت کا زلزلہ بڑی ہولناک چیز ہے )۔

## قیامت کی ہولنا کی:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ (اے لوگو! تم اپنے رب سے ڈرو!) اس میں اولادِ آدم کو تقویٰ کا حکم دیا گیا ہے۔ پھر قیامت کا تذکرہ کر کے اس کے لازم ہونے کا سبب بیان کیا۔ اور ہولناک انداز سے اس کا تعارف کرایا پھر فرمایا اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِيْمٌ تا کہ وہ اس حالت کا معائنہ کریں اور اپنی عقلوں سے اس کو تصور میں لائیں تا کہ اپنی بقاء و دوام کے پیش نظر ان نفوس پر رحم کھائیں اور تقویٰ کا لباس پہن کر اس دن کی سختی سے بچ جائیں کیونکہ تقویٰ ہی ایسی چیز ہے جو اس دن کی سختی سے ان کو بچا سکتی

ہے۔

الزلزلة زور سے ہلنا اور جھنجوڑنا۔ زلزلہ کو الساعۃ کی طرف مضاف کیا۔ یہ اضافة المصدر الی الفاعل کی قسم ہے گویا قیامت ہی نے زمین کو ہلایا ہے۔ اس کو مجاز حکمی کہا جاتا ہے۔ نمبر۲۔ یہ اضافۃ المصدر الی الظرف کی قسم ہے کیونکہ وہ زلزلۃ قیامت میں پیش آئے گا جیسا کہ اس ارشاد میں ہے۔ بل مکر اللیل والنھار [سبا:۳۳] اور اس کا وقت قیامت کے دن ہوگا۔ نمبر۲۔ جب سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔ اس آیت میں معتزلہ کیلئے کوئی دلیل نہیں کہ معدوم چیز کو شئی کہہ دیا یہ اس کا نام ہے جس کا وجود خالی ہے۔

۲: یَوْمَ تَرَوْنَهَا (جس روز تم اس کو دیکھو گے) ھا کی ضمیر زلزلہ کی طرف راجع ہے۔ نمبر۲۔ قیامت کی طرف راجع ہے۔ یَوْمَ ترونھا یہ تذھل کی وجہ سے منصوب ہے۔ تذْهَلُ غافل ہونا۔ الذھول غفلت کو کہتے ہیں۔ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ (اور ہر دودھ پلانے والی عورت اس بچے سے غافل ہو جائے گی جس کو دودھ پلا رہی ہوگی) اس کے دودھ پلانے سے نمبر۲۔ اس بچے سے جس کو وہ دودھ پلاتی ہے۔

## ایک قول:

یہ ہے یہاں مرضعہ اس لئے کہا تا کہ یہ دلالت ہو کہ جب یہ خوف طاری ہوگا اور اس وقت بچے نے پستان منہ میں بھی ڈالا ہوا ہو تب بھی وہ پستان اس کے منہ سے کھینچ لے گی۔ اس دہشت کی وجہ سے جو اس پر طاری ہوئی کیونکہ مرضعہ وہی کہلاتی ہے جس کا پستان بچہ منہ میں ڈالنے والا ہو۔ المرضعؔ وہ عورت جو دودھ پلانے کے لائق ہو۔ اگر چہ اسوقت وہ دودھ نہ پلانے والی ہو۔

وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا (اور ہر حاملہ اپنا حمل ساقط کر دیگی۔) ذات حمل اس سے مراد حاملہ ہے۔ حملھا تکمیل سے پہلے لڑکا۔

قول حسن رحمہ اللہ دودھ پلانے والی اپنے بیٹے سے بلا دودھ چھڑائے غافل ہو جائے گی۔ وَتَرَى النَّاسَ (اور تم لوگوں کو دیکھو گے) اے دیکھنے والے سُكٰرٰى (نشہ میں) بطور مشابہت فرمایا جبکہ وہ تجلیات عظمت وسلطنت جبروت اور کبریائی کے نظارے دیکھیں گے یہاں تک کہ ہر نبی نفسی نفسی پکاریں گے۔

وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى (حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہونگے) حقیقت میں وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ (لیکن اللہ تعالیٰ کا عذاب سخت ہے۔) پس اللہ تعالیٰ کے عذاب کے خوف نے ہی ان کی عقلوں کو اڑا دیا ہے۔ اور ان کو ایسے شخص کی حالت کی طرف لوٹا دیا ہے جس کی عقل نشہ سے جاتی رہی ہو۔

قول حسن رحمۃ اللہ علیہ اور تم لوگوں کو خوف کی وجہ سے نشہ میں دیکھو گے حالانکہ انکا یہ نشہ شراب سے نہ ہوگا۔ قراءت: حمزہ و علی نے دونوں میں سکرٰی۔ امالہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ یہ عطشٰی کی طرح ہے عطشان میں۔

شانِ نُزُول: روایت میں ہے کہ یہ دو روایات غزوۂ مصطلق بنو مصطلق کی رات کو اتریں۔ آپ ﷺ نے ان کو پڑھ کر سنایا اس رات سے بڑھ کر لوگوں کو روتا ہوا نہیں پایا۔ (ثعلبی کذا قال الحافظ)

## بنو مصطلق :

۳: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ (اور بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے متعلق جھگڑتے ہیں) فی اللہ کا مطلب اللہ تعالیٰ کے دین میں جھگڑنا ہے۔ بِغَيْرِ عِلْمٍ (بغیر علم کے)

نحو : یہ حال ہے۔

یہ نضر بن حارث کے متعلق اتری۔ وہ بڑا جھگڑالو تھا۔ وہ کہتا ملائکہ اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں اور قرآن مجید پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو بوسیدہ ہڈیاں زندہ کرنے کی قدرت نہیں۔ نمبر۲۔ یہ آیت عام ہے ہر خواہش پرست جو دین کا مخالف ہو وہ مراد ہے۔ وَّ يَتَّبِعُ (اور وہ پیروی کرتا ہے) كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ (ہر سرکش شیطان کی) عادہر ایسا سرکش جو شر میں دوام واستمرار اختیار کرنے والا ہو۔ مَرِيْد پر وقف نہیں پڑھا جا سکتا کیونکہ مابعد اس کی صفت ہے۔

## شیطان کے متعلق فیصلہ :

۴: كُتِبَ عَلَيْهِ (اللہ تعالیٰ نے شیطان کے متعلق لکھ دیا ہے) یعنی شیطان کے متعلق فیصلہ ہو چکا۔ اَنَّهٗ (معاملہ وشان یہ ہے۔) یہ كُتِبَ کا نائب فاعل ہے۔ مَنْ تَوَلَّاهُ (کہ جس نے اس سے دوستی اختیار کی) شیطان کی پیروی کی فَاَنَّهٗ (پس وہ اس کو) بیشک شیطان يُضِلُّهٗ (ضرور بھٹکا دے گا) سیدھے راستہ سے وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ (اور اس کی راہنمائی دوزخ کے عذاب کی طرف کرے گا) عذاب سعیر یعنی آگ۔ قول زجاج فَاَنَّه کی فاء عاطفہ ہے اور اَنَّ کو تاکید کیلئے دوبارہ لایا گیا ہے۔ مگر ابوعلی نے اس کی تردید کرتے ہوئے کہا اگر مَنْ شرط کیلئے ہے تو فاء اس کی جزاء کیلئے آئی ہے اور اگر مَنْ کو الّذی کے معنی میں مانا جائے تو پھر فاء مبتدا کی خبر پر داخل ہوئی ہے اور تقدیر عبارت اس طرح ہے فَالْاَمْرُ اَنَّهٗ يُضِلُّهٗ اور عطف اور تاکید پہلے کی تکمیل کے بعد آتے ہیں۔ مطلب یہ ہے شیطان کے متعلق لکھ دیا ہے اسی آدمی کا گمراہ کرنا جو اس سے دوستی اختیار کرے اور آگ کی طرف اس کی راہنمائی کرے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ

اے لوگو! اگر تم اٹھائے جانے کی طرف سے شک میں ہو تو بلاشبہ ہم نے مٹی سے پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ

نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر بوٹی بنی ہوئی صورت سے اور جو صورت ابھی نہ بنی ہو اس سے تمہیں پیدا کیا تاکہ ہم تمہیں

لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ

بتائیں' اور ہم اپنی مشیت کے موافق مقررہ مدت تک رحموں میں ٹھہراتے ہیں پھر تمہیں اس حال میں نکالتے ہیں کہ تم بچہ کی صورت میں ہوتے ہو' پھر

لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

تاکہ تم اپنی قوتوں کو پہنچ جاؤ' اور تم میں سے بعض وہ ہیں جو اٹھا لئے جاتے ہیں اور تم میں سے بعض وہ ہیں جو نکمی عمر کو پہنچ جاتے ہیں

لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا

تاکہ علم کے بعد کچھ بھی نہ جانیں' اور اے مخاطب تو زمین کو بھی سوکھی پڑی ہوئی دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر پانی

عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝٥ ذٰلِكَ

اتارتے ہیں تو وہ لہلہانے لگتی ہے اور وہ بڑھ جاتی ہے اور ہر طرح کے خوشنما جوڑے اگا دیتی ہے یہ

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٦ وَّاَنَّ

اس وجہ سے کہ اللہ حق ہے اور وہ مردوں کو زندہ فرماتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کہ

السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝٧

قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں' اور بلاشبہ اللہ ان کو اٹھائے گا جو قبروں میں ہیں۔

## منکرین بعث کے خلاف دلیل:

۵: پھر منکرین بعث پر حجت لازم کرتے ہوئے فرمایا۔ یٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ (اے لوگو! اگر تم کو دوبارہ اٹھائے جانے کا شک ہے) یعنی اگر بعث بعد الموت کے متعلق تمہیں شک ہے تو تمہارے شک کا ازالہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ تم اپنی ابتدائی خلقت پر نگاہ ڈالو۔ کہ ابتداء میں تم مٹی اور پانی تھے اور تمہارے بعث کے انکار کا سبب بھی یہی انسانی وجود کا مٹی اور پانی

بن جاتا ہے۔ فَاِنَّا خَلَقْنٰکُمْ (پس بیشک ہم نے تمہیں پیدا کیا) یعنی تمہارے آباء واجداد کو مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ (مٹی سے پھر) پیدا کیے گئے مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ (ایک بوند سے پھر خون کے جمے ہوئے لوتھڑے سے) جمے ہوئے خون کے ٹکڑے سے۔ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ (پھر بوٹی سے) چھوٹے گوشت کے ٹکڑے سے جو ایک دفعہ چبایا جا سکے۔ مُّخَلَّقَةٍ وَّ غَیْرِ مُخَلَّقَةٍ (مکمل و نامکمل) المخلقة درست و ملائم جو نقص وعیب سے پاک ہو۔ گویا اللہ تعالیٰ مضغہ مختلف پیدا فرماتے ہیں۔ بعض مضغات ان میں کامل الخلقت اور عیوب سے مبرا ہوتے ہیں اور بعض ان میں سے اس کے برعکس ہوتے ہیں یہ فرق ہی انسانوں کی خلقت و بناوٹ، شکل وصورت، طول وقصر، تکمیل ونقص کا باعث ہے۔ بلاشبہ ہم نے تمہیں ایک حالت سے دوسری حالت اور ایک خلقت سے دوسری میں منتقل کیا۔ لِّنُبَیِّنَ لَکُمْ (تا کہ ہم تمہارے سامنے واضح کر دیں) اس تدریج میں ہماری کمالِ قدرت اور کاملِ حکمت ہے۔ بیشک وہ ہستی جو انسانوں کو مٹی سے ابتدائی مرحلے میں پھر نطفہ سے دوسرے مرحلہ میں بناتی ہے حالانکہ پانی اور مٹی اور انسان میں کوئی مناسبت نہیں وہ اس بات پر قادر ہے کہ نطفہ کو علقہ اور علقہ کو مضغہ اور مضغہ کو ہڈیاں بنادے۔ وہ اس بات پر قادر ہے کہ جس طرح پہلی مرتبہ بنایا اسی طرح اعادہ کردے۔ وَنُقِرُّ (اور ہم ٹھہراتے ہیں)

قرات، نحو: مفضل کے علاوہ تمام نے رفع سے پڑھا ہے۔ یہ وقف کے بعد جملہ مستانفہ ہے ای نحن نثبت فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ (ارحام میں جس طرح ہم چاہتے ہیں) اس کا ثبوت اور ٹھہراؤ کرتے ہیں اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی (ایک وقت مقررہ تک) ولادت کے وقت تک اور جس کو ٹھہرانا نہیں چاہتے اس کو رحم سے گرادیتے ہیں۔ ثُمَّ نُخْرِجُکُمْ (پھر تمہیں نکالتے ہیں) ارحام سے طِفْلًا (بچہ بنا کر)

نحو: یہ حال ہے اور اس سے مراد جنس ہے اسی لئے یہ جمع نہیں لایا گیا۔ نمبر۲۔ اس سے مراد یہ بھی لی جائے کہ ہم تم میں سے ہر ایک کو نکالتے ہیں طفل کی حالت میں۔ ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا (پھر تا کہ تم پہنچ جاؤ) پھر ہم تمہاری تربیت کرتے ہیں تا کہ تم پہنچ جاؤ۔ اَشُدَّکُمْ (اپنی جوانی کو) کمال عقل اور کمال قوت کو۔ قول مفسر: یہ جمع کے ان الفاظ میں سے ہے جن کا واحد مستعمل نہیں ہے۔

قول دیگر اشد، جمع شدت کی ہے جس طرح انعم جمع نعمت ہے فافہم وتدبر مترجم۔ وَمِنْکُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰی (اور تم میں سے بعض وہ ہیں جو وفات پا جاتے ہیں) بھرپور جوانی کے وقت یا اس سے قبل ہی یا اس کے بعد وَمِنْکُمْ مَّنْ یُّرَدُّ اِلٰٓی اَرْذَلِ الْعُمُرِ (اور بعض تم میں سے بالکل ناکارہ عمر کی طرف لوٹائے جاتے ہیں) ارذل کا معنی اخس ہے یعنی انتہائی پیری اور سن خرافت لِکَیْلَا یَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَیْئًا (تا کہ وہ جان چکنے کے بعد پھر بالکل نادان ہو جاتا ہے) یعنی وہ نادان ہو جائے اس کے بعد کہ وہ اس کو جانتا تھا یا تا کہ وہ علمی استفادہ نہ کر سکے اور جو پہلے جانتا تھا اس کو بھی بھول جائے پھر بعث کی ایک اور دلیل پیش کی اور فرمایا وَتَرَی الْاَرْضَ ھَامِدَةً (اور تو دیکھتا ہے زمین خشک پڑی ہے) مردہ، خشک۔ فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْھَا الْمَآءَ اھْتَزَّتْ (پھر ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ اُبھرتی اور پھولتی ہے) اِھْتَزَّتْ کا معنی نبات سے حرکت میں آتی ہے۔ وَرَبَتْ (اور بڑھتی ہے) پھولتی ہے۔

قراءت: یزید نے پورے قرآن میں ربت کو رباَت پڑھا ہے اور اس کا معنی بلند ہونا۔

وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ کُلِّ زَوْجٍ (اور وہ اگاتی ہے ہر قسم کی نباتات) زوج صنف کے معنی میں ہے۔ بَھِیْجٍ (خوشنما) خوبصورت

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۸

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کسی ایسی کتاب کے جو روشنی دکھانے والی ہو اللہ کی ذات کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں'

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ

یہ ایسا شخص ہے جو گردن کو موڑ کر چلا جاتا ہے تاکہ اللہ کے راستہ سے ہٹا کر لوگوں کو گمراہ کرے' اس کے لئے دنیا میں ذلت ہے اور ہم اسے قیامت کے دن جلنے کا

الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۹ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۱۰ ع ۸

عذاب چکھائیں گے' یہ اس وجہ سے ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا' اور بلاشبہ بات یہ ہے کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

جس کو دیکھ کر دیکھنے والا خوش ہو۔

۶: ذٰلِكَ نحو: یہ مبتدا ہے اس کی خبر بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ ہے (یہ سب اس وجہ سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے) یہ تخلیق بنی آدم کا جو تذکرہ ہوا اور اسی طرح زمین کی آبادی اور اس سے حاصل ہونے والی قسما قسم کی حکمتیں ثابت کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی حق ہیں یعنی انہی کا وجود حقیقی اور قائم رہنے والا ہے۔ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى (اور وہی مردوں کو زندہ کریں گے) جیسا کہ بنجر زمین کو آباد کر دیا۔ وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (اور وہی ہر چیز پر قادر ہے) قدرت والا ہے۔

۷: وَّ اَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ (اور یقیناً قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شبہ نہیں (گونا گوں تغیرات قیامت کا پیش خیمہ ہیں) اور یہ بات قطعی ہے کہ اللہ تعالیٰ قبروں والوں کو زندہ کر کے اٹھائے گا) یعنی وہ حکمت والا ہے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ اس نے قیامت و بعث کا وعدہ کیا ہے پس ضروری ہے کہ جو وعدہ اس نے کیا اس کو پورا کرے۔

## بعض مجادلین:

۸: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ (اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے متعلق جھگڑا کرتے ہیں) اللہ تعالیٰ کی صفات کے متعلق ایسی صفات اس کی طرف منسوب کرتے ہیں جو اس کے مناسب نہیں۔ یہ ابوجہل کے متعلق اتری۔

۸۔ بِغَيْرِ عِلْمٍ (بغیر علم کے) علم سے بدیہی جو معرفت الٰہی تک پہنچائے۔ وَّلَا هُدًى (بغیر ہدایت و راہنمائی) اس سے استدلالی علم مراد ہے کیونکہ یہ معرفت کی طرف لے جانے والا ہے۔ وَّ لَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ (اور بغیر روشن کتاب کے) اس سے مراد وحی ہے انسانی علوم انہی تین طریقوں پر حاصل ہوتا ہے۔

۹: ثَانِيَ عِطْفِهٖ (وہ اپنے پہلو کو موڑنے والا ہے) یہ حال ہے یعنی وہ اپنی گردن کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے تکبر و بڑھائی کی وجہ سے موڑنے والا ہے۔

قراءت: حسن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ثانی عطفہ عین کے فتح سے پڑھا جائے گا۔ ای مانع تعطفہ الی غیرہ یعنی جو اس کو غیر کی طرف موڑنے والا ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۣ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ کی عبادت اس طرح کرتے ہیں جیسے کوئی شخص کنارہ پر ہو پھر اگر اس کو کوئی بھلائی پہنچ گئی تو اس کی وجہ سے مطمئن ہو گیا

وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۣ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

اور اگر کچھ آزمائش آ گئی تو اپنے چہرہ کے بل پلٹ گیا وہ دنیا اور آخرت کے اعتبار سے تباہ ہو گیا۔ یہ

الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ

کھلی ہوئی تباہی ہے یہ شخص اللہ کو چھوڑ کر اس کی عبادت کرتا ہے جو اسے نہ ضرر دے اور نہ نفع دے۔

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ

یہ دور والی گمراہی ہے وہ اسے پکارتا ہے جس کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے واقعی

الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾

وہ برا دوست ہے اور برا رفیق ہے۔

لِیُضِلَّ (تا کہ وہ گمراہ کرے) یہ مجادلہ کی علت ہے۔

قراءت: مکی اور ابوعمرو نے لِیَضِلَّ پڑھا ہے۔

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی راہ سے) اس کے دین سے لَهٗ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ (ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے) یوم بدر میں قتل ہونا۔ وَّ نُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ (اور ہم اس کو قیامت کے دن جلنے کا عذاب چکھائیں گے) ان کے لئے دونوں جہانوں یعنی دنیا و آخرت کا عذاب جمع کر دیں گے۔

۱۰: ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ (یہ تیرے ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے) دونوں جہان میں عذاب کا باعث وہی کفر و تکذیب ہے جس کو وہ آگے کما کر روانہ کر چکا اور الید سے اس کی تعبیر اس لئے فرمائی کیونکہ ہاتھ ہی آلۂ الکسب ہے۔ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (اور بیشک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بالکل ظلم کرنے والے نہیں) بغیر گناہ کسی کو نہ پکڑیں گے اور کسی کے گناہ کے بدلے دوسرے کو نہ پکڑیں گے۔ اس کا عطف بما پر ہے۔ ای وبِاَنَّ اللّٰہ۔

الظلّام مبالغہ کا صیغہ لایا گیا کیونکہ اس کے ساتھ ملکر جمع کا لفظ عبید آ رہا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ اس کی طرف سے قلیل ظلم بھی گناہ کی قباحت اور استغناء کے حاصل ہونے کے باوجود ہماری طرف کے ہونے والے ظلم کے مقابلے میں کثیر ہے۔

## دین میں مضطرب لوگ:

۱۱: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ (اور بعض آدمی اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرتے ہیں جیسے وہ کنارے پر

کھڑے ہیں) دین کے ایک کنارے پر نہ اس کے درمیان اور مرکز میں۔ یہ درحقیقت ایک مثال ہے کہ وہ اپنے دین کے متعلق قلق واضطراب کا شکار ہیں۔ سکون واطمینان میسر نہیں۔

نحو : یہ حال ہے ای مضطربًا۔ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ (اگر ان کو کوئی بھلائی پہنچ گئی) جسمانی صحت اور معیشت میں وسعت اِطْمَاَنَّ ( تو اس نے قرار پالیا) قرار پکڑا اور پرسکون ہوا۔ بِهٖ (اس پر) اس بھلائی پر جو اس کو میسر ہوئی یا اس دین پر پس اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے لگا۔ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ (اور اگر اس کو کوئی آزمائش مصیبت آ گئی) برائی اور جسمانی تکلیف، بدحالی اِنْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ (تو منہ اٹھا کر کفر کی طرف چل دیتا ہے) اس کی جانب یعنی مرتد ہو کر کفر کی طرف لوٹ جاتا ہے جس طرح وہ شخص جو لشکر کے ایک جانب پڑا ہوا گر لشکر کامیابی وغنیمت حاصل کرے تو مطمئن اور ثابت قدم رہتا ہے ورنہ فرار اختیار کر کے اپنی راہ لیتا ہے۔

قول مفسرین رحمہم اللہ یہ بعض بدوؤں کے متعلق اتری جو مدینہ میں مہاجر بن کر آئے۔ ان میں سے ایک کا جب بدن صحیح ہوتا اور اس کی گھوڑی شاندار بچھیرا جنتی اور اپنے گھر میں بھی بیٹا پیدا ہوتا اور مال وحیوانات میں اضافہ ہوتا تو کہتا میں نے تو اس دین میں برکت ہی برکت پائی ہے اور مطمئن ہوتا اور اگر معاملہ اس کے الٹ ہوتا تو دین سے منہ پھیر لیتا۔ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ (وہ دنیا وآخرت کھو بیٹھا) یہ حال ہے اور قد مقدرہ ہے اس کی دلیل روح اور زید کی قراءت ہے۔

خاسر الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ خسر ان فی الدنیا سے قتل وغیرہ مراد ہے۔ اور آخرت کا خسارہ خلود فی النار ہے۔ ذٰلِكَ (یہ) دونوں جہان کا خسارہ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ (وہ کھلا ہوا خسارہ ہے) ایسا ظاہر جو کسی پر مخفی نہ رہے گا۔

۱۲: يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (وہ اللہ تعالیٰ کے سوا ایسے کی عبادت کرتا ہے) مراد بت۔ وہ ارتداد کے بعد اس طرح کرتا ہے۔ مَالَا يَضُرُّهٗ (جو اس کو نہ نقصان پہنچا سکتا ہے) اگر وہ اس کی عبادت نہ کرے۔ وَمَالَا يَنْفَعُهٗ (اور جو نہ نفع پہنچا سکتا ہے) اگر اس کی عبادت بھی کرے۔ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ (یہ پرلے درجے کی گمراہی ہے) جو درستگی سے دور ہے۔

## کافر جماد کا عابد:

۱۳: يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ (وہ پکارتا ہے اس کو جس کی عبادت کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ قریب الوقوع ہے)

اشکال: اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت میں اصنام سے نفع وضرر کی نفی فرمائی اور اس آیت میں دونوں چیزیں ثابت کیں؟

حل: اگر معنی صحیح طور پر سمجھ لیا جائے تو یہ وہم خود دور ہو جاتا ہے۔ وہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے کافر کی حماقت یہ بیان کی کہ وہ ایک جماد کی عبادت کرتا ہے جو ذرا بھر نفع ونقصان کا مالک نہیں۔ حالانکہ کافر کا اعتقاد اس کے متعلق یہ ہے کہ وہ اس کا سفارشی بنے گا۔ پھر فرمایا قیامت کے دن یہ کافر بڑے زوردار انداز سے کہہ اٹھے گا جبکہ وہ بتوں کا نقصان ملاحظہ کرے گا۔ مگر شفاعت کا ذرا بھر اثر نہ دیکھے گا۔ جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے کہ یہ بہت برا مددگار ساتھی ہے۔ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى (ایسا کارساز بھی بہت برا) مددگار وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ (اور بہت برا رفیق ہے۔)

يدعو کا لفظ بار بار لایا گیا ہے گویا اسطرح فرمایا يدعو، يدعو من دون الله ما لا يضره وما لا ينفعه پھر فرمایا لمن

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے اللہ انہیں ایسے باغوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي

گی بلاشبہ اللہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے' جو شخص یہ خیال کرتا ہو کہ اللہ دنیا میں اور آخرت میں اپنے رسول ﷺ کی مدد

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ

نہ کرے گا تو اسے چاہئے کہ آسمان تک ایک رسی تان لے پھر کاٹ دے پھر دیکھ لے آیا اس کی تدبیر اس کے

كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾

غیظ کی چیز کو ختم کر سکتی ہے — اور ہم نے اسی طرح کھلی ہوئی آیات نازل کیں اور بلاشبہ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔

ضرہ اس کے معبود ہونے سے نفع کی نسبت قریب تر ہے۔ جب کہ وہ سفارشی ہو۔

۱۴: اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ (بیشک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے جنت کے ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ بیشک اللہ تعالیٰ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے) یہ وعدہ ان لوگوں کیلئے ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت ہر حال میں کرنے والے ہوں ان کی طرح نہ ہوں جو ایک کنارے پر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے ہوں۔

## کفار کا غصہ بے فائدہ ہے:

۱۵: مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (جو شخص یہ گمان کرتا ہو کہ اللہ تعالیٰ محمد ﷺ کی مدد دنیا و آخرت میں ہرگز نہ کریں گے) مطلب یہ ہے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اپنے رسول کا مددگار ہے آپ کے دشمنوں میں سے جو اس کے خلاف گمان رکھتا ہے۔ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ (پس اس کو چاہئے کہ وہ ایک رسّی تان لے) سبب کا معنی رسّی۔ اِلَى السَّمَآءِ (آسمان تک) گھر کی بلندی۔ ثُمَّ لْيَقْطَعْ (پھر وہ وحی کا سلسلہ کاٹ دے) پھر وہ چاہئے کہ گلا گھونٹ لے۔ یہاں گلا گھونٹنے کو قطعاً فرمایا ہے کیونکہ گلا گھونٹنے والا اپنی سانس کے راستوں کو روک کر سانس کو کاٹ دیتا ہے۔

قراءت: بصری و شامی نے لام کے کسرہ سے پڑھا ہے۔

فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ (پھر غور کرے کہ کیا اس کی تدبیر اس کی ناگواری کی چیز کو) ما الذی کے معنی میں ہے ای الذی یغیظہٗ جو اس کے غصہ دلاتی ہے یا مصدر یہ ہے اب مایغیظ سے غصہ کرنا مراد اس طرح ہوگا کہ اس کو یہ تصور دل میں لانا چاہئے کہ اگر اس نے ایسا کیا تو کیا اس سے اللہ تعالیٰ کی نصرت ہٹ جائے گی جو اس کو غصہ دلا رہی ہے۔ ہرگز نہیں پھر

إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٔيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی ہیں اور جو فرقہ صابئین ہے اور نصاریٰ ہیں اور جو مجوس ہیں اور وہ لوگ جنہوں نے شرک

اَشْرَكُوْٓا ۖ إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ⑰

کیا یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ فرما دے گا بلاشبہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے'

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند

وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ

اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے انسان اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جن پر

الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ⑱ السجدة

عذاب کا استحقاق ہو چکا ہے' اور اللہ جسے ذلیل کرے اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں' بلاشبہ اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔

اس غصے کا کیا فائدہ؟ اس کے فعل کو بطور استہزاء کیداً کہا کیونکہ اس نے یہ کید محسود کے ساتھ نہیں کیا بلکہ اپنی ذات سے کیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اس کے ہاتھ میں کوئی ایسی چیز نہیں جس سے غصہ دلانے والی چیز کا وہ ازالہ کر سکے۔

۱۶: وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اور اسی طرح ہم نے اس کو اتارا ہے اس اتارنے کی طرح ہم نے سارا قرآن مجید اتارا ہے۔ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ (واضح آیات) وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ (اور بیشک اللہ اس کی راہنمائی کرتے ہیں جس کے متعلق ارادہ کرتے ہیں) یعنی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اس سے ان لوگوں کی راہنمائی کرتے ہیں جن کے متعلق وہ جانتے ہیں کہ یہ ایمان لائیں گے یا ایمان والوں کو ایمان پر ثابت قدم فرماتے ہیں۔ اور ان کی ہدایت میں اضافہ فرماتے ہیں اسی طرح ہم نے اس کو واضح اتارا ہے۔

## حقیقی فیصلہ قیامت کو:

۱۷: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصَّابِئِيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا (بیشک اللہ تعالیٰ مسلمانوں یہودی اور صابی اور عیسائی، مجوسی اور مشرکین) ایک قول یہ ہے کہ ادیان پانچ ہیں۔ چار شیطان کیلئے اور ایک رحمان کیلئے۔ الصابئون یہ نصاریٰ کی ایک قسم ہے۔ پس چھ نہ بنے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (بیشک اللہ تعالیٰ ان کے درمیان قیامت کے دن فیصلہ فرمائیں گے) احوال واماکن کے اعتبار سے ایک ہی سزا نہ دیں گے۔ اور نہ ان کو ایک جگہ جمع کریں گے۔

نحو: ان الذین اٰمنوا کی خبر ان اللہ یفصل بینھم ہے جیسا کہتے ہیں ان زیداً ان اباہ قائم۔

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْ ءٍ شَہِیْدٌ (بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر گواہ ہے) اس کو جاننے والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا ہے۔ پس ہر شخص کو اپنے عقیدہ، قول، فعل پر غور کرنا چاہیے۔ یہ انتہائی بلیغ انداز میں وعید ہے۔

۱۸: اَلَمْ تَرَ (کیا آپ نہیں جانتے) کیا تم نہیں جانتے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایسا علم جو آنکھوں دیکھنے کی طرح ہے۔ اَنَّ اللّٰہَ یَسْجُدُ لَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَ الْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ (کہ جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے سب اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہیں)۔

## ایک قول:

تمام اس کو سجدہ کرتے ہیں مگر ہمیں اس کی اطلاع نہیں جیسا کہ ان کی تسبیح کی اطلاع نہیں۔ ارشاد الٰہی ہے۔ **وان من شئی الا یسبح بحمدہ ولکن لاتفقھون تسبیحھم** [الاسراء:۴۴]

## دوسرا قول:

غیر مکلّف میں افعال کے اعتبار سے جو تبدیلیاں وارد ہوتی ہے اور اس کے حکموں کیلئے وہ مسخر ہیں جو کام ان کے ذمہ لگا دیا اسی کو سجود سے تعبیر کیا۔ مکلّف کے سجدہ کے ذریعہ اطاعت کرنے سے تشبیہ دیتے ہوئے کیونکہ مکلّف کیلئے سب سے بڑی عاجزی یہی ہے۔ وَکَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ (اور بہت سے لوگ) یعنی بہت سے لوگ اللہ تعالیٰ کو طاعت وعبادت کا سجدہ کرتے ہیں۔

نَحْو : یہ مبتدا ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ اور من الناس اس کی صفت ہے اور اس کی خبر محذوف ہے اور وہ مثابٌ ہے اس پر کَثِیْرٌ حَقَّ عَلَیْہِ الْعَذَابُ دلالت کرتا ہے۔

وَکَثِیْرٌ حَقَّ عَلَیْہِ الْعَذَابُ (اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہو گیا) یعنی ان میں سے بہت سے ایسے ہیں کہ جن پر کفر کی وجہ سے عذاب ثابت ہو چکا اور سجدہ سے انکار کی وجہ سے عذاب لازم ہو چکا۔ وَمَنْ یُّھِنِ اللّٰہُ (اور جس کو اللہ تعالیٰ ذلیل کردے) بدبختی کے ساتھ فَمَالَہٗ مِنْ مُّکْرِمٍ (پس اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں) خوش بختی کے ساتھ اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَایَشَآءُ (بیشک اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں) اکرام واہانت وغیر ذٰلک۔

## ردِ معتزلہ:

کہ اللہ تعالیٰ نے چیزوں کو چاہا مگر کیا نہیں۔ ان دونوں آیات کا ظاہر دلالت کررہا ہے کہ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ٘ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ

یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھگڑا کیا سو جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے

مِّنْ نَّارٍ ؕ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِیْمُ ⑲ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ

جائیں گے، ان کے سروں پر گرم پانی ڈالا جائے گا جس کی وجہ سے وہ سب گل جائے گا جو ان کے پیٹوں میں ہو گا

وَ الْجُلُوْدُ ؕ ⑳ وَ لَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ ㉑ كُلَّمَاۤ اَرَادُوْۤا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ

اور کھالیں بھی گل جائیں گی ان کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے جب کبھی گھٹن کی وجہ سے دوزخ سے نکلنے کا ارادہ کریں

غَمٍّ اُعِیْدُوْا فِیْهَا ۗ وَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ㉒ ع

گے وہ اس میں واپس کر دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ جلنے کا عذاب چکھو۔

## کفار کا حال:

۱۹: هٰذٰنِ خَصْمٰنِ (یہ دونوں فریق ہیں) آپس میں جھگڑنے والے فریق ہیں۔ یہاں فریق کو خصم سے جو کہ صفت ہے تعبیر کر دیا۔ اخْتَصَمُوْا (انہوں نے اختلاف کیا) معنی کا لحاظ کر کے جمع کا صیغہ لایا گیا۔ اور ھذان لفظ کا لحاظ کر کے تثنیہ لایا گیا۔ مراد اس سے مؤمن اور کافر دو فریق ہیں۔

## قول ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما:

یہ ضمیر مذکورہ پانچوں اہل ادیان اور مؤمنوں کی طرف لوٹتی ہے مؤمن ایک فریق ہیں اور باقی پانچوں ایک فریق ہیں فِیْ رَبِّهِمْ (اپنے رب کے متعلق) اللہ تعالیٰ کے دین اور اس کی صفات کے متعلق پھر ہر ایک کی جزاء ذکر کی۔ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا (پس وہ لوگ جو کافر ہیں) اللہ تعالیٰ نے ان الله یفصل بینهم یوم القیامة[الحج: ۱۷] میں جس فیصلے کا ذکر فرمایا اس کی تفصیل اسی آیت میں آ رہی ہے۔ وہ یہ ہے قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ (ان کے لیے آگ کے کرتے کاٹے جائیں گے) گویا اللہ تعالیٰ ان کے اجسام کی مقدار سے آگ ان کے لئے مقرر کر دیں گے۔ جو ان پر چھانے والی ہوگی جیسا کہ لباس کے کپڑوں کو جسم پر پورا ناپا جاتا اور کاٹا جاتا ہے۔ یہاں ماضی کا لفظ استعمال کیا گیا کیونکہ یہ بہر صورت ہو کر رہے گا۔ پس یہ ثابت شدہ حقیقت کی طرح ہے۔ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ (ان کے سروں پر انڈیلا جائے گا۔)

قراءت: بصری نے رؤسِهِم کو ھا اور میم کے کسرہ سے پڑھا ہے۔ حمزہ، علی اور خلف نے ھا اور میم کو ضمہ سے رؤسُهُم پڑھا ہے۔ دیگر قراء نے ھا کے کسرہ اور ضمہ میم سے پڑھا ہے۔ الْحَمِیْمُ (گرم پانی) قول ابن عباس رضی اللہ عنہما ہے کہ اگر اس میں سے نقطہ کے برابر پانی زمین کے پہاڑوں پر گر جائے تو وہ پگھل جائیں۔

۲۰: یُصْھَرُ (اس سے پگھل جائے گا) پگھلا دیا جائیگا۔ بِهٖ (اس گرم پانی کے ساتھ) مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ (جو کچھ کہ ان کے پیٹوں اور چمڑوں میں ہوگا) یعنی وہ پانی ان کی انتڑیاں اور دیگر اندرونی اجزاء کو پگھلا ڈالے لگا۔ جیسا کہ ان کے چمڑے پگھل جائیں گے۔ پس وہ پانی ظاہر اور اندرون مؤثر ہوگا۔

۲۱: وَلَهُمْ مَّقَامِعُ (اور ان کے لئے لوہے کے گرز ہتھوڑے ہونگے) خاص قسم کے کوڑے مِنْ حَدِیْدٍ (لوہے کے) جس سے ان کو ماریں گے۔

۲۲: کُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا (جب بھی وہ دوزخ سے نکلنے کا ارادہ کریں گے) ھا کی ضمیر نار کی طرف ہے۔ مِنْ غَمٍّ (غم کی بناء پر) یہ مِنْهَا سے بدل الاشتمال ہے حرف جار کا اعادہ کیا گیا ہے۔ نمبر۲۔ پہلا مِن ابتدائے غایت کیلئے ہے اور دوسرا مِن اجلیہ ہے مطلب یہ ہے جب بھی وہ آگ سے نکلنے کا ارادہ غم کی وجہ سے کریں گے جو غم کہ ان پر طاری ہوگا۔ تو بھی نکلنے نہ پائے ہونگے کہ اُعِیْدُوْا فِیْهَا (ان کو اس میں لوٹا دیا جائے گا) گرز مار کر۔

قول حسن رحمۃ اللہ علیہ کہ جہنم سے ان کے خروج کا مطلب یہ ہے کہ آگ کی لپٹیں اٹھا کر انہیں اوپر کی طرف پھینکیں گی۔ جب وہ اس کی بلندی میں پہنچیں گے تو ان کو گرز رسید کئے جائیں گے جن سے ستر خریف وہ جہنم میں نیچے جا گریں گے۔ اور بڑی آگ کی طرف لوٹانا مراد ہے نہ کہ آگ سے مکمل طور انکا جدا ہونا اور پھر لوٹنا۔

وَذُوْقُوْا (اور تم چکھو) یعنی ان کو کہا جائے گا تم جلنے کا عذاب چکھو۔ عَذَابَ الْحَرِیْقِ (جلنے کا عذاب) پھیلی ہوئی آگ کا سخت عذاب جو شدید ہلاک کن ہے۔ پھر دوسرے فریق کا بدلہ ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے انہیں اللہ ایسے باغوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ؕ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

ہوں گی، انہیں اس میں ایسے کنگنوں کا زیور پہنایا جائے گا جو سونے اور موتیوں کے ہوں گے اور اس میں ان کا لباس ریشم کا

حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚۖ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾

ہوگا اوران کوکلمہ طیبہ کی ہدایت دی گئی اوران کواس ذات کے راستے کی ہدایت دی گئی جولائق حمد ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ

بلاشبہ جو لوگ کافر ہوئے اور اللہ کے راستہ سے اور مسجد حرام سے روکتے ہیں جسے ہم نے سب

جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ

لوگوں کے لئے مقرر کیا ہے اس میں رہنے والا اور باہر سے آنے والا سب برابر ہیں اور جو کوئی شخص اس میں ظلم کے ساتھ کوئی بے دینی کا کام کرنے کا ارادہ کرے گا

نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾ ع

تو ہم اسے دردناک عذاب چکھادیں گے۔

## ایمان والوں کا حال:

۲۳: اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ (جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے یقیناً اللہ تعالیٰ ان کو جنتوں میں داخل فرمائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور اس میں ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے) اساور یہ اُسورۃ کی جمع ہے اور اُسورۃ یہ سوار کی جمع ہے مِنْ ذَهَبٍ وَّ لُؤْلُؤًا (سونے اور موتیوں کے)

قراءت: مدنی عاصم نے ویوتون لؤلؤا اصل مان کر نصب پڑھا ہے۔ اور دیگر قراء نے من ذھب پر عطف کی بناء پر مجرور پڑھا ہے۔ جبکہ ابوبکر وحماد نے پورے قرآن مجید میں ہمزۂ اول کو ترک کر کے پڑھا ہے۔ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ (اور ان کا لباس اس میں ریشم کا ہوگا)

۲۴: وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ (اور ان کی راہنمائی پاکیزہ بات کی طرف کی گئی اور مستحق حمد ذات کے راستہ پر چلنے کی ان کو توفیق مل گئی) ان لوگوں کی راہنمائی کلمہ توحید کی طرف کر دی گئی اور صراط الحمید یعنی اسلام کی

طرف کردی گئی یا آخرت میں اللہ تعالیٰ نے ان کی راہنمائی کی اور ان کی زبان پر الحمدلله الذی صد قنا وعده جاری فرمادیا اور جنت کا راستہ ان کو دکھایا۔

الحمید اللہ تعالیٰ کی ذات جن کی تعریف ہر زبان پر ہے۔

۲۵: اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (بیشک جو کافر ہوئے اور وہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے (مسلمانوں کو) روکتے ہیں) اسلام میں داخل ہونے سے روکتے ہیں۔

نحو : کفروا کی ضمیر فاعلی سے ویصدون حال ہے جیسا کہا جاتا ہے فلان یحسن الی الفقراء اس سے مراد اس کی طرف سے فقراء کے ساتھ حسن سلوک کا حال واستقبال میں پایا جانا ہے۔

وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (اور مسجد حرام سے) وہ مسجد حرام اور اس میں داخلہ سے روکتے ہیں۔ الَّذِیْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ (جس کو ہم نے تمام آدمیوں کیلئے مقرر کیا) اس میں شہری اور دیہاتی کے امتیاز کے بغیر داخلہ کی کھلی اجازت دی ہے۔

## مراد مسجد حرام:

نمبر ۱۔ مکہ مکرمہ مراد ہے۔ اس صورت میں اس آیت میں ان حضرات کی دلیل ہے جو کہتے ہیں کہ مکہ کے مکانات کو فروخت نہیں کیا جا سکتا۔ نمبر ۲۔ اس سے مراد بیت اللہ ہے تو پھر مطلب یہ ہے کہ وہ تمام لوگوں کیلئے قبلہ ہے۔

سَوَآءَ (برابر ہے) قراءت: حفص نے نصب سے پڑھا ہے اور یہ جعلنا کا مفعول ثانی ہے۔ ای جعلناه مستویا ہم نے اس کو برابر بنایا۔ الْعَاکِفُ فِیْهِ وَالْبَادِ (اس میں رہنے والا ہو اور باہر سے آنے والا ہو) البادِ غیر مقیم کو کہتے ہیں۔

نحو : مکی نے البادی پڑھا ابوعمرو نے وصل میں اس کی موافقت کی اور دیگر قراء نے رفع میں ان کی موافقت کی اور اس کو خبر قرار دیا اور اس کا مبتدا مؤخر ہے ای العاکف فیه والبادی سواء۔ اور جملہ مفعول دوم ہے جعلنا کا اور للنّاس حال ہے۔

وَمَنْ یُّرِدْ فِیْهِ (اور جو کوئی اس میں ارادہ کرے) یعنی مسجد حرام میں بِاِلْحَادٍ بِظُلْمٍ (خلاف دین کام کا ظلم کے ساتھ) یہ دونوں احوال مترادفہ ہیں اور یرد کا مفعول قصداً متروک ہے تا کہ ہر چیز کو شامل ہو جائے گویا تقدیر کلام اس طرح ہے من یرد فیه مرادًا ماعادلاً من القصد ظالما۔ جو شخص اس میں کوئی بھی مقصد لیکر میانہ روی سے ہٹے گا وہ ظالم ہوگا۔ الالحاد میانہ روی سے پھر جانا۔ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ (ہم اس کو دردناک عذاب چکھائیں گے) آخرت میں۔

نحو : اِنَّ کی خبر محذوف ہے کیونکہ جواب شرط اس پر دلالت کر رہا ہے تقدیر کلام یہ ہے ان الذین کفروا ویصدون عن المسجد الحرام نذیقهم من عذاب الیم وکل من ارتکب فیه ذنبا فهو کذلك۔ بیشک وہ لوگ جو کافر ہوئے اور وہ جو مسجد حرام سے لوگوں کو روکتے ہیں ہم ان کو دردناک عذاب چکھائیں گے اور ہر ایسے شخص کو بھی جو اس میں کسی گناہ کا مرتکب ہو۔

وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ

اور جب ہم نے ابراہیمؑ کو بیت کی جگہ بتا دی کہ تم میرے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ بناؤ اور میرے گھر کو

لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝۲۶ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ

طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک رکھنا' اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دو' وہ تمہارے پاس

رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ۝۲۷ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ

پیدل چل کر اور دبلی اونٹنیوں پر آئیں گے' یہ اونٹنیاں دور دراز راستوں سے آئیں گی تاکہ لوگ اپنے منافع کے لئے حاضر

لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ

ہوں' اور ایام مقررہ میں ان چوپایوں پر اللہ کا نام ذکر کریں جو اللہ نے انہیں عطا

بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ۝۲۸ ثُمَّ لْيَقْضُوْا

فرمائے ہوں' تم ان میں سے کھاؤ اور مصیبت زدہ محتاج کو کھلاؤ پھر اپنے میل کچیل کو

تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝۲۹

دور کریں اور اپنی نذروں کو پوری کریں اور البیت العتیق کا طواف کریں۔

## تذکرۂ ابراہیم علیہ السلام اور شعائر اللہ کا تذکرہ:

۲۶: وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ (اور جب ہم نے ابراہیم کیلئے بیت اللہ کی جگہ متعین کر دی) اس وقت کو یاد کروائے محمد ﷺ جبکہ ہم نے مقرر کردیا۔ لا براھیم مکان البیت (ابراہیم کیلئے بیت اللہ کی جگہ) لوٹنے کی جگہ۔ جس طرف وہ تعمیر و عبادت کیلئے رجوع کرسکیں۔ بیت اللہ کو ایام طوفان میں آسمانوں کی طرف اٹھالیا گیا۔ وہ سرخ یاقوت کا بنا ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کیلئے اس جگہ کی نشان دہی ایک ہوا بھیج کر کی جس نے گھر والی جگہ کو صاف کر دیا جیسے جھاڑو دیکر صاف کرتے ہیں ابراہیم علیہ السلام نے قدیم بنیادوں پر دیواروں کو اٹھایا۔

اَنْ یہ قول مقدر کی تفسیر کیلئے آیا ہے ای قائلین لہ۔ یہ کہتے ہوئے کہ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّ طَهِّرْ بَيْتِيَ (کہ تم میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرانا اور میرے گھر کو پاک کرو) ظاہری گندگیوں اور باطنی گندگیوں بتوں وغیرہ سے۔

قراءت: بَيْتِيَ مدنی حفص نے فتحۂ یاء سے پڑھا، حمزہ کسائی، ابوعمرو، ابن عامر نے سکونِ یاء سے پڑھا ہے۔

لِلطَّآئِفِيْنَ (طواف کرنے والوں کیلئے) وَ الْقَآئِمِيْنَ (اوران کے لئے جو قیام کرنے والے ہیں) ور جو مکہ میں اقامت

اختیار کرنے والے ہیں۔ وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ (اور رکوع سجدہ کرنے والوں کیلئے) جمع راکع اور ساجد کی ہے مراد نماز ادا کرنے والے۔

۲۷: وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالحَجِّ (اورتم لوگوں میں حج کا اعلان کردو) ان میں آواز لگاؤ۔ الحج خاص مقصد کیلئے خاص قصد کرنا۔

روایت میں ہے آپ جبل ابوقبیس پر چڑھے اور اس طرح اعلان فرمایا اے لوگو! اپنے رب کے گھر کا حج کرو۔ تو جن کی قسمت میں حج مقدر تھا انہوں نے اصلاب وارحام سے لبیك اللهم لبیك کہہ کر جواب دیا۔

قول حسن رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ یہ خطاب آنحضرت ﷺ کو ہے کہ آپ حجۃ الوداع میں یہ اعلان فرمادیں مگر پہلا قول زیادہ ظاہر ہے اور جواب امر یہ آیت ہے۔ یَاْتُوْكَ رِجَالًا (تیرے پاس لوگ پیدل آئیں گے) رجال جمع راجل۔ پیدل۔ جیسا کہ قائم وقیام ہے۔ وَّ عَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ (اور ہر کمزور و لاغر اونٹیوں پر) اس کا عطف رجالا پر ہے گویا اس طرح کہا رجالاً و رکباناً۔ الضامر لاغر و دبلا اونٹ

**مَسْئَلَه**: رجال کو رکبان پر مقدم کر کے پیدل کی فضیلت ظاہر فرمائی جیسا کہ حدیث میں وارد ہے۔

یَّاْتِیْنَ (وہ آئیں گے) ضامر کی صفت ہے کیونکہ وہ معنی کے لحاظ سے جمع ہے۔

قراءت: عبداللہ نے یاتون پڑھا اور اس کو الرجال اور الرکبان کی صفت قرار دیا۔ مِنْ کُلِّ فَجٍّ (ہر وادی سے) راستے سے عَمِیْقٍ (گہرے) دور۔ محمد بن یاسین کا قول: طواف میں مجھے ایک شیخ نے کہا۔ تم کہاں سے ہو؟ میں نے کہا خراسان سے اس نے سوال کیا تمہارے اور بیت اللہ کے مابین کتنا فاصلہ ہے میں نے کہا دو ماہ کا فاصلہ یا تین ماہ کا اس نے کہا تم تو پھر بیت اللہ کے پڑوسی ہو۔ میں نے کہا تم کہاں سے تشریف لائے ہو؟ اس نے کہا پانچ سال کی مسافت سے میں جب نکلا تو جوان تھا۔ اب ادھیڑ عمر ہو گیا تو پہنچا۔ میں نے کہا اللہ کی قسم یہ خوب بندگی ہے اور سچی محبت کا نشان ہے اس پر وہ ہنس کر کہنے لگا۔

زرمن هویت وان شطتْ بك الدار وحال من دونه حُجب واستار

محبوب کی ملاقات کرو خواہ اس کا گھر دور ہو۔ اور اس کے راستہ میں رکاوٹیں اور پردے حائل ہوں۔

لایمنعنك بعدٌ عن زیارته ان المحب لمن یهواه زوّار

دوری تمہیں اس کی ملاقات سے رکاوٹ نہیں بنی چاہئے بیشک عاشق اپنے محبوب کی ملاقات کیا کرتا ہے۔

۲۸: لِّیَشْهَدُوْا (تا کہ وہ حاضر ہوں)

**نَحو**: لام یا تو اذن کے متعلق ہے یا یأتوك کے مَنَافِعَ لَهُمْ (اپنے منافع کیلئے۔)

**نَحو**: منافع کو نکرہ لایا گیا کیونکہ مراد اس سے وہ منافع ہیں جو اس عبادت سے متعلق ہیں خواہ دینی ہوں یا دنیوی۔

## منافع حج:

وہ صرف اسی میں پائے جاتے ہیں دیگر کسی عبادت میں موجود نہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ عبادت ابتلائے نفس کیلئے مشروع ہے۔ مثلاً نماز، روزہ اور ابتلائے مال کیلئے مثلاً زکوۃ۔ اور حج ان ہر دو کو شامل ہے۔ نمبر۲۔ اس کے ساتھ دیگر مشاق اور اھوال کو

برداشت کرنا، اسباب سے یکسو ہونا۔ دوست واحباب سے منقطع شہروں اور وطنوں سے دوری، اولاد سے الگ تھلگ، دوستوں سے انفصال، نمبر۳۔ اور اس میں اس کی روزمرہ زندگی کے سلسلہ میں تنبیہ ہے کہ جب انسان دارالفناء سے دارالبقاء کی طرف سدھارے گا۔ تو یہ کیفیت ہوگی۔

نمبر۴۔ پس حاجی جب جنگل میں داخل ہوتا ہے تو اس کو اپنے زادِراہ پر ہی اکتفاء کرنا ہوتا ہے اور اس میں سے کھانے کیلئے استعمال کرتا ہے۔ نمبر۵۔ بالکل ٹھیک اسی طرح جب آدمی زندگی کے کنارے سے نکلے گا۔ اور بحر وفات میں اس کی کشتی داخل ہوگی اس خلوت میں اس کے وہی چیز فائدہ دے گی جو اس نے معاد کے گزراوقات کیلئے تیار کی ہوگی۔ اور اس کوانس وہ اوراد ہی مہیا کریں گے جن سے وہ دل لگاتا تھا۔

نمبر۶۔ محرم کا غسل اور اس کی تیاری اور ان سلے کپڑے اور خوشبو میں بسنا۔ یہ آئینہ ہے کہ عنقریب اسے چارپائی پر رکھا جائیگا اور غسل تجہیز وتکفین کی جائے گی اور حنوط سے اس کو خوشبودار کیا جائے گا اور ان سلے کپڑے اس کو پہنا دیے جائیں گے۔ نمبر۷۔ پھر محرم تو آگے چل کر پراگندہ بال اور پراگندہ حال ہوجاتا ہے۔ اسی طرح حشر کی گھڑی قبر سے حیران نکلے گا۔ نمبر۸۔ یہ عرفات میں حُجاج کا وقوف رغبت وخوف سے آس لگانا اور خوف وطمع سے سوال کرنا جبکہ یہاں مقبول ومخذول دوقسم ہوتے ہیں۔ یہ عرصات حشر کی حاضری کی طرح ہی تو ہے۔ جبکہ **لا تکلم نفس الا باذنه فمنهم شقی وسعید** [ھود:۱۰۵] شقی وسعید کا مخلط اجتماع اور ہر ایک منہ پر گویا مہر لگی ہے۔

## افاضہ عرفات:

نمبر۹۔ ادھر افاضہ عرفات جانب مزدلفہ پر نگاہ کرو۔ جبکہ سورج غروب ہو چکا ہے یہ قضاء کے فیصلہ کی خاطر چلنے کی طرح ہے۔ نمبر۱۰۔ اور منیٰ کا موقف یہ گناہ گاروں کیلئے تمنائے شفاعت للشافعین کی طرح ہے۔ نمبر۱۱۔ اور سر منڈوانا اور صاف ستھرا ہوجانا۔ رحمت وتخفیف کے ساتھ گناہوں کے بوجھ سے نکلنے والے کی طرح ہے۔ نمبر۱۲۔ اور بیت الحرام جس کے اندر داخل ہونے والے کیلئے فرمایا **من دخله کان امنا** [آل عمران:۹۷] وہ داخل ہونے والا دنیاوی ایذاؤں، قتال سے بچنے والا، دارالسلام جنت میں داخل ہونے والے کا نمونہ ہے۔ کہ اس میں داخل ہونے والا فناء وزوال سے ہمیشہ کیلئے بچ گیا۔ البتہ جنت نفس کی ناپسند چیزوں سے ڈھانپی گئی ہے۔ جس طرح کہ کعبۃ اللہ کو راستوں کے مالوف جنگلوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے۔ وہ آدمی بہت خوب ہے جو جنگلوں کے خوفناک اور مہلک مقامات سے گزر کر ہانک پکار کے دن کی ملاقات کے شوق میں آگے بڑھ گیا۔

وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ (اور وہ اللہ تعالیٰ کا نام لیں) ذبح کے وقت فِیْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ (مقررہ ایام میں) عشرہ ذی الحجہ عندالامام الاعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور آخری دن یوم نحر ہے اور یہی ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے اور اکثر مفسرین بھی اسی طرف گئے ہیں۔ صاحبین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک ایام نحر مراد ہیں یہ قول عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ہے۔ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ (وہ چوپائے جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عنایت فرمائے ہیں) ان کو ذبح کرتے وقت یہ صاحبین رحمہم اللہ کے قول کی تاکید ہے۔ البھیمۃ جنگل وخشکی کے جانوروں میں چار پاؤں والا اس کی وضاحت الانعام کے لفظ سے کر دی گئی کہ وہ اونٹ،

گائے، بھیڑ، بکری ہے۔ فَكُلُوا مِنْهَا (پس تم ان میں سے کھاؤ) ان کے گوشت سے۔
مَسْئَلَه: یہاں امر اباحت کیلئے ہے نفلی ہدی میں سے کھانا درست ہے۔ اسی طرح متعہ اور قران کی ہدی میں سے بھی کیونکہ یہ فعلِ حج کا دم ہے۔ اس لئے قربانی کے مشابہہ ہے۔ باقی ہدایا جو دم جبر وغیرہ ہیں ان میں سے دم دینے والے کو کھانا جائز نہیں فقراء کو درست ہے۔ وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ (اور تم کھلاؤ تنگ دست کو) وہ شخص جس کو بدحالی پہنچے یعنی تنگدستی۔ الْفَقِيْرَ (محتاج) جس کو تنگی نے کمزور کر دیا ہو۔
۲۹: ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ (پھر وہ اپنی میل کچیل کو دور کریں) نمبر۱۔ اپنے اجسام سے میل کو دور کریں نفطو یہ نحوی نے اسی طرح کہا دوسرا قول قضاء تفث، مونچھیں کاٹنے، ناخن اتارنے، بغل کے بال لینے، زیر ناف صاف کرنے کو کہتے ہیں۔ التفث تو میل کو کہا جاتا ہے۔ اور یہاں مراد میل کے ازالہ کو پورا کرنا۔ ابن عمر، ابن عباس رضی اللہ عنہم کا قول یہ ہے کہ قضاء وتفث تمام مناسک حج کی ادائیگی کو کہتے ہیں۔
وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ (اور وہ اپنی نذور کو پورا کریں) یعنی حج کے واجبات۔ اور اہل عرب ہر اس شخص کو جو اپنے فریضہ سے فارغ ہو کہتے ہیں وفّی بنذرہ خواہ اس نے کوئی نذر نہ مانی ہو۔ نمبر۲۔ یا نیکی کے وہ اعمال جن کی اعمال حج کے سلسلہ میں وہ نذر مان لیتے ہیں۔
قراءت: ابوبکر نے ولْيُوَفّوا لام کے سکون اور تشدید فاء کے ساتھ پڑھا۔ وَلْيَطَّوَّفُوْا (اور وہ طواف کریں) طواف سے طواف زیارت مراد ہے جو کہ حج کا رکن ہے اور اس کی دائیگی سے تکمیل تحلل من الاحرام ہو جاتی ہے۔ لیقضوا، لیوفوا، لیطوفوا میں قراءت یہ ہے کہ ابن عامر اور ابوعمرو، ابن کثیر، نافع وغیرہ نے تینوں لامات مکسور پڑھی ہیں البتہ دیگر قراء نے تینوں ساکنہ پڑھی ہیں۔

## بیت اللہ العتیق:

بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ (پرانے گھر کا) عتیق قدیم کے معنی میں آتا ہے۔ کیونکہ فرمایا گیا ان اول بیت وضع للناس [آل عمران: ۹۶] آدم علیہ السلام نے اس کی تعمیر کی پھر تجدید تعمیر ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھوں کرائی گئی۔ نمبر۲۔ عتیق کا معنی معزز۔ اسی سے عتاق الخیل جوان گھوڑوں کو بولتے ہیں جو شاندار عمدہ ہوں اور عتاق الرقیق ان غلاموں کو کہتے ہیں جو غلامی سے نکل کر حریت کی عزت پالیں۔ نمبر۳۔ یہ غرق سے بچا رہا کیونکہ زمانۂ طوفان میں اس کو اٹھا لیا گیا۔ نمبر۴۔ ظالموں کے ہاتھوں سے آزاد کیا ہوا ہے۔ کتنے ہی ظالم اس کو گرانے کیلئے چلے مگر اللہ تعالیٰ نے اس کی حفاظت فرمائی۔ نمبر۵۔ حکمرانوں کے ہاتھوں سے آزاد ہے۔ کوئی اس کا مالک نہیں ہوا۔ یہ زمین والوں کیلئے طواف گاہ ہے جیسا کہ عرش اہل سماء کیلئے مطاف کی جگہ ہے۔
طالب صادق کو جب خوشی ابھارتی اور طلب کی کششیں اپنی طرف کھینچتی ہیں تو وہ زمینی مسافتوں کو مرحلوں میں طے کرتا اور خطرناک راستوں کو عبور کرتا ہوا چلا آتا ہے۔ جونہی وہ بیت اللہ کو آنکھوں کے سامنے پاتا ہے اس کا شوق ہدی خوان بن جاتا ہے اور استلام حجر سے بھی اس کے دل کو تسلی نہیں ملتی بلکہ وہ چاہتا ہے۔

چوں بری کوئے دلبر ☆ بسپار جان مضطر

ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ

یہ بات ہو چکی اور جو شخص اللہ کی حرمات کی تعظیم کرے گا تو یہ اس کے رب کے نزدیک اس کے لئے بہتر ہے اور تمہارے لئے چوپائے حلال

الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا

کئے گئے سوائے ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنا دیئے گئے ہیں، سو تم گندگی سے یعنی بتوں سے بچو، اور جھوٹی

قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا

بات سے بچو، اس طرح سے کہ اللہ کی طرف جھکے ہوئے ہو اس کے ساتھ شرک کرنے والے نہ ہو، اور جو شخص اللہ کے ساتھ شریک کرے اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ

خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾ ذٰلِكَ ۗ

آسمان سے گر پڑا پھر پرندوں نے اس کی بوٹیاں نوچ لیں یا اسے ہوا نے اڑا کر کسی دور جگہ جا کر پٹک دیا۔ یہ بات ہو چکی،

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى

اور جو شخص اللہ کے شعائر کی تعظیم کرے سو یہ دلوں کے تقوی کی بات ہے۔ تمہارے لئے ان میں ایک مقررہ وقت تک

اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾ ع ۸

منافع ہیں پھر ان کا پہنچنا ہے بیت عتیق تک۔

کہ مبادا بار دیگر ☆ حاصل نہ شود ایں تمنا

جان کو قابو میں نہ پا کر دیوانہ وار وہ اس کے گرد چکر لگاتا ہے۔ جیسا پیاسا پرندہ منڈلاتا ہے۔
طواف زیارت حج کے تین فرائض میں سے آخری فریضہ ہے۔

## اوّل احرام:

یہ حقیقت میں معاہدۂ التزام ہے۔ اور اسلام کے کڑے کو مضبوطی سے تھامنے کا نام ہے۔ تاکہ حج کے ممنوعات کا ارتکاب کر کے اس کا انکار نہ کر بیٹھے اور اس کا عقد مفسدات و منافی کے ساتھ محض نام کا عقد نہ رہ جائے۔ جیسا کہ معاہدۂ اسلام کثرت گناہ سے ٹوٹتا نہیں۔ اور ایک توبہ سے ایک ہزار گناہ اُٹھ جاتے ہیں۔

## دوسرا وقوف عرفات:

یہ درحقیقت گڑگڑانے اور رونے دھونے کا پہلا بہانہ ہے اور اپنے اعمال کے مراتب اور احوال کے مشاہدات پر بھروسہ سے سچی علیحدگی اور دست برداری اور اللہ تعالیٰ کی ذات ہی پر بھروسہ کا نام ہے۔

## تعظیم حرمات:

۳۰: ذٰلِكَ نَحو : یہ مبتدأ محذوف کی خبر ہے۔ اے الامر ذلك یا تقدیر عبارت یہ ہے لیفعلوا ذلك۔
وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ (جو شخص اللہ تعالیٰ کے محترم احکام کی وقعت کرے گا) الحرمۃ جس کی بے عزتی کسی طور پر حلال نہ ہو۔ وہ تمام احکام حج وغیرہ جن کا اللہ تعالیٰ نے حکم دے رکھا وہ تمام اسی درجہ میں ہیں۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ تمام احکام تکلیفیہ مراد لئے جائیں۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ فقط احکام حج مراد ہوں۔ ایک قول یہ ہے حرمات اللہ سے بیت اللہ شریف، مزدلفہ، مشعر حرام، مکہ مکرمہ اور مسجد حرام مراد ہے۔
فَهُوَ (پس وہ) تعظیم خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ (بہت بہتر ہے اس کے رب کے ہاں) اور تعظیم کا مطلب یہ ہے کہ وہ یہ جانتا ہو کہ ان کی رعایت لازم ہے۔ اور ان کی حفاظت اور نگہبانی کرنا ضروری ہے۔ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ (تمہارے لئے چوپائے حلال کئے گئے) یعنی انکا کھانا اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ (مگر وہ جو تم پر پڑھا جائے گا) یہ آیتِ تحریم مراد ہے حرمت علیکم المیتة [المائدہ ۳]
مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمام چوپاؤں کو حلال کیا سوائے ان کے جن کے متعلق اس نے اپنی کتاب میں وضاحت کر دی۔ پس تم اس کے حدود کا لحاظ کرو۔ اور اس کی حلال کردہ اشیاء میں سے کسی چیز کو حرام مت کرو۔ جیسا کہ بعض لوگوں نے بحیرہ، سائبہ وغیرہ حرام رکھے تھے اور جن کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے ان کو حلال مت کرو جیسا کہ بعض مردار اور موقوذہ وغیرہ کھا لیتے تھے۔ جب اپنی حرمات کی تعظیم پر آمادہ کیا تو اس کے مابعد بتوں کی گندگی سے پرہیز کرنے اور جھوٹ سے بچنے کی تعلیم دی۔ چنانچہ فرمایا: فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ (تم بتوں کی گندگی سے پرہیز کرو اور جھوٹی بات سے پرہیز کرو) کیونکہ یہ عظیم ترین حرمات میں سے ہے اور ان میں سب سے بڑھ کر ہے۔
نَحو: من الاوثان یہ الرجس کا بیان ہے کیونکہ الرجس مبہم ہے اور اشیاء کو بھی شامل ہے گویا اس طرح فرمایا فاجتنبو الذی ھو الاو ثان۔ تم اس گندگی سے بچو جو کہ خود بت ہیں۔ اوثان کو رِجس بطور تشبیہ کے کہا یعنی تمہارے طبائع میں پلیدی سے نفرت تو پائی جاتی ہے پس تم پر لازم ہے کہ تم ان سے بھی نفرت کرو (کیونکہ وہ باطنی پلیدی ہے جو ظاہری پلیدی سے بڑھ کر ہے)
فَائِدَہ: یہاں شرک اور جھوٹ کو ایک صف میں رکھ کر پیش کیا۔ اس سے کذب و بہتان مراد ہے یا جھوٹی گواہی۔ اور یہ الزور کا لفظ زار یزور زورًا سے لیا گیا ہے جس کا معنی انحراف آتا ہے کیونکہ شرک بھی باب زور سے ہے کیونکہ مشرک کا خیال ہے کہ بت اس کی عبادت کا مستحق ہے اور یہ حق سے انحراف ہے۔
۳۱: حُنَفَآءَ لِلّٰهِ (اللہ تعالیٰ کیلئے دین کو خالص رکھنے والے) مسلمان بن کر غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ (اس کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے نہ بنو)
نَحو: یہ حنفاء کی طرح حال ہے۔

## شرک ومشرک کی تشبیہ:

وَمَنْ یُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ (جس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک کرلیا گویا وہ گر پڑا) خرّ کا معنی سقط آتا ہے مِنَ السَّمَآءِ (آسمان سے) زمین کی طرف فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ (پھر پرندے اس کی بوٹیاں نوچ لیتے ہیں) خطف جھپٹ لینے کو کہتے ہیں جلدی سے چھیننا۔

قراءت: مدنی نے تتخطفه پڑھا ہے۔

اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ (یا ہوا اس کو پھینک دے) گرادے الھویٰ السقوط گرنا۔ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ (دور جگہ میں) سحیق بعید کے معنی میں آتا ہے۔ ایک قول یہ بھی درست ہے کہ یہ تشبیہ مرکب ہو اور یہ بھی درست ہے کہ تشبیہ متفرق ہو اگر تشبیہ مرکب مانیں تو تقدیر کلام اس طرح بنے گی۔ من اشرك بالله فقد اهلك نفسه اهلاكا ليس بعدهٗ بان صوّر حاله بصورة حال من خر من السماء فاختطفته الطير فتفرق قطعاً فی حواصلها او عصفت به الريح حتّٰی هوت به فی بعض المهالك البعيدة جس نے شرک کیا اس نے تو اپنے آپ کو بالکل ہلاک ہی کرڈالا۔ کہ جس کے بعد اب ساری صورت حال کو ایسے آدمی کی حالت سے تشبیہ دی جاسکتی ہے کہ جو آسمان سے گرا اسی گھڑی اس کو پرندوں نے اچک لیا پس وہ ان کے حواصل میں ٹکڑے ہو کر پہنچ گیا۔

## تشبیہ مفرق:

مانیں تو ایمان کو بلندی میں آسمان سے تشبیہ دی اور شرک کرنے والے کو آسمان سے گرنے والے سے تشبیہ دی۔ ردی خواہشات کو مردار خور پرندوں سے۔ شیطان کو جو اس کو گمراہی میں ڈالتا ہے اس ہوا سے تشبیہ دی جو تیز چل کر ہر سامنے آنے والی چیز کو اٹھا کر ہلاک کن گہرے کھڈوں میں ڈال دے۔

۳۲: ذٰلِكَ ای الامر ذٰلك (معاملہ یہی ہے) وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ (کہ جو آدمی دین خداوندی کی ان یادگاروں کا پورا لحاظ کرتا ہے) تعظیم شعائر سے حج کے نشانات جیسے ہدایا وغیرہ مراد ہیں۔ ان کے متعلق کو خوب موٹا تازہ، بیش قیمت، خوبصورت خریدنے کا حکم دیا۔ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ (پس یہ دلوں کے تقویٰ سے) یعنی شعائر کی تعظیم ان آدمیوں کے افعال میں سے ہے جو دلوں میں تقویٰ رکھتے ہیں تقدیر عبارت یہ ہے: فان تعظيمها من افعال ذوی تقویٰ القلوب یہ تمام مضاف حذف کر کے فقط دلوں کا ذکر کردیا کیونکہ وہ تقویٰ کے مراکز ہیں۔

۳۳: لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ (اور تمہارے لیے ان میں منافع ہیں) مثلاً ضرورت کے وقت سواری، ضرورت کے وقت دودھ کا استعمال اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى (ایک مقررہ وقت تک) ذبح ہونے تک ثُمَّ مَحِلُّهَآ (پھر ان کا مقام ذبح) پھر ان کی قربانی کے واجب ہونے کا وقت ختم ہونے والا ہے۔ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ (قدیم گھر کی طرف) اس سے مراد اس کا ذبح کرنا حدود حرم میں ہے جس کا حکم بیت اللہ والا ہے کیونکہ حرم تو بیت اللہ کے حریم ہی کو کہا جاتا ہے جیسا کہ محاورہ میں کہتے ہیں بلغت البلد حالانکہ تم تو اس کی حدود میں پہنچے۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ

اور ہر امت کے لئے ہم نے قربانی کرنا مقرر کر دیا تاکہ وہ ان جانوروں پر جو اللہ نے انہیں عطا فرمائے ہیں اللہ کا نام ذکر

الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ﴿٣٤﴾ الَّذِينَ

کریں' سو تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے سو اسی کے فرمانبردار بنو' اور جو لوگ عاجزی کرنے والے ہیں ان کو خوشخبری سنا دو جن کا یہ حال ہے

إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي

کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور وہ مصیبتوں پر صبر کرنے والے ہیں اور نمازیں قائم

الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٥﴾

کرنے والے ہیں اور ہم نے جو کچھ انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

دوسرا قول الشعائر سے تمام مناسک حج مراد ہیں۔ اور ان کی تعظیم سے مراد ان کی تکمیل ہے۔ مگر مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ اس مفہوم کا انکار کرتا ہے۔

## ہم نے منسک بنایا:

۳۴: وَلِكُلِّ أُمَّةٍ (اور ہر ایک امت کیلئے ایک جماعت مؤمنہ ہے جو تم سے پہلے ہوئے۔ جَعَلْنَا مَنسَكًا (ہم نے ایک منسک بنایا)۔ قراءت: مَنسِکا جہاں بھی آئے وہاں سین کے کسرہ کے ساتھ آئے گا۔ معنی موضع ہوگا۔ علی وحمزہ نے اسی طرح پڑھا ہے۔ یعنی قربانی کی جگہ اور دیگر نے مصدر کیوجہ سے مفتوح پڑھا مَنسَکًا خون بہانا۔ قربانی کو ذبح کرنا۔ لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ (تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کا نام لیں) اور کسی کا نہ لیں۔ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ (جو چوپائے اللہ تعالیٰ نے ان کو عنایت فرمائے ہیں) ذبح اور نحر کرنے کے وقت فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ (پس تم سب کا معبود ایک ہی معبود ہے) ذبح کے وقت فقط اللہ تعالیٰ ہی کا نام لیا کرو۔ اس لئے کہ تمہارا معبود ایک ہی ہے۔

**مَسْئَلَہ**: اس میں دلیل ہے کہ ذبیحہ پر بوقت ذبح اللہ تعالیٰ کا نام لینا شرط ذبح ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر امت کیلئے یہ مقرر فرمایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کیلئے قربانی کریں۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے تقریب کیلئے ذبح کریں اور اس میں علتِ ذبح قربانی کی اس کے نام لینے کو قرار دیا اللہ تعالیٰ کے نام کتنے مقدس ہیں۔ فَلَهُ أَسْلِمُوا (اور اسی کی فرمانبرداری اختیار کرو) اس کا خاص ذکر کرو اور اس ذکر کو ملاوٹ سے بچا کر رکھو۔ شراکت کی ملاوٹ اس میں نہ ملاؤ۔

## مخبت کون؟

وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ (اور تم خشوع وخضوع برتنے والوں کو خوشخبری دے دو) الْمُخْبِتِينَ اللہ تعالیٰ کی یاد سے مطمئن نمبر ۲۔ تواضع اور

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا

اور قربانی کے اونٹ اور گائیں جن کو ہم نے تمہارے لئے اللہ کے شعائر میں سے بنایا ہے تمہارے لئے ان میں خیر ہے سو تم ان پر

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ

اللہ کا نام لو جب قطار میں کھڑے ہوں' سو وہ جب اپنی کروٹوں پر گر پڑیں تو ان میں سے کھاؤ اور جو صبر کئے ہوئے ہو اسے اور جو سوالی بن کر آ جائے

وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٣٦ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ

اس کو کھلاؤ' اسی طرح ہم نے ان جانوروں کو تمہارے لئے مسخر کیا ہے تاکہ تم شکر کرو۔ اللہ کو ہرگز نہیں پہنچتے

لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ

ان کے گوشت اور ان کے خون' لیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے' اسی طرح اس نے ان کو تمہارے لئے مسخر کیا

لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۚ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝٣٧ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ

تاکہ تم اس پر اللہ کی بڑائی بیان کرو کہ اس نے تمہیں ہدایت دی اور اچھے کام کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝٣٨ ع

بلاشبہ اللہ ایمان والوں سے رفع فرما دے گا بلاشبہ اللہ کسی بھی خیانت کرنے والے ناشکرے کو پسند نہیں فرماتا۔

خشوع کرنے والے یہ الخبت سے نکلا ہے اچھی زرخیز زمین۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: وہ جو ظلم نہیں کرتے جب ان پر ظلم کیا جائے تو بدلہ نہیں لیتے۔ایک قول یہ ہے کہ اس کی تفسیر بعد والی آیت میں ہے۔

۳۵: اَلَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ (وہ لوگ کہ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے۔ان کے دل نرم پڑ جاتے ہیں) ہیبت کی وجہ سے دل خوف زدہ ہو جاتے ہیں۔وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ (اور وہ صبر کرنے والے ہیں ان تکالیف پر جو ان کو پہنچتی ہیں) مصائب و مشقتیں وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ (اور وہ نمازوں کو قائم کرنے والے ہیں) ان کے اوقات پر وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ (اور جو رزق ہم نے دیا اس میں وہ خرچ کرتے ہیں) صدقہ کرتے ہیں۔

۳۶: وَالْبُدْنَ (اور قربانی کے جانور) یہ جمع بدنۃ کی ہے اس کو بڑی جسامت کی وجہ سے بدنہ کہتے ہیں شرع میں اونٹ اور گائے ہر دو کو شامل ہے۔

قراءت: رفع کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔اور وہ اس ارشاد کی طرح ہے والقمر قدرناہ [یٰسٓ:۳۹]

جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ (ہم نے تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے دین کے خاص نشانات میں سے بنایا ہے) اللہ تعالیٰ کی شریعت کے نشانات میں سے۔

نحو: اسم اللہ کی طرف اضافت اس کی تعظیم وتکریم کیلئے ہے اور یہ جعلنا کا مفعول ثانی ہے۔ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ (تمہارے لئے اس میں خیر ہے) دنیا میں فائدہ اور آخرت میں اجر فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا (پس تم ان پر اللہ تعالیٰ کا نام لو) ذبح ونحر کے وقت صَوَآفَّ (جبکہ وہ صف بستہ ہوں) ھا ضمیر سے حال ہے ای قائمات قد صففن ایدیهن وارجلهن اس حال میں کہ کھڑے کر کے صف میں ان کے اگلے اور پچھلے پاؤں باندھ دیئے گئے ہوں۔ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا (جب ان کے پہلو زمین پر گر پڑیں) وجوب الجنوب زمین پر گرنے کو کہتے ہیں۔ یہ وجب الحائط وجبة سے لیا گیا ہے جبکہ وہ گر جائے۔ جبکہ نحر کے بعد ان کے پہلو زمین پر آ رہیں اور حرکت ختم ہو جائے۔ فَكُلُوْا مِنْهَا (پس تم ان میں سے کھاؤ) اگر تم چاہو۔ وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ (اور قناعت کرنے والے سائل کو کھلاؤ) مراد سائل ہے یہ قنعت الیه جب کہ عاجزی کی جائے اور سوال کیا جائے۔ قنوعاً سوال کرنا۔ وَالْمُعْتَرَّ (اور سوال کرنے والے کو) جو اپنا آپ تمہارے سامنے ظاہر کرے اور سامنے تو آئے مگر سوال نہ کرے۔ ایک قول جو کچھ اس کے پاس ہو اس پر راضی وخوش ہو۔ اور جو بلا سوال مل جائے اس پر اکتفاء کرے یہ قَنِعت قَنْعًا وقناعةً سے ماخوذ ہے اور المعترّ جو سوال کیلئے دست درازی کرے۔

كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ (اسی طرح ہم نے ان کو تمہارے قابو میں دے دیا) جیسا کہ ہم نے ان کے ذبح کا حکم دیا اسی طرح ان کو تمہارے قابو میں دیا۔ نمبر۲۔ یہ ذٰلك من يعظم [الحج: ۳۰] کی طرح ہے پھر جملہ مستانفہ لائے اور فرمایا سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ یعنی ان کے عظیم الجثہ اور طاقتور ہونے کے باوجود ان کو تمہارے تابع کر دیا ہے۔ تا کہ تمہیں ان کے ذبح پر قدرت حاصل ہو۔ لعلكم تَشْكُرُوْنَ (تا کہ تم شکریہ ادا کرو) تا کہ تم اللہ تعالیٰ کے انعامات جو تم پر کئے گئے ہیں شکریہ ادا کرو۔

## فلسفۂ قربانی:

۳۷: لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (ہرگز اللہ تعالیٰ کو قربانی کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا لیکن تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے) نمبر۱۔ اللہ تعالیٰ گوشت وخون کو قبول نہیں کرتے بلکہ تقویٰ قبول کرتے ہیں۔ نمبر۲۔ صدقہ کے گوشت اللہ تعالیٰ کی رضامندی کو نہیں پہنچتے۔ اور نہ ہی ذبح کے ذریعہ بہائے ہوئے خون۔ مراد یہ ہے کہ گوشت وخون والے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کو گوشت وخون سے راضی نہیں کر سکتے جب تک وہ نیت کی نگہبانی اور اخلاص اور تقویٰ کی دیگر شروط کا لحاظ نہ کریں۔

ایک قول یہ ہے جب اہل جاہلیت اونٹوں کو ذبح کرتے تو خون بیت اللہ کے گرد انڈیلتے اور خون اس کی دیواروں پر لگاتے۔ جب مسلمانوں نے حج کیا تو اس کا ارادہ کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ (اسی طرح ہم نے ان کو تمہارے قابو میں دے دیا) یعنی قربانی کے اونٹوں کو لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ (تا کہ تم اللہ تعالیٰ کی بڑھائی بیان کرو) ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ نمبر۲۔ تا کہ تم اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرو۔ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ (جیسا اس نے تمہیں توفیق دی) اس کی طرح کشاں کشاں چلا دیا۔ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ (اور مخلصوں کو خوشخبری دے دو) ثواب کے ساتھ

أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۟ۙ ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ

ان لوگوں کو اجازت دی گئی جن سے لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا' اور بلاشبہ اللہ ان کی مدد کرنے پر ضرور قادر ہے' یہ لوگ

اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

اپنے گھروں سے ناحق صرف یہ کہنے کی وجہ سے نکالے گئے کہ ہمارا رب اللہ ہے' اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ بعض لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا

بعض کے ذریعہ دفع فرماتا ہے تو نصاریٰ کے خلوت خانے اور عبادت خانے اور یہود کے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں کثرت سے

اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ

اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے گرا دیئے جاتے' اور یہ بات ضروری ہے کہ اللہ اس کی مدد کرے گا جو اللہ کی مدد کرے' بلاشبہ اللہ قوی ہے غلبہ والا ہے' یہ ایسے لوگ ہیں کہ

مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ

اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار دیں تو نماز قائم کریں۔ اور زکوٰۃ ادا کریں' اور بھلائی کا حکم کریں اور برائی سے

الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾

روکیں' اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

اس کے احکام کی تعمیل کرنے والے۔

**مدافعت کا وعدہ:**

۳۸: اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہٹائے گا۔)

قراءت: مکی وبصری نے یَدْفَعُ پڑھا اور دیگر نے یدافع پڑھا۔ جس کا معنی مدافعت میں مبالغہ کرے گا۔

عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (ایمان والوں سے) یعنی مسلمانوں سے کفار کی دغابازی کو اور اس کی مثل دوسری آیت ہے انا لننصر رسلنا والذین امنوا [غافر:۵۱] پھر اس ارشاد میں اس کی تعلیل بیان فرمائی۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ (بیشک اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتے ہر خائن سے) جو اللہ تعالیٰ کی امانت میں خیانت کرنے والا ہو۔ كَفُوْرٍ (ناشکر گزار) اللہ تعالیٰ کے انعامات کا کیونکہ وہ ان کے مخالف کو پسند نہیں کرتا اور وہ خائن کفار ہیں اور اللہ اور رسول کے ساتھ خیانت برتنے والے اور اپنی امانات میں خیانت کرنے والے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے منکر اور ناقدری کرنے والے ہیں۔

۳۹: اُذِنَ (ان لوگوں کو اجازت دے دی گئی)

قراءت: مدنی، بصری، عاصم کی قراءت میں اسی طرح پڑھا گیا ہے۔
لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ (ان لوگوں کو جس سے لڑائی کی جاتی ہے)۔

## اجازتِ قتال اور اس کے اسباب:

قراءت: تاء کے فتحہ کے ساتھ مدنی، شامی، حفص نے پڑھا ہے۔ مطلب یہ ہے ان کو لڑائی کی اجازت دے دی گئی۔ جس کی اجازت دی اس کو حذف کر دیا کیونکہ یقاتلون اس پر دلالت کر رہا ہے۔

بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا (اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا) ان کے مظلوم ہونے کی وجہ سے اور اس سے مراد اصحاب رسول ﷺ ہیں۔ مشرکین ان کو بڑی ایذائیں دیتے تھے۔ وہ رسول ﷺ کی خدمت میں مضروب، زخمی سر، مظلومیت کی فریاد کرتے ہوئے آتے۔ آپ ﷺ ان کو تسلی دیتے ہوئے فرماتے صبر کرو۔

ابھی تک مجھے قتال کی اجازت نہیں ملی۔ یہاں تک کہ ہجرت کا حکم ہوا۔ پھر یہ آیت اتری۔ یہ سب سے پہلی آیت ہے جس میں قتال کی اجازت مرحمت فرمائی گئی اس سے قبل ستر سے زائد آیات میں ممانعت کی گئی تھی۔ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ (اور بے شک اللہ تعالیٰ کو ان کی مدد پر قدرت حاصل ہے) ایمان والوں کی مدد پر لَقَدِيْرُ (البتہ قدرت والے ہیں) قادر مطلق ہیں۔ اس میں ایمان والوں کی نصرت و مدد کی بشارت دی گئی ہے اور یہ اس ارشاد کی طرح ہے۔ ان الله يدافع عن الذين امنوا [الحج:۳۸]

۴۰: اَلَّذِيْنَ (وہ لوگ)

نَحو: یہ محل جر میں للذین سے بدل ہے۔ نمبر۲۔ اعنی کی وجہ سے منصوب ہے۔ نمبر۳۔ ھم مضمر کی وجہ سے مرفوع ہے۔

اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ (جن کو ان کے گھروں سے نکالا گیا) مکہ سے بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ (ناحق سوائے اس کے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے) یعنی اور کوئی وجہ نہیں سوائے توحید کے جو کہ اس لائق ہے کہ ان کو پکا ٹھکانہ دیا جائے نہ کہ ان کو نکال باہر کیا جائے۔ اور دوسری آیت اسی کی مثل ہے۔ هل تنقمون منا الا ان امنا بالله [المائدہ:۵۹]

نَحو: ان يقولوا محلاً مجرور ہے کیونکہ حق سے بدل ہے مطلب یہ ہے ان کو ان کی بات کی وجہ سے گھروں سے نکالا گیا ہے۔

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ (اگر اللہ تعالیٰ بعض کو دفع نہ کرتا)

قراءت: مدنی و یعقوب نے دفاع پڑھا ہے۔

النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ (بعض سے تو گرا دیئے جاتے)

قراءت: حجازی قراء نے هُدِّمَتْ کو تخفیفِ دال سے پڑھا ہے۔

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ (درویشوں کی خانقاہیں اور گرجے اور یہود کے عبادت خانے اور مساجد) یعنی اگر تسلیط مسلمین کفار پر جہاد کے ذریعہ نہ کیا جاتا تو مشرکین مختلف ادیان والے اپنے اپنے زمانہ میں عبادت گاہوں پر غلبہ پا کر ان کو گرا دیتے اور نہ کسی نصرانی کا گرجا بچتا اور نہ ان کے درویشوں کے گنبد باقی رہتے اور نہ ہی یہود کے تکیہ خانے اور کنائس چھوڑے جاتے بلکہ سب کو زمین بوس کر کے مٹا دیا جاتا۔

الکنیسۃ کوصلاۃ کہا کیونکہ اس میں نماز پڑھی جاتی ہے۔اور نہ مسلمانوں کی مساجد قائم رہ سکتیں۔نمبر۲۔امت محمد ﷺ میں مشرکین کومسلمانوں پر غلبہ ملے گا اور ان اہل کتاب پر بھی جو ان کی ذمہ داری میں ہیں۔اور فریقین کے عبادت خانے گرائے جائیں گے۔(یہ گویا پیشینگوئی ہے) غیر مساجد کو مساجد سے مقدم اس لئے کیا گیا کیونکہ انکا زمانہ مقدم تھا نمبر۲۔انکا گرایا جانے کا زمانہ قریب تھا۔

یُذْکَرُ فِیْهَا اسْمُ اللّٰهِ کَثِیْرًا (ان میں اللہ تعالیٰ کا کثرت سے نام لیا جاتا ہے) مساجد میں نمبر۲۔تمام میں اپنے اپنے زمانہ میں جبکہ صحیح تعلیمات ان کے ہاں تھیں (ورنہ اب تو اللہ تعالیٰ کے ذکر و نام کی کوئی چیز وہاں نہیں) وَلَیَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ یَّنْصُرُهٗ (ضرور اللہ تعالیٰ ان کی امداد کریں گے جو اس کی مدد کرتے ہیں) جو اللہ تعالیٰ کے دین اور اس کے فرمانبرداروں کی مدد کرنے والے ہیں۔اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ (بیشک اللہ تعالیٰ طاقت ور ہیں) اپنے اولیاء کی مدد پر عَزِیْزٌ (زبردست ہیں) اپنے دشمنوں سے انتقام کے سلسلہ میں۔

## مہاجرین کو اقتصادی خوشخبری:

۴۱: اَلَّذِیْنَ نحو: یہ من یَّنْصُرُهٗ سے بدل ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔نمبر۲۔للذین اُخْرِجُوْا کا تابع ہونے کی وجہ سے مجرور ہے۔اِنْ مَّکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ (وہ کہ جب ہم ان کو زمین میں اقتدار عطاء کریں گے تو نماز قائم کریں گے اور زکوٰۃ ادا کریں گے اور بھلائی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے) اس آیت میں سیرتِ مہاجرین کے متعلق خبر دی کہ عنقریب ہم ان کو اقتدار دیں گے تو ان سے یہ امور وقوع پذیر ہونگے۔اور ان کے لئے دنیا کے خزانے کھول دیئے جائیں گے اور وہ دین کے امور کو کس کیفیت سے انجام دیں گے۔

خلفائے راشدین کی خلافت کی حقانیت کی یہ دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو تمکین فی الارض عنایت فرمائی اور انہوں نے دین کو سیرت عادلہ کے ساتھ نافذ کیا۔قول حسن رحمۃ اللہ علیہ: اس سے مراد امت محمد ﷺ (پھر بھی صحابہ کرام جو مقدمۂ امت ہیں وہ اس کے اولین مصداق ہیں: مترجم) وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ (اور تمام امور کا نتیجہ اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے) اس کے حکم کی طرف لوٹتا ہے اور اس کی تقدیر پر اختتام پذیر ہوتا ہے اولیاء کو غلبہ دینے اور ان کی بات کے بلند کرنے کی تاکید مزید ہے۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ

اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو ان سے پہلے نوح کی قوم' اور عاد' اور ثمود' اور ابراہیم کی قوم'

وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ

اور لوط کی قوم' اور مدین والے جھٹلا چکے ہیں' اور موسیٰ کو جھٹلایا گیا سو میں نے کافروں کو مہلت دی پھر میں نے انہیں پکڑ لیا۔

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى

سو کیسا تھا میرا عذاب' سو کتنی ہی بستیاں تھیں جن کو ہم نے ہلاک کیا جو ظلم کرنے والی تھیں سو وہ اپنی چھتوں پر گری

عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ

پڑی ہیں اور کتنے ہی کنویں ہیں جو بیکار ہیں' اور کتنے ہی محل ہیں جو مضبوط بنائے ہوئے تھے' کیا یہ لوگ زمین میں نہیں چلے پھرے تاکہ انکے

قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ

ایسے دل ہوتے جن کے ذریعہ سمجھتے اور ایسے کان ہوتے جن کے ذریعہ سنتے سو بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتی ہیں لیکن

تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ

دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں کے اندر ہیں' اور وہ آپ سے جلد عذاب لانے کا تقاضا کرتے ہیں اور اللہ ہرگز اپنے

اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ

وعدہ کے خلاف نہ فرمائے گا' اور بلاشبہ آپ کے رب کے نزدیک ایک ایسا دن ہے جو تم لوگوں کے شمار کے مطابق ایک سال کے برابر ہوگا' اور کتنی ہی

ع ۶ ۱۳ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾

بستیاں تھیں جن کو میں نے مہلت دی اس حال میں کہ ظلم کرنے والے تھے پھر میں نے انہیں پکڑ لیا اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

۴۲: وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ (اور اگر وہ آپ کو جھٹلا دیں) اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش مکہ کی مسلسل تکذیب پر تسلی دی یعنی آپ تکذیب میں اکیلے نہیں ہیں۔ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ (پس جھٹلایا ان سے قبل) قریشِ مکہ سے قبل قَوْمُ نُوْحٍ (قومِ نوح نے) نوح علیہ السلام کو وَّعَادٌ (قوم عاد نے) ہود علیہ السلام کو وَّثَمُوْدُ (اور قوم ثمود نے) صالح علیہ السلام کو۔

## سابقہ اقوام کے حالات سے عبرت پکڑو:

۴۳: وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ (اور قوم ابراہیم علیہ السلام نے) ابراہیم علیہ السلام کو وَقَوْمُ لُوْطٍ (اور قوم لوط نے) لوط علیہ السلام کو

۴۴: وَّ اَصْحٰبُ مَدْيَنَ (اوراصحاب مدین نے) شعیب علیہ السلام کو وَ كُذِّبَ مُوْسٰى (اور موسیٰ علیہ السلام کو جھٹلایا گیا) ان کو فرعون اور قبطیوں نے جھٹلایا۔

سوال: یہاں قوم موسیٰ نہیں کہا؟

جواب: کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کو ان کی قوم بنی اسرائیل نے نہیں جھٹلایا قوم کے علاوہ دیگر قوم نے جھٹلایا۔ نمبر۲۔ گویا ہر قوم کی طرف سے تکذیب رسل کا ذکر کر کے فرمایا و کذب موسیٰ ایضًا مع وضوح ایاته واضح آیات کے باوجود موسیٰ علیہ السلام کو جھٹلایا گیا۔ اور ان کے معجزات ظاہر ہو چکے مگر وہ جھٹلانے سے باز نہ رہے۔ پس اور کے متعلق کیا کہو گے؟ خود سوچ لو۔ فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ (پس میں نے کفار کو مہلت دی) ان کی سزا کو مؤخر کیا اور ان کو مہلت دی۔ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ (پھر میں نے ان کو پکڑا) ان کے کفر پر ان کو سزا دی فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ (پس میرا انکار کیا رہا۔) یعنی میرا انکار اور میری تبدیلی جبکہ میں نے انعامات کی جگہ عذاب اتارے اور دنیا کی زندگی میں ہلاکت دے دی اور آبادی کی جگہ بربادی بدل دی۔

قراءت: یعقوب نے وصل و وقف میں یاء کے ساتھ نکیری پڑھا ہے۔

۴۵: فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا (بہت سی بستیاں ہیں جن کو ہم نے ہلاک کر دیا)

قراءت: بصری نے اھلکتُھا پڑھا ہے۔

وَهِيَ ظَالِمَةٌ (کیونکہ وہ ظالم تھیں)

نحو: یہ حال ہے یعنی ان بستیوں والے مشرک تھے۔ فَهِيَ خَاوِيَةٌ (پس وہ گرنے والی ہیں) یہ خوی النجم سے بنا ہے جبکہ ستارہ گرے۔ عَلٰى عُرُوْشِهَا (اپنے چھتوں پر) یہ خاویۃ کے متعلق ہے مطلب یہ ہے وہ اپنی چھتوں پر گرنے والی ہیں۔ یعنی ان کی چھتیں زمین بوس ہوئیں پھر دیواریں گریں اور وہ چھتوں پر جا پڑیں۔

نحو: فھی خاویة اس کا کوئی محل اعراب نہیں کیونکہ اس کا عطف اھلکنا ھا پر ہے اور یہ ایسا فعل ہے جس کا کوئی محل اعراب نہیں ہوتا۔ یہ ترکیب اس وقت ہے جبکہ کَاَيِّنْ کو محلاً منصوب مانیں اور تقدیر عبارت یہ ہو۔ کثیرًا من القریٰ اھلکنا ھا۔ بہت سی بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا۔

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ (اور بیکار کنوئیں) ڈول و رسّی نہ ڈالنے کی وجہ سے متروک ہو چکے اور ان کی مرمت وغیرہ ترک کر دی گئی۔ نمبر۲۔ ان میں پانی موجود اور آلات سقایہ بھی موجود ہیں مگر وہ معطل ہو چکے ان کو اس لئے چھوڑ دیا گیا کہ ان کے آباد کار ہلاک ہو چکے۔ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ (اور مضبوط محلات) چونا گچ الشید چونے کو کہتے ہیں۔ نمبر۲۔ ان کی عمارات بلند ہوں۔ اس صورت میں یہ شادالبناء ای رفعه اس نے عمارت کو بلند کیا سے لیا جائے گا۔ مطلب یہ ہے ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر دیا اور کتنے کنوئیں بے کار کر دیے گئے اور کتنے مضبوط محلات ہیں جن کو ان کے باسیوں سے ہم نے خالی کروا لیا۔ یعنی ہم نے ہلاکت میں شہری و دیہاتی کسی کو نہ چھوڑا۔ محلات اپنے سکان سے خالی اور کنوئیں اپنے گھاٹ پر اترنے والوں سے فارغ۔

قول فیصل یہاں قصر و بئر سے عام مراد لیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ کسی تخصیص کی چنداں حاجت نہیں۔

۴۶: اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ (کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں) اس میں سفر پر آمادہ کیا گیا تا کہ ان لوگوں کے بچھڑنے کے مقامات ملاحظہ ہوں جن کو کفر باللہ کی پاداش میں ہلاک کر دیا گیا اور یہ لوگ ان آثار کا مشاہدہ کر کے عبرت حاصل کریں۔فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا (پس ان کے دل ایسے ہوتے جن سے وہ ان امور کو سمجھتے یا ان کے کان ہوتے جن سے وہ سنتے ) یعنی ان باتوں کو سمجھتے جن کو توحید وغیرہ میں سے سمجھنا ضروری ہے اور ان باتوں کو سنتے جن کا وحی میں سے سننا لازم ہے۔فَاِنَّهَا لَاتَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِىْ فِى الصُّدُوْرِ (وہ آنکھوں کے اندھے نہیں بلکہ وہ دل کے نابینا ہیں جو ان کے سینوں میں ہیں )

نحو : فانھا میں ھا ضمیر قصہ ہے یا یہ ضمیر مبہم ہے جس کی تفسیر الابصار ہے۔یعنی ماعميت ابصارهم عن الابصار بل قلوبهم عن الاعتبار۔ ان کی صرف آنکھیں ہی اندھی نہیں بلکہ ان کے دل عبادت سے خالی ہیں۔ ہر انسان کی چار آنکھیں ہیں۔نمبرا۔دو آنکھیں اس کے سر میں اور دو آنکھیں اس کے دل میں۔ جب وہ دل کی آنکھ سے دیکھتا اور سر والی آنکھ سے نہیں دیکھتا تو اس کو نقصان نہیں پہنچتا۔اور اگر سر والی آنکھ سے دیکھتا اور دل والی آنکھ سے نہیں دیکھتا تو اس کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

صدور کا ذکر اس بات کی وضاحت کیلئے ہے کہ علم کا محل قلب ہے اور تا کہ یہ نہ کہا جائے کہ اس دل سے مراد اور کوئی عضو ہے جیسا کہتے ہیں القلب لبٌّ لكل شئی۔

۴۷: وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ (وہ آپ سے اس عذاب کا نزول جلد مانگتے ہیں ) استہزاء کے طور پر مؤخر عذاب کو جلدی طلب کرتے ہیں۔وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ( حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہ فرمائیں گے ) گویا اس طرح فرمایا: لِمَ يستعجلو نك به ؟ وہ آپ سے کیونکر جلد آنے کا مطالبہ کرتے ہیں؟ گویا وہ اس عذاب کے فوت ہونے کے قائل نہیں اور یہ بات تو اس کے متعلق جائز ہو سکتی تھی جو میعاد کی خلاف ورزی کرنے والا ہو حالانکہ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ (حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کی ہرگز خلاف ورزی نہ فرمائیں گے ) اور وہ عذاب جس کا اس نے ان سے وعدہ فرمالیا وہ ضرور ان کو پہنچے گا خواہ کچھ وقت کے بعد ہی آجائے۔

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ (اور بیشک ایک دن تیرے رب کے ہاں ایک ہزار سال کی طرح ہے تمہاری گنتی کے مطابق )

قراءت: مکی،کوفی سوائے عاصم کے یعدّون پڑھتے ہیں۔یعنی وہ عذاب کس طرح جلد طلب کرتے ہیں۔جس ذات کے ہاں دن ایام عذاب میں سے تمہارے سالوں کی گنتی کے مطابق ایک ہزار سال کے برابر ہے کیونکہ تکالیف کے ایام طویل ہوا کرتے ہیں۔

۴۸: وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ (اور بہت سی بستیوں والوں کو میں نے مہلت دی اور وہ بے جا حرکات کرنے والے تھے ) یعنی بہت سے بستیوں والے ایسے گزرے ہیں جو تمہاری طرح ظلم کرنے والے تھے میں نے ان کو ایک وقت تک مہلت دی۔ثُمَّ اَخَذْتُهَا (پھر میں نے ان کو عذاب کے ساتھ پکڑا )وَاِلَىَّ الْمَصِيْرُ (اور میرے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے ) یعنی لوٹنا

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۴۹ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو! میں تمہارے لئے واضح طور پر ڈرانے والا ہوں ' سو جن لوگوں نے نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۵۰ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

کئے ان کے لئے مغفرت ہے اور عزت والا رزق ہے ' اور جن لوگوں نے عاجز کرنے کے لئے ہماری آیات کے بارے میں کوشش کی

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝۵۱

یہ لوگ دوزخ والے ہیں۔

میری طرف ہی ہے۔ مجھ سے کوئی چیز فوت نہ ہوگی۔

سوال: اس صورت میں وَكَاَيِّنْ واؤ کے ساتھ ذکر کیا جبکہ پہلی صورت میں فَكَاَيِّنْ فاء کے ساتھ ذکر کیا؟

جواب: کیونکہ پہلا کاین فکیف کان نکیر [الحج:۴۴] کا بدل تھا۔ اور یہ دوسرا پہلے دو جملوں کا حکم رکھتا ہے جن کا عطف واؤ سے کیا گیا ہے وہ جملے یہ ہیں ولن یخلف اللہ وعدہ اوران یوماً عند ربک [الحج:۴۷] ہے۔

۴۹: قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (کہہ دیں! اے لوگو! بیشک میں تمہارے لیے کھلا ڈرانے والا ہوں)

یہاں بشیر ونذیر نہیں فرمایا کیونکہ فریقین کا تذکرہ بعد میں آرہا ہے کیونکہ سیاق کلام مشرکین کی طرف ہے اور یایھا الناس کہہ کرانہی سے تخاطب ہے اور انہی کے متعلق کہا گیا افلم یسیروا اور استعجال کے ساتھ ان کے حالات بیان کیے۔ اور ایمان والوں کے تذکرے اور ان کے ثواب کو درمیان میں گھسا دیا تاکہ وہ برانگیختہ ہوں۔ نمبر۲۔ تقدیر عبارت اس طرح مان لیں۔ نذیر مبین و بشیر۔ پھر خوشخبری سناتے ہوئے فرمایا۔

۵۰: فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ (پس وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اعمال صالحہ کئے ان کے لئے بخشش ہے) گناہوں کی وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ (اور عمدہ روزی) اچھی شاندار۔ پھر ڈرایا فرمایا۔

## طعن کے لئے دوڑ دھوپ:

۵۱: وَالَّذِيْنَ سَعَوْا (اور وہ لوگ جو کوشش کرتے رہتے ہیں) سعی فی امر فلان: کسی معاملے میں دوڑ دھوپ کرنا تاکہ وہ اس معاملے کو بگاڑ دے جب کہ وہ اس کی کوشش سے بگڑتا ہو۔ فِيْٓ اٰيٰتِنَا (ہماری آیات کے متعلق) یعنی قرآن مجید کے متعلق مُعٰجِزِيْنَ (تاکہ وہ عاجز کردیں ہرادیں)۔

نحو: یہ حال ہے

قراءت: مکی، ابوعمرو نے معجزین پڑھا ہے۔ اور عاجزہ سے سبقت کرنا مراد ہے۔ گویا کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو ساتھ ملنے سے عاجز کرنے کا طلبگار ہے۔ جب ایک ان میں سے آگے بڑھ جاتا ہے تو کہتے ہیں اعجزہ، عجزہ، مطلب یہ ہے کہ وہ اسے

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ

اور آپ سے پہلے ہم نے کوئی رسول اور کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا جس کو یہ قصہ پیش نہ آیا ہو جب اس نے پڑھا تو شیطان نے اس کے پڑھنے میں شبہ ڈال

اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

دیا پھر اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو ختم کر دیتا ہے پھر اپنی آیات کو محکم کر دیتا ہے' اور اللہ علیم ہے

حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

حکیم ہے' تاکہ اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو ان لوگوں کے لئے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں مرض ہے

وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

اور جن کے دل سخت ہیں' اور بلاشبہ ظلم کرنے والے دور کی مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں' اور تاکہ وہ لوگ زیادہ یقین کرلیں

اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۗ

جنہیں علم دیا گیا ہے کہ بے شک وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے' پھر ایمان پر زیادہ قائم ہو جائیں پھر ان کے دل اس کی طرف اور بھی جھک جائیں'

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

اور بلاشبہ اللہ ایمان والوں کو صراط مستقیم کی ہدایت فرماتا ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ

مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾

برابر اس کی طرف سے شک میں رہیں گے یہاں تک کہ ان کے پاس اچانک قیامت آجائے یا ان کے پاس کسی ایسے دن کا عذاب آجائے جس میں کوئی خیر نہ ہو'

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۗ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۗ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

اس روز بادشاہی اللہ ہی کے لئے ہوگی وہ ان کے درمیان فیصلے فرمائے گا سو جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے وہ نعمت کے

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع ۷/۹ ۱۴

باغوں میں ہوں گے' اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا سو ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

معانی میں طعن و تشنیع کی خاطر بگھاڑنے کیلئے دوڑ دھوپ کرتے ہیں کہ کبھی تو سحر کہتے ہیں اور کبھی شعر اور بار دیگر اساطیر کا نام دھرتے ہیں اور اپنے خیال میں اس اندازہ کرنے میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرتے ہیں۔ ان کی توقعات یہ ہیں کہ اسلام کے سلسلہ میں ان کی تدابیر کامیاب ہونگی۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ (یہ لوگ جہنمی ہیں) بھڑکتی آگ والے ہیں۔

## تمنی قراءت کے معنی میں ہے:

۵۲: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ (اے محمد ﷺ ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول ایسا نہیں بھیجا) مَن ابتدائے غایت کیلئے ہے۔ مَن رسول میں مِنْ زائدہ ہے۔ جوتا کیدِ نفی کیلئے بڑھا دیا گیا ہے۔ وَّلَا نَبِيٍّ (اور نہ کوئی نبی)

مَسْئَلَه: یہ آیت رسول اور نبی کے معنی میں تغایر کی دلیل ہے۔ بخلاف ان حضرات کے جوان کو ایک کہتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ سے انبیاء علیہم السلام کے متعلق سوال کیا گیا۔ تو آپ نے فرمایا۔ مائة الف واربعة عشرون الفاً پھر سوال کیا گیا ان میں رسل کی تعداد کتنی ہے۔ آپ نے فرمایا ثلاث مائة وثلاثة عشر [رواه ابن حبان: ۳۶۱۔ ابونعیم فی الحلیه ۱/۱۶۶]

دونوں میں فرق یہ ہے کہ رسول وہ ہے جس نے معجزہ اور کتاب منزل کو جمع کر لیا ہو۔ نبی وہ ہے جس پر کتاب نہ اترے۔ اس کو پہلی شریعت کی طرف دعوت دینے کا حکم ہو۔ ایک اور قول یہ ہے رسول شرع کا واضع ہوتا ہے اور نبی دوسری شریعت کا حافظ ونگران ہوتا ہے۔

اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى (مگر جب اس نے پڑھا) تمنّٰی کا معنی قراءت حضرت حسان بن ثابت کے اس شعر میں ہے۔

تمنّٰی کتاب الله اول لیلة ☆ تمنی داود الزبور علی رِسْلِ

وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کو شروع رات میں اس طرح ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا ہے جیسے داؤد زبور کی تلاوت کرتے تھے۔

اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِیْٓ اُمْنِيَّتِهٖ (تو شیطان نے ان کے پڑھنے میں مداخلت کی) امنیۃ سے تلاوت مراد ہے مفسرین کرام نے کہا آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی قوم کو آواز دی تا کہ سورۃ النجم کی تلاوت ان کو سنائیں۔ جب آپ ومناة الثالثة الاخرى پر پہنچے تو زبان پر جاری ہوا۔ تلك الغرانيق العلى۔ وان شفاعتهن لترتجى [1] مگر آپ کو معلوم نہ ہوا یہاں تک کہ عصمت نے آلیا اور اس پر متنبہ کیا۔

ایک قول یہ ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نے آپ کو متنبہ کیا آپ کو اطلاع دی کہ یہ شیطان کی شرارت تھی۔ مگر یہ قول درست نہیں ہے اس لئے کہ دو حال سے خالی نہیں۔ یا تو آپ نے جان بوجھ کر یہ کلام کیا ہو اور یہ ممکن نہیں کیونکہ یہ کفر ہے اور آپ کی بعثت بتوں کی مذمت کیلئے کی گئی نہ کہ ان کی تعریف کرنے والا بنا کر بھیجا۔ نمبر۲۔ دوسری صورت یہ ہے کہ شیطان نے نبی اکرم ﷺ کی زبان پر جبراً جاری کر دیا ہو کہ آپ اس کو نہ روک سکے ہوں اور یہ بھی ناممکن ہے شیطان جبراً کسی بات کو دوسرے کی زبان پر بھی جاری نہیں کرسکتا۔ ارشادِ الٰہی ہے۔ ان عبادی لیس لك علیهم سلطان [الاسراء: ۶۵] تو آپ ﷺ کے حق میں بدرجہ اولیٰ ممنوع ہے۔

نمبر۳۔ تیسری صورت آپ کی زبان پر بھول وغفلت سے جاری ہوگئی ہو مگر یہ بھی مردود ہے کیونکہ اس قسم کی غفلت و بھول تبلیغ وحی کے موقع پر آپ کے متعلق جائز نہیں ہے اگر اس کو جائز قرار دے دیا جائے تو آپ کی بات پر اعتماد باطل ہو جاتا ہے۔ اور اس وجہ سے بھی کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے متعلق خود فرمایا لایاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه [فصلت: ۴۲] اور فرمایا انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون [الحجر: ۹]

جب یہ تمام وجوہ باطل ٹھہریں تو اب ایک صورت صرف باقی رہ گئی وہ یہ کہ آپ ﷺ و مناة الثالثة الاخرى کہہ کر خاموش ہو گئے تو شیطان نے یہ کلمات نبی اکرم ﷺ کی قراءت سے متصلاً آواز ملا کر کہہ دیئے تو بعض کے خیال میں آیا کہ نبی اکرم ﷺ نے (نعوذ باللہ) یہ کلمات کہے ہیں۔ پس یہ القاء فی قراءة النبی ﷺ ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں شیطان کلام کرتا تھا اور اس کا کلام لوگ سنتے تھے روایت میں وارد ہے کہ شیطان نے احد کے دن آواز دی۔ الا ان محمدا قد قتل ۔ اور اسی طرح بدر کے دن مشرکین کو سراقہ کی شکل میں تسلی دیتے ہوئے کہا۔ لا غالب لکم الیوم من الناس و انی جارٌ لکم [الانفال:۴۸]

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ (اللہ تعالیٰ شیطان کے شبہات کو نابود کر دیتا ہے) ختم کر دیتا اور بے کار کر دیتا ہے اور اطلاع دے دیتا ہے یہ شیطان کی شرارت اور وسوسہ ہے۔ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ (پھر آیات کو قائم رکھتا ہے) اور شیطان کی طرف سے اس میں اضافہ ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ علم والے) جو ان سے اپنے پیغمبر ﷺ پر وحی اتاری ہوتی ہے اور جو شیطان کا مقصود ہے۔ حَكِيْمٌ (حکمت والے ہیں) اس حقیقت کو منکشف کیے بغیر نہیں چھوڑتا۔ اور زائل کر کے ارادۂ شیطانی کو ناکام بنا دیتا ہے۔ پھر ذکر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں کی آزمائش و امتحان ہے فرمایا۔

۵۳: لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً (تاکہ شیطان کے شبہات کو اللہ تعالیٰ آزمائش بنا دے) آزمائش و مصیبت لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ (ان لوگوں کیلئے جن کے دلوں میں بیماری ہے) یعنی شک و نفاق ہے۔ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ (اور جن کے دل سخت ہیں) یعنی مشرک اور مکذب لوگ مراد ہیں۔ اس سے ان کا شک اور ظلمت بڑھ جاتا ہے وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ (اور بلاشبہ ظالم) منافق و مشرک لوگ۔

نکتہ: یہ اصل میں اِنّھم تھا مگر ضمیر کی جگہ اسم ظاہر الظالمین لائے تاکہ ان کی ناحق کوشی کی صراحت ہو جائے اور ظالم ہونا پختہ ہو جائے لَفِيْ شِقَاقٍ (البتہ ضد میں ہیں) مخالفت بَعِيْدٍ (دور کی) جو حق سے بہت دور ہے۔

۵۴: وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ (اور تاکہ علم والے جان لیں) جن کو اللہ تعالیٰ اور اس کے دین اور آیات کا علم ملا ہے۔ اَنَّهُ (کہ یہ) قرآن الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ (برحق ہے تیرے پروردگار کی طرف سے پس وہ اس قرآن پر یقین کریں) فَتُخْبِتَ (پس عاجزی کریں) مطمئن ہو جائیں۔ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (اس کے لئے ان کے دل اور بیشک اللہ ایمان والوں کی راہنمائی کرنے والے ہیں سیدھے راستے کی طرف) پس وہ دین میں متشابہ آیات کی تاویلات صحیحہ کرتے ہیں اور جو ان پر اشکال پیدا کرے۔ اس کا صحیح محل تلاش کرتے ہیں۔ جس کا تقاضہ محکمات کے اصول کرتے ہیں یہاں تک کہ ان کو کوئی حیرت بھی نہیں آئی اور نہ ان کو کوئی اشتباہ پیش آیا ہے۔

## کفار کی ضد بازی:

۵۵: وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ (اور کافر ہمیشہ شک میں پڑے رہیں گے) مِّنْهُ (اس کے متعلق) قرآن مجید کے متعلق یا صراط مستقیم کے متعلق حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً (یہاں تک کہ قیامت ان کے پاس اچانک آن پہنچے۔) اور اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ یا ان پر کسی بے برکت دن کا عذاب اتر پڑے) یعنی بدر کے دن ، وہ عقیم اس لحاظ سے کہ کافروں کو اس میں کوئی

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا

اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی پھر وہ قتل کیے گئے یا طبعی موت سے وفات پا گئے اللہ انہیں ضرور ضرور اچھا رزق عطا

حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ

فرمائے گا اور یہ بات یقینی ہے کہ اللہ خیر الرازقین ہے' وہ انہیں ضرور ضرور ایسی جگہ میں داخل فرمائے گا جس سے وہ خوش ہوں گے

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ

اور بلاشبہ اللہ خوب جاننے والا ہے' بہت حلم والا ہے' یہ بات یوں ہی ہوگی اور جو شخص اس قدر بدلہ لے' جس قدر اسے تکلیف پہنچائی گئی

ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾

پھر اس پر زیادتی کی جائے اللہ تعالیٰ ضرور ضرور اس کی مدد فرمائے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا اور بخشنے والا ہے۔

کشادگی میسر نہیں ہوئی یا راحت نہیں پہنچی جیسا کہ الریح العقیم سے کوئی خیر فصلوں اور انسان کو نہیں ملتی۔ نمبر۳۔ عقیم کا معنی سخت دن تھا۔ اس میں رحمت نہ تھی۔ نمبر۴۔ معاملے کی شدت کی وجہ سے وہ دن بے مثل تھا۔ چونکہ ملائکہ بھی قتال میں شریک تھے۔ قول ضحاک رحمۃ اللہ علیہ: اس سے قیامت کا دن مراد ہے اور السَّاعة سے اس صورت میں مقدمات قیامت مراد لیے جائیں گے۔

۵۶: اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ (بادشاہی اس دن) یعنی یوم سے قیامت کا دن مراد ہے اور تنوین اس کی جملہ کے عوض ہے ای یوم یومنون اویوم تزول مریتھم اس دن یہ ایمان لائیں گے یا اس دن انکا شک دور ہوگا۔ لِلّٰهِ (اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہوگا۔) اس میں کوئی بھی منازعت کرنے والا نہ ہوگا۔ (ظاہر بادشاہتیں بھی نہ ہونگی) يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ (وہ ان کے مابین فیصلے کرے گا) پھر ان میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ اس ارشاد میں ذکر فرمایا فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (پس وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اعمال صالحہ کیے وہ نعمتوں والی جنتوں میں ہونگے)

۵۷: وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (اور وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا ان کے لئے ذلت آمیز عذاب ہے۔)

ربط: پھر اللہ تعالیٰ نے فریق اول میں سے ایک فریق کو اپنے فضل سے خاص کیا اور فرمایا۔

## بلامثال پیدا کرنے والا بلا ملال دے گا:

۵۸: وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کی) وہ اپنے اوطان سے جہاد کرنے کیلئے نکلے ہیں۔ ثُمَّ قُتِلُوْا (پھر وہ قتل کردیے گئے) جہاد میں۔

قراءت: شامی نے قُتِّلُوْا پڑھا ہے۔ اَوْ مَاتُوْا (یا طبعی موت آگئی) لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا (اللہ تعالیٰ ضرور ان کو رزق

حسن سے نوازیں گے ) ایک قول یہ ہے رزق حسن وہ ہے جو کبھی بھی منقطع نہ ہو۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (اور بیشک اللہ تعالیٰ ہی بہترین رزق عنایت فرمانے والے ہیں ) کیونکہ وہ بلا مثال مخلوق کو ایجاد کرنے والے ہیں ۔اور تمام کے رزق کی بلا ملال کفالت کرنے والے ہیں ۔

۵۹: لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا (ضرور وہ ان کو ایسے مقام میں داخل فرمائے گا )

قراءت: مدنی نے مَدْخلاً پڑھا ہے اس سے مراد جنت ہے۔يَّرْضَوْنَهٗ (جس کو وہ پسند کرتے ہیں ) کیونکہ اس میں وہ چیزیں ہیں جو نفس کو پسند ہیں اور جن سے آنکھیں لذت اندوز ہوتی ہے۔وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ (اور بیشک اللہ تعالیٰ ضرور جاننے والے ہیں ) ان کے حالات کو جنھوں نے جہاد میں اپنا وقت پورا کیا اور وہ فوت ہونے والے جو آس لگائے بیٹھے تھے مگر زندگی نے وفاء نہ کی ۔ حَلِيْمٌ ( حوصلہ والے ہیں )اس کو بھی مہلت دیتے ہیں جوان سے عناد کے ساتھ قتال کرتا ہے۔

شانِ نزول: روایت میں ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے بعض اصحاب نے عرض کیا اے اللہ کے نبی ! یہ لوگ جو شہید ہو گئے ان کے متعلق تو ہم جانتے ہیں کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا خیر ملے گی ۔اور ہم آپ کے ساتھ جہاد میں شریک ہوتے ہیں جیسے وہ شریک ہوتے تھے۔اگر ہم مر جائیں تو ہمیں کیا ملے گا۔پس اللہ تعالیٰ نے یہ دو آیات اتار دیں۔

۶۰: ذٰلِكَ ای الامر ذٰلك (معاملہ یہی ہے۔ )اس کے بعد والا جملہ مستانفہ ہے۔وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ (جو شخص دشمن کو اسی قدر تکلیف پہنچائے جتنی اس کو دی گئی ) ابتدائے جزاء کو عقوبت سے تعبیر کیا کیونکہ وہ عقوبت سے سبب کی نسبت سے ملی ہوئی ہے اور یہ اس کے نتیجے میں ہوا۔ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ (پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ضرور مدد دے گا ) جس نے اتنی سزا دی جتنی زیادتی اس سے ہوئی۔ پھر اس کے بعد اس پر ظلم کیا گیا اللہ تعالیٰ کے ذمہ حق بن گیا کہ اس کی مدد کرے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ (بے شک اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والے ہیں ) وہ گناہوں کے آثار کو بھی مٹا دیتے ہیں۔غَفُوْرٌ (بخشنے والے ہیں ) کہ متنوع اقسام کے گناہ وعیوب چھپاتے ہیں۔

آیت کے سیاق کے مطابق دو آیات میں تقریب اس طرح ہو سکتی ہے کہ معاقب کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عفو پر مقرر کیا گیا ہے اور اسی طرح عقوبت اس ارشاد کے ساتھ **فمن عفا و اصلح فاجره علی الله** [الشوریٰ:۴۰]

**وان تعفوا اقرب للتقوی** [البقرہ:۲۳۷] پس ان باتوں نے اس میں کوئی اثر نہ کیا اور اس نے بدلہ لیا تو وہ افضلیت کا تارک ہوگا۔ وہ دوسری مرتبہ میں اپنی نصرت کا ضامن ہے۔ جبکہ اس نے عفو کو ترک کیا اور باغی سے انتقام لیا اور اس کے باوجود اس پر جو بہتر ہے اس کو یہ دونوں صفات ذکر کر کے تعریض کی جائے گی۔ نمبر۲۔ عفو ومغفرت کا تذکرہ دلالت کر رہا ہے کہ اس کو سزا پر قدرت ہے عفو کی صفت اسی کیلئے ثابت اور بیان کی جا سکتی ہے جو اس کے عکس پر قدرت رکھتا ہو۔جیسا محاورہ ہے: **العفو عند القدرة**

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَاَنَّ

یہ اس وجہ سے ہے کہ بلاشبہ اللہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور بلاشبہ اللہ

اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝۶۱ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

دیکھنے والا اور سننے والا ہے‘ یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اللہ حق ہے اور اس کے علاوہ جو دوسروں کو پکارتے ہیں وہ

هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝۶۲ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ

باطل ہیں‘ اور اللہ برتر ہے بڑا ہے‘ اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝۶۳

پانی اتارا پھر زمین ہری بھری ہو گئی‘ بلاشبہ اللہ بہت مہربان ہے خبر رکھنے والا ہے‘

## نمونہ ہائے قدرت:

۶۱: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ (اور یہ اللہ تعالیٰ کی مدد اس لئے کہ اللہ تعالیٰ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ اور بیشک اللہ تعالیٰ ہر بات کو سننے اور دیکھنے والے ہیں) یعنی یہ مظلوم کی مدد اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں اور اس کی آیاتِ قدرت میں سے یہ ہے کہ وہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے یعنی اس میں اس کا اضافہ کر دیتا ہے۔ اور اس کا اس میں اضافہ نمبر۲۔ اس وجہ سے کہ وہ دن رات کا خالق ہے اور ان میں تصرف وہی کرنے والا ہے۔ آسمان و زمین کے مابین بندوں کے ہاتھوں سے جو خیر و شر انجام پاتا ہے وہ بھی اس سے مخفی نہیں اسی طرح انصاف و سرکشی بھی۔ اور بیشک وہ سمیع (سننے والا) ہے جو کچھ وہ کہتے ہیں اس کو کسی بات کا سننا دوسرے کی بات سے مشغول نہیں کر سکتا خواہ ان میں آوازیں اور فنون واقسام السنہ بھی مختلف کیوں نہ ہو۔ بصیر (وہ دیکھنے والے ہیں) ان تمام افعال کو جو وہ کرتے ہیں۔ راتوں میں کی جانے والی کوئی چیز اس سے چھپ نہیں سکتی۔ خواہ یہ در پردہ اندھیر کیوں نہ ہو۔

۶۲: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ (اور یہ نصرت اس سبب سے یقینی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہیں اور جن چیزوں کی) مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ (اللہ تعالیٰ کے سوا یہ عبادت کرتے ہیں وہ بالکل باطل و بے حقیقت ہے اور اللہ تعالیٰ ہی عالیشان اور سب سے بڑا ہے۔)

قراءت: ابوبکر کے علاوہ عراقی قراء نے مایدعون پڑھا ہے۔ ذلک الوصف یہ وصف اس وجہ سے یقینی ہے کیونکہ اس نے رات دن کو پیدا کیا اور جو کچھ ان میں ہو رہا ہے اس کا وہ احاطہ کرنے والا ہے اور ان کے مابین مخلوق کے افعال واقوال کا اسے ادارک ہے کیونکہ

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ؏ ﴿۶۴﴾ ع ۸ ۷ ۱۵

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے سب اس کا ہے اور بلاشبہ اللہ غنی ہے تعریف کا مستحق ہے'

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ

اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے وہ سب کچھ مسخر فرما دیا جو زمین میں ہے' اور کشتی کو مسخر فرما دیا وہ سمندر میں اس کے حکم سے چلتی ہے

وَیُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ

اور وہ آسمان کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے' مگر یہ کہ اسی کا حکم ہو جائے۔ بلاشبہ اللہ لوگوں پر بہت مہربان ہے

رَّحِیْمٌ ﴿۶۵﴾ وَهُوَ الَّذِیْۤ اَحْیَاكُمْ ٝ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾

نہایت رحم فرمانے والا ہے' اور اللہ وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر تمہیں موت دے گا پھر تمہیں زندہ فرمائے گا' بلاشبہ انسان بڑا ناشکرا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی الوہیت ثابت و حقیقی ہے اور جن کو لوگ آلھہ کے نام سے ذکر کرتے ہیں وہ تمام باطل ہیں اور شان کے اعتبار سے کوئی چیز اس سے اعلیٰ نہیں اور غلبہ کے اعتبار سے اس سے کوئی بڑا نہیں۔

۶۳: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ پانی اوپر سے اتارتا ہے) یعنی بارش کی صورت میں فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً (جس سے زمین سرسبز ہو جاتی ہے) نبتات کے ذریعہ اس کے بعد کہ وہ سیاہ خشک تھی۔

لطیفہ نحویہ: تصبح صیغہ مضارع ہے۔ ماضی نہیں لایا گیا تا کہ معلوم ہو کہ بارش کا اثر زمانہ در زمانہ باقی رہتا ہے جیسا کہتے ہیں۔ انعم علی فلان فاروحُ واغدو شاکرًا لهٗ میں صبح و شام اس کا شکر گزار رہونگا۔ اگر تم یوں کہتے فرحت، وغدوت، یہ مفہوم ہرگز پیدا نہ ہوتا۔ البتہ تصبح کالفظ مرفوع لایا گیا۔ استفہام کے جواب میں منصوب آنا چاہیے تھا وہ نہیں آیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر منصوب لاتے تو مقصد باطل ہو جاتا ہے۔

وہ اس طرح کہ اس کا مطلب اخضرار کو ثابت کرنا ہے۔ اگر نصب لاتے تو اخضرار کی نفی ہو جاتی ہے جیسا تم اپنے دوست کو کہو۔ الم ترانی انعمت علیك فتشكرُ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں نے تم پر احسان کیا پس شکریہ ادا کرتے رہو۔ اور اگر تم تشکر نصب سے پڑھو تو تم نے اس کے شکریے کی نفی کی اور شکریہ نہ کرنے کی کوتاہی پر تم اس کا شکوہ کر رہے ہو۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں نے تم پر احسان کیا پس تم شکریہ کیوں ادا نہیں کرتے؟

اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ (بیشک اللہ تعالیٰ لطف والے ہیں) اس کا علم یا فضل ہر چیز تک پہنچنے والا ہے۔ خَبِیْرٌ (مطلع ہیں) اپنی مخلوقات کے مصالح اور منافع سے۔ نمبر ۲۔ اللطیف کا معنی دقیق تدابیر کے ساتھ خاص ہیں۔ اور الخبیر ہر قلیل و کثیر کا احاطہ کرنے والے ہیں۔

۶۴: لَهٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ (اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے) ملکیت اور حاکمیت کے لحاظ سے۔ وَاِنَّ اللّٰہَ لَھُوَ الْغَنِیُّ (اور بیشک اللہ تعالیٰ ہی اپنی ذات سے بے نیاز ہے) آسمانوں اور زمین کے مابین سب کچھ فناء ہو جانے کے بعد اپنی کمالِ قدرت کے ساتھ وہ بے نیاز ہے۔ الْحَمِیْدُ وہ (مستحق ستائش ہے) آسمانوں اور زمین میں جو موجود ہیں ان سے قبل وہ اپنے انعامات کے سبب ذاتی طور پر محمود ہے۔ خواہ کوئی حمد کرنے والا ہو یا نہ ہو۔

## قدرت کے مزید نمونے:

۶۵: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ (کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے کام میں لگا دیا جو کچھ کہ زمین میں ہے) خشکی میں چوپائے تمہاری سواریوں کیلئے مطیع کر دیے گئے۔ وَالْفُلْکَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِہٖ (اور سمندر میں کشتیاں اور جہاز اسی کے حکم سے چلتے ہیں) یعنی بعض سواریاں سمندر میں چلنے والی ہیں۔

نَحْو: الفلک کو منصوب پڑھا گیا ہے۔ اس کا عطف ما پر ہے اور تجری اس کا حال ہے تقدیر کلام یہ ہے سخر لکم الفلک فی حال جریھا اور اس نے کشتیوں کو چلنے کی حالت میں مطیع کر دیا۔ وَیُمْسِکُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ (اور وہ آسمان کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے) یعنی اس کی حفاظت فرمانے والے ہیں اس سے کہ وہ زمین پر گرے۔ اِلَّا بِاِذْنِہٖ (مگر اس کے اذن سے) اس کے حکم سے یا اس کی مشیت سے اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ (بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر مہربان ہیں) کہ زمین کی تمام اشیاء اس کے کام میں لگا دیں۔ رَّحِیْمٌ (مہربان ہیں) آسمان کو روکنے میں تاکہ وہ زمین پر نہ گر پڑے۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے انعامات کو نام بنام شمار کیا تاکہ انسان انکا شکریہ ادا کریں اور اللہ تعالیٰ کو مختلف صفات سے یاد کریں۔

## قول امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ:

اسم اعظم ان آٹھ آیات میں ہے جو ان کو پڑھے گا اس کی دعا یقیناً قبول ہوگی۔

۶۶: وَھُوَ الَّذِیْٓ اَحْیَاکُمْ (اور وہی تو ہے جس نے تمہیں زندگی عطا کی) تمہاری ماؤں کے رحموں میں ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ (پھر وہ تمہیں موت دے گا) جب تمہاری اجل مقررہ ختم ہو جائے گی۔ ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ (پھر وہ تمہیں زندہ کریں گے) تاکہ تمہارا بدلہ دے اِنَّ الْاِنْسَانَ لَکَفُوْرٌ (بیشک انسان البتہ ناشکرا ہے) اس لئے کہ بے شمار قسم کی نعمتوں کا جو اس پر کی گئی ہیں شدت سے انکار کرنے والا ہے۔ اور بے شمار اقسام کے عذاب اس سے ہٹالئے وہ پھر مرغ کی ایک ٹانگ ہانک رہا ہے۔

نمبر۲۔ یہ نعمت پیدائش کو نہیں پہچان رہا جو کہ اس کا ابتدائی وجود ہے اور نہ یہ فناء کو جان رہا ہے جو کہ وعدہ مقررہ سے اس کو قریب کرنے والا ہے اور نہ یہ دوبارہ زندگی کو پہچان رہا جو مقصود تک پہنچانے والی ہے۔

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى

ہم نے ہرامت کے لئے عبادت کے طریقے مقرر کئے ہیں جن کے مطابق وہ عبادت کرتے تھے سواس امر میں وہ آپ سے جھگڑا نہ کریں اور آپ ان کو اپنے رب کی

رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ۞٦٧ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

طرف بلاتے رہیں بلاشبہ آپ ہدایت پر ہیں جو سیدھا راستہ ہے اور اگر یہ لوگ آپ سے جھگڑا کریں تو آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو

تَعْمَلُوْنَ ۞٦٨ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۞٦٩

خوب جانتا ہے' اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان ان چیزوں میں فیصلے فرما دے گا جن میں اختلافات کیا کرتے تھے'

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ

اے مخاطب کیا تجھے معلوم نہیں جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے بلاشبہ اللہ اس سب کو جانتا ہے سب کچھ کتاب میں لکھا ہے' بلاشبہ

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۞٧٠

یہ اللہ پر آسان ہے۔

## ہرامت کی ایک شریعت:

۶۷: لِكُلِّ اُمَّةٍ (اور ہرامت کیلئے) اہل دین کیلئے جَعَلْنَا مَنْسَكًا (ہم نے عبادت کا ایک طریق مقرر فرمایا) اس کی وضاحت اسی سورت میں گزری ہے یہاں دوبارہ اس کو ان لوگوں کی تردید کرنے کیلئے لایا گیا ہے جو کہتے ہیں کہ ذبح کرنا اللہ تعالیٰ نے شروع نہیں فرمایا حالانکہ یہ تو ہر اُمت کی شریعت میں ہے۔ هُمْ نَاسِكُوْهُ (جس کو وہ اختیار کرنے والے تھے) عمل کرنے والے تھے۔ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ (پس ہرگز وہ تم سے مجادلہ نہ کریں) مطلب یہ ہے۔ ان کی بات کی طرف مت دھیان دیں اور نہ ان کو موقعہ دیں کہ آپ سے مجادلہ کریں۔ فِي الْاَمْرِ (اس معاملے میں) ذبائح کا معاملہ مراد ہے یا دین کا معاملہ۔

شانِ نزول: یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین نے مسلمانوں پر یہ کہہ کر طعنہ زنی کی کہ تم تو اپنا مارا کھاتے ہو اور اللہ تعالیٰ کا مارا نہیں کھاتے؟ یعنی مردار وَادْعُ (اور تم دعوت دو) لوگوں کو اِلٰى رَبِّكَ (اپنے رب کی طرف) اپنے رب کی عبادت کی طرف اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ (بیشک آپ ہی ہدایت کے سیدھے راستہ پر ہیں) مضبوط راستے پر۔

نکتہ: یہاں لکل امة کے ساتھ واؤ نہیں لائے جبکہ پہلے ولکل امة واؤ لائی گئی ہے کیونکہ وہ ان آیات کے ساتھ آئی ہے جہاں احکام حج کا تذکرہ ہے اس لئے ان پر عطف مناسب ہے اور یہ آیت ایسے مقام پر واقع ہے جو عبادات کے احکام سے متعلق نہیں۔ اس لئے عطف کی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے واؤ نہ لائی گئی۔

۶۸: وَاِنْ جَادَلُوْكَ (اگر وہ آپ سے جھگڑا کریں) ضد وتعنت کی بناء پر آپ سے جھگڑا کریں۔جیسا کہ حمقاء کیا کرتے تھے۔اس کے باوجود کہ آپ ان سے کبھی تنازع کی صورت نہ پیدا فرماتے تو حکم دیا۔فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کا بخوبی علم ہے) ان سے جھگڑا میں نہ پڑیں بلکہ یہ بات کہہ کر مدافعت کریں۔مطلب یہ ہے اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی بخوبی خبر ہے اور جو بدلہ اس پر تمہیں ملنے والا ہے اس سے بھی واقف ہیں پس وہ خود تمہیں بدلہ دیں گے یہ درحقیقت وعید اور انذار ہے لیکن نرم ورقیق انداز میں۔

مَسْئَلَہ: اس میں یہ ادب سکھایا کہ ضدی آدمی سے کس طرح نپٹنا چاہئے۔سبحان من ادب نبیّہ باحسن الآداب۔

۶۹: اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ (اللہ تعالیٰ تمہارے مابین ان باتوں میں قیامت کے دن فیصلہ فرمائیں گے جن میں تم اختلاف کرتے تھے) اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مؤمنین اور کفار کو خطاب کیا کہ ثواب وعقاب کا فیصلہ حقیقی قیامت کے دن ہوگا۔اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان تکالیف پر تسلی دی گئی جو کفار کی طرف سے روز پیش آتی تھیں۔

۷۰: اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ (کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ اس چیز کو جو آسمان اور زمین میں ہے جانتے ہیں) یعنی کس طرح تمہارے اعمال اس سے مخفی رہ سکتے ہیں۔علماء کے ہاں یہ بات معروف ہے کہ آسمان وزمین میں جو چیز پیدا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس کو پہلے ہی جانتے ہیں۔اِنَّ ذٰلِكَ (بیشک وہ) جو ان دونوں میں موجود ہے۔فِیْ كِتٰبٍ (لوح محفوظ میں) مندرج ہے۔اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (بیشک یہ اللہ تعالیٰ پر آسان ہے) یعنی ان تمام کا جاننا اس پر گراں نہیں بلکہ آسان ہے۔

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ

اور یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن کے بارے میں اللہ نے کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی' اور نہ ان کے پاس ان کی کوئی

عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ

دلیل ہے' اور ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں' اور جب ان پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں جو خوب واضح ہیں تو اے مخاطب تو کافروں کے

فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ

چہروں میں ناگواری کو پہچان لے گا' قریب ہے کہ ان لوگوں پر حملہ کر بیٹھیں جو ان کے سامنے ہماری آیات پڑھتے

اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ

ہیں' آپ فرما دیجئے کیا میں اس سے زیادہ ناگوار چیز نہ بتا دوں؟ وہ دوزخ ہے! جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ

٩ ع ٨ ١٦ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٢﴾ ع

فرمایا ہے اور وہ برا ٹھکانہ ہے۔

۷۱: یہاں سے کفار کی اس جہالت کی طرف اشارہ کیا کہ یہ ان کی عبادت کرتے ہیں جو عبادت کے حقدار ہی نہیں ہیں۔ فرمایا: وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَالَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا (اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں جن کی معبودیت کی اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری)

قراءت: يُنْزِلْ مکی وبصری نے پڑھا ہے۔ سلطانا حجت و برہان کو کہتے ہیں۔

وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ (اور نہ ان کے پاس ان کی عبادت کے متعلق علم ہے) (یعنی عقلی دلیل نہیں ہے) یعنی عبادت میں نہ تو کسی آسمانی وحی کی دلیل سے استدلال کرنے والے ہیں اور نہ وہ کسی عقلی دلیل کو پیش کر سکتے ہیں۔ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ (اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں) اور نہ ہی ایسے ظلم کا ارتکاب کرنے والے لوگوں کا کوئی مددگار ہے جو ان کے مذہب کی تصویب و توثیق کرے۔

## تلاوت پر کفار کا غصہ:

۷۲: وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ (اور جب ان پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں) یعنی قرآن مجید تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ (تو تم کفار کے چہروں پر انکار کو پہچانو گے) انکار جو ترش روئی اور کراہت سے پہچانا جاتا ہے۔ المنکر مصدر میمی ہے انکار کرنا۔ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ (قریب ہے کہ وہ حملہ آور ہو جائیں) یسطون پکڑ لیں۔ السطو: (کودنا اور پکڑنا)۔ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا (ان لوگوں پر جو ان کے سامنے ہماری آیات پڑھتے ہیں) یتلون کی ضمیر سے مراد نبی اکرم ﷺ

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

اے لوگو! ایک مثل بیان کی گئی ہے سو تم اسے دھیان سے سن لو، بلاشبہ جو لوگ اللہ کے سوا دوسروں کی عبادت

اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا

کرتے ہیں وہ ہرگز مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے اگرچہ اس کے لئے وہ سب اکٹھے ہو جائیں اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے

لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۞۷۳ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

تو اسے چھڑا نہیں سکتے، طالب بھی کمزور اور مطلوب بھی کمزور، لوگوں نے اللہ کی ایسی تعظیم نہیں کی جیسا کہ اس کی تعظیم کا

قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۞۷۴

حق ہے بلاشبہ اللہ بڑی قوت والا ہے زبردست ہے۔

اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔

قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ( کہہ دیں کیا میں تمہیں اس سے بھی زیادہ ناگوار بتلا دوں ) تمہارے اس غصہ سے جو تمہیں تلاوت کرنے والوں پر آتا ہے۔ اوران پر حملہ آور ہونے سے یا جو تمہیں کراہت پہنچی ہے اور ضجر وا کتاہٹ اس تلاوت کی وجہ سے ہوئی ہے۔ اَلنَّارُ (وہ آگ ہے ) یہ مبتدأ محذوف کی خبر ہے گویا کہ کوئی اس طرح کہہ رہا ہے کہ وہ ناگوارترین چیز کیا ہے؟ تو جواب آیا آگ یعنی وہ آگ ہے۔ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ فرمایا ہے ) یہ جملہ مستانفہ ہے۔ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ( اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے )یعنی آگ۔

## معبودانِ باطلہ کی تحقیر:

۷۳ : جب انکا دعویٰ یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے شرکاء تو عجیب وغریب اور مشہور ہونے میں ضرب الامثال کی طرح مشہور ہیں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ (اے لوگو! بیان کی جاتی ہے ) واضح کی جاتی ہے۔ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ (ایک مثال تم اس کو غور سے سنو!) ہم یہ مثال بیان کرتے ہیں۔ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ (بیشک وہ جن کی تم عبادت کرتے ہو۔)

قراءت: یعقوب اور سہل نے یَدعون پڑھا ہے۔ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے سوا) بطور معبود لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا ( وہ ہرگز مکھی پیدا نہ کر سکیں گے )

نحو، صرف: نفی وتاکید مستقبل کیلئے لن استعمال ہوتا ہے اور اس کی مزید تاکید اس طرح بھی ہے کہ تخلیق ذباب ان سے ناممکن ہے۔ گویا کلام اس طرح ہے محال ان یخلقوا انکا مکھی پیدا کرنا ناممکن ہے۔

**سوال**: یہاں مکھی کی تخصیص کیوں کی گئی؟

**جواب**: ان کی توہین، تذلیل اور ضعف و کمزوری اور انتہائی گندگی ظاہر کرنے کیلئے لائے۔ جو ایسی حقیر ذلیل چیز پر قدرت نہیں رکھتے وہ بڑی اعلیٰ چیز کیا بنا سکیں گے پس وہ معبود بننے کے حقدار نہیں ذباب کو ذباب کہنے کی وجہ جب اس کی گندگی کی وجہ سے اس کو بھگایا جائے تو استکبار کرتے ہوئے یہ واپس لوٹ آتی ہے۔ وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ (اگرچہ وہ تمام اس کے لئے جمع ہو جائیں) مکھی کو پیدا کرنے کیلئے۔ یہ جملہ محل نصب میں ہے کیونکہ حال ہے گویا تقدیر کلام یہ ہے **مستحیل منهم ان یخلقوا الذباب مشروطًا علیهم اجتماعهم جمیعًا لخلقهٖ و تعاونهم علیه** ان سے یہ بات ناممکن ہے کہ وہ مکھی کو پیدا کریں ان کے ذمہ شرط یہ ہے کہ وہ اس کی پیدائش کیلئے تمام جمع ہو کر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں تب بھی تعاون کے باوجود وہ پیدا نہیں کر سکتے۔ یہ آیت قریش کی تجھیل کیلئے انتہائی بلیغ ہے جب انہوں نے الوہیت کو تصاویر و تماثیل کے ساتھ موصوف کیا جن کو اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے قلیل ترین پر بھی قدرت نہیں اگرچہ وہ تمام جمع ہوں۔ (حالانکہ الوہیت کا تقاضہ یہ ہے کہ تمام مقدورات پر اقتدار وقبضہ اور ان کے متعلق تمام معلومات کا احاطہ ضروری ہے) اسی لئے فرمایا وَاِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْئًا (اگر ان سے مکھی کوئی چیز چھین لے جائے)

**نحو**: شیئًا یہ یسلبهم کا دوسرا مفعول ہے۔

لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ (وہ اس سے چھڑا نہیں سکتے) یعنی یہ چھوٹی اور حقیر مخلوق اگر ان سے کوئی چیز اچک کر لے جائے اور وہ تمام اس کے لئے جمع ہوں تا کہ اس سے وہ چیز واپس چھڑوائیں تو اس پر ان کو قدرت نہ حاصل ہوگی۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: وہ اپنے بتوں پر زعفران ملتے اور ان کے سروں پر شہد جب مکھی اس سے لے جاتی تو وہ اس کے لینے سے تمام مل کر بھی عاجز تھے۔ ضَعُفَ الطَّالِبُ (کمزور ہے چاہنے والا) یعنی بت کیونکہ اس سے وہ مانگا جاتا ہے جو اس سے چھین لیا گیا۔ وَالْمَطْلُوْبُ (اور مطلوب) مکھی اس چیز کو طلب کرتی ہے جو اس نے چھینا ہے۔ یہ اس طرح فرمایا گویا کہ کمزوری میں وہ اور مکھی برابر ہیں۔ اور اگر تحقیق کی نگاہ ڈالی جائے تو طالب بہت ہی زیادہ کمزور ہے بلکہ کمزور ترین ہے۔ اس لئے کہ مکھی تو حیوان ہے۔ اور وہ جماد اور وہ مغلوب مکھی غالب ہے۔

## عاجز وعزیز کا مقابل کیسے؟

۷۴: مَاقَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ (انہوں نے اللہ تعالیٰ کے مرتبہ کا اندازہ ویسا نہیں کیا جیسا کرنا چاہیے) انہوں نے اس کو اس طرح نہیں پہچانا جیسا پہچاننا چاہیے تھا۔ وہ اس طرح کہ اس کمزور بت کو اس طرح شریک بنا ڈالا۔ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ (بیشک اللہ تعالیٰ البتہ زبردست قوت والے ہیں) یعنی اللہ تعالیٰ غالب اور قادر مطلق ہیں پھر کس طرح عاجز و مغلوب کو اس کے مشابہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ نمبر۲۔ وہ اپنے اولیاء کی نصرت کی طاقت رکھتے ہیں۔ عزیز یعنی وہ زبردست ہیں ان کے دشمنوں سے انتقام لے سکتے ہیں۔

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝۷۵
اللہ تعالیٰ فرشتوں میں سے پیغام پہنچانے والوں کو چن لیتا ہے اور آدمیوں میں سے بھی' بلاشبہ اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۷۶ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
وہ جانتا ہے کہ جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے' اور اللہ ہی کی طرف تمام امور لوٹتے ہیں۔ اے

اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۷۷
ایمان والو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور خیر کے کام کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ'

## اصطفائے الٰہی:

۷۵: اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ (اللہ تعالیٰ منتخب کر لیتا ہے) چناؤ کر لیتا ہے۔ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا (ملائکہ میں سے رسولوں کا) جیسے جبرئیل، میکائیل، اسرافیل علیہم السلام۔ وَّ مِنَ النَّاسِ (اور انسانوں میں سے) رسول جیسے ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ ومحمد صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم الصلاۃ والسلام۔ یہ درحقیقت اس بات کی تردید ہے۔ جس کا انہوں نے انکار کیا تھا کہ رسول انسانوں میں سے نہیں ہو سکتا۔ اور اس میں یہ بھی بیان فرمایا کہ رسولوں کی دو قسمیں ہیں۔ نمبر ۱۔ فرشتے۔ نمبر ۲۔ انسان

دوسرا قول یہ ہے کہ اسوقت نازل ہوئی جب کفار نے کہاء نزل علیه الذكر من بيننا [ص: ۸] اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ (بیشک اللہ تعالیٰ ان کی باتوں کو سننے والے ہیں۔) بَصِيْرٌ (دیکھنے والے ہیں) اس کو جس کو اس نے اپنے پیغامات کے لیے منتخب کرنا ہے۔ یا رسولوں کے اقوال کو سننے والے ہیں۔ جس کو عقلیں قبول کرتی ہیں۔ بصیر وہ دیکھنے والے ہیں امتوں کے حالات کو قبولیت وردّ کے سلسلہ میں۔

۷۶: يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ (وہ جانتے ہیں اس کو جو ان کے سامنے ہے) یعنی گزر چکا وَمَا خَلْفَهُمْ (اور جو ان کے پیچھے ہے) جو ابھی نہیں آیا۔ یا نمبر ۲۔ جو اعمال وہ حال میں کر رہے ہیں۔ اور جو مستقبل میں کریں گے۔ نمبر ۳۔ ان کی دنیا کے معاملے کو اور انکی آخرت کے متعلق وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ (اور تمام معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹتے ہیں) یعنی اس کی طرف تمام امور کا لوٹنا ہے اور وہ ذات جس میں یہ صفات پائی جائیں لا يسئل عما يفعل [الانبیاء: ۲۳] اس سے اس بات کا سوال نہیں کیا جا سکتا جو وہ کرے۔ اس کے فیصلوں میں کسی کو اعتراض کا حق حاصل نہیں اور اس کی تدابیر اور اختیار رسل پر کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں۔

قراءت: شامی، حمزہ، علی نے تَرْجِعُ پڑھا ہے۔

وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ

اور اللہ کے بارے میں جہاد کروجیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے' اس نے تمہیں چن لیا اور اس نے دین میں

فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ

تنگی نہیں رکھی ' اپنے باپ ابراہیم کی ملت کا اتباع کرو' اس نے تمہارا نام مسلمین رکھا

مِنْ قَبْلُ وَفِىْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى

اس سے پہلے اور اس قرآن میں' تاکہ رسول تمہارے بارے میں گواہ بن جائے اور تم لوگوں کے مقابلہ میں گواہ

النَّاسِ ۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

بن جاؤ' سو نماز قائم کرو اورزکوۃ ادا کرو' اور اللہ کو مضبوطی کے ساتھ پکڑلو وہ تمہارا مولیٰ ہے

فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۷۸ ع ۱۰ / ۱۷

سو وہ خوب مولیٰ ہے اورخوب مددگار ہے۔

## اصول کامیابی:

۷۷: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا (اے ایمان والو! تم رکوع کرو اور سجدہ کرو) اپنی نمازوں میں جب پہلے پہلے اسلام لائے تو وہ بلا رکوع وسجود کے نماز پڑھتے تھے۔ پھر ان کو حکم ہوا کہ رکوع وسجود کیا کریں۔

مَسْئَلَہ: اس میں دلیل ہے کہ اعمال ایمان کا حصہ نہیں ہیں۔ اور یہ سجدہ نماز کا ہے۔ سجدۂ تلاوت نہیں ہے۔

وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ (اور تم اپنے رب کی عبادت کرو) تم اپنے رکوع وسجود سے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا قصد کرو۔ نہ کہ بتوں کا وَافْعَلُوا الْخَيْرَ (اور بھلائی کے کام کرو) ایک قول یہ ہے جبکہ ذکر کو دیگر طاعات پر مقام ومرتبہ حاصل ہے تو اولاً ایمان والوں کو نماز کی طرف بلایا کہ نماز خالص ذکر ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے واقم الصلوۃ لذکری [طٰہٰ:۱۴] پھر نماز کے علاوہ عبادت کی طرف بلایا۔ مثلاً روزہ، حج وغیرہ۔ پھر تمام دیگر طاعات کی طرف دعوت دی۔ دوسرا قول یہ ہے اس سے مراد صلہ رحمی اور مکارم اخلاق ہیں۔ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (تاکہ تمہیں کامیابی حاصل ہو) نمبر۱۔ تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ نمبر۲۔ تم یہ تمام اعمال کرو اس حالت میں کہ تم فلاح کی امید رکھنے والے ہو۔ یقین کر کے نہ بیٹھ جانے والے ہو۔ اور نہ تم اپنے اعمال پر بھروسہ کر کے بیٹھنے والے ہو۔

۷۸: وَجَاهِدُوْا (اور تم جہاد کرو) اس میں غزوہ کا حکم دیا۔ نمبر۲۔ نفس وخواہشات سے جہاد کرو اور یہ جہاد اکبر ہے۔ نمبر۳۔ سچی بات ظالم حکمران کے سامنے کرنا۔ فِى اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی خاطر) اللہ تعالیٰ کی ذات کی خاطر اور اسی کے سبب سے۔ حَقَّ جِهَادِهٖ جیسا جہاد کا حق ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرا جائے محاورہ میں کہا جاتا

ہے هو حق عالم وجدّ عالم ای عالم حقًا وجدًا (وہ زبردست عالم ہے) حق جهادہٖ اسی سے ہے قیاس کا تقاضا یہ تھا حق الجهاد فيه یاحق جهاد کم فیه۔ حقیقی جہاد تمہارا اس میں ہے۔ لیکن اضافت ادنیٰ ملامست کی وجہ سے کر دی جاتی ہے۔ اور اختصاص کی وجہ سے کر دی جاتی ہے۔ جبکہ جہاد اللہ تعالیٰ ہی کی ذات کیلئے کیا جانا خاص تھا اور اس کی وجہ سے تھا تو اس کی اضافت اس کی طرف درست ہوئی اور ظروف کے اندر وسعت ہے جیسا کہتے ہیں ویوم شهدناه سُليمًا و عامرًا۔ جس دن کہ ہم اس میں سلیم و عامر کے ساتھ حاضر ہوئے۔

هُوَ اجْتَبٰكُمْ (اسی نے تمہیں چنا ہے) تمہیں اپنے دین اور اس کی مدد و نصرت کیلئے چنا ہے۔ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ (اور اس نے تمہارے او پر دین میں کوئی تنگی نہیں مقرر کی) حرج کا معنی تنگی۔ بلکہ اس نے تمام مکلفہ امور میں سہولیات فراہم کی ہیں۔ جیسے کہ طہارت، نماز، روزہ، حج، تیمم، ایماء، قصر، افطار جو سفر و مرض سے ہو۔ اور سواری نہ ہونے کی حالتوں وغیرہ میں آسانیاں ہیں۔

مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ (یہ تمہارے باپ ابراہیم کی ملت ہے) تم اس کی اتباع کرو اپنے باپ کی ملت کی۔ نمبر۲۔ اختصاص کی وجہ سے منصوب ہے تقدیر کلام یہ ہے اعنی بالدين ملة ابيكم ۔میرے دین سے مراد تمہارے باپ ابراہیم کی ملت ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کو باپ کہا اگرچہ وہ تمام امت کے باپ نہیں ہیں کیونکہ وہ رسول ﷺ کے جد امجد ہیں۔ اور آپ امت کے بمنزلہ باپ ہیں۔ کیونکہ امت رسول اولاد کے حکم میں ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انما انا لكم مثل الوالد (احمد، نسائی، ابن ماجہ) میں تمہارے لئے بمنزلہ والد ہوں۔

هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ (اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا) یعنی اللہ تعالیٰ نے۔ اس کی دلیل ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے: الله سما كم ۔مِنْ قَبْلُ (اس سے پہلے) پہلی کتب میں وَفِيْ هٰذَا (اور اس میں) قرآن میں یعنی تمہیں تمام امتوں پر فضیلت دی اور تمہارا یہ معزز نام رکھا۔

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ (تاکہ رسول تم پر گواہ ہوں) کہ انہوں نے تمہیں اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا ہے۔ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ (اور تم لوگوں پر گواہ بنو) رسولوں نے اللہ تعالیٰ کے پیغامات کو اپنی امتوں تک پہنچا دیا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے یہ عظمت تمہارے ساتھ مخصوص کی ہے۔ اور تمہیں سب پر ترجیح دی ہے۔ تو فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ (تو تم نماز کو اس کے فرائض کے ساتھ ادا کرو)۔ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ (اور زکوۃ کو اس کی شرائط کے ساتھ ادا کرو۔) وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ (اور مضبوطی سے اللہ تعالیٰ کو تھام لو) یعنی اللہ تعالیٰ پر کامل یقین اور توکل کرو۔ نہ کہ نماز و زکوۃ پر۔ هُوَ مَوْلٰىكُمْ (وہی تمہارا کارساز ہے) تمہارا مالک ہے اور مددگار اور تمہارے معاملات کا والی ہے۔ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى (وہ خوب کارساز ہے) تمہارے گناہوں کے باوجود رزق کو بند نہیں کیا۔

فاء سببیہ ہے جب اس کا کارساز ہونا ثابت ہوا تو بس وہی سب سے اعلیٰ کارساز ہے۔ وَنِعْمَ النَّصِيْرُ (اور خوب مددگار ہے) یعنی مددگار وہی ہے کہ تمہاری اطاعت پر وہ اعانت فرمائے گا۔ اور وہ آدمی یقیناً کامیاب ہے جس کا وہ مولیٰ اور ناصر ہو۔

الحمدللہ آج بروز جمعۃ المبارک ۸ شوال ۱۴۲۳ھ بوقت نماز مغرب ترجمۂ سورتِ حج تکمیل پذیر ہوا۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ مومنون مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو اٹھارہ آیات ہیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ

تحقیق ایمان والے کامیاب ہو گئے جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں اور جو لغو باتوں سے

اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ

اعراض کرنے والے ہیں اور جو ادائیگی زکوۃ کا کام کرنے والے ہیں ' اور جو اپنی شرم کی جگہوں کی حفاظت

حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶

کرنے والے ہیں سوائے اپنی بیویوں کے یا ان باندیوں کے جن کے وہ مالک ہوں۔ سو بلاشبہ وہ ان میں اپنی شرم کی جگہوں کو استعمال کرنے پر ملامت کئے ہوئے نہیں ہیں۔

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

سو جس نے اس کے علاوہ کچھ تلاش کیا تو وہ لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہیں ' اور جو لوگ اپنی امانتوں اور عہدوں کی

رٰعُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ

رعایت کرنے والے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے والے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو میراث پانے والے ہیں۔ جو

يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱

فردوس کے وارث ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔



۱: قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ (تحقیق ایمان والے کامیاب ہو گئے)

۲: الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ (تحقیق فلاح پائی ان مؤمنون نے جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں)

## ایمان والوں کی متوقع بشارت:

قَدْ اَفْلَحَ میں قد لمّا کی نقیض ہے۔ یہ متوقع کو ثابت کرتا ہے جبکہ لمّا اس کی نفی کرتا ہے مؤمن اس قسم کی بشارات کی توقع

رکھتے تھے۔اس میں ان کے لئے کامیابی کے ثابت ہونے کی خبر دی گئی ہے۔اس لئے جس بات کی وہ توقع رکھتے تھے اسی کے ثبوت پر دلالت کے انداز سے خطاب کیا گیا۔الفلاح مطلوب کو پالینا اور خطرات سے بچ جانا۔یعنی انہوں نے اپنے مطالبے کو پالیا اور جن چیزوں سے وہ خائف تھے ان سے نجات پالی۔الایمان لغت میں تصدیق کو کہتے ہیں اور المؤمن تصدیق کرنے والا۔

## شرع میں ایمان:

ہر وہ شخص جو شہادتین کا زبان سے اس حالت میں اقرار کرلے کہ اس کا دل اس کی زبان سے موافقت کرنے والا ہو۔وہ مؤمن کہلاتا ہے۔

قول رسول اللہ ﷺ: اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کر کے فرمایا بات کرو تو جنت نے کہا قد افلح المؤمنون تین مرتبہ کہا مجھے ہر بخیل دکھلاوے والے پر حرام کر دیا گیا ہے [ابونعیم ۱۷۱] کیونکہ اس نے عبادات بدنیہ کو ریاکاری سے باطل کر دیا اور عبادت مالیہ تو پہلے ہی اس کی موجود نہیں ہے۔

۲: الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ خاشعون کا معنی دل سے ڈرنے والے ہیں اور ان کے جوارح پرسکون ہیں۔دوسرا قول خشوع فی الصلاۃ اور وہ یہ ہے کہ اپنی توجہ کو اس کے لئے جمع کرنا اور اس کے ماسوا سے اعراض کرنا اور نگاہ کا جائے نماز سے آگے نہ بڑھنا دائیں بائیں متوجہ نہ ہونا۔نہ کپڑوں سے کھیلنا نہ کپڑا لٹکانا۔نہ انگلیاں منکانا۔اور نہ کنکریوں کو الٹنا پلٹنا وغیر ذلک۔قول ابو الدرداء رضی اللہ عنہ: زبان کے اخلاص، مقام کی تعظیم اور کامل یقین اور مکمل یکسوئی کو خشوع کہا جاتا ہے۔خشوع نگاہ و آواز میں تواضع اور خضوع اعضائے بدن میں سکون۔

## اضافتِ صلاۃ:

نماز کی اضافت نمازیوں کی طرف کی گئی مصلی لہ کی طرف نہیں کی گئی۔کیونکہ نمازی کو صرف اس سے فائدہ پہنچتا ہے اور وہ اس کا ذخیرہ اور زادِ سفر ہے باقی ذات باری تعالیٰ جس کے لیے نماز پڑھی جا رہی ہے۔وہ اس سے غنی و بے نیاز ہے۔

۳: وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ (اور وہ لوگ جو لغو سے اعراض کرنے والے ہیں)

اللَّغْوِ ہر گری ہوئی بات جو بے کار ہونے کی مستحق ہو مثلاً جھوٹ، گالی، بکواس، مطلب یہ ہے ان کو ایسا وقار حاصل ہے جو ہزل سے ان کو مصروف کرنے والا ہے۔پچھلی آیت میں ان کی صفت خشوع فی الصلاۃ کی ذکر کی تو اس آیت میں ان کی دوسری صفت لغویات سے اعراض کی ذکر کر دی۔تاکہ نفوس پر گراں گزرنے والی دو باتیں ان میں جمع ہو جائیں۔نمبرا۔فعل خشوع اور ترک لغو اور یہی دونوں چیزیں تکلیف کی عمارت کے بنیادی پتھر ہیں۔

۴: وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ (اور وہ لوگ جو زکوٰۃ کو ادا کرنیوالے ہیں) فاعلون کا معنی ادا کرنے والے ہیں۔فاعلون کے استعمال سے ان کی مداومت کو ثابت کیا۔مؤدون کا لفظ یہ مداومت نہیں رکھتا۔

ایک قول الزکوٰۃ کا لفظ مشترک ہے اس کا اطلاق اعیان پر ہوتا ہے تو اس سے وہ مالی مقدار مراد لی جائے گی جسے زکوٰۃ دینے

والانصاب میں سے فقیر کے سپرد کرتا ہے اور اگر اس کا اطلاق معنی پر ہو تو پھر مراد اس سے تزکیہ کا فعل جو پاکیزگی والا انجام دیتا ہے۔

### مفسر کی رائے:

یہاں یہی مراد ہے تزکیہ کرنے والوں کو فاعلین کہا کیونکہ فعل کا لفظ تمام افعال کو عام ہے جیسے الضرب ، القتل وغیرہ۔تم کہو گے فعل الضرب و القتل و التزکیۃ۔

البتہ یہ بھی جائز ہے یہاں زکوٰۃ سے زکوٰۃ مال مراد لی جائے۔اس صورت میں مضاف کو مقدر مانا جائے گا۔اور وہ اداء کا لفظ ہوگا۔

نحو: لام کو مفعول کے مقدم ہونے کی وجہ سے اور اسم فاعل کے عمل کے ضعیف ہونے کی بناء پر لایا گیا ہے جیسے تم کہو گے ھذا ضارب لزیدٍ مگر اس طرح نہیں کہتے۔ضَرَبَ لزید۔

۵: وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ (اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں)

الفرج یہ مرد و عورت دونوں کے مستورہ اعضاء کو شامل ہے۔

۶: اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ (مگر اپنی بیویوں پر)

نحو: یہ موضع حال میں ہے ای الا والین علی ازواجھم اس حال میں کہ وہ ولایت رکھنے والے ہیں اپنی ازواج پر نمبر۲۔ ان پر نگہبان ہیں (قوامین کے معنی میں ہے) اس صورت میں یہ اس قول سے ماخوذ ہوگا۔کانہ زیادعمل البصرۃ ۔ ای والیا علیھا اس پر والی تھا۔

مطلب یہ ہے کہ وہ تمام احوال میں اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔مگر تزوج کی حالت اس سے مستثنٰی ہے یا باندی بنانے کی صورت۔نمبر۳۔علی کا تعلق محذوف سے ہے۔جس پر غیر ملومین دلالت کر رہا ہے۔گویا اس طرح فرمایا۔یلامون الا علی ازواجھم یعنی یلامون علی کل مباشرۃ الا ما اطلق لھم فانھم غیر ملومین علیہ ۔وہ ہر مباشرہ پر ملامت کے قابل ہیں۔مگر وہ جس میں ان کو آزاد چھوڑا گیا وہ قابلِ ملامت نہیں۔

فرّاء کا قول علیٰ مِنْ کے معنی میں ہے یعنی وہ حفاظت کرنیوالے ہیں اپنی شرمگاہوں کی مگر اپنی بیویوں سے یا اپنی باندیوں سے اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ (یا جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ ہیں) یعنی باندیاں۔یہاں مَن کی بجائے ما استعمال کیا گیا۔ حالانکہ وہ غیر ذوالعقول کیلئے ہے۔کیونکہ مملوک غیر عاقل کے قائم مقام ہے۔اسی لئے ان کو بہائم کی طرح فروخت کیا جاتا ہے۔ نیز عورتوں کو کم عقلی کی وجہ سے ما کے عموم میں داخل کیا گیا۔

فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ (وہ ان کے متعلق قابلِ ملامت نہیں ہونگے) یعنی اگر وہ اپنی شرمگاہوں کو اپنی بیویوں اور باندیوں سے محفوظ کر کے نہ رکھیں تو وہ قابلِ ملامت نہ ہونگے۔

۷: فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ (پھر جس نے تلاش کیا اس کے علاوہ اور راستہ) قضائے شہوت کیلئے ان دو کے علاوہ اور راستہ ڈھونڈا۔فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ (پس وہی لوگ حد سے گزرنے والے ہیں) عادون۔سرکشی میں کامل۔

مَسْئَلَہ: اس میں متعہ اور استمناء بالکف کی حرمت ثابت ہو رہی ہے کیونکہ یہ دونوں بارادۂ قضائے شہوت کیلئے کئے جاتے ہیں۔

۸: وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ (اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور وعدوں کا)
قراءت: مکی اور سہل نے لا مانتهم پڑھا ہے۔

آیت میں مؤتمن علیہ شیٔ اور معاھد علیہ کو امانت سے تعبیر کیا جیسا دوسرے ارشاد میں فرمایا ان الله یامر کم ان تووا الامانات الی اهلها [النساء: ۵۸] ادائیگی تو عینون کی ہوتی ہے معانی کی نہیں ہوتی۔ پس مراد اس سے وہ تمام امانتیں اور وعدے ہیں جو اللہ تعالیٰ یا مخلوق کی طرف سے کیے جائیں۔ رَاعُوْنَ (وہ حفاظت کرنے والے ہیں۔) الراعی وہ شخص جو کسی چیز کی حفاظت واصلاح کا ذمہ دار ہو۔ جیسا کہ چرواہا بکریوں کیلئے ہوتا ہے۔

۹: وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ (اور وہ لوگ جو اپنی نماز کی محافظت کرنے والے ہیں) صَلَاتِهِمْ ابوبکر کے علاوہ کوفیین نے واحد پڑھا ہے۔ يُحَافِظُوْنَ (ان کے اوقات میں مداومت کرنے والے ہیں۔)

## وجہ اعادۂ صلاۃ:

اہمیت کی وجہ سے نماز کو دوبارہ لایا گیا اور اول آیت میں خشوعِ صلاۃ کا ذکر تھا اور اس میں محافظت کا تذکرہ فرمایا۔ پہلی آیت میں صلاۃ کو واحد لائے تا کہ جنس صلاۃ میں خشوع کا لازم ہونا ظاہر ہو اور پچھلی آیت میں صلوات جمع لائے تا کہ انواعِ صلاۃ فرائض واجبات، سنن ونوافل تمام کی محافظت ثابت ہونے کا فائدہ حاصل ہو۔

۱۰: اُولٰٓئِكَ (وہ جو ان صفات کے جامع ہیں۔) هُمُ الْوٰرِثُوْنَ (وہی وارث ہیں) اس بات کے حقدار ہیں کہ ان کو وارث کہا جائے اور کوئی اس کا حقدار نہیں۔ پھر وارثین کی اس ارشاد سے ترجمانی فرمائی۔

۱۱: الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ (وہ لوگ جو کہ وارث ہونگے) کفار کی متروکات سے۔ حدیث میں ہے تم میں سے ہر ایک کے دو مکان ہیں ایک آگ میں مکان اور ایک جنت میں مکان۔ اگر مر کر جنت میں گیا تو اہل نار کو اس کا دوزخی مکان مل جائے گا۔ اور اگر مر کر دوزخ میں گیا تو اہل جنت اس کے مکان کے وارث ہونگے [رواہ ابن ماجہ، ابن مردویہ، بیہقی فی البعث] الْفِرْدَوْسَ (فردوس کے) وہ وسیع باغ ہے جس میں پھلوں کی تمام اقسام ہیں۔

## قطرب کا قول یہ ہے:

یہ جنتوں میں سے اعلیٰ جنت ہے۔ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے) الفردوس کے لفظ کی طرف ھا کی ضمیر تاویل جنت کی بناء پر لوٹائی گئی ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے بنایا پھر ہم نے اسے ٹھہرنے کی جگہ میں نطفہ کی صورت میں رکھا

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے اس لوتھڑے کو بوٹی بنا دیا، پھر ہم نے اس بوٹی کو ہڈیاں بنا دیا پھر ہم نے ان ہڈیوں کو

الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ

گوشت پہنا دیا، پھر ہم نے اسکو دوسری طرح کی مخلوق بنا دیا،سو بابرکت ہے اللہ کی ذات جو سب صناعوں سے بہتر ہے، پھر بلاشبہ تم

بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾

اسکے بعد ضرور ہی مرجانے والے ہو، پھر بلاشبہ تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے۔

## تخلیقِ آدم علیہ السلام:

۱۲: وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ (تحقیق ہم نے جنس انسان کو پیدا کیا) یعنی آدم علیہ السلام کو۔ مِنْ سُلٰلَةٍ (خلاصہ سے)

نحو: مِن ابتدائیہ ہے۔ السلالة۔ خلاصہ نچوڑ، کیونکہ اس کو گدلے پن میں سے نکالا جاتا ہے۔ ایک قول جس مٹی سے آدم علیہ السلام کو بنایا اسی کو سلالہ فرمایا کیونکہ وہ ہر مٹی کا جوہر تھا۔ مِّنْ طِيْنٍ (مٹی سے) من بیانیہ ہے۔ جیسا اس آیت میں من الاوثان [الحج: ۳۰]

## نسل کے مراحلِ تخلیق:

۱۳: ثُمَّ جَعَلْنٰهُ (پھر اس کو بنایا) یعنی اس کی نسل کو ۔

نحو: مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام بنا دیا کیونکہ آدم علیہ السلام کو نطفہ سے نہیں بنایا گیا۔ وہ اسی طرح ہے جیسے فرمایا وبدأ خلق الانسان من طين ثم جعل نسله من سلالة من ماءٍ مهين [السجدہ: ۷:۸]

ایک قول الانسان سے بنو آدم مراد ہیں اور السلالہ سے نطفہ اہل عرب نطفہ کو سلالۃ کہتے ہیں۔ ای ولقد خلقنا الانسان میں من سلالة یعنی ایسے نطفہ سے جو مٹی سے نکلا اور بنا ہوا ہے اور وہ آدم علیہ السلام ہیں۔

نُطْفَةً (معمولی پانی) فِيْ قَرَارٍ (ایک قرارگاہ میں) یعنی رحم مَّكِيْنٍ (مضبوط۔)

۱۴: ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ (پھر ہم نے نطفہ کو بنایا۔)

نحو: یہاں خلق کو صیّر کے معنی میں لیا کیونکہ وہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہے۔ اور اصل میں خلق ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ عَلَقَةً (خون کا لوتھڑا)۔ مطلب یہ ہے کہ ہم نے سفید نطفہ کو سرخ لوتھڑا بنایا۔

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً (پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں) فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا (پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی)

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا (پھر ہم نے ہڈیوں کو گوشت پہنایا) ہڈیوں پر گوشت اُگا دیا۔ وہ ہڈیوں کا لباس سا بن گیا۔

**قراءت:** شامی اور ابوبکر نے **العظم** پڑھا ہے۔ زید نے یعقوب سے **العظام** اور ابوزید سے **العظم** واحد کو جمع کی جگہ لائے کیونکہ التباس کا خدشہ نہیں اور انسان بہت سی ہڈیوں والا ہے۔

ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ (پھر اس کو بنایا) اس میں ضمیر انسان کی طرف لوٹتی ہے۔ نمبر۲۔ المذکور کی طرف لوٹتی ہے۔ خَلْقًا اٰخَرَ (دوسری مخلوق) یعنی ایسی تخلیق جو پہلی کے خلاف تھی۔ اولاً جماد تھا پھر حیوان بنا دیا۔ اور حیوان ناطق سمیع وبصیر بنایا۔ حالانکہ پہلے وہ اس کے برعکس تھا۔

## قولِ احناف:

اسی بنیاد پر ہم کہتے ہیں اگر کسی نے ایک انڈا غصب کیا وہ بار آور تھا اس سے چوزا نکل آیا۔ اس پر انڈے کی ضمان لازم ہے۔ چوزا واپس نہ کرے گا۔ کیونکہ وہ (خلق آخر) دوسری تخلیق ہے جو انڈے سے مختلف اور الگ ہے۔

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ (پس اللہ تعالیٰ بڑی شان والے ہیں) علم وقدرت میں اس کی شان بلند ہے۔

اَحْسَنُ ‏ نَحْوٌ: یہ خبر مبتدأ محذوف کی ہے۔ یا بدل ہے مگر صفت نہیں کیونکہ یہ نکرہ ہے خواہ مضاف ہے کیونکہ یہاں مضاف الیہ مِنْ کے عوض آیا ہے۔ الْخٰلِقِيْنَ (سب سے بہتر پیدا کرنے والے ہیں) خالقین۔ مقدرین کے معنی میں ہے یعنی وہ اندازہ کرنے والوں میں سب سے بہتر انداز کرنے والے ہیں۔ تو ممیّز کا ذکر الخالقین کی دلالت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔

## ایک قول:

عبداللہ بن سعد بن ابی سرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کاتب تھا۔ اس نے یہ جملہ آپ کے لکھوانے سے پہلے بولا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ اس پر عبداللہ کہنے لگا۔ اگر محمد نبی ہیں تو میں بھی نبی ہوں اور مجھ پر بھی وحی آتی ہے پھر وہ مرتد ہو کر مکہ چلا گیا پھر فتح مکہ کے روز مسلمان ہوا۔

## دوسرا قول:

یہ حکایت جس کو سبیل الرشاد اور ثعلبی نے کلبی عن ابن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ صحیح نہیں کیونکہ ارتداد کا واقعہ مدینہ کا ہے اور یہ سورۃ مکمل مکی ہے دوسرا کلبی مشہور دروغ گو راوی ہے۔ (فلیحذر) اور قول یہ ہے کہ یہ جملہ فاروق اعظم کی زبان سے نکلا (موافقات وحی میں سے ہے) یا معاذ رضی اللہ عنہ کی زبان سے نکلا ہے۔

۱۵: ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ (پھر تم اس کے بعد) اس کے بعد جو ہم نے تمہارا معاملہ ذکر کیا۔ لَمَيِّتُوْنَ (البتہ مرنے والے ہو) اپنی مدت عمر ختم ہونے پر۔

۱۶: ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ (پھر بیشک تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے) جزاء کیلئے زندہ کئے جاؤ گے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے تمہارے اوپر سات طرائق پیدا کیے ہیں اور ہم مخلوق سے بے خبر نہیں ہیں۔ اور ہم نے آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

خاص مقدار کے مطابق پانی اتارا پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا اور ہم اس کے معدوم کرنے پر قادر ہیں

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا وقف لازم

پھر ہم نے اس کے ذریعہ تمہارے لیے کھجور اور انگور کے باغ پیدا کیے ان میں تمہارے لیے بکثرت میوے ہیں اور ان میں سے

تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾

تم کھاتے ہو، اور ہم نے ایک درخت پیدا کیا جو طور سیناء سے تیل لیے ہوئے اگتا ہے اور کھانے والوں کے لیے سالن لے کر اگتا ہے۔

## آسمانی مہد کے تخلیقی نمونے:

۱۷: وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ (یقیناً ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان بنا دیئے) طرائق جمع طریقة کی ہے اور مراد اس سے آسمان ہیں کیونکہ وہ ملائکہ کے راستے ہیں اور ان کے آنے جانے کی جگہیں ہیں۔ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ (اور ہم مخلوق سے بے خبر نہ تھے) خلق سے السمٰوت مراد ہیں۔ گویا اس طرح فرمایا: خلقنا ھا فوقھم۔ ہم نے ان کو اوپر بنایا اور ہم ان سے بے خبر اور ان کی حفاظت سے غافل نہیں۔

نمبر۲۔ الخلق سے لوگ مراد ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان آسمانوں کو انسانوں کے اوپر اس لئے بنایا ہے تاکہ ان پر ارزاق و برکات کھول دیے جائیں اور اللہ تعالیٰ نہ ان سے بے خبر ہیں اور نہ ان کی مصالح سے غافل ہیں۔

۱۸: وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا) یعنی بارش بِقَدَرٍ (ایک مقدار سے) ایک اندازے سے تاکہ اس کے ساتھ مضرت سے محفوظ رہیں۔ اور منفعت کو پالیں یا اتنی مقدار سے جتنی ان کی ضروریات کے مطابق ہم نے جانی۔ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ (پس اس کو ہم نے زمین میں ٹھہرا دیا) جیسا دوسرے ارشاد میں فرمایا: فسلکه ینابیع فی الارض [الزمر: ۲۱] ایک اور قول یہ ہے ہم نے اس کو زمین میں قائم رکھا زمین کا تمام پانی بارش ہی کا ہے۔ پھر ان سے شکریہ کا اس انداز سے مطالبہ کیا۔ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ (اور بیشک ہم اس کو معدوم کرنے پر قدرت رکھتے ہیں) یعنی جس طرح ہم اتارنے پر قادر ہیں اسی طرح لے جانے پر بھی قدرت رکھتے ہیں پس اس نعمت کو شکریے سے محفوظ کرو۔

۱۹: فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ (پس ہم نے تمہارے لئے اس سے پیدا کر دیا) یعنی پانی سے جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ لَكُمْ فِيْهَا (کھجور اور انگور کے باغات تمہارے فائدہ کے لئے ان میں) یعنی باغات میں فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ (بہت سے میوہ جات) کھجور انگور کے علاوہ

بھی ہیں۔ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (اورانہی میں سے تم کھاتے ہو) ان باغات یعنی ان کے پھلوں سے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ یہ اس قول سے ماخوذ ہو فلان یاکل من حرفة یحترفها ومن صنعة یغتلّها یعنی اس کا وہ رزق ہے اور وہ ذریعہ ہے جس سے رزق کماتا ہے گویا اس طرح فرمایا کہ یہ باغات تمہارے ارزاق ومعیشت کے اسباب وذرائع ہیں انہی سے تمہیں رزق دیا جاتا ہے اورانہی سے تم گزراوقات کرتے ہو۔

۲۰: وَشَجَرَةً (اورہم نے ایک درخت پیدا کیا) اس کا عطف جنٰتٍ پر ہے اور وہ زیتون کا درخت ہے۔ تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَیْنَآءَ (جو طور سیناء میں پیدا ہوتا ہے)

نحو: طور سیناء اور طور سینین میں یا تو طور کی اضافت بقعہ کی طرف ہو جس کا نام سیناء اور سینون ہو یا نمبر۲۔ پہاڑ کا نام جو مضاف، مضاف الیہ سے مرکب ہو جیسے امرئ القیس ۔ یہ فلسطین کا ایک پہاڑ ہے۔ اور سیناء ہر حال میں غیر منصرف ہے اس کا سین مکسور ہے۔ جیسا حجازی اور ابوعمرو نے سیناء پڑھا ہے اور دو وجہ تعریف اور عجمہ پائی جاتی ہیں۔ یا یہ سَیْنَاء جیسا دیگر قراء کی قراءت ہے کیونکہ الف تانیث ہے جیسے صَحْراء یہ دوسبب کے قائم مقام ہے۔

تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ (جو اگتا ہے تیل لیے ہوئے) زجاج کا قول: باء حال کیلئے لائے ای تنبت و معها الدهن گویا باء مع کے معنی میں ہے۔ وہ اس حال میں اگتا ہے کہ اس کے ساتھ تیل ہوتا ہے۔

قراءت: تُنْبِتُ مکی اور ابوعمرو نے پڑھا خواہ اس وجہ سے کہ اَنْبَتَ بمعنی نَبَتَ آیا ہے۔ جیسا کہتے ہیں حتی اذا انبت البقل ای نبت البقل: سبزہ اُگا۔ یا اس کا مفعول محذوف ہے ای تنبت زیتونها و فیه الدهن۔ وہ اپنے زیتون کو اُگاتا ہے جس میں تیل ہوتا ہے۔

وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِیْنَ (اور کھانے والوں کیلئے سالن) یعنی وہ اس میں روٹی ڈبو کر یا چرب کر کے کھاتے ہیں۔

## قول مقاتل:

اللہ تعالیٰ نے اس میں سالن اور تیل رکھ دیا۔ الادام الزیتون کا اچار الدُّهن تیل۔

ایک قول یہ ہے کہ یہ زمین پر پہلا درخت تھا جو طوفان کے بعد اُگا۔

## وجہ تخصیص:

ان تین اقسام کو خاص اس لئے کیا کیونکہ یہ معزز اور افضل اور کثیر المنافع درخت ہے۔

## چوپاؤں کا تذکرہ:

۲۱: وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ (اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں) انعام جمع نعم کی ہے اونٹ، گائے، بکری، بھیڑ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ (البتہ عبرت ہے، ہم تمہیں پلاتے ہیں۔)

قراءت: شامی، نافع، ابوبکر نے نَسْقِیکم پڑھا ہے۔ اور یہ سقی و اسقی کی طرح دولغات ہیں۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ

اور بلاشبہ تمہارے لیے چوپایوں میں عبرت ہے، ہم تمہیں ان میں سے پلاتے ہیں جو ان کے پیٹوں میں ہے، اور تمہارے لیے ان میں بہت منافع ہیں

ع ۱ / ۲۲ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۲۱ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝۲۲ ع

اور ان میں سے تم کھاتے ہو، اور ان چوپایوں پر اور کشتیوں پر اٹھائے جاتے ہو۔

مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا (اس سے جو ان کے پیٹوں میں ہے) یعنی ہم ان کے پیٹوں سے تمہارے لئے خالص مزیدار دودھ نکالتے ہیں۔ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ (اور تمہارے لئے ان میں اور بہت فوائد ہیں) جو دودھ کے علاوہ ہیں۔ مثلاً اون، بال پشم، جن سے مختلف انسانی لباس بنتے ہیں۔ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو) یعنی ان کا گوشت۔

۲۲: وَعَلَيْهَا (اور ان پر) چوپایوں پر خشکی میں وَعَلَى الْفُلْكِ (اور کشتیوں پر) سمندروں میں تُحْمَلُوْنَ (لدے پھرتے ہو اپنے سفروں میں) اور اس میں اشارہ ہے کہ انعام سے مراد اونٹ ہے کیونکہ عادۃً انہی پر بوجھ لادا جاتا ہے اسی وجہ سے فلک کے ساتھ ملا کر ذکر کیا۔ کیونکہ اونٹوں کو بھی سفائن البّر یعنی خشکی کے جہاز نام دیا جاتا ہے جیسا ذوالرمہ شاعر کا قول ہے۔ سفينة برٍّ تحت خدّي زمامُها۔ خشکی کی کشتی کہ جس کی نکیل میری رخسار کے نیچے ہے۔ سفینہ سے یہاں اپنی اونٹنی مراد لے رہا ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا سو انہوں نے کہا کہ اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو اسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم

تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یُرِیْدُ اَنْ

ڈرتے نہیں ہو، سو ان کی قوم کے سرداروں نے کہا جنہوں نے کفر اختیار کیا کہ یہ شخص تمہارے ہی جیسا آدمی ہے۔ یہ چاہتا ہے کہ تم پر

یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْۤ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۴﴾

فضیلت والا بن کر رہے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتوں کو نازل فرما دیتا ہم نے تو یہ بات اپنے باپ دادوں میں نہیں سنی جو ہم سے پہلے تھے،

## حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ:

۲۳: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ ( اور تحقیق ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ انہوں نے کہا اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو ) یعنی اس کو وحدہٗ لاشریک مانو۔ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ ( تمہارے لئے اور کوئی معبود ) الٰہ معبود کے معنی میں ہے۔ غَیْرُهٗ اس کے سوا۔

نَحْو : یہ محلاً مرفوع ہے اور لفظوں کے لحاظ سے مجرور ہے۔ اور جملہ مستانفہ ہے امر عبادت کی تعلیل کے طور پر لایا گیا ہے۔ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ( پس کیا تم اس سے ڈرتے نہیں ہو ) یعنی کیا تمہیں اس کے عذاب کا ڈر نہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ جو کہ تمہارا رب ہے اور تمہارا خالق ہے جبکہ تم دوسروں کی عبادت کرتے ہو جو عبادت کا ذرا بھر استحقاق نہیں رکھتا۔

## قوم کے بڑے:

۲۴: فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ ( پس ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا ) یعنی شرفاء و سرداروں نے عوام الناس کو کہا۔ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ( یہ تم جیسا انسان ہے ) جو کھاتا پیتا ہے۔ یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ( تم پر برتری چاہتا ہے ) یعنی تم پر بزرگی اور سرداری کرنا چاہتا ہے۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ ( اگر اللہ تعالیٰ چاہتے ) کہ وہ اپنا رسول بھیجیں۔ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ( تو وہ ضرور فرشتے اُتارتا ) مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا ( ہم نے یہ بات نہیں سنی ) بشر کو رسول بنا کر بھیجنے والی بات یا وہ بات جس کا یہ ہمیں حکم دیتا ہے جیسے توحید، سب معبودان باطلہ وغیرہ۔

نکتہ: مزاج انسانی ملاحظہ ہو۔ پتھر کو اٹھا کر الوہیت کا مرتبہ دے دیا۔ مگر بشر کے لئے نبوت کے قائل نہ ہوئے۔ فِیْۤ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ ( اپنے پہلے آباء و اجداد میں۔ )

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبِّ انصُرْنِي بِمَا

اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے کہ اس کو جنون ہو گیا ہے سو تم کچھ وقت تک اس کا انتظار کر لو۔ نوح نے عرض کیا کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا

كَذَّبُونِ ﴿٢٦﴾ فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا

میری مدد فرمایئے سو ہم نے نوح کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے سامنے اور ہماری وحی سے کشتی بنا لو پھر جب ہمارا حکم پہنچے

وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ

اور تنور سے پانی پھوٹ نکلے تو ہر جوڑے سے دو عدد یعنی ایک ایک نر ایک ایک مادہ کشتی میں داخل کر دینا اور اپنے گھر والوں کو بھی سوائے اسکے جس پر

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِذَا

ان میں سے پہلے بات طے ہو چکی ہے۔ اور ان لوگوں کے بارے میں مجھ سے خطاب نہ کرنا جنہوں نے ظلم کیا، بلاشبہ وہ غرق کئے جانے والے ہیں، سو جب

اسْتَوَيْتَ أَنتَ وَمَن مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ

تم اور وہ لوگ جو تمہارے ساتھ ہیں ٹھیک طرح کشتی میں بیٹھ جائیں تو یوں کہنا کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں ظالم قوم سے

الظَّالِمِينَ ﴿٢٨﴾ وَقُل رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ﴿٢٩﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

نجات دی، اور تم یوں دعا کرو کہ اے میرے رب مجھے برکت کا اتارنا اتاریو اور آپ اتارنے والوں میں سب سے بہتر ہیں، بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں

وَإِن كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ﴿٣٠﴾

اور بلاشبہ ہم ضرور آزمانے والے ہیں۔

۲۵: إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ (یہ صرف ایک ایسا آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے) جِنَّةٌ کا معنی جنون ہے فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتّٰى حِيْنٍ (پس اس کو برداشت کرو اور ایک وقت کا انتظار کرو) پس تم انتظار کرو اس کے متعلق ایک زمانہ تک صبر کرو یہاں تک کہ اس کا معاملہ کھل کر سامنے آ جائے۔ پھر اگر تو جنون سے افاقہ ہوا فبہا ورنہ اس کو قتل کر دینا۔

۲۶: قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ (کہا نوح علیہ السلام نے اے میرے رب چونکہ انہوں نے میری تکذیب کی ہے اس لئے تو ان سے میرا بدلہ لے) جب نوح علیہ السلام ان کے ایمان سے مایوس ہو گئے تو اللہ تعالیٰ سے انتقام کی دعا کی۔ مطلب یہ ہے میری تکذیب کرنے کی وجہ سے ان کو ہلاک کر دے۔ کیونکہ نوح علیہ السلام کی نصرت ان کے ہلاک کرنے سے ہی ہو سکتی تھی۔ یا نمبر۲۔ اُنصرنی یہ ماکذبون کا بدل ہے جیسے تم کہو۔ هذا بذاك ای بدل ذاك۔ اس طرح معنی یہ ہو گا اے میرے رب ان کی تکذیب کے غم کو ان پر غلبہ کی تسلی سے بدل دے۔

## کشتی سامنے بنانے کا مطلب:

۲۷: فَاَوْحَیْنَآ اِلَیْهِ (پس ہم نے ان کی طرف وحی کی) یعنی ان کی دعا کو قبولیت بخشی اور ان کی طرف یہ وحی بھیجی۔ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْیُنِنَا (تم ہمارے سامنے کشتی تیار کرو) تم اس کو اس حالت میں بناؤ کہ تمہیں اپنے متعلق اللہ تعالیٰ کی حفاظت کا یقین ہو اور یہ بھی یقین ہو کہ تم اس کی نگاہ میں ہو یا ہماری حفاظت ونگرانی کا یقین اسقدر ہو گویا کہ تمہارے ساتھ ہمارے حفاظت کرنے والے ہیں جو اپنی آنکھوں سے تمہاری نگہبانی کرر ہے ہیں تا کہ کوئی تمہارے معاملے میں کوئی رکاوٹ نہ ڈالے اور نہ کوئی مفسد تمہارے کام کو برباد کر سکے اہل عرب کا محاورہ ہے علیه من الله عین کالنة اس پر اللہ تعالیٰ کی نگرانی ہے۔ وَوَحْیِنَا (اور ہماری وحی سے) ہمارے حکم اور ہماری اس تعلیم سے جو اس کے بنانے کے سلسلے میں ہم نے دی ہے۔ روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ وہ کشتی پرندے کے سینے کی مثال سامنے رکھ کر بنائیں۔

فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا (پس جب ہمارا حکم آجائے) عذاب والا حکم وَفَارَ التَّنُّوْرُ (اور تنور نے جوش مارا) یعنی پانی روٹی کے تنور سے جوش مارنے لگے۔

کرشمہ قدرت: دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے پانی کا چشمہ آگ جلنے کے مقام سے نکال دیا۔ تا کہ عبرت وانذار کے لیے زیادہ فائدہ دے۔

تفسیری روایت میں ہے نوح علیہ السلام سے کہا گیا کہ جب تم تنور میں سے پانی نکلتا دیکھو تو ایمان والوں کو لے کر کشتی میں سوار ہو جاؤ۔ جب تنور سے پانی اُبلا تو ان کی بیوی نے ہی آ کر اطلاع دی یہ تنور آدم علیہ السلام کے زمانہ سے چلا آ رہا تھا۔ یہ پتھروں کا بنا ہوا تھا۔ البتہ اس کے متعلق یہ اختلاف ہے کہ وہ کہاں واقع تھا ایک قول یہ ہے کہ مسجد کوفہ والی جگہ پر واقع تھا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ شام میں تیسرا قول یہ ہے کہ ہند میں۔

فَاسْلُكْ فِیْهَا (پس اس میں داخل کر لینا) یعنی کشتی میں مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ (ہر قسم کے جانوروں کا ایک جوڑا) یعنی ایک نر ایک مادہ، مثلاً ایک اونٹ، ایک ناقہ، ایک گھوڑا ایک گھوڑی، اثْنَیْنِ (دو واحد مل کر) ایک اونٹ، اونٹنی، گھوڑی، گھوڑا۔ تفسیری روایت میں ہے کہ انہوں نے اپنے ساتھ بچہ جننے اور انڈے دینے والے جانور لئے۔

قراءت: من كلِّ کسرہ کے ساتھ ابن عامر، حمزہ، نافع وغیرہ کی قراءت ہے۔ جبکہ حفص نے من كلٍّ پڑھا ہے۔ یعنی ہر جماعت سے زوجین اثنین ایک جوڑا۔ اثْنَیْنِ یہ تاکید اور زیادہ وضاحت کے لئے لایا گیا ہے۔ وَاَهْلَكَ (اور اپنے اہل کو) عورتوں اور بچوں کو۔

اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَیْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۔ (مگر وہ جن کے متعلق پہلے ہی حکم نافذ ہو چکا ہے) اللہ تعالیٰ کی طرف ان کی ہلاکت کے متعلق اور وہ ان کا بیٹا اور ایک بیوی تھی۔

یہاں علٰی کا لفظ لایا گیا اس کے باوجود کہ نقصان دہ چیز کا پہلے ذکر ہو چکا۔ جیسا کہ لام کو لایا گیا باوجودیکہ نافع کا تذکرہ ہو چکا اس ارشاد میں ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین [ الصافات: ۱۷۱] اور اسی طرح لها ما کسبت و علیها ما اکتسبت

[البقرہ:۲۸۶]وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِنَّھُمْ مُّغْرَقُوْنَ (اور ظالموں کے متعلق ہم سے کلام نہ کرنا۔ بلاشبہ وہ غرق کئے جائیں گے ) کافروں کے بچانے کا مجھ سے سوال نہ کرنا اس لئے کہ میں نے ان کو ڈبونا ہے۔

۲۸:فَاِذَا اسْتَوَیْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَی الْفُلْكِ (جب تم اور تمہارے ساتھی کشتی میں بیٹھ چکیں ) جب تم اچھی طرح مطمئن ہوکر سوار ہوجاؤ۔فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ (تو اس طرح کہو تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے ظالم قوم سے ہمیں نجات دی )اللہ تعالیٰ نے ان کی ہلاکت اوران سے نجات پر حمد وثناء کا حکم دیا۔ یہاں قولوا نہیں کہا گیا اگر چہ فاذا استویت انت ومن معك معنی کے لحاظ سے اذا ستویتم کے معنی جمع دے رہا ہے کیونکہ وہ ان کے پیغمبر و مقتدی ہیں۔ اور آپ کا قول انہی کا قول ہے اور مقتدی کا کہنا مقتدیوں کا کہنا ہے۔

مَنۡبِیۡئَلَهٗ :اس میں نبوت کی فضیلت کی طرف نشاندہی کی گئی ہے۔

## کشتی:

۲۹:وَقُلْ ( اور کہو) جب تم کشتی پر سوار ہو یا جب اس سے نکلو۔رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا (اے میرے رب تو مجھے اتارنا برکت کے ساتھ ) مُنْزَلًا مصدر یانیں توانزالًا کے معنی میں ۔نمبر۲۔اترنے کی جگہ۔

وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ (اور آپ سب سے بہتر اتارنے والے ہیں ) کشتی کی برکت کا مطلب اس میں بیٹھ کر طوفان سے نجات پانا۔ نکلنے میں برکت کا مطلب نسل کا بڑھنا اور پے در پے مال و دولت کا حاصل ہونا ہے۔

۳۰:اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ (بے شک اس میں ) جو نوح علیہ السلام اور قوم نوح کے ساتھ کیا گیا۔ لَاٰیٰتٍ (البتہ نشانیاں ہیں )البتہ عبرتیں اور نصائح ہیں۔ وَّ اِنْ (اور بیشک ) یہ مخففہ من المثقلہ ہے اور لام اس کو اور نافیہ کو جدا کرنے والا ہے۔ مطلب یہ ہے اِنّ الشان والقصة شان اور قصہ یہ ہے۔ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ (ہم ضرور آزمانے والے تھے )قوم نوح کو سخت سزا اور بڑا عذاب دینے والے ہیں یا ان آیات سے اپنے بندوں کو آزمانے والے ہیں تاکہ ہم دیکھیں کہ کون عبرت و نصیحت حاصل کرتا ہے جیسا کہ اس ارشاد میں فرمایا ولقد ترکنھا ایةً فھل من مّدکر [القمر:۱۵]

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا

پھر ہم نے ان کے بعد دوسرا گروہ پیدا کیا پھر ہم نے ان میں سے رسول بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

کرو اسکے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم نہیں ڈرتے ہو۔ اس رسول کی قوم کے چودھری جنہوں نے کفر اختیار کیا

وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یَاْكُلُ

اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور ہم نے انہیں دنیا میں عیش کی زندگی دی تھی انہوں نے کہا یہ تو تمہارے جیسا ہی آدمی ہے اسی میں سے یہ

مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَیَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ

کھاتا ہے جس سے تم کھاتے ہو اور اسی میں سے پیتا ہے جس سے تم پیتے ہو، اور اگر تم نے اپنے جیسے آدمی کی بات مان لی تو بلاشبہ تم

اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَیَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾

ضرور ہی نقصان اٹھانے والے ہو جاؤ گے، کیا یہ شخص تمہیں یہ بتاتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تم نکالے جاؤ گے

## قوم عاد کو دعوت کا تذکرہ:

۳۱: ثُمَّ اَنْشَاْنَا (پھر ہم نے پیدا کئے) مِنْ بَعْدِهِمْ (ان کے بعد) قوم نوح کے بعد قَرْنًا اٰخَرِیْنَ (ایک اور قوم کو) وہ عاد ہے جو کہ ہود علیہ السلام کی قوم تھی جس کے لئے ہود علیہ السلام کا قول گواہی دیتا ہے و اذکر وا اذجعلکم خلفاء من بعد قوم نوح [الاعراف:۶۹] اور قصۂ نوح کے بعد اعراف میں ہود کا قصہ لایا گیا اور اسی طرح سورتِ ہود اور شعراء میں۔

۳۲: فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ (پس انہیں بھیجے) ارسال کا لفظ اِلٰی کے ساتھ متعدی ہوتا ہے فِیْ کے ساتھ متعدی نہیں ہوتا۔ مگر یہاں اور اس قول میں کذلك ارسلناك فی امة [الرعد:۳۰] اور وما ارسلنا فی قریة [الاعراف:۹۴] فی کے ساتھ متعدی کیا گیا ہے لیکن امة اور قریہ کو ارسال کی جگہ اور ظرف قرار دیا جیسا رؤبہ کا قول ہے۔

ارسلت فیها مُصعبًا ذا اء قحام

اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ کلام عرب میں اس کا استعمال پہلے پایا جاتا ہے۔ باقی قرآن مجید کو دیکھ کر تمام نحو وصرف ایجاد ہوئی ہے۔ رَسُوْلًا (ایک رسول) ہود علیہ السلام مِّنْهُمْ (انہی میں سے) ان کی قوم میں سے اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ (کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں۔ پس کیا تم اس کے عذاب سے نہیں ڈرتے) اَنْ یہ ارسلنا کی تفسیر کر رہا ہے ای قلنا لهم علی لسان الرسول اعبدوا الله ہم نے ان کو پیغمبر کی زبان سے کہا تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔

۳۳: وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ (ان کی قوم کے سرداروں نے کہا)

## واؤ کو مقدم کرنے کی وجہ:

اعراف و ہود میں قوم ہود کی بات بغیر واؤ ذکر کیا۔ کیونکہ وہ وہاں سائل کے سوال کو مقدر مان کر جواب میں لایا گیا قال فما قال قومہ؟ ان کی قوم نے کیا جواب دیا تو جواب دیا گیا انہوں نے یہ یہ کہا۔ اور یہاں واؤ کے ساتھ لائے کیونکہ اس کا عطف اس پر ہے جو انہوں نے اسوقت کہا جب ان کو رسول نے کہا۔ مطلب یہ ہے کہ وہ اس حق اور باطل کے حصول میں جمع ہو گئے۔ اور نبی ﷺ کا جواب ان کے کلام سے متصل نہیں اور فاء سے بھی نہیں لائے۔ البتہ فاء کے ساتھ قصہ نوح علیہ السلام میں لائے۔ کیونکہ یہ ان کے اس قول کا جواب ہے جو اس کے متصل آ رہا ہے۔

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (وہ لوگ جو کافر ہوئے) یہ الملأ کی صفت ہے یا لقومہ کی صفت ہے۔ وَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ (اور انہوں نے آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا) یعنی اس میں پیش آنے والے حساب اور ثواب اور عقاب وغیرہ کا انکار کیا۔

## نبی بھی تمہاری مثل بشر ہیں:

وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (اور ہم نے ان کو نعمتیں دیں دنیا کی زندگی میں) کثرت اموال و اولاد مَاهٰذَا (نہیں ہے یہ) نبی اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ (مگر یہ تم جیسا انسان ہے وہ کھاتا ہے وہی جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو) ای تشربون منہ۔ منہ کو ماقبل کی دلالت سے حذف کر دیا۔ مطلب یہ ہے کہ وہ کہاں سے نبوت کا دعویدار بن بیٹھا جبکہ وہ تم جیسا ہے؟

۳۴: وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ (اگر تم نے اپنے جیسے انسان کی اطاعت کی) ان باتوں میں جن کا وہ تمہیں حکم دیتا ہے اور جن سے تمہیں روکتا ہے۔ اِنَّكُمْ اِذًا (بیشک تم اس وقت) اِن یہ جزاء شرط کے موقعہ میں ہے اور ان کا جواب جنہوں نے قوم میں سے یہ بات کہی تھی لخاسرون ہے۔ لَّخٰسِرُوْنَ (ضرور نقصان میں پڑنے والے ہو)۔ اس لئے کہ تم نے اپنے جیسے انسان کی اطاعت اختیار کر لی۔

## کفار کی حمایت:

اپنے جیسے انسان کی اتباع کا انکار کیا اور اپنے سے عاجز تر چیزوں کی عبادت کرنے لگے۔

۳۵: اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ (کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے)

قراءت: نافع، حمزہ، علی، حفص نے میم کے کسرہ سے اور دیگر قراء نے مُتم ضمہ میم سے پڑھا ہے۔ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ (اور تم خاک اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو دوبارہ زندہ کر کے زمین سے نکالے جاؤ گے) سوال کیلئے اٹھائے جاؤ گے اور حساب، کتاب اور ثواب و عذاب ہوگا۔

نحو: انکم کو دو مرتبہ تاکید کیلئے لائے اور ظرف کے ساتھ دونوں کا فاصلہ بہت خوب ہے اور مخرجون اول کی خبر ہے۔ اور تقدیر کلام اس طرح ہے۔ ایعدکم انکم مخرجون اذامتم و کنتم ترابا و عظامًا۔ أیعد کا استفہام انکاری ہے یعنی ایسا نہیں چاہیے یا سوال تقریری ہے یہ ضرور ایسا کہہ رہا ہے۔ یا مقولہ سابقہ کی علت ہے تم گھاٹا اسلئے پاؤ گے کہ یہ قیامت کا قائل ہے

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

دور ہے دور ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے یہ تو بس دنیا والی ہی زندگی ہے ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ

اور ہم اٹھائے جانے والے نہیں ہیں۔ یہ کچھ نہیں بس یہ صرف ایسا شخص ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم اس پر ایمان لانے والے

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿٤٠﴾

نہیں ہیں۔ اس پیغمبر نے عرض کیا کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا میری مدد فرمایئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ عنقریب یہ لوگ پشیمان ہونگے

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾

سوان لوگوں کو سچے وعدہ کے موافق سخت چیخ نے پکڑ لیا، پھر ہم نے انہیں خس وخاشاک کر دیا۔ سو دوری ہے ظالم قوم کے لیے۔

دنیا کے عیش میں خلل ڈالنا چاہتا ہے۔

## کفار کا استبعادِ قیامت:

۳۶: هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ (بہت ہی بعید ہے اور بہت بعید جو بات تم سے کہی جا رہی ہے)

قراءت: یزید نے **هیهات** تاء کے کسرہ اور تنوین سے پڑھا ہے اور کسائی نے ہاء پر وقف کیا جبکہ دیگر نے تاء پر وقف کیا۔

نحو: **هیهات** یہ اسم فعل ہے بعد کا معنی دیتا ہے اس کی فاعل مضمر ہے۔ ای **بَعُدَ التصديق یا بَعُدَ الوقوع** ۔ قیامت کی تصدیق بہت بعید ہے یا وقوع بہت بعید ہے۔ ماتوعدون سے عذاب مراد ہے۔ یا اس کا فاعل ماتوعدون ہے اور لما کی لام زائدہ ہے ای **بعد ماتوعدون من البعث** بہت دور ہے وہ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے یعنی بعث۔

۳۷: اِنْ هِيَ (نہیں ہے وہ)

نحو: **هِيَ** یہ ایک ایسی ضمیر ہے جس کا مقصد اس کے بعد آنے والی وضاحت کے بغیر معلوم نہیں ہوتا۔ اصل اس طرح کلام ہے **ان الحياة الاحياتنا الدنيا**۔ نہیں زندگی مگر فقط ہماری دنیا ہی زندگی۔ پھر ھی ضمیر کو الحیاۃ کی جگہ لائے کیونکہ خبر اس پر دلالت کر رہی ہے اور اس کی وضاحت کر رہی ہے۔ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا (مگر ہماری دنیا ہی کی زندگی) اب معنی اس طرح ہے **لا حياة الاهذه الحياة التى نحن فيها و دنت منّا** کوئی زندگی نہیں مگر یہی زندگی جس کو ہم گزار رہے ہیں اور جو ہمارے قریب ہے۔

## وجہ عجیبہ:

اس کی یہ ہے اِنْ نافیہ کو ھی پر داخل کیا اور وہ ھی الحیاۃ کے معنی میں ہے جو کہ جنس پر دلالت کر رہی ہے پس اس کی نفی کی اور لا کے وزن میں بن گیا جو نفی جنس کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

نَمُوْتُ وَنَحْيَا (ہم مرتے اور زندہ ہوتے ہیں) یعنی بعض پر موت آتی ہے اور بعض پیدا ہوتے ہیں ایک زمانہ والے سمٹ جاتے ہیں تو دوسرے اہل زمانہ اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ یا اس میں تقدیم و تاخیر ہے ای نحیا و نموت اور یہ ابی رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ (اور اٹھائے نہ جائیں گے) موت کے بعد۔

## پیغمبر پر دروغ گوئی کا الزام:

۳۸: اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ نِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (وہ ایک جھوٹا شخص ہے جس نے اللہ تعالیٰ پر دروغ بندی کی ہے) یا اپنے بارے میں نبوت کا جو دعویٰ کرتا ہے اس میں یہ اللہ تعالیٰ پر افتراء کرنے والا ہے اور جو ہم سے بعث کا وعدہ کرتا ہے اس میں بھی جھوٹا ہے۔ وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ (اور ہم تو اس کی بات کا یقین کرنے والے نہیں) مؤمنین بمعنی مصدقین ہے تصدیق کرنے والے۔

۳۹: قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ (پیغمبر نے کہا اے میرے رب کافروں نے میری تکذیب کی ہے تو میری مدد فرما) اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبول کیا اور فرمایا۔

۴۰: قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا کچھ ہی وقت کے بعد)

نَحو: ما زائدہ ہے یا ما شئی کے معنی میں ہے یا ما زمنٌ کے معنی میں ہے اور قلیل یہ ما کا بدل ہے اور قسم کا جواب محذوف ہے۔ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ (یہ لوگ ضرور پشیمان ہوں گے) جب یہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے جو عذاب ان پر اترے گا۔

## چیخ کے ہلاکت:

۴۱: فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ (ان کو چیخ نے آ پکڑا) یعنی جبرئیل علیہ السلام نے چیخ ماری جس نے تمام کو تہس نہس کر دیا۔ بِالْحَقِّ (حق کے موافق) اللہ تعالیٰ کے عدل کے مطابق۔ محاورہ میں کہتے ہیں: فلان يقضى بالحق ای بالعدل فلاں عدل سے فیصلے کرتا ہے۔ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً (پس ہم نے ان کو خس و خاشاک کر دیا) ان کی ہلاکت و تباہی کو غثاء سے تعبیر فرمایا۔ الغثاء اس کوڑا کرکٹ کو کہا جاتا ہے جو سیلاب کی رو بہا کر لاتی ہے اور وہ پرانے پتے اور بوسیدہ ٹہنیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ فَبُعْدًا (پس دوری ہے) ہلاکت ہے محاورہ میں کہا۔ نَحو: بَعِدَ وَبَعَدَ و بُعدًا ای هلك یہ ایسے مصادر ہیں جو اپنے افعال سے منصوب ہوتے ہیں جن افعال کو ظاہر کرنا درست نہیں۔ لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (ظالم قوم کیلئے) یہ ان لوگوں کا بیان ہے جن کے متعلق بددعا کی گئی۔ جیسا اس آیت میں هبت لك۔ [یوسف: ۲۳]

نَحو: بُعدًا مصدر قائم مقام اور للقوم الظالمين یہ قائم مقام فاعل ہے اور لام زائد ہے یا تاکید مصدر ہے۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِیْنَ ۝۴۲ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

پھر ہم نے ان کے بعد دوسری جماعتوں کو پیدا کیا کوئی امت اپنی اجل سے نہ آگے بڑھ سکتی تھی اور نہ وہ

یَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۴۳ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

لوگ پیچھے ہٹ سکتے تھے، پھر ہم نے یکے بعد دیگرے پیغمبروں کو بھیجا جب بھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آیا تو انہوں نے اسے جھٹلایا سو ہم بعض کو بعض کے

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِیْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ۝۴۴ ثُمَّ اَرْسَلْنَا

پیچھے وجود میں لاتے رہے اور ہم نے انہیں کہانیاں بنا دیا سو اس قوم کے لیے دوری ہے جو ایمان نہیں لاتے، پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی

مُوْسٰی وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ۬ بِاٰیٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ۝۴۵ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَاۡئِهٖ

ہارون کو اپنی آیات اور کھلی ہوئی دلیل کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس بھیجا

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِیْنَ ۝۴۶ فَقَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَیْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا

سو ان لوگوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ اونچے تھے، سو ان لوگوں نے کہا کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لائیں اور حال یہ ہے کہ ان کی قوم ہمارے زیر حکم

عٰبِدُوْنَ ۝۴۷ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِیْنَ ۝۴۸ وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ

ہے، سو ان دونوں کو انہوں نے جھٹلایا لہٰذا وہ ہلاک کیے جانے والے لوگوں میں شامل کر دیئے گئے۔ اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی

لَعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ۝۴۹ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰیَةً وَّاٰوَیْنٰهُمَاۤ اِلٰی رَبْوَةٍ ذَاتِ

تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں، اور ہم نے ابن مریم اور ان کی والدہ کو ایک نشانی بنا دیا اور ہم نے ان دونوں کو ایک ایسے ٹیلہ پر ٹھکانہ دیا جو ٹھہرنے کی

قَرَارٍ وَّمَعِیْنٍ ۝۵۰ ع ۱۸/۳

اور پانی جاری ہونے کی جگہ تھی۔

### دیگر اقوام اور رسولوں کی آمد:

۴۲: ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِیْنَ (پھر ہم نے اٹھایا ان کے بعد دوسرے زمانہ والوں کو) قوم صالح، قوم لوط، قوم شعیب وغیرہم۔

۴۳: مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ (نہیں سبقت کرتی کوئی امت)

نحو :من صلہ ہے ای ماتسبق امۃٌ۔
اَجَلَهَا (اپنے وقت مقررہ سے ) وہ وقت جو اس کی ہلاکت کا مقرر ہے اور لکھا جاچکا ہے۔ وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ (اور نہ مقررہ میعاد سے پیچھے رہ سکتی ہے )اس سے وہ موخر نہیں ہوسکتی۔

۴۴: ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا (پھر ہم نے اپنے رسولوں کو مسلسل بھیجا) تَتْرَا یہ فعلیٰ کا وزن ہے۔ الف تانیث کی ہے جیسے سَكْرٰى کیونکہ رُسل جماعت ہے اس لئے اس پر تنوین نہیں ہے کیونکہ غیر منصرف ہے۔
قراءت : مکی اور ابوعمرو اور یزید نے تترًی تنوین سے پڑھا ہے۔ اس بناء پر کہ الف الحاقی ہے جیسے ارطی میں ہے۔
نحو : دونوں قراءتوں میں نصب حال ہونے کی وجہ سے ہے۔ ای متتابعًا واحدًا بعد واحدٍ اس میں کہ وہ پے در پے یکے بعد دیگرے آنے والے تھے۔ اس میں (تترا) تاءواؤ کے بدلہ میں آئی ہے یہ اصل میں وتری ہے جو وتر سے لیا گیا ہے جو فرد کو کہتے ہیں شفع کا بالمقابل ہے واؤ کو تاء سے بدل دیا جیسا کہ تراث میں ورث ہے۔ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ (جب بھی کسی امت کے پاس کوئی رسول آیا تو انہوں نے اس کو جھٹلا دیا)

## وجہ اضافت :

رسول کا تعلق اور ملابست مرسل اور مرسل الیہ دونوں کے ساتھ ہوتی ہے اس لئے دونوں کی طرف اضافت کی جاسکتی ہے اور یہ اضافت ملابست کی وجہ سے ہے۔
قاعدہ : رسول کے ساتھ ارسال کا ذکر ہو تو بھیجنے والے کی طرف نسبت ہوتی ہے۔ مثلاً ارسلنا رسلنا ۔ اللہ کا رسول اور اگر رسول کے ساتھ آنے اور پہنچنے کا ذکر ہو جن کی طرف رسول بھیجا تو لوگوں کی طرف نسبت ہوگئی جیسے جاء امة رسولُهَا قوم ثمود کا رسول۔

## ہلاکت میں نمبر لگادیا :

فَاَتْبَعْنَا (پس ہم نے بھی ہلاکت میں نمبر لگادیا ) احمقوں اور اہل زمانہ کا۔ بَعْضَهُمْ بَعْضًا (ایک کے بعد ایک کا ) ہلاکت میں وَّ جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ (اور ہم نے ان کو کہانیاں بنادیا ) رات کو لوگ ان کے قصے سناتے ہیں اور ان سے تعجب کرتے ہیں۔
نحو :الاحادیث یہ حدیث کا اسم جمع ہے۔ اور اسی سے یہ استعمال ہے احادیث النبی ﷺ، احادیث الرسول ﷺ اور یہ احدوثة کی جمع بھی آتی ہے اور احدوثہ اس بات کو کہتے ہیں جس کو لوگ بطور دل بہلانے کے بیان کریں اور تعجبًا ذکر کریں۔ اور یہاں یہی مراد ہے۔ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ (پس ایمان نہ لانے والی قوم پر خدا کی مار)۔
نحو : یہ جملہ انشائیہ ہے یا خبریہ ہے لام زائدہ ہے۔

## بعثت موسیٰ و ہارون علیہما السلام :

۴۵: ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ (پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون کو بھیجا)۔
نحو : ہارون یہ اخاہ سے بدل ہے۔

بِاٰيٰتِنَا (اپنی آیات دے کر) نو آیات معجزات مراد ہیں۔ وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ (اور وہ دلائل) غالب آنے والے دلائل یا عصا۔

۴۶: اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَائِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا (فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف پس انہوں نے تکبر کیا) بڑائی کی وجہ سے ایمان کو قبول کرنے سے باز رہے۔ وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ (اور وہ لوگ تھے ہی متکبر ومغرور)۔

۴۷: فَقَالُوْا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا (یہ کہنے لگے کیا ہم اپنے جیسے انسانوں پر ایمان لائیں)۔

نحو: البشر کا لفظ واحد اور جمع دونوں آتا ہے۔ اور مثل اور غیر کا لفظ تثنیہ اور جمع اور مذکر ومؤنث دونوں کی صفت بن سکتے ہیں۔

وَقَوْمُهُمَا (اور ان کی قوم) مراد بنی اسرائیل لَنَا عٰبِدُوْنَ (ہمارے خدمت گار ہیں) مطیع اور حکم بردار ہیں۔

اطلاقِ عرب: اہل عرب کے ہاں ہر وہ شخص جو کسی بادشاہ کا خدمت گزار و مطیع ہو اس کو عابد کہتے ہیں۔

۴۸: فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ (پس انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا نتیجتاً وہ ہلاک ہونے والے لوگوں میں سے ہو گئے) غرق سے ان کو ہلاک کر دیا گیا۔

۴۹: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى (تحقیق ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو دی) یعنی قوم موسیٰ علیہ السلام کو الْكِتٰبَ (کتاب) تورات لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ (تاکہ وہ ہدایت پائیں) اس کے احکام پر عمل پیرا ہوں اور اس کے مواعظ سے نصیحت پکڑیں۔

## مریم اور ابن مریم ﷺ کا تذکرہ اور ان کا ٹھکانہ:

۵۰: وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً (اور ہم نے ابن مریم اور ان کی ماں کو نشانی بنایا) جو ہماری قدرت تامہ پر دلالت کرنے والی ہے کہ ہم جو چاہتے ہیں کرتے ہیں کیونکہ وہ بلا نطفہ پیدا کئے گئے۔ اٰيۃً کا لفظ واحد لایا گیا کیونکہ اعجوبہ دونوں میں ایک ہی ہے۔ یا مراد یہ ہے وجعلنا ابن مريم اية وامه اية اول کو حذف کر دیا کیونکہ ثانیہ کی دلالت اس پر موجود ہے۔ وَّاٰوَيْنٰهُمَآ (اور ہم نے ان کو پناہ دی) ان کو ٹھکانہ دیا اِلٰى رَبْوَةٍ (ایک بلند زمین پر)۔

قراءت: شامی و عاصم نے رَبوۃٍ پڑھا ہے۔ اور دیگر قراء نے رُبوۃٍ پڑھا۔

ربوۃ بلند زمین، نمبر۱۔ وہ بیت المقدس ہے نمبر۲ دمشق نمبر۳۔ رملہ یا نمبر۴۔ مصر۔

ذَاتِ قَرَارٍ (قرار والی) ہموار زمین جس پر بسنے والے ٹھہر سکیں۔ نمبر۲۔ پانی اور پھلوں والی یعنی پھلوں کی وجہ سے لوگ وہاں ٹھہرتے ہیں۔ وَّ مَعِيْنٍ (اور جاری چشمے) ایسا پانی جو سطح زمین پر چلنے والا ہو۔

صرف: یہ مفعول کا صیغہ ہے۔ یعنی جس کے جاری ہونے کا آنکھ ادراک کرے ظاہر ہونے کی وجہ سے۔ یہ عانه سے لیا گیا جبکہ آنکھ سے اس کا معائنہ کرے۔ نمبر۲۔ یہ فعیل کا وزن ہے کیونکہ یہ اپنے چلنے کی وجہ اور ظاہر ہونے کی بناء پر فائدہ پہنچانے والا ہے۔ اس لئے یہ الماعون سے ماخوذ ہوگا اور وہ منفعت کو کہتے ہیں۔ یا مَعَنَ سے ہے جس کا معنی جاری ہونا ہے اس صورت میں میم اصلیہ ہے اور یہ صحیح ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ؕ ﴿۵۱﴾

اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو بلاشبہ میں ان کاموں کو جانتا ہوں جنہیں تم کرتے ہو،

وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

اور بلاشبہ یہ تمہارا طریقہ ایک ہی طریقہ ہے اور میں تمہارا رب ہوں سو تم مجھ سے ڈرو سو ان لوگوں نے الگ الگ طریقہ اختیار کر کے آپس میں ٹکڑے ٹکڑے

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِىْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ

ہو گئے ہر جماعت کے لوگ اس سے خوش ہیں جو ان کے پاس ہے سو آپ انہیں ایک وقت تک ان کی جہالت میں چھوڑ دیں کیا یہ لوگ سمجھتے ہیں

اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

کہ ہم جو ان کو مال اور بیٹے دیئے جاتے ہیں ان کو فائدہ پہنچانے میں جلدی کر رہے ہیں بلکہ بات یہ ہے کہ وہ شعور نہیں رکھتے

## ہر رسول کو خطاب:

۵۱: يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ (اے رسولو حلال چیزیں کھاؤ) یہ نداء اور خطاب دونوں اپنے ظاہر پر نہیں ہیں کیونکہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے زمانہائے نبوت مختلف ہیں۔ معنی اس کا یہ ہے کہ ہر رسول کو اس کے زمانہ میں یہ بات کہی گئی اور اس کی اس نے وصیت و نصیحت فرمائی تا کہ سامع معتقد ہو کہ یہ ایسا حکم ہے جس کی تمام انبیاء کو اطلاع دی گئی اور انہوں نے اس کی وصیت کی پس ایسی بات قبولیت کے خاص طور پر لائق و مناسب ہے اور اس پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔

نمبر۲۔ یا یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے کیونکہ آپ اپنے زمانہ میں تمام کے قائم مقام ہیں اور قیامت تک نبوت آپ کی ہی ہے۔ اور آپ ہی غنائم کو استعمال میں لانے والے ہیں۔ جو پاکیزہ ترین مال ہے۔ یا نمبر۳۔ یا متصل آیت میں عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے۔ وہی مراد ہیں اور وہ والدہ کے سوت کاتنے کی کمائی پر گزارہ کرتے اور کسب ید یہ پاکیزہ روزی ہے۔ اور طیبات سے مراد ہے جو حلال ہو۔ اور امر تکلیف کیلئے ہے یعنی مکلّف ہونے کو ثابت کرتا ہے کہ حلال جو میسر ہو کھاؤ۔ نمبر۴۔ عمدہ اور لذیذ چیزوں کو طیبات سے مراد لیا جائے تو امر اباحت اور سہولت کیلئے ہے کہ رہبانیت میں مزید چیزیں استعمال کی جاسکتی ہیں۔ بقدر ہمت مگر انہی میں مشغولی نہ ہو۔

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا (اور تم نیک اعمال کرو) جو شریعت کے موافق ہوں۔ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ (بیشک میں تمہارے اعمال کو جانتا ہوں) پس تمہارے اعمال پر بدلہ دوں گا۔

۵۲: وَاِنَّ هٰذِهٖۤ (بیشک یہ)۔

قراءت: کوفی قراء نے استیناف کی بناء پر اِنَّ پڑھا اور حجازی نے اَنَّ اور بصری ان کو بمعنی و لاَنَّ کے تسلیم کیا۔

یعنی فاتقون لان هٰذہٖ یا ماقبل پر معطوف ہے ای بما تعملون علیمٌ و باَنَّ هٰذه یا تقدیر اس طرح مانیں واعلموا ان هٰذهٖ اُمَّتُکُمْ (تمہارا طریقہ) یعنی تمہاری ملت وشریعت جس پر تم قائم ہو۔ اُمَّةً وَّاحِدَةً (ایک طریقہ ہے) وہ شریعت اسلام ہے۔ امۃ منصوب حال ہونے کی وجہ سے ہے مطلب یہ ہے کہ دین ایک ہے اور وہ اسلام ہے اور اس کی مثل دوسری آیت ہے ان الدین عند الله الاسلام [آل عمران: ۱۹] وَّ اَنَا رَبُّکُمْ فَاتَّقُوْنِ (اور میں تمہارا رب ہوں پس تم مجھ سے ڈرو) مجھا کیلے سے۔ میرے حکم کی مخالفت میں میرے عذاب سے ڈرو۔

## لوگوں کا کتابوں سے سلوک:

۵۳: فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ (پس لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کرلیا) تقطع بمعنی قطع ہے اپنے دین کے معاملے کو قطع کیا۔ زُبُرًا (ٹکڑے ٹکڑے) یہ زبور کی جمع ہے۔ مختلف کتابیں یعنی انہوں نے اپنے دین کو کئی دین بنا دیا۔ ایک قول وہ اپنے دین میں کئی فرقوں میں بٹ گئے ہر فرقہ ایک کتاب کو اٹھائے ہوئے ہے۔ قول حسن رحمۃ اللہ علیہ: اللہ تعالیٰ کی کتاب کو مختلف ٹکڑوں میں کاٹ دیا اور اس کی تحریف کرڈالی۔

قراءت: زُبْرا جمع زُبْرۃ پڑھا جاتا ہے ٹکڑا۔ کُلُّ حِزْبٍ (ہر گروہ) دین کو کاٹ کر جدا کرنے والوں میں سے ہر گروہ۔ بِمَالَدَیْهِمْ (جو کچھ ان کے پاس ہے) یعنی کتاب اور دین یا خواہش ورائے۔ فَرِحُوْنَ (وہ اس پر خوش ہے) وہ خوش ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ حق پر ہیں۔

۵۴: فَذَرْهُمْ فِیْ غَمْرَتِهِمْ (ان کو آپ اسی جہالت میں چھوڑ دیں) غمرۃ جہالت وغفلت کو کہتے ہیں حَتّٰی حِیْنٍ (ایک وقت تک) یہاں تک کہ وہ قتل کئے جائیں یا موت ان کو دبوچ لے۔

۵۵، ۵۶: اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِیْنَ (کیا ان کا خیال یہ ہے کہ ہم ان کو جو مال واولاد دیتے جاتے ہیں) ما الذی کے معنی میں ہے اَنَّ کی خبر نسارع لهم فی الخیرات ہے۔ اور خبر سے اسم کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف ہے ای نسارع لهم بهٖ نُسَارِعُ لَهُمْ فِی الْخَیْرٰتِ مطلب یہ ہے کہ یہ امداد باوجود معاصی کے صرف استدراج ہے اور ان کا خیال یہ ہے کہ ان کو جلد از جلد امداد مل رہی ہے اور اُن کی عمدہ کارکردگی پر ہم ان کو ثواب کا پیشگی بدلہ دے رہے ہیں۔

## استدلالِ آیت:

معتزلہ کے عقیدہ کی تردید ہے کہ اصلح فی الدین الله پر لازم ہے اس آیت میں خبر دی کہ یہ بات ان کے لئے دینی اعتبار سے خیر نہیں اور نہ ہی اصلح۔ بلکہ اضر ہے۔ بَلْ لَّا یَشْعُرُوْنَ (بلکہ ان کو شعور نہیں) بَل یہ ایحسبون سے استدراک کررہا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ حیوانات کی طرح ہیں ان میں شعور نہیں جب تک کہ اس بات پر غور نہ کریں کہ یہ استدراج ہے یا بھلائی میں مسارعت ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝٥٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

بلاشبہ جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان

يُؤْمِنُوْنَ ۝٥٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝٥٩ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ

رکھتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک نہیں کرتے اور جولوگ کچھ دیتے ہیں تو اس حال میں دیتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝٦٠ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا

کہ ان کے دل اس بات سے خوف زدہ ہوتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے پاس لوٹنے والے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں

سٰبِقُوْنَ ۝٦١ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝٦٢

اور ان کی طرف دوڑ رہے ہیں ہم کسی جان کو اسکی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں بناتے اور ہمارے پاس کتاب ہے جو حق کے ساتھ بیان کر دے گی اور ان پر ظلم نہیں ہوگا۔

## اولیاء کی صفات کا دوبارہ تذکرہ:

۵۷: پھر اپنے اولیاء کا وضاحت سے تذکرہ فرمایا۔ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ (بیشک وہ لوگ جو اپنے رب کے ڈر سے ہیبت زدہ ہیں) خائف ہیں۔

۵۸: وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ (اور وہ لوگ جو اپنے رب کی آیات پر ایمان لانے والے ہیں) یعنی اللہ تعالیٰ کی تمام کتابوں پر۔ وہ ان کتابوں میں ایمان کے لحاظ سے تفریق کرنے والے نہیں ان لوگوں کی طرح جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کیا اور وہ اہل کتاب یہود و نصاریٰ ہیں۔

۵۹: وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ (اور وہ لوگ جو اپنے رب کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے نہیں) جیسا کہ مشرکین عرب کرتے تھے۔

۶۰: وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا (اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی راہ دیتے ہیں جو دیتے ہیں) یعنی جو دینے والی چیزیں زکوٰۃ و صدقات وغیرہ دیتے ہیں۔

قراءت: یأتون ما اتوا قصر کے ساتھ پڑھا گیا اس صورت میں معنی یہ ہوگا۔ یفعلون مافعلوا وہ جو کرنا ہوتا ہے کرتے ہیں۔ وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ (اس حال میں کہ ان کے دل خوف زدہ ہوتے ہیں) اس بات سے خائف ہوتے ہیں کہ ان کی کوتاہیوں کی وجہ سے کہیں یہ نامقبول نہ ہو۔ اَنَّهُمْ لَهَا اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ (بیشک وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں) جمہور کے نزدیک اس کی تقدیر عبارت یہ ہے لا نهم الى ربهم راجعون اور ان الذینؔ کی خبر اولئك يسارعون فى الخيرات ہے۔

۶۱: اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ (وہی لوگ بھلائی کے کاموں میں جلدی کرنیوالے ہیں) وہ طاعات کی رغبت رکھتے ہیں

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۶۳

بلکہ ان کے دل اس دین کی طرف سے جہالت میں ہیں اوراسکے علاوہ اور بھی ان کے اعمال ہیں جنہیں وہ کرتے ہیں

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ۶۴ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ

یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوش حال لوگوں کو عذاب کے ساتھ پکڑ لیں گے تو وہ چلا ئیں گے، آج مت چلاؤ، بلاشبہ آج ہماری طرف سے

مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۶۵ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ۶۶

تمہاری مدد نہیں کی جائے گی، تم پر میری آیات تلاوت کی جاتی تھیں سو تم تکبر کرتے ہوئے قرآن کو مشغلہ بناتے ہوئے بے ہودہ

اوران کو جلد انجام دیتے ہیں۔وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ (اور وہ ان کی طرف تیزی سے جانے والے ہیں) یعنی نیک کاموں کی وجہ سے جنتوں کی طرف تیزی سے رواں دواں ہیں۔یا ان بھلائیوں کی وجہ سے وہ لوگ نیکی میں آگے بڑھ گئے۔

۶۲: وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (اور کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ کام کا حکم نہیں دیتے) وسعت کا معنی طاقت ،مقدور، صالحین کی جو صفات مذکور ہوئیں یہ طاقت سے زائد نہیں۔اسی طرح ہر وہ کام جس کا بندے کو مکلّف بنایا گیا وہ بھی بندوں کی طاقت کے دائرے میں ہیں۔اس میں تردید اس گروہ کی ہے جو انسانی تکالیف کو تکلیف مالا یطاق قرار دیتے ہیں۔وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ (ہمارے پاس ایک کتاب ہے) کتاب سے لوح محفوظ مراد ہے یا اعمال نامہ مراد ہے۔

يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (جو ٹھیک ٹھیک بتا دے گا اور کسی پر ذرا بھر ظلم نہ ہوگا) اس سے وہی پڑھیں گے جو صدق وعدل ہوگا۔اس میں نہ کمی اور نہ اضافہ اور نہ ہی کسی کو زیادہ سزا دیکر ظلم کیا جائے گا۔یا ثواب کا نقصان نہ ہوگا۔یا ایسی تکلیف جس کی اس میں طاقت نہ ہو۔

## کفار شکار غفلت:

۶۳: بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا (بلکہ ان کے دل اس دین کے متعلق شک میں پڑے ہیں) بلکہ کفار کے قلوب ایسی غفلت کا شکار ہیں جو ان کو اس چیز سے ڈھانپنے والی ہے جس پر یہ ایمان والے قائم ہیں۔وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ (اوران کے اس کے علاوہ بھی اعمال ہیں) ان کے مخفی اعمال تو اس بات سے تجاوز کرنے والے ہیں جس سے مؤمن موصوف ہیں۔هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ (اور وہ ان کو کئے جا رہے ہیں) اور اس پر قائم رہنے والے ہیں اور ان کو اسوقت تک چھوڑنے کیلئے تیار نہیں یہاں تک کہ ان کو عذاب آ پکڑے۔

۶۴: حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ (یہاں تک کہ جب ہم ان کے مالداروں کو پکڑیں گے) خوشحال لوگوں کو بِالْعَذَابِ (دنیا کے عذاب میں) اور وہ سات سال کا قحط ہے جو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے مسلط فرمایا یا بدر کے دن قتل ہونا۔حتیٰ ابتدائیہ اور جملہ شرطیہ ہے اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ (اسی وقت چیخنے لگیں گے) فریاد کرتے ہوئے چیخیں گے۔الجؤار مدد کیلئے پکارنا۔اس کے

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ

باتیں کرتے ہوئے الٹے پاؤں بھاگ جاتے تھے۔ کیاان لوگوں نے اس کلام میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس ایسی چیز آئی ہے جوان سے پہلے ان کے بڑوں کے

اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ

پاس نہیں آئی یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا سو وہ اس کے منکر ہو رہے ہیں یا وہ یوں کہتے ہیں کہ اس کو دیوانگی ہے،

بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾

بلکہ یہ رسول ان کے پاس حق لیکر آیا ہے اور ان میں اکثر وہ ہیں جو حق کو مکروہ جانتے ہیں۔

جواب میں ان کو کہا جائے گا۔

۶۵: لَا تَجْئَرُوا الْيَوْمَ (مت چیخو) چیخنا تمہارے لئے فائدہ مند نہیں۔ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ (بیشک ہماری طرف سے تمہاری مدد نہ کی جائیگی) ہماری جانب سے تمہیں کوئی نصرت یا اعانت نہ ملے گی۔

۶۶: قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ (میری آیات تم پر پڑھی جاتی تھیں) یعنی قرآن فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ (تم اپنی ایڑیوں کے بل مڑتے تھے) تم الٹے قدموں لوٹتے النکوص: الٹے پاؤں مڑنا۔ یہ سب سے بدترین چال ہے کیونکہ وہ اپنے پیچھے دیکھتا نہیں۔

۶۷: مُسْتَكْبِرِيْنَ (تکبر کرتے ہوئے) مسلمان پر بڑھائی ظاہر کرتے ہوئے۔

نحو: یہ تنکصون سے حال ہے۔

بِهٖ (بیت اللہ پر یا حرم پر۔) کفار یہ کہا کرتے تھے کہ ہم اہل حرم ہیں۔ اس لئے ہم پر کوئی غالب نہ آئے گا۔ یہ مفہوم اس قول کے مطابق ہے۔ جنہوں نے ضمیر کا مرجع بیت کو قرار دیکر استکبار بالبیت مراد لیا۔ نمبر۲۔ ہ کا مرجع آیات قرار دیا۔ انہوں نے آیات کو کتاب کے معنی میں لیا اور استکبار بالقرآن کا مطلب تکذیب ہے۔

نحو: مستکبرین میں ضمنا مکذبین کا معنی پایا جاتا ہے اسی لئے اس کے متعدی بنانے کیلئے کذب فعل والاحرف تعدیہ استعمال کرلیا گیا ہے۔

نمبر۳۔ یا سامرًا سے متعلق ہے ای تسمرون بذكر القرآن و بالطعن فيه سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ (مشغلہ بناتے ہوئے) وہ بیت اللہ کے گرد رات قصہ گوئی کرتے اور ان کی عمومی قصہ گوئی قرآن کے متعلق ہوتی وہ کبھی قصہ کہانی کہتے اور کبھی سحر و شعر کا نام دیتے۔ سامر کا لفظ حاضر کی طرح واحد و جمع پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

قراءت: اس کو سمارًا بھی پڑھا گیا ہے۔

نمبر۴۔ یا تهجرون سے متعلق ہے اور یہ الهُجر سے مشتق ہے جس کا معنی ہذیان آتا ہے۔ (ہجر کا معنی کٹ جانا، کترا جانا،

بیہودہ بکواس کرنا آتا ہے)
قراءت: نافع نے تھجرون پڑھا ہے اس صورت میں یہ اھجر فی منطقه ای افحش اس نے اپنی گفتگو میں فحش طریق اختیار کیا۔

## کفار کا انکار چہ معنی دارد وہ ذاتی غیرت کی وجہ سے نہیں مانتے:

۶۸: اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ (کیا انہوں نے کلام الٰہی میں غور نہیں کیا) کیا انہوں نے قرآن مجید میں غور نہیں کیا تا کہ ان کو علم ہوتا کہ وہ کھلا ہوا حق ہے پس وہ اس کی تصدیق کرتے اور اس کو سچا جانتے جو وہ لے کر آئے ہیں۔ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ یَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِیْنَ (یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آئی ہے جو ان کے بڑوں کے پاس نہیں آئی) اَم بل کے معنی میں ہے اور استفہام انکاری ہے مطلب اس طرح ہے بلکہ ان کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جو ان کے اولین آباء کے پاس نہ آئی ہوئی ہو بلکہ وہی چیز آئی ہے پھر ان کا انکار اور اس کو اوپرا قرار دینا چہ معنی دارد۔

۶۹: اَمْ لَمْ یَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ (یہ لوگ اپنے رسول کو نہیں پہچانتے) محمد الصادق الامین کو اور یہ ان کے وفورِ عقل اور صحتِ نسب اور حسنِ اخلاق سے واقف نہیں۔ یعنی وہ ان صفات سے ان کو پہچانتے ہیں۔ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ (پھر انہی کے منکر ہیں) کیا وجہ ہے سوائے ضد اور حسد کے اور تو کچھ نہیں۔

۷۰: اَمْ یَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ (یا یہ لوگ کہتے ہیں کہ رسول کو جنون ہے) جِنَّة کا معنی جنون ہے حالانکہ ایسا نہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ آپ اس میں عقلی اعتبار سے سب سے بڑھ کر پختہ اور ذہنی لحاظ سے سب سے روشن ذہن والے ہیں۔ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ (بلکہ یہ رسول ان کے پاس حق بات لے کر آئے ہیں) واضح حق، صراط مستقیم اور وہ چیز جو ان کی شہوات، خواہشات کے خلاف ہے اور وہ توحید اور اسلام ہے اب انہوں نے اس کا کوئی جواب اور دفاع موجود نہ پا کر اس کو مجنون کہنا شروع کر دیا۔

وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ (اور ان کی اکثریت حق سے نفرت کرنے والی ہے) مَسْئَلَه: اس میں اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ ان میں سے قلیل تعداد حق کو ناپسند نہیں کرتی تھی بلکہ ایمان کو ذاتی غیرت اور اپنی قوم کی ناپسندیگی اور حقارت کی خاطر چھوڑنے والی تھی کہ قوم کے لوگ ان کو صابی کہہ کر طعن زنی کریں گے اور آباء واجداد کے دین کو چھوڑنے کے طعنے ماریں گے جیسے خواجہ ابوطالب وغیرہ کہ ان کو دین سے عناد نہ تھا۔

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

اور اگر حق ان کی خواہشوں کے تابع ہو جائے تو آسمان اور زمین اور جو ان کے اندر ہیں سب تباہ ہو جائے بلکہ ہم نے ان کے پاس ان کی

بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ؕ ﴿٧١﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖۗ وَّهُوَ

نصیحت بھیجی ہے سو وہ اپنی نصیحت سے روگردانی کر رہے ہیں، کیا آپ ان سے کچھ آمدنی کا سوال کرتے ہیں سو آپ کے رب کی آمدنی بہتر ہے اور وہ

خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

سب دینے والوں سے بہتر ہے، اور بلاشبہ آپ انہیں صراط مستقیم کی طرف بلاتے ہیں اور بلاشبہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں

بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا

لاتے، وہ راستے سے ہٹے ہوئے ہیں اور اگر ہم ان پر مہربانی کریں اور وہ جس تکلیف میں ہیں اسے دور کر دیں تو وہ اپنی سرکشی میں بھٹکے

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا

ہوئے اصرار کرتے رہیں گے۔ اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے انہیں عذاب میں گرفتار کیا سو وہ اپنے رب کے سامنے نہ

يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٧٦﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾

جھکے اور نہ عاجزی اختیار کی یہاں تک کہ جب ہم ان پر سخت عذاب والا دروازہ کھول دیں گے، تو اچانک وہ اس میں حیرت زدہ ہو کر رہ جائیں گے۔

۷۱: وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ (اور اگر بالفرض دین ان کے خیالات کے تابع ہو جاتا) ابن جریج وغیرہ نے الحق سے یہاں اللہ تعالیٰ کی ذات مراد لی ہے۔ اَهْوَآءَهُمْ سے مراد کئی الٰہ کا اعتقاد رکھنا ہے۔ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ (تو آسمان و زمین تباہ ہو جاتے) جیسا کہ فرمایا: لو كان فيهما الهة الا الله لفسدتا [الانبیاء: ۲۲] وَمَنْ فِيْهِنَّ (اور جو کچھ ان میں ہے) عقلاء کو مَن کے ساتھ خاص طور پر ذکر کیا کیونکہ غیر عقلاء ان کے تابع ہیں۔

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ (بلکہ ہم نے تو ان کے پاس ان کی نصیحت کی بات بھیجی) یعنی اس کتاب کو بھیجا ہے جو ان کے لئے نصیحت یا ان کے لئے باعثِ شرف ہے کیونکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم انہی میں سے ہیں اور قرآن انہی کی لغت میں سے ہے۔ یا وہی ذکر ہے جس کی یہ تمنا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے لو انّ عندنا ذكرًا من الاولين [الصافات: ۱۶۸]

فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ (پس وہ لوگ اپنی نصیحت کی بات سے روگردانی کرنے والے ہیں) اپنے برے اختیار اور چناؤ کی وجہ سے۔

۷۲: اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ (یا تم ان سے کسی آمدنی کے خواستگار ہو تو آپ کے رب کی عطاء کردہ سب سے

بہتر ہے )۔
قراءت: حجازی، بصری، عاصم نے فَخَراجُ پڑھا ہے۔شامی نے خرجًا .... فَخَرْجُ پڑھا۔علی،حمزہ نے خَراجا......
فَخَراج پڑھا۔
خراج زمین کی زکوٰۃ جوامام کودی جاتی ہےاور ہر عامل کواس کی جواجرت اورانعام دیا جاتا ہےالخرج کالفظ الخراج سے خاص ہے۔
جیسا کہتے ہیں خراج القریة ۔خرجَ الکُردۃلفظ کا اضافہ معنی میں اضافہ کوظاہر کرتا ہےاسی لئے پہلی قراءت سب سے اولیٰ
ہے۔یعنی ام تسأ لهم علی هدایتك لهم قلیلاًمن عطاء الخلق فالکثیر من الخالق خیرٌ۔کیا آپ ان سے ہدایت پر
مخلوق سے قلیل عطیہ مانگتے ہیں۔خالق کی طرف سے ملنے والا کثیراجرسب سے بہتر ہے۔( یہ استفہام بھی انکاری ہے کہ آپ ان
سے کسی چیز کے خواستگار نہیں )وَّ هُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (اوروہ سب سے بہتررزق دینے والے ہیں۔ )
۷۳: وَ اِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (اور بیشک آپ توان کوسیدھے راستے کی طرف دعوت دینے والے ہیں )اور
وہ دین اسلام ہے پس زیادہ مناسب ہے کہ وہ آپ کی بات کو مان لیں۔
۷۴: وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ (اور بیشک وہ لوگ جوآخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ راستہ
سے ہٹنے والے ہیں )وہ اس مذکورہ راستہ سے عدول کرنے والے ہیں۔اورحالانکہ وہ صراط مستقیم ہے۔

## کفار کی ضد کا حال:

۷۵: وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ (اگرہم ان پرمہربانی کردیتے اوران کی تکلیف کودور کردیتے )جب اللہ تعالیٰ
نے کفارکوقحط کے ساتھ پکڑا تو خون اوراون سے تیارشدہ کھانا ان کوکھانا پڑا ابوسفیان رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا اورعرض کیا
کہ میں آپ کواللہ تعالیٰ کی قسم اوررحم کاواسطہ دیتا ہوں۔کیاتمہاراخیال نہیں کہ تم جہان والوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہوآپ نے
فرمایا کیوں نہیں اس نے کہا۔تم نے آباء کوتلوار سے قتل کیااوراولادکوبھوک سے؟پس یہ آیت اتری( ذکرہ الواحدی فی اسباب
النزول) مطلب یہ ہے اگر اللہ تعالیٰ یہ تکلیف ان سے دور کردے الضُر سے وہ قحط مراد ہےجس نے ان کوآلیا تھااوروہ آپ کی
رحمت سے ان کوپہنچا تھااوروہ خوشحالی پالیں۔لَّلَجُّوْا (توضرور جمے رہیں۔)فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (اپنی سرکشی میں سرگرداں
پھرتے رہیں گے )متردد رہیں گے۔یعنی تو دوبارہ یہ تکبر،عداوت رسول ﷺ وعداوتِ مؤمنین کرنے لگیں گے اور یہ چاپلوسی وقتی
ختم ہوجائے گی۔
۷۶: وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ (اورہم نے ان کوگرفتارِعذاب بھی کیا تب بھی انہوں نے اپنے رب
کے سامنے نہ عاجزی اختیار کی نہ گڑگڑائے )اس سے اس بات پہ استشہاد پیش کیا کہ ہم نے اولاً ان کوتلواروں سے پکڑا۔اور بدر
کے دن جوان کے صنادید کے ساتھ قتل وقید کی صورت میں پیش آیا۔مگراس سب کے باوجودان کی طرف سے رجوع اورتو بہ نہیں
پائی گئی۔وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ (اورنہ وہ گڑگڑائے ) یہ ان کی دوامی حالت کی تعبیر ہے کہ وہ تو ابھی تک سابقہ روش پر ہیں۔اسی لیے
ماتضرعوا نہیں کہا بلکہ مضارع استعمال فرمایا گیا۔استکان یہ استفعل کےوزن پرکون مصدر سے بنایا گیا ہے۔ای انتقل من

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۞۷۸ وَهُوَ

اور اللہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم کم شکر ادا کرتے ہو، اور وہی ہے

الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۞۷۹ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

جس نے تمہیں زمین میں پھیلا رکھا ہے اور تم اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے،

وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۞۸۰ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۞۸۱

اور اسی کے اختیار میں ہے رات دن کا یکے بعد دیگرے آنا جانا، سو کیا تم سمجھ نہیں رکھتے۔ بلکہ انہوں نے وہ بات کہی جو ان سے پہلے لوگوں نے کہی۔

کون الی کون۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف منتقل ہوا جیسا کہ کہا جاتا ہے استحال اذا نتقل من حال الی حال وہ ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل ہوا۔

۷۷: حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا (یہاں تک کہ جب ہم نے سخت عذاب کا دروازہ کھول دیا)۔

قراءت: یزید نے فَتَّحْنَا پڑھا ہے۔

## قحط سے پکڑ:

عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ عذاب شدید سے بھوک مراد ہے جو کہ قید وقتل سے سخت تر ہے۔ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ (تو اسی وقت وہ حیران مایوس ہوگئے) متحیر اور ہر خیر سے مایوس ہونے لگے اور ان میں سے سب سے سرکش اور متمرد شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر طالب دعا ہوا اور رحم کی اپیل کی یا ہم نے ان کا امتحان ہر قسم کے امتحان قتل وبھوک سے لیا مگر ان میں نرمی اور زاری پیدا نہیں ہوئی اور وہ اس طرح رہیں گے یہاں تک کہ جب جہنم کی آگ سے ان کو عذاب دیا جائے گا تو تب مایوس ہونگے جیسا دوسرے مقام پر فرمایا یوم تقوم الساعة یبلس المجرمون [الروم:۱۲]

## انعامات سے یاددہانی:

۷۸: وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ( اور اللہ ایسا ہے جس نے تمہارے لئے کان، آنکھیں اور دل پیدا کئے) تین حواس کا خصوصاً اس لئے ذکر کیا کہ عموماً انہی سے دینی اور دنیوی فوائد زیادہ تر متعلق ہیں دیگر حواس سے اتنے نہیں۔ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ (تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو) تم تھوڑا شکریہ ادا کرتے ہو۔ ما تاکید کیلئے زائد کیا گیا ہے اور حقاً کے معنی میں ہے مطلب اس طرح ہوا تم نے ان انعامات کی عظمت نہیں پہچانی اور تم نے ان کو بے محل استعمال کیا۔ تم نے آنکھوں اور کانوں سے اللہ تعالیٰ کی آیات اور افعال کے سلسلہ میں کام نہیں لیا۔ اور نہ اپنے دلوں سے استدلال کیا۔ کہ تم منعم کو پہچان کر کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہراتے۔

قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا

انہوں نے کہا کیا ہم جب مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو کر رہ جائیں گے کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے، اس بات کا ہم سے اور ہم سے پہلے

هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ

ہمارے باپ دادوں سے وعدہ کیا جاتا رہا ہے یہ بات پرانے لوگوں سے نقل ہوتی آئی ہے، آپ فرما دیجئے کس کے لئے ہے زمین اور جو کچھ اس میں ہے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

اگر تم جانتے ہو اس کے جواب میں وہ کہیں گے کہ اللہ ہی کے لئے، آپ فرمائیے پھر کیوں غور نہیں کرتے، آپ فرما دیجئے کہ ساتوں آسمانوں کا

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْ

اور عرش عظیم کا رب کون ہے، وہ جواب دیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ کے لئے ہے آپ فرما دیجئے کہ پھر تم کیوں نہیں ڈرتے۔ آپ فرمائیے کہ وہ کون ہے

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾

جس کے قبضے میں ہر چیز کا اختیار ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا اگر تم جانتے ہو؟

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾

وہ جواب دیں گے کہ یہ صفات اللہ ہی کی ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ پھر تم کہاں سے جادو کئے ہوئے؟ بلکہ بات یہ ہے کہ ہم نے ان کے پاس حق بھیجا ہے اور بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں۔

۷۹: وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ (اور وہ وہی ذات ہے جس نے تمہیں پیدا کیا) اور تناسل و توالد کے ذریعہ زمین میں پھیلا دیا۔ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (اور اسی کی بارگاہ میں تمہیں جمع کیا جائے گا) تم قیامت کے دن پراگندہ ہونے کے بعد تم اکھٹے کئے جاؤ گے۔

۸۰: وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ (اور وہی ذات ہے جو زندگی اور موت دیتی ہے) وہ اجسام کو پیدا کر کے زندہ کرتا اور فناء کر کے موت دیتا ہے۔ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ (اور اسی کیلئے رات اور دن کا مختلف ہونا ہے) کہ ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا ہے۔ اور روشنی اور اندھیرے کے لحاظ سے ان کا مختلف ہونا۔ یا بڑھنے اور کم ہونے کے لحاظ سے ان کا مختلف ہونا اور یہ خاص اسی کے قبضہ واختیار میں ہے ان میں تصرف کا کسی اور کو اختیار نہیں اور نہ قدرت ہے۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا تم عقل نہیں رکھتے ہو) کہ تم اٹھائے جانے پر ہماری قدرت کو پہچانو۔ یا صنعت سے صانع پر استدلال کر سکو اور پھر ایمان لے آؤ۔

پرانی اَڑ پر قائم:

۸۱: بَلْ قَالُوْا (بلکہ انہوں نے کہا یعنی اہل مکہ نے) مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ (اس کی مثل کہتے ہیں جو اگلے کافروں نے کہی) الاولون سے مراد وہ کفار ہیں جو ان سے پہلے ہوئے۔ پھر وضاحت کی جو انہوں نے کہا فرمایا

۸۲:قَالُوْا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ (وہ کہتے ہیں کہ جب ہم مرجائیں گے اور خاک اور ہڈیاں بن کر رہ جائیں گے تو کیا زندہ کر کے ہم اٹھائے جائیں گے )
قراءت:مِتْنَا نافع ،حمزہ،علی،حفص نے پڑھا ہے۔
۸۳:لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا (اس کا ہم سے اور ہمارے آباء واجداد سے وعدہ ہوا)ھٰذا کا مشارالیہ البعث ہے مِنْ قَبْلُ (اس سے قبل )محمد ﷺ کی آمد سے قبل اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (یہ پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں ہیں )۔
نَحو :اساطیر جمع اسطار، اسطار جمع سطر، وہ کہانی جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔اور اسطورۃ کی جمع قرار دینا زیادہ مناسب ہے پھر اپنے پیغمبر ﷺ کو حکم دیا کہ مشرکین پر اتمام حجت کریں چنانچہ فرمایا۔

## اعتراض ودلائل:

۸۴،۸۵:قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (آپ ان سے کہہ دیں کہ زمین اور جو بھی زمین میں ہے یہ کس کے ہیں۔اگر تم جانتے ہو ) یہ لوگ عنقریب کہیں گے۔سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ (عنقریب یہ کہیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا ہے ) کیونکہ ان کو اس بات کا تو اقرار ہے کہ وہ خالق ہے۔جب وہ اعترافِ خالقیت کرلیں تو آپ فرمائیں۔
قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (کہہ دیجئے کہ پھر تم کیوں غور نہیں کرتے ) پھر تمہیں یہ جان لینا ہوگا کہ جس نے زمین کو پیدا کیا اور اس میں تمام اشیاء بنائیں وہ مخلوق کو دوبارہ لوٹانے کی قدرت رکھتا ہے اور وہ اس بات کے لائق ہے کہ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرایا جائے اور اس کی مخلوق کو اس کی ربوبیت میں شریک نہ کیا جائے۔
قراءت:افلاتذکرون تخفیف کے ساتھ حمزہ،علی اور حفص نے پڑھا جبکہ دیگر قراء نے تشدید کے ساتھ پڑھا ہے۔
۸۶،۸۷:قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ۔(آپ ان سے یہ کہیں کہ ساتوں آسمانوں اور عرشِ عظیم کا رب کون ہے۔وہ عنقریب کہیں گے اللہ تعالیٰ آپ فرمادیں پھر تم اللہ تعالیٰ سے کیوں نہیں ڈرتے ) پھر تم اس سے کیوں نہیں ڈرتے کیونکر دوسروں کو اس کا شریک ٹھہراتے ہو۔یا تم اس کی قدرت دوبارہ اٹھائے جانے کے سلسلہ میں کیوں نہیں مانتے حالانکہ تم ان تمام اشیاء کی تخلیق کے قائل ہو۔
۸۸:قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ (کہہ دیں کہ کس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے ) ملکوت،الملک ایک معنی میں ہیں۔واؤ اور تاء مبالغہ کیلئے ہیں جو اس کی بادشاہت کی عظمت پر دلالت کرتے ہیں۔وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (اور وہی پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلہ میں کسی کو پناہ نہیں دی جاسکتی۔اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ) عرب کا محاورہ ہے اجرت فلا نًا علی فلان جب اس سے بچانے کیلئے تم اس کی فریادرسی کرو اور اس کا دفاع کرو۔مطلب یہ ہے وہ جس کی چاہتا ہے فریاد رسی کرتا ہے اور جس سے چاہتا ہے حفاظت کرتا ہے اور کوئی اس کے ضرر سے بچانے کیلئے اس کے خلاف پناہ نہیں دے سکتا۔
۸۹:سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ (وہ عنقریب کہیں گے اللہ ہی کی ہے کہہ دیں پھر تم کو کیسا خبط ہو رہا ہے )تُسحرون کا

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ

اللہ نے کسی کو اپنا بیٹا قرار نہیں دیا اور نہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا معبود ہے، اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی اپنی مخلوق کو جدا کر لیتا

وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۹۱ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

اور ہر ایک دوسرے پر چڑھائی کر لیتا، اللہ ان چیزوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں پوشیدہ اور آشکارا ہر چیز کا جاننے والا ہے

فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۹۲ ع

سو وہ ان لوگوں کے شرک سے بالاتر ہے۔

معنی تخدعون ہے۔ نمبرا۔ تخدعون عن الحق کا مطلب یہ ہے کہ کس فریب میں پڑ کر حق وہدایت سے روگرداں ہو رہے ہو۔ نمبر۲۔ تم پھر حق کو باطل کس طرح خیال کرتے ہو۔ نمبر۳۔ تم اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی اطاعت کے متعلق کیوں دھوکہ میں مبتلا ہو۔ دھوکہ باز شیطان اور خواہشات ہیں۔ من اول کا جواب تو للہ سے درست ہے کیونکہ مَن کے ساتھ بھی لام آیا ہے۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے من کا جواب اہل بصرہ کے علاوہ دیگر علماء کے ہاں درست ہے کیونکہ اس کا معنی جب تم کہو من رب هذا؟ تو مطلب یہ ہے لمن هذا؟ تو جواب میں لفلان کہا جائے گا۔ جیسا شاعر کا قول

اذا قيل من رب المزالف بالقرىٰ ورب الجياد الجرد ؟ قيل لخالد۔

مطلب یہ ہے کہ مزالف کس کے ہیں؟ تو جواب ملا خالد کے ہیں۔

## دوسرا قول:

جنہوں نے حذف سے پڑھا تو انہوں نے ظاہر پر رکھا۔ کیونکہ جب اس طرح کہیں گے من رب هذا؟ تو اس کے جواب میں کہتے ہیں فلان۔

۹۰: بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ (بلکہ ہم نے ان کو سچی بات پہنچائی ہے) کیونکہ اس کی طرف بیٹے کی نسبت ناممکن ہے اور شرک باطل ہے وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور بیشک وہ جھوٹے ہیں) اس بات میں کہ اللہ تعالیٰ نے بیٹا بنا لیا اور شریک تجویز کر لئے پھر ان کا جھوٹ اور کھول دیا فرمایا۔

## اللہ اولاد سے پاک ہے:

۹۱: مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ (اللہ تعالیٰ نے کوئی بیٹا نہیں بنایا) کیونکہ وہ نوع وجنسیت سے پاک ہے اور آدمی کا بیٹا اس کی جنس سے ہوا کرتا ہے۔ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ (اور اس کے ساتھ کوئی شریک بھی نہیں) جو الوہیت میں اس کا ساجھی ہو۔ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ (ہر الٰہ اپنی مخلوق کو جدا کر لیتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کر دیتا) ہر معبود اپنی مخلوق لے کر منفرد ہو جاتا اور اپنی مخلوق

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِیَنِّیْ مَا یُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۴﴾

آپ یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب جس عذاب کا ان کافروں سے وعدہ کیا جا رہا ہے اگر دو آپ مجھے دکھادیں تو اے میرے رب مجھے ان ظالموں میں شامل نہ فرمائیے

وَاِنَّا عَلٰۤی اَنْ نُّرِیَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ؕ

اور بلا شبہ ان سے ہم جو وعدہ کر رہے ہیں ہمیں اس پر قدرت ہے کہ اسے آپ کو دکھادیں، آپ اس طریقے پر ان کی بدمعاملگی کو دفع کیجئے جو بہت ہی اچھا طریقہ ہے،

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾

ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے ہیں، اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب میں شیطان کے وسوسوں سے آپ کی پناہ لیتا ہوں

وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

اور اس بات سے آپ کی پناہ لیتا ہوں کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔

میں تصرف کرنے سے دوسرے کو روک کر خود مختار ہو جاتا ہے۔تا کہ ہر ایک کی بادشاہی دوسرے سے ممتاز ہو۔

وَ لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ (اور وہ ایک دوسرے پر چڑھائی کر دیتے) اور بعض دوسروں پر غالب آ جاتے۔جیسا کہ تم دنیا کے حکمرانوں کو دیکھ رہے ہو کہ ہر ایک ملک دوسرے سے ممتاز اور الگ ہے اور وہ ایک دوسرے پر غلبہ کیلئے کوشاں ہیں۔جب یہاں کوئی معمولی سا اثر بھی ممالک کے باہمی امتیاز اور ایک دوسرے پر غلبہ کیلئے دوڑ دھوپ کا آج تک پایا نہیں گیا تو یقین کر لو کہ وہ ایک ہی معبود ہے جس کے قبضہ میں ہر چیز کی ملکیت ہے۔

اور یہ سوال نہیں کیا جا سکتا کہ اذاً تو اس کلام میں داخل ہوتا ہے جس میں جزاء اور جواب پایا جائے حالانکہ یہاں لذھب جزاء اور جواب ہے مگر اس سے قبل شرط موجود نہیں اور نہ ہی کسی سائل کا سوال موجود ہے۔کیونکہ شرط محذوف ہے تقدیر کلام یہ ہے کہ ولو کان معه الهة اس پر ما کان معه من الہٍ دلالت کر رہا ہے۔اور یہ درحقیقت حجت باز مشرکین کا جواب ہے۔سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ (اللہ تعالیٰ پاک ہے ان سب باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں) مثلاً شریک اور اولاد وغیرہ۔

۹۲: عٰلِمِ (وہ جاننے والا ہے)

نَحو : مجرور ہو تو یہ اللہ کی صفت ہے اور رفع کی صورت میں یہ ھومبتدأ محذوف کی خبر ہے۔

قراءت: جر حفص کی قراءت ہے اور مدنی اور کوفی قراء علاوہ حفص کے رفع پڑھتے ہیں۔

الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ (پوشیدہ اور ظاہر کا) مخفی اور اعلانیہ کا فَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ (وہ بلند و برتر ہے ان تمام سے جن کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں) بت وغیرہ۔

## المون کو عذاب دیتے وقت اپنے میں رکھنا:

۹۳: قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِیَنِّیْ مَا یُوْعَدُوْنَ (کہہ دیں اے میرے رب اگر وہ عذاب تو مجھے دکھا دے جس کا ان کافروں سے وعدہ کیا

جاتا ہے۔) ما اور نون دونوں تاکید کیلئے ہیں۔ یعنی اگر ضروری ہے کہ تو ان سے وعدہ کیا جانے والا عذاب دنیا میں مجھے دکھائے یا آخرت میں۔

۹۴: رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ (تو اے میرے رب مجھے ان ظالموں کے ساتھ شامل نہ کرنا) یعنی مجھے ان کا ہمراہی نہ بنانا اور ان کو دیئے جانے والا عذاب مجھے نہ دینا۔ قول حسن: اللہ تعالیٰ نے آپ کو اطلاع دی ہے کہ آپ کی امت پر ناراضی کی سزا واقع ہوگی مگر یہ اطلاع نہیں دی کہ کب وہ عذاب اترے گا۔ پس اپنے پیغمبر ﷺ کو یہ دعا کرنے کا حکم فرمایا۔ نمبر۲۔ یہ بھی درست ہے کہ نبی معصوم ﷺ نے اپنے رب سے سوال کیا جس کے متعلق آپ کو معلوم ہوا کہ عنقریب وہ کرنے والے ہیں اور اس سے پناہ طلب کر رہے ہوں جس کے متعلق معلوم ہوا کہ وہ ایسا نہیں کریں گے یہ بطور اظہار عبودیت کے ہو۔ اور بطور تواضع ہو چنانچہ آپ ﷺ کا استغفار ایک ایک مجلس میں ستر ستر مرتبہ وہ اسی بناء پر تھا۔

نحو: فاء یہ جواب شرط میں لائی گئی ہے۔ اور ربّ والا جملہ معترضہ ہے جو جزاء وشرط کے درمیان آیا ہے۔

۹۵: وَاِنَّا عَلٰٓی اَنْ نُّرِیَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ (اور بیشک ہم اس بات پر قادر ہیں کہ جس عذاب کا ان سے ہم وعدہ کر رہے ہیں وہ آپ کو دکھادیں) کفار مکہ عذاب کا انکار کرتے اور اس کا مضحکہ اڑاتے تھے اس پر انہیں کہا گیا اللہ تعالیٰ اس وعدے کو پورا کرنے کی قدرت رکھتے ہیں اگر تم غور کرو۔ اس انکار کی کوئی وجہ نہیں؟ (کیونکہ دلائل قدرت تو شاہد ہیں)

## درگزر واحسان سے کام لیں:

۹۶: اِدْفَعْ بِالَّتِیْ (آپ ان کی برائی کا دفعیہ ایسی خصلت سے کر دیا کریں) هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ (جو کہ بہت ہی خوب ہو) یہ انداز بالحسنة السیئة کہنے کی بنسبت زیادہ بلیغ اور اوقع فی القلب ہے اس لئے کہ اس میں اسم تفضیل ہے۔ گویا اس طرح فرمایا ادفع بالحسنی السیئة مگر اس انسانی عبارت کی اس کے مقابلہ میں کیا حیثیت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ان کی زیادتیوں کے مقابلہ میں درگزر اور احسان سے حتی الامکان کام لیا جائے۔ قول ابن عباسؓ کہ احسن لا الہ الا اللہ ہے اور السیئہ شرک ہے یا سلام میں فحش انداز یا موعظہ کو غلط انداز سے کرنا۔ نمبر۲۔ یہ آیت قتال سے منسوخ ہے۔ نمبر۳۔ محکم آیت ہے۔ مدارات کا تو اس وقت تک حکم ہے جب تک اس سے دین میں نقصان نہ ہوتا ہو۔ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ (ہم بخوبی ان باتوں سے واقف ہیں جو وہ بیان کرتے ہیں) شرکیات وغیرہ یا آپ کے متعلق طعن وتشنیع پس ہم ان کو خود سزا دیں گے۔

۹۷: وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ (اور کہہ دیں اے میرے رب میں شیاطین کے وساوس سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں) یعنی ان کے وساوس اور طعنہ زنیوں سے۔

الھمز چبھونا، الہمزات یہ جمع ہے جو مرۃ اور ایک بار کا معنی دیتی ہے اور اس سے مھماز الرائض۔ سدھارنے والے کا کیلا۔ مطلب یہ ہے شیاطین لوگوں کو گناہ پر ابھارتے ہیں جس طرح سدھارنے والے جانوروں کو چال پر چلانے کیلئے ابھارتے ہیں۔

۹۸: وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ (اور اے میرے رب میں شیطان کے اپنے پاس حاضر ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں) نمبر۱۔ شیاطین کے چوکوں سے دعائیہ انداز میں پناہ مانگنے کا حکم دیا پہلے تو وساوس سے پناہ مانگی اور دوسری مرتبہ بالکل ان کے پاس بھٹکنے سے پناہ کا حکم دیا۔ (کیونکہ جب وہ پاس آئیں گے تو ضرور وسوسہ ڈالیں گے)۔ نمبر۲۔ یہ فقط تلاوت قرآن کے وقت حکم دیا

حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّیْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا

یہاں تک کہ جب ان کے پاس موت آ پہنچے تو کہتا ہے کہ اے میرے رب مجھے واپس کیجئے تاکہ میں جس کو چھوڑ کر آیا ہوں اس میں

تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

نیک عمل کروں، ہرگز نہیں! بلاشبہ یہ بات ہے جس کا وہ کہنے والا ہے اور ان کے آگے اٹھائے جانے کے دن تک برزخ ہے،

فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ

سو جب صور پھونکا جائے گا تو اس روز ان میں باہمی رشتے نہ رہیں گے اور نہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو پوچھیں گے، سو جس کے وزن بھاری

مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا

ہونگے تو یہ وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہوں گے اور جس کے وزن ہلکے ہوں گے تو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان

اَنْفُسَهُمْ فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

کر لیا، ہمیشہ جہنم میں رہیں گے، ان کے چہروں کو آگ جھلستی ہوگی اور اس میں ان کے منہ بگڑے ہوئے ہوں گے،

گیا ہے جیسا دوسری آیات اذا قرأت القرآن فاستعذ بالله) نمبر۳۔ فزع کے وقت۔

## قیامت کے وقت حسرت وندامت کا کلمہ:

۹۹: حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ (یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سر پر موت آکھڑی ہوتی ہے) نمبر۱۔ یہ یصفون سے متعلق ہے ای لا یزالون یشرکون الی وقت مجئی الموت کہ وہ شرک پر جمے رہیں یہاں تک کہ ان پر موت آئے۔ نمبر۲۔ وہ اس میں برے تذکرہ پر اس وقت تک قائم رہیں گے درمیان میں جملہ معترضہ ہے اوران سے چشم پوشی کی تاکید کیلئے لایا گیا ہے اس حال میں کہ اللہ تعالیٰ سے شیطان کے خلاف مدد مانگتا رہے تاکہ وہ کہیں ان کو خوابوں میں نہ اتار دے اور ان سے بدلہ لینے پر نہ ابھارے۔

قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ (کہتا ہے اے میرے رب تو مجھے دنیا میں واپس کردے) یعنی واپس لوٹا دو مجھے دنیا کی طرف۔ ارجعوا جمع کا صیغہ اللہ تعالیٰ کی ذات کیلئے بطور تعظیم لایا گیا ہے جیسا کہ بادشاہوں سے تعظیمی الفاظ سے خطاب ہوتا ہے۔

۱۰۰: لَعَلِّیْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ (شاید کہ میں اعمال صالحہ کروں اس دنیا میں جس کو میں چھوڑ آیا ہوں) اس جگہ میں جس کو میں چھوڑ آیا ہوں اور وہ دنیا ہے کیونکہ اس نے دنیا کو چھوڑا اور آخرت میں پہنچ گیا۔

## قولِ قتادہ رحمۃ اللہ علیہ:

اس نے اہل وعیال اور خاندان کی طرف لوٹنے کی تمنا نہیں کی بلکہ یہ تمنا کی جو دنیا میں برے کام ہوئے ان کا تدارک کرنے

کیلئے اسے لوٹا دیا جائے۔ لَعَلِّیْ (شاید کہ میں) قراءت: لَعَلِّیْ یائے ساکنہ کے ساتھ کوفی ،سہل ،یعقوب نے پڑھا ہے۔ یاء کے فتحہ کے ساتھ نافع ابن کثیر، ابوعمرو نے پڑھا ہے یعنی لَعَلِّیَ۔ کَلَّا (ہرگز نہیں) رجوع کے مطالبہ کو مسترد کیا اور اس سے انکار کیا اور اس سے استبعاد کا اظہار کیا ہے کہ ایسا ہونا بہت بعید تر ہے۔

نحو: یہ کلمہ وعید ہے کبھی بمعنی حقا بھی آجاتا ہے۔

اِنَّهَا كَلِمَةٌ (اس کی یہ بات ہی بات ہے) کلمہ سے مراد کلام کا ایک ایسا مجموعہ جو ایک دوسرے سے مربوط ہو اور وہ اس کا مقولہ ہے (رب ارجعون لعلی اعمل صالحًا فیما ترکت) هُوَ قَآئِلُهَا (جو وہ کہے جارہا ہے) اور کہتا جائے گا اس کو نہ چھوڑے گا اور نہ اس سے خاموشی اختیار کرے گا۔ کیونکہ حسرت و ندامت کا اس پر غلبہ ہوگا۔ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ (اور ان کے آگے) ھم کی ضمیر جماعت کی طرف ہے۔ بَرْزَخٌ (پردہ ہے) جو ان کے اور دنیا کی طرف واپس لوٹنے کے درمیان حائل کر دیا گیا ہے۔ اِلٰی يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (اس دن تک جب کہ ان کو اٹھایا جائے گا) یہ مراد نہیں کہ وہ بعث سے واپس لوٹیں گے بلکہ یہ کلی طور پر ناامید ہے اس لئے کہ یہ بات پختہ طور پر ثابت ہے کہ بعث کے بعد تو آخرت ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

## نفخ صور اور قیامت کا منظر:

۱۰۱: فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ (جب صور میں پھونک ماردی جائے گی) ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد نفخہ ثانیہ یعنی نفخۂ بعث ہے یہی صحیح ہے فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ (پس ان کے درمیان باہمی رشتہ داریاں اس دن نہ رہیں گی)

قراءت: یومئذ یہ ادغام کے ساتھ ابوبکر نے پڑھا ہے۔ کیونکہ اجتماع مثلین ہے۔ اگرچہ یہ دو کلمے ہیں۔ مطلب یہ ہے ان کے درمیان انقطاع اسی وقت ہی واقع ہو جائے گا جبکہ ان کی دو جماعتیں نمبر ۱۔ ثواب والے نمبر ۲۔ سزا والے ہو جائیں گی اور ان کے درمیان صرف نسبی تعلق سے ملاپ کی صورت رہ جائے گی جبکہ وہ یوم یفر المرءُ من اخیه وامه وابیه وصاحبته وبنیه [عبس: ۳۶،۳۴] وہ صرف اعمال کی بنیادی پر رہ جائے گی۔

وَلَا يَتَسَآءَلُوْنَ (وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال نہ کریں گے) یعنی رشتہ داری اور خاندان کا سوال نہ کریں گے جیسا کہ وہ دنیا میں سوال کرتے تھے کیونکہ ہر ایک اپنی حالت میں اس قدر مگن ہوگا کہ ساتھی کے متعلق پوچھنے سے بے نیاز ہوگا۔

## ایک حل:

اس آیت میں لا یتساء لون آرہا ہے۔ اور دوسری آیت واقبل بعضهم علی بعض یتساء لون [الصافات: ۲۷] میں سوال کا تذکرہ موجود ہے۔ حقیقت میں ان کے مابین کوئی تناقض نہیں کیونکہ قیامت کے طویل دن میں بہت سے مواقع پیش آئیں گے۔ بعض مقامات پر خوف شدید ہونے کی وجہ سے باہمی سوال نہ کر سکیں گے۔ اور بعض مواقع میں افاقہ پا کر ایک دوسرے سے پوچھ لیں گے۔

۱۰۲: وَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ (پس جس کے میزان بھاری ہونگے) موازین جمع موزون کی ہے۔ اور یہ تولے جانے والے اعمال صالحہ ہونگے جن کی قدر و منزلت اللہ تعالیٰ کے ہاں پائی جاتی ہے اور کافروں کے متعلق تو فرمایا فلا نقیم لهم یوم القیامة

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا

کیا تمہارے پاس میری آیتیں نہیں آئی جو تمہارے اوپر تلاوت کی جاتی تھیں پھر تم انہیں جھٹلاتے تھے، وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہماری بدبختی ہم پر

شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

غالب آ گئی اور ہم گمراہ لوگ تھے اور اے ہمارے رب ہمیں اس سے نکال دیجئے پھر اگر ہم دوبارہ کریں تو بلاشبہ ہم ظالم ہوں گے،

قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ تم اسی میں راندے ہوئے پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو، بلاشبہ بات یہ ہے کہ میرے بندوں میں سے ایک جماعت تھی، جو یوں دعا کرتے تھے

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

کہ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے سو آپ ہمیں بخش دیجئے اور ہم پر رحم فرمائیے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھکر رحم فرمانے والے ہیں، سو تم نے ان کو مذاق بنالیا

حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا

یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھلا دی اور تم ان سے ہنستے تھے بلاشبہ آج میں نے انہیں ان کے صبر کرنے کی وجہ سے یہ بدلہ دیا

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

کہ وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔

وزنا [الکہف:۱۰۵] فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (پس وہی کامیاب ہونے والے ہیں)

## خسارے والوں کا ذکر اور انکا اعتراف:

۱۰۳: فَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ (اور جن کے میزان ہلکے ہونگے) گناہوں کی وجہ سے۔ اس سے مراد کفار ہیں۔ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (پس یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے نفوس کو نقصان میں ڈالا) گھاٹے میں مبتلا کیا۔ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ (وہ جہنم میں ہمیشہ رہنے والے ہونگے۔)

نحو: یہ خسروا انفسهم سے بدل ہے اور بدل اور مبدل منہ کا کوئی محلِ اعراب نہیں ہے کیونکہ صلہ کا کوئی محل نہیں ہوتا ہے۔ نمبر۲۔ دوسری خبر ہے اولٰئک کیلئے۔ نمبر۳۔ مبتدأ محذوف کی خبر ہے۔

۱۰۴: تَلْفَحُ (جھلسا دے گی) جلا دے گی۔ وَجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ (ان کے چہروں کو آگ اور وہ اس آگ میں بدشکل ہونگے) ترش رو ہونگے۔ پس انہیں کہا جائے گا۔

۱۰۵: اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ (کیا تم کو میری آیات پڑھ کر نہیں سنائی گئیں یعنی قرآن) دنیا میں فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ

(پھر تم ان کو جھوٹا قرار دیتے تھے) اور یہ گمان کرتے تھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہیں۔
۱۰۶: قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا (وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہم پر غالب آ گئی) ہمیں گھیر لیا شِقْوَتُنَا (ہماری بدبختی نے)
قراءت: حمزہ وعلی نے شقاوتنا پڑھا ہے اور یہ دونوں مصدر ہیں۔ مطلب یہ ہے ہم اپنے برے اعمال سے بدبخت ہو گئے جو ہم نے کیے۔

## اہلِ تاویل کا قول:

ہم پر غالب آ گئی وہ بدبختی جو ہمارے لیے لکھی تھی۔ یہ درست نہیں ہے کیونکہ وہ لکھا جاتا ہے جو کہ بندہ کرتا اور جس کے متعلق وہ جانتا ہے کہ وہ اسی کا چناؤ کرے گا اور نہیں لکھا جاتا اس کے علاوہ کہ جس کے بارے میں معلوم ہے کہ وہ اس کے اختیار کرے گا۔ پس بندہ مغلوب ومضطر فعل میں نہ ہوا۔

اہل جہنم یہ بات بطور معذرت کریں گے کیونکہ وہ جانتے ہونگے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں بڑی کوتاہی کی ہے پس اس موقعہ پر یہ مناسب نہیں کہ وہ اپنے قصور کے سلسلے میں اپنے نفوس کیلئے معافی طلب کریں اور اسی لئے بطور اعتراف کہیں گے۔

وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ (اور ہم راستہ کو گم کرنے والے لوگ تھے) حق وصواب سے گم گشتہ تھے۔
۱۰۷: رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا (اے ہمارے رب! تو ہمیں اس سے نکال دے) ھا کی ضمیر آگ کی طرف لوٹ رہی ہے۔ فَاِنْ عُدْنَا (پس اگر ہم دوبارہ ایسا کریں) یعنی کفر کی طرف لوٹیں اور تکذیب اختیار کریں۔ فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ (پس بیشک ہم ظالم وقصوروار ہونگے) ہم اپنے نفوس پر ظلم کرنے والے ہونگے۔

## آخری کلام:

۱۰۸: قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا (اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اس میں راندے ہوئے پڑے رہو) ذلت ورسوائی کے ساتھ بالکل خاموشی اختیار کرو۔ وَلَا تُكَلِّمُوْنِ (اور مجھ سے بات نہ کرو) اپنے سے عذاب کو دور کرنے کے سلسلہ میں اس لئے کہ عذاب نہ ہٹایا جائے گا اور نہ اس میں تخفیف ہوگی۔

ایک قول یہ ہے یہ آخری کلام ہوگی جو جہنمی کر پائیں گے پھر کلام نہ ہوگا ہینگنے کی زوردار اور ہلکی آوازیں فقط نکلیں گی۔ (لهم فيها زفير و شهيق)
قراءت: ان يحضرونى اور ارجعو نى ولا تكلمونى وصل ووقف دونوں حالتوں میں یاء سے پڑھے گئے ہیں۔ البتہ یعقوب وغیرہ نے بغیر یاء کے پڑھا ہے۔

## نیکوں سے تمسخر کا نتیجہ:

۱۰۹، ۱۱۰: اِنَّهٗ (بیشک معاملہ اور شان یہ ہے) یہ ضمیر شان ہے۔ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا (کہ میرے بندوں کی ایک جماعت تھی جو کہا کرتے تھے اے ہمارے رب ہم ایمان لائے

پس تو ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے پس تم نے انکا مذاق اڑایا)

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِى الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ

اللہ تعالیٰ کا سوال ہوگا کہ تم برسوں کی گنتی کے اعتبار سے زمین میں کتنے دن رہے وہ کہیں گے کہ ایک یا ایک دن سے بھی کم رہے

فَسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

سو آپ گننے والوں سے سوال فرمالیجئے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کہ تم تھوڑی ہی مدت رہے اگر تم جانتے ہو،

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ

کہ کیا تم نے یہ خیال کیا کہ ہم نے تمہیں بطور عبث پیدا کیا اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے۔ سو برتر ہے اللہ جو بادشاہ ہے

الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

حق ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عرش کریم کا رب ہے، اور جو کوئی شخص اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو پکارے

لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ

رکوع ۲

جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے سو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے، بلاشبہ بات یہ ہے کہ کافر لوگ کامیاب نہیں ہونگے، اور آپ یوں دعا کیجئے

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

کہ اے میرے رب بخش دیجئے اور رحم فرمائیے بلاشبہ آپ رحم کرنے والوں میں سے سب سے بہتر رحم فرمانے والے ہیں۔

نحو: سِخْرِيًّا یہ مفعول ثانی ہے (باتوں میں مذاق اڑانا، استہزاء کرنا جب سین کے کسرہ سے ہو کذا قال الفراء)
قراءت: سُخْرِيًّا مدنی، حمزہ، علی نے پڑھا (کسی کو غلام بنانا اور تحقیر کرنا) دراصل یہ دونوں مصدر ہیں السحر اور السُخر۔البتہ یائے نسبت لگ جانے سے معنی میں مبالغہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ایک قول یہ صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔دوسرا قول خصوصاً اصحاب صفہ مراد ہیں۔مطلب یہ ہے تم نے ان کا مذاق اڑایا اور ان کے ساتھ تمسخر نے تمہیں ہر چیز سے بے خبر کر دیا۔حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ (یہاں تک کہ اس بات نے تمہیں میری یاد بھلادی) ایمان والوں کو ہنسی کے مشغلہ نے ذِكْرِىْ (میری یاد کو تم نے چھوڑ دیا۔)
مطلب یہ ہے کہ ان میں مشغولیت میری یاد کے بھلانے کا سبب بنی۔وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ (تم ان سے ہنسی کیا کرتے تھے)
۱۱۱: اِنِّىْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا (میں نے آج ان کو ان کے صبر کے باعث بدلہ دیا) ان کے صبر کے سبب۔اَنَّهُمْ اس لئے کہ وہ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (وہی ہیں کامیاب)
نحو: جائز ہے کہ یہ مفعول ثانی ہو۔تقدیر کلام اس طرح ہوگی جزیتهم اليوم فوزهم میں نے ان کو کامیابی کا بدلہ دیا۔کیونکہ

جزاء کالفظ دومفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسا دوسرے مقام پر فرمایاو جزٰبھم بما صبرو اجنة[الانسان:۱۲]
قراءت: انہم کسرہ کے ساتھ حمزہ،علی نے پڑھا اور جملہ مستانفہ قرار دیا ہے ای انهم هم الفائزون الا انتم بیشک وہ وہی کامیاب ہیں نہ کہ تم۔
۱۱۲: قٰلَ (اللہ تعالیٰ فرمائیں گے) یا جوفرشتہ ان کے سوال و جواب پر مقرر کیا گیا ہوگا۔
قراءت: قُل مکی،حمزہ،علی نے پڑھا ہے مالک فرشتہ کو حکم ہوگا کہ ان سے سوال کرے۔ كَمْ لَبِثْتُمْ فِی الْاَرْضِ (تم زمین یعنی دنیا میں کتنا عرصہ ٹھہرے) عَدَدَ سِنِیْنَ (گنتی کے سال) یعنی تمہارے ٹھہرنے کے سالوں کی گنتی کتنی ہے۔
نحو: کم یہ لبثتم کی وجہ سے منصوب ہے اور عدد یہ تمیز ہے۔

## دنیا کی قلیل مدت:

۱۱۳: قَالُوْا لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْبَعْضَ یَوْمٍ (انہوں نے کہا ہم ایک دن یا دن کا بعض حصہ ٹھہرے ہیں) انہوں نے دنیا کی اس مدت کو خلود کے مقابلہ میں قلیل قرار دیا اور اس لئے بھی کہ وہ عذاب میں مبتلا ہیں اور عذاب میں پڑا ہوا تکلیف کے دنوں کو طویل قرار دیتا ہے اور خوش بختی کے ایام کو قلیل قرار دیتا ہے۔ فَسْئَلِ الْعَآدِّیْنَ (تم گنتی کرنے والوں سے دریافت کرو) عادین حساب کرنے والے یا وہ ملائکہ جو انسانوں کی عمروں اور اعمال کی گنتی پر مقرر ہیں۔
قراءت: مکی وعلی نے فَسَلْ بلا ہمزہ پڑھا ہے۔
۱۱۴: قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا (ارشاد ہوگا تم دنیا میں نہیں ٹھہرے مگر تھوڑا تھوڑا۔ لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (لیکن کیا خوب ہوتا ہے کہ تم سمجھتے ہوتے) دنیا میں ٹھہرنے کی مدت کے قلیل ہونے میں اللہ تعالیٰ نے ان کی تصدیق فرمائی اور ان کی غفلت پر ان کو متنبہ کیا۔
قراءت: حمزہ وعلی نے قُلْ اِنْ پڑھا ہے۔

## اپنے کو بیکار سمجھنا:

۱۱۵: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا (پس کیا تم نے یہ خیال کر لیا تھا کہ ہم نے تم کو محض بیکار پیدا کیا ہے)
نحو: عبثا یہ حال ہے اس حال میں کہ تم بیکار قرار دینے والے تھے۔ نمبر۲۔ مفعول لہ یعنی للعبث ہم نے تم کو بیکاری کیلئے پیدا کیا ہے۔ وَّ اَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ (اور تم ہمارے پاس لوٹا کر نہیں لائے جاؤ گے)
قرات: حمزہ وعلی ویعقوب نے تاء کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے پڑھا ہے اور اس صورت میں اس کا عطف انما خلقنا کم پر ہے یا عبثًا پر ہے۔ یعنی بیکاری کیلئے اور اس لئے تا کہ ہم تمہیں بغیر لوٹائے چھوڑ دیں گے؟ بلکہ ہم نے تمہیں مکلف بنایا تا کہ پھر تکلیف کے مقام سے دارالجزاء کی طرف لوٹا کر محسن کو ثواب اور گناہ گار کو سزا دیں۔

## وہ جس کی مملکت کو زوال نہیں:

۱۱۶: فَتَعٰلَی اللّٰهُ (پس بہت عالی شان ہے) اس سے کہ بے کار پیدا کرے۔ الْمَلِكُ الْحَقُّ (سچا بادشاہ) وہ ذات جس کو بادشاہی لائق ہے کیونکہ ہر چیز اسی نے بنائی اور اسی کی طرف لوٹ کر جائے گی۔ نمبر۳۔ وہ قائم رہنے والی ذات ہے کہ جس پر زوال

نہیں اور نہ اس کی مملکت کو زوال ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ (اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی بزرگی والے عرش کا مالک ہے) عرش کی صفت کرم سے فرمائی گئی ہے کیونکہ رحمت الٰہی اسی سے زمین پر اترتی ہے۔ نمبر۲۔ کیونکہ اس عرش کی نسبت اس ذات کی طرف ہے جو اکرم الاکرمین ہے۔

قراءت: شاذہ میں الکریم کو ضمہ سے پڑھا گیا ہے اور ربّ کی صفت بنائی ہے۔

## باطل کی سرے سے دلیل ہی نہیں:

۱۱۷: وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ۔ (واللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت کرتا ہے کہ جس کے معبود ہونے پر کوئی دلیل بھی اس کے پاس نہیں)

برھانؔ کا معنی حجت ہے لَهٗ بِهٖ یہ جملہ معترضہ ہے جو شرط و جزاء کے درمیان واقع ہے جیسا کہتے ہیں من احسن الی زید۔ لاأحق بالا حسان منه فان الله مثیبه۔ جو زید پر احسان کرے پس اللہ تعالیٰ اس کو بدلہ دینے والے ہیں کیونکہ زید سے بڑھ کر احسان کا کوئی حقدار نہیں۔ نمبر۲۔ یہ صفت لازمہ ہے جس کو تاکید کیلئے لایا گیا ہے مثلاً فرمایا گیا یطیر بجناحیه[الانعام:۳۸] پرندے نے تو اڑنا ہی پروں سے ہے جناحین کا ذکر تاکید کیلئے فرمایا گیا ہے۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ الٰھہ میں کوئی ایسا ہے جس کے لئے کوئی دلیل الوہیت ہو سکتی ہے (بلکہ دوسروں کی عبادت جب باطل ہے تو باطل کی سرے سے دلیل ہوتی ہی نہیں) فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ (پس بیشک اس کا حساب) یعنی اس کی جزاء اور یہ شرط کی جزاء ہے۔ عِنْدَ رَبِّهٖ (اپنے رب کے ہاں) یعنی پس وہ اس کو بہرصورت سزا دیگا۔ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ (بیشک کافروں کو کبھی کامیابی نہ ہوگی)

## آغاز وانتہائے سورت:

سورت کے آغاز کو ایمان والوں کی فلاح سے شروع کیا قد افلح المؤمنون اور اس کا اختتام ایمان کی ضد کفر کو اختیار کرنے والوں کے انجام پر فرمایا۔ ابتداء وانتہاء میں کتنا فاصلہ ہے کہ ناکام ایمان نہ لانے والے ہیں پھر ہمیں مغفرت و رحمت کا سوال آخر میں سکھایا تاکہ انجام کفر سے بچیں اور بچا سکیں۔

## انجام بد سے بچانے کے لئے رحمت ومغفرت کا سوال:

۱۱۸: وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (کہہ دیں اے میرے رب تو بخشش فرما اور رحم فرما اور تو ہی سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے) بخشش و رحمت طلب کرنے کے بعد پھر فرمایا آپ تو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ہیں کیونکہ اس کی رحمت جب بندے کو پالے تو کسی دوسرے کی رحمت کی ضرورت نہیں رہتی اور دوسروں کی رحمت ومہربانی اس کی رحمت سے مستغنی نہیں کر سکتی۔ اللهم اغننی برحمتك يا أرحم الرحمين

الحمد لله حمدًا لاغناء عن رحمته سورۃ المؤمنون کا تفسیری ترجمہ آج نماز عشاء کے بعد بروز منگل ۱۴۲۳ھ ۱۳ شوال مکمل ہوا۔

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ نور مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اس میں چونسٹھ آیات اور نو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ① اَلزَّانِيَةُ

یہ ایک سورت ہے جو ہم نے نازل کی ہے اور ہم نے اس کی ادائیگی کا ذمہ دار بنایا ہے اور ہم نے اس میں واضح آیات نازل کی ہیں تا کہ تم سمجھو۔ زنا کرنے والی

وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ

عورت اور زنا کرنے والا مرد ان میں سے ہر ایک کو سو درے مارو اور اللہ کے دین میں ان دونوں کے بارے میں تمہیں

فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا

رحمت نہ پکڑے اگر تم ایمان لاتے ہو اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور ان کی سزا کے وقت مومنین کی

طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ②

ایک جماعت حاضر رہے۔

۱: سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۔ (یہ ایسی سورۃ ہے کہ جو ہم نے نازل کی ہے اور اس کو فرض کیا اور اس کے اندر کھلی آیات نازل کی ہیں تا کہ تم نصیحت قبول کرو)۔

سُوْرَةٌ نحو : یہ مبتدأ محذوف ھذہٖ کی خبر ہے۔

اَنْزَلْنٰهَا (ہم نے اس کو اتارا ہے) یہ سورۃ کی صفت ہے۔

قراءت: طلحہ کی قراءت میں سورۃ پڑھا گیا ہے اس صورت میں ترکیب زیدا ضربتہٗ کے انداز سے ہوگی اے انزل سورۃ انزلنھا نمبر۲۔اتل سورۃ ۔فعل محذوف کا مفعول بنے گی۔السورۃ ایسا مجموعہ کلام جو کئی جملوں پر مشتمل ہو جس کی ابتداء بھی ہو اور اختتام بھی۔ یہ سور المدینۃ کے محاورہ سے اخذ کی گئی ہے۔وَفَرَضْنٰهَا (اور اس کو فرض کر دیا) یعنی اس کے ان احکامات کو جن پر وہ سورۃ مشتمل ہے ہم نے فرض کر دیا۔الفرض کا اصل معنی کاٹنا ہے اور ہم نے اس سورت کو احکام میں الگ الگ بیان کیا ہوا کر دیا۔

قراءت: مکی اور ابوعمرو نے فرّضنٰھا تشدید کے ساتھ پڑھا۔ایجاب وتاکید میں اس سے اضافہ ہو جاتا ہے نمبر۲۔کیونکہ اس میں

مختلف فرائض ہیں۔ نمبر۳۔ سلف اور ان کے بعد جو لوگ گزرے ہیں کیونکہ ان کی ذمہ داریاں زیادہ تھیں۔
وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ (اور ہم نے اس کے اندر کھلی آیات نازل کی ہیں) یعنی واضح دلائل لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (تا کہ تم نصیحت قبول کرو) تا کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

قراءت: حمزہ، علی وخلف وحفص نے تذکرون ذال کی تخفیف سے پڑھا ہے۔ پھر اس کے احکامات کی تفصیل کرتے ہوئے فرمایا:

## زانی کی سزا:

۲: اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ (زانی مرد، زانی عورت) ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہیں اور خبر محذوف ہے۔ یعنی زانیہ اور زانی کے سلسلہ میں تم پر فرض ہے یعنی ان دونوں کو کوڑے لگانا۔ نمبر۲۔ خبر فاجلدوا ہے الف لام الذی کے معنی میں ہے۔ جس میں شرط کا معنی متضمن ہے اس وجہ سے خبر پر فاءداخل کی گئی ہے تقدیر کلام یہ ہے وہ عورت جو زنا کرے اور وہ مرد جو زنا کا مرتکب ہو پس ان دونوں کو کوڑے لگاؤ اس کی مثال دوسرے ارشاد میں ہے و الذین یرمون المحصنات ثم لم یاتو اباربعة شهداء فاجلدوهم [النور:۴]

قراءت: عیسیٰ بن عمر نے نصب سے پڑھا ہے۔ اس فعل کو مضمر مانا ہے۔ جس کی ظاہر تفسیر کر رہا ہے اور یہ سورة انزلناها سے زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ امر ہے۔

فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ (تم ان میں سے ہر ایک کو کوڑے مارو) الجلد بدن پر مارنا۔

مَسْئَلَه: اس میں اشارہ ہے کہ کوڑا مارنے میں اتنا مبالغہ نہ کیا جائے گا۔ کہ تکلیف گوشت تک پہنچے اور خطاب حکام کو کیا گیا ہے کیونکہ حد کی اقامت دین میں سے ہے اور اس کی ذمہ داری تمام لوگوں پر ہے اور تمام کا اجتماع ممکن نہیں پس امام ان کے قائم مقام ہوا اور یہ اس آزاد کا حکم ہے جو شادی شدہ نہ ہو کیونکہ شادی شدہ کی سزا تو سنگساری ہے۔

## شرائطِ احصان:

رجم کیلئے یہ ہیں۔ نمبر۱۔ آزادی، نمبر۲۔ عقل نمبر۳۔ بلوغ نمبر۴۔ اسلام۔ نمبر۵۔ صحیح نکاح سے شادی نمبر۶۔ قربت۔

مَسْئَلَه: یہ دلیل ہے کہ تغریب حد شرعی میں داخل نہیں اس لئے کہ فاء شرط کی جزاء پر داخل ہوتی ہے اور جزاء اس چیز کو کہتے ہیں جو کفایت کرنے والی ہو۔ جس روایات میں تغریب کا تذکرہ ہے وہ آیت سے منسوخ ہے جیسا کہ حبس اور ایذاء اس قول میں منسوخ ہے فا سكوهن فی البیوت [النساء:۱۵] اور فاذوهما [النساء:۱۶] اس آیت کے ذریعہ وَّ لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ (اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنا چاہیے) رأفہ بمعنی رحمت ہے۔

قراءت: مکی کی قراءت میں رافۃ، راء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

ایک قول: ناپسند کو دفع کرنا رأفت کہلاتا ہے پسندیدہ چیز کا پہنچانا رحمت کہلاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حدود کو پورا کرنے میں مسلمانوں کو پختگی سے کام لینا چاہیے اور اس کی حدود کے پورا کرنے میں نرمی ہرگز نہ برتنی چاہیے کہ جس سے حدود

اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِکَةً ز وَّالزَّانِیَةُ لَا یَنْکِحُهَآ اِلَّا زَانٍ

زانی نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زانیہ یا مشرکہ کے اور زانیہ کے ساتھ بھی اور کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا

اَوْ مُشْرِکٌ ج وَحُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۳﴾

مشرک کے اور یہ مسلمانوں پر حرام کیا گیا ہے۔

معطل ہوں یا ضرب میں تخفیف کریں فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کے دین میں) اللہ تعالیٰ کی اطاعت یا اس کے حکم میں اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ (اگر تمہیں اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان ہے) اس میں ابھارا گیا اور اللہ تعالیٰ اور اس کے دین کی خاطر غیرت کو برانگیختہ کیا گیا ہے۔

نحو : یہ شرط ہے اور اس کا جواب مضمر ہے۔ فاجلدوا و لاتعطّلوا الحسد ،

## سزا کے وقت لوگوں کی موجودگی :

وَلْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا (اور ان کی سزا کے وقت میں حاضر ہو) ان کو حد لگنے کے مقام پر موجود ہو۔ عذاب سے حد کو تعبیر کر کے بتلا دیا کہ وہ سزا ہے۔ طائفة (ایک گروہ، جماعت) ممکن ہے کہ وہ حلقہ بنالیں تا کہ وہ عبرت پکڑیں اور اس کو ڈانٹ پڑے۔ ان کی کم سے کم تعداد تین یا چار ہے۔ یہ طائفہ صفت غالبہ ہے گویا ایسی جماعت ہو جو کسی چیز کے گرد گھیرنے والی ہو۔ قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: چار سے چالیس آدمی ہوں۔ من المؤمنین (اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرنے والوں میں سے۔)

## شفاعت میں اضافہ کے لئے قرین مشرک بنانا :

۳: اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِکَةً وَّ الزَّانِیَةُ لَا یَنْکِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ (زنا کرنے والا نکاح نہیں کرتا مگر زنا کرنے والی سے یا شرک کرنیوالی سے اور زانیہ سے نکاح نہیں کرتا مگر زانی یا مشرک) یعنی وہ خبیث شخص جس کا کام زنا والا ہے وہ صالحہ عورتوں سے نکاح کی رغبت نہیں رکھتا وہ تو اپنے جیسی خبیثہ کی طرف ہی رغبت رکھتا ہے۔ یا مشرکہ کی طرف راغب ہے۔

الخبیثة یعنی زانیہ وغیرہ اسی طرح اپنے نکاح کیلئے نیک لوگوں کی طرف رغبت نہیں رکھتی وہ نکاح کی رغبت فساق و فجار اور مشرکین سے رکھتی ہے جو اسی طرز و طریق والے ہوتے ہیں۔

حاصل آیت یہ ہے زانیہ عورتوں کے ساتھ نکاح سے زہد اختیار کیا جائے۔ اس لئے کہ زنا قباحت و شناعت میں شرک کا معادل ہے اور ایمان اور پاکدامنی چولی دامن کا ساتھ رکھتے ہیں اس کی نظیر دوسرے ارشاد میں ہے۔ الخبیثات للخبیثین [النور:۲۶] ایک قول یہ ہے زانیہ عورت سے نکاح ابتدائے اسلام میں حرام تھا۔ پھر اس آیت سے منسوخ ہوا وانکحوا الایا مٰی منکم [النور:۳۲] (یہ سعید بن مسیب کا قول ہے گویا اس آیت سے بے شوہر عورتوں سے بلا تخصیص نکاح کی اجازت ہوگئی)

قول دیگر یہ ہے نکاح سے وطی مراد ہے کیونکہ غیر زانی، زانیہ عورت کو گندا سمجھتا ہے اور اس کی خواہش نہیں رکھتا یہ بات تو صحیح

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر چار گواہ نہ لائیں تو ان کو اسی درے

جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

مارو، اور کبھی ان کی گواہی قبول نہ کرو، اور یہ لوگ فاسق ہیں مگر جو لوگ

تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾

اس کے بعد توبہ کرلیں اور اصلاح کرلیں تو بلاشبہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ہے مگر یہ اس قول کی طرف پہنچانے والی ہے الزانی لا یزنی الابزانیۃ والزانیۃ لا یزنی بھا الازان کہ زانی تو زانیہ سے ہی زنا کرتا ہے اور زانیہ زانی کے ساتھ ہی زنا کرتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ سے اس شخص کے متعلق دریافت کیا گیا جس نے کسی عورت سے زنا کیا ہو۔ پھر اس سے شادی کرلے تو فرمایا اس کی ابتداء تو زنا ہے اور انتہاء نکاح ہے۔ ( کنز العمال ) اول جملہ کا مطلب یہ ہے کہ زانی کی حالت یہ ہے کہ وہ پاکدامن عورتوں کی طرف رغبت نہیں رکھتا۔ لیکن زانیہ عورتوں کی طرف راغب ہے۔ دوسرے جملہ کا مطلب یہ ہے کہ زانیہ عورت کی حالت تو یہ ہے کہ وہ پاکدامن مردوں کی طرف رغبت تو نہیں رکھتی لیکن زانیوں کی طرف رغبت رکھتی ہے۔ یہ دو معانی مختلف ہیں۔

نکتہ : الزانیہ کو الزانی سے پہلے لایا گیا۔ کیونکہ یہ آیت دونوں کی حرکت پر حد کیلئے اتری اور عورت ہی تو مادۂ جنابت ہے کیونکہ اگر وہ مرد کو طمع نہ دلاتی اور نہ بھڑکاتی اور اس کو اپنے اوپر قابو نہ دیتی تو وہ اس کی طمع نہ کرسکتا تھا اور نہ ہی اس پر قابو پا سکتا تھا۔ جب وہ اس میں اصل اور بنیاد ٹھہری تو تشنیع کیلئے اولاً اس کا تذکرہ کردیا گیا۔ اور دوسری آیت تذکرۂ نکاح کیلئے لائی گئی ہے اور اس میں مرد اصل ہے۔ کیونکہ پیغام نکاح دینے والا وہی ہے۔ اور طلب کی ابتداء اسی کی طرف سے ہوئی۔

قراءت : لا يَنْكِحْ نہی قرار دیکر جزم سے پڑھا گیا اور مرفوع پڑھنے میں بھی معنی نہی کا پایا جاتا ہے اور یہ زیادہ بلیغ ومؤکد ہے۔ ایک قول یہ ہیکہ یہ خبر محض بھی ہوسکتی ہے اس کا معنی یہ ہوگا ان کی عادت اسی طریقہ سے چلی آرہی ہے پس مؤمن کیلئے مناسب نہیں کہ اپنے آپ کو اس عادت کے تحت داخل کرے اور وہ اس سے اپنے کو بچا کر رکھے۔

## تحریم کا معنی :

وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ (اور حرام کی گئی یہ ایمان والوں پر ) یعنی زنا یا زانیہ سے ان کی کمائی کھانے کی غرض سے نکاح کرنا یا اس میں فساق سے مشابہت اور مواقع تہمت میں اپنے آپ کو پیش کرنا ہے اور اپنے متعلق بری بات کا سبب پیدا کرنا اور غیبت میں مبتلا کرنا، غلط مجالس کا اختیار کرنا بلکہ ارتکاب گناہ کے کتنے ہی مواقع مہیا کرنا ہے؟ پھر زانیہ اور قحبہ خانے کی عورتوں سے نکاح تو مرکزِ گناہ کیونکر نہ ہو؟

## تہمت لگانے والوں کا حکم:

۴: وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ (اور وہ لوگ جو پاکدامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں)

قراءت: علی نے مُحصِنَات پڑھا ہے۔

مطلب یہ ہے وہ زنا کی تہمت، آزاد، پاکدامن مسلمہ مکلفہ پر لگاتے ہیں۔القذف تہمتِ زنا اور دیگر تہمتوں کیلئے بھی آتا ہے یہاں مرادزنا کی تہمت ہے کہ اس طرح کہے یازانیہ۔ نمبرا۔ کیونکہ زانیہ عورتوں کے بعد پاکدامنہ عورتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ نمبر۲۔ اس لئے بھی کہ چار گواہ اس کے لیے شرط نہیں اس ارشاد کی بناء پر ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ (پھر وہ چار گواہ نہ لائے) وہ چار گواہ نہیں لائے جو زنا کی گواہی دیں کیونکہ قذف بغیر زنا یہ ہے کہ کہے یافاسق یا آکل الربا۔اس میں دو گواہ کافی ہیں اور اس پر تعزیر ہوگی۔

## شروط احصان القذف:

نمبرا۔حریت نمبر۲۔عقل۔نمبر۳۔بلوغ نمبر۴۔اسلام، نمبر۵۔زنا سے پاک ہونا۔محصن اور محصنہ وجوب حد قذف میں برابر ہیں۔

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً (ان کو اسّی کوڑے مارو) اگر (قاذف) تہمت لگانے والا آزاد ہو۔

نحو: ثمانین اسی طرح منصوب ہے جیسے مصدر منصوب ہوتے ہیں جیسا کہ مائۃ جلدۃ منصوب ہے اور جلدۃً تمیز کی وجہ سے منصوب ہے۔

وَّ لَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا (اور تم ہرگز ان کی گواہی کبھی بھی قبول نہ کرو) شہادت کا لفظ نکرہ تحت النفی ہے جو کہ ہر شہادت کو عام ہے۔احناف کے نزدیک حد کی شہادت رد کردی جائے گی اور اس کا تعلق استیفائے حد یا بعض حد سے ہے جیسا کہ معروف ہے۔

عندالشافعی رحمہ اللہ اس کی شہادت کا مسترد کرنا نفس قذف سے ہے۔عندنا رمی کی سزا کوڑے ہیں اور شہادت کا رد کرنا مدت حیات تک ہوگا۔وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (اور یہ لوگ فاسق ہیں۔) یہ جملہ مستانفہ ہے۔شرط کی جزاء کی حدود میں داخل نہیں ہے جملہ شرطیہ کے اختتام پر گویا کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تہمت لگانے والوں کی حکایت حال ذکر کی گئی اور اس کا فرمانا:

۵: اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ (مگر وہ لوگ جنہوں نے اس کے بعد توبہ کرلی) تہمت سے وَ اَصْلَحُوْا (اور درستگی کرلی) اپنے حالات کی۔

نحو: یہ الفاسقون سے استثناء ہے اور اس پر یہ ارشاد دلالت کررہا ہے۔

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (پس بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والے رحم کرنے والے ہیں) وہ گناہوں کو بخش دے گا اور ان پر رحم فرمائے گا۔عندنا مستثنیٰ کا حق یہ ہے کہ وہ منصوب ہو کیونکہ وہ کلام موجب سے استثناء ہے۔دوسرا قول جنہوں نے استثناء کو جملہ ثانیہ سے متعلق قرار دیا ان کے ہاں مجرور ہے اور ھم میں ھم سے بدل ہے۔ ربط: پہلے اجنبی عورتوں کے قذف کا ذکر تھا۔اب ازواج کے قذف کا ذکر فرمایا۔

وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

اور جو لوگ اپنی بیویوں کو تہمت لگائیں اور ان کے پاس ان کی اپنی جانوں کے علاوہ گواہ نہ ہوں تو یہ تہمت لگانے والا

اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۶﴾ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ

اللہ کی قسم کھا کر چار مرتبہ یوں کہے کہ بلاشبہ وہ سچوں میں سے ہے، اور پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ مجھ پر اللہ کی لعنت

عَلَیْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۷﴾ وَیَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ

ہو اگر میں جھوٹا ہوں، اور عورت کی سزا اس طرح ٹل جائے گی کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یوں

بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۸﴾ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَیْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ

کہے کہ بلاشبہ یہ جھوٹوں میں سے ہے، اور پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ مجھ پر اللہ کا غضب ہو اگر یہ سچوں میں

الصّٰدِقِیْنَ ﴿۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِیْمٌ ﴿۱۰﴾ ع

سے ہو، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ کہ بلاشبہ اللہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے حکمت والا ہے تو تم بڑی مصیبتوں میں پڑ جاتے۔

## بیوی پر تہمت کا حکم لعان:

۶: وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ (اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں) یعنی اپنی بیویوں پر تہمت زنا لگاتے ہیں۔ وَلَمْ یَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ (اور ان کے پاس گواہ بھی نہیں) اور ان کے پاس ان کی بات کی تصدیق کرنے والا کوئی نہیں جو گواہی دے۔ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ (مگر صرف اپنی ذات) یہ شہداء سے بدل ہونے کی بناء پر مرفوع ہے۔ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ (تو ان میں سے ایک کی شہادت یہی ہے کہ وہ چار بار)۔

قراءت: ابوبکر کے علاوہ کوفی قراء نے رفع پڑھا ہے۔ اس بناء پر کہ یہ شهادة احدهم مبتدأ کی خبر ہے۔ دیگر قراء نے نصب پڑھا ہے کیونکہ یہ اس مصدر کے حکم میں ہے جو مصدر کی طرف مضاف ہو۔ تقدیر کلام اس طرح ہوگی فواجب شهادة احدهم اربع۔ چار مرتبہ اس کا شہادت دینا ضروری ہے۔ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ (اللہ تعالیٰ کا نام لے کر قسم کھا کر کہے کہ بلاشبہ میں سچا ہوں) اس زنا کی تہمت میں جو میں نے لگائی ہے۔

۷: وَالْخَامِسَةُ (اور پانچویں مرتبہ اس طرح کہے) الخامسۃ کے مرفوع ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔ تقدیر کلام اس طرح ہے۔ والشهادة الخاصة۔ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَیْهِ (کہ اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو)

نحو: یہ مبتدا اور خبر ہے

اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ (اگر وہ جھوٹا ہو) اس الزام میں جو اس نے اس عورت پر لگایا ہے۔

۸: وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ (اوراس سے سزا کو روک دے گا) جس کو اس سے روک دے گا۔ یدرأ کا فاعل ان تشھد الایۃ ہے۔اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ (وہ عورت گواہی دے چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کی قسم دیکر کہ) اس کا خاوند لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ (پرلے درجہ کا جھوٹا ہے) اس الزام میں جو زنا کا اس نے میرے ذمہ لگایا ہے۔

۹: وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ (اور پانچویں مرتبہ وہ اس طرح کہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہو اگر ہو اس کا) خاوند۔مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (سچوں میں سے) اس بات میں جو اس نے زنا کی تہمت مجھ پر لگائی ہے۔

قراءت: الخامسة کو حفص نے اربع پر عطف کرتے ہوئے پڑھا اور اس کو منصوب قرار دیا جبکہ دیگر قراء نے ابتداء کی وجہ سے رفع دیا ہے اور اَنَّ غَضَبَ اللّٰه اس کی خبر ہے اور نافع نے اَنْ لَعْنَةَ اللّٰهِ اور اَنْ غَضِبَ اللّٰه کے اَنْ کو تخفیف کے ساتھ اور غَضِب کی ضاد کو کسرہ سے پڑھا اور یہ دونوں اَنْ مثقلہ کے حکم میں ہیں۔اور اَنْ غَضَبُ اللّٰه سھل اور یعقوب نے پڑھا ہے۔

## وجہِ تخصیص:

عورت والی جانب خاص طور پر غضب اللہ کا لفظ استعمال فرمایا حالانکہ قضیہ تو طرفین کا ایک ہی قسم سے ہے کیونکہ عورتیں اپنی کلام میں لعنت کثرت سے استعمال کرتی ہیں۔جیسا کہ حدیث میں وارد ہے بسا اوقات ہوسکتا ہے کہ زبان پر کثرت سے جاری ہونے کی وجہ سے اس موقعہ پر بے پرواہ ہو کر لعنت کا لفظ زبان پر کہہ گزریں اور معاملہ کی اہمیت ان کے سامنے نہ رہے بلکہ گر جائے تو عورتوں کی جانب غضب کا لفظ استعمال کر دیا تا کہ وہ قسم سے باز رہیں اور کسی شدید مجبوری پر ہی اٹھائیں۔

## الاصل:

اصل بات یہ ہے کہ لعان ہمارے نزدیک گواہیاں ہیں جو قسم کے ساتھ مؤکد ہیں اور لعنت ان کے ساتھ ملی ہوئی ہے اور مرد کے حق میں حد قذف کے قائم مقام ہیں اور عورت کے حق میں حد زنا کے قائم مقام ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو شہادت کہا ہے۔ جب خاوند نے اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائی اور وہ دونوں اہل شہادت میں سے ہوں۔تو لعان ان کے درمیان صحیح ہے اور جب دونوں نے لعان کر لی جیسا کہ "النہر" کتاب میں بیان کیا گیا تو اس وقت تک فرقت واقع نہ ہوگی جب تک قاضی ان کے مابین تفریق نہ کرے۔عند زفر لعان سے ہی فرقت واقع ہو جائے گی۔یہ فُرقت طلاق بائنہ ہے۔عند ابی یوسف، زفر، والشافعیؒ ابدی حرمت ہے۔

شانِ نُزُوْل: آیت لعان ھلال یا عویمر عجلانی کے متعلق اتری جبکہ اس نے کہا میں نے اپنی بیوی کے پیٹ پر جس کا نام خولہ ہے شریک بن سحماء کو پایا عورت نے اس کی تکذیب کر دی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر لعان کو جاری فرمایا۔(ابوداؤد)

۱۰: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ (اگر اللہ تعالیٰ کا فضل نہ ہوتا) عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ (تم پر اور اس کی رحمت) نعمتیں وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ (اور بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والے حکمت والے ہیں) لو لا کا جواب محذوف ہے ای لفضحکم ضرور تمہیں رسوا کر دیتا۔نمبر۲۔سزا جلد دیتا۔

إِنَّ الَّذِينَ جَاءُو بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنكُمْ ۚ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَّكُم ۖ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ

بلاشبہ جو لوگ تہمت لے کر آئے یہ تم میں سے ایک جماعت ہے،تم اسے اپنے لئے شر نہ سمجھو، بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے،

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُم مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ ۚ وَالَّذِي تَوَلَّىٰ كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ

ان میں سے ہر شخص کے لئے گناہ کا وہ حصہ ہے جو اس نے کمایا، اور ان میں سے جس شخص نے بڑا حصہ لیا اس کے لئے بڑا عذاب

عَظِيمٌ ﴿١١﴾ لَّوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا

ہے، جب تم نے اس کو سنا تو مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنے آپس والوں کے ساتھ اچھا گمان کیوں نہ کیا اور یوں کیوں نہ کہا

هَٰذَا إِفْكٌ مُّبِينٌ ﴿١٢﴾ لَّوْلَا جَاءُو عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ ۚ فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاءِ فَأُولَٰئِكَ

کہ یہ صریح تہمت ہے، وہ اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے، سو جب وہ گواہ نہ لائے تو وہ

عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٣﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ

اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں، اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس بات میں تم لگے رہے اس کی

فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٤﴾ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم

وجہ سے تم پر بڑا عذاب واقع ہو جاتا، جب تم اس بات کو اپنی زبانوں سے نقل درنقل کر رہے تھے اور اپنے مونہوں سے

مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ

ایسی بات کہہ رہے تھے جس کا تمہیں علم نہیں ہے،اور تم اسے ہلکی بات سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے، اور جب تم نے اس کو سنا

قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَا أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَٰذَا سُبْحَانَكَ هَٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ ﴿١٦﴾ يَعِظُكُمُ اللَّهُ

تو یوں کیوں نہ کہا کہ یہ بات اس لائق نہیں ہے کہ ہم اسے اپنے منہ سے نکالیں سبحان اللہ یہ بڑا بہتان ہے، اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے

أَن تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧﴾ وَيُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

کہ پھر کبھی بھی تم ایسی حرکت نہ کرنا اگر تم مومن ہو، اور اللہ تمہارے لئے احکام بیان فرماتا ہے اور اللہ جاننے والا

حَكِيمٌ ﴿١٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ

حکمت والا ہے۔ بلاشبہ جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی کی بات کا چرچا ہو ان کے لئے دنیا و آخرت میں دردناک

أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ

عذاب ہے، اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾ ع

ہوتی اور یہ بات کہ اللہ بڑا مہربان ہے بڑی رحمت والا ہے تو تم بھی نہ بچتے۔

النصف

## واقعۂ افک:

۱۱: اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْکِ (بیشک جولوگ طوفان لائے وہ تمہاری ہی ایک جماعت ہے) افک انتہائی درجہ کا جھوٹ وافتراء۔ افک کی اصل الٹ دینا، موڑ دینا ہے کیونکہ یہ بات اپنی اصل سے پلٹی ہوئی ہے۔ اور یہاں اس سے وہ بہتان مراد ہے جو حضرت عائشہؓ پر باندھا گیا حضرت عائشہؓ کی زبان سے سُنیں۔ میں نے غزوہ بنو مصطلق سے واپسی پر ایک ہار گم پایا۔ پس میں لشکر سے پیچھے رہ گئی اور جسامت کے ہلکا ہونے کی بناء پر ہودج باندھنے، اٹھانے والوں کو معلوم نہ ہو سکا۔ جب وہ کوچ کر چکے تو صفوان بن معطل نے میرے لئے اپنے اونٹ کو بٹھایا اور لے کر چل دیئے یہاں تک کہ قافلے کے اترنے کے بعد قافلے کے ساتھ ملا دیا۔ پس میرے متعلق ہلاک ہوئے جو ہلاک ہوئے۔ میں تو ایک ماہ بیمار پڑ گئی۔ آپ ﷺ پوچھتے تیرا کیا حال ہے؟ مجھے آپ کی طرف سے شفقت کا وہ انداز نظر نہ آیا جو پہلے تھا۔ یہاں تک کہ میرے والد کی خالہ ام مسطح کا پاؤں ایک دن کسی چیز سے اٹک کر لڑکھڑا گیا۔ تو ان کی زبان سے نکلا تعس مسطح میں نے ان کی اس بات کو غلط قرار دیا تو اس نے مجھے بہتان کی اطلاع دی۔ جب میں نے سنا تو میری بیماری میں اضافہ ہو گیا اور اپنے والدین کے گھر جانے کی اجازت لے لی۔ میرے آنسو تھمتے نہ تھے۔ آنکھوں میں نیند نہ آتی تھی۔ میرے ماں باپ کا خیال تھا کہ یہ آنسو میرے جگر کو پھاڑ ڈالیں گے۔ یہاں تک کہ آپ نے فرمایا ابشری یا حمیراء اے حمیرا خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے تمہاری براءت اتار دی۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے نہ کہ آپ کی مہربانی سے۔ (رواہ احمد، البخاری، مسلم)

عُصْبَۃٌ (ایک جماعت) جس کی تعداد دس سے چالیس تک ہو۔ اعصوصبوا کا معنی جمع ہونا آتا ہے وہ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین اور زید بن رفاعہ حسان بن ثابت اور مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش اور ان کے معاونین تھے۔ مِّنْکُمْ (تم میں سے) مسلمانوں کی جماعت میں سے ہیں۔ حالانکہ خاندانِ صدیقؓ کا خیال یہ تھا کہ افک کفار کی طرف سے پیش آیا ہے ایمان والوں کا اس میں فعل نہیں۔ لَا تَحْسَبُوْہُ (تم نہ گمان کرو) اس افک کو شَرًّا لَّکُمْ (کہ وہ تمہارے لئے برا ہے) اللہ تعالیٰ کے ہاں بَلْ ھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ بلکہ وہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہیں اس پر ثواب ملے گا۔ اور اس بہتان سے براءت کیلئے اٹھارہ آیات اتاری ہیں۔ اس خطاب میں رسول اقدس ﷺ اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور صفوان بن معطل اور وہ ایمان والے جن کو تکلیف پہنچی تھی۔ لِکُلِّ امْرِیٍٔ مِّنْھُمْ مَّا اکْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ (ان میں سے ہر شخص کیلئے وہ گناہ ہے جو اس نے کمایا) یعنی جماعت میں سے ہر شخص کی سزا اتنی ہی ہے جتنا اس نے گناہ میں حصہ لیا ہے۔ بعض صرف سن کر ہنس دیے اور بعض نے خاموشی اختیار کی اور بعض نے اس کے متعلق گفتگو بھی کی۔ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَہٗ (اور وہ شخص جس نے اس طوفان میں بڑا حصہ لیا) کبرہ معنی بڑا حصہ۔ مراد عبداللہ بن ابی ہے۔ مِنْھُمْ (اس گروہ میں سے) لَہٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ (اس کے لئے بڑا عذاب ہے) اس سے مراد جہنم ہے حکایت بیان کی جاتی ہے کہ صفوان حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہودج لے کر گزرے جبکہ عبداللہ بن ابی اپنی قوم کے گروہ میں بیٹھا تھا۔ تو اس نے پوچھا یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا عائشہ ہیں اس نے کہا اللہ کی قسم نہ یہ اس سے بچی اور نہ وہ اس سے بچا۔

## مقولۂ عمر رضی اللہ عنہ:

۱۲: پھر اللہ تعالیٰ نے اس میں حصہ لینے والوں کو توبیخ کی۔ فرمایا لَوْلَآ (کیوں نہ ایسا ہوا۔) اِذْ سَمِعْتُمُوْہُ (جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تھی) یعنی افک و بہتان ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِھِمْ (تو مومن مردوں اور مومنہ عورتوں نے اپنے متعلق

نیک گمان کیوں نہیں کیا) یعنی ان لوگوں کے متعلق جو انہی میں سے تھے پس مسلمان ایک جان کی طرح ہیں اور یہ اس ارشاد الٰہی کی طرح ہے ولا تلمزوا انفسکم [الحجرات:۱۱] خَیْرًا (یعنی پاکدامنی اور بھلائی) اور یہ اسی طرح ہے جو روایت میں آیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول ﷺ سے عرض کیا میں قطعی طور پر اس کو منافقین کا کذب قرار دیتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مکھی سے آپ کی ظاہر جلد کو جب محفوظ رکھا ہوا ہے کیونکہ مکھی بخارات پر بیٹھ کر اس سے لت پت ہو جاتی ہے جب اللہ تعالیٰ نے اس ظاہر گندگی سے آپ کو بچایا ہے تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ایسی عورت کی صحبت سے محفوظ نہ رکھیں جو اس قسم کے فحش کام میں لت پت ہو۔

بقول حضرت عثمانؓ، اللہ تعالیٰ نے آپکا سایہ زمین پر نہیں ڈالا تا کہ اس پر کوئی انسان قدم رکھے جب آپ کے سایہ پر قدم رکھنا ممکن نہیں تو یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ کی عزت کو کوئی پامال کرے۔ حضرت علیؓ جبرئیلؑ نے آپ کو اطلاع دی کہ آپ کے نعلین میں گندگی اور جوتا اپنے پاؤں سے اتارنے کا حکم دیا۔ اس گندگی کی بناء پر جو اس سے چمٹ گئی تھی پھر وہ اس کو نکالنے کا کیوں حکم نہ دے گا۔ بالفرض والتقدیر اگر اس نے فواحش سے اپنے آپ کو ملوث کیا ہے؟ ابوایوب انصاریؓ نے اپنی بیوی کو کہا کیا تم دیکھ رہی ہو جو کچھ کہا جا رہا ہے تو انکی بیوی نے کہا اگر تو صفوان کی جگہ ہوتا تو حرم رسولؐ کے متعلق بدگمانی کرسکتا تھا؟ ابوایوب نے کہا نہیں۔ اس پر ام ایوب کہنے لگیں اگر میں عائشہ کی جگہ ہوتی تو میں بھی رسول اللہ کی خیانت نہ کرتی۔ عائشہ تو مجھ سے بہت بہتر ہے اور صفوان تجھ سے بہتر ہے۔

## حسن ادب:

صیغہ خطاب سے غائب کی طرف پھیرا گیا۔ اور ضمیر کی بجائے ظاہر لائے اور اس طرح نہیں کہا ظننتم بانفسکم خیرًا وقلتم تاکہ بطریق التفات توبیخ میں مبالغہ ہو اور لفظ ایمان کی تصریح دلالت کرے کہ ایمان میں اشتراک اس بات کا متقاضی ہے کہ کوئی مؤمن ومؤمنہ دوسرے مؤمن ومؤمنہ کے متعلق کسی غائب اور طعنہ زن کی بات کا اعتبار نہ کرے۔ اور یہ بہترین تادیب ہے جس کا بہت کم لوگ لحاظ کرنے والے ور کم لوگ اس کی نگہبانی کرنے والے ہیں کاش تم بھی ایسا شخص پالیتے جو بات سنے اور خاموش رہے اور دوسروں میں اس کو پھیلائے۔ وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِیْنٌ (اور وہ اس طرح کہے یہ کھلا ہوا افتراء ہے) یہ کھلا جھوٹ ہے اور ان دونوں کے مناسب نہیں۔

۱۳: لَوْلَا جَآءُوْ عَلَیْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ (اور وہ کیوں نہ لائے اس پر چار گواہ) اس تہمت پر اگر وہ سچے تھے۔ فَاِذْلَمْ یَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ (پس جب وہ گواہ نہیں لائے) چار فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ (پس وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں) اس کی شریعت و حکم میں هُمُ الْكٰذِبُوْنَ (وہ وہی جھوٹے ہیں) یعنی تہمت لگانے والے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سچے اور جھوٹے الزام میں چار گواہوں کی گواہی کو سچ وجھوٹ کے مابین فیصلہ کرنے والی قرار دیا۔ اور اس کے انتفاء کو الزام کی نفی قرار دیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں کے پاس اپنی بات کی کوئی دلیل نہ تھی پس وہ جھوٹے تھے۔

۱۴: وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِیْ مَآ اَفَضْتُمْ فِیْهِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ (اگر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کا فضل ورحمت تم پر نہ ہوتی تو جس حرکت میں تم پڑ گئے تھے اس میں تم پر سخت عذاب واقع ہوتا) لولا یہ شئی کے

امتناع کیلئے ہے دوسری چیز کے وجود کے سبب ۔ بخلاف اس کے جو پہلے گزرا ہے مطلب یہ ہوا کہ اگر میں نے تم پر دنیا میں قسم قسم کی نعمتوں کوعنایت کرنے کا فیصلہ نہ کیا ہوتا۔ جس میں سے ایک یہ ہے کہ ہم مجرمین کو مہلت دیتے ہیں تا کہ توبہ کی طرف لوٹ آئیں اور آخرت میں ہم عفوو مغفرت کر دیں ۔تو جس افک والی بات میں تم مبتلا ہو گئے تھے اس پر جلد عذاب تم پر نازل ہوتا۔ محاورۂ عرب ہے افاض فی الحدیث وفاض واندفع کسی بات میں گھس جانا۔

۱۵: اِذْ (یہ) مَسَّکُمْ کا ظرف ہے یا افضتم کا ظرف ہے تَلَقَّوْنَهٗ (نقل درنقل کرنا) ایک دوسرے سے لے کرنقل کرتے تھے کہا جاتا ہے تلقی القول وتلقنه وتلقفهٗ بات کو اچک کرنقل کرنا۔ بِاَلْسِنَتِكُمْ (اپنی زبانوں سے) یعنی تم ایک دوسرے کو کہہ رہے تھے۔ کیا تمہیں عائشہ کی بات پہنچی ہے؟ یہاں تک کہ یہ بات پھیل گئی اور منتشر ہوگئی کوئی گھر اور مجلس ایسی نہ رہی جس میں یہ بات نہ اڑی ہو۔

وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ (اور تم اپنے مونہوں سے وہ باتیں کہہ رہے تھے جس کا تمہیں علم نہ تھا) اس کو افواہ سے مقید فرمایا حالانکہ بات تو ہوتی ہی منہ سے ہے کیونکہ معلوم چیز کا علم دل میں ہوتا ہے پھر زبان اس کی ترجمانی کرتی ہے اور یہ افک محض بات ہی ہے جو تمہارے مونہوں میں گھوم رہی ہے دل میں اس کا علم نہیں کہ جس کی ترجمانی زبانیں کر رہی ہوں۔ جیسا کہ دوسرے ارشاد میں فرمایا یقولون بافواههم مالیس فی قلوبهم [آل عمران: ۱۶۷]

وَّ تَحْسَبُوْنَهٗ (اور تم اس کو گمان کر رہے تھے) یعنی عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق بات کے نقل کرنے کو تم گمان کر رہے تھے کہ هَيِّنًا (آسان ہے) چھوٹی بات ہے وَّ هُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ (حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑی بات ہے) بڑی ہے بعض لوگوں نے موت کے وقت گھبراہٹ ظاہر کی تو ان کو اس سلسلہ میں کہا گیا مجھے اس گناہ کا خطرہ ہے کہ جس کی مجھے پرواہ نہ تھی مگر وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا ہے۔

۱۶: وَلَوْلَآ (اور کیوں نہ ایسا ہوا) اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا (جب تم نے یہ بہتان سنا تھا تو تم نے کہہ دیا ہوتا کہ ہمارے لئے یہ بات کہنی جائز نہیں)

نحو :لو لا اور قلتم کے درمیان ظرف سے فاصلہ ہے کیونکہ ظروف کا معاملہ الگ ہی ہے کہ اشیاء کیلئے ان کی ذات کے قائم مقام آتے ہیں کیوں اشیاء انہی کے اندر پائی جاتی ہیں۔ اور یہ اشیاء سے الگ نہیں ہوتے اس لئے ظروف میں جو وسعت ہے وہ دوسروں میں نہیں۔

## فائدہ تقدیم ظرف :

ان پر لازم تھا کہ جونہی انہوں نے افک کو سنا تھا اس کے متعلق گفتگو نہ کرنے کا فائدہ اٹھاتے۔ جب وقت کو ذکر کر دیا تو مزید اہمیت والی بات ہوگئی مطلب یہ ہوا جب تم نے افک کو سنا تو اس طرح کیوں نہ کہا کہ ہمارے لئے درست نہیں کہ ہم اس کے متعلق کلام بھی کریں۔ سُبْحٰنَكَ (پاک ہیں آپ) معاملے کی بڑھائی پر تعجب کیلئے لایا گیا ہے۔

## تعجب فی التسبیح کا مطلب:

کہ اصل تو یہ ہے کہ کسی عجیب صنعت کو دیکھ کر اس پر اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرے۔ پھر اس کا استعمال کثرت سے ہونے لگا یہاں تک کہ ہر عجیب کیلئے استعمال کرنے لگے۔ یا سبحانک اس لئے لایا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ اس کے نبی کی بیوی فاجرہ ہو۔ البتہ یہ درست ہے کہ نبی کی بیوی کافرہ ہو جیسے نوح ولوط علیہما السلام کی بیوی تھی۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ فاحشہ ہو کیونکہ پیغمبر کی بعثت ان کو دعوت الی الایمان کیلئے ہے پس اس کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے ساتھ ایسی بات نہ ہو جو ان کو متنفر کرے۔ اور کفر نفرت دلانے والا نہیں۔ دیوثی و بے غیرتی ضرور متنفر کرنے والی ہے۔

هٰذَا بُهْتَانٌ (یہ بہتان ہے) یہ ایسا جھوٹ ہے جو سننے والے کو متحیر کر دیتا ہے۔ عَظِیْمٌ (بہت بڑا) جیسا کہ پہلے فرمایا ھذا افك مبین [النور:۱۲] یہ بھی درست ہے کہ ان دونوں کا مسلمانوں کو اس لئے حکم دیا ہوتا کہ براءت عائشہ میں مبالغہ ہو۔

۱۷: یَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا (اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتا ہے کہ ایسی حرکت دوبارہ پھر کبھی نہ کرنا) یہ فی ان تعودوا کے معنی میں ہے۔ لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اس جیسی تہمت والی بات یا اس جیسی بات کو سننا جب تک تمہاری زندگی ہو اور تم مکلّف رہو۔ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ (اگر تم مؤمن ہو) اس نصیحت حاصل کرنے پر برانگیختہ کیا گیا ہے اور یہ یاد دلایا گیا کہ اس کا اعادہ نہ کرنا ضروری ہے۔ اور وہ سچا ایمان ہے جو کہ ہر برائی سے بچانے والا ہے۔

وعظ: خوف دلانے والی باز داشت نمبر۲۔ خیر کو رقت کے ساتھ یاد دلانا۔ (خلیل رحمہ اللہ)

۱۸: وَیُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰیٰتِ (اور اللہ تعالیٰ آیات کو تمہارے لئے کھول کر بیان کرتے ہیں) واضح دلالتیں شرائع کے احکامات اور عمدہ آداب وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ (اللہ تعالیٰ تمہیں اور تمہارے اعمال کو جاننے والے ہیں) یا ان کی پاکیزگی کی صداقت کا علم ہے اور براءت کی حکمت وہ جانتے ہیں۔

## برائی کی اشاعت کرنے والوں کی سزا:

۱۹: اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَاحِشَةُ فِی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (بیشک وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں کہ بے حیائی ایمان والوں میں پھیل جائے) فاحشہ انتہائی قبیح کو کہا جاتا ہے۔ (زنا وغیرہ) مطلب یہ ہے کہ جو لوگ برائی کی اشاعت اور برائی کی محبت کی وجہ سے برائی کو پھیلاتے ہیں۔

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ فِی الدُّنْیَا (ان کے لئے دنیا میں دردناک عذاب ہے) دنیا میں ان پر حد جاری ہوگی۔ ابن ابی اور حسان اور مسطح کو حد لگائی گئی۔ وَالْاٰخِرَةِ (آخرت میں) آگ کے ساتھ۔ اس کا وعدہ کیا اگر توبہ کے بغیر مر گئے۔ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ (اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں) تمہارے معاملات کے اندرون اور تمہارے دلوں کی مخفی باتیں۔ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اور تم نہیں جانتے) یعنی وہ جانتے ہیں کہ برائی کو پھیلانے کے ساتھ کس قدر ان کی محبت ہے اس کے مطابق وہ ان کو سزا دیں گے۔

۲۰: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ (اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی مہربانی ہے) تو وہ تمہیں جلد سزا دیتے اس نے جلد عذاب نہ دیکر بار دیگر احسان فرمایا ہے۔ اور جواب کو اس لئے حذف کر دیا تا کہ احسان میں مبالغہ ظاہر ہو اور توبیخ کا فائدہ بھی حاصل ہو۔ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ (اور اللہ تعالیٰ بڑا شفیق ہے) کہ جس پر تہمت لگی اس کی براءت واضح فرمائی اور ان کو اجر سے نوازا۔ رَّحِيْمٌ (رحم کرنیوالے ہیں) تہمت لگانے والا اگر توبہ کرے تو اس کی جنایت و گناہ کو بخشنے والے ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

اے ایمان والو شیطان کے قدموں کا اتباع نہ کرو، اور جو شخص شیطان کے قدموں کے پیچھے چلتا ہے

فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ

سو وہ بے حیائی کے کاموں کا اور برائیوں کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کبھی بھی

مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۱ وَلَا يَاْتَلِ

کوئی شخص پاک نہ ہوتا،لیکن اللہ پاک کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے، اور جولوگ تم میں سے

اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْۤا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ

بڑے درجے والے اور وسعت والے ہیں وہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

مال نہ دینے کی قسم نہ کھالیں اورمعاف کریں اور درگذر کریں، کیا تم یہ پسند نہیں کرتے اللہ تمہیں بخش دے،اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۲ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي

بخشنے والا مہربان ہے، بلاشبہ جو لوگ بے خبر مومن عورتوں کو تہمت لگاتے ہیں دنیا اور آخرت میں ان پر

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۲۳ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ

لعنت کر دی گئی اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے، جس روز ان کے خلاف ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اوران کے

وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲۴ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ

پاؤں ان کاموں کی گواہی دیں گے جو یہ لوگ کیا کرتے تھے، اس دن اللہ ان کو پوری سزا دے گا جو ان کی واقعی سزا ہوگی اور وہ لوگ جان لیں گے کہ بلاشبہ اللہ

هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝۲۵ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ

حق ہے اور ظاہر فرمانے والا ہے۔ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لائق ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لائق ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لائق ہیں

ع ۳ ۹ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۲۶ ع

اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لائق ہیں، یہ لوگ اس سے بری ہیں جو تہمت لگانے والے کہتے ہیں ان کے لئے مغفرت ہے اور عزت والا رزق ہے۔

۲۱: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ (اے ایمان والو شیطان کے قدم بقدم نہ چلو) خطوات سے قدموں کے نشانات اور وساوس شیطانی مراد ہیں ان کی اتباع یہ ہے کہ افک کی طرف کان لگائے اور زبان سے گفتگو کرے۔ وَمَنْ یَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ فَاِنَّهٗ (اور جو شخص شیطان کے قدم بہ قدم چلے گا وہ تو ہمیشہ) ہٗ کا مرجع شیطان ہے یعنی شیطان یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ (وہ فحشاء کا حکم دیتا ہے) فحشاء اس کو کہتے ہیں جو انتہائی قبیح ہو۔ والْمُنْكَرِ (اور منکر کا) جس کو نفوس ناپسند کریں اور اس سے نفرت کریں اور نا معقول قرار دیں۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ مَازَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا (اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو اس گناہ سے تم میں سے کبھی کوئی پاک نہ ہوتا) اگر خالص توبہ کا احسان نہ فرمایا ہوتا تو افک کے گناہ سے ابدالا باد تک کیلئے تم میں سے کوئی پاک نہ ہوسکتا۔ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ یُزَكِّیْ مَنْ یَّشَآءُ (لیکن اللہ جس کو چاہتا ہے پاک کرتا ہے) وہ توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول کر کے ان کو پاک کرتا ہے جبکہ وہ مخلصانہ طور پر توبہ کریں۔ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ (اور اللہ تعالیٰ سننے والے ہیں) ان کی بات کو عَلِیْمٌ (جاننے والے ہیں) ان کے ضمائر و سرائر اور ان کے اخلاص کو۔

## فضل کے مستحقین پر احسان میں کمی نہ کریں:

۲۲: وَلَا یَاْتَلِ (اور نہ قسم کھائیں) نمبرا۔ ائتلی اذحلف یہ الألیّۃ سے باب افتعال ہے قسم کھانے کے معنی میں آتا ہے۔ نمبر۲۔ الالوّ سے لیا جائے تو کمی نہ کریں معنی ہوگا۔ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ (تم میں سے دینی فضیلت والے) وَالسَّعَةِ (وسعت والے) مال میں اَنْ یُّؤْتُوْٓا اُولِی الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِیْنَ وَالْمُهٰجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (کہ نہ دیں گے قرابت والوں کو مساکین اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو) مطلب یہ ہے کہ وہ قسم نہ اٹھائیں کہ وہ مستحقین پر احسان نہ کریں گے۔

نمبر۲۔ ان پر احسان کرنے میں وہ کمی نہ کریں خواہ ان کے مابین رنجش ہو کسی ایسے جرم کی وجہ سے جو مساکین نے کیا ہو۔

مَسْئَلَة: معلوم ہوا کہ مسکین بحیثیت مسکین قابل رحم ہے اگرچہ گناہ گار ہو۔

وَلْیَعْفُوْا وَلْیَصْفَحُوْا (اور ان کو معاف کر دیں اور ان سے درگزر کریں) عفو (پردہ پوشی) صفح (اعراض کرنا) مطلب یہ ہوا کہ جفاء سے تجاوز کریں اور عقوبت سے اعراض کریں اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ (کیا تم پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں بخش دے) پس تم وہی سلوک ان سے کرو اگرچہ ان کی غلطیاں زیادہ ہیں جو سلوک تم اپنے متعلق اپنے رب کی بارگاہ سے چاہتے ہو۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (اور اللہ تعالیٰ بخشنے والے رحم کرنے والے ہیں) اللہ تعالیٰ کے آداب سے ادب حاصل کرو۔ بخشش کرو اور رحم کرو۔

شانِ نُزُول: یہ آیت صدیق اکبرؓ کے متعلق اتری جب انہوں نے قسم اٹھالی کہ وہ مسطح پر کچھ بھی خرچ نہ کریں گے کیونکہ مسطح نے اس طوفان میں براہ راست حصہ لیا تھا۔ یہ مسطح ان کے بھانجے لگتے تھے مسکین تھے مہاجر بھی تھے اور غزوۂ بدر میں شرکت کر چکے تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سامنے پڑھی تو وہ فوراً پکار اٹھے کیوں نہیں۔ میں پسند کرتا ہوں

کہ اللہ تعالیٰ مجھے بخش دے۔اور مسطح کا خرچہ جاری کر دیا۔ بلکہ بعض روایت میں دو گنا کر دیا۔

## پاکدامن پر تہمت لگانے والے ملعون ہیں:

۲۳: اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ (بیشک جو لوگ پاکدامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں) محصنات سے پاکدامن مراد ہیں۔ الغٰفِلٰتِ (بے خبر)۔صحیح سالم سینہ والیاں۔پاکیزہ دل ایسی کہ ان میں چالبازی اور فریب کا نام نہیں کیونکہ ان کو کسی بات کا تجربہ نہیں المُؤْمِنٰتِ (مؤمنہ) جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔قول ابن عباسؓ: اس سے مراد آپ کی ازواجِ مطہراتؓ ہیں۔ایک قول: اس سے مراد تمام مؤمنہ عورتیں ہیں۔

فَائِدَة: کیونکہ عموم الفاظ کا اعتبار ہے۔سبب خاص کا لحاظ نہیں۔

ایک قول اس سے مراد اکیلی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔اب رہا یہ سوال کہ صیغہ جمع کا لایا گیا تو اس کا حل یہ ہے کہ جو شخص ازواج مطہراتؓ میں سے کسی ایک پر بھی تہمت زنی کرتا ہے وہ تمام پر تہمت لگاتا ہے۔لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (ان پر دنیا میں لعنت کی گئی اور آخرت میں بھی اور ان کے لئے بہت بڑا عذاب ہے)۔تہمت لگانے والوں کو ملعون قرار دیا اس دنیا میں اور آخرت دونوں جہانوں میں اور ان کو آخرت کے بہت بڑے عذاب سے ڈرایا اگر ان کی موت اسی حالت پر آ گئی۔

۲۴: يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ (جس روز کہ ان پر گواہی دیں گی) یوم کا عامل یعذبون ہے۔

قراءت: حمزہ اور علی نے یاء سے پڑھا ہے۔

اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور پاؤں جو کچھ وہ کرتے رہے) یعنی جو طوفان انہوں نے اٹھایا یا جو بہتان باندھا۔

۲۵: يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ (اس دن اللہ تعالیٰ ان کو ان کے عمل کا پورا پورا بدلہ دے گا) یومئذ نصب کی صورت میں دین کی صفت ہے۔اور دین کا معنی جزاء یعنی عوض ہے اور الحق وہ واجب ولازم جس کے وہ مستحق ہیں۔

قراءت: مجاہد نے رفع کے ساتھ پڑھا اور لفظ اللہ کی صفت قرار دیا۔جیسا کہ قراءت میں یہ بھی جائز ہے کہ الحق کو اللہ کی صفت بنائیں اور مدح کی بناء پر منصوب پڑھیں۔وَيَعْلَمُوْنَ (اور وہ جان لیں گے) اس وقت اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ (کہ اللہ تعالیٰ ہی بات کو ٹھیک کھول دینے والے اور ٹھیک فیصلہ کرنے والے ہیں) شکوک کے ازالہ اور علم ضروری کے حصول کیلئے۔

## معاملۂ افک:

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کسی معصیت کے سلسلہ میں اتنی تغلیظ وشدت نہیں فرمائی جتنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سلسلہ میں فرمائی کبھی اختصار، کبھی اشباع، کبھی تفصیل اور کبھی اجمال اور کبھی تاکید اور پھر بار بار بیان کی اور یہ بات اس معاملہ کی اہمیت کے پیش نظر اختیار کی گئی۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: جس نے کوئی گناہ کیا پھر توبہ کی تو اس کی توبہ قبول کر لی گئی مگر وہ کہ جس نے عائشہ رضی اللہ عنہا

کے معاملہ میں حصہ لیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے معاملۂ افک کی عظمت میں اور مبالغہ کے پیش نظر کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے چار کو چار گواہوں سے بری کیا نمبرا۔ یوسف علیہ السلام کو عورت کے خاندان کے ایک گواہ سے بریٔ الذمہ قرار دیا۔ نمبر۲۔ موسیٰ علیہ السلام کو یہود کے الزام سے اس پتھر کے ذریعہ بریٔ کیا جو آپ کے کپڑے لے کر بھاگ کھڑا ہو۔ نمبر۳۔ مریم صدیقہ علیہ السلام کو عیسیٰ علیہ السلام کو گود میں گویا کر کے بریٔ الذمہ ٹھہرایا۔

## براءتِ عائشہ رضی اللہ عنہا قرآن سے:

نمبر۴۔ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اپنی کتاب معجز نما کی ان آیات کو اتار کر بریٔ الذمہ قرار دیا۔ یہ آیت اپنے مبالغانہ انداز سے رہتی دنیا تک پڑھی جاتی رہیں گی۔ ذرا توجہ تو کرو! کس قدر واضح کیا اور ان کی براءت کو کس شان سے بیان کیا؟ اور یہ تمام باتیں اپنے رسول کے مرتبہ عالی کو ظاہر کرنے اور آپ کے اور آپ کے گھر والوں کے مقام کی نزاکت پر متنبہ کرنے کیلئے ہیں۔

۲۶: اَلْخَبِيْثٰتُ (خبیث باتیں) لِلْخَبِيْثِيْنَ (وہ خبیث مردوں اور عورتوں کیلئے ہیں) وَالْخَبِيْثُوْنَ (اور ان میں سے جو گندے ہیں وہ میلان رکھتے ہیں) لِلْخَبِيْثٰتِ (خبیث باتوں کی طرف) اور اسی طرح وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ (اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ انسانوں کے لئے اور پاکیزہ انسان پاکیزہ باتوں کیلئے ہیں وہ لوگ بریٔ الذمہ ہیں ان تمام باتوں سے جو وہ کہتے ہیں) ان کے متعلق اولئک کا مشار الیہ الطیبین ہے۔ اور وہ ان خبیث کلمات سے بریٔ الذمہ ہیں جو یہ خبیث لوگ کہتے ہیں اور یہ کلام بطور تمثیل کے عائشہ رضی اللہ عنہا کے لئے بیان فرمائی ہے کہ جو الزام بازی ان کے متعلق کی گئی ہے وہ ان کی نزاہت و پاکیزگی والی حالت کے مناسب نہیں ہے۔

نمبر۲۔ یہ بھی درست ہے کہ اشارہ اہل بیت کی طرف ہو کہ وہ افک والوں کے اقوال سے بریٔ الذمہ ہیں۔ اور الخبیثات اور الطیبات سے وہ عورتیں مراد ہوں کہ خبیث عورتیں خبیث مردوں سے شادی کرتی ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں سے شادی کرتے ہیں۔ اس طرح پاکیزگی والی عورتیں پاکیزہ مردوں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں سے شادی کرتے ہیں۔ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ (ان کے لئے بخشش ہے) نمبرا۔ یہ جملہ مستانفہ ہے۔ نمبر۲۔ یہ خبر کے بعد دوسری خبر ہے۔ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ (اور شاندار رزق ہے) جنت میں۔

## قول ابن عباس رضی اللہ عنہما:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں مرض الموت میں داخل ہوئے وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیشی سے ڈر رہی تھیں۔ تو ابن عباس کہنے لگے مت گھبراؤ تم نے تو مغفرت اور رزق پر ہی پہنچنا ہے اور یہ آیت تلاوت کی اس پر خوشی سے یہ تلاوت سن کر بیہوش ہو گئیں۔

## عائشہ رضی اللہ عنہا کی نو فضیلتیں:

صدیقہ رضی اللہ عنہا کا قول: مجھے نو ایسی فضیلتیں میسر آئیں جو کسی زوجہ کو میسر نہ آئیں۔ نمبرا۔ جبرئیل امین میری تصویر لائے جب

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى

اے ایمان والو اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے گھروں میں اس وقت تک داخل نہ ہو جب تک کہ انسیت حاصل نہ کرلو اور ان گھروں کے رہنے والوں کو سلام

اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا

نہ کرلو یہ تمہارے لئے بہتر ہے تا کہ تم نصیحت حاصل کرلو۔ سو اگر تم ان گھروں میں کسی کو نہ پاؤ تو اس وقت تک ان میں داخل نہ ہو

حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

جب تک تمہیں اجازت نہ دی جائے سو اگر تم سے کہا جائے کہ واپس ہو جاؤ تو لوٹ جاؤ یہ تمہارے لئے خوب زیادہ پاکیزگی کی چیز ہے، جو کچھ تم کرتے ہو

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ

اسے اللہ جاننے والا ہے۔ اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں کہ ایسے گھروں میں داخل ہو جاؤ جن میں کوئی رہتا نہیں ان میں تمہارے استعمال کرنے کی کوئی چیز ہو۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾

اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔

آپ کو میرے ساتھ نکاح کا حکم ہوا۔ نمبر۲۔ میرے علاوہ اور کسی کنواری عورت سے آپ نے شادی نہ کی۔ نمبر۳۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت آپ کا سر میری گود میں تھا۔ نمبر۴۔ آپ کا مدفن میرا حجرہ بنا۔ نمبر۵۔ آپ ﷺ پر وحی کا نزول اس حالت میں بھی ہو جاتا کہ میں آپ کے ساتھ ایک لحاف میں ہوتی۔ نمبر۶۔ میری پاک دامنی کی صراحت آسمانوں سے نازل ہوگئی۔ نمبر۷۔ آپ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ کی صاحبزادی ہیں اور آپ کے دوست کی صاحبزادی ہیں۔ نمبر۸۔ میں طیّب کے ہاں طیبہ پیدا ہوئی۔ نمبر۹۔ اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ مغفرت اور رزق کریم کا وعدہ فرمایا۔

قول حسان رضی اللہ عنہ جو ان کے حق میں معذرت ظاہر کر رہا ہے۔

نمبر۱۔ وہ بڑی پاک دامن اور بڑی باوقار ہیں کسی شبہ کی بات سے متہم نہیں کی جاسکتیں ان کا پیٹ بے خبر بھولی عورتوں کے گوشت سے خالی رہتا ہے۔ (یعنی کسی کی غیبت نہیں کرتیں) نمبر۲۔ وہ ان کی زوجہ محترمہ ہیں جو لوگوں میں دین ومنصب کے اعتبار سے سب سے بہتر ہیں۔ وہ ہدایت وعظمت اور فضیلتوں والے پیغمبر ہیں۔ نمبر۳۔ وہ لوی بن غالب کے قبیلہ کی چنی ہوئی عقل مند عورت ہیں جو سخی خاندان ہے۔ ان کی بزرگی زائل ہونیوالی نہیں۔ نمبر۴۔ وہ تہذیب والی ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی طبیعت و عادات کو پاکیزہ بنایا ہے اور ان کو ہر عیب اور بری بات سے پاک رکھا ہے۔

## گھروں میں داخلے کے احکامات:

۲۷: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ (اے ایمان والو! تم اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے کے گھر میں داخل

نہ ہو ) یعنی ان گھروں میں جن کے تم مالک نہیں ہو۔ اور نہ ان میں تمہاری رہائش ہو۔ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا ( یہاں تک کہ تم ان سے اجازت نہ حاصل کرلو ) ان سے اجازت طلب کرلو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو اسی طرح پڑھا۔ الاستیناس اصل میں اطلاع طلب کرنا، ظہور طلب کرنا۔ یہ آنس سے باب استفعال ہے۔ آنس الشیٔ اس وقت کہتے ہیں جب کسی چیز کو ظاہراً کھلا ہوا دیکھے یہاں تک کہ تم معلوم کرلو کہ آیا تمہیں داخلہ کی اجازت ہے یا نہیں اور اس کا طریقہ زور سے سبحان اللہ کہنا یا اللہ اکبر کہنا یا الحمد للہ کہنا یا کھنکھارنا۔

وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَهْلِهَا ( اور تم گھر والوں کو سلام نہ کرلو ) سلام یہ ہے کہ اس طرح کہے السلام علیکم ۔ أأدخل کیا میں آ جاؤں تین مرتبہ کہے ( جیسا کہ ابوداؤد، ترمذی کی روایت میں ہے ) اگر اجازت مل گئی فبہا ورنہ واپس لوٹ جائے۔ ایک قول یہ ہے اگر دونوں ملیں تو سلام پہلے کیا جائے ورنہ اجازت طلب کی جائے۔ ذٰلِكُمْ ( وہ اجازت وسلام تمہارے لئے ) خَيْرٌ لَّكُمْ ( تمہارے لئے بہت بہتر ہے ) جاہلیت کے سلام یا بلا اجازت داخلہ سے۔ زمانۂ جاہلیت میں اگر کوئی کسی کے گھر میں داخل ہو جاتا تو کہتا حییتم صباحًا وحییتم مساء پھر داخل ہو جاتا۔ بعض اوقات وہ اس آدمی کو اپنی عورت کے ساتھ ایک لحاف میں پالیتا۔ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ( تاکہ تم نصیحت قبول کرو ) یعنی تمہیں اس لئے کہا گیا تاکہ یاد رکھو اور نصیحت حاصل کرو۔ اور استیذ ان کے سلسلہ میں جو تمہیں حکم ملا ہے اس پر عمل پیرا ہو۔

۲۸: فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ ( اگر تم ان میں نہ پاؤ ) یعنی گھروں میں اَحَدًا ( کسی کو ) اجازت دینے والوں میں سے فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰی يُؤْذَنَ لَكُمْ ( تو ان میں داخل نہ ہو یہاں تک کہ تمہیں اجازت دی جائے ) یہاں تک کہ تم اجازت دینے والے کو پالو۔ یا نمبر۲۔ اگر تم وہاں کسی کو نہ پاؤ اور تمہیں داخل ہونے کی ضرورت ہے تو اس میں داخل نہ ہو۔ جب تک گھر والوں کی طرف سے اجازت نہ مل جائے کیونکہ غیر کی ملک پر تصرف بلا اجازت درست نہیں ہے۔

وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا ( اور اگر تمہیں لوٹنے کو کہا جائے ) یعنی جب وہاں کچھ لوگ موجود ہوں اور وہ کہیں کہ واپس لوٹ جاؤ تو تم واپس آ جاؤ۔ اور اذن عام کیلئے اصرار نہ کرو۔ اور پردے کی آسانی کیلئے بہانہ مت تلاش کرو اور دروازوں پر مت کھڑے ہو کیونکہ اس سے ناپسندیدگی جنم لیتی ہے جب اس بات سے منع کر دیا جو ناپسندیدگی پیدا کرتی ہو تو ہر ایسی بات سے باز رہنا ضروری ہو گیا جو اس کی طرف لے جانے والی ہو۔ مثلاً زور زور سے دروازہ کھٹکھٹانا اور گھر والے کو چیخ کر آواز دینا وغیرہ۔ ابوعبید کہتے ہیں کہ میں نے کسی عالم کا دروازہ آج تک کبھی نہیں کھٹکھٹایا۔ فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰی لَكُمْ ( اور تم لوٹ آؤ یہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزگی کی بات ہے ) یعنی لوٹ جانا زیادہ پاکیزہ اور عمدہ ہے کیونکہ اس میں سینہ کی صفائی اور اشتباہ سے دوری ہے۔ نمبر۲۔ زیادہ نفع بخش اور بھلائی کو بڑھانے والا ہے۔ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ( اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کا علم ہے ) اس میں مخاطبین کیلئے وعید ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال معلوم ہیں وہ ان پر پورا پورا بدلہ دینے والے ہیں۔

## غیر رہائشی مکانات کا حکم:

۲۹: لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا (تم پر کوئی حرج نہیں کہ تم داخل ہو) تمہارے داخل ہونے میں بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ (ایسے گھروں میں جہاں کسی کی سکونت نہ ہو) اجازت داخلہ سے ان گھروں کو مستثنیٰ کر دیا گیا جن میں رہائش نہ ہو مثلاً ہوٹل، سرائیں، منڈیاں۔ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ (ان میں تمہارے لئے سامان نفع ہو)۔ اس میں فائدہ ہو مثلاً گرمی، سردی سے بچنے کا سامان، کجاوے اور ہتھیاروں اوران کی خرید وفروخت کے مقامات۔ ایک قول ویران جنگل جو قضائے حاجت کیلئے استعمال ہوتے ہیں المتاع سے مراد بول وبراز کیلئے جانا۔ یہ قول عطاء ہے۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو تم ظاہر کرتے اور جو تم چھپاتے ہو) اس میں ان مشکوک لوگوں کیلئے وعید ہے جو ویرانوں اور گھروں میں فساد کی غرض سے داخل ہوتے ہیں۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

آپ مومنین سے فرما دیجئے کہ اپنی آنکھوں کو پست رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کو محفوظ رکھیں، یہ ان کے لئے زیادہ پاکیزہ ہے، بلاشبہ اللہ

خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝٣٠ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ

ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو، اور مومن عورتوں سے فرما دیجئے کہ اپنی آنکھوں کو پست رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کو محفوظ رکھیں

وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا

اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہو جائے، اور اپنے دو پٹوں کو اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں، اور اپنی

يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ

زینت کو ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے باپوں پر، یا اپنے شوہروں کے باپوں پر، یا اپنے بیٹوں پر، یا اپنے شوہروں کے

بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ

بیٹوں پر، یا اپنے بھائیوں پر، یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر، یا اپنی بہنوں کے بیٹوں پر، یا اپنی عورتوں پر یا اپنی مملوکہ

اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

باندیوں پر، یا ایسے مردوں پر جو طفیلی بن کر رہ رہے ہیں جنہیں کوئی حاجت نہیں، یا ایسے لڑکوں پر جو ابھی عورتوں کی پردہ کی باتوں سے

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا

واقف نہیں ہوئے، اور مومن عورتیں زور سے اپنے پاؤں نہ ماریں تا کہ ان کی پوشیدہ زینت معلوم ہو جائے، اور اے مومنو!

اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝٣١

تم سب اللہ کے حضور میں توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ

## غضِ بصر کا حکم:

۳۰: قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ (ایمان والوں سے کہہ دیں کہ وہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں)۔

نحو: مِن یہاں تبعیضیہ ہے یہاں مراد نامحرم سے نگاہ کا نیچا رکھنا ہے اور اس پر اکتفائے نظر کرنا جن کو دیکھنا حلال ہے۔

وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ (اور وہ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں)۔ زنا سے۔

نکتہ: یہاں مِن نہیں لایا گیا۔ کیونکہ زنا کی کسی طور پر بھی رخصت نہیں۔ البتہ بعض حالات مخصوصہ میں اجنبیہ کے چہرے پر نظر

درست ہے اسی طرح اس کے ہاتھوں اور قدمین کا بھی حکم ہے۔ایک روایت اور محارم کے سر،سینہ، پنڈلیاں اور عضوین پر ضرورت کے وقت نظر درست ہے۔ ذٰلِكَ ( یہ ) یعنی نگاہ کا نیچا کرنا اور شرمگاہ کی حفاظت اَزْكٰى لَهُمْ (ان کے لئے زیادہ ستھرائی کی بات ہے )یعنی گناہ کی میل سے زیادہ صفائی و پاکیزگی کی بات ہے۔اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ ان کاموں کی خبر رکھتے ہیں جو وہ کرتے ہیں )اس میں ترغیب و ترہیب دونوں پہلو پائے جاتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے احوال و افعال کی اطلاع ہے اور ان کی نگاہوں کی خیانت سے بھی واقف ہیں جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا۔يعلم خائنة الاعين وما تخفى الصدور [ غافر:۱۹ ] پس ان کے لئے ضروری ہے کہ جب وہ اس بات کو پہچانتے ہیں ہر حرکت و سکون میں محتاط رہیں اور تقویٰ کو سامنے رکھیں۔

## غضِ بصر کا حکم عورتوں کو:

۳۱: وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ (اور ایمان والی عورتوں سے کہہ دیں کہ وہ بھی اپنی نگاہوں کو نیچا رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں )۔عورتوں کو غضِ بصر کا حکم دیا گیا ہے عورت کو جائز نہیں کہ اجنبی مرد کے ناف سے لے کر گھٹنوں کے نچلے حصہ پر نگاہ ڈالے اور اگر دل کے اندر خواہش پیدا ہو تو سرے سے عورت اپنی نگاہ کو بند کر لے۔اور عورت اجنبی مرد کے اس جسمانی حصہ پر نگاہ ڈال سکتی ہے۔ جتنے حصہ پر اجنبی مرد دوسرے مرد کے جسم پر ڈال سکتا ہے۔اجنبیوں سے نگاہ کا نیچا کر لینا ہی اولیٰ ہے۔ تاکہ فتنہ میں مبتلا نہ ہو۔آیت میں غضِ ابصار کو حفاظتِ فروج پر مقدم کیا کیونکہ نگاہ تو زنا کا قاصد ہے اور برائی کا مقدمۃ الجیش ہے۔محبت کا بیج بدنظری ہے۔

## اظہارِ زینت کی ممانعت:

وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ (اور وہ عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں ) الزینۃ سے مراد وہ چیزیں ہیں جن کو عورت تزین کیلئے استعمال کرتی ہے۔مثلاً زیورات، یا سرمہ یا خضاب وغیرہ۔مطلب یہ ہے کہ زینت کے مقامات کو عورتیں ظاہر نہ کریں اس لئے کہ بعینہٖ زینت کا اظہار اور وہ زیورات وغیرہ ہیں تو جائز ہے پس مراد اس سے مقامات زینت ہی ہیں۔نمبر۳۔ان زیورات کا اظہار جبکہ وہ اپنے مقامات پر سجے ہوں تاکہ وہ مقامات ظاہر ہوں نہ یہ کہ بعینہٖ زیورات ظاہر ہوں۔مقاماتِ زینت سر، کان، گردن، سینہ، بازو، کلائیں، پنڈلیاں اور ان کے زیورات تاج، بالی، ہار، بازو بند، جڑاؤ پیٹ، کنگن، پازیب اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا (مگر جو اس میں سے کھلا رہتا ہو ) مگر وہ حصہ جس کے متعلق عادت وطبیعت ظاہر کرنے کی ہو۔اور وہ چہرہ، ہتھیلیاں، دونوں قدم۔ان کو چھپانے میں واضح تنگی ہے۔عورت کیلئے اس سے کوئی چارہ کار نہیں کہ اپنے ہاتھ سے کام کاج کرتی ہے اور چہرے کو کھولنا خصوصاً فیصلوں اور گواہیوں اور نکاح میں مجبوری ہے اور راستوں پر آنے جانے کیلئے قدموں کا ظاہر ہونا ضروری ہے خاص طور پر وہ عورتیں جو ان میں سے فقیر و محتاج ہیں۔ وَلْيَضْرِبْنَ (اور وہ ڈال لیں ) اور وہ رکھ لیں اہل عرب کہتے ہیں ضربت بيدى على الحائط۔جبکہ ہاتھ کو دیوار پر رکھا جائے۔بِخُمُرِهِنَّ (اپنی اوڑھنیاں )خمر جمع خمار کی ہے۔عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ (اپنے گریبانوں پر )

قراءت :مدنی، بصری، عاصم نے خمر جیم سے پڑھا ہے۔

زمانۂ جاہلیت میں اہل عرب کے رواج میں ان کے گریبان کھلے ہوتے تھے جس سے سینہ اور اس کے اردگرد کا حصہ نظر

آتا تھا۔ اور عورتیں اوڑھنیاں پچھلی جانب کو لٹکا دیتی تھیں جس سے سینہ کھلا رہ جاتا اسلام نے آکر ان کو حکم دیا کہ وہ اپنی اوڑھنیاں اگلی جانب لٹکائیں تاکہ سینہ ڈھانپ جائے۔

وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ (وہ اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں)۔ یعنی مقاماتِ زینت جو کہ چھپے ہوئے ہوں۔ مثلاً سینہ پنڈلی، سر وغیرہ۔ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ (مگر اپنے خاندوں کیلئے) بعول جمع بعل کی ہے۔ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ (یا اپنے باپوں کیلئے) اس میں اجداد بھی داخل ہیں۔ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ (یا اپنے خاندوں کے باپ) اس لئے کہ وہ محارم بن چکے۔ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ (یا اپنے بیٹوں کیلئے) اس میں پوتے اور نواسے سب شامل ہیں۔

اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ (یا اپنے خاوندوں کے بیٹے) اس لئے کہ وہ بھی محارم بن چکے۔ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِىْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِىْٓ اَخَوٰتِهِنَّ (یا اپنے بھائیوں کیلئے یا اپنے بھتیجوں کیلئے یا اپنے بھانجوں کیلئے) اس میں ان کی اولاد در اولاد اور تمام محارم مثلاً چچا، ماموں وغیرہ دلالت النص سے شامل ہیں۔ اَوْ نِسَآئِهِنَّ (یا اپنی عورتوں کیلئے) یعنی آزاد عورتیں نساء کا لفظ مطلقاً حرائر پر بولا جاتا ہے۔ اَوْ مَامَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ (یا جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ ہوں) یعنی باندیاں لیکن عورت کے غلام کیلئے جائز نہیں وہ اپنی مالکہ کے ان مواضع پر نظر ڈالے۔ خواہ وہ غلام خصی ہو یا عنین یا فحل۔

قول سعید بن مسیّب سورۂ نور کی آیت سے دھوکا میں نہ پڑ جانا وہ لونڈیوں کے متعلق ہے غلاموں کے متعلق نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق مروی ہے کہ انہوں نے غلام کیلئے اپنی آقا کے ان مقامات پر نظر ڈالنا درست قرار دیا ہے۔ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِى الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ (یا ان مردوں پر جو طفیلی کے طور پر رہتے ہوں اور ان کو ذرا توجہ نہ ہو)

قراءت: شامی اور یزید اور ابوبکر نے استثناء کی وجہ سے نصب پڑھا ہے یا حال کی بناء پر منصوب قرار دیا اور دیگر قراء نے بدل کی وجہ سے جر پڑھا ہے یا وصفیت کی وجہ سے مجرور قرار دیا ہے۔ اولی الاربہ سے مراد جن کو عورتوں کی طرف حاجت نہ ہو۔

## ایک قول :

یہ ہے اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو گھروں میں اس لئے رہتے ہیں تاکہ بچا کھچا کھانا کھائیں اور ان کو عورتوں کی طرف میلان نہیں رہا ہے۔ خواہ کم عقل ہونے کی وجہ سے عورتوں کے کسی معاملے کو نہیں جانتے یا نیک صالح بوڑھے ہیں یا نامرد یا خصی یا ہجڑے ہیں۔ ایک اثر یہ ہے کہ اس سے مراد مقطوع الذکر ہیں۔ مگر قول اول ہی درست ہے۔

نحو: من الرجال یہ حال ہے۔

اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ (یا وہ بچے) الطفل جنس ہے بہتر یہ ہے کہ اس سے مراد جمع لی جائے۔ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ (جو عورتوں کے پردہ کی باتوں سے ناواقف ہوں) ان کو شہوت نہ ہونے کی وجہ سے عورتوں کے بھید کی اطلاع نہ ہو۔ ظھر علی الشئی سے لیا گیا جبکہ وہ مطلع ہو۔ یا ابھی تک وطی پر قدرت کا زمانہ نہ آیا ہو۔ اس صورت میں یہ ظھر علی فلان سے ہوگا جبکہ اس پر قوت حاصل ہو جائے۔

وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَايُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ (اور اپنے پاؤں زمین پر نہ ماریں کہ ان کا چھپا ہوا زیور معلوم ہو

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ

اور تم میں سے جو بے نکاح ہو اور تمہارے غلام اور باندیوں میں سے جو نیک ہو ان کا نکاح کر دیا کرو، اگر وہ تنگدست ہوں

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾

تو اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی فرما دے گا، اور اللہ وسعت والا ہے جاننے والا ہے۔

جائے) عورت چلتے ہوئے زمین پر پاؤں مارتی تا کہ اس کے پازیب کی آواز سنائی دے۔ اور لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ وہ پازیب پہننے والی ہے۔ چنانچہ عورتوں کو اس بات سے روک دیا گیا کیونکہ زینت والی چیز کی آواز کا سننا خود اس کے ظاہر کرنے کی طرح ہے۔ اسی لئے زیورات کی آواز کو وسواس کہتے ہیں۔ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ (اے مسلمانو! تم سب کے سب اللہ تعالیٰ سے توبہ کرو)

قراءت: شامی نے یاء کی اتباع میں ہٗ کو بھی ضمہ سے پڑھا اور الف کو التقائے ساکنین کی وجہ سے گرایا ہے دیگر قراء نے فتحہ پڑھا ہے کیونکہ اس کے بعد اصل کے لحاظ سے الف ہے۔

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔) حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کی تعمیل میں کوئی بندہ سہو و تقصیر سے پاک نہیں خواہ اس کے لئے وہ کتنی ہی کوشش کرے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں کو توبہ کا حکم فرمایا اور جب توبہ کر لیں تو کامیابی کی امید لگائی گئی ہے کہ سب سے زیادہ توبہ کی اس کو ضرورت ہے جس کے وہم میں یہ بات ہے کہ اس کو توبہ کی ضرورت نہیں۔

مَسْئَلَه: آیت کے ظاہر سے معلوم ہو رہا ہے کہ گناہ ایمان کے منافی نہیں۔

## رانڈوں کے نکاح کا حکم:

۳۲: وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ (اور تم نکاح کروا دیا کرو اپنے میں سے رانڈوں کا) الایامی جمع ایم کی ہے۔ جس کی بیوی نہ ہو یا جس عورت کا خاوند نہ ہو۔ خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ یہ اصل میں ایائم تھا قلب سے ایامیٰ ہو گیا۔ وَالصّٰلِحِيْنَ (نیک و صالح) پسندیدہ یا مؤمن مطلب یہ ہے جو آزاد رانڈ ہو جائے یا جو عورت بیوہ ہو جائے اور اس میں بھلائی ہو۔ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ (اپنے غلاموں اور لونڈیوں میں سے) یعنی تمہارے غلاموں میں سے اور تمہاری باندیوں میں سے۔ امر ندب و استحباب کیلئے ہے کیونکہ نکاح مستحب ہے۔

اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ (اگر وہ تنگدست ہونگے) مالی لحاظ سے يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے مستغنی کر دے گا) کفایت و قناعت سے یا دو رزق جمع ہو جانے سے۔ حدیث میں ہے: ((التمسوا الرزق بالنکاح))۔ (دیلمی)

اسی طرح حضرت عمرؓ نے فرمایا ہے۔ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ وسعت والے ہیں) غنی ہیں، وسعت والے ہیں مخلوق کا غناء اس کو عیب دار نہیں کر سکتا۔ عَلِيْمٌ (علم والے ہیں) یبسط الرزق لمن یشاء یقدر [الرعد: ۲۶]۔

وَلۡیَسۡتَعۡفِفِ الَّذِیۡنَ لَا یَجِدُوۡنَ نِکَاحًا حَتّٰی یُغۡنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ وَالَّذِیۡنَ

اور جو لوگ نکاح کی قدرت نہیں رکھتے انہیں چاہیے کہ وہ اپنے جذبات پر قابو رکھیں یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے مال دار کر دے اور

یَبۡتَغُوۡنَ الۡکِتٰبَ مِمَّا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُکُمۡ فَکَاتِبُوۡهُمۡ اِنۡ عَلِمۡتُمۡ فِیۡهِمۡ خَیۡرًا ٭ۖ وَّاٰتُوۡهُمۡ مِّنۡ

تمہاری ملکیت میں جو لوگ ہیں ان میں سے جو مکاتب ہونے کی خواہش رکھتے ہوں انہیں مکاتب بنا دو اگر تم ان میں بہتری پاؤ۔ اور تم انہیں اللہ کے

مَّالِ اللّٰهِ الَّذِیۡۤ اٰتٰىکُمۡ ؕ وَلَا تُکۡرِهُوۡا فَتَیٰتِکُمۡ عَلَی الۡبِغَآءِ اِنۡ اَرَدۡنَ تَحَصُّنًا لِّتَبۡتَغُوۡا عَرَضَ

مال میں سے دے دو جو اس نے تمہیں دیا ہے، اور اپنی باندیوں کو زنا کرنے پر مجبور نہ کرو جبکہ وہ پاکدامن رہنا چاہیں تاکہ تم کو دنیاوی زندگی کا

الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا ؕ وَمَنۡ یُّکۡرِهۡهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنۡۢ بَعۡدِ اِکۡرَاهِهِنَّ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدۡ

کوئی مال مل جائے۔ اور جو شخص ان پر زبردستی کرے تو اللہ انہیں مجبور کرنے کے بعد بخشنے والا ہے مہربان ہے، اور ہم نے تمہاری طرف

اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکُمۡ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِیۡنَ خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلِکُمۡ وَمَوۡعِظَةً لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۳۴﴾ ع ۱۰

کھلے کھلے احکام نازل کئے ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے تھے ان کی بعض حکایات اور متقیوں کے لئے نصیحت نازل کی ہیں۔

**سوال** : آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں و رانڈوں کی شادی اولیاء کے ذمہ ہے۔ جیسا کہ غلاموں اور لونڈیوں کا نکاح موالی کے ذمہ ہے؟

## نکاح کی توفیق نہ ہو تو پاکدامنی کو تھامے رکھیں:

**جواب** : آدمی کو رانڈ پر ولایت اس کے اذن سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اسی طرح عورت پر ولایت بھی اس کے اذن سے ہوگی کیونکہ ایم کا لفظ اس کو بھی شامل ہے۔ بالاتفاق بالغ مردوں کو اپنے نکاح کا اختیار ہے پس استدلال درست نہ رہا۔

۳۳: وَلۡیَسۡتَعۡفِفِ الَّذِیۡنَ (چاہیے کہ پاکدامنی اختیار کریں وہ لوگ) پاکدامنی کی خوب کوشش کریں گویا کہ مستعف خود عفاف و پاکدامنی کا طالب ہے۔ لَا یَجِدُوۡنَ نِکَاحًا (جو نکاح نہیں پاتے) مہر کے ساتھ شادی کی وسعت نہیں رکھتے اور خرچہ کی طاقت نہیں رکھتے حَتّٰی یُغۡنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ (یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے بے نیاز کر دے گا) یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کو مہر و نفقہ کی قدرت عنایت فرمائیں گے۔ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءة فلیزوج فانه اغض للبصر واحصن للفرج ومن لم یستطع فعلیه بالصوم فانه له وجاء۔ [بخاری، مسلم، احمد] اے نوجوانو! جو تم میں سے وسعت رکھتا ہو وہ شادی کرے کیونکہ نکاح نگاہ و شرمگاہ کی حفاظت کرنے والا ہے۔ اور جو طاقت نہیں رکھتا وہ روزہ رکھے۔ روزہ اس کے لئے شہوت شکن ہو جائے گا۔

## اوامر کی عجیب ترتیب:

ان ارشادات پر نگاہ ڈالو۔ کس طرح اوامر کو مرتب فرمایا گیا نمبر ا۔ اولاً ایسی چیز کا حکم دیا جو فتنے سے بچائے اور معصیت کے مواقع سے دور رکھے اور وہ نگاہ کا نیچا رکھنا ہے۔ پھر ۲۔ پاکدامنی والا نکاح جو دین کیلئے ہو جو حرام سے بے نیاز کرنے والا ہے۔ نمبر ۳۔ عزت نفس کے ذریعہ وہ نفس جو برائیوں کی طرف جھک پڑنے والا ہے تاکہ نفس شہوات کی طرف جھکاؤ نہ اختیار کرے جب تک کہ نکاح سے عاجز ہو یہاں تک کہ اس میں نکاح کی قدرت پیدا ہو جائے۔ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (تمہارے وہ مملوک اور باندیاں جو مکاتب بنائے جانے کی درخواست کریں) یعنی ایسے غلام جو تم سے مکاتبت کا مطالبہ کریں۔
نَحو : الذین ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہے یا ایسے فعل کی وجہ سے منصوب ہے جس فعل کی تفسیر فکاتبو هم کر رہا ہے۔ فَكَاتِبُوْهُمْ (تم ان کو مکاتب بنا لو) اس میں امر ندب کیلئے ہے۔ اور فاء اس لئے لائے کیونکہ امر میں شرط کا معنی متضمن ہے۔ الکتاب المکاتبة یہ عتاب اور معاتبہ کی طرح ہیں۔ مکاتبت یہ ہے کہ اپنے غلام کو کہے **كاتبتك على الف درهم** اب اگر غلام نے ایک ہزار درہم ادا کر دیئے تو وہ آزاد ہے مطلب یہ ہے کہ میں نے تمہارے لیے اپنے نفس پر یہ چیز لکھ لی ہے کہ تمہیں آزاد کر دیا جائے اگر تم مال کو ادا کر دو اور تم نے اپنے اوپر یہ لکھ لیا ہے کہ تو مال کی ادائیگی میں پورا اترے گا۔
یا میں نے تم پر مال کو دینا لازم کیا اور تم نے مجھ پر آزادی کو لازم کیا۔ مال کی ادائیگی اسی وقت بھی درست ہے اور ایک مدت مقررہ کے بعد بھی اور قسط وار اور یک مشقت مہر کی طرح کیوں کہ امر مطلق ہے۔ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا (اور اگر تم ان کے متعلق کوئی بھلائی جانو) خیر سے یہاں قدرت علی الکسب مراد ہے۔ یا امانت و دیانت اور امر کی ندبیت اس شرط سے متعلق ہے۔ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ (اور تم ان کو اس مال سے دو۔ جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں دے رکھا ہے) اس میں عامة المسلمین کو حکم دیا کہ وہ مکاتبین کی اعانت کریں اور ان کو زکوٰۃ کا حصہ دیں جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے وفی الرقاب [البقرہ: ۱۷۷] قول شافعی رحمۃ اللہ علیہ: آیت کا مطلب یہ ہے کہ ان کے بدل کتابت میں سے چوتھائی ختم کر دو اور یہ ہمارے نزدیک تو بطور ندب ہے۔ مگر صبیح نے اپنے آقا سے مکاتبت کا مطالبہ کیا تو ان کے آقا حویطب نے انکار کیا اس پر یہ آیت اتری۔

## غلاموں کی اقسام:

غلاموں کی چار اقسام ہیں نمبر ا۔ غلام خدمت نمبر ۲۔ غلام ماذون فی التجارۃ۔ نمبر ۳۔ مکاتب، نمبر ۴۔ بھاگنے والے غلام۔

## اوّل کی مثال:

وہ ولی عزلت نشین ہے جس کو عزلت اس لئے ملی ہے۔ کہ اس نے خلوت کو ترجیح دی اور میل جول کو ترک کر دیا۔ دوسرا ولی العشرۃ ہے اس کو حضرت میں سرگوشی میسر ہے لوگوں سے اس کا میل ملاپ امتحان و تجربہ کیلئے ہے لوگوں کو عبرت کی نگاہ سے دیکھتا اور ان کو غیرت کے ساتھ حکم دیتا ہے یہ اللہ کے رسول ﷺ کا خلیفہ ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق فیصلے کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی سے حق وصول کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مرضیات میں دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے دل میں ڈالی ہوئی بات سمجھتا ہے

اور خدا لگتی بات کہتا ہے۔ یہ دنیا تو اس کیلئے تجارت آخرت کا بازار ہے اور عقل اس کا حقیقی سامان ہے۔ غصہ میں دامن عدل کو وہ تھامنے والا ہے اور رضا مندی الٰہی اس کا میزان ہے۔ فقر و غناء میں میانہ روی اس کا طرۂ امتیاز ہے اور علم اس کی پناہ گاہ اور نجات کا مقام ہے۔ اور قرآن مجید اس کے آقا کا خط ہے جو اس کے لئے اجازت نامہ ہے۔ اگرچہ اپنے ظواہر سے لوگوں میں ملا جلا ہے۔ مگر اپنے سرائر کے اعتبار سے ان سے جدا ہے۔ اس نیک لوگوں کو اپنے حقوق اللہ تعالیٰ کے ساتھ باطن میں تعلق کی وجہ سے چھوڑ دیا پھر اللہ تعالیٰ کی خاطر جو لوگوں کے ظاہرا حقوق اس کے ذمہ بنتے تھے۔ ان کی ادائیگی کیلئے لوگوں سے میل جول اختیار کیا۔ بقول شاعر اس کا حال یہ ہے۔

وَمَا هُوَ مِنْهُمْ بِالْعَيْشِ فِيهِمْ ☆ ولكن معدن الذّهب الرّغام

ظاہری زندگی گزرانے میں تو وہ ان میں سے رہ رہا ہے مگر حقیقت میں وہ ان میں سے نہیں۔ بلکہ وہ مٹی میں سونے کی کان کی طرح ہے۔ وہ اگرچہ وہی کھاتا ہے جو وہ کھاتے اور وہی پیتا ہے جو وہ پیتے ہیں اور انہیں کیا معلوم کہ وہ تو اللہ تعالیٰ کا مہمان ہے وہ خیال کرتا ہے گویا آسمان و زمین اس کے حکم سے قائم رہنے والے ہیں گویا اس کے متعلق کہا گیا ہے۔ اگر تو لوگوں کی موافقت کرے اس حال میں کہ تو ان میں ہے۔ تو یہ اسی طرح ہے مشک بھی تو ہرن کے خون کا ایک حصہ ہی ہے۔ ولی عزلت کا حال تو زیادہ صفائی والا اور زیادہ شاندار ہے۔ مگر ولی عشرت کا حال تو زیادہ اعلیٰ و اوفی ہے رحمان کی بارگاہ احدیت میں اول کا مرتبہ دوسرے کے مقابلے میں ایسا ہے جیسا کہ بادشاہ کے درباری وزیر کا ہم نشین۔ رہے نبی کریم ﷺ تو وہ دونوں طرفوں کے اعتبار سے معزز ہیں۔ موتیوں اور سونے کے ٹکڑوں کا معدن ہیں۔ دونوں حالتوں کے جامع ہیں۔ دونوں میٹھے چشموں کا منبع ہیں۔ آپ کے احوال کا باطن ولی عزلت کیلئے ہدایت کا مینار ہے اور آپ کے ظاہر اعمال ولی عشرت کیلئے سنگ میل ہیں۔

اور نمبر۳۔ تیسرا مجاہد، محاسبہ کرنے والا، عمل کرنے والا دن اور رات میں پانچ قسطوں سے اپنے مقاصد پورے کرنے والا ہے جیسا کہ مکاتب اپنی اقساط پوری کرتا ہے۔ دوسو میں پانچ کی قسط (زکاۃ مراد ہے) اور سال میں ایک مہینہ کی قسط (روزے) اور عمر میں ایک ملاقات، یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنے آپ کو اپنے رب کے ہاتھ ان اقساط مرتبہ پر بیچ ڈالا ہے۔ وہ اپنی گردن کو آزاد کرانے کی کوشش کرتا ہے غلامی کا پٹہ اس کی گردن سے نکل جائے اور وہ آزادی کے میدان اور وسعت کی طمع رکھتا ہے۔ تاکہ جنت کے باغ میں وہ چر سکے۔ اور اپنی تمنا کو وہ پاس کے اور اپنی مرضی اور خواہش کو پورا کرے۔ نمبر۴۔ بھاگنے والا غلام۔ یہ تو بہت زیادہ ہیں ان میں سے ایک ظالم قاضی اور عالم بے عمل دکھلاوے کی خاطر قراءت کرنے والا۔ اور قول و فعل میں تضاد والا واعظ اور اس کے اکثر اقوال فضولیات ہوتے ہیں اور ہر ایسے آدمی پر جن کو تیروں کے پیکان بھی فائدہ نہیں دیتے چہ جائیکہ چور، زانی، غاصب کو اس سے فائدہ ہو۔ انہی کے متعلق نبی اکرم ﷺ نے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ اس دن کی مدد ایسے لوگوں کے ساتھ بھی فرمادے گا جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہوگا۔ (رواہ احمد، طبرانی، مجمع الزوائد)

## وقتی سبب بتا کر ڈانٹ پلائی:

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ (اور نہ مجبور کرو اپنی لونڈیوں کو زنا پر) ابن ابی کی چھ لونڈیاں۔ معاذہ، مسیلہ،

امیمہ، عمرہ، اروی، قتیلہ بے حیائی کو ناپسند کرتی تھیں اس نے ان پر ٹیکس لگا رکھا تھا دو نے رسول ﷺ کی خدمت میں شکایت کی تو یہ آیت اتری۔ الفتی اور الفتاۃ کا لفظ غلام ولونڈی دونوں کے متعلق بولا جاتا ہے البغاء کا لفظ عورتوں کیلئے زنا کے معنی میں استعمال ہوتا ہے یہ البغی کا مصدر ہے۔

اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا (اگر وہ پاکدامنی کا ارادہ کریں) زنا سے بچنے کا یہ شرط اس لئے لگائی گئی کیونکہ اکراہ ہوتا ہی تب ہے جبکہ انکا اپنا ارادہ پاکدامنی اختیار کرنے کا ہو۔ زنا پر اپنی مرضی سے آمادہ کو مکرہ نہیں کہا جاتا ہے اور نہ ہی اس کو حکم دینا اکراہ کہلاتا ہے۔ نمبر۲۔ یہ آیت ایک سبب کے پیش نظر اتری۔ پس نہی بھی اسی سبب کو پیش نظر رکھ کر وارد ہوئی۔ اس میں حقیقۃً ان آقاؤں کو توبیخ کی گئی ہے یعنی وہ ضعیف العقل ہو کر پاکدامنی اختیار کرنا چاہتی ہیں تم تو مکمل عقل والے ہو کر پاک دامنی اختیار کرنے کروانے کے زیادہ حقدار ہو۔

لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (تا کہ تم دنیا کی زندگی کا سامان چاہو) یعنی ان کو زنا پر مجبور کر کے تم ان کی کمائی حاصل کرنا چاہتے ہو۔ اور ان سے اولاد بھی چاہتے ہو۔ وَ مَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اور جس نے ان کو مجبور کیا پس اللہ تعالیٰ ان کو مجبور کرنے کے بعد بخشنے والے مہربان ہیں۔) اکراھھن ای اکراہ لھن اور مصحف ابن مسعود میں اسی طرح ہے۔ حسن رحمۃ اللہ علیہ کہا کرتے تھے لھن ہے اللہ کی قسم۔ شاید کہ اکراہ اس کے علاوہ صورت میں ہو جس کو شریعت نے اکراہ کہا ہے اور وہ اکراہ تو وہی ہے جس سے ہلاکت کا خدشہ ہو پس وہ گناہ گار ٹھہری۔ پس ہم ان کو بخشنے والے ہیں جبکہ وہ توبہ کریں۔

۳۴: وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ (تحقیق ہم نے تمہاری طرف واضح آیات اتاریں)۔

قراءت: حجازی اور بصری اور ابوبکر اور حماد نے مبیَّنات پڑھا ہے۔ یاء کے فتحہ کے ساتھ۔ آیات سے مراد وہ آیات ہیں جو اس سورۃ میں واضح کر دی گئیں۔ احکام وحدود کے معانی میں ان کو کھول دیا گیا۔

نحو: یہ بھی درست ہے کہ مبینًا ہو اور ظرف میں وسعت ہے۔

دیگر قراء نے کسرہ سے پڑھا ہے۔ یعنی احکام وحدود ہی وضاحت شدہ ہیں اور فعل کو اس کا مجاز قرار دیا۔ بین بمعنی تبین ہے۔ مثال مشہور ہے قدبین الصبح لذی عینین وَّ مَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ (اور مثال ان لوگوں کی جو تم سے پہلے ہو گزرے) تمہارے ہم مثل۔ یعنی عجیب واقعہ جیسا کہ یوسف و مریم علیہما السلام کا واقعہ یعنی قصہ عائشہ رضی اللہ عنہا وَمَوْعِظَةً (نصیحت) وہ امثال و آیات جن سے نصیحت کی گئی ہے جیسا کہ اس ارشاد میں ولا تاخذ کم بھما رافة فی دین الله [النور:۲] لولاذ سمعتموہ [النور:۱۲] ولولا اذسمعتموہ [النور:۱۶] یعظکم الله ان تعودوا لمثله ابدًا [النور:۱۷] لِّلْمُتَّقِيْنَ (متقین کیلئے) کیونکہ وہی اس سے فائدہ حاصل کرنیوالے ہیں اگرچہ نصیحت تو تمام کیلئے ہے۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ

اللہ آسمانوں کا اور زمین کا نور ہے، اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق ہے اس میں ایک چراغ ہے وہ چراغ ایک

زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا

شیشے کے قندیل میں ہے وہ قندیل ایسا ہے جیسے ایک چمکدار ستارہ ہو وہ چراغ بابرکت درخت سے روشن کیا جاتا ہو جو زیتون ہے یہ درخت

شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ

نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف، قریب ہے کہ اس کا تیل خود بخود روشن ہو جائے اگرچہ اس کو آگ نہ چھوئے نور علی نور ہے،

يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۳۵

اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور کی ہدایت دیتا ہے، اور لوگوں کے لئے اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

**نورِ ایمان یا نورِ وجود:**

۳۵: اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ( اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا نور ہے ) اللہ نور الایة کی نظیر بمع اس کے ارشاد مثل نورہٖ ویھدی اللہ لنورہٖ ۔ تمہارا یہ قول ہے زید کرم وجود۔ پھر تم کہو ینعش الناس بکرمہٖ وجودہٖ زید تو نری سخاوت ہے لوگ اس کی سخاوت سے فیض یاب ہوتے ہیں۔

مطلب یہ ہے ذونور السمٰوت نمبرا۔ آسمانوں کے نور والا ہے۔ اور آسمان وزمین کا نورِ حق ہے جس کو ظہور و بیان میں نور سے تشبیہ دی ہے جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا اللہ ولی الذین امنوا یخرجھم من الظلمات الی النور [البقرۃ:۲۵۷] یعنی باطل سے حق کی طرف نکال لاتے ہیں۔ آسمان وزمین کی طرف نور کی اضافت وسعت چمک اور روشنی کے پھیلنے کی وجہ سے ہے۔ یہاں تک کہ اس سے آسمان وزمین روشن ہیں۔ نمبر۲۔ اور یہ جائز ہے کہ اس سے مراد اھل السمٰوت والارض مراد لئے جائیں کیونکہ وہ اس روشنی سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ مَثَلُ نُوْرِهٖ (اور اس کے نور کی مثال) جو اپنی روشنی میں عجیب طرح کا ہے۔ قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: مثل نورہٖ اس کے نور کی مثال یعنی وہ نور جس سے مسلمان کو ہدایت بخشی ہے۔

قراءت: ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مثل نورہ فی قلب المؤمن کمشکاۃٍ اور ابی رضی اللہ عنہ کی قراءت میں مثل نور ہ المؤمن ہے۔

كَمِشْكٰوةٍ (ایک طاقچہ کی طرح ہے) طاقچہ جیسی حالت ہے اور وہ دیوار میں ایسا روشندان جو باہر کو نہ کھلے۔ فِيْهَا مِصْبَاحٌ (اس میں دیا ہو) بہت بڑا دیا چمکدار دیا۔ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ (دیا شیشے میں ہو) یعنی فی قندیل من زجاج۔ شیشے کے چراغ دان میں ہو۔

قراءت: شامی نے زاء کے کسرہ سے پڑھا ہے۔

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ (شیشے کا فانوس ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک موتی جیسا تارا ہے) دری بمعنی روشن۔ یاء کی تشدید اور دال کی ضم سے پڑھا گیا اور در کی طرف نسبت کی گئی ہے اس کی روشنی کی صفائی اور زیادتی کی وجہ سے۔

قراءت: ابوبکر اور علی نے کسرہ اور ہمزہ سے پڑھا ہے۔ گویا کہ وہ اپنی روشنی سے اندھیرے کو بھگاتا ہے۔ اور ضمہ اور ہمزہ کے ساتھ ابوبکر وحمزہ نے پڑھا۔ انہوں نے آب وتاب میں روشن ستاروں میں سے ایک سے تشبیہ دی ہے مثلاً مشتری، زہرہ، وغیرہ۔

يُّوْقَدُ (روشن ہوتا ہے)

قراءت: تُوْقَدُ تخفیف کے ساتھ حمزہ، علی، ابوبکر نے پڑھا ہے۔ یعنی وہ چراغ (الزجاجۃ) اور یوقد تخفیف کے ساتھ شامی اور نافع، حفص نے پڑھا ہے۔ تَوَقَّدَ مکی اور بصری نے پڑھا ہے یعنی یہ دیا (المصباح) مِنْ شَجَرَةٍ (درخت سے) یعنی اس کے جلنے کی ابتداء زیتون کے درخت سے ہے یعنی اس کی بتی کو زیتون کے تیل سے سیراب کیا جاتا ہے۔ مُّبٰرَكَةٍ (مبارک سے) جو بہت زیادہ منفعت بخش یا اس لئے کہ وہ ایسی زمین میں اگتا ہے جس میں جہان والوں کیلئے برکت دی ہے۔ ایک قول یہ ہے اس میں برکت اس طرح دی کہ ستر پیغمبر معبوث فرمائے جن میں ایک ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

زَيْتُوْنَةٍ (یعنی زیتون کا) یہ شجرۃ سے بدل ہے اس کی صفت لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ہے (نہ مشرقی ہے اور نہ مغربی) اس کے اُگنے کا مقام شام ہے۔ یعنی نہ وہ مشرق میں ہے اور نہ مغرب میں بلکہ دونوں کے وسط میں ہے اور ملک شام ہے اور بہترین و عمدہ زیتون شام کا ہے۔

ایک قول یہ ہے وہ ایسے مقام پر زیتون واقع ہے کہ طلوع آفتاب کے وقت ہی اس پر شعاعیں نہیں پڑتی اور نہ ہی غروب کے وقت بلکہ صبح شام کے تمام اوقات میں اس پر شعاعیں پڑتی ہیں پس وہ درخت مشرقی بھی ہے اور مغربی بھی۔ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ (قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے) یعنی اس کا تیل وَلَوْلَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ (اگرچہ اس کو آگ نہ چھوئے) اس میں تیل کی تعریف صفائی اور سفیدی میں فرمائی کہ وہ اپنی چمک کی وجہ سے بغیر آگ کے روشن ہوا چاہتا ہے۔ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ (وہ نور بالائے نور ہے) یعنی یہ نور جس کے ساتھ حق کو تشبیہ دی ہے یہ کئی گنا بڑھنے والا نور ہے۔ اور اس اضافہ میں طاقچہ، فانوس اور دیا اور زیتون کا تیل ایک دوسرے کے معاون بنے ہیں یہاں تک کہ ذرہ بھر کسر اس نور کے قوی ہونے میں باقی نہیں رہی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ دیا جب ایک طاقچہ کی طرح تنگ مقام میں ہو تو اس کی روشنی مجتمع ہو جاتی ہے اور کھلے مقام پر دیا پڑا ہو تو روشنی پھیل کر مدہم پڑ جاتی ہے اور روشنی کے اضافہ میں سب سے بڑھ کر معاون چیز فانوس ہے اسی طرح زیتون کا صاف وشفاف تیل بھی روشنی میں معاون ہے۔

## ایک محسوس مثال:

مثال ایک محسوس، جانی پہچانی، جسم دار چیز کی پیش کی گئی نہ کسی بلند اور مشاہدہ اور معاینہ میں نہ آنے والی چیز کی ابوتمام صاحب الحماسہ نے جب مامون الرشید کی مدح میں کہا۔ عمرو کا اقدام اور حاتم کی سخاوت، احنف کا حلم اور ایاس کی ذکاوت جناب میں جمع ہے۔ اس کو لوگوں نے کہا جن لوگوں سے تو نے خلیفہ کو تشبیہ دی ہے خلیفہ تو ان سے بڑھ کر ہیں تو اس نے فی البدیہ کہا۔ کم

فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْھَا اسْمُہٗ یُسَبِّحُ لَہٗ فِیْھَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾

ایسے گھروں میں جن کے بارے میں اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے اور ان میں اللہ کا نام لیا جائے ایسے لوگ صبح شام اللہ کی پاکی بیان کرتے

رِجَالٌ لَّا تُلْھِیْھِمْ تِجَارَۃٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَ اِیْتَآءِ الزَّکٰوۃِ یَخَافُوْنَ

ہیں جنہیں اللہ کی یاد سے، اور نماز پڑھنے سے، اور زکوٰۃ دینے سے، سوداگری اور خرید و فروخت کرنا غفلت میں نہیں ڈالتا، وہ اس دن سے

یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْہِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِیَجْزِیَھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَیَزِیْدَھُمْ

ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ جائیں گی، تاکہ اللہ انہیں ان کے اعمال کا اچھے سے اچھا بدلہ دے اور اپنے فضل سے انہیں

مِّنْ فَضْلِہٖ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾

اور بھی زیادہ دے اور اللہ جسے چاہتا ہے بلاحساب رزق دیتا ہے۔

مرتبہ لوگوں کے ساتھ خلیفہ کی مثال دینے پر تعجب مت کرو۔ سخاوت اور شجاعت کی منتشر مثالیں جو میں نے دی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نور کی مثال ایک اقل چیز طاقچہ اور بتی سے دی ہے۔

یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ (اللہ تعالیٰ اپنے نور کے ذریعہ جس کو چاہتا ہے ہدایت یاب کر دیتا ہے) اس چمکدار نور کی طرف مَنْ یَّشَآءُ (جس کی وہ چاہتا ہے) اپنے بندوں میں سے یعنی اللہ تعالیٰ حق کو پا لینے کیلئے اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے الہام فرماتا ہے۔ یا دلیل میں غور کرنے کی توفیق دیتا ہے۔ وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ (اور اللہ تعالیٰ لوگوں کیلئے مثالیں بیان کرتا ہے) بات کو ان کے فہموں کے قریب تر کرنے کیلئے تاکہ وہ عبرت حاصل کر کے ایمان لائیں۔ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والے ہیں) وہ ہر چیز کو کھول کر بیان کرتے ہیں جس چیز کا انسانوں کے علم میں آنا ممکن ہو۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: مثل نوری نور اللہ الذی ھدی بہ المؤمن میرے نور کی مثال اللہ تعالیٰ کا وہ نور جس سے مؤمن کی راہنمائی فرمائی۔

قراءت: ابن مسعود رضی اللہ عنہ مثل نورہ فیقلب المؤمن کمشکاۃ۔ وقرأ اُبَیّ مثل نور المؤمن۔

## فی بیوت کا تعلق مشکاۃ سے ہے:

۳۶: فِیْ بُیُوْتٍ (ایسے گھروں میں) یہ مشکوٰۃ سے متعلق ہے یعنی جیسا کہ طاقچہ جو کسی مسجد میں ہو۔ گویا اس طرح فرمایا مثل نورہٖ کماتری فی المسجد نور المشکاۃ التی من صفتھا کیت و کیت اس کے نور کی مثال اس طرح ہے جیسا کہ تم مسجد میں اس طاقچے کی روشنی دیکھتے ہو جو طاقچہ ان ان صفات سے متصف ہے۔ یا نمبر۲۔ توقد سے متعلق ہے ای توقد فی بیوت وہ دیا گھروں میں جلایا جاتا ہے۔

نمبر۳۔ یسبح سے متعلق ہے ای یسبح له رجال فی بیوت اس کی تسبیح کچھ لوگ کرتے ہیں ایسے گھروں میں اور نمبر۱۔ فیھا کالفظ باردیگر لایا گیا ہے اس سے تاکید مقصود ہے۔ مثلاً زید فی الدار جالس فیھا۔ نمبر۲۔ محذوف سے متعلق ہے ای سَبِّحُوْا فی بیوت تم ایسے گھروں میں تسبیح کرو۔ اَذِنَ اللّٰهُ (اللہ تعالیٰ نے حکم دیا) اَنْ تُرْفَعَ (کہ ان کو بنایا جائے۔) جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا: و اذیرفع ابراھیم القواعد [البقرہ:۱۲۷] نمبر۲۔ تعظیم کرنے کا حکم دیا اس صورت میں یہ الرفعۃ سے لیا جائے گا۔

قول حسن رحمۃ اللہ علیہ: اللہ تعالیٰ نے تعمیر میں بلندی کا حکم نہیں دیا بلکہ تعظیم میں بلندی کا حکم دیا۔ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ (ان میں ذکر کیا جائے اس کے نام) اس میں قرآن مجید کی تلاوت کی جائے۔ نمبر۲۔ ہر ذکر کیلئے یہ عام ہے۔

## صالحین کی صفات کا تذکرہ:

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ (صبح و شام ان مساجد میں اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں) یعنی اس کے لئے اس میں صبح کے وقت نماز فجر اور شام کو ظہر، عصر اور مغرب و عشاء پڑھتے ہیں۔

نکتہ: غدوٌ کالفظ واحد لایا گیا کیونکہ اسوقت میں پڑھی جانے والی نماز ایک ہے اور اصال میں کئی نمازیں ہیں اور اصال جمع اُصُل کی ہے اور اُصُل جمع اصیل کی ہے اور پچھلے پہر کو کہا جاتا ہے۔

۳۷: رِجَالٌ (ایسے مرد) یہ یسبح کا فاعل ہے۔

قراءت: شامی، ابوبکر نے يُسَبَّحُ پڑھا ہے، اور اس کا اسناد تینوں ظروف میں سے کسی ایک کی طرف کیا جاتا ہے میری مراد لہ، فیھا بالغدو ہے اور رجال مرفوع ہے۔ اس بناء پر جس پر یسبح دلالت کرتا ہے ای یسبح له۔ لَّا تُلْهِيْهِمْ (ان کو غافل نہیں کرتی) تِجَارَةٌ (کوئی تجارت) حالت سفر میں وَّ لَا بَيْعٌ (اور خرید و فروخت) گھر موجودگی میں۔ ایک قول التجارۃ اسم جنس ہے مطلقاً خریدنا مراد ہے خواہ کسی نوع کا ہو۔ ایک اور قول بیع کو تجارت کے بعد خاص طور پر ذکر کیا حالانکہ تجارت میں یہ شامل ہے کیونکہ بیع شراء کی نسبت غفلت میں زیادہ مبتلا کرنیوالی ہے۔ اس لئے کہ نفع بخش بیع میں نفع یقینی ہے اور شراء تو گمان نفع کا ہے۔

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی یاد سے) خواہ دل کے ساتھ ہو خواہ زبان سے وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ (اور نماز کے قائم کرنے سے) نماز کی اقامت سے۔ اقامۃ میں تاء اس الف کے عوض میں ہے جو تعلیل کی وجہ سے ساقط ہوئی ہے یہ اصل میں اقواما تھا۔ جب واؤ کو الف سے بدلا تو دو الف جمع ہوئے ایک التقائے ساکنین کی وجہ سے گرا دیا پس اقاما باقی رہا محذوف کے بدلے تاء کو لائے۔ جب مضاف کیا تو اضافت کو قائم مقام تاء کے لائے اور تاء کو ساقط کر دیا۔

وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ (زکوٰۃ کی ادائیگی سے) ای عن ایتاء الزکاۃ مطلب یہ ہے کہ ان کے پاس کوئی تجارت نہیں کہ جو ان کو غافل کر دے جیسا اولیائے عزلت۔ نمبر۲۔ خرید و فروخت کے دوران بھی اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے والے ہیں اور جب نماز کا وقت آ جائے تو بوجھ محسوس کرنے کے بغیر فوراً کھڑے ہو جاتے ہیں جیسا کہ اولیائے عشرت ہیں۔

يَخَافُوْنَ يَوْمًا (وہ ایسے دن سے ڈرتے ہیں) یعنی قیامت کا دن۔

نحو: یہ تلھیھم کی ضمیر سے حال ہے یا نمبر۲۔ رجالٌ کی صفت ثانی ہے۔ تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ (جس میں بہت سے دل اور

وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَعْمَالُھُمْ کَسَرَابٍۭ بِقِیْعَۃٍ یَّحْسَبُہُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ۭ حَتّٰٓی اِذَا جَآءَہٗ

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت ہو جسے پیاسا آدمی پانی سمجھ رہا ہو، یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا

لَمْ یَجِدْہُ شَیْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰہَ عِنْدَہٗ فَوَفّٰىہُ حِسَابَہٗ ۭ وَاللّٰہُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ

تو اس کو کچھ بھی نہ پایا۔اور اس نے وہاں اللہ کی قضاء کو پا لیا سو اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے یا

کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰىہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُھَا

جیسے کسی گہرے سمندر کے اندرونی حصہ میں اندھیریاں ہوں جسے موج نے ڈھانک رکھا ہو۔اس کے اوپر ایک موج ہو اس کے اوپر بادل ہو۔اندھیریاں ہیں ان میں سے بعض

فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰىھَا ۭ وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ ع

بعض کے اوپر ہیں۔ جب اپنے ہاتھ کو نکالے تو اسے نہ دیکھ پائے۔اور جس کے لئے اللہ نور مقرر نہ فرمائے سو اس کے لئے کوئی نور نہیں۔

آنکھیں پلٹ جائیں گی ) اس وجہ سے کہ دل حلق کو پہنچ جائیں گے۔ وَالْاَبْصَارُ ( اور آنکھیں ) پتھرانے کی وجہ سے یا نیلگوئی کے سبب نمبر۲۔ دل ایمان کی طرف پلٹ آئیں گے حالانکہ وہ پہلے کفر کرتے تھے۔ اور آنکھیں کھلے طور پر معائنہ کریں گی اس کے باوجود کہ وہ پہلے سرکشی کی وجہ سے انکاری ہونگی جیسا کہ دوسرے ارشاد میں ہے **فکشفنا عنك غطائك فبصرك اليوم حديد** [ق:۲۲]

۳۸: لِیَجْزِیَھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَیَزِیْدَھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ ( تاکہ اللہ تعالیٰ ان کا بہترین بدلہ عنایت کرے اور اپنے فضل سے اس سے زائد بھی عنایت فرمائے ) یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتے اور ڈرتے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے اعمال کا بہترین بدلہ عنایت فرمائے یعنی تاکہ ان کو دوگنا ثواب سے بدلہ دے۔ **ویزیدھم** ( اور اس میں اضافہ فرمائے ) عمل پر مقررہ ثواب پر بطور فضل اضافہ فرمائے۔ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ( اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بغیر حساب رزق دیتے ہیں ) یعنی جس کو اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں ایسا ثواب دیتے ہیں جو دیگر مخلوق کے حساب میں داخل نہیں ہوتا یہ تو اللہ تعالیٰ کے نور سے ہدایت یافتہ کی صفات ہیں۔ رہے وہ لوگ جنہوں نے گمراہی کو وطیرہ بنالیا انکا تذکرہ اگلی آیت میں فرمایا ہے۔

## کفار کے اعمال کی دو مثالیں:

۳۹: وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَعْمَالُھُمْ کَسَرَابٍ ( اور وہ لوگ جو کافر ہیں ان کے اعمال سراب کی طرح ہیں ) سراب دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں چمکتی ہوئی ریت جو پانی کا سیلاب معلوم ہوتا ہے۔ بِقِیْعَۃٍ یہ قاع یا بقاع کی جمع ہے ہموار میدان جیسا کہ جیرۃ وجار۔ یَحْسَبُہُ الظَّمْاٰنُ ( گمان کرتا ہے اس کو پیاسا ) مَآءً حَتّٰٓی اِذَا جَآءَہٗ ( پانی یہاں تک کہ جب اس کے پاس آتا ہے ) یعنی وہ اس کی طرف آیا جس کو اس نے پانی خیال کیا۔ لَمْ یَجِدْہُ شَیْئًا ( اس نے کچھ بھی نہ پایا ) جیسا اس نے گمان کیا وَّ وَجَدَ اللّٰہَ ( اور اس نے اللہ تعالیٰ کو پایا ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والے بدلے کو پایا جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا **یجد الله**

غفورًا رحیمًا [النساء:۱۱۰] یعنی وہ اس کی مغفرت اور رحمت کو پائے گا۔ عِنْدَهٗ (اپنے پاس) ہٗ کا مرجع کافر ہے (کافر کے پاس) فَوَفّٰهُ حِسَابَهٗ (پس اس نے پورا پورا دے دیا اس کا حساب) اس کے عمل کا پورا پورا بدلہ دے دیا۔

**سوال**: والذین کفروا میں جمع لائے اور یہاں ضمائر واحد ذکر کیں؟

**جواب**: ہر ہر کافر کا لحاظ کر کے ضمیر واحد لائے۔

وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ (اور اللہ جلد حساب لینے والے ہیں) کیونکہ اس کو شمار و حساب کی محتاجی نہیں اور ایک حساب اس کو دوسرے کے حساب سے مشغول نہیں کر سکتا۔ نمبر۲۔ اللہ تعالیٰ کا حساب قریب ہے کیونکہ ہر آنے والا قریب ہے۔

## حاصلِ آیت:

اس آیت میں اس شخص کے اعمال کو جو ایمان نہ رکھتا ہو اور نہ اعمال صالحہ میں طریق حق کی پیروی کرتا ہو مگر ان اعمال صالح پہ خوش گمانی رکھتا ہو کہ وہ اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کام دیں گے اور اس کے عذاب سے نجات کا باعث ہونگے پھر آخرت میں اس کی امید بھر نہ آئے بلکہ اس کے اندازے کے خلاف واقع ہو۔ سراب سے تشبیہ دی جس کو کافر میدانِ حشر میں دیکھے گا۔ اور قیامت کے دن کی پیاس اس پر چھا چکی ہوگی وہ اس کو پانی سمجھ کر اس کی طرف جائے گا۔ تو وہاں اپنی امید کو بار آور نہ پائے گا بلکہ اللہ تعالیٰ کے فرشتوں کو وہاں پائے گا۔ جو اسے پکڑ کر جہنم کی طرف کھینچ کر لے جائیں گے۔ اور گرم پانی اور غساق پلائیں گے۔ ایسے ہی لوگوں کے متعلق فرمایا گیا۔ عاملة ناصبة [الغاشیۃ:۳] دوسری آیت میں وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا [الکھف:۱۰۴]

ایک قول: یہ آیت عتبہ بن ربیعہ بن امیہ کے متعلق اتری۔ اس نے زمانہ جاہلیت میں دین حق کی تلاش میں رہبانیت اختیار کر لی تھی جب اسلام آیا تو اس نے انکار کر دیا۔

۴۰: اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ (یا ان کے اعمال اندھیروں کی طرح ہیں جو سمندر میں ہوں) یہاں اَو کا لفظ اسی طرح ہے جیسا کہ: او کصیب [البقرہ:۱۹] میں ہے۔ لُّجِّیٍّ (جو گہرا ہو) بہت زیادہ پانی والا گہرا۔ یہ اللُّج سے اسم منسوب ہے۔ لُجّ پانی کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو۔ یَّغْشٰهُ (ڈھانپے اس کو) یعنی سمندر کو ڈھانپے یا اس شخص کو ڈھانپے اور اس پر غالب آ جائے اور اس پر چھا جائے۔ مَوْجٌ (موج) پانی کی اٹھنے والی لہر مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ (اس موج کے اوپر موج ہو) مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ (اور اس کے اوپر بادل ہو) اوپر والی موج پر بادل ہو ظُلُمٰتٌ (اندھیرے) یعنی یہ اندھیرے ہیں۔ نمبر۱۔ بادل کا اندھیرا نمبر۲۔ موج کا اندھیرا نمبر۳۔ سمندر کا اندھیرا۔ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ (جو ایک دوسرے کے اوپر ہیں) لہر کا اندھیرا سمندر کے اندھیرے پر اور لہر کا اندھیرا دوسری لہر پر اور پھر بادل کا اندھیرا موج پر چھایا ہوا ہے۔

اِذَآ اَخْرَجَ یَدَهٗ (جب وہ اپنا ہاتھ نکالتا ہے) وہ شخص جو سمندر میں گرنے والا ہے۔ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا (وہ اپنے ہاتھ کو دیکھنے کے قریب بھی نہیں) یہ نہ دیکھنے میں مبالغہ ظاہر کرنے کیلئے فرمایا مطلب یہ ہے کہ وہ دیکھنا تو در کنار دیکھنے کے قریب بھی نہیں۔

فَائِدَہ: ان کے اعمال کو اولاً نفع کے حاصل نہ ہونے بلکہ نقصان دہ ہونے کو سراب سے تشبیہ دی۔ اس کو وہ شخص قطعاً کام نہ آئے گا جس نے اس کو دور سے دھوکا دیا اور نہ ہی وہ اس کی رسوائی و ناکامی کیلئے کافی ہوگا۔ اگرچہ دوسرے کو جس طرح سراب سے کوئی

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالطَّيۡرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدۡ

اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور پرندے جو پر پھیلائے ہوئے ہیں ہر ایک نے

عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسۡبِيۡحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ ۝۴۱ وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ

اپنی نماز اور تسبیح کو جان لیا ہے۔اور جن کاموں کو لوگ کرتے ہیں اللہ انہیں جانتا ہے۔ اور اللہ ہی کے لئے ملک ہے آسمانوں کا اور زمین کا

وَاِلَى اللّٰهِ الۡمَصِيۡرُ ۝۴۲ اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزۡجِىۡ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيۡنَهٗ ثُمَّ يَجۡعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى

اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادل کو چلاتا ہے۔ پھر بادلوں کو باہم ملا دیتا ہے پھر اس کو تہہ بہ تہہ بنا دیتا ہے۔ پھر اے مخاطب

الۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ جِبَالٍ فِيۡهَا مِنۡۢ بَرَدٍ فَيُصِيۡبُ

تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اس کے درمیان سے نکل رہی ہے۔اور بادل سے یعنی بادل کے بڑے بڑے ٹکڑوں میں سے جو پہاڑ کی طرح ہیں اولے برساتا ہے پھر ان کو جس پر

بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَصۡرِفُهٗ عَنۡ مَّنۡ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرۡقِهٖ يَذۡهَبُ بِالۡاَبۡصَارِ ۝۴۳ ؕ

چاہتا ہے گرا دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ان کو ہٹا دیتا ہے،قریب ہے کہ اس کی بجلی کی روشنی آنکھوں کو ختم کر دے۔

فائدہ نہ ہوا اس کو بھی کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ یہاں تک کہ اس نے زبانیہ کو وہاں پالیا جو اس کو کھینچ کر آگ کی طرف لے جائیں گے۔ دوسری مرتبہ اس کے اعمال کو اندھیرے اور سیاہی میں تشبیہ دی۔ کیونکہ وہ اعمال باطل ہیں۔اور نور حق سے خالی ہونے کو ظلمات سے تشبیہ دی۔ ایسے اندھیرے جو تہ بہ تہ ہوں جیسے موج بحر کا اندھیرا۔ امواج وسحاب کے اندھیرے۔وَمَنۡ لَّمۡ يَجۡعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوۡرًا فَمَالَهٗ مِنۡ نُّوۡرٍ (اور جس کو اللہ تعالیٰ نے روشنی عنایت نہ فرمائی ہو اس کو روشنی نہیں مل سکتی) جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت نہ دیں وہ ہدایت نہیں پا سکتا۔

## قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

حدیث میں ہے کہ: خلق الله الخلق فى ظلمة ثم رش عليهم من نوره فمن اصابه من ذلك النور اهتدى ومن اخطاه ضل۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا۔ پھر اپنا کچھ نور اس پر ڈال دیا پس جس پر اس نور کا کوئی چھینٹا پڑ گیا وہ ہدایت یاب ہو گیا۔اور جس پر نہ پڑا وہ گمراہ ہو گیا۔

۴۱: اَلَمۡ تَرَ (کیا آپ نے نہیں دیکھا) کیا تمہیں معلوم نہیں اے محمد ﷺ ایسا علم جو معائنہ کی طرح یقینی ہو۔اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالطَّيۡرُ صٰٓفّٰتٍ (کہ اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور پرندے بھی اس حال میں کہ وہ اپنے پر پھیلائے ہوتے ہوں)

نحو: الطیرُ کا عطف مَن پر ہے۔اور صافات یہ الطیر سے حال ہے یعنی اس حال میں کہ وہ ہوا میں اپنے پر پھیلائے ہوں۔

كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَ تَسْبِيْحَهُ (ان میں سے ہرایک اپنی دعا اور تسبیح سے واقف ہے) علم میں ضمیر کل کی طرف راجع ہے۔ یا اللہ کی طرف راجع ہے۔اسی طرح صلاتہ اور تسبیحہ کی ضمیروں کے دونوں مرجع بن سکتے ہیں۔

الصلاۃ بمعنی دعا۔اس میں کوئی بعید بات نہیں کہ اللہ تعالیٰ پرندوں کو ان کی دعا و تسبیح الہام کرتا ہو جیسا کہ ان کو دیگر دقیق علوم الہام کرتا ہے جن کو عقلاء کی عقل بھی دریافت نہیں کر سکتی۔وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ (اللہ تعالیٰ جو کچھ وہ کرتے ہیں اس کو جاننے والے ہیں) اس کے علم سے کوئی چیز مخفی نہیں۔

۴۲: وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور اللہ تعالیٰ ہی کی ملکیت ہے آسمان و زمین) کیونکہ وہ ان کا خالق ہے اور کسی چیز پر تملیک یہ مالکیت ہی کا اثر ہے۔وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ (اور اللہ تعالیٰ کی طرف تمام نے لوٹنا ہے۔)

۴۳: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا (کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ بادلوں کو ہنکاتا ہے) وہ چلا کر بھیجتا ہے جہاں وہ ارادہ فرماتا ہے۔

نحو: سحابا یہ جمع سحابۃ کی ہے اس کی دلیل ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ (پھر ان کو جوڑتا ہے) ثم يولف بينهٗ میں ہٗ کی ضمیر کو لفظ کا لحاظ کر کے مذکر لایا گیا ہے یعنی ان کو ایک دوسرے سے ملا کر یکجا کرتا ہے۔ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا (پھر اس کو تہہ بہ تہہ کر دیتا ہے) تہہ بہ تہہ ایک دوسرے کے اوپر فَتَرَى الْوَدْقَ (پھر تم بارش کو دیکھتے ہو) يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ (اس کے شگافوں سے نکلتی ہے) اس کے پھٹے ہوئے اور نکلنے کے مقامات سے۔یہ خلل کی جمع ہے جیسے جبال جمع جبل کی ہے وَيُنَزِّلُ (اور وہ اتارتا ہے)۔

قراءت: يُنْزِلُ مکی و بصری نے پڑھا ہے۔

مِنَ السَّمَآءِ (آسمان سے)

نحو: مِن ابتدائے غایت کیلئے ہے۔کیونکہ اتارنے کی ابتداء آسمان سے ہوتی ہے۔مِنْ جِبَالٍ (پہاڑوں سے)

نحو: مِن تبعیضیہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کو آسمان کے بعض پہاڑوں سے اتارتے ہیں۔

فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ (ان میں جو اولے ہیں) یہ مِن بیانیہ ہے۔نمبر۲۔اول دونوں مِن ابتدائیہ اور یہ مِن تبعیض کیلئے اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا۔بیشک وہ اللہ تعالیٰ اولے اتارتا ہے آسمان سے پہاڑوں سے جو اس آسمان میں سے ہیں۔اول صورت میں يُنَزِّلُ کا مفعول من جبال ہے۔یعنی بعض پہاڑ اور معنی یہ ہوگا بعض پہاڑ جن میں اولے ہیں آسمان میں اولوں کے پہاڑ قدرت کیلئے بعید و مشکل نہیں جیسے کہ زمین میں پتھر کے پہاڑ۔

نمبر۳۔پہاڑوں کے تذکرہ سے کثرت مراد ہے جیسا کہا جاتا ہے فلان يملك جبالاً من ذهب کہ فلاں کثیر دولت کا مالک ہے۔یعنی آسمان سے کثرت سے اولے برساتا ہے۔فَيُصِيْبُ بِهٖ (پس وہ اولے پہنچا دیتا ہے) یعنی وہ اولے مَنْ يَّشَآءُ (جس کو وہ چاہتا ہے) جس انسان اور اس کی کھیتی پر گرانا چاہتا ہے۔وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ (اور جس سے چاہتا ہے پھیر لیتا ہے) پس وہ اس پر نہیں گراتا۔نمبر۲۔جس کو چاہتا ہے وہ سزا دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے پھیر دیتا ہے اس سے اسکو سزا نہیں دیتا۔يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ (قریب ہے کہ اسکی بجلی کی چمک) سنا روشنی کو کہتے ہیں۔يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ (آنکھوں کو جھپٹ لے) اچک لے اسکے ذریعہ۔

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ

اور اللہ رات اور دن کو بدلتا ہے اس میں ضرور عبرت ہے آنکھ والوں کے لئے، اور اللہ نے ہر چلنے والے جاندار کو

دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ

پانی سے پیدا فرمایا پھر ان میں بعض وہ ہیں جو پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو دوپیروں پر چلتے ہیں

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾

اور بعض وہ ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

قراءت: یزید نے یاء کے ضمہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ بہ یُذْھِبُ۔

۴۴: یُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ (اللہ تعالیٰ دن اور رات کو الٹ پلٹ کرتا ہے) لمبائی اور چھوٹائی کے مختلف ہونے کے ساتھ پھیرتا ہے ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ (بیشک اس میں) بادلوں کے اس ملنے اور بارش اور سردی کے اتارنے، دن اور رات کے آنے جانے میں نشانیاں ہیں۔

لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ (البتہ عبرت ہے آنکھوں والوں کے لیے) عقل مندوں کیلئے۔

## آیات کا ربط:

ربوبیت باری تعالیٰ پر دلائل ذکر فرمائے۔ نمبرا۔ آسمان وزمین میں ان کی تسبیح کا ذکر کیا۔ نمبر۲۔ جو ان کے مابین اڑنے والے ہیں ان کا تسبیح کرنا اور اس سے دعا کرنا مذکور ہوا۔ نمبر۳۔ بادلوں کو مسخر کرنا الی آخرہ یہ وجود باری تعالیٰ پر واضح دلائل ہیں اور غور وتدبیر کرنے والے کیلئے اللہ تعالیٰ کی صفات کو واضح کرنے والے نشانات ہیں۔ پھر ایک اور دلیل اس انداز سے ذکر فرمائی۔

۴۵: وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ (اور اللہ ہی نے ہر چیز کو پیدا کیا)

قراءت: حمزہ وعلی نے خالق کل پڑھا ہے۔

## دابہ کی مراد:

دَآبَّةٍ (ہر حیوان کو جو زمین پر رینگتا ہے) مِّنْ مَّآءٍ (پانی سے) نمبرا۔ ایک خاص نوع کے پانی سے جو اس دابہ کے ساتھ خاص تھا۔ نمبر۲۔ ماء مخصوص یعنی نطفہ ہے۔ پھر نطفہ سے تخلیقات میں بعض کو کیڑے مکوڑے اور بعض کو چوپائے اور بعض کو انسان بنا دیا۔ جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا یسقیٰ بماءٍ واحدٍ ونفضل بعضها علی بعض فی الاکل [الرعد:۴]

## طریقِ استدلال:

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان کا کوئی خالق ومدبر ہے ورنہ ایک اصل سے یہ مختلف کیسے بن گئے۔

وجہ فرق: اس آیت میں ماء کو نکرہ لائے جبکہ دوسری آیت و جعلنا من الماء کل شیئ حیّ [الانبیاء:۳۰] میں الماء معرفہ لایا گیا ہے؟

جواب: کیونکہ اس جگہ مقصود یہ تھا کہ حیوانات کی تمام اجناس کو جنس ماء سے پیدا فرمایا گیا ہے اور وہی ان کی اصل ہے اگر چہ ان کے درمیان بہت سے وسائط ہیں۔

## قول بعض علماء:

نمبرا۔ اولاً اللہ تعالیٰ نے پانی کو پیدا فرمایا پھر اس سے آگ پیدا فرمائی اور ہوا اور مٹی۔ پھر نار سے جنات کو پیدا فرمایا۔ اور ریح سے ملائکہ اور مٹی سے آدم اور دیگر دوائب الارض کو پیدا فرمایا۔ جب دابہ کالفظ ممیّز اور غیر ممیّز تمام کو شامل ہے پھر تمیز والوں کو غلبہ دیکر بقیہ پر وہی حکم لگا دیا۔ گویا تمام دواب تمیز والے ہیں اسی لئے فرمایا۔

## پیٹ پر چلنے والے جاندار:

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ (پس ان میں سے بعض وہ ہیں جو پیٹ کے بل چلتے ہیں) جیسے سانپ، مچھلی، نمبرا۔ اس میں پیٹ کے بل رینگنے کو استعارۃً مشی سے تعبیر فرمایا جیسا کہ امر مستمر میں کہا جاتا ہے قدمشی ھذاالامر۔ نمبر۲۔ بطریق مشاکلت فرمایا کیونکہ زاحف کو ماشی کے ساتھ ذکر کیا گیا تھا۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ (اوران میں سے بعض وہ ہیں جو دوٹانگوں پر چلتے ہیں) مثلاً انسان، پرندے وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ (اوران میں سے بعض وہ ہیں جو چار ٹانگوں پر چلتے ہیں۔) مثلاً بہائم۔

## ترتیب عجیب:

اولاً ان کو لائے جو قدرت میں زیادہ فائق ہیں۔ اور وہ وہی ہیں جو آلہ مشی کے بغیر چلتے ہیں مثلاً ٹانگیں وغیرہ پھر دوسرے نمبر پر دوٹانگوں پر چلنے والے پھر چار ٹانگوں پر چلنے والے۔ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ (اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں پیدا کرتے ہیں) جس طرح چاہتے ہیں۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بیشک اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر قدرت حاصل ہے) کوئی چیز اس پر مشکل نہیں۔

لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ

واقعی بات یہ ہے کہ ہم نے ایسی آیات نازل کی ہیں جو بیان کرنے والی ہیں، اور اللہ جسے چاہے صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے، اور وہ لوگ کہتے ہیں

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ وَاَطَعۡنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ

کہ ہم اللہ پر اور رسول پر ایمان لائے اور ہم فرماں بردار ہیں پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق روگردانی کر لیتا ہے، اور یہ لوگ

اُولٰٓئِكَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ اِذَا فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ

مومن نہیں ہے، اور جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرما دے تو ان میں کا ایک فریق

مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنۡ يَّكُنۡ لَّهُمُ الۡحَقُّ يَاۡتُوۡۤا اِلَيۡهِ مُذۡعِنِيۡنَ ؕ ﴿۴۹﴾ اَفِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ اَمِ

اسی وقت پہلو تہی کر لیتا ہے، اور اگر ان کا کوئی حق ہو تو اس کی طرف فرمانبردار بنے ہوئے چلے آتے ہیں۔ کیا ان کے دلوں میں مرض ہے یا

ارۡتَابُوۡۤا اَمۡ يَخَافُوۡنَ اَنۡ يَّحِيۡفَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ وَرَسُوۡلُهٗ ؕ بَلۡ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۵۰﴾ ع

انہیں شک ہے یا انہیں اس بات کا خوف ہے کہ ان پر اللہ اور اس کا رسول ظلم کرینگے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ یہی لوگ ظالم ہیں۔

۴۶: لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَاللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ (تحقیق ہم نے واضح آیات نازل کی ہیں اور اللہ تعالیٰ جس کی چاہتے ہیں راہنمائی فرماتے ہیں) اپنی مہربانی اور مشیت سے اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ (سیدھے راستہ کی طرف) دین اسلام کی طرف جو کہ جنت کی طرف پہنچانے والا ہے۔ پس یہ آیات تو اس کی حجت ودلیل کو لازم کرنے کیلئے ہیں۔

## تین گروہ:

۴۷: جب آیات کے اتارنے کا ذکر ہو چکا اب اس کے بعد لوگوں کے تین گروہوں میں بٹ جانے کا ذکر کیا۔ نمبرا۔ ایک جماعت نے ظاہراً ان آیات کی تصدیق اور باطناً تکذیب کی یہ منافق کہلائے دوسری جماعت نے ظاہر و باطن سے تصدیق کی یہ مخلصین کی جماعت ہے نمبر۳۔ تیسرا گروہ اس نے ظاہر و باطن میں تکذیب کی یہ کافر ہیں۔ اسی ترتیب سے تذکرہ آ رہا ہے ارشاد فرمایا۔ وَيَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ (وہ اپنی زبانوں سے آمنا باللہ وبالرسول کہتے ہیں۔) وَاَطَعۡنَا (اور ہم نے اللہ اور رسول کی اطاعت کی) ثُمَّ يَتَوَلّٰى (پھر ایک جماعت اللہ تعالیٰ اس کے رسول کے حکم کو ماننے سے گریزاں ہے۔) فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ مِّنۡ بَعۡدِ ذٰلِكَ (اس اقرار کے بعد) امنا باللہ وبالرسول واطعنا۔ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ (حالانکہ وہ مومن نہیں ہیں) یعنی مخلص نہیں اس کہنے والوں کے قول امنا اطعنا کی طرف اشارہ ہے فقط اس فریق کی طرف اشارہ نہیں جو معرض ہے اس میں اس بات کی اطلاع دی گئی ہے کہ ان تمام کا ایمان سے کوئی تعلق نہیں۔ جس کا سبب ان کا غلط اعتقاد اور اعراض ہے۔ اگرچہ اعراض والی حرکت بعض سے سرزد ہوتی ہے مگر اعراض پر پورا طبقہ راضی اور خوش ہوتا ہے (اور رضاء بالکفر بھی کفر ہے۔)

۴۸: وَاِذَا دُعُوْا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ( اور جب ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف دعوت دی جاتی ہے ) رسول اللہ ﷺ کی طرف۔ یہ اس طرح ہے جیسا کہتے ہیں۔ اعجبنی زیدٌ و کرمہ مراد اس سے کرم زید ہے مجھے زید کی سخاوت پسند ہے۔ لِيَحْكُمَ ( تا کہ وہ فیصلہ کریں۔ ) رسول ﷺ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ (ان کے مابین تو اسی وقت ان کی ایک جماعت منہ موڑنے والی ہے ) اچانک ایک گروہ اعراض کر جاتا ہے۔

شانِ نُزُول : یہ بشر منافق اور اس کے مخالف یہودی کے متعلق نازل ہوئی جبکہ دونوں کا ایک قطعۂ زمین پر جھگڑا ہوا۔ یہودی اس کو رسول ﷺ کی خدمت میں لے جانے کی کوشش کر رہا تھا اور منافق کعب بن اشرف یہودی کے پاس لے جانا چاہتا تھا۔ اور کہتا محمد ( ﷺ ) ہم پر ظلم کریں گے ( نعوذ باللہ )

۴۹: وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ ( اور اگر واقعی ان کا حق ہوتا ) جب ان کا حق دوسرے پر لازم ہوتا۔ يَاْتُوْا اِلَيْهِ ( تو رسول ( ﷺ ) کی طرف آتے۔ ) مُذْعِنِيْنَ ( دوڑتے ہوئے )۔

نَحو : یہ حال ہے۔ اور اطاعت میں جلدی کرتے ہوئے تا کہ اپنا حق طلب کریں اس لئے نہیں کہ آپ کے فیصلہ پر راضی ہوں۔

قول زجاج : الاذعان تیزی جس میں طاعت ہو۔ مطلب یہ ہے کہ وہ جانتے ہیں کہ آپ تو خالص حق اور سَرا عدل قائم فرمائیں گے۔ اس لئے آپ سے فیصلہ کرانے سے اعراض کرتے ہیں کیونکہ انہیں حق قبول کرنا پڑے گا۔ اور آپ ان کے مخالف کا حق ان سے چھین کر حقدار کے حوالے کریں گے۔ اور جب ان کا اپنا حق بنتا ہو اور مخالف ناحق پر ہو تو جلدی سے آپ کی طرف آتے ہیں۔ اور آپ کے فیصلہ میں سے ان کو اتنی بات پسند ہے کہ ان کا حق آپ ان کے مخالف سے لے کر انہیں دلائیں بس۔

## اعراض کی تین وجوہ:

۵۰: اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْا اَمْ يَخَافُوْنَ ( کیا ان کے دلوں میں کوئی بیماری ہے یا وہ شک میں پڑ گئے ہیں ) یا وہ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ( یہ اندیشہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ان کی حق تلفی کرے گا ) آپ کے فیصلہ سے اعراض کے معاملہ کو تقسیم کیا اور تین وجوہ بیان فرمائے۔ نمبر۱۔ جبکہ فیصلہ ان کے خلاف جاتا ہو۔ کہ اولاً تو ان کے دل بیمار ہیں۔ ان میں منافقت بھری ہے۔ نمبر۲۔ یا آپ کے معاملۂ نبوت میں شک کرنے والے ہیں۔ نمبر۳۔ یا پھر آپ کی طرف سے حق تلفی کا خدشہ ہے۔ پھر اس تیسری صورت کو باطل قرار دیتے ہوئے فرمایا۔ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ( بلکہ یہی لوگ ظالم ہیں ) یعنی ان کو یہ خطرہ نہیں کہ ان کی حق تلفی ہوگی کیونکہ وہ آپ کی حالت سے واقف ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ ظالم ہیں اور صاحب حق کا حق مار کر ظلم کرنا چاہتے ہیں۔ اور اللہ کے رسول ﷺ کی مجلس میں یہ کرایا نہیں جاسکتا اسی وجہ سے آپ کے ہاں فیصلہ لے جانے سے کتراتے ہیں۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا

جب مومنین کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جائے تا کہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائے تو ان کا کہنا یہی ہوتا ہے

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ

کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا۔اور یہ وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہیں، اور جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے

وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾

اور اس کی نافرمانی سے بچے، سو یہی لوگ ہیں جو کامیاب ہیں۔

۵۱: اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ( مسلمانوں کا قول ) قول حسن رحمۃ اللہ: نحو: قول کا لفظ رفع سے پڑھا جائے گا۔مگر نصب زیادہ قوی ہے کیونکہ دونوں اسموں میں سے پہلا تعریف میں دوسرے کی نسبت زیادہ مشغول ہونا چاہیے یہاں ان یقولوا جو کہ دوسرا اسم ہے وہ زیادہ مشغول ہے۔قول المؤمنین کی بجائے۔ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ ( جبکہ ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف کسی فیصلہ کے لئے بلایا جاتا ہے ) تا کہ نبی اکرم ﷺ فرمائیں۔

قراءت: یزید نے لیُحکم پڑھا ہے تا کہ ان کا فیصلہ کیا جائے۔بَيْنَهُمْ (ان کے مابین) اس فیصلہ کے مطابق جو اللہ تعالیٰ نے ان پر اتارا ہے۔اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا (بس یہ ہوتا ہے کہ وہ کہہ دیتے ہیں ) ہم نے آپ کا ارشاد سنا۔ولطعنا (اور آپ کا حکم مانا) وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (وہ وہی کامیاب ہیں)۔مفلح کا معنی فائز ہے۔

۵۲: وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ ( جو شخص اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے ) اپنے فرائض میں وَرَسُوْلَهٗ (اور اس کے رسول کی ) ان کے طرق میں وَيَخْشَ اللّٰهَ (اور وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے ) اپنے گزشتہ گناہوں کے سلسلہ میں وَيَتَّقْهِ (اور وہ تقویٰ اختیار کرے ) زمان مستقبل میں۔فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (وہی کامیاب ہونے والے ہیں)

نکتہ: کسی بادشاہ نے پوچھا کہ قرآن مجید میں کافیہ آیت کونسی ہے تو جواباً ان کو یہ آیت پڑھ کر سنائی گئی۔واقع میں یہ آیت کامیابی کے تمام اسباب کو جمع کرنے والی ہے۔

قراءت: وَيَتَّقْهُ ہاء کے سکون سے پڑھنا ابوعمرو، ابوبکر نے بنسبت وقف درست قرار دیا ہے اور حفص نے قاف کے سکون، کسرۂ ہاء سے اور قاف اور ہاء کے کسرہ سے دوسروں نے پڑھا ہے۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ

اور انہوں نے خوب مضبوطی کے ساتھ قسم کھائی کہ اگر آپ انہیں حکم دیں گے تو وہ ضرور نکل جائیں گے، آپ فرما دیجئے کہ قسم نہ کھاؤ فرماں برداری

مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۵۳ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ

پہچانی ہوئی ہے۔ بلاشبہ اللہ ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسولؐ کی

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ

سو اگر تم روگردانی کرو گے تو رسولؐ کے ذمہ وہ ہے جس کا ان پر بار رکھا گیا اور تمہارے ذمہ وہ ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا، اور اگر تم نے ان کی فرماں برداری کی تو ہدایت پانے والے بن

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۵۴

جاؤ گے۔ اور رسول کے ذمہ صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔

## منافقین کا طرزِ عمل:

۵۳: وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ (وہ اللہ تعالیٰ کے نام کی پختہ قسمیں کھا کر کہتے ہیں) منافقین نے اللہ تعالیٰ کے نام کی پکی قسمیں اٹھائیں ان کو جھد اس لئے کہا گیا کہ انہوں نے اپنی پوری کوشش ان میں صرف کر دی۔ **جهد یمینه** کو **جهد نفسه** کیلئے بطور استعارہ استعمال کیا گیا۔ جبکہ وہ اس میں اپنی پوری وسعت و کوشش صرف کر دے اور یہ اسی وقت ہے جب وہ قسم میں مبالغہ کرے اور اس کی پختگی و تاکید میں انتہاء کر دے۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: جس شخص نے اپنی قسم کے ساتھ باللہ کہا اس نے اپنی قسم کو انتہائی مضبوط کر دیا۔ اور اصل کلام اس طرح ہے **اقسم جهد الیمین** ای **اقسم یجهد الیمین جهدًا** فعل کو حذف کر کے مصدر کو مقدم کر دیا اور اس کی جگہ رکھ کر مفعول کی طرف مضاف کر دیا۔ جیسا اس ارشاد میں ہے **فضرب الرقاب** [محمد: ۴] اس منصوب کا حکم حال والا ہے گویا اس طرح کہا گیا **جاهدین ایمانهم** اس حال میں کہ وہ اپنی قسموں میں کوشش کرنے والے ہیں۔

لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ (اگر آپ ہمیں حکم دیں گے تو ہم ضرور نکل کھڑے ہونگے) یعنی اگر ہمیں محمد ﷺ غزوہ کی طرف نکلنے کا حکم دیں گے تو ہم ضرور جائیں گے یا اگر ہمیں ہمارے گھروں سے نکلنے کا حکم دیں گے تو ہم ضرور نکل جائیں گے۔ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا (آپ ان سے کہہ دیں تم قسمیں مت اٹھاؤ) جھوٹی قسمیں نہ اٹھاؤ کیونکہ وہ گناہ کبیرہ ہیں۔ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ (تمہاری فرمانبرداری معلوم ہے) اس جھوٹے ایمان سے کھلی خالص اطاعت زیادہ اولیٰ اور بہتر ہے۔

نحو: یہ مبتدأ ہے اس کی خبر محذوف ہے نمبر ۲۔ یہ خبر ہے اور اس کا مبتدأ محذوف ہے یعنی جو تم سے مطلوب ہے وہ معروف طاعت ہے جس میں کوئی اشتباہ نہ ہو اور نہ شک کیا جا سکے جیسا کہ مخلص مسلمانوں کی طاعت ہے وہ ایمان معتبر نہیں جس کی تم اپنے منہ سے

قسمیں اٹھاتے ہو۔حالانکہ تمہارے دل اس کے مخالف ہیں۔
اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ کوتمہارے اعمال کی خبر ہے) جوتمہارے ضمائر میں ہے اس کوبھی جانتے ہیں۔ اورتمہارے مخفی رازاس کے سامنے ہیں وہ تمہیں رسوا کرے گا۔اورتمہارے نفاق پر بدلہ دے گا۔

## انکی طاعت سے اعراض پرآپ کا کچھ نقصان نہ ہوگا:

۵۴: قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ (کہہ دیجئے! تم اللہ اور رسول کی طاعت کرو) التفات کی خاطر خطاب سے غائب کی طرف کلام کوموڑ دیا یہ ان کے روندنے کیلئے بلیغ انداز ہے۔فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ (اگرتم منہ موڑ لوتو رسول پر وہ لازم ہے جس کا بوجھ تم پر ڈالا گیا ہے اورتمہارے ذمہ وہ ہے جس کا بوجھ تم پر ڈالا گیا ) مراد یہ ہے کہ اگرتم طاعت سے اعراض کرو گے تو ان کو کچھ نقصان نہ پہنچے گا بلکہ تمہارا اپنا نقصان ہوگا۔رسول کی ذمہ داری اتنی ہے جتنی اس پر ڈالی گئی اور ادائے رسالت کا ان کو مکلّف بنایا گیا۔جب انہوں نے پیغام کو پہنچا دیا تو وہ اپنی ذمہ داری سے نکل گیا۔باقی تم پر ذمہ داری اس کی بات کو قبول کرنے اور یقین کرنے کی رہ گئی اگرتم نے وہ ادا نہ کی اور منہ موڑ لیا تو تم نے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے غضب کے حوالے کر دیا اور اس کے عذاب پر اپنے آپ کو پیش کر دیا۔وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا (اگرتم اس کی طاعت کرو گے تو راہ پا جاؤ گے ) یعنی اگرتم نے اطاعت کی ان تمام باتوں کی جن کا وہ تمہیں حکم دیتے اور منع کرتے ہیں تو ہدایت کا حصہ تم نے پالیا۔نفع ونقصان بہر صورت ہماری طرف لوٹنے والے ہیں۔

## آپ کی ذمہ داری پہنچا دینا ہے:

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (اور رسول کے ذمہ تو فقط ان احکامات کا کھول کر پہنچا دینا ہے) رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ تو ان احکام کا پہنچا دینا ہے تمہارے قبول کر لینے میں ان کا کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی تمہارے اعراض سے ان کو کوئی نقصان پہنچے گا۔البلاغ کا معنی تبلیغ ہے۔جیسا کہ الاداء بمعنی التادیہ آتا ہے۔المبین ظاہر۔یہ اس لئے کہا کیونکہ وہ احکام آیات ومعجزات کے ساتھ ملی ہوئی ہیں۔

ربط: پھر مخلصین کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ كَمَا

اور تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے اللہ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے کہ انہیں ضرور ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ

اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ

ان لوگوں کو خلیفہ بنایا تھا جو ان سے پہلے تھے اور اس نے ان کے لئے جس دین کو پسند فرمایا ہے اسے ان کے لئے قوت دے گا اور ان کے خوف کے بعد

مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِىْ شَيْئًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ

ضرور ضرور امن سے بدل دے گا وہ میری عبادت کرتے ہیں میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتے اور جو شخص اس کے بعد ناشکری

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۵۵ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا

کرے گا تو یہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور نماز کو قائم کرو۔ اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اور رسول کی فرماں برداری

الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۵۶ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۚ

کرو، تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ اے مخاطب ان کے بارے میں یہ ہرگز خیال نہ کر کہ روئے زمین میں عاجز کرنے والے ہیں،

ع ۷/۱۴ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۵۷

اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور البتہ وہ بری جگہ ہے۔

## آیت تمکین فی الارض:

۵۵: وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے جو تم میں سے ایمان لائے اور اعمال صالحہ کئے وعدہ فرمایا) اس میں نبی اکرم ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کو مخاطب کر کے فرمایا گیا ہے۔ منکم یہ بیان وضاحت کیلئے ایک قول یہ ہے اس سے مراد مہاجرین ہیں اور مِنْ تبعیض کیلئے ہے۔ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ (ضرور بضرور ان کو زمین میں خلافت عنایت فرمائیں گے) ارض سے ارضِ کفار مراد ہے ایک قول ارضِ مدینہ مراد ہے۔

**صحیح قول:** یہ ہے کہ یہ عام ہے اس لئے کہ علیہ السلام کا ارشاد ہے لیدخلن هذا الدين على مادخل عليه الليل۔ اس دین کو اللہ تعالیٰ وہاں تک داخل کرے گا۔ جہاں تک رات چھائی ہے۔ كَمَا اسْتَخْلَفَ جیسے اس نے خلیفہ بنایا۔

**قراءت:** ابوبکر نے اُسْتُخْلِف پڑھا ہے۔

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ (ان لوگوں کو جو ان سے پہلے ہوئے اور ضرور بضرور تمکین عنایت فرمائے گا اس دین کو جس کو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے پسند کیا ہے۔ اور ضرور بضرور بدل دے گا)۔

قراءت :لیُبد لنّہم کوتخفیف سےمکی اورابوبکر نے پڑھا ہے۔

مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا (ان کےخوف کوامن سے) اس میں نمبر۱۔اللہ تعالیٰ نے اسلام کوکفر پرغلبہ کاوعدہ فرمایاہےاوران کو زمین پر وارث اورخلفاء بنائے گا۔وعدہ کیاہے۔جس طرح کہ بنی اسرائیل کے ساتھ کیا جبکہ ان کومصروشام عنایت فرمائے اوروہاں پرقابض جبابرہ کو ہلاک کردیا۔نمبر۲۔اور یہ بھی وعدہ فرمایا کہ پسندیدہ دین کوتمکین عنایت فرمائے گااور یہ دینِ اسلام ہی ہے۔تمکین سے مضبوطی وپختگی مراد ہے۔نمبر۳۔ان کا قبیلہ ایمان لے آئے گا۔اورموجودہ خوف کی حالت زائل ہوجائے گی۔اور یہ اسی طرح ہوا کہ رسول ﷺاور آپ کےصحابہ رضی اللہ عنہم دس سال تک مکہ میں خوف کی حالت میں اقامت پذیر رہے جب ہجرت کر کے مدینہ چلے گئےتو صبح وشام ہتھیار بندر ہتے یہاں تک کہ ان میں سے ایک کی زبان سے نکلا کیا ہم پرکوئی دن ایسا آئے گا کہ ہم ہتھیار رکھیں گےتو یہ آیت اتری اس پرعلیہ السلام نے فرمایاتم پرزیادہ زمانہ نہ گزرے گا یہاں تک کہ تم میں ہرآدمی بڑے گروہوں میں اجتباء کے ساتھ بیٹھے گااوراس وقت اس کے ساتھ ذراسا ہتھیار بھی نہ ہوگا۔(ابن جریر فی تفسیرہ) اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ پورا فرمایااور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوجزیرۂ عرب پرغلبہ دیااوراورانہوں نے مشرق ومغرب کے دورعلاقے بھی فتح کرلیے قیصروکسریٰ کے ممالک کوچیرکر پارہ پارہ کردیااوران کےخزانوں کے مالک بنےاوردنیا میں غالب رہے۔

لیستخلفنھمؔ میں قسم جولام اورنون سے متصل تھی اس کوحذف کردیا تقدیر کلام اس طرح ہے۔وعدهم الله واقسم اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ کیا اورقسم اٹھائی یستخلِفنّھم۔نمبر۲۔اللہ تعالیٰ کے وعدہ کووقوع کے لحاظ سےقسم کی جگہ لایا گیا اور لوازمات قسم کوذکرکردیا گویا کہ اللہ تعالیٰ نےقسم اٹھاکرفرمایالیستخلفنّھم۔

يَعْبُدُوْنَنِيْ (وہ میری عبادت کرتے ہونگے) اگرتم اس کوجملہ مستانفہ بنالوتو پھراس کا کوئی محل اعراب نہیں گویا کلام اس طرح ہےمالھم یستخلفون ویؤمنون؟ پھرفرمایایعبدوننی اگراس کوتم وعدہ اللّٰہ سےحال بناؤیعنی وعد هم الله فی حال عبادتھم کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے یہ وعدہ اس حالت میں فرمایا کہ وہ اس کی عبادت کرتے ہونگے اس صورت میں یہ محل نصب میں ہے۔لَايُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا (وہ میرے ساتھ کسی کوشریک نہ ٹھہراتے ہونگے)۔

نحو : یہ یعبدون کے فاعل سے حال ہےیعنی یعبد وننی موحدین وہ میری عبادت ایسی حالت میں کریں گے کہ توحید پرست ہونگے۔نمبر۲۔اور یہ بھی درست ہے کہ یہ حال پہلے حال سے بدل ہو۔

## منکرینِ نعمتِ خلافت کوفاسق کہا:

وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ (اوراس کے بعد جولوگ کفرکریں گے) یعنی اس وعدہ کے بعد۔یہاں مرادکفر سےکفرانِ نعمت ہے۔ جیسا کہ اس ارشاد میں فرمایافکفرت بانعم الله [النحل:۱۱۲]

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (پس وہی لوگ فاسق ہیں) یعنی فسق میں کمال کوپہنچنے والے ہیں اس لئے کہ وہ اس عظیم الشان نعمت کے منکر ہیں اوراس نعمت کوحقیر قراردینے کی جسارت کی۔علماء کہتے ہیں کہ اس نعمت کی سب سے اول ناشکری کرنے والے قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ ہیں۔انہوں نے اس کے بعد کہ وہ آپس میں بھائی بھائی تھےاورامت کےامن کوخوف سے بدلا۔

## واضح استدلال:

یہ آیت واضح دلیل ہے کہ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کی خلافت برحق تھی کیونکہ جن ایمان والوں اور اعمال صالحہ والوں کے متعلق قسم اٹھائی گئی ہے وہ وہی ہیں۔

۵۶: وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ (اورتم نماز کو قائم کرو۔)

نحو: اس کا عطف اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول پر ہے۔اور فاصلہ خواہ زیادہ ہو اس سے عطف میں فرق نہیں پڑتا۔

وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ (اورتم زکوٰۃ ادا کرو اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو) جس کی طرف وہ بلاتے ہیں اطاعت رسول کو واجب ہونے کی بناء پر دوبارہ لایا گیا تا کہ مزید تاکید ہو جائے۔لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (تا کہ تم پر رحم ہو) تا کہ تم پر رحم کیا جائے اس لئے کہ یہ اعمال رحمت کو کھینچ کرلانے والے ہیں۔

ربط: اب ان کے بالمقابل کفار کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

۵۷: لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ (ہرگز کافرلوگ گمان نہ کریں کہ وہ زمین میں ہمیں تھکا دیں گے) وہ اللہ تعالیٰ کو عاجز کرنے والے نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو ان پر قابو نہ ہو۔

نحو: اس میں تاء خطاب کیلئے ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا جارہا ہے اور وہی فاعل ہے اور دو مفعول نمبر۱۔ الذین کفروا اور نمبر۲۔معجزین ہیں۔

قراءت: شامی اور حمزہ نے یاء سے پڑھا ہے۔ فاعل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں کیونکہ پہلے آپ کا تذکرہ ہوا اور الذین کفروا مفعول اول ہے جبکہ معجزین مفعول دوم ہے۔

وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ (اوران کا ٹھکانہ آگ ہے)

نحو: اس کا عطف لا تحسبن الذین کفروا معجزین پر ہے۔گویا کلام اس طرح ہے۔الذین کفروا لا یفوتون اللہ ومأ واھم النار ۔کافرلوگ اللہ تعالیٰ سے بھاگ نہ سکیں گے اوران کا ٹھکانہ آگ ہے۔وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (اوروہ بہت براٹھکانہ ہے۔)المصیر کامعنی مرجع ہے اوروہ آگ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ

اے ایمان والو جو تمہارے مملوک ہیں اور تم میں سے وہ لڑکے جو بلوغ کو نہیں پہنچے تین وقتوں میں

مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ

اجازت لیا کریں، نماز فجر سے پہلے، اور جس وقت تم دوپہر میں اپنے کپڑے اتار کر رکھتے ہو،

وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۛ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ

اور نماز عشاء کے بعد، یہ تین وقت تمہارے پردہ کے ہیں۔ ان اوقات کے علاوہ تم پر اور ان پر کوئی گناہ

جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ

نہیں ہے۔ وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے ہیں، کوئی کسی کے پاس اور کوئی کسی کے پاس، اللہ اسی طرح تمہارے لئے احکام بیان

الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا

فرماتا ہے اور اللہ علیم ہے حکیم ہے، اور تمہارے لڑکے جب حد بلوغ کو پہنچ جائیں تو وہ بھی اجازت لیں جیسے

اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

ان لوگوں نے اجازت لی جو ان سے پہلے ہیں، اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنی آیات بیان فرماتا ہے اور اللہ علیم ہے حکیم ہے۔

## تین آیات کے درجات:

۵۸: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (اے ایمان والو! چاہیے کہ اجازت طلب کریں وہ لوگ جن کے مالک تمہارے دائیں ہاتھ ہیں) اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ غلام یا غلام اور لونڈیاں اجازت لے کر گھر میں داخل ہوں۔ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ (اور تمہارے وہ لڑکے جو ابھی جوانی کو نہیں پہنچے) آزاد لڑکوں میں سے جو بچے ابھی بلوغت کی عمر کو نہیں پہنچے۔

قراءت: حُلْمَ اس کو سکون لام کے ساتھ تخفیف کے طور پر پڑھا گیا ہے۔

ثَلٰثَ مَرّٰتٍ (تین مرتبہ) دن اور رات میں اور وہ اوقات یہ ہیں۔ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ (فجر کی نماز سے قبل) کیونکہ یہ خوابگاہوں سے بیداری کا وقت ہوتا ہے۔ اس میں نیند کے کپڑے اتارے اور بیداری کا لباس پہنا جاتا ہے۔ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ (اور جبکہ تم دوپہر کے وقت اپنے کپڑے اتارتے ہو) اور وہ دوپہر کا وقت ہے موسم گرما میں یہ بھی قیلولہ کیلئے زائد کپڑے اتارنے کا وقت ہے۔ اور نیند کے کپڑے زیب تن کئے جاتے ہیں۔

وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ (عشاء کی نماز کے بعد) کیونکہ یہ وقت بھی بیداری کے کپڑے اتارنے اور خواب کے کپڑے پہننے کا ہوتا ہے۔ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ (یہ تین اوقات تمہارے لئے پردے کے ہیں) یعنی یہ اوقات ثلاثہ پردے کے ہیں۔

نحو : مبتدا اور مضاف کو حذف کر دیا ہے تقدیر کلام یہ ہے ھی ثلاث عورات ۔نصب کی صورت میں کوفی قراء نے پڑھا۔مگر حفص نے مرفوع ہی پڑھا ہے۔کوفی قراء نے ثلاث مرات سے بدل قرار دیا ہے ای اوقات ثلاث عورات ۔

ان اوقات میں سے ہر وقت کو عورۃ کے لفظ سے تعبیر فرمایا کیونکہ ان اوقات میں آدمی اپنے تستر کو کم کرتا اور اس میں رخنہ اور شگاف ڈالتا ہے۔اور العورۃ کا معنی شگاف ہے اور اسی سے الاعور ہے جس کی آنکھ میں خلل ہو دوسرے مقام پر فرمایا ان بیوتنا عورة ۔

شانِ نزول : ایک انصاری غلام مدلج بن عمرو دوپہر کے وقت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں گیا جبکہ وہ سوئے ہوئے تھے اور آپ کا کپڑا ہٹا ہوا تھا۔اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میں یہ پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس وقت میں بلا اذن داخل ہونے سے منع فرما دیں۔وہ غلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ پر یہ آیت نازل ہوئی۔

رَبط : اگلی آیات میں ان تین اوقات کے علاوہ اوقات میں استیذان کی اجازت موقوف کی گئی۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ (ان تین اوقات کے علاوہ اوقات میں بغیر اجازت کے آنے میں تمہیں اور انہیں کوئی گناہ نہیں) یعنی نہ تو تم پر گناہ ہے اور نہ ہی ان مذکورین پر کوئی گناہ ہے کہ ان کے علاوہ اوقات میں اگر وہ بلا استیذان داخل ہو جایا کریں۔

## عدم استیذان کی علت:

رَبط : اب عدم استیذان کی علت واضح کی طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ (وہ تمہارے ہاں بار بار آنے والے ہیں) وہ گھریلو ضروریات میں بار بار آنے جانے والے ہیں۔بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ (ایک دوسرے پر) یہ مبتدأ خبر ہیں۔تقدیر عبارت یہ ہے بعضکم طائف علی بعض ۔طائف کو حذف کر دیا کیونکہ طوافون اس پر دلالت کر رہا ہے۔

نمبر۲۔اور یہ بھی درست ہے کہ پورا جملہ ماقبل کا بدل ہو۔نمبر۳۔جملہ مبینہ مؤکدہ بھی بن سکتا ہے تقدیر کلام اس طرح ہوگی ان بکم و بھم حاجة الی المخالطة والمداخلة یطوفون علیکم للخدمة وتطوفون علیھم للا ستخدام تمہیں اور انہیں میل جول اور آنے جانے کی بار بار ضرورت ہوگی۔خدمت کیلئے اور تم ان سے خدمت لینے کیلئے بار بار آؤ جاؤ گے۔پس اگر استیذان کو ہر وقت لازم کر دیا جائے تو اس سے تنگی پیدا ہوگی اور وہ نص کی وجہ سے شرعاً اٹھالی گئی ہے۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ (اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہاری خاطر آیات کو کھول کر بیان فرماتے ہیں) جیسا کہ استیذان کا حکم کھول کر بیان کیا اسی طرح دیگر آیات کو وضاحت سے بیان فرماتے ہیں۔جن میں تمہیں بیان کی ضرورت ہے۔وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ جاننے والے ہیں) اپنے بندوں کی مصلحتوں کو حَكِيْمٌ (حکمت والے ہیں) اس کی مراد کو بیان کرنے میں۔

## حکم بلوغت:

۵۹: وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ (اور جب تمہارے بچے بلوغت کو پہنچ جائیں) مراد احرار ہیں غلام مراد نہیں۔الْحُلُمَ (بلوغت)

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ نِکَاحًا فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ یَّضَعْنَ

اور جو عورتیں بیٹھ چکی ہیں جنہیں نکاح کرنے کی امید نہیں ہے سو اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے کپڑے اتار کر

ثِیَابَهُنَّ غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِیْنَةٍ ؕ وَاَنْ یَّسْتَعْفِفْنَ خَیْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۶۰﴾

رکھ دیں بشرطیکہ زینت کا اظہار کرنے والی نہ ہوں، اور یہ بات کہ پرہیز کریں ان کے لئے بہتر ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

حلم بمعنی احتلام ہے یعنی بلوغت کو پالینا اور وہ بچے گھر میں داخل ہونا چاہیں۔ فَلْیَسْتَاْذِنُوْا (پس چاہئے کہ وہ اجازت طلب کریں) تمام اوقات میں کَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (جیسے ان لوگوں نے اجازت طلب کی جوان سے قبل ہوئے) یعنی وہ لوگ جوان سے قبل بالغ ہوئے اور وہ مرد ہیں نمبر۲۔ وہ لوگ مراد ہیں جن کا تذکرہ ہوا پہلے اس ارشاد میں ہے: یایها الذین امنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم حتی تستأنسوا وتسلموا علی اهلها [النور:۲۷]

## تین اوقات کے علاوہ بچوں کا بلا اجازت داخلہ:

مطلب یہ ہے کہ بچوں کو بلا اجازت داخلے کی اجازت ہے سوائے ان تین اوقات کے ان میں ان کو بھی اجازت لے کر آنا ہوگا۔ جب وہ اس کے عادی ہو جائیں گے۔ پھر وہ بلوغت کی عمر کو پہنچیں گے یا احتلام کی علامت سے بالغ ہونگے۔ تو پھر ان سے بلا اذن داخل ہونے کی عادت چھوڑ وانی ہوگی اور ان کو اس بات کا ذمہ دار بنایا جائے گا۔ کہ وہ بھی بڑوں کی طرح اجازت لے کر آیا کریں۔ حالانکہ لوگ اس بات سے غافل ہیں۔

قول ابن عباسؓ: تین آیات ہیں جن کا لوگوں نے زور سے انکار کر دیا ہے نمبر۱۔ تمام کا اجازت لینا نمبر۲۔ ان اکرمکم عند الله اتقاکم [الحجرات:۱۳] نمبر۳۔ اذا حضر القسمة [النساء:۸] سعید بن جبیر کا قول ہے کہ لوگ کہتے ہیں یہ منسوخ ہے اللہ کی قسم! یہ آیت منسوخ نہیں۔

کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ (اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہارے لئے آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں) اللہ تعالیٰ جانتے ہیں) لوگوں کی مصلحتیں حَکِیْمٌ (حکمت والے ہیں)۔ (ان احکامات میں جن کو کھول کر بیان کیا)

۶۰: وَالْقَوَاعِدُ (اور بڑی بوڑھی عورتیں) یہ قاعد کی جمع ہے۔ یہ عورت کی مخصوص صفات میں سے ہے جیسے طالق اور خالص۔ مراد یہ ہے وہ عورتیں جو اولاد اور حیض سے زیادتی عمر کی وجہ سے بیٹھ جائیں۔ مِنَ النِّسَآءِ (عورتوں میں سے)

نحو: یہ حال ہے۔

الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ نِکَاحًا (وہ عورتیں جو نکاح کی طمع نہ رکھتی ہوں)

نحو: یہ محل رفع میں القواعد مبتدأ کی صفت ہے اور خبر فلیس علیهن جناح ہے۔

فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ (پس ان پر کوئی گناہ نہیں)

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى

نہ تو نابینا آدمی کے لئے کوئی مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے آدمی کے لئے کوئی مضائقہ ہے اور نہ مریض کے لئے کوئی مضائقہ ہے اور نہ خود تمہارے لئے

اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ

کوئی مضائقہ ہے کہ تم اپنے گھروں سے یا اپنے باپوں کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے، یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے، یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے، یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے، یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے، یا اپنی خالاؤں کے

خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا

گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی چابیوں کے تم مالک ہو، یا اپنے دوستوں کے گھروں سے کھاؤ، تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ سب مل کر

جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ

کھاؤ یا الگ الگ ، سو جب تم گھروں میں داخل ہونے لگو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو جو اللہ کی طرف سے مقرر ہے

۸ ع ۱۴ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۶۱ ع

دعاء مانگنے کے طور پر، جو مبارک ہے پاکیزہ ہے، اللہ اسی طرح تمہیں اپنے احکام بتاتا ہے تا کہ تم سمجھ لو۔

نحو: الف لام کی وجہ سے مبتدأ میں شرط کا معنی پایا جاتا تھا اس لئے شرط پر فاء لائی گئی۔

اَنْ يَّضَعْنَ کہ وہ (اپنے زائد کپڑے) اتار دیں اس بات میں کہ وہ اپنے زائد کپڑے اتار دیں۔ ثِيَابَهُنَّ (اپنے کپڑے) یعنی ظاہری کپڑے جیسے اوپر اوڑھنے والا کپڑا۔ دوپٹے کے اوپر منہ پر ڈالنے والا الجلباب۔ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍ بِزِيْنَةٍ (وہ اپنی زینت کو ظاہر نہ کرنے والی ہوں) وہ زینت کو (غیر مردوں) کے سامنے ظاہر کرنے والی نہ ہو۔ الزینۃ سے مراد خفیہ چیزیں مثلاً بال، سینہ، پنڈلی، وغیرہ ان کے اتارنے سے تبرج مقصود نہ ہو۔ بلکہ کپڑوں کو ہلکا کرنا ہو۔

## تبرج کی حقیقت:

جس کا چھپانا واجب ہو اس کے اظہار میں تکلف سے کام لینا۔ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ (اور اگر وہ اس سے اجتناب کریں) اگر وہ کپڑے اتارنے سے اجتناب کریں اور کپڑے پہنے رکھیں تو بہت بہتر ہے۔

نحو: وہ مبتداء ہے اور اس کی خبر خیرٌ لھن ہے۔

خَيْرٌ لَّهُنَّ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (تو ان کے لئے بہت بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ اس بات کو سننے والے ہیں) جو وہ ظاہراً کہیں اور علیم یعنی (جاننے والے ہیں) ان کے مقصود کو۔

۶۱: لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ (اندھے پر کوئی تنگی نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی تنگی ہے اور نہ مریض پر کوئی تنگی ہے)۔

## معذورین کا حکم:

قول سعید بن مسیّب رحمہ اللہ ہے کہ مسلمان جب نبی اکرم ﷺ کے ساتھ غزوات میں نکلتے تو اپنی چابیاں نابیناؤں، مریضوں اور لنگڑوں اور اپنے اقارب کو دے جاتے اور ان کو اپنے گھروں سے کھانے پینے کی اجازت دے جاتے۔ مگر یہ لوگ اس بات میں تنگدلی محسوس کرتے کہ شاید انہوں نے دل سے اجازت نہ دی ہو۔ پس یہ آیت اتری اور ان کی رخصت کا ذکر فرمایا۔

## بلاتکلف کھانے کے مقامات:

وَّلَا عَلٰۤی اَنْفُسِكُمْ (اور نہ تمہارے اپنے نفسوں پر کوئی حرج ہے)۔ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْ بُیُوْتِكُمْ (کہ تم اپنے گھروں سے کھاؤ)۔ یعنی اپنے اولاد کے گھروں سے کیونکہ آدمی کی اولاد اس کا بعض حصہ ہوتا ہے اور اس کا حکم اپنی ذات کا حکم رکھتا ہے اسی لئے اولاد کا ذکر آیت میں نہیں کیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ((انت و مالك لا بیك)) (رواہ ابوداؤد وابن ماجہ) یا اپنی ازواج کے گھروں سے کیونکہ زوجین ایک نفس کی طرح ہیں پس عورت کا گھر مرد کا اپنا گھر ہے۔

اَوْ بُیُوْتِ اٰبَآىٕكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ خٰلٰتِكُمْ (یا اپنے باپوں کے گھروں سے یا ماؤں کے گھروں سے یا بھائیوں کے گھروں سے یا بہنوں کے گھروں سے یا چچاؤں کے گھروں سے یا پھوپھیوں کے گھروں سے یا ماؤں کے گھروں سے یا خالاؤں کے گھروں سے۔) کیونکہ ان کی طرف سے دلالۃً اجازت ثابت ہوتی ہے۔ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ (یا جن کی کنجیوں کے تم مالک ہو۔) مفاتح جمع مفتح کی ہے جس سے کسی بند چیز کو کھولا جائے۔ قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: آدمی کا وکیل اور زمین کا نگران، چوپایوں کا نگران مراد ہے وہ اس کی حفاظت اور اس کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ ایک قول: اس سے غلام کا گھر مراد ہے کیونکہ غلام کے پاس جو کچھ ہے وہ تمام آقا کا ہے۔

اَوْ صَدِیْقِكُمْ (یا دوستوں کے گھروں سے) بیوت اصدقائکم (اپنے دوستوں کے گھروں سے۔)

صدیق: ایک بھی ہوسکتا ہے اور کئی بھی ہوسکتے ہیں۔ صدیق وہ ہے جو تیری محبت میں سچا ہو اور تو اس کے ساتھ دوستی میں مخلص ہو۔ گزشتہ زمانہ میں لوگ اپنے دوستوں کے گھروں میں داخل ہو کر اس کی غیر موجودگی میں اس کی لونڈی سے روپوں کی تھیلی مانگتے اور اپنی ضرورت کے مطابق اس میں سے لے لیتے۔ جب وہ واپس لوٹتا تو خوشی سے لونڈی کو آزاد کردیتا۔ مگر آج کل طبائع میں بخل کا غلبہ ہو چکا اس لئے بغیر اجازت کھانا جائز نہیں ہے۔

لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِیْعًا (تم پر کوئی گناہ نہیں مل کر کھانے میں) اکٹھا اَوْ اَشْتَاتًا (یا متفرق)۔ اشتات جمع شتٌّ کی ہے۔

شانِ نزول: یہ بنی لیث بن عمرو کے متعلق نازل ہوئی وہ الگ کھانے کو گناہ قرار دیتے۔ بعض اوقات انتظار میں صبح سے شام ہو جاتی۔ اگر کوئی بھی نہ ملتا تو اتنا کھا لیتے جو ضرورت کو پورا کرتا۔ یا بعض انصار کے متعلق اتری۔ کہ جب ان کے ہاں کوئی مہمان آتا تو

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَإِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ

ایمان والے وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے اور جب وہ رسولؐ کے ساتھ کسی ایسے کام کیلئے جمع ہوتے ہیں جس کے لئے جمع کیا گیا

لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

تو اس وقت تک نہیں جاتے جب تک ان سے اجازت نہ لیں، بلاشبہ جو لوگ آپ سے اجازت لیتے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان

وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ

رکھتے ہیں، سو جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لئے اجازت طلب کریں تو ان میں سے آپ جسے چاہیں اجازت دیدیں

وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۶۲ لَا تَجْعَلُوْا دُعَاۗءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ

اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت کی دعا کیجئے بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے، تم اپنے درمیان رسول اللہ کے بلانے کو ایسا مت سمجھو

كَدُعَاۗءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ۭ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ

جیسے تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو بے شک اللہ ان کو جانتا ہے جو تم میں سے آڑ میں ہو کر کھسک جاتے ہیں سو جو لوگ رسولؐ کے

الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۶۳

حکم کی مخالفت کرتے ہیں وہ اس بات سے ڈریں کہ ان پر کوئی مصیبت آپڑے یا انہیں کوئی درد ناک عذاب پہنچ جائے

وہ اپنے مہمان کے ساتھ مل کر کھاتے۔ یا کھانے پر اجتماع کو گناہ خیال کرتے تھے کیونکہ لوگوں کے طبائع کھانے میں مختلف ہیں۔ بعض کچھ لوگ زیادہ کھاتے ہیں دوسرے کم فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا (جب تم گھروں میں داخل ہو) یعنی ان مذکورہ گھروں میں کھانے کیلئے داخل ہو۔ فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ (تو اپنوں کو سلام کرو) تم گھر والوں کو سلام کرنے میں پہل کرو۔ جو دین و قرابت کے لحاظ سے تمہیں میں سے ہیں۔ بیوتا سے خالی گھر مراد ہیں یا مساجد۔ تو تم اس طرح کہو السلام علینا و علی عباد اللّٰہ الصالحین۔

تَحِيَّةً (بطور دعا) یہ سلموا کی وجہ سے منصوب ہے کیونکہ یہ تسلیما کے معنی میں ہے جیسے قعدت جلوسا۔ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) جو کہ اس کے حکم سے ثابت ہے اور اس کی طرف سے مقرر ہوا ہے۔ یا سلام اور دعا طلب سلامتی کا نام ہے اور جس کو سلام کیا گیا اس کے لئے زندگی کا پیغام ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحفہ ہے۔ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً (مبارک پاکیزہ) اس کی تعریف برکت اور طیب کے الفاظ سے کی۔ کیونکہ یہ تو ایک مؤمن کی دوسرے مؤمن کے حق میں دعا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے وہ اضافہ کا امیدوار ہے اور پاکیزہ رزق کا خواہش مند ہے۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ (اسی طرح اللہ تعالیٰ کھول کھول کر تمہارے لئے احکامات کو بیان کرتے ہیں تا کہ تم سمجھو) تا کہ تم سمجھو اور عقل کرو۔

۶۲ : اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ (مؤمن حقیقت میں صرف وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور جب وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی اجتماعی کام میں ہوتے ہیں ) جامع سے ایسا کام جس کے لئے لوگوں کو مجتمع کیا گیا مثلاً جہاد، لڑائی کی تجاویز و مشورہ ، جمعہ وعیدین بلکہ اللہ تعالیٰ کی خاطر کیا جانے والا ہر اجتماع ۔ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ (وہ اس وقت تک وہاں سے نہیں جاتے جب تک اجازت نہیں لیتے ) وہ اپنے لئے اجازت لیتے ہیں ۔

## عظیم جنایت:

مجلس رسول ﷺ سے بلا اذن چلے جانے کا سخت گناہ ہونا اس طرح بیان فرمایا کہ اولاً ایمان باللہ اور پھر ایمان بالرسول پھر تیسرے نمبر پر بلا اجازت نہ جانے کو ذکر کر کے پہلی دونوں باتوں کو اس کے لئے تشبیب قرار دیا۔ اور ان کے تذکرہ کو پھیلایا۔ اور اس کے ساتھ جملہ کو انما کلمۂ حصر کے ساتھ لائے اور المؤمنون کو مبتدا لائے اور اسم موصول سے اس کی خبر ذکر کی جس کا صلہ ان دونوں قسموں کا احاطہ کرنے والا ہے۔ پھر تاکید وتشدید میں اضافہ کیلئے دوسرے اسلوب سے اسی کا اعادہ فرمایا۔

## مجلس کے استیذ ان کے ساتھ جانا:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اور اس کے ضمن میں ایک اور چیز کا اضافہ فرمایا۔ استیذ ان کو دونوں ایمانوں کیلئے مصداق کے طور پر ذکر کیا۔ اور منافقین کے حال پر تعریض فرمائی اور ان کا مخفی طور پر کھسک جانا ذکر کیا۔ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ ( جب وہ آپ سے اجازت طلب کریں ) واپس لوٹنے کی لبعض شانهم (اپنے کسی کام کی غرض سے ) فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ (تو تم جس کو چاہو اجازت دو ان میں سے ) اس میں آنحضرت ﷺ کی عظیم شان کو ذکر فرمایا گیا ہے۔ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اور ان کیلئے استغفار کرو اللہ تعالیٰ سے بیشک اللہ تعالیٰ غفور و رحیم ہیں ) اجازت طلب کرنے والوں کے ساتھ استغفار کا تذکرہ بتلا رہا ہے کہ افضل تو یہی ہے کہ وہ اجازت نہ لیں۔

قولِ علماء یہ ہے کہ لوگوں کو چاہیے کہ اپنے علماء اور دین وعلم میں مقدم لوگوں کے ساتھ اسی طرح کا سلوک رکھیں ان کے ساتھ معاونت کریں اور ان کی اجازت کے بغیر وہاں سے نہ جائیں۔ ایک قول یہ ہے یہ آیت خندق کے دن اتری۔ منافقین اپنے گھروں کو بلا اجازت لوٹ آتے تھے۔

۶۳ : لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا (رسول اللہ ﷺ کے بلانے کو ایسا قرار نہ دو جیسا تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو ) جب رسول اللہ ﷺ کو کسی اجتماعی معاملے کیلئے تمہاری ضرورت ہو اور وہ تمہیں بلائیں تو ان کے بلانے کو ایک دوسرے کے بعض امور کیلئے بلانے پر قیاس نہ کرو۔ اور بلا اذن مجمع سے لوٹنے کو اپنے مجمع کی طرح مت خیال کرو۔

## آپ کا نام عظمۃً لو:

یا نمبر ۲۔ آپ ﷺ کا نام لے کر حضور علیہ السلام کو مت بلاؤ جیسا کہ تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ اس کا وہ نام لیتے ہو جو اس کے والدین نے رکھا ہو تم یا محمد (ﷺ) کہہ کر مت آواز دو۔ بلکہ یا نبی اللہ اور یا رسول اللہ جیسے توقیر وعظمت کے الفاظ ہلکی باادب

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ یَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَیْهِ ؕ وَیَوْمَ یُرْجَعُوْنَ

خبردار بلاشبہ اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے، بلاشبہ وہ جانتا ہے کہ تم کس حال پر ہو، اور جس دن وہ اس کی طرف

اِلَیْهِ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۴﴾

لوٹائے جائیں گے وہ اس دن کو بھی جانتا ہے۔ پھر وہ انہیں بتلا دے گا جو عمل انہوں نے کئے، اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

آواز سے استعمال کرو۔ قَدْ یَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِیْنَ یَتَسَلَّلُوْنَ (اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جانتے ہیں جو تھوڑے تھوڑے کر کے کھسک جاتے ہیں) تھوڑے تھوڑے کر کے نکل جاتے ہیں۔ مِنْكُمْ لِوَاذًا (تم میں سے مخفی طور پر)

نحو: یہ حال ہے ای ملاوذین اور اللوا ذو الملاوذة وہ اس کی پناہ لے اور یہ اس کی پناہ لے یعنی وہ جماعت سے خفیہ طور پر ایک دوسرے کی اوٹ میں کھسک جاتے ہیں اور ایک دوسرے کے پیچھے چھپ کر نو دو گیارہ ہوتے ہیں۔

فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْنَ یُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ (پس جو لوگ اللہ تعالیٰ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں ان کو اس سے ڈرنا چاہیے) یعنی وہ لوگ جو آپ کے حکم سے کتراتے ہیں مؤمنوں کر چھوڑ کو وہ منافق ہیں۔ محاورہ عرب یہ ہے خالفه الی الامر جب اس کی طرف جائے دوسروں سے کترا کر اور ان کو چھوڑ کر۔ اس ارشاد میں یہی معنی ہے۔ وما ارید ان اخالفکم الی ما انھا کم عنه۔ [ہود: ۸۸]

خالفه عن الامر اس وقت بولتے ہیں جبکہ اس سے رک جائے دوسروں سے کترا کر۔

نحو: امرہ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے۔ یا رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف راجع ہے۔ مطلب یہ ہے اس کی اطاعت سے اور اس کے دین سے۔ اور یحذر کا مفعول ان تصیبھم فتنة ہے۔ اَنْ تُصِیْبَهُمْ فِتْنَةٌ (کہ ان پر کوئی آفت نہ آن پڑے) فتنہ کا معنی دنیا میں عذاب یا قتل یا زلزلہ اور خوف یا ظالم حکمران کا تسلط یا دل کی سختی جو معرفتِ رب سے رکاوٹ بن جائے۔ یا بطور استدراج وسعت دنیا۔ اَوْ یُصِیْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ (یا ان کو دردناک عذاب) (آخرت میں) پہنچے گا۔

دلالت آیت: امر وجوب پر دلالت کرتا ہے۔

## مالک عالم الغیب وہی ہے اس سے کسی کی جہالت کیسے چھپ سکتی ہے:

۶۴: اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (خبردار بیشک اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے) الا یہ حرف تنبیہ ہے اس لئے لایا گیا تاکہ وہ اس ذات کے حکم کی مخالفت نہ کریں۔ جو آسمان و زمین کا مالک ہے۔ قَدْ یَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَیْهِ (تم جس حالت پر ہو وہ ہی اس کو جانتا ہے) یہاں قد کو لائے تاکہ تاکید کر دی جائے کہ جس منافقت اور دین کی مخالفت پر وہ چل رہے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے علم میں قطعی طور پر ہے۔ جب علم میں ہے تو انہیں پھر اس کی پکڑ سے ڈرنا چاہیے۔

مطلب یہ ہے آسمان و زمین کی ہر چیز تخلیق میں اس کی ذات کے ساتھ خاص ہے اور مالک بھی وہی ہے اور ان کو جانتا بھی وہی ہے

پس منافقین کی حالت اس سے چھپی ہوئی کس طرح رہ سکتی ہے خواہ وہ چھپنے کی کتنی کوشش کریں۔ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ (اور جس روز لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹا کر لائے جائیں گے)

قراءت: يَرْجِعُوْن يعقوب نے یاء کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے پڑھا ہے۔ مطلب یہ ہوگا وہ اس دن کو بھی جانتا ہے جس دن وہ اس کی بارگاہ میں جزاء کیلئے لوٹیں گے وہ قیامت ہی کا دن ہے۔

## خطاب وغیبت:

**قد يعلم ما انتم عليه و يوم يرجعون اليه** میں خطاب وغیبت کے صیغے یہ بھی جائز ہے کہ تمام منافقین کیلئے ہوں بطور التفات۔ نمبر۲۔ اور یہ بھی درست ہے کہ ما انتم علیہ عام ہو اور یرجعون منافقین کیلئے ہو۔ فَيُنَبِّئُهُمْ (پس وہ ان کو مطلع فرمائیں گے) قیامت کے دن بِمَا عَمِلُوْا (اس پر جو انہوں نے عمل کئے) جو بداعمالیاں انہوں نے چھپائیں وہ ان کو ان پر واقعی سزا دیں گے۔ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا علم ہے)۔ اس پر کوئی چیز مخفی نہیں ہے۔ روایت میں ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سورۃ النور منبر پر حج کے ایام میں پڑھی۔ اور اس کی ایسے انداز سے تفسیر فرمائی کہ اگر اہل روم اس کو سن لیتے تو وہ ضرور مسلمان ہو جاتے۔

الحمد لله حمدًا كما امر و الصلوة و السلام على رسوله افضل الخلق و البشر **امابعد** سورۃ النور کی تفسیر کا ترجمہ آج لیلۃ الجمعہ ۲۲ شوال المکرّم ۱۴۲۳ھ اختتام پذیر ہوا۔ الموافق ۲۷ دسمبر ۲۰۰۲ء

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ فرقان مکہ میں نازل ہوئی اس میں ستتر آیات اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ١ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

وہ ذات بابرکت ہے جس نے اپنے بندہ پر فیصلہ کرنے والی کتاب نازل فرمائی تا کہ وہ جہانوں کا ڈرانے والا ہو جائے۔ اللہ کی وہ ذات ہے جس کے لئے ملک ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ

آسمانوں کے اور زمین کے، اور اس نے کسی کو اپنی اولاد قرار نہیں دیا، اور حکومت میں اس کا کوئی شریک نہیں، اور اس نے ہر چیز کو پیدا

شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ٢ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ

کیا، پھر اس کا ٹھیک اندازہ مقرر فرمایا۔ اور لوگوں نے اس کے علاوہ معبود بنا لئے جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے اور حال یہ ہے کہ وہ پیدا کئے جاتے ہیں، اور وہ

يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً

اپنی جانوں کے لئے کسی ضرر اور کسی نفع کے مالک نہیں ہیں، اور نہ وہ کسی کی موت کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ حیات کا،

وَّلَا نُشُوْرًا ٣ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ

اور نہ کسی کو زندہ کر کے اٹھانے کا، اور جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے کہا کہ یہ کچھ نہیں ہے صرف ایک جھوٹ ہے جسے اپنے پاس سے بنا لیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس

قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ٤ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا

معانقة ١٠

بارے میں اس کی مدد کی ہے سو یہ لوگ بڑے ظلم اور جھوٹ کو لیکر آئے، اور ان لوگوں نے کہا کہ یہ پرانے لوگوں کی باتیں ہیں جو منقول ہوتی چلی آئی ہیں جن کو اس نے لکھوا لیا ہے

فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ٥ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ

سو وہی صبح شام اس کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں، آپ فرما دیجئے کہ اس کو اس ذات نے نازل فرمایا ہے جو چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے آسمانوں میں ہوں

وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ٦ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ

یا زمین میں، بلاشبہ وہ بخشنے والا ہے مہربان ہے، اور ان لوگوں نے کہا اس رسول کو کیا ہوا کھانا کھاتا ہے

وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ٧ اَوْ يُلْقٰٓى

اور بازاروں میں چلتا ہے، اس پر کیوں نہیں نازل ہوا ایک فرشتہ جو اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا، یا اس کی طرف کوئی

اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا

خزانہ ڈال دیا جاتا یا اس کے پاس کوئی باغ ہوتا جس میں سے کھاتا، اور ظالموں نے کہا کہ تم ایسے ہی آدمی کا اتباع کرتے ہو جس پر

ع ٩ ١٢ مَّسْحُوْرًا ٨ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ٩ ع

جادو کیا گیا ہے۔ آپ دیکھ لیجئے انہوں نے آپ کے لئے کیسی عجیب عجیب باتیں بیان کی ہیں، سو وہ گمراہ ہو گئے پھر وہ کوئی راہ نہیں پا سکیں گے۔

## تبارک اور فرقان کا معنی:

ا: تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ ( بڑی خیر والا ہے وہ جس نے قرآن کو اپنے بندے پر تھوڑا تھوڑا) عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا (اتارا تا کہ وہ سارے جہانوں کیلئے ڈرانے والا ہو)۔ تبارك یہ البركة سے تفاعل کے وزن پر ہے۔ اور البرکت خیر کثیر اور اس کے اضافہ کو کہتے ہیں۔ تبارک اللہ کا معنی اس کی بھلائی بڑھنے والی ہے اور کثیر ہونے والی ہے۔ نمبر۲۔ ہر چیز سے بڑھنے والی ہے اور ہر چیز سے اپنی صفات و افعال میں بلند ہے۔ یہ تعظیمی کلمہ ہے جو اللہ وحدہ لاشریک کیلئے ہی استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مجرد حَسِبَ باب سے آتی ہے (البتہ مزید کی گردان نہیں آتی کیونکہ یہ صفت باری کیلئے خاص ہے)

الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ (وہ جس نے قرآن مجید کو اتارا) الفرقان مصدر ہے جو دو چیزوں کے مابین جدائی کیلئے آتا ہے قرآن کو فرقان کہنے کی وجہ یہ ہے کیونکہ قرآن حق و باطل میں جدائی ڈالتا ہے حلال وحرام کو الگ کرتا ہے نمبر۲۔ اسلئے کہ اکٹھا نازل نہیں ہوا۔ بلکہ اترنے میں جدا جدا اور تھوڑا تھوڑا نازل ہوا۔ جیسا اس آیت میں مذکور ہے۔ وقرءا نا فرقنا ہ لتقرأ علی الناس علی مکث و نزلنٰه تنزیلا [الاسراء:۱۰۶]

عَلٰی عَبْدِهٖ (اپنے بندے پر) یعنی محمد ﷺ پر لِیَكُوْنَ (تا کہ ہو وہ) بندہ یا فرقان لِلْعٰلَمِیْنَ (جہان والوں کیلئے) جنات و انس کیلئے۔ رسالت کا عام ہونا آپ کی خصوصیات میں سے ہے۔ نَذِیْرًا (ڈرانے والا) نذیر منذر کے معنی میں ہے یا نذیر بمعنی انذار ہے جیسا نکیر بمعنی انکار ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں یہی معنی ہے فکیف کان عذابی و نذرِ [القمر:۱٦]

۲: الَّذِیْ (وہ اللہ تعالیٰ)

نحو: نمبر۱۔ یہ مبتدأ محذوف کی خبر ہونے کی بناء پر مرفوع ہے۔ نمبر۲۔ یہ الذی نزل کا بدل ہے۔ اور بدل مبدل منہ میں لیکون کا فاصلہ جائز ہے کیونکہ مبدل منہ کا صلہ نزل ہے اور لیکون اس کی علت ہے گویا مبدل منہ اسی سے مکمل ہوا۔ نمبر۳۔ یہ منصوب علی المدح ہے۔

## ہر چیز کا ایک موجد:

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اسی کا اقتدار آسمانوں اور زمین میں ہے) خالص وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا (اور اس نے بیٹا نہیں بنایا) جیسا کہ یہود و نصاریٰ نے عزیر اور مسیح علیہ السلام کے بارے میں خیال کیا۔ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ (اور نہ ہی حکومت میں اس کا کوئی حصہ دار ہے) جس طرح کہ ثنویہ اور مجوسیوں کا خیال ہے۔ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ (اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا) یعنی ہر چیز کو اس اکیلے نے ہی ایجاد کیا اس طرح نہیں جیسا کہ مجوسی اور ثنویہ کہتے ہیں کہ نور سے یزداں کو اور ظلمت سے اہرن کو پیدا کیا۔ اس آدمی کے لیے اس شبہ میں کوئی گنجائش نہیں جو یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ شئی ہے اور نہ اس آدمی کیلئے جو یہ کہتا ہے قرآن مخلوق ہے کیونکہ فاعل اپنی تمام صفات کے ساتھ مفعول نہیں بن سکتا البتہ لفظ شئی کا بیان اس چیز کے لیے خاص ہے کہ جس کے لئے مخلوق ہونا صحیح ہے اور اس معنی کے لیے قرینہ خود آیت میں موجود ہے۔ وخلق یہ ہماری واضح دلیل ہے جس کو ہم معتزلہ کی تردید کے لیے پیش کرتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے افعال کا خالق ہے۔ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا (پھر اس نے ہر چیز کا الگ الگ اندازہ رکھا)

اس کو ایسی چیزیں مہیا فرمائیں جو بغیر کسی رکاوٹ کے اس کے لیے مناسب اور درست تھیں۔ جس طرح کہ اس نے انسان کو اس شکل میں بنایا جس کو اس کے لیے اتارا۔ پھر اس کے لیے دین و دنیا کی وہ مصلحتیں اور ذمہ داریاں ایک اندازہ کے مطابق مقرر فرمائیں۔ نمبر۲۔ ایک مقررہ قلیل مدت کے لئے اس کے باقی رہنے کا اندازہ کیا۔

## عاجز بندوں کو اس کی ذات پر ترجیح دی:

۳: وَاتَّخَذُوْا (اور انہوں نے بنا لئے ہیں) اس میں ضمیر کفار کی طرف لوٹ رہی ہے کیونکہ عالمین کے تحت وہ بھی شامل ہیں۔ نمبر۲۔ دلالت کی وجہ سے کیونکہ نذیر کا لفظ فرمایا گیا۔ پس منذر وہی ہیں یعنی ڈرائے ہوئے اس سے معلوم ہوا کہ ضمیر کفار کی طرف لوٹ رہی ہے۔ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً (اس کے سوا اور معبود) یعنی اصنام لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ (وہ کسی چیز کو پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ خود مخلوق ہیں) یعنی ان لوگوں نے اس ذات کی عبادت پر جو اپنی الوہیت، بادشاہی اور تخلیق میں منفرد ہے اور تقدیر میں اس کا کوئی ساجھی نہیں ایسے عاجز بندوں کو ترجیح دی جو کسی چیز کو پیدا کرنے کی قدرت تو کیا رکھتے وہ خود مخلوق ہیں۔ وَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا (وہ خود نہ اپنے ضرر پر قابو رکھتے ہیں اور نہ نفع پر) یعنی اپنے نفسوں سے ضرر کو دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتے اور نہ اپنے نفسوں کو نفع پہنچانے کی قدرت رکھتے ہیں۔ وَّ لَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا (وہ موت پر قابو نہیں رکھتے) یعنی کسی پر موت مسلط کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ وَّ لَا حَيٰوةً (اور نہ زندگی پر) یعنی نہ ابتداءً زندگی دینے پر وَّ لَا نُشُوْرًا (اور نہ اٹھانے پر) یعنی موت کے بعد اٹھانے پر اور یہاں بتوں کو عقلاء شمار کیا گیا کیونکہ ان کی عبادت کرنے والے ان کے متعلق یہی خیال کرتے تھے۔

## کفار نے قرآن کو مفتری کہا:

۴: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ (اور کافروں نے کہا نہیں ہے یہ) یعنی قرآن اِلَّآ اِفْكُ (مگر جھوٹ) افْتَرٰهُ (جو اس نے گھڑ لیا ہے) یعنی اس کو محمد ﷺ نے خود اپنی طرف سے گھڑ لیا اور تراش لیا ہے۔ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ (اور اس کام میں کچھ دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے یعنی یہود نے یا عداس نے یا یسار نے یا ابوفکیہ رومی نے یہ بات نضر بن حارث نے کہی فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا (پس بلاشبہ انہوں نے بے جا بات کی اور جھوٹ کہا) یہ کفار کی تردید کے لئے اللہ کی طرف سے اطلاع دی گئی ہے۔ جاءُوا کی ضمیر کا مرجع کفار ہے اور جاء فعل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور اسی صیغے سے متعدی ہوتا ہے۔ نمبر۲۔ جار کو حذف کیا اور فعل کو ملا دیا یعنی جاء بظلم و جور ان کا ظلم یہ تھا کہ ایک عربی کے متعلق یہ کہنے لگے کہ وہ ایک عجمی رومی سے عربی کلام حاصل کرتا ہے جس کلام کی فصاحت نے تمام فصحائے عرب کو عاجز کر دیا اور زور سے اس لحاظ سے کہا کہ یہ محض آپ پر بہتان تھا حالانکہ آپ تو اس سے بالکل بریٔ الذمہ تھے۔

## بے سند باتیں قرار دیا:

۵: وَ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (اور وہ کہتے ہیں کہ یہ پہلے لوگوں کی بے سند باتیں ہیں) یعنی پہلے لوگوں کی منقول شدہ باتیں یا

مکتوب شدہ باتیں ہیں۔ جیسے رستم اسفندیار وغیرہ (اساطیر) جمع اسطار یا اسطور جیسے احدوثۃ۔ اکْتَتَبَهَا (جن کو اس نے اپنے لیے لکھ لیا ہے) فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا (اور وہ اس پر اس لکھی ہوئی کتاب میں سے صبح وشام پڑھی جاتی ہے۔) بکرۃ دن کے پہلے حصہ کو کہتے ہیں اور اصیل دن کے آخری حصہ کو۔ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان پڑھے جانے والے واقعات کو یاد کر کے ہمیں سنا دیتے ہیں۔

## اس کو کائنات کے راز دان نے اُتارا:

۶: قُلْ (کہہ دیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اَنْزَلَهُ (اس کو اتارا ہے) یعنی قرآن کو الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اس ذات نے جو آسمان وزمین کی پوشیدہ باتیں جانتے ہیں) یعنی ہر وہ پوشیدہ سے پوشیدہ تر چیز جو آسمان وزمین میں پائی جاتی ہے یعنی قرآن مجید جب ایسی غیب کی اطلاعات پر مشتمل ہے جن کا عادۃً جان لینا بغیر تعلیم کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے محال ہے تو یہ اس بات کی خود دلیل بن گئی کہ قرآن علام الغیوب کی طرف سے ہے۔ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (بلاشبہ وہ بڑا معاف کرنے والا نہایت مہربان ہے) اسی لیے ان کو مہلت دے رہا ہے اور جلدی سزا نہیں دیتا۔ حالانکہ وہ انکارِ حق کی وجہ سے عذاب کے حقدار ہو چکے ہیں۔

## رسالت پر اعتراض:

۷، ۸: وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ (اور انہوں نے کہا یہ کیسا رسول ہے) قرآن مجید میں ہاء کو لام سے الگ لکھا گیا ہے۔ قرآن مجید کا یہ رسم الخط سنت ہے اس کو تبدیل نہ کیا جائے گا کفار نے الرسول کا لفظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بطور مذاق کے استعمال کیا گویا ان کی بات کا مطلب یہ تھا کہ اس اپنے آپ کو رسول کہنے والے کو کیا ہوا۔ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ (وہ کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا ہے)

نحو: یہ حال ہے اور اس کا عامل ھذا ہے۔ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا (کیوں نہیں اس کے ساتھ فرشتہ بھیجا گیا کہ جو اس کے ساتھ رہ کر ڈراتا)

اَوْ يُلْقٰى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا (یا اس کی طرف کوئی خزانہ ڈال دیا جاتا یا اس کا باغ ہوتا جس پر اپنا گزر اوقات کرتا) یعنی اگر اس کا رسول اللہ ہونا درست ہے تو پھر یہ ہماری طرح کھانا کیوں کھاتا ہے اور طلبِ معاش میں ہماری طرح بازاروں میں کیونکر آتا جاتا ہے۔ مقصد ان کا یہ تھا کہ پیغمبر فرشتہ ہونا چاہئے جو کھانے پینے اور معاش سے بے نیاز ہو۔ پھر انہوں نے اپنے اس موقف سے نیچے اتر کر کہا کہ چلو ہم نے مان لیا کہ وہ انسان ہو۔ مگر اس کے دعوائے نبوت کو ماننے کی شکل یہ ہے کہ ایک فرشتہ اس کی معیت میں ہو جو تخویف وانداز میں اس کا دست وبازو بنے۔ پھر اس سے نیچے اتر کر کہنے لگے چلو یہ نہیں تو کم از کم آسمان سے اس پر خزانہ اتارا جاتا جس کے ذریعہ اپنی پشت کو مضبوط کر کے کسب ومعاش سے تو مستغنی ہو جاتا ہے اگر یہ بھی نہیں تو پھر کم سے کم ایک باغ کا مالک ہوتا جس سے خوشحال لوگوں کی طرح اپنا گزر اوقات کر لیتا یا ہم اس سے کھاتے اور فائدہ اٹھاتے۔

قراءت: حمزہ وعلی نے تاکل پڑھا ہے۔

نحو: مضارع یلقی اور تکون کا انزل پر عطف بہت خوب ہے اگرچہ وہ ماضی ہے اور درمیان میں فیکون مضارع ہے اور اس پر فاء اس لئے کہ وہ لولا کے جواب میں آئی ہے اور یہ قراءۃ مشہورہ کے مطابق منصوب ہے لولا ھلا کے معنی میں ہے اور حکم استفہام

والا ہے۔

وَ قَالَ الظّٰلِمُوْنَ (اور ظالموں نے کہا) ظالموں سے مراد خاص معینہ لوگ ہیں البتہ ضمیر کی جگہ ظاہر اسم لائے تا کہ ان کی بات کا ظالمانہ ہونا تحریر سے ثابت ہو جائے یہ لوگ کفار قریش ہی تھے۔اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا (تم نہیں اتباع کرتے مگر ایک سحر کئے ہوئے آدمی کی) اس کو سحر کیا گیا جس سے جنون ہو گیا۔نمبر۲۔یہ سحر والا ہے اور وہ جنات کے اثر کو کہا جاتا ہے ان کی مراد یہ تھی کہ یہ انسان ہیں فرشتے نہیں۔

## اجمالِ جواب:

۹: اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا (غور تو کرو کس طرح یہ بیان کرتے ہیں) ضرب کا معنی یہاں بیان کرنا ہے۔لَكَ الْاَمْثَالَ (تمہارے متعلق مثالیں) یعنی تمہارے متعلق یہ باتیں کہتے ہیں اور یہ بات تیرے بارے میں تجویز کی ہے یہ مفتری مسحور اور دوسروں سے لکھوالیتا ہے۔فَضَلُّوْا (پس وہ گمراہ ہوئے) حق کے راستہ سے فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا (پس وہ راستے کی طاقت نہیں رکھتے) پس وہ حق کی راہ ہی نہیں پاتے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

بابرکت ہے وہ ذات جو اگر چاہے تو آپ کے لئے اس سے بہتر نعمتیں عطا فرما دے یعنی ایسے باغ جن کے نیچے نہریں جاری

الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝١٠ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ

ہوں اورآپ کے لئے محل بنا دے، بلکہ ان لوگوں نے قیامت کو جھٹلایا اور جو شخص قیامت کو جھٹلائے ہم نے اس کے لئے

بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۝١١ۚ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ۝١٢ وَاِذَآ

دہکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے، جب وہ انہیں دور سے دیکھے گی تو وہ اس کی غضبناک اور جوش وخروش والی آوازیں سنیں گے، اور جب

اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝١٣ۭ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ

وہ اس میں ایسی حالت میں ڈالے جائیں گے کہ ان کے ہاتھ پاؤں جکڑے ہوئے ہوں گے تو وہاں ہلاکت کو پکاریں گے، آج ایک

ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝١٤ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ

ہلاکت کو مت پکارو اور بہت سی ہلاکتوں کو پکارو، آپ فرما دیجئے کہ یہ بہتر ہے یا ہمیشہ کی رہنے والی جنت بہتر ہے جس کا

وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاۗءً وَّمَصِيْرًا ۝١٥ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ۭ كَانَ

متقیوں سے وعدہ کیا گیا جنت ان کے لئے بطور بدلہ عطا کی جائے گی اور ان کا ٹھکانہ ہوگی اور ان کے لئے اس میں وہ کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے اس میں ہمیشہ رہیں گے یہ

عَلٰي رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْــُٔوْلًا ۝١٦

آپ کے رب کا وعدہ جس کا پورا کرنا اس نے اپنے ذمہ لے لیا ہے جس کی درخواست کرنی چاہیے۔

## مال والے اعتراض کا جواب:

١٠: تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا (بڑی برکت والا ہے وہ اللہ تعالیٰ کہ اگر چاہے تو آپ کیلئے اس سے بہتر دنیا ہی میں نعمتیں عنایت فرمادے ایسے باغ جن کے درختوں کے نیچے نہریں جاری ہوں اور آپ کیلئے محلات تیار کردے) مال کی وہ کثرت جس کو اللہ تعالیٰ اگر دنیا میں آپ کو دینا چاہے تو اس سے کہیں بہتر دے سکتا ہے جو انہوں نے کہیں اور وہ یہ ہے کہ آپ کو عنایت فرمائے اسی طرح کے باغات و محلات جن کا وعدہ اس نے آپ سے فرمایا ہے۔

نحو: جنات یہ خیراً سے بدل ہے۔

قراءت :یجعلُ رفع کے ساتھ مکی، شامی اور ابوبکر نے پڑھا ہے کیونکہ شرط جب ماضی ہو تو جزاء میں مضارع پر جزم ورفع دونوں جائز ہیں۔

## اصل قیامت کو جھٹلا دیا ہے:

۱۱: بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ (بلکہ انہوں نے قیامت کو جھٹلایا) ان سے جو کچھ بیان کیا گیا یہ اس پر عطف ہے فرماتے ہیں بلکہ انہوں نے ان سب سے عجیب تر بات کہی ہے اور وہ قیامت کو جھٹلانے والی بات ہے۔

نمبر۲۔ یہ قریب سے متصل و منسلک ہو۔ گویا انہوں نے اس طرح کہا بلکہ انہوں نے قیامت کو جھٹلایا اس لئے وہ اس جواب کی طرف کیسے توجہ دے سکتے ہیں؟ اور کس طرح وہ ان چیزوں کا جلد ملنا مان سکتے ہیں جن جیسی چیزوں کا وعدہ آخرت میں آپ سے کیا گیا جبکہ ان کو آخرت پر ایمان ہی نہیں۔وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا (اور ہم نے اس شخص کیلئے جس نے قیامت کو جھٹلایا بڑھکتی آگ کا وعدہ کر رکھا ہے) ہم نے قیامت کے منکروں کیلئے دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔

## مناظر قیامت:

۱۲: اِذَا رَاَتْهُمْ (جب وہ آگ ان کو دیکھے گی) یعنی ان کے سامنے ہوگی مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ (دور مقام سے) یعنی جب آگ ان سے اتنی دور رہ جائے گی جتنی دیکھنے والوں کو آنکھوں سے نظر آ سکتی ہے۔سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا (تو وہ اس آگ کے غضبناک ہونے کی آواز اور غرغراہٹ سنیں گے) وہ اس کے جوش مارنے کو سنیں گے اور اس کو غضبناک اور غرانے والے کی آواز سے تشبیہ دی گئی ہے۔نمبر۲۔ جب آگ کے نگران ان کو دیکھیں گے غضبناک ہونگے اور کفار پر غصہ سے غرائیں گے۔

۱۳: وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا (اور جب ان کو ڈالا جائے گا) آگ میں مَكَانًا ضَيِّقًا (تنگ مقام میں)

قراءت: مکی نے ضیقًا پڑھا ہے۔

الضیق دکھ، تنگی سمیت جیسا کہ الروح آرام بمعہ وسعت کو کہتے ہیں۔

نکتہ: اسی وجہ سے جنت کی تعریف اس طرح فرمائی کہ اس کی وسعت آسمان و زمین کے برابر ہے۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: ان پر اس طرح تنگی ہوگی جیسے پوری نیزے میں مُقَرَّنِيْنَ (گردن سے ہاتھ باندھ کر) وہ اس تنگی کے ساتھ ساتھ زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہونگے۔اور ان کے ہاتھوں کو زنجیروں کے ذریعہ ان کی گردنوں سے باندھ دیا جائے گا۔نمبر۲۔ ہر کافر کے ساتھ اس کے شیطان کو ملا کر باندھ دیا جائے گا۔اور ان کی ٹانگوں میں بیڑیاں ہونگی۔دَعَوْا هُنَالِكَ (اس وقت ہلاکت کو پکاریں گے) ثُبُوْرًا ہلاکت یعنی اس طرح کہیں گے ہائے! ہلاکت اے ہلاکت آ جا یہ تیرے آنے کی گھڑی ہے۔ان کو جواب میں کہا جائے گا۔

۱۴: لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا (تم ایک ہلاکت کو مت پکارو بلکہ یہ تو مجموعۂ ہلاکت ہے۔)

۱۵: قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ (کہہ دیں کہ کیا یہ بہت بہتر ہے) یعنی آگ کی صفت جو مذکور ہوئی یہ بہتر ہے۔اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ (یا ہمیشگی کی وہ جنت جس کا وعدہ متقین سے کیا گیا۔)

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ

اور یاد کرو جس دن اللہ تعالیٰ انہیں جمع فرمائے گا اور ان کو بھی جن کی وہ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا سوال ہوگا کیا تم نے میرے ان بندوں کو

عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ

گمراہ کیا یا وہ خود ہی گمراہ ہو گئے؟ وہ کہیں گے کہ آپ کی ذات پاک ہے ہمارے لئے یہ درست نہیں

لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

ہے کہ ہم آپ کے علاوہ دوسروں کو اولیاء بنا لیں لیکن بات یہ ہے کہ آپ نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو نعمتیں دیدیں یہاں تک کہ

نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًا ۢ بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ

وہ ذکر کو بھول گئے، اور وہ لوگ ہلاک ہونے والے تھے، سو انہوں نے تمہاری بات کو جھٹلا دیا سو تم کسی بھی طرح عذاب

صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

دفع نہیں کر سکتے اور نہ کسی طرح کی مدد پا سکتے ہو اور تم میں سے جو شخص ظلم کرے گا ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔

نحو: یہاں موصول کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف ہے ای وعدھا۔

**اندازِ توبیخ:**

أذلك خير کہا گیا حالانکہ آگ میں خیریت کا ہے کی۔ درحقیقت یہ کفار کو توبیخ ہے۔

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً (یہ ان کے لئے جزاء) ثواب وَّ مَصِيْرًا اور لوٹنے کی جگہ ہوگی۔

نکتہ: یہاں کانت کہا گیا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے تمام وعدے اسی طرح ہیں گویا ہو چکے اس لئے کان ماضی کا صیغہ استعمال فرمایا نمبر ۲۔ ان کی پیدائش سے پہلے یہ لوح محفوظ میں لکھا گیا تھا۔

۱۶: لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ (جو کچھ وہ چاہیں گے ان کو وہ ملے گا) یعنی ما یشاء وونہ مراد ہے جس چیز کی ان کو خواہش ہوگی خٰلِدِيْنَ (وہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے)۔

نحو: یہ یشاؤون کی ضمیر سے حال ہے۔ اور کانَ ضمیر میں مایشاؤون کی طرف لوٹ رہی ہے۔

عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا (اور یہ ایک وعدہ ہے جو اے پیغمبر آپ کے رب کے ذمہ ہے اور قابل درخواست ہے) وعداً یہ موعود کے معنی میں اور مسئولاً کا معنی مطلوب نمبر ۲۔ یا اس بات کا اہل و مستحق ہے کہ اسکی درخواست کی جائے۔ نمبر ۳۔ یا اس وعدے کا سوال مسلمانوں اور ملائکہ نے اپنی دعاؤں میں کیا ہے۔ جیسا اس آیت میں ربنا و آتنا ماوعدتنا علی رسلك [آل عمران:۱۹۴] ربنا اتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة [البقرہ:۲۰۱] ربنا وادخلهم جنّات عدن التی وعدتهم [غافر:۸]

۱۷: وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ (اور جس دن وہ ان سب کو جمع کرے گا) دوبارہ حشر کیلئے۔
قراءت: یاء کے ساتھ مکی، یزید، یعقوب، حفص نے پڑھا۔ نَحْشُرُهُمْ یہ قراءت جمہور قراء کی ہے ابن عامر، حمزہ، کسائی، نافع، عاصم، طلحہ، الحسن، شعبہ، خلف وغیرہم وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اوران کو جن کی وہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتے تھے) اس سے وہ معبود مراد ہیں جو کہ ملائکہ، مسیح، عزیر کی قسم سے ہونگے۔ بقول کلبی، بت مراد ہیں ان کو اللہ تعالیٰ قوت گویائی دیں گے۔
ایک اور قول: یہ عام ہے ما عقلاء اور غیر عقلاء تمام کو شامل ہے کیونکہ اس سے وصف مراد ہے گویا اس طرح فرمایا وَمَا يَعْبُدُوْنَ اے معبو دیھم ان کے معبود۔ فَيَقُوْلُ (پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے)

## یہ سوال تذلیل کیلئے ہوگا:

قراءت: شامی نے نقول پڑھا ہے ءَ اَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِىْ هٰٓؤُلَآءِ (کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا)
نحو: ھو لاء یہ عبادی سے بدل ہے مراد اس سے مشرکین ہیں۔ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ (یا وہ خود راستہ بھول گئے)۔
نحو: قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ کہا جاتا ضل عن السبیل مگر یہاں جار کو اسی طرح چھوڑ دیا گیا۔ جس طرح اس محاورہ میں، ھداہ الطریق حالانکہ اس کی اصل ھداہ الی الطریق ہے یاھداہ للطریق۔ ضَلّ یہ اَضَلّ کا مطاوع بن کر آتا ہے۔ مطلب یہ ہوگا کہ تم نے ان کو گمراہی میں ڈالا۔ حق راستہ سے شبہات ڈال کر دور کردیا۔ یا وہ خود گمراہ ہوگئے۔
یہاں أضللتم عبادی ھو لاءِ ام ضلوا السبیل نہیں فرمایا بلکہ اس کی بجائے انتم اور ھم دو ضمائر کا اضافہ فرمایا کیونکہ اصل سوال فعل اور وجود فعل کا نہیں کیونکہ فعل نہ ہوا ہوتا تو عتاب ہی متوجہ نہ ہوتا بلاشبہ یہ سوال تو اس سے ہو رہا ہے۔ جو اس سے منہ موڑ رہا ہے پس ضروری ہوگیا کہ اس کا تذکرہ ہو اور ساتھ ہی حرف استفہام لائے تاکہ اس کو معلوم ہو کہ اسی سے دریافت کیا جارہا ہے رہا یہ کہ اس سوال کا کیا فائدہ ہے جبکہ مسؤل عنہ کو بخوبی اللہ تعالیٰ جانتے ہیں تاکہ وہی جواب دیں جو جواب انہوں نے دیا اس سے ان کی پوجا کرنے والوں کی تذلیل ہو اور ان کی حسرت میں اضافہ ہو۔
۱۸: قَالُوْا سُبْحٰنَكَ (وہ کہیں گے تو پاک ہے) ان کی طرف سے اس بات پر اظہار تعجب ہے کہ جو کچھ ان کے متعلق کہا گیا۔ نمبر۲۔ اس سے مقصود ان کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو شریکوں سے منزہ اور پاک قرار دیں اور اس سے کہ کوئی پیغمبر یا فرشتہ اور کوئی مخلوق اس کی شریک بنے۔ پھر وہ کہنے لگے۔ مَا كَانَ يَنْۢبَغِىْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ (ہمارے لئے مناسب نہ تھا کہ ہم تیرے سواء دوسروں کا کارساز بنائیں) یعنی ہمارے لئے درست نہ تھا اور نہ ٹھیک بیٹھتا تھا کہ ہم تیرے سوا اور کو کارساز بنائیں پھر یہ کیونکر درست ہوسکتا ہے کہ ہم دوسروں کو اس بات پر آمادہ کریں کہ وہ ہمیں تیرے سوا کارساز ماننے لگ جائیں؟
نُتَّخَذَ یزید نے پڑھا۔ اتخذ ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ مثلاً اتخذ ولیّا اور دونوں مفعول کی طرف جیسے اتخذ فلانا ولیّا ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ام اتخذوا الھة من الارض [الانبیاء:۲۱] دوسرے مقام پر فرمایا: اتخذ الله ابراھیم خلیلاً [النساء:۱۲۵] پس پہلی قراءت میں یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہے اور وہ من اولیاء ہے اصل یہ ہے ان نتخذ اولیاء مِنْ کا اضافہ نفی کے معنی کی تاکید کیلئے ہے۔ اور قراءت ثانیہ متعدی الی المفعولین کے لئے ہے۔ پہلا مفعول تو وہی ہے۔ جس کے لئے

فعل بنایا گیا۔اور مفعول ثانی من اولیاء ہے اور مِنْ تبعیضیہ ہے۔تقدیر عبارت اس طرح ہے ای لا نتخذ بعض اولیاء کیونکہ مِنْ مفعول ثانی میں نہیں آ سکتا بلکہ اول میں آ تا ہے جیسا کہ تم کہو گے ما اتخذت من احد ولیًّا مگر اس طرح نہیں کہہ سکتے مااتخذت احداً من ولیّ۔

وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ (لیکن تو نے ان کو اور ان کے بڑوں کو خوشحالی دی) اموال واولاد اور طوالتِ عمر اور عذاب سے حفاظت کے ذریعہ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ (یہاں تک کہ وہ تیری یاد کو بھلا بیٹھے) یعنی! اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس پر ایمان اور قرآن و شرائع۔وَكَانُوْا اور وہ تھے) اللہ تعالیٰ کے ہاں۔قَوْمًۢا بُوْرًا (وہ لوگ خود ہی برباد ہوئے) یہ جمع بائر کی ہے۔جیسا کہ عائذ کی جمع عُوْذٌ ہے۔

## غیبت سے تخاطب:

۱۹: پھر کفار سے مخاطب کر کے اور غیبت سے اعراض کرتے ہوئے کہا جائے گا۔فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ (انہوں نے تمہاری بات کو جھٹلا دیا) یہ مفاجاتی انداز کلام احتجاج والزام کیلئے بہت مناسب ہے اور خاصکر جبکہ التفات کو اس کے ساتھ ملا دیا اور قول کو حذف کر دیا اس کی نظیر اس آیت میں موجود ہے یااھل الکتاب قد جاء کم رسولنا یبین لکم علی فترة من الرسل الی قوله فقد جاء کم بشیر و نذیر [المائدہ:۱۹] اور شاعر کا یہ قول

قالو احرسان اقصیٰ ما یراد بنا ○ ثم القفول فقد جئنا خراسانا

''انہوں نے کہا ہمارا انتہائی مقصود تو خراسان ہے وہ دور ہے پھر واپس لوٹنا ہے۔لیجئے، خراسان تو آ گیا''۔

بِمَا تَقُوْلُوْنَ (جو کچھ تم کہتے تھے) تمہاری بات جو ان کے متعلق تم کرتے تھے کہ وہ معبود ہیں۔اس صورت میں باء اسی طرح ہے جیسا اس ارشاد میں :بل کذبوا بالحق [ق:۵] اور جار، مجرور، ضمیر کا بدل ہیں گویا کہ اس طرح فرمایا گیا ہے۔فقد کذبوا بما تقولون یعنی تمہاری یہ بات جو تم کہتے تھے کہ یہ ہمارے معبود ہیں یا ہمیں گمراہ کرنے والے ہیں۔خود انہوں نے تکذیب کر دی۔

قراءت: قنبل نے یاء سے پڑھا اور اس کا معنی انہوں نے تمہاری تکذیب خود اپنے قول سے کر دی جو کہ سبحانك ما كان ينبغي لنا ان نتخذ من دونك من اولياء [الفرقان:۱۸] اور باء اس صورت میں استعانت کیلئے جیسے کتبت بالقلم میں ہو۔

فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا (تم نہ عذاب لوٹانے کی طاقت رکھتے ہو نہ مدد کی) تمہارے معبود طاقت نہیں رکھتے کہ وہ تم سے عذاب کو پھیر دیں اور ہٹا دیں۔نمبر۲۔تمہاری مدد کریں۔

قراءت: حفص نے تاء سے پڑھا ہے۔مطلب یہ ہے اے کفار تم اپنے سے عذاب کو پھیرنے کی طاقت نہیں رکھتے اور نہ ہی تم اپنی مدد کر سکتے ہو۔پھر علی العموم مکلفین کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ (جو شخص تم میں سے ظلم کرے گا) یظلم، یشرك کے معنی میں ہے۔کیونکہ ظلم وضع الشئ فی غیر موضعہ کو کہتے ہیں اور جس نے مخلوق کو اس کے خالق کا شریک بنا ڈالا تو اس نے یقیناً ظلم کیا۔اس کی تائید اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے ان الشرك لظلم عظيم [لقمان:۱۳]

نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا (ہم اس کو بڑا عذاب چکھائیں گے) اس کی تفسیر خلود فی النار سے کی گئی جو مشرک کے لائق ہے فاسق کے نہیں البتہ معتزلہ اور خوارج فاسق کے خلود فی النار کے قائل ہیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى
اور بات یہی ہے کہ آپ سے پہلے جو پیغمبر ہم نے بھیجے وہ کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں
۲
ع
۱۱
۱۷
الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾
چلتے تھے اور ہم نے تم میں بعض کو بعض کے لئے امتحان بنایا ہے کیا تم صبر کرتے ہو؟ اور آپ کا رب دیکھنے والا ہے

## رسالت پر اعتراض کا جواب:

۲۰: وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَ يَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ (اور ہم نے آپ سے پہلے پیغمبر نہیں بھیجے مگر ایسے ہی کہ جو کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے)

نحو: ان اخیر میں لام کی وجہ سے اِنَّ مکسور ہے اور اِلَّآ کے بعد والا جملہ موصوف محذوف کی صفت ہے مطلب یہ ہے وما ارسلنا قبلك احدًا من المرسلين آكلين و ماشين اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کسی کو رسولوں میں سے مگر کہ وہ کھانا کھانے والے پیدل چلنے والے تھے۔ اس کو حذف جار مجرور پر اکتفاء کی وجہ سے کیا ہے؟ یعنی من المرسلین اس کی مثال دوسرے مقام پر اس طرح ہے وما منا الا له مقام معلوم [الصافات: ۱۶۴] یعنی وما منا احدٌ ہم میں سے کوئی ایسا نہیں مگر کہ اس کا ایک مقام معلوم ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ ان لوگوں کے خلاف احتجاج ہے کہ جو کہتے ہیں ماھذا الرسول یاکل الطعام و یمشی فی الاسواق اور اس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے تسلی کا پہلو بھی ہے۔

## دلاسہ رسول:

وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً (اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کیلئے آزمائش بنایا) ابتلاء، آزمائش بنایا ہے۔ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دلاسہ دیا اس لئے کہ کفار آپ کو فقر کا طعنہ دیتے اور بازار میں چلنے کی طعنہ زنی کرتے تھے مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مالداروں کو فقراء کیلئے آزمائش بنایا ہے۔ جس کو وہ چاہتا ہے غنی بناتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے فقر دیتا ہے۔ اَتَصْبِرُوْنَ (کیا تم صبر کرو گے) اس آزمائش پر تاکہ اجر پاؤ۔ یا پھر صبر نہ کرو گے تو غم میں اضافہ ہوگا۔

حکایت: بعض صالحین اپنے تنگی گزران سے پریشان ہو کر اکتائے اور باہر نکلے۔ انہوں نے ایک غلام کو سواریوں اور پالکیوں میں دیکھا تو ان کے دل میں ایک خیال گزرا۔ اسی وقت انہوں نے کسی کو یہ آیت پڑھتے سنا تو کہنے لگے بلی نصبر ربنا۔ اے رب ہم ضرور صبر کریں گے۔

نمبر۲۔ ہم نے آپ کو ان کیلئے آزمائش بنایا ہے کیونکہ اگر آپ مالدار، باغات والے، خزانوں کے مالک ہوتے تو لوگ آپ کی اطاعت دنیا کی خاطر کرتے یا کم از کم دنیا سے ملاوٹ شدہ کرتے۔ ہم نے آپ کو تنگدست بھیجا تاکہ آپ کی اطاعت خالص ہماری رضامندیوں کیلئے ہو۔ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا (اور آپ کا رب سب کو خوب دیکھتا ہے) اس چیز کا صواب وہی جانتا ہے۔ جس میں کسی کا ابتلاء ہے۔ نمبر۲۔ اس کا صواب جانتے ہیں جو صبر کرنے والا اور گھبراہٹ کا اظہار کرنے والا ہے۔ ترجمہ محل نظر ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ

اوران لوگوں نے کہا جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے کہ ہمارے اوپر فرشتے کیوں نہ نازل کئے گئے یا یہ کیوں نہ ہوا کہ ہم رب کو دیکھ لیتے، بلاشبہ

اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ

انہوں نے اپنے نفسوں کو بڑا سمجھا اور انہوں نے بڑی سرکشی اختیار کی، جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن مجرمین کے لئے کوئی بشارت کی چیز

لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ

نہیں ہوگی، اور وہ کہیں گے ہٹاؤ اور بچاؤ، اور انہوں نے جو بھی عمل کئے تھے ہم ان کی طرف متوجہ ہو کر فضاء میں نظر آنے والے مٹی کے باریک

هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾

ذرات بنادیں گے، اس دن جنت والے بہتر ہوں گے ٹھہرنے کی جگہ کے اعتبار سے اور آرام کرنے کی جگہ کے اعتبار سے

## ہمارے پاس فرشتے کیوں نہیں آتے:

۲۱: وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَ نَا (اور کہتے ہیں وہ لوگ جو ہم سے ملاقات کی امید نہیں رکھتے) لا یرجون کا معنی امید نہ رکھنا۔ لقاءنا ہماری ملاقات خیر کے ساتھ کیونکہ وہ کافر ہیں بعث پر ان کا ایمان نہیں ہے۔ نمبر۲۔ وہ ہمارے عذاب سے نہیں ڈرتے خواہ اس وجہ سے کہ جو شخص امیدوار ہو وہ اپنی امید کے متعلق خوف زدہ کی طرح مضطرب ہوتا ہے۔ نمبر۳۔ رجاء اہل تہامہ کی لغت میں خوف کے معنی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

لَوْلَا یہ هَلَّا کے معنی میں ہے۔ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ (کیوں نہیں اتارے جاتے ہم پر فرشتے) بطور رسول انسانوں کی بجائے نمبر۲۔ نبوت کی صداقت پر گواہ اور دعوی رسالت پر شاہد بنا کر اَوْ نَرٰى رَبَّنَا (یا کیوں نہیں ہم دیکھتے اپنے رب کو) سامنے تا کہ وہ ہمیں خود ان کی رسالت کی اطلاع دے اور اس کی اتباع کا حکم دے لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ (یہ لوگ اپنے دلوں میں اپنے کو بہت بڑا سمجھ رہے ہیں) حق کے متعلق ان کے ضمائر میں تکبر بھرا ہوا ہے اور وہ کفر و عناد ہے جو ان کے دلوں میں پایا جاتا ہے۔ وَعَتَوْا (وہ حد سے آگے نکل گئے) ظلم میں وہ حد سے تجاوز کر گزرے۔ عُتُوًّا كَبِيْرًا (بہت بڑا آگے نکلنا) العتو کی صفت کبیر کے لفظ سے فرما کر افراط میں ان کے مبالغہ کو ثابت کیا مطلب یہ ہے انہوں نے صرف اس بڑی بات پر جسارت ہی نہیں کی بلکہ وہ تو تکبر کی انتہاء اور سرکشی کی آخری حد کو پھاند چکے۔ لام قسم محذوف کے جواب میں آئی ہے۔

## جب فرشتے سامنے آئیں گے تو وہ ان کے غم کا دن ہوگا:

۲۲: يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ (جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے) یعنی موت کے دن یا بعث کے دن۔

نَحو: یوم اس فعل کی وجہ سے منصوب ہے جس پر لَا بُشْرٰى دلالت کرتا ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے یوم یرون الملائکة

یمنعون البشرٰی۔ جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے وہ بشارت سے روک دیئے جائیں گے۔ لَا بُشْرٰی یَوْمَئِذٍ (اس دن کوئی خوشی کی بات نہ ہوگی۔)

نحو : یہ یوم یرون کی تاکید ہے نمبر۲۔ اذکر مضمر ہے ای اذکر یوم یرون الملائکۃ پھر خبر دی لابشرٰی بالجنہ یومئذ (اس دن ان کو جنت کی خوشخبری نہ ہوگی) یہ یرون کی وجہ سے منصوب نہیں کیونکہ مضاف الیہ مضاف میں عمل نہیں کرتا اور نہ یہ بشرٰی کی وجہ سے منصوب ہے کیونکہ وہ مصدر ہے۔ اور مصدر اپنے ماقبل پر عامل نہیں ہوتا اور دوسری وجہ یہ بھی ہے لا سے جس کی نفی آتی ہے وہ لا کے ماقبل میں عمل نہیں کرتا۔

لِلْمُجْرِمِیْنَ (مجرمین کیلئے) ضمیر کی جگہ اسم ظاہر کو لائے نمبر۲۔ یہ عام ہے اپنے عموم کو شامل ہے۔ اور اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو گناہوں کو کمانے والے ہیں مراد اس سے کافر ہیں کیونکہ مطلق اسماء سے مکمل افراد مراد ہوتے ہیں۔ وَیَقُوْلُوْنَ (اور وہ کہتے ہیں) یعنی ملائکہ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا (پناہ ہے پناہ ہے) تم پر خوشخبری مکمل حرام ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارے حق میں حرام کر دیا بلاشبہ بشارت ایمان والوں کیلئے ہوگی۔

نحو : الحجر یہ مصدر ہے اس میں کسرہ وفتحہ دونوں لغات ہیں۔ یہ حجرہٗ سے لیا گیا ہے جس کا معنی منع کرنا ہے۔ یہ ان مصادر میں سے ہے جو ایسے افعال کی وجہ سے منصوب ہیں جن افعال کا اظہار متروک ہے۔ محجوراً یہ حجر کے معنی کی تاکید کیلئے مصدر منصوب لایا گیا ہے۔ جیسا کہتے ہیں موت مائت۔

## بادشاہ کی مخالفت کی تمثیل :

۲۳: وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا (اور ہم ان کے ان اعمال کی طرف جو وہ پہلے کر چکے تھے۔ متوجہ ہونگے پس ان کو بکھرا ہوا غبار بنا دیں گے) یہ آیت ھبآء کی صفت ہے۔ یہاں قدوم کا کوئی مطلب نہیں لیکن ان لوگوں کے احوال اور اعمال کو جو وہ کفر کی حالت میں بھی انجام دیتے رہے مثلاً صلہ رحمی، مظلوم کی اعانت، میزبانی وغیرہ کو اس آدمی کی حالت کے ساتھ بطور تمثیل وتشبیہ بیان کیا جس نے اپنے بادشاہ کی مخالفت کی اور اس کا نافرمان ہوگیا۔ پس بادشاہ نے اس کے حمایتوں اور اس کے ہاتھوں میں جتنا کچھ تھا سب کا قصد کر کے سب کچھ کو تہس نہس کر دیا اور ان میں سے کسی چیز کا نشان تک باقی نہ چھوڑا ہو۔

الھباء ۔ سورج کی روشنی کے ساتھ روشندان میں اڑتے ذرات جو نظر آتے ہیں بکھرے غبار سے تشبیہ یہ استعارہ ہے کہ ان کے اعمال اس طرح ہوگئے کہ نہ وہ اجتماع کو قبول کرتے ہیں اور نہ انتفاع کو اگلی آیت میں اہل جنت کو اہل نار پر حاصل ہونے والی فضیلت کا ذکر فرمایا۔

۲۴: اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ یَوْمَئِذٍ خَیْرٌ مُّسْتَقَرًّا ( جنتی اس دن قرارگاہ کے اعتبار سے بہت بہتر ہونگے) مستقراً یہ تمیز ہے المستقر سے مراد وہ مکان ہے جس میں وہ اکثر اوقات بیٹھیں اور باتیں کریں گے۔ وَّ اَحْسَنُ مَقِیْلًا (ٹھکانہ کے اعتبار سے بہت اچھے ہونگے)۔ مقیلاً سے وہ ٹھکانہ جس کی طرف آرام لینے اور بیویوں سے تمتع کرنے کیلئے رجوع کرتا ہو۔ جنت میں نیند نہیں ہے۔ لیکن حوروں کے ساتھ آرام کے مقام کو بطور تشبیہ مقیل فرمایا روایات میں ہے کہ حساب سے آدھے دن میں فراغت پالیں گے اور

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿٢٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ط

اس وقت کو یاد کرو جب آسمان بادلوں سے پھٹ جائے گا اور بکثرت فرشتے نازل کئے جائیں گے، آج بادشاہت رحمٰن ہی کے لئے ہے،

وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿٢٦﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ

اور یہ دن کافروں پر سخت ہو گا — اور اس دن کو یاد کرو جس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو اپنے دانتوں سے کاٹے گا اور یوں کہے گا

يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿٢٧﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿٢٨﴾

کاش میں رسول کے ساتھ راستہ بنا لیتا، — ہائے میری بربادی کاش میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا،

لَقَدْ اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِىْ ط وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿٢٩﴾ وَقَالَ

البتہ اس نے مجھے اس کے بعد ذکر سے ہٹا دیا جبکہ میرے پاس ذکر آ گیا تھا اور شیطان انسان کو بے یارو مددگار چھوڑنے والا ہے، — اور رسول کا

الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿٣٠﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ

کہنا ہوگا — کہ اے رب میری قوم نے اس قرآن کو نظر انداز کر رکھا تھا، — اور اسی طرح ہم نے مجرم لوگوں میں

نَبِىٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ط وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿٣١﴾

ہر نبی کے لئے دشمن بنائے ہیں — اور ہدایت دینے اور مدد کرنے کو آپ کا رب کافی ہے۔

اہل جنت جنت میں جا کر قیلولہ کریں گے اور اہل نار نار میں۔ احسن کا لفظ لا کر تہکم مقصود ہے۔

## قیامت کا ایک منظر:

۲۵: وَيَوْمَ اس سے پہلے اذکر فعل محذوف ہے تَشَقَّقُ السماءُ (جس دن آسمان پھٹ جائے گا) تشقق اصل میں تتشقق ہے ایک تاء کو حذف کر دیا۔ کوفی اور ابوعمر و اور دیگر قراء نے اس کو شین میں ادغام کیا ہے۔ بِالْغَمَامِ (بادلوں کے ساتھ) جب آسمان کا پھٹنا بادلوں کے ظاہر ہونے کے ساتھ ہوگا تو بادلوں کو اس طرح قرار دیا گیا گویا کہ اس سے آسمان پھٹ جائے گا۔ جب تم کہو شق السنام بالشفرة و انشق بها۔ اس نے کوہان کو تلوار سے چیر دیا وہ تلوار سے پھٹ گئی۔ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا (اور فرشتے اتار ے جائیں گے اتارنا)۔

قراءت: نُنزل مکی نے پڑھا ہے۔ اس صورت میں تنزیلاً مصدر غیر لفظ فعل مانا جائے گا۔ مطلب یہ ہوگا کہ آسمان سے سفید بادل ظاہر ہوگا۔ جس سے آسمان پھٹ جائے گا۔ اور بادلوں میں سے فرشتے اتریں گے جن کے ہاتھوں میں انسانوں کے صحائف اعمال ہونگے۔

۲۶: اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ( بادشاہی اس دن رحمان ہی کی ہوگی ) المُلك مبتدأ اور یومئذ اس کا ظرف اور الحق اس کی صفت ہے۔الحق ثابت کو کہتے ہیں۔ کیونکہ تمام عارضی بادشاہتیں اس دن باقی نہ رہیں گی۔ فقط اس کی بادشاہی ہوگی۔ لِلرَّحْمٰنِ (رحمان کی) یہ اس کی خبر ہے وَكَانَ (ہوگا) وہ دن يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ( کافروں پر دشوار ) عسیر کا معنی شدید ہے جیسے کہتے ہیں عَسُر علیه فهو عسیر و عَسِر (اس پر دشوار ہوا) اسی سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ مؤمنوں کیلئے آسان ہوگا۔ حدیث میں فرمایا قیامت کا دن مؤمن کیلئے فرضی نماز سے بھی زیادہ خفیف اور ہلکا ہوگا۔ ( رواہ، احمد و ابویعلیٰ )

## کفار کی حسرت وغیظ:

۲۷: وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ ( اور جس روز ظالم اپنے دانتوں سے اپنے ہاتھ کاٹے گا ) عض الیدین یہ حسرت وغیظ سے کنایہ ہے کیونکہ ہاتھ کاٹنا اس کا ردیف ہے پس بعد میں آنے والے کا ذکر کر کے اصل پر دلالت کر دی۔ اس سے کلام کا مرتبۂ فصاحت بھی انتہائی بلند ہو گیا اس کو سن کر سامع پر ایسا رعب طاری ہوتا ہے جو اصل کو سن کر نہیں ہوتا۔ الظالم نمبر۱۔ میں الف لام عہد خارجی کا ہے اس سے ظاہر مراد عقبہ بن ابی معیط ہے۔ نمبر۲۔ الف لام جنس کا ہے اس صورت میں عقبہ اور اس جیسے دیگر کفار کو بھی شامل ہوگا۔

يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ ( کہے گا کاش میں پکڑ لیتا ) دنیا میں مَعَ الرَّسُوْلِ (رسول کے ساتھ ) حضرت محمد ﷺ الرسول سے مراد ہیں۔ سَبِيْلًا ( راستہ ) نجات کی راہ اور جنت کی راہ اور وہ ایمان ہے۔

۲۸: يٰوَيْلَتٰى (ہائے افسوس)۔

## ظالم کا افسوس:

قراءت: یہ یاویلتی یاء کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔ اور وہ اصل ہے کیونکہ آدمی اپنی ہلاکت کو بلاتا ہے اور اس کو کہتا ہے اے میری ہلاکت آجا یہ تیرا زمانہ ہے البتہ یاء کو الف سے اسی طرح بدلا جیسا صحاریٰ اور مداریٰ میں۔ لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ( کاش میں فلاں کو دوست نہ بناتا ) فلان کا لفظ علم سے کنایہ ہے اگر ظالم سے عقبہ بن ابی معیط مراد ہو جیسا کہ روایت میں آیا ہے کہ اس نے ایک دن ضیافت کا انتظام کیا اور رسول ﷺ کو بھی اس میں دعوت دی آپ نے اس کا کھانا کھانے سے انکار کر دیا۔ اور فرمایا جب تک شہادتین کا اقرار نہ کرے گا میں تیرا کھانا نہ کھاؤں گا اس نے اسی طرح کر دیا اس کے دوست ابی بن خلف نے کہا میں تیرا چہرہ نہ دیکھوں گا۔ اور تو میرا چہرہ نہ دیکھ پائیگا۔ صرف ایک صورت ہے کہ کفر کی طرف لوٹ آ اور اسلام سے ارتداد اختیار کر لے۔ اب مطلب یہ ہوا کہ وہ قیامت کو کہے گا کاش میں ابی بن خلف کو دوست نہ بناتا اس کے نام سے فلاں کہہ کر کنایہ کیا گیا اگرچہ مراد جنس ہے ہر وہ آدمی جو گمراہوں میں سے کسی کو دوست بنائے تو وہ اپنے خلیل کیلئے بہر صورت اسم علم ہوگا۔ پس اس سے کنایہ بن جائے گا۔

ایک قول: یہ شیطان سے کنایہ ہے۔

## شیطان کی گمراہی:

۲۹: لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ (اس نے مجھے اللہ تعالیٰ کی یاد سے گمراہ کیا) الذکر سے ذکر اللہ مراد ہے۔ نمبر۲۔ قرآن مراد ہے۔ نمبر۳۔ ایمان مراد ہے۔

بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ (اس کے بعد کہ وہ میرے ہاں آچکا) اللہ تعالیٰ کی طرف سے وَکَانَ الشَّیْطٰنُ (اور شیطان ہے) اس کا خلیل۔ اس کو شیطان اس لئے کہا کیونکہ اس نے اس کو اسی طرح گمراہ کیا جیسا شیطان گمراہ کرتا ہے۔ نمبر۲۔ ابلیس لعین مراد ہے کیونکہ اسی نے گمراہ کی دوستی پر اسے برانگیختہ کیا اور رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت پر ابھارا۔ لِلْاِنْسَانِ (انسان کیلئے) جو اس کا مطیع بن جاتا ہے۔ خَذُوْلًا (یہ رسوا کرنے والا) یہ خذلان سے مبالغہ ہے۔ اس کی عادت یہ ہے کہ جو اس سے دوستی اختیار کرتا بالآخر گمراہ کر کے اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ نمبر۱۔ یہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی حکایت ہے۔ نمبر۲۔ ظالم کے کلام کی حکایت ہے۔

## شکایتِ رسول:

۳۰: وَقَالَ الرَّسُوْلُ (اور کہیں گے رسول) صلی اللہ علیہ وسلم یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی (اے میرے رب میری قوم) قریش نے اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا (اس قرآن کو متروک کر رکھا تھا) مہجور کا معنی متروک ہے اس کو چھوڑ دیا اور اس پر ایمان نہ لائے یہ ہجران سے لیا گیا ہے یہ اتخذوا کا دوسرا مفعول ہے اس میں شکایت کو بہت بڑا کر کے ظاہر کیا گیا اور قریش کو ڈرایا گیا کیونکہ انبیاء علیہم السلام جب اقوام کا بارگاہ میں شکوہ کرتے ہیں تو ان کی مہلت تمام ہو کر عذاب ٹوٹ پڑتا ہے۔

۳۱: وَکَذٰلِکَ جَعَلْنَا لِکُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِیْنَ وَ کَفٰی بِرَبِّکَ ھَادِیًا وَّنَصِیْرًا (اسی طرح ہم نے مشرکوں میں ہر پیغمبر کے دشمن بنا دیئے تھے۔ اور آپ کا رب آپ کو راستہ بتانے والا اور آپ کی مدد کرنے والا کافی ہے) یعنی اس طرح ہر پیغمبر کو اپنی قوم کو عدوات سے سابقہ پڑا اور آپ کے لئے آپ کا رب کافی ہے جو مغلوبیت کے راستہ کی طرف ان کو لے جا رہا ہے اور ان سے بدلہ لے گا اور آپ کی ان کے خلاف مدد فرمائے گا۔

نحو: عدو کا لفظ واحد و جمع دونوں ہوسکتا ہے۔ باء زائدہ ہے اے کفی ربك ھا دیا ۔ ھادیًا یہ تمیز ہے۔ ھَادِیًا وَّنَصِیْرًا۔

مع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۛ

اور کافروں نے کہا کہ ان پر قرآن ایک ہی مرتبہ کیوں نازل نہ کر دیا گیا،ہم نے اسی طرح نازل کیا ہے،

لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝۳۲ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ

تا کہ اس کے ذریعہ ہم آپ کے دل کو قوی رکھیں اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر اتارا ہے، اور یہ لوگ آپ کے سامنے کیسا ہی عجیب سوال کریں ہم ضرور اس کا ٹھیک جواب خوب

وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ۝۳۳ۭ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا

وضاحت میں بڑھا ہوا آپ کو عطا کر دیں گے جو لوگ اپنے چہروں کے بل جہنم کی طرف جمع کئے جائیں گے یہ لوگ جگہ کے اعتبار سے بھی بدترین ہیں

ع ۳ ۴ وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۳۴ ع

اور طریقہ میں بھی بہت گمراہ ہیں۔

## قرآن اکٹھا کیوں نہ اُترا:

۳۲: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (اور کافروں نے کہا) کافر سے یہاں قریش مکہ یا نمبر۲۔ یہود مراد ہیں۔ لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً (کیوں اس پر قرآن مجید اکٹھا ایک مرتبہ نہیں اتارا گیا) جملۃ واحدۃ بمعنی اکٹھا اور یہ حال ہے مطلب یہ ہے اس پر قرآن ایک مرتبہ ایک ہی وقت میں کیوں نہیں اتارا گیا جیسا کہ تورات، انجیل وزبور اتاری گئی اس کو متفرق کیوں اتارا جا رہا ہے۔ یہ فضول سوال ہے اور بے جا شک ہے کیونکہ اعجاز قرآنی اور دلائل قرآنی ایک مرتبہ اتارے جانے یا تھوڑا تھوڑا اتارے جانے سے اعجاز نمائی اور حجیت میں چنداں مختلف نہیں ہیں۔ نزل یہاں انزل کے معنی میں ہے ورنہ یہ جملہ واحدہ کے خلاف پڑے گا۔

کفار کا یہ اعتراض بالکل بے حقیقت تھا کیونکہ ان کو ایک سورت لانے کا چیلنج دیا گیا تھا خواہ وہ قرآن کی کوئی چھوٹی سے چھوٹی سورت ہو انہوں نے اس سے اپنے عجز کا اظہار کیا اور مخالفت اور لڑائی پر اتر آئے اور جوش کو صرف کیا حجت ودلیل کی طرف نہیں آئے۔

كَذٰلِكَ (اسی طرح) اس میں ان کو جواب دیا گیا یعنی قرآن مجید کو تھوڑا تھوڑا کر کے بیس سال میں اتارا۔ یا تیئس سال اور کذلک میں لولا انزل علیہ القرآن جملۃ کے مدلول کی طرف اشارہ کیا گیا کیونکہ اس کا معنی یہ ہے تم پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے کیوں اتارا گیا؟ تو جواب دیا اسی طرح پس اس کے فوائد کو تم بھی جان لو نمبر۱۔ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ (تا کہ اس سے تیرے دل کو مضبوط کر دیں۔ اس کے متفرق اتارنے سے آپ کے دل کو مضبوط کر دیں۔ نمبر۱۔ یہاں تک کہ تو اس کو یاد کرے اور محفوظ کرے کیونکہ جس کو تلقین کی جائے اس کا دل علم کی کسی چیز کو یاد کرنے کیلئے آہستہ آہستہ قوی ومضبوط ہوتا چلا جاتا ہے اور ایک جزو کے بعد دوسرا جزو اپنانے کیلئے۔ اگر ایک مرتبہ ہی اس پر ڈالا جاتا ہے تو وہ اس کے یاد کر لینے سے عاجز آ جاتا ہے۔

نمبر۲۔آپ کے دل کو اکتاہٹ سے بچانے کیلئے متواتر قرآن کو پہنچایا اور جبرئیل علیہ السلام کو بھیجا کیونکہ محب کا دل محبوب کے خطوط و پیغامات مسلسل آنے سے پُرسکون ہوتا ہے۔وَ رَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا (اور ہم نے اس کو پڑھا الگ الگ ) اس کا عطف اس فعل پر ہے جس کے متعلق کذلک ہے گویا اس طرح فرمایا کذلك فرقناه ورتلناه یعنی ہم نے ایک آیت کے بعد دوسری آیت سے اندازہ کیا۔وقفہ کے بعد وقفہ سے۔نمبر۲۔ہم نے اس کی قراءت میں ترتیل کا حکم دیا اور اس معنی کو دوسری آیت میں اس طرح بیان فرمایا ورتل القرآن ترتیلا۔[المزمل:۴] (یعنی اس کو ترتیل سے پڑھ اور ٹھہر ٹھہر کر ) نمبر۳۔ہم نے اس کو خوب کھول کر بیان کیا اور الترتیل الگ الگ ،صاف صاف ٹھہر کر پڑھنا۔

۳۳:وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ (وہ نہیں لاتے آپ کے پاس کوئی عجیب سوال ) مثل سے یہاں عجیب سوال مراد جو وہ باطل سوالات کرتے رہتے تھے۔گویا باطل ہونے میں ایک مثال ہے۔اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ (مگر ہم آپ کو اس کا صحیح جواب عطاء کر دیتے ہیں ) مگر ہم آپ کے پاس صحیح تردید جس سے بھاگنے کا راستہ نہ ہو لے آتے ہیں۔وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا (اور بہترین تشریح کے ساتھ ) اور اس چیز کے ساتھ جو معنی میں زیادہ خوب ہو اور اس کے سوال کا جواب بھی ہو۔یہاں منْھم کا لفظ حذف کر دیا گیا کیونکہ خود کلام میں اس حذف کی دلیل ہے جیسا کہ تم کہو: رأيت زيدًا وعمروا وكان عمرو احسن وجهًا اس میں دلیل ہے کہ تمہارا مقصود احسن وجهًا من زيد ہے۔جب تفسیر خود کلام کی دلالت کو کھولنے والی ہے تو اس کو اس کے معنی کی جگہ رکھ دیا گیا۔چنانچہ کہتے ہیں تفسیر هذاالكلام كيت و كيت ۔جیسا کہا گیا ہے اس کا معنی كذا وكذا اولا يا تونك بحال و صفة عجيبة کیا وہ نہیں لاتے کسی حالت میں کوئی عجیب بات یہ کہتے ہوئے کیونکر قرآن اس پر اکٹھا نہیں اتارا گیا مگر ہم آپ کو ایسے حالات لاتے ہیں جن احوال کے آپ ہماری حکمت کے مطابق مستحق ہیں اور وہ حالات زیادہ واضح کرنے والے ہیں اس چیز کو جو آپ دیکر بھیجے گئے ہیں اور نبوت کی درستگی پر دلالت کرنے والے ہیں۔مقصد یہ ہے کہ قرآن کا تھوڑا اترنا اور ان کو یہ چیلنج دینا کہ بعض حصہ قرآن کا مقابلہ میں قرآن بنا کر لائیں مگر ایسا کرنے سے وہ عاجز ہیں تو پورے قرآن کے مقابلہ سے خود عاجز ہو گئے کیونکہ قرآن سارا معجزہ ہے۔

۳۴:اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ (وہ لوگ جن کو منہ کے بل جہنم کی طرف ہنکا کر لے جایا جائے گا وہ بدتر ہوں گے )

نحو :الذين مبتدأ اور اولٰئك مبتدأ ثانی اور شرٌّ خبر ہے اور اولئك بمع شرٌّ الذين کی خبر ہے۔

مَّكَانًا (مقام کے اعتبار سے ) مقام و مرتبہ یا رہائش وٹھکانہ وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا (اور طریقہ میں بھی بہت گمراہ ہوں گے ) یعنی راستہ کے لحاظ سے خطاء کرنے والے ہونگے یہ اسناد مجازی ہے مطلب یہ ہے کہ تمہیں ان سوالات پر یہ چیز آمادہ کرتی ہے کہ تم اسکے راستہ کو گمراہی قرار دیتے ہو اور اسکے مقام و مرتبہ کو حقیر قرار دیتے ہو۔اگر تم انصاف کی آنکھ سے دیکھتے اس حال میں کہ تمہیں جہنم پر منہ کے بل گھسیٹا جا رہا ہو۔تو تمہیں معلوم ہو جائے کہ تمہارا مقام انکے مقام سے بہت برا اور تمہارا راستہ گمراہی میں بہت بڑھا ہوا ہے۔ قرآن مجید میں اسی کا ذکر فرمایا۔قل هل انبئكم بشرٍ من ذلك مثوبة عند الله من لعنه الله وغضب عليه۔[المائدہ:۶۰]

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿۳۵﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور ان کے ساتھ ان کے بھائی کو وزیر بنا دیا، پھر ہم نے دونوں کو حکم دیا کہ اس قوم کی طرف

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ

چلے جاؤ جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا، پھر ہم نے اس قوم کو بالکل ہی ہلاک کر دیا، اور ہم نے قوم نوح کو ہلاک کیا جبکہ انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا،

اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۠

ہم نے انہیں غرق کر دیا اور ان کو لوگوں کے لئے عبرت بنا دیا، اور ہم نے ظالموں کے لئے دردناک عذاب تیار کیا ہے، اور ہم نے عاد اور ثمود کو

وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا

اور اصحاب الرس کو اور ان کے درمیان بہت سی قوموں کو ہلاک کیا اور ان میں سے ہر ایک کے لئے ہم نے امثال بیان کیں، اور ہر ایک کو ہم نے پوری طرح

تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا

ہلاک کر دیا، بلاشبہ یہ لوگ اس بستی پر گزرے ہیں جس پر بری بارش برسائی گئی کیا یہ اسے نہیں دیکھتے

يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ

رہے، بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ موت کے بعد اٹھنے کی امید ہی نہیں رکھتے، اور جب وہ آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ کا مذاق ہی اڑاتے ہیں

اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا

کیا یہی شخص ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے، اس نے تو ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹا ہی دیا ہوتا اگر ہم ان پر جمے ہوئے

عَلَيْهَا ؕ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ

نہ رہتے، اور جس وقت یہ لوگ عذاب کو دیکھیں گے اس بات کو جان لیں گے کہ کون شخص راہ سے ہٹا ہوا تھا، کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے

اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ لا اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ

اپنا معبود اپنی خواہش کو بنا لیا، سو کیا آپ اس کے وکیل ہیں، آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر

يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾ ع ع۴ ۱۰ ۲

سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں، یہ لوگ محض چوپایوں کی طرح سے ہیں، بلکہ ان سے بھی زیادہ بے راہ ہیں۔

## حشر کی تین قسمیں:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے قیامت کے دن لوگوں کا حشر تین قسم پر ہوگا۔ نمبرا۔ جانوروں پر سوار۔ نمبر۲۔ پیدل ۳۔ چہروں کے بل، عرض کیا گیا یا رسول اللہ! وہ چہروں کے بل کیسے چلیں گے تو ارشاد فرمایا جس نے ان کو پاؤں سے چلایا وہی ان کو چہروں کے بل چلائے گا۔ [احمد، ترمذی]

## موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کی فرعون کی طرف بعثت:

۳۵: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ ( تحقیق ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی ) تورات جیسا کہ آپ کو قرآن دیا۔ وَ جَعَلْنَا مَعَهٗۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا (اور ہم نے ان کے ساتھ ان کے بھائی ہارون کو مددگار بنا دیا)۔

نحو : ہارون یہ اخاہ کا بدل ہے یا عطف بیان ہے۔ وَزِيْرًا مددگار۔ لغت میں اس کو کہتے ہیں جس کی رائے کی طرف رجوع کیا جاتا ہو اور جس کی رائے باعث تحصین ہو یہ الوزر سے لیا گیا ہے جس کا معنی پناہ گاہ ہے اور وزارت نبوت کے منافی نہیں۔ ایک زمانہ میں انبیاء علیہم السلام کو بھیجا جاتا اور ان کو ایک دوسرے کی مدد کا حکم دیا جاتا۔

۳۶: فَقُلْنَا اذْهَبَاۤ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ( اور ہم نے کہہ دیا کہ تم دونوں اس قوم کے پاس جاؤ جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلا دیا ہے ) مراد فرعون اور اس کی قوم ہے۔ تقدیر کلام اس طرح ہے۔ **فذهبا اليهم و انذر افكذ بوهما**۔ وہ ان کے پاس دونوں گئے اور ان کو ڈرایا مگر انہوں نے جھٹلا دیا۔

## تکذیب کی وجہ سے فرعونیوں کو ہلاک کر دیا:

فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا (پس ہم نے ان کو ملیا میٹ کر دیا) التدمیر کسی عجیب انداز سے ہلاک کرنا۔ قصہ کو مختصر فرمایا اس کا اول و آخر ذکر کر دیا۔ کیونکہ مقصود قصہ یہی ہے۔ میری مراد یہ ہے کہ بعثِ رسل کے ذریعہ حجت تمام کر دی جائے اور تکذیب کی وجہ سے استحقاق عذاب ظاہر کر دیا جائے۔

## قوم نوح اور دیگر ہلاک شدہ اقوام کی طرف اشارہ:

۳۷: وَقَوْمَ نُوْحٍ ( اور قوم نوح کو ) یعنی ہم نے قوم نوح کو ہلاک کر دیا۔ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ ( جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا ) یعنی نوح علیہ السلام اور ادریس علیہ السلام کو یا ایک کی تکذیب تمام کی تکذیب ہے۔ اَغْرَقْنٰهُمْ (ہم نے ان کو ڈبو دیا) طوفان کے ذریعہ وَجَعَلْنٰهُمْ (اور ہم نے بنا دیا ان کو) یعنی ان کے غرق یا واقعہ کو لِلنَّاسِ اٰيَةً (لوگوں کیلئے نشانی) عبرت جس سے وہ عبرت حاصل کرتے ہیں۔ وَاَعْتَدْنَا (ہم نے تیار کر رکھا ہے) لِلظّٰلِمِيْنَ (ظالموں کیلئے) قوم نوح کیلئے اور اصل عبارت اس طرح ہے **واعتدنا لهم** مگر ان کا ظلم بیان کرنے کیلئے ظالمین کی بجائے ضمیر لائے۔ نمبر۲۔ یہ ہر اس آدمی کیلئے عام ہے جو شرک والا ظلم ڈھانے والا ہو اور اپنے عموم کی وجہ سے ان کو بھی شامل ہوگی۔ عَذَابًا اَلِيْمًا (دردناک عذاب) مراد آگ۔

۳۸: وَّ عَادًا وَّ ثَمُوْدَا ( اور عاد و ثمود کو ہم نے ہلاک کر دیا۔)

قراءت: حمزہ، حفص نے قبیلہ کی تاویل سے بلاتنوین پڑھا۔اور دیگر قراء نے ثمود تنوین سے پڑھا خاندان کی تاویل نمبر ۳۔ یہ بڑے باپ کا نام ہے۔

وَاَصْحٰبُ الرَّسِّ (کنوئیں والے) یہ قوم شعیب علیہ السلام ہے۔ وہ بتوں کی عبادت کرتے تھے۔انہوں نے شعیب کو جھٹلایا ایک دن وہ کنوئیں کے گرد تھے۔کنوئیں کی دیواریں گریں اوران کو زمین میں گھروں سمیت دھنسا دیا۔

ایک قول یہ ہے کہ الرس ایک بستی کا نام ہے انہوں نے اپنے پیغمبر کو قتل کر دیا جس کے نتیجہ میں سب کو ہلاک کر دیا گیا۔اور ایک قول یہ ہے یہی اصحاب اخدود ہیں۔الرس خندقوں کو کہا جاتا ہے۔وَقُرُوْنًا (اورزمانہ والوں کوہم نے ہلاک کیا)۔بَيْنَ ذٰلِكَ (ان کے مابین) كَثِيْرًا (بہت) جن کو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے ان کے رسولوں کو بھیجا۔انہوں نے جھٹلایا تو ان کو ہلاک کر دیا گیا۔

۳۹: وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ( تمام کیلئے ہم نے مثالیں بیان کیں) یعنی پہلے لوگوں کے عجیب عجیب واقعات بیان کیے۔وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا (ہم نے تمام کو برباد کر دیا) ان کو بالکل ہلاک کر دیا۔

نحو: پہلا کلاً انذرنا کی وجہ سے محذوف یا حذرنا کی وجہ سے اور دوسرا کلًا تبرنا کی وجہ سے محذوف ہے وہ اس کے لئے فارغ ہے۔

۴۰: وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ (اور تحقیق ان کا گزر اس بستی کی طرف سے ہوتا ہے۔)

نحو: اتوا کا فاعل اہل مکہ ہیں۔

القریہ سے مراد سدوم وغیرہ ہیں۔یہ قوم لوط کا سب سے بڑا مرکزی شہر تھا۔کل پانچ شہر تھے چار کو اللہ تعالیٰ نے اہل سمیت ہلاک کر دیا۔اور ایک ان میں سے باقی رہ گیا۔

الَّتِيْ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ (جن پر بری بارش کی گئی) یعنی اللہ تعالیٰ نے ان پر پتھر برسائے۔قریش مکہ کا اکثر قافلوں میں گزر ان بستیوں کے پاس سے ہوتا تھا یہ شام کی شارع پر واقع ہوتے تھے۔ان بستیوں کو پتھروں کی آسمانی بارش سے ہلاک کر دیا گیا۔

نحو: مطر السوء یہ مفعول ثانی ہے۔اور اصل عبارت اس طرح ہے امطرت القریۃ مطراً نمبر ۲۔مصدر محذوف الزوائد ہے یعنی امطار السوء۔

اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا (کیا یہ اس بستی کو دیکھا نہیں کرتے) کیا انہوں نے شام کی طرف سفر میں آنکھوں سے نہیں دیکھا۔ پھر ان کو سوچ کر ایمان لانا چاہیے تھا۔بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا (بلکہ وہ دوبارہ اٹھنے کی امید نہیں رکھتے) بلکہ یہ لوگ تو بعث کے انکاری ہیں۔یہ بعث سے نہ ڈرتے اور نہ ہی اس پر ایمان رکھتے ہیں۔نمبر ۲۔ان کو اٹھنے کی امید نہیں جیسا کہ مؤمن امید کرتے ہیں کیونکہ مسلمانوں کو اپنے اعمال کے ثواب کی طمع ہے۔

۴۱: وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ (اور جب آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ کا مذاق بنا لیتے ہیں)

نحو: ان نافیہ ہے۔

## استہزائے کفار:

اِلَّا هُزُوًا اتخذ هزوًا کا معنی استهزا بہ ہے اور اصل اتخذه موضع هزؤ یامهزوء ا بہ آپ کو استہزاء کی جگہ بنا لیتے ہیں یا مسخرہ بنا لیتے ہیں۔ اَهٰذَا الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا (کیا یہ وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے رسول بنایا ہے) قول کو مضمر قرار دیکر هذا کو بطور استہزاء تحقیر لائے۔ ای قائلین اهذا۔ وہ یہ کہتے ہیں کیا یہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے رسول بنایا ہے اور محذوف حال ہے اور الذی کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف ہے۔ ای بعثهٗ۔

۴۲: اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا (قریب تھا کہ ہم کو ہمارے معبودوں کی طرف سے بہکالیتا۔ اگر ہم ان معبودوں پر جمے نہ رہتے)۔

نحو: ان مخففة من المثقلة ہے اور لام اس کی دلیل ہے۔ قریش کو دعوت دینے میں آپ ﷺ کیلئے کس قدر مشکلات تھیں اور ان کے سامنے معجزات کے پیش کرنے میں کتنا بڑا مجاہدہ تھا۔ کہ وہ اپنے خیال کے مطابق اپنا دین چھوڑنے کے قریب پہنچ گئے تھے۔ اگر وہ اس پر اصرار نہ کرتے اور اپنے معبودوں کی عبادت کو تھامے نہ رکھتے۔

وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ (وہ عنقریب جان لیں گے جب کہ وہ عذاب کو ملاحظہ کریں گے) اس میں کفارِ مکہ کیلئے وعید ہے اور یہ بھی دلالت ہے کہ اس کو ترک کرنے پر تیار نہیں خواہ مدتِ مہلت کتنی طویل کر دی جائے۔ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا (کہ راستہ کے اعتبار سے کون گمراہ ہے۔) یہ ان کا دلیضلنا کے جواب کی طرح جملہ لایا گیا ہے کیونکہ اس میں رسول اللہ ﷺ کی طرف انہوں نے ضلال کی نسبت کی ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ دوسرے کو گمراہ وہ کرتا ہے جو خود گمراہ ہو۔

## یہ خواہشات کے پجاری ہیں:

۴۳: اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰهُ (اے پیغمبر ﷺ) آپ نے اس شخص کی حالت دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے) یعنی جس نے کسی چیز کو چھوڑنے اور کرنے کیلئے خواہش کی اطاعت کی تو وہ اپنی خواہش کا پیرو ہے اور اس کو معبود بنانے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کو فرما رہے ہیں۔ اس شخص کو اپنی خواہش ہی معبود نظر آتی ہے آپ اس کو ہدایت کی طرف کس طرح دعوت دے سکتے ہیں۔ روایت میں ہے ایک آدمی اہل جاہلیت میں سے پتھر کو پوجتا تھا جب وہ کوئی خوبصورت پتھر دیکھتا تو پہلا چھوڑ کر دوسرا اٹھا لیتا اور اس کی پوجا شروع کر دیتا۔

قول حسن رحمہ اللہ علیہ: اس سے مراد ہر خواہش پرست ہے۔

اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا (تو کیا آپ اس کے ذمہ دار ہو نگے) یعنی ایسے محافظ جو اتباع خواہشات سے اس کو بچا سکیں اور اپنی من پسند کی عبادت سے اس کو روک لیں۔ نمبر۳۔ کیا آپ کو اس بات پر مقرر کر دیا گیا کہ خواہشات سے موڑ کر اس کو ہدایت پر لگا دیں اس میں آپ ﷺ کو بتلایا کہ آپ کے ذمہ فقط تبلیغ ہے۔

۴۴: اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْيَعْقِلُوْنَ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا (کیا آپ یہ خیال کرتے

ہیں کہ ان کی اکثریت ( کلام اللہ ) کو سنتے یا سمجھتے ہیں وہ نہیں ہیں مگر چوپایوں کی طرح بلکہ جانوروں سے بھی زیادہ گمراہ ۔

نحو : یہ اَم منقطعہ ہے اور اس کا معنی بَل ہے بلکہ کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں گویا پہلے جو مذمت گزری یہ اس سے زیادہ سخت ہے یہاں تک کہ اس سے اضراب کر کے اس کی طرف رجوع کرنا پڑا۔

## تفصیلِ اعراض:

وہ یہ ہے کہ ان کی عقلیں اور قوتِ سمع چھن چکی ہے۔ کیونکہ وہ حق کو سننے کی طرف ذرا کان نہیں دھرتے۔ اور نہ اس میں تدبر کیلئے عقل کو استعمال کرتے ہیں۔ یہ تو ڈھوروں اور ڈنگروں کے مشابہ ہیں جو غفلت و ضلالت میں مثال ہیں ان پر شیطان ان کو ذلیل کرنے کیلئے سوار ہے جس وجہ سے انہوں نے استدلال کو بالکل ترک کر دیا۔ پھر یہ حیوانات سے گمراہی میں بڑھ کر ہیں کیونکہ چوپائے تو اپنے رب کے تسبیح خواں اور سجدہ کناں ہیں اور جو ان کو چارہ ڈالے اس کی بات مانتے ہیں اور محسن و مسئی کی پہچان رکھتے ہیں اور اپنے نفع کے طالب اور دینے والی چیز سے گریزاں ہیں اپنے گھاٹوں اور چراگاہوں کی طرف راستہ پانے والے ہیں۔

یہ اپنے پروردگار کی اطاعت نہیں کرتے۔ نہ اس کے احسانات کو شیطان کی برائیوں سے جدا کر پاتے حالانکہ شیطان تو ان کا دشمن ہے اور یہ ثواب کو جو سب سے بڑا نفع ہے چھوڑنے والے ہیں۔ یہ اس انجام سے لرزاں و ترساں نہیں جو سب سے سخت نقصان اور ہلاکت کی جگہ ہے۔ اور حق کی طرف راہ نہیں پاتے حالانکہ وہ میٹھا اور خوشگوار چشمہ ہے۔

قول علماء: ملائکہ میں روح و عقل اور بہائم میں نفس و خواہش۔ اور آدمی میں تمام بطور ابتلاء و آزمائش اکٹھی کر دیں اگر انسان پر نفس و خواہش نے غلبہ پالیا تو چوپائے اس سے بڑھ گئے اور اس پر روح و عقل کا غلبہ ہو گیا۔ تو یہ معزز ملائکہ سے سبقت لے گیا۔ یہاں الاکثر کا لفظ استعمال فرمایا کیونکہ ان میں بعض وہ تھے جن کو صرف سرداری ہی اسلام کے راستہ سے رکاوٹ تھی اور یہ لا علاج مرض ہے اور اسلئے کہ ان میں وہ بھی تھے جو ایمان لے آئے۔

أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ

اے مخاطب کیا تو نے اپنے رب کی طرف نظر نہیں کی کہ اس نے سایہ کو کیسے پھیلایا ہے، اور اگر وہ چاہتا تو اس کو ٹھہرا ہوا رکھتا، پھر ہم نے آفتاب کو اس پر

عَلَيْهِ دَلِيلًا ﴿٤٥﴾ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضًا يَسِيرًا ﴿٤٦﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا

علامت مقرر کیا، پھر ہم نے اس کو آہستہ آہستہ اپنی طرف سمیٹ لیا، اور وہ ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات کو لباس

وَالنَّوْمَ سُبَاتًا وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ﴿٤٧﴾ وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ

اور نیند کو آرام کی چیز بنایا، اور دن کو پھیل جانے کا وقت بنایا، اور وہ ایسا ہے جس نے اپنی رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں

يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۚ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ﴿٤٨﴾ لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا وَنُسْقِيَهُ

بھیج دیں، اور ہم نے آسمان سے پاک کرنے والا پانی اتارا تاکہ ہم اس کے ذریعے مردہ زمین میں جان ڈال دیں، اور تاکہ یہ پانی ہم اپنی

مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ﴿٤٩﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا فَأَبَىٰ

مخلوق میں سے چوپایوں کو اور بہت سے انسانوں کو پلا دیں، اور ہم اسے ان کے درمیان تقسیم کر دیتے ہیں تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں، لیکن

أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٥٠﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَذِيرًا ﴿٥١﴾ فَلَا تُطِعِ

اکثر لوگ ناشکری کے بغیر نہیں رہتے، اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے، سو کافروں کی

الْكَافِرِينَ وَجَاهِدْهُمْ بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا ﴿٥٢﴾

بات نہ مانیے اور اس کے ذریعہ ان سے خوب بڑا مقابلہ کیجئے۔

## سورج سے سایہ کی پہچان:

۴۵: أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ (کیا تم نے اپنے رب کی صنعت وقدرت کو نہیں دیکھا)۔ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ (کہ کس طرح اس نے سایے کو دراز کیا) اسکو پھیلا کر زمین پر عام کر دیا اور یہ طلوع فجر سے طلوع شمس کے وقت تک ہے۔ جمہور کا قول یہی ہے۔ کیونکہ یہ ایسا دراز سایہ ہے جس کے ساتھ سورج کی شعاعیں بالکل نہیں۔ اور نہ ہی اندھیرا ہے اور یہ اس طرح ہے جیسا جنت کے سایہ کے بارے میں فرمایا وظل ممدود اور نہ اندھیرا ہوگا۔ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا (اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سایہ کو ٹھہرنے والا بنا دیتا) یعنی دائمی بنا دیتے جو کبھی زائل نہ ہوتا اور نہ اس کو سورج ختم کر سکتا۔ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا (پھر ہم نے سورج کو اس سایہ کی دلیل بنا دیا) دلیل کا مطلب یہ ہے کہ سورج سے سایہ کی پہچان ہوتی ہے اگر سورج نہ ہوتو سایہ کی پہچان نہ ہو اشیاء کی پہچان اضداد سے ہوتی ہے۔

۴۶: ثُمَّ قَبَضْنٰهُ ( پھر ہم نے اس کو سمیٹ لیا ) یعنی اس دراز سایے کو سمیٹ لیا۔ اِلَیْنَا (اپنی طرف سے ) مراد جہاں ہم نے چاہا اس طرف قَبْضًا یَّسِیْرًا ( تھوڑا تھوڑا کر کے ) آسانی کے ساتھ اس میں تکلیف قطعاً نہ تھی۔ نمبر۲۔ آہستہ آہستہ یعنی ایک ایک جزو کر کے اس سورج کے ذریعہ جو اس پر آتی ہے۔

فَائِدَہ : یہاں ثُمَّ امور کے مابین تفاضل کیلئے استعمال ہوا ہے گویا دوسرا پہلے سے بہت بڑا ہے اور تیسرا دوسرے سے بھی اعظم تر ہے فضیلت کے مراتب میں فرق کو وقت میں پیش آئندہ حوادث سے تشبیہ دی۔

## نیند و بیداری موت و حیات کے مشابہ ہے:

۴۷: وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا (اور وہی رب تو ہے جس نے تمہارے لئے رات کو لباس بنایا) ڈھانپنے والے اندھیرے کو لباس کی مانند قرار دیا۔ وَّ النَّوْمَ سُبَاتًا (اور نیند کو آرام ) تمہارے ابدان کی راحت اور اعمال کو منقطع کرنے والی۔ السبت کا معنی کاٹنا ہے اور سونے والا قطع کیا ہوا ہے۔ کیونکہ اس کا عمل وحرکت منقطع ہوئی۔

ایک قول یہ ہے کہ السبات: موت کو کہتے ہیں اور منقطع کیا ہوا مردہ ہے کیونکہ اس کی زندگی منقطع کر دی گئی جیسا کہ اس ارشاد میں فرمایا: وهو الذی یتوفکم باللیل [الانعام:۶۰] اور اس معنی کی تائید اس کے مقابلہ میں نشور کے تذکرہ سے بھی ہوتی ہے۔ وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا (اور دن کو اٹھنے کا وقت بنایا) النشور نیند سے بیدار جیسا کہ میت کو حشر کے دن اٹھایا جائے گا۔

ایک قول یہ ہے کہ مخلوق دن میں معاش کیلئے اٹھتی ہے۔ آیت میں جہاں قدرتِ باری تعالیٰ پر دلالت موجود ہے اس میں مخلوق پر اظہارِ نعمت بھی ہے کیونکہ رات کے پردہ میں چھپ جانے پر دینی و دنیوی فوائد ہیں اور نیند و بیداری یہ موت و حیات کے ساتھ مشابہت رکھتی ہیں اور عبرت والے کیلئے باعثِ عبرت ہیں حضرت لقمان رحمہ اللہ نے بیٹے کو فرمایا کما تنام فتوقظ کذلك تموت فتنشر جیسے نیند سے جاگنا اسی طرح موت سے اٹھنا۔

۴۸: وَهُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ (اور وہ رب وہی تو ہے جو اپنی رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے )

قراءت: مکی نے الریح مفرد پڑھا مراد جنس لی ہے۔

## ماءِ طہور کا ذکر:

بُشْرًا (خوشخبری دینے والیاں) تخفیف کے ساتھ بشر جمع بشور بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ (اس کی رحمت سے پہلے ) بارش سے پہلے کیونکہ وہ ریح ہے پھر بادل پھر بارش۔ یہ انتہائی عمدہ استعارہ ہے۔ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا) ماء سے بارش مراد ہے۔ طَهُوْرًا (بالکل پاک ) یہ طہارت کا مبالغہ ہے اور صیغۂ صفت ہے جیسا کہتے ہیں ماءً طهورًا یعنی طاہر اور یہ اسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے جس سے طہارت حاصل کی جاتی ہے ان تمام کو طہور کہتے ہیں مثلاً وضوء اور ایندھن کیونکہ اس سے وضوء کیا جاتا ہے اور ان سے آگ جلائی جاتی ہے اور طہور مصدر بمعنی تطہّر ہے جیسے کہتے ہیں تطهرت طهورًا حسنا میں نے خوب طہارت حاصل کی اور یہی معنی اس ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے: لا صلوة الا بطهورٍ (ترمذی) ای لا تقبل صلاة بغیر طهارة۔

قول ثعلبؒ ہے کہ طہور وہ ہے جو بذات خود طاہر ہو اور دوسرے کو پاک کرے امام شافعی رحمۃ اللہ کا یہی مسلک ہے۔ اگر یہ طہارت میں مزید اضافے کو ظاہر کرنے کیلئے ہے تو یہ قول خوب ہے اس کی تائیداس ارشاد باری تعالیٰ میں ملتی ہے و ینزل علیکم من السماء ماء لیطھر کم بہٖ [الانفال:۱۱] ورنہ فعول کا تفعیل سے کوئی سروکار نہیں۔ باقی افعال متعدیہ کے مشتقات جو فعول کے وزن پر آتے ہیں۔ مثلاً قطوع اور منوع پر قیاس درست نہیں ہے کیونکہ فعول پر آنے کا مقصد تو مبالغہ ہے پس اگر فعل متعدی ہو تو مفعول متعدی ہوتا ہے اور اگر لازم ہو تو لازم۔

۴۹: لِّنُحْیِۦَ بِهٖ ( تا کہ ہم بارش سے زندہ کریں ) بَلْدَةً مَّیْتًا (مردہ شہر) میت کو مذکر اس لئے لائے بلد کا ارادہ کریں یا مکان مراد لیں۔ وَّ نُسْقِیَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِیَّ كَثِیْرًا (اور ہم وہ پانی اپنی مخلوق کو پہنچائیں چوپایوں اور بہت سے انسان کو) یعنی ہم انسانوں اور چوپایوں کو پانی پلائیں۔

نحو: مما خلقنآ یہ انعامًا و اناسی سے حال ہے اور ای انعامًا و اناسی مما خلقنا اور سقیٰ و اسقی دونوں لغات ہیں۔

قراءت: مفضل اور برجمی نے ونسقیهٗ پڑھا ہے: الاناسی جمع إنسیّ علی القیاس جیسے کرسی وکراسی یا انسان کی جمع ہے اور یہ اصل میں اناسین ہے جیسا کہ سرحان اور سراحین نون کو یاء سے بدل دیا اور ادغام کر دیا۔

## تقدیمِ ارض کی وجہ:

نکتہ: زمین کے احیاء کو انسانوں اور چوپایوں کو پانی پلانے سے مقدم کیا کیونکہ زمین کی زندگی ان کی زندگی کا سبب ہے پس جو ان دونوں کی حیات کا سبب تھا اس کو مقدم کیا اور پانی پلانے کا بعد میں ذکر فرمایا پھر پانی پینے والے حیوانات میں چوپایوں کو خاص طور پر ذکر کیا کیونکہ انسانی منافع عام طور پر چوپایوں سے متعلق ہیں گویا کہ چوپایوں کو پانی پلانے کا انعام ان کے پانی پینے کے سبب حاصل ہونے والے انعام کی طرح ہے اور انعام، اناسی کو نکرہ لا کر پھر کثرت کو ان کی صفت کے طور پر ذکر کیا۔ کیونکہ اکثر لوگ وادیوں اور نہروں کے قریب رہائش پذیر ہیں بارش کی سیرابی سے ایک گونہ مستغنی نہیں اور ان کے علاوہ لوگوں کی کثرت اس پانی پر زندگی گزارتے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ بارش سے نازل فرماتے ہیں بلدۃ کا لفظ بھی نکرہ لایا گیا ہے کیونکہ اس سے مراد ان کے وہ بعض علاقے ہیں جو پانی کے مقامات سے دور واقع تھے۔ جب انسانوں کا پانی پینا من جملہ ان چیزوں میں سے تھا۔ جس کے لئے پانی کو اتارا گیا۔ اور انسانوں کے اکرام کیلئے پانی کی صفت طہور ذکر فرمائی۔

اشارہ: اور طہور کہہ کر یہ واضح کر دیا کہ انسانوں پر لازم ہے کہ وہ ظاہری اور باطنی طہارت کو ترجیح دیں کیونکہ طہوریت زندوں کیلئے شرط ہے۔

## بارش کو پھیرنے کا معنیٰ:

۵۰: وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَیْنَهُمْ لِیَذَّكَّرُوْا (اور ہم نے پانی کو انسانوں میں گھمایا اور پھرایا تا کہ لوگ غور کریں)

قراءت: لِیَذَّكَّرُوْا حمزہ و علی نے پڑھا ان کی مراد یہ ہے کہ ہم نے یہ بات لوگوں کے درمیان قرآن اور تمام کتب منزلہ علی الرسل

میں پھیر پھیر کر بیان کی۔ اور وہ بادل کا بننا اور بارش کا اترنا۔ تا کہ لوگ سوچ و بچار کریں اور عبرت حاصل کریں اور اس پانی میں اللہ تعالیٰ کے انعام کا حق پہچان کر شکریہ ادا کرلیں۔ فَاَبٰٓی اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا (مگر لوگوں کی اکثریت ناشکری کے بغیر نہ رہی) اکثریت نے کفرانِ نعمت کے علاوہ ہر بات سے انکار کردیا۔ اور نعمت کو جھٹلا دیا۔ اور کثرت میں قلت کردی۔

نمبر۲۔ تصریف کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے بارش کو مختلف شہروں میں مختلف اوقات میں بانٹ دیا اور مختلف نوعیت کی بارش کی کہیں موسلا دھار اور کہیں ہلکی پھلکی بڑی بوندوں والی، چھوٹی بوندوں والی۔ مسلسل برسنے والی مگر لوگ ناشکری کرکے رہے اور یہ کہنے لگے فلاں ستارے کی وجہ سے بارش برسی۔ اللہ تعالیٰ کی صنعت و رحمت کو بالکل یاد نہیں کرتے۔

قول ابن عباسؓ: کوئی سال دوسرے سال سے کم بارش والا نہیں ہوتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ اس کو جہاں چاہتے ہیں پھیر دیتے ہیں اور پھر یہ آیت پڑھی۔ ایک روایت تفسیر یہ یہ ہے کہ فرشتے ہر سال کی مقدار مطر اور عدد مطر جانتے ہیں کیونکہ وہ پہلے سے مختلف نہیں لیکن علاقے مختلف ہو جاتے ہیں کسی سال کسی علاقہ میں اگلے سال دوسرے علاقہ میں یہاں سے بلدۃ کے نکرہ لانے کا جواب اور اسی طرح انعام واناسی کے نکرہ ذکر نے کا جواب نکلتا ہے۔

مَسْئَلَۃٌ: جس شخص نے بارش کی نسبت ستارے کی طرف کی اور بارش اور ستارے کے اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ایسا ہونے سے انکار کیا وہ کافر ہوا اگر اس کا خیال یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ بارش کا خالق ہے اور ستارے کی طرف نسبت صرف بارش کی علامت اور بارش کی دلالت کے طور پر کی ہے تو پھر کافر نہ قرار دیا جائے گا۔

## ہر بستی کی بجائے ساری کائنات میں ایک ہی منذر بھیج دیا:

۵۱، ۵۲: وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا۔ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ (اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے۔ پس آپ کافروں کی خوشی کا کام نہ کریں) اگر ہم چاہتے تو تمام بستیوں کو ڈر سنانے کی ذمہ داری آپ سے کم کرکے ہر بستی میں ایک پیغمبر بھیج دیتے۔ لیکن ہم نے چاہا کہ آپ کیلئے تمام رسولوں کے فضائل جمع کریں کافۃ للناس کی طرف آپ کو رسول بنائیں۔ ہم نے آپ کو بھیجنے پر اکتفاء کیا اور آپ کو عظمت سے نوازا۔ پس آپ اکیلے ان تمام کی طرح ہیں اسی وجہ سے خطاب میں صیغہ جمع کا لائے یاایھا الرسل [المؤمنون:۵۱] پھر شکر اور پختگی اور ثابت قدمی سے اس کا تقابل کیا آپ کافروں کی بات ہرگز نہ مانیں جس کی طرف وہ آپ کو بلاتے ہیں کہ آپ ان کی موافقت اختیار کریں اور مداہنت اختیار کریں۔ جس طرح میں نے تمام انبیاءؑ پر ترجیح دی پس میری رضامندی کو تمام خواہشات پر ترجیح دو اس سے آپ کو اور ایمان والوں کو برانگیختہ کرنا مقصود ہے۔

## جامع مجاہدہ اور جامع رسول:

وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ (اور اس سے ان کا زور سے مقابلہ کرو) نمبر۱۔ ہٗ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے اور مراد اس کی مدد و توفیق کے ساتھ۔ نمبر۲۔ ضمیر قرآن کی طرف راجع ہے یعنی قرآن کے دلائل سے ان کا مقابلہ کرو اور ان کے مقابلہ سے عاجزی پر ان کو جھنجھوڑو! جِهَادًا كَبِيْرًا (بڑا جہاد) اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا بڑا مرتبہ ہے اس لئے کہ اس میں تکالیف شاقہ کا سامنا ہوگا۔ نمبر۳۔ بِهٖ کی ضمیر کا مرجع وہ ہو جس پر یہ آیت دلالت کرتی ہے ولو شئنا لبعثنا فی کل قریة نذیرا [الفرقان:۵۱] اس لئے کہ

وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ

اور وہ ایسا ہے جس نے دو دریاؤں کو ملایا جن میں یہ میٹھا ہے پیاس بجھانے والا ہے، اور یہ شور ہے کڑوا ہے، ان کے درمیان میں

بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا

ایک حجاب بنا دیا۔ اور وہ ایسا ہے جس نے پانی سے انسان کو پیدا فرمایا پھر اس کو خاندان والا اور

وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿۵۴﴾

سسرال والا بنادیا اور تیرا پروردگار بڑی قدرت والا ہے۔

آپ تمام شہروں کے نذیر ہیں اگر ہر بستی کی طرف الگ نذیر مبعوث ہوتا تو ہر نذیر کے ذمہ اپنی بستی والوں کے ساتھ مجاہدہ کی ضرورت تھی اب رسول ﷺ پر تمام مجاہدات جمع ہو گئے کیونکہ آپ کا جہاد و مجاہدہ سب سے بڑھ کر اور سب سے عظیم تر ہے۔ اسی لئے فرمایا: جاھدھم ان سے جہاد کرو کیونکہ تم ساری دنیا کے نذیر ہو اور ایسا جہاد کرو جو تمام مجاہدات کا جامع ہو۔

## قدرت کا عجیب نظارہ:

۵۳: وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ (اللہ تعالیٰ وہی ہے جس نے دو سمندروں کو ملایا) مرج کا معنی ملا ہوا اور پاس پاس چھوڑ دیا۔ یہ مرجت الدابة سے لیا گیا جبکہ اس کو چرنے کیلئے چھوڑا جائے۔ بحرین کثیر مقدار اور وسیع مقدار میں پانی کو کہتے ہیں۔ هٰذَا (یہ) ایک ان میں سے عَذْبٌ فُرَاتٌ (میٹھا پیاس بجھانے والا۔)

نحو: فرات یہ عذب کی صفت ہے۔ بہت ہی میٹھا یہاں تک کہ حلاوت کے قریب پہنچ جائے۔

وَّ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ (اور یہ نمکین کھاری ہے) اُجاج یہ ملحٌ کی صفت ہے یعنی انتہائی نمکین۔ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا (اور ان کے درمیان پردہ بنا دیا) ان کے مابین حائل بنایا جو ان کو جدا کرتا ہے اور ملنے سے مانع ہے وہ ظاہر میں ملے ہیں مگر حقیقت میں جدا ہیں۔ وَّ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا (ایک مضبوط بندش کر دی) ایک ایسا پردہ ہے جو آنکھوں سے تو مخفی ہے مگر ان کو ایک دوسرے سے روکے ہوئے ہے جیسا دوسرے مقام پر فرمایا: حجابًا مستورًا۔ [الاسراء:۴۵]

## انسانوں کی دو قسمیں:

۵۴: وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ (اور اللہ وہی ہے جس نے پانی سے پیدا کیا) الماء سے یہاں نطفہ مراد ہے۔ بَشَرًا (انسان) فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا (پس اس کو نسب و دامادی والا بنایا) مراد یہ ہے کہ انسانوں کو دو قسموں میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔ نمبر ۱۔ نسب والے یعنی مذکر جن کی طرف نسبت کر کے کہا جاتا ہے فلان بن فلان اور فلانہ بنت فلان نمبر ۲۔ دامادی والے یعنی مؤنث ان کی وجہ سے مصاہرت کی جاتی ہے جیسا کہ دوسرے مقام میں فرمایا فجعل منه الزوجين الذكر والانثى [القیامہ:۳۹]

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى

اور اللہ کو چھوڑ کر یہ لوگ ان کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں نہ کچھ نفع پہنچا سکیں اور نہ انہیں کچھ ضرر دے سکیں، اور کافر اپنے رب کا

رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿۵۵﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۵۶﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

مخالف ہے، اور ہم نے آپ کو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے، آپ فرما دیجئے کہ میں تم سے اس پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا

اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

ہاں جو شخص یہ چاہے کہ اپنے رب کی طرف راستہ اختیار کر لے، اور آپ اس ذات پر بھروسہ کیجئے جو زندہ ہے جسے موت نہیں آئے گی،

وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۸﴾ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ مع ۸

اور اس کی تسبیح و تحمید میں لگے رہئے اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبردار ہونے کے لئے کافی ہے، جس نے آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ

اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا فرمایا پھر وہ عرش پر مستوی ہوا، وہ بڑا مہربان ہے سو اس کی شان کسی جاننے والے سے

خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ق اَنَسْجُدُ لِمَا

دریافت کر لو، اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا ہے کیا ہم اس کو سجدہ کریں جس کو

تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ السجدۃ ع تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا

سجدہ کرنے کا تو ہمیں حکم دیتا ہے، اور ان کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہے، وہ ذات عالی شان ہے جس نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے بنائے اور ان میں ایک چراغ بنایا

وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿۶۱﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾ السجدۃ ۷ ع ۵

اور روشن کرنے والا چاند بنایا، اور وہ ایسا ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے آگے پیچھے آنے جانے والا بنایا اس شخص کے لئے جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے۔

وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا (اور آپ کا رب بڑی قدرت والا ہے۔) کہ اس نے ایک ہی نطفہ سے دو قسم کے انسان بنا دیے۔ مذکر و مؤنث۔ ایک قول یہ ہے کہ نسبا کا معنی قرابت اور صہر بمعنی دامادی یعنی نکاح کا ذریعہ انساب بنا کر احسان فرمایا کیونکہ مواصلت اسی سے ہوتی ہے اور مصاہرت کا احسان کیا کیونکہ توالد و تناسل اسی سے ہوتا ہے۔

۵۵: وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ (وہ اللہ تعالیٰ کے سوا ایسی چیزوں کو پوجتے ہیں۔ جو ان کو فائدہ نہیں پہنچاتی) خواہ اس کی عبادت کریں۔ وَلَا يَضُرُّهُمْ (اور ان کو نقصان نہیں پہنچاتی ہیں) اگر ان کو چھوڑ دیں وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ (اور کافر

اپنے رب کے خلاف) اپنے رب کی معصیت و نافرمانی کر کے ظَهِيْرًا (مددگار ہے) ومظاہرہ کرنے والے اور یہ فعیل بمعنی مفاعل ہے نہ کہ عزیز کی طرح۔ الظہیر اور المظاھر یہ عوین اور معاون کی طرح ہے اور المظاہرۃ معاونت کو کہتے ہیں مطلب یہ ہے کافر بت کی عبادت کر کے شیطان کی اتباع کرتا ہے اور رحمان کی نافرمانی میں اس کا معاون بنتا ہے۔

۵۶: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا (اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر مبشر بنا کر) ایمان والوں کیلئے وَّ نَذِيْرًا (اور ڈرانے والا) کفار کیلئے۔

## تبلیغ پر اجرت نہیں مانگتا:

۵۷: قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ (کہ دین میں تم سے اس پر نہیں مانگتا) تبلیغ رسالت پر مِنْ اَجْرٍ (کوئی اجرت) انعام اس کی مثل اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا (مگر جو شخص چاہیے اپنے رب کی طرف پہنچنے کا راستہ بنالے) مطلب یہ ہے مگر اس کا عمل جس نے چاہا۔

## اجر کے استثناء کی مثال:

اجر کا استثناء اسی طرح ہے جیسا کہ کوئی تمہارا بڑا محسن ہو اور تمہارے لئے اس نے حصول میں تگ ودو بھی کی ہو۔ وہ کہے۔ **مااطلب منك ثوابا علی ماسعیت الا ان تحفظ هذا المال و لا تضعهٗ** میں تم سے اپنی معاونت پر ثواب نہیں چاہتا مگر اتنی بات ضرور چاہتا ہوں کہ تو اس مال کی حفاظت کر اور اس کو ضائع مت کر۔ یہاں تمہارا حفاظتِ مال کا مطالبہ تمہارے اپنے نفس کیلئے ثواب کی قسم سے نہیں لیکن اس کو ثواب کی شکل میں پیش کیا ہے گویا وہ کہنا چاہتا ہے کہ تیرا اپنے مال کی حفاظت کرنا یہ میرے لئے بمنزلہ ثواب ہے اور میری اس پر رضامندی اس شخص کی طرح ہے جو ثواب پر راضی ہو۔ اور میری عمر کی قسم کہ آنحضرت ﷺ اپنے امت کے ساتھ اس مقام پر تھے۔ اتخاذھم الی اللہ سبیلا کا معنی ایمان وطاعت سے تقرب حاصل کرنا۔ نمبر۲۔ صدقہ ونفقہ سے قرب حاصل کرنا۔ ایک قول یہ ہے کہ مراد یہ ہے لیکن جو یہ چاہے کہ وہ مال خرچ کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا کا راستہ اختیار کرے اس کو ایسا ضرور کرنا چاہیے۔ ایک اور قول یہ ہے کہ تقدیر کلام اس طرح ہے **لا اسالکم علی مااد عو کم الیه اجرًا الا اتخاذ المدعو سبیلاً الی ربهٖ بطاعته۔ فذلك اجری لان الله یا جرنی علیه** میں تمہیں جس چیز کی طرف دعوت دیتا ہوں اس پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا سوائے اس کے کہ جس کو دعوت دی گئی ہو وہ اطاعت سے اپنے رب کی طرف سے راستہ بنائے پس یہی میرا اجر ہے اسی پر میرا رب مجھے اجر دے گا۔

۵۸: وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ (اور اس ذات پر بھروسہ کرو جو زندہ ہے کبھی نہ مرے گا) جس پر موت نہیں اس کو کارساز بناؤ۔ وہ ان کے سپرد تمہیں نہیں کرے گا۔ جو ذلت کی موت مرتے ہیں۔ مطلب یہ ہے اس پر اعتماد کرو اور ان کے شرور سے بچاؤ کیلئے اپنا معاملہ اس کے سپرد کرے اور ایسے زندہ پر بھروسہ نہ کرے جس پر موت آئے گی۔

نکتہ: بعض صالحین نے جب یہ آیت تلاوت کی تو کہنے لگے عقل مند کو مناسب نہیں کہ اس کے بعد بھی مخلوق پر اعتماد کرے التوکل ہر معاملے میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ۔

وَسَبِّحْ (اوراس کی تسبیح بیان کر) اللہ تعالیٰ کواس بات سے پاک قرار دے کہ اس پر توکل کرنے والاکسی غیر پر بھروسہ کرے گا۔ بِحَمْدِهٖ (اس کی حمد کے ساتھ) اس کی ایسی توفیق سے جو حمد کو لازم کرتی ہے۔ نمبر۲۔ کہوسبحان اللہ وبحمدہ نمبر۳۔ اللہ تعالیٰ کو ہر عیب سے پاک قرار دو۔ ایسی تعریف سے جو تم اس کی بیان کرو۔ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا (اور وہ بندوں کے گناہوں سے پورے طور پر باخبر ہے) یعنی اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کے گناہوں کی اطلاع ہونا کافی ہے۔ مطلب یہ ہے وہ ان کے حالات سے واقف ہے اوران کے اعمال کا بدلہ دینے کیلئے کافی ہے۔

## رحمٰن کی صفت کا تذکرہ:

۵۹: الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ (وہ اللہ تعالیٰ جس نے آسمانوں اورزمین اوران کے مابین جو کچھ ہے چھ دن میں پیدا کر دیا) اتنی مدت کی مقدار کے مطابق کیونکہ یہ دن رات تو اس وقت نہ تھے۔

قول مجاہد رحمۃ اللہ علیہ: پہلا دن ہفتہ اور آخری یوم جمعہ تھا۔ اوران کو چھ دن میں بنایا۔ حالانکہ وہ تو ان کو ایک لحظہ میں پیدا کر سکتا ہے صرف مخلوق کو معاملات میں پختگی اور آہستگی کی تعلیم دینے کیلئے ایسا کیا گیا۔ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ اَلرَّحْمٰنُ (پھر عرش پر جا ٹھہرا) یعنی وہ رحمان ہے۔

نحو: الرحمٰن یہ مبتدأ محذوف کی خبر ہے۔ نمبر۲۔ ضمیر سے بدل ہے جو استوی میں پائی جاتی ہے۔ نمبر۳۔ الذی خلق مبتدأ اور الرحمان اس کی خبر۔ فَسْئَلْ (تم پوچھو)

قراءت: بلاہمزہ مکی وعلی نے پڑھا۔

بِهٖ نحو: یہ اسئل کا صلہ ہے جیسا کہ اس ارشاد میں سال سائل بعذاب واقع [المعارج:۱] جیسا کہ اس کا صلہ عن سے آتا ہے ارشاد الٰہی ہے ثم لتسئلن یومئذ عن النعیم [التکاثر:۸] سأل بہ اسی طرح ہے جیسا تم کہو اھتم بہ و اشتغل بہ اور سأل منہ اس طرح ہے جیسا کہیں بحث عندہ و فتّش عنہ۔

نمبر۲۔ یہ خبیراً کا صلہ ہے اور خبیراً اِسئل کا مفعول ہے تقدیر کلام یہ ہے اَسأل عنہ رجلاً عارفا یخبرك برحمتِہٖ اس کے متعلق کسی ایسے شخص سے دریافت کرو وہ تمہیں اس کی رحمت کی اطلاع دے گا۔ نمبر۲۔ فا سأل رجلاً خبیراً بہٖ وبرحمتہٖ۔ پس تم اس کے بارے میں اوراس کی رحمت کے بارے میں خبر رکھنے والے سے پوچھو۔

نمبر۳۔ الرحمان کا وصف جو صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔ یہ کتب متقدمہ میں مذکور نہ تھا۔ اور وہ اس کو جانتے بھی نہ تھے۔ اس لئے ان کو کہا گیا تم اس اسم کے متعلق اس سے دریافت کرو جو اہل کتاب میں سے ہو اور تمہیں اس کی خبر دے تاکہ ان کو معلوم ہو جو ان کو عجیب خیال کرتے ہیں۔ اسی لئے کفار مکہ کہا کرتے تھے۔ کہ ہم تو رحمان یمامہ (مسیلمہ الکذاب نے اپنا لقب رکھا تھا) کو جانتے ہیں اور کسی رحمان کو نہیں جانتے۔ خَبِيْرًا (خبر رکھنے والا)۔

۶۰: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ (اور جب ان سے کہا جاتا ہے) جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کو کہتے ہیں۔ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ (کہ تم رحمان کو سجدہ کرو) اللہ تعالیٰ کیلئے نماز پڑھو اور خضوع اختیار کرو۔ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ (وہ کہتے ہیں رحمان کون ہے؟) ہم تو رحمان کو نہیں جانتے

کہ اس کو سجدہ کریں یہ سوال مسمیٰ بہ کے متعلق ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو اس نام سے نہ جانتے تھے۔ اسی لئے مجہول کے متعلق سوال ما سے کیا نمبر۲۔ رحمان کا معنی ہم نہیں جانتے کیونکہ ان کے کلام میں یہ مستعمل نہ تھا۔ جیسا کہ الرحیم ،الراحم ،الرحوم وغیرہ استعمال ہوتے تھے۔ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا (کیا ہم اس کو سجدہ کریں جس کو تو ہمیں حکم دیتا ہے) اس ذات کو جس کو سجدہ کرنے کا ہمیں حکم دیتا ہے۔ نمبر۲۔ اس لئے کہ تو ہمیں اے محمد ﷺ ہمارے علم کے بغیر سجدہ کا حکم دیتا ہے۔

قراءت: علی وحمزہ نے یأمرنا پڑھا ہے۔

گویا کہ بعض نے بعض کو کہا انسجد لما یامرنا محمد یا ہمیں مسمیٰ رحمان کا حکم دیتے ہیں۔ اور ہم تو پہچانتے نہیں کہ وہ کیا ہے؟ وہ عناد پر اتر آئے کیونکہ اس کا مطلب اہل لغت کے ہاں ایسا رحمت والا کہ جس کی رحمت کی کوئی انتہاء نہیں کیونکہ فعلان مبالغہ کے اوزان میں سے ہے تم کہتے ہو رجل عطشان جبکہ وہ انتہائی پیاسا ہو۔

وَ زَادَهُمْ (اور ان کی نفرت بڑھ جاتی ہے) رحمان کو سجدہ کرنے کے حکم سے نُفُوْرًا (ایمان سے دُوری)۔

## آسمان میں برج بنائے:

۶۱: تَبٰرَكَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا (بڑی خیر والا ہے وہ اللہ تعالیٰ جس نے آسمان میں برج بنائے) برج سے سبعہ سیارات کی منازل مراد ہیں۔ ہر ستارے کے دو ٹھکانے ہیں جن میں اس کی حالت مضبوط ہوتی ہے۔ اور سورج کا ایک گھر اور چاند کا ایک گھر اور حمل وعقرب مریخ کا مکان ہے۔ اور ثور ومیزان یہ زہرہ کے گھر ہیں۔ جوزاء اور سنبلہ یہ دونوں عطارد کا گھر ہیں۔ اور سرطان چاند کا گھر ہے۔ اور اسد سورج کا گھر ہیں۔ اور قوس وحوت یہ دونوں مشتری کے گھر ہیں اور جدی اور دلو یہ دونوں زحل کے گھر ہیں۔ ان بروج کی طبع کے لحاظ سے چار قسمیں ہیں۔ ان میں سے ہر ایک تین بروج کو پاتا ہے پس حمل، اسد، قوس تینوں ناری مثلث ہیں اور سرطان وعقرب، حوت مثلث مائیہ ہیں۔

## بروج کی وجہ تسمیہ:

برج بلند محل کو کہا جاتا ہے ان کو بروج اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ ان ستاروں کے لئے اسی طرح ہیں جیسا کہ ساکنین کیلئے مکان ہوتے ہیں۔ یہ لفظ البرج سے نکلا ہے جس کا معنی ظہور ہے۔ قول حسن، قتادہ ومجاہدؒ: البروج بڑے ستارے کو اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ وہ زیادہ واضح وظاہر ہیں۔

وَّ جَعَلَ فِیْهَا (اور بنایا اس میں) یعنی آسمان میں۔ سِرٰجًا (دیا) یعنی سورج۔ اس کو سراج زیادہ روشنی کی وجہ سے کہا۔

قراءت: حمزہ وعلی نے سُرُجا پڑھا یعنی ستارے۔ وَّ قَمَرًا مُّنِیْرًا (روشن چاند) رات کو روشنی دینے والا۔

## رات دن کا انعام:

۶۲: وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً (اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا بنایا) خلفة یہ فِعلة کا وزن ہے خلف سے لیا گیا جیسا رکبۃ، رکب سے۔ خِلفة اس حالت کو کہا جاتا ہے جس پر دن اور رات ایک دوسرے کے پیچھے آتے ہیں۔ مطلب یہ ہے جعلهما ذَوَیْ خلفة ایک دوسرے کے پیچھے اسکے چلے جانے پرآتا ہے۔ نمبر۲۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا

اور رحمن کے بندے وہ ہیں جو عاجزی کے ساتھ زمین پر چلتے ہیں اور جب ان سے جہالت والے بات کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں

سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ

کہ ہمارا سلام ہے۔ اور وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کے لئے اس طرح رات گزارتے ہیں کہ سجدوں میں اور قیام میں مشغول رہتے ہیں، اور وہ لوگ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب

عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا

ہم سے جہنم کا عذاب دور رکھئے بلاشبہ اس کا عذاب بالکل ہی تباہ کرنے والا ہے۔ بے شک وہ برا ٹھکانہ ہے

وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ

اور برا مقام ہے، اور جب وہ لوگ خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی نہیں کرتے اور نہ تنگی کرتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا اس کے درمیان اعتدال

قَوَامًا ﴿۶۷﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ

والا ہوتا ہے، اور وہ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور کسی جان کو قتل نہیں کرتے جس کا قتل

حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ

اللہ نے حرام قرار دیا ہے مگر حق کے ساتھ، اور وہ زنا نہیں کرتے، اور جو شخص ایسے کام کرے گا تو وہ بڑی سزا سے ملاقات کرے گا اس کے لئے

لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا

قیامت کے دن عذاب بڑھتا چلا جائے گا اس میں اور وہ ذلیل ہو کر ہمیشہ رہے گا، سوائے اس کے جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل

صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾

کئے سو یہ لوگ ہیں جن کی برائیوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا، اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے

ایک دوسرے کا قائم مقام ہو جاتا ہے کہ اگر کوئی عمل دن کا فوت ہو رات میں قضاء کر لیا اور رات کا فوت ہو تو دن میں قضاء کر لیا۔

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا (جو سمجھنا یا شکر کرنا چاہتا ہو) ان کی تسخیر میں سوچے اور ان کے اختلاف میں غور کر کے ان کے مدبر کو پہچانے۔

قراءت: حمزہ، خلف نے یذکر پڑھا ہے یذکر اللہ یا بھولنے والا قضاء کرے۔

اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا (یا شکر گزاری کا ارادہ کرے) ان دونوں کے سلسلہ میں جو اس پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہوا اس پر شکریہ ادا کرے۔

## رحمٰن کے بندوں کی صفات:

۶۳: وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ ( اور رحمان کے خاص بندے )
نحو : یہ مبتدأ ہے اور الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ (وہ جو چلتے ہیں ) یہ اس کی خبر ہے۔ نمبر۲۔ اولیك يجزون اور الذين يمشون اور اس کا مابعد یہ صفت ہے۔ رحمان کی طرف اضافت تخصیص اور تفصیل کو ظاہر کرتی ہے۔ پہلے اپنے اعداء کا حال بیان کیا اور پھر اپنے اولیاء کا عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا (زمین پر آہستگی سے ) یہ حال یا مشی کی صفت ہے ای هيّنين يا هينًا۔ الهون نرمی ورفق کو کہتے ہیں یعنی سکون ووقار سے چلتے ہیں۔ وہ اپنے جوتے تکبر و بڑھائی کی وجہ سے نہیں چٹخاتے اسی لئے بعض علماء نے بازار میں سواری کو ممنوع قرار دیا ہے اور اس ارشاد کی وجہ سے بھی ويمشون في الاسواق [الفرقان:۲۰]

## عدم مشارکت:

وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ (اور جب ان سے جاہل لوگ مخاطب ہوتے ہیں ) بیوقوف لوگ جو چیز ان میں ناپسند کرتے ہیں۔ قَالُوْا سَلٰمًا (وہ سلام کہتے ہیں ) درست بات کہتے ہیں جس میں ایذاء وگناہ سے محفوظ رہ سکیں۔ نمبر۲۔ ہم تم سے بچتے ہوئے تمہیں چھوڑتے ہیں اور تم سے جہالت کا مظاہرہ نہیں کرتے۔ یہاں سلام کو تسلیم کی جگہ لایا گیا۔ ایک قول آیت قتال سے یہ منسوخ ہے اور اس کی ضرورت نہیں بیوقوفوں سے چشم پوشی مستحسن اور مشروع ہے اور مروت کے طور پر جائز ہے۔ یہ تو ان کے دن کا حال ہے پھر ان کی رات کا ذکر کیا۔

۶۴: وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِيَامًا (اور وہ لوگ رات کو اپنے رب کے سامنے سجدہ اور قیام کرتے ہیں ) سُجَّدًا جمع ساجد کی ہے اور قیامًا جمع قائم کی ہے۔ البیتوتۃ سائے کے خلاف کو کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ رات کو وہ پالے خواہ سوئے یا نہ سوئے۔ قول علماءؒ: جس نے نماز میں تھوڑا سا قرآن رات کو پڑھا گویا اس نے ساری رات سجدہ وقیام میں گزار دی۔ ایک قول یہ مغرب کے بعد والی دو رکعتیں ہیں۔ اور عشاء کے بعد والی دو رکعتیں۔ مگر ظاہر بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی صفت احیائے لیل یا اکثر لیل کو بیان فرمایا۔

۶۵: وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا (اور وہ لوگ جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہماری طرف سے عذاب جہنم (کا رخ) پھیر دے بلاشبہ جہنم کا عذاب بڑا سخت ہے)۔ غرامًا وہ ہلاکت جو لازم ہو جانے والی ہو۔ اسی سے الغریم کا لفظ ہے کیونکہ وہ اس کو لازم پکڑتا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کی احیائے لیل کی تعریف فرمائی کہ وہ سجدہ وقیام کی حالت میں رات گزار دیتے ہیں پھر ان کی دعا کا ذکر کیا گیا تا کہ وہ باوجود اتنی محنت وکوشش جو عبادت کے سلسلہ میں انجام دیتے ہیں پھر بھی خوف زدہ اور دعا میں خوب گڑگڑانے والے ہیں کہ اے اللہ ہم سے جہنم کا عذاب پھیر دے۔

## جہنم بدترین قرارگاہ:

۶۶: اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا (وہ دوزخ بری قرارگاہ اور جائے قیام ہے۔)

نحو : ساءت کا حکم بئست ہے۔اس میں ضمیر مبہم ہے جس کی تفسیر مستقراً کر رہا ہے اور مخصوص بالذم محذوف ہے۔مطلب یہ ہے ساء ت مستقرا و مقاما ہی ہے (وہ جہنم بہت بری قرارگاہ اور قیام گاہ ہے) اور یہی وہ ضمیر ہے جس نے جملہ کو اِنَّ کے اسم سے جوڑ دیا ہے اور اس کی خبر بنا دیا ہے۔نمبر۲۔ساءت بمعنی احزنت ہے اور اس میں ضمیر ہے جو اِنَّ کا اسم ہے اور مستقراً یہ حال یا تمیز ہے۔

قول آخر: اور یہ بھی صحیح ہے کہ دونوں تعلیلیں ایک دوسری میں داخل یا مترادف ہوں اور یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہو اور ان کے قول کی حکایت ہو۔

۶۷: وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا ( اور وہ لوگ جو خرچ کرتے ہوئے اسراف سے کام نہیں لیتے ) خرچ میں حدود سے تجاوز نہیں کرتے۔نمبر۲۔وہ خوش عیشی کیلئے نہیں کھاتے اور ڈھینگ مارنے کیلئے نہیں پہنتے ہیں۔قول ابن عباسؓ: وہ گناہوں پر خرچ نہیں کرتے

## اسراف کی تعریف:

اسراف: حکم کے حدود سے تجاوز کو کہتے ہیں اور مقدار کے اندر تجاوز نہیں۔ایک آدمی نے ایک دوسرے آدمی کو یہ کہتے سنا اسراف میں کوئی خیر نہیں تو اس نے کہا لا اسراف فی الخیر۔ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا جس نے کسی حق والے کا حق روکا اس نے بخل کیا اور جس نے کسی غیر مستحق کو دیا اس نے اسراف کیا۔

وَلَمْ يَقْتُرُوْا (اور وہ کنجوسی نہیں کرتے)

قراءت: کوفی نے ضمۂ تاء کے ساتھ پڑھا یہ مدنی وشامی نے ضمہ یاء اور کسرۂ تاء سے اور مکی و بصری نے فتحہ یاء اور کسرہ تاء سے پڑھا ہے۔القتر الاقتار اور تقتیر یہ تضییق کو کہا جاتا ہے جو کہ اسراف کی نقیض ہے۔وَكَانَ (اور ہے) ان کا انفاق بَيْنَ ذٰلِكَ (ان کے درمیان) یعنی اسراف واقتار کے مابین۔قَوَامًا (اعتدال) ان کے دونوں کے درمیان معتدل۔القوام۔چیزوں کا درمیان۔اور بین ذلك اور قواماً یہ دونوں خبریں ہیں۔ان کی تعریف اس میانہ روی سے کی جو غلو و تقصیر کے مابین ہے اسی طرح کا حکم رسول اللہ ﷺ کو فرمایا گیا ولا تجعل يدك مغلولة الى عنقك [الاسراء:۲۹]

## قوام جو عفو قصیر کے مابین ہو:

نکتہ: عبد الملک بن مروان نے عمر بن عبد العزیزؒ سے خرچہ پوچھا جبکہ اپنی بیٹی کا اس سے نکاح کیا تو انہوں نے کہا الحسنۃ بین السیئین تو عبد الملک سمجھ گیا جو عمر بن عبد العزیز کا اس آیت کے اشارے سے مقصود تھا۔ایک قول یہ ہے وہ اصحاب محمد ﷺ تھے وہ کھانا خوش عیشی کیلئے نہ کھاتے اور نہ ہی لذت اندوزی کیلئے اور اپنے کپڑے خوبصورتی اور زینت کے لئے نہ پہنتے بلکہ بھوک دور کرنے اور ستر عورت کی غرض ہوتی اور گرمی وسردی کا دفاع مقصود ہوتا۔قول عمر رضی اللہ عنہ: یہ اسراف ہے کہ من چاہی چیز ہر وقت کھائے۔

## حق سے قتل پانچ قسم :

۶۸ : وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود کو نہیں پکارتے ) یعنی شرک نہیں کرتے ۔ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ (اور اس جان کو قتل نہیں کرتے جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے ) اس کے قتل کو حرام کیا ہے۔ اِلَّا بِالْحَقِّ ( مگر حق کے ساتھ ) قصاص یا رجم یا نمبر ۳۔ ارتداد یا نمبر ۴۔ شرک یا نمبر ۵۔ زمین میں فساد برپا کرنے کے باعث

نحو : یہ قتل محذوف سے متعلق ہے یا لا یقتلون سے وَلَا يَزْنُوْنَ (وہ زنا نہیں کرتے ) اللہ تعالیٰ نے ان کبار کی اپنے صالح بندوں سے نفی کی اس میں قریش پر تعریض ہے جن میں یہ رذائل پائے جاتے تھے۔ گویا اس طرح فرمایا وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں سے پاک کر دیا جن میں تم مبتلا ہو۔ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ (جو یہ مذکورہ کام کرتا ہے ) يَلْقَ اَثَامًا ( وہ گناہ کو ملے گا ) یعنی گناہوں کی سزا پائے گا۔

۶۹ : يُّضٰعَفْ (دوگنا کیا جائے گا ) یہ یلق سے بدل ہے کیونکہ دونوں کا ایک معنی ہے۔ کیونکہ مضاعفۃ العذاب وہی گناہوں کا ملنا ہے۔ جیسا کہ اس شعر میں ہے

متی تأتنا تلمم بنا فی دیارنا ☆ تجد حطبا جزلاً ونارًا تأجّجًا

یہاں تُلْمِمْ مجزوم ہے کیونکہ یہ تاتنا کے معنی میں ہے۔ کیونکہ آنا وہی اترنا اور تشریف رکھنا ہے۔

قراءت : مکی و یزید، یعقوب نے يُضَعَّفْ پڑھا ہے۔ اور شامی نے يَضَعَّفُ۔ اور ابو بکر نے یضاعفُ پڑھا اور جملہ کو مستانفہ قرار دیا یا حال کی وجہ سے اس صورت میں يُضَاعَفُ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ سے مراد ان کو آخرت میں مرور ایام پر عذاب پر عذاب دیا جائے گا۔ ایک قول یہ ہے جب مشرک شرک کے ساتھ اور معاصی بھی کرتا ہو تو اس کو شرک پر عذاب ہوگا اور معاصی پر بھی اور عذاب کا تضاعف گناہوں کے بڑھنے کی وجہ سے ہے۔ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ (اور وہ اس میں ہمیشہ رہے گا)

قراءت : جن قراء نے یضاعف کا جزم پڑھا انہی نے اس کا جزم پڑھا اور جنہوں نے رفع پڑھا انہوں نے اس کا بھی رفع پڑھا ہے کیونکہ وہ معطوف علیہ ہے فِيْهٖ (اس عذاب میں ) ، قراءت : مکی حفص نے فیھی اشباع سے پڑھا۔ البتہ حفص نے اشباع کو اس کلمہ سے خاص کیا تا کہ مبالغہ فی الوعید ہو اہل عرب مبالغہ کے لئے مد کرتے ہیں اس کے باوجود کہ ہاء کنایہ میں اصل اشباع ہے۔ مُهَانًا ( ذلیل کیا ہوا)۔

نحو : یہ حال ہے۔

## تائبین کی صفات :

۷۰ : اِلَّا مَنْ تَابَ ( مگر وہ شخص جس نے توبہ کی ) یہاں شرک سے توبہ مراد ہے یہ جنس سے استثناء ہے اور مقام نسب میں واقع ہے۔ وَاٰمَنَ (جو ایمان لایا ) محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا (اور اس نے نیک عمل کیا ) اپنے توبہ کرنے کے بعد فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ( ان لوگوں کی سیئات کو اللہ تعالیٰ صفات سے بدل دیں گے ) قبائح کے بعد محاسن کی توفیق دیں گے۔ نمبر ۱۔ توبہ سے گناہوں کو مٹا دے گا۔ اور اس کی جگہ نیکیاں لکھ دے گا۔ الحسنات سے ایمان باللہ مراد ہے اس سے

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ

اور جو شخص توبہ کرے اور نیک کام کرے سو وہ اللہ کی طرف خاص طور پر رجوع ہوتا ہے، اور وہ لوگ ہیں جو جھوٹ کے کاموں میں حاضر نہیں ہوتے

وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا

اور جب بیہودہ کاموں کے پاس کو گزرتے ہیں تو شرافت کے ساتھ گزر جاتے ہیں۔ اور وہ لوگ ہیں جب انہیں ان کے رب کی آیات کے ذریعہ سمجھایا جاتا ہے تو ان پر بہرے اور

وَّعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ

اندھے ہو کر نہیں گرتے، اور وہ لوگ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرمایئے،

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً

اور ہم کو متقیوں کا امام بنا دیجئے، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ثابت قدم رہنے کی وجہ سے بالا خانے ملیں گے اور اس میں ان کو بقاء کی دعا اور سلام

وَّسَلٰمًا ﴿٧٥﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ

ملے گا۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، وہ ٹھہرنے کی اچھی جگہ ہے اور اچھا مقام ہے، آپ فرما دیجئے کہ میرا رب پرواہ نہ کرتا

لَوْلَا دُعَاۗؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾

اگر تمہارا پکارنا نہ ہوتا، سو تم نے جھٹلایا سو عنقریب وبال ہو کر رہے گا۔

یہ مراد نہیں کہ برائی بعینہٖ حسنہ بن جاتی ہے بلکہ گناہوں کو مٹا کر نیکیاں لکھنا ہے۔

قراءت: يُبْدِلُ تخفیف سے برجمی نے پڑھا۔ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا (اور اللہ تعالیٰ بخشنے والے ہیں) وہ سیئات کو مٹائیں گے۔ رَّحِيْمًا (وہ رحم کرنے والے ہیں۔) ان کو حسنات سے بدل دیں گے۔

۷۱: وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا (اور جس نے توبہ کی اور نیک عمل کیے پس بیشک وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا ہے رجوع کرنا) یعنی جس نے توبہ کی اور پھر توبہ پر مضبوطی سے عمل صالح کے ذریعہ قائم رہا پس وہ اس ثابت قدمی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنے والا ہے۔ ایسا رجوع کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔ غلطیوں کو مٹانے والا اور ثواب کو مہیا کرنے والا ہے۔

۷۲: وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ (اور وہ لوگ جو جھوٹ کی مجلسوں میں حاضر نہیں ہوتے) الزّور سے جھوٹ مراد ہے کذابوں کی مجالس سے ان کو نفرت ہے اور گناہوں میں ملوث لوگوں کی مجالس سے وہ ایک طرف رہتے ہیں ان کے قریب تک نہیں جاتے تاکہ شر اور شریروں سے بچیں اور باطل کا مشاہدہ بھی شرک کے مترادف ہے اس کا ارتکاب نہ ہو۔

مَسْئَلَہ: کسی ایسی چیز کو دیکھنا جس کی شریعت نے اجازت نہ دی ہو گناہ کرنے والوں کے ساتھ شرکت کی طرح ہے۔ کیونکہ

وہاں حاضری اور نظارہ یہ رضامندی کی دلیل ہے۔ اور اس برائی میں اضافہ کا باعث ہے۔ موعظۂ عیسیٰ خطا کاروں کی مجالس سے بچو! نمبر ۲۔ لا یشهدون الزور کا معنی جھوٹی شہادت نہیں دیتے گویا مضاف محذوف ہے۔
قول قتادہ ہے کہ اس سے مراد باطل مجالس ہیں۔

قول ابن حنفیہ ہیکہ لہو وغناء میں وہ حاضر نہیں ہوتے وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ (اور جب وہ اچانک لغو مجالس کے پاس سے گزریں) لغو سے فحش مراد ہے اور ہر ایسی چیز جو مناسب نہ ہو اور پھینکنے کے لائق ہو۔ مطلب یہ ہے جب ان کا گزر لغو والوں کے پاس سے ہوتا ہے اور لغو میں مشغول ہوتے ہیں تو مَرُّوْا كِرَامًا (تو وہ معززانہ گزر جاتے ہیں) ان سے اعراض کرتے ہیں اور اس میں اپنے نفوس کو ملوث کرنے سے بچاتے ہیں جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا: واذا سمعوا اللغو اعرضوا عنه [القصص:۵۵]
قول باقرؒ: جب وہ فروج کا ذکر کرتے ہیں تو کنایات سے کرتے ہیں۔

۷۳: وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ (اور وہ ایسے ہیں کہ جب ان کو اللہ تعالیٰ کے احکامات کے ساتھ نصیحت کی جاتی ہے) یعنی ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے نمبر ۲۔ قرآن کے مواعظ بیان کیے جاتے ہیں۔ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّ عُمْيَانًا (تو ان احکام پر بہرے اندھے ہوکر نہیں گر پڑتے) اس میں خرور کی نفی نہیں بلکہ اس کا اثبات ہے اور بہرے اور اندھے پن کی نفی ہے گویا نفی فعل مراد نہیں بلکہ مرد کی حالت کی نفی مقصود ہے جیسے کہتے ہیں لا یلقانی زیدٌ مسلما اس میں ملاقات کی نفی نہیں بلکہ سلام کی نفی ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ جب ان کو نصیحت کی جائے تو اندھوں بہروں جیسی ان کی حالت نہیں ہوتی بلکہ وہ سجدہ میں روتے ہوئے گر پڑتے ہیں اور یاد رکھنے والے کانوں سے سنتے اور نگران آنکھوں سے اوامر و نواہی پر نگاہ رکھتے ہیں نہ کہ منافقین اور ان جیسوں کی طرح اور اسکی دلیل اللہ کا قول ہے: ومن هدينا واجتبينا اذا تتلى عليهم آيات الرحمان خروا سُجدا وبكيا [مریم:۵۸]

## آنکھوں کی ٹھنڈک اولاد:

۷۴: وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا (اور وہ کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہمیں تو ہماری اولاد اور ازواج میں سے) مِن بیانیہ ہے گو اس طرح فرمایا هب لنا قرة اعين ۔ پھر (قرۃ) کو واضح کر کے اس کی تفسیر کر دی گئی۔ مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا اس کا مطلب یہ ہے ان کو اللہ تعالیٰ ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنا دے۔ قُرَّةَ اَعْيُنٍ (آنکھوں کی ٹھنڈک) یہ اسی طرح ہے جیسے محاورہ عرب میں کہتے ہیں۔ رأيت منك اسدٌ ا یعنی انت اسد تو شیر ہے۔
نمبر ۲۔ ابتداء کیلئے ہے اس صورت میں معنی یہ ہے، ہم کو ان کی طرف سے اس میں وہ بات عنایت فرما جو ہماری آنکھوں کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت و بھلائی کی وجہ سے ٹھنڈا کر دے۔
قراءت: ذُرِّيَّتِنَا ابو عمرو اور حفص کے علاوہ کوفیوں نے پڑھا ہے۔ اور مراد جنس لی گئی اور دیگر قراء نے ذریاتنا قرة اعین۔ اعین کو نکرہ اس لئے لائے کیونکہ قرۃ نکرہ ہے کیونکہ مضاف کو نکرہ لانے کی ایک ہی شکل ہے مضاف الیہ کو نکرہ بنا دیا جائے گویا اس طرح فرمایا: هب لنا منهم سرورًا ہمیں ان سے سرور عنایت فرما۔
یہاں عین جمع قلت کا وزن لائے عیون نہیں لائے کیونکہ اس سے صرف متقین کی اعین مراد ہیں اور یہ آنکھیں دوسروں کی

نسبت قلیل ہیں۔ارشادخداوندی ہے۔وقلیل من عبادی الشکور [سبا:۱۳]
نمبر۲۔اور یہ بھی درست ہے کہ اعین کونکرہ لانے میں بھی یہی وجہ بیان کی جاسکتی ہے کہ اس سے مخصوص آنکھیں مراد ہیں۔ اور وہ متقین کی آنکھیں ہیں۔مطلب یہ ہے انہوں نے بارگاہ الٰہی میں یہ سوال کیا کہ وہ ان کو بیویاں اور ایسے پیروکار جواللہ تعالیٰ کی خاطر عمل کرنے والے ہوں اور اپنے مرتبے اور تقرب سے ان کی آنکھوں کو ٹھنڈا کرنے والے ہوں۔

## دین میں مقتدا:

ایک قول یہ ہے مؤمن کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی چیز آنکھوں کو ٹھنڈا نہیں کرسکتی جبکہ وہ اپنی اولاد و ازواج کو اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار دیکھتا ہے۔قول ابن عباسؓ: اس سے مراد بیٹا ہے جب اس کو دیکھے دین کی سمجھ کی باتیں لکھ رہا ہو۔وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (اور ہمیں متقین کا مقتدا بنا) متقدا بنا کہ دین میں لوگ ہماری پیروی کریں۔اماماً کا لفظ واحد لائے اور مراد جنس لی گئی کیونکہ مراد میں کوئی خطرہ التباس نہیں۔نمبر۲۔تقدیر کلام اس طرح ہے واجعل کل واحدٍ منا اماماً ہم میں سے ہر ایک کو مقتدا بنا۔ ایک قول یہ ہے آیت دلالت کرتی ہے کہ یہ ریاست وعہدہ دینی طلب سے لینا ضروری ہے اور اس کی طرف رغبت رکھنا بھی ضروری ہے۔

## صلہ آخرت:

۷۵: اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ ( ان لوگوں کو بدلے میں بالا خانے دیئے جائیں گے ) غرفہ سے مراد غرفات ہے جنت کے بلند مقامات۔واحد لا کر جنس کی طرف اشارہ کر دیا اس کی دلیل یہ قول ہے وھم فی الغرفات امنون [سبا:۳۷] بِمَا صَبَرُوْا ( صبر کے باعث وسبب ) طاعات پر جمے رہنے اور شہوات سے باز رہنے اور کفار کی ایذاؤں اور تکلیفوں اور فقر وغیرہ پر صبر کرنے کی وجہ سے۔وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا (اوران کو ملے گا اس جنت میں )
قراءت: يَلْقَون حفص کے علاوہ کوفی قراء نے پڑھا۔
تَحِيَّةً (بقاء کی دعا) آبادی کی دعا وَّسَلٰمًا ( اور سلام ) سلامتی کی دعا یعنی فرشتے ان کو دعا دیں گے اور تحفہ سلام پیش کریں گے۔نمبر۲۔جنتی ایک دوسرے کو سلام کریں گے اور بقاء کی دعا دیں گے۔
۷۶: خٰلِدِيْنَ فِيْهَا (وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ) یہ حال ہے حَسُنَتْ (وہ بہت خوب ہے ) وہ بالا خانہ بہت خوبصورت ہے۔ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا (قرارگاہ اقامت کی جگہ ہے ) یہ ساء ت مستقراً ومقاماً کے مقابلہ میں ہے [الفرقان:۶۶]۔

## اگر تمہیں اسلام کی طرف دعوت دینا نہ ہوتا:

۷۷: قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْ لَا دُعَآؤُكُمْ ( آپ کہہ دیں میرے رب کو تمہاری ذرہ بھر پرواہ نہیں اگر تم عبادت نہ کرو گے ) اس میں استفہام کا معنی خود پایا گیا۔اور یہ محل نصب میں ہے مطلب یہ ہے: ما یصنع لکم ربی میرے رب نے تمہیں کیا کرنا ہے اگر تمہارا اسلام کی دعوت دینا طے نہ ہو چکا ہوتا۔

نمبر۲۔اگرتم اس کی عبادت نہ کرتے ہوتے یعنی اس نے اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا جیسا کہ فرمایا و ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون [الذاریات:۵۶] تمہارا اعتبار تمہارے رب کے ہاں تمہاری عبادت ہی کی وجہ سے ہے۔
نمبر۲۔اللہ تعالیٰ نے تمہیں عذاب دیکر کیا کرنا ہے۔اگرتم اس کے ساتھ دوسروں کو پکارنے والے نہ ہوتے یہ اس ارشاد کی طرح ہے۔مایفعل اللہ بعذ ابکم ان شکرتم [النساء:۱۴۷] فَقَدۡ كَذَّبۡتُمۡ (پس تم نے اے اہل مکہ میری رسالت کو جھٹلا دیا)۔ فَسَوۡفَ يَكُوۡنُ لِزَامًا (عنقریب لازم پکڑنے والا عذاب ہوگا)۔نمبر۲۔چمٹنے والا۔اے ذا لزام یا ملازمًا لازم کے مصدر کو اسم فاعل کی جگہ لائے۔

## قولِ ضحاک:

اس کو تمہارے بخش دینے کی کیا پرواہ ہے (اس کے خزانوں میں اس سے کچھ کمی نہیں آجاتی) اگرتم اس کے ساتھ دوسروں کو نہ پکارو۔

**تمت ترجمة سورة الفرقان لیلة یوم الا ثنین ۴ جنوری ۲۰۰۳ء الموافق ۳۰ شوال ۱۴۲۳ھ**

سُوْرَةُ الشُّعَرَاءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَاَحَدَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ شعراء مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں دوسوستائیس آیتیں اور گیارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ۞۱ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۞۲ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا

طٰسٓمّٓ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں، کیا ایسا ہونے کو ہے کہ آپ اپنی جان کو اس وجہ سے ہلاک کر دیں کہ یہ لوگ ایمان

مُؤْمِنِيْنَ ۞۳ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ

نہیں لاتے۔ اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے ایک بڑی نشانی نازل کر دیں، پھر ان کی گردنیں اس

لَهَا خٰضِعِيْنَ ۞۴ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ

نشانی کی وجہ سے جھک جائیں، اور ان کے پاس رحمٰن کی طرف سے جو بھی کوئی نصیحت آجاتی ہے تو اس سے اعراض کرنے والے

مُعْرِضِيْنَ ۞۵ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۞۶

بن جاتے ہیں، سو انہوں نے جھٹلا دیا سو آجائیں گی ان کے پاس اس چیز کی خبریں جس کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے،

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۞۷ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ

کیا انہوں نے زمین کو نہیں دیکھا اس میں ہم نے کتنی قسم کی اچھی اچھی بوٹیاں اگائی ہیں بلاشبہ اس میں بڑی نشانی ہے،

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۞۸ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۞۹ ع

اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں اور بلاشبہ آپ کا رب زبردست ہے رحمت والا ہے۔

طٰسٓمّٓ۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ۔ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ۔ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ۔

طسم : یہ کھلی کتاب کی آیات ہیں آپ اپنی جان کھودیں گے۔ اس وجہ سے کہ یہ ایمان نہیں لاتے۔ اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اتار دیں جس سے ان کی گردنیں جھک جائیں اور کوئی جدید نصیحت ان کے پاس رحمان کی طرف سے نہیں اترتی مگر وہ اس سے روگردانی کرنے والے ہیں۔

۱، ۲: طٰسٓمّٓ قراءت: طس، یس، حم امالہ سے پڑھیں گے کوفیوں کے ہاں مگر اعشیٰ، حفص، برجمی امالہ نہیں کرتے میم کے وقت نون کو

ظاہر کرتے ہیں یزید،حمزہ،اوران کے علاوہ ادغام کرتے ہیں۔تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (یہ واضح کتاب کی آیات ہیں) جس کا اعجاز ظاہر ہے اوراس کا من عند اللہ ہونا صحیح ہے کتاب سے مراد سورۃ ہے۔یا نمبر۲۔قرآن مجید۔مطلب یہ ہے کہ اس مجموعہ کی آیات کتاب مبین کی آیات کے حروف مبسوطہ میں سے ہیں۔

## ان کے ایمان لانے پر اپنے کو نہ کوسیں:

۳: لَعَلَّكَ بَاخِعٌ (شاید آپ اپنی جان کھودیں گے) بخع کا معنی ہلاک کرنا ہے اور لعل شفقت کیلئے لایا گیا۔نَّفْسَكَ (اپنی جان غم کی وجہ سے) یعنی آپ اپنے اوپر رحم کریں اس سے کہ اپنے کو اپنی قوم کے اسلام نہ لانے کی وجہ سے غم وحسرت میں ڈال کر ہلاک کریں۔اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (اس بناء پر کہ وہ ایمان نہیں لاتے) نمبر۲۔ان کے ایمان سے باز رہنے کی وجہ سے۔نمبر۳۔اس خطرے کے پیش نظر کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔

۴: اِنْ نَّشَاْ (اگر ہم ان کا ایمان چاہیں) نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً (ہم ان پر آسمان سے کوئی ایسی نشانی اتار دیں) واضح دلالت فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ (پھر ان کی گردنیں ہو جائیں گی)۔

نحو: یہاں ظلت ماضی، بمعنی مضارع تظل ہے کیونکہ شرط جزاء میں اگر ماضی آبھی جائے وہ بھی مستقبل کے معنی میں ہے۔جیسے کہتے ہیں ان زرتنی اکرمتك ای اکرمك کذا قاله الزجاج۔

اعناقهم سے ان کے رؤساء اور پیش پیش لوگ مراد ہیں۔نمبر۲۔ان کی جماعتیں جیسا کہ کہتے ہیں جاء عنق من الناس یعنی ان میں سے ایک جماعت آئی۔لَهَا خٰضِعِيْنَ (جھکنے والی) مطیع۔

قول ابن عباس رضی اللہ عنہما: یہ ہمارے اور بنو امیہ کے متعلق اتری۔عنقریب ہم کو ان پر برتری حاصل ہوگی۔اوران کی گردنیں کچھ صعوبت کے بعد ذلیل ہو جائیں گی اوران کو عزت کے بعد ذلت میسر ہوگی۔

## ان کا اعراض بڑھ گیا عنقریب ان کو معلوم ہو جائے گا:

۵: وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ (اللہ تعالیٰ ان کی طرف جو وحی وعظ وتذکیر کیلئے اتارتے ہیں اس سے ان کا اعراض وکفر بھی نیا ہو جاتا ہے)۔

۶: فَقَدْ كَذَّبُوْا (پس یقیناً انہوں نے تکذیب کی) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ان باتوں میں جو آپ ان کے پاس لے کر آئے۔فَسَيَاْتِيْهِمْ (پس عنقریب ان کے پاس آجائیں گی) عنقریب وہ جان لیں گے۔اَنْبٰٓؤُا (خبریں) مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (اس کی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے) ما سے مراد قرآن ہے۔اس میں ان کے لئے وعید اور انداز ہے۔عنقریب ان کو علم ہوگا جب ان کو اللہ تعالیٰ کا عذاب چھوئے گا۔بدر کے دن اور قیامت کے دن کہ وہ کس چیز کا انکار کرتے تھے اور عنقریب ان کے سامنے وہ خبریں اور حالات آجائیں گے جو ان پر مخفی تھے۔

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝۱۱

اور جب آپ کے رب نے موسیٰ کو پکارا کہ ظالم قوم یعنی قوم فرعون کے پاس چلے جاؤ کیا یہ لوگ ڈرتے نہیں ہیں،

قَالَ رَبِّ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝۱۲ وَيَضِيْقُ صَدْرِیْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِیْ فَاَرْسِلْ

موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں، اور میرا سینہ تنگ ہونے لگتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی لہٰذا

اِلٰى هٰرُوْنَ ۝۱۳ وَلَهُمْ عَلَیَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۝۱۴ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ

ہارون کو بھی پیغمبر بنا دیجئے اور مجھ پر ان لوگوں کا جرم ہے لہٰذا میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ مجھے قتل کر ڈالیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہرگز ایسا نہیں ہوگا سو تم دونوں ہماری آیات لے کر جاؤ،

اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ۝۱۵ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۶ اَنْ اَرْسِلْ

بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں سننے والے ہیں، سو تم فرعون کے پاس جاؤ اور یوں کہو کہ بلاشبہ ہم رب العالمین کے پیغمبر ہیں یہ کہ تو ہمارے ساتھ

مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝۱۷ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ۝۱۸

بنی اسرائیل کو بھیج دے فرعون نے کہا کہ کیا ہم نے تجھے اپنے پاس رکھ کر اس وقت نہیں پالا جب تو نومولود تھا، اور تو ہمارے اندر اپنی عمر کے برسہا برس رہا ہے

## کمالِ قدرت:

۷: اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا (کیا انہوں نے زمین کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھا کہ ہم نے کس قدر اگایا)

نحو: کم یہ انبتنا کی وجہ سے منصوب ہے۔

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ (اس میں ہر طرح کا سبزہ) زوج کا معنی اقسام نبات كَرِيْمٍ (شاندار)، کثیر الفوائد جس سے انسان و حیوان ہر دو مستفید ہوتے ہیں جیسا کہ کریم شخص کا نفع ہر ایک کیلئے عام ہوتا ہے۔

فَائِدَہ: کثرت و احاطہ کے دونوں کلمات کو جمع کر دیا۔ کل کا کلمہ نبات کے افراد پر تفصیل سے بطور احاطہ دلالت کرتا ہے اور کم کثرتِ اصناف کو محیط ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ نے اپنے کمالِ قدرت پر متنبہ کیا ہے۔

۸، ۹: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (بلاشبہ اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے) یعنی ان اوصاف کے ثابت کرنے میں قدرت الٰہی کی نشانی ہے کہ ان کا اگانے والا مردوں کو زندہ کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ ان میں سے اکثریت کے دلوں پر مہریں لگ چکی ہیں۔ ان سے ایمان کی کوئی امید نہیں ہے۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ (اور حقیقت یہ ہے کہ آپ کا رب غالب ہے۔) کفار سے اپنے انتقام میں الرَّحِيْمُ (مہربان ہے) ان کے لئے جو ان میں سے ایمان لائیں۔ لَاٰيَةً کا لفظ واحد لایا گیا حالانکہ ان کی کثرت کی خبر دی۔ کیونکہ ذٰلک سے انبتنا مصدر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور وہ جنس پر دلالت کرتا ہے۔ نمبر۲۔ ان میں سے ہر نبات کے جوڑے میں کیا خوب نشانی ہے۔

۱۰، ۱۱: وَاِذْ نَادٰی (اوراس وقت کو یاد کرو جب پکارا)
نحو: اذ یہ اذکر فعل محذوف کا مفعول ہے ای واذکر اذ نادی (پکارنا' بتلانا)۔ رَبُّکَ مُوْسٰی اَنِ ائْتِ (تیرے رب نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کہ تم جاؤ)۔
نحو: یہاں ان ای کے معنی میں ہے۔ الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ (ظالم قوم کے پاس) اپنے نفوس پر کفر کے سبب ظلم کرنے والے اور بنی اسرائیل پر غلام بنانے کی وجہ سے ظلم کرنے والے اور اسی طرح ان کے بچوں کو ظلم کے طور پر قتل کر کے ان پر ظلم کی دستاویز لکھ دی۔ قَوْمَ فِرْعَوْنَ القوم الظالمین کا عطف بیان ہے گویا قوم ظالمین کا معنی اور ترجمہ ہی قوم فرعون ہے اور گویا دو عبارتیں یکے بعد دیگرے ایک ہی بات کو ادا کر رہی ہیں۔ اَلَا یَتَّقُوْنَ (کیا وہ ہمارے غضب سے نہیں ڈرتے) یعنی ان کے ہاں زاجر بن کر جائیں۔ ان کے ڈرنے کا وقت قریب آ چکا۔
نحو: الا کا کلمہ یہ برانگیختہ کرنے کیلئے آتا ہے نمبر۲۔ یہ الظالمین کی ضمیر سے حال ہو یعنی وہ ظلم کرتے ہیں مگر اس میں اللہ تعالیٰ اور اس کی سزا سے ذرا نہیں ڈرتے ہمزہ انکار کو حال پر داخل کر دیا گیا۔

## خطرۂ تکذیب:

۱۲، ۱۳: قَالَ رَبِّ اِنِّیْٓ اَخَافُ (موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے میرے رب مجھے اندیشہ ہے) خوف مستقبل میں پیش آنے والے معاملے پر غم۔ اَنْ یُّکَذِّبُوْنِ (کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے) وَیَضِیْقُ صَدْرِیْ (اور میرا سینہ تنگ ہوگا) ان کے مجھے جھٹلانے کی وجہ سے۔ یہ جملہ مستانفہ ہے نمبر۲۔ یا اخاف پر عطف ہے۔ وَلَا یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ (اور میری زبان نہیں چلے گی) اس پر کہ ان کے غلط کام دیکھ کر غیرت مجھ پر غالب آئے گی۔ اور میں ان کا جھگڑا سنوں گا تو میری زبان نہ چلے گی۔ نمبر۲۔ ان دونوں کو یعقوب نے نصب سے پڑھا اور اس کا عطف یکذبون پر ڈالا اس صورت میں خوف ان تینوں سے متعلق ہے۔ نمبر۳۔ اور اگر رفع مانیں تو اس صورت میں خوف تکذیب سے متعلق ہے۔ فَاَرْسِلْ اِلٰی هٰرُوْنَ (پس ہارون کے پاس (وحی) بھیج دے) یعنی جبرئیل علیہ السلام کو ان کی طرف بھیج کر ان کو پیغمبر بنا۔ تاکہ پیغام رسالت میں وہ میری اعانت کریں۔ حضرت ہارون اس وقت مصر میں تھے جب موسیٰ علیہ السلام کو شام میں نبوت عنایت کی گئی۔ یہ التماس موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے تعمیل حکم میں ٹال مٹول نہ تھی۔ بلکہ اپنے ساتھ ملانے اور تبلیغ رسالت میں معاونت کی غرض سے التماس کی۔ معاملے کو چلانے کیلئے معین کا مطالبہ عذر سے شروع کیا اور معاون کی طلب قبولیت کی تو کھلی دلیل نہ کہ ٹال مٹول کی۔

## دعویٰ گناہ کو گناہ کہا:

۱۴: وَلَهُمْ عَلَیَّ ذَنْۢبٌ (اور ان کا میرے اوپر ارتکاب گناہ کا دعویٰ ہے) قبطی کے مکہ سے قتل ہو جانے کا۔ یہاں مضاف حذف کر دیا گیا۔ ای تبعة ذنب۔ نمبر۲۔ دعویٰ گناہ کو ذنب کہا جیسا کہ جزاء سیئہ کو سیئہ کہتے ہیں۔ فَاَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ (پس مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں) کہ وہ مجھے قصاصاً قتل کر دیں۔ یہ بھی بہانہ بازی نہیں بلکہ ایک متوقع مصیبت کو دفع کا مطالبہ ہے جس میں ابتلاء کا قوی اندیشہ ہے اور تبلیغ رسالت کے فریضہ کی ادائیگی سے قبل ہی قتل کر دیں یہ اس اندیشے کا اظہار ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے

حفاظت کا وعدہ فرمایا اور موسیٰ علیہ السلام کو کَلّا جو کلمہ ردع ہے اس کے ذریعہ جواب دیکر دو قبولیتیں ایک جگہ جمع فرمادیں۔ فرمایا

## تسلی باری تعالیٰ:

۱۵: قَالَ كَلَّا فَاذْهَبَا (فرمایا ہرگز نہیں تم دونوں جاؤ) کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے ان کی طرف سے پہنچنے والی مصیبت کا دفاع طلب کیا تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس کا جواب اس طرح دیا کہ خوف کو ان سے ہٹا دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے اپنے بھائی کیلئے رسالت طلب کی تو جواب ملا اذھبا یعنی میں نے اس کو تیرے ساتھ ہی رسول بنا دیا پس تم دونوں ادائیگی فریضہ کیلئے جاؤ۔ فاذھبا کا عطف اس فعل پر ہے جس پر کلا دلالت کرتا ہے گویا اس طرح فرمایا اے موسیٰ تو اس قسم کے گمان سے باز رہو اور تم اور ہارون مل کر جاؤ۔ بِاٰيٰتِنَآ (ہماری آیات کے ساتھ) اور وہ ید بیضاء اور عصا وغیرہ ہیں۔ اِنَّا مَعَكُمْ (ہم معاونت و مدد سے تمہارے ساتھ ہیں)۔ اور جن کی طرف تم بھیجے گئے ہو علم وقدرت سے وہاں بھی موجود ہیں۔ مُّسْتَمِعُوْنَ نحو: یہ اِنَّ کی خبر ہے اور معکم لغو ہے۔ (ہم تمہاری باتیں سننے والے ہیں) نمبر۲۔ یہ دونوں انَّ کی خبریں ہیں۔ یعنی سننے والے ہیں۔

## استعمالِ استماع:

اس مقام کے علاوہ دوسری جگہ استماع تو صرف کان لگانے کیلئے آتا ہے کہا جاتا ہے استمع الی حدیثہ ای اصغیٰ الیہ۔ مگر یہاں اس پر محمول کرنا درست نہیں۔ پس یہاں اس کا معنی سماع، سننا کیا جائے گا۔

## گویا دونوں ایک رسول تھے:

۱۶: فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (پس تم دونوں فرعون کے پاس جا کر کہو ہم رب العالمین کے قاصد ہیں)

نکتہ: اس مقام پر رسول کا لفظ تثنیہ نہیں لائے جیسا کہ دوسرے مقام پر انا رسولا ربك ہے۔ کیونکہ الرسول بمعنی المرسل ہوتا ہے اور الرسالۃ کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اس آیت میں تثنیہ لانے کے بغیر چارہ کار نہ تھا کیونکہ الرسول بمعنی المرسل تھا۔ اور موجودہ آیت میں بمعنی الرسالۃ ہے پس اس کی صفت واحد، تثنیہ، جمع تینوں طرح درست ہے۔ نمبر۲۔ کیونکہ یہ دونوں ایک شریعت پر متحد و متفق تھے گویا دونوں ایک رسول تھے۔ نمبر۳۔ مراد یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک ہماری طرف سے ہے۔

۱۷: اَنْ اَرْسِلْ (کہ بھیج دو) یہ معنی ارسل ہے۔ کیونکہ رسول کے لفظ میں ارسال کا معنی پہلے پایا جاتا ہے اور اس میں قول کا معنی ہے۔ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو) مراد یہ ہے کہ ان کو فلسطین جانے کیلئے آزاد چھوڑ دو۔ اور یہ فلسطین ان کا مسکن تھا۔ پس دونوں اس کے دروازہ پر گئے مگر ایک سال تک ان کو اندر آنے کی اجازت نہ ملی یہاں تک کہ ایک دربان نے کہا یہاں ایک انسان ایسا ہے کہ جو یہ خیال کرتا ہے کہ وہ رب العالمین کا رسول ہے اس پر فرعون نے اندر آنے کی اجازت دی اور کہنے لگا اس کو اندر آنے دو۔ شاید اس سے ہنسی مذاق کر لیں۔ دونوں نے داخل ہو کر پیغام رسالت پہنچایا۔ اس وقت فرعون نے موسیٰ کو پہچان کر کہا۔

وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ

اور تو نے وہ کام کیا جو تو نے کیا اور تو ناشکروں میں سے ہے، موسیٰ نے جواب دیا یہ فعل میں نے اس وقت کیا تھا جبکہ میں چوک جانے والوں

الضَّآلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ مِنَ

میں سے تھا، سو میں تمہارے یہاں سے فرار ہو گیا جب مجھے تمہاری طرف سے ڈر لگا سو میرے رب نے مجھے دانشمندی عطا فرمائی اور مجھے پیغمبروں میں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ

شامل فرما دیا، اور وہ جو تو مجھ پر اپنا احسان جتلا رہا ہے سو اس کی وجہ یہ ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا تھا، فرعون نے کہا

وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۲۴﴾

کہ اور رب العالمین کون ہے؟ موسیٰ نے جواب دیا کہ رب العالمین وہی ہے جو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے ان سب کا رب ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو،

## تربیت کا احسان:

۱۸۔قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا ( کہنے لگا کیا ہم نے اس وقت اپنے گھروں میں تجھے نہیں پالا تھا کہ تو بچہ تھا ) بطور اختصار یہاں یہ محذوف ہے فأتيا فرعون فقالا له ذلك۔ الولید بچہ کیونکہ اس کا زمانہ ولادت قریب ہوتا ہے۔مطلب یہ ہے کہ کیا تو چھوٹا نہ تھا پس ہم نے تیری تربیت کی۔وَّ لَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ (اور تو ہم میں اپنی عمر کے کئی سال ٹھہرا رہا ) ایک قول یہ ہے تیس سال۔

۱۹: وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ (اور تو نے اپنا وہ کام دکھایا جو تو نے دکھایا ) یعنی قبطی کو قتل کر دیا اس نے تعریض کے طور پر بات اس لئے کی کہ وہ بادشاہ تھا۔وَ اَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (اور تو کافروں میں سے ہے ) یعنی میری نعمتوں کا منکر ہے کہ تو نے میرے ہی نان بائی کو قتل کر دیا۔نمبر۲۔تو ہمارے اس دین پر تھا جس کو تو اب کفر کا نام دے رہا ہے اور یہ بہتان ہے جو موسیٰ علیہ السلام پر اس نے باندھا۔کیونکہ وہ معصوم پیغمبر ہیں آپ ان میں نبوت سے قبل خاموشی سے بچ بچا کر زندگی گزارتے رہے۔

## جواب موسیٰ علیہ السلام:

۲۰: قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا ( حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا میں نے وہ کام اس وقت کیا ) ای اذ ذاك۔وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ( جبکہ میں ناواقفوں میں سے تھا )۔الضالین یعنی الجاهلين بانها تبلغ القتل اس کے قتل تک پہنچنے سے بے خبر تھا۔الضال عن الشئ۔ پہچان کا ختم ہونا نمبر۲۔بھولنے والے۔اس صورت میں اس آیت کے معنی میں ہوگا۔ان تضل احداهما فتذكر احداهما الاخرى [البقرہ:۲۸۲ ] آپ نے اپنی ذات سے انت من الکافرین کے فرعونی الزام کو دفع کیا اور الکفرین کی جگہ الضالین کا لفظ لائے۔اور اذا جواب بھی ہے اور جزاء بھی اور یہ کلام فرعون کا جواب اور اس کی جزاء بھی ہے کیونکہ فرعون کا قول و فعلت

فعلتك ہے جس کا معنی یہ ہے تم نے میرے احسان کا بدلہ اپنے اس قتل قبطی والے فعل سے دیا ہے اس پر موسیٰ علیہ السلام نے اس کو فرمایا۔ نعم فعلتها مجازیاً لك ہاں میں نے تجھے بدلہ اور جزاء دیتے ہوئے یہ کیا اور یہ بات آپ نے بر سبیل تسلیم فرمائی کیونکہ اس کا احسان تھا ہی اس انداز کا جس کا بدلہ اسی قسم کا دیا جاتا ہے۔

## تمام وزرائے فرعون مشورۂ قتل میں شریک تھے:

۲۱: فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ (پس میں تم سے بھاگ گیا) مدین کی طرف لَمَّا خِفْتُكُمْ (جب مجھے تمہارے طرف سے ڈر لگا) کہ تم مجھے قتل کر دو گے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب ان کو آل فرعون کے مؤمن نے کہا ان الملأ یأتمرون بك لیقتلوك فاخرج۔ [القصص: ۲۰] فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا (میرے رب نے مجھے حکم عطاء فرمایا) حکم سے نبوت اور علوم نبوت مراد ہے اور مجھ سے بھول اور ناواقفیت کو دور فرمایا۔ وَّ جَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (اور اس نے مجھے پیغمبروں سے بنایا) منجملہ رسولوں میں سے۔

۲۲: وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (یہ کوئی نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھ رہا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے) تربیت کا احسان جتلانے کی خبر کو دوبارہ اور اس کو جڑ سے کاٹ دیا اور اس کا نام نعمت ماننے سے انکار کر دیا۔ پھر اس کا نعمت ہونا ظاہر کیا کہ تیرے انعام کی حقیقت بنی اسرائیل کی غلامی ہے کیونکہ اس کی غلامی اور ان کے بیٹوں کا ذبح کرنا ہی وہ سبب تھا جس سے موسیٰ علیہ السلام اس کے ہاں پہنچے اور ان کی پرورش کی اگر وہ ایسی حرکت نہ کرتا تو موسیٰ علیہ السلام کے والدین ان کی تربیت کرتے گویا فرعون نے موسیٰ پر احسان ان کی قوم کو غلام بنانے ماں کی گود سے نکالنے کے بدلہ میں کیا جبکہ یہ احسان ثابت ہو جائے۔

تعبیدھم کا مطلب تذلیل کرنا اور ان کو غلام بنانا ہے۔

فَائِدَة: ضمیر تمنھا اور عبدت میں واحد لائی گئی۔ منکم اور خفتکم میں جمع ہے کیونکہ خوف و فرار دونوں فقط فرعون ہی سے نہ تھا بلکہ اس کے ہم مذہب وزراء جو قتل موسیٰ کا مشورہ دینے والے تھے وہ بھی اس میں شریک تھے اس کی دلیل یہ ارشاد ہے ان الملأ یأتمرون بك لیقتلوك [القصص: ۲۰] باقی احسانِ پرورش تو صرف اسی کی طرف سے تھا اور تعبید بنی اسرائیل بھی اس کا شاہی آرڈر تھا۔ تلک کا مشار الیہ اس کی مبہم و مخفی بدترین خصلت جو کہ بلا وضاحت معلوم نہ ہو سکتی تھی۔ ان عبدت یہ مرفوع ہے اور تلک کا عطف بیان ہے ای تعبیدك بنی اسرائیل نعمة تمنها علی تیرا بنی اسرائیل کو غلام بنانا نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھتا ہے۔

## فرعون کا سوال:

۲۳: قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (فرعون کہنے لگا رب العالمین کیا چیز ہے) یعنی تو اس بات کا دعوے دار ہے کہ تو رب العالمین کا رسول ہے تو اس کی تعریف کیا ہے؟ کیونکہ جب زید کی صفات کے متعلق سوال کیا جاتا ہے تو کہتے ہیں۔ ما زید؟ اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ لمبا یا چھوٹا فقیہ یا طبیب صاحب کشاف نے یہ لکھا ہے۔

قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗۤ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٦﴾ قَالَ

فرعون اپنے آس پاس کے بیٹھنے والوں سے کہنے لگا کیا تم نہیں سنتے؟ موسیٰ نے کہا کہ وہ تمہارا رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی رب ہے، فرعون نے کہا

اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْۤ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٢٧﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا

بلاشبہ تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے ضرور دیوانہ ہے، موسیٰ نے کہا کہ وہ مشرق اور مغرب اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ

ان کے درمیان ہے ان سب کا رب ہے اگر تم سمجھتے ہو، فرعون نے کہا اگر تو نے میرے علاوہ کوئی معبود بنایا تو میں ضرور ضرور تجھے قیدیوں میں

الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿٢٩﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ

شامل کر دوں گا، موسیٰ نے کہا اگرچہ میں تیرے پاس کوئی واضح دلیل پیش کر دوں؟ فرعون نے کہا اگر تو سچوں میں سے

الصّٰدِقِيْنَ ﴿٣١﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿٣٢﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ

ہے تو دلیل پیش کر دے، اس پر موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا سو وہ اچانک واضح طور پر اژدھا بن گیا اور اپنا ہاتھ نکالا سو وہ اچانک دیکھنے والوں کے لئے

لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ ع ٢ ٦

سفید ہو گیا تھا۔

## جواب موسیٰ علیہ السلام:

۲۴: قَالَ موسیٰ علیہ السلام نے اس کو سوال کے موافق جواب دیتے ہوئے فرمایا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا (وہ آسمانوں اور زمین میں ان کے مابین سب کا رب ہے) یعنی دونوں جنسوں کے جو کچھ درمیان میں ہے اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ (اگر تم یقین کرنے والے ہو) یعنی اگر تم دلائل سے اشیاء کو پہچانتے تو ان اشیاء کی تخلیق بطور دلیل کافی ہے۔ نمبر۲۔ اگر تم سے اس یقین کی امید ہے جس تک صحیح سوچ و فکر پہنچاتی ہے تو یہ جواب تمہارے حق میں نفع بخش ہوگا۔ ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔ الایقان سے مراد استدلال سے حاصل ہونے والا علم اسی وجہ سے محاورہ میں یہ کہنا درست نہیں۔ اللّٰہ مُّوْقِن۔

۲۵: قَالَ (فرعون نے کہا) لِمَنْ حَوْلَهٗ (ان کو جو اس کے اردگرد تھے) یعنی اس کی قوم کے سردار جن کی تعداد پانچ سو تھی جو کنگن پہنے ہوئے تھے یہ بادشاہوں کیلئے خاص تھی اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ (کیا تم سن رہے ہو!) اپنی قوم کو موسیٰ علیہ السلام کے جواب پر تعجب میں ڈالنا چاہ رہا تھا۔ کیونکہ وہ لوگ آسمان و زمین کے قدیم ہونے کے قائل تھے اور ان کے متعلق کسی رب کے قائل نہ تھے اسی لئے موسیٰ علیہ السلام کو ضرورت پڑی کہ ان کے سامنے ایسا استدلال پیش کریں جس سے آسمان و زمین کا حدوث و فناء ان کو مشاہداتی

طور پر معلوم ہو جائے پس استدلال کرتے ہوئے آپ نے فرمایا۔

۲۶: قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِیْنَ (موسیٰ علیہ السلام نے کہا وہ تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے) یعنی وہ تمہارا بھی خالق اور تمہارے آباء کا بھی خالق ہے اگر تم دوسروں سے دلیل اخذ نہیں کرتے تو اپنے اپنے نفوس سے استدلال پکڑو۔

فَائِدَۃٌ: موسیٰ علیہ السلام نے رب ابائکم فرمایا کیونکہ فرعون اپنے اہل عصر پر ربوبیت کا دعوے دار تھا پہلوں کے متعلق ربوبیت کا مدعی نہ تھا۔

## فرعون کا سٹپٹانا:

۲۷: قَالَ (فرعون نے کہا) اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْۤ اُرْسِلَ اِلَیْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ (تمہاری طرف جو رسول بھیجا گیا ہے وہ بلاشبہ مجنون ہے) اس لئے کہ اس کا خیال یہ ہے میرے سوا اور بھی کوئی معبود موجود ہے۔ فرعون اپنے علاوہ کسی دوسرے کی الوہیت کا منکر تھا۔

## موسیٰ علیہ السلام کی ایک اور دلیل:

۲۸: قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَیْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ (موسیٰ نے کہا وہی مشرق و مغرب کا رب ہے اور ان کے درمیان جو کائنات ہے اس کا رب ہے اگر تم عقل رکھتے ہو) تو تم میرے قول سے استدلال کر کے اپنے رب کو پہچان لو گے۔ اور یہ اصل مقصودی ارشاد ہے۔ نمبر۲۔ پھر اس عام سے ان کے اور ان کے آباء واجداد کے نفوس کو وضاحت کیلئے خاص کیا کیونکہ دیکھنے کو اپنا نفس سب سے قریب تر ہوتا ہے۔ اور وہ بھی جس سے وہ پیدا ہوا۔ اور وہ مشاہدات بھی قریب تر ہوتے جو ولادت سے وفات تک دیکھتا ہے۔ نمبر۳۔ پھر آپ نے مشرق ومغرب کی تخصیص فرمائی کیونکہ طلوع شمس ایک جانب اور غروب آسمان کے دوسری جانب ہوتا ہے اور سال کے مواسم میں ایک ٹھیک اندازے سے اور صحیح حساب سے ہوتا ہے اس لئے یہ ظاہر ترین استدلال ہے اسی ظہور عموی کی بناء پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے احیاء واماتت سے نمرود بن کنعان کے سامنے اسی دلیل کی طرف رجوع فرمایا۔

ایک قول یہ ہے کہ فرعون نے اپنے سوال کی حقیقت سمجھے بغیر ما سے سوال کر دیا مگر جب موسیٰ علیہ السلام نے اس کا حقیقی جواب دیا تو اس کے دماغ میں یہ بات پیدا ہوئی کہ موسیٰ علیہ السلام تو جواب سے رکنے والے ہیں اس لئے کہ میں نے سوال ماہیت کا کیا اور وہ جواب ربوبیت اور آثار صنعت سے دے رہے ہیں۔ اسی لئے اس نے موسیٰ علیہ السلام کے جواب سے ان کو تعجب میں ڈالنے کیلئے کہا۔ **الا تستمعون**؟ پس موسیٰ علیہ السلام نے پہلے قول جیسا قول کیا۔ اس پر فرعون نے ان کو مجنون قرار دیا یہ سمجھ کر کہ موسیٰ اس کے جواب سے رخ موڑنے والے ہیں۔

پھر موسیٰ علیہ السلام نے تیسری بار پہلی کلام جیسا کلام دُھرا کر واضح کر دیا کہ فرد حقیقی کی معرفت و پہچان صفات سے ہی ہوتی ہے اور ماہیت کا سوال ناممکن ہے اور اس ارشاد میں اسی طرح اشارہ ہے ان **کنتم تعقلون** یعنی اگر تم میں عقل ہوگی تو تم جان لو گے کہ اس کی معرفت کا راستہ یہی ہے جب فرعون حیرت زدہ ہوا تو اسے آثار صنعت باری تعالیٰ کے آثار کو رد کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔

## فرعون کی دھمکی:

۲۹: قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِىْ (اگر تو نے میرے سوا اور کسی کو الٰہ مانا) لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ (تو میں تجھے قید کر دونگا) یعنی میں تمہیں بھی ان لوگوں میں سے ایک بنا دونگا جن کا حال تم میری جیلوں میں جانتے ہو اس کی عادت یہ تھی کہ جس کے متعلق چاہتا پکڑ کر جیل ڈلوا دیتا۔ وہ جیلیں زمین میں دور تک لمبی لمبی سرنگیں تھیں جو خوب گہری ہوتی تھیں۔ ان میں جانے والا نہ کچھ دیکھ سکتا اور نہ سن سکتا تھا اور یہ صورت حال قتل سے کہیں بدتر تھی۔ اور اگر سجننك لا سجننك ہوتا تو یہ معانی ادا نہ ہو سکتے جو لاجعلنك من المسجونين سے ادا ہو رہے ہیں۔ اگرچہ وہ مختصر ہے۔

۳۰: قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ (موسیٰ نے کہا کیا تو مجھے (ایسی حالت میں بھی قید کر سکے گا) اگر میں تیرے پاس لے آؤں)۔

نحو: اس میں واؤ حالیہ ہے اور اس پر ہمزہ استفہام انکاری کا داخل کیا گیا ہے۔ مطلب یہ ہے کیا تو مجھے قید خانے میں اس حال میں بھی ڈال دیگا۔ اگرچہ میں تیرے پاس لے آؤں۔ بِشَىْءٍ مُّبِيْنٍ (کوئی ایسی واضح چیز) یعنی معجزہ لے آؤں۔

۳۱: قَالَ فَاْتِ بِهٖٓ (اس نے کہا تو اس کو پیش کر) جو تیری سچائی کو واضح کر دے اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (اگر تو سچا ہے) تیرے پاس دلیل ہے۔ نحو: جواب شرط مقدر ہے۔ جو کہ (فاحضره) ہے یعنی تو اس کو حاضر کر دے۔

## ظہورِ معجزہ:

۳۲: فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ (پس موسیٰ نے اپنی لاٹھی زمین پر ڈال دی تو وہ یکدم کھلم کھلا اژدھا بن گئی) جس کا اژدھا ہونا ظاہر تھا۔ وہ ایسی چیز نہ تھی جو اژدھا کے مشابہ ہو جیسا کہ سحر و شعبدہ بازی سے اشیاء ہوا کرتی ہیں۔ تفسیری روایت میں ہے کہ اس کی بلندی آسمان میں ایک میل تھی پھر وہ نیچے اتر افرعون کی طرف متوجہ ہوا فرعون کہنے لگا اے موسیٰ تم جو چاہو مجھے حکم دو۔ اے موسیٰ میں تمہیں اس ذات کی قسم دیتا ہوں کہ اس کو پکڑو! موسیٰ علیہ السلام نے پکڑا تو وہ عصا بن گیا۔

۳۳: وَّ نَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِىَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ (اور موسیٰ نے اپنا ہاتھ کھینچا تو وہ دیکھنے والوں کی نگاہ میں ضیاء پاش تھا دیکھنے والوں کیلئے) اس میں دلیل ہے کہ اس کی سفیدی ایسی تھی کہ اس کی طرف نگاہیں دیکھنے سے جم جاتیں کیونکہ وہ خلاف عادت تھا اور اس کی سفیدی نورانیت کی وجہ سے تھی۔

روایت تفسیر یہ میں ہے کہ جب فرعون نے پہلی نشانی دیکھی تو کہنے لگا کیا اور کوئی نشانی بھی ہے؟ اس پر آپ نے اپنا دست اقدس نکالا اور فرعون کو کہا یہ کیا ہے اس نے کہا یہ تمہارا ہاتھ ہے پھر آپ نے اس کو اپنی بغل کے نیچے دبا کر نکالا تو اس میں اتنی شعاعیں نکل رہی تھیں جس سے آنکھیں چندھیانے لگیں اور افق کو روشنی نے بھر دیا۔

قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ

قوم کے سردار جو فرعون کے آس پاس موجود تھے ان سے فرعون نے کہا کہ بلاشبہ یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔ یہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو کے زور سے تم لوگوں کو تمہاری سرزمین سے نکال دے۔

فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۳۶﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ

سو بتاؤ تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا کہ اس شخص کو اور اس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں میں اپنے کارندوں کو بھیج دو جن کا یہ کام ہو کہ لوگوں کو جمع کریں تمہارے پاس ہر

سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ

بڑے ماہر جادوگر کو لے آئیں سو ایک مقررہ دن کے خاص وقت پر جادوگر جمع کئے گئے اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع

مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ

ہونے والے ہو؟ شاید ہم جادوگروں کی راہ کو قبول کر لیں اگر وہ غالب ہو جائیں گے، جب جادوگر

السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ

آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کہ اگر ہم غالب ہو گئے تو کیا یقینی طور پر ہمیں کوئی بڑا انعام ملے گا؟ فرعون نے کہا ہاں اور اس میں شک نہیں کہ

اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾

اس صورت میں تم مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے۔ موسیٰ نے کہا کہ تم ڈال دو جو کچھ ڈالنے والے ہو۔

## فرعون کی سیاسی چال:

۳۴: قَالَ (فرعون کہنے لگا) لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗ (اپنے اردگرد کے سرداروں کو)

نحو: اس پر دو نصب ہیں لفظوں میں منصوب ہے اور اس کا عامل ظرف میں مقدر فعل ہے اور محلاً منصوب ہے کیونکہ یہ الملاء سے حال ہے۔ای کائنین حو له اور اس کا عامل قال ہے۔

اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ (بیشک یہ پڑھا لکھا جادوگر ہے) یہ جادو کو جاننے والا ہے پھر اپنی قوم کو موسیٰ علیہ السلام کے خلاف برانگیختہ کیا۔ یہ کہتے ہوئے۔

۳۵: يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ فَمَاذَا (وہ چاہتا ہے کہ تمہیں تمہارے ملک سے اپنے جادو کے زور سے نکال باہر کرے) یہ منصوب ہے کیونکہ یہ مفعول بہ ہے یہ اس قول کی طرح ہے امرتك الخیر۔ تَاْمُرُوْنَ (تم مجھے حکم دیتے ہو) اس کے متعلق کیا مشورہ دیتے ہو قید کردوں یا نمبر۲۔ قتل تامرون یہ المؤامرۃ سے لیا گیا ہے۔ جس کا معنی مشورہ ہے یا نمبر۲۔ ایسا حکم جو نہی کی ضد ہو۔ جب فرعون دونوں نشانیاں دیکھ کر حیران ہو گیا۔ اور اپنی الوہیت کا تذکرہ بھی بھول گیا اور اپنے کندھوں سے ربوبیت

کی جادر گرادی اوراس کے کندھے پر کپکپی طاری تھی اور ساتھیوں سے مشورے کرنے لگا گویا ان کو حاکم مان لیا حالانکہ اس کے خیال باطل میں وہ اس کے بندے اور غلام تھے اب یکا یک ان کو مامور مان کر ان کا حکم مان لیا۔

## سرداروں کا فتویٰ:

۳۶: قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ (انہوں نے کہا اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دے دو) ان کے ہر معاملے کو ملتوی کر دو۔ اور فتنہ کے خطرہ کی وجہ سے ان کے قتل پر برانگیختہ مت کرو۔ وَابْعَثْ فِی الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ (اور شہروں میں جمع کرنے والے مقرر کرو) پولیس کے اہل کار جو جادوگروں کو جمع کرلائیں انہوں نے فرعون کے قول ان ھذا لساحرٌ علیم کا اس قول سے معارضہ کیا۔

۳۷: یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِیْمٍ (وہ تیرے پاس بڑے بڑے پڑھے لکھے جادوگروں کو لے آئیں گے) کلّ کا لفظ اور سحار مبالغہ کا صیغہ استعمال کیا تا کہ فرعون کے اضطراب میں کچھ کمی واقع ہو۔

۳۸: فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ (چنانچہ جادوگروں کو مقررہ تاریخ کو معین وقت پر جمع کیا گیا) یوم معلوم یعنی یوم زینت اور میقات سے چاشت کا وقت کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے یہی وقت ان سے مقرر فرمایا تھا جیسا کہ اس ارشاد میں ہے موعدکم یوم الزینة وان یحشر الناس ضُحی [طٰہٰ:۵۹] میقات جس کو مقرر کردی اور جس زمانہ کو حد بندی کردی جائے یا جو جگہ طے کی جائے اور اسی سے مواقیت الاحرام ہیں۔

۳۹: وَّ قِیْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ (اور لوگوں کو کہا گیا کہ تم بھی جمع ہو جاؤ گے) یعنی تم جمع ہو جاؤ ان کے اجتماع کے سلسلہ میں ان سے سستی کا گمان ہے اور مراد اس سے ان کا جلد جمع کرنا ہے۔

۴۰: لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ (تا کہ ہم جادوگروں کی راہ پر چلیں) ان کے دین کے سلسلہ میں اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِیْنَ (اگر وہ غلبہ پانے والے ہوں) موسیٰ کو اس کے دین کے سلسلہ میں مغلوب کر دیں اس سے ان کی غرض ساحروں کی اتباع نہیں بلکہ اصل غرض یہ ہے کہ وہ موسیٰ کی اتباع نہ کریں انہوں نے کنایہ کے انداز میں بات کی کہ جب وہ جادوگروں کے پیرو ہونگے تو کم از کم موسیٰ کی پیروی تو نہ کریں گے۔

## جادوگر کے مقابلے میں:

۴۱: فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِیْنَ (پس جب جادوگر آ گئے تو انہوں نے فرعون سے کہا اگر ہم غالب آ گئے تو کیا ہم کو کچھ اس کا بدلہ یقینی طور پر ملے گا)

۴۲: قَالَ نَعَمْ (فرعون نے کہا ہاں!)

قراءت: علی نے نَعِمْ پڑھا ہے اور یہ دونوں لغات ہیں۔

وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ (اور بلاشبہ تم اس وقت شاہی مقرب بن جاؤ گے) یعنی فرعون نے کہا ہاں! تمہارے لئے میرے ہاں اجر ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ تم شاہی مقربین میں شامل ہو جاؤ گے میرے ہاں تمہارا مرتبہ و مقام ہوگا تم میرے درمیان میں سب سے پہلے داخل ہونے والوں میں اور سب سے آخر میں نکلنے والوں میں سے ہو گے۔ جب کہ وہ جادوگروں کا

فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى

سو ان لوگوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں اور فرعون کی عزت کی قسم کھا کر بولے کہ بلاشبہ ہم ہی غالب ہوں گے۔ سو موسیٰ نے اپنا عصا

عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ

ڈالا۔ سو اچانک وہ ان لوگوں کے بنائے ہوئے دھندے کو نگلنے لگا پھر جادوگر سجدے میں ڈال دیئے گئے کہنے لگے ہم رب العالمین پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ

ایمان لائے جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے۔ فرعون نے کہا کیا تم اس پر اس سے پہلے ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں۔ بے شک بات یہ ہے کہ یہ تم سب کا بڑا ہے

الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ؕ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ

جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے، سو یہ ضروری بات ہے کہ تم عنقریب جان لو گے میں ضرور ضرور تمہارے ہاتھوں کو اور پاؤں کو مخالف جانب سے

خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّا

کاٹ دوں گا اور ضرور ضرور تمہیں سولی پر لٹکا دوں گا، انہوں نے جواب دیا کہ کوئی حرج نہیں۔ بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ہم

ع ۴۸ / ۷ نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ ع ط

امید کرتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں کو اس وجہ سے بخش دے گا کہ ہم سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں۔

قول: ائن لنا لاجرًا جزاء شرط کے معنی میں ہوا جیسا کہ اس پر دلالت موجود ہے تو فرعون کا قول وانکم اذالمن المقربین اسی پر معطوف ہے اور اذا کو جواب جزاء کے تقاضے کے مطابق اس کے قائم مقام لایا گیا ہے۔

۴۳: قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ (موسیٰ علیہ السلام نے ان کو کہا تم ڈالو جو تم نے ڈالنا ہے) جادو میں سے پس عنقریب تمہیں اس کا انجام نظر آجائے گا۔

## سحر کے اثرات:

۴۴: فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ (پس انہوں نے اپنی رسیاں ڈالیں) جو کہ ستر ہزار تھیں۔ وَعِصِيَّهُمْ (اور اپنی لاٹھیاں) جو کہ ستر ہزار تھیں۔ دوسرا قول ہر دو بہتر ہزار تھیں۔ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ (اور کہنے لگے فرعون کی عزت کی قسم بیشک ہم ہی غالب رہیں گے) انہوں نے فرعون کی عزت وقوت کی قسم کھائی۔ اور جاہلیت کا ایمان یہی تھا۔ باء قسمیہ ہے یا بطور تبرک فرعون کی عزت کا ذکر کیا۔

## اژدھا سب کچھ نگل گیا:

۴۵: فَاَلْقٰی مُوْسٰی عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ تَلْقَفُ (پھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی زمین پر ڈال دی تو وہ اسی وقت نگلنے والی تھی) تلقف کا معنی نگلنا ہے۔ مَایَاْفِكُوْنَ (جو چیزیں انہوں نے شعبدہ گری سے بنائیں) یعنی جن چیزوں کو وہ اپنے سحر کے بل بوتے پر انکی حقیقت و ظاہر سے پھیرتے تھے اور جھوٹی شعبدہ بازی کرتے تھے وہ اپنی لاٹھیوں اور رسیوں کے متعلق تخیل پیدا کرتے تھے کہ وہ دوڑ رہی ہیں۔

۴۶: فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیْنَ (جادوگر سجدہ میں ڈال دیے گئے) یہاں گرنے کو ڈالنے سے بطور مشاکلت تعبیر کیا گیا کیونکہ یہاں اس کو القاءات کے ساتھ ذکر کیا گیا تھا۔ اور دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ سجدہ میں تیزی کی وجہ سے اس طرح ہو گئے گویا کہ ان کو سجدہ میں ڈال دیا گیا ہو۔

۴۷: قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (وہ کہنے لگے ہم رب العالمین پر ایمان لائے) قول عکرمہ رضی اللہ عنہ: صبح سویرے جادوگر تھے شام پڑنے سے پہلے ایمان والے شہداء بن گئے۔

۴۸: رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ (جو موسیٰ و ہارون کا رب ہے) یہ رب العالمین کا عطف بیان ہے کیونکہ فرعون اپنے متعلق ربوبیت کا دعویدار تھا پس انہوں نے اس کو اس سے ایک طرف کر دیا۔

ایک قول یہ ہے فرعون نے جب ان سے سنا۔ امنا بر ب العالمین تو کہنے لگا تم نے مجھے ہی مراد لیا ہے؟ انہوں نے جواباً کہا: رب موسیٰ وھارون۔

## فرعون کی دھمکی اور ساحروں کا مؤمنانہ جواب:

۴۹: قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ (فرعون نے کہا میری اجازت کے بغیر تم ایمان لے آئے ہو) اس پر اِنَّهٗ لَكَبِیْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ (حقیقت مین وہ تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا) تم نے ایک سازش پر موافقت کر لی ہے۔ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (تم عنقریب جان لوگے) اس فعل کی سزا جو تم نے کیا ہے پھر اس نے تصریح کرتے ہوئے کہا۔ لَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ (میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کٹوا دونگا) اس مخالفت کی وجہ سے جو تم سے ظاہر ہوئی ہے۔ وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِیْنَ (اور تم تمام کو میں سولی پر لٹکا دونگا) اس سے اس کا مقصود عام لوگوں کو ڈرانا تھا تاکہ ایمان لانے میں وہ ان کی اتباع نہ کرنے لگیں۔

۵۰: قَالُوْا لَا ضَیْرَ (انہوں نے کہا کوئی ضرر نہیں) اس میں ضیر ضرر کے معنی میں ہے۔ اور لا کی خبر محذوف ہے ای فی ذلک نمبر ۲۔ ہم پر کوئی ضرر نہیں۔ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ (بیشک ہم تو اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانے والے ہیں)۔

۵۱: اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰیٰنَآ اَنْ كُنَّآ (ہم کو تو یہی خواہش ہے کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں کو معاف کر دے اس وجہ سے کہ ہم) اس لئے کہ ہم اَوَّلَ الْمُؤْمِنِیْنَ (سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں) اہل شہادت میں سے (جو اس میلہ میں موجود ہیں) نمبر ۲۔ فرعون کی رعایا سے۔ نمبر ۳: اہل مصر قبطیوں میں سے۔ ان کا مقصد یہ تھا۔ اس سلسلہ میں ہم پر کوئی نقصان نہیں بلکہ ہمیں تو بہت بڑا

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو ساتھ لے کر راتوں رات چلے جاؤ بلاشبہ تمہارا پیچھا کیا جائے گا، پھر فرعون نے شہروں میں اہل کار

حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ

بھیج دیئے، بلاشبہ یہ تھوڑی سی جماعت ہے اور انہوں نے ہم کو غصہ دلایا ہے، اور بلاشبہ ہم سب

حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ

خطرہ رکھنے والے ہیں، سو ہم نے ان کو باغوں اور چشموں سے اور خزانوں سے اور عمدہ جائے قیام سے نکال دیا، یہ بات اسی طرح سے ہے،

وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ

اور یہ چیزیں ہم نے بنی اسرائیل کو دے دیں سو سورج نکلنے کے وقت ان کے پیچھے جا پہنچے پھر جب دونوں جماعتوں نے آپس میں ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ

اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَآ

کے ساتھیوں نے کہا یہ یقینی بات ہے کہ ہم تو پکڑ لئے گئے، موسیٰ نے کہا ہرگز نہیں بلاشبہ میرے ساتھ میرا رب ہے، وہ مجھے ابھی راہ بتا دے گا، سو ہم نے

اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾

موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ دریا پر اپنی لاٹھی کو مارو، سو وہ پھٹ گیا ہر حصہ اتنا بڑا تھا جیسے بڑا پہاڑ

فائدہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی خاطر اس دین پر جمے رہنے کی بناء پر ہمیں ملے گا۔ نمبر۲۔ ہمیں اس کا کچھ نقصان نہیں جس سے تو ہمیں دھمکیاں دے رہا ہے۔ کیونکہ لازماً ہم نے اپنے رب کی بارگاہ میں اسبابِ موت میں سے کسی نہ کسی سبب کے ساتھ پلٹ کر جانا ہے اور قتل تو اس کے اسباب میں آسان اور قابل ترجیح ہے۔ نمبر۳۔ تیرا ہمیں قتل کر دینے سے ہمیں کوئی نقصان نہیں اگر تو قتل کر دے گا تو ہم اپنے رب کی بارگاہ میں اس شخص کی طرح پلٹ کر جائیں گے جو اس کے ہاں بخشش کی طمع رکھتا ہو اور اس کی رحمت کا امیدوار ہو اس لئے کہ ہمیں سبقت ایمان میسر آ گئی۔

## بنی اسرائیل کو رات نکلنے کا حکم:

۵۲: وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ (اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو رات کو نکال کر لے جا)
قراءت: حجازی نے ہمزہ وصل سے پڑھا۔ ای اَنِ اَسْرِ۔

بِعِبَادِيْٓ (میرے بندوں کو) مراد بنی اسرائیل۔ ان کو اپنے بندے ہونے کی نسبت سے نوازا اس لئے کہ وہ خدا کے رسول پر ایمان لائے تھے۔ اسر کا معنی ان کو رات کو لے کر جاؤ۔ یہ حکم جادوگروں کے ایمان لانے کے عرصہ بعد ہوا۔ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ (تمہارا

پیچھا کیا جائے گا ) فرعون اور اس کی قوم تمہارا پیچھا کریں گے رات کو چلنے کے حکم کی علت فرعون اور اس کے لشکر کے تعاقب کو قرار دیا مطلب یہ ہے کہ میں نے تمہارے اور ان کے معاملے کی تدبیر اس طرح بنائی ہے کہ تم آگے چلو گے اور یہ تمہارے تعاقب میں پیچھے آئیں گے اور سمندر کی جس راہ میں تم داخل ہو گے اسی میں وہ داخل ہونگے تو میں ان کو ہلاک کر دونگا۔ ایک روایت میں ہے کہ اس رات ان کے ہر گھر میں ایک ایک بیٹا مر گیا وہ ان اموات کے معاملہ میں مشغول ہو گئے ادھر موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو لے کر نکل گئے۔ روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ بنی اسرائیل کے ہر چار گھروں کو ایک گھر میں جمع کرو پھر بکرے ذبح کر کے ان کے خون اپنے دروازوں پر لگا دو۔ میں فرشتوں کو حکم دونگا کہ اس دروازے میں داخل نہ ہوں جس پر خون کا نشان لگا ہوا اور انہی فرشتوں سے قبطوں کے پلوٹھے بچے قتل کروا دونگا اور اپنے لئے جلدی سے تازی روٹی تیار کر کے ان کو راتوں رات لے چلو یہاں تک کہ سمندر تک پہنچو پھر اس کے متعلق میرا حکم اسی وقت اترے گا۔

## فرعون کا شدید غم وغصہ:

۵۳: فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِی الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ (فرعون نے شہروں میں جمع کرنے والے بھیج دیے) تا کہ وہ لوگوں کو زبردستی اکٹھا کر دیں جب لوگ جمع ہو گئے تو فرعون کہنے لگا۔

۵۴: اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِیْلُوْنَ (بیشک یہ تھوڑے سے آدمی ہیں) لشرذمہ چھوٹی جماعت۔ ان کو اسی نام سے ذکر کیا جو قلت کو ظاہر کرتا ہے پھر اس کی صفت قلیلون لائے اور اس کو جمع قلت لائے گویا اس کے ہر گروہ کو بہت کم تعداد میں ظاہر کرنا مقصود ہے۔ نمبر ۲۔ قلت سے مراد ذلت ہے تعداد کی قلت مراد نہیں۔ مطلب یہ ہے کہ وہ ذلیل ہیں اس لئے ان کے غلبہ کی کوئی توقع ہی نہیں ہے اس نے قوم موسیٰ علیہ السلام کو قلیل قرار دیا حالانکہ ان کی تعداد چھ لاکھ ستر ہزار تھی کیونکہ فرعونیوں کی تعداد ان کے مقابلہ میں بہت زیادہ تھی ان کی تعداد بقول ضحاک سات کروڑ تھی۔

۵۵: وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ (بلاشبہ وہ ہم کو غصہ دلا رہے ہیں) یعنی وہ ایسے افعال کر رہے ہیں جو غصہ دلانے والے ہیں اور ان کی وجہ سے ہمارے سینوں میں تنگی پیدا ہوئی ہے وہ ان کا ہمارے مصر سے خروج اور ہمارے زیورات کو اٹھا کر لے جانا اور ہمارے پلوٹھے بیٹوں کا قتل ہے۔

۵۶: وَاِنَّا لَجَمِیْعٌ حٰذِرُوْنَ (اور بیشک ہم سب ایک مسلم جماعت ہیں)۔

قراءت: شامی وکوفی نے اسی طرح پڑھا اور دوسروں نے حذرون پڑھا ہے۔

الحذر محتاط، الحاذر، احتیاط میں تجدید کرنے والا۔

ایک قول یہ ہے ہتھیار میں مسلح، وہ اپنی ذاتی حفاظت کیلئے بطور احتیاط ایسا کرتا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ہم بیدار مغز اور محتاط لوگ ہیں یہ چیز ہماری عادت ثانیہ ہے کہ ہم معاملات کو دیکھ بھال سے کرتے ہیں جب کوئی ہمارے خلاف خروج کرتا ہے تو جلدی سے ہم اس کا فساد مٹا دیتے ہیں یہ اعذار ہیں جو فرعون نے شہر والوں کو پیش کیا تا کہ وہ عاجزی اور کمزوری کا گمان نہ کریں۔

۵۷: فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ (اور ہم نے ان کو باغات سے نکال دیا) وَّ عُیُوْنٍ (اور چشموں سے) جاری نہروں سے

۵۸: وَّ کُنُوْزٍ (اورخزانوں سے) اموال ظاہرہ جوسونے اور چاندی کی جنس سے تھے ان کو کنوز کہا کیونکہ ان کو وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں صرف نہ کرتے تھے۔ وَّ مَقَامٍ (اورمکان) کَرِیْمٍ (پررونق عمدہ)۔قول ابن عباسؓ: مقام سے منابر مراد ہیں۔

۵۹: کَذٰلِکَ (اور واقعہ یونہی ہوا) اس میں نصب کا احتمال ہے جب کہ اخرجنا کے ماتحت ہو ای خرجنا هم مثل ذلك الاخراج الذی وصفنا۔ نمبر۲۔ یہ مبتدأ محذوف کی خبر ہوتو مرفوع ہے ای الامر کذلك وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (اور ہم نے ان کا وارث بنی اسرائیل کو بنایا) قول حسن رحمۃ اللہ علیہ: جب سمندر پار گزر گئے تو واپس لوٹے اور انہوں نے اپنے مکانات و اموال واپس لے لئے (مگر یہ محل نظر ہے بنی اسرائیل وشام وفلسطین کی حکومت ملنے کے بعد بطور اقتدار لوٹنا ممکن ہے ثابت ہو فافہم)

## فرعون کا تعاقب:

۶۰: فَاَتْبَعُوْهُمْ (پس انہوں نے ان کو آلیا)۔قراءت: فاتّبعُوْهم یزید نے پڑھا ہے۔ مُّشْرِقِیْنَ (طلوع شمس کے وقت)۔

نحو: یہ حال ہے یعنی اس حال میں کہ وہ طلوع شمس میں داخل ہورہے تھے۔یعنی قوم فرعون اور فرعون نے طلوع شمس کے وقت ان کو آلیا۔

۶۱: فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ (جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا) آمنا سامنا ہوا۔اس طرح کہ ہر فریق دوسرے کو دیکھ سکتا تھا۔اسرائیلی اور قبطی مراد ہیں۔قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓی اِنَّا لَمُدْرَکُوْنَ (تو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں نے کہا بیشک وہ تو ہم کو پکڑلیں گے) قریب ہے کہ ہمارا دشمن ہمیں آملے اور ادھر ہمارے سامنے سمندر رہو۔

۶۲: قَالَ (موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا) کیونکہ ان کو اپنے رب کے وعدہ پر پختہ یقین تھا۔ کَلَّا (ہرگزنہیں) اللہ تعالیٰ کے متعلق بدگمانی سے باز آؤ۔وہ تمہیں ہرگز پکڑ نہ سکیں گے۔اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ (بیشک میرا رب میرے ساتھ ہے وہ عنقریب راہنمائی فرمائے گا)۔

قراءت: حفص نے مَعِیَ پڑھا۔یعقوب نے سیهدین بینی پڑھا ہے سیهدینؔ کا مطلب سیهد ینی طریق النجاۃ من ادراکهم واضرارهم وہ عنقریب ان کے پکڑنے اور تکلیف پہنچانے کے متعلق میری راہنمائی فرمائے گا۔

## بنی اسرائیل کا لشکر سمندر کے درمیان:

۶۳: فَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ (پس ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ تم اپنی لاٹھی سمندر پر مارو) البحر سے بحر قلزم مراد ہے یہی وہ سمندر ہے جس میں لوگ یمن سے مصر کی طرف جاتے ہیں۔نمبر۲۔ دریائے نیل۔فَانْفَلَقَ (پس وہ پھٹ گیا) یعنی انہوں نے مارا تو وہ پھٹ گیا۔اور اس میں بارہ راستے بن گئے اور قبائل بنی اسرائیل کی تعداد بھی اس قدر تھی۔فَکَانَ کُلُّ فِرْقٍ (ہر حصہ) ایک حصہ دوسرے سے جدا ہو کر کھڑا ہوگیا۔کَالطَّوْدِ (گویا کہ وہ ایک بڑا پہاڑ ہے) آسمان میں بلند ہونے والا پہاڑ الْعَظِیْمِ (بڑا)۔

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِیْنَ ﴿۶۴﴾ وَاَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿۶۵﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا

اور ہم نے اس موقع پر دوسروں کو قریب کر دیا اور ہم نے موسیٰ کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے سب کو نجات دی، پھر ہم نے دوسروں کو

الْاٰخَرِیْنَ ﴿۶۶﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۶۷﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

غرق کردیا بلاشبہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہ تھے، بلاشبہ آپ کا رب

لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۶۸﴾ ع ۱۷ / ۸

زبردست ہے رحمت والا ہے۔

۶۴: وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ (اور ہم نے قریب کردیا) اس جگہ کے (فرعونیوں کو) جہاں سے سمندر پھٹا۔ الْاٰخَرِیْنَ (پچھلوں کو) قوم فرعون یعنی ہم نے ان کو بنی اسرائیل کے قریب کردیا۔ نمبر۲۔ سمندر کے قریب کردیا۔

۶۵: وَاَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ (اور ہم نے موسیٰ اوران کے ساتھ والوں تمام کونجات دی) یعنی ڈوبنے سے نجات دی۔

## ہلاکتِ فرعون:

۶۶: ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ (پھر دوسروں کو ہم نے ڈبو دیا) فرعون اور قوم فرعون کو۔

## فائدہ عظیمہ:

زندگیوں میں ستاروں کی تاثیر کے نظریہ کو یہ آیت باطل کر رہی ہے ان سب کے طوالع مختلف تھے مگر ہلاک میں سب اکٹھے ہوگئے۔ روایت تفسیریہ میں ہے کہ جبرائیل علیہ السلام بنی اسرائیل اور آل فرعون کے درمیان آ گئے وہ بنی اسرائیل کوتلقین فرمار ہے تھے کہ اگلے کو جاملو۔ اور قبطیوں کے سامنے روک کر فرماتے تم ٹھہرو تاکہ تمہارے پیچھے والے ساتھ مل جائیں۔ جب موسیٰ علیہ السلام سمندر کے کنارہ پر پہنچ گئے۔ تو یوشع علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کو کہا آپ کو کہاں کا حکم ملا ہے؟ یہ سمندر تمہارے سامنے ہے۔ اور آل فرعون پیچھے دبائے چلے آ رہے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہاں کا حکم ہوا یوشع پانی میں گھس گئے اور موسیٰ علیہ السلام نے سمندر پر اپنی لاٹھی ماری پھر وہ داخل ہوئے۔ ایک روایت میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس وقت فرمایا: یا من کان قبل کل شیئ والمکوّن لکل شیئ ۔ والکائن بعد کل شیئ اے وہ ذات جو ہر چیز سے پہلے ہے اور ہر چیز کو بنانے والی ہے اور ہر چیز کے بعد ہمیشہ رہے گی۔

۶۷: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ (بے شک اس میں) جو ہم نے موسیٰ اور فرعون کے ساتھ کیا لَاٰیَةً (ضرور نشانی ہے) عجیب عبرت ہے جس کا بیان نہیں کیا جا سکتا۔ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ (اور ان کی اکثریت نہ تھی ڈوبنے والوں کی) مُّؤْمِنِیْنَ (ایمان لانیوالی) علماء کا بیان ہے

وقف لازم

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝۶۹ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۷۰ قَالُوْا نَعْبُدُ

اور آپ ان کے سامنے ابراہیم کا قصہ بیان کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور قوم سے کہا کہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا کہ ہم بتوں کی

اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۝۷۱ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۝۷۲ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ

عبادت کرتے ہیں اور ان کے پاس جمع رہتے ہیں ابراہیم نے کہا کیا یہ تمہاری بات سنتے ہیں جب تم انہیں پکارتے ہو یا یہ تمہیں نفع دیتے ہیں

اَوْ يَضُرُّوْنَ ۝۷۳ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَا اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝۷۴ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

یا ضرر دیتے ہیں؟ وہ لوگ کہنے لگے بلکہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو اسی طرح کرتے ہوئے پایا ہے، ابراہیم نے کہا کیا تم نے ان کو دیکھا کہ

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝۷۵ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ۝۷۶ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ

تم اور تمہارے باپ دادے جن چیزوں کی عبادت کرتے ہو سو بے شک وہ میرے دشمن ہیں سوائے رب العالمین

الْعٰلَمِيْنَ ۝۷۷ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝۷۸ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝۷۹

کے جس نے مجھے پیدا کیا سو وہ مجھے ہدایت دیتا ہے اور مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے

کہ قبطیوں میں سے صرف آسیہ، حزقیل مؤمن آل فرعون اور مریم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو قبر یوسفؑ کی نشان دہی کی یہ ایمان لائے۔

۶۸: اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ (اور بلاشبہ آپ کا رب البتہ زبردست ہے) اپنے دشمنوں سے انتقام و بدلہ لینے میں الرَّحِيْمُ (مہربان ہے) اپنی فرمانبرداری پر انعامات کرنے میں۔

### ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ:

۶۹: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ (آپ ان پر پڑھیں) یعنی قریش مکہ پر نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ابراہیم علیہ السلام کے حالات۔

### قوم اور والد کے ساتھ پیش آنے والے حالات:

۷۰: اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ (جبکہ انہوں نے اپنے والد اور قوم کو فرمایا) قوم ابراہیم یا قوم والد مَا تَعْبُدُوْنَ (تم کس چیز کی پوجا کرتے ہو) لیکن یہ سوال ان سے اس بناء پر کیا کہ ان کو بتلایا جائے کہ جن کی تم عبادت کرتے ہو یہ مستحق عبادت نہیں ہیں۔

۷۱: قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا (وہ کہنے لگے ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں) ماتعبدون کا جواب اصناما ہے جیسا کہ اس آیت میں العفو جواب ہے ماذا ینفقون کا۔ آیت یسئلونك ماذا ینفقون قل العفو [البقرہ:۲۱۹] اسی طرح دوسری آیت میں ماذا قال کے جواب میں الحق ہے ماذا قال ربکم قالوا الحق [سبا:۲۳]

کیونکہ یہ سوال معبود کے متعلق تھا عبادت کے متعلق نہ تھا۔ انہوں نے جواب میں فخر کے طور پر نعبد کا اضافہ کر دیا اور دوسری بات یہ ہے کہ ان کی عبادت پر مباہات کے طور پر نعبد لائے اور اس پر بطور عطف۔ **فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ** (پس ہم ان کی عبادت پر دن گزراتے ہیں) ہم ان کی عبادت سارا دن کرتے ہیں۔ انہوں نے فنظل کہا کیونکہ وہ ان کی عبادت دن کے وقت کرتے تھے نہ کہ رات کو نمبر ۲۔ اس کا معنی دوام و ہمیشگی ہے۔

۷۲: **قَالَ** (ابراہیم علیہ السلام نے کہا) **هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ** (کیا وہ سنتے ہیں) کیا وہ تمہاری دعائیں سنتے ہیں مضاف محذوف ہے کیونکہ **اِذْ تَدْعُوْنَ** اس پر دلالت کر رہا ہے۔

۷۳: **اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ** (یا وہ تمہیں فائدہ دیتے ہیں) اگر تم ان کی عبادت کرتے ہو **اَوْ يَضُرُّوْنَ** (یا وہ تمہیں نقصان پہنچاتے ہیں) اگر تم ان کی عبادت چھوڑ دو۔

۷۴: **قَالُوْا بَلْ** (انہوں نے کہا بلکہ) بل اضراب کیلئے ہے کہ وہ نہ سنتے ہیں اور نہ نفع پہنچاتے اور نہ نقصان دیتے ہیں اور نہ ہم ان میں سے کسی غرض کی بناء پر ان کی عبادت کرتے ہیں۔ لیکن **وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ** (ہم نے اپنے آباء کو اسی طرح کرتے ہوئے پایا) پس ہم ان کی تقلید کرتے ہیں۔

۷۵، ۷۶: **قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ** (ابراہیم علیہ السلام نے کہا کیا تم نے دیکھا کہ تم خود اور تمہارے اگلے باپ دادا کس چیز کو پوجتے ہیں) اقدمون کا معنی پہلے ہے۔

۷۷: **فَاِنَّهُمْ** (پس بیشک وہ) یعنی اصنام **عَدُوٌّ لِّيْ** (میرے دشمن ہیں) عدو اور صدیق یہ دونوں لفظ واحد و جمع کیلئے مستعمل ہیں مطلب یہ ہے کہ اگر تم پوجا کرو تو قیامت کے دن وہ میرے دشمن ہونگے جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا سیکفرون بعبادتھم ویکونون علیھم ضدًا [مریم:۸۲]

قول فراء: یہ کلام مقلوب کی قسم ہے مطلب اس طرح ہے: **فانی عدولھم** (کہ میں ان کا دشمن ہوں) حالانکہ آپ کے قول میں عدوٌ لی ہے عدولکم نہیں۔ ان کی زیادہ خیر خواہی کرتے ہوئے قبولیت حق کی دعوت دی ہے اگر آپ **فانھم عدولکم** فرماتے تو کلام سے یہ مقصد پورا نہ ہوتا۔

**اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ** (مگر رب العالمین)۔

**نحو**: یہ استثناء منقطع ہے کیونکہ وہ اعداء کے تحت داخل ہی نہیں کہ الا سے خارج کیا جائے گویا اس طرح فرمایا لکن رب العالمین لیکن رب العالمین میرا دوست ہے۔

۷۸: **الَّذِيْ خَلَقَنِيْ** (وہ جس نے مجھے پیدا کیا) ٹھہرنے کی مقررہ جگہ میں رکھ کر **فَهُوَ يَهْدِيْنِ** (پس وہی میری راہنمائی کرنے والے ہیں) دنیاوی راستوں اور مصالح دین کی جانب یھدینی کو صیغہ مستقبل سے لایا گیا ہے حالانکہ عنایت تو پہلے گزر چکی کیونکہ یھدینی اہم و افضل اور کامل و اکمل کا احتمال رکھتا ہے۔ نمبر ۲۔ وہ ذات جس نے مجھے پیدا کیا اپنی خدمت کے اسباب کیلئے پس وہی میری راہنمائی آداب خلّت کی طرف فرمائیں گے۔

۷۹: **وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ** (اور وہ ذات جو مجھے کھلاتی ہے) یہاں اطعام کی نسبت انعامات کے والی کی طرف کی گئی ہے۔ کیونکہ

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝۸۰ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ۝۸۱ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ

اور جب بیمار ہو جاؤں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے اور جو مجھے موت دے گا پھر زندہ فرمائے گا اور جس سے میں امید رکھتا ہوں

اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝۸۲ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝۸۳

کہ قیامت کے دن میرا قصور معاف فرما دے گا، اے میرے رب مجھے حکم عطا فرمائیے اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرمائیے،

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝۸۴ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝۸۵

اور بعد میں آنے والے لوگوں میں اچھائی کے ساتھ میرا ذکر باقی رکھیے، اور مجھے جنت النعیم کے وارثوں میں بنا دیجئے

وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝۸۶ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝۸۷ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ

اور میرے باپ کی مغفرت فرمائیے بلاشبہ وہ گمراہوں میں سے ہے، اور مجھے اس دن رسوا نہ کیجئے گا جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے جس دن نہ کوئی

مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝۸۸ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝۸۹

مال نفع دے گا اور نہ بیٹے، سوائے اس شخص کے جو قلب سلیم کے ساتھ اللہ کے پاس آئے۔

اسباب کی طرف جھک پڑنا یہ چوپایوں کی عادت ہے۔ وَيَسْقِيْنِ (اور وہ مجھے شفاء بخشنے والے ہیں) قول ابن عطاءؒ: وہ ذات جو کھانا کھلا کر زندہ رکھتی ہے اور مشروبات پلا کر سیرابی بخشتی ہے۔

۸۰: وَاِذَا مَرِضْتُ (اور جب میں بیمار ہوتا ہوں) ابرہیم علیہ السلام نے یہاں اس طرح نہیں فرمایا: امرضنی۔ کیونکہ زبانی تذکرہ سے یہاں شکر مقصود ہے اسی لئے اس کی طرف اس چیز کی نسبت نہیں کی جو ضیر ونقصان کی متقاضی تھی (یہ کمال ادب ہے)۔ قول ابن عطاءؒ: جب میں مخلوق کو دیکھ کر بیمار ہوتا ہوں تو مشاہدہ حق سے مجھے وہ شفاء دیتا ہے۔ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (وہ شفاء بخشا ہے!)

قول جعفر صادقؒ: جب میں رؤیت افعال سے بیمار پڑ جاتا ہوں تو وہ افضال کے احسان سے اس کا ازالہ فرما دیتا ہے۔

## تعبیر کی خوبصورتی:

۸۱: وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ (اور وہ ذات جو مجھے موت دے گی پھر وہ مجھے زندہ کرے گی) یہاں اذا امت نہیں فرمایا کیونکہ موت ابتلاء کی قید اور دار الفناء سے نکلنے اور بقاء کے باغ میں وعدہ لقاء کیلئے داخلے کا نام ہے۔

## ثم اور فاء کا فرق:

یہاں ثم لایا گیا کیونکہ فناء کے عرصہ پر احیاء ہے گزشتہ آیات میں شفاء اور ہدایت پر فاء کو داخل کیا کیونکہ مخلوق کو باری باری حاصل ہوتی ہیں دونوں ساتھ ساتھ میسر نہیں ہوتی۔

۸۲: وَالَّذِیْۤ اَطْمَعُ (اور وہ ذات جس سے میں طمع رکھتا ہوں) موالی سے غلاموں کی طمع تو افضال ہی ہوتا ہے سوال سے ان کا استحقاق مقصود نہیں ہوتا۔ اَنْ یَّغْفِرَلِیْ خَطِیْٓئَتِیْ (کہ وہ میری لغزش کو بخش دیں گے) ایک قول یہ ہے کہ اس خطاء سے اِنِّی سقیم [الصافات:۸۹] بل فعله کبیر هم [الانبیاء:۶۳] هذا ربی [الانعام:۷۷] اور بازغ بادشاہ مصر کو سارہ کے متعلق فرمایا ھی اختی یہ تمام جائز تعریضات ہیں یہ خطایا نہیں کہ جن سے استغفار کی ضرورت ہو باقی انبیاء علیہم السلام کا استغفار تو رب کی بارگاہ میں تواضع و انکساری ہے اور امت کو طلب مغفرت کی تعلیم دینا مقصود ہے۔ یَوْمَ الدِّیْنِ (قیامت کے دن) جو کہ جزاء کا دن ہے۔

## دعائے ابراہیم علیہ السلام:

۸۳: رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا (اے میرے رب مجھے حکم عطا فرما) حکم سے حکمت مراد ہے یا نمبر۲۔ لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا۔ نمبر۳ نبوت کیونکہ نبی علیہ السلام حکمت والے اور لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (اور تو مجھے نیکوں کے ساتھ ملا دے) صالحین سے انبیاء علیہم السلام مراد ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اس دعا کو قبول فرما کر اعلان کر دیا: وانهٗ فی الآخرة لمن الصالحین [البقرة:۱۳۰]

۸۴: وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ (اور میرا تذکرہ اخیر آنے والے لوگوں میں کر دے) یعنی اچھی تعریف اور آنے والی اُمتوں میں اچھا تذکرہ۔ پس یہ دعا قبول کر لی گئی تمام ادیان والے ان سے دوستی رکھتے اور ان کی تعریف کرتے ہیں۔

نکتہ: یہاں قول کی بجائے لسان کو لایا گیا کیونکہ قول زبان ہی سے ادا ہوتا ہے۔

۸۵: وَاجْعَلْنِیْ مِنْ (تو مجھے بنا دے)

نحو: یہ وارثًا محذوف کے متعلق ہے ای وارثامن ورثة جنة النعیم۔

وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ (نعمتوں والی جنت) یعنی اس میں باقی رہنے والے لوگوں میں سے ہے۔

۸۶: وَاغْفِرْ لِاَبِیْۤ (اور میرے والد کو بخش دے) اس کو اسلام نصیب کر کے اہل جنت میں سے بنا دے۔ ابراہیم علیہ السلام نے ہجرت کے وقت اس سے جدائی اختیار کی تو اس وقت یہ وعدہ فرمایا ساستغفر لك ربی اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّیْنَ (بیشک وہ گمراہوں میں سے ہے) ضال سے مراد کافر ہے۔

۸۷: وَلَا تُخْزِنِیْ (اور مجھے رسوا نہ کرنا) الاخزاء یہ یخزی سے لیا گیا ہے جس کا معنی ذلت ہے نمبر۲۔ الخزایة سے ہے اور وہ حیاء کو کہتے ہیں۔ یہ استغفار کی طرح ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا۔ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ (جس دن ان کو اٹھایا جائے گا) یبعثون کی ضمیر عباد کی طرف ہے کیونکہ وہ خود سمجھ آ رہے ہیں۔ نمبر۲۔ ضالین کی طرف راجع ہے اور یہ سارا استغفار والد کیلئے قرار دیا جائے مطلب اس طرح ہوگا ولا تخزنی یوم یبعث الضالون وابی فیهم اور تو مجھے رسوا نہ کرنا جس دن گمراہوں کو اٹھایا جائے گا اس حال میں کہ میرا والد ان میں ہوگا۔

۸۸: یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ (جس دن مال کام نہ آئے گا)

نحو: یہ یوم اول سے بدل ہے۔

وَ لَا بَنُوْنَ (اور نہ بیٹے) کسی ایک کو بھی۔

## قلبِ سلیم:

۸۹: اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (مگر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے ہاں سالم دل کے ساتھ آیا) سلیم سے مراد کفر و نفاق سے بچا ہوا دل۔ کافر و منافق کا دل بیمار ہوتا ہے جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا: **فی قلوبهم مرض** [البقرة:١٠] مطلب یہ ہے۔ کہ مال کو جب نیکی کے مقامات پر صرف کیا جائے اور اولاد بھی صالح ہو تو اس کو اس سے فائدہ پہنچے گا اور ان کی وجہ سے وہ سلیم القلب ہوگا۔ نمبر۲۔ مال اور اولاد کو غناء کے معنی میں قرار دیا گویا اس طرح فرمایا **یوم لا ینفع غنی الاغنی من اتی اللہ بقلب سلیم** اس دن کسی کو غناء کام نہ دے گا مگر اس کا غناء جو صحیح سالم دل لے کر آیا کیونکہ دینی غناء سلامتی قلب سے ہی میسر آتا ہے جیسا کہ غناء ظاہری مال و اولاد سے ملتا ہے۔

آیت میں مَنْ کو یَنْفَع کا مفعول قرار دیا گیا ای **لا ینفع مال و لا بنون الا رجلا سلم قلبه مع ماله حیث انفقه فی طاعة الله و مع نبیه حیث ارشدهم الی الدین و علمهم الشرائع** ۔ نہ مال کام آئے گا۔ اور نہ اولاد مگر وہ آدمی جس کا دین بمع مال بچا ہوا ہو۔ وہ اس طرح کہ اس نے مال کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں صرف کیا اور اولاد کو دین کی طرف راہنمائی کی اور ان کو شرائع کا علم سکھایا۔ اس صورت میں یہ بھی جائز ہے **الا من اتی الله بقلب سلیم من فتنة المال** مگر جو شخص فتنہ مال و اولاد سے بچا ہوا دل لے کر آیا۔ اللہ تعالیٰ جو کہ جلیل القدر ذات ہے اس نے خلیل کے استثناء کی بطور اکرام تبویب فرمائی بلکہ ان کے وصف کے طور پر ذکر فرمایا۔ **و اِنَّ من شیعته لابراهیم اذجاء ربه بقلب سلیم** [الصافات:٨٣،٨٤]۔

## حسن ترتیب:

ابراہیم علیہ السلام نے مشرکین کے ساتھ کس عمدہ ترتیب سے کلام فرمایا۔ نمبر۱۔ اولاً ان سے سوال کیا کہ وہ کس چیز کی عبادت کرتے ہیں۔ یہ سوال ان سے اقرار کروانے کیلئے فرمایا بطور استفہام نہیں فرمایا۔

نمبر۲۔ پھر ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہو کر ان کی حیثیت کو اس طرح باطل قرار دیا کہ وہ نقصان و نفع نہیں دے سکتے اور نہ ہی فریادوں کو سنتے ہیں۔ نمبر۳۔ پھر ان کی آبائی تقلید کا ابطال کیا یہ دلیل بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی پھر مسئلہ کی صورت اپنی ذات کی طرف نسبت کر کے سمجھائی ان کی طرف نسبت نہیں کی یہاں تک کہ اس گفتگو سے یاد الٰہی کی طرف متوجہ ہو کر اس کی عظمت بیان فرمائی اور اس کے انعامات ولادت سے وفات تک ذکر کئے اور اس کے ساتھ ساتھ آخرت کے امید یافتہ انعامات کا تذکرہ کر دیا۔ پھر بارگاہ الٰہی میں مخلصانہ دعائیں اور اس کی بارگاہ میں کامل رجوع کرنے والوں کی طرح گڑگڑاتے پھر اس کو تذکرۂ قیامت اور اللہ تعالیٰ کے ثواب و عقاب کے ساتھ ملایا اور مشرکین کے اس انجام کا ذکر کر دیا جس کی طرف ان کو اس دن دھکیلا جائے گا۔ وہاں جس قدر ان کو شرمندگی و ندامت پیش آئے گی جو اس گمراہی کی بناء پر ہوگی جس پر آج وہ قائم ہیں وہ ندامت کی وجہ سے دنیا کی طرف لوٹنے کی تمنا ظاہر کریں گے تا کہ وہ ایمان و طاعت اختیار کریں۔ (مگر اے بسا آرزو کہ خاک شد)

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا

اور متقیوں کے لئے جنت قریب کر دی جائے گی اور گمراہوں کے لئے دوزخ ظاہر کر دی جائے گی، اور ان سے کہا جائے گا کہ اللہ کو

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ ؕ فَكُبْكِبُوْا

چھوڑ کر تم جن کی عبادت کیا کرتے تھے وہ کہاں ہیں؟ کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا اپنا بچاؤ کر سکتے ہیں، پھر وہ لوگ اور گمراہ لوگ اور ابلیس کے لشکر سب اس میں اوندھے

فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ ؕ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾

منہ ڈال دیئے جائیں گے، وہ لوگ دوزخ میں ہوتے ہوئے آپس میں جھگڑیں گے

## متقین کا انجام:

۹۰: وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ (جنت کو متقین کے قریب کر دیا جائے گا) اُزْلِفت کا معنی قریب کیا جانا۔ جملہ کا عطف جملہ پر ڈالا گیا ای تزلف من موقف السعداء فينظرون اليها۔ موقف سعداء اور جنت میں قرب پیدا کر دیا جائے گا پس وہ جنت کی طرف دیکھ لیں گے۔

## غاوین کا تذکرہ:

۹۱: وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ (اور جہنم کو ظاہر کر دیا جائے گا) یعنی وہ اس قدر ظاہر کر دی جائے گی یہاں تک کہ یوں محسوس ہوگا کہ اس کی لپٹ ان کو آ چھوئے گی۔ الْغٰوِيْنَ (گمراہوں کیلئے) کفار کیلئے۔

۹۲: وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ (اور ان سے کہا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا تم جن کی پوجا کرتے تھے۔ وہ کہاں ہیں کیا وہ تمہاری مدد کریں گے یا وہ خود محفوظ ہو سکتے ہیں) ان کو شرک پر توبیخ کرتے ہوئے کہا جائے گا این الهتكم؟ تمہارے معبود کہاں ہیں کیا وہ مدد کر کے تمہیں نفع پہنچائیں گے؟ یا کیا اپنے آپ کو اپنے غلبہ سے فائدہ پہنچا سکیں گے؟ کیونکہ وہ اور ان کے معبود آگ کا ایندھن بنیں گے۔

۹۴: فَكُبْكِبُوْا (پس ان کو اوندھے منہ) اوندھے منہ یا ایک دوسرے پر ان کو پھینکا جائے گا۔ فِيْهَا (جہنم میں) هُمْ یعنی (معبود) وَالْغَاوٗنَ (اور گمراہ) اور جن کی پوجا ان لوگوں نے کی اُن کے لئے جہنم ظاہر کی جائے گی۔ الكبكبة: بار بار اوندھا کرنا۔ لفظ کب کو دوبارہ لانا یہ معنی میں تکرار کی علامت ہے گویا جب ان کو جہنم میں ڈالا جائے گا۔ ان کو بار بار اوندھا کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ اس کے پیندے میں جا رکے گا۔ نعوذ بالله منها۔

۹۵: وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ (اور شیطان کے تمام لشکروں کو) جنود سے مراد شیاطین ہیں نمبر۲۔ نافرمان جن و انسان جنہوں نے اس کی اتباع کی۔

تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۹۷﴾ اِذْ نُسَوِّیْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۸﴾ وَمَاۤ اَضَلَّنَاۤ اِلَّا

اللہ کی قسم اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم صریح گمراہی میں تھے جبکہ ہم تمہیں رب العالمین کے برابر مانتے تھے اور ہمیں گمراہ نہیں کیا مگر

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِیْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَا صَدِیْقٍ حَمِیْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ

مجرموں نے، سو ہمارے لئے نہ سفارش کرنے والے ہیں اور نہ کوئی مخلص دوست ہے، سو کیا اچھا ہوتا کہ ہم کو پھر واپس ہونا نصیب ہو جاتا، سو ہم

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ۚ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

اہل ایمان میں سے ہو جاتے، بلاشبہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بلاشبہ آپ کا رب

لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ ع

ع ۵ / ۱۴ / ۹

عزت والا ہے رحم والا ہے۔

۹۶: قَالُوْا وَهُمْ فِیْهَا یَخْتَصِمُوْنَ (اور کہنے لگے اس حال میں کہ وہ دوزخ کے اندر جھگڑ رہے ہونگے) یہ بھی عقلاً جائز ہے کہ اللہ تعالیٰ اصنام کو بولنے کی قوت دیں تا کہ باہمی بات چیت اور گالم گلوچ صحیح ثابت ہو۔ اور یہ بھی درست ہے کہ گالم گلوچ شیاطین اور گناہ گار مجرمون کے مابین ہو۔

### اعترافِ جرم:

۹۷، ۹۸: تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ اِذْ نُسَوِّیْكُمْ (اللہ تعالیٰ کی قسم بیشک ہم کھلی گمراہی میں تھے جب کہ ہم تمہیں برابر قرار دیتے تھے) نسویکم کا معنی بتوں کا برابر قرار دینا۔ بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ (رب العالمین کے ساتھ) عبادت میں۔

۹۹: وَمَاۤ اَضَلَّنَاۤ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ (اور ہمیں مجرمین نے گمراہ کیا) یعنی ان کے وہ رؤساء جنہوں نے ان کو گمراہ کیا۔ نمبر۲۔ ابلیس اور اس کا لشکر اور جنہوں نے شرک کی بنیاد ڈالی۔

۱۰۰: فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِیْنَ (پس ہمارے لئے آج کوئی شفاعت کرنے والا نہیں) جیسا کہ مؤمنوں کیلئے انبیاء علیہم السلام اور ملائکہ اور اولیاء شفاعت کریں گے۔

۱۰۱: وَلَا صَدِیْقٍ حَمِیْمٍ (نہ کوئی گہرا دوست) جیسا کہ ہم دوست آج دیکھ رہے ہیں کیونکہ آخرت میں ایمان والوں کی دوستی ہوگی اہل جہنم میں باہمی عداوت ہوگی جیسا اس ارشاد میں ہے: الاخلّاء یومئذ بعضهم لبعض عدوٌّ الا المتقین [الزخرف: ٦٧]

نمبر۲۔ ہمارے لئے کوئی سفارشی نہیں اور نہ گہرا دوست ہے ان شفعاء میں سے جن کو ہم دوست و سفارشی خیال کرتے تھے کیونکہ مشرکین کا اپنے اصنام کے متعلق اعتقاد یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ سفارشی بنیں گے اور ان کی دوستیاں شیاطین الانس سے تھی۔ الحمیم یہ الاحتمام سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی اہتمام ہے حمیم اس شخص کو کہتے ہیں جو اس چیز کو اہمیت دے جس کو تم دیتے

ہو۔نمبر۲۔الحامۃ سے لیا گیا ہے جس کا معنی خاصہ آتا ہے اور وہ خاص دوست کو کہتے ہیں۔
نکتہ: الشافعین جمع شافع کی ہے اس کو جمع لائے جبکہ صدیق کو واحد لایا گیا ہے کیونکہ عادۃً شفعاء زیادہ ہوتے ہیں باقی سچے دوست جو تمہارے غم وہم کو اہم سمجھے بہت قلیل ہیں۔اسی لئے واحد لائے۔

## حکیم کا قول

صدیق اسم تو ہے مگر اس کا مقصود مفقود ہے۔اور یہ بھی درست ہے کہ صدیق سے جنس مراد لے کر جمع مراد لے لیں۔
۱۰۲: فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً (پس کاش ہم کو ایک بار واپسی لوٹنا میسر آجاتا) کرہ سے مراد دنیا کی طرف لوٹنا ہے۔فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (پس ہم ضرور مؤمنین میں سے ہوجاتے)
نحو: لو کا جواب محذوف ہے اور وہ لفعلنا کیت و کیت ہے۔نمبر۲۔لو ایسے مقام پر تمنی کیلئے ہے گویا اس طرح کہا گیا ہے فلیت لنا کرۃً کاش ہمارے لئے لوٹنا ہو کیونکہ لو اور لیت قریب المعنیٰ ہیں۔
۱۰۳: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ (بیشک اس میں) جو اطلاعات مذکور ہوئیں۔لَاٰيَةً (ضرور نشانی ہے) عبرت حاصل کرنے والے کیلئے عبرت ہے۔وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہ تھی) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ایک جماعت ایمان لائی۔
۱۰۴: وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ (اور بیشک آپ کا رب البتہ زبردست) وہ ابراہیم کی تکذیب کرنے والوں سے بذریعہ جہنم انتقام لے گا۔الرَّحِيْمُ (نہایت مہربان ہے) ہر سلامتی والے دل رکھنے والے کو جنت کے سپرد کرنے والے ہیں۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحِ ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٠٦﴾ إِنِّي لَكُمْ

نوح کی قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ ان سے ان کے بھائی نوح نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے، بلاشبہ میں تمہارے لئے

رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٠٧﴾ فَٱتَّقُوا ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٠٨﴾ وَمَآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ

امانت والا پیغمبر ہوں سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو، اور میں اس پر تم سے کسی عوض کا سوال نہیں کرتا میرا ثواب تو بس

إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَٱتَّقُوا ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١١٠﴾ قَالُوٓا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَٱتَّبَعَكَ

رب العالمین کے ذمہ ہے، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو، ان لوگوں نے جواب دیا کیا ہم تجھ پر ایمان لائیں حالانکہ تیرے پیچھے

ٱلْأَرْذَلُونَ ﴿١١١﴾ قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي

رذیل ترین لوگ لگے ہوئے ہیں، نوح نے کہا کہ مجھے ان کے کاموں کے جاننے کی کیا ضرورت ہے ان سے حساب لینا تو میرے رب ہی کا کام ہے

لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾ وَمَآ أَنَا۠ بِطَارِدِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٤﴾ إِنْ أَنَا۠ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿١١٥﴾ قَالُوا لَئِن

کاش تم سمجھ رکھتے، اور میں ایمان والوں کو دور کرنے والا نہیں ہوں میں تو بس واضح طور پر ڈرانے والا ہوں، ان لوگوں نے جواب دیا کہ اے نوح اگر

لَّمْ تَنتَهِ يَٰنُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ ٱلْمَرْجُومِينَ ﴿١١٦﴾ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ﴿١١٧﴾

تو باز نہ آیا تو تُو ان لوگوں میں سے ہو جائے گا جنہیں سنگسار کر دیا جاتا ہے، نوح نے عرض کیا کہ اے میرے رب بلاشبہ میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا

النصف

## تذکرۂ نوح علیہ السلام:

۱۰۵: كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحِ الْمُرْسَلِيْنَ (قوم نوح نے رسولوں کو جھٹلایا) القوم کا لفظ مؤنث و مذکر آتا ہے۔ ایک قول یہ ہے نوح علیہ السلام کی ولادت زمانِ آدم علیہ السلام میں ہوئی۔ المرسلین کو جمع لائے اور مراد نوح علیہ السلام لئے۔ اس کی مثال اس طرح ہے فلان یرکب الدواب و یلبس البرود حالانکہ اس کے پاس ایک چوپایہ اور ایک مخلط چادر ہے۔

نمبر۲۔ وہ سرے سے بعثت رسل کے قائل ہی نہ تھے۔ اسی لئے جمع لائے نمبر۳۔ جس نے ان میں سے ایک کی تکذیب کی اس نے تمام کی تکذیب کی کیونکہ تمام رسول لوگوں کو تمام رسولوں پر ایمان لانے کی طرف بلاتے ہیں اور اسی طرح اس تمام پر جو اس سورت میں ہے۔

۱۰۶: اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ (جب ان کو ان کے بھائی نے کہا) نسبی بھائی مراد ہے نہ کہ دینی۔ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ (نوح علیہ السلام نے کیا تم اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتے) جو لوگوں کا خالق ہے تاکہ تم بتوں کی عبادت ترک کر دو۔

۱۰۷: اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ (بیشک میں تمہارے لیے امانت دار رسول ہوں) نوح علیہ السلام ان میں اسی طرح امانت دار

معروف تھے جیسے حضرت محمد ﷺ قریش میں۔
۱۰۸: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو) جو میں تمہیں حکم دیتا ہوں اور جس حق کی طرف تمہیں دعوت دیتا ہوں۔
۱۰۹: وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ (اور میں اس پر تم سے نہیں مانگتا) اس امر تبلیغ پر مِنْ اَجْرٍ (کوئی مزدوری) اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (میرا ثواب تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔)
قراءت: اَجْرِيَ مدنی، شامی، ابوعمرو، حفص نے نصب سے پڑھا ہے۔ اسی طرح میں اس کو چاہتا ہوں۔
۱۱۰: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو) اس کو دوبارہ لائے تا کہ ان کے دلوں میں بات بیٹھ جائے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ان میں سے ہر ایک ایک علت سے متعلق ہے۔

## علتِ اوّل:

نوح علیہ السلام کا ان کے مابین امانت سے معروف ہونا۔

## علتِ دوم:

ان سے طمع کے الزام کو مٹانا۔

گویا اس طرح فرمایا کہ جب تم میری رسالت و امانت کو پہچان چکے تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اذا عرفتم رسالتی و امانتی فاتقوا اللّٰہ پھر جب تم بدلے سے میرا بریٔ الذمہ ہونا معلوم کر چکے تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اذاعرفتم احترازی من الاجر فاتقو اللہ۔
۱۱۱: قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ (کہنے لگے کیا ایسی صورت میں ہم تم پر ایمان لا سکتے ہیں۔ جبکہ تمہاری اتباع کرتے ہیں)۔
نحو: واؤ حالیہ ہے۔ اور اس کے بعد قد مضمر ہے۔ اس کی دلیل قراءت یعقوب میں واتباعک جمع تابع جیسے شاہد واشہاد موجود ہے یاتبع بطل وابطال کی طرح ہے۔ الْاَرْذَلُوْنَ (رذیل)۔ کمینے، الرذالۃ: کمینگی، خسات، انہوں نے ان کو رذیل اس لئے کہا کیونکہ نسب اعلیٰ نہ تھے اور دنیا کا مال بھی ان کے پاس قلیل تھا۔

## ایک قول یہ ہے:

وہ کم درجہ پیشے والے تھے حالانکہ صناعت میں دیانت ہو تو کوئی عیب نہیں اصل غنی تو غنائے دین ہے اور اصل نسب بھی نسبت تقویٰ ہے۔ مؤمن کو رذیل کہنا جائز نہیں خواہ وہ لوگوں میں فقیر ترین ہو اور نسب میں انتہائی کم درجہ ہو انبیاء علیہم السلام کے متبعین اولاً ایسے ہی لوگ ہوتے رہے ہیں۔
۱۱۲: قَالَ وَمَا عِلْمِيْ (نوح علیہ السلام نے کہا مجھے کیا معلوم وہ کس غرض سے میری بات مانتے ہیں) ما بمعنی ای شئ ہے میری کیا غرض ہے ان کے متعلق۔ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (جو کچھ وہ کرتے ہیں) یعنی صناعات سے غرض نہیں۔ میں تو ان سے ایمان

فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِي وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾ فَأَنْجَيْنَٰهُ وَمَنْ مَّعَهُ

سو آپ میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے اور مجھے اور جو ایمان والے میرے ساتھ ہیں ان کو نجات دے دیجئے، سو ہم نے نوح کو اور اس کے ساتھیوں کو جو

فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١١٩﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ﴿١٢٠﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ

بھری ہوئی کشتی میں تھے نجات دیدی، پھر ہم نے اس کے بعد باقی لوگوں کو غرق کر دیا، بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں

أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِينَ ﴿١٢١﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٢﴾ ع

رکوع ۱۸

اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں اور بلاشبہ تیرا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

کا طالب ہوں۔

۱۱۳: کہا گیا ہے کہ انہوں نے اپنی ایمانی رذالت کے باوجود ان ایمان والوں پر طعنہ زنی کی اور کہنے لگے کہ جو لوگ تم پر ایمان لائے ہیں جو ایمان یہ ظاہر کر رہے ہیں وہ ان کے دلوں میں پایا نہیں جاتا۔ اس پر نوح علیہ السلام نے فرمایا میرے ذمہ تو صرف ظاہر پر اعتبار کرنا ہے۔ بواطن و سرائر کی تفتیش میری ذمہ داری نہیں۔ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ان کی حساب فہمی کے اللہ تعالیٰ ذمہ دار ہیں اگر تم کو شعور ہوتا) اللہ تعالیٰ ان سے اس چیز کا حساب لیں گے جو ان کے قلوب میں ہے۔

## مؤمنوں کو نکالنے کا مطالبہ:

۱۱۴: وَ مَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ (اور میں ایمان والوں کو اپنے پاس سے نکالنے والا نہیں ہوں) میرے یہ لائق نہیں کہ میں تمہارے ایمان کی طمع میں تمہاری مرضیات پر چلتے ہوئے ان کو اپنے ہاں سے نکال دوں۔

۱۱۵: اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (میں تو کھلا ڈرانے والا ہوں) میرے ذمہ یہی ہے کہ میں صحیح دلیل سے تمہیں ڈراؤں۔ ایسی دلیل جس سے حق و باطل کا فرق واضح ہو جائے پھر تم جانو اور تمہارا کام۔

۱۱۶: قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ (کہنے لگے اے نوح اگر تو باز نہ آیا) اس بات سے جو تو کہہ رہا ہے۔ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ (تو ضرور بضرور تمہیں سنگسار کر دیا جائے گا) مرجوم اس کو کہا جاتا ہے جس کو پتھر مار مار کر قتل کر دیں۔

۱۱۷: قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ (کہا نوح علیہ السلام نے اے میرے رب بیشک میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا) یہ اخبار تکذیب نہیں کیونکہ نوح علیہ السلام جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ عالم الغیب والشہادۃ ہیں۔ وہ ہر چیز کو جانتے ہیں۔ لیکن انہوں نے ارادہ کیا کہ میری قوم نے تیری وحی و رسالت میں میری تکذیب کی ہے۔

## طلبِ فیصلہ:

۱۱۸: فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا (پس ان کے درمیان اور میرے درمیان فیصلہ فرما دیں) میرے اور ان کے درمیان معاملہ کو طے کر دیں۔ الفتاحۃ (فیصلہ کرنا) الفتاح (حاکم) کیونکہ وہ بند کو کھولتا ہے جیسا کہ اس کو فیصل بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ فیصلے چکا تا

كَذَّبَتْ عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ۝١٢٣ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝١٢٤ اِنِّيْ لَكُمْ

قوم عاد نے پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ ان کے بھائی ہود نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے بلاشبہ میں تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝١٢٥ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝١٢٦ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ

امانت والا پیغمبر ہوں، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو، اور میں اس پر تم سے کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا ثواب تو بس

اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٢٧ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ۝١٢٨ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ

رب العالمین کے ذمہ ہے، کیا تم ہر اونچے مقام پر کھیل کے طور پر یادگار بناتے ہو اور بڑے بڑے محل بناتے ہو

لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝١٢٩ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝١٣٠ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝١٣١

شاید تم ہمیشہ رہو گے، اور جب تم پکڑتے ہو تو بڑے جابر بن کر گرفت کرتے ہو، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو،

وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝١٣٢ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ۝١٣٣ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝١٣٤

اور اس ذات سے ڈرو جس نے ان چیزوں کے ذریعہ تمہاری امداد فرمائی جنہیں تم جانتے ہو اس نے چوپائے اور بیٹے اور باغات اور چشموں کے ذریعہ تمہاری مدد فرمائی،

ہے۔ وَّ نَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (اور مجھے اور میرے ساتھ والے مؤمنوں کو نجات عنایت فرما) ان کے اعمال پر اترنے والے عذاب سے۔

قراءت: حفص نے مَعِيَ پڑھا ہے۔

۱۱۹: فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ (پس ہم نے ان کو اور ان کے ساتھ جو کشتی میں تھے۔ نجات دی) الفلك (کشتی) اس کی جمع فُلْكٌ آتی ہے۔ واحد قُفلٌ ہے اور جمع بروزن اُسْدٌ ہے۔ الْمَشْحُوْنِ (بھری ہوئی)۔ اس سے شحنة البلد جو اس کو پورے طور پر بھر دے۔ کہتے ہیں۔

غرقابی قوم نوح علیہ السلام:

۱۲۰: ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ (پھر ہم نے ڈبو دیا اس کے بعد) (نوحؑ اور ان کے ساتھ جو ایمان لانے والے تھے ان کو بچا کر باقیوں کو ڈبو دیا) الْبٰقِيْنَ (باقی لوگ) ان کی قوم سے۔

۱۲۱، ۱۲۲: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (بلاشبہ اس میں نشانی ہے اور ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہ تھی۔ اور بیشک آپ کا رب البتہ زبردست نہایت مہربان ہے) العزیز (جو آدمی انکار کرے اور کفر پر اصرار کرے ان سے سخت انتقام لینے والا)۔ الرحیم (ایمان کا اقرار کرنے والے موحدین کی مدد کر کے ان پر انعامات کرنے والے ہیں)۔

## قوم عاد کا تذکرہ:

۱۲۳: كَذَّبَتْ عَادُ الْمُرْسَلِيْنَ (قوم عاد نے رسولوں کو جھٹلا دیا) عاد قبیلہ کا نام ہے اصل میں قبیلہ کے بڑے آدمی کا نام ہے۔
ہود نے کہا تم کو ڈر نہیں ہے بے شک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

## حضرت ہود علیہ السلام کی تقریر:

۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۶: اِذْقَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ (جب ان کو ان کے نسبی بھائی نے کہا) هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ (رسول امین کی تکذیب کے سلسلہ میں) وَاَطِیْعُوْنِ (اور تم میری بات مانو!)

۱۲۷، ۱۲۸: وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِیْعٍ (اور میں اس پر تم سے مزدوری نہیں مانگتا۔ میری مزدوری اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کیا تم ہر بلند مقام پر عمارت کھڑی کر دیتے ہو) ریعٌ بلند مقام۔ اٰیَةً منارہ، حمام، نمبر۲۔ ایسی عمارت جو بلندی میں بطور نشانی کے استعمال ہو۔ وہ ہر گزرنے والے کا مذاق اڑاتے۔ تَعْبَثُوْنَ (کھیل و تفریح کے طور پر)۔

۱۲۹: وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ (اور تم کارخانے بناتے ہو) پانی لینے کے مقامات نمبر۲۔ بلند محلات نمبر۳۔ مضبوط قلعے لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ (شاید کہ تم نے ہمیشہ رہنا ہے) تم دنیا میں ہمیشہ رہنے کی امید رکھتے ہو۔

۱۳۰: وَاِذَا بَطَشْتُمْ (جب تم کسی پر دار و گیر کرتے ہو) سزا کیلئے ان کو پکڑتے ہو۔ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ (تو جابر بن کر دار و گیر کرتے ہو) تلوار سے قتل یا کوڑوں سے پٹوانا۔ الجبار (جو قتل کروائے اور غصہ کی حالت میں ضرب لگائے)۔

۱۳۱: فَاتَّقُوا اللّٰهَ (پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو) پکڑ کے موقعہ میں وَاَطِیْعُوْنِ (اور میری بات مانو) جس کی طرف میں تمہیں دعوت دیتا ہوں۔

۱۳۲: وَاتَّقُوا الَّذِیْ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس نے تم کو وہ نعمتیں بطور امداد عطاء فرمائیں)۔ پھر انعامات ان پر گنائے گئے۔ اور کہا

۱۳۳: اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّ بَنِیْنَ (اس نے امداد کے طور پر چوپائے اور اولاد عنایت کی) بنین و انعام کو ایک صف میں رکھا کیونکہ وہ اپنے بچوں کو جانوروں کی حفاظت اور دیکھ بھال کیلئے مقرر کرتے ہیں۔

اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳۵﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَیْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَکُنْ

بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں، وہ لوگ کہنے لگے کہ ہمارے نزدیک تو دونوں باتیں برابر ہیں تم نصیحت کرو یا نصیحت کرنے والوں

مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۱۳۸﴾ فَکَذَّبُوْهُ

میں سے نہ بنو، اس کے سوا کوئی بات نہیں ہے کہ یہ پہلے لوگوں کی عادت ہے اور ہم عذاب میں مبتلا ہونے والے نہیں، سو ان لوگوں نے ہود کو جھٹلایا

فَاَهْلَکْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا کَانَ اَکْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ رَبَّکَ لَهُوَ

سو ہم نے انہیں ہلاک کر دیا بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں اور بے شک آپ کا رب

الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۴۰﴾ ع ۷ ۸ ۱۱

عزیز ہے رحیم ہے۔

۱۳۴، ۱۳۵: وَجَنّٰتٍ وَّ عُیُوْنٍ۔ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ (اور باغات اور چشمے مجھے تمہارے متعلق بڑے دن کے عذاب کا خطرہ ہے) اگر تم نے میری نافرمانی کی۔

## قوم کا جواب:

۱۳۶: قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَیْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَکُنْ مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ (کہنے لگے ہمارے حق میں برابر ہے۔ کہ آیا تم وعظ کرو یا نہ وعظ کہو!) ہم تیرے کلام کو قبول نہیں کرتے اور تیری دعوت نہیں مانتے خواہ وعظ کر یا خاموش رہو یہاں ام لم تعظ نہیں کہا تا کہ آیات کے اواخر ایک جیسے ہو جائیں۔

## تعمیر و تخریب تو پہلے سے چلتی رہی ہے:

۱۳۷، ۱۳۸: اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِیْنَ (یہ تو پہلے لوگوں کی عادت ہی ہے) یعنی ہم جس زندگی میں رہ رہے ہیں۔ اس میں موت وحیات و تعمیر و تخریب یہ آباء اولین کی عادت چلی آ رہی ہے۔ نمبر۲۔ جس پر ہم ہیں یہ دین اباء اولین ہے۔ اِلَّا خَلْقُ الْاَوَّلِیْنَ یہ مکی بصری، یزید و علی نے پڑھا یہ جو کچھ تو لایا ہے یہ پہلے لوگوں کی گھڑنت ہے۔ اور دعوی نبوت کرنے والوں کا کذب ہے جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے اساطیر الاولین [الانعام: ۲۵] نمبر۲۔ ہماری پیدائش پہلے لوگوں کی پیدائش کی طرح ہے ہم مرتے اور زندہ رہتے ہیں۔ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ (اور ہمیں عذاب نہ دیا جائے گا۔) دنیا میں اور بعث و حساب کا تو وجود ہی نہیں ہے۔

## تکذیب اور اس کا نتیجہ:

۱۳۹: فَکَذَّبُوْهُ (پس انہوں نے ہود کو جھٹلا دیا) فَاَهْلَکْنٰهُمْ (پس ہم نے ان کو ہلاک کر دیا) تیز و تند ہوا کے ذریعہ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

قوم ثمود نے پیغمبروں کو جھٹلایا، جبکہ ان کے بھائی صالح نے ان سے کہا کیا تم نہیں ڈرتے، بلاشبہ میں تمہارے لئے اللہ کا رسول ہوں

اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى

امانت دار ہوں، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو، اور میں تم سے اس پر کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا اجر تو بس رب العالمین کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِىْ مَا هٰهُنَاۤ اٰمِنِيْنَ ﴿١٤٦﴾ فِىْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٤٧﴾ وَّزُرُوْعٍ

ذمہ ہے، یہاں جو کچھ ہے کیا تمہیں اسی میں امن وامان کے ساتھ چھوڑے رکھا جائے گا باغیچوں میں اور چشموں میں اور کھیتیوں میں

وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾

اور کھجوروں میں جن کے گچھے گوندھے ہوئے ہیں اور تم پہاڑوں کو تراش کر گھر بنا لیتے ہو اتراتے ہوئے، سو تم اللہ سے ڈرو میری فرماں برداری کرو،

لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (بیشک اس میں البتہ نشان قدرت ہے اوران میں سے اکثریت ایمان نہ لانے والی تھی)

## قوم ثمود کا تذکرہ:

۱۴۰ تا ۱۴۶: وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ۔ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ۔

## صالح علیہ السلام کی تقریر:

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ۔ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ۔ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ۔ وَ مَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ اَتُتْرَكُوْنَ (اور بیشک آپ کا رب زبردست نہایت مہربان ہے قوم ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا جب ان کو ان کے بھائی صالح نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں ہو۔ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو اور میں اس پر تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا میرا اجر بس رب العالمین کے ذمہ ہے کیا تمہیں چھوڑا جائے گا)۔ یہ استفہام انکاری ہے کہ ان کو ان نعمتوں میں ہمیشہ چھوڑا نہ جائے گا کہ ان میں رہیں۔ فِىْ مَا هٰهُنَاۤ (یعنی اس مقام پر نعمتیں موجود ہیں)۔ اٰمِنِيْنَ (عذاب سے مامون) اور زوال وموت سے محفوظ۔ پھر اس کی وضاحت فرمائی۔

۱۴۷: فِىْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ (باغات اور چشموں میں) یہ بھی اجمال ہے پھر تفصیل ہے۔

۱۴۸: وَّ زُرُوْعٍ وَّ نَخْلٍ (اور کھیتیاں اور کھجوریں) نخل کا عطف جنات پر ہے حالانکہ باغات میں ہی کھجوریں ہوتی ہیں تا کہ کھجور کی تمام درختوں پر برتری ثابت ہو جائے۔ طَلْعُهَا (ان کے گابھے، گچھے) یہ کھجور سے تلوار کے پھل کی طرح نکلنے والا حصہ هَضِيْمٌ (گوندھے ہوئے ہیں) نرم پکے ہوئے گویا اس طرح فرمایا کھجوریں کہ جن کا پھل پک چکا۔

۱۴۹: وَتَنْحِتُوْنَ (اور تم تراشتے ہو) سوراخ کرکے بناتے ہو مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ (پہاڑوں سے اتراتے ہوئے مکانات

وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا

اور ان لوگوں کی بات نہ مانو جوحد سے آگے بڑھ جانے والے ہیں جو زمین میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے، انہوں نے جواب دیا

اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾

کہ بس تو ان لوگوں میں سے ہے جن پر جادو کر دیا گیا ہو، تو ہمارے ہی جیسا ایک آدمی ہے سو تو کوئی نشانی لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے،

قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

صالح علیہ السلام نے کہا کہ یہ اونٹنی ہے پانی پینے کے لئے ایک دن اس کی باری ہے اور ایک مقررہ دن میں پینے کی تمہاری باری ہے، اور اسے برائی کے ساتھ ہاتھ مت لگانا ورنہ تمہیں

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

بڑے دن کا عذاب پکڑ لے گا، سو ان لوگوں نے اس اونٹنی کو کاٹ ڈالا پھر پشیمان ہوئے سو انہیں عذاب نے پکڑ لیا۔ بلاشبہ اس میں بڑی عبرت

لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ ع ۸ ۱۹ ۱۲

ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

بناتے ہو)۔

قراءت: شامی، کوفی نے فارهین پڑھا اور مہارت معنی کیا اور اس کو حال قرار دیا۔ دیگر قراء نے فَرِهِيْن پڑھا۔ اتراتے ہوئے الْفَراهة (چالاکی، سمجھداری)۔

۱۵۰، ۱۵۱: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری بات مانو)۔ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ (اور حدود سے نکل جانے والوں کا کہنا مت مانو) المسرفینؔ سے کفار مراد ہیں۔ یا نمبر ۲۔ وہ نو آدمی مراد ہیں۔ جنہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں تھی۔ امر کو مجاز حکمی کے طور پر مطاع قرار دیا۔ اور مراد اس سے امر ہے یہ انبت الربیع البقل کی طرح ہے۔

۱۵۲: الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ (وہ لوگ جو زمین میں فساد کیا کرتے ہیں) ظلم و کفر اختیار کر کے وَلَا يُصْلِحُوْنَ (وہ اصلاح نہیں کرتے) ایمان و عدل کے ذریعہ مطلب یہ ہے ان کا فساد قطعی ہے اس کے ساتھ صلاح کا نشان تک نہیں جیسا کہ مفسرین کا حال کچھ صلاح کے ساتھ ملا جلا ہوتا۔

## قوم کا جواب:

۱۵۳: قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ (کہنے لگے بیشک تمہیں تو جادو کر دیا گیا) المسحر (جو سحر کی وجہ سے مغلوب العقل ہو جائے)۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ السَّحر سے ہے یعنی بہلایا ہوا ہے اور کھاتا پیتا انسان ہے فرشتہ نہیں (قول ابن عباسؓ)۔

۱۵۴: مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (تُو تو ہم جیسا انسان ہے پس تو ایک نشانی لے کر آ اگر تو سچا

ہے ) اپنے دعویٰ رسالت ونبوت میں۔

۱۵۵: قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ (اس نے کہا یہ اللہ تعالیٰ کی اونٹنی ہے اس کے لئے پانی کا حصہ مقرر ہے) شرب سے مراد پانی کا حصہ ہے کہ وہ اس کے پانی پینے میں مزاحم نہ بنیں۔ وَّ لَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ (اور تمہارے لئے مقررہ دن کا پینا ہے) وہ مزاحمت نہ کرے گی۔

روایت میں ہے انہوں نے کہا ہم تو دس ماہ کی گابھن اونٹنی چاہتے ہیں جو اس چٹان سے نکلے اور ایک نر بچہ جنے صالح علیہ السلام سوچ و بچار کرنے لگے جبرئیل علیہ السلام نے کہا دو رکعت نماز ادا کرو اور اپنے رب سے اونٹنی کے متعلق سوال کرو انہوں نے اسی طرح کیا اونٹنی نکلی اور اپنے جیسا قوی ہیکل بچہ جنا۔ جس پہاڑ سے اونٹنی نکلی تھی نکلنے کا مقام ستّر ہاتھ تھا۔ جب اونٹنی کے پانی پینے کا دن ہوتا تو یہ تمام پانی پی جاتی جب ان کے جانوروں کی باری ہوتی بالکل پانی نہ بچتی۔

## اونٹنی کو حکومت دو:

مَسْئَلَة: اس سے ثابت ہوتا ہے کہ باری مقرر کرنا جائز ہے۔ کیونکہ لها شرب ولکم شرب یوم معلوم یہ باری ہی کو ظاہر کرتا ہے۔

۱۵۶: وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ (اور اس کو برائی کے ساتھ ہاتھ نہ لگانا) مار پٹائی یا کونچیں کاٹنا یا اور اسی قسم کی ایذاء فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (ورنہ تم کو یوم عظیم کا عذاب آ پکڑے گا) عظیم اس لئے کہا کیونکہ اس میں عذاب اترا۔ عذاب کی صفت لانے کی بجائے زیادہ بلیغ یہ ہے کہ یوم کی صفت لائی جائے اس لئے کہ جب وقت اس کی وجہ سے سخت و مشکل ہو جائے گا تو اس کا واقع ہونا عذاب کے بڑے ہونے سے بڑھ کر ہوگا۔

## حکم کی خلاف ورزی:

۱۵۷: فَعَقَرُوْهَا (پس انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں) قدار کونچیں کاٹنے والا تھا لیکن وہ تمام اس پر راضی تھے اس لئے ان کی طرف نسبت کر دی گئی۔

روایت میں ہے کہ اس کی کونچیں کاٹنے والے نے کہا میں اس کی کونچیں اس وقت کاٹوں کا جب تم اس پر راضی ہو گے چنانچہ وہ پردہ نشین عورتوں کے پاس جا کر پوچھتے کیا تم اس پر راضی ہو؟ وہ کہتی جی ہاں اسی طرح بچوں سے بھی رضا مندی لی گئی۔ فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ (وہ پشیمان ہوئے) اس کی کونچیں کاٹنے پر۔ کیونکہ ان کو نزول عذاب کا خطرہ محسوس ہوا یہ شرمندگی توبہ کی بناء پر نہ تھی۔ نمبر۲۔ یہ اس وقت شرمندہ ہوئے جب شرمندگی کوئی کام نہ دے سکتی تھی اور یہ عذاب کو آنکھوں سے دیکھنے کا وقت ہے۔ نمبر۳۔ وہ شرمندہ ہوئے کہ انہوں نے اس کے بچے کو کیوں چھوڑ دیا۔

## سزا کا تسلط:

۱۵۸: فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ (پس ان کو عذاب نے آ پکڑا) جس کا پہلے تذکرہ ہو چکا۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَ مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ نِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾ اِنِّىْ لَكُمْ

لوط کی قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ ان کے بھائی لوط نے ان سے کہا کیا تم نہیں ڈرتے، میں بلاشبہ تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٦٢﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٦٣﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِىَ

اللہ کا رسول ہوں امانت دار ہوں، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو، اور میں تم سے اس پر کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا اجر تو بس

اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٤﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٥﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ

رب العالمین کے ذمہ ہے، کیا تمام دنیا جہاں والوں میں سے مردوں سے بدفعلی کرتے ہو اور تمہارے رب نے جو تمہارے لئے

رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿١٦٦﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ

بیبیاں پیدا فرمائیں ہیں ان کو چھوڑتے ہو، بلکہ تم حد سے آگے بڑھ جانے والے لوگ ہو، ان لوگوں نے کہا کہ اے لوط اگر تم باز نہ آئے تو تم ضرور نکال دیئے جانے والے

الْمُخْرَجِيْنَ ﴿١٦٧﴾ قَالَ اِنِّىْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿١٦٨﴾ رَبِّ نَجِّنِىْ وَاَهْلِىْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٩﴾

لوگوں میں شامل ہو جاؤ گے، لوط نے کہا کہ میں تمہارے کام سے بغض رکھنے والوں میں سے ہوں، اے میرے رب مجھے اور میرے گھر والوں کو ان کے کاموں سے نجات دیجئے

مُّؤْمِنِيْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانی ہے ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہ تھی)

۱۵۹: وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (بیشک آپ کا رب ہی غالب اور بڑا مہربان ہے)۔

## قوم لوط کا تذکرہ:

۱۶۰: كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ نِ الْمُرْسَلِيْنَ (قوم لوط نے رسولوں کو جھٹلایا)۔

۱۶۱: اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ (جب ان کو ان کے بھائی لوط نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے ہو)۔

۱۶۲: اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ (بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں)۔

۱۶۳: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو)۔

۱۶۴: وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (اور میں اس پر تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا میرا بدلہ تو فقط رب العالمین کے ذمہ ہے)۔

۱۶۵: اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ (کیا تم تمام جہاں والوں میں سے مردوں سے بدفعلی کرتے ہو)۔العالمین سے یہاں مراد لوگ ہیں یعنی کیا تم مردوں سے فعل بد کرتے ہو حالانکہ عورتیں کثرت سے موجود ہیں۔ نمبر۲۔ کیا تم ہی صرف لوگوں میں سے ایسے ہو جو مردوں سے بدفعلی کرتے ہو۔ یہ بے حیائی تمہاری خصوصیت ہے۔ اس صورت میں العالمین سے مراد ہر وہ حیوان جو نکاح کرتا ہے وہ مراد ہے۔

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاَمْطَرْنَا

سو ہم نے لوط کو اور اس کے تمام گھر والوں کو نجات دیدی سوائے ایک بڑھیا کے، وہ باقی رہ جانے والوں میں سے تھی، پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا اور

عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾

ہم نے ان پر خاص قسم کی بارش برسادی سو کیا ہی بری بارش تھی جو ان لوگوں پر برسائی گئی جن کو ڈرایا گیا، بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾

اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

۱۶۶: وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ (اور ان کو چھوڑتے ہو جو تمہارے رب نے تمہارے لئے بیویاں بنائی ہیں)۔

نحو: مِنْ ما خلق کی وضاحت کر رہا ہے۔

نمبر۲۔ مِنْ تبعیضیہ ہے مراد عورتوں کا عضو مباح ہے اور اپنی عورتوں سے بھی لواطت کرتے تھے۔

مَسْئَلَہ: اس میں دلیل ہے کہ لواطت بیوی سے بھی حرام ہے۔ اور اسی طرح مملوکہ لونڈیوں سے بھی۔ جنہوں نے اس سلسلہ میں اجازت دی ہے انہوں نے بہت بڑے گناہ و غلطی کا ارتکاب کیا ہے۔ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ (بلکہ تم تو حد سے نکل جانے والے لوگ ہو)۔ العادی جو اپنے ظلم میں تعدی کرنے والے ہو اور اس میں حد سے تجاوز کرنیوالا ہو یعنی بلکہ تم لوگ تو اس بات کے مستحق ہو کہ تمہاری صفت عدوان سے کی جائے۔ اس لئے کہ تم اس قسم کی بدترین حرکت کر رہے ہو۔

## قوم کا جواب:

۱۶۷: قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ (کہنے لگے اگر تو اے لوط باز نہ آیا) ہمارے اوپر تنقید کرنے اور ہمارے فعل کی مذمت کرنے سے۔ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ (تو تمہیں نکال باہر کیا جائے گا) تمہیں ان لوگوں میں سے کر دیں گے جن کو ہم نے جلاوطن کر دیا اور اپنے درمیان سے نکال دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ جس کو نکالتے تو وہ انتہائی بدحالی کی حالت میں نکالتے تھے۔

## ان کی حرکت پر شدید نفرت:

۱۶۸: قَالَ اِنِّىْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ (اس نے کہا بیشک میں تمہارے عمل کا سخت دشمن ہوں)۔ القالین کہنا قالٍ کہنے سے زیادہ بلیغ ہے۔ جیسا کہتے ہیں فلان من العلماء یہ فلانٌ عالمٌ سے زیادہ بلیغ ہے کیونکہ اس میں تم گواہی دے رہے ہو کہ وہ تمام علم میں حصہ دار ہیں۔ القِلی شدید بغض کو کہا جاتا ہے۔ جو دل و جگر بھون ڈالے۔

مَسْئَلَہ: اس میں لواطت کا عظیم گناہ ہونا ثابت ہوا۔ کیونکہ آپ کا بغض دین ہی کی وجہ سے تھا۔

۱۶۹: رَبِّ نَجِّنِىْ وَاَهْلِىْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ (اے میرے رب مجھے اور میرے اہل کو ان کاموں سے جو وہ کرتے ہیں۔ نجات عنایت

فرما)۔ان کے اعمال کی سزا سے۔

۱۷۰: فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ (پس ہم نے اس کو اور ان کے تمام اہل کو نجات دی) اھل سے مراد یہاں ان کی اولا د بیٹیاں اور ان کے پیروکار مؤمن مراد ہیں۔

۱۷۱: اِلَّا عَجُوْزًا (مگر ایک بڑھیا) وہ لوط علیہ السلام کی بیوی تھی۔ وہ اس فعل پر راضی تھی اور معصیت پر رضا مندی اختیار کرنے والا گناہ گار کے حکم میں ہے۔

ازالہ: پس اہل میں سے کافرہ کا استثناء جبکہ باقی تمام مؤمن تھے اس بناء پر درست ہے کیونکہ اہل کے لفظ میں وہ شریک تھی اگرچہ ایمان میں شریک حال نہ تھی۔فِي الْغٰبِرِيْنَ (پیچھے رہنے والوں میں سے) یہ عجوزًا کی صفت ہے یعنی وہ عذاب سے نہ بچ سکی۔ الغابر لغت میں باقی کو کہا جاتا ہے۔

گویا کہ کہا گیا الا عجوزا غابرہ مگر ایک بڑھیا پیچھے رہنے والی تھی ای مقدرًا غبورھا۔اس کا پیچھے رہنا طے ہو چکا تھا۔ اس لئے کہ باقی رہنا ان کی نجات کے وقت اس کی صفت و حالت نہ تھی۔ (بلکہ وہ ہلاک ہو چکی تھی)

## قوم کی ہلاکت:

۱۷۲: ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ (پھر ہم نے پچھلوں کو تہس نہس کر دیا)۔ یہاں تدمیر سے مراد ان کا پلٹ دیا جانا ہے۔

۱۷۳: وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا (اور ہم نے ان پر بارش کی بارش کرنا)۔

**قولِ قتادہ** رحمۃ اللہ علیہ: قوم کے منتشر لوگوں پر آسمانوں سے پتھر برسائے اور ان کو ہلاک کر دیا گیا۔ایک قول یہ ہے اللہ تعالیٰ فقط پلٹ دینے پر راضی نہ ہوئے یہاں تک کہ اس کے بعد ان پر پتھروں کی بارش کی۔فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ (کیا بری بارش تھی جو ان لوگوں پر برسی جن کو عذاب سے ڈرایا گیا تھا)۔

نحو: ساء کا فاعل مطر المنذرین ہے۔اور مخصوص بالذم محذوف ہے اور وہ مطرھم ہے المنذرین سے معینہ لوگ مراد نہیں بلکہ جنس کفار مراد ہیں۔

۱۷۴: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (بیشک اس میں البتہ نشانی ہے اور ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہ تھی)۔

۱۷۵: وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بیشک آپ کا رب البتہ زبردست نہایت مہربان ہے)۔

كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ اِنِّىْ

ایکہ والوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ ان سے شعیب نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے، بے شک میں

لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ

تمہارے لئے رسول امین ہوں، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو، اور تم سے اس پر کسی اجرت کا سوال نہیں کرتا میرا

اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا

ثواب تو بس رب العالمین ہی کے ذمہ ہے، تم پورا ناپا کرو،اور نقصان میں ڈالنے والے مت بنو، اور

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ

ٹھیک طرح سے وزن کیا کرو، اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر مت دیا کرو،اور زمین میں فساد کرنے والے

مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ

نہ بنو، اور اس ذات سے ڈرو جس نے تم کو اور تمام اگلی مخلوقات کو پیدا فرمایا، ان لوگوں نے کہا کہ بات یہی ہے کہ تو ان لوگوں میں سے ہو جن پر

الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾

جادو کر دیا گیا ہو، اور تو ہمارے ہی جیسا ایک آدمی ہے اور بے شک ہم تجھے جھوٹوں ہی میں سے خیال کرتے ہیں،

**قوم شعیب علیہ السلام:**

۱۷۶: كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ۔ (اصحاب ایکہ نے جھٹلایا) الایکۃ یہ ہمزہ اور جر کے ساتھ درختوں کی گھنی جھاڑی۔

**قول خلیل رحمۃ اللہ علیہ:**

لَئیْکَةَ وحجازی وشامی قراء نے اسی طرح پڑھا ہے اور سورہ ص میں اسی طرح ہے اس صورت میں یہ ایک شہر کا نام ہے ایک قول یہ ہے اصحاب ایکہ اور اصحاب مدین ایک ہیں۔ جب وادیاں ان پر تنگ ہوگئیں تو گھنے جنگل میں انہوں نے ڈیرے ڈال لیے۔

**قول فیصل:**

مگر صحیح قول یہ ہے کہ یہ اصحاب مدین سے الگ لوگ ہیں۔ باہر جنگل میں ایک نامی درختوں کے جھنڈ میں مقیم تھے اور ان کے اکثر درخت گوگل کے تھے۔ اس بات کی دلیل یہ ہے کہ یہاں اُخوھم شعیب نہیں کہا کیونکہ ان سے آپ کا نسبی رشتہ نہ تھا۔ آپ نسبا

اہل مدین میں سے تھے حدیث میں فرمایا گیا شعیب اہل مدین کے بھائی ان کی طرف مبعوث ہوئے اور اصحاب اَیکہ کیلئے المرسلین کا لفظ ذکر فرمایا۔

۱۷۷: اِذْقَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ (جبکہ ان کو شعیب علیہ السلام نے کہا کیا تم (اللہ کے عذاب سے) نہیں ڈرتے)۔

### وعظ شعیب علیہ السلام:

۱۷۸: اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ (بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں)۔

۱۷۹: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو)۔

۱۸۰: وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (میں تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے)۔

### خیانت کا مرض:

۱۸۱: اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ (تم ماپ پورا دو اور کمی نہ کرو)۔ اوفوآ یہاں تمام کے معنی میں ہے المخسرین کا مطلب یہ ہے لوگوں کے حقوق میں کمی نہ کرو۔ ماپ پورا کر کے دینے کا حکم ہے کمی ممنوع ہے اور ان کو دینے کے متعلق خاموشی اختیار فرمائی گئی۔

مَسْئَلَہ: زائد سے خاموشی یہ اس کے مستحسن ہونے کی دلیل ہے اگر نہ کرے تو گناہ نہ ہوگا۔

۱۸۲: وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ (تم صحیح ترازو سے تول کر دیا کرو)۔

قراءت: قِسطاس قاف کے کسرہ سے کوفی قراء سوائے ابوبکر کے پڑھتے ہیں اس کا معنی میزان ہے۔ نمبر۲۔ اور اگر یہ القسط سے لیا جائے تو وہ عدل کو کہتے ہیں۔ عین کلمہ دوبارہ لایا گیا پس اس کا وزن فعلاس بنے گا۔ ورنہ یہ رباعی ہے۔ نمبر۳۔ وزن' کنڈا۔

۱۸۳: وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ (اور لوگوں کو ان کی چیز کم نہ کیا کرو)۔ کہا جاتا ہے بخسته حقه جب وہ اس کا حق کم کر دے۔ اَشْيَآءَهُمْ (ان کی اشیاء) دراہم دنانیر کی اطراف کاٹ لینا۔ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ (اور زمین میں فساد مچاتے مت پھرو) ان اشیاء کے بگاڑ میں مبالغہ مت کرو اور اس کی مثال ڈاکہ زنی، لوٹ مار، کھیتوں کو نقصان پہنچانے، ان کا یہ معمول تھا۔ اسی لئے ان کو اس سے روکا گیا کہا جاتا ہے عثا فی الارض جب کہ وہ اس میں بگاڑ پیدا کرے عَثِیَ میں ایک لغت یہ بھی ہے۔

۱۸۴: وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ (اور اس ذات سے ڈرو۔ جس نے تم کو پیدا کیا اور تم سے پہلی مخلوق کو) الجبلہ کا عطف کم پر ہے۔ ای اتقوا الذی خلقکم وخلق الجبلة تم اس ذات سے ڈرو جس نے تمہیں پیدا کیا اور تم سے پہلی مخلوق کو پیدا کیا۔ الْاَوَّلِيْنَ پہلی یعنی گزشتہ۔

۱۸۵: قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ (کہنے لگے تمہیں تو جادو کر دیا گیا ہے)۔

۱۸۶: وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (اور تُو تو ہم جیسا انسان ہے)

نکتہ: یہاں واؤ کو داخل اس لئے کیا تاکہ دو معنے دے اور وہ دونوں ان کے ہاں رسالت کے منافی تھے۔ نمبر۱۔ التسحیر۔ نمبر۲۔

فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

سواگر تو سچوں میں سے ہے تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دے، شعیب نے کہا کہ تم جو کام کرتے ہو انہیں میرا رب خوب جانتا ہے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِيْ

سو ان لوگوں نے انہیں جھٹلایا لہٰذا ان لوگوں کو سائبان والے دن کے عذاب نے پکڑ لیا، بے شک وہ بڑے دن کا عذاب تھا، بلاشبہ اس میں

ع ۱۰ ۱۴ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾

بڑی عبرت ہے،اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں، اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

البشریت۔قصہ ثمود علیہ السلام میں ایک کو چھوڑنا اس وجہ سے ہے تاکہ ایک معنی کا فائدہ دے اور وہ ان کا جادوزدہ ہونا ہے پھر ان جیسا انسان ہونے کا اقرار کیا۔ وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ (اور ہم بلاشبہ تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں) یہ ان مخففہ من المثقلہ ہے اور اِن نافیہ اور اس کے مابین فرق کیلئے لام کو یہاں داخل کیا گیا ہے۔اور یہ دونوں فعل ظن پر بھی الگ الگ داخل ہو جاتے ہیں۔اور اس کے دونوں میں سے دوسرے مفعول پر بھی کیونکہ دونوں میں اصل یہ ہے کہ وہ مبتدأ وخبر سے جدا ہو جائیں جیسے کہتے ہیں۔ان زیدًا لمنطلق جب کان اور ظننت دونوں مبتدأ اور خبر کی جنس سے تھے۔اس لئے دونوں موقعوں پر ان لایا جاتا ہے ان کان زیدٌ لمنطلقا اور ان ظننتهٗ لمنطلقا۔

۱۸۷: فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا (پس تو ہم پر ایک بادل کا ٹکڑا گرا دے)

قراءت: كِسْفًا یہ حمزہ، کسائی، ابن کثیر، دیگر تمام قراء کی قرات ہے جبکہ حفص نے كِسَفًا پڑھا ہے اور یہ دونوں كِسْفَةٍ کی جمعیں ہیں اور وہ ٹکڑے کو کہتے ہیں كِسَفَةٌ کا معنی قَطعةٌ ہے۔مِّنَ السَّمَآءِ (آسمان سے) یعنی بادل نمبر۲۔سائبان اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (اگر تو سچوں میں سے ہے) اگر تو نبوت کا دعویٰ کرنے میں سچا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا کر کہ وہ ہم پر آسمان کا ٹکڑا گرا دے یعنی آسمان کا ٹکڑا بطور سزا وعذاب گرا دے۔

۱۸۸: قَالَ رَبِّيْٓ (اس نے کہا اے میرے رب)

قراءت: حجازی نے رَبِّیَ پڑھا ہے اور دیگر قراء اور ابو عمرو نے رَبِّیْ سکون سے پڑھا ہے۔

اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو)۔یعنی اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کا علم ہے اور جس سے تم عذاب کے مستحق بنتے ہو۔اگر آسمان کا ٹکڑا گرا کر وہ تمہیں عذاب دینا چاہے اور اگر وہ اور کوئی سزا دینا چاہے تو وہ اس کی مرضی اور اس کے حکم پر موقوف ہے۔

## یوم ظلہ کا عذاب:

۱۸۹: فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ (پس انہوں نے جھٹلا دیا اس لئے یوم ظلہ کے عذاب نے ان کو آ پکڑا) ظُلَّة وہ ایک

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ

اور بلاشبہ یہ رب العالمین کا اتارا ہوا ہے اس کو آپ کے قلب پر امانت دار فرشتہ لیکر نازل ہوا، تا کہ آپ واضح طور پر ڈرانے والوں میں سے

الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً

ہو جائیں، واضح عربی زبان میں ہے، اور بلاشبہ اس کا ذکر پہلی امتوں کی کتابوں میں ہے، کیاان لوگوں کے لئے یہ بات دلیل نہیں ہے

اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ

کہ اسے علماء بنی اسرائیل جانتے ہیں اور اگر ہم اس کو کسی عجمی پر نازل کرتے پھر وہ اس کو ان کے سامنے پڑھ کر سنا دیتا

مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى

تب بھی یہ لوگ ایمان لانے والے نہ تھے ہم نے اسی طرح اس ایمان نہ لانے کو مجرمین کے دلوں میں ڈال رکھا ہے یہ لوگ اس پر ایمان نہ لائیں گے جب تک

يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ

کہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں، سو وہ ان کے پاس اچانک آ جائے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہو گی، پھر کہیں گے کیا ہمیں مہلت

مُنْظَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

مل سکتی ہے، کیا یہ لوگ ہمارے عذاب کو جلدی چاہتے ہیں اے مخاطب ذرا یہ بتا کہ اگر ہم انہیں چند سال عیش میں رہنے دیں

بادل تھا جس نے ہوا کی بندش کے بعد ان پر سایہ کرلیا ان کو سات روز تک گرمی کی حرارت سے عذاب دیا گیا چنانچہ وہ گرمی سے پناہ لینے کیلئے اس بادل کے نیچے پناہ گزیں ہوئے۔اس پر آگ برسنے لگی جس سے تمام جل گئے اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (بلاشبہ وہ بڑے دن کا عذاب تھا)۔

۱۹۰: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَّمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (بلاشبہ اس میں البتہ نشانی ہے اور ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہ تھی)

## سورت ایک بلیغ وعظ:

۱۹۱: وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بیشک آپ کا رب البتہ زبردست نہایت مہربان ہے)۔اس سورت کے ہر واقعہ کے اول اور آخر میں کچھ مضامین بار بار دہرائے گے ہیں تا کہ ان کا مقصد دلوں میں خوب بیٹھ جائے۔تا کہ یہ سورت ایک بلیغ وعظ اور زجر کا کام دے۔کیونکہ ہر واقعہ اس طرح ہے جیسا کہ نئے سرے سے نازل ہوا ہو اور اس میں اسی طرح عبرتیں ہیں جیسے دوسرے واقعات میں۔اسی لئے مناسب تھا کہ ہر واقعہ کا اختتام وابتداء ایک انداز سے ہونا چاہیے۔

۱۹۲: وَاِنَّهٗ (اور بیشک وہ) یعنی قرآن لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (وہ البتہ اتارا ہوا ہے رب العالمین کی طرف سے) اس کی طرف

سے اتارگیا ہے۔

۱۹۳: نَزَلَ بِهِ (اس کو لے کراُترا) الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ (روح الامین) یعنی جبرئیل علیہ السلام۔

نحو: فعل نزل ہے اس کا فاعل الروح الامین ہے۔ الامین اس لئے کہ وہ وحی کا امین ہے۔ جس میں زندگی ہے۔

قراءت: حجازی، ابوعمرو، زید، حفص وغیرہ نے تخفیف سے پڑھا اور دیگر قراء نے تشدید سے اور الروح کا نصب پڑھا اور فاعل اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہوگی جعل الله الروح نازلا به۔ اللہ تعالیٰ نے روح کو مقرر کیا اس حال میں کہ وہ اس کو لے کر اترنے والا ہے باء دونوں قراءتوں میں تعدیہ کیلئے ہے۔

۱۹۴: عَلٰى قَلْبِكَ (آپ کے دل پر) یعنی آپ کے حافظہ اور فہم پر اور اس کو آپ کے دل میں اس طرح پختہ کر دیا جو بالکل نہ بولنے پائے جیسا کہ ارشاد فرمایا سنقرئك فلا تنسٰى [الاعلیٰ:۶] لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ (تاکہ آپ ڈرانے والوں میں سے ہوں)۔

## عربی زبان میں اتارنے کا بیان:

۱۹۵: بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ (عربی زبان میں) لغت قریش و جرھم میں مُّبِيْنٍ (واضح) اس میں ایسی وضاحت ہے کہ عام لوگوں کی زبان میں جو نقائص ہیں یہ ان سے پاک ہے۔

نحو: باء نمبرا۔ یہ منذرین سے متعلق ہے تقدیر کلام یہ ہے لتکون من الذین انذر وابهذا اللسان اور وہ ہود، صالح، شعیب و اسماعیل علیہم السلام ہیں۔ نمبر۲۔ نزل سے متعلق ہے۔ تقدیر کلام یہ ہے نزل بلسان عربی لتنذربه لانه لونزله بلسان اعجمی لتجافوا عنه اصلاً ولقاموا مانصنع بما لا نفهمه فیتعذر الانذار به اس کو عربی زبان میں اتارا تاکہ آپ سکے ذریعہ ڈرائیں کیونکہ اگر اس کو عجمی زبان میں اتارتے تو یہ اس سے بالکل دوری اختیار کرتے اور ضرور کہتے ہم اس کو کیا کریں جس کو ہم سمجھتے ہی نہیں پس انذار نا ممکن ہو جاتا۔

نکتہ: وجہ ثانی کہ اس کا اتارا جانا عربی زبان میں ہے جو آپ کی قوم اور آپ کی مادری زبان ہے اس کو آپ کے دل پر اتارا گیا ہے کیونکہ تم اس کو سمجھتے ہو اور اپنی قوم کو سمجھا سکتے ہو۔ اگر عجمی زبان میں ہوتا تو آپ کے کانوں پر اتارا جاتا نہ کہ دل پر اس حالت میں آپ حروف کی گھنٹیاں تو سنتے مگر ان کے معانی نہ سمجھتے۔ اور نہ محفوظ کرتے بسا اوقات آدمی کئی لغات کو جانتا ہے جب اس سے مادری زبان میں گفتگو کی جائے اس وقت اس کا دل فوراً معانی کلام کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اگر اور زبان میں بات کی جائے تو اس کی نگاہ اولاً الفاظ کی طرف منتقل ہوتی ہے اور پھر معانی کی طرف خواہ اس کی کتنی مہارت رکھتا ہو۔ یہی معنی ہے کہ قرآن آپ کے دل پر اترا ہے کیونکہ وہ عربی زبان میں ہے۔

۱۹۶: وَاِنَّهٗ (اور بیشک وہ) قرآن لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ (البتہ پہلے صحیفوں میں ہے) یعنی اس کا تذکرہ تمام آسانی صحائف میں ہے۔ ایک قول یہ ہے اس کے معانی ان صحائف میں پائے جاتے ہیں

## استدلالِ مفسر:

اس میں دلیل ہے کہ قرآن کا غیر عربی میں ترجمہ کیا ہوا بھی قرآن ہے اس کو غیر عربی زبان ( فارسی وغیرہ ) میں جواز قراءت کا ثبوت قرار دیا ہے ( مگر یہ قول مرجوح ہے انظر شروح الہدایہ )

۱۹۷: اَوَلَمْ یَكُنْ لَّهُمْ اٰیَةً ( کیا ان کے لئے دلیل کافی نہیں )

## نحو وقراءت:

شامی نے تکن پڑھا ہے۔ آیت کان کا اسم اور ان یعلمه کان کی خبر ہے۔ ای القرآن موجود ذکرہ فی التوراة اس قرآن کو وہ جانتے ہیں کیونکہ اس کا تذکرہ تورات میں موجود ہے۔ نمبر۲۔ ایک قول تکن میں ضمیر قصہ ہے اور آیۃ خبر مقدم ان یعلمه مبتدأ اور یہ جملہ کان کی خبر ہے۔

نمبر۳۔ قول آخر کان تامہ ہے اور آیۃ فاعل ہے اور ان یعلمہٗ ایۃً سے بدل ہے یا مبتدأ محذوف ہے یعنی اَوَ لم تحصل لهم آیة کیا تم کو ان کی کوئی نشانی نہیں ملی اور دیگر قراء کے نزدیک یکن مذکر ہے اور ایۃً منصوب ہے اس طرح کہ یہ اس کی خبر ہے اور اَنْ یَّعْلَمَهٗ اس کا اسم ہے تقدیر کلام یہ ہے: او لم یکن لهم علم علماء بنی اسرائیل ایةً کیا نہیں ہے ان کے لئے علمائے بنی اسرائیل کا علم ایک نشانی۔

عُلَمٰٓؤُا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ علمائے بنی اسرائیل جیسے عبداللہ بن سلام وغیرہ اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق فرمایا۔ واذا یتلی علیهم قالوا اٰمنّا بہٖ اِنَّهُ الحق من ربنا انا کنا من قبله مسلمین [القصص: ۵۳]

رسم خط: مصحف میں علمٰٓؤا واؤ ماقبل الف سے لکھا گیا ہے۔

## عجمی واعجمی کا فرق:

۱۹۸: وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِیْنَ (اور اگر ہم اس کو اتارتے بعض عجمیوں پر) اعجمین یہ اعجم کی جمع ہے اور وہ غیر فصیح کو کہا جاتا ہے اسی طرح عجمی بھی البتہ اضافت یاء کی وجہ سے تاکید زائد ہے۔ جب کوئی اہل عرب سے ان کی زبان کے علاوہ دیگر زبان میں بات کرتا تو وہ اس کی بات نہ سمجھتے اور اس کو کہتے اعجم واعجمی اس کو ایسے شخص سے تشبیہ دیتے جو نہ فصیح ہو اور نہ کھول کر وضاحت کر سکتا ہو۔ والعجمی جو غیر عربی ہو خواہ وہ فصیح ہو یا غیر فصیح۔

قراءت حسن رحمۃ اللہ علیہ: الاعجمیین ایک قول یہ بھی ہے الاعجمین تخفیف کے ساتھ الاعجمیین تشدید کے ساتھ اسی طرح ہے جیسا کہ الا شعرون والاشعریُّوْنَ یائے نسبت کو حذف کر دیا اور اسی طرح نہ مانیں تو یہ جمع سالم نہیں بن سکتا کیونکہ اس کی مؤنث عجماء ہے۔

## عجمی پراتارنے میں نہ مانتے:

۱۹۹: فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ (پس وہ ان پر پڑھتا تو وہ اس پر ایمان لانے والے نہ تھے) مطلب یہ ہے ہم نے قرآن مجید ایک فصیح عربی زبان والے پر فصیح زبان میں اتارا انہوں نے اس کو سمجھ تو لیا اور اس کی فصاحت کو بھی پہچان لیا اور اس کا معجز ہونا بھی ظاہر کیا گیا اور اس کے ساتھ علمائے اہل کتاب کا متفقہ بیان کہ اس کے اتارے جانے کی بشارت تورات میں موجود ہے بھی ملا دیا۔ اور قرآن ان کے مقاصد اور قصص کو شامل ہے۔

اس سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی کہ یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے قریش کے خیالات کے مطابق اساطیر الاولین نہیں۔ مگر قریش ایمان نہ لائے اور اس کا نام کبھی شعر رکھا اور کبھی اس کو سحر قرار دیا اور کہنے لگے یہ محمد ﷺ خود گھڑ کر لاتے ہیں۔ اور اگر ہم اس کو کسی عجمی پر اتار دیتے جو عربی خوب طرح نہ جانتا چہ جائیکہ اس جیسا کلام بنا سکے۔ اور وہ بھی ان کے سامنے معجزانہ طور پر اس کو پڑھتا تو پھر بھی یہ اس کا انکار کر دیتے جیسا کہ اب کر رہے ہیں۔ یہ اپنے انکار کیلئے کوئی عذر لنگ تلاش کر لیتے اور اس کو سحر قرار دیتے۔

۲۰۰: كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ (اسی طرح ہم نے اس کو داخل کر دیا) یعنی تکذیب کو داخل کر دیا یا کفر کو یہ ما کانوا بہ مؤمنین کا مدلول ہے۔ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ (مجرمین کے قلوب میں) المجرمین سے مراد وہ کفار ہیں جن کے متعلق ہمیں معلوم ہے کہ وہ کفر ہی اختیار کریں گے اور ان کی طرف سے اصرار کفر ہی ظاہر ہوگا۔ مطلب یہ ہے **مثل هذا السلك سلكناه فی قلوبهم وقررنا فيها فكيف ما فعل بهم و على اى وجه دبر امرهم فلا سبيل الى ان يتغيروا عمّا هم عليه من الكفر به والتكذيب له** اس داخل کرنے کی طرح ہم نے تکذیب کو ان کے دلوں میں داخل کر دیا۔ اور دلوں میں پختہ کر دیا ان کے ساتھ جو کچھ بھی کیا جائے اور جو تدبیر ان کو سمجھانے کی اختیار کی جائے۔ وہ اپنی بات سے بدلنے والے نہیں وہ کفر و تکذیب پر برقرار رہیں گے جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا۔ **ولو نزلنا عليك كتاباً فی قرطاس فلمسوه بايديهم لقال الذين كفروا ان هذا الا سحر مبين** [الانعام:۷]

مَسْئَلَہ: یہ آیت معتزلہ کے خلاف ہماری دلیل ہے کہ افعال خیر و شر کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

## قریش انکار پر قائم رہیں گے:

۲۰۱: لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ (وہ قرآن پر ایمان نہ لائیں گے) **سلكناه فی قلوب المجرمين** کے بعد **لا يؤمنون به** کو لا کر گویا وضاحت کر دی اور ماقبل کا خلاصہ بیان کر دیا کیونکہ یہ آیات آپ کی ثابت قدمی کیلئے اتاری گئیں کیونکہ آپ کی تکذیب کی گئی اور انکار کیا گیا تو آخر میں اسی بات کو پختہ کرنے کیلئے یہ کلام لائے کہ وہ تکذیب کو ترک نہ کریں گے اور انکار کی شدت پر قائم رہیں گے جب تک کہ وعید کو دیکھ نہ لیں۔ اور یہ بھی درست ہے کہ یہ جملہ حال بن جائے تقدیر ہوگی **سلكناه فيها غير مؤمن به** ہم نے اس تکذیب کو ان کے دلوں میں چلا دیا اس حال میں کہ وہ اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ (یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ لیں) اس سے مراد معاینۂ عذاب ہے جو ان کو موت کے وقت پیش آئے گا۔ اس وقت

ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ

پھر جس کا ان سے وعدہ ہے وہ ان کے سر پر آ پڑے تو ان کا وہ عیش ان کو کیا فائدہ دے سکتا ہے، اور ہم نے جتنی بھی بستیاں ہلاک

ع قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرٰى وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾

کی ہیں ان سب میں نصیحت کے طور پر ڈرانے والے تھے، اور ہم ظلم کرنے والے نہیں ہیں، اور اس قرآن کو شیاطین لیکر نہیں اترے

وَمَا يَنْبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٢١١﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿٢١٢﴾

اور نہ وہ طاقت رکھتے ہیں، بلاشبہ وہ سننے سے روک دیئے گئے ہیں۔

ایمان پاس ہوگا جو نفع بخش نہ ہوگا۔

۲۰۲: فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً (پس وہ عذاب ان پر اچانک آ جائے گا)۔ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (اور ان کو اس کی آمد کا شعور بھی نہ ہوگا)۔

۲۰۳: فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ (اس وقت وہ کہہ اٹھیں گے کاش ہمیں مہلت دے دی جائے)۔

نَحو: فیقولوا اور فیأتیهم دونوں کا عطف یَرَ وا پر ہے۔ منظرون کا مطلب یہ ہے کہ پلک جھپک کیلئے مہلت کے طالب ہونگے مگر ان کی بات مانی نہ جائے گی۔

۲۰۴: اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ (کیا وہ ہمارے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں) اس میں ان کو توبیخ ہے اور ان کی بات کا انکار کیا گیا ہے جو انہوں نے کہی۔ فَاَمْطِرْ علينا حجارة من السماء او ائتنا بعذاب اليم ۔[الانفال:۳۲] اور اسی طرح دیگر آیات۔

## بڑا غافل، یحییٰ بن معاذ کا قول:

لوگوں میں سب سے بڑا غافل وہ ہے جو اپنی زندگی پر مغرور ہے اور اپنی مالوفات سے اس کو سکون ملتا اور اپنے مراد پا لینے سے لذت میسر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

۲۰۵: اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ (بھلا دیکھو تو! ہم ان کو برسہا برس تک مزے اڑانے دیں)۔ ایک قول یہ ہے یہ مدت دنیا کے سال ہیں۔

۲۰۶: ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ (پھر ان کے پاس وہ آ چکا جس کا ان سے وعدہ کیا جا چکا) یعنی عذاب۔

## عذاب آنے پر طویل عمر کا فائدہ نہ ہوگا:

۲۰۷: مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ (ان کا یہ نفع اٹھانا ان کو کچھ بھی فائدہ نہ دے گا) ما كانوا يمتعون به فی تلك السنين جن چیزوں سے وہ ان سالوں میں تمتع کرتے رہے۔ مطلب یہ ہے وہ جلدی عذاب تو اس وجہ سے مانگتے ہیں کہ ان کا اعتقاد یہ ہے کہ عذاب واقع نہ ہوگا اور نہ ان کو پہنچے گا اور وہ طویل عمریں سلامتی و امن سے گزارتے رہیں گے اس پر اللہ تعالیٰ نے

فرمایا۔افبعذا بنا یستعجلون (کیا وہ ہمارے عذاب کے جلد پہنچنے کے خواستگار ہیں) استہزاء وتمسخر کے طور پر اور لمبی امیدوں پر بھروسہ کرتے ہوئے پھر بطور فرض والتسلیم فرمایا اگر مان بھی لیں کہ معاملہ ان کے اعتقاد کے مطابق بھی ہو اور وہ طویل عمر پالیں اور متاع دنیا سے خوب تمتع حاصل بھی کرلیں۔ پھر اگر ان کو وعید آن پہنچے تو پھر ان کی گزری طویل عمریں اور خوشحال زندگی کیا فائدہ پہنچا سکے گی۔

**قول میمون بن مہران**: ان کی ملاقات حسن سے طواف کے دوران ہوئی اور ان کے دل میں ان کی ملاقات کی تمنا بھی تھی۔تو میمون نے کہا مجھے نصیحت فرمادیں حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ آیت پڑھی۔اس پر میمون نے کہا تو نے بڑا بلیغ وعظ کیا ہے۔عمر بن عبدالعزیزؒ سے منقول ہے کہ جب فیصلہ کیلئے بیٹھتے تو اس آیت کو تلاوت فرماتے۔

۲۰۸: وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ (اور جتنی بستیاں ہم نے ہلاک کیں ان میں ڈرانے والے آئے) منذرین سے رسل مراد ہیں جو ان کو ڈراتے رہے۔

**نحو**: یہاں الا کے بعد والے جملہ پر واؤ داخل نہیں ہوئی جیسا کہ اس ارشاد میں ہے وما اهلكنا من قرية اِلَّاوَلَهَا كتاب معلوم [الحجر:۴] کیونکہ اصل واؤ کا نہ ہونا ہے اسلئے کہ جملہ قریۃ کی صفت ہے جب کبھی واؤ لگاتے ہیں تو وہ صفت وموصوف کے اتصال کی تاکید کیلئے لائی جاتی ہے۔

۲۰۹: ذِكْرٰى (نصیحت کیلئے)۔

__چھ تراکیب:__

**نحو**: یہ منصوب ہے اور تذکرہ کے معنی میں ہے کیونکہ انذار اور ذکر قریب قریب ہیں۔گویا اس طرح فرمایا مذکرون تذکرة وہ یاددلانے والے ہیں یاددلانا۔

نمبر۲۔منذرون کی ضمیر سے حال ہے تقدیر عبارت یہ ہے ینذرونهم ذوی تذکرة ۔ان کو نصیحت والے ڈراتے رہے۔

نمبر۳۔اس کا مفعول لہٗ ہے یعنی ینذرون لاجل التّذكرةِ والموعظة وہ تذکرہ اور موعظہ کیلئے ڈراتے رہے۔

نمبر۴۔مرفوع ہے مبتدأ محذوف کی خبر ہے ای هذه ذكرى اور جملہ معترضہ ہے۔

نمبر۵۔یہ صفت ہے بمعنی منذرون ذوو ذکری۔ڈرانے والے نصیحت والے۔

نمبر۶۔ذکری یہ اهلکنا کے متعلق ہے اس کا مفعول لہ ہے مطلب یہ ہے (وما اهلكنا من اهل قرية ظالمين الا بعد ما الزمنا هم الحجة بارسال المنذرين اليهم ليكون اهلاكهم تذكرة وعبرة لغيرهم فلا يعصوا مثل عصيانهم) اور ہم نے کسی بستی والوں کو ظلماً ہلاک نہیں کیا مگر اسی وقت جبکہ ان کی طرف ہم نے منذرین کو بھیج کر حجت تمام کردی تاکہ ان کی ہلاکت دوسروں کیلئے نصیحت وعبرت بن جائے اور وہ ان کی طرح نافرمانی نہ کریں۔وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ (اور ہم ظلم کرنے والے نہ تھے) کہ غیر ظالم قوم کو ہلاک کرتے۔

۲۱۰: جب مشرکین نے یہ پروپیگنڈہ کیا کہ شیاطین محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر قرآن لاتے ہیں تو یہ آیت اتری۔وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ

فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ

سو آپ اللہ کے ساتھ کسی معبود کو نہ پکاریئے ورنہ سزا پانے والوں میں سے ہو جائیں گے ۔ اور اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو

الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ

ڈرایئے، اور ان لوگوں کے ساتھ تواضع کے ساتھ پیش آیئے جو اہل ایمان آپ کا اتباع کرنے والے ہیں، سو اگر یہ لوگ آپ کی نافرمانی کریں

فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٢١٦﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ

تو آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ میں تمہارے اعمال سے بری ہوں، اور آپ عزت والے رحم والے پر توکل کیجئے ۔ جو آپ کو دیکھتا ہے جب آپ کھڑے ہوتے

تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِى السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٢٢٠﴾

ہیں ۔ اور سجدہ کرنے والوں میں اٹھتے بیٹھتے ہیں، بلاشبہ وہ سننے والا جاننے والا ہے

(اور اس قرآن کو شیاطین لے کر نہیں اترتے)۔

٢١١: وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ (اور شیاطین کو ایسا کرنا جائز بھی نہیں اور وہ اس کی طاقت بھی نہیں رکھتے) اور ان کو یہ میسر بھی نہیں اور نہ وہ اس کی قدرت رکھتے ہیں۔

٢١٢: اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ (بیشک ان کو سننے سے) اس کے چرانے سے لَمَعْزُوْلُوْنَ (شہابوں کے ذریعہ روک دیا گیا)۔

٢١٣: فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ (پس تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کو مت پکارو۔ کہیں تم بھی ان لوگوں میں ہو جاؤ جن کو عذاب دیا جائے گا۔) بطریق تعریض دوسروں کو تہدید کی گئی اور آپ ﷺ کو اور زیادہ اخلاص کی تحریک کی گئی ہے۔

## اقرب کو خاص کرنے کی وجہ:

٢١٤: وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (اور آپ اپنے قریب ترین کنبہ والوں کو ڈرائیں۔) قریبی خاندان کو خاص کیا تا کہ آپ سے اس تہمت کی نفی کر دی جائے عموماً انسان اپنے قرابت والوں کے متعلق چشم پوشی سے کام لیتا ہے۔ نمبر٢۔ تا کہ رشتہ داروں کو معلوم ہو کہ نجات آپ کی اتباع و پیروی میں ہے قرابت میں نہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ نے صفا پر چڑھ کر اپنے اقرباء کو آواز دی! یا بنی عبد المطلب یا بنی ھاشم یا بنی عبد مناف۔ اے پیغمبر کے چچا عباس، اے رسول اللہ کی پھوپھی صفیہ میں تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے چھڑانے کے کچھ کام نہ آؤنگا۔ (احمد، مسلم، ترمذی، نسائی)

## تواضع کی مثال:

٢١٥: وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ (اور تو جھکا اپنے بازو کو) تواضع اختیار کرو اور نرم گوشہ اختیار کرو۔ اس کی اصل یہ ہے کہ پرندہ اترنا چاہتا

ہے تو بازو کو بند کر کے جھکا لیتا ہے اور جب اڑنے کا ارادہ کرتا ہے تو اپنے پروں کو بلند کرتا ہے تو خفضِ جناح کو اترنے کے وقت تواضع کی مثال کے طور پر پیش کیا گیا اور نرم پہلو کیلئے لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (ان کے لئے جو تیرے پیروکار مؤمن ہیں) تمہارے خاندان میں سے ہوں یا غیر۔

۲۱۶: فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ (پھر اگر وہ تیری نافرمانی کریں تو کہہ دیں میں تمہارے اعمال سے بری الذمہ ہوں) مطلب یہ ہے تم اپنی قوم کو ڈراؤ۔ اگر وہ تمہاری اتباع اور اطاعت اختیار کر لیں تو ان کے لئے اپنے بازو کو جھکا دو۔ اور اگر وہ نافرمانی کریں اور اتباع نہ کریں تو ان سے بیزاری کا اظہار کریں اور ان کے اعمال شرکیہ سے بھی۔

۲۱۷: وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ (اور زبردست اور نہایت رحم والی ذات پر بھروسہ کریں) جو اپنی عزت وجلال سے تمہارے دشمنوں کو مقہور اور اپنی رحمت سے تمہاری مدد فرمائے گا۔ اور تیرے تمام نافرمانوں کے شر کیلئے بھی وہ کافی ہے۔

## توکل:

التوکّل آدمی اپنا معاملہ اس کے سپرد کرے جس کو ان کے معاملہ پر اقتدار حاصل ہو۔ اور اس کے نفع ونقصان پر قدرت رکھتا ہو۔ علماء کا قول: متوکل وہ ہے اگر اس کو سخت معاملہ پیش آئے تو وہ اس کو دور کرنے کیلئے اس چیز کو استعمال نہ کرے جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والی ہو۔

قول جنیدؒ: توکل یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی طرف مکمل طور پر متوجہ ہو جاؤ اور اس کے ماسوا سے مکمل اعراض کر لو۔ دونوں جہاں میں تمہاری ضرورت اسی کی بارگاہ سے متعلق ہو۔

قراءت: فتوکل۔ مدنی اور شامی نے پڑھا اور فقل پر اس کا عطف کیا یا فلا تدع پر عطف ہے۔

۲۱۸: اَلَّذِیْ یَرٰىكَ حِیْنَ تَقُوْمُ (جو تمہیں دیکھتا ہے جس وقت آپ کھڑے ہوتے ہیں) تہجد ادا کرتے ہوئے۔

## خصوصی رحمتیں:

۲۱۹: وَتَقَلُّبَكَ فِی السّٰجِدِیْنَ (اور نمازیوں کے ساتھ آپ کی نشست و برخاست کو بھی دیکھتا ہے) تقلبك سے قبل یری محذوف ہے) الساجدین سے نمازی مراد ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی اپنے رسول پر رحمتوں کا اندازہ تو کرو کہ رات کے دوران جو کچھ آپ کرتے ہیں تاکہ ان کے جانے بغیر ان کے احوال آپ کو معلوم ہوں اور ان کی عبادت کا علم ہو سکے اور آخرت کیلئے ان کے اعمال معلوم ہو سکیں۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اس وقت بھی تمہیں دیکھتے ہیں جب تم لوگوں کو جماعت کرانے کھڑے ہوتے ہو اور تقلب فی الساجدین کا مطلب: اپنے قیام کو رکوع اور سجود وقعود سے امامت کے دوران ان میں تصرف وتبدیلی۔

## قولِ مقاتل رحمۃ اللہ علیہ:

کہ میں نے ابوحنیفہؒ سے سوال کیا کہ کیا جماعت کی نماز کا ذکر قرآن مجید میں ہے آپ نے فرمایا مجھے مستحضر نہیں پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ

کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں وہ ہر جھوٹے بدکردار پر اترتے ہیں، جو کان لگا کر سنتے ہیں

وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِىْ كُلِّ وَادٍ

اور اکثر ان میں جھوٹ بولنے والے ہیں۔ اور شاعروں کے پیچھے گمراہ لوگ چلا کرتے ہیں، اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں

يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۲۲۶﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

حیران پھرا کرتے ہیں اور وہ لوگ وہ باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں، سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے

وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۗ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَىَّ

اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا، اور مظلوم ہونے کے بعد انہوں نے بدلہ لیا، اور جن لوگوں نے ظلم کیا وہ عنقریب جان لیں گے

مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿۲۲۷﴾ ركوع ۱۱ ع ۱۵

کہ وہ کیسی جگہ لوٹ کر جائیں گے۔

## عبادت کی مشقت آسان کردی:

۲۲۰: اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ (بیشک وہ ہر بات کو سننے والا) جو تم کہتے ہو الْعَلِيْمُ (اور ہر بات کو جاننے والا ہے) جس کی تم نیت کرتے ہو اور جس پر عمل کرتے ہو۔ اس میں عبادات کی مشقتیں آپ پر آسان کردی۔ وہ اس طرح کہ آپ کو خبر دی کہ آپ ہماری نگاہ میں ہیں۔ اب اس پر کیا مشقت ہوگی جو یہ جانتا ہو کہ میرا مولا مجھے دیکھ رہا ہے اور یہ اسی طرح ہے جیسا کہ کہا جائے **بعینی مایتحمل لمتحمّلون من اجلی** میری خاطر جو برداشت کرنے والے برداشت کرتے ہیں وہ میری نگاہ میں ہے۔

۲۲۱: مشرکین کی بات کے جواب میں اتری کہ شیاطین محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر القاء کرتے ہیں۔ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ (کیا میں تمہیں بتلاؤں) کیا اے مشرکو! میں تمہیں بتلاؤں۔ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ (کہ شیاطین کس شخص پر اترتے ہیں) پھر خبردار کرتے ہوئے فرمایا۔

۲۲۲: تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ (وہ ہر کذاب پر اترتے ہیں)۔ اَثِيْمٍ (گناہ گار پر) گناہوں کے مرتکب اور وہ کاہن، متنبی جیسے سطیح مسیلمہ وغیرہ۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو کذابین کی تردید و مذمت کرتے ہیں پس ان پر شیاطین کے نزول کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۲۲۳: يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ (وہ ان کی طرف کانوں کو لگاتے ہیں) وہ شیاطین ہیں۔ شیاطین رجم سے قبل ملأ اعلیٰ کی طرف کان لگاتے اور ان کی بعض باتوں کو اچک لیتے ہیں جس سے ان کو غیب کی کسی بات کی ان کو اطلاع ہو جاتی۔ پھر وہ اپنے دوست شیاطین کے کانوں میں ڈال دیتے۔

نحو: يلقون یہ حال ہے تقدیر عبارت یہ ہے تنزل ملقين السمع نمبر۲۔ کل افاک کی یہ صفت ہے کیونکہ یہ جمع کے معنی میں

ہے پس یہ محل جر میں ہوگا۔ نمبر۳۔ جملہ مستانفہ ہے اس کا کوئی محل اعراب نہیں گویا اس طرح فرمایا لم تنزل علی الا فا کین؟ یہ افا کین پر نہیں اترا۔ پھر کہا گیا وہ ایسا ایسا کرتے ہیں۔ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ (ان کی اکثریت جھوٹ بولتی ہے) اس میں جو کہ ان کی طرف خفیہ اشارہ کرتے ہیں کیونکہ ان کو وہ بات سناتے ہیں جو انہوں نے سنی نہیں ہوتی (اس لئے اس کا جو چاہتے ہیں مطلب بنا لیتے ہیں)۔

ایک قول یہ ہے وہ اپنے اولیاء کے کانوں میں وہ بات ڈالتے ہیں جو کہ انہوں نے ملائکہ سے سنی ہوتی ہے۔ ایک اور قول افتراء پرداز اور جھوٹے شیاطین کی طرف کانوں کو لگاتے ہیں۔ اوران کے شیطانی اشارے وصول کرتے ہیں۔

## قولِ دیگر:

شیاطین سے سنی ہوئی بات لوگوں کے کانوں میں ڈالتے ہیں اور افتراء پرداز جھوٹے ہیں وہ شیاطین کے ذمہ وہ جھوٹی باتیں لگاتے ہیں جو شیاطین نے ان کو نہیں کہی ہوتیں۔

**الافاك** جو کثرت سے بہتان بازی کرے مگر یہ بات اس پر دلالت نہیں کرتی کہ وہ افک کے علاوہ بات کرتے ہی نہیں۔ بلکہ مقصد یہ ہے کہ یہ افتراء پرداز بہت سچ بولتے ہیں ان باتوں میں جو جنات سے وہ نقل کرتے ہیں اوران کی اکثریت جنات پر افتراء باندھنے والی ہوتی ہے۔

قول حسنؒ: تمام متفری ہیں۔

## جدا بیان کی حکمت:

**لتنزیل رب العالمین** اور **وما تنزلت به الشاطین** اور **هل انبئکم علی من تنزل الشاطین** ان کو الگ الگ ذکر کیا حالانکہ یہ ایک دوسری سے ملتی جلتی ہیں کیونکہ جب ان کے درمیان ایسی آیات سے فاصلہ کر دیا جوان کے ساتھ مضمون میں نہیں ملتیں پھر بار باران کی طرف رجوع کیا تو اس سے یہ بات خود ثابت ہوئی کہ ان آیات کی طرف خصوصی توجہ ہے اس کی مثال اس طرح ہے کہ جب تم کوئی بات بیان کرو اور تمہارے دل میں کسی چیز کا خصوصی اہتمام ہو تو تم اس کا بار بار تذکرہ کرو گے اور اس بات کی طرف لوٹنا بالکل ترک نہ کرو گے۔

## شعراء کے پیروکار گمراہ:

۲۲۴: یہ ان لوگوں کے متعلق اتری جو شعر کہتے اور ادھر اپنی زبان سے یہ بڑ مارتے ہم بھی اسی طرح کہتے ہیں جیسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں۔ حالانکہ ان لوگوں کے پیرو گمراہ قسم کے لوگ تھے جوان کے اشعار سنتے۔ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ (شعراء کی اتباع تو بے راہ لوگ چلتے ہیں)۔

نحو: **الشعراء** مبتداء اور **یتبعهم الغاون** اس کی خبر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ شعراء کی اتباع ان کے باطل ان کے کذب پر کلام، اور اعراض کو پھاڑنے، انسانوں کی عیب جوئی کرنے، اوران کی تعریف کرنے جو تعریف کے مستحق نہیں اور ہجوگوئی میں بے راہ رو

لوگ کرتے ہیں سفہاء اور خود پرست اس کو خوب قرار دیتے ہیں۔نمبر۲۔شیاطین اس کو پسند کرتے ہیں نمبر۳۔مشرکین اس کو پسند کرتے ہیں۔

قولِ زجاج: جب کوئی شاعر مدح یا مذمت ناممکن چیز کی کرے اور اس کو لوگ پسند کر کے اس کی اتباع کریں تو وہ غاوٗن میں شامل ہیں۔

قراءت: یَتْبَعُھُم نافع نے پڑھا ہے۔

۲۲۵: اَلَمْ تَرَ اَنَّھُمْ فِیْ كُلِّ وَادٍ ( کیا تجھے معلوم نہیں کہ وہ ہر وادی میں ) کلام کی وادی مراد ہے۔یَّهِيْمُوْنَ (سرگرداں پھرتے ہیں)۔

نحو : یہ اَنَّ کی خبر ہے وہ کذب کے ہر فن میں فرماتے اور بات بناتے ہیں۔نمبر۲۔ہر لغو و باطل میں گھسے پھرتے ہیں۔الھائم جو بلا مقصد جدھر منہ آئے چل دے۔یہ درحقیقت تمثیل ہے کہ وہ کلام کی ہر گھاٹی میں جاتے ہیں اور لوگوں میں سے سب سے بڑے بزدل کو عنترہ ( جاہلیت کے زمانہ کا مشہور بہادر ہے ) سے بڑا بہادر اور ابخل الناس کو حاتم سے بڑا سخی قرار دیتے ہیں۔

۲۲۶: فرزدق کا قول ہے سلیمان بن عبدالملک نے میرا یہ شعر سنا ؂

فَبِتْنَ بجانبیَّ مُصرَّعاتٍ ☆ وبتُّ اَفُضُّ اغلاقَ الختامِ

تو سلیمان نے کہا تم پر حد لازم آتی ہے فرزدق کہنے لگا اللہ تعالیٰ نے حد مجھ سے یہ فرما کر ہٹالی۔اور آیت پڑھی وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَالَا يَفْعَلُوْنَ (اور وہ ایسی باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں ) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان کے کذب اور وعدہ خلافی کو ذکر فرمایا۔

۲۲۷: پھر مؤمن صالح شعراء کو مستثنیٰ فرمایا۔اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اعمالِ صالحہ کے ) جیسے عبداللہ بن رواحہ حسان بن ثابت، کعب بن زہیر کعب بن مالک وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا (اور وہ اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرتے ہیں ) یعنی ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن ان پر شعر سے زیادہ غالب ہے۔اور جب کبھی وہ کوئی شعر کہتے ہیں تو وہ اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی ثناء اور حکمت و موعظمت، زہد، ادب اور مدح رسول ﷺ اور مدح صحابہ وصلحائے امت پر کہتے ہیں اور اسی طرح کے اور موضوعات جن پر کلام گناہ نہیں ہے۔

## قولِ ابوزید:

ذکر کثیر گنتی اور تعداد کے شمار کرنے سے نہیں جبکہ اس کے ساتھ غفلت ہو بلکہ حضور قلب سے میسر آتا ہے۔

وَّانْتَصَرُوْا (اور انہوں نے انتقام لیا) اور کفار کی ہجو کی مِنْ بَعْدِ مَاظُلِمُوْا (اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا) ان کی ہجو کہی گئی۔یعنی انہوں نے ہجائے رسول ﷺ اور ہجائے مسلمین کی تردید و جواب میں ہجو کہی۔اور ہجو کا وہ آدمی سب سے زیادہ مستحق ہے جو رسول اللہ ﷺ کی تکذیب بھی کرے اور آپ کی ہجو بھی کرے۔

قول کعب بن مالک کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم ان کی ہجو کرو۔مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ میں میری جان

ہے وہ ہجو کفار کیلئے تیر اندازی سے زیادہ گراں ہے (عبدالرزاق وابن سعد) آپ حسان رضی اللہ کو فرماتے قل وروح القدس معک تم کفار کے متعلق اشعار کہو اور روح القدس تمہارے ساتھ معاون ہیں۔

## اختتام سورت:

سورت کا اختتام اس انداز سے فرمایا جو تدبر کرنے والوں کے جگر کو کھائے جا رہا ہے اور وہ یہ ارشاد ہے۔ وَسَيَعْلَمُ (اور عنقریب جان لیں گے) اس میں انتہائی بلیغ وعید فرمائی گئی ہے۔ اور یہ ارشاد الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا (وہ لوگ جو ظالم ہیں) اور ظلموا کو مطلقاً لائے اور یہ ارشاد ہے۔ اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ (کہ ان کو کیسی جگہ لوٹ کر جانا ہے) یہاں ابہام کے انداز میں عظیم ہولنا کی کا اظہار ہے۔ عمل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ: ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو جب اپنا جانشین بنایا تو یہ آیت لکھی اور سلف صالحین اس کو بطور وعظ ایک دوسرے کو سناتے۔

قول ابن عطاء: عنقریب ہم میں سے اعراض کرنے والا جان لے گا کہ کونسی چیز ہم سے رہ گئی ہے۔

ایّ یہ ینقلبون کا مصدر ہونے کی حیثیت سے منصوب ہے یہ سیعلم کی وجہ سے منصوب نہیں کیونکہ اسمائے استفہام ماقبل پر عمل نہیں کر سکتے تقدیر اس طرح ہے ینقلبون ای انقلاب وہ پلٹیں گے کونسا پلٹنا۔ واللہ اعلم

تمت ترجمة سورة الشعراء ليلة الجمعة ۱۲ ذو القعدہ ۱۴۲۳ھ ۱۷ جنوری ۲۰۰۳ء الحمد للّٰه اوّلاً و آخرًا

# سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ نمل مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ترانوے آیات اور سات رکوع ہیں

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ ١ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ ٢

طٰسٓ یہ آیات ہیں قرآن کی، اور واضح طور پر بیان کرنے والی کتاب کی، اور روشنی ہیں اہل ایمان کے لئے

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ٣ اِنَّ

جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں، بلاشبہ

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۗ ٤ اُولٰٓئِكَ

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے اعمال کو مزین کر دیا۔ سو یہ لوگ بھٹکتے پھرتے ہیں، یہ وہ

الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ٥ وَاِنَّكَ

لوگ ہیں جن کے لئے برا عذاب ہے، اور یہ لوگ آخرت میں بہت زیادہ خسارے میں ہوں گے، اور بالیقین آپ کو

لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ٦

حکمت والے علم والے کی طرف سے قرآن دیا جا رہا ہے۔

۱: طٰسٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ هُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ (طٰس ۔ یہ قرآن اور کتاب مبین کی آیات ہیں ۔ وہ ایمان والوں کیلئے ہدایت و بشارت ہے )۔

کتاب مبین ای آیات کتاب مبین ۔ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں ۔ تِلْكَ سے سورت کی آیات کی طرف اشارہ ہے اور کتاب مبین سے لوح محفوظ مراد ہے۔

### مبین کا معنی:

مبین کا معنی نمبر ۱ ۔ ابانت وظہور ہے اور اس کے ظہور کا مطلب یہ ہے کہ سب کچھ ہونے والا اس میں ظاہر کر دیا گیا اس میں دیکھنے والوں کے لئے قرآن کی آیات واضح ہیں۔

نمبر۲۔ کتاب مبین سے قرآن مجید مراد ہے اور اس کے ابانت کا مطلب یہ ہے کہ جو حکمتیں اور علوم اس میں بیان کیے گئے یہ ان کو کھول کر بیان کرتا ہے۔اس صورت میں عطف صفۃ علی الصفۃ الاخری کی قسم سے ہوگا۔مثلاً ھذا فعل السخی و الجواد۔

وجہ تنکیر:

کتاب کو نکرہ تفخیم شان کے لئے لایا گیا ہے۔

ایک قول:

یہاں کتاب کو نکرہ اور سورۃ الحجر میں معرفہ لائے۔اور یہاں قرآن کو معرفہ اور وہاں نکرہ لایا گیا۔کیونکہ القرآن اور الکتاب دونوں اسم علم ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر منزل شدہ وحی متلو کو کہتے ہیں اور اس کے وصف ہیں اس لئے کہ وہ کتاب پڑھی اور لکھی جاتی ہے۔پس اس حیثیت سے بطورِ علم معرفہ لائے اور اس حیثیت سے کہ یہ اسی کی صفتیں ہیں تو صفت کا لحاظ کر کے نکرہ لائے۔

۲: هُدًى وَّبُشْرٰى (وہ ہدایت و بشارت ہے)۔آیات سے حال ہونے کی وجہ سے محل نصب میں ہیں۔مطلب یہ ہوا یہ آیات راہنمائی کرنے والی اور بشارت دینے والی ہیں۔ان میں عامل وہی ہے جو تلک کا عامل ہے۔یعنی نمبر۱۔اشارہ کا معنی۔نمبر۲۔مجرور ہے اس طور پر کہ یہ کتاب سے بدل ہے۔نمبر۳۔کتاب کی صفت ہونے کی بناء پر مجرور ہے۔نمبر۴۔مرفوع ہیں ان کا مبتدأ محذوف ہے ھدًی و بشری۔نمبر۵۔آیات کا بدل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔نمبر۶۔تلک کی دوسری خبر ہے۔تقدیر کلام یہ ہے تلك آیات وھادیۃ من الضلالۃ و مبشرۃ بالجنۃ۔وہ آیات ہیں اور وہ گمراہی سے ہدایت بخشنے والی اور جنت کی خوشخبری والی ہیں۔

ایک قول:

ھدی لجمیع الخلق و بشرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ خاصۃ۔یہ تمام مخلوق کے لئے ہدایت اور مؤمن کے لئے خصوصاً خوشخبری دینے والی ہیں۔

تکرارِ ضمیر کا فائدہ:

۳: الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ (جو نماز قائم کرتے ہیں) اس کے فرائض وسنن پر مداومت اختیار کرنے والے ہیں۔ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ (اور وہ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں) اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ (اور وہی آخرت پر پورا پورا ایمان رکھتے ہیں)۔یہ نمبر۱۔الذین کے صلات میں سے صلہ ہے۔اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے پہلے صلہ پورا ہو جائے اور یہ نمبر۲۔جملہ معترضہ ہو۔گویا اس طرح فرمایا۔ھؤلاء الذین یؤمنون ویعملون الصالحات من اقامۃ الصلاۃ وایتاء الزکاۃ ھم الموقنون بالآخرۃ۔یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ کئے جیسے اقامت صلوٰۃ اور ایتائے زکوٰۃ کرتے رہے وہ آخرت پر یقین رکھنے والے ہیں اور اس پر دلالت موجود ہے۔جملہ اسمیہ لایا گیا اور اس میں ھم مبتدأ کو تکرار کے ساتھ

لائے۔ یہاں تک کہ اس کا معنی اس طرح بن گیا۔ اگر آخرت پر کسی کو یقین ہے تو وہ یہی لوگ ہیں جو ایمان و عمل صالح کو جمع کرنے والے ہیں۔ کیونکہ انجام کا خوف ان کو مشقتیں اٹھانے کیلئے آمادہ کرتا ہے۔

۴: اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَیَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ (بیشک وہ لوگ جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے ہم نے ان کے لئے ان کے اعمال کو مزین کر دیا)۔ ان میں شہوت پیدا کر کے یہاں تک کہ وہ اس کو اچھا سمجھنے لگے۔ جیسا کہ ارشادِ الٰہی ہے۔ افمن زین له سوء عمله فراه حسنا [فاطر:۸]

فَهُمْ یَعْمَهُوْنَ (پس وہ سرگرداں وحیران ہیں) اپنی گمراہی میں متردد ہیں۔ جیسا کہ راستہ سے گم گشتہ شخص کا حال ہوتا ہے۔

۵: اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ: (یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے برا عذاب ہے)۔ قتل وقید کا جو بدر کے دن پیش آ گیا۔ اس لئے کہ ان کے اعمال برے تھے۔

وَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ (اور یہی لوگ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ پانے والے ہیں)۔ وہ خسارے میں تمام لوگوں سے بڑھے ہوئے ہیں۔ کیونکہ اگر وہ ایمان لے آتے تو تمام امتوں پر گواہ بنتے۔ پس ان کو یہ نقصان بھی ہوا اور نقصانِ نجات اور نقصانِ ثوابِ اللہ تو اس سے زائد ہے۔

## تمہیدی آیت:

۶: وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ (اور بیشک آپ کو قرآن دیا جا رہا ہے)۔ تا کہ آپ اس کو لیں اور حاصل کریں۔ مِنْ لَّدُنْ حَكِیْمٍ عَلِیْمٍ (حکمت والی علم والی ذات کی طرف سے) کتنے بڑے علیم اور کتنے بڑے حکیم کی طرف سے۔ اور یہ معنی ان دونوں کے نکرہ لانے سے ہے۔ یہ آیت بعد والے واقعات کے لئے بطور تمہید لائی گئی ہے اور ان میں جو اللہ تعالیٰ کی لطیف حکمتیں اور علمی نکات ہیں ان کے لئے ابتدائیہ ہے۔

اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖۤ اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِیْكُمْ بِشِهَابٍ

جب موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ بلاشبہ مجھے آگ نظر آئی ہے میں وہاں سے تمہارے پاس کوئی خبر لاتا ہوں، یا تمہارے پاس آگ کا ایک شعلہ کسی

قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۷﴾ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِیَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ

لکڑی میں جلتا ہوا لاتا ہوں تاکہ تم تاپ لو۔ سو جب وہ وہاں آئے تو آواز دی گئی کہ وہ شخص مبارک ہے جو آگ میں ہے، اور وہ بھی مبارک ہیں جو اس کے ارد گرد ہیں،

وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸﴾ یٰمُوْسٰۤى اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۹﴾ وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ

اور اللہ پاک ہے جو رب العالمین ہے۔ اے موسیٰ بے شک بات یہ ہے کہ میں اللہ ہوں عزیز ہوں حکیم ہوں، اور تم اپنی لاٹھی کو ڈال دو،

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫ اِنِّیْ

سو جب اس لاٹھی کو دیکھا کہ وہ اس طرح حرکت کر رہی ہے جیسے سانپ ہو تو پیٹھ پھیر کر لوٹے اور مڑ کر بھی پیچھے نہ دیکھا، اے موسیٰ تم نہ ڈرو، بلاشبہ

لَا یَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ

میرے حضور میں پیغمبر نہیں ڈرتے، مگر جس نے ظلم کیا پھر اس نے گناہ کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا تو میں مغفرت کرنے والا ہوں

رَّحِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَدْخِلْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ ۫ فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ

رحمت والا ہوں، اور اے موسیٰ تم اپنا ہاتھ گریبان میں داخل کرو وہ بلا کسی عیب کے روشن ہو کر نکلے گا۔ یہ دونوں چیزیں ان نو معجزات میں سے ہیں

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۱۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰیٰتُنَا مُبْصِرَةً

جنہیں لیکر تمہیں فرعون کی طرف جانا ہے بلاشبہ وہ لوگ نافرمان ہیں۔ سو جب ان کے پاس ہمارے معجزات پہنچے جو واضح تھے

قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۳﴾ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَیْقَنَتْهَاۤ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ

تو کہنے لگے کہ یہ صریح جادو ہے۔ اور انہوں نے ظلم اور تکبر کی راہ سے ان کا انکار کیا حالانکہ ان کے نفسوں نے یقین کر لیا تھا،

ع ۱ / ۱۶ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۱۴﴾

سو دیکھو فساد کرنے والوں کا کیا انجام ہوا

## واقعہ موسیٰ علیہ السلام مدین سے مصر واپسی:

۷: اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖۤ (جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے گھر والوں کو کہا)۔ اذ۔ اذکر کی وجہ سے منصوب ہے گویا اس طرح فرمایا لو! اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حکمت و علم کے آثار سے یہ موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اَهْله سے ان کی زوجہ محترمہ

مراد ہیں اوران کے ساتھ جومدین سے مصرواپسی میں ان کے ساتھ تھے۔ اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا سَاٰتِیْکُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ (بیشک میں نے آگ دیکھی ہے۔ میں تمہارے پاس وہاں سے کوئی خبرضرورلاؤنگا)۔ جوراستہ کے حالات سے متعلق ہو کیونکہ آپ راستہ بھول گئے تھے۔

اَوْ اٰتِیْکُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ (یاتمہارے پاس کوئی بھڑکتی آگ کا شعلہ لے کرآؤں گا)۔قراءت:کوفی قراء نے شہاب کوتنوین سے پڑھا ہے۔ شہاب روشن شعلے کو کہتے ہیں۔قبس۔ چنگاری۔قبس یہ بدل ہے یا صفت ہے۔ دیگر قراء نے بشھاب قبس۔ اضافت سے پڑھا ہے۔ کیونکہ شہاب کی دوقسمیں ہیں قبس اورغیرقبس۔

## ایک نکتہ:

یہاں ساتیکم اورالقصص۔۲۹ میں لعلی اتیکم ہے ان دونوں میں کوئی منافات نہیں۔ایک سے رجاءاور دوسرے سے تیقن ظاہر ہوتا ہے۔کیونکہ جب امید پختہ ہوجائے تو یوں کہا جاتا ہے۔سافعل کذا و سیکون کذا۔اگرچہ اس میں ناکامی کا پہلو بھی ہوتا ہے۔سین تسویف لاکرآپ نے اپنے اہل سے آگ لانے کا وعدہ فرمایا' خواہ اس میں آہستگی ہو یا فاصلہ زیادہ ہو۔

## لفظ اَوْ کا فائدہ:

اَوْ اس لئے لائے کہ یہ ظاہر ہو کہ اگر وہ اپنی کامل ضرورت نہ پاسکے تو کم ازکم ایک سے محروم نہ ہونگے۔خواہ راستہ کی راہنمائی خواہ آگ کی چنگاری اوران کو معلوم نہ تھا کہ اس آگ پر تو ان کی دو حاجتیں مکمل پوری ہو جائیں گی۔ وہ دنیا کی عزت اور آخرت کا شرف۔

مَسْئَلَہ :ان دونوں سورتوں میں ایک قصہ کو مختلف الفاظ سے لانا اس بات کی دلیل ہے کہ حدیث بالمعنیٰ نقل کرنا بھی درست ہے۔اسی طرح فارسی میں نماز کا جواز (یہ مرجوح قول ہے) اور نکاح اور تزویج کے الفاظ کے بغیر جوازِ نکاح۔

لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ (تاکہ تم تاپ لو)۔آگ سے اس سردی کو دور کرلو جو تمہیں پہنچ چکی ہے۔تصطلون میں طاء یہ تائے افتعل کے بدلہ میں صاد کی وجہ سے آئی ہے۔

## نری برکت:

۸:فَلَمَّا جَآءَهَا (پس جب وہ آگ کے پاس پہنچے)۔ھا سے مراد وہ آگ ہے جو موسیٰ علیہ السلام نے دیکھی تھی۔ نُوْدِیَ (موسیٰ کو آواز دی گئی)۔اَنْ بُوْرِكَ (کہ اس پر برکت ہے)۔ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ط (جو آگ میں ہیں اور اسکے اردگرد ہیں)

نَحْو :ان مخففہ من المثقلہ ہے۔تقدیر کلام یہ ہے۔ نودی موسٰی بانه بورك۔موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی گئی اس لئے کہ ان کو برکت دی گئی۔اس میں ضمیر شان کی ہے۔اور یہ ضمیر بلاعوض بھی لانی درست ہے۔اگرچہ زمخشری اس کو نہیں مانتے دلیل یہ ہے کہ بورك دعا ہے۔دعا کے احکام دیگر نحوی قوانین سے بہت مختلف ہیں۔نمبر۲۔اَن مفسرہ ہے کیونکہ نداء میں قول کا معنی پایا جاتا ہے۔ تقدیر کلام یہ ہے قیل له بورك ای قدس یاجعل البرکة والخیر فی من فی النار ومن حولها ای بورك من فی

مکان النار وھم الملائکۃ ومن حول مکان لھا ای موسٰی ان کو کہا گیا۔بورک یعنی مقدس بنا دیا گیا۔یا برکت وخیران میں رکھ دی گئی جو آگ میں اور جو اس کے اردگرد ہیں یعنی جو آگ کی جگہ میں ہیں ان کو برکت دی گئی اور وہ ملائکہ ہیں اور ان کو برکت دی گئی جو آگ کی جگہ کے گرد ہیں یعنی موسیٰ علیہ السلام اس لئے کہ اس جگہ میں ایک دینی معاملہ پیش آیا اور وہ موسیٰ سے اللہ تعالیٰ کا کلام فرمانا ہے۔اور ان کا نبوت ملنا اور معجزات کا ظاہر ہونا۔

وَ سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (اور اللہ تعالیٰ پاک ہے جو رب العالمین ہیں)۔یہ بھی اس نداء میں سے ہے۔اس میں ذات باری تعالیٰ نے اپنے کو تشبہ وغیرہ جو اس کی ذات کے لائق نہیں ہے منزہ قرار دیا۔تا کہ درخت' آگ' نداء سے کوئی تشبہ وحول نہ نکال سکے۔

۹:يٰمُوْسٰى اِنَّهٗ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (اے موسیٰ حقیقت یہ ہے کہ میں ہی اللہ ہوں جو غالب اور حکمت والا ہے) انه میں ضمیر شان ہے۔اَنَا اللّٰهُ۔مبتدا و خبر ہیں۔الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔یہ دونوں خبر کی صفات ہیں یاہ ضمیر اس طرف لوٹتی ہے جس پر ماقبل کی دلالت ہے یعنی اَن مکلمك انا اور اللہ یہ انا کا بیان ہے۔العزیز الحکیم۔اور یہ مبین کی صفات ہیں۔یہ ان معجزات کی تمہید ہے جو موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ پر ظاہر کیے جانے والے تھے۔

۱۰: وَاَلْقِ عَصَاكَ (اور تم اپنی لاٹھی پھینک دو)۔تا کہ تمہیں اپنی نبوت کا معجزہ معلوم ہو اور تو اس سے مانوس ہو جائے۔اس کا عطف بورك پر ہے۔کیونکہ معنی اس طرح ہے۔نودی ان بورك من فی النار و ان الق عصاك۔یہ دونوں نودی کی تفسیر ہیں مطلب یہ ہے کہ ان کو کہا گیا برکت دی گئی اس کو جو آگ میں ہے اور ان کو کہا گیا۔تم اپنی لاٹھی ڈال دو۔اس پر دلالت کے لئے سورۃ قصص کی یہ آیت و ان الق عصاك القصص۔۳۱۔جو کہ ان یا موسٰی انی انا اللہ کے بعد حرف تفسیر کو دوبارہ لا کر ذکر کی گئی۔

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ (جب اس کو حرکت کرتے دیکھا)۔ نَحْو: یہ رآھا کی ھا سے حال ہے۔كَاَنَّهَا جَآنٌّ ۔(گویا وہ ہلکا پھلکا سانپ ہے)۔چھوٹا سانپ۔ نَحْو: تهتز کی ضمیر سے حال ہے۔وَلّٰى (موسیٰ علیہ السلام مڑے)۔ مُدْبِرًا (اس سے پیٹھ پھیر کر) اور اس کو پشت کی جانب خوف کی وجہ سے کر دیا کہ کہیں وہ حملہ آور نہ ہو۔وَلَمْ يُعَقِّبْ (اور متوجہ بھی نہ ہوئے)۔یا نہ لوٹے اہل عرب کہتے ہیں قد عقب فلان۔جبکہ وہ لوٹ کر لڑنا شروع کر دے۔اس کے بعد کہ وہ پیٹھ پھیر کر جا چکا تھا۔پس ان کو آواز دی گئی۔

يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَىَّ الْمُرْسَلُوْنَ (اے موسیٰ ڈرو نہیں میرے ہاں پیغمبر ڈرا نہیں کرتے)۔میرے مخاطبت کے وقت پیغمبر میری بارگاہ میں ڈرا نہیں کرتے۔یا نمبر۲۔میرے ہاں پیغمبر دوسروں سے ڈرا نہیں کرتے۔موسیٰ علیہ السلام کو جو خوف پیدا ہوا وہ طبعی تھا اور ممانعت خوف عقلی کی ہے۔

۱۱: اِلَّا مَنْ ظَلَمَ (مگر وہ جس سے قصور ہوا) لیکن جس نے قصور کیا دوسروں میں سے۔کیونکہ انبیاء علیہم السلام ظلم نہیں کرتے۔نمبر۲۔لیکن جس نے قصور کیا ان میں سے۔مرسلین میں سے جس سے لغزش ہوگئی۔جو اس کے مرتبہ عالی کے مناسب نہ تھی۔اگر چہ

وہ فی نفسہ درست ہو۔ جیسا کہ آدم علیہ السلام سے جلد بازی اور یونس، سلیمان، داوٗد علیہم السلام سے جلدی ہوئی۔ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا (پھر اس نے اس کو اچھائی سے بدل لیا) یعنی توبہ کر لی۔ بَعْدَ سُوْءٍ (لغزش کے بعد)۔ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (پس بے شک میں بخشنے والا مہربان ہوں)۔ اس کی توبہ کو قبول کرتا اور لغزش کو بخش دیتا اور اس پر رحم کرتا ہوں اور اس کی امید کو پورا کر دیتا ہوں۔ گویا یہ موسیٰ علیہ السلام کے قول پر تعریض ہے جبکہ قبطی ان کے مکہ سے مر گیا ہے۔

جیسا دوسری جگہ فرمایا: رب انی ظلمت نفسی فاغفرلی فغفرلہ۔ القصص۔۱۶۔

۱۲: وَاَدْخِلْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ (اپنے ہاتھ کو اپنی قمیص کے اندر داخل کرو)۔ اور اس کو نکالو۔ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ (وہ سفید ہو کر نکلے گا)۔ اس کی چمک نور آفتاب پر غالب آ جائے گی۔ مِنْ غَیْرِ سُوْءٍ (بغیر کسی خرابی کے)۔ برص وغیرہ کی۔

نحو: بیضاء اور مِنْ غَیْرِ سُوْءٍ دونوں حال ہیں۔ فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ (نو معجزات میں ہیں)۔ نحو: یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اور فی کا تعلق محذوف کے ساتھ۔ ای اذھب فی تسع آیات۔ نمبر۲۔ والق عصاك وادخل یدك فی جملة تسع آیات۔ القائے عصا اور ید بیضاء دونوں من جملہ ۹ آیات سے ہیں۔

اِلٰی فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ (فرعون اور اس کی قوم کی طرف)۔ الی کا تعلق مرسلاً محذوف سے ہے ای مرسلاً الی فرعون الآیۃ۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ (بلاشبہ وہ فاسق قوم تھی)۔ فاسق کا معنی یہاں کفر کرنا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے نکلنا ہے۔

## واضح آیات:

۱۳: فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰیٰتُنَا (جب ان کے پاس ہماری آیات آ چکیں)۔ آیات سے معجزات مراد ہیں۔ مُبْصِرَةً (کھلم کھلا)۔ یہ حال ہے۔ یعنی ظاہر و واضح۔ نمبر۱۔ آیات کے لئے یہاں ابصار کا لفظ لائے۔ حالانکہ حقیقت میں آیات تو غور و فکر کرنے والوں کے لئے ہیں۔ کیونکہ نظر و فکر میں وہ آیات ان سے ملابست رکھنے والی ہیں۔

نمبر۲۔ ان آیات کو اس طرح قرار دیا گیا گویا وہ دیکھی جاتی ہیں پس ان سے راہ مل جاتی ہے۔ کیونکہ اندھا راہ پانے پر قدرت نہیں رکھتا چہ جائیکہ وہ دوسرے کی راہنمائی کرے۔ عرب کا یہ قول اسی قسم میں سے ہے۔ کلمۃ عوراء۔ کیونکہ اچھی بات راہنمائی کرتی ہے اور بری گمراہ کرتی ہے۔ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ (وہ کہنے لگے یہ کھلا جادو ہے)۔ مبین کا مطلب یہ ہے غور کرنے والے کے لئے ظاہر ہے۔ آیت میں المبصرۃ اور المبین میں مقابلہ کیا گیا ہے۔

۱۴: وَجَحَدُوْا بِهَا (انہوں نے ان آیات کا انکار کر دیا)۔ ایک قول: یہ ہے کہ جحود تو جاحد کے علم سے ہوتا ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں۔ کیونکہ جحود انکار کو کہتے ہیں۔ اور بعض اوقات اشیاء کا انکار اس سے ناواقفیت کی بنیاد پر ہوتا ہے اور کبھی پہچان کے بعد ضد کی وجہ سے ہوتا ہے۔ (کذا فی شرح التاویلات) الدیوان کتاب میں مذکور ہے۔ کہا جاتا ہے جحد حقهٗ و بحقه ایک ہی معنی میں ہیں۔

وَاسْتَیْقَنَتْهَآ (اور یقین کر چکے تھے)۔ واو حالیہ ہے۔ اور اس کے بعد قد مضمر ہے۔ استیقان ایقان سے زیادہ بلیغ ہے۔ اَنْفُسُهُمْ (انکے دل) یعنی زبانوں سے تو انہوں نے انکار کیا مگر انکے ضمیر و دل ان آیات پر یقین کر چکے تھے۔ ظُلْمًا (ظلم کے طور پر)۔ نحو: یہ جحدوا کی ضمیر سے حال ہے۔ اور اس سے بڑھ کر ظلم کیا ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی آیات پر دل سے یقین کر لے مگر

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ

اور البتہ تحقیق ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم دیا، اور ان دونوں نے کہا کہ اللہ کے لئے سب تعریف ہے جس نے ہمیں اپنے مومن بندوں میں سے

مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ

بہت سوں پر فضیلت دی ہے، اور سلیمان، داؤد، کے وارث ہوئے اور انہوں نے کہا کہ اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی

الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَىْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ

سکھائی گئی ہے اور ہمیں ہر چیز دی گئی ہے، بلاشبہ یہ کھلا ہوا فضل ہے۔ اور سلیمان کے لئے ان کے لشکر جمع

جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ

کئے گئے جو جنات میں سے اور انسانوں میں سے اور پرندوں میں سے تھے، پھر انہیں روکا جاتا تھا، یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان میں آئے

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ

تو ایک چیونٹی نے کہا کہ اے چیونٹیو! اپنے رہنے کی جگہوں میں گھس جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور ان کا لشکر تمہیں کچل کے رکھ دیں

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِىْۤ اَنْ اَشْكُرَ

اور انہیں خبر بھی نہ ہو، سو وہ چیونٹی کی بات سے مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور عرض کیا کہ اے میرے رب آپ مجھے اس پر رکھئے کہ میں آپ کی نعمت کا

نِعْمَتَكَ الَّتِىْۤ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِىْ

شکر ادا کرتا رہوں جو آپ نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائی اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جس سے آپ راضی ہوں، اور آپ مجھے اپنی رحمت سے

بِرَحْمَتِكَ فِىْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

اپنے نیک بندوں میں داخل رکھئے۔

انسان ان کو سحر قرار دیکر انکار کردے۔ وَّعُلُوًّا (اور تکبر کی بنا پر)۔ ایمان سے اپنے کو بلند قرار دیتے ہوئے تکبر اختیار کیا۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ (تم دیکھو تباہ کاروں کا انجام کیا ہوا)۔ دنیا میں غرق اور آخرت میں حرق۔

۱۵: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا (اور ہم نے داؤد و سلیمان علیہما السلام کو یقیناً علم دیا)۔ یہاں آتینا اعطینا کے معنی میں ہے یعنی عطا کیا۔ علماً۔ نمبر۱۔ کچھ علم۔ نمبر۲۔ شاندار علم۔ اس سے مراد بہر صورت علم دین اور فیصلہ ہائے نبوت ہیں۔

وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ (دونوں نے کہا تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں

جس نے اپنے بہت سے مؤمن بندوں پر ہمیں فضیلت دی)۔اور یہ آیت ہماری دلیل ہے معتزلہ کے خلاف اصلح للعباد کو چھوڑ نے ہیں۔ یہاں محذوف ہے تا کہ واؤ کا عطف صحیح ہو جائے۔ اگر محذوف نہ مانیں تو پھر فاء آنی چاہیے۔جیسا کہ اس قول میں اعطیتہ فشکر۔آیت میں تقدیر عبارت اس طرح ہوگی۔ **آتینا هما علمًا فعملا به وعلماه وعرفا حق النعمة فيه وقالا الحمد لله الاية۔**

ہم نے ان دونوں کو علم دیا پس انہوں نے عمل کیا اور اس کو سکھایا اور اللہ تعالیٰ کا حق اس میں جانا اور کہا الحمد للہ۔ الخ۔ کثیر سے یہاں وہ لوگ مراد ہیں جن کو علم نہیں ملا۔نمبر۲۔وہ لوگ مراد ہیں جن کو علم تو ملا مگر ان جیسا نہیں ملا اور اس میں یہ بات ہے کہ ان کو بہت سے لوگوں پر فضیلت دی گئی اور بہت سوں کو ان پر فضیلت دی۔

**مَسْئَلَة**: یہ آیت دلیل ہے کہ علم بڑے مرتبہ والی چیز ہے اور علم والے مقدم و معزز ہیں اور نعمت علم عظیم الشان انعام ہے اور جس کو یہ میسر ہو اس کو بہت سے بندوں پر فضیلت حاصل ہو جاتی ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شرف و منزلت میں اسی قرب کی وجہ سے ان کو **ورثة الانبياء** قرار دیا ہے۔کیونکہ انبیاء علیہم السلام جو پیغام دیکر بھیجے گئے یہ اس کو قائم رکھنے والے ہیں۔

## اعترافِ نعمت:

**مسئلہ نمبر۱**: اس عظیم نعمت کا تقاضا ہے کہ وہ اس ملنے والے علم پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کریں اور عالم کے ذہن میں یہ بات ہو کہ اگر اس کو بہت سے بندوں پر فضیلت حاصل ہے تو اس پر بھی دوسروں کو فضیلت حاصل ہے۔فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا قول اس سلسلہ میں کتنا شاندار ہے۔

**كل الناس افقه من عمر۔**

۱۶: وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ (اور سلیمان داؤد کے وارث ہوئے)۔دوسرے بیٹوں کی بجائے ان کو نبوت و بادشاہت ملی۔داؤد علیہ السلام کے انیس بیٹے تھے۔

## قولِ علماء :

ان کو صرف والد کی طرح نبوت ملی تو گویا کہ یہ ان کے وارث بنے۔ورنہ نبوت وراثت میں نہیں ملتی۔

وَقَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ (سلیمان نے کہا اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی)۔اس اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو ذکر کر کے مشہور کیا۔اور اس نعمت کے مرتبہ کا اعتراف کیا اور معجزہ کے تذکرہ سے لوگوں کو اس کی تصدیق کی طرف بلایا۔یہ معجزہ پرندوں کی بولی ہے۔**المنطق**۔ہر وہ آواز جو مفرد یا مرکب مفید و غیر مفید نکالی جائے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام پرندوں کی بولی اسی طرح سمجھتے جیسے پرندے ایک دوسرے کی سمجھتے ہیں۔

## نمونۂ گفتگو:

**لطیفہ**: روایت تفسیر یہ میں ہے کہ نمبر۱۔فاختہ بولی تو آپ نے فرمایا یہ کہتی ہے۔کاش یہ مخلوق پیدا نہ کی جاتی۔نمبر۲۔مور نے آواز

دی۔تو آپ نے فرمایا یہ کہتا ہے۔جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔نمبر۳۔ہدہد نے آواز نکالی تو آپ نے فرمایا۔یہ کہتا ہے۔اے گناہ گار گناہوں کی معافی مانگو۔نمبر۴۔ابابیل بولی آپ نے فرمایا یہ کہتی ہے۔بھلائی بھیجو اس کو پالو گے۔نمبر۵۔کبوتری چیخی۔آپ نے فرمایا یہ کہتی سبحان ربی الاعلی اس کے آسمان بھر کر اور زمین بھر کر حقدار ہیں۔نمبر۶۔قمری بولی تو آپ نے فرمایا۔یہ کہتی سبحان ربی الاعلیٰ۔نمبر۷۔چیل چیخی تو آپ نے فرمایا یہ کہتی ہے۔ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے۔نمبر۸۔کونج بول اٹھی تو آپ نے فرمایا یہ کہتی ہے۔جو خاموش رہا وہ بچ گیا۔نمبر۹۔مرغ نے اذان دی تو آپ نے فرمایا یہ کہتا ہے۔اے غافلو اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔نمبر۱۰۔گدھ چیخا تو آپ نے فرمایا یہ کہتا ہے اے ابن آدم تو زندہ رہ لے جتنا رہنا ہے تیرا انجام موت ہے۔نمبر:۱۱عقاب بولا تو آپ نے فرمایا یہ کہتا ہے۔لوگوں سے دوری میں مایوسی ہے۔نمبر:۱۲مینڈک ٹرایا تو آپ نے فرمایا یہ کہتا ہے پاکیزگی والا میرا رب سبحان ہے۔

وَ اُوْتِیْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ (اور ہمیں سب کچھ دیا گیا)۔اس سے مراد ان چیزوں کی کثرت بیان کرنا ہے جو ان کو عنایت کی گئیں۔جیسا کہتے ہیں۔فلان یعلم کل شئی۔اور اس کی مثل یہ ارشاد ہے۔و اوتیت من کل شئی۔النمل۔۲۳

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِیْنُ (بیشک یہ البتہ کھلا ہوا فضل ہے)۔یہ بات بطور شکر کہی۔جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انا سید ولد آدم ولا فخر۔(رواہ الحاکم) یعنی میں یہ قول بطور شکر کہتا ہوں۔بطور فخر نہیں کہتا۔علمنا و اوتینا یہ نون واحد ہی کا ہے جو مطاوعت کے طور پر لایا گیا۔آپ نے اپنے شاہانہ انداز میں اپنے اہل طاعت و رعایا کی حالت کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ الفاظ فرمائے۔اس میں تکبر کا کوئی دخل نہیں۔

(مجہول کے صیغے لا کر اشارہ کر دیا۔دینے والے اور سکھانے والے کا کمال ہے۔مترجم)

## لشکر سلیمان علیہ السلام:

۱۷۔وَحُشِرَ (اور جمع کیے گئے)۔لِسُلَیْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّیْرِ (سلیمان کے لشکر جن میں جن وانس و پرند شامل تھے)۔روایت تفسیر یہ میں ہے۔آپ کا معسکر و چھاؤنی ۱۰۰×۱۰۰ فرسخ تھا۔ان میں ۲۵ فرسخ جنات کے لئے' ۲۵ انسانوں اور ۲۵ پرندوں کے لئے تھے۔جبکہ پچیس وحشی جانوروں کے لئے تھے۔اور آپ کے لکڑی پر بنے ہوئے شیشے کے ایک ہزار مکانات تھے۔ان میں تین سو آپ کے حرم اور سات سو لونڈیاں تھیں۔اور جنات نے آپ کے لئے سونے اور ابریشم کا قالین ایک مربع فرسخ میں تیار کیا۔آپ کا منبر درمیان میں رکھا جاتا۔یہ منبر سونے چاندی کا بنا تھا۔جب آپ تشریف فرما ہوتے۔تو چھ ہزار کرسیاں سونے چاندی کی آپ کے اردگرد رکھی جاتیں۔انبیاء سنہری کرسیوں پر اور علماء فضی کرسیوں پر بیٹھتے تھے۔اور ان کے گرد لوگوں کا مجمع ہوتا اور لوگوں کے گرد شیاطین و جنات بیٹھتے۔اور پرندے اپنے پروں سے ان پر سایہ کرتے۔تاکہ دھوپ نہ لگے۔آپ تیز ہوا کو اس کے اٹھانے کا حکم دیتے اور نرم ہوا کو اس کے چلانے کا ارشاد فرماتے۔جب آسمانوں وزمین کے مابین آپ چلے جا رہے تھے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔میں نے تمہاری مملکت میں اضافہ کر دیا۔کوئی چیز جو کلام کرے گی۔اللہ تعالیٰ اس کو بذریعہ ہوا تمہارے پاس ڈال دے گا۔

حکایت میں ہے کہ: آپ کا گزر کسانوں کے پاس سے ہوا تو وہ کہنے لگے آل داؤد کو بہت بڑی مملکت ملی ہے۔ ہوا نے یہ بات آپ کے کانوں میں پہنچائی۔ آپ تخت سے اتر کر کسانوں کی طرف چل دیئے۔ اور فرمایا میں تمہارے پاس چل کر آیا تاکہ تم اللہ تعالیٰ سے ایسی چیز نہ مانگ لو جس کی طاقت نہ ہو۔ پھر فرمایا۔ آل داؤد کو جو سلطنت ملی ہے۔ ایک بار اللہ تعالیٰ کی تسبیح جن کو اللہ تعالیٰ قبول فرمالے اس سے افضل ہے۔

**فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ** (ان کو روکا جاتا تھا)۔ ان کے پہلوں کو پچھلوں کے ساتھ ملانے کے لئے روکا جاتا تھا۔ پس وہ مجتمع ہو کر چلتے اور یہ لشکر کی کثرت کو ظاہر کرتا ہے۔

**الوزع**۔ وزع روکنے کو کہتے ہیں۔ اسی سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔ **مایزع السلطان اکثر مما یزع القرآن**۔ جتنا بادشاہ لوگوں سے برائی روکتا ہے وہ اس سے زیادہ ہے جتنا لوگ قرآن سے رکتے ہیں۔

آیت ۱۸: **حَتّٰى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ** (یہاں تک کہ ان کا گزر ایک چیونٹیوں کی وادی سے ہوا)۔ یہ شام کی وادی ہے جہاں چیونٹیاں کثرت سے پائی جاتی ہیں۔ اتی کا فعل علی سے متعدی کیا گیا ہے کیونکہ آپ کا گزر تو تخت پر ہوا تھا۔ اسی لئے استعلاء کا حرف لایا گیا۔

## چیونٹی کا واقعہ:

**قَالَتْ نَمْلَةٌ** (ایک چیونٹی نے کہا)۔ یہ لنگڑی تھی جس کا نام طاحیہ تھا یا منذرہ تھا۔ قول قتادہ! وہ کوفہ میں داخل ہوئے تو ہر طرف سے لوگ ان کو لپٹ گئے۔ قتادہ نے کہا۔ جو چاہو سوال کرو۔ ابوحنیفہ نے جو جوان تھے سوال کیا کہ سلیمان کی چیونٹی مذکر تھی یا مؤنث۔ وہ لاجواب ہوگئے۔ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا وہ مؤنث تھی۔ ان سے پوچھا گیا تمہیں یہ کہاں سے معلوم ہوا۔ تو انہوں نے کہا۔ اس ارشاد الٰہی سے۔ قالت نملة۔ اگر مذکر ہوتی تو کہا جاتا قال نملة۔ اور اس کی وجہ یہ ہے نملة کا لفظ حمامة کی طرح ہے۔ جس کا اطلاق مذکر و مؤنث ہر دو پر ہوتا ہے ان کے درمیان علامت سے فرق کیا جاتا ہے۔ جیسے کہتے ہیں حمامة ذکر حمامة انثی۔ نملة کا لفظ بھی اسی طرح ہے۔

**يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ** (اے چیونٹیوں تم اپنے گھروں میں داخل ہو جاؤ)۔ یہاں ادخلن نہیں کہا کیونکہ جب چیونٹی کو قائلہ قرار دیا۔ اور چیونٹیوں کو مخاطبین بنایا تو عقلاء کی طرح ان کا خطاب بھی قرار دیا گیا۔ **لَا يَحْطِمَنَّكُمْ** (تمہیں نہ مٹادیں)۔ توڑ دیں۔ **الحطم**۔ توڑنا یہ نہی جملہ مستانفہ ہے۔ یہ ظاہر میں سلیمان علیہ السلام کو روندنے سے روکا ہے۔ مگر حقیقت میں ان کو رکنے اور باہر نکلنے کی ممانعت کی جارہی ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں۔ لا ارینّك ھٰھنا۔ یعنی تو اس جگہ مت آ۔ ایک قول یہ ہے۔ یہ جواب امر ہے۔ مگر یہ قول ضعیف ہے۔ نون تاکید اس کا انکار کر رہی ہے۔ کیونکہ یہ ضرورت شعر میں سے ہے۔ **سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ** (سلیمان اور اس کا لشکر)۔ ایک قول یہ ہے۔ اس نے کہنا چاہا لا یحطمنکم جنود سلیمان۔ مگر اس سے زیادہ بلیغ جملہ وہ لائی۔ **وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ** (اور ان کو معلوم نہیں)۔ کہ تم یہاں رہتی ہو یعنی اگر وہ جان لیں تو ایسا نہ کریں۔ اس نے معذرت کے طور پر سلیمان اور ان کے لشکر کے عدل کی تعریف کی۔ سلیمان علیہ السلام نے اس کا یہ قول تین میل دور سے سن لیا۔

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ۝٢٠ لَاُعَذِّبَنَّهٗ

اور سلیمان نے پرندوں کی حاضری لی تو کہا کیا بات ہے جو میں ہد ہد کو نہیں دیکھ رہا ہوں، کیا وہ کہیں غائب ہے؟ میں اسے ضرور ضرور سخت سزا دوں

عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝٢١ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ

گا یا ضرور ضرور اسے ذبح کر دوں گا، یا یہ بات ہو کہ وہ میرے سامنے کوئی صریح دلیل لیکر آئے، پھر تھوڑی ہی دیر گزری تھی

فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ۝٢٢ اِنِّيْ وَجَدْتُّ

کہ ہد ہد نے کہا کہ میں ایسی چیز کی خبر لایا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں اور آپ کے پاس ملک سبا کی ایک یقینی خبر لایا ہوں بے شک میں نے ایک عورت کو

امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ۝٢٣

پایا جو ان پر بادشاہت کرتی ہے اور اسے ہر چیز دیدی گئی ہے، اور اس کے لئے ایک بڑا تخت ہے،

۱۹: فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا (اس کی بات پر آپ نے تبسم کیا ہنستے ہوئے)۔ اس کی احتیاط پر تعجب کرتے ہوئے اور اپنی مصلحت کو صحیح جانچ لینے اور چیونٹیوں کو نصیحت کرنے پر متعجب ہوئے۔ نمبر۲۔ ظہور عدل پر خوشی کا اظہار کیا۔ ضاحکًا۔ یہ تاکیدی حال ہے کیونکہ تبسم ضحك کے معنی میں ہے۔ اور انبیاء علیہم السلام کا اکثر ضحک تبسم ہی ہوتا ہے۔ زجاج نے اسی طرح کہا ہے۔

## دعائے سلیمانی:

وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ (اور کہا اے میرے رب تو مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکریہ ادا کروں جو آپ نے مجھ پر فرمائی ہیں)۔ اوزعنی کا معنی مجھے الہام فرما۔ اور حقیقت میں اس کا معنی یہ ہے۔ تو مجھے ہر چیز سے روک دے سوائے اپنی نعمتوں پر شکریہ کے۔ انعمت علی سے نبوت' بادشاہت' علم مراد ہے۔ وَعَلٰى وَالِدَيَّ (اور میرے والدین پر) کیونکہ والدین پر انعام اولاد پر احسان ہے۔ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ (اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جو تجھے پسند ہوں)۔ اپنی بقیہ زندگی میں۔ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ (اور تو مجھے اپنی رحمت سے داخل فرما۔) یعنی جنت میں داخل فرما۔ برحمتك کا لفظ لا کر بتلایا کہ محض اپنی رحمت سے نہ کہ میرے عمل صالح سے۔ اسلئے کہ کوئی رحمت الٰہی کے بغیر جنت میں نہیں جا سکتا۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے۔ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ (اپنے نیک بندوں میں)۔ اپنے انبیاء مرسلین کے زمرہ میں۔ نمبر۲۔ اپنے صالح بندوں میں۔

روایت تفسیر یہ ہے کہ چیونٹی نے لشکروں کی آواز محسوس کی۔ اس کو معلوم نہ تھا کہ یہ لشکر ہوا میں ہیں۔ سلیمان علیہ السلام نے ہوا کو رکنے کا حکم دیا۔ تا کہ وہ خوف زدہ نہ ہوں۔ یہاں تک کہ وہ اپنے مکانات میں داخل ہو گئیں۔ پھر آپ نے یہ دعا کی۔

## واقعۂ ہد ہد:

آیت ۲۰: وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ (اور آپ نے پرندوں کو طلب کیا)۔ پس فرمایا۔ مجھے ہد ہد دکھائی نہیں دیتا۔ قراءت: مَالِيَ مکی'

علی، عاصم نے نصب سے پڑھا جبکہ دیگر قراء نے سکون یاء سے پڑھا ہے۔ التفقد اس چیز کو ڈھونڈنا جو تم سے غائب ہو۔ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ (میں ہدہد کو نہیں دیکھتا یا وہ غائب ہونے والوں میں سے ہے)۔ ام۔ یہاں بل کے معنی میں ہے۔ آپ نے پرندوں کا معاینہ کیا تو ہدہد کو نہ پایا۔ تو آپ نے فرمایا۔ وہ مجھے کیوں نظر نہیں آ رہا۔ مطلب یہ ہے۔ وہ اس لئے نظر نہیں آ رہا کہ کسی روک نے اس کو چھپا ڈالا۔ نمبر۲۔ یا کوئی دوسری صورت ہے۔ پھر آپ کو واضح ہو گیا کہ وہ واقعی غائب ہے۔ پس اس بات سے اعراض کرتے ہوئے فرمایا بلکہ وہ تو غائب ہے۔ بیان کیا گیا کہ جب سلیمانؑ نے حج کیا۔ تو آپ یمن کی طرف سے نکلے۔ آپ کا گزر صنعاء کے زمانہ زوال میں ہوا۔ آپ صنعاء میں اتر کر نماز ادا فرمانے لگے۔ مگر انہوں نے پانی نہ پایا۔ ہدہد آپ کا کنواں انجیئر تھا۔ وہ پانی زمین کے نیچے دیکھ پاتا ہے۔ جیسا کہ شیشے میں پانی نظر آتا ہے۔ شیاطین کھود کر جلد پانی نکال لیتے۔ آپ نے اسی لئے اسکو تلاش فرمایا۔

## ایک تذکرہ:

ایک تذکرہ یہ بھی ہے کہ سلیمانؑ کے سر پر سورج کی ایک لپٹ پہنچی آپ نے دیکھا تو ہدہد کی جگہ خالی تھی۔ آپ نے پرندوں کے راہنما کو بلایا اور وہ گدھ تھا۔ اس سے پوچھا تو اس نے کہا مجھے علم نہیں۔ پھر پرندوں کے سردار کو کہا اور وہ شاہین ہے کہ اس کو میرے پاس لے آؤ وہ اڑا اور نگاہ ڈالی تو ہدہد آ رہا تھا۔ پس اس نے اس کو پکڑنے کا قصد کیا تو ہدہد نے اس کو اللہ تعالیٰ کی قسم دی جس کی وجہ سے باز اس سے باز رہا۔ جب سلیمان علیہ السلام کے قریب آیا تو اپنی دم جھکا لی۔ اور دونوں بازوؤں کو زمین پر کھینچنے اور کہنے لگا۔ اے اللہ کے پیغمبر: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنے کھڑے ہونے کو یاد کر۔ اس پر سلیمان علیہ السلام کانپ گئے اور اس کو معاف کر دیا۔

۲۱: لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا (میں اس کو عذاب دونگا)۔ اس کے بال و پر نوچ ڈالے جائیں گے اور اس کو دھوپ میں ڈال دیا جائے گا۔ نمبر۲۔ اس کے اور اس کے مالوفات کے درمیان تفریق کر دی جائے گی۔ اس کو اپنے ہجولیوں کا خادم بنا دیا جائے گا اور سربراہی اس سے چھین لی جائے گی۔ نمبر۳۔ اس کے مخالفین کے ساتھ جیل میں ڈال دیا جائے گا۔

بعض کا قول ہے۔ اضیق السجون معاشرة الاضداد۔ سب سے تنگ قیدی جو مخالفین کے نرغہ میں رہے۔

نمبر۴۔ پنجرے میں ڈال دیا جائے گا۔ نمبر۵۔ چیونٹیوں کے سامنے اس کو ڈال دیا جائے گا تاکہ وہ اس کو کھا لیں۔

**مَسْئَلَۃ**: سلیمان علیہ السلام کو جائز تھا کہ وہ مصلحت کی بناء پر ہدہد کو سزا دیں۔ جیسا کہ کھانے کی غرض سے پرندوں کو کھانا جائز ہے۔ اسی طرح دیگر منافع حاصل کرنے کے لئے بھی ذبح جائز ہے۔ جب پرندے ان کے لئے مسخر کیے گئے تھے تو سیاست و تادیب کے لئے ان کو سزا دینا درست تھا ورنہ تسخیر ہی کامل نہ ہوتی۔

اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ (یا میں ضرور اس کو ذبح کر ڈالوں گا یا وہ ضرور میرے پاس لے آئے)۔

لیاتینی کی نون ثقیلہ ہے تاکہ اس میں اور لاعذبنہ میں مشاکلت پیدا ہو جائے۔ اور ایک نون کو تخفیف کیلئے حذف کیا گیا ہے۔

قراءت: مکی نے دونوں سے لیاتیننی پڑھا۔ اول نون تاکید اور دوسری نون عماد ہے۔

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ (واضح دلیل کے ساتھ)۔اپنی غیر موجودگی کی ایسی دلیل جس میں اس کا عذر ظاہر ہو۔

## ایک اشکال:

آپؑ نے تین باتوں میں سے ایک پر قسم اٹھائی۔ پہلی دو تو آپ نے کیں اور اس میں بات کی گنجائش نہیں مگر تیسری تو ہدہد نے کی اور یہی قابل اشکال ہے۔ کیونکہ ان کو یہ کس طرح معلوم ہوا کہ وہ دلیل پیش کر دے گا اور آپ نے یہاں تک فرمادیا۔ لیأتینی بسلطان؟

**جواب**: ان کے کلام کا معنی یہ ہے کہ ان میں سے ایک کام ضرور ہوگا۔ یعنی اگر دلیل لے آئے گا تو سزا نہ ہوگی۔ نہ ذبح اور اگر وہ نہ ہوئی تو پھر ان میں سے ایک ہوگی۔ عقلاً تو اس میں کوئی دعویٰ نہیں۔

آیت ۲۲: فَمَكَثَ (پس ٹھہرا)۔ ہدہد سلیمان علیہ السلام کی پڑتال کے بعد۔ قراءت: عاصم، سہل، یعقوب کے علاوہ دیگر قراء نے کاف کا ضمہ پڑھا ہے۔ غَيْرَ بَعِيْدٍ (تھوڑی دیر)۔ یعنی مکثا غیر طویل۔ زیادہ طویل ٹھہراؤ نہ تھا۔ نمبر۲۔ غیر زمان بعید۔ دور زمانہ نہ تھا جیسا کہ کہتے: عن قریب۔

اس کے ٹھہرنے کو مدت قلیلہ سے بیان کیا کیونکہ خوف سلیمانی اس کے اسراع کی دلالت ہے۔ جب وہ لوٹ کر آیا آپ نے زمانہ غیبوبت کی تفصیل دریافت کی۔ فَقَالَ اَحَطْتُّ (میں نے آپ کی اطراف سے کچھ معلومات کیں)۔ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ (جو آپ کو نہیں)۔ اس نے سلیمان علیہ السلام سے ان کے علم کی آزمائش کے لئے یہ بات کی باوجودیکہ سلیمان علیہ السلام کو نبوت کی فضیلت اور بیشمار علوم دیئے گئے تھے۔

**مَسْئَلَة**: اس میں روافض کے اس قول کی تردید ہے کہ امام پر کوئی چیز مخفی نہیں ہوتی اور اسکے زمانہ میں اس سے بڑا علم والا کوئی نہیں ہوتا۔

وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ (اور میں ملک سبا کی ایک یقینی خبر لایا ہوں)۔ قراءت: ابوعمرو نے سبأ کو غیر منصرف پڑھا۔ اور اس کو قبیلہ کا نام قرار دیا یا شہر کا نام۔ اور دیگر قراء نے تنوین سے پڑھا ہے اور اس کو خاندان کا نام یا باپ کا نام بتلایا ہے۔

النبأ۔ عظیم الشان خبر۔ یہ الفاظ من سبأ بنبأ۔ خوبصورت ترین کلام ہے۔ اس کو بدیع کہا جاتا ہے۔ یہ لفظ بھی عجیب و خوبصورت ہے۔ اور معنی کے لحاظ سے بھی۔ نمبر۱۔ توجہ فرمائیں بنبأ کی بجائے بخبر ہوتا تو معنی صحیح ہوتا۔ مگر نبأ تو اس کے بالمقابل اصح ہے اور وصف حالی میں اس کے مناسب ہے۔

۲۳: اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً (میں نے پائی ایک ایسی عورت جو سبا پر حکمرانی کرتی ہے)۔

## بلقیس کا سلسلۂ نسب:

وہ بلقیس بنت سراحیل ہے۔ اسکا والد یمن کا بادشاہ تھا۔ اسکے چالیس آباء بادشاہ ہوئے۔ اسکا اپنا کوئی بیٹا نہ تھا۔ فقط یہی بیٹی تھی۔ یہ بادشاہت پر قابض ہوگئی۔ یہ اور اس کی قوم مجوسی، سورج کے پجاری تھے۔ تَمْلِكُهُمْ (ان کی حکمران ہے)۔ سبأ کی طرف تملکھم کی ضمیر بتاویل قوم ہے یا اہل المدینہ کی تاویل میں ہے۔ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ (اور اس کو سب کچھ دیا گیا ہے)۔

**نَحو**: اوتیت حال ہے۔ اور قد مقدرہ ہے۔ من کل شئی سے وہ اسباب دنیا مراد ہیں جو اسکے حال کے ساتھ مناسبت رکھتے تھے۔

وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ (اس کا تخت بہت بڑا ہے)۔ عرش بمعنی تخت اور عظیم بڑا کے معنی میں ہیں۔

**ایک قول:** یہ اسی ہاتھ مربع تھا۔اور اسی ہاتھ اونچا تھا۔ یہ سونے چاندی سے بنا تھا۔قسم قسم کے جواہرات اس پر جڑاؤ کیے گئے تھے۔ اس کے پائے سرخ وسبز یاقوت اور موتی اور زمرد کے بنے ہوئے تھے۔اور اس پر سات کمرے تھے ہر کمرے کا دروازہ بند تھا۔اس نے اس کی حالت کو سلیمان کی حالت کے مقابلہ میں چھوٹا قرار دیا اور اس کے تخت کو بہت بڑا۔اسی کو اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام سے مصلحت کی بناء پر مخفی رکھا۔جیسا کہ یوسف علیہ السلام کی جائے رہائش یعقوب علیہ السلام پر مخفی رکھی۔

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ

میں نے اسے اور اس کی قوم کو اس حالت پر پایا کہ وہ اللہ کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کے اعمال کو مزین کر دیا ہے سو اس نے انہیں راہ سے

السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ

ہٹا دیا لہٰذا وہ ہدایت نہیں پاتے، وہ اللہ کو سجدہ نہیں کرتے جو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو

وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

نکالتا ہے اور وہ ان چیزوں کو جانتا ہے جنہیں تم چھپاتے ہو اور ظاہر کرتے ہو، اللہ ہے جس کے سوا کوئی بھی معبود نہیں وہ عرش عظیم کا

السجدة ٨

الْعَظِيْمِ ۩ ﴿٢٦﴾ قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا

رب ہے، سلیمان نے کہا ہم عنقریب دیکھتے ہیں کہ تو نے سچ کہا یا تو جھوٹوں میں سے ہے، میرا یہ خط لیجا

فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ

اور اسے ان کے پاس ڈالدے پھر ہٹ جانا، پھر دیکھنا کہ وہ کیا بات چیت کرتے ہیں، کہنے لگی کہ اے دربار والو میرے پاس ایک خط ڈالا

ع ۲ ١٧ ١٧

اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ

گیا ہے جو عزت والا خط ہے، بے شک وہ خط سلیمان کی طرف سے ہے اور اس میں یہ ہے کہ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن ہے رحیم ہے، تم لوگ میرے مقابلہ میں بڑائی نہ جتاؤ

وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا

اور میرے پاس فرماں بردار ہو کر آجاؤ کہنے لگی اے دربار والو تم میرے معاملہ میں مجھے مشورہ دو میں کسی بات کا قطعی فیصلہ نہیں کرتی

حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ

جب تک کہ تم میرے پاس موجود نہ ہو، وہ کہنے لگے کہ ہم طاقت والے ہیں اور سخت لڑائی والے ہیں اور تمہیں اختیار ہے

فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا

سو تم دیکھ لو کیا حکم کرتی ہو، کہنے لگی کہ بلاشک بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے خراب کر دیتے ہیں،

وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ

اور جو اس کے رہنے والے باعزت ہوتے ہیں انہیں ذلیل بنا دیتے ہیں اور یہ لوگ بھی ایسا ہی کریں گے، اور میں ان کی طرف ایک ہدیہ بھیجتی ہوں

فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ

پھر دیکھتی ہوں کہ بھیجے ہوئے لوگ کیا جواب لیکر واپس ہوتے ہیں، سو جب وہ قاصد سلیمان کے پاس پہنچا تو سلیمان نے کہا کیا تم لوگ مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو سو اللہ نے جو کچھ

اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ

مجھے دے رکھا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تم کو دیا ہے بلکہ بات یہ ہے کہ تم اپنے ہدیہ پر خوش ہوتے ہو، تو ان لوگوں کے پاس لوٹ جا ہم ان پر ایسے لشکر بھیجتے ہیں

لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾

کہ وہ لوگ ان کا مقابلہ نہ کر سکیں گے اور ہم انہیں وہاں سے ذلیل کر کے نکال دیں گے،

## ہدایت سے عاری قوم:

۲۴:وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ (میں نے اس کواور اس کی قوم کوسورج کے سامنے اللہ تعالیٰ کوچھوڑ کر سجدہ کرتے دیکھااور شیطان نے ان کے اعمال کوان کے سامنے مزین کر کے ان کوراہ سے روک دیا)۔السبیل سے راستۂ توحید مراد ہے۔فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ (پس وہ ہدایت نہیں پاتے) راہ حق کی طرف۔اور ہدہد سے یہ بعید نہیں کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی معرفت کا راستہ پالیا۔اور سجدہ کا وجوب اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے اور سورج کے لئے سجدہ کی حرمت اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام کی گئی ہو جیسا کہ کئی دیگر پرندوں کوایسی لطیف معرفتیں اس کی طرف سے الہام کی جاتی ہیں۔جن کے متعلق بڑے عقلاء کی عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں۔

۲۵:اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ (کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کوسجدہ نہیں کرتے)۔ نحو :نمبرا۔الاتشدید کے ساتھ۔تقدیر عبارت اس طرح ہے فصدهم عن السبيل لئلا يسجدوا۔اَنْ کے ساتھ حرف جار کوحذف کر کے نون کولام میں ادغام کردیا گیا۔نمبر۲۔لا زائدہ بھی ہوسکتا ہے۔اور معنی یہ ہوفهم لا يهتدون ان يسجدوا۔وہ سجدہ کی طرف راہ نہیں پاتے۔نمبر۳۔اَلَا کو یزید وعلی نے تخفیف کے ساتھ پڑھا۔تقدیر عبارت یہ ہے۔الا يا هؤلاء اسجدوا۔پس الاحرف تنبیہ اور یاءحرف نداء ہےاور اس کا منادی محذوف ہے۔اوراس صورت میں فهم لا يهتدون پروقف ہوگا۔اور جنہوں نے تشدید سے پڑھا۔جیسا پہلی دوصورتوں میں ہے۔انہوں نے العرش العظیم پروقف کیا۔اور تخفیف والوں نے فهم لا يهتدون پروقف کیا پھر ابتداءالا اسجدوا سے کی۔سجدہ تلاوت ان دونوں قراءتوں میں واجب ہے۔بخلاف زجاج کے وہ کہتے ہیں تشدید کے صورت میں سجدہ لازم نہیں۔نمبرا۔کیونکہ سجدہ کے مقامات پر یاتو سجدہ کا حکم دیا جاتا ہے۔نمبر۲۔یا پھر سجدہ کرنے والے کی مدح وتعریف کی جاتی ہے۔نمبر۳۔چھوڑنے والے کی مذمت کی جاتی ہے۔اور دونوں میں سے ایک قراءت امر ہےاور دوسری چھوڑنے والے کے لئے مذمت ہے۔

الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ (اس اللہ تعالیٰ کے لئے جو پوشیدہ چیزوں کونکالتا ہے)۔الخبأ مصدر ہے۔اسم مفعول کومصدر سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (آسمانوں وزمین میں)۔بقول قتادہ: آسمان کی مخفی چیز سے بارش اور زمین کی مخفی چیز سے نباتات مراد ہیں۔وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ (اور وہ جانتا ہے ان باتوں کو جوتم ظاہر کرتے ہواور جوتم چھپاتے ہو)۔قراءت:ان دونوں میں تاعلی اور حفص کی قراءت ہے۔جبکہ حمزہ نافع ابوعمرو وغیرہ نے یاء کے ساتھ پڑھا ہے۔

۲۶:اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے)۔ہدہد نے بطور تعظیم کے عرش الٰہی کی عظیم کے ساتھ صفت ذکر کی۔اس عظیم سے مراد آسمان وزمین اور تمام مخلوقات کے مقابلہ میں عظیم ہونا مراد ہے۔جبکہ ملکہ بلقیس کے تخت کی بھی عظیم کے ساتھ صفت بیان کی مگر وہاں عظیم سے مراد اس کے ہم جنس بادشاہوں کے تختوں کے مقابلہ میں بڑا ہونا مراد ہے۔یہاں تک ہدہد کا کلام ہے۔

۲۷:جب وہ اپنی گفتگو سے فارغ ہوا تو قَالَ (سلیمان علیہ السلام نے ہدہد کوفرمایا)۔سَنَنْظُرُ (عنقریب ہم دیکھیں گے) یہ نظر بمعنی تامل کے لئے یعنی ہم غور کریں گے۔اَصَدَقْتَ (کیا تم سچے ہو)۔اس خبر میں جوتم نے دی ہے۔اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (یا تم

جھوٹوں میں سے ہو)۔ یہ کلام ام کذبت کی بنسبت زیادہ فصیح ہے۔ نمبرا۔ کیونکہ جب وہ جھوٹوں کی فہرست میں شامل ہو جائے گا تو لامحالہ اس کا جھوٹا ہونا ثابت ہو جائے گا اور جب وہ جھوٹا ہوگا تو جو وہ اطلاع دے گا اس پر جھوٹے ہونے کا احتمال ہوگا اور وہ قابل اعتماد شمار نہیں ہوگا۔

## خطِ سلیمانی:

پھر سلیمان علیہ السلام نے اس انداز سے خط لکھا **من عبداللّٰہ سلیمان بن داؤد الی بلقیس ملکۃ سبا بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم السلام علی من اتبع الھدٰی امابعد فلا تعلوا علی و اتونی مسلمین** اور کستوری سے اس کو بند کر کے اس پر اپنی مہر لگائی اور ہدہد کو کہا۔

۲۸: اِذْهَبْ بِّكِتٰبِیْ هٰذَا فَاَلْقِهْ (میرا یہ خط لے جاؤ اور اس کو ڈال دو)۔

قراءت: **القہ**۔ ہاء کے سکون کے ساتھ بطور تخفیف ابوعمرو٬ عاصم اور حمزہ نے پڑھا اختلاس کسرہ کے ساتھ تاکہ یائے محذوفہ پر دلالت کرے یزید قالون اور یعقوب نے پڑھا ہے فَاَلْقِهِیْ یاء کے اثبات کے ساتھ دیگر قراء نے نمبرا۔ **(فالقھی)** پڑھا ہے۔ اِلَیْهِمْ (یعنی بلقیس اور قوم بلقیس کی طرف)۔ یہاں بھی ضمیر مذکر اور جمع کی لائی کیونکہ ہدہد نے اپنے قول میں اسی طرح ذکر کیا **وجدتھا وقومھا یسجدون للشمس**۔[النمل:۲۴] اسی لئے خط میں خطاب کی بنیاد جمع کے لفظ کے ساتھ لائی گئی۔ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ (پھر الگ ہو جاؤ تم ان سے)۔ کسی ایسے مقام میں جو بالکل قریب ہو کہ تم ان کو دیکھ سکو اور وہ تمہیں نہ دیکھ پائیں۔ تاکہ تم ان باتوں کو سن سکو جو وہ کہیں۔ فَانْظُرْ مَا ذَا یَرْجِعُوْنَ (پس دیکھ لو وہ کیا جواب دیتے ہیں)۔

## ہدہد کی پیغام رسانی:

۲۹: ہدہد نے وہ خط لے کر اپنی چونچ میں سنبھالا اور ایک روشن دان سے اس کے پاس داخل ہوا اور خط کو اس کے سینے پر ڈال دیا جبکہ وہ سو رہی تھی اور روشن دان میں جا چھپا۔ وہ اچانک بیدار ہوئی یا وہ ہدہد پہنچا۔ جبکہ لشکر اس ملکہ کے اطراف میں موجود تھے وہ کچھ دیر ست یا پھر خط اس کی گود میں ڈال دیا اور وہ پڑھی لکھی تھی جب اس نے مہر کو دیکھا تو اپنی قوم کو کہنے لگی یہ خط جھکا دینے والا اور ڈرا دینے والا ہے۔ قَالَتْ (تو کہنے لگی)۔ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّیْٓ اُلْقِیَ اِلَیَّ كِتٰبٌ كَرِیْمٌ (اے سردارو! بے شک میری طرف ایک معزز خط ڈالا گیا ہے)۔

## کتابِ کریم کا مضمون:

قراءت: **انی** کو مدنی نے یاء کے فتحہ کے ساتھ پڑھا ہے اس خط کو کریم کہا گیا اس کے مضمون کی خوبی کی وجہ سے یا مہر کی وجہ سے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ **کرامۃ الکتٰب ختمہ**۔ خط کی عظمت اس کی مہر میں ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ جس نے کوئی خط لکھا اور اس نے مہر نہ لگائی تو اس نے اس کی توہین کی یا خط کو کریم اس لئے کہا کہ وہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سے شروع ہونے والا تھا یا اس لئے کہ وہ ایک معزز بادشاہ کا خط تھا۔

۳۰: اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (کہ یہ سلیمان علیہ السلام کی طرف سے ہے اور اس کا مضمون بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے شروع ہوتا ہے)۔ یہ درحقیقت جو خط اس کی طرف پہنچا تھا اس کی وضاحت ہے گویا کہ جب اس نے یہ کہا انی القی الی کتب کریم۔ تو اسے کہا گیا کہ وہ خط کس کی طرف سے ہے اور اس کا کیا مضمون ہے تو وہ کہنے لگی انه من سلیمان و انه کیت و کیت۔ یعنی وہ ایسے ہے۔

۳۱: اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ (کہ تم بڑے مت بنو اور تکبر مت کرو)۔ جس طرح کہ بادشاہ کیا کرتے ہیں۔ ان یہاں مفسرہ ہے جیسا کہ اس قول میں و انطلق الملا منهم ان امشوا سورۂ ص آیت نمبر ۶۔ یعنی ای امشوا۔ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ (اور تم میرے پاس فرمانبردار ہو کر آ جاؤ) اور اطاعت گذاروں کے معنی میں ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے خطوط ایجاز و اختصار کا نمونہ ہوتے ہیں۔

۳۲: قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ (اس نے کہا اے سردارو! میرے معاملہ میں مجھے مشورہ دو)۔ یعنی اب پیش آنے والے معاملہ میں مشورہ دو۔

## ملکہ کی مشاورت:

الفتوای: حادثے کے جواب کو کہا جاتا ہے۔ یہ الفتاء فی السن سے بطور استعارہ مشتق کیا گیا ہے اور یہاں فتوی سے مراد اپنی رائے سے مشورہ دینا ہے اور اس کا مقصد یہ ہے تاکہ ان سے مشورہ لے کہ ان کے دل خوشی سے اس کی طرف مائل ہو جائیں اور وہ بھی اس کے شانہ بشانہ کھڑے ہو جائیں۔ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا (اور میں کسی بات کا قطعی فیصلہ نہیں کرتی)۔ قاطعۃً کا یہاں معنی فاصلۃ ہے یا حکم دے ڈالنا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ (جب تک کہ تم میرے پاس موجود نہ ہو)۔ قراءت۔ نون کے کسرہ کے ساتھ فتحہ پڑھنا اس میں لحن ہے کیونکہ نون مفتوح رفع کے مقام پر ہوتی ہے اور یہ مقام نصب ہے۔ یہ اصل میں تَشْهَدُوْنَنِيْ ہے۔ پہلی نون کو نصب کی وجہ سے حذف کیا اور یاء کو اس لئے حذف کیا کہ کسرہ اس پر دلالت کر رہا ہے۔ یعقوب نے وصل و وقف میں یاء کے ساتھ پڑھا ہے۔

معنی آیت کا یہ ہے کہ: یہاں تک کہ تم میرے پاس موجود نہ ہو یا مجھے مشورہ نہ دے دو اور اس بات کی درستی پر گواہ نہ بن جاؤ۔ مطلب یہ تھا میں تمہاری موجودگی کے بغیر کسی معاملے کو طے نہیں کرتی۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کو مشورہ دینے والوں کی تعداد تین سو تیرہ آدمی تھے۔ جن میں سے ہر ایک دس ہزار پر نگران تھا۔

## مشورۂ جنگ:

۳۳: قَالُوْا (انہوں نے اس کے جواب میں کہا)۔ نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّ اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ (ہم بڑے طاقتور اور سخت جنگجو ہیں)۔ قوۃ سے ان کی مراد آلات اور اجسام کی قوت تھی۔ اور بأس سے مراد لڑائی کے وقت آزمائش اور شدت شجاعت تھی۔ وَالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ (اب اختیار تیرے ہاتھ میں ہے آپ خود ہی غور کر لیں۔ جو آپ حکم دیں)۔ یعنی حکم تمہارے سپرد ہے ہم تمہاری اطاعت کرنے والے ہیں۔ پس تم ہمیں حکم دو ہم اس کو مانیں گے تیری مخالفت ہرگز نہیں کریں گے گویا ان سب نے لڑائی کا مشورہ دیا۔ نمبر ۲۔ یا ان کی مراد یہ تھی کہ ہم جنگجو ہیں ہم مشورہ دینے والوں کی اولاد نہیں تو خود ذی رائے

اور ذی تدبیر ہے اس لئے تو غور کر لے تو کیا رائے دینا چاہتی ہے ہم تیری رائے کی اتباع کریں گے۔ جب ملکہ بلقیس نے ان کا میلان لڑائی کی طرف پایا تو وہ مصالحت کی طرف مائل ہوئی اور جواب کو ترتیب دیا۔ اس سے پہلے جو بات انہوں نے ذکر کی اس کو فضول قرار دیا اور ان کی غلطی اس میں یہ کہتے ہوئے واضح کی۔

## مزاجِ شاہان:

۳۴: قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً (کہنے لگی کہ بادشاہ کسی بستی میں جب داخل ہوتے ہیں) یہاں داخلے سے زبردستی غلبے سے داخل ہونا مراد ہے۔ اَفْسَدُوْهَا (وہ اس کو اجاڑ دیتے ہیں)۔ وَجَعَلُوْا اَعِزَّةَ اَهْلِهَا اَذِلَّةً (اور وہاں کے معزز باشندوں کو ذلیل کر دیتے ہیں یعنی معززین کو ذلیل کرتے ہیں اور شرفاء کی توہین کرتے ہیں اور ان کو قتل وقید میں ڈالتے ہیں۔ پس اس نے لڑائی کے برے نتیجے کو ذکر کرتے ہوئے کہا۔ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ (اور وہ اسی طرح کیا کرتے ہیں) اس کا مقصد یہ تھا کہ یہ ان کی دوامی عادت ہے کہ جس میں تبدیلی نہیں۔ کیونکہ وہ پرانے بادشاہوں کے گھروں میں پلی تھی اور اس کے بارے میں بہت کچھ سنا اور دیکھا تھا اسی لئے اس نے اس خطرے کا احساس ان کو دلایا۔ پھر اس نے اپنی درست رائے کے مطابق ہدیے کا تذکرہ کیا۔ ایک اور قول: یہ اللہ کی طرف سے اس کے قول کی تصدیق ہے۔ ارشادِ مفسر: اس زمین میں ایک فساد پیدا کرنے والے نے اس آیت سے استدلال کیا حالانکہ جس نے کسی حرام کو جائز کیا اس نے کفر کیا۔ اگر اس نے قرآن کو بطور تحریف کے دلیل بنایا ہے تو اس نے دو کفروں کو جمع کیا۔ نمبر ۱۔ تحریف قرآن نمبر ۲۔ اباحت حرام۔

## ملکہ کی عاقلانہ رائے:

۳۵: وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ (میں ان کو ایک ہدیہ بھیجوں گی) یعنی قاصدوں کو ہدیہ دیکر بھیجوں گی۔ فَنٰظِرَةٌ (پھر دیکھوں گی)۔ پس انتظار کروں گی۔ نحو: اصل میں بما ہے کیونکہ حرف جر کے ساتھ ما استفہامیہ آئے تو الف حذف کر دیا جاتا ہے۔ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ (قاصد کیا جواب لے کر آتا ہے)۔ ان ہدیوں کی قبولیت کا یا واپس لوٹانے کا۔ کیونکہ وہ بادشاہوں کی عادت اور ہدایا کے اچھے مواقع سے واقف تھی۔ پس اگر وہ بادشاہ ہوگا تو ان کو قبول کرلے گا اور اگر وہ پیغمبر ہوا تو ان کو رد کر دے گا اور ہم سے سوائے اتباعِ دین کے کسی چیز پر راضی نہ ہوگا۔ اس نے ہدایا میں پانچ سو غلام جن کو لڑکیوں کا لباس اور زیورات پہنا کر ایسے گھوڑوں پر سوار کیا جو ریشم سے ڈھنپے ہوئے تھے اور ان گھوڑوں کی لگامیں اور کاٹھیاں سونے اور جواہرات سے مزین تھیں اور پانچ لڑکیاں جو لڑکوں کے لباس میں گھوڑیوں پر سوار تھیں۔ اور ایک ہزار سونے' چاندی کی اینٹیں اور موتی اور یاقوت کا جڑاؤ کیا ہوا تاج اور ایک ڈبیہ جس میں ایک نایاب موتی اور ایک ٹیڑھا کیا ہوا پوتھ رکھ کر بند کر دیا اور قاصد بھیجے اور ان کا نگران منذر بن عمرو کو بنایا۔ اس کی دلیل اس ارشاد میں ہے بِمَ یرجع المرسلون۔ اور اس نے ایک خط لکھا جس میں سارے ہدایا کی تفصیل تھی اور یہ کہا گیا کہ اگر آپ نبی ہیں تو لونڈیوں اور غلاموں میں امتیاز کر دیجئے اور یہ بھی اطلاع کر دیجئے کہ ڈبیہ میں کیا ہے اور موتی کے درمیان میں درست سوراخ کر دیا جائے اور پوتھ کے اندر دھاگہ ڈال دیا جائے پھر اس نے منذر کو یہ حکم دیا کہ اگر وہ تمہیں غضب ناک نگاہوں سے دیکھے تو سمجھ لینا کہ وہ بادشاہ ہے۔ ہرگز اس سے خوف زدہ نہ ہونا اور اگر تم ان کو ہشاش بشاش نرمی والا پاؤ تو وہ پیغمبر ہیں۔

## ہدہد کی آ گاہی کی صورت:

ہدہد حاضر ہوا اور سلیمان علیہ السلام کو اس ساری صورت حال سے آگاہ کیا۔ سلیمان علیہ السلام نے جنات کو حکم دیا۔ کہ وہ سونے چاندی کی اینٹیں تیار کریں۔ اور سامنے کے میدان میں جس کی لمبائی سات فرسخ ہو اس کا فرش لگا دیں اور اس میدان کے اردگرد دیوار بھی سونے چاندی کی اینٹوں کی کھینچ دیں پھر آپ نے حکم دیا کہ سمندر اور خشکی کے بہترین جانوروں کو اس میدان کے دائیں اور بائیں ان عمارتوں پر باندھ دیا جائے اور جنات کی اولاد کو حکم دیا کہ وہ اس میدان کے دائیں اور بائیں بیٹھ جائیں پھر آپ اپنے تخت پر تشریف فرما ہوئے تو تخت کے دونوں اطراف میں کرسیاں لگی ہوئی تھیں۔ شیاطین صفیں باندھے کئی فرسخ تک اور اسی طرح انسان صفیں باندھے کئی فرسخ تک اور وحشی جانور درندے اور پرندے اور کیڑے مکوڑے سب صف بستہ تھے۔ جب انہوں نے جانوروں کو سونے چاندی کی اینٹوں پر گوبر کرتے دیکھا تو ان کو اپنے ہدایا حقیر معلوم ہوئے۔ اس لئے ان کو وہیں پھینک دیا اور بڑھتے ہوئے سلیمان علیہ السلام کے جب سامنے آ کھڑے ہوئے تو آپ نے ان سب کو ہنس مکھ چہرے سے دیکھا۔ انہوں نے ملکہ کا خط حاضر خدمت کیا آپ نے فرمایا موتی کہاں ہے پھر دیمک کو حکم دیا۔ تو اس نے ایک بال پکڑ کر اس موتی میں سوراخ کر دیا اور ایک سفید کیڑے نے اپنے منہ میں دھاگہ لے کر اس یوتھ میں دھاگہ ڈال دیا پھر آپ نے پانی منگوایا۔ رنڈیاں پانی کو پہلے ایک ہاتھ میں پکڑتی پھر دوسرے پر رکھتیں اور پھر اس کو اپنے منہ پر ڈالتیں اور لڑکے اس کو جونہی پکڑتے اپنے چہرے پر ڈال لیتے ان کے درمیان بھی امتیاز کر دیا پھر سارے ہدایا کو واپس کر دیا پھر منذر کو کہا جاؤ واپس لوٹ جاؤ۔

## جوابِ سلیمان علیہ السلام تم دنیا پر اترانے والے ہو:

۳۶: فَلَمَّا جَآءَ (جب اس کا قاصد منذر بن عمرو آیا)۔ سُلَیْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ (سلیمان علیہ السلام کے پاس تو آپ نے فرمایا کیا تم مال سے میری مدد کر رہے ہو)۔ قراءت۔ تمدونن اس میں دو نون اور وصل و وقف میں باء کا اثبات مکی اور سہل نے کیا ہے مدنی اور ابوعمرو نے وصل میں ان کی موافقت کی۔ اتمدونی حمزہ اور یعقوب نے دونوں حالتوں میں پڑھا ہے جبکہ دیگر تمام قراء نے وقف اور وصل دونوں حالتوں میں بغیر یاء کے پڑھا ہے اور اس میں قاصدوں کو مخاطب کیا گیا ہے۔ فَمَآ اٰتٰنِ اللّٰهُ (جو کچھ اللہ نے مجھے دیا ہے)۔ یعنی نبوت بادشاہی اور نعمت۔ قراءت: یَ کے فتحہ کے ساتھ مدنی ابوعمرو نے اور حفص نے پڑھا ہے۔ خَیْرٌ مِّمَّآ اٰتٰکُمْ (وہ اس سے بہت بہتر ہے جو اس نے تم کو دیا ہے)۔ یعنی دنیا کی ٹھاٹھ باٹھ کی چیزیں۔ بَلْ اَنْتُمْ بِھَدِیَّتِکُمْ تَفْرَحُوْنَ (بلکہ تم تو اپنے ہدیے پر اتراتے ہو)۔ الھدیة۔ ہدیہ میں پیش کی جانے والی چیز جیسے عطیہ ہدیہ میں دی جانے والی چیز۔ ہدیے کی اضافت ہدیہ دینے والی اور جس کو ہدیہ دیا جائے دونوں کی طرف درست ہے جیسے کہتے ہیں ھذہ ھدیة فلان۔ اس سے مراد وہ چیز ہے جو اس نے ہدیہ میں دی۔ یا یوں کہتے ہیں اھدیت الیه مجھے یہ ہدیہ دیا گیا۔ اب آیت کا مطلب یہ ہوا کہ جو کچھ میرے پاس ہے وہ اس سے بہت ہی اعلیٰ ہے جو تمہارے پاس ہے وہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ دین دیا کہ جس میں اعلیٰ نصیب اور وسیع مالداری ہے اور اس نے مجھے وہ دنیا دی ہے کہ جس پر اضافہ نہیں کیا جا سکتا۔ اس لئے کس طرح میرا ہمسر مجھے مالی امداد دے سکتا ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تم لوگ ظاہری دنیا ہی کو جانتے ہو۔ اسی لئے جو تمہیں زادِ راہ یا ہدیہ دیا جائے

اس پر اترانے لگتے ہو۔ کیونکہ تمہاری ہمت اسی حد تک پہنچنے والی ہے مگر میری حالت تمہاری حالت سے مختلف ہے میں تمہاری کسی چیز پر خوش نہیں ہوسکتا سوائے ایمان کے اور اسی بات پر خوش ہوسکتا ہوں کہ تم مجوسیت کو چھوڑ دو۔

## لغوی نکتہ:

**اتمدنی بمال و انا اغنی منك** اور اسی طرح اس کو فاء یا واو کے ساتھ لانے میں فرق یہ ہے۔ کہ جب واؤ سے لاؤ گے تو مخاطبین میری مالداری سے واقف ہیں اور اس کے باوجود وہ مجھے مالی امداد دے رہے ہیں۔ اور اگر فاء کے ساتھ لائیں تو مخاطب میری مالداری کو نہیں جانتا پس میں اس کو اس وقت اطلاع دے رہا ہوں کہ مجھے تمہاری معاونت کی ضرورت نہیں۔ گویا میں اس کو اس طرح کہہ رہا ہوں۔ **انکر علیك مافعلت فانی غنی عنه**۔ جو معاملہ تم نے کیا ہے میں اس کو عجیب سمجھتا ہوں۔ مجھے اس کی ضرورت نہیں۔

پس **فما اتانی اللّٰہ** میں فاء اسی بات کو ظاہر کر رہی ہے۔ بل کو لاکر آپ نے ان کی بات سے اعراض اختیار کیا۔ اس کی وجہ یہ ہیکہ جب آپ نے ان کی امداد کو انوکھا قرار دیا اور اپنے انکار کی علت بیان کی۔ اس سے اعراض کرتے ہوئے آپ نے اس سبب کو بیان کر دیا جو اس کا باعث بنا تھا اور وہ یہی تھا کہ وہ خوشی و ناراضی کے ہدیہ والے سبب سے واقفیت رکھتے ہیں۔ جو کہ محض دنیا ہے۔ وہ اس کے سوا اور کسی سبب سے واقفیت ہی نہیں رکھتے۔

یعنی ان کی نگاہ فقط دنیا تک ہے جو کہ کوتاہ نگاہی کی علامت ہے۔

۳۷: **اِرْجِعْ** (تو لوٹ جا)۔ یہ قاصد کو خطاب ہے۔ یا ہدہد کو فرمایا۔ اگر دوسرے خط کا احتمال تسلیم کیا جائے۔ **اِلَيْهِمْ** (ان کی طرف) بلقیس اور اس کی قوم کی طرف۔ **فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا** (ہم ایسا لشکر لے کر ان پر جا پہنچیں گے جن کے مقابلہ کی ان میں طاقت نہیں)۔ القبل کی حقیقت مقابلہ و مقاومت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ ان کے مقابلہ پر قادر نہ ہونگے۔ **وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَا** اور (ہم ان کو ضرور سبأ سے نکال باہر کریں گے) **اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ** (بے عزت کر کے اور وہ ذلیل ہونگے)۔ **الذل** عزت، ملک کا چلا جانا۔ **الصغار**۔ قید و غلامی میں مبتلا ہونا۔

قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝۳۸ قَالَ عِفْرِيْتٌ

سلیمان نے کہا کہ اے درباروالو! کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے کہ اس کا تخت اس سے پہلے میرے پاس لیکر آجائے کہ وہ میرے پاس فرماں بردار ہوکر آ ئیں ، جنات میں سے

مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ۝۳۹

ایک دیو نے کہا کہ میں اسے اس سے پہلے لے آؤں گا کہ آپ اپنے مقام سے کھڑے ہوں اور بلا شبہ میں اس پر قدرت رکھتا ہوں امانت دار ہوں،

قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ

اس شخص نے کہا جس کے پاس کتاب کا علم تھا کہ میں اسے آپ کے پاس اس سے پہلے لے آؤں گا کہ آپ کی آنکھ جھپکے،

فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۖ لِيَبْلُوَنِيْۤ ءَاَشْكُرُ

سو جب اسے اپنے پاس دھرا ہوا دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ میرے رب کا ایک فضل ہے تا کہ وہ میری آزمائش کرے کہ میں شکر کرتا ہوں

اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ

یا ناشکری، اور جو شخص شکر کرتا ہے اپنی ہی جان کے لئے شکر کرتا ہے، اور جو شخص ناشکری کرے اس میں شک نہیں کہ میرا رب غنی ہے

كَرِيْمٌ ۝۴۰ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْۤ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝۴۱

کریم ہے، سلیمان نے کہا کہ اس کے لئے اس کے تخت کو بدل دو تا کہ ہم دیکھیں کہ وہ ہدایت پاتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہو جاتی ہے جو ہدایت نہیں پاتے

۳۸: جب ملکہ کی طرف اس کے قاصد اپنے ہدایا لے کر واپس آئے اور انہوں نے واقعات بیان کیے۔تو بلقیس نے کہا وہ نبی ہیں ہمیں ان کے مقابلہ کی طاقت نہیں۔ پھر اس نے اپنے تخت کو سات کمروں میں بند کر کے ان کے دروازے بند کر دیئے اور اس پر پہرہ دار مقرر کیے۔ جو حفاظت کریں اور سلیمان علیہ السلام کی طرف پیغام بھیجا کہ میں خدمت میں حاضر ہو رہی ہوں تا کہ آپ کی دعوت پر غور کروں۔اور بارہ ہزار سرداروں کی سربراہی میں روانہ ہوئی ہر سردار کے ماتحت بھی ہزاروں لوگ تھے۔ جب سلیمان علیہ السلام سے اس کا فاصلہ ایک فرسخ رہ گیا تو آپ نے فرمایا۔

اظہارِ معجزہ:

قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ (آپ نے فرمایا: اے سردارو! تم میں سے کون اس کا تخت میرے پاس لے آئے گا۔ اس سے قبل کہ وہ فرمانبردار بن کر آئے)۔نمبرا۔آپ نے یہ چاہا کہ اس کو وہ عجائبات دکھائیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ پر ظاہر فرمائے تھے۔تا کہ نبوت سلیمان علیہ السلام کے لئے وہ شاہد کا کام دیں۔اگر بلقیس کو اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کا کچھ علم تھا۔نمبر۲۔آپ نے اس تخت کو اس کے اسلام لانے سے قبل لینا چاہا کیونکہ اسلام لانے کے بعد

اس کے مال کا لینا آپ کے لئے جائز نہ تھا۔ مگر یہ قول تحقیق کے خلاف اور غلط ہے۔ نمبر۳۔ آپ نے اس کی عقل کا امتحان لینا چاہا۔ کہ آیا اس کو پہچانتی ہے یا نہیں اسی لئے اس کے جڑاؤ میں تبدیلی کرادی۔

۳۹: قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ (جنات میں سے ایک خبیث دیو نے کہا)۔ عفریت۔ خبیث سرکش کو کہتے ہیں۔ اس کا نام ذکوان تھا۔ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ (میں اس کو تمہارے پاس لاسکتا ہوں) قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ (اس سے قبل کہ آپ اپنی مجلس فیصلہ وقضاء سے اٹھیں) وَاِنِّيْ عَلَيْهِ (اور میں اس کو لانے پر) اٹھانے پر۔ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ (طاقتور امانت دار ہوں) میں اس کو اسی طرح لے آؤں گا۔ اس سے کوئی چیز کم نہ کروں گا۔ اور نہ تبدیل کروں گا۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ میں اس سے بھی جلدی چاہتا ہوں۔

## کرامت آصف خیار:

۴۰: قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ (کہا اس نے جس کے پاس کتاب کا علم تھا)۔ نمبر۱۔ وہ فرشتہ جو تقدیر کی کتاب لئے ہوئے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عفریت کی اس بات پر انا اتیك به قبل ان تقوم الایة۔ اس فرشتہ کو بھیجا۔ نمبر۲۔ جبرئیل علیہ السلام اور کتاب سے مراد لوح محفوظ ہے۔ نمبر۳۔ خضر علیہ السلام۔ نمبر۴۔ آصف بن برخیا رضی اللہ عنہ جو سلیمان علیہ السلام کے کاتب وحی تھے اور سب سے صحیح ترین قول یہی ہے اور جمہور کا یہی قول ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم جانتے تھے۔ جس سے جب دعا کی جائے تو فوراً قبول ہوتی ہے۔ اور وہ یہ ہے یاحی یا قیوم یا ذالجلال و الاکرام۔ یا اِلٰھنا و اله کل شیءٍ الھًا واحدًا۔ لا اله الا انت۔

## ایک قول یہ ہے:

وہ الہامِ الٰہی سے غیب کے مقامات اجراء کو جان لیتے۔ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ (میں اس کو تیرے پاس لے آؤں گا)۔ بِهٖ سے تخت مراد ہے۔ اتیك۔ دونوں مقام پر فعل بھی بن سکتا ہے۔ نمبر۲۔ اسم فاعل بھی بن سکتا ہے۔

قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ (اس سے قبل کہ تیری نگاہ تیری طرف لوٹ کر آئے)۔ تم اپنی نگاہ کوئی چیز دیکھنے کے لئے متوجہ کرو۔ اس کو اپنے طرف لوٹانے سے قبل تخت کو اپنے سامنے پاؤ گے۔ مروی ہے کہ آصف نے سلیمان علیہ السلام سے عرض کیا۔ آپ اپنی آنکھوں کو حد نگاہ تک دراز کریں۔ آپ نے اپنی دونوں آنکھوں کو سامنے متوجہ کیا پھر آپ نے دائیں جانب دیکھا ادھر آصف نے دعا کی تو تخت زمین کے نیچے سے حکم الٰہی کے ساتھ سلیمان علیہ السلام کے سامنے نگاہ لوٹانے سے پہلے مجلس میں ظاہر ہوگیا۔ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ (جب اس تخت کو سامنے رکھا دیکھا)۔ بلا اضطراب سامنے جما ہوا۔ قَالَ هٰذَا (تو سلیمان علیہ السلام نے کہا)۔ یعنی میرے مقصد کا حاصل ہو جانا ہے اور وہ تخت بلقیس کا لانا ہے۔ جو پلک جھپک میں حاصل ہوگیا۔ مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ (یہ میرے رب کا فضل ہے)۔ جو مجھ پر ہے اور اس کا بلا استحقاق کے احسان مجھ پر ہے۔ بلکہ یہ فضل تو عوض سے بھی خالی ہے اور غرض سے مبرا ہے۔ لِيَبْلُوَنِيْ ءَ اَشْكُرُ (تا کہ وہ میری جانچ کرے کہ میں اس کا شکریہ ادا کرتا ہوں)۔ یبلو کا معنی امتحان لینا ہے۔

## شکر کا فائدہ:

نمبرا۔اشکر سے انعام کا شکریہ مراد ہے۔اَمْ اَكْفُرُ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ (یا ناشکری کرتا ہوں اور جو شکر کرے گا وہ اپنے فائدہ کے لئے شکر کرے گا)۔ کیونکہ وہ اس شکریہ کے ذریعے اپنے فرض کی ذمہ داری اپنے سے اتار رہا ہے اور ناشکری کے نشان سے نفس کو بچاتا ہے اور شکریہ سے مزید کو حاصل کرنے والا اور نعمت کو باقی رکھنے والا ہے۔ شکریہ موجود نعمت کا بندھن اور مفقود نعمت کو شکار کرنا ہے۔

## بعض کا مقولہ ہے:

کفرانِ نعمت ہلاکت ہے۔ بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ وحشی جانور کی رسّی ڈھیلی کر دینے سے وہ اپنے مرکز پر واپس لوٹ آئے منتشر نعمتوں کو شکر سے پاس بلا اور اپنے عمدہ پڑوس سے سابقہ کو قائم رکھ اور یہ خوب سمجھ لو! کہ اللہ تعالیٰ کی ستاری کا لٹکا ہوا پردہ اٹھ جائے گا اگر تم اس کی عظمت کا خیال نہ کرو گے۔ یعنی اس کی نعمتوں کا شکریہ ادا نہ کرو گے۔

وَمَنْ كَفَرَ (جس نے ناشکری اختیار کی)۔ نعمتوں کا شکریہ ترک کر کے۔ فَاِنَّ رَبِّىْ غَنِىٌّ (پس میرا رب بے نیاز ہے)۔ شکریے سے كَرِيْمٌ (کرم کرنے والا ہے) اور جو اس کی نعمتوں کی ناشکری ہے اس پر اپنی نعمتوں سے کرم کرنے والا ہے۔

## واسطی کا قول ہے:

ہمارا شکریہ تو اپنے لئے ہوتا ہے اور اس کی طرف سے ملنے والی نعمت بھی ہمیں ہی پہنچتی ہے اور اس کا احسان و فضل ہم پر سایہ افگن ہے۔

۴۱: قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا (آپ نے فرمایا اس کا تخت تبدیل کر دو)۔ یعنی اس کے مقدم کو موخر اور اعلیٰ کو اسفل کر دو۔ نَنْظُرْ (ہم دیکھیں)۔ نَحْو: جزم کی صورت میں یہ جواب ہے۔ اَتَهْتَدِىْٓ (کیا اس کو صحیح پتہ چلتا ہے)۔ اپنے تخت کی پہچان کرنے میں موقعہ سوال پر درست جواب دینے میں۔ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ (یا اس کا شمار انہی لوگوں میں ہے جو ایسی باتوں کا پتہ نہیں لگا سکتے)۔

فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَ اُوْتِيْنَا

سو جب وہ آ گئی تو اس سے کہا گیا کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے کہنے لگی گویا یہ تو وہی ہے، اور ہمیں اس سے

الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَ كُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَ صَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

پہلے علم دیدیا گیا تھا اور ہم فرماں بردار ہو چکے ہیں، اور سلیمان نے اسے اس سے روک دیا جو وہ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتی تھی

اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

بلاشبہ وہ کافر قوم میں سے تھی، اس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جا سو جب اس نے اسے دیکھا تو خیال کیا کہ یہ گہرا پانی ہے

وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ۬ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ

اور اس نے اپنی پنڈلیاں کھول دیں سلیمان نے کہا بلاشبہ یہ ایسا ایک محل ہے جسے شیشوں سے جوڑ کر بنایا گیا ہے وہ کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار بلاشبہ میں

ع ۳ ۱۸ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾

نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں نے سلیمان کے ساتھ اللہ رب العالمین کی فرماں برداری قبول کر لی،

۴۲: فَلَمَّا جَآءَتْ (پس جب بلقیس آئی)۔ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ (اس کو کہا گیا۔ تیرا تخت اسی طرح کا ہے)۔ نحو: ھا حرف تنبیہ ہے اور کاف تشبیہ کے لئے ذا اسم اشارہ ہے۔

## عجیب سوال و جواب:

آپ نے أهكذا عرشك فرمایا۔ اهذا عرشك۔ امثل هذا عرشك نہیں فرمایا۔ تاکہ تلقین نہ بنے۔

قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ (اس نے کہا۔ گویا یہ وہی ہے) اس نے بہترین جواب دیا اور اس نے هو هو یا لیس بہ نہیں کہا۔ یہی اس کی عقل مندی کی علامت تھی۔ کہ ایسی بات کہی جس میں دونوں باتوں کا احتمال تھا۔ یا جب انہوں نے اهكذا عرشك کہہ کر اس پر معاملے کو مشتبہ کیا تو اس نے بھی اپنے قول كَاَنَّهٗ هُوَ سے ان پر بات کو مشتبہ کر دیا۔ باوجودیکہ اس کو معلوم ہو چکا تھا کہ یہ اسی کا تخت ہے۔

## ملکہ کا اعتراف:

وَ اُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا (اور ہمیں تو اس نشانی سے قبل ہی علم ہو گیا تھا)۔ یہ کلام بلقیس ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت اور آپ کی صحت نبوت کا علم گذشتہ معجزات سے ہو چکا تھا۔ تخت منگوانے والے معجزہ کے ظہور سے پہلے یا اس حالت سے پہلے۔ وَ كُنَّا مُسْلِمِيْنَ (اور ہم آپ کے فرمانبردار ہیں)۔ اور آپ کے حکم کو ماننے والے ہیں۔ نمبر۲۔ یا یہ سلیمان علیہ السلام اور آپ کے

سرداروں کا کلام ہے اور اس کا عطف و اوتینا العلم پر ہے۔یعنی ہمیں اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی ذات وصفات اور اس کی طرف سے آنے والی وحی پر اس کے علم سے پہلے ہی علم ہے۔نمبر۳۔ہمیں اس کا مسلمان ہونا معلوم ہو چکا تھا اور اس کی آمد سے قبل اس کا مسلمان ہو کر آنا معلوم ہو چکا تھا اور ہم اس کو وحدہ لاشریک ماننے والے اور اس کے سامنے جھکنے والے ہیں۔

## اسے کس چیز نے روکا:

۴۳:وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (اور سلیمان علیہ السلام نے اس کو ان معبودوں کی عبادت سے روک دیا جن کی وہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتی تھی)۔یہ سلیمان علیہ السلام کے کلام سے متصل ہے۔یعنی سلیمان علیہ السلام نے اس کو روک دیا اس علم کی بنیاد پر جو ہم نے ان کو سکھایا تھا۔یا اسلام کی طرف پیش قدمی کرنے نے اس کو سورج کی پوجا اور کفار کے مابین نشوونما سے روک دیا۔پھر کفار کے درمیان اس کا پرورش پانا واضح فرمایا۔اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ۔یا یہ ابتدائی کلام ہے۔ای قال اللّٰہ تعالٰی و صدها قبل ذلك عما دخلت فيه ضلالها عن سواء السبيل۔نمبر۳۔صدها اللّٰه۔نمبر۴۔ صدها سليمان عما كانت تعبد۔حرف جار کے حذف کو مقدر مان کر اور فعل کو ملا کر۔

۴۴۔قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ (اس کو کہا گیا تو محل میں داخل ہو)۔الصرح۔محل نمبر۲۔گھر کا صحن۔ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً (جب اس کو دیکھا تو اس کو موجیں مارنے والا پانی گمان کیا)۔لُجة۔(بڑا پانی)۔وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا (اور اس نے اپنی پنڈلیوں سے کپڑا اٹھایا)۔قراءت:مکی نے سأقيها ہمزہ سے پڑھا ہے۔

روایت تفسیر یہ میں ہے کہ سلیمان علیہ السلام نے اس کی آمد سے قبل حکم دیا کہ اس کے راستے پر سفید شیشے کا محل بنایا جائے اور اس کے نیچے پانی جاری کر دیا اور اس پانی میں مچھلیاں چھوڑ دیں اور اس کے درمیان میں اپنا تخت بچھا کر بیٹھ گئے اور پرندے اور جنات وانس آپ کے ساتھ رک گئے۔یہ فعل آپ نے اپنے معاملے کی عظمت کو بڑھانے اور نبوت کی سچائی ثابت کرنے کیلئے کیا۔

## ایک قول یہ ہے:

جنات اس سے شادی کرنا ناپسند کرتے تھے اپنے اسرار و رموز اس کے پاس رکھتے کیونکہ یہ جنیة کی بیٹی تھی۔

## ایک قول یہ ہے:

ان کو خطرہ تھا کہ اس کا ایسا لڑکا پیدا نہ ہو جو جن وانس کی فطانت کا جامع ہو۔وہ سلیمان کی بادشاہت سے نکل کر اس سے سخت بادشاہت میں نہ پھنس جائیں۔وہ سلیمان علیہ السلام کو کہنے لگے اس کی عقل میں خرابی ہے اور اس کی پنڈلیوں پر بہت بال ہیں اور اس کے پاؤں گدھے کے کھروں کی طرح ہیں۔آپ نے تخت کو تبدیل کر کے اس کی عقل کا امتحان لیا اور محل بنایا تا کہ پنڈلیوں اور پاؤں کا پتہ چل سکے۔جب اس نے پانی سمجھ کر اس میں گھسنا چاہا تو اس کی پنڈلیاں اور پاؤں لوگوں میں خوبصورت ترین تھے۔مگر ان پر بال تھے آپ نے اپنی نگاہ مبارک پھیر لی۔پھر فرمایا۔قَالَ (آپ نے اس کو فرمایا)۔اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ (بیشک یہ محل ہے بنا ہوا)۔ملائم' برابر اور امرد کا لفظ بے بال لڑکا اسی سے ہے۔مِّنْ قَوَارِيْرَ (شیشے کا)۔سلیمان علیہ السلام نے اس سے شادی کرنا چاہی

مگراس کے بالوں کو ناپسند کیا۔شیاطین نے نورہ تیار کیا جس سے بال جاتے رہے۔پس سلیمان علیہ السلام نے اس سے نکاح کرلیا اوراس سے محبت کی اوراس کواس کے ملک پر برقرار رکھا۔مہینہ میں ایک مرتبہ اس کے ہاں جاتے اور تین روز قیام فرماتے۔اس سے اولاد بھی پیدا ہوئی۔ قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ (اس نے کہا اے میرے رب بیشک میں نے اپنے اوپر ظلم کیا)۔ سورج کی عبادت میں مصروف رہ کر۔وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (اورسلیمان کے ساتھ اللہ رب العالمین پر ایمان لائی)۔

## قولِ محققین:

کہ اس بات کا قطعاً احتمال بھی جائز نہیں کہ سلیمان علیہ السلام اس کی پنڈلیاں دیکھنے کے لئے یہ حیلہ کریں جبکہ وہ اجنبیہ تھی۔ حاشاوکلا۔اس لئے اس جیسی باتیں درست نہیں۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ

اور بلاشبہ ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو سو اچانک ان میں دو جماعتیں ہو گئیں

يَخْتَصِمُوْنَ ۝۴۵ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا

جو آپس میں جھگڑا کر رہے تھے، صالح نے کہا کہ اے میری قوم تم اچھی بات سے پہلے بری حالت کی کیوں جلدی کرتے ہو؟ تم کیوں

تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۴۶ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۭ قَالَ

اللہ سے مغفرت طلب نہیں کرتے تا کہ تم پر رحم کیا جائے، وہ کہنے لگے کہ تم اور تمہارے ساتھیوں کی وجہ سے ہم بدشگونی لے رہے ہیں، صالح نے کہا

طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ۝۴۷ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ

کہ تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس ہے بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو عذاب میں مبتلا ہونے والے ہو، اور ان کے شہر میں نو اشخاص تھے جو زمین میں فساد کرتے تھے

فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝۴۸ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ

اور اصلاح نہیں کرتے تھے، وہ کہنے لگے کہ تم سب مل کر اس بات پر اللہ کی قسم کھالو کہ ہم صالح کو اور اس کے گھر والوں کو راتوں رات ایسی حالت میں قتل کر دیں ☆

مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝۴۹ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا

کہ ہم اس کے گھر والوں کی ہلاکت کے موقع پر حاضر نہیں تھے اور بلاشبہ ہم سچ کہہ رہے ہیں، اور انہوں نے خاص قسم کا مکر کیا اور ہم نے اس حال میں خاص تدبیر کی اور انہیں

يَشْعُرُوْنَ ۝۵۰ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۵۱

پتہ بھی نہیں چلا، سو دیکھ لیجئے مکر کا کیا انجام ہوا؟ بلاشبہ ہم نے انہیں اور ان کی قوم کو سب کو ہلاک کر دیا،

فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۵۲ وَاَنْجَيْنَا

سو یہ ان کے گھر ہیں جو ان کے ظلم کی وجہ سے خالی پڑے ہیں بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے عبرت ہے جو جانتے ہیں، اور ہم نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۵۳

ان لوگوں کو نجات دیدی جو ایمان لائے اور تقویٰ اختیار کرتے تھے۔

☆ گے کہ ہمیں اس کا دھیان بھی نہیں ہوگا پھر ضرور ضرور ہم اس کے ولی سے کہہ دیں گے

## قوم ثمود کا ذکر:

۴۵: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا (تحقیق ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا)۔ اخاهم۔ نسبی بھائی۔

نحو: صالحًا یہ اخاھم سے بدل ہے۔اَنِ اعْبُدُوا اللّٰہَ (کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو)۔
قراءت: اَنِ کی نون کو وصل میں کسرہ سے عاصم' حمزہ' بصری قراء نے پڑھا اور دیگر قراء نے نون کو ضمہ سے باء کی اتباع میں پڑھا ہے۔معنی یہ ہے تم اللہ کو وحدہ لاشریک مانو۔فَاِذَا یہ مفاجات کیلئے ہے۔ھُمْ فَرِیْقٰنِ یَخْتَصِمُوْنَ (اچانک دو فریق جھگڑنے لگے)۔ھم مبتدأ فریقان خبر ہے۔یختصمون یہ صفت ہے اور یہی اذا میں عامل ہے۔مطلب یہ ہے۔کہ اچانک قوم صالح کے دو گروہ مؤمن و کافر بن کر جھگڑنے لگے۔ ہر فریق کہتا تھا کہ حق میرے ساتھ ہے۔ اس کی وضاحت اس آیت اعراف ۷۵۔۷۶ میں موجود ہے۔قال الملأ الذین استکبروا من قومہ للذین استضعفوا لمن اٰمن منھم اتعلمون ان صالحًا مرسل من ربہ قالوا انا بما ارسل بہٖ مؤمنون۔۷۵قال الذین استکبروا انا بالذی امنتم بہٖ [کافرون ۷۶]۔اور کافر کہنے لگے۔یصالح آتنا بما تعدنا ان کنت من المرسلین۔[الاعراف۔۷۷]

۴۶:قَالَ یٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّیِّئَۃِ (کہا! اے میری قوم تم برائی کو کیوں جلدی مانگتے ہو)۔السیئۃ سے وہ عذاب مراد ہے جس کو ان سے نہ ماننے کی صورت میں وعدہ کیا جاتا تھا۔قَبْلَ الْحَسَنَۃِ (اچھائی سے پہلے)۔توبہ سے قبل۔لَوْ لَا (کیوں نہیں)۔ تَسْتَغْفِرُوْنَ (تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگتے)۔کفر سے توبہ کر کے اور ایمان لا کر کیوں معافی نہیں مانگتے اس سے قبل کہ عذاب نازل ہو۔ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ (تاکہ تم پر رحم کیا جائے)۔تمہیں قبولیت عنایت فرما کر۔

۴۷:قَالُوا اطَّیَّرْنَا بِکَ (ہم تو تمہیں منحوس سمجھتے ہیں)۔کیونکہ ان کی بعثت کے وقت تکذیب کی وجہ سے ان پر قحط مسلط کر دیا گیا تھا۔کفار نے آپ کی آمد کی طرف اس کی نسبت کی اور اطَّیَّرْنَا اصل میں تطیر نا ہے۔اور اس طرح بھی پڑھا گیا ہے۔تاء کو طاء میں ادغام کر کے سکون طاء کو پڑھنے کے لئے الف کا اضافہ کر دیا۔وَبِمَنْ مَّعَکَ (اور ان سے جو تیرے ساتھ ہیں)۔ایمان لانے والے۔قَالَ طٰٓئِرُکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ (کہا تمہاری نحوست اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے)۔یعنی وہ سبب جس سے تمہارے لئے خیر و شر اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتی ہے۔وہ اسی نے بنایا اور اسی کی ہی تقسیم ہے۔نمبر۲۔تمہارا عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں لکھا ہوا ہے۔پھر جو کچھ اتر ا بطور سزا اور آزمائش وہ اسی کی طرف سے اترا اور اس آیت میں یہی مذکور ہے۔وکل انسان الزمناہ طائرہ فی عنقہ [الاسراء۔۱۳]۔

## تطائر کی اصل:

اہل جاہلیت کے ہاں یہ تھی۔جب مسافر کسی پرندے کے پاس سے گزرتا اور اس کو وہ ڈانٹ پلاتا۔پرندہ ڈر کر اگر اس کے دائیں طرف سے گزر جاتا تو وہ اس کو متبرک قرار دیتے اور اگر وہ بائیں طرف گزرتا تو وہ اس سے بدشگونی لیتا۔جب خیر و شر کی نسبت انہوں نے طائر کی طرف کی تو استعارۃً اللہ تعالیٰ کی تدبیر و تقسیم کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا۔نمبر۲۔تمہاری قسمت بندے کے عمل سے ہے۔وہ بندہ جو کہ رحمت وعذاب میں اصل سبب ہے۔بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ (بلکہ تم آزمائی ہوئی قوم ہو)۔تمہارا امتحان لیا گیا ہے۔نمبر۲۔تمہارے گناہوں کی پاداش میں تمہیں عذاب دیا جا رہا ہے۔

## ثمود کے مفسد:

۴۸:وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ (اورشہر میں)۔شہر سے ثمود کا شہر مراد ہے۔جس کا نام الحجر تھا۔تِسْعَةُ رَهْطٍ (نواشخاص تھے) نحو: یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں۔اسی لئے یہ تسعة کی تمیز کے طور پر استعمال ہو گیا ہے۔گویا اس طرح فرمایا گیا۔تسعة انفس۔کیونکہ تین سے دس تک کی تمیز جمع مجرور آتی ہے۔

## قول ابن درید رحمۃ اللہ علیہ:

ان کا سربراہ قدار بن سالف تھا یہی وہ لوگ تھے جنہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹنے میں دوڑ دھوپ کی تھی۔یہ سب بڑے لوگوں کی اولاد تھے۔

يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ (وہ زمین میں فساد مچاتے درستی نہ کرتے تھے)۔یعنی ان کا کام خالص بگاڑ پھیلانا تھا جس میں اصلاح کا ذرہ بھی نہ ہو۔جیسا کہ بعض مفسدین سے کبھی کبھی صلاح ودرستی بھی دیکھنے میں آتی ہے۔

## قول حسن رحمۃ اللہ علیہ:

لوگوں کے عیب نکالتے اور ستر پوشی نہ کرتے۔

آیت ۴۹:قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ (انہوں نے کہا سب مل کر آپس میں قسمیں اٹھاؤ)۔ نحو: نمبرا۔یہ تقاسموا خبر ہے جو محل حال میں واقع ہے۔اور قد مضمر ہے۔ای قالوا متقاسمین باللّٰه۔نمبر۲۔یہ امر ہے۔ یعنی انہوں نے ایک دوسرے کو قسم کا کہا اور حکم دیا۔تقاسموا کا معنی تحالفوا۔باہمی حلف ہے۔لَنُبَيِّتَنَّهٗ (ہم اس پر شب خون ماریں گے)۔راتوں رات اس کو ضرور قتل کر دیں گے۔وَاَهْلَهٗ (اور اس کے اہل کو)۔اولاد و پیروکاروں کو ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ (پھر ہم اس کے اولیاء کو کہیں گے)۔خون کے وارث۔قراءت:حمزہ وعلی کی قراءت میں لنبیتنه تائے اولیٰ اور تائے ثانیہ کے ضمہ سے۔لتقولُن تاء اور ضمہ لام کے ساتھ آیا ہے۔ماشهدنا،(ہم تو موجود ہی نہ تھے)مهلك اهله (اس کے اہل کے ہلاک ہونے کی جگہ میں) قراءت،حفص نے مهلك پڑھا اور ابوبکر،حماد،مفضل نے مَهْلَكَ پڑھا اور اصل هلك قرار دیا۔اول کا معنی موضع ہلاکت اور دوسرا مصدر ہے۔اس کا معنی ہلاکت ہے۔دیگر قراء نے مُهْلَكَ پڑھا اور اهلك کو اصل قرار دیا۔نمبرا۔اس کا معنی اہلاک (ہلاک کرنا) نمبر۲۔مکان اہلاک۔ہلاک کرنے کی جگہ۔حاصل معنی نمبرا۔یہ ہے،ہم نے اس کے اہل وعیال پر کوئی تعرض ہی نہیں کیا۔پس ہم ان پر کیسے تعرض کر سکتے ہیں۔نمبر۲۔ہم تو اس کی ہلاکت کے ٹھکانے پر موجود نہ تھے۔ہم اس کی ہلاکت کے کیونکر ذمہ دار بنیں۔وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ (اور بیشک ہم ضرور سچے ہیں)اس بات میں جو ہم نے کی ہے۔

وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّ مَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (اور انہوں نے ایک خفیہ تدبیر کی اور ہم نے بھی ایک خفیہ تدبیر کی اور اس تدبیر کی ان کو خبر بھی نہ تھی)۔مكرهم سے ان کی وہ تدبیر جو انہوں نے صالح علیہ السلام اور ان کے اہل کے متعلق شبخون مارنے کی بنائی تھی۔مكر اللّٰه سے مراد ان کا اس طور پر ہلاک کر دینا کہ ان کو خبر بھی نہ ہوئی۔

آیت میں: بطور استعارہ تدبیر کو ماکر کے مکر سے تشبیہ دی ہے۔

## صالح علیہ السلام کے خلاف سازش قتل:

روایت میں ہے کہ گھاٹی میں صالح علیہ السلام کی مسجد تھی جس میں آپ نماز ادا فرمایا کرتے تھے وہ کہنے لگے کہ صالح کا خیال یہ ہے کہ وہ ہم سے تین دن میں فارغ ہو جائے گا۔ ہم کیوں نہ اس سے اور اس کے اہل سے تین دن سے پہلے فارغ ہو جائیں۔ چنانچہ نو آدمی گھاٹی کی طرف نکل کر گئے۔ اور آپس میں کہنے لگے اگر وہ نماز ادا کرنے آئے گا تو ہم اس کو قتل کر دیں گے۔ پھر اس کے اہل پر حملہ آور ہو کر ان کو قتل کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ایک پتھر مسلسل بارش سے ان کی جانب بھیج دیا۔ وہ جلدی بھاگے تو پتھر اوپر سے آ کر ان پر گھاٹی میں فٹ ہو گیا۔ ان کی قوم کو معلوم ہی نہ ہو سکا کہ وہ کہاں گئے اور نہ ان کو معلوم ہوا کہ ان کی قوم کا کیا حشر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے تمام کو اسی جگہ سزا دے دی اور صالح علیہ السلام کو اور تمام ایمان والوں کو بچا لیا۔

## قوم کی ہلاکت:

۵۱: فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ (غور کرو ان کی تدبیر کا انجام کیا ہوا بیشک ہم نے تمام کو تہس نہس کر دیا)۔

قراءت: کوفی و سہل نے اَنَّا کو فتحہ سے پڑھا اور دیگر قراء نے اِنَّا پڑھا اور جملہ مستانفہ قرار دیا۔

نحو: جنہوں نے فتحہ دیا انہوں نے اس کو۔ نمبر ۱۔ العاقبۃ کا بدل مان کر مرفوع قرار دیا۔ نمبر ۲۔ مبتدأ محذوف کی خبر مان لیا۔ تقدیر کلام یہ ہوئی وھی تدبیرھم اور جنہوں نے نصب دیا۔ انہوں نے لَاَنَّا لام کو محذوف مانا۔ نمبر ۳۔ یا اس کو کان کی خبر قرار دیا۔ تقدیر کلام کان عاقبة مكرهم الدمار وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ (اور ان کی ساری قوم کو)۔ چیخ کے ذریعہ

آیت ۵۲: فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةً (پس یہ ان کے مکانات گر پڑے ہیں)۔ منہدم گر پڑے ہیں۔ خاوية یہ خوی النجم سے بنا ہے۔ جب کہ وہ گرے۔ نمبر ۲۔ خالی پڑے ہیں۔ جبکہ الخواء سے لیا جائے۔

نحو: یہ حال ہے۔ جس پر تلك کا مدلول عامل ہے۔

بِمَا ظَلَمُوْا (ان کے ظلم کی وجہ سے)۔ ان کے ظلم کے باعث۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ (بیشک اس میں)۔ جو کچھ ثمود کے ساتھ ہوا۔ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (جاننے والی قوم کے لئے نشانی ہے)۔ ہماری قدرت کی پس وہ اس سے نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

۵۳: وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو (صالح علیہ السلام پر) ایمان لائے)۔ وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ (اور وہ تقویٰ والے تھے)۔ وہ اس کے اوامر کو ترک کرنے سے بچنے والے تھے۔ ان کی تعداد چار ہزار تھی جنہوں نے صالح علیہ السلام کے ساتھ عذاب سے نجات پائی۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

اور ہم نے لوط کو بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا کیا تم بے حیائی کے کام کرتے ہو حالانکہ تم سمجھ بوجھ رکھتے ہو، کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت پوری کرنے کے لئے

الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ

مردوں کے پاس آتے ہو، بلکہ بات یہ ہے کہ تم جہالت کے کام کر رہے ہو، سو ان کی قوم کا جواب

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾

یہی تھا کہ آل لوط کو اپنی بستی سے نکال دو بے شک بات یہ ہے کہ یہ لوگ پاک باز بنتے ہیں،

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ

سو ہم نے لوط کو اور اس کے گھر والوں کو نجات دیدی سوائے اس کی بیوی کے کہ ہم نے اسے ان لوگوں میں تجویز کر رکھا تھا جو عذاب میں رہ جانے والے تھے اور ہم نے ان پر خاص

مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ

قسم کی بارش برسادی سو ان لوگوں کی بری بارش تھی جو ڈرائے گئے۔ آپ کہہ دیجئے کہ سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور سلام ہو اللہ کے ان بندوں پر جنہیں

اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

اس نے چن لیا، کیا اللہ بہتر ہے یا وہ لوگ جنہیں وہ شریک بناتے ہیں؟

## مجالس میں بے حیائی:

۵۴: وَلُوْطًا اِذْ قَالَ (اور لوط علیہ السلام کا تذکرہ کرو جب انہوں نے کہا)۔ لوطًا۔ اذ کر کی وجہ سے منصوب ہے اور اذ یہ لوطًا سے بدل ہے۔ تقدیر کلام یہ ہے اذ کر وقت قول لوط۔ (لوط کے قول کے وقت کو یاد کرو۔) لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ (اپنی قوم سے کیا تم بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو)۔ لواطت فاحشہ مراد ہے۔ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ (حالانکہ تم سمجھدار ہو)۔ تم جانتے ہو کہ وہ بے حیائی ہے تو کیوں اس کا ارتکاب کرتے ہو۔ تبصرون سے نمبر۱۔ بصر قلب مراد ہے۔ نمبر۲۔ وہ ایک دوسرے کو دیکھتے۔ کیونکہ مجالس میں اعلانیہ اس کا ارتکاب کرتے ایک دوسرے سے چھپانے کے لئے پردہ نہ کرتے تھے۔ اس وجہ سے کہ وہ اس معصیت میں شدید منہمک تھے۔ اور مذاق وٹخول کے طور پر کرتے تھے۔ نمبر۳۔ تم اپنے سے قبل مجرموں کے آثار دیکھتے ہو۔ اور جو کچھ ان پر اترا وہ بھی تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے۔ پھر اگلی آیات میں صراحۃً فرمایا۔

۵۵: اَئِنَّكُمْ (کیا تم ہی)۔ قراءت: شامی' کوفی نے دو ہمزہ سے پڑھا۔ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ (کیا تم مردوں سے شہوت پوری کرتے ہو)۔ شهوة ای لشهوة۔ شہوت پوری کرنے کے لئے۔ مِنْ دُوْنِ النِّسَآءِ (عورتوں کو چھوڑ کر)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے عورت کو مرد

کے لئے بنایا ہے۔ مرد کو مرد کے لئے نہیں بنایا۔ اور نہ مؤنث کو مؤنث کے لئے بنایا گیا ہے۔ یہ چیز اللہ تعالیٰ کی حکمت سے ٹکراتی ہے۔ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ (بلکہ تم جاہل لوگ ہو)۔ نمبرا۔ جاہلوں جیسے کام کرتے ہو اس لئے کہ اس کا بے حیائی ہونا تمہیں بخوبی معلوم ہے۔ نمبر۲۔ جہل سے مراد حماقت اور وہ مخول جس پر وہ قائم تھے۔ اس جملہ میں خطاب و غائب دونوں جمع ہو گئے اور دوسری آیت: بل انتم قوم تُفْتَنُون۔ [النمل: ۴۷] میں دونوں مخاطب ہیں۔ اس آیت میں خطاب کو غائب پر غلبہ دے دیا کیونکہ وہ قوت میں بڑھ کر ہے۔ اس لئے کہ اصل کلام تو دو موجود آدمیوں میں ہوتی ہے۔

۵۶: فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ (پس قوم کا جواب یہی تھا کہ کہنے لگے۔ آل لوط کو اپنی بستی سے نکال باہر کرو بیشک یہ لوگ پاک بنتے ہیں)۔ آل لوط سے یہاں لوط علیہ السلام اور ان کے پیروکار مراد ہیں۔ نحو: کان کی خبر جواب ہے اور ان قالوا اس کا اسم ہے۔ یتطھرون۔ وہ گندگیوں سے بڑے بچتے ہیں۔ وہ اس گندے عمل کو او پر اقرار دیتے ہیں اور ہمیں ان کے انکار و تنقید سے بغض اور چڑ ہے۔

## ایک قول یہ ہے:

یہ استہزائی کلام ہے۔ جیسا کہ دوسرے مقام پر ہے۔ انك لانت الحليم الرشيد۔ [ہود۔ ۸۷]

۵۷: فَاَنْجَيْنٰهُ (ہم نے ان کو نجات دی)۔ قوم پر واقع ہونے والے عذاب سے بچالیا۔ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ (اور اس کے اہل کو مگر ان کی بیوی ہم نے تجویز کر رکھا تھا اس کے لئے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہے)۔ قراءت: حماد وابوبکر کے علاوہ باقی نے قدرنا تشدید سے پڑھا ہے۔ ای قدرنا کونھا۔ ہم نے مقدر کیا اس کا ہونا۔ الغابرین۔ عذاب میں باقی رہنے والے۔

۵۸: وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا (اور ہم نے ان پر بارش کی بارش کرنا)۔ پتھروں کی بارش جن پر اس کا نام لکھا تھا فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ (ڈرائے ہوؤں کی بارش بہت بری تھی)۔ منذرین سے وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے انذار کو قبول نہ کیا۔

۵۹: قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى (آپ کہہ دیں الحمد للہ اور اس کے ان بندوں پر سلام ہو جو چنے ہوئے ہیں)۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی حمد و ستائش کا اولاً حکم فرمایا۔ پھر چنے ہوئے بندوں پر سلام کا حکم دیا اور یہ اللہ تعالیٰ کی توحید و وحدانیت پر بعد میں آنے والی دلالت کے لئے بطور تمہید حکم فرمایا۔

اس میں ہر اچھا عمل کرتے ہوئے ان دونوں سے تبرک حاصل کرنا چاہیے۔ اور دونوں کے وجود مرتبہ سے خوب پختگی حاصل کرے۔ نمبر۲۔ یہ لوط علیہ السلام کو خطاب فرمایا کہ وہ اپنی قوم کی ہلاکت پر یہ دعا کیا کریں۔ کہ اے اللہ کفار کی ہلاکت اور پسندیدہ بندوں کے محفوظ رہنے پر تیرا شکر ہے اور اس ہلاکت سے ہمیں بچایا اور گناہوں سے معصوم بنایا۔ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ (کیا اللہ تعالیٰ بہتر ہے یا وہ جن کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں)۔ قراءت: بصری، عاصم نے یاء کے ساتھ پڑھا ہے۔

جن کو انہوں نے شریک ٹھہرایا ہے ان میں اس وقت کوئی خیر نہیں یہاں تک کہ ان کے اور اس ذات کے درمیان موازنہ نہ کیا جائے جو کہ ہر چیز کا خالق ہے۔ یہ درحقیقت ان کو الزام دیا جا رہا ہے اور ان کی حماقت و سبک سری کا اظہار ہے اور اس کی وجہ یہ تھی

کہ انہوں نے بتوں کی عبادت کو اللہ تعالیٰ کی عبادت پر ترجیح دی ہے۔اور کوئی عقل مند کسی چیز کو دوسری پر ترجیح دیتا ہے۔تو اس کے لئے کوئی نہ کوئی داعیہ ضرور ہوتا ہے مثلاً اس میں خیر و بھلائی کی کثرت ہے اور منافع زیادہ ہیں۔اس میں ان کو کہا جا رہا ہے۔تم جانتے ہو کہ جن کو تم نے اللہ تعالیٰ کے بالمقابل ترجیح دی ہے ان میں خیر کا شائبہ بھی نہیں۔اور انہوں نے ترجیح بھی زیادتی خیر کی وجہ سے نہیں دی ہے۔ بلکہ ہوائے نفسانی اور لغو محض ہے۔کفار کو خطأ مفرط پر متنبہ کرنا' حیران کن جہالت پر خبردار کرنا ہے۔تا کہ وہ معلوم کرلیں کہ ترجیح کے لئے خیر کا زائد ہونا ضروری ہے۔

اور وہ ان کے معبودوں میں مفقود ہے۔

## عمل نبوت:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب یہ آیت پڑھتے تو آخر میں فرماتے: **بل اللّٰه خير و ابقٰى واجل واكرم۔**

(اخرجه الثعلبی)

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ

کیا وہ ذات جس نے آسمانوں کو اور زمینوں کو پیدا فرمایا اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعہ رونق والے

حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ

باغیچے لگائے، تم یہ نہیں کر سکتے تھے کہ ان کے درختوں کو اگاؤ، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ

قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ؕ ۝٦٠ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا

اللہ کے برابر ٹھہراتے ہیں، کیا جس ذات نے زمین کو ٹھہرا ہوا بنایا اور اس کے درمیان نہریں بنائیں اور اس کے لئے

رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ ۝٦١

پہاڑ بنائے اور دو دریاؤں کے درمیان آڑ بنا دی کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ بلکہ ان میں سے اکثر وہ لوگ ہیں جو نہیں سمجھتے،

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ

کیا وہ جو بے چین آدمی کی دعا کو سنتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور بدحالی کو دور فرماتا ہے اور تمہیں زمین میں خلیفہ بناتا ہے

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ ۝٦٢ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ

کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ تم بہت کم دھیان دیتے ہو، کیا وہ جو تمہیں خشکی میں اور دریا کے اندھیروں میں راہ

الْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

بتاتا ہے اور جو ہواؤں کو بھیجتا ہے جو اس کی رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوتی ہیں کیا اللہ کے سوا کوئی معبود ہے؟

تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ؕ ۝٦٣ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ

اللہ اس سے برتر ہے جو وہ شرک کرتے ہیں، کیا وہ جو مخلوق کو اول بار پیدا فرماتا ہے پھر اسے دوبارہ پیدا فرمائے گا اور جو تمہیں آسمان سے اور زمین سے

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٦٤

رزق دیتا ہے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ آپ فرما دیجئے کہ تم اپنی دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہو،

٦٠: اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ :یہاں سے اللہ تعالیٰ نے وہ خیرات ومنافع ذکر فرمائے جو کہ اس کی رحمت وفضل کے آثار ہیں۔ چنانچہ فرمایا: امن خلق السموت والارض۔ ( کیا وہ ذات بہتر ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا )۔

فرق: امّا یشرکون کے ام اور امن خلق السموت کے ام میں یہ ہے۔ اما یشرکون کا ام متصلہ ہے۔ اس لئے معنی یہ ہے۔

ان میں کون زیادہ بہتر ہے۔اور یہ ام منقطعہ ہے جو کہ بل کے معنی میں ہے۔اور ہمزہ سابقہ استفہام سے اعراض کے لئے ہے۔ کیونکہ یہ بات کھلی ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہر خیر کا مبدأ ہے۔دوسرے معبودوں میں خیر کا نشان بھی نہیں۔پھر استفہام کی صورت میں دونوں میں برابری کرنا اور سوال میں موازنہ کرنا کسی طرح زیبا نہیں اسی لئے سابق استفہام سے اعراض کیا اس صورت میں یہ استفہام تقریری برائے تاکید ہے۔کہ جس نے آسمان بنائے وہی بہتر ہے۔

وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً (اور اس نے اتارا تمہارے لئے آسمان سے پانی)۔مآء سے مراد بارش ہے۔فَاَنْۢبَتْنَا (پس ہم نے اُگائے)۔کلام کا رخ غیبت سے متکلم کی طرف کر دیا۔نمبرا۔تاکہ اس بات کی تاکید کر دی جائے کہ یہ فعل اس کی ذات سے مختص ہے۔نمبر۲۔اور مختلف قسم کے باغات' جن کے رنگ' ذائقے' پرکشش شکلیں ایک ہی پانی سے پیدا کرنے پر صرف ایک وحدہ لاشریک ذات کو قدرت حاصل ہے۔بِهٖ (اس پانی کے ذریعہ) حَدَآئِقَ (باغات' باغیچے) الحدیقة (دیوار سے گھرا ہوا باغ)۔ یہ احداق سے بنا ہے وہ احاطہ کو کہا جاتا ہے۔ذَاتَ یہاں ذوات کی بجائے ذات لایا گیا۔کیونکہ معنی بہت سے حدائق ہے۔جیسا کہتے ہیں۔النساء ذهبت ۔بَهْجَةٍ (پررونق)۔حسین۔کیونکہ دیکھنے والا ان سے سرور حاصل کرتا ہے۔پھر خصوصیت کی طرف اس ارشاد سے اشارہ کیا۔مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا (تمہارے لئے ان کے درختوں کا اگانا ممکن نہیں تھا)۔ کینونت کا معنی یہاں انبغاء ہے۔مراد یہ ہے کہ ایسا کرنا غیروں کے لئے محال ہے۔ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ (کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی معبود ہے)۔ کیا اس کے ساتھ اور کوئی ملایا جائے اور اس کا شریک بنایا جائے۔بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ (بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو دوسروں کو اس کے برابر قرار دیتے ہیں)۔یا اللہ تعالیٰ کے حق توحید سے اعراض کرتے ہیں۔بل هم کے الفاظ خطاب کے بعد ان کی رائے کی غلطی کے اظہار کے لئے بہت بلیغ ہیں۔

۶۱: اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ (یا وہ ذات جس نے زمین کو بنایا)۔اس کا مابعد ام من خلق سے بدل ہے۔اور اس کا حکم وہی ہے کہ ام منقطعہ اور استفہام تقریری ہے۔قَرَارًا (قرارگاہ)۔زمین کو بچھایا اور اس کو قرار کے لئے درست کر دیا۔وَجَعَلَ خِلٰلَهَا (اور اس کے درمیان بنائے)۔ خلالها ظرف ہے۔یعنی اس کے وسط میں۔اَنْهٰرًا (نہریں)۔ نحو : یہ اول مفعول ہے اور دوسرا خلالها ہے۔اور بین البحرین بھی اسی کی مثل ہے۔وَجَعَلَ لَهَا (اور اس کے لئے بنائے)۔ها کا مرجع الارض ہے۔رَوَاسِيَ (پہاڑ) جو کہ حرکت سے اس کو روکنے والے تھے۔وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ (اور بنائے دو سمندروں کے درمیان)۔بحرین سے میٹھا اور نمکین مراد ہے۔حَاجِزًا (مل جانے سے روک)۔ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی معبود ہے بلکہ ان کی اکثریت بے علم ہے)۔وہ توحید کو جانتے ہیں پس نہیں مانیں گے۔

۶۲: اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ (یا کون ہے ایسا کہ جب کوئی بے قرار اس کو پکارتا ہے تو وہ اس کی دعا کو قبول کرتا ہے)۔ اضطرار۔یہ ضرورت سے افتعال کا باب ہے۔اضطرار ایسی حالت کو کہتے ہیں جو پناہ کی طرف مجبور کر دے۔کہا جاتا ہے۔اضطره الی کذا۔فاعل و مفعول دونوں صیغے مضطر ہیں۔مضطر۔اس شخص کو کہتے ہیں جس کو مرض یا فقر یا حوادث زمانہ نے پناہ کی طرف اور گڑگڑانے پر مجبور کر دیا ہو۔یا گناہ گار جب استغفار کرے یا مظلوم جب پکارے یا وہ آدمی جو اپنے ہاتھ اٹھائے اور اپنے پاس

سوائے توحید کے کوئی نیکی نہ پائے اور اس کو اس مصیبت سے خطرہ ہو۔ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ (اور وہ مصیبت کو دور کرتا ہے)۔ السوء سے تکلیف جسمانی یا ظلم مراد ہے۔ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ (اور تمہیں زمین کا وارث بنایا)۔ یعنی زمین میں وارث بنایا۔ اس توارث سے اس میں رہائش اور صدیوں سے اس میں تصرف کرنا یا خلافت سے تسلط بادشاہی مراد ہے۔ ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ( کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے۔ مگر تم لوگ بہت کم یاد رکھتے ہو)۔

قراءت: ابوعمرو نے یذ کرون پڑھا اور حمزہ، علی وحفص نے تخفیف سے پڑھا۔

ما زائدہ ہے۔ ای تذکرون تذکرًا قلیلاً۔ (تم یاد کرتے ہو بہت کم یاد کرنا)۔

۶۳: اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ (یا وہ ذات جو تمہاری راہنمائی کرتا ہے)۔ ستاروں کے ساتھ راہنمائی۔ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (سمندر اور خشکی کے اندھیروں میں)۔ رات کو اور دن کے وقت زمین میں علامات کے ذریعہ۔ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ (اور جو ہوائیں بھیجتا ہے)۔

قراءت: مکی، علی، حمزہ نے الریح پڑھا ہے۔

بُشْرًا (خوشخبری کے طور پر)۔ یہ بشارت سے ہے۔ یہ سورۂ اعراف ۵۷ آیت میں گزرا ہے۔ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ (بارش سے پہلے)۔ ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور معبود ہے) اللہ تعالیٰ ان شریکوں سے بلند تو ہیں جن کو وہ اس کا شریک قرار دیتے ہیں۔

۶۴: اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ (یا وہ (بہتر ہے) جس نے مخلوق کی ابتداء کی)۔ وہ مخلوق کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا ہے۔ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (پھر وہی اعادہ کرے گا)۔ یہاں ثم یعیدہ کہا گیا حالانکہ وہ تو اعادہ کے سرے سے انکاری تھے۔ جواب یہ ہے کہ اعادۂ خلق ناممکن نہیں نقلی دلائل سے اعادہ کا واجب ہونا ثابت ہے۔ نقلی دلائل کے واجب الیقین ہونے پر معجزات کی تائید کافی ہے۔ پس عذر کے لئے گنجائش ذرہ بھر بھی نہیں۔ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ (آسمان سے کون تمہیں روزی دیتا ہے) رزق آسمان سے بارش مراد ہے۔ وَالْاَرْضِ (اور زمین سے)۔ ای من الارض یعنی زمین سے نباتات۔ ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ (کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے۔ کہہ دیں تم اپنی دلیل پیش کرو)۔ اپنے شرک کی دلیل۔ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو)۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریکوں کے دعویٰ میں سچے ہو۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ

آپ فرما دیجئے کہ آسمانوں میں اور زمینوں میں جو بھی چیزیں موجود ہیں ان میں سے کوئی بھی غیب کو نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ کے، اور یہ لوگ علم نہیں رکھتے

اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫

کہ کب زندہ کئے جائیں گے، بلکہ بات یہ ہے کہ آخرت کے بارے میں ان کا علم نیست و نابود ہو گیا، بلکہ یہ لوگ اس کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں،

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع

بلکہ یہ اس کی طرف سے اندھے ہیں،

٦٥: قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ (آپ کہہ دیں آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے کوئی غیب کو سوائے اللہ تعالیٰ کے نہیں جانتا)۔ نَحو: مَنْ يَعْلَم کا فاعل ہے۔ الغیب مفعول ہے۔ اللّٰہ یہ مَن سے بدل ہے۔ الغیب۔ هو مالم يقسم عليه دليل اطلع عليه مخلوق۔ وہ جس کے ثبوت پر کوئی دلیل قائم نہ ہو اور نہ اس کی اطلاع مخلوق کو ہو۔ مطلب یہ ہے۔ لا يعلم احدٌ الغيب الا الله کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی غیب کو نہیں جانتا۔ ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بلند و بالا ہے۔ کہ وہ ان میں سے ہو جو آسمان و زمین میں ہیں۔ لیکن بنی تمیم کی لغت کے مطابق آیا ہے۔ کہ مستثنیٰ منقطع کو متصل کی جگہ لاتے ہیں اور مستثنیٰ منقطع میں نصب و بدل کو جائز قرار دیتے ہیں۔ جیسا کہ متصل میں ہوتا ہے اور وہ بولتے ہیں۔ مافي الدار احدٌ الاحمار۔

## فرمان عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا:

جس کا یہ گمان ہو کہ وہ کل کی بات جانتا ہے۔ اس نے اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا بہتان باندھا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا: قل لا يعلم من في السمٰوٰت والارض الغيب الا الله۔

## ایک قول یہ ہے:

یہ آیت ان مشرکین کے متعلق اتری جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کا وقت دریافت کیا۔

وَمَا يَشْعُرُوْنَ (اور وہ نہیں جانتے)۔ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ کہ (ان کو کب اٹھایا جائے گا)۔

٦٦: بَلِ ادّٰرَكَ (بلکہ پورا ہو گیا)۔ قراءت: أدرك مکی' بصری' یزید و مفضل نے پڑھا ہے۔ اس کا معنی پورا ہوا اور مکمل ہو لیا ہے اس صورت میں ادركت الفاكهة سے لیا گیا ہے یعنی پک کر تیار ہو گیا۔ اعشیٰ نے بل ادرك بروزن افتعل پڑھا ہے۔ دیگر قراء نے بل ادارك پڑھا جس کا معنی استحکم اور اس کی اصل تدارک ہے۔ تاء کو دال میں ادغام کیا گیا اور الف وصل کو بڑھا دیا تا کہ پڑھ سکیں۔ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ (ان کا علم آخرت کے متعلق)۔ آخرت اور اس کے متعلقہ چیزوں کے متعلق۔ مطلب یہ ہے کہ

قیامت کے وقوع پر مستحکم ومضبوط دلائل قائم ہو چکے اوران کے سامنے آچکے اوران کی پہچان بھی ان کو میسر آ چکی ہے مگران کا حال یہ ہے کہ یہ اس سے جہالت کا اظہار کرتے اوراس میں شک کرنے والے ہیں اوراس کا تذکرہ اس ارشاد میں فرمایا۔ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ (بلکہ وہ اس کے متعلق شک میں مبتلا ہیں بلکہ وہ اس کے متعلق اندھے ہو چکے ہیں) تین مرتبہ بل لا کر اضراب واعراض ان کے احوال کے مطابق علی سبیل الترقی اوران کے جہل کو اور زیادہ پختہ کرنے کے لئے ہے اولاً فرمایا۔ نمبر۱۔ کہ ان کو بعث کے وقت کا شعور نہیں۔ نمبر۲۔ پھر فرمایا وہ نہیں جانتے کہ قیامت قائم ہونے والی ہے۔ نمبر۳۔ پھر فرمایا وہ شک وریب میں ٹامک ٹویاں مارنے والے ہیں۔ مگراس کو زائل نہیں کرتے حالانکہ ازالہ ان کی طاقت میں ہے۔ پھر جو اس سے بدتر حالت (عمی) اندھا پن اس کو ذکر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے آخرت کو ان کے اندھے پن کا مبدأ و منشأ قرار دیا۔ اسی لئے تو عن کی بجائے من سے متعدی بنایا۔ کیونکہ تدبر و تفکر سے باز رہنے کا اصل سبب جزاء وانجام کا انکار ہے۔ اس آیت کے مضمون میں کفار کو ملامت کی گئی جس کی وجہ ماقبل کا مضمون ہے۔ کفار کو منکرین بعث قرار دیا گیا باوجود یکہ علم کے اسباب مضبوط اور دلائل سے اس کی پہچان پختہ ہو چکی۔ اور وہ مضمون اللہ تعالیٰ کا علم غیب کے ساتھ مختص ہونا ہے۔ اور بندوں کو کچھ علم نہ ہونا۔ جب یہ بیان کر دیا کہ بندے غیب کو نہیں جانتے تو ان کی عاجزی کا اظہار ہے اوران کے قصور علم کا بیان ہے۔ تو اس کے ساتھ ملا کر یہ بات کہہ دی گئی کہ ان کا عجز تو اس سے بہت ہی بڑھ کر ہے۔ وہ اس طرح کہ وہ قطعی طور پر ہونے والی چیز کو جس کا واقع ہونا یقینی ہے اور وہی ان کے اعمال کی جزاء کا وقت ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ آئے گی نہیں۔ حالانکہ اس کے واقعہ ہونے کی پہچان کے پختہ اسباب ان کے ہاں موجود ہیں۔ نمبر۲۔ اور یہ بھی جائز ہے۔ ان کے علم کا استحکام' تکامل بطور استہزاء کے ہو جیسا کہ سب سے بڑے جاہل کو کہیں مَا اعلمك۔ تو کتنا بڑا علامہ ہے اوراس تہکم کی وجہ ان کا قیامت کے متعلق شک اوراس کے اثبات سے اندھا پن اختیار کرنا ہے۔ جس کے لئے عمل کی شارع موجود ہے۔ اس کی بجائے وہ اس کا وقت معلوم کرنا چاہتے ہیں جس کو جان لینے کا کوئی راستہ نہیں۔ نمبر۳۔ اور ادرك انتہاء اور فناء کے معنی میں بھی ہوسکتا ہے یہ ادركت الثمرة سے ہو۔ پھل فناء ہوا۔ کیونکہ اس کی وہ غایت ہے جس پر وہ معدوم کر دی جائے گی۔

## حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

ادّارك علمهم۔ اے اضمحل علمهم فی الاخرة آخرت کے متعلق ان کا علم مضمحل ہو چکا اور تدارک یہ تدارك بنو فلان سے ماخوذ ہے جبکہ وہ پے در پے ہلاک ہوں۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ۝۶۷ لَقَدْ

اور کافروں نے کہا کیا جب ہم مٹی ہو جائیں گے اور ہمارے باپ دادے تو کیا ہم ضرور نکالے جائیں گے، بلاشبہ

وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۶۸

بات یہ ہے کہ اس سے پہلے ہم سے اور ہمارے باپ دادوں سے اس کا وعدہ کیا گیا ہے یہ پرانے لوگوں کی نقل کی ہوئی باتیں ہیں،

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۶۹ وَلَا تَحْزَنْ

آپ فرما دیجئے تم زمین میں چلو پھرو سو دیکھ لو مجرموں کا کیا انجام ہوا اور آپ ان پر

عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝۷۰ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

رنج نہ کیجئے اور یہ جو مکر کرتے ہیں اس کی وجہ سے تنگ دل نہ ہو جائیے، اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہو گا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۷۱ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ

اگر تم سچے ہو، آپ فرما دیجئے کہ تم جس عذاب کی جلدی مچا رہے ہو عنقریب اس کا بعض حصہ تم سے

تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝۷۲ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا

آ ہی لگا ہے اور بلاشبہ آپ کا رب لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن ان میں سے بہت سے لوگ

يَشْكُرُوْنَ ۝۷۳ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝۷۴ وَمَا

شکر نہیں کرتے اور بلاشبہ آپ کا رب ان باتوں کو ضرور جانتا ہے جنہیں ان کے سینے چھپاتے ہیں اور یہ جو کچھ ظاہر کرتے ہیں، اور

مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۷۵

آسمان اور زمین میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جو کتاب مبین میں نہ ہو

۶۷: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّ اٰبَآؤُنَا اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ (اور کافروں نے کہا۔ جب ہم خاک ہو گئے اور ہمارے باپ دادا بھی تو کیا ہم برآمد کیے جائیں گے )۔ اپنی قبور سے زندہ کر کے؟

قراءت: عاصم، حمزہ وخلف کی قراءت میں اذا اور ان میں حرف دوبارہ تکریر سے آیا ہے۔ یہ درحقیقت انکار کے بعد انکار ہے۔ شدید انکار کے بعد شدید انکار۔ اور یہ ان کے کفر کے مؤکد اور شدید ہونے کی دلیل ہے۔

نحو: اذا کا عامل وہ ہے جس پر لمخرجون دلالت کرتا ہے اے نخرج۔ کیونکہ اسم فاعل اور مفعول ہمزۂ استفہام کے بعد

ہیں۔نمبر۲۔اسم فاعل ومفعول اِنّ کے بعد ہیں۔نمبر۳۔لام ابتداء کے بعد ہے۔ان تینوں صورتوں میں جب الگ ہونے کی حالت میں اسم فاعل ومفعول ماقبل میں عمل نہیں کرتے۔تو پھر کیسے جب جمع ہوگئے تو عمل کریں گے۔اس لئے نخرج نکالنا پڑا۔ اِنا کی ضمیر کفار اور ان کے آباء کی طرف راجع ہے۔کیونکہ مٹی ہونے میں وہ اور ان کے آباء سب شامل ہیں لیکن حکایت کو غائب پر غلبہ دیا اور آباؤنا کا عطف کُنّا کی ضمیر پر ہے۔کیونکہ مفعول تاکید کے قائم مقام آیا ہے۔

۶۸:لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا (بلاشبہ ہم سے اس کا وعدہ کیا گیا)۔یعنی بعث بعدالموت کا۔نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ (اور ہمارے آباء و اجداد سے اس سے پہلے)یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل۔

نکتہ:اس آیت میں نحن و آباؤنا پر ھذا کو مقدم کیا گیا۔جبکہ سورۃ المؤمنون میں نحن و اباؤنا کو ھذا پر مقدم کیا گیا۔جواب یہ ہے کہ یہاں مقصود بعث بعدالموت کا تذکرہ ہے اس لئے ہذا اشارہ قریب کو مقدم لائے اور اس جگہ مبعوث کا تذکرہ مقصود ہے اس لئے نحن و اباؤنا کو مقدم کیا۔اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (یہ تو گزرے لوگوں کی جھوٹی داستانیں ہیں)۔اور جھوٹے قصے اور بناوٹی باتیں ہیں۔

۶۹:قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ (آپ کہہ دیں کہ ملک میں چل پھر کر دیکھو کہ مجرموں کا انجام کیا ہوا؟)عاقبۃ آخری معاملہ۔

## لطیف نکتہ:

اس آیت میں مجرمین کا لفظ لا کر جرم کو ذکر کر کے مسلمانوں کو لطیف اشارہ کر دیا کہ جرائم کو چھوڑ دو۔جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا:فدمدم علیھم ربھم بذنبھم فسوّٰھا۔[الشمس۔۱۴]۔ممّا خطیئاتھم اغرقوا وادخلوا نارا [نوح۔۲۵]

۷۰:وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ (آپ ان پر غم مت کریں)۔اس بناء پر کہ وہ آپ کی اتباع نہیں کر رہے اور نہ ہی بچنے اور سلامت رہنے کے لئے مسلمان ہو رہے ہیں۔وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ (اور نہ تنگدل ہوں)۔مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ (ان کے مکر اور اپنے خلاف سازشوں سے)۔بیشک اللہ تعالیٰ آپ کی لوگوں سے حفاظت کرنے والے ہیں۔عرب کہتے ہیں۔ضَاق الشی ضیقا۔یہ دیگر قراء کی قراءت ہے جبکہ ابن کثیر کی قراءت کسرہ کے ساتھ ہے(ضِيْقٍ)

۷۱:وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ (اور وہ یہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب ہوگا)۔الوعد سے وعدہ عذاب مراد ہے۔اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو) کہ عذاب جھٹلانے والے کو پہنچے گا۔

آیت ۷۲:قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ (آپ کہہ دیں کہ جس عذاب کے جلد پہنچنے کے تم خواستگار ہو)۔الَّذِیْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ہوسکتا ہے کہ اس کا کچھ حصہ تمہارے پیچھے آ لگا ہو)۔کفار نے عذاب موعود کو جلد طلب کیا تو انہیں یہ جواب دیا گیا۔ ہوسکتا ہے کہ اس کا کچھ حصہ تمہارے پیچھے ہو اور وہ بدر کے دن کا عذاب مراد ہے۔یہاں لام تاکید کے لئے اسی طرح لائی گئی ہے جیسا کہ باء اس آیت میں تاکید کے لئے لائی گئی ہے۔ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ۔[البقرہ۔۱۹۵]

نمبر۲۔فعل متعدی کے معنی کو متضمن ہے۔جیسے کہتے ہیں دنالکم و ازف لکم۔پہلا فعل مجرد ہونے کے باوجود دوسرے

متعلق فعل کے معنی کو متضمن ہے۔اب ردف لکم کا معنی تبعکم ولحقکم۔(تمہارے پیچھے اور تمہیں ملنے والا ہے)۔
**قاعدہ:** عسیٰ ،لعل اور سوف شاہی وعدوں اور وعیدوں میں اس معاملے کی سچائی اور حقیقت پر دلالت کرتے ہیں۔پس اللہ تعالیٰ کا وعدہ اس مقام پر اسی قسم میں سے ہے۔

۷۳: وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ (اور بیشک آپ کا رب افضال والا ہے)۔عَلَى النَّاسِ (لوگوں پر) کہ جلد عذاب نہیں بھیجتا۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ (لیکن ان کی اکثریت شکر گزار نہیں ہے)۔یعنی ان کی اکثریت اللہ تعالیٰ کی نعمت کا حق نہیں پہچانتی اور نہ ہی شکر ادا کرنے والی ہے۔بلکہ جہالت سے عذاب میں جلد بازی کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔

آیت ۷۴: وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ (اور بیشک آپ کا رب اس چیز کو جانتا ہے جو ان کے سینے چھپاتے ہیں) ۔وَمَا يُعْلِنُوْنَ (اور جو ظاہر کرتے ہیں)۔ تکن۔کا معنی چھپانا ہے۔یعلنون سے مراد زبان سے جس کا وہ اظہار کرتے ہیں۔مقصد یہ ہے کہ ان سے عذاب کی تاخیر کچھ اس بناء پر نہیں ہے۔کہ ہم پر ان کا کوئی حال مخفی ہے۔لیکن اس کا ایک وقت مقرر ہے۔نمبر۲۔اللہ تعالیٰ جانتے ہیں جو کفار عداوتِ رسول چھپاتے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں یعنی عداوت رسول اور یہ کہ اللہ تعالیٰ ان کو استحقاق کے مطابق سزا دے گا۔

قراءت: تکن پڑھا گیا ہے۔کہا جاتا ہے کننت الشیء و اکننتهٗ جبکہ تم اس کو چھپاؤ اور مخفی رکھو۔

۷۵: وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ (اور آسمان و زمین میں کوئی مخفی چیز ایسی نہیں کہ جو لوح)۔كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ (محفوظ میں موجود نہ ہو)۔غائبة۔اس چیز کو کہا جو غائب ہوتی اور چھپتی ہے اور خافیۃ بھی اسی کو کہتے ہیں۔ان دونوں کے آخر میں عاقبت اور عافیت کی طرح تاء آئے گی۔اس کے نظائر الرمیة والذبیحة والنطیحة ہیں۔یہ اسماء ہیں صفات نہیں ہیں۔

نمبر۲۔یہ بھی جائز ہے کہ وہ دونوں صفت ہوں۔اور ان کی تاء مبالغہ کے لئے ہے۔جیسے کہ الراویة میں ہے گویا اس طرح فرمایا۔وما من شئ شدید الغیبوبة الا وقد علمه الله واحاطه به واتبعهٗ فی اللوح المحفوظ۔کہ جو چیز بہت زیادہ چھپنے والی ہو اور اللہ تعالیٰ اس کو جانتے ہیں اور اس کا احاطہ کرنے والے ہیں۔اور لوح محفوظ میں اس کا اندراج کرنے والے ہیں۔المبین (ظاہر ہے)۔اس کے لئے جو اس کو دیکھتے ہیں یعنی فرشتے۔

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىٓ إِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ

بلاشبہ یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر ان چیزوں کو بیان کرتا ہے جن چیزوں میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ

جھگڑ رہے ہیں، اور بلاشبہ یہ قرآن مومنین کے لئے ہدایت ہے اور رحمت ہے، بے شک آپ کا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے

بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّكَ

فیصلے فرمائے گا اور وہ عزیز ہے، علیم ہے، سو آپ اللہ پر بھروسہ کیجئے بلاشبہ آپ

عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾

صریح حق پر ہیں،

۷۶: اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىٓ اِسْرَآءِيْلَ (بیشک یہ قرآن بنی اسرائیل پر وہ واقعات اکثر بیان کرتا ہے)۔ کھول کر بیان کرتا ہے۔ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں)۔ انہوں نے مسیح علیہ السلام کے متعلق اختلاف کیا۔ اور اس میں کئی گروہ بن گئے۔ ان کے مابین بہت سی اشیاء میں اختلاف ہوا یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے پر لعنت کرنے لگے۔ قرآن مجید نے اتر کر اس چیز کی وضاحت کر دی جس کو انہوں نے اختلاف کا نشانہ بنایا تھا۔ اگر وہ انصاف سے کام لیں۔ اور اس کو اختیار کر لیں۔ اور اسلام لے آئیں۔ بنی اسرائیل سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں۔

۷۷: وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (اور بیشک یہ قرآن ایمان والوں کے لئے ہدایت و رحمت ہے)۔ ان لوگوں کے لئے باعث رحمت ہے جو بنی اسرائیل میں سے بالکل انصاف کرنے والے اور ایمان لانے والے ہیں یعنی بنی اسرائیل میں سے۔ نمبر۲۔ ان میں سے اور ان کے علاوہ دیگر لوگوں میں سے۔

۷۸: اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ (بیشک آپ کا رب ان کے مابین فیصلہ فرمائے گا)۔ مؤمنوں اور کافروں کے درمیان۔ بِحُكْمِهٖ (اپنے حکم یعنی عدل سے) کیونکہ وہ فیصلہ ہی عدل سے فرماتے ہیں۔ پس یہاں محکوم بہ (فیصلہ) کو حکم فرمایا۔ نمبر۲۔ اپنی حکمت سے فیصلہ فرماتے ہیں اور اس پر بِحِكَمِهٖ کی قراءت دلالت کرتی ہے۔ حکم جمع حکمت کی ہے۔ وَهُوَ الْعَزِيْزُ (وہ زبردست ہے)۔ اس کی تقدیر کو واپس نہیں کیا جا سکتا۔ الْعَلِيْمُ (وہ ان کو جانتا ہے) کہ کن کے حق میں فیصلہ دینا ہے اور کن کے خلاف دینا ہے۔ نمبر۲۔ وہ العزیز ہے یعنی باطل پرستوں سے انتقام لینے میں العلیم حق پرستوں اور باطل پرستوں کے درمیان فیصلہ کرنے کو جانتے ہیں۔

۷۹: فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ (پس تم اللہ تعالیٰ پر توکل کرو)۔ اس میں آپ ﷺ کو توکل علی اللہ کا حکم دیا گیا۔ اور اعدائے دین کی پرواہ نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ (بیشک آپ صریح حق پر ہیں)۔ یہ التوکل کی علت بیان فرمائی۔ اس

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝۸۰ وَمَآ

بلاشبہ آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ آپ بہروں کو پکار سنا سکتے ہیں جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چل دیں، اور

اَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے بچا کر راستہ دکھا سکتے ہیں، آپ تو انہیں کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں

فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝۸۱

سو وہ فرمانبردار ہیں،

لئے کہ آپ صریح حق پر ہیں۔ وہ صریح حق وہ دین ہے۔ جس سے شک کبھی متعلق ہو نہیں سکتا۔

نکتہ: اس میں وضاحت کردی۔ کہ حق پرست کو اللہ تعالیٰ پر کامل وثوق واعتماد اور اس کی مدد پر یقین ہونا چاہیے۔

آیت ۸۰: اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ (آپ یقیناً مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ ہی بہروں کو اپنی پکار سنا سکتے ہیں جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر جا رہے ہوں)۔

۸۱: وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ (اور نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے سیدھا راستہ دکھا سکتے ہیں)۔ جب کفار مکہ جو سنتے اس کو یاد نہ رکھتے اور نہ سنتے اور نہ اس سے نفع اٹھاتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو مردوں سے مشابہت دی حالانکہ وہ ظاہر میں زیادہ صحیح الحواس تھے اور ان بہروں سے تشبیہ دی جن کو پکارا جائے تو نہ سنتے ہوں اور ان اندھوں سے جو راستہ گم کر دیں۔ کوئی شخص اس بات کی قدرت نہیں رکھتا کہ ان سے یہ چیزیں ہٹا کر ان کو راستہ دیکھنے والا اور راستہ پر چلنے والا بنا دے مگر اللہ جل شانہٗ (اور اسی کی طرف سے ہدایت ان کو ملی نہیں کیونکہ انہوں نے گمراہی کو جان بوجھ کر اختیار کیا ہے) پھر بہرے کی حالت کو یہ کہہ کر اور مؤکد کیا گیا ہے اذا ولوا مدبرین کیونکہ بہرا جب آواز دینے والے سے دور ہو اور اس کی طرف پشت کرنے والا بھی ہو تو وہ داعی کی آواز کے ادراک سے بالکل ہی محروم رہے گا۔

قراءت: ولا تسمع الصُّم مکی نے یہاں پڑھا اور سورۂ روم میں بھی اسی طرح اور وما انت تهدى العمىَ یہاں پڑھا اور الروم میں بھی اسی طرح حمزہ نے پڑھا۔ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا (آپ تو صرف انہی لوگوں کو سنا سکتے ہیں۔ جو ہماری آیات کا یقین رکھتے ہیں)۔ آپ کا سنانا فائدہ نہ دے گا مگر صرف ان لوگوں کو جن کے متعلق اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ وہ اس کی آیات پر ایمان لائیں گے یعنی ان آیات کی تصدیق کریں گے۔ فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ (اور وہ فرمانبردار ہیں) پھر وہ جانتے بھی ہیں اپنے قول میں مخلص ہیں جیسا اس ارشاد میں ہے: بلٰى من اسلم وجهه لله وهو محسن۔ [البقرہ۔۱۱۲]

اس کو صحیح سالم اور خالص اللہ کے لئے قرار دیا۔

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ

اور جب ان پر وعدہ پورا ہونے والا ہو گا تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک جانور نکالدیں گے جو ان سے باتیں کرے گا کہ

النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ۝۸۲

لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں لاتے تھے۔

۸۲: وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ (جب ان پر قول واقع ہو جائے گا)۔ یہاں قول کے مقصد اور نتیجہ کو قول سے تعبیر فرمایا۔ اور وہ عذاب اور قیام ساعت کا وعدہ ہے۔ وقوعہ۔ کا معنی حصول ہے اور مراد قرب اور اس کی نشانیوں کا ظہور ہے اور وہ وقت جبکہ توبہ فائدہ مند نہ ہوگی۔ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ (ہم ان کے لئے زمین سے ایک چوپایہ نکالیں گے جو ان سے باتیں کرے گا)۔ یہ وہی ہے جس کو حدیث میں جساسہ سے تعبیر کیا گیا۔ اس کی لمبائی ساٹھ ہاتھ ہوگی' اس کو پکڑنے والا پکڑ نہ سکے گا اور بھاگنے والا اس سے فرار اختیار نہ کر سکے گا۔ اس کی چار ٹانگیں ہونگی۔

داڑھی' دو پیر' اور اس کا سر بیل جیسا' آنکھیں خنزیر جیسی' کان ہاتھی جیسے' سینگ بارہ سینگھے جیسے' گردن شتر مرغ کی طرح' سینہ شیر کی مانند' رنگت چیتے جیسی' کوکھیں بلی نما' دم مینڈھے کی طرح' پاؤں اونٹ جیسے اور اس کے دو جوڑوں کے مابین دس ہاتھ کا فاصلہ ہوگا۔ وہ صفا سے نکل کر عربی زبان میں بات کرے گا اور کہے گا۔ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ (لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے)۔ یعنی میرے نکلنے پر۔ کیونکہ اس کا نکلنا بھی قیامت کی نشانیوں میں سے ہے۔ اور وہ یہ کہے گا: الا لعنة اللّٰه علی الظالمین۔

نمبر۲۔ ان سے تمام ادیان کے باطل ہونے اور فقط دین اسلام کے برحق ہونے کی بات کرے گا۔ نمبر۳۔ اور یہ بات کرے گا کہ یہ شخص مؤمن اور یہ کافر ہے۔

**قراءت:** اَنَّ کوفی وسہل نے مفتوح پڑھا اور جار کو حذف کر دیا۔ یعنی تکلمھم باَن۔ دیگر قراء نے کسرہ دیا کیونکہ کلام قول کے معنی میں ہے اور قول کے بعد اِنّ آتا ہے۔ یا قول مضمر ہے۔ یعنی تقول الدابة ذلك۔ اب آیات سے آیات ربنا مراد ہونگی۔ یا نمبر۲۔ اس وقت یہ اللہ تعالیٰ کے قول کی حکایت ہے۔ پھر قیامت کا تذکرہ فرمایا۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿۸۳﴾

جس دن ہم ہر امت میں سے ایک ایک جماعت ان لوگوں میں سے جمع کریں گے جو ہماری آیات کو جھٹلاتے تھے پھر ان کی جماعت بندی کر دی جائے گی۔

حَتّٰى إِذَا جَاءُوْ قَالَ أَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنْتُمْ

یہاں تک وہ جب حاضر ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کیا تم نے میری آیات کو جھٹلایا حالانکہ تم ان کو اپنے احاطہ علمی میں بھی نہ لائے، بلکہ تم اور کیا کیا

تَعْمَلُونَ ﴿۸۴﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنْطِقُونَ ﴿۸۵﴾ أَلَمْ

کام کرتے تھے، اور ان کے ظلم کی وجہ سے ان پر وعدہ پورا ہو چکا ہے سو وہ بات نہ کریں گے کیا

يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات کو بنایا کہ وہ اس میں آرام کریں اور ہم نے دن کو بنایا جس میں دیکھیں بھالیں بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے

لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ﴿۸۶﴾

نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔

۸۳: وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا (اور اس دن کو یاد کرو جب ہم ہر امت میں سے ان لوگوں کا ایک گروہ جمع کریں گے)۔
نحو: من تبعیض کے لئے ہے۔ ای اذکر یوم نجمع من کل امة من الامم زمرة۔ اس دن کو یاد کرو جب ہم ہر امت میں سے ایک گروہ جمع کریں گے۔ مِّمَّنْ يُكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا (جو ہماری آیات کی تکذیب کرتے رہے)۔ نحو: من تبیین کے لئے ہے۔ آیات سے وہ آیات مراد ہیں جو ہمارے انبیاء علیہم السلام پر اتاری گئیں۔ فَهُمْ يُوزَعُونَ (پھر ان کو روکا جائے گا)۔ اول کو روکیں گے تاکہ پچھلے ان کے ساتھ جمع ہوسکیں۔ پھر ان کو موضع حساب کی طرف لے جائیں گے۔ اس تعبیر سے مقصود کثرتِ تعداد کو بیان کرنا ہے اور الفوج سے بھی بہت بڑی جماعت مراد ہے۔

۸۴: حَتّٰى إِذَا جَاءُوْ (یہاں تک کہ جب وہ آجائیں گے)۔ موقف حساب وسوال میں جمع ہو جائیں گے۔ قَالَ (تو اللہ تعالیٰ ان کو بطور تہدید فرمائیں گے)۔ أَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا (کیا تم نے میری آیات کو جھٹلایا بلا سوچے سمجھے سرسری رائے سے تکذیب کردی اور اس کی حقیقت کے معلوم ہونے کے بغیر) کہ یہ واقعہ میں سچی حقیقت ہے یا جھوٹی بات۔ أَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (یا پھر تم کیا عمل کرتے رہے۔ جبکہ تم نے ان میں غور ہی نہیں کیا۔ تمہیں بے کار تو نہیں بنایا گیا)۔

۸۵: وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنْطِقُونَ (اور ان پر بات انکے ظلم کرنے کی وجہ سے واقع ہو جائے گی۔ اسلئے وہ کوئی بات نہ کرسکیں گے)۔ اللہ تعالیٰ کی آیات کی تکذیب کا جو ظلم انہوں نے ڈھایا تھا اسکی وجہ سے موعودہ عذاب انکو ڈھانپ لے گا اور وہ ان کو معذرت و بات چیت سے مشغول کر دے گا جیسا کہ اس آیت میں مذکور ہے۔ هذا یوم لا ینطقون۔ [المرسلات۔ ۳۵]

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

اور جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں سب گھبرا جائیں گے سوائے اس کے

مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۝٨٧ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً

جسے اللہ چاہے، اور سب اس کے حضور میں عاجزی کے ساتھ حاضر ہو جائیں گے۔ اور تو پہاڑوں کو ایسی حالت میں دیکھ رہا ہے جس میں تجھ کو خیال ہوتا ہے کہ یہ یوں ہی جمے ہوئے رہیں گے

وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا

حالانکہ وہ بادلوں کی طرح گزریں گے یہ اللہ کی کاری گری ہے جس نے ہر چیز کو ٹھیک طرح بنایا ہے بلاشبہ وہ ان کاموں سے باخبر ہے

تَفْعَلُوْنَ ۝٨٨ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ۝٨٩

جو تم کرتے ہو، جو شخص نیکی لیکر آئے گا اسے اس سے بہتر ملے گا اور ایسے لوگ اس دن گھبراہٹ سے پرامن ہوں گے

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٩٠

اور جو شخص برائی لیکر آئے گا تو وہ لوگ اوندھے منہ کر کے دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے تمہیں وہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۸۶: اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ (کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات بنائی تا کہ لوگ اس میں آرام کریں)۔ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا (اور دن بنایا جس میں دیکھیں)۔ نَحو: مبصرًا یہ حال ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آنکھوں کو دن کے لئے بنایا اور دن آنکھوں والوں کے لئے ہے۔ معنی کے اعتبار سے تقابل کی رعایت کی گئی کیونکہ مبصرا کا معنی یہ ہے تا کہ وہ معاش میں آنے جانے کے راستے دیکھ لیں۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (بیشک اس میں البتہ ایمان والوں کے لئے نشانیاں ہیں)۔ جو تصدیق کر کے ان سے عبرت حاصل کرتے ہیں۔

اس میں دلیل ہے کہ اٹھایا جانا درست ہے۔ کیونکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ کیا انہیں معلوم نہیں کہ ہم نے رات اور دن کو بنایا ہے معاش کے دنیا میں برقرار رہنے کا ذریعہ تا کہ لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ ان کو بیکار نہیں بنایا بلکہ آزمائش کے لئے ہے پس ثواب وعذاب کا ہونا یقینی وضروری ہے۔ جب یہ ثواب وعذاب اس دنیا میں پیش نہیں آتے تو ایک اور گھر ثواب وعقاب کے لئے ہونا ضروری ہے۔

۸۷: وَيَوْمَ (اور اس دن کو یاد کرو)۔ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ (جس دن صور میں پھونک ماردی جائے گی)۔ الصور جمع صورۃ کی ہے یا سینگ کو کہتے ہیں۔ صور پھونکنے والے اسرافیل علیہ السلام ہونگے۔ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ (پس گھبرا جائیں گے جو آسمانوں اور جو زمین میں ہیں)۔ اس سے نفخہ اولیٰ والا فزع مراد ہے جب سب بے ہوش ہو جائیں گے۔

نکتہ: فزع ماضی لائے یفزع مضارع ذکر نہیں کیا۔ تا کہ فزع کا قطعی ویقینی وقوع ثابت کر دیا جائے۔ کہ وہ بہر صورت آئے

گی۔ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ (مگر جن کو چاہے اللہ تعالیٰ) مگر جن کے دل کو اللہ تعالیٰ ملائکہ میں سے مضبوط کردیں گے۔ قول علماء۔ نمبر۱۔ وہ جبرائیل میکائیل' اسرافیل' ملک الموت علیہم السلام مراد ہیں۔ نمبر۲۔ شہداء کی ارواح مراد ہیں۔ نمبر۳۔ حوریں اور آگ کا داروغہ اور حملۃ العرش۔ نمبر۴۔ جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان میں سے موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ کیونکہ ان کو ایک مرتبہ بے ہوشی ہو چکی ہے۔ اور اسی طرح اس آیت میں ہے: و نفخ فی الصور فصعق من فی السمٰوٰت ومن فی الارض الامن شاء الله۔ [الزمر۔ ۶۸]

وَکُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِیْنَ (اور سب کے سب اس کے سامنے دبے جھکے رہیں گے)۔ قراءت: حمزہ' حفص' خلف نے اَتَوْهُ پڑھا ہے دیگر قراء نے اٰتُوْهُ پڑھا ہے۔ اور اس کی اصل آتیوہ ہے۔

نحو: داخرین یہ حال ہے۔ ای صاغرین ذلیل وعاجز ہوکر۔ الاتیان کا مطلب موقف میں حاضری ہے۔ یا اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف رجوع اور اس کے حکم کی اطاعت۔

۸۸: وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا (اور تم پہاڑوں کو دیکھو گے۔ تم خیال کرو گے کہ وہ) نحو: تحسبھا۔ ضمیر مخاطب سے حال ہے۔ قراءت: تَحْسَبُهَا۔ شامی' حمزہ' یزید' عاصم نے فتحۂ سین سے پڑھا۔ جبکہ دیگر قراء نے کسرہ سین سے تَحْسِبُهَا پڑھا ہے۔ جَامِدَةً (اپنی جگہ جمے ہوئے ہیں) کھڑے اور حرکت سے رکے ہوئے ہیں۔ یہ جمد فی مکانه سے بنا ہے۔ جبکہ وہ اپنی جگہ سے نہ ٹلے۔ وَهِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ (حالانکہ وہ بادلوں کی طرح چل رہے ہیں) نحو: هی تمتر یہ تحسبه کی ضمیر منصوب سے حال ہے۔

مرّ السحاب ای مرًّا مثل مرّ السحاب۔ بادلوں جیسا چلنا۔ مطلب یہ ہے۔ جب تم نفخہ کے وقت پہاڑوں کو دیکھو تو تم ان کو اپنی جگہ جما ہوا محسوس کرو گے۔ کیونکہ وہ بڑی جسامت والے ہیں۔ مگر واقعہ میں وہ جمے ہوئے نہیں بلکہ بادل کی طرح تیزی سے چلے جارہے ہونگے۔ جبکہ ہوا ان کو دھکیل رہی ہو۔ بڑے اجسام جب حرکت کرتے ہیں تو ان کی حرکت معلوم نہیں ہوتی۔ جیسے نابغہ ذبیانی نے جیش کی تعریف میں کہا۔ بأَرْ عَنَ مثل الطَّودِ و تَحْسَبُ انّهم۔ وقوفُ لِحاجٍ والرِّکابُ تَهْمَلَجُ۔ صُنْعَ اللّٰهِ (یہ اللہ تعالیٰ کی کاریگری ہے)۔ نحو: یہ مصدر ہے اس کا عامل وہی ہے جس پر تمر دلالت کر رہا ہے کیونکہ ان کا بادلوں کی طرح چلنا یہ اللہ تعالیٰ کی کاریگری میں ہے۔ گویا عبارت اس طرح ہے صنع اللّٰه ذلك صنعًا۔ (اللہ تعالیٰ نے اس کو بنایا بنانا)۔ اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام اللہ ذکر کیا کیونکہ پہلے کلام میں مذکور نہیں۔ الَّذِیْٓ اَتْقَنَ کُلَّ شَیْءٍ (جس نے ہر چیز کو مضبوط بنایا)۔ اِنَّهٗ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ (وہ تمہارے اعمال سے خبردار ہیں)۔ قراءت: یفعلون مکی اور بصری نے سوائے سہل اور یحییٰ کے پڑھا اور ابوبکر نے پڑھا ہے۔ جبکہ دیگر قراء نے تاء سے پڑھا۔ وہ جو کچھ بندے کرتے ہیں۔ ان اعمال سے واقف ہے۔ پس وہ ان کو اس کے مطابق بدلہ دیں گے۔

پھر اس کا خلاصہ ذکر فرمایا۔

۸۹: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ (جو شخص نیکی لایا)۔ حسنة سے جمہور نے لا الٰہ الا اللہ کا سچا اقرار مراد لیا ہے۔ فَلَهٗ خَیْرٌ مِّنْهَا (اس

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَىْءٍ وَّاُمِرْتُ

مجھے تو یہی حکم ہوا ہے کہ اس شہر کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے حرمت دی ہے اور ہر چیز اس کی ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے رہوں، اور یہ کہ

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ

قرآن کی تلاوت کروں، سو جو شخص ہدایت اختیار کرتا ہے سو وہ اپنے ہی لیے راہ ہدایت پر آتا ہے

وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

اور جو شخص گمراہی پر رہے آپ فرما دیجئے کہ میں تو صرف ڈرانے والوں سے ہوں، اور آپ یوں کہیے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے وہ عنقریب اپنی نشانیاں دکھا دے گا

فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

سو تم ان کو پہچان لوگے اور آپ کا رب ان کاموں سے غافل نہیں ہے جو تم لوگ کرتے ہو۔

کے لئے اس سے بہت بہتر ملے گا) یعنی اس کو اس عمل حسنہ کی جانب سے اس سے بہتر بدلہ حاصل ہوگا۔ وہ جنت ہے اس صورت میں خیر افضل کے معنی میں نہ آئے گی۔ نحو: منہا یہ موضع رفع میں خیر کی صفت ہے۔ وهم من فزع (اور وہ گھبراہٹ سے)۔ قراءت: کوفی من فزعٍ شدید جو بہت ہی زیادہ ہو۔ نمبر۱۔ اور وہ آگ کا خوف ہے۔ نمبر۲۔ یا ہر قسم کا خوف خواہ معمولی ہو۔ باقی قراء نے بلاتنوین پڑھا ہے۔ یَوْمَئِذٍ کوفی' مدنی نے میم کے فتحہ سے جبکہ دیگر نے کسرۂ میم سے یوم سے قیامت کا دن مراد ہے۔ اٰمِنُوْنَ (وہ امن میں ہونگے)۔ اٰمِن کا لفظ حرف جار کے ساتھ بھی متعدی ہوتا ہے اور اس کے بغیر بھی۔ جیسا کہ اس آیت میں افامنوا مکر اللّٰہ [الاعراف: ۹۹]

۹۰: وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ (اور جو کوئی برائی لایا)۔ السّیئة سے شرک مراد ہے۔ فَكُبَّتْ (پس ان کو اوندھے کیا جائے گا)۔ القیت (ڈالے جائیں گے) وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ (ان کے چہرے آگ میں)۔ کہا جاتا ہے کببت الرجل ای القیته علی وجهه۔ (میں نے اسے چہرے کے بل گرا دیا)۔

آیت میں تمام جسم کو وجہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ سر اور گردن سے تعبیر کرتے ہیں۔ ای القوافی النار۔ ان کو رلانے کے لئے اوندھا کر دیا جائے گا۔ اور کہا جائے گا۔ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (تمہیں نہیں بدلہ دیا جار ہا مگر اتنا ہی جو کچھ تم کرتے تھے)۔ یعنی دنیا میں رہتے ہوئے۔ مثلاً شرک اور دیگر معاصی۔

۹۱: اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ (مجھے حکم ملا ہے کہ میں اس شہر کے رب کی عبادت کروں)۔ البلدة سے مکہ مراد ہے۔ الَّذِىْ حَرَّمَهَا (جس کو اس نے حرمت والا بنایا)۔ امن والا حرم محترم بنایا۔ اس میں پناہ لینے والا محفوظ رہتا ہے۔ اسکے کانٹے کو کاٹا نہ جائیگا اور نہ اسکی گھاس کو اکھاڑا جائیگا اور اسکے شکار کو بھگایا نہ جائے گا۔ وَلَهٗ كُلُّ شَىْءٍ (اور چیز اسی کی ہے)۔ اس شہر سمیت وہ دنیا و آخرت کا مالک ہے۔ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (مجھے تو حکم ملا ہے کہ میں اسکی فرمانبرداری کروں)۔

۹۲:وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ (اور یہ حکم ملا کہ میں قرآن کی تلاوت کروں)۔اتلوا کو اگر تلاوت مصدر سے بنائیں تو قرآن کی تلاوت کروں اور اگر اس کو التُّلُوّ سے لیا جائے جیسا کہ دوسرے مقام پر ہے۔واتبع ما یوحی الیك من ربك۔(الاحزاب)۔۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ملا کہ آپ کہیں امرت ان اخص الله وحدہٗ بالعبادة مجھے حکم ملا ہے کہ اللہ تعالیٰ اکیلے کو عبادت کے ساتھ خاص کروں۔اور قریش کی طرح اس کا شریک نہ بناؤں۔

اور میں ہو جاؤں اسلام پر ثابت قدم رہنے والوں میں سے اور ہو جاؤں ان میں سے جو ملت اسلام پر جمنے والے ہیں اور قرآن مجید کی تلاوت کروں تا کہ حلال وحرام کا امتیاز کر سکوں۔جن کا اسلام تقاضا کرتا ہے۔

نکتہ: مکہ کو تمام شہروں میں خاص کیا اور اپنے اسم مبارک کی طرف اضافت فرمائی۔کیونکہ مکہ مکرمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ محبوب اور زیادہ مرتبے والا ہے اور اس کی طرف اس قول سے اشارہ فرمایا۔هذه البلدة۔ یہ ہٰذہ اسم اشارہ مکہ کی تعظیم کے لئے لایا گیا۔اور اشارہ قریب اس بات پر دلالت کرنے کے لئے کہ یہ اس کے پیغمبر کا وطن ومولد اور مہبط وحی ہے اور اپنی ذات کی صفات کو الذی حرمها سے تعبیر فرمایا۔کیونکہ یہ خصوصی وصف مکہ مکرمہ کو ہی حاصل ہے۔اور ہر چیز اس کی ربوبیت اور ملکوتیت کے ماتحت اسی طرح داخل ہے جیسا تابع اپنے متبوع کے ماتحت ہوتا ہے۔کیونکہ وہ اس کی ربوبیت میں داخل ہیں۔فَمَنِ اهْتَدٰى (جو سیدھے راستہ پر چلے گا)۔خاص میری پیروی کرتے ہوئے ان باتوں میں جو میں بتلاتا ہوں جیسے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور شرکاء کی نفی اور ملت حنیفیہ میں داخل ہونا اور میرے اوپر اترنے والی وحی میں میری اتباع کرنا۔فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ (وہ سیدھے راستہ پر اپنے لئے چلے گا)۔اس کی ہدایت کا فائدہ اسی کی طرف لوٹنے والا ہے نہ کہ میری طرف۔وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ (اور جو شخص گمراہ ہوا تو آپ اس کو فرما دیں بیشک میں تو ڈرانے والوں میں سے ہوں)۔جو شخص گمراہ ہوا اور اس نے میری اتباع اختیار نہ کی اس کا مجھ پر الزام نہیں اس لئے کہ میں تو ڈر سنانے والا رسول ہوں۔جیسا دوسرے مقام پر فرمایا: وما علی الرسول الا البلاغ المبین۔[النور۔۵۴]

۹۳:وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ (اور کہہ دیں (الحمدللہ) تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں عنقریب فَتَعْرِفُوْنَهَا وہ اپنی آیات دکھلائیں گے اس وقت تم ان کو پہچان لو گے)۔پھر آپ کو حکم دیا کہ اللہ تعالیٰ کی اس نعمت نبوت پر شکر یہ ادا کریں جس کے برابر کوئی نعمت نہیں اور یہ بھی حکم دیا کہ اپنے دشمن کو دھمکائیں۔اس لئے کہ اللہ تعالیٰ عنقریب ان کو آخرت میں اپنی آیات دکھائیں گے اس وقت ان کو یقین آ جائے گا۔

## ایک قول یہ ہے:

کہ اس سے مراد چاند کا پھٹنا' دھواں کا ظاہر ہونا۔اور دنیا میں اللہ تعالیٰ کی جو سزائیں ان پر اتریں۔

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (اور آپ کا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو)۔قراءت:تعملون کو تاء کے ساتھ مدنی شامی اور حفص' یعقوب نے پڑھا ہے۔اس صورت میں اہل مکہ کو خطاب ہے۔اور دیگر قراء نے یاء سے پڑھا ہے۔یعنی ہر وہ عمل جو وہ کرتے ہیں پس اللہ تعالیٰ اس کو جاننے والے ہیں۔غفلت وسہو ونسیان سے اس کی ذات وراء الوراء ہے۔

الحمدللہ آج ۲۰ ذیقعد لیلۃ الجمعہ ۱۴۲۳ھ بعد نماز عشاء ترجمہ سورۂ نمل مکمل ہوا۔ ذلك من فضل الله علیّ

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٍ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سُورۂ قصص مکی ہے اور اسکی اٹھاسی آیات اور نو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ

طٰسٓمّٓ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کی بعض خبریں حق کے ساتھ سناتے

بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا

ہیں اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں ۔ بلاشبہ فرعون زمین میں چڑھ گیا تھا۔ اور اس نے زمین والوں کی کئی قسمیں بنا رکھی تھیں ۔

يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ

ان میں ایک جماعت کو کمزور کر رکھا تھا۔ انکے بیٹوں کو ذبح کر دیتا تھا اور انکی عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتا تھا ۔ بلاشبہ وہ فساد

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴﴾ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ

کرنیوالوں میں سے تھا۔ اور ہم نے چاہا کہ جن لوگوں کو زمین میں کمزور کیا ہوا ہے ان پر احسان کریں اور ان کو پیشوا بنادیں اور انہیں

اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵﴾ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ

وارث بنا دیں اور زمین میں انہیں حکومت دیدیں ۔ اور فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو

وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ﴿۶﴾

ان مستضعفین کی جانب سے وہ واقعہ دکھلائیں جس سے وہ اپنا بچاؤ کرتے تھے۔

۱: طٰسٓمّٓ اللہ تعالیٰ ہی اس کی مراد کو جانتے ہیں۔

۲: تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (یہ کتاب مبین کی آیات ہیں)۔ کہا جاتا ہے۔ بان الشیء و ابان۔ دونوں کا ایک معنی ظاہر ہونا۔ اور کہا جاتا ہے ابنته فابان۔ یہ لازم ومتعدی دونوں طرح مستعمل ہے۔ یعنی اس کی خیر و برکت ظاہر ہے۔ نمبر۲۔ یہ حلال وحرام کو ظاہر کرنے والی اور وعدہ و وعید اور اخلاص وتوحید کو ظاہر کرنے والی ہے۔

۳: نَتْلُوْا عَلَيْكَ (ہم تم پر پڑھتے ہیں)۔ یہاں نتلوا نقرأ علیك کے معنی میں ہے۔ یعنی ہمارے حکم سے جبرئیل پڑھیں گے۔

نتلوا کامفعول مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰی وَ فِرْعَوْنَ ہے۔یعنی ہم تم پر ان کے بعض حالات پڑھیں گے۔(موسیٰ وفرعون کی کچھ خبر) من تبعیضیہ ہے۔بِالْحَقِّ (حق کے ساتھ )ای محقین ۔پختگی کرنے والے ہیں۔

نَحو : یہ حال ہے۔

لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (ایمان والے لوگوں کے لئے )۔جن کے متعلق ہمارے علم میں یہ بات سبقت کر چکی کہ وہ ایمان لائیں گے۔ کیونکہ تلاوت الٰہی ان ہی کو فائدہ دے گی نہ کہ دوسروں کو۔

۴:اِنَّ فِرْعَوْنَ (بیشک فرعون)۔ نَحو : یہ جملہ مستانفہ ہے مجمل کی تفسیر کی طرح ہے۔گویا کوئی اس طرح کہہ رہا ہے۔ان کی خبر کس طرح ہوگی۔تو فرمایا بیشک فرعون نے تکبر کیا۔عَلَا (سرکشی کی )اور ظلم میں انتہاء کو پہنچ گیا۔نمبر۲۔تکبر کیا اور اپنے آپ پر فخر کرنے لگا۔اور اپنی غلامی کو بھول گیا۔فِی الْاَرْضِ (زمین میں )یعنی سرزمین مصر میں۔وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا (اور اس کے رہنے والوں کو گروہوں میں تقسیم کر دیا)۔ایک گروہ اس کے ارادوں میں اس کا ساتھ دینے والا اور اطاعت کرنے والا تھا۔ان میں سے کسی کو اختیار نہ تھا کہ وہ اس کی گردن کو خلاف ارادہ موڑ دے۔نمبر۲۔مختلف گروہوں میں بانٹ دیا۔ایک گروہ پر مہربانی کرتا اور دوسرے کی تذلیل۔قبطی گروہ کو عزت دی اور گروہِ اسرائیل کو ذلت میں ڈال دیا۔یَسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ (ان میں سے ایک گروہ کو اس نے کمزور کر رکھا تھا)۔طائفہ سے مراد بنو اسرائیل ہیں۔یُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَیَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ (وہ ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑتا)۔ان کی بیٹیوں کو خدمت کے لئے زندہ چھوڑتا۔

## وجہِ ذبحِ اطفال:

ایک قبطی کاہن نے فرعون کو کہا کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہوگا۔جس کے ہاتھ تیرا ملک برباد ہوگا۔اس میں فرعون کی حماقت ٹپکتی ہے۔اس لئے کہ اگر کاہن نے سچ کہا تو اس کو قتل سے فائدہ نہ ہوگا اور اگر اس نے جھوٹ بولا تو قتل کا کیا مقصد؟

نَحو : یستضعف یہ جعل کی ضمیر سے حال ہے۔نمبر۲۔ شیعًا کی صفت ہے۔نمبر۳۔ جملہ مستانفہ ہے اور اور یذبح یہ یستضعف کا بدل ہے۔

اِنَّهٗ کَانَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ (بلاشبہ وہ مفسدین میں سے تھا)۔

مَسْئَلَۃ :اس میں دلیل ہے کہ ظلماً قتل یہ مفسدین کا فعل ہے۔کاہن نے سچ کہا یا جھوٹ اس کے تحت قتل فضول حرکت ہے۔

۵:وَنُرِیْدُ اَنْ نَّمُنَّ (اور ہم چاہتے ہیں کہ ہم احسان کریں)۔ہم فضل و مہربانی کریں۔

یہ آیت مسئلہ اصلح میں دلیل ہے۔

نَحو : یہ جملہ ان فرعون علا فی الارض پر معطوف ہے۔کیونکہ نبأ موسیٰ وفرعون کی تفسیر ہونے میں یہ اس کی نظیر ہے۔اور اس کا بیان ہے۔نمبر۲۔یستضعف سے حال ہے۔یعنی فرعون نے ان کو کمزور بنا رکھا تھا اور ہم ان پر احسان کرنا چاہتے تھے۔

اور ارادۂ الٰہی تو بہر صورت واقع ہونے والا ہے۔پس اس جملہ کو ان کے استضعاف کے ساتھ بطور مقارنت ذکر کیا۔

عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً (ان لوگوں پر جن کو زمین میں کمزور کر دیا گیا تھا اور ہم ان کو پیشوا بنائیں)۔نمبرا۔ایسے قائد جن کی خیر میں اقتداء کی جاتی ہے۔نمبر۲۔بھلائی کے داعی۔نمبر۳۔والی اور بادشاہ۔

وَنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ (اور ہم ان کو وارث بنائیں)۔یعنی فرعون اور اس کی قوم کے ملک واسباب کا ان کو وارث بنائیں۔

۶: وَنُمَكِّنَ (اور ہم ان کو حکومت دیں)۔مکن له کا معنی اس کے لئے ایسی جگہ بنا دینا جس پر وہ بیٹھ سکے۔نمبر۲۔یا سو سکے اور تمکین فی الارض کا مطلب ارض مصر وشام کو اس طرح کر دینا کہ وہاں ان کو کوئی روک ٹوک نہ ہو اور ان کو تسلط دے دیا جائے اور ان کا حکم چلے۔لَهُمْ فِي الْاَرْضِ (زمین میں)۔ارض سے شام ومصر مراد ہے۔وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا (اور فرعون ہامان اور ان کے لشکروں کو وہ بات دکھا دی)۔قراءت: نُری۔نون کا ضمہ اور فرعون اور مابعد کا نصب۔نمبر۲۔یاء کے ساتھ یُری اور فرعون اور مابعد پر رفع علی وحمزہ نے پڑھا ہے۔تقدیر کلام یہ ہے۔یرون منهم ماحذروه من ذهاب ملكهم وهلاكهم علی يد مولود منهم۔انہوں نے ان سے وہ دیکھ لیا جس کا خطرہ تھا یعنی ملک کا ہاتھ سے نکلنا اور انہی میں سے ایک بچے کے ہاتھ ان کا ہلاک ہونا۔نمبر۳۔یَرٰی نصب کی صورت میں اس کا ماقبل منصوب پر عطف ہے جیسا کہ نون کی قراءت ہے۔نمبر۴۔جملہ مستانفہ ہونے کی بناء پر مرفوع ہے۔مِنْهُمْ سے مراد بنی اسرائیل۔ نحو: نری کے متعلق ہے۔یحذرون کے متعلق نہیں ہے۔کیونکہ صلہ موصول سے مقدم نہیں آسکتا۔ مَا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ (وہ باتیں جن سے وہ ڈرتے اور اندیشہ کرتے تھے)۔

الحذر نقصان سے بچنا۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا

اور ہم نے موسیٰ کی والدہ کے دل میں ڈالا کہ تم اس کو دودھ پلاؤ۔ پھر جب تمہیں اسکی جان کا خطرہ ہو تو اسے سمندر میں ڈال دینا اور

تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧ فَالْتَقَطَهٗٓ

نہ ڈرنا نہ غم کرنا۔ بلا شبہ ہم اُسے تیری طرف واپس کردیں گے، اور اسے پیغمبروں میں سے بنا دیں گے۔ سواسے آلِ فرعون نے

اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

اُٹھا لیا تاکہ انکے لئے دشمن بن جائے اور غم کا باعث بنے۔ بلاشبہ فرعون اور ہامان اور اس کا لشکر

كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝٨ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّىْ وَلَكَ ۗ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ

خطاکرنے والوں میں سے تھے اور فرعون کی بیوی نے کہا کہ یہ میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اسے قتل نہ کرو،

عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ

کچھ بعید نہیں کہ یہ ہمیں نفع پہنچادے یا ہم اس کو اپنا بیٹا بنا لیں۔ اور ان کو خبر نہ تھی، اور موسیٰ کی ماں کا دل

مُوْسٰى فٰرِغًا ۗ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِىْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ

بیقرار ہو گیا قریب تھا کہ وہ اس کا حال ظاہر کر دیتی اگر ہم اس کے دل کو مضبوط نہ کر دیتے تاکہ وہ

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ

یقین کرنیوالوں میں سے رہے۔ اور موسیٰ کی والدہ نے اسکی بہن سے کہا کہ تو اُسکے پیچھے چلی جا۔ سواس نے اسے دُور سے دیکھ لیا اور انہیں

لَا يَشْعُرُوْنَ ۝١١ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى

خبر بھی نہ ہوئی اور ہم نے پہلے ہی سے موسیٰ پر دودھ پلانے والیوں پر بندش کر رکھی تھی۔ سوموسیٰ کی بہن بولی کیا میں تمہیں ایسے گھرانے کا

اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝١٢ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا

پتہ بتادوں جوتمہارے لئے اس کی پرورش کریں اور وہ اسکے خیرخواہ بھی ہوں سو ہم نے موسیٰ کو اس کی والدہ کی طرف لوٹا دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں

الربع وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝١٣ ع

اور غمگین نہ ہو اور تاکہ وہ اس بات کو جان لے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ حق ہے لیکن ان میں سے بہت سے لوگ نہیں جانتے۔

۷: وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى (اورہم نے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے دل میں بات ڈال دی)۔وحی سے۔نمبرا۔الہام سے۔ نمبر۲۔خواب سے۔نمبر۳۔فرشتے کی اطلاع سے جیسا کہ مریم کیلئے ہوا۔اس سے وحی رسالت مرادنہیں پس وہ رسول نہ تھیں۔
اَنْ اَرْضِعِيْهِ (تم دودھ پلاؤ)۔ نحو: یہ اَن ۔ای کے معنی میں ہے۔نمبر۲۔ان مصدریہ ہے۔فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ (پس جب تمہیں اس کے متعلق خطرہ ہو)۔قتل کا اس طرح کہ پڑوسی اس کی آواز سن کر چغلی لگادیں۔فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ (پس اس کو دریا میں ڈال دو)۔الیمّ سے نیل مصر مراد ہے۔وَلَا تَخَافِىْ (اور تم نہ ڈرنا)۔ڈوب جانے اور ضائع ہونے سے۔وَلَا تَحْزَنِىْ (اور نہ غم کرنا)۔اس کی جدائی کا۔اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ (بیشک ہم اس کو تیرے ہاں لوٹانے والے ہیں)۔ایک لطیف انداز سے تاکہ تو اس کی پرورش کرے۔وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (اور اس کو رسولوں میں سے بنانے والے ہیں)۔

## دواہم باتیں:

اس آیت میں دوامر ہیں۔اور دونہی ہیں۔اور دوخبریں اور دو بشارتیں ہیں۔خوف وحزن میں فرق یہ ہے۔خوف ایسا غم جو انسان کوکسی متوقع معاملے میں لاحق ہو۔
الحزن۔ایسا غم جو واقعہ پیش آنے کے بعد لاحق ہو اور وہ موسیٰ کی جدائی اور اس کے متعلق خطرات ہیں۔پس اللہ تعالیٰ نے ان دونوں باتوں سے منع کر دیا۔

## بشارتیں:

موسیٰ علیہ السلام کو واپس لوٹائے جانے کی بشارت۔نمبر۲۔رسالت ملنے کی بشارت۔

## ایک روایت ہے:

کہ موسیٰ کی تلاش میں فرعون نے نوے ہزار بچے ذبح کر ڈالے۔

## روایت میں ہے:

جب موسیٰ علیہ السلام کی ولادت کا زمانہ قریب آیا تو ایک دائی کو بلایا یہ انہی عورتوں میں سے تھی جن کو فرعون نے بنی اسرائیل کی حاملہ عورتوں کے لئے مقرر کیا تھا۔وہ والدۂ موسیٰ کی سہیلی تھی۔دائی نے معالجہ شروع کیا جب موسیٰ پیدا ہو گئے تو دائی کو ایک نور نے ڈرادیا جو موسیٰ کی پیشانی سے نکل رہا تھا۔موسیٰ کی محبت اس دائی کے دل میں سما گئی۔کہنے لگی میں تیرے بچے کو قتل کرنے آئی تھی اور فرعون کو اطلاع پہنچانے آئی تھی لیکن مجھے تیرے بیٹے سے محبت ہوگئی ہے۔جو میں نے کہیں نہیں دیکھی پس تو اس کی حفاظت کر۔ ادھر دائی نکلی تو فرعون کے جاسوس آ گئے۔موسیٰ کی والدہ نے موسیٰ کو کپڑے میں لپیٹ کر جلتے تنور میں رکھ دیا۔ڈر اور خوف سے اس کی عقل اس طرح اڑ گئی کہ اسے معلوم نہ ہوا۔کہ وہ کیا کر رہی ہے۔جاسوسوں نے اندر گھس کر تلاشی لی تو کچھ بھی نہ ملا۔وہ اپنے منہ نکل گئے۔موسیٰ کی والدہ کو یاد نہیں آ رہا تھا کہ میں نے موسیٰ کو کہاں رکھ دیا۔اتنی دیر میں تنور سے رونے کی آواز سنی۔تو اس کی طرف

چل دی۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے لئے آگ کو برد وسلام بنادیا۔ جب فرعون نے بچوں کی تلاش میں تیزی پیدا کر دی تو اللہ تعالیٰ نے دریا میں ڈالنے کا حکم فرمایا۔ تین ماہ دودھ پلانے کے بعد ان کو دریائے نیل میں ڈال دیا۔

۸: فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ (فرعون کے لوگوں نے موسیٰ کو اٹھالیا) لے لیا۔

## قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

فرعون اصطخر کا رہنے والا فارسی تھا۔

لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا (تا کہ وہ ان کا دشمن بن جائے)۔ یعنی تا کہ معاملہ یہاں تک پہنچے۔ یہ مراد نہیں کہ انہوں نے اس مقصد کی خاطر اٹھایا۔ جیسا کہتے ہیں۔ للموت ماتلد الوالدة۔ ماں موت کے لئے جنتی ہے۔ حالانکہ ماں نے تو موت کے لئے نہیں جنا لیکن انجام تو موت ہی ہے۔

زجاج: نے اسی طرح کہا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مفسرین نے اس لام کو لام عاقبت وصیرورت کے نام سے موسوم کیا ہے۔

## صاحبِ کشاف رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

یہ لام کَیْ ہے جو تعلیل کا معنی دیتی ہے۔ جیسا کہتے ہیں۔ جئتك لتكرمني۔ میں تیرے پاس آیا تا کہ تو میرا اکرام کرے۔ مگر اس میں تعلیل کا معنی بطور مجاز وارد کیا گیا ہے۔ کیونکہ جب ان کے اٹھانے کا یہ نتیجہ نکلا تو اس فعل کو داعی کے اس فعل سے تشبیہ دی۔ وہ داعی کہ فاعل اپنا فعل اس کی خاطر کر لے۔ اور وہ اکرام ہے جو کہ تشریف آوری کا ہی نتیجہ ہے۔ وَحَزَنًا (اورغم کا باعث)۔ علی وحمزہ نے حُزنًا پڑھا ہے۔ دیگر نے حَزَنًا۔ یہ دونوں لغات ہیں۔ اس کی نظیر العُدْم اور العَدَم ہے۔ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ (بیشک فرعون ہامان اور ان کا لشکر غلطی کرنے والے تھے)۔ خاطئین تخفیف کے ساتھ ابوجعفر نے پڑھا۔ ای کانوا مذنبین وہ گناہ گار تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کو سزا دی۔ کہ میرا رب ان کا دشمن تھا۔ اور وہ بھی جو ان کے سامنے ہلاک ہونے کا سبب بنے۔ نمبر۲۔ وہ ہر چیز میں خطا کرنے والے تھے۔ اپنے دشمن کی تربیت کرنا یہ ان کی کوئی پہلی غلطی نہ تھی۔

۹: وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ (فرعون کی بیوی نے کہا یہ میرے اور تیرے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے)۔ روایت میں ہے۔ کہ جب انہوں نے صندوق اٹھالیا۔ تو اس کو کھولنے کی کوشش کی مگر نہ کھلا۔ پھر توڑنا چاہا اس سے بھی عاجز رہے۔ آسیہ قریب ہوئیں تو انہوں نے صندوق کے درمیان میں نور دیکھا۔ پس اس نے کھولنے کی کوشش کی تو صندوق کھل گیا۔ اچانک بچے کو دیکھا جس کی جبین نور سے ٹمٹما رہی تھی۔ ان سب کو دیکھتے ہی اس سے محبت ہوگئی۔ فرعون کی ایک بیٹی برص زدہ تھی۔ اس نے اس بچے کے چہرے پر نگاہ ڈالی تو اس کا برص جاتا رہا۔ فرعون کی قوم کے بعض گمراہ لوگوں نے کہا یہی وہ بچہ ہے جس سے آپ کو

خطرہ تھا ہمیں اس کے قتل کی اجازت دیں۔فرعون نے ارادہ کرلیا مگر آسیہ نے کہاقرت عین لی ولك۔ یہ میرے اور تیرے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔فرعون نے کہا تیرے لئے نہ کہ میرے لئے۔حدیث الفتون جس کی تخریج نسائی نے کی ہے۔یہ ہے اگر وہ کہتا جیسا آسیہ نے کہا تو اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت دیتے جیسا اس کو ملی۔اور یہ بطور فرض کے فرمایا۔اگر اس کے دل پر سخت دلی کی مہر نہ لگی ہوتی تو وہ اسی طرح کہتا جیسا کہ اس نے کہا اور وہ اسلام لے آتا جیسا وہ اسلام لائی۔

نحو :هو مبتدأ محذوف ہے اور قُرة اس کی خبر ہے۔اورلی ولك یہ دونوں قرۃ کی صفتیں ہیں۔

لَاتَقْتُلُوْهُ (اس کو قتل مت کرو)۔اس کو بادشاہوں کی طرح عزت سے خطاب کیا۔نمبر۲۔گمراہوں کو مخاطب کر کے اس نے عَسٰٓی اَنْ یَّنْفَعَنَآ کہا۔اس لئے کہ اس میں برکات چھپی ہیں۔نفع کی دلالتیں موجود ہیں اور وہ چہرے پر نورانیت اور برصاء لڑکی کا درست ہونا ہے۔اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا (یا اس کو بیٹا بنالیں)۔یا اس کو متبنیٰ بنالیں یہ بادشاہوں کا متبنیٰ بننے کے قابل ہے۔وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ (اوران کو احساس بھی نہ تھا)۔

نحو :نمبرا۔آل فرعون ذوالحال اور یہ اس کا حال ہے۔تقدیر کلام یہ ہے۔فالتقطه آل فرعون ليكون لهم عدوا وحزنا وقالت امرأة فرعون كذا وهم لا يشعرون انهم على خطأ عظيم فى التقاطه ورجاء النفع منه و تبنّيه۔نمبر۲۔ إنّ فرعون یہ جملہ معترضہ ہے۔جو کہ معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان واقع ہے۔اوران کے خطأ کے مفہوم کی تاکید ہے۔اس کلام کا نظم معانی و بیان والوں کے ہاں کتنا ہی خوب ہے۔

۱۰:وَاَصْبَحَ یہ صار کے معنی میں ہے۔(ہوگیا)۔فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا۔(موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل خالی)۔جب اس کو فرعون کے ہاتھ میں پڑنے کی اطلاع ملی تو شدید گھبراہٹ سے ان کو کچھ سوجھ نہ رہی۔(اکثر مفسرین نے فرمایا کہ ان کا دل موسیٰ کی محبت کے علاوہ ہر چیز سے خالی ہوگیا)(مترجم)اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِیْ بِهٖ (قریب تھا کہ وہ اس کو ظاہر کر دیتی)۔ نحو :ہٗ کی ضمیر موسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔مراد اس کا معاملہ اور واقعہ کہ وہ اس کا بیٹا ہے۔

## ایک قول یہ ہے:

جب اس نے صندوق کے ساتھ امواج نیل کو کھیلتے دیکھا تو قریب تھا کہ وہ چیخ کر یہ کہہ ڈالے یابناہ!(قول مقاتل)

## قولِ دیگر:

جب فرعون کے صندوق پکڑ لینے کی اطلاع ملی تو اس کو اس میں قطعاً شک نہ رہا کہ وہ اس کو قتل کر ڈالے گا تو قریب تھا کہ وہ شفقةً کہہ ڈالے۔وابناهٔ۔ نحو :ان یہ مخففہ من المثقلہ ہے۔ اى انها كادت۔لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا (اگر ہم اس کے دل کو نہ تھامتے)۔الربط على القلب: الہام صبر سے دل کو تقویت دینا۔لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہوجائے)۔یعنی ہمارے وعدے کو سچا جاننے والوں میں سے بن جائے۔اوروہ وعدہ انا راد وه اليك ہے۔

لولا کا جواب محذوف ہے۔ ای لَاَبْدَتْهُ۔ ضرور ظاہر کر دیتی۔ نمبر۲۔ اس کا دل غم سے خالی ہو گیا جب اس نے سنا کہ فرعون نے اس کو متبنّٰی بنا لیا ہے۔ قریب تھا کہ خوشی میں ظاہر کر بیٹھیں کہ وہ اس کا بیٹا ہے۔ کیونکہ اس خبر کو سن کر اس کو اپنے اوپر خوشی سے اختیار نہ رہا اگر ہم اس کے دل کو مطمئن نہ کرتے اور دل کے اضطراب کو پر سکون نہ بناتے جس کی وجہ سے انتہائی خوشی پیش آئی تھی۔ تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے وعدے پر پختہ یقین کرنے والے لوگوں میں سے ہو جائے نہ کہ فرعون کے متبنّٰی بنانے پر۔

یوسف بن حسین نے کہا: موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو دو باتیں کہی گئیں۔ اور دونوں باتوں سے منع کیا گیا اور دو بشارتیں دی گئیں۔ مگر اس کو ان سے فائدہ نہ ہوا جب تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی حفاظت کر کے ان کے دل کو مضبوط نہ کر دیا۔

۱۱: وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ (اور اس نے موسیٰ کی بہن سے کہا)۔ اخت کا نام مریم تھا۔ قُصِّيْهِ (اس کے پیچھے پیچھے چلی جاؤ)۔ تو اس کے پیچھے چلی جا تا کہ تو اس کے حالات معلوم کر سکے۔ فَبَصُرَتْ بِهٖ (پس اس نے دور سے دیکھا)۔ عَنْ جُنُبٍ جنب یہاں دور کے معنی میں ہے۔ نحو: یہ بہ کی ضمیر سے حال ہے۔ یا بصرت کی ضمیر سے۔ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (اور ان کو خبر تک نہ تھی)۔ کہ یہ اس کی بہن ہے۔

۱۲: وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ (اور ہم نے روک دیا موسیٰ پر دودھ پلانے والیوں کو)۔ حرمنا۔ ممانعت کے معنی میں ہے۔ تحریم شرعی مراد نہیں یعنی ہم نے ان کو روک دیا کہ وہ اپنی ماں کے پستان کے علاوہ دوسرا پستان قبول کر لے۔ وہ کسی مرضعہ کا پستان قبول نہ کرتے تھے یہاں تک کہ ان کے ہاں یہ بات اہمیت پکڑ گئی۔

المراضع جمع مرضع۔ دودھ پلانے والی عورت۔ نمبر۲۔ مرضع کی جمع ہے یعنی موضع الرضاع یعنی پستان۔ نمبر۳۔ دودھ پلانا۔

مِنْ قَبْلُ (مریم کے اس کے پیچھے جانے سے پہلے)۔ نمبر۲۔ والدہ کی طرف لوٹانے سے پہلے۔ فَقَالَتْ (اس نے کہا)۔ موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے کہا جب کہ وہ مراضع کے درمیان فرعونی محل میں داخل ہو گئی اور موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ پستان قبول نہیں کر رہا۔ هَلْ اَدُلُّكُمْ (کیا میں تمہیں بتلاؤں)۔ تمہاری راہنمائی کروں۔ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ (ایسے گھر والوں کے متعلق جو اس کی کفالت کریں گے)۔ ہٗ کی ضمیر موسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ (جو تمہارے لئے اس کی خیر خواہی کرتے رہیں)۔ النصح۔ فساد و بگاڑ کی ملاوٹ سے عمل کا اخلاص۔

## روایت میں ہے:

کہ جب مریم نے کہا وھم له ناصحون۔ تو ہامان نے کہا۔ یہ اس بچے کو پہچانتی ہے۔ اور اس کے گھر والوں کو پہچانتی ہے۔ اس کو پکڑ لو تا کہ اس لڑکے کے متعلق اطلاع دے۔ لڑکی کہنے لگی میری مراد یہ ہے کہ وہ بادشاہ کے خیر خواہ ہیں۔ پس وہ اپنی والدہ کی طرف ان کے حکم سے گئی اور والدہ کو لے کر آ گئی۔ اس وقت بچہ فرعون کے ہاتھوں میں تھا وہ اس کو شفقت سے بہلا رہا تھا۔ اور بچہ دودھ کے لئے رو رہا تھا۔ جونہی اس کی خوشبو محسوس کی تو بچہ مانوس ہو گیا۔ اور اس کے پستان سے چمٹ گیا فرعون نے دایہ کو کہا۔ تو

اس کی کیا لگتی ہے؟ اس نے ہر عورت کے پستان کو قبول کرنے سے انکار کر دیا مگر تیرے دودھ کو۔ تو موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے کہا میں ایک پاکیزہ ہوا والی عورت ہوں۔ دودھ بھی پاکیزہ رکھتی ہوں ہر بچہ مجھے قبول کر لیتا ہے۔ اس نے بچہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے سپرد کر دیا اور اس کا وظیفہ جاری کر دیا۔ وہ اس کو لے کر اپنے گھر آ پہنچیں۔ اللہ تعالیٰ نے واپسی لوٹانے والا وعدہ پورا فرمایا۔ اس وقت والدۂ موسیٰ علیہ السلام کو یہ پختہ یقین ہو گیا۔ کہ وہ عنقریب پیغمبر ہونگے۔ اور اس ارشاد میں یہی فرمایا۔

۱۳: فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا (پس ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ان کی ماں کی طرف لوٹایا تا کہ اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو)۔ اس کے ساتھ ٹھہرنے سے۔ وَلَا تَحْزَنَ (اور وہ اس کی جدائی سے غم زدہ نہ ہو)۔ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ (اور تا کہ وہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے)۔ یعنی تا کہ اس کو مشاہدہ سے علم ہو جائے جیسا اطلاع سے علم ہوا۔

نحو: ولا تحزن کا عطف تَقَرَّ پر ہے اور ان کی ماں کے لئے وہ دینار حلال ہو گیا جس کو وہ ہر روز لیتی تھیں جیسا کہ سدی نے فرمایا کیونکہ وہ حربی کا مال تھا نہ یہ کہ وہ ان کے دودھ پلانے کی اجرت تھی۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ (لیکن ان کی اکثریت نہیں جانتی)۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے علم کے تحت داخل ہے۔ یعنی اور تا کہ اسے معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے۔ لیکن ان کی اکثریت نہیں جانتی کہ وہ سچا ہے پس وہ شک کرنے لگتے ہیں۔ یہ ارشاد اس پر تعریض کے مشابہ ہے جو گھبراہٹ اس پر طاری ہوئی جب اس نے موسیٰ کی خبر سنی۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۴

اور جب موسیٰ اپنی بھری جوانی کو پہنچے اور پوری طرح درست ہو گئے تو ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا اور اچھا کام کرنے والوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫

اور وہ ایسے وقت میں شہر میں داخل ہوئے کہ وہاں کے لوگ غافل تھے سو اس میں دو مردوں کو پایا جو آپس لڑ رہے تھے،

هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِىْ

ایک ان کی جماعت میں سے تھا اور ایک دشمن کی جماعت میں سے تھا۔ سو جو شخص ان کی جماعت میں سے تھا اس نے ان سے اس شخص کے مقابلہ میں مدد طلب کی

مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۫ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ

جو ان کے دشمنوں میں سے تھا۔ سو موسیٰ نے اس کو گھونسا ماردیا۔ سو اس کا کام تمام کردیا۔ موسیٰ نے کہا یہ شیطانی حرکت ہے بلاشبہ وہ دشمن ہے

مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ۝۱۵ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

گمراہ کرنیوالا ہے واضح طور پر، موسیٰ نے کہا اے میرے رب بلاشبہ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ سو آپ میری مغفرت فرما دیجئے۔ سو اللہ نے ان کو بخش دیا۔ بلاشبہ وہ بخشنے والا ہے

الرَّحِيْمُ ۝۱۶ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۷

مہربان ہے۔ موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ آپ نے مجھ پر انعام فرمایا۔ سو میں ہرگز بھی مجرمین کی مدد کرنیوالا نہیں ہوں گا۔

۱۴: وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ (جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا)۔ موسیٰ علیہ السلام طاقت کی انتہاء کو پہنچے اور تکمیل قوت عقلیہ ہو چکی۔ اشُدٌّ۔ جمع شدۃ کی ہے جیسا نِعْمَة و اَنْعُمٌ۔ عند سیبویہ۔ وَاسْتَوٰی (اور درست ہو گئے)۔ اعتدال کو پہنچ گئے اور ان کا عقلی استحکام ہو چکا۔ یہ چالیس سال کی عمر ہے۔ روایت کیا جاتا ہے کہ ہر پیغمبر کو چالیس سال کی انتہاء پر پیغمبر بنایا گیا۔

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا (اور ہم نے ان کو حکم و علم عنایت فرمایا)۔ حکم سے نبوت اور علم سے سمجھ یا مصالح دارین کا علم عنایت فرمایا۔ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ (اور ہم اخلاص برتنے والوں کو اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں)۔ جیسا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کے ساتھ کیا۔ اسی طرح ہم مؤمنین کے ساتھ کرتے ہیں۔

## قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

اللہ تعالیٰ نے علم و حکمت کو احسان پر بدلہ قرار دیا۔ کیونکہ یہ دونوں جنت کا ذریعہ ہیں۔ جو کہ محسنین کی جزاء ہے۔

العالم الحکیم سے وہ شخص مراد ہے جو اپنے علم پر عمل کرلے۔ کیونکہ ارشاد الٰہی ہے ولبئس ماشروا به انفسهم

لو کانوا یعلمون۔البقرہ۔۱۰۲۔علم پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے ان کو جاہل قرار دیا گیا۔

۱۵:وَدَخَلَ الْمَدِیْنَۃَ وہ (مصر کے) شہر میں داخل ہوئے۔عَلٰی حِیْنِ غَفْلَۃٍ مِّنْ اَھْلِھَا (جبکہ شہر والے بے خبر تھے)۔ نحو: یہ فاعل سے حال ہے۔یعنی چھپ کر مغرب وعشاء کے درمیان یا قیلولہ کے وقت جبکہ نصف النہار کا وقت تھا۔ایک قول یہ ہے۔ جب آپ جوان ہوئے اور عقل پختہ ہوئی تو حق کی بات کہنے لگے اور غلط باتوں پر نکیر کرنے لگے۔فرعونیوں نے ان کو ڈرایا۔پس آپ شہر میں مخفی طور پر داخل ہوئے۔فَوَجَدَ فِیْھَا رَجُلَیْنِ یَقْتَتِلٰنِ ھٰذَا مِنْ شِیْعَتِہٖ (پس اس میں دو آدمی پائے جو باہمی لڑ رہے تھے ایک ان کے گروہ کا تھا)۔ان میں سے تھا جو بنی اسرائیل میں سے دین میں آپ کے ساتھ چلنے والے تھے۔ایک قول: یہ سامری تھا۔

وَھٰذَا مِنْ عَدُوِّہٖ (اور یہ اس کے دشمن میں سے) ان کے مخالفین اقباط میں سے۔اس کا نام فاتون تھا۔ان کے متعلق ھذا' ھذا کہا گیا اگرچہ وہ غائب تھے۔یہ علی سبیل الحکایت ہے۔یعنی جب کوئی دیکھنے والا دیکھے تو کہے گا یہ اس کے گروہ میں سے ہے اور یہ اس کے دشمن گروہ سے۔فَاسْتَغَاثَہُ الَّذِیْ مِنْ شِیْعَتِہٖ عَلَی الَّذِیْ مِنْ عَدُوِّہٖ فَوَکَزَہٗ مُوْسٰی (اس شخص نے جو موسیٰ علیہ السلام کے گروہ میں سے تھے مدد طلب کی اس کے خلاف جو آپ کے دشمنوں میں سے تھا)۔پس موسیٰ علیہ السلام نے اس کو مکہ مارا یا تھپڑ مارا۔استغاثہ۔مدد طلب کرنے کو کہتے ہیں۔فَقَضٰی عَلَیْہِ (اس کا کام تمام ہو گیا)۔وہ مر گیا۔قَالَ ھٰذَا (اس نے کہا) یہ۔ ہذا سے بلا قصد ہونے والے قتل کی طرف اشارہ کیا۔مِنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ (یہ شیطانی عمل ہے)۔قتل کافر کو شیطان کا عمل قرار دیا اور اس کو اپنے نفس کے لئے ظلم قرار دیا اور اس سے استغفار کیا۔کیونکہ آپ ان میں مستأمن تھے اور کافر حربی کا قتل جائز نہیں۔ نمبر۲۔اجازتِ قتل سے پہلے آپ نے اس کو قتل کر دیا۔

## قولِ ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ:

امر کے بغیر کسی پیغمبر کو قتل کرنا جائز نہیں۔اِنَّہٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِیْنٌ (وہ کھلا غلطی میں ڈالنے والا دشمن ہے)۔اس کی دشمنی ظاہر و باہر ہے۔

۱۶:قَالَ رَبِّ (موسیٰ نے کہا اے میرے رب)۔اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ (بے شک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا) ایسے فعل سے جو قتل پر منتج ہوا۔فَاغْفِرْ لِیْ (پس تو میری لغزش معاف فرما۔)فَغَفَرَ لَہٗ (پس اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا)۔اس کی لغزش کو۔اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ (بیشک وہ بخشنے والا ہے)۔لغزشوں کا ازالہ کر کے۔الرَّحِیْمُ (رحیم ہے) شرمندگی کا ازالہ فرما کر۔

۱۷:قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ فَلَنْ اَکُوْنَ ظَھِیْرًا (کہا اے میرے رب اس لئے کہ آپ نے مجھ پر انعام فرمایا میں ہرگز پشت پناہ نہ بنوں گا)۔ظھیر۔معاون۔لِّلْمُجْرِمِیْنَ (مجرمین کے لئے)۔کفار کے لئے بما انعمت علی۔یہ قسم ہے۔اس کا جواب محذوف ہے۔تقدیر کلام اس طرح ہے۔میں تیرے انعام مغفرت کی قسم اٹھاتا ہوں میں توبہ کرتا ہوں پس میں ہرگز کافروں کا پشت پناہ نہ ہوں گا۔نمبر۲۔طلب مہربانی ہے۔گویا اس طرح فرمایا۔اے میرے رب تو میری حفاظت فرما اس مغفرت والے

فَاَصْبَحَ فِی الْمَدِیْنَةِ خَآئِفًا یَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِی اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ یَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤی

پھر اگلے دن شہر میں موسیٰ کو صبح ہوئی خوف کی حالت میں کہ اچانک وہی شخص جس نے کل گزشتہ میں ان سے مدد طلب کی تھی پھر ان سے مدد طلب کر رہا ہے موسیٰ نے کہا

اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ ۝۱۸ فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ اَنْ یَّبْطِشَ بِالَّذِیْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ

بلا شبہ تو تو صریح گمراہ ہے پھر جب موسیٰ نے ارادہ کیا کہ اس شخص کو پکڑیں جو اُن دونوں کا دشمن تھا تو وہ اسرائیلی شخص بول اٹھا کہ

یٰمُوْسٰۤی اَتُرِیْدُ اَنْ تَقْتُلَنِیْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖۗ اِنْ تُرِیْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ

اے موسیٰ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ مجھے قتل کر دو جیسا کہ کل تم نے ایک شخص کو قتل کیا ہے۔ بس تم یہی چاہتے ہو کہ زمین میں اپنا زور

جَبَّارًا فِی الْاَرْضِ وَ مَا تُرِیْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِیْنَ ۝۱۹ وَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا

بٹھلاتے رہو اور اصلاح کرنیوالوں میں سے نہیں ہونا چاہتے اور ایک شخص شہر کے دور والے کنارے سے

الْمَدِیْنَةِ یَسْعٰی ٘ قَالَ یٰمُوْسٰۤی اِنَّ الْمَلَاَ یَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِیَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّیْ لَكَ

دوڑتا ہوا آیا کہنے لگا کہ اے موسیٰ بلاشبہ بات یہ ہے کہ اہل دربار آپکے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں کہ آپ کو قتل کر دیں۔ لہٰذا آپ نکل جایئے بلاشبہ میں

ع ۲/۸/۵ مِنَ النّٰصِحِیْنَ ۝۲۰ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا یَّتَرَقَّبُ ؗ قَالَ رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝۲۱

آپکی بھلائی چاہنے والوں میں سے ہوں سو وہاں سے ڈرتے ہوئے انتظار کرتے ہوئے نکل گئے۔ کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھے ظالم قوم سے نجات دیجئے۔

انعام کے حق سے جو آپ نے مجھ پر فرمایا۔ اگر آپ نے میری حفاظت فرمائی تو میں ہرگز مجرموں کا معاون نہ بنوں گا۔ مجرمین کی پشت پناہی سے مراد فرعون کے ساتھ رہنا اور تمام کے ساتھ انتظام کرنا اور اس کی جماعت میں اضافہ کرنا۔ اس طرح کہ اس کے سواروں کے ساتھ اس طرح سوار ہوتے جیسے بیٹا والد کے ساتھ ہوتا ہے۔

۱۸: فَاَصْبَحَ فِی الْمَدِیْنَةِ خَآئِفًا (آپ نے شہر میں خوف کی حالت میں صبح کی)۔ اپنے متعلق قتل قبطی کے سلسلہ میں خوف زدہ تھے کہ ان کو پکڑ لیا جائے۔ یَتَرَقَّبُ (انتظار کرتے)۔ نَحو: یہ حال ہے۔ ناپسند چیز کی توقع کرتے اور وہ اندیشہ انتقام تھا۔ یا نمبر۲۔ اطلاع قتل نمبر۳۔ جو کچھ اس کے بارے میں کہا جا رہا تھا۔

### قول ابن عطاء رحمۃ اللہ علیہ:

اپنے نفس کے متعلق خطرہ تھا اپنے رب کی مدد کے منتظر تھے۔

مَسْئَلَہ: اس میں دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی سے ڈرنے میں حرج نہیں۔ بخلاف ان لوگوں کے جو اس کو درست قرار نہیں دیتے۔ فَاِذَا الَّذِی (اچانک وہ شخص جس نے)۔ نَحو: اذا مفاجات کے لئے ہے اور اس کا مابعد مبتدأ ہے۔ اسْتَنْصَرَهٗ

(موسیٰ علیہ السلام سے مدد طلب کی تھی)۔بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ۔(کل گزشتہ وہی ان کو چیخ کر پکار رہا تھا)۔ان سے فریاد طلب کر رہا تھا۔مطلب یہ ہے کہ اسی سابقہ اسرائیلی نے دوسرے قبطی کے خلاف مدد کے لئے موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی۔قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤى (موسیٰ علیہ السلام نے اسرائیلی کو فرمایا)۔اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ (تو بلاشبہ کھلا ہوا ٹیڑھا چلنے والا ہے)۔ہدایت سے ہٹا ہوا ہے جس کی گمراہی واضح ہے۔تو نے کل گزشتہ ایک آدمی سے لڑائی مول لی۔تیری وجہ سے جس کو میں نے قتل کر دیا۔عقل و سمجھ والا تو ایسی مصیبت اپنے اوپر ڈالتا ہی نہیں اور نہ اس پر جو اس کی امداد کرے۔

آیت ۱۹:فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ (جب موسیٰ علیہ السلام نے ارادہ کیا)۔اَنْ یَّبْطِشَ بِالَّذِیْ (اس قبطی کی طرف ہاتھ بڑھائیں)۔هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا (جو دونوں کا دشمن تھا)۔یعنی موسیٰ و اسرائیلی کا کیونکہ وہ ان کے دین پر نہ تھا۔اور قبطی بنی اسرائیل کے دشمن تھے۔قَالَ (اس اسرائیلی نے موسیٰ علیہ السلام کو کہا)۔اس کو وہم و خیال ہوا کہ موسیٰ مجھے پکڑنے لگے ہیں نہ کہ قبطی کو اس لئے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس کو انك لغوی مبین فرمایا تھا۔یٰمُوْسٰۤى اَتُرِیْدُ اَنْ تَقْتُلَنِیْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا (اے موسیٰ کیا تو مجھے قتل کرنا چاہتا ہے جیسا کہ تو نے ایک جان کو قتل کیا) نفس سے قبطی مراد ہے۔بِالْاَمْسِ اِنْ تُرِیْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا (کل گزشتہ تو نہیں چاہتا مگر زور بڑھانا)۔اِن نافیہ ہے۔جبارًا۔(شدت غضب سے قتل کرنے والا)۔فِی الْاَرْضِ ارض سے مصر مراد ہے۔وَمَا تُرِیْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِیْنَ (اور تو صلح کرانے والوں میں سے بننا نہیں چاہتا)۔غصہ کو دبا کر۔کل والے قبطی کا قتل تو لوگوں میں معروف تھا۔لیکن قاتل معلوم نہ تھا۔جب اس نے موسیٰ علیہ السلام کے متعلق بات ظاہر کر دی۔تو قبطی کو معلوم ہو گیا کہ کل کا قاتل موسیٰ علیہ السلام ہے۔اس نے جا کر فرعون کو اطلاع دی۔پس انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کے قتل کا پختہ ارادہ کر لیا۔

۲۰:وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ (اور ایک آدمی شہر کے آخری کنارے سے آیا)۔یہ آل فرعون کا مؤمن ہی تھا۔یہ فرعون کا چچا زاد تھا۔یَسْعٰى (دوڑتا ہوا)۔نَحو : یہ رجل کی صفت ہے۔نمبر۲۔رجل سے حال ہے کیونکہ اس کی صفت من اقصی المدینۃ سے کی گئی ہے۔قَالَ یٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ یَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِیَقْتُلُوْكَ (کہا اے موسیٰ بلاشبہ سردار تمہارے متعلق مشورہ کر رہے ہیں تا کہ تمہیں قتل کر دیں)۔وہ ایک دوسرے کو تیرے قتل کرنے کے لئے کہہ رہے ہیں۔نمبر۲۔وہ تیرے متعلق باہمی مشورہ کر رہے ہیں۔

الائتمار۔(مشورہ کرنا)۔کہا جاتا ہے الرجلان یتأمران و یأتمران۔وہ دو مشورہ کرتے ہیں۔کیونکہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو کسی چیز کا حکم دیتا ہے۔یا کسی کام کا اشارہ کرتا ہے۔فَاخْرُجْ (تو اس شہر سے نکل)۔اِنِّیْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِیْنَ (بیشک میں تیرا خیر خواہ ہوں)۔نَحو : لک یہ بیان ہے۔یہ ناصحین کا صلہ نہیں ہے کیونکہ صلہ موصول سے پہلے نہیں آ سکتا۔گویا عبارت اس طرح ہے۔انی من الناصحین پھر وضاحت کرتے ہوئے کہا۔لك تمہارا جیسا محاورہ میں کہتے ہیں۔سقیًا لك و مرحبًا لك۔

۲۱:فَخَرَجَ (پس موسیٰ علیہ السلام نکلے)۔مِنْهَا (اس شہر سے) خَآىِٕفًا یَّتَرَقَّبُ (ڈرتے ڈرتے ٹوہ لگاتے) کہ راستے میں کوئی تعرض کرنے والا نہ ہو یا کہیں ان کو قتل کرنے والا نہ آ ملے۔اللہ کی مدد کی امید کرتے اور دشمنوں سے ڈرتے ہوئے نکل پڑے۔ قَالَ رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ (کہا اے میرے رب تو مجھے ظالم قوم سے نجات عنایت فرما)۔یعنی قوم فرعون سے۔

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾ وَلَمَّا وَرَدَ

اور جب موسیٰ نے مدین کی طرف توجہ کی تو یوں کہا کہ اُمید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھا راستہ چلا دے گا۔ اور جب مدین کے پانی پر

مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۫ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ

پہنچے تو وہاں لوگوں کی ایک جماعت کو دیکھا جو پانی پلا رہے تھے اور وہاں دو عورتوں کو دیکھا

تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ

جواُن لوگوں سے روک رہی تھیں موسیٰ نے پوچھا تم دونوں کا کیا حال ہے؟ وہ دونوں کہنے لگیں کہ ہم اسوقت تک پانی نہیں پلاتے جب تک کہ چرواہے واپس نہ لے جائیں اور ہمارے والد

كَبِيْرٌ ﴿٢٣﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ

بہت بُوڑھے ہیں، سوموسیٰ نے ان کے لئے پانی پلا دیا، پھر سایہ کی طرف ہٹ گئے، پھر یوں کہا کہ اے میرے رب آپ جو کچھ خیر میرے لئے نازل فرمائیں میں

فَقِيْرٌ ﴿٢٤﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ

اس کا محتاج ہوں، سوان دوعورتوں میں سے ایک عورت موسیٰ کے پاس آئی جو چلتے ہوئے شرمارہی تھی اس نے کہا کہ بلاشبہ میرے والد تم کو بُلا رہے ہیں تاکہ تمہیں

اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ

اس کا صلہ دیں جو تم نے ہمارے لئے پانی پلایا، پس جب موسیٰ انکے پاس آئے اور انکو واقعات سنائے تو اُنہوں نے کہا کہ خوف نہ کرو تم ظالم قوم سے

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ

نجات پاگئے ہو، ان دونوں عورتوں میں سے ایک کہنے لگی کہ ابا جی آپ اس شخص کو مزدوری پر رکھ لیجئے بیشک جس کسی کو آپ مزدوری پر رکھیں ان میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قوی ہو

الْاَمِيْنُ ﴿٢٦﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ

امانت دار ہو، شیخ نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تم سے اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک بیٹی کا نکاح کر دوں اس شرط پر کہ تم میرے پاس آٹھ سال نوکری کے طور پر

حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ

عمل کرو۔ سو اگر تم دس سال پُورے کر دو تو یہ تمہاری طرف سے ہوگا اور میں یہ نہیں چاہتا کہ تم پر مشقت ڈالوں، انشاء اللہ تم مجھے

اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ؕ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ

صالحین میں سے پاؤ گے موسیٰ نے کہا یہ معاملہ ہے میرے اور آپ کے درمیان، میں دونوں مدتوں میں سے جونسی مدت پوری کر دوں تو مجھ پر کوئی

ع ٣ عَلَيَّ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٢٨﴾

زیادتی نہ ہوگی اور جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اللہ اسپر وکیل ہے۔

۲۲:وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ (جب وہ مدین کی جانب چل دیئے)۔تلقاء۔(جانب)۔التوجه۔(کسی چیز کی طرف پورے متوجہ ہونا)۔مدین۔یہ شعیب علیہ السلام کا شہر ہے۔اس کا نام مدین بن ابراہیم علیہ السلام کے نام پر رکھا گیا۔یہ علاقہ سلطنتِ فرعون میں نہ تھا۔اس کا مصر سے آٹھ دن رات کا پیدل سفر تھا۔

## قول ابن عباس رضی اللہ عنہما:

موسیٰ علیہ السلام نکلے مگر ان کو راستہ کا علم نہیں تھا۔فقط اپنے رب پر حسن ظن تھا۔قَالَ عَسٰى رَبِّيْ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ (کہا امید ہے کہ میرا رب میری راہنمائی سیدھے راستہ کی طرف فرمادے گا)۔سواء: وسط اور بڑے راستہ کو کہا جاتا ہے پس ایک فرشتہ آیا اور ان کو مدین لے گیا۔

۲۳:وَلَمَّا وَرَدَ (جب آپ پہنچے)۔مَآءَ مَدْيَنَ (مدین کے پانی پر)۔جس سے لوگ جانوروں کو پلاتے تھے۔یہ کنواں تھا۔وَجَدَ عَلَيْهِ (اس کنوئیں کے ایک جانب پایا)۔اُمَّةً (بڑی جماعت کو) مِنَ النَّاسِ (مختلف انسانوں کی)۔يَسْقُوْنَ (وہ اپنے مویشیوں کو پانی پلا رہے تھے)۔وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ (اور آپ نے پایا ان سے نچلی جانب)۔امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ (دوعورتیں وہ روکنے والی تھیں اپنی بکریوں کو پانی سے)۔کیونکہ پانی پر ان سے قوی تر لوگ قابض تھے۔وہ پلانے کی طاقت نہ رکھتی تھیں۔نمبر۲۔یا اس لئے کہ ان کی بکریاں دوسروں میں نہ مل جائیں۔الذود ہ دور کرنا۔ہانکنا۔قَالَ مَا خَطْبُكُمَا (آپ نے فرمایا تمہارا کیا معاملہ ہے)۔یہ حقیقت میں اس طرح ہے ما مخطوبکما؟ تمہارا ان بکریوں کو روکے رکھنے کا کیا مقصد ہے؟ آپ نے مخطوب کو خطب سے تعبیر فرمایا۔قَالَتَا لَا نَسْقِيْ (دونوں نے کہا ہم اپنی بکریوں کو پانی نہیں پلاتی ہیں)۔حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ (یہاں تک کہ چرواہے لوٹا لے جائیں اپنے مویشیوں کو)۔

قراءت:يَصْدُرُ۔شامی،یزید،ابوعمرو کی قراءت میں ہے۔معنی یہ ہے: لوٹ جائیں۔الرعاء جمع راع کی ہے۔جیسا قائم کی جمع قیام ہے۔وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ (اور ہمارا والد بہت بوڑھا ہے)۔اور بکریوں کو پانی پلانے کی قدرت نہیں رکھتا۔کبیر سے مراد وہ اپنی حالت میں بڑا ہے یا عمر میں بڑا ہے۔بکریوں کو چرانے کی طاقت نہیں رکھتا۔انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کے سامنے پانی پلانے کی ذمہ داری سنبھالنے کا عذر واضح کردیا۔

۲۴:فَسَقٰى لَهُمَا (پس آپ نے ان کو پلا دیا)۔ان کی بکریوں کو ان کی خاطر نیکی میں رغبت کرتے ہوئے اور مظلوم کی مدد کرتے ہوئے پانی پلا دیا۔

## روایت میں ہے:

آپ نے لوگوں کو کنوئیں سے ہٹایا۔اور ان سے ڈول لیا۔انہوں نے ڈول دے دیا۔اور کہنے لگے اس سے پانی پلاؤ۔اس ڈول کو چالیس آدمی کھینچتے تھے۔آپ نے اس ڈول سے پانی نکالا۔اور اس کو حوض میں ڈال کر برکت کی دعا فرمائی۔

## ترکِ مفعول:

يسقون اورتذودان اورلا نسقي اورفسقٰی میں مفعول کوترک کر دیا گیا۔ کیونکہ اصل مقصد فعل ہے۔مفعول نہیں۔ ذراغور تو کریں۔ کہ موسیٰ علیہ السلام کوان پر رحم آیا۔ کیونکہ وہ بکریوں کوروکے کھڑی تھیں۔ اورلوگ پلا رہے تھے اوران پر رحم نہ کھا رہے تھے۔ کیونکہ ان کی روکی ہوئی بکریاں ہوں گی اور پانی والے اونٹ۔ اسی طرح لانسقی اور فسقٰی میں مقصود سقی ہے۔ پلانے والانہیں اوران کے جواب کی مطابقت کی وجہ موسیٰ علیہ السلام کا سوال تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے روکنے کا سبب دریافت کیا۔تو دونوں نے عرض کیا۔اس کا سبب یہ ہے کہ ہم عورتیں ہیں۔ جو کہ کمزور اورضعیف ہیں۔ مردوں سے مزاحمت کی طاقت نہیں۔ اوراختلاط سے حیاء مانع ہے۔اس لئے ہمارے حق میں ان کی فراغت تک تاخیر کرنا ضروری ہوگیا۔

## شعیب علیہ السلام کا عمل:

شعیب علیہ السلام کا اپنی بیٹیوں کے حق میں جانوروں کے چرانے اور پانی پلانے کا کام سپرد کرنا فی نفسہٖ جائز ہے۔ دین اس کا انکارنہیں کرتا۔ البتہ مروت اورلوگوں کی عادات اس سلسلہ میں مختلف ہیں۔ عرب کے حالات اس میں اہل عجم سے مختلف ہیں۔ شہری لوگوں کا راستہ اس میں دیہاتیوں سے جدا جدا ہے۔ خصوصاً جبکہ ضرورت ہو جس کے بغیر چارہ کار نہ ہو۔ ثُمَّ تَوَلّٰی اِلَی الظِّلِّ (پھر وہ سایے کی طرف لوٹ گئے)۔ کیکر کے درخت کا سایہ۔

**مَسْئَلَه**: دنیا میں استراحت کا جواز اس سے نکلتا ہے۔ اگرچہ شدت پسند صوفیوں کا مذہب اس کے خلاف ہے۔ جب آزمائش طویل ہو جائے تو مولیٰ کی بارگاہ میں شکایت کرنا نقص نہیں۔

فَقَالَ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ (کہا اے میرے رب جو کچھ آپ نعمت مجھے بھیج دیں بیشک میں اس کا)۔ خواہ تھوڑی ہو یا زیادہ۔ موٹی ہو یا چھوٹی۔ فَقِیْرٌ (محتاج ہوں)۔ فقیر لام سے متعدی بنایا گیا۔ کیونکہ یہ سائل وطالب کے معنی کو متضمن ہے۔

## ایک قول یہ ہے:

انہوں نے سات روز سے کھانا چکھا تک نہیں تھا۔ آپ کی پشت سے پیٹ جالگا تھا۔

## ایک احتمال:

یہ ہے کہ یہ مراد لی جائے انّی فقیر من الدنیا لاجل ما انزلت الی من خیر الدارین وهو النجاة میں دنیا میں محتاج ہوں اس لئے کہ آپ نے میری طرف دونوں جہان کی خیر یعنی نجات اتاری ہے۔ کیونکہ فرعون کے پاس رہتے ہوئے دولت و بادشاہت والے تھے۔ یہ بات آپ نے اللہ تعالیٰ کے روشن عدل پر خوش ہو کر شکر یہ میں کہی۔ **قول ابن عطاءؒ**: عبودیت کی نگاہ سے ربوبیت کو دیکھا اسی لئے محتاجی کی زبان سے بات کی اس لئے کہ اپنے اندروں انوار پائے۔

۲۵: فَجَآءَتْهُ اِحْدٰهُمَا تَمْشِیْ عَلَی اسْتِحْیَآءٍ قَالَتْ اِنَّ اَبِیْ (پس ان میں سے ایک موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئی جو شرمائی

ہوئی تھی )۔ یَدْعُوْكَ لِیَجْزِیَكَ اَجْرَ مَا سَقَیْتَ لَنَا (چلتی تھی اور کہنے لگی کہ میرے والد آپ کو بلاتے ہیں تا کہ آپ کو اس کا صلہ دیں جو آپ نے ہماری خاطر پانی پلایا ہے )۔ نحو :علی استحیاءٍ یہ حال ہے تمشی کی ضمیر سے ای مستحیۃً۔

یہ آیت اس عورت کے کمال ایمان کی دلیل ہے اور عفت وحیا کی گواہی ہے۔ کیونکہ وہ موسیٰ علیہ السلام کو مہمانی کی دعوت دے رہی تھی آیا وہ یہ نہ جانتی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اس کو قبول کریں گے یا کہ نہیں۔ پس وہ ان کے پاس حیاء کے ساتھ اپنے کرتے کی آستین کو اوڑھنی بنائے ہوئے حاضر ہوئی۔

نحو :ماسقیت میں ما مصدریہ ہے۔ ای جزاء سقیك۔ روایت میں ہے کہ جب وہ لوگوں سے پہلے اپنے والد کی طرف لوٹ کر گئیں اور ان کی بکریاں دودھ سے بھری تھیں۔ والد نے ان سے سوال کیا۔ آج تم جلد کیوں لوٹ آئیں۔ دونوں نے جواب دیا۔ ہم نے آج ایک نیک آدمی پایا جس نے ہم پر رحم کھا کر ہماری بکریوں کو پانی پلا دیا۔ والد نے ان میں سے ایک سے کہا تم جا کر اس آدمی کو بلا لاؤ۔ وہ آئیں۔ موسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے چلے۔ ہوا نے کپڑے کو اس کے جسم سے چمٹا دیا جس سے اس کے جسم کے کچھ حصہ کی کیفیت ظاہری ہوئی۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے اسے کہا۔ تم میرے پیچھے چلو اور راستہ بتلاتی جاؤ۔ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَیْهِ الْقَصَصَ (جب موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس پہنچ گئے اور اپنے واقعہ کو بیان کیا)۔ اپنا واقعہ اور فرعون کے ساتھ گزرنے والے حالات۔ القصص مصدر ہے۔ مقصوص کو قصہ کہا۔ قَالَ (اس نے موسیٰ علیہ السلام کو کہا)۔ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ (تم ڈرو نہیں ظالم قوم سے تم نے نجات پالی ہے )۔ کیونکہ اس سرزمین میں فرعون کی حکومت نہیں۔

مسائل: نمبر ۱۔ اس میں دلیل ہے کہ خبر واحد پر عمل جائز ہے۔ اگر چہ خبر دینے والا غلام و عورت ہی کیوں نہ ہو۔ نمبر ۲۔ اس احتیاط و پاکبازی کے ساتھ اجنبیہ کے ساتھ چلنا درست ہے۔ نمبر ۳۔ نیکی و احسان پر اجر و مزدوری لینے میں بعض نے ضرورت کے وقت جواز نقل کیا جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کو اس وقت ضرورت تھی۔ نمبر ۴۔ اس کے باوجود مروی ہے کہ جب اس عورت نے کہا۔ لیجزیك تو آپ نے ناپسند کیا۔ مگر اس کی بات کو قبول کر لیا تا کہ اس کا مقصدِ آمد فوت نہ ہو۔ کیونکہ ایک عورت تھی۔ جب شعیب علیہ السلام نے کھانا رکھا تو آپ نے ہاتھ ہٹا لیا۔ شعیب علیہ السلام نے دریافت کیا۔ کیا تمہیں بھوک نہیں؟ آپ نے کہا کیوں نہیں! لیکن مجھے خطرہ ہے کہ یہ پانی پلانے کا بدلہ نہ بن جائے۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے جواب دیا۔ ہم لوگ اپنے دین کو دنیا کے بدلے فروخت نہیں کرتے اور نہ ہی نیکی پر قیمت وصول کرتے ہیں۔ یہ کھانے کی خدمت تو ہماری ہر آنے والے مہمان کے ساتھ ہے۔

۲۶: قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا یٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ (ان میں سے ایک نے کہا اے ابا جی! اس کو اجیر بنا لیں )۔ اس کو بکریاں چرانے والا مزدور بنا لیں۔ اِنَّ خَیْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِیُّ الْاَمِیْنُ (ان میں سے بہتر جس کو آپ مزدور بنائیں جو امانت دار اور طاقتور ہو )۔ شعیب علیہ السلام نے کہا تمہیں اس کی امانت و قوت کا کیسے علم ہوا۔ اس نے ڈول والا واقعہ ذکر کر دیا اور پیچھے چلنے کا حکم دینے والے واقعہ کا۔

نکتہ: استأجرت ماضی کے لفظ سے لائے۔ تا کہ یہ ثابت ہو جائے کہ اس کی امانت وقوت دونوں قطعی چیزیں ہیں۔ اور لڑکی کا مقولہ ان خیر من استأجرت القوی الامین۔ یہ جامع کلام ہے۔ اس میں اس نے بتلا دیا کہ جب اس ذمہ دار میں یہ دو خصلتیں جمع ہو جائیں۔ تو آپ کا دل خدشات سے خالی ہو جائے گا اور مقصود بھی حاصل ہو جائے گا۔

## ایک قول:

القوی سے قوی فی الدین مراد ہے۔ الامین۔ امین ہمسائیگی میں۔ اس مثل کے قائم مقام کلام نے اس قسم کی باتوں سے بے نیاز کر دیا۔ استأجره لقوته وامانته۔

## قول ابن مسعود رضی اللہ عنہ:

لوگوں میں فراست والے تین آدمی گزرے ہیں۔ نمبر ۱۔ شعیب علیہ السلام کی لڑکی جس نے یہ کہا۔ نمبر ۲۔ یوسف علیہ السلام کا صاحب جس نے عسی ان ینفعنا (یوسف۔ ۲۱) کہا۔ نمبر ۳۔ ابوبکر صدیق جنہوں نے عمر رضی اللہ عنہما کو خلیفہ بنایا۔

۲۷: قَالَ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَیْنِ (شعیب علیہ السلام نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میں ان دونوں بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تم سے کر دوں)۔ اُنکحك کا معنی شادی کرنا ہے۔ اور اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی ان کے علاوہ بیٹیاں بھی تھیں۔ یہ ان کی طرف سے وعدہ ہے۔ یہ عقدِ نکاح نہیں تھا۔ اگر عقد ہوتا تو اس طرح کہتے ہیں۔ قد انکحتك عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِیْ (اس شرط پر کہ تو آٹھ سال میری ملازمت کر لے)۔ تاجر یہ اجرته سے ماخوذ ہے جب کسی کے ہاں مزدوری کی جائے۔ ثَمٰنِیَ حِجَجٍ (آٹھ سال)۔ یہ تأجر کا ظرف ہے۔ الحجة۔ سال کو کہتے ہیں اس کی جمع حجج ہے۔

مَسْئَلَہ: بکریاں چرانے پر شادی بالاجماع جائز ہے۔ کیونکہ یہ شادی کو قائم کرنے والے معاملات کی قسم سے ہے۔ اس لئے اس پر اعتراض نہیں۔ بخلاف تزوج علی الخدمۃ کے۔ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا (اگر تم نے پورے دس سال کام کیا)۔ فَمِنْ عِنْدِكَ (تو یہ تیری جانب سے ہے)۔ یعنی یہ تیری مہربانی ہے۔ تم پر لازم نہیں یا اس کی تکمیل تیری طرف سے ہے۔ میں اس میں تم پر کوئی حتمی بات لازم نہیں کرتا۔ لیکن اگر تم کر دو تو یہ تمہاری طرف سے مہربانی اور تبرع شمار ہوگا۔ وَمَآ اُرِیْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَیْكَ (اور میں تم پر مشقت ڈالنا نہیں چاہتا)۔ کہ دونوں مدتوں میں سے کامل ترین مدت ضرور تم پوری کرو۔ اشق علیہ کی حقیقت یہ ہے شققت علیه وشق علیه الامر۔ جبکہ وہ معاملہ گراں گزرے اور تمہارا گمان دو حصوں میں بٹ جائے۔ کبھی تم کہو کہ میں اس کی طاقت رکھتا ہوں اور کبھی کہے میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ (عنقریب تم مجھے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا نیکوں میں سے پاؤ گے)۔ جو حسن معاملہ سے پیش آتے ہیں۔

## شرطِ وعدہ:

ان شاء اللہ کے ساتھ اپنے وعدے کو مشروط کیا تا کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق ومعونت پر اعتماد اور بھروسہ ثابت ہو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو کوئی کام ہو سکتا ہے اور اگر نہ چاہے تو نہیں ہو سکتا۔

۲۸: قَالَ (موسیٰ علیہ السلام نے کہا)۔ ذٰلِكَ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكَ (یہ میرے اور تیرے درمیان ہے)۔ نحو: ذلک مبتدأ اور بینی و بینك خبر ہے۔ مراد یہ ہے جو تم نے کہا اور مجھ سے معاہدہ کیا اور اس پر شرائط مقرر کیں۔ وہ ہمارے درمیان طے ہو گیا۔ ہم میں سے کوئی اس سے نہ نکلے۔ نہ ہی میں ان شرائط کی خلاف ورزی کروں اور نہ آپ اپنی مقرر کردہ شرائط سے پھریں پھر کہا۔ اَيَّمَا الۡاَجَلَيۡنِ قَضَيۡتُ (دونوں میں سے جو مدت میں پوری کردوں)۔ ان دونوں مدتوں میں سے۔ آٹھ ہوں یا دس۔

نحو: قضیت کی وجہ سے ای منصوب ہے اور ما تاکید کے لئے زائد ہے۔ کیونکہ ای مبہم ہے۔ یہ ما شرط کا معنی دے رہا ہے اور اس کا جواب فَلَا عُدۡوَانَ عَلَىَّ ہے۔ یعنی اس پر اضافہ کرنے میں مجھ پر تعدی نہ کی جائے گی۔

## قول مبرد رحمۃ اللہ علیہ:

موسیٰؑ نے معلوم کر لیا کہ تکمیل میں اگرچہ مجھ پر زیادتی نہ ہوگی۔ لیکن انہوں نے دونوں مدتوں کو جمع کر دیا تاکہ قلیل مدت وفا میں طے شدہ سمجھی جائے۔ اور جس طرح دس سال کی کامل مدت پر اضافہ ادھر سے عدوان بنتا تھا اسی طرح اقل مدت میں اور قلت کا مطالبہ تعدی تھی۔ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوۡلُ وَكِيۡلٌ (اور اللہ تعالیٰ اس پر جو ہم کہتے ہیں نگہبان ہیں)۔ وکیل کو وکل الیہ الامر جن کو معاملہ سپرد کیا جائے سے لیا گیا۔ اور علیٰ سے یہاں اس کو متعدی لایا گیا۔ کیونکہ یہاں یہ گواہ اور نگران کے معنی میں آیا ہے۔

روایت میں ہے کہ شعیب علیہ السلام کے پاس انبیاء علیہم السلام کی ایک لاٹھی چلتی آ رہی تھی انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو رات کے وقت کہا اس کمرے میں داخل ہو کر ان لاٹھیوں میں سے ایک لے لو۔ آپ نے وہ لاٹھی لے لی جس کو لے کر آدم علیہ السلام زمین پر تشریف لائے تھے۔ اور انبیاء علیہم السلام اس کے وارث چلے آ رہے تھے۔ یہاں تک کہ وہ شعیب علیہ السلام تک پہنچی۔ موسیٰ علیہ السلام جو لاٹھی اٹھا کر لائے شعیب علیہ السلام نے اس کو چھوا تو باوجود نابینا ہونے کے وہ پہچان گئے۔ آپ نے فرمایا اور کوئی لاؤ۔ اسی طرح سات مرتبہ ہوا۔ یہی لاٹھی سات مرتبہ ان کے ہاتھ میں آئی۔ پس شعیب علیہ السلام نے جان لیا کہ اس کو عظیم الشان مرتبہ ملنے والا ہے۔ جب صبح ہوئی تو شعیب علیہ السلام نے کہا۔ جب تم چلتے چلتے چوراہے پر پہنچو تو دائیں جانب کے گھاس کو مت چراؤ اگرچہ وہاں گھاس زیادہ ہے مگر وہاں سانپ ہے جس سے میں تمہارے اور بکریوں کے متعلق خطرہ محسوس کرتا ہوں۔ آپ نے بکریوں کو لیا۔ مگر ان کو دائیں جانب سے نہ روک سکے۔ ان کے پیچھے چلتے گئے۔ اچانک اس جگہ عمدہ گھاس اور کھیت تھے جن جیسے کہیں نظر نہ پڑتے تھے۔ موسیٰ علیہ السلام سو گئے۔ تو سانپ کی آواز سنائی دی۔ لاٹھی نے اس سانپ کا مقابلہ کر کے اس کو ہلاک کر دیا۔ اور خون آلود موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹ کر آ گئی۔ جب موسیٰ علیہ السلام لکڑی کو خون سے آلودہ اور آواز کو بند پایا تو راحت محسوس کی۔ جب شعیب علیہ السلام کی طرف لوٹے تو بکریوں کے پیٹ بھرے تھے اور ان کے پستانوں سے دودھ اتر رہا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس بات کی اطلاع دی وہ بڑے خوش ہوئے ان کو معلوم ہو گیا کہ موسیٰ علیہ السلام اور لاٹھی کو ایک عجیب شان حاصل ہے۔ پھر فرمایا۔ میں نے اپنی بکریوں کے بچوں میں سے جو ابلق پیدا ہو وہ دے دیا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خواب میں اشارہ ہوا کہ اپنی لاٹھی کو بکریوں کے پانی پینے کی جگہ میں مار دو انہوں نے ایسا کر دیا۔ جس بکری نے وہ پانی پیا اس نے ابلق بچہ جنا۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی شرط کو پورا کر دیا۔

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ

پھر جب موسیٰ نے مدت پوری کر دی اور اپنے اہل کو لیکر روانہ ہوئے تو طور کی جانب سے آگ کو محسوس کیا۔ اپنے اہل سے کہا

امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ

کہ تم ٹھہر جاؤ بیشک میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔ اُمید ہے کہ میں تمہارے پاس وہاں سے کوئی خبر لے آؤں یا آگ کا انگارہ لے آؤں تاکہ تم

تَصْطَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ

تاپ لو۔ سو جب وہ آگ کے پاس پہنچے تو اس میدان کی داہنی جانب سے اس مبارک مقام میں ایک

مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤى اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿٣٠﴾ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ

درخت میں سے آواز آئی کہ اے موسیٰ بے شک میں اللہ ہوں رب العالمین ہوں اور یہ کہ تم اپنی لاٹھی کو ڈالدو

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۫

سو جب اُنہوں نے دیکھا کہ وہ اسطرح حرکت کر رہی ہے کہ گویا وہ سانپ ہے تو پشت پھیر کر پلٹ گئے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔ اے موسیٰ آگے آؤ اور مت ڈرو

اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿٣١﴾ اُسْلُكْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ

بیشک تم امن والوں میں سے ہو۔ اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں داخل کرو وہ بغیر کسی مرض کے سفید ہو کر

سُوْٓءٍ ۫ وَّاضْمُمْ اِلَیْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى

نکلے گا، اور اپنے ہاتھ کو بوجہ خوف کے اپنے بازو سے ملا لو۔ سو تمہارے رب کی طرف سے یہ دو دلیلیں ہیں۔ فرعون

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ

اور اسکے سرداروں کی طرف، بلاشبہ وہ نافرمان لوگ ہیں موسیٰ نے کہا اے رب بیشک میں نے ان میں سے ایک جان کو قتل

نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾ وَاَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ

کر دیا تھا سو مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں اور میرے بھائی ہارون زبان کے اعتبار سے مجھ سے زیادہ فصیح ہیں سو آپ انکو

مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْۤ ۫ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ ﴿٣٤﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ

میرا مددگار بنا کر میرے ساتھ بھیج دیجئے وہ میری تصدیق کریں گے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ لوگ میری تکذیب کریں۔ فرمایا ہم عنقریب تمہارا بازو تمہارے بھائی کے ذریعہ

بِاَخِیْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚۛ بِاٰیٰتِنَاۤ ۚۛ اَنْتُمَا

مضبوط کر دیں گے تم دونوں کو ایک خاص شوکت عطا کریں گے۔ جس سے وہ لوگ تم دونوں تک نہ پہنچ سکیں گے تم دونوں ہمارے معجزے لیکر جاؤ تم دونوں

معانقة ١١ وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾

اور جو شخص تمہارا اتباع کریگا، غالب رہو گے۔

۲۹: فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ (جب موسیٰ علیہ السلام نے مدت کو پورا کیا)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپ نے مدت کامل ترین پوری کی اور شادی ان دونوں میں سے چھوٹی سے کی۔ (یہ ہیثمی کی روایت ہے) مگر یہ گزشتہ روایت کے خلاف ہے۔ وَسَارَ بِاَهْلِهٖ (آپ اپنے گھر والوں کو لے کر چلے)۔ اہل سے مراد بیوی کو مصر کی طرف لے کر چلے۔

## قول ابن عطاء رحمۃ اللہ علیہ:

جب آپ نے مشقت کا زمانہ پورا کرلیا تو قرب کا زمانہ قریب آن لگا۔ انوار نبوت ظاہر ہونے لگے۔ اپنے گھر والوں کو لے کر مصر روانہ ہوئے تاکہ بیوی بھی اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں میں شریک حال ہو۔ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ (طور کی جانب آگ کو دیکھا۔ آپ نے اپنے گھر والوں کو کہا تم ٹھہرو میں آگ دیکھ رہا ہوں شاید وہاں سے کوئی خبر لاؤں)۔ راستہ کے متعلق کیونکہ آپ راستہ بھول گئے تھے۔ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ o فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِیَ (یا آگ کی جلتی لکڑی تاکہ تم تاپ سکو۔ جب موسیٰ علیہ السلام آگ)۔ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ (پر پہنچے تو برکت والی وادی کے دائیں کنارے سے آواز دی گئی)۔ موسیٰ علیہ السلام کی نسبت دایاں۔ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ (مبارک بقعہ میں)۔ اس مقام میں شرف کلام بخشنے کے سبب۔ مِنَ الشَّجَرَةِ (درخت سے)۔ یہ درخت عناب یا عوسج کا تھا۔ اَنْ یّٰمُوْسٰٓى (کہ اے موسیٰ)۔ نحو: یہ ان مفسرہ ہے یا مخففہ من المثقلہ ہے۔ اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ (بلاشبہ میں ہی رب العالمین ہوں)۔

## قولِ جعفر رحمۃ اللہ علیہ:

انہوں نے آگ دیکھی جس نے ان کی انوار کی طرف راہنمائی کی اس لئے کہ انہوں نے نور کو نار کی شکل میں دیکھا۔ جب وہ اس کے قریب پہنچے تو ان کو انوار قدسیہ نے گھیرے میں لے لیا۔ اور موانست کی چادریں ان پر ڈال دی گئیں۔ انتہائی لطیف انداز سے ان کو خطاب کیا گیا۔ اور ان سے بہترین جواب دلایا گیا۔ پس اس طرح وہ اعلیٰ مرتبہ والے متکلم بن گئے۔ جو انہوں نے مانگا وہ مل گیا۔ خوف سے ان کو مطمئن کر دیا۔

قراءت: الجذوۃ۔ تینوں لغات سے پڑھا گیا ہے۔ عاصم نے فتحہ اور حمزہ وخلف نے ضمہ اور دیگر قراء نے کسرہ پڑھا ہے۔ اس موٹی لکڑی کو کہتے ہیں جس کے سرے پر خواہ آگ ہو یا نہ ہو۔

پہلا مِن اور دوسرا ابتدائے غایت کے لئے ہے۔ یعنی درخت کی جانب وادی کے کنارے سے ان کو آواز آئی۔ من الشجرۃ۔ یہ من شاطی الواد کا بدل الاشتمال ہے۔ کیونکہ درخت وادی کے کنارے پر اُگا ہوا تھا۔

۳۱: وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ (اور یہ کہ تم اپنی لاٹھی ڈال دو)۔ اور ان کو آواز دی گئی کہ اپنی لاٹھی ڈال دو انہوں نے ڈال دی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو سانپ سے بدل دیا۔ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ (جب موسیٰ علیہ السلام نے حرکت کرتے دیکھا)۔ تھتز کا معنی حرکت کرنا۔

كَاَنَّهَا جَآنٌّ ( گویا کہ وہ سانپ ہے )۔دوڑنے میں چھوٹا سانپ اور جسامت میں بڑا سانپ۔وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ (پشت پھیر کر بھاگے اور مڑ کر بھی نہ دیکھا)۔ لم يعقب کا معنی نہ لوٹے۔پس ان کو کہا گیا۔يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ (اے موسیٰ متوجہ ہو اور ڈرو نہیں بیشک تو امن والوں میں سے ہے )۔یعنی تو اس سے امن میں ہے کہ سانپ کی طرف سے تجھے کوئی ناپسندیدہ چیز پیش آئے۔

۳۲:اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ (تم اپنا ہاتھ داخل کرو اپنے قمیص کے گریبان میں وہ سفید ہو کر نکلے گا کہ سورج کی طرح اس کی شعاعیں ہوں گی )۔مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ (بغیر کسی بیماری کے )۔سوء سے مراد برص۔وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ (اور خوف دور کرنے کے لئے تم اپنا بازو اپنی طرف ملا لینا)۔قراءت: الرهب۔حجازی وبصری قراء نے دونوں فتحوں کے ساتھ پڑھا اور حفص نے الرَّهب پڑھا۔دیگر قراء نے الرُّهب پڑھا ہے۔تمام کا معنی خوف ہے۔مطلب یہ ہوا۔تم اپنا ہاتھ اپنے سینے کے ساتھ لگاؤ اس سے تمہارا خوف جاتا رہے گا۔جو خوف سانپ کی وجہ سے ہوا۔

## قول ابن عباس رضی اللہ عنہما:

ہر ڈر والا جب اپنا ہاتھ اپنے سینے پر رکھ لے تو اس کا خوف زائل ہو جاتا ہے۔

## ایک قول :

ضمِ جناح کا معنی یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے لاٹھی کو سانپ بنا دیا۔موسیٰ علیہ السلام گھبرائے اور اس کو ہاتھ سے دور کیا۔جیسا کہ کسی چیز سے خوف زدہ اس کو ہٹاتا ہے۔انہیں کہا گیا۔تمہارا ہاتھ سے اس کو دور کرنے میں دشمنوں کے ہاں کمزوری خیال کی جائے گی۔پس تم جب لاٹھی کو ڈال چکو اور یہ سانپ بن جائے۔تو اپنا ہاتھ اپنے بازو کے نیچے دباؤ بجائے اس کے کہ سانپ کو اس سے ہٹاؤ۔پھر اس کو نکالو تو سفید ہو کر نکلے گا تاکہ تجھے اس سے بیک وقت دو چیزیں حاصل ہوں۔نمبر ا۔جو چیز تمہاری کمزوری شمار ہو سکتی ہے اس سے بچت رہے گی اور ید بیضاء والا دوسرا معجزہ بھی ظاہر ہو جائے گا۔الجَنَاحَ سے مراد ید ہے۔کیونکہ انسانی ہاتھ پرندے کے دو پروں کی طرح ہیں۔جب دائیں ہاتھ کو اپنے بائیں بازو کے نیچے داخل کر دیا تو گویا اس نے اپنا بازو اس سے ملا دیا۔

نمبر ۲۔ضم جناحه اليه سے مراد مضبوطی اور عصا کے سانپ بننے کے وقت ضبطِ نفس ہے۔تاکہ آپ مضطرب نہ ہوں اور نہ ڈریں۔استعارۃً پرندے کے فعل سے تعبیر کیا۔کیونکہ جب اسے خطرہ محسوس ہوتا ہے تو وہ اپنے پروں کو پھیلاتا اور ڈھیلا کرتا ہے ورنہ اس کے پَر تو ہر وقت اس کے ساتھ ملے ہوتے ہیں اور وہ پابرکاب ہوتا ہے۔

مِنَ الرَّهْبِ کا مطلب خوف کی وجہ سے۔یعنی جب تمہیں سانپ دیکھ کر خوف پہنچے تو اپنے بازو کو اپنے ساتھ ملا لو۔ضمِ جناح کا جو حکم ان کو دیا گیا تھا اس کے لئے سبب وعلت رہب کو قرار دیا گیا۔اب وَاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ کا معنی اور اسلك يدك

فی جیبك کا معنی ایک ہو جائے گا۔لیکن دو عبارتوں سے تعبیر اغراض کے مختلف ہونے کو ظاہر کرنے کے لئے کی گئی ہے۔ کیونکہ ایک کی غرض ہاتھ کا سفید ہو کر نکلنا ہے۔اور دوسرے میں غرض خوف کو ختم کرنا اور ہلکا کرنا ہے۔اور اضمم یدك الی جناح کا معنی سورۂ طٰہٰ میں یہ ہے کہ اپنا دایاں ہاتھ بائیں کے نیچے داخل کرلو۔

قراءت:فَذٰنِكَ یہ ذاك کا تثنیہ ہے تخفیف سے پڑھا گیا۔مکی ٗ ابوعمرو نے تشدید سے پڑھا۔اس صورت میں ذٰلک کا تثنیہ ہے۔ ایک نون دونوں میں سے لام محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔اور اس سے مراد ید بیضاء اور عصا ہے۔بُرْھَانٰنِ (یہ دو دلیلیں ہیں) یہ دو روشن دلیلیں ہیں حجت کو برہان روشن ہونے کی بناء پر کہا۔جیسے کہتے ہیں۔سفید عورت کو بَرَهْرَهَةٌ۔مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَاۡئِهٖ (تیرے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا)۔یہ دو نشانات دیکر اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ (بلاشبہ وہ فاسق قوم تھے)۔فاسق سے کافر مراد ہے۔

۳۳:قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ (کہا اے میرے رب! بیشک میں نے ان میں سے ایک جان کو قتل کیا۔) اَنْ يَّقْتُلُوْنِ (پس مجھے خطرہ ہے کہ وہ اس کی وجہ سے مجھے قتل کردیں گے)۔قراءت:یعقوب نے یاء سے پڑھا ہے۔

۳۴:وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا (اور میرا بھائی ہارون مجھ سے زیادہ فصیح ہے اس کو میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج دیجئے)۔قراءت:حفص نے مَعِيَ پڑھا ہے۔رِدْءًا مددگار ٗ معاون ٗ کہا جاتا ہے ردأتہٗ ای اعنتہٗ :میں نے اس کی مدد کی۔قراءت:بلاہمزہ مدنی نے پڑھا ہے۔يُصَدِّقُنِيْ (جو میری تصدیق کرے گا)۔قراءت:عاصم وحمزہ نے یصدقنی رداءً کی صفت قرار دیا۔ای مصدقالی۔ضمہ سے پڑھا۔اور دیگر قراء نے جزم يُصَدِّقْنِي پڑھا اور اَرْسِلْهُ کا جواب قرار دیا۔

## تصدیق کا مفہوم:

جھگڑے اور مناظرے کے مقامات میں ثبوت دعوی میں مزید وضاحت کی اگر ضرورت پیش آئے تو وضاحت کر کے دعویٰ کو مبرہن کردے۔ یہ مطلب نہیں کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی تقریر پر کہے صدقت۔اس کی دلیل موسیٰ علیہ السلام کے ارشاد ھو افصح منی لسانا فارسله معی سے ہو رہی ہے۔فصاحت کا زائد ہونا بیان پختگی اور وضاحت کے لئے کام دے گا۔صدقت کہنے کے لئے نہیں۔ کیونکہ صدقت کہنے میں تو سحبان وائل خطیب عرب اور باقل جیسا عاجز الکلام دونوں برابر ہیں۔اِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ (مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے)۔

قراءت:یعقوب نے دونوں حالتوں میں یکذبون پڑھا ہے۔

۳۵:قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ (فرمایا:ہم عنقریب تیرا بازو تیرے بھائی کے ساتھ مضبوط کردیں گے)۔اس کے ذریعہ تمہیں قوت دیں گے کیونکہ ہاتھ بازو کی مضبوطی سے مضبوط ہوتا ہے۔ کیونکہ ہاتھ کی طاقت وہی ہے اور تمام میں قوت ہاتھ کی مضبوطی کے باوجود معاملات کے تجربہ سے آتی ہے۔وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا (اور ہم تمہارے لئے غلبہ مقرر کردیں گے) سلطان غلبہ ٗ تسلط اور دشمنوں کے دلوں میں رعب کو کہا جاتا ہے۔فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا بِاٰيٰتِنَآ (پس وہ تم تک پہنچ نہ سکیں گے)۔بایتنا یہ

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا

پھر جب ان کے پاس موسیٰ ہماری واضح آیات کے ساتھ آئے تو انہوں نے کہا کہ یہ تو محض ایک جادو ہے جو افتراء کیا گیا ہے اور ہم نے یہ بات

بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۞٣٦ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ

اپنے پہلے باپ دادوں میں نہیں سنی اور موسیٰ نے کہا کہ میرا رب اس شخص کو خوب خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت

عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۞٣٧ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

لے کر آیا، اور اسے بھی خوب جانتا ہے جس کا دارِ آخرت میں اچھا انجام ہوگا۔ بلاشبہ بات یہ ہے کہ ظالم لوگ کامیاب نہیں ہوتے، اور فرعون نے کہا

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ

کہ اے میرے درباریو! میں تمہارے لئے اپنے علاوہ کوئی معبود نہیں جانتا سوائے ہامان تو میرے لئے مٹی پر آگ جلا دے

فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۞٣٨

سو میرے لئے ایک محل بنا دے تاکہ میں موسیٰ کے معبود کو دیکھوں، اور بلا شبہ میں اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں

یصلون کے متعلق ہے۔ای لا یصلون الیکما بسبب آیاتنا۔نمبرا۔وہ ہماری آیات ومعجزات کے سبب تم تک نہیں پہنچ سکیں گے۔بات پوری ہوئی۔نمبر۲۔تجعل کے متعلق کریں ای نسلطکما بایاتنا ہم اپنی آیات سے تمہیں مسلط کریں گے۔

نمبر۳۔محذوف کے متعلق ہے۔ای اذھبا بآیاتنا تم دونوں ہماری آیات کے ساتھ جاؤ۔

نمبر۴۔اس کوالغالبون کا بیان بنایا جائے نہ کہ صلہ۔

نمبر۵۔باء کوقسم کے لئے قرار دیں لا یصلون جواب قسم مقدم ہے۔ہمیں اپنی آیات کی قسم ہے یہ تم تک نہ پہنچ سکیں گے۔
اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ (تم دونوں اور جو تمہارے پیروکار ہیں غلبہ پانے والے ہونگے)۔

۳۶:فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا (جب موسیٰ ان کے پاس ہماری واضح آیات لے کر آئے تو وہ کہنے لگے) یہ تو۔مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى (من گھڑت جادو ہے)۔بینات کا معنی واضح۔سحر مفتری کا مطلب یہ کہ وہ سحر پہلے تو خود کرتا ہے۔پھر اس کو جھوٹ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتا ہے۔نمبر۲۔وہ ایسا جادو ہے جو تمام انواع سحر کی طرح افتراء کے ساتھ موصوف ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجا ہوا معجزہ نہیں ہے۔وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ (اور ہم نے یہ اپنے پہلے آباءواجداد میں سنا تک نہیں)۔

نحو:فی آبائنا یہ حال ہے اور ھذا کی وجہ سے منصوب ہے۔ای کائنا فی زمانھم۔مطلب یہ ہے ہمیں تو نہیں بتلایا گیا کہ

یہ ان کے زمانہ میں پایا جاتا ہو۔
۳۷: وَقَالَ مُوْسٰی رَبِّیْ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰی مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا۔ میرا رب ان کوخوب جانتا ہے۔ جواس کی طرف سے ہدایت لے کر آیا اور کس کے لئے آخرت کا انجام ہے بیشک وہ کافروں کو کامیابی نہیں دیتا)۔ مطلب یہ ہے کہ میرا رب تم سے بڑھ کر واقف ہے۔ کہ کس کواس نے عظیم فلاح کا اہل بنا کر نبوت سے سرفراز فرمانا اور ہدایت سے نوازنا ہے اور اس نے حسن عاقبت کا وعدہ کر لیا۔ یعنی میں موسیٰ اگر بقول تمہارے میں ساحر و مفتری ہوتا تو وہ مجھے نبوت کے اہل قرار نہ دیتے کیونکہ وہ بے نیاز اور حکمت والے ہیں جھوٹوں کو نبوت نہیں دیتے اور نہ ہی ساحرین نبوت کے لائق ہیں۔ بلکہ یہ تو ظالم ہیں اور ظالم اس کے ہاں کامیابی کا اہل ہی نہیں۔

عاقبة الدار کا مطلب حسن انجام ہے جیسا اس ارشاد میں فرمایا۔ اولئك لهم عقبى الدار جنات عدن۔ [الرعد۔۲۲۔۲۳۔]

دار سے مراد دنیا ہے اور اس کے انجام کا مطلب یہ ہے کہ خاتمہ رحمت و رضوان سے ہو اور فرشتے مغفرت و بشارت سے ملیں۔ قال موسٰی۔ مکی نے بغیر واؤ پڑھا۔ یہ زیادہ بہتر ہے۔ نمبرا۔ کیونکہ موقعہ سوال و بحث ہے۔ جب ان لوگوں نے بڑی آیات کو سحر قرار دے کر ٹھکرادیا تو موسیٰ علیہ السلام نے جوابًا یہ فرمایا۔ اس لئے واؤ کی حاجت نہیں۔

نمبر۲۔ ان لوگوں نے یہ بات کہی کہ سحر مفتریٰ ہے اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ دیکھنے والا دونوں باتوں میں فرق کر سکتا ہے اور ایک کی خرابی جانچ لے گا اور دوسرے کی درستی۔

قراءت: رَبِّیَ اعلم حجازی اور ابو عمرو نے پڑھا ہے اور حمزہ وعلی نے ومن يكون پڑھا ہے۔
۳۸: وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِیْ (فرعون نے کہا اے سردارو! مجھے اپنے سوا تمہارا کوئی معبود معلوم نہیں)۔ نمبرا۔ فرعون کا مقصد اپنے علاوہ کسی اور معبود کے متعلق علم کی نفی سے اس کے وجود کی نفی تھی۔ نمبر۲۔ یہ اپنے ظاہر پر ہے۔ کہ میرے علم میں اپنے سوا معبود نا معلوم ہے۔ فَاَوْقِدْ لِیْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ (اے ہامان تم میرے لئے مٹی پر آگ جلاؤ) پکی اینٹیں تیار کراؤ۔ اس نے یہ اس بناء نہیں کہا کہ پہلے اس سے کسی نے اینٹ بنائی نہ تھی۔ درحقیقت وہ اس کو اس تعبیر سے صنعت سکھا رہا تھا اور یہ جباروں کی گفتگو کے مناسب و مشابہ ہے۔ کیونکہ ہامان کو دوران مجلس نام لے کر یا ہامان کہہ کر آواز دینا اور اینٹیں پکانے کا کہنا یہ تکبر و بڑھائی کی علامت ہے۔ فَاجْعَلْ لِّیْ صَرْحًا (تم میرے لئے ایک محل بناؤ)۔ صرح بلند محل کو کہتے ہیں۔ لَعَلِّیْۤ اَطَّلِعُ (تاکہ میں جھانکوں)۔ اطلع یہ چڑھنے کے معنی میں ہے الطلوع والاطلاع۔ دونوں کا معنی چڑھنا ہے۔ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى (موسیٰ کے معبود کو)۔ اس نے گمان کیا کہ اللہ تعالیٰ کسی مکان میں ہے جیسا کہ وہ مکان میں ہے۔ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ (اور بیشک میں اس کو گمان کرتا ہوں)۔ یعنی موسیٰ علیہ السلام کو۔ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (جھوٹوں میں سے)۔ اپنے دعویٰ میں کہ اس کا ایک معبود ہے اور اسی نے اسے رسول بنا کر بھیجا۔ اس ذلیل نے ایک دوسری کے الٹ بات کہی۔ ایک طرف کہا: ماعلمت لكم من الٰهٍ

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا

سو اس نے اور اسکے لشکروں نے زمین میں نا حق تکبر کیا اور انھوں نے خیال کیا کہ وہ ہماری طرف نہیں

يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

لوٹیں گے سو ہم نے اسے اور اسکے لشکروں کو پکڑ لیا سو انہیں سمندر میں پھینک دیا۔ سو اے مخاطب دیکھ لے ظالموں کا کیسا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

انجام ہوا۔ اور ہم نے انہیں پیشوا بنا دیا جو آگ کی طرف دعوت دیتے رہے اور قیامت کے دن انکی

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

مدد نہ کی جائے گی اور ہم نے اس دنیا میں انکے پیچھے لعنت لگادی اور قیامت کے دن

هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع

قباحت والوں میں سے ہونگے

غیری۔دوسری طرف ہامان کے سامنے اپنی حاجت پیش کی اور موسیٰ کے لئے ایک الہ کو ثابت کیا اور پھر کہا کہ اس کو اس کے جھوٹ پر یقین نہیں۔گویا کہ موسیٰ علیہ السلام کے عصا سے حفاظت کے لئے اس نے یہ تلبیس کا جال پھیلایا۔اور کہا۔

**لعلّی اطلع الی اله موسی** روایت میں ہے کہ ہامان نے پچاس ہزار معمار جمع کیے۔اور ایک محل تعمیر کیا۔اس کی بلندی کسی ایک مخلوق تک بھی نہیں پہنچ سکی۔جبرئیل علیہ السلام نے محل پر پَر مارا اور اس کے تین ٹکڑے کر دیے۔ایک ٹکڑا فرعونی لشکر پر جا گرا جس سے ایک لاکھ فرعونی مرگئے اور ایک ٹکڑا سمندر میں جا گرا اور ایک ٹکڑا مغرب میں جا گرا جس سے اس کا سارا عملہ ہلاک ہوگیا۔

۳۹: **وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ** (اس نے اور اس کے لشکر نے تکبر کیا)۔اپنے آپ کو بڑا جانا۔**فِي الْاَرْضِ** (سرزمین مصر میں) **بِغَيْرِ الْحَقِّ** (ناحق) اس لئے کہ سچی بڑھائی اللہ تعالیٰ کے لائق ہے۔حقیقی متکبر وہی ہے۔یعنی شانِ کبریائی میں انتہاء کو پہنچا ہوا ہے۔جیسا کہ حدیث قدسی میں وارد ہے:(( **الكبرياء ردائى والعظمة ازارى فمن نازعنى واحدًا منهما القيته فى النار** )) (احمد،مسلم،ابوداؤد) یعنی عظمت و کبریائی میرا ہی لباس ہے جو شخص بھی اس لباس کو کھینچ کر پہننا چاہے گا میں اس کو آگ میں پھینک دونگا۔تمام متکبر برابر ہیں ان کا استکبار ناحق ہی ہے۔

**وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ** (اورانہوں نے گمان کیا کہ وہ ہماری طرف لوٹائے نہ جائیں گے)۔

**قراءت**:یَرجِعُوْنَ۔نافع حمزہ،علی،خلف،یعقوب نے پڑھا ہے۔

۴۰:فَاَخَذْنٰهُ وَ جُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِی الْیَمِّ (ہم نے اسے اوراس کے لشکر کو پکڑ کر سمندر میں پھینک دیا)۔ یہ جلال والی کلام ہے۔ جواس کی عظمت شان کوظاہر کرتی ہے۔ان کی تعداد کوقلیل تعداد سے تشبیہ دی اگر چہ وہ جم غفیر تھاان کنکریوں سے جن کوایک ہی مٹھی میں پکڑ کر سمندر میں پھینک دیا جائے۔فَانْظُرْ (پس دیکھیں) اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِیْنَ (ظالموں کا انجام کیسے ہوا)۔اورآپ اپنی قوم کوڈرائیں بلاشبہ آپ کوان کے مقابلہ میں غلبہ دیا جائے گا۔

۴۱:وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً یَّدْعُوْنَ اِلَی النَّارِ (اورہم نے ان کوگمراہوں کا پیشوا بنایا جوآگ کی طرف دعوت دینے والے تھے)۔الی النار سے اہل دوزخ والے کام۔

## قول ابن عطاء:

ان کے دل سے توفیق اور انوار تحقیق چھین لئے۔وہ اپنے نفوس کے اندھیروں میں پڑے سیدھے راستے کی طرف راہ پانے والے نہیں ہیں۔اس میں دلالت ہے کہ افعال عباد کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَا یُنْصَرُوْنَ (اور قیامت کے دن ان کی امداد نہ کی جائے گی)۔عذاب سے بچنے کیلئے۔

۴۲:وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً (اوران کے پیچھے اس دنیا میں لعنت لگادی) رحمت سے دوری اور بعد میں ہم نے لازم کر دیا۔

## ایک قول یہ ہے:

ان کے بعد جولوگوں کی لعنت ان کو پہنچتی ہے۔وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِیْنَ (قیامت کے دن وہ بدحال لوگوں میں سے ہونگے)۔رحمت سے دور ہانکے ہوئے۔نمبر۲۔یا ہلاک کیے ہوئے۔نمبر۳۔چہروں کی سیاہی اور آنکھوں کی نیل گونی سے بدصورت۔ نَحو :یوم یہ مقبوحین کا ظرف ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى
اور اس کے بعد ہم نے اگلی امتوں کو ہلاک کردیا تھا ہم نے موسیٰ کو کتاب دی
بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴۳ وَمَا كُنْتَ
جو لوگوں کے لئے بصیرتوں کا ذریعہ تھی اور سراپا ہدایت اور رحمت تھی تاکہ وہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ اور آپ مغربی
بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۴۴ وَلٰكِنَّآ
جانب میں نہیں تھے جبکہ ہم نے موسیٰ کو احکام دیئے اور آپ مشاہدہ کرنیوالے نہ تھے اور لیکن ہم نے
اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا
بہت سی جماعتوں کو پیدا کیا پھر ان پر دراز زمانہ گزر گیا۔ اور آپ اہل مدین میں مقیم نہ تھے ، آپ ان پر ہماری
عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝۴۵ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا
آیتیں تلاوت کرتے ہیں اور لیکن ہم ہی رسول بنانے والے ہیں۔ اور آپ طور کی جانب نہ تھے جب ہم نے آواز دی۔
وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴۶
اور لیکن آپ کے رب کی طرف سے آپ پر رحمت ہوئی تا کہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں

۴۳: وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى (اور ہم نے موسیٰ کو تورات دی اس کے بعد کہ ہم نے پہلے زمانہ والوں کو ہلاک کیا)۔ پہلے زمانہ والوں سے قوم نوح' ہود' صالح' لوط علیہم السلام مراد ہیں۔

بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ (لوگوں کے لئے بصیرتیں بنا کر)۔ یہ کتاب سے حال ہے۔ بصیرۃ۔ دل کا وہ نور جس سے ہدایت و سعادت نظر آتی ہے۔ جیسا کہ بصر آنکھ کی اس روشنی کو کہتے ہیں جس سے نظر آتا ہے۔

مراد یہ ہے کہ ہم نے دلوں کو روشن کرنے کے لئے تورات دی۔ کیونکہ وہ قوم اندھی تھی بصیرت نہیں رکھتی تھی اور نہ ہی حق و باطل کو پہچانتی تھی۔ وَهُدًى (اور رہنمائی)۔ کیونکہ وہ گمراہی میں ٹامک ٹوئیاں مارنے والے تھے۔ وَّرَحْمَةً (اور رحمت)۔ ان کے لئے جو اس کی اتباع کرے۔ کیونکہ جب وہ اس پر عمل کریں گے تو رحمت پانے کے حق دار ہو جائیں گے۔ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (تا کہ وہ اس سے نصیحت حاصل کریں)۔

۴۴: وَمَا كُنْتَ (اور نہیں تھے آپ) اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ (پہاڑ کی مغربی جانب)۔ اس سے مراد وہ جگہ ہے جو مغربی جانب واقع تھی اور وہ وہی جگہ ہے جہاں موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ وقت مقرر کیا گیا۔ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ

(جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو احکام دیئے ) یعنی اس سے کلام کی جیسا کہ دوسری آیت میں ہے وقربناہ نجیّا۔[سورۃ مریم آیت نمبر۵۲]

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ (اورنہ آپ ان لوگوں میں تھے جو موجود تھے ) وحی کے لئے تا کہ آپ بطور مشاہدہ کے موسیٰ علیہ السلام کے اس معاملے کو جو اس موقعہ پر پیش آیا۔مشاہدہ کرنے والوں میں سے ہوتے۔

۴۵:وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا (لیکن ہم نے پیدا کیا)۔موسیٰ علیہ السلام کے بعد۔قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ (بہت ساری نسلیں پھر ان پر زمانہ دراز گزرا) یعنی ان کی عمریں لمبی ہوئیں اور نبوت کا انقطاع رہا اور خبریں قریب تھا کہ بالکل چھپ جائیں علوم مٹ گئے اور ان میں بہت ساری تحریفات ہوئیں ہم نے ان خبروں کی تجدید کے لئے انبیاء بھیجے اور جو تحریفات واقع ہو چکی تھیں ان کی وضاحت کی۔انبیاء کے حالات کا علم ہم نے دیا۔اور قصہ موسیٰ علیہ السلام گویا کہ اس طرح فرمایا گیا۔نہ آپ موسیٰ علیہ السلام کا مشاہدہ کرنے والے تھے اور نہ ہی ان واقعات کا جو ان پر گزرے۔لیکن ہم نے آپ کی طرف وحی کی اور یہ سارے واقعات بتلائے اس آیت میں وحی کا سبب انقطاع کے زمانے کی طوالت قرار دیا گیا۔اور اس سے سبب پر اختصار کے ساتھ خود روشنی پڑ گئی۔ بس یہ لکنا کا استدراک بعد والے دونوں استدراکوں کی طرح ہے۔وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ (اور آپ اہل مدین میں مقیم نہیں تھے )۔اہل مدین سے شعیب علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والے مراد ہیں۔تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا (کہ ہماری آیات ان کو پڑھ پڑھ کے سنا رہے ہوں)۔یعنی آپ وہاں کے حالات جان کر ان آیات کو پڑھ رہے ہوں۔ان آیات سے مراد وہ ہیں جن میں شعیب علیہ السلام اور ان کی قوم کا واقعہ مذکور ہے۔ نحو :تتلوا یہ موضع نصب میں کنت کی خبر ثانی ہے یا ثاویًا کی ضمیر سے حال ہے۔وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ (بلکہ ہم ہی بھیجنے والے ہیں)۔لیکن ہم نے آپ کو بھیجا اور آپ کو ان واقعات کی اطلاع دی اور آپ کو ان کا علم دیا۔

۴۶:وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا (اور آپ طور کی جانب موجود نہ تھے جب کہ ہم نے موسیٰ کو پکارا)۔کہ اس کتاب کو مضبوطی سے تھام لو۔وَلٰكِنْ (لیکن)۔ہم نے آپ کو علم دیا اور آپ کو رسول بنایا۔رَحْمَةً (رحمت کی وجہ سے)۔مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ (تیرے رب کی طرف سے تا کہ تم اس قوم کو ڈراؤ۔جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا)۔اس فترت کے زمانہ میں جو آپ اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان گذرا۔اور اس کی مقدار پانچ سو پچاس سال ہے۔ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (تا کہ وہ نصیحت کو قبول کریں)۔

وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا

اور ہم رسول نہ بھیجتے۔ اگر یہ بات نہ ہوتی کہ انکے اعمال کی وجہ سے ان پر مصیبت آجاتی تو یہ کہنے لگتے

رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ فَلَمَّا

کہ اے ہمارے رب ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا تا کہ ہم آپکی آیتوں کا اتباع کر لیتے اور ایمان لانے والوں میں سے ہو جاتے سو جب

جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ

ہماری طرف سے ان کے پاس حق آگیا تو کہنے لگے کہ اس شخص کو ایسی کتاب کیوں نہ ملی جیسی موسیٰ کو ملی تھی کیا اس سے پہلے لوگوں نے

يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ

اس چیز کے ساتھ کفر نہیں کیا جو موسیٰ کو دی گئی کہنے لگے یہ دونوں جادوگر ہیں۔ دونوں نے آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کیا ہے۔ اور کہنے لگے کہ ہم تم دونوں میں سے

كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ

کسی کو نہیں مانتے آپ فرما دیجئے کوئی کتاب لے آؤ جو اللہ کی طرف سے ہو جو ہدایت کرنے میں ان دونوں سے بہتر ہو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ

سچے ہو۔ سو وہ اگر آپ کی بات قبول نہ کریں تو آپ جان لیجئے کہ وہ اپنی خواہشوں کا اتباع کرتے ہیں اور اس سے بڑھ کر کون

ع ۵ ۸ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾

گمراہ ہوگا۔ جو اللہ کی طرف سے ملنے والی ہدایت کے بغیر اپنی نفسانی خواہشوں کا اتباع کرتا ہو۔ بلاشبہ اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔

۴۷: وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ (اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے ان پر کوئی عذاب آ پڑے گا)۔ یہاں مصیبت سے عذاب اور سزا مراد ہے اور بما قدمت ایدیھم سے کفر و ظلم۔

نکتہ: اکثر اعمال میں ہاتھ چلتے ہیں۔ اس لئے اعمال کی نسبت ایدی کی طرف کر دی اگرچہ کچھ اعمال کا تعلق دل سے بھی ہے گویا اکثر کو اقل پر غلبہ دیکر ایدی کا ذکر کر دیا۔ فَيَقُوْلُوْا (پس وہ کہیں گے)۔ عذاب کے وقت۔ رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (اے رب ہمارے تو نے ہمارے پاس کوئی پیغمبر کیوں نہیں بھیجا تا کہ ہم تیری آیات کی اتباع کرتے اور مؤمنوں میں سے ہو جائے)۔ نحو: پہلا لولا امتناعیہ ہے اور اس کا جواب محذوف ہے اور دوسرا لولا تحضیض کے لئے ہے اور پہلی فاء عاطفہ ہے اور دوسری لولا کے جواب میں آئی ہے۔ کیونکہ وہ امر کے حکم میں ہے۔ کیونکہ امر کی حقیقت فعل پر

آمادہ کرنا ہے اور تحضیض بھی یہی ہے اور فاء جواب امر ہی میں آتی ہے اب مطلب یہ ہوگا اگر وہ یہ کہنے والے نہ ہوتے جبکہ ان کو عذاب دیا جاتا ان کی بداعمالیوں یعنی شرک و معاصی کی وجہ سے ھلا ارسلت الینا رسولا۔ آپ نے کیوں نہ ہماری طرف رسول بھیجا تاکہ وہ اس بات سے ہمارے خلاف حجت پیش کرتے۔ اسی لئے ہم نے ان کی طرف رسول بھیجا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ رسول کا موقعہ نہ رہے۔ جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا لئلا یکون للناس علی اللّٰہ حجۃ بعد الرسل [النساء آیت:۱۶۵]

**سوال** : یہ معنی کس طرح درست ہے جبکہ ارسالِ رسل کے لئے سبب عذاب کو قرار دیا گیا ہے نہ کہ قول کو کیونکہ لولا امتناعیہ اسی پر داخل ہے قول پر نہیں؟

**جواب** : قول ہی تو اصل میں مقصود ہے کہ وہ ارسالِ رسل کا سبب بن سکے۔ لیکن سزا جب قول کی وجہ سے ہوئی تو گویا قول کا وجود خود سزا کے وجود سے ثابت ہوگیا۔ اسی لئے سزا کو گویا سبب ارسال کے طور پر ذکر کر کے اس پر لولا کو داخل کر دیا گیا۔ اور قول کو اس پر عطف کر کے فاء سببیہ اس پر داخل کر دیا۔ قول کے ساتھ اس کا معنی اس طرح بنے گا۔ ولولا قولھم ھذا اذا اصابتھم مصیبۃ لما ارسلنا۔ (یعنی مصیبت پہنچنے کے وقت اگر ان کا یہ کہنا نہ ہوتا تو ہم رسول نہ بھیجتے)۔

۴۸: فَلَمَّا جَآءَ هُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا (جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق لے کر آ گیا)۔ حق سے مراد قرآن یا رسول جس کی تصدیق کتاب معجزے سے کی گئی ہے۔ قَالُوْا (وہ کہنے لگے)۔ یعنی کفار کہ لَوْلَآ اُوْتِیَ مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی (ان کو کیوں نہ دی گئی اسی کی مانند جو موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی)۔ یعنی ایک ہی دفعہ اترنے والی کتاب۔ اَوَلَمْ یَکْفُرُوْا (کیا انہوں نے انکار نہیں کیا)۔ یعنی انکے ابنائے جنس جن کے مذہب سے انکا مذہب ہے اور جن کے عناد سے ان کا عناد ہے اور مراد وہ کافر ہیں جو موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں تھے۔ بِمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی مِنْ قَبْلُ (جو موسیٰ علیہ السلام کو اس سے پہلے دیا گیا تھا)۔ یعنی اس قرآن سے پہلے۔ قَالُوْا (انہوں نے کہا) موسیٰ اور ہارون کے بارے میں۔ سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا (یہ دو جادوگر ہیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں)۔

**قراءت**: سِحْرانِ۔ یہ کوفی قراء کی قراءت ہے یعنی جادو والے۔ یا ان دونوں کو جادو کے ساتھ مبالغۃً موصوف قرار دیا گیا۔ ابن عامرؒ ابن کثیرؒ اور نافعؒ نے ساحران پڑھا ہے۔

وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ (اور وہ کہنے لگے ہم تو ان میں سے ہر ایک کے منکر ہیں)۔

## ایک قول یہ ہے:

اہل مکہ نے جس طرح قرآن اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا۔ انہوں نے موسیٰ اور تورات کا بھی انکار کیا ہے کہتے ہیں موسیٰ اور محمد یہ دو جادوگر ہیں جو ایک دوسرے کے موافق ہیں۔ نمبر۲۔ تورات و قرآن یہ دو جادو ہیں جو ایک دوسرے کی تائید کر رہے ہیں۔ یہ اس موقعہ کی بات ہے۔ جب کفار مکہ نے ایک وفد یہود کے ہاں روانہ کیا۔ تاکہ ان سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق دریافت کریں۔ یہود نے ان کو اطلاع دی کہ یہ بات ان کی کتاب میں موجود ہے۔ وہ وفد قریش کے پاس یہود کی بات لے کر واپس ہوا تو قریش مکہ نے اس پر یہ گلفشانی کی کہ یہ دونوں جادوگر ہیں جو ایک دوسرے کے مددگار و معاون ہیں۔

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٥١﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

اور ہم نے اس کلام کو ان لوگوں کے لئے مسلسل بھیجا تا کہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں، جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی

مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ

ہے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں اور جب ان کے سامنے اس کی تلاوت کی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے بلاشبہ یہ حق ہے ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا

بیشک ہم پہلے ہی سے فرماں بردار تھے، یہ وہ لوگ ہیں جن کو صبر کرنے کی وجہ سے دہرا ثواب دیا جائے گا

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ

اور یہ لوگ بھلائی کے ذریعہ برائی کو دفع کرتے ہیں۔ اور جو کچھ ہم نے دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جب لغویات سنتے ہیں

اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؗ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ؗ لَا نَبْتَغِي

تو اس سے اعراض کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمہارے لئے تمہارے اعمال، ہم تم کو سلام کرتے ہیں ہم جاہلوں سے

الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾

بات کرنا نہیں چاہتے۔

۴۹: قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ (کہہ دیں اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی کتاب پیش کر دو جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت والی ہو)۔ جو موسیٰ علیہ السلام پر اتری اور جو مجھ پر نازل ہوئی۔ اَتَّبِعْهُ (تا کہ میں اس پر چلوں)۔ نحو: یہ فاتوا کا جواب ہے۔ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو) کہ وہ دونوں جادو ہیں۔

۵۰: فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ (پھر اگر وہ آپ کی بات کو پورا نہ کر سکیں تو سمجھ لیں کہ یہ لوگ محض اپنی نفسانی خواہشات کے پیرو ہیں)۔ پھر اگر وہ زیادہ ہدایت والی کتاب لانے کے مطالبے کو پورا نہ کر سکیں تو تم سمجھ لو کہ ان پر الزام پورا ہو گیا اور ان کے پاس کوئی دلیل سوائے اتباع خواہشات کے باقی نہیں۔ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ (اور ایسے شخص سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو اپنی نفسانی خواہشات پر چلنے والا ہو بغیر اس کے کہ کوئی دلیل اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے پاس ہو)۔ یعنی اس سے بڑا کوئی گمراہ نہیں جس نے دین کے سلسلہ میں اپنی خواہشات کی اتباع کی۔ نحو: بغیر هدًى۔ یہ حال ہے۔ یعنی وہ مطیع ہونہ کہ خواہشات کا پیرو۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ ظالم قوم کی راہنمائی کرنے والے نہیں)۔

آیت ۵۱: وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (تحقیق ہم نے کلام کو مسلسل ان پر اتارا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں)۔ التو صیل ۔ (بہت زیادہ ملنا اور بار بار ملنا)۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن مجید پے در پے اور مسلسل اترا ہے۔ اس میں وعدہ' وعید' قصص وعبر اور مواعظ موجود ہیں تا کہ وہ نصیحت حاصل کر کے کامیاب ہوں۔

۵۲: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ (وہ لوگ جن کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی)۔ ہٖ کی ضمیر قرآن مجید کی طرف راجع ہے۔ هُمْ بِهٖ (وہ اس قرآن پر)۔ يُؤْمِنُوْنَ (ایمان لانے والے ہیں)۔ نَحو: هم به۔ یہ الذین کی خبر ہے۔ یہ آیت اہل کتاب میں سے جو لوگ ایمان لائے ان کے متعلق اتری۔

۵۳: وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ (اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے)۔ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ (وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے بیشک وہ ہمارے رب کی طرف سے برحق ہے ہم تو اس سے پہلے ہی فرمانبرداری کرنے والے ہیں)۔ قبله۔ یعنی قرآن مجید کے نزول سے پہلے۔ مسلمین کا مطلب دین اسلام پر تھے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر یقین رکھتے تھے۔ انه۔ یہ ایمان کی علت ہے۔ کیونکہ اس کا حق ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اور قرآن اس لائق ہے کہ اس پر ایمان لایا جائے۔ انا کنا۔ یہ امنا کا بیان ہے۔ کیونکہ قریبی زمانے یا دور زمانے کا ایمان ہر دو کا احتمال ہے۔ پس انہوں نے خبر دی کہ ان کا ایمان قدیم اور پرانا ہے۔

۵۴: اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا (ان لوگوں کو ان کا اجر دو مرتبہ دیا جائے گا اس سبب سے کہ انہوں نے صبر کیا)۔ اس سبب کہ وہ ایمان بالتورات اور ایمان بالقرآن پر جمے رہے۔ نمبر۲۔ قرآن کے نزول سے پہلے وہ قرآن پر جو ایمان لائے تھے اس کے نزول کے بعد وہ اس پر جمے رہے۔ نمبر۳۔ اس وجہ سے کہ انہوں نے مشرکین و یہود کی ایذاؤں پر صبر کیا۔ وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ (اور وہ بھلائی سے برائی کو دفع کرتے ہیں)۔ طاعت کے ذریعہ معصیت کو دور کرتے ہیں۔ نمبر۲۔ حلم و حوصلے کے ذریعہ ایذاء برداشت کرتے ہیں۔ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ (اور جو روزی ہم نے دی اس میں سے خرچ کرتے ہیں)۔ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔

۵۵: وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ (اور جب وہ لغویات سنتے ہیں)۔ لغو: باطل' مشرکین کی طرف سے گالم گلوچ۔ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا (تو وہ اس سے اعراض کرتے اور کہتے ہیں)۔ ان لوگوں کو جو لغو گو ہیں۔ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ (ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے تم کو سلام ہو)۔ ہماری طرف سے تم مطمئن رہو کہ ہم تمہاری لغویات کا مقابلہ اسی طرح کی لغویات سے نہیں کر سکتے۔ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ (اور نہ ہم جاہلوں کو چاہتے ہیں) یعنی جاہلوں سے میل جول اور ان کی صحبت نہیں چاہئے۔

اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ

بلا شبہ جسے آپ چاہیں ہدایت پر نہیں لا سکتے اور لیکن اللہ جس کو چاہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ہدایت پانیوالوں کو

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

خوب جانتا ہے۔

۵۶ :اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ (بیشک آپ ہدایت نہیں دے سکتے ) جس کو آپ پسند کریں۔ آپ اس بات کی قدرت نہیں رکھتے کہ جس کو اپنی قوم اور دیگر لوگوں میں چاہیں اسلام میں داخل کر دیں۔ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ (لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے )۔ جس میں چاہے ہدایت دینے کا فعل پیدا کر دے۔ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ (وہ ہدایت والوں کو خوب جانتے ہیں )۔ جو ہدایت کو پسند کرے اور اس کو قبول کرے اور دلائل و آیات سے نصیحت حاصل کرے۔

## زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

نے فرمایا کہ مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے۔ کہ یہ ابو طالب کے متعلق اتریں اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ اس نے اپنی موت کے وقت کہا۔ یا معشر بنی هاشم۔ صدقوا محمدًا تفلحوا ۔اے ہاشمیوں تم محمد کی تصدیق کرو تو کامیاب ہو جاؤ گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یا عمّ! تأمرهم بالنصيحة لانفسهم وتدعها لنفسك! اے چچا، تم ان کو نصیحت کرتے ہو اور اپنے آپ کو چھوڑتے ہو! تو خواجہ ابو طالب نے کہا۔ اے بھتیجے تو کیا چاہتا ہے؟ آپ نے فرمایا۔ میں چاہتا ہوں کہ تو لا الہ الا اللہ کہہ دے۔ تاکہ میں اللہ تعالیٰ کے ہاں تیرے متعلق گواہی دے سکوں۔ اس نے کہا اے بھتیجے۔ میں جانتا ہوں کہ تو سچا ہے لیکن میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ کہا جائے۔ کہ موت کے وقت اس نے بزدلی اختیار کی۔

## ردِ معتزلہ:

یہ آیت معتزلہ کے اس قول کی تردید کرتی ہے کہ ہدایت صرف بیان کو کہتے ہیں۔ حالانکہ آپ نے بہت سے لوگوں کی راہنمائی فرمائی مگر وہ اپنے غلط انتخاب کی وجہ سے ایمان نہ لائے۔ پس اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ بیان کے بعد وہ چیز ہے جس کو ہدایت کہتے ہیں اور وہ ہدایت کا پیدا کرنا اور اس کے لئے توفیق و قدرت کا عطاء کرنا ہے اور آیت میں اسی کی نفی ہے۔

وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا

اور انہوں نے کہا کہ اگر ہم آپکے ساتھ ہدایت کا اتباع کرنے لگیں تو ہم اپنی زمین سے اُچک لئے جائیں گے، کیا ہم نے انہیں امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی

يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَىْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

جہاں ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں جو ہمارے پاس سے کھانے کے لئے دیئے جاتے ہیں، اور لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْ

اور کتنی ہی بستیاں ہم نے ہلاک کردیں جو اپنے سامان عیش پر اترانے والی تھیں، سو یہ ان کے گھر ہیں جن میں انکے بعد سکونت اختیار نہیں

بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى

کی گئی مگر تھوڑی سی اور بالآخر ہم ہی مالک ہیں اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں

حَتّٰى يَبْعَثَ فِىْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِى الْقُرٰٓى اِلَّا

جبتک کہ انکی مرکزی بستی میں رسول نہ بھیج دے جو ان پر ہماری آیات تلاوت کرتا ہو اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں

وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَىْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ

الا یہ کہ انکے رہنے والے ظالم ہوں، اور تمہیں جو بھی کوئی چیز دی گئی ہے۔ سو وہ دنیاوی زندگی کا سامان ہے اور زینت ہے،

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۶ ۲

اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے سو وہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے کیا تم نہیں سمجھتے ہو۔

۵۷: وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا (اور انہوں نے کہا اگر ہم آپ کے ساتھ ہدایت پر چلیں گے تو ہم زمین سے اچک لیے جائیں گے۔ کیا ہم نے ان کو امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی) قریش نے کہا ہم جانتے ہیں کہ تو حق پر ہے۔ لیکن ہمیں خطرہ یہ ہے کہ لوگ تمہاری اتباع کریں اور عرب کی مخالفت مول لیں تو وہ ہمیں اس زمین سے نکال باہر کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دلیل کا جواب پتھر سے دیا کہ ہم نے اس حرم میں ان کو ٹھکانہ دیا جس کا امن بیت اللہ پر موقوف ہے اور وہاں کے باسیوں کا امن بیت اللہ کی حرمت کی وجہ سے ہے۔ ہر طرف سے پھل وہاں کھنچے چلے آتے ہیں جبکہ وہ حالت کفر میں ہیں۔

پھر یہ کیسے درست ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو لوگوں کے اچکنے کے لئے چھوڑ دے اور ان کے امن کو بھی چھین لے جب وہ

حرمت بیت اللہ کے ساتھ حرمت اسلام کو جمع کر لیں۔ امن کی نسبت اہل حرم کی طرف حقیقی ہے اور حرم کی طرف مجازی۔

يُجْبٰۤى اِلَيْهِ (کھنچے چلے آتے ہیں)۔ قراءت: مدنی' یعقوب وسہل نے تُجبٰی پڑھا ہے۔ جمع کیے اور لائے جاتے ہیں۔

ثَمَرٰتُ كُلِّ شَیْءٍ (ہر قسم کے پھل)۔ کل سے مراد کثرت ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں واوتیت من کل شئی۔ [النمل۔۲۳]

رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا (ہماری طرف سے بطور رزق)۔ رزقًا یہ مصدر ہے۔ کیونکہ یجبٰی الیہ کا معنی یرزق ہے۔ نمبر۲۔ یہ مفعول له ہے۔ نمبر۳۔ حال ہے ثمرات سے جبکہ اس کو بمعنی مرزوق کے لیا جائے۔ تا کہ اس کو اضافت سے خاص کیا جائے۔ جیسا کہ نکرہ متخصصہ بالصفۃ کو منصوب کیا جاتا ہے۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (لیکن ان کی اکثریت نہیں جانتی)۔ یہ من لدنا کے متعلق ہے۔ یعنی ان میں سے بہت کم تعداد ایسی ہے جو کہ اس بات کا اقرار کرتی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سے رزق ہے۔ ان کی اکثریت جاہلوں کی ہے۔ جو اس کو جانتے ہی نہیں۔ اگر ان کو علم ہو جاتا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو خوف و امن کو بھی اسی کی طرف سے سمجھتے اور ایمان لانے پر اچک لیے جانے کا خطرہ ظاہر نہ کرتے۔

۵۸: وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا (بہت سی ایسی بستیاں ہم نے ہلاک کر دیں جو اپنے اسباب معیشت پر اتراتے تھے)۔ اس میں اہل مکہ کے لئے تخویف ہے۔ کہ اس قوم کے برے انجام سے بچو جن کی حالت اللہ تعالیٰ کے انعامات کے سلسلہ میں انہی جیسی تھی۔ پھر انہوں نے نعمتوں کا شکر یہ ادا نہ کیا بلکہ نعمتوں کا مقابلہ تکبر سے کیا جس کے نتیجے میں ان کو ہلاک کر دیا گیا۔ اهلكنا کی وجہ سے کم منصوب ہے۔ معیشتها منصوب ہے اس لئے کہ حرف جر حذف کر دیا گیا ہے ای فی معیشتها۔ البطر۔ مالداری میں اللہ تعالیٰ کے حقوق کی حفاظت نہ کرنا۔

فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ (پس یہ ان کے مکانات ہیں)۔ ان کے مکانات کے بقیہ آثار جن کو سفروں میں آتے جاتے وہ دیکھتے ہیں۔ جیسا قوم ثمود' قوم شعیب' وغیرہم کے علاقے۔ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا (ان کے بعد ان کے گھروں میں آبادی نہیں ہوئی مگر بہت قلیل)۔ رہائش یعنی وہاں مسافر' راستے سے گزرنے والا ایک دن یا ایک گھڑی ٹھہر جاتا ہے۔

نحو: لم تسكن یہ حال ہے۔ اور اس میں عامل اسم اشارہ ہے۔

وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ (اور ہم ہی وارث ہوئے)۔ ان مکانات کے جو ان کی رہائش کے تھے۔ یعنی ان میں ہمارے سوا کوئی تصرف نہیں کر سکتا۔

۵۹: وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى (اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں)۔ ہر زمانہ میں حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْۤ اُمِّهَا رَسُوْلًا (جب تک کہ ان کے مرکز میں ایک رسول نہ بھیج دے)۔

قراءت: اِمِّهَا۔ میں ہمزہ کو کسرہ دیکر حمزہ' علی نے پڑھا ہے۔ یعنی اس بستی میں جو اس کی جڑ و بنیاد ہے۔ یعنی اس کے اصل اور اعلیٰ حصہ میں ایک رسول بھیج دیا تا کہ حجت لازم ہو جائے اور معذرت منقطع ہو۔ نمبر۲۔ اللہ تعالیٰ کے حکم اور سابقہ قضاء میں یہ بات نہ تھی کہ زمین میں وہ کسی بستی کو ہلاک کرے یہاں تک کہ ام القریٰ یعنی مکہ میں رسول بھیجے کیونکہ زمین کو وہیں سے پھیلایا گیا۔ رسول

سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِنَا (جوان پر ہماری آیات پڑھے)۔آیات سے قرآن مجید مراد ہے۔ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِی الْقُرٰۤى اِلَّا وَ اَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ (اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں مگر اس وقت جبکہ وہاں کے رہنے والے ظلم کرنے والے ہوں)۔یعنی ہم نے ان کو انتقاماً ہلاک نہیں کیا۔ جب تک کہ وہاں کے رہنے والے اپنے ظلم کی وجہ سے عذاب کے مستحق نہیں بن گئے۔ظلم سے مراد عناد اور کفر پر اصرار اور عذر نہ ہونے کے باوجود مکابرہ ہے۔

۶۰: وَمَاۤ اُوْتِیْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَمَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا (اور جو کچھ تمہیں دیا گیا ہے وہ دنیوی زندگی کا سامان) اور اس کی وَزِیْنَتُهَا (زینت ہے)۔یعنی تمہارے پاس جتنے اسباب دنیا پائے جاتے ہیں۔ یہ صرف چند دن نفع اٹھانے اور زینت کرنے کے لئے ہے۔اور وہ چند ایام اس فناء ہونے والی زندگی کی مدت ہے۔ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ (اور جو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے)۔وہ اس کا ثواب ہے۔ خَیْرٌ (وہ بہت بہتر ہے)۔وہ ذاتی لحاظ سے اس سے بہت بہتر ہے۔ وَّاَبْقٰى (اور وہ باقی رہنے والا ہے)۔ کیونکہ وہ دائمی ہے۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا تم عقل نہیں رکھتے ہو) کہ باقی فانی سے بہتر ہے۔

قراءت: ابوعمرو نے یاء اور تاء دونوں میں اختیار دیا ہے۔اور باقی قراء نے تاء ہی کو پڑھا ہے۔

## قول ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما:

اللہ تعالیٰ نے دنیا کو پیدا کیا اور اس کے رہنے والوں کی تین اقسام کر دیں۔ نمبرا۔ مؤمن۔ نمبر۲۔ منافق۔ نمبر۳۔ کافر۔ پس مؤمن تو آخرت کا زادراہ لیتا ہے اور کافر خوب عیش اڑاتا ہے اور منافق زیب و زینت کرتا ہے۔ پھر اس آیت کو دوبارہ لائے۔

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ

سو جس شخص سے ہم نے اچھا وعدہ کیا ہو پھر وہ اسے پانے والا ہو کیا اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جسے ہم نے دنیا والی زندگی کا سامان دیدیا پھر

هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

وہ قیامت کے دن گرفتار کر کے لایا جائے گا۔ اور جس دن وہ انہیں پکارے گا سو فرمائے گا کہ میرے وہ شرکاء کہاں ہیں جن کے بارے میں

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ

تم گمان کرتے تھے، جن لوگوں پر اللہ کا فرمودہ ثابت ہو چکا ہوگا وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب یہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا

اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۫ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا

ہم نے انکو ویسا ہی بہکایا جیسا کہ ہم خود بہکے تھے ہم آپ کے حضور ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہیں یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے، اور کہا جائے گا کہ اپنے

شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

شرکاء کو بلالو، سو وہ انکو بلائیں گے پھر وہ انکی پکار کا جواب نہ دیں گے اور عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اے کاش وہ ہدایت پائے ہوئے

يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾

ہوتے ، اور جس دن انہیں آواز دے گا سو فرمائے گا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا

۶۱: اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا (کیا وہ شخص جس سے ہم نے پسندیدہ وعدہ کر رکھا ہے)۔ یعنی جنت۔ کیونکہ اس سے زیادہ خوبصورت کوئی شئی نہیں اس لئے کہ وہ دائمی ہے۔ اسی لئے جنت کو الحسنٰی فرمایا گیا۔ فَهُوَ لَاقِيْهِ (پس وہ اس کو پانے والا ہے)۔ دیکھے گا' پالے گا' اس تک پہنچ جائے گا۔ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ (اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس کو دنیوی فوائد سے نوازا ہو۔ پھر قیامت کے دن وہ ان لوگوں میں سے ہو جن کو پکڑ کر حاضر کیا جائے گا) ان لوگوں میں سے جن کو آگ پر حاضر کیا جائے گا اور دوسرے موقع پر فرمایا۔ فکذبوہ فانهم لمحضرون [الصافات۔ ۱۲۷]

شانِ نزول: نمبر۱۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوجہل لعین کے متعلق اتری۔

نمبر۲۔ علی وحمزہ اور ابوجہل کے سلسلہ میں۔

نمبر۳۔ ہر مؤمن وکافر کے متعلق۔

فائے اوّل کا معنی یہ ہے۔ جب دنیا کی زندگی اور عقبیٰ کی نعمتوں کا فرق ذکر کیا تو اس کے بعد افمن وعدناہ لائے۔ مطلب یہ ہوا کہ اتنے بڑے واضح فرق کے بعد جو دنیا کے پرستاروں اور حق پرستوں میں پایا جاتا ہے۔ پھر کوئی شخص دونوں کو برابر قرار دے

سکتا ہے۔

فائے دوم سببیہ ہے۔ کیونکہ موعود کا ملنا یہ وعدے کا مسبب ہے۔ ثم تراخی کے لئے لائے کیونکہ احضار کی حالت تمتیع کی حالت نفع اندوزی سے متاخر ہے۔

قراءت: علی نے ثم ھو پڑھا۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے عَضُدٌ عَضْدٌ ضمیر منفصل کو متصل کے مشابہ قرار دیا۔

۶۲: وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ (اور اس دن کو یاد کرو جب اللہ تعالیٰ ان کو پکار کر فرمائے گا)۔ یہ اللہ تعالیٰ کا پکارنا کفار کو ندائے توبیخ ہوگی۔

نَحو: نمبر ا۔ اس کا عطف یوم القیامۃ پر ہے۔ نمبر ۲۔ اذکر محذوف سے منصوب ہے۔

فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ (پس فرمائیں گے میرے وہ شریک کہاں ہیں)۔ جن کو تم اپنے گمان کے مطابق میرا شریک قرار دیتے تھے۔ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (جن کو تم خیال کرتے تھے)۔

نَحو: تزعمون کے دونوں مفعول محذوف ہیں۔ تقدیر کلام یہ ہے۔ کنتم تزعمونھم شرکائی۔ اور ظننت کے باب میں دونوں مفعولوں کا حذف تو جائز ہے۔ مگر ایک پر اکتفاء جائز نہیں۔

۶۳: قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ (اور وہ لوگ کہیں گے جن پر اللہ تعالیٰ کی بات پوری ہو چکی ہوگی)۔ نمبر ا۔ شیاطین نمبر ۲۔ کافروں کے لیڈر۔ حق علیھم القول کا مطلب یہ ہے کہ قول کا مقتضیٰ ان پر لازم ہو جائے گا اور وہ اس ارشاد میں ہے۔

لأملان جھنم من الجنۃ والناس اجمعین [السجدہ۔۱۳]

رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا (اے ہمارے رب یہ وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکا دیا تھا)۔ یعنی ان کو شرک کی طرف بلایا۔ اور گمراہی کو ان کے لئے مزین کیا۔

نَحو: الذین اغوینا ۔ یہ مبتدأ ہے۔ موصول کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف ہے اور اس کی خبر اَغْوَيْنٰهُمْ ہے۔ كَمَا غَوَيْنَا کاف مصدر محذوف کی صفت ہے۔ تقدیر عبارت یہ ہے۔ اغویناھم فغووا غیًّا مثل ماغوینا۔ ان کا مقصد یہ ہوگا کہ ہم نے بھی اپنے اختیار سے ان کو گمراہ کیا اور یہ اپنے اختیار سے گمراہ ہوئے کیونکہ ہمارا اغواء تو وسوسہ اندازی اور تسویل کی حد تک تھا پس ان کی اور ہماری گمراہی میں کوئی تفاوت نہیں ہے اور اگر ہماری تزیین و تسویل دعوت کی صورت میں تھی تو دوسری طرف اس کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھی تو ایمان کی دعوت موجود تھی جس میں عقلی دلائل اور نقلی دلائل اور کتب منزلہ سب کچھ موجود تھیں اور یہ بالکل شیطان لعین کے اس اقرار کی طرح ہے۔ جو سورہ ابراہیم آیت ۲۲ میں گزرا۔

وقال الشیطان لما قضی الامران اللّٰہ وعدکم وعدالحق الی قولہ ولوموا انفسکم۔

تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ (ہم ان سے تیری بارگاہ میں بیزاری کا اظہار کرتے ہیں)۔ اس سے اور اس کفر سے جس کو انہوں نے اختیار کیا۔

مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ (وہ ہماری عبادت نہ کرتے تھے) بلکہ اپنی خواہشات کے پیرو اور اپنی شہوات کے اطاعت گزار تھے۔

نَحو: یہ دونوں جملے حرف عطف سے خالی ہیں کیونکہ یہ جملہ اولیٰ کے معنی کو پختہ کرنے کے لئے لائے گئے ہیں۔

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ

سواس دن انکی خبریں گم ہو جائیں گی پھر وہ آپس میں پوچھ پاچھ نہ کریں گے سو جس شخص نے توبہ کی اور ایمان لایا

وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾

اور نیک عمل کئے سو اُمید ہے کہ یہ لوگ فلاح پانیوالوں میں سے ہوں گے۔

۶۴: وَقِيْلَ (مشرکین کو کہا جائے گا)۔ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ (تم اپنے شرکاء کو پکارو!) اپنے اصنام کو پکارو تا کہ وہ تمہیں عذاب سے چھوڑائیں۔ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ (پس وہ ان کو پکاریں گے مگر وہ جواب نہ دیں گے)۔ لم یستجیبوا بمعنی لم یجیبوا ہے۔ وَرَاَوُا الْعَذَابَ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ (اور وہ عذاب کو دیکھیں گے اگر وہ ہدایت یاب ہو چکے ہوتے)۔ لو کا جواب محذوف ہے۔ ای لما راوا العذاب۔ (اگر وہ ہدایت یافتہ ہوتے تو آج عذاب کو سامنے نہ دیکھتے)۔

۶۵: وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَا ذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ (اور اس دن کو یاد کرو جس دن ان کافروں سے پکار کر پوچھا جائے گا۔ کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا)۔ وہ رسول جو تمہاری طرف بھیجے گئے۔ اولا اللہ تعالیٰ نے شرکاء بنانے پر توبیخ کی پھر شیاطین کا مقولہ نقل کیا۔ یا کفر کے مقتدر سرداروں کا مقولہ ان کی توبیخ کے وقت نقل کیا۔ کیونکہ جب ان کو معبودانِ باطلہ کی عبادت پر توبیخ کی جائے گی تو یہ معذرت پیش کریں گے کہ شیاطین نے ان کو اغواء کیا ہے۔ پھر ان کو معبودان باطلہ کے اغواء کرنے پر شماتت کے انداز میں بات فرمائی۔ اور ان کی نصرت سے عاجزی کا تذکرہ کیا۔ پھر ارسالِ رسل اور وضاحت علل واسباب کا احتجاج ان کے خلاف پیش کیا جائے گا۔ جس سے وہ لاجواب ہو جائیں۔

۶۶: فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَىِٕذٍ (ان پر خبریں اس دن گم ہو جائیں گی)۔ الانباء سے دلائل۔ نمبر۲۔ اطلاعات مراد ہیں۔

**ایک قول یہ ہے:**

ان پر جواب مخفی ہو جائے گا۔ وہ نہ جانیں گے کہ کیا جواب دیں اس لئے کہ ان کے پاس جواب ہوگا ہی نہیں۔

فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ (پس وہ آپس میں ایک دوسرے سے کچھ پوچھ نہ سکیں گے) نہ دلیل اور نہ عذر کوئی چیز بھی پوچھ نہ سکیں گے۔ اس امید سے کہ اس کے پاس شاید عذر ٗ حجت مل جائے۔ کیونکہ وہ تمام جواب کے سلسلہ میں عاجزی میں برابر ہونگے۔

۶۷: فَاَمَّا مَنْ تَابَ (پھر وہ شخص جس نے توبہ کرلی)۔ شرک سے۔ وَاٰمَنَ (اور وہ ایمان لے آیا)۔ اپنے رب پر اور جو کچھ اس کی طرف سے آیا۔ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ (اور نیک عمل کیے تو امید ہے کہ وہ فلاح پانے والے لوگوں میں سے ہوگا)۔ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کامیاب ہوگا۔

نحو: عسٰی کا لفظ معززین کی طرف سے ثبوت ووقوع کے لئے ہوتا ہے۔ اس میں ایمان والوں کے اسلام لانے پر عظیم

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا

اور آپ کا رب جسے چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے چن لیتا ہے۔ ان لوگوں کو چن لینے کا کوئی حق نہیں ہے، اللہ پاک ہے اور اس سے برتر ہے جو یہ لوگ

يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

شرک کرتے ہیں اور آپ کا رب جانتا ہے جسے انکے سینے چھپاتے ہیں اور جسے یہ لوگ ظاہر کرتے ہیں اور اللہ وہی ہے اس کے سوا

اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ

کوئی معبود نہیں اسی کے لئے سب تعریف ہے۔ دنیا میں اور آخرت میں، اور اسی کے لئے حکم ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے آپ فرما دیجئے

اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

تم بتاؤ اگر اللہ قیامت کے دن تک تمہارے اوپر ہمیشہ کے لئے رات ہی کو موجود رکھے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے

يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ

جو تمہارے پاس روشنی کو لے آئے، تو کیا تم نہیں سنتے؟ اور آپ فرما دیجئے کہ تم یہ بتاؤ کہ اگر اللہ قیامت تک ہمیشہ کے لئے تم پر دن ہی کو

سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا

موجود رکھے تو اللہ کے سوا وہ کون سا معبود ہے جو تمہارے لئے رات کو لے آئے۔ اس میں تم آرام کرتے ہو۔ کیا

تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا

تم نہیں دیکھتے؟ اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے دن کو اور رات کو بنایا تاکہ تم اس میں آرام کرو اور تاکہ تم اس کا

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو۔

بشارت دی گئی ہے اور کافروں کو ایمان کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

۶۸: یہ لولا نزل هذا القرآن على رجلٍ من القريتين عظيم (الزخرف:۳۱) جو ولید بن مغیرہ نے کہا تھا۔ رجل سے اپنی ذات یا ابو مسعود ثقفی مراد لے رہا تھا۔ اس کے جواب میں یہ آیت اتری۔

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ (اور آپ کا رب جس چیز کو وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے)۔

مَسْئَلَه: اس میں دلالت ہے کہ افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

قراءت: ویختارُ پر وقف ہے۔ یعنی اور آپ کا رب جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور آپ کا رب جو چاہتا ہے چنتا ہے۔ تقدیر کلام: وربك يخلق مايشاء وربك يختار مايشاءُ۔

مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ (ان کو کوئی اختیار حاصل نہیں ہے)۔ یعنی ان کو کچھ بھی اختیار نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ پر کسی چیز کو اختیار کریں۔ اور اس کو ہی ان پر اختیار حاصل ہے۔

عاطف ماكان لهم الخِيَرَة میں داخل نہیں کیونکہ وہ ویختار کا بیان ہے۔ کیونکہ آیت کا معنی یہ ہے۔ ان الخِيرة لله۔ (کہ اختیار اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے)۔ وہ اپنے افعال میں حکمت کی جوانب سے خوب واقف ہے۔ فليس لاحدٍ من خلقهٖ ان يختار عليه۔ اس کی مخلوق میں سے کسی کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے خلاف کسی چیز کو اختیار کرے۔

اہم تنبیہ:

جنہوں نے ویختار میں وصل کیا ہے اور یہ معنی لیا۔ ويختار الذی لهم فيه الخيرة۔ اور وہ اس کو چنتا ہے جس میں ان کو اختیار ہے۔ اس نے حق سے بعید بات کہی۔ بلکہ حقیقت اس کے خلاف ہے۔ کیونکہ ماتو مخلوق کے اختیار کی نفی کے لئے لایا گیا ہے۔

## ایک اور غلطی کی تردید:

جنہوں نے اس کا معنی یہ کیا و يختار للعباد ماهو خير لهم و اصلح۔ اور وہ بندوں کے لئے وہ چنتا ہے جو کہ ان کے لئے بہت بہتر اور اصلح ہوتا ہے۔ یہ معتزلہ کے قول کی ترجمانی ہے الخيرة کا لفظ یہ التخيير سے لیا گیا ہے۔ یہ مصدر کے معنی میں مستعمل ہے۔ اور المتخير کے معنی میں بھی آیا ہے۔ جیسا کہ اہل عرب کا قول ہے۔ محمد خيرة الله من خلقه۔ یہاں مفعول ہی کا معنی ہے۔ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (اللہ تعالیٰ پاک اور بلند و برتر ہیں ان تمام شرکاء سے جن کو وہ اس کا شریک ٹھہراتے ہیں)۔ یعنی اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے بری ہے۔ وہ اس سے منزہ اور پاک ہے کہ کسی کو اس کے خلاف چناؤ کا اختیار حاصل ہو۔

۶۹: وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ (اور آپ کا رب جانتا ہے جو ان کے سینے چھپائے ہوئے ہیں)۔ تكن کا معنی چھپانا ہے۔ اور سینوں میں وہ چھپانے والی بات عداوت اور حسدِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھا۔

وَمَا يُعْلِنُوْنَ (اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں)۔ ان کے متعلق طعنہ زنیاں کہ ان کے علاوہ نبوت کے لئے اور کسی کو منتخب کیوں نہ کیا۔

۷۰: وَهُوَ اللّٰهُ (اور وہی اللہ تعالیٰ) الوہیت میں خاص اور سب پر قابل ترجیح ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (اس کے سوا کوئی عبادت کے

لائق نہیں)۔ یہ ماقبل کی تقریر ہے۔ جیسا کہتے ہیں۔ الکعبة القبلة لا قبلة الاھی۔ یہ پچھلا جملہ تاکید وتقریر ہے۔ لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاُوْلٰی (اور اسی ہی کیلئے تعریف ہے دنیا میں) وَالْاٰخِرَةِ (اور آخرت میں) اور وہ دوسرے مقام پر اس طرح مذکور ہے۔
الحمدللّٰہ الذی اذھب عنا الحزن۔ [فاطر۔۳۴]

ایک اور مقام پر فرمایا۔ الحمدللّٰہ الذی صدقنا وعدہ۔ [الزمر۔۷۴]

ایک مقام پر ارشاد ہوا۔ وقیل الحمدللّٰہ رب العالمین۔ [الزمر۔۷۵]

مَسْئَلَہ: جنت میں حمد وثناء بطور لذت کے ہوگی بطور امر تکلیفی کے نہ ہوگی۔ (جیسا کہ دنیا میں امر تکلیفی ہے)۔

وَلَهُ الْحُكْمُ (اور فیصلہ اسی ہی کے لئے ہے)۔ بندوں کے مابین فیصلہ کرنا۔ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (اور اسی ہی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے)۔ دوبارہ اٹھا کر کے۔

قراءت: یعقوب نے تَرْجِعُون پڑھا ہے۔

۷۱: قُلْ اَرَءَيْتُمْ (کہہ دیں ذرا دیکھو تو سہی)۔

قراءت: علی نے حذف ہمزہ سے پڑھا ہے۔ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ (اگر اللہ قیامت کے دن تک مسلسل رات ہی رات بنا دے)۔ تو اللہ تعالیٰ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ (کے سوا کوئی معبود ہے۔ جو تمہارے لئے روشنی لے آئے گا کیا تم نہیں سنتے)۔

نَحو: سرمدًا یہ جعل کا مفعول ثانی ہے۔ معنی دائمًا۔ ہمیشہ ہے یہ لفظ اسرد سے ماخوذ ہے۔ اور اس کا معنی مسلسل ہے۔ عرب کہتے ہیں۔ الا شهر الحرم ثلاثة سرد و واحد فرد۔ یہ صیغہ مبالغہ ہے اور میم زائد ہے۔ اس کا وزن فَعْمَلٌ ہے۔ من الہ الایۃ کا مطلب یہ ہے کہ مجھے بتلاؤ ذرا کون اس کی قدرت رکھتا ہے۔

۷۲: قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ (آپ کہہ دیجئے! بلا دیکھو تو اگر اللہ تعالیٰ تم پر ہمیشہ قیامت تک دن ہی دن کر دے تو اللہ تعالیٰ کے سوا کون ایسا معبود ہے۔ جو تم پر رات لے آئے جس میں تم آرام کر سکو)۔

نکتہ: آیت میں نہار (دن) کے ساتھ یہ نہیں فرمایا بنھار تنصرفون فیه (ایسا دن لائے جس میں کام کاج کر سکو) جیسا کہ پچھلی آیت میں لیل کے ساتھ فرمایا بلیل تسکنون فیه۔ بلکہ اس کی بجائے سورج کی روشنی کا ذکر فرما دیا۔ کیونکہ سورج کی روشنی سے بے شمار منافع حیات متعلق ہیں صرف معاش اکیلا نہیں اور اس کے بالمقابل اندھیرا ایسا نہیں کہ جس سے اتنے کثیر منافع متعلق ہوں۔ اس لئے اہم ترین فائدہ کا ذکر فرما دیا اور یہی وجہ ہے کہ ضیاء کے ساتھ لفظ افلا تسمعون ملایا ہے۔ کیونکہ کان جس چیز کا ادراک کر لیتے ہیں جیسے تذکرۂ منافع اور بیانِ فوائد آنکھ ان کے ادراک کی قوت نہیں رکھتی۔ اور رات کے ساتھ افلا تبصرون کو ملا کر لائے۔ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ (کیا تم لوگ نہیں دیکھتے) کیونکہ تیرے علاوہ اندھیرے کا وہ فائدہ دیکھتے ہیں جس کو تو

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَاءِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ ٧٤ وَنَزَعْنَا

اور جس دن وہ ان سے فرمائے گا کہ میرے شرکاء کہاں ہیں جنہیں تم شریک سمجھتے تھے، اور ہم ہر اُمت میں سے

مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلَّهِ وَضَلَّ

ایک ایک گواہ نکال کر لائیں گے ۔ پھر ہم کہیں گے کہ اپنی دلیل پیش کرو۔ سو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ سچی بات اللہ ہی کی ہے اور وہ جو کچھ

عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ ٧٥

جھوٹی باتیں گھڑا کرتے تھے۔ وہ سب گم ہو جائیں گی۔

بھی سکون وغیرہ کی صورت میں دیکھتا ہے۔

۷۳: وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ (اور اللہ تعالیٰ کی اپنی رحمت سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لئے رات اور دن بنائے ۔ تا کہ تم آرام پاؤ۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل کو تلاش کرو) تقدیر کلام اس طرح ہے: لتسکنوا فی اللیل ولتبتغوا من فضل اللّٰہ فی النھار۔ (تا کہ تم رات کو سکون کرو اور اللہ تعالیٰ کے فضل کو دن میں تلاش کرو)۔ پس یہ لف ونشر مرتب کی قسم میں سے ہوگا۔ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (اور تا کہ تم اس کا شکریہ ادا کرو)۔ اللہ تعالیٰ کا شکریہ اس کی نعمتوں پر۔

## قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

اِس کا یہ معنی بھی درست ہے۔ لتسکنوا فیھما و لتبتغوا من فضل اللّٰہ فیھما۔ (تا کہ تم ان دونوں میں آرام کر سکو اور تا کہ تم اللہ تعالیٰ کی روزی دونوں میں تلاش کر سکو)۔

زجاج رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول آج کل کے زمانہ کی ترجمانی کر رہا ہے۔ (مترجم) دن رات کمانا جائز ہے۔

آیت کا مطلب یہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے دن رات کا زمانہ ووقت بنایا تا کہ تم اس میں آرام کرو اور اس کا فضل (رزق) اس وقت میں تلاش کرو۔

۷۴: وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِ يَ (اور اس دن کو یاد کرو جس دن اللہ تعالیٰ ان کو نداء دے کر فرمائے گا)۔ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (کہاں ہیں میرے وہ شرکاء جن کو تم (سفارشی) خیال کرتے تھے۔ شریک بنانے پر۔ بار دیگر توبیخ کی گئی تا کہ یہ اعلان کر دیا جائے کہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو شرک سے بڑھ کر کوئی چیز دعوت دینے والی نہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی رضامندیوں میں سب سے زیادہ توحید داخل کرنے والی ہے۔

۷۵: وَنَزَعْنَا (اور ہم نکال کر لائیں گے)۔ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا (ہر امت میں سے ایک گواہ) یعنی ان کا پیغمبر کیونکہ انبیاء علیہم

السلام اپنی اپنی امتوں پر گواہ ہیں۔ جو کہ ان کے متعلق ان اعتقادات کی گواہی دیں گے جن پر وہ تھے۔ فَقُلْنَا (پھر ہم امتوں کو کہیں گے)۔ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ (تم اپنی دلیل پیش کرو)۔ اس شرک پر جس پر تم قائم تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت پر۔ فَعَلِمُوْا (پس اس وقت وہ جان لیں گے)۔ اَنَّ الْحَقَّ (کہ توحید) لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ (اللہ تعالیٰ ہی کے لئے خاص ہے اور ان سے گم ہو جائیں گی) اور ان سے وہ تمام معبود اس طرح غائب ہو جائیں گے جس طرح کوئی ضائع ہونے والی چیز غائب ہوتی ہے۔ مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ (وہ باتیں جو وہ گھڑا کرتے تھے)۔ یعنی غیر اللہ کی الوہیت اور ان کے لئے زبردستی شفاعت۔

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ

بلا شبہ قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھا سو وہ انکے مقابلہ میں تکبر کرنے لگا اور ہم نے اسے خزانوں میں سے اس قدر

اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِى الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ

دیا تھا کہ اسکی چابیاں ایسی جماعت کو گراں بار کردیتی تھیں جو قوت والے لوگ تھے جبکہ اسکی قوم نے اس سے کہا کہ تو مت اترا بلاشبہ

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ

اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ اور اللہ نے تجھے جو کچھ دیا ہے اس میں دار آخرت کی جستجو کرتا رہ اور دنیا میں سے

نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِى

اپنا حصہ فراموش مت کر اور جیسے اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے اسی طرح تو بھی احسان کر۔ اور زمین میں فساد کو

الْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٧٧﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ

تلاش مت کر، بے شک اللہ فساد کرنیوالوں کو پسند نہیں فرماتا، وہ کہنے لگا کہ مجھے جو کچھ دیا گیا ہے یہ تو صرف میرے علم کی

عِنْدِىْ ۭ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ

وجہ سے ہے جو میرے پاس ہے، کیا اس نے نہیں جانا کہ بلاشبہ اللہ نے اس سے پہلے کتنی ہی جماعتوں کو ہلاک کر دیا جو قوت میں اس سے زیادہ

قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا يُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ

سخت تھیں۔ اور اس سے زیادہ جتھے والی تھیں۔ اور مجرموں سے انکے گناہوں کے بارے میں سوال نہ کیا جائے گا۔ سو وہ اپنی قوم کے سامنے اپنی ٹھاٹھ باٹھ میں

زِيْنَتِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ قَارُوْنُ ۙ

نکلا، جو لوگ دنیا والی زندگی کے طالب تھے وہ کہنے لگے کاش ہمارے لئے بھی ایسا ہی مال ہوتا جیسا قارون کو دیا گیا ہے

اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿٧٩﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ

بلاشبہ وہ بڑے نصیب والا ہے اور جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا، انہوں نے کہا تمہارے لئے ہلاکت ہے اللہ کا ثواب اس شخص کے لئے بہتر ہے

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۣ

جو ایمان لایا اور نیک عمل کئے اور یہ بات انہی کے دلوں میں ڈالی جاتی ہے جو صبر کرنیوالے ہوں، سو ہم نے قارون کو اور اسکے گھر کو زمین میں دھنسا دیا،

فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿٨١﴾

سو کوئی بھی جماعت نہ تھی جو اسکی مدد کر کے اللہ سے بچا لیتی اور وہ خود بھی اپنی مدد کرنے والا نہ تھا

۷۶: اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى (بیشک قارون قوم موسیٰ میں سے تھا)۔
نَحْو : قارون یہ غیر منصرف ہے۔ کیونکہ عجمہ و معرفہ دو سبب موجود ہیں اگر اس کو فاعولا کے وزن پر مانیں تو یہ منصرف ہوگا۔ پھر یہ قرنت الشیٔ سے ماخوذ ہوگا۔

یہ اسرائیلی الاصل تھا۔ موسیٰ علیہ السلام کا ابن عم تھا۔ سلسلہ نسب قارون بن یصہر بن قاہث بن لاوی بن یعقوب اور موسیٰ علیہ السلام کا سلسلہ موسیٰ بن عمران بن قاہث اس کو خوبصورتی کی وجہ سے المنور کہا جاتا تھا۔ یہ بنی اسرائیل میں تورات کا بڑا قاری تھا۔ لیکن سامری کی طرح منافق تھا۔ فَبَغٰى عَلَيْهِمْ (پھر یہ قوم پر تکبر کرنے لگا)۔ یعنی یہ البغی سے نکلا ہے۔ جس کا معنی ظلم ہے۔

## ایک قول یہ ہے:

اس کو فرعون نے بنی اسرائیل پر حکمران بنایا یہ ان پر ظلم کرتا۔ نمبر۲۔ یہ البغی بمعنی تکبر سے ہے۔ اس نے بنی اسرائیل پر کثرتِ مال واولاد کی وجہ سے تکبر کیا۔ نمبر۳۔ دوسروں سے ایک بالشت کپڑے بڑھائے (اور بطور تکبر ان کو لٹکا کر اور کھینچ کر چلتا تھا) بغوی، وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَا اِنَّ مَفَاتِحَهٗ (اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے جن کی چابیاں)۔

ما۔ الذی کے معنی میں آیاتنا کی وجہ سے منصوب ہے اور اِنّ اور اس کا اسم وخبر مل کر الذی کا صلہ بنتے ہیں اسی لئے انَّ مکسور ہے۔ اور المفاتح جمع مِفْتَح کی ہے میم کے کسرہ کے ساتھ ہے جس کا معنی چابیاں۔ نمبر۲۔ مَفْتَح فتحہ کے ساتھ جس کا معنی خزانہ ہے اور زیادہ درست بات یہ ہے کہ چابیاں مراد ہیں۔

لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ (بھاری کر دیتی تھی ایک جماعت کو) جماعت کو بوجھل کر دیتیں۔ العصبة بڑی جماعت وہ اپنے خزانوں کی چابیاں ستر خچروں پر لادتا تھا۔ باء تعدیہ کے لئے ہے جیسے کہتے ہیں ناء بِهِ الحمل اس کو بوجھ نے جھکا دیا۔ اس کے ہر خزانہ کی ایک چابی تھی۔ اور ہر چابی ایک انگشت کے برابر چمڑے کی بنی ہوئی تھی۔ اُولِى الْقُوَّةِ (طاقتور و مضبوط)۔ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ (جب اس کو اس کی قوم نے کہا)۔ قوم سے یہاں مؤمن مراد ہیں۔

## ایک قول یہ ہے:

یہ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:
نَحْو : اذ تنوء کی وجہ سے محل نصب میں ہے۔
لَا تَفْرَحْ (کثرت مال پر تکبر مت کرو)۔ جیسا دوسرے مقام پر فرمایا۔ ولا تفرحوا بما اتاکم [الحدید۔۲۳]
دنیا پر وہ شخص اتراتا ہے۔ جو دنیا پر راضی اور مطمئن ہو۔ باقی وہ شخص جس کا دل آخرت کی طرف لگا ہو اور وہ جانتا ہو کہ عنقریب اس کو چھوڑ دیا جائے گا۔ وہ دنیا پر بالکل نہیں اتراتا۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ مال پر تکبر کرنے اور

اترانے والوں کو پسند نہیں فرماتے )۔

۷۷: وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰكَ اللّٰهُ (اور اللہ تعالیٰ نے جو تجھے دیا ہے اس میں عالم آخرت کو تلاش کر )۔ یعنی جو غنی اور ثروت تمہیں دی ہے۔ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ (آخرت والے گھر کو )۔ اس طرح کہ تم فقراء پر خیرت کرو اور صلہ رحمی کرو اور مقامات خیر میں اس کو صرف کرو۔ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا (اور دنیا سے اپنا حصہ ( آخرت ) ہرگز نہ بھول )۔ وہ یہ ہے کہ بقدر کفایت اس میں سے لو جو تمہارے لئے بہتری والا ہو۔

## ایک قول یہ ہے:

اپنی دنیا کے ذریعہ آخرت کو طلب کرو۔ پس یہی دنیا میں سے آخرت کا حصہ ہے۔

وَاَحْسِنْ (اور احسان کرو )۔ اللہ تعالیٰ کے بندوں کے ساتھ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ (جیسا اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان فرمایا ہے ) یہ انعامات دیکر وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ (اور زمین میں فساد مت مچا ظلم وتکبر کے ذریعہ ) اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے )۔

۷۸: قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ (اس نے کہا مجھے جو کچھ ملا ہے۔ وہ مجھے میرے علم کی وجہ سے ملا ہے )۔ ۂ سے مراد مال ہے۔ علی علمٍ عندی کہہ کر اس نے اپنے علم کو سبب قرار دیکر استحقاقِ مال کا دعویٰ کیا ہے۔ جو علم تورات ایسے لوگوں سے زیادہ ملا ہوا تھا۔ نمبر۲۔ تجارت وزراعت سے کمائی کے طرق۔

نحو: عندی یہ علمٍ کی صفت ہے۔

## قول سہل رحمۃ اللہ علیہ:

کوئی ایسا شخص نہیں کہ جس نے اپنی طرف دیکھا ہو ( تکبر کیا ہو ) اور پھر وہ کامیاب ہوا ہو۔ خوش نصیب وہ ہے۔ جس نے اپنے افعال واقوال سے اپنی نگاہ کو پھیر لیا اور اپنے لئے اللہ تعالیٰ کے احسانات کو اپنے تمام افعال واقوال دیکھنے کا دروازہ کھول لیا اور بدنصیب وہ ہے جس کے افعال' اقوال' احوال اس کی اپنی نگاہ میں مزین نظر آئیں۔ پھر وہ ان پر فخر کرنے لگا۔ اور ان کے بارے دعویٰ کیا کہ یہ اس کے اپنے ذاتی کمال والے افعال واقوال ہیں۔ ایک دن اس کی بدبختی اس کو ہلاک کردے گی۔ جیسا کہ قارون کو دھنسا دیا گیا جب اس نے اپنی ذات کے لئے فضیلتوں کا دعویٰ کیا۔

اَوَلَمْ يَعْلَمْ ( کیا قارون کو معلوم نہیں )۔ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً ( کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے پہلے زمانے والے ہلاک کردیئے جو اس سے طاقت میں بڑھ کر تھے )۔ اس میں اللہ تعالیٰ کے لئے علم کو ثابت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے قد اهلك من قبله من القرون ہلاک کردیا ان سے پہلے زمانہ والوں کو جو کہ اس سے زیادہ طاقتور اور زیادہ مالدار تھے۔ کیونکہ وہ تورات میں پڑھ چکا تھا۔ گویا اس کو اس طرح کہا گیا۔ اَوَلم يعلم في جملة ماعنده من العلم هذا

حتی لایغتر بکثرۃ مالہ وقوتہ۔ کیا اسے معلوم نہیں کہ جو کچھ اس کے پاس علم ہے یہ اس تمام علم میں سے ہے۔ تا کہ وہ اپنے مال کی کثرت وقوت پر دھوکا میں مبتلا نہ ہوتا۔ نمبر۲۔ یا اس میں اس کے علم کی نفی ہے۔ کیونکہ جب اس نے یہ کہہ دیا۔ اوتیتہ علی علم عندی۔ تو اسے کہا گیا کہ کیا اس کے پاس اس علم کی مثل ہے جس کا اس نے دعویٰ کیا ہے اور جس کی وجہ سے اس نے ہر نعمت کو اپنے لئے لازم سمجھ لیا ہے۔ اس کو اس نفع بخش کا علم نہ ہوا کہ جس سے اپنے آپ کو ہالکین کے نتائج سے بچالے۔

وَّاَكْثَرُ جَمْعًا (اور جماعت وجتھہ کے اعتبار سے بڑھ کر تھے) مال میں۔ نمبر۲۔ جماعت وتعداد میں۔ وَلَا يُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ (اور مجرموں سے ان کے گناہوں سے متعلق (تحقیق ومعلومات کے لئے) نہ پوچھا جائے گا)۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے متعلق جانتے ہیں۔ بلکہ وہ تو بلا حساب دوزخ کا ایندھن ہونگے۔ نمبر۲۔ بغیر سوال ہی مجرم گناہوں کا اعتراف کر لیں گے۔ نمبر۳۔ وہ نشانات سے پہچان لیے جائیں گے اس لئے پوچھنے کی حاجت نہ ہوگی۔ نمبر۴۔ ان سے معلومات کی غرض سے تو پوچھا نہ جائے گا البتہ توبیخ کے لئے سوال ہوگا۔ نمبر۵۔ گزشتہ لوگوں کے گناہوں کے بارے میں ان سے سوال نہ ہوگا۔ اس امت کے مجرمین سے۔

۷۹: فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ زِيْنَتِهٖ (وہ اپنی قوم کے سامنے بن سنور کر نکلا)۔ زرد اور سرخ کپڑے پہن کر۔

## ایک قول یہ ہے:

وہ ہفتہ کے دن سفید خچر پر سوار ارغوانی لباس جس پر سنہری سورج بنے ہوئے تھے پہن کر نکلا۔ اس کے ساتھ چار ہزار آدمی اسی کے لباس زیب تن کیے ہوئے نکلے۔

## ایک قول:

ان پر اور ان کے گھوڑوں پر سرخ پاکھریں تھیں اور اس کے دائیں جانب تین سو غلام اور بائیں طرف تین سو لونڈیاں جن کی رنگت سفید اور زیورات وریشم میں سجی ہوئیں۔

نحو: فی زینتہٖ یہ فاعل سے حال ہے ای خرج متزیناً۔

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا (ان لوگوں نے کہا جو دنیا کی زندگی کو چاہنے والے تھے)۔

## ایک قول:

یہ مسلمان تھے۔ انہوں نے یہ تمنا خوشحالی کی طرف عام انسانوں کی طرح رغبت رکھتے ہوئے کی تھی۔

## اور ایک قول:

یہ کافر تھے۔ يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ قَارُوْنُ (اے کاش آج ہمارے لئے اسی طرح ہوتا جس طرح قارون کو ملا ہے)۔ یہ بطور رشک کے کہا۔ الغابط۔ جو نعمت والے کی نعمت کو دیکھ کر اسی جیسی نعمت کی اپنے متعلق تمنا کرلے مگر اس کی نعمت کے زوال کی

خواہش دل میں پیدا نہ کرے۔جیسا کہ اس آیت میں ہے۔

الحاسد۔ جو نعمت والے کی نعمت دیکھ کر اس کے زوال کی تمنا کرے۔اس کی مثال دوسری آیت میں ہے۔ولا تتمنوا مافضل اللہ بہٖ بعضکم علی بعض [النساء۔۳۲]

## فرمانِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم:

کیا غبطہ نقصان دیتا ہے؟ فرمایا نہیں مگر اتنا جتنا کانٹے جھاڑی کو۔ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ (بیشک وہ بڑا نصیب ور ہے)۔

الحظ۔نصیب، بخت و دولت کو کہتے ہیں۔

۸۰: وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ (اور کہا ان لوگوں نے جن کو علم ملا)۔ثواب، عقاب اور فنائے دنیا اور بقائے عقبیٰ کے متعلق انہوں نے قارون پر رشک کرنے والوں سے کہا۔ وَيْلَكُمْ (تم پر افسوس ہے)۔اس کلمہ کی اصل ویلك ہے۔ یہ ہلاکت کی بددعا ہے۔ پھر ڈانٹ وردع کے لئے استعمال ہونے لگا۔اور ایسی چیز پر آمادہ کرنے کے لئے جو ناپسند ہو۔

نحو: یہ فعل محذوف کا مفعول ہے۔ای الزمکم اللہ ویلکم کذا فی التبیان فی اعراب القرآن۔

ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا وَلَا يُلَقّٰهَآ (اللہ تعالیٰ کا بدلہ بہت بہتر ہے اس شخص کے لئے جو ایمان لایا اور اس نے نیک اعمال کیے اور یہ انہی کو دیا جائے گا)۔لا یلقٰی کا معنی اس کلمہ ثواب اللہ خیر کی تلقین دین پر ثابت قدم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ (مگر صبر کرنے والے) مگر وہ لوگ جو طاعات پر جمے رہنے والے اور شہوات سے باز رہنے والے اور اسی طرح دنیا کی زینت سے دور رہنے والے اور جو قلیل ان کی قسمت میں ہے اس پر صبر کرنے والے ہیں۔

۸۱: فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ (پس ہم نے اس کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسایا)۔قارون موسیٰ علیہ السلام کو ہر وقت ایذاء پہنچاتا تھا۔موسیٰ علیہ السلام اس قرابت نسبی کی وجہ سے مدارات فرماتے۔ یہاں تک کہ زکوٰۃ کا حکم نازل ہوا۔پس اس نے موسیٰ علیہ السلام سے ایک ہزار دینار پر ایک دینار اور ہر ہزار درہم پر ایک درہم کی ادائیگی کا اقرار کر کے صلح کر لی۔ جب اس سے حساب نکالا تو اس کی مقدار بہت بڑھ گئی۔اس کا نفس بخل پر آمادہ ہوا۔اس نے بنی اسرائیل کو جمع کر کے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام تو تمہارا مال لینا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا تم ہمارے بڑے ہو جو حکم دو۔ہم وہ تسلیم کریں گے۔

اس نے کہا ہم فلاں فاحشہ عورت کو معاوضہ دیتے ہیں۔ تاکہ وہ موسیٰ علیہ السلام پر اپنے ساتھ زنا کی تہمت لگائے۔ بنی اسرائیل نے اس بات میں شرکت سے انکار کر دیا۔مگر اس نے اس عورت کو۔نمبر ۱۔ایک ہزار دینار پر آمادہ کر لیا۔نمبر ۲۔سونے کا ایک تھال۔نمبر ۳۔جس طرح اور جتنا وہ مانگے۔ جب عید کا دن آیا۔موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہو کر بنی اسرائیل کو وعظ فرمانے لگے۔ جو چوری کرے ہم اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے۔ جو افتراء باندھے ہم اس کو کوڑے لگائیں گے۔ جو زنا کرے اور وہ غیر شادی شدہ ہو۔ہم اس کو کوڑے لگائیں گے اور اگر شادی شدہ ہو تو اس کو سنگسار کریں گے۔

قارون نے کھڑے ہو کر کہا۔اگرچہ آپ ہی کیوں نہ ہو؟ آپ نے فرمایا خواہ میں ہی ہوں۔اس نے کہا۔ بنی اسرائیل کا

خیال ہے کہ تم نے فلاں عورت سے (نعوذ باللہ) بے حیائی کی ہے۔ وہ عورت سامنے بلائی گئی۔ آپ نے اس کو اس ذات باری تعالیٰ کی قسم دی جس نے سمندر کو پھاڑ اور تورات کو نازل فرمایا کہ تم سچ سچ کہو۔ وہ عورت بولی۔ قارون نے تم پر تہمت لگانے کے بدلے میرے لئے اتنا انعام مقرر کیا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام روتے ہوئے سجدہ میں گر پڑے۔ اور عرض کیا یارب۔ اگر میں آپ کا رسول ہوں۔ تو آپ اس پر اس انتقام میں غضب نازل فرمادیں۔ اللہ تعالیٰ نے وحی کی کہ تم زمین کو حکم دو وہ تمہاری تعمیل کرے گی۔ آپ نے بنی اسرائیل کو حکم دیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے قارون کی طرف اسی طرح بھیجا ہے جیسا فرعون کی طرف جو اس کا ساتھی ہے وہ اپنی جگہ رک جائے اور جو میرے ساتھ ہے۔ وہ اس سے علیحدگی اختیار کرلے۔ تمام مجمع سوائے دو آدمیوں کے اس سے الگ ہو گیا۔ پھر آپ نے زمین کو حکم دیا۔ ان کو پکڑلو۔ ان کو زمین سے ایڑیوں تک پکڑلیا۔ پھر آپ نے فرمایا اس کو پکڑلو۔ زمین نے کمر تک ان کو دھنسا دیا۔ پھر فرمایا پکڑو۔ زمین نے گردن تک ان کو دھنسا دیا۔ قارون اور اس کے ساتھی موسیٰ علیہ السلام سے گڑگڑا کر کہتے تھے اور ان کو اللہ تعالیٰ اور رحم کا واسطہ دیتے۔ موسیٰ علیہ السلام شدت غضب کی وجہ سے ان کی طرف توجہ نہ فرماتے تھے۔ پھر کہا۔ ان کو پکڑلے۔ زمین نے ان کو دبوچ لیا۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا۔ اس نے تم سے کئی مرتبہ فریاد کی مگر تو نے رحم نہ کیا۔ میری عزت کی قسم! اگر وہ مجھ سے ایک مرتبہ رحمت طلب کرتا تو میں اس پر رحم کر دیتا۔

بعض بنی اسرائیل نے یہ پروپیگنڈا کیا کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس کو اس لئے ہلاک کیا تا کہ اس کے مال پر قبضہ کرلے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائی اللہ تعالیٰ نے اس کے گھر اور خزانوں کو زمین میں دھنسا دیا۔

فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ (پس نہیں تھی کوئی جماعت اس کے لئے)۔ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (جو اس کی مدد کرے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچانے کے لئے)۔ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ (اور نہ وہ ہوا بدلہ لینے والوں میں سے) جو موسیٰ علیہ السلام سے انتقام لیتے۔ نمبر۲۔ اللہ تعالیٰ کے عذاب کو روکنے میں مدد کرتے۔

عرب کہتے ہیں: نصره من عدوه فانتصر ای منعه منه فامتنع اس کو اس سے روکا پس وہ رگ گیا۔

وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

اور کل گزشتہ جو لوگ آرزو کر رہے تھے کہ ہم بھی اس جیسے ہو جاتے صبح ہونے پر کہنے لگے کہ ارے ! بات یہ ہے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ اپنا رزق

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ

اپنے بندوں میں سے جسے چاہے زیادہ دیدے اور جس پر چاہے رزق تنگ کر دے اللہ ہم پر احسان نہ فرماتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا۔ ارے !

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

بات یہ ہے کہ کافر لوگ کامیاب نہیں ہوتے۔

۸۲: وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ (اور ہو گئے وہ لوگ جو تمنا کرتے تھے اس کے مرتبہ کی)۔ اصبح یہاں صار کے معنی میں ہے اور مکانہ سے مراد دنیا میں اس کا مقام و مرتبہ بِالْاَمْسِ (کل گزشتہ)۔ یہ تمنوا کا ظرف ہے۔ اس سے مراد کل گزشتہ نہیں بلکہ قریب وقت سے کنایہ ہے۔ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (اور کہنے لگے ارے ایسا لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کی روزی فراخ کرنا چاہتا ہے اپنے) وَيَقْدِرُ (بندوں میں سے وہ فراخ کر دیتا ہے اور جس کی روزی نپی تلی کرنا چاہتا ہے نپی تلی کر دیتا ہے)۔

نحو : وَیْ علمائے بصرہ کے ہاں کَاَنَّ سے جدا ہے۔

## سیبویہ کا قول:

وَیْ یہ کلمہ خطأ پر تنبیہ اور شرمندگی دلانے کے لئے آتا ہے۔ اس کو شرمندہ آدمی اظہار شرمندگی کے لئے لاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قوم کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ کہ ہم نے یالیت لنا مثل ما اوتی قارون والی تمنا غلط کی اور شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے کہنے لگے۔ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا (اگر اللہ تعالیٰ ہم پر احسان نہ فرماتے)۔ اس تمنا کو پھیر کر جو ہم نے کل گزشتہ کی تھی تو لَخَسَفَ بِنَا (تو وہ ہمیں بھی دھنسا دیتا)۔

قراءت : خَسَفَ۔ دونوں فتحہ کے ساتھ حفص، یعقوب و سہل نے پڑھا اور لَخُسِفَ۔ یہ حمزہ، نسائی، ابو عمرو ابن کثیر کی قراءت ہے۔ اس میں ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹتی ہے۔ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ (ارے کیا تم نہیں جانتے کہ کافر فلاح نہیں پاتے)۔ پھر کہنے لگے۔ ایسا لگتا ہے کہ کافر کامیاب نہیں ہوتے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا

یہ آخرت کا گھر ہم اسے ان لوگوں کے لئے خاص کر دیں گے جو زمین میں بلندی اور فساد کا ارادہ نہیں

فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝۸۳ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ

کرتے، اور اچھا نتیجہ متقیوں کے لئے ہے۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا سو اس کے لئے اس سے بہتر بدلہ ملے گا۔ اور جو شخص

بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۸۴

بدی لیکر آئے گا سو جن لوگوں نے برے عمل کئے انہیں انہی اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ لوگ کیا کرتے تھے۔

۸۳: تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ (یہ آخرت والا گھر ہم ان لوگوں کے لئے خاص کرتے ہیں جو دنیا میں بڑے بننے کے خواہاں نہیں ہوتے)۔

نحو: تلك یہ دار آخرت کی تعظیم کے لئے اشارہ بعید استعمال فرمایا گیا۔ مطلب یہ ہے۔ تلك التی سمعت بذکرھا و بلغك وصفھا۔ وہ وہی تو ہے جس کا تذکرہ تم نے سنا اور اس کی تعریف معلوم ہوئی۔ یہ مبتدأ ہے اور اس کی خبر نجعلھا ہے۔ اور الدار یہ مشار الیہ صفت ہے۔

عُلُوًّا سے مراد بغاوت و سرکشی یہ ابن جبیر کا قول ہے۔ نمبر۲۔ یا ضحاکؒ نے ظلم سے تفسیر کی۔

وَلَا فَسَادًا (اور نہ فساد)۔ فساد سے معاصی پر عمل نمبر۲۔ قتل انفس نمبر۳۔ غیر اللہ کی عبادت کی طرف بلانا۔

نکتہ: آیت میں آخرت والے وعدے کو علو و فساد کے ترک سے معلق نہیں کیا بلکہ ان کے ارادہ کے ترک سے معلق فرمایا اور ان کی طرف میلان کے ترک سے متعلق کیا گیا جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا۔ ولا ترکنوا الی الذین ظلموا۔ [ہود۔۱۱۳]

پس حاصل یہ ہوا کہ عُلو کی وعید رکون اور جھکاؤ سے متعلق ہے۔

## فرمانِ علی رضی اللہ عنہ:

آدمی کو کبھی پسند آتا ہے کہ اس کے جوتے کا تسمہ دوسرے ساتھی سے عمدہ ہو تو وہ بھی اس میں داخل ہو جائے گا۔

## فرمانِ فضیل رحمۃ اللہ علیہ:

نے اس آیت کو پڑھا پھر کہنے لگے۔ تمنائیں یہاں دم توڑ گئیں۔

## عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ:

موت کے وقت اس کو اپنی زبان پر دہراتے رہے۔ یہاں تک کہ ان کی روح قبض ہو گئی۔

## بعض علماء کا قول یہ ہے:

اس کا مطلب یہ ہے کہ فرعون اور قارون کی پیروی سے نفرت اختیار کی جائے اور اس ارشاد کو تھامے رہے۔ ان فرعون علا فی الارض القصص ۔۴۔ ولا تبغ الفساد فی الارض ۔القصص ۔۷۷۔ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ (اور اچھا انجام متقین کا ہے)۔

۸۴: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا (جو شخص قیامت کے دن نیکی لائے گا۔ اس کو نیکی کی مقدار سے بہت زیادہ اچھا ملے گا)۔ یہ آیت سورۃ النمل ۸۹ میں گزر چکی۔

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ (اور جو شخص برائی لایا ایسے لوگوں کو جو برے کام کرتے ہیں اتنا ہی بدلہ دیا جائے گا)۔ ولا یجزی کا معنی فلا یجزون ہے۔ پس الذین عملوا السیئات ظاہر نائب فاعل کو ضمیر کی جگہ لائے۔ تاکہ برے اعمال کی اسناد ان کی طرف دوبارہ کر کے ان کی بدحالی اور تذلیل خوب ظاہر ہو اور سننے والوں کے دلوں میں برائی کی نفرت بڑھا دی جائے۔ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (جتنا وہ کرتے تھے۔ مگر اسی کی مثل جو وہ کرتے رہے)۔

## فضل اللہ العظیم:

اللہ تعالیٰ کا عظیم فضل ملاحظہ فرمائیں کہ برائی وگناہ کی سزا تو اس کی مثل سے دی اور نیکی کا بدلہ کم از کم دس گنا اور اس سے بڑھا کر سات سو گنا کر دیا۔ (اللهم متعنا بفضلك العظيم آمين)

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّیْۤ اَعْلَمُ

بلا شبہ جس نے آپ پر قرآن کو فرض کیا ہے وہ آپ کو لوٹنے کی جگہ واپس پہنچا دے گا۔ آپ فرما دیجئے کہ میرا رب اس شخص کو

مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۸۵﴾ وَ مَا كُنْتَ تَرْجُوْۤا اَنْ یُّلْقٰۤى

خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا اور اسے بھی جانتا ہے جو کھلی ہوئی گمراہی میں ہے۔ اور آپ کو اسکی امید نہ تھی کہ آپکو

اِلَیْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِیْرًا لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿۸۶﴾

کتاب دی جائے گی مگر محض آپکے رب کی رحمت سے۔ سو آپ ہرگز کافروں کے مددگار نہ ہوجایئے۔

وَ لَا یَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَیْكَ وَ ادْعُ اِلٰى رَبِّكَ

اور ہرگز یہ لوگ آپ کو اللہ کی آیات سے روک نہ دیں اسکے بعد کہ وہ آپ کی طرف نازل ہو چکی ہے۔ اور آپ اپنے رب کی طرف بلاتے رہیئے

وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۸۷﴾ وَ لَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ وقف لازم

اور ہرگز مشرکین میں سے نہ ہوجایئے اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پکاریئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ ع ۹ الثلاثۃ

اسکی ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے۔ اسی کی حکومت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۸۵: اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ (بیشک وہ ذات جس نے تم پر قرآن کو فرض کیا ہے)۔ اس کی تلاوت کو تم پر لازم کر دیا۔ اور اس کی تبلیغ اور عمل کو ضروری کر دیا۔ لَرَآدُّكَ (وہ ضرور آپ کو لوٹانے والا ہے)۔ موت کے بعد اِلٰى مَعَادٍ (لوٹنے کی جگہ کی طرف)۔ کیا خوب وہ لوٹنے کی جگہ ہے جو اور کسی فرد بشر کو آپ کے علاوہ حاصل نہیں۔ اسی تفخیم کو ظاہر کرنے کے لئے نکرہ لائے۔ نمبر۲۔ مکہ مراد ہے۔ آپ کا فتح کے دن لوٹنا کیونکہ اس دن لوٹنا ایک خاص شان وعظمت کے ساتھ ہوگا مکہ والے مغلوب ومقہور ہو جائیں گے اور اسلام اور اہل اسلام کی عزت ظاہر ہوگی۔ شرک اور اہل شرک ذلیل ہو جائیں گے۔

یہ سورت اگرچہ مکیہ ہے۔ مگر یہ آیت جحفہ کے مقام پر اتری جو مکہ ومدینہ کے درمیان میں واقع ہے۔ اس وقت آپ کے قلب اطہر میں مکہ مکرمہ کا شوق موجزن تھا۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے معاد (مکہ) کا وعدہ فرمالیا تو فرمایا۔

قُلْ رَّبِّیْۤ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى (آپ کہہ دیں میرا رب اس کو خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا ہے)۔ یعنی من سے مراد آپ کی ذات گرامی ہے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کو معاد میں کتنا بڑا ثواب ہے۔ وَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (اور کون کھلی گمراہی میں مبتلا ہے)۔ مراد اس سے مشرکین مکہ ہیں۔ اور جو ان کو شرک کے نتیجہ میں آخرت میں سزا ملے گی۔

نحو: مَنْ محل نصب میں ہے اس کا فعل یعلم مضمر ہے۔
۸۶: وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْا اَنْ يُّلْقٰى (اور آپ کو تو کوئی امید بھی نہ تھی کہ آپ کو دی جائے گی)۔ یلقی کا معنی وحی کرنا۔ اِلَيْكَ الْكِتٰبُ (کتاب یعنی قرآن مجید) اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ (مگر یہ تو محض آپ کے رب کی رحمت کی وجہ سے ہوا)۔ یہ اس معنی پر محمول ہے کہ آپ کی طرف قرآن کی وحی آپ کے رب کی رحمت کی وجہ سے ہوئی ہے۔ نمبر۲۔ الا کو لکن کے معنی میں لیا جائے۔ جو کہ استدراک کے لئے آتا ہے۔ یعنی لیکن تیرے رب کی رحمت کی وجہ سے آپ پر وحی کی گئی۔ لیکن تیرے رب کی رحمت کے لئے آپ پر وحی قرآن کی گئی ہے۔
فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ (پس تم ہرگز کافروں کے مددگار و پشت پناہ مت بننا) ان کے دین میں ان کے مددگار ہرگز نہ بنیں۔
۸۷: وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ (اور وہ ہرگز نہ روکیں آپ کو اللہ کی آیات (پڑھنے یا عمل کرنے) سے) مراد اس سے جمع ہے یعنی یہ لوگ ہرگز آپ کو اللہ تعالیٰ کی آیات پر عمل سے نہ روکیں۔ آیات سے قرآن مجید مراد ہے۔
بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ (بعد اس کے کہ وہ آپ کی طرف اتاری جا چکی ہیں) یعنی قرآن کے نزول کے بعد اور اذ کی طرف اسمائے زمان کی اضافت کی جاتی ہے مثلاً حینئذ، یومئذ۔
وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ (اور اپنے رب کی طرف بلاتے رہئے) یعنی اس کی توحید اور عبادت کی دعوت دیتے رہئے۔
وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (اور مشرکین میں سے نہ ہو جایئے)
۸۸: وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (اور اللہ کے ساتھ کسی معبود کو مت پکاریئے)۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ خطاب بظاہر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے اور مراد اس سے ہر وہ شخص ہے جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کو اختیار کر لیا ہے نیز گناہوں سے معصوم ہونا اس کا متقاضی نہیں کہ گناہوں سے روکا نہ جائے اور لفظ اخر پر وقف ضروری ہے کیونکہ ملا کر پڑھنے کی صورت میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کا جملہ انما خر کی صفت بن جائے گا جس کا فاسد ہونا ظاہر ہے۔
كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ (اور اس کی ذات کے سوا ہر چیز ہلاکت پذیر ہے)۔ وجه سے اس کی ذات مراد ہے۔ وجہ سے تعبیر کی گئی ہے۔

## قولِ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ:

الا وجهه سے مراد علماء کا علم ہے۔ جب اس سے اللہ تعالیٰ کی رضا مندی مقصود ہو۔ لَهُ الْحُكْمُ (اسی کے لئے حکم دینا خاص ہے)۔ یعنی اس کا حکم مخلوق میں جاری ہے۔ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (اور تم اسی ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے)۔
قراءت: یعقوب نے تَرْجِعُوْنَ پڑھا ہے۔

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ العنکبوت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں انہتر آیات اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ① اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ② وَلَقَدْ

الٓمّٓ O کیا لوگوں نے یہ خیال کیا ہے کہ وہ اتنا کہنے سے چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اوران کو آزمایا نہ جائے گا۔ اور بلا شبہ

فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ③

ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو آزمایا ہے سو اللہ ضرور ضرور ان لوگوں کو جان لے گا جو سچے ہیں اور ضرور ضرور جھوٹوں کو بھی جان لے گا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ۭ سَاۗءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ④

جو لوگ برے کام کرتے ہیں کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم سے چھوٹ کر کہیں بھاگ جائیں گے، برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں۔

۱: الٓمّٓ۔ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ۔ الم (کیا لوگوں نے خیال کرلیا ہے کہ صرف اتنا کہہ دینے سے کہ ہم ایمان لے آئے۔، ان کو چھوڑ دیا جائے گا اوران کی آزمائش نہ کی جائے گی)۔

الحسبان۔ باہمی متناقض چیزوں میں سے ایک کا دوسرے کے مقابلہ میں قوت پکڑنا جیسا کہ ظن میں ہوتا ہے۔ الشك۔ دو متناقضین میں دونوں کے مابین ٹھہرنا۔ العلم۔ دو میں سے ایک کے متعلق قطعیت پیدا ہونا۔ ان دونوں کا اطلاق معانی مفردات پر نہیں آتا بلکہ مضامین جمل پر ہوتا ہے۔ اگر تم اس طرح کہو۔ حسبت زیدًا و ظننت الفرس۔ تو اس سے کچھ حاصل نہیں جب تک کہ تم اس طرح نہ کہو۔ حسبت زیدًا عالمًا و ظننت الفرس جوادًا۔ کیونکہ زید عالم اور الفرس جواد یہ دونوں مضمون جملہ پر دلالت کرتے ہیں۔ جب تو ایسا مضمون جملہ جو تمہارے ہاں ثابت ہو بطور ظن کے خبر دینا چاہو تو جملے کے دو حصوں پر حسبان کو داخل کر دو گے تو تمہاری غرض حاصل ہو جائے گی۔

اس موقعہ پر حسبان کا تقاضا کرنے والا مضمون جملہ ان یتر کوا ان یقولوا آمنا وھم لا یفتنون ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی تقدیر عبارت اس طرح ہے۔ احسبوا ترکھم غیر مفتونین لقولھم آمنا۔ (انہوں نے اپنے آپ کو بے امتحانی سمجھ لیا آمنا کہنے کی وجہ سے)۔ پس حسب کے دونوں مفعولوں میں سے اول کو ترک کر دیا ہے۔ اور آمنا خبر ہے۔ بلا آزمائش ہونے کو ترک کہا گیا کیونکہ یہ ترک وہ ہے جو تصییر کے معنی میں آتا ہے۔ جیسا کہ عنترہ کا قول ہے۔ فتر کته جزر السباع

يَنْشَئَهُ۔

ذرا غور تو کرو کہ حسبان کے لانے سے قبل تم اس طرح کہہ سکتے ہو۔ ترکھم غیر مفتونین لقولھم امنا۔ (ان کو بلا آزمائش چھوڑ دیا ان کے صرف آمنا کہنے پر)۔ اس میں لام سے قبل حاصل ومستقر مقدر ہوگا۔ یہ استفہام توبیخ کے لئے ہے۔ الفتنۃ سے مراد سخت تکالیف جیسے وطن سے جدائی' دشمنوں سے جہاد' تمام مشکل طاعات' ترک شہوات' فقر' قحط' انفس واموال میں قسم قسم کے مصائب' کفار کا ان کی ایذاء دہی اور ان کے خلاف سازشوں پر جمنا وغیرہ مراد ہیں۔

## روایت ہے:

کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ کے متعلق نازل ہوئی جو مشرکین کی ایذاؤں پر گھبرا گئے یا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کے متعلق اتری ان کو بھی اللہ تعالیٰ کی خاطر تکالیف دی جاتی تھیں۔

۳: وَلَقَدْ فَتَنَّا (ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو آزمایا)۔ امتحان لیا۔ یہ اُحسب سے متصل ہے۔ نمبر۲۔ لا یفتنون سے متصل ہے۔ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (وہ لوگ جو ان سے قبل ہوئے)۔ مختلف قسم کی آزمائشوں کے ذریعہ ان کو آزمایا ان میں سے بعض کے سروں پر آرا رکھ کر دو حصوں میں چیر دیا گیا۔ مگر یہ بات بھی اس کو دین سے ہٹا نہ سکی۔ اور بعض کو لوہے کی کنگھیوں سے چھیدا گیا مگر یہ چیز ان کو دین سے نہ پھیر سکی۔ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ (پس اللہ تعالیٰ امتحان سے ضرور ظاہر کرے گا)۔ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا (ایمان میں سچے لوگوں کو) وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ (اور ضرور بضرور ایمان میں جھوٹے لوگوں کو ظاہر کر کے رہے گا)۔

## علم باری تعالیٰ:

کا مطب یہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا علم ازلی ہے موجود کو اس کے وجود کے وقت اور وجود سے قبل بھی جانتے ہیں۔ کہ وہ ایجاد فرمائیں گے بالفعل ظاہر فرمائیں گے یعنی سچے اور جھوٹے کو بالفعل جدا کر دیں گے۔

## قول ابن عطاء رحمۃ اللہ علیہ:

بندے کا صدق وکذب تنگدستی اور خوشحالی میں جانا جاتا ہے۔ جو خوشحالی میں شکر کرے اور ایام مصیبت میں صبر کرے۔ وہ سچا ہے۔ اور جو خوشحالی کے ایام میں تکبر وخودستائی میں مبتلا ہوا اور مصیبت میں جزع وفزع کی وہ جھوٹا ہے۔

۴: اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ (کیا بدکاریاں کرنے والوں نے گمان کر لیا)۔ السیئات سے شرک وگناہ مراد ہیں۔ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا (کہ وہ ہم سے سبقت کر جائیں گے)۔ وہ ہم سے نکل جائیں گے۔ یعنی سزا ان کو بہر صورت ملے گی۔

نحو: ان کا صلہ مسند اور مسند الیہ کو شامل ہونے کی وجہ سے دو مفعولوں کے قائم مقام ہو گیا۔ جیسا کہ اس ارشاد میں ہے: ام حسبتم ان تدخلوا الجنۃ [البقرہ۔۲۱۴]

نمبر۲۔ اور یہ بھی درست ہے کہ حَسِبَ میں قدّر کا معنی متضمن ہو۔ اور ام منقطعہ ہو اور اس میں اضراب کا معنی پایا جائے۔

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٥ وَمَنْ

جو شخص اللہ کی ملاقات کی امید رکھتا ہے سو بلا شبہ اللہ کا مقرر کردہ وقت ضرور آنے والا ہے اور وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے۔ جو شخص

جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مجاہدہ کرتا ہے سو وہ اپنے لیے ہی محنت کرتا ہے، بلاشبہ اللہ سارے جہانوں سے بے نیاز ہے ، جو لوگ ایمان لائے اور

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا

نیک عمل کیے ضرور ضرور ہم ان کی برائیوں کا کفارہ کردیں گے اور ضرور ہم انہیں ان کے کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ

يَعْمَلُوْنَ ۝٧

دیں گے۔

اس طرح کہ یہ گمان تو پہلے گمان سے بھی زیادہ باطل تر ہے۔ کیونکہ وہ تو صرف یہ فرض کیا گیا کہ ایمان لانے پر اس کا امتحان نہ لیا جائے گا اور یہ گمان کر بیٹھا ہے کہ اس کی سیئات پر اس کو سزا نہ ملے گی۔

## بعض کا قول:

یہ ہے کہ اول تو ایمان والوں کے متعلق ہے کہ مؤمنوں نے عدم آزمائش کا گمان کیا۔ اور دوسرا گمان کافروں سے متعلق ہے۔

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ (وہ بہت برا فیصلہ کرتے ہیں)۔ ما موضع رفع میں ہے۔ معنی یہ ہے ساء الحکم حکمھم۔ ان کا فیصلہ بدترین فیصلہ ہے۔

ما موضع نصب میں ہے۔ معنی یہ ہے ساء حکما یحکمون۔ بہت برا ہے فیصلہ کے لحاظ سے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ مخصوص بالذم محذوف ہے ای بئس حکما یحکمونہ حکمھم ھذا۔ ان کا یہ حکم جو وہ کر رہے ہیں بہت برا حکم ہے۔

۵: مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ (جو اللہ تعالیٰ سے ملنے کی امید رکھتا ہو)۔ نمبر۱۔ یعنی اس کے ثواب کی امید رکھتا ہو۔ نمبر۲۔ اس کے محاسبہ سے ڈرتا ہو۔ رجاء میں امید وخوف دونوں کا احتمال ہے۔ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ (پس بیشک اللہ تعالیٰ کا معین وقت ضرور آنے والا ہے)۔ اجل اللہ سے مراد وہ وقت جو ثواب وعقاب کے لئے مقرر کر دیا گیا ہے۔ لَاٰتٍ (لامحالہ آنے والا ہے)۔ پس اس کو چاہیے کہ وہ اعمال صالحہ اختیار کرے جو اس کی امید کو سچا کر دکھائیں اور اس کی تمنا پوری ہو جائے۔ وَهُوَ السَّمِيْعُ (اور وہی ہر بات کو سننے والا ہے)۔ جو اس کے بندے کہتے ہیں۔ الْعَلِيْمُ (جاننے والا ہے) جو اس کے بندے کر رہے ہیں۔ اس کے علم سے کوئی چیز نکل جانے والی نہیں۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا

اور ہم نے انسان کو تاکیدی حکم دیا کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ کر اور اگر وہ تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک ٹھہرا

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

جس کی دلیل تیرے پاس نہیں ہے سو تو ان کی فرمانبرداری نہ کرنا، میری طرف تم لوگوں کو واپس ہونا ہے سو میں تمہیں ان کاموں سے باخبر کردوں گا جو تم

تَعْمَلُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝۹

کیا کرتے تھے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے سو ہم ان کو ضرور ضرور نیک بندوں میں داخل کردیں گے۔

## قول زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

من شرطیہ ہے ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہے۔ اور فان اجل اللّٰہ جواب شرط ہے۔ جیسا کہتے ہیں۔ ان کان زید فی الدار فقد صدق الوعد۔ اگر زید گھر میں ہے تو اس نے اپنا وعدہ پورا کردیا۔

۶: وَمَنْ جَاهَدَ (جس نے اپنے نفس سے جہاد کیا)۔ اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر نفس کو مضبوطی سے روک کر۔ نمبر۲۔ وساوس کو دور کر کے شیطان سے جہاد کیا۔ نمبر۳۔ کفار سے جہاد کیا۔ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ (پس بے شک وہ اپنے نفس کیلئے جہاد کرے گا) کیونکہ اس کا فائدہ اسے ہی ملے گا، اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (اللہ تعالیٰ تو جہاں والوں میں سب سے بے نیاز ہیں) ان کی اطاعت اور مجاہدات کی اسے ضرورت نہیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی یہ بندوں پر محض رحمت ہیں۔

۷: وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ (اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اعمال صالحہ کئے)۔ ہم ضرور بضرور ان کی سیئات کو مٹا دیں گے۔ ایمان وتوبہ کی برکت سے شرک ومعاصی کو مٹا دیا جائے گا۔ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (اور ضرور بضرور ہم ان کو بہترین بدلہ ان اعمال کا دیں گے جو وہ کرتے تھے)۔ یعنی اسلام میں کیے جانے والے اعمال کا بہترین بدلہ دیں گے۔

۸: وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا (اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کی نصیحت کی) وصّی اس نے حکم دیا۔ امر کا معنی اور استعمال بھی اسی معنی میں ہوتا ہے۔ جیسے کہتے ہیں۔ وصیت زیدًا بان یفعل خیرا۔ جیسا کہ کہتے ہیں امرت زیدًا بان یفعل خیرًا۔ اس ارشاد میں بھی یہی معنی ہے۔ ووصی بها ابراهیم بنیه۔ [البقرہ۔۱۳۲] ہم نے ان کو کلمۂ توحید کی وصیت کی اور اس کا حکم دیا۔

باقی اس مقولہ کا مطلب وصیت زیدا بعمرو۔ میں نے اس کو وصیت کی کہ عمرو کا خیال ودھیان رکھے اور اس کی نگرانی کرے وغیرہ اور اسی طرح کا معنی اس ارشاد میں ہے۔ ووصینا الانسان بوالدیه حسنا اور ہم نے اس کو وصیت کی کہ وہ اپنے والدین

کو بھلائی پہنچائے۔

نمبر۲۔ہم نے اس کو وصیت کی کہ وہ اپنے والدین کو حسن و بھلائی کا والی بنائے۔یعنی خوبی والے فعل کا والی بنائے یا وہ فعل جو اپنی ذات کے لحاظ سے خوب تر ہواس لئے کہ اس میں خوبی بہت پائی گئی تو گویا وہ فعل مجسمہ حسن بن گیا۔جیسا کہ اس ارشاد میں فرمایا۔**و قولوا للناس حسنا**۔[البقرہ۸۳] لوگوں کو وہ بات کہو جوذات کے اعتبار سے بہت خوب ہو۔

نمبر۳۔یہ بھی جائز ہے **حسناً** کو اس کلام کے قبیلہ سے قرار دیں **زیدًا** ای **اضرب زیدًا**۔جبکہ تم اس کو ضرب کے لئے تیاری کرتے ہوئے پاؤ تو کہو۔**زیدًا**۔

پس **حُسنا** کا نصب **اَوْلِهِما** فعل مضمر کی وجہ سے ہے۔ای **اعطهما یاافعل بهما حسنا**۔کیونکہ وصیت اس پر دلالت کر رہی ہے۔اور اس کا مابعد اس کے مطابق ہے۔گویا اس طرح کہا گیا ہے۔**قلنا اولهما معروفا و لا تطعهما فی الشرك اذا حملاك عليه** اور ہم نے کہا تو ان کو بھلائی کا والی بنا اور شرک میں ان کی اطاعت نہ کر جبکہ وہ تمہیں اس پر آمادہ کریں۔اس تفسیر کے مطابق اگر **بو الدیه** پر وقف کریں اور **حسناً** کو ابتدائی کلام قرار دیں تو یہ وقف خوب ہے۔اور اگر تفسیر اول مراد لیں تو قال کو مضمر ماننا ضروری ہے۔ای **و قلنا**۔

**وَاِنْ جَاهَدٰكَ** (اور اگر وہ تمہیں مجبور کریں) اے انسان۔**لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ** (تا کہ تو میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہرائے جس کا تمہیں علم نہیں)۔یعنی اس کی الوہیت کا تمہیں علم نہیں۔مقصود نفی علم سے نفی معلوم ہے۔گویا کہ کلام اس طرح ہے **لتشرك بی شیئا لایصح ان یکون الهًا**۔تا کہ تو میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہرائے جس کا الٰہ ہونا درست نہیں۔

**فَلَا تُطِعْهُمَا** (تو ان کی بات مت مان)۔اس سلسلہ میں کیونکہ **لا طاعة لمخلوق فی معصية الخالق**۔**اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ** (تم نے میرے ہاں لوٹ کر آنا ہے)۔تمام کا مرجع خواہ وہ ایمان لایا یا شرک کیا۔**فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ** (میں تمہیں مطلع کروں گا ان اعمال کے متعلق جو تم کرتے رہے)۔پھر ان پر صحیح صحیح بدلہ دونگا یہاں مرجع اور وعید دونوں کو ذکر کر کے شرک میں ان کی متابعت سے ڈرانا مقصود ہے اور دین میں استقامت پر آمادہ کیا گیا ہے۔

## روایت میں ہے:

کہ سعد بن ابی وقاصؓ جب مسلمان ہو گئے تو ان کی والدہ نے نذر مانی کہ وہ اس وقت تک نہ کھائے گی اور نہ پیئے گی جب تک سعد دین اسلام کو نہ چھوڑیں گے۔سعد نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کر کے استفتاء کیا۔پس یہ آیت نازل ہوئی۔اور وہ آیت جو لقمان۔۱۴۔اور وہ آیت جو احقاف ۱۵ میں ہے۔

۹: **وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ** (اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اعمال صالحہ کیے ہم ضرور بضرور انہیں صالحین میں داخل فرمائیں گے)۔منجملہ صالحین میں۔**الصلاح** مؤمنین کی کامل ترین صفت ہے۔یہ انبیاء علیہم السلام کا مطلوب ہے۔سلیمان علیہ السلام کی دعا میں ہے **وادخلنی برحمتك فی عبادك الصالحين**[النمل۔۱۹]

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

اور بعض لوگ وہ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب انہیں اللہ کے بارے میں تکلیف دی جاتی ہے تو لوگوں کی ایذاء رسانی کو

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ

اللہ کے عذاب کی طرح بنالیتے ہیں۔ اور اگر ان کے پاس آپ کے رب کی طرف سے مدد آجائے تو ضرور ضرور کہیں گے کہ ہم تمہارے ساتھی تھے، کیا اللہ

بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ

جہان والوں کے سینوں کی باتوں کو خوب اچھی طرح جاننے والا نہیں ہے؟ اور البتہ اللہ ایمان والوں کو ضرور جان لے گا اور ضرور ضرور منافقوں کو

الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

جان لے گا۔

دعائے یوسف علیہ السلام میں ہے۔ توفنی مسلمًا والحقنی بالصالحین [یوسف۔۱۰۱]

نمبر۲۔ فی الصالحین سے صالحین کے داخل ہونے کی جگہ جنت مراد ہے۔

شانِ نُزُول : یہ آیت منافقین کے متعلق نازل ہوئی۔

۱۰: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ (اور بعض لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے)۔ فِي اللّٰهِ (جب ان کو اللہ کی راہ میں دکھ پہنچتا ہے)۔ اس سے مراد منافقین ہیں یعنی جب ان کو کفار کی طرف سے ایذاء پہنچتی ہے۔

جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ (وہ آدمیوں کی طرف سے ملنے والی تکلیف کو اللہ تعالیٰ کے عذاب کی طرح قرار دیتا ہے)۔ یعنی اس تکلیف پر اسی طرح جزع فزع کا اظہار کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب پر کیا جاتا ہے۔ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ (اور اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کیلئے کوئی مدد آجائے تو وہ ضرور کہنے لگتا ہے ہم بھی تو تمہارے ساتھ تھے)۔ جب اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی مدد کر کے ان کو مال غنیمت عنایت فرماتا ہے تو وہ معترض ہوتے ہیں۔ اور کہتے ہیں بلاشبہ ہم تمہارے ساتھ تھے یعنی تمہارے دین میں تمہارے پیچھے لگنے والے اور تمہاری طرح اس پر ثابت قدم رہنے والے ہیں۔ اس لئے ہمیں اس غنیمت میں سے حصہ دو۔ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ (کیا اللہ تعالیٰ کو جہاں والوں کے سینوں کی باتوں کا علم نہیں)۔ یعنی اللہ تعالیٰ تو اچھی طرح جانتے ہیں۔ جو کچھ جہان والوں کے سینوں میں ہے اور اسی میں سے ان لوگوں کے سینوں کا نفاق بھی ہے۔ اور مؤمنوں کے دلوں کا اخلاص بھی ہے۔

پھر اگلی آیت میں ایمان والوں سے وعدہ اور منافقین کو دھمکی دی۔

۱۱: وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ (اور ضرور بضرور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ظاہر کریں گے) اور الْمُنٰفِقِيْنَ (منافقین کو

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ

اور کافروں نے ایمان والوں سے کہا کہ تم ہمارے راستہ کا اتباع کر لو اور تمہارے گناہوں کو ہم اٹھائیں گے حالانکہ وہ

بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا

ان گناہوں میں سے کچھ بھی اٹھانے والے نہیں ہیں، بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ لوگ ضرور ضرور اپنے بوجھوں کو اٹھائیں گے، اور اپنے بوجھوں کے ساتھ

مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع

دوسروں کے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور قیامت کے دن ضرور ضرور ان باتوں کا سوال کیا جائے گا جو دنیا میں جھوٹ بناتے ہیں۔

بھی ظاہر کریں گے )۔ان کا حال بخوبی ظاہر ہو جائے گا۔ان دونوں کی حالت اس کے سامنے ظاہر ہے۔ جو ان دونوں کو بدلہ دینے کا اختیار رکھتا ہے۔

۱۲: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا (اور کافروں نے مؤمنوں کو کہا ہماری راہ پر چلو)۔تو ہم تمہارے جرائم وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ (ضرور اپنے اوپر اٹھالیں گے)۔کفار نے مسلمانوں کو اپنے کفریہ راستے پر چلنے کا امر کیا اور اپنے بارے میں ان کے گناہوں کی ذمہ داری قبول کرنیکا حکم دیا۔امر کا عطف امر پر کیا گیا۔مقصد کفار کا یہ تھا کہ یہ دونوں امر حاصل ہونے چاہئیں۔نمبر۱۔ہمارے راستے کی پیروی۔نمبر۲۔تمہاری خطاؤں کو اپنے سر لینا۔حاصل یہ ہوا کہ اگر تم ہمارے راستہ کی اتباع کرو گے تو تب ہم تمہارے گناہوں کو اٹھالیں گے۔کفار قریش یہی کہتے تھے۔جو شخص ان میں سے اسلام قبول کرتا۔ہم اور تم اٹھائے نہیں جائیں گے اگر اٹھائے بھی گئے تو ہم تمہارے گناہ اپنے سر لے لیں گے۔

وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور وہ ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی نہ اٹھائیں گے۔ واقع میں وہ جھوٹے ہیں)۔کیونکہ وہ بات زبانوں سے تو کہہ رہے ہیں مگر ان کے اپنے دل اس کو نہیں مانتے یہ ان جھوٹوں کی طرح ہیں جو کسی چیز کو شمار کرتے ہیں مگر ان کے دل میں نیت اس کے خلاف ہوتی ہے۔

۱۳: وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ (اور یہ لوگ اپنے بوجھ اٹھائیں گے)۔اپنے نفسوں کا بوجھ اٹھائیں گے۔یعنی وہ بوجھ جو ان کے گناہوں کے سبب ہونگے۔وَ اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ (اور اپنے اعمال کے بوجھ کے ساتھ کچھ اور بوجھ بھی اٹھائیں گے)۔وہ اور بوجھ اٹھائیں گے جو ان کا ہوگا جن کی گمراہی کا یہ سبب بنے۔جیسا کہ دوسرے مقام پر فرمایا۔ليحملوا اوزارهم كاملة يوم القيامة ومن اوزار الذين يضلونهم بغير علم۔[النحل۔۲۵] یہ وہ بوجھ نہیں جن کی وہ مسلمانوں کو ضمانت دیتے تھے۔

وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ (اور ضرور ان سے قیامت کے دن ان کی افتراء پردازیوں کی باز پرس ہو گی۔جو جھوٹ اور باطل باتیں گھڑتے تھے)۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا فَاَخَذَهُمُ

اور بلا شبہ ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا،سو وہ ان میں پچاس کم ہزار سال رہے سو ان لوگوں کو

الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿١٤﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٥﴾

طوفان نے پکڑ لیا اس حال میں کہ وہ ظلم کرنے والے تھے۔ پھر ہم نے نوح کو اور کشتی والوں کو نجات دے دی اور اس واقعہ کو ہم نے تمام جہان والوں کیلئے عبرت بنا دیا۔

۱۴: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ (اور ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا)۔ پس وہ ان میں اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا (ساڑھے نوسو سال ٹھہرے)۔ ہدایت دینے میں مشغول رہے۔

## نوح علیہ السلام:

کی عمر مبارک ایک ہزار پچاس سال تھی۔ چالیس سال کی عمر میں نبوت ملی۔ اور اپنی قوم کو دعوت دینے میں نوسو پچاس سال صرف فرمائے۔ طوفان کے بعد ساٹھ سال زندہ رہے۔

## وہب رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

یہ ہے کہ ان کی عمر چودہ سو سال تھی ان کو ملک الموت نے کہا۔ اے انبیاء علیہم السلام میں سب سے زیادہ عمر والے! تم نے دنیا کو کیسا پایا۔ آپ نے فرمایا۔ جیسے ایک مکان ہو جس کے دو دروازے ہوں ایک میں سے داخل ہو کر دوسرے سے نکل جائے۔ آپ نے نوسو پچاس نہیں کہا۔ اگر اس طرح فرماتے تو اس عدد کا اطلاق اکثر پر ہوتا۔ اور یہ وہم کو زائل کرنے کے لئے فرمایا۔ گویا اس طرح فرمایا۔ نوسو پچاس سال پورے پورے مگر یہ انداز بیان مختصر اور لفظوں کے اعتبار سے لذیذ تر ہے اور فائدہ سے پر ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ واقعہ نوح علیہ السلام کے ابتلاء کو بیان کرنے کے لئے آیا ہے۔ جوامیت کی طرف سے پیش آیا اور طویل صبر والی زندگی گزاری۔ اس میں ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تسلی ہے۔ ایک ہزار کا ذکر تفخیم شان کے لئے ہے۔ اور غرض کو زیادہ واضح کرنے والا ہے۔ اولاً سنة کو تمیز کے ساتھ لایا گیا پھر عاماً کو بطور تمیز لائے۔ کیونکہ ایک ہی لفظ کا تکرار قاعدۂ بلاغت کے خلاف ہے۔ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ (ان کو طوفان نے آ پکڑا)۔ طوفان وہ پانی جو چکر لگائے اور کثرت وغلبہ سے راستہ کو گھیر لے۔ نمبر۲۔ رات کا اندھیرا۔ نمبر۳۔ اسی طرح کی چیزیں۔ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ (اس حال میں کہ وہ اپنے نفوس پر کفر کے سبب ظلم کرنے والے تھے)۔

۱۵: فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ (پس ہم نے ان کو اور کشتی والوں کو نجات دی)۔ ہٗ کی ضمیر نوح علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔ اصحاب کی تعداد اٹھتر نفوس پر مشتمل تھی۔ آدھے مرد اور نصف عورتیں تھیں۔ ان میں نوح علیہ السلام کے بیٹے سام، حام، یافث۔ اور ان کی عورتیں۔ وَجَعَلْنٰهَا (اور ہم نے کشتی کو بنا دیا) یا واقعہ کو یا حادثہ غرق کو اٰيَةً (عبرت ونصیحت) لِّلْعٰلَمِيْنَ (جہان والوں کے

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور ہم نے ابراہیم کو بھیجا جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ⑯ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّ تَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ

جانتے ہو۔ اللہ کو چھوڑ کر تم بتوں ہی کی عبادت کرتے ہو اور جھوٹی باتیں تراشتے ہو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ

یہ تمہارے لئے رزق کے مالک نہیں ہیں، سو تم اللہ کے پاس رزق تلاش

الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ⑰ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ

کرو اور اس کی عبادت کرو اور اس کا شکر ادا کرو، تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے، اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو

كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ⑱

تم سے پہلی امتیں جھٹلا چکی ہیں، اور رسول کے ذمہ واضح طور پر پیغام پہنچانے کے علاوہ اور کچھ نہیں۔

لئے )وہ اس سے نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

۱۶: وَاِبْرَاهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ (اور ابراہیم علیہ السلام کو پیغمبر بنایا۔ یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو)۔

نحو: ابراہیم اذکر محذوف کا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور اذ قال یہ اس کا بدل الاشتمال ہے۔ کیونکہ اوقات ان تمام چیزوں پر مشتمل ہوتے ہیں جو ان میں ہوتی ہیں۔ نمبر۲۔ اس کا عطف نوحًا پر ہے ای وارسلنا ابراهيم اور اذ یہ ارسلنا کا ظرف ہے۔ یعنی ارسلناه حين بلغ من السنّ يابلغ من العلم مبلغًا صلح فيه لان يعظ قومهٗ ويأمرهم بالعباده والتقوى۔

اور ہم نے اس وقت ان کو بھیجا جب ان کی عمر نبوت کی عمر تک پہنچ چکی۔ یا علم میں ایک مقام تک پہنچ چکے اور لوگوں کو نصیحت کرنے اور عبادت وتقویٰ کا حکم دینے کے لائق ہو گئے۔

قراءت: ابراہیم نخعی اور ابوحنیفہ رحمہما اللہ نے و ابراهيم رفع کے ساتھ اس معنی کی بناء پر پڑھا۔ ومن المرسلين ابراهيم۔

وَاتَّقُوْهُ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ (اور اس سے تقویٰ اختیار کرو۔ یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے)۔ کفر سے۔ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (اگر تم جانتے ہو) اگر تم میں وہ ہے جو تمہارے لئے بہت بہتر ہے اس کے مقابلہ میں جو کہ تمہارے لئے بہت بری ہے۔

۱۷: اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا (بیشک تم اللہ تعالیٰ کے سوا بتوں کی عبادت کرتے ہو)۔ وَتَخْلُقُوْنَ (تم جھوٹ بولتے

ہو یا جھوٹ گھڑتے ہو )۔

قراءت :ابوحنیفہ اور سلمی رحمہما اللہ نے تُخَلِّقُوْنَ پڑھا ہے۔ یہ خلّق سے لیا گیا۔ جس کے معنیٰ :التکثیر فی الخلق یعنی جس کی خلق میں کثرت ہو۔

اِفْكًا ( جھوٹ )۔قراءت : یہ اَفِكًا پڑھا گیا ہے۔ یہ مصدر ہے جیسے کذب ولعب۔ الافک یہ کذب ولعب کی طرح مخفف ہے۔ اختلاف الافك۔ بتوں کو معبود قرار دینا۔ اور اللہ تعالیٰ کا شریک بنانا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا (بیشک وہ جن کی تم اللہ تعالیٰ کے سوا پوجا کرتے ہو وہ تمہارے لئے رزق کے مالک نہیں )۔ وہ تمہیں رزق کی ایک چیز کا ذرہ بھی نہیں دے سکتے۔ فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ (پس تم اللہ تعالیٰ کے ہاں رزق تلاش کرو )۔ یعنی تمام رزق۔ اس لئے کہ وہی اکیلا رزاق ہے اس کے سوا اور کوئی رزق نہیں دے سکتا۔ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ( تم اسی ہی کی عبادت کرو اور اسی ہی کا شکریہ ادا کرو اسی ہی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے )۔ اس کی عبادت کر کے اس کی لقاء کی تیاری کرو اور اس کی نعمتوں پر شکریہ ادا کرو۔

قراءت :یعقوب نے تَرْجِعُوْنَ پڑھا ہے۔

۱۸:وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ (اور اگر تم میری تکذیب کرو تو تم سے پہلے بہت سی امتیں تکذیب کر چکیں )۔ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (اور رسول پر تو کھول کر بیان کرنا ہے )۔ اگر تم میری تکذیب کرو گے تکذیب کے ساتھ تم مجھے کچھ نقصان نہ پہنچاؤ گے اس لئے کہ مجھ سے پہلے رسولوں کو ان کی قوموں نے جھٹلایا اور ان کا کوئی نقصان نہ کر سکے۔ بلکہ انہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا جبکہ تکذیب کی وجہ سے ان پر عذاب اترا۔ باقی رسول کا فریضہ تو پورا ہو چکا اس لئے کہ انہوں نے کھول کر پیغام پہنچا دیا جس سے شک جاتا رہا اور وہ ان کی آیات ومعجزات سمیت آتا تھا۔ مطلب یہ ہے اگر تم میری تکذیب کرتے ہو تو میرے لئے تمام انبیاء میں اسوہ حسنہ موجود ہے۔ جب ان کی تکذیب کی گئی اور رسول کے ذمہ تو بات کو پہنچانا ہے۔ ان کے ذمہ یہ نہیں کہ ان کی تصدیق کی جائے اور تکذیب نہ کی جائے۔

دو احتمال نمبر ا: یہ آیت اور اس کے بعد والی آیات فما كان جواب قومه تک احتمال رکھتی ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام کا اپنی قوم کو خطاب ہو۔ اور الامم سے مراد قوم شیث علیہ السلام اور ادریس، نوح وغیرہم انبیاء علیہم السلام کی قومیں مراد ہونگی۔

نمبر۲۔ یہ بھی احتمال ہے کہ جملہ معترضہ کے طور پر یہ آیات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اور قریش کی حالت کے متعلق ہوں۔ اور اول وآخر ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ ہو۔

**سوال** : اب اس پر ایک سوال ابھرتا ہے۔ کہ جملہ معترضہ کا ان کے ساتھ اتصال ضروری ہے۔ جن کے درمیان بطور اعتراض واقع ہو۔ اس طرح نہیں کہا جا سکتا۔ مكة وزيدٌ قائم خير بلاد الله؟

**جواب** :جی ہاں یہ بات درست ہے! اس کی تشریح اس طرح ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ آپ کی تسلی ودلاسہ کے لئے لایا گیا۔

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کس طرح مخلوق کو پہلی مرتبہ پیدا فرمایا ہے، پھر وہ اسے دوسری بار پیدا فرمائے گا، بلاشبہ یہ اللہ پر

يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ

آسان ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ زمین میں چلو پھرو سو دیکھو اللہ نے پہلی بار کس طرح مخلوق کو پیدا فرمایا پھر دوسری مرتبہ بھی

يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ يُعَذِّبُ مَنْ

اللہ پیدا فرما دے گا بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے، وہ جس کو چاہتا ہے عذاب

يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ

دیتا ہے اور جس پر چاہے گا رحم فرمائے گا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے، اور تم زمین پر کسی کو عاجز کرنے والے نہیں ہو

وَلَا فِى السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ ع وَالَّذِيْنَ

اور نہ آسمان میں، اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی کارساز اور مددگار نہیں، اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِىْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ

اللہ تعالیٰ کی آیات کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا یہ لوگ میری رحمت سے ناامید ہو نگے اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾

دردناک عذاب ہے۔

کہ آپ کے باپ ابراہیم علیہ السلام بھی اپنی قوم کی طرف سے شرک اور عبادت اصنام کے ابتلاء میں ڈالے گئے اس دوران جملہ معترضہ لائے۔ وان تکذبوا۔ (اگر تم جھٹلاؤ)۔ اے گروہ قریش! اگر تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلاتے ہو تو ابراہیم علیہ السلام کو ان کی قوم نے جھٹلایا۔ اور ہر امت نے اپنے پیغمبر کو جھٹلایا۔ کیونکہ فقد کذب امم من قبلکم کا ارشاد ضروری ہے کہ امت ابراہیم علیہ السلام کے لئے ہو۔ اور یہ متصل جملہ معترضہ کی طرح ہے۔ پھر بقیہ آیات جو اس کے بعد آ رہی ہیں وہ اس کے توابع میں سے ہیں۔ کیونکہ وہ توحید اور دلائل توحید اور انہدام شرک اور شرک کی بنیادوں کی تدمیر اور اللہ تعالیٰ کی قدرت وسلطنت کی تعریف اور اللہ تعالیٰ کی دلیل و برہان کی خوب وضاحت کر رہی ہیں۔

۱۹: اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ (کیا ان لوگوں کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کو کس طرح پہلی بار پیدا کرتا ہے)۔

قراءت: حفص کے علاوہ دیگر کوفی قراء نے ترَوْا پڑھا ہے۔ اولم یروا کا مطلب یہ ہے انہوں نے یہ بات دیکھی اور جانی

ہے۔

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا)۔ اس کا عطف یبدئ پرنہیں۔ اور نہ ہی اس پر رؤیت واقع ہونے والی ہے۔ بلکہ اس کا عطف اولم یروا کیف یبدئ الخلق پر ہے۔ اور یبدئ موت کے بعد اعادہ کے وقوع کی خبر ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں کیف بدأ الخلق ثم اللّٰہ ینشئ النشأۃ الاخرۃ (العنکبوت: ۲۰) نظر بدء پر ہے انشاء پرنہیں۔

اِنَّ ذٰلِكَ (بیشک یہ اعادہ) عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (اللہ تعالیٰ پر آسان ہے)۔

۲۰: قُلْ (کہہ دیجئے) اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اگر یہ کلام ابراہیم علیہ السلام کا بقیہ ہو تو تقدیر عبارت یہ ہوگی۔ او حینا الیہ ان قل سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ (تم زمین میں چلو پھر و پس دیکھو کس طرح اس نے مخلوق کی ابتداء کی)۔ ان کی کثرت تعداد اور کثرت احوال کے باوجود تا کہ تم فطرت الٰہی کو مشاہداتی رنگ میں دیکھ سکو۔ بدأ اور ابدأ دونوں کا ایک معنی ہے۔ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ (پھر اللہ تعالیٰ دوسری نشأت میں اٹھائے گا)۔ اس سے مراد بعث ہے۔

قراءت: ابوعمرو اور مکی نے جہاں بھی آئے نشأۃ کو مد کے ساتھ پڑھا ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ نشأتین دو ہیں۔ اور ان میں سے ہر ایک ابتداء اور اختراع اور عدم سے وجود دینا ہے۔ البتہ آخرت والی انشاء پہلی انشاء کی مثل ہے۔ اور پہلی انشاء اس طرح کی نہیں۔

قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ اس طرح کہا جائے۔ کیف بدأ اللّٰہ الخلق ثم ینشئ النشاۃ الاخرۃ۔ کیونکہ ان کے ساتھ گفتگو اعادہ کے سلسلہ میں تھی۔ جب ابداء میں یہ بات پختہ کر دی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ تو ان کے خلاف اس طرح حجت پیش کی کہ اعادہ بھی اسی طرح انشاء ہے جیسا کہ ابداء، جب اللہ ابداء سے عاجز نہ رہا تو لازمی ماننا پڑے گا کہ وہ اعادہ سے بھی عاجز نہیں۔ گویا اس طرح فرمایا۔ ثم ذاك الذی انشاء النشاۃ الاولی ھو الذی ینشی النشاء الاخرۃ۔ پھر وہ وہی ہے جس نے پہلی مرتبہ پیدا کیا وہی دوسری مرتبہ اٹھا کھڑا کرے گا۔ اس معنی پر متنبہ کرنے کے لئے اس نے اپنا نام ظاہر کیا اور اس کو مبتدأ بنایا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر قدرت حاصل ہے)۔

۲۱: يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ (وہ جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے)۔ رسوائی و ذلت کے ساتھ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ (اور جس پر چاہتا ہے رحم کرتا ہے)۔ ہدایت عنایت فرما کر۔ نمبر۲۔ جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے حرص میں مبتلا کر کے اور رحم کرتا ہے قناعت عنایت فرما کر۔ نمبر۳۔ عذاب دیتا ہے بد اخلاقی کے ذریعہ اور رحم کرتا ہے حسن اخلاق میسر فرما کر۔ نمبر۴۔ عذاب دیتا ہے یعنی اللہ سے وہ اعراض اختیار کرتا ہے۔ اور رحم کرتا ہے اس کی طرف توجہ فرما کر۔ نمبر۵۔ بدعات کی پیروی کے ساتھ عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے اور متابعت سنت سے رحم فرماتا ہے۔

وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ (اور تم اسی طرف پلٹے جاؤ گے)۔ لوٹائے جاؤ گے اور واپس کیے جاؤ گے۔

فَمَا کَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ

سو ان کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اس کو قتل کر ڈالو یا جلا ڈالو، سو اللہ نے ان کو آگ سے نجات

النَّارِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

دے دی، بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔ اور ابراہیم نے کہا کہ تم نے جو اللہ کو چھوڑ کو بتوں کو معبود

اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَیْنِكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ ثُمَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكْفُرُ بَعْضُكُمْ

بنا لیا ہے یہ تمہاری آپس کی دوستی کی وجہ سے ہے جو دنیا والی زندگی میں ہے، پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کے

بِبَعْضٍ وَّیَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ؗ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۲۵﴾ ۖ ۙ

مخالف ہوگے اور تم میں سے بعض بعض پر لعنت کریں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہو گا اور تمہاری مدد کرنے والے بالکل نہ ہونگے،

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۶﴾

وقف لازم

سو لوط نے ابراہیم کی تصدیق کی اور ابراہیم نے کہا کہ بلاشبہ میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں، بلاشبہ وہ عزیز ہے حکیم ہے۔

۲۲: وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ (اور تم اپنے رب کو عاجز بنا دینے والے نہیں)۔ یعنی اگر تم اس کے حکم وقضاء سے بھاگنا چاہو تو اس کی گرفت سے نکل نہیں سکتے ہو۔ فِی الْاَرْضِ (زمین کی وسعتوں میں) وَلَا فِی السَّمَآءِ (اور نہ ہی آسمان میں) جو زمین سے وسیع تر ہے اور اس سے زیادہ پھیلاؤ والا ہے اگر تم اس میں ہوتے۔ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ (اور تمہارا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوست نہیں جو تمہارے امور کا ذمہ دار ہو)۔ وَلَا نَصِیْرٍ (اور نہ مددگار) جو تمہیں میرے عذاب سے بچا سکے۔

۲۳: وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖ (اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا)۔ آیات سے مراد وحدانیت کے دلائل اور کتب الٰہیہ اور معجزات اُولٰٓئِكَ یَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِیْ (وہ میری رحمت سے ناامید ہونگے)۔ رحمت سے جنت مراد ہے۔ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ (اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے)۔

۲۴: فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖ (ان کی قوم کا جواب یہ تھا) کہ قوم ابراہیم علیہ السلام کا اس وقت یہ جواب تھا جب آپ نے ان کو ایمان کی طرف دعوت دی۔ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ (کہ کہنے لگے اس کو قتل کر دو یا اس کو جلا دو)۔ نمبر ۱۔ وہ ایک دوسرے کو کہنے لگے۔ یا نمبر ۲۔ ان میں سے ایک نے کہا اور باقی اس پر خوش تھے۔ تو وہ تمام ہی کہنے والوں کے حکم میں ہو گئے۔ سب نے ان کو جلانے پر اتفاق کیا۔ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ (پس اللہ تعالیٰ نے اس کو آگ سے بچا لیا)۔ جبکہ انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ (بیشک اس میں)۔ جو کچھ کہ انہوں نے کہا اور ہم نے کیا۔ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ

(ایمان والوں کے لئے نشانیاں تھیں )۔
روایت میں ہے: کہ اس دن کوئی کافر آگ سے فائدہ نہ اٹھا سکا جس دن ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا۔ کیونکہ اس کی حرارت جا چکی تھی۔
۲۵: وَقَالَ (اور ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کو فرمایا)۔ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ (بیشک تم نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر آپس کے دنیوی تعلقات کی وجہ ) فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا سے بتوں کو معبود بنا رکھا ہے۔ قراءت: حمزہ وحفص نے مودة بينكم پڑھا اور مدنی، شامی، حماد، یحییٰ، خلف نے مودةً بينكم مکی، بصری، علی نے مودةُ بينكم پڑھا اور شمونی، برجمی نے مودةٌ بينكم پڑھا ہے۔
نحو : نصب کی دو وجہیں ہیں۔ نمبر ۱۔ تعلیل یعنی تا کہ تم آپس میں محبت کرو اور ان کی عبادت پر اجتماع واتفاق کی وجہ سے آپس میں مواصلت پیدا کرو۔ جیسا کہ لوگ ایک مذہب پر متفق ہوتے ہیں تو یہی ان کی باہمی محبت کا سبب بن جاتا ہے۔
نمبر ۲۔ مفعول دوم بنے۔ جیسا کہ اس ارشاد میں ہے اتخذ اِلٰهَهٗ هوٰهُ۔ (الفرقان: ۴۳) ما کافہ ہے۔ مطلب یہ ہے۔ تم نے بتوں کو اپنے مابین محبت کا سبب ٹھہرایا ہے۔ اس صورت میں مضاف محذوف ہے ای سبب المودة۔ نمبر ۲۔ اتخذتموها مودةً بينكم یعنی مودودة بينكم تم نے ان کو اپنا محبوب بنایا ہے۔ جیسا کہ اس ارشاد میں فرمایا۔ ومن الناس من يتخذ من الله دون اندادًا يحبونهم كحب الله۔ [البقرہ آیت۔۱۶۵]
رفع میں دو صورتیں: نمبر ۱۔ اِنّ کی خبر ہے اور ما موصولہ۔
نمبر ۲۔ مبتدأ محذوف هي کی خبر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بلاشبہ یہ بت تمہارے مابین محبوب ہیں یا سببِ مودت ہیں۔ جنہوں نے المودة کو مضاف کیا تو انہوں نے بینکم کو اسم تسلیم کیا نہ کہ ظرف۔ جیسا کہ اس ارشاد میں شهادة بينكم۔ [المائدہ۔۱۰۶]
اور جنہوں نے تنوین دی اور بینکم کو منصوب مانا تو انہوں نے اسے ظرف قرار دیا۔
ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ (پھر قیامت کے دن وہ ایک دوسرے کا انکار کریں گے )۔ اصنام اپنے عابدین سے بیزاری کا اظہار کریں گے۔ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا (اور ایک دوسرے کو لعنت کریں گے )۔ قیامت کے دن ان کے مابین تلاعن ہوگا اور پیروکار اپنے لیڈروں کو لعنت کریں گے اور وہ ان کو۔ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ (اور تمہارے لئے اس جگہ کوئی مددگار نہ ہوگا)۔
۲۶: فَاٰمَنَ لَهٗ (پس لوط علیہ السلام نے ابراہیم علیہ السلام کی تصدیق کی )۔ لُوْطٌ لوط علیہ السلام یہ ابراہیم علیہ السلام کے بھانجے ہیں۔ یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ابراہیم کی تصدیق کی جبکہ وہ آگ سے صحیح سالم باہر آ گئے۔ وَقَالَ (اور ابراہیم علیہ السلام نے کہا)۔ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ (بیشک میں اپنے رب کے حکم پر ہجرت کرنے والا ہوں)۔ مقام کوثیٰ سے جو سواد کوفہ میں واقع تھا۔ حران کی جانب۔ پھر وہاں سے فلسطین کی سرزمین میں۔ یہ شام کا جنگلی علاقہ ہے۔ اسی لئے کہا گیا کہ نبی (ﷺ) نے ایک ہجرت کی مگر

وَوَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ وَجَعَلۡنَا فِىۡ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالۡكِتٰبَ

اورہم نے ابراہیم کو اسحٰق اور یعقوب عطا فرمائے اور ہم نے ان کی ذریت ( اولاد) میں نبوت اور کتاب کو قائم رکھا

وَاٰتَيۡنٰهُ اَجۡرَهٗ فِى الدُّنۡيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الۡاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۲۷﴾

اور ہم نے ان کو دنیا میں اس کا اجر دیا، اور بلاشبہ وہ آخرت میں صالحین میں سے ہوں گے۔

ابراہیم علیہ السلام نے دو ہجرتیں فرمائیں۔ ہجرت میں حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت سارہ ساتھ تھیں۔ یہ ابراہیم علیہ السلام کی پہلے سے بیوی تھیں۔ الی ربی کا مطلب یہ ہے الی حیث امرنی ربی بالھجرۃ الیہ۔ جس جگہ کی طرف میرے رب نے مجھے ہجرت کا حکم فرمایا۔ اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِيۡزُ (بلاشبہ وہ زبردست ہے) مجھے میرے دشمنوں سے بچائے گا۔ الۡحَكِيۡمُ (حکمت والا ہے) وہ مجھے وہی حکم فرمائے گا جس میں میرے لئے خیر ہوگی۔

۲۷: وَوَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ (اور ہم نے ان کو اسحاق بیٹا عنایت کیا)۔ وَيَعۡقُوۡبَ (اور یعقوب پوتا)۔ اور اسماعیل علیہ السلام کا تذکرہ معروف ہونے کی وجہ سے نہیں کیا۔ وَجَعَلۡنَا فِىۡ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ (اور ہم نے ذریت ابراہیم علیہ السلام میں نبوت کو قائم کر دیا) ابراہیم انبیاء علیہم السلام کیلئے درخت کی مانند ہیں۔ وَالۡكِتٰبَ (اور کتابیں)۔ مراد جنس کتاب ہے۔ تورات انجیل و زبور اور فرقان۔ وَاٰتَيۡنٰهُ اَجۡرَهٗ (اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو ان کا اجر ثنائے حسن کی صورت میں دیا)۔ اور اختتام زمانہ تک ان پر رحمت اور اہل ملل میں مودت ڈال۔ نمبر۲۔ ان کی قبر کے پاس ضیافت کا باقی رہنا جو اور کسی کی قبر کے پاس نہیں۔ فِى الدُّنۡيَا (دنیا میں)۔

مَسْئَلَه: اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کبھی بدلہ دنیا میں بھی عنایت فرما دیتے ہیں۔

وَاِنَّهٗ فِى الۡاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيۡنَ (اور بیشک وہ آخرت میں نیکوں میں سے ہونگے)۔ اہل جنت میں سے ہونگے یہ حسن بصری کا قول ہے۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ؗ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ

اور ہم نے لوط کو بھیجا جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ بلاشبہ تم بے حیائی کا کام کرتے ہو تم سے پہلے اس کام کو دنیا جہان والوں

اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲۸ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ۬ وَ

میں سے کسی نے نہیں کیا، کیا تم مردوں کے پاس آتے ہو اور راہزنی کرتے ہو

تَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ

اور اپنی مجلسوں میں برا کام کرتے ہو، سو ان کی قوم کا جواب یہی تھا کہ تو اللہ کا عذاب

اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۲۹ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۳۰ ع

لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ لوط نے عرض کیا کہ اے میرے رب فساد کرنیوالے لوگوں کے مقابلہ میں میری مدد فرمایئے۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ

اور جب ہمارے فرشتے خوشخبری لے کر ابراہیم کے پاس آئے تو انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ہم اس بستی کو ہلاک کرنے والے

الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝۳۱ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ

ہیں بلاشبہ اس بستی کے لوگ ظالم ہیں۔ ابراہیم نے کہا یہ یقینی بات ہے کہ اس بستی میں لوط بھی ہے انہوں نے کہا کہ ہم جانتے ہیں

اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۫ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝۳۲ ع ۱۸

کہ اس بستی میں کون ہے۔ اور ہم لوط کو اور اس کے گھر والوں کو ضرور ضرور نجات دے دیں گے سوائے اس کی بیوی کے، وہ رہ جانے والوں میں سے ہے۔

۲۸: وَلُوْطًا یہ اذکر فعل محذوف کا مفعول ہے۔ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ (جب کہ انہوں نے اپنی قوم کو فرمایا۔ تم بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو)۔ الفاحشۃ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے اور وہ لواطت کا فعل تھا۔ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ (نہیں سبقت کی اس کی طرف جہان میں سے کسی نے تم سے پہلے) یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اس فعل کے فاحشہ ہونے کو ظاہر کرنے کے لئے لایا گیا ہے۔ گویا کہنے والا اس طرح کہہ رہا ہے۔ کہ وہ بے حیائی کا ارتکاب کیوں کرتے تھے؟ تو جواب دیا گیا۔ کہ ان سے قبل یہ حرکت کسی نے بھی نہ کی تھی۔ لوگوں نے کہا کہ قوم لوط سے قبل کوئی نر کسی نر سے جفتی نہ کرتا تھا۔

۲۹: اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ (کیا تم مردوں سے بدکاری کرتے ہو اور راہزنی کرتے ہو)۔ قتل اور مال لوٹ کر جیسا کہ ڈاکو کرتے ہیں۔

**ایک قول یہ ہے:**

وہ چلتے راستوں پر لوگوں کو پکڑ کر بدفعلی کرتے تھے۔

وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ (اورتم اپنی مجالس میں بری حرکات کرتے ہو)۔مجلس کو نادی اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ مجلس والے اس میں موجود رہیں۔المنکر سے مراد آواز کے ساتھ ریاح خارج کرنا۔ جماع کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔فحش مذاق کرنا۔ کنکریاں مارنا۔علک چباتے۔انگلیاں چٹکاتے۔لوگوں کے درمیان مسواک۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (قوم کے پاس ان کی بات کا کوئی جواب نہ تھا سوائے اس بات کے کہ تو اللہ تعالیٰ کا عذاب لے آ اگر تو سچا ہے)۔جو تو ہمارے ساتھ نزول عذاب کا وعدہ کرتا ہے۔

قراءت :اِنَّکم کو أَءِنَّكُمْ شامی ٔحفص نے پڑھا ہے۔اور مصحف عثمانی میں یہی موجود ہے۔اور ہر ایک ان میں سے دو ہمزہ کے ساتھ کوفی قراء نے سوائے حفص کے پڑھا ہے۔اور ابوعمرو نے آئِنَّكُمْ ہمزہ ممددہ جس کے بعد یاء مکسورہ ہے پڑھا ہے۔اور مکی نے اَيِنَّكم اور نافع نے بھی پڑھا ہے مگر قالون نے نہیں اور اسی طرح سہل و یعقوب نے تو پڑھا مگر زید نے نہیں۔

۳۰:قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ (کہا اے میرے رب تو میری انزال عذاب میں مدد فرما)۔عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ (اس مفسد قوم کے خلاف) جو کہ لوگوں کو معاصی وفواحش پر برانگیختہ کر کے فساد کا ارتکاب کرنے والے ہیں۔

۳۱:وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى (جب ہمارے قاصد ابراہیم علیہ السلام کے پاس خوشخبری لائے)۔ابراہیم علیہ السلام کو اسحاق کی خوشخبری اور پوتے یعقوب کی بشارت دینے آئے۔قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ (انہوں نے کہا بلاشبہ ہم ان بستی والوں کو ہلاک کرنے والے ہیں)۔

نَحو :مهلكوا کی اضافت سے تعریف کا فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔کیونکہ یہ مضارع کے معنی میں ہے۔القرية سے مراد سدوم ہے۔جس کے بارے میں کہا گیا۔اَجْوَرُ مِنْ قَاضِي سدوم۔ (سدوم کے قاضی سے بڑھ کر ظالم)۔ہذہ القریہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے قریبی علاقہ میں یہ بستیاں تھیں۔

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ (بلاشبہ وہاں کے رہنے والے ظالمین تھے)۔یعنی ظلم ان سے لگا تار چلتا آرہا تھا۔اور ظلم تو کفر ہی تھا اور دیگر قسم قسم کے معاصی۔

۳۲:قَالَ (ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا) وہاں تو اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا (لوط بھی رہتا ہے)۔کیا تم ان کو اسی حالت میں ہلاک کر دو گے کہ وہاں تو لوط ہے جو کہ ظلم سے پاک اور بری ہے۔قَالُوْا (ملائکہ نے کہا)۔نَحْنُ اَعْلَمُ (ہم آپ سے زیادہ واقف ہیں)۔ بِمَنْ فِيْهَا لَنُنَجِّيَنَّهٗ (ان سے جو اس بستی میں ہیں ہم ضرور اس کو نجات دیں گے)۔قراءت :لَنُنْجِيَنَّهٗ یعقوب وکوفی نے سوائے عاصم کے پڑھا ہے۔

وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ (اوراس کے اہل کو مگر ان کی بیوی وہ پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی)۔جو عذاب

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا

اور جب ہمارے فرستادے لوط کے پاس آئے تو وہ ان کی وجہ سے رنجیدہ ہوئے اور تنگ دل ہوئے، اور قاصدوں نے کہا

لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ قف اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ

کہ آپ ڈریئے نہیں اور رنج نہ کیجئے، بلاشبہ ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو نجات دینے والے ہیں سوائے آپ کی بیوی کے وہ رہ جانے والوں

الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا

میں سے ہے۔ بلاشبہ ہم اس بستی والوں پر آسمان سے عذاب اتارنے والے ہیں اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کے

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾

کام کرتے ہیں۔ اور البتہ تحقیق ہم نے اس بستی کے بعض نشان چھوڑ دیئے ہیں۔ جو ظاہر ہیں ان لوگوں کیلئے جو سمجھتے ہیں

میں گرفتار ہونے والے ہونگے۔ پھر ملائکہ کے لوط علیہ السلام کے پاس جانے کی خبر آئندہ دی جا رہی ہے، جبکہ وہ ابراہیم علیہ السلام سے رخصت لے کر چل دیئے۔

۳۳: وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ (جب ہمارے قاصد لوط کے پاس پہنچے تو لوط کو ان کی وجہ سے دکھ ہوا)۔ ان کا آنا ناپسند ہوا۔ ان یہ ایسا صلہ ہے جو دو فعلوں کے وجود کو پختہ کرتا ہے کہ جن میں سے ایک دوسرے پر مرتب ہوتا ہے۔ گویا کہ وہ دونوں فعل ایک ہی جزء زمانہ میں پائے گئے ہیں۔ گویا عبارت اس طرح تھی کما احسّ بمجيئهم فاجاته المساءة من غير ريث خيفة عليهم من قومه ان يتناولوهم بالفجور۔ جونہی ان کی آمد کو آپ نے محسوس کیا تو بغیر انتظار کے ناپسندیدگی ان کے ہاں آ گئی۔ اس خطرے کے پیش نظر کہ ان کی قوم ان کو اپنے فجور کا نشانہ نہ بنائیں۔

قراءت: سيئ بهم باشمام كسرة السين الضمة کے ساتھ مدنی، شامی، علی نے پڑھا ہے۔

وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا (اور ان کا دل تنگ ہوا)۔ ان کی حالت اور ان کے معاملہ میں اپنی تدبیر کے سبب ان کا دل تنگ ہوا یعنی طاقت عاجز ہوئی۔ محاورہ عرب میں ضيق الذرع والذراع اس جملہ کو فقد طاقت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ جیسا کہتے ہیں۔ رحب الزراع۔ جبکہ طاقت والا ہو۔ اور اس میں اصل یہ ہے کہ جب آدمی کا بازو طویل ہو جاتا ہے۔ تو وہ چیز اس کے ذریعہ پکڑ سکتا ہے جو چھوٹے بازو والا پکڑ نہیں سکتا۔ اور اس کو عاجزی اور قدرت میں بطور مثال بیان کیا جاتا ہے۔

نحو: یہ تمیز کی وجہ سے منصوب ہے۔

وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ اِنَّا مُنَجُّوْكَ (اور انہوں نے کہا۔ مت ڈرو اور نہ غم کرو بیشک ہم تمہیں نجات دینے والے ہیں)۔

قراءت: حفص کے علاوہ کوفی اور مکی قراء نے مُنْجُوْكَ تخفیف سے پڑھا ہے۔

وَاَهْلَكَ (اور اپنے اہل کو)۔ لکَ محل جر میں ہے۔ اهلك فعل محذوف کی وجہ سے منصوب ہے۔ ای ننجی اهلك۔

اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ (مگر تیری بیوی کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی)۔

٣٤: اِنَّا مُنْزِلُوْنَ (بیشک ہم اتارنے والے ہیں)۔

قراءت: منزّلون تشدید کے ساتھ شامی نے پڑھا ہے۔

عَلٰى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا (ان بستی والوں پر عذاب)۔ مِنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (آسمان سے اس سبب سے کہ وہ فسق کرتے تھے)۔ یعنی ان کے فسق کے سبب اور ان کے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت سے نکل جانے کی وجہ سے۔

٣٥: وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَا (اور ہم نے چھوڑ دیئے ان بستیوں سے)۔ اٰيَةً بَيِّنَةً (کھلے نشانات)۔ وہ ان کے برباد شدہ مکانات کے کھنڈرات ہیں۔

**ایک قول یہ ہے:**

سطح زمین پر سیاہ پانی۔

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (عقل والوں کے لئے)۔ نحو: لقومٍ یہ ترکنا کے متعلق ہے۔ نمبر٢۔ بينة کے متعلق ہے۔

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ

اور ہم نے مدین والوں کے پاس ان کے بھائی شعیب کو بھیجا، سو انہوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کی

الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿۳۶﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

توقع رکھو، اور زمین میں فساد مت پھیلاؤ۔ سو ان لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا لہذا انہیں زلزلہ نے پکڑ لیا

فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَثَمُودَا۟ وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم مِّن مَّسَٰكِنِهِمْ

اور وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں اوندھے منہ گرے ہوئے رہ گئے۔ اور ہم نے عاد اور ثمود کو ہلاک کیا، اور حال یہ ہے کہ تمہیں ان کے رہنے کی جگہوں سے ان کا حال معلوم ہو چکا ہے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَٰنُ أَعْمَٰلَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ﴿۳۸﴾

اور شیطان نے ان کے اعمال کو ان کے لیے اچھا کر کے دکھایا سو اس نے انہیں راستے سے روک دیا، اور وہ صاحب بصیرت تھے۔

وَقَٰرُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَٰمَٰنَ وَلَقَدْ جَآءَهُم مُّوسَىٰ بِالْبَيِّنَٰتِ فَاسْتَكْبَرُوا فِي

اور ہم نے قارون کو اور فرعون کو اور ہامان کو ہلاک کیا، اور یہ واقعہ ہے کہ موسیٰ ان کے پاس کھلی ہوئی دلیلیں لے کر آئے سو انہوں نے اپنے کو بڑا

الْأَرْضِ وَمَا كَانُوا سَٰبِقِينَ ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنۢبِهِۦ فَمِنْهُم مَّنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ

سمجھا اور وہ آگے بڑھنے والے نہ تھے۔ سو ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ کی وجہ سے پکڑ لیا۔ سو بعض پر ہم نے تخت ہوا بھیج

حَاصِبًا وَمِنْهُم مَّنْ أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ وَمِنْهُم مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ وَمِنْهُم

دی اور بعض کو چیخ نے پکڑ لیا اور بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور بعض کو

مَّنْ أَغْرَقْنَا وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿۴۰﴾

غرق کر دیا۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ ان پر ظلم فرماتا اور لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

۳۶: وَإِلَىٰ مَدْيَنَ (اور مدین کی طرف)۔ اور ہم نے مدین کی طرف بھیجا۔ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ (ان کے بھائی شعیب علیہ السلام پس انہوں نے کہا اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کی امید رکھو)۔ اور ایسے افعال کرو جس پر آخرت میں ثواب کے امیدوار بن سکو۔ نمبر۲۔ اس سے ڈرو۔ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ (اور زمین میں فساد مچاتے مت پھرو)۔ فساد کا قصد کرتے ہوئے۔

۳۷: فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ (پس انہوں نے اس کو جھٹلا دیا)۔ آخر ان کو سخت زلزلہ نے پکڑ لیا۔ الرجفة: سخت زلزلہ۔

نمبر۲۔ جبرئیل علیہ السلام نے چیخ ماری۔ جس سے ان کے دل کانپ اٹھے۔ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِھِمْ (انہوں نے اپنے گھروں میں صبح کی )۔ اپنے شہر اور سرزمین میں ۔ نمبر۲۔ گھروں میں ۔ دار کو واحد لائے کیونکہ اس میں کوئی التباس واشتباہ نہ تھا۔ جٰثِمِیْنَ (زانو کے بل بیٹھے ہوئے مر گئے )۔

۳۸: وَعَادًا (اور عاد کو ہلاک کیا)۔ یہ اھلکنا مضمر کی وجہ سے منصوب ہے۔ کیونکہ فاخذتھم الرجفۃ اس پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ یہ اہلاک کے ہم معنی ہے۔ وَثَمُوْدَا (اور ثمود کو )۔ قراءت: حمزہ، حفص اور سہل اور یعقوب نے پڑھا ہے۔

وَقَدْتَّبَیَّنَ لَکُمْ (اور تمہارے لئے واضح ہو رہا ہے )۔ اس سے جو ان کا ہلاک کرنا بیان کیا۔ مِنْ مَّسٰکِنِھِمْ (ان کے مقامات سے ) سکونت کی جانب سے۔ جب کہ تم گزرتے ہوئے ان پر نگاہ ڈالو۔ اہل مکہ اپنے سفروں میں آتے جاتے ان کو دیکھتے تھے۔ وَزَیَّنَ لَھُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَھُمْ (اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لئے مزین کر دیئے )۔ اعمال سے کفر و معاصی مراد ہیں۔ فَصَدَّ ھُمْ عَنِ السَّبِیْلِ (پس اس نے ان کو راہ سے روک دیا تھا)۔ وہ راستہ جس پر چلنے کا ان کو حکم دیا گیا۔ وہ ایمان باللہ والرسل ہے۔ وَکَانُوْا مُسْتَبْصِرِیْنَ (اور وہ ہوشیار تھے )۔ عقل اور غور وفکر کی قدرت اور حق کو باطل سے الگ کرنے کی قوت رکھتے تھے مگر انہوں نے ایسا نہ کیا۔

۳۹: وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَھَامٰنَ (اور قارون فرعون اور ہامان کو ) ہم نے ہلاک کر دیا۔ وَلَقَدْ جَآءَ ھُمْ مُّوْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ فَاسْتَکْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ ( تحقیق ان کے پاس موسیٰ علیہ السلام دلائل لے کر آئے ۔ پس انہوں نے زمین ) وَمَا کَانُوْا سٰبِقِیْنَ (میں تکبر کیا اور وہ ہم سے آگے بڑھنے والے نہ تھے ) کہ گرفت سے نکل جاتے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم عذاب نے ان کو آ لیا پس وہ بھاگ نہ سکے۔

۴۰: فَکُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْبِہٖ (پس تم ہر ایک کو ہم نے ان کے گناہوں کے بدلے پکڑ لیا)۔ مَسْئَلَہ :اس میں ان لوگوں کی تردید ہے جنہوں نے بلا گناہ عذاب کو جائز قرار دیا۔ فَمِنْھُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَیْہِ حَاصِبًا (ان میں سے بعض وہ ہیں جن پر ہم نے پتھر برسانے والی ہوا بھیجی )۔ حاصب اس تیز ہوا کو کہتے ہیں جس میں کنکریاں ہوں۔ اس سے مراد قوم لوط ہے۔ وَمِنْھُمْ مَّنْ اَخَذَتْہُ الصَّیْحَۃُ (اور ان میں سے بعض کو چیخ نے آ پکڑا)۔ یہ اصحاب مدین اور قوم ثمود ہے۔ وَمِنْھُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِہِ الْاَرْضَ (اور ان میں سے کچھ وہ تھے جن کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا)۔ یعنی قارون ۔ وَمِنْھُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا (اور ان میں سے کچھ وہ تھے جن کو ہم نے ڈبو دیا)۔ یعنی قوم نوح علیہ السلام اور فرعون علیہ اللعنۃ۔ وَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیَظْلِمَھُمْ (اور اللہ تعالیٰ ان پر ظلم کرنے والے نہ تھے )۔ کہ بغیر گناہ کے ان کو وہ سزا دے دیتے۔ وَلٰکِنْ کَانُوْا اَنْفُسَھُمْ یَظْلِمُوْنَ (اور لیکن وہ اپنے نفسوں پر ظلم کرنے والے تھے )۔ کفر وسرکشی کے سبب۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ

جن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر کارساز بنا رکھے ہیں ان کی مکڑی جیسی مثال ہے کہ اس نے گھر

بَيْتًا ؕ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ اِنَّ اللّٰهَ وقف لازم

بنایا اور بلاشبہ سب گھروں میں کمزور تر گھر مکڑی کا ہے اگر وہ جان لیتے تو ایسا نہ کرتے۔ بلاشبہ اللہ

يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٤٢﴾ وَتِلْكَ

جانتا ہے جس کسی کو بھی وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ زبردست ہے۔ حکمت والا ہے۔ اور ہم یہ

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ خَلَقَ اللّٰهُ

مثالیں لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں، ان کو بس علم والے ہی سمجھتے ہیں۔ اللہ نے پیدا فرمایا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع

آسمانوں کو اور زمین کو حق کے ساتھ، بلاشبہ اس میں ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

۴۱: مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ (اور حالت ان لوگوں کی جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں کو کارساز بنا رکھا ہے) یعنی معبود۔ مثال اس کی جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ بتوں کو ضعف اور سوء اختیار میں شریک ٹھہراتے ہیں۔ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ اتَّخَذَتْ بَيْتًا (مکڑی جیسی مثال ہے۔ جس نے گھر بنایا)۔ یعنی اس میں جو وہ اپنے لئے گھر بناتی ہے۔ یہ گھر گرمی و سردی کو دور نہیں کرسکتا اور نہ اس سے ان چیزوں سے بچا جا سکتا ہے۔ جن چیزوں سے دوسرے گھروں کے ذریعہ بچا جاتا ہے۔ پس اسی طرح بت ان کو دنیا و آخرت میں فائدہ نہیں دے سکتے۔

نحو: حاتم نے اتخذت کو حال قرار دیا ہے۔

وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ (اور بے شک گھروں میں سب سے زیادہ کمزور مکڑی کا گھر ہے)۔ کوئی گھر اس کے گھر سے زیادہ کمزور نہیں۔ قول علی رضی اللہ عنہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اپنے گھروں کو مکڑی کے جالے سے پاک رکھو اس کا چھوڑنا فقر لاتا ہے۔ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ (کاش کہ وہ جانتے ہوتے)۔ یہ ان کی مثال ہے۔ ان کے دین کا معاملہ کمزوری کی اس انتہاء کو پہنچنے والا ہے۔

## ایک قول یہ ہے:

کہ آیت کا مطلب اس طرح ہے اس مشرک کی مثال جو بت کی پوجا کرتا ہے۔ اس مؤمن کے مقابلہ میں جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے۔ مکڑی جیسی ہے جو اپنا گھر بناتی ہے۔ اس آدمی کے بالمقابل جو اپنا گھر اینٹ اور چونے سے بناتا ہے۔ نمبر۲۔ پتھروں سے کھود کر بناتا ہے۔ جیسا کہ تم ایک ایک گھر کا گھروں میں استقراء کرو تو سب سے کمزور گھر مکڑی کا ہے۔ اسی طرح اگر تم سوچ و بچار کرو اور ایک ایک دین کا تقابلی مطالعہ کرو تو بتوں کی عبادت سب سے کمزور ترین نکلے گی۔

لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ (کاش کہ وہ جان لیتے)۔

## قولِ زجاج رحمۃ اللہ علیہ:

ایک جماعت کے ساتھ ہے۔ کہ تقدیر آیت یہ ہے: مثل الذین اتخذوا من دون اللّٰہ اولیاء لو کانو یعلمون کمثل العنکبوت۔ (مثال ان لوگوں کی جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کارساز بنا لئے کاش کہ وہ جان لیں مکڑی جیسی مثال ہے)۔

آیت ۴۲: اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا یَدْعُوْنَ (بیشک اللہ تعالیٰ جانتے ہیں۔ جن کو وہ پکارتے ہیں)۔ **قراءت:** بصری و عاصم نے سوائے اعشیٰ و برجمی کے یاء سے پڑھا ہے۔

**نحو:** ما الذی کے معنی میں ہے۔ اور یہ یعلم کا مفعول ہے۔ اور یدعون کا مفعول مضمر ہے۔ ای یدعونہ یعنی وہ اس کی عبادت کرتے ہیں۔ مِنْ دُوْنِہٖ مِنْ شَیْءٍ (اس کے سوا یعنی کوئی چیز بھی ہے)۔

**نحو:** مِن یہ بیانیہ ہے۔

وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (وہ زبردست حکمتوں والے ہیں)۔ وہ ایسا غالب ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ ایسی حکمتوں والا ہے کہ جلد سزا نہیں دیتا۔

اس میں ان کی جہالت کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس طرح کہ انہوں نے جماد کی عبادت کی جس کو کچھ علم نہیں اور نہ ہی قدرت ہے۔ اور ہر چیز پر قدرت رکھنے والے زبردست کی عبادت کو چھوڑ دیا۔ الحکیم اس کو کہتے ہیں جو بلا حکمت و تدبیر کوئی کام نہ کرے۔

۴۳: وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ (یہ مثالیں)۔ نَضْرِبُھَا (ہم ان کو بیان کرتے ہیں)۔ لوگوں کے سامنے کھول کر بیان کرتے ہیں۔

**نحو:** تلک الامثال مبتدأ اور نضربھا اس کی خبر ہے۔

لِلنَّاسِ (لوگوں کے لئے)۔ قریش کے سفہاء و جہلاء کہتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رب تو مکھی اور مچھر کی مثال بیان کرتا ہے۔ وہ ان مثالوں سے ہنستے۔ اسی لئے فرمایا۔ وَمَا یَعْقِلُھَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ (اور ان کو وہ سمجھتے ہیں جو سمجھ والے ہیں)۔ ان مثالوں اور

اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات کو سمجھ والے سمجھتے ہیں۔ مطلب یہ ہے۔ ان کی صحت وخوبی کو جانتے اور اس کے فوائد سے سمجھ بوجھ والے واقف ہیں۔ کیونکہ امثال اور تشبیہات وہ تو مخفی معانی کی طرف جانے والے راستے ہیں۔ تاکہ وہ ظاہر ہو جائیں اور ان کا تصور فہموں میں آ جائے جس طرح یہ مثال مشرک وموحد کی حالت کو جدا کر رہی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ کہ آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اور فرمایا: عالم وہ ہے۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھ پائی ہو اور اس کی اطاعت پر چلا اور اس کی ناراضگی سے پرہیز کیا۔ **ذکرہ الجوزی فی الموضوعات۔**

**مَسْئَلَه**: یہ آیت بتلا رہی ہے کہ علم عقل سے افضل ہے۔

آیت ۴۴: **خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ** (اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا)۔ حق کے لئے یعنی ان کو باطل نہیں بنایا بلکہ اس میں حکمت ہے اور وہ یہ ہے کہ یہ زمین اس کے بندوں کا مسکن بنے اور عبرت والوں کے لئے عبرت ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کی دلیل ہو۔ کیا تم اس ارشاد کو نہیں دیکھتے۔ **اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ** (بیشک اس میں البتہ ایمان والوں کے لئے نشانی ہے)۔ ایمان والوں کو خاص اس لئے کیا گیا کیونکہ وہی اس سے فائدہ اٹھانے والے ہیں۔

اختتام جلد دوم